شراب جس وقت کہ پیتا ہے اسے اور وہ مومن ہو اور نہیں لوٹتا کوئی لوٹ کہ اٹھاتے ہیں لوگ اسکی طرف اس وقت میں آنکھیں اپنی جب لوٹتا ہے اسکو اور وہ مومن ہو ﴿ ف اور غنیمت کا مال نہیں چراتا

حِيْنَ يَغُلُّ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاِيَّاكُمْ اِيَّاكُمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَلَا يَقْتُلُ حِيْنَ يَقْتُلُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ قَالَ عِكْرِمَةُ قُلْتُ

جب چراتا ہے اور وہ مومن ہو پھر بچو تم بچو تم ﴿ ف ﴿ ق ﴿ اور ایک روایت میں ابن عباس کی یہہ ہے اور نہیں قتل کرتا کوئی جب قتل کرتا ہے اور وہ مومن ہو کہا عکرمہ نے کہا میں نے

لِابْنِ عَبَّاسٍ كَيْفَ يُنْزَعُ الْاِيْمَانُ مِنْهُ قَالَ هٰكَذَا وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ ثُمَّ اَخْرَجَهَا فَاِنْ تَابَ عَادَ اِلَيْهِ هٰكَذَا وَشَبَّكَ بَيْنَ

ابن عباس سے کسطرح نکالا جاتا ہے ایمان اس سے اشارہ کیا اسطرح اور انگلیوں کو ڈالا انگلیوں میں پھر نکالا ان کو پھر اگر توبہ کیا اسنے پھر آیا ایمان اسکی طرف اسطرح اور انگلیوں کو ڈالا

اَصَابِعِهِ وَقَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ لَا يَكُوْنُ هٰذَا مُؤْمِنًا تَامًّا وَلَا يَكُوْنُ لَهُ نُوْرُ الْاِيْمَانِ هٰذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

انگلیوں میں ﴿ اور کہا ابو عبداللہ بخاری نے نہیں رہتا وہ شخص پورا مومن اور نہیں رہتا اسکے لئے نور ایمان کا یہہ لفظ بخاری کا ہے ﴿ ف ﴿ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم آية المنافق ثلاث زاد مسلم وإن صام وصلى وزعم أنه مسلم ثم اتفقا إذا حدث كذب وإذا وعد

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نشانی منافق کی تین ہیں زیادہ کیا مسلم نے اپنی روایت میں یہہ اور اگرچہ روزہ رکھے اور نماز پڑھے اور دعوا کرے کہ وہ مسلمان ہے پھر متفق ہوے ف جب بات کرے جھوٹھ بولے اور جب وعدہ کرے

أخلف وإذا اؤتمن خان وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أربع من كن فيه كان منافقا

خلاف کرے اور جب امین کیا جاوے خیانت کرے ۔ اور عبد اللہ ابن عمرو سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار چیزیں ہیں جسمیں وے ہوئیں وہ پورا منافق ہے

خالصا ومن كانت فيه خصلة منهن كانت فيه خصلة من النفاق حتى يدعها إذا اؤتمن خان وإذا حدث كذب

اور جو شخص ہو کہ اسمیں ایک خصلت ان میں سے ہے اسمیں ایک خصلت نفاق سے یہاں تک کہ چھوڑے اسے جب کہ امین کیا جاوے خیانت کرے اور بات کہے جھوٹھ

وإذا عاهد غدر وإذا خاصم فجر متفق عليه وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل المنافق كالشاة

اور جب اقرار کرے توڑ دے اور جب جھگڑے گالیاں دے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مثال منافق کی مانند بکری کی ہے

العائرة بين الغنمين تعير إلى هذه مرة وإلى هذه مرة رواه مسلم **الفصل الثاني** عن صفوان بن عسال قال قال يهودي

کہ خواہش رکھتی ہے نر کی دو ریوڑوں کے بیچ جھکتی ہے اسکی طرف ایکبار اور اسکے طرف ایکبار روایت کیا اسے مسلم نے ۔ ف ۔ دوسری فصل ۔ روایت ہے صفوان ابن عسال سے کہا کہ کہا ایک یہودی نے

لصاحبه اذهب بنا إلى هذا النبي فقال له صاحبه لا تقل نبي إنه لو سمعك لكان له أربع أعين فأتيا رسول الله صلى الله عليه

اپنے یار سے چل تو میرے ساتھ پاس اس نبی کے تب کہا اُسے اُسکے یار نے مت کہہ تو نبی بیشک وہ اگر سنے گا تیرا کہنا البتہ ہوجاوینگی اُسکی چار آنکھیں پھر آئے دونو رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم فسألاه عن تسع آيات بينات فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تشركوا بالله شيئا ولا تسرقوا ولا تزنوا

وسلم کے پاس اور پوچھا دونوں نے نو آیتوں کو احکام ظاہر سے ف ۔ تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ شریک کرو اللہ کے ساتھ کسی کو اور نہ چوری کرو اور نہ زنا کرو اور نہ

ولا تقتلوا النفس التي حرم الله إلا بالحق ولا تمشوا ببريء إلى ذي سلطان ليقتله ولا تسحروا ولا تأكلوا الربا ولا تقذفوا محصنة

مارو کسی جان کو جسکا مارنا حرام کیا اللہ نے مگر حق کے ساتھ اور مت لیجاؤ تم پاک شخص کو ۔ ف ۔ کسی حاکم کے پاس کہ قتل کرے وہ اسے اور نہ جادو کرو اور نہ بیاج کھاؤ اور نہ تہمت لگاؤ زنا کی عورت پاکدامن کو

ولا تولوا للفرار يوم الزحف وعليكم خاصة اليهود أن لا تعتدوا في السبت قال فقبلا يديه ورجليه وقالا نشهد

اور نہ پیٹھ دو بھاگنے کے واسطے کافروں سے لڑائی کے دن اور واجب ہے تم پر خاص کر اے یہود کہ نہ حد سے بڑھو ہفتے کے دن ۔ ف ۔ کہا صفوان نے پھر چوما حضرت کے ہاتھ پاؤں اور کہا ہم گواہی دیتے ہیں

إنك نبي قال فما يمنعكم أن تتبعوني قالا إن داود عليه السلام دعا ربه أن لا يزال من ذريته نبي وإنا نخاف إن تبعناك أن

کہ بیشک تو نبی ہے فرمایا پھر کون چیز منع کرتی ہے تمکو میری اطاعت سے کہا دونوں نے کہ بیشک داؤد علیہ السلام نے دعا کی تھی اپنے رب سے کہ ہمیشہ رہے اسکی اولاد میں کوئی نبی اور تحقیق ہم ڈرتے ہیں اگر پیروی کریں ہم تمہاری

يقتلنا اليهود رواه الترمذي وأبو داود والنسائي وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاث من أصل

مار ڈالیں ہم کو یہود ۔ ف ۔ روایت کیا اسے ترمذی نے اور ابوداؤد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین خصلتیں ہیں جڑ

الإيمان الكف عمن قال لا إله إلا الله لا تكفره بذنب ولا تخرجه من الإسلام بعمل والجهاد ماض منذ بعثني الله إلى أن

ایمان کی بند رکھنا زبان کا اس شخص سے جسنے کہا لا الہ الا اللہ نہ کافر کہہ اسکو کسی گناہ کے سبب اور نہ نکال تو اسکو اسلام سے گناہ کرنے کے سبب اور جہاد جاری رہنے والا ہے جب سے بھیجا مجھکو اللہ نے یہاں تک کہ

يقاتل آخر هذه الأمة الدجال لا يبطله جور جائر ولا عدل عادل والإيمان بالأقدار رواه أبو داود وعن أبي هريرة قال قال رسول الله

آخر اس امت کی دجال سے ۔ نہ موقوف کرے اسکو ظلم ظالم کا اور نہ عدل عادل کا ۔ ف ۔ اور تیسرے ایمان لانا تقدیروں پر ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم إذا زنى العبد خرج منه الإيمان فكان فوق رأسه كالظلة فإذا خرج من ذلك العمل رجع إليه الإيمان رواه

صلی اللہ علیہ وسلم نے جب زنا کرتا ہے بندہ نکل جاتا ہے اس سے ایمان اور ہوتا ہے اسکے سر پر مانند سائبان کے ۔ ف ۔ پھر جب فارغ ہوتا ہے اس عمل سے پھر آتا ہے اسکی طرف ایمان روایت کیا اسکو

الترمذي وابوداود ۔ الفصل الثالث عن معاذ قال اوصاني رسول الله صلى الله عليه وسلم بعشر كلمات قال لا تشرك

ترمذي اور ابوداود نے ۔ تيسري فصل ۔ روايت ہي معاذ سے کہا کہ وصيت کيا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ عليہ وآلہ وسلم نے ساتھ دس باتوں کے فرمايا کہ نہ شريک کر

بالله شيئا وان قتلت وحرقت ولا تعقن والديك وان امراك ان تخرج من اهلك ومالك ولا تتركن صلوة مكتوبة

اللہ کے ساتھ کسي کو اگرچہ مارا جاوے تو اور جلايا جاوے تو اور نافرماني مت کر اپنے ماں باپ کي اگرچہ حکم کريں تجھکو يہ کہ الگ ہو تو اپنے گھر والوں اور اپنے مال سے اور نہ چھوڑ نماز فرض کو ۔

متعمدا فان من ترك صلوة مكتوبة متعمدا فقد برئت منه ذمة الله ولا تشربن خمرا فانه راس كل فاحشة واياك و

جان بوجھ کر پھر تحقيق جسنے چھوڑي نماز فرض جان بوجھ کر تو بيشک نکل گيا اُس سے ذمہ اللہ کا اور مت پي شراب سو بيشک وہ سر ہي تمام بے حيائي کا اور بچ تو

المعصية فان بالمعصية حل سخط الله واياك والفرار من الزحف وان هلك الناس واذا اصاب الناس موت وانت

گناہ سے کيونکہ بيشک گناہ کے سبب اترتا ہي غضب اللہ کا اور بچ تو بھاگنے سے کافروں کي لڑائي ميں سے اگرچہ مرتے ہوں لوگ اور جس وقت کہ پہنچے آدميوں کو موت اور ہو تو

فيهم فاثبت وانفق على عيالك من طولك ولا ترفع عنهم عصاك ادبا واخفهم في الله رواه احمد وعن حذيفة

انہيں تو ٹھہرا رہ ۔ ف ۔ اور خرچ کر اپنے زن و فرزند پر موافق اپنے مقدور کے اور مت اٹھا رکھ انسے اپني لاٹھي ادب کي ۔ ف ۔ اور ڈرا انکو اللہ کے مقدمے ميں ۔ روايت کيا اسکو احمد نے ۔ اور روايت ہي حذيفہ سے

قال انما النفاق كان على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فاما اليوم فانما هو الكفر او الايمان رواه البخاري باب في

کہا کہ تھا نفاق مگر زمانے ميں رسول اللہ صلی اللہ عليہ وسلم کے اور ليکن آج کے دن اور کچھ نہيں ہي مگر وہي کفر يا ايمان ۔ ف ۔ روايت کيا اسکو بخاري نے ۔ يہہ باب ہي

الوسوسة ۔ الفصل الاول عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله تعالى تجاوز عن امتي ما وسوست

وسوسہ کے بيان ميں ۔ پہلي فصل ۔ روايت ہي ابوہريرہ سے کہا کہ فرمايا رسول اللہ صلی اللہ عليہ وآلہ وسلم نے تحقيق اللہ نے معاف کيا ميري امت سے وہ چيز کہ وسوسہ کيا

به صدورها ما لم تعمل به او تتكلم متفق عليه وعنه قال جاء ناس من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم الى النبي صلى الله عليه وسلم

اُن کے دل نے جبتک کہ نہ کريں اسکو يا نہ کہيں ۔ ق ۔ اور روايت ہي اُنسے کہا کہ آئے کتنے آدمي اصحاب ميں سے رسول اللہ صلی اللہ عليہ وسلم کے نبي صلی اللہ عليہ وآلہ وسلم کے پاس

فسالوه انا نجد في انفسنا ما يتعاظم احدنا ان يتكلم به قال او قد وجدتموه قالوا نعم قال ذاك صريح الايمان رواه مسلم وعنه

اور پوچھا حضرت سے کہ تحقيق ہم پاتے ہيں اپنے دلوں ميں وہ چيز کہ بڑا جانتا ہي ہم ميں کا کوئي يہہ کہ زبان پر لاوے اسکو فرمايا کيا تحقيق پايا تم نے اسکو عرض کيا کہ ہاں فرمايا کہ يہہ ظاہر ايمان ہي ۔ ف ۔ روايت کيا اسکو مسلم نے ۔ اور انہيں سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ياتي الشيطان احدكم فيقول من خلق كذا من خلق كذا حتى يقول من خلق ربك فاذا بلغه فليستعذ

کہا کہ فرمايا رسول اللہ صلی اللہ عليہ وسلم نے آتا ہي شيطان تم ميں سے ايک پاس اور کہتا ہي کس نے پيدا کيا يہہ کسنے پيدا کيا يہہ يہانتک کہ کہتا ہي کسنے پيدا کيا تيرے رب کو سو جب پہنچے اس تک تو چاہيے کہ پناہ مانگے

بالله ولينته متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يزال الناس يتساءلون حتى يقال هذا خلق الله الخلق فمن خلق الله

اللہ کے ساتھ اور باز رہے ۔ ق ۔ اور روايت ہي اُنسے کہا کہ فرمايا رسول اللہ صلی اللہ عليہ وسلم نے ہميشہ رہتے ہيں لوگ پوچھا پاچھي کرتے يہانتک کہ کہي جاتي ہي بات يہہ کہ پيدا کي اللہ نے مخلوق پھر کسنے پيدا کيا اللہ کو

فمن وجد من ذلك شيئا فليقل امنت بالله ورسله متفق عليه وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما منكم من احد

سو جو شخص کہ پاوے اسميں سے کچھ سو چاہيے کہ کہے ايمان لايا ميں اللہ پر اور اسکے رسول پر ۔ ق ۔ اور روايت ہي ابن مسعود سے کہا کہ فرمايا رسول اللہ صلی اللہ عليہ وآلہ وسلم نے نہيں تم ميں سے کوئي

الا وقد وكل به قرينه من الجن وقرينه من الملائكة قالوا واياك يا رسول الله قال واياي ولكن الله اعانني عليه فاسلم فلا يامرني

مگر کہ بيشک متعين ہوا ہي اسپر همنشين اسکا جنوں ميں سے اور همنشين اسکا فرشتوں ميں سے صحابہ نے عرض کيا اور آپ پر بھي يا رسول اللہ فرمايا کہ ہاں مجھ پر بھي ليکن اللہ نے قوت دي مجھے اسپر پھر ميں بچا سو وہ نہيں حکم کرتا

الا بخير رواه مسلم وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الشيطان يجري من الانسان مجرى الدم متفق عليه وعن

الا بہتري کا ۔ روايت کيا اسکو مسلم نے ۔ اور روايت ہي انس سے کہا کہ فرمايا رسول اللہ صلی اللہ عليہ وآلہ وسلم نے کہ تحقيق شيطان دوڑتا ہي آدمي ميں خون بہنے کي جگہہ ۔ ق ۔ اور روايت ہي

أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من بني آدم مولود إلا يمسه الشيطان حين يولد فيستهل صارخا من مس الشيطان غير مريم
ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں ہوتی بنی آدم سے لڑکا مگر چھوتا ہے اسکو شیطان جس وقت کہ پیدا ہوتا ہے پھر آواز کرتا ہے چلا کر چھونے سے شیطان کے سوا مریم

وابنها متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صياح المولود حين يقع نزغة من الشيطان متفق عليه وعن جابر قال قال رسول الله
اور اسکے بیٹے کے ۔ ق ۔ اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چلانا لڑکے کا پیدا ہونے کے وقت کھودینے سے شیطان کے ہے ۔ ق ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم إن إبليس يضع عرشه على الماء ثم يبعث سراياه يفتنون الناس فأدناهم منه منزلة أعظمهم فتنة يجيء أحدهم
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تحقیق شیطان رکھتا ہے اپنا تخت پانی پر پھر بھیجتا ہے اپنی فوجیں کہ گمراہ کریں آدمیوں کو پھر بہت نزدیک ان میں سے رتبہ میں ابلیس کا وہ ہے جو بڑا ان کا ہے گمراہ کرنے میں آتا ہے ایک

فيقول فعلت كذا وكذا فيقول ما صنعت شيئا قال ثم يجيء أحدهم فيقول ما تركته حتى فرقت بينه وبين امرأته قال فيدنيه منه ويقول نعم أنت
پھر کہتا ہے کہ کیا میں نے ایسا اور ایسا تب کہتا ہے ابلیس کچھ نہ کیا تو نے فرمایا پھر آتا ہے ایک ان میں کا اور کہتا ہے کہ نہیں چھوڑا میں نے اسکو یہاں تک کہ جدائی ڈالی میں نے اسمیں اور اسکی جورو میں فرمایا پھر نزدیک کرتا ہے اسکو اپنے اور کہتا ہے

قال الأعمش أراه قال فيلتزمه رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الشيطان قد أيس من أن يعبده المصلون في جزيرة العرب
کہا اعمش نے کہ گمان کرتا ہوں میں کہ کہا پھر گلے لگاتا ہے اسے یہ روایت کیا اسکو مسلم نے اور انہی سے ہے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق شیطان ناامید ہوا اس سے کہ پوجیں اسکو مصلی عرب کے جزیرہ میں

ولكن في التحريش بينهم رواه مسلم **الفصل الثاني** عن ابن عباس أن النبي صلى الله عليه وسلم جاءه رجل فقال إني أحدث نفسي بالشيء
ولیکن ورغلانے میں ہے ان کے درمیان ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے ابن عباس سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم آیا ان کے پاس ایک شخص اور کہا کہ تحقیق میں پاتا ہوں اپنے دل میں چیز

لأن أكون حممة أحب إلي من أن أتكلم به قال الحمد لله الذي رد أمره إلى الوسوسة رواه أبو داود وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى
کہ بیشک میں ہو جاؤں کوئلا بہت بہتر ہے میرے نزدیک کہ بولوں میں اسکو فرمایا سب حمد اللہ کے واسطے ہے جسنے پھیر دیا اسکے کام کو وسواس کی طرف ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول

الله عليه وسلم إن للشيطان لمة بابن آدم وللملك لمة فأما لمة الشيطان فإيعاد بالشر وتكذيب بالحق وأما لمة الملك فإيعاد بالخير وتصديق
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ بیشک شیطان کے واسطے تصرف ہے فرزند آدم کے ساتھ اور فرشتے کے واسطے تصرف ہے سو تصرف شیطان کا ڈرانا برائی سے ہے اور جھٹلانا حق کو اور تصرف فرشتے کا خوشخبری دینی بھلائی کے ساتھ

بالحق فمن وجد ذلك فليعلم أنه من الله فليحمد الله ومن وجد الأخرى فليتعوذ بالله من الشيطان ثم قرأ الشيطان يعدكم الفقر ويأمركم
اور ماننا حق کے ساتھ ہے پس جو پایا اسکو سو جانے کہ تحقیق یہہ اللہ کی طرف سے ہے ... پڑھی ... شیطان ڈراتا ہے تمکو فقر سے اور حکم کرتا ہے

بالفحشاء رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا يزال الناس يتساءلون حتى يقال هذا خلق
بیحیائی کا ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمیشہ رہتے ہیں لوگ پوچھا پوچھی کرتے یہاں تک کہ کہا جاتا ہے یہہ پیدا کیا اللہ نے

الله الخلق فمن خلق الله فإذا قالوا ذلك فقولوا الله أحد الله الصمد لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفوا أحد ثم ليتفل عن يساره ثلاثا وليستعذ
خلق کو پھر کسنے پیدا کیا اللہ کو سو جس وقت کہیں یہہ تو کہو تم اللہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے نہ جنا اور نہ جنا گیا اور نہیں ہے کوئی اسکے برابر پھر چاہیے کہ تھتکارے اپنے بائیں طرف تین بار اور پناہ

بالله من الشيطان الرجيم رواه أبو داود وسنذكر حديث عمرو بن الأحوص في باب خطبة يوم النحر إن شاء الله تعالى **الفصل الثالث**
مانگے ساتھ اللہ کے شیطان راندہ ہوئے سے ۔ روایت کیا اسے ابوداؤد نے اور قریب ہے کہ ذکر کرینگے ہم حدیث عمرو بن احوص کی باب خطبہ یوم النحر کے اگر چاہا اللہ تعالیٰ نے ۔ فصل تیسری

عن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لن يبرح الناس يتساءلون حتى يقولوا هذا الله خالق كل شيء فمن خلق الله رواه البخاري ولمسلم
روایت ہے انس سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہیں گے لوگ پوچھا پوچھی کرتے آپس میں یہاں تک کہ کہیں گے یہہ اللہ نے پیدا کیا ہر چیز کو پھر کسنے پیدا کیا اللہ عزوجل کو ۔ روایت کیا بخاری نے

قال قال الله عز وجل إن أمتك لا يزالون يقولون ما كذا ما كذا حتى يقولوا هذا الله خلق الخلق فمن خلق الله عز وجل
فرمایا حضرت نے کہ فرمایا اللہ عزوجل نے تحقیق امت تیری ہمیشہ کہتی ہے کیا ہے یہہ کیا ہے یہہ یہاں تک کہ کہینگے یہہ بات اللہ نے پیدا کیا خلق کو پھر کسنے پیدا کیا اللہ عزوجل کو ۔ اور روایت ہے

... لیعنی مستعمل ... تو محتاج ہو جائیگا ف لیعنی ...

رقی نسترقیها ودواء نتداوی به وتقاة نتقیها هل ترد من قدر الله شیئا قال هی من قدر الله رواه احمد

منتر کی کہ پڑھواتے ہیں ہم اسکو، اور دوا کی کہ دوا کرواتے ہیں ہم اُس سے اور بچاؤ کی بات کہ بچتے ہیں ہم اُس سے بھیر دیتی ہے اُسکی تقدیر سے کچھ فرمایا کہ یہ چیزیں بھی اللہ کی تقدیر سے ہیں۔ روایت کیا اسکو احمد

والترمذی وابن ماجة وعن ابی هریرة قال خرج علینا رسول الله صلی الله علیه وسلم ونحن نتنازع فی القدر فغضب

اور ترمذی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ تشریف لائے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ہم بحث کر رہے تھے تقدیر میں سو غصہ ہوئے

حتی احمر وجهه حتی کانما فقئ فی وجنتیه حب الرمان فقال ابهذا امرتم ام بهذا ارسلت الیکم انما هلك من كان

یہاں تک کہ سرخ ہوا چہرہ مبارک آپکا یہاں تک کہ گویا نچوڑے گئے ہیں آنحضرت کے رخساروں پر دانے انار کے اور فرمایا کیا اس چیز کے لئے حکم کئے گئے ہو تم یا اسکے لئے بھیجا ہوں میں تمہاری طرف سوائے اسکے نہیں کہ ہلاک ہوئے جو

قبلكم حين تنازعوا فی هذا الامر عزمت علیکم ان لا تتنازعوا فیه رواه الترمذی وروی ابن ماجة نحوه عن عمرو بن

پہلے تھے تم سے جب بحث کرنے لگے اس امر میں۔ قسم دیتا ہوں میں تمکو قسم دیتا ہوں میں تمکو کہ نہ بحث کیا کرو تم اسمیں۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کی ابن ماجہ نے مانند اسکے عمرو بن

شعیب عن ابیه عن جده وعن ابی موسی قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول ان الله خلق آدم من قبضة

شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے۔ اور روایت ہے ابوموسیٰ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے تحقیق اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا آدم کو ایک مٹھی خاک سے

قبضها من جمیع الارض فجاء بنو آدم علی قدر الارض منهم الاحمر والابیض والاسود وبین ذلك والسهل والحزن

لیا اسکو سب طرح کی زمین میں سے پھر پیدا ہوئی اولاد آدم کی زمین کے انداز پر بعضے انمیں سے سرخ اور بعضے سفید اور بعضے سیاہ اور بعضے بیچ میں اُسکے اور بعضے نرم خو اور بعضے سخت

والخبیث والطیب رواه احمد والترمذی وابو داود وعن عبد الله بن عمرو قال سمعت رسول الله صلی الله

اور بعضے ناپاک اور بعضے پاک۔ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداود نے۔ اور روایت ہے عبداللہ ابن عمرو سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ

علیه وسلم یقول ان الله تعالی خلق خلقه فی ظلمة فالقی علیهم من نوره فمن اصابه من ذلك النور اهتدی ومن اخطاه

علیہ وسلم کو فرماتے تھے تحقیق اللہ تعالیٰ نے پیدا کی خلقت اپنی اندھیری میں پھر ڈالا اُن پر اپنا نور پھر جسکو پہنچا اُس نور میں سے اُس نے راہ پائی اور جسکو نہ پہنچا وہ نور

ضل فلذلك اقول جف القلم علی علم الله تعالی رواه احمد والترمذی وعن انس قال كان رسول الله صلی الله علیه

گمراہ ہوا پھر اسواسطے کہتا ہوں میں کہ خشک ہوا قلم علم پر اللہ تعالیٰ کے۔ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم یکثر ان یقول یا مقلب القلوب ثبت قلبی علی دینك فقلت یا نبی الله آمنا بك وبما جئت به فهل تخاف

وسلم کہ اکثر یہہ فرماتے اے پھیرنے والے دلوں کے ثابت رکھ میرا دل اپنے دین پر پھر کہا میں نے اے نبی خدا کے ایمان لائے ہم ساتھ تمہارے اور ساتھ اُس چیز کے کہ لائے آپ اُسکو پھر کیا آپ ڈرتے ہیں

علینا قال نعم ان القلوب بین اصبعین من اصابع الله یقلبها کیف یشاء رواه الترمذی وابن ماجة وعن ابی موسی

ہم پر فرمایا کہ ہاں تحقیق دل دو انگلیوں میں ہیں اللہ کی انگلیوں میں سے پھیرتا ہے اُنکو جسطرح چاہتا ہے۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابی موسیٰ سے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم مثل القلب کریشة بارض فلاة یقلبها الریاح ظهرا لبطن رواه احمد وعن علی

کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مثل دل کی مانند پر کے ہے بیچ زمین میدان کے کہ پھیرتی ہیں اسکو بادیں پیٹھ سے پیٹ کی طرف۔ روایت کیا اسکو احمد نے۔ اور روایت ہے علی سے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یؤمن عبد حتی یؤمن باربع یشهد ان لا اله الا الله وانی رسول الله بعثنی بالحق ویؤمن

کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں مومن ہوتا کوئی بندہ یہاں تک کہ ایمان لاوے چار چیزوں کے ساتھ گواہی دے اسکی کہ نہیں کوئی معبود بجز اللہ کے اور میں بھیجا ہوا اللہ کا ہوں بھیجا ہے مجھکو ساتھ حق کے اور ایمان لاوے

بالموت والبعث بعد الموت ویؤمن بالقدر رواه الترمذی وابن ماجة وعن ابن عباس قال قال رسول الله

موت کے اور ایمان لاوے زندہ ہونے پر پیچھے مرنے کے اور ایمان لاوے ساتھ تقدیر کے۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم صنفان من امتی لیس لہما فی الاسلام نصیب المرجئۃ والقدریۃ رواہ الترمذی وقال ھذا

صلی اللہ علیہ وسلم نے دو فرقے ہیں میری امت سے نہیں ہے ان کے واسطے اسلام میں کچھ حصہ ایک تو مرجیہ ہے دوسرا قدریہ ٭ ف ٭ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا کہ یہہ

حدیث غریب وعن ابن عمر قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول یکون فی امتی خسف ومسخ وذلک فی

حدیث غریب ہے ٭ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے ہوگا میری امت میں زمین میں دھنس جانا اور صورت کا بدل جانا اور یہہ

المکذبین بالقدر رواہ ابوداؤد وروی الترمذی نحوہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم القدریۃ

ان لوگوں میں کہ جھٹلانے والے ہیں تقدیر کے ٭ ف ٭ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت کی ترمذی نے مانند اسکی اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قدریہ

مجوس ھذہ الامۃ ان مرضوا فلا تعودوھم وان ماتوا فلا تشھدوھم رواہ احمد وابوداؤد وعن عمر قال قال

مجوس ہیں اس امت کے ٭ ف ٭ اگر مریض ہوں تو عیادت نکرو انکی اور اگر مریں تو حاضر نہو ان کے جنازے پر روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد نے ٭ اور روایت ہے حضرت عمر سے کہا کہ فرمایا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تجالسوا اھل القدر ولا تفاتحوھم رواہ ابوداؤد وعن عائشۃ رضی اللہ تعالی عنہا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ ہمنشینی کرو اہل قدر سے (یعنے فرقہ قدریہ) اور نہ حاکم بناؤ انکو ٭ ف ٭ روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد نے ٭ اور روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا

قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ستۃ لعنتھم لعنھم اللہ وکل نبی یجاب الزائد فی کتاب اللہ والمکذب بقدر اللہ

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھ طرح کے شخص ہیں کہ لعنت کرتا ہوں میں انکو لعنت کرے ان پر اللہ اور جو نبی ہے مستجاب الدعوات ہے پہلا وہ کہ زیادہ کرے کتاب اللہ میں دوسرا وہ کہ جھٹلاوے تقدیر کو

والمتسلط بالجبروت لیعز من اذلہ اللہ ویذل من اعزہ اللہ والمستحل لحرم اللہ والمستحل من عترتی ما حرم اللہ والتارک

تیسرا وہ کہ غالب ہو جاوے بسبب زبردستی کے تاکہ عزت دے جسکو ذلیل کیا اللہ نے اور ذلیل کرے جسکو عزیز کیا اللہ نے ٭ ف ٭ اور چوتھا وہ کہ حلال کرے اللہ کے حرم کو ٭ ف ٭ اور پانچواں وہ کہ حلال جانے میری اولاد میں

لسنتی رواہ البیہقی فی المدخل ورزین فی کتابہ وعن مطر بن عکامس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا

میری سنت کا ٭ ف ٭ روایت کیا اسکو بیہقی نے مدخل میں اور رزین نے اپنی کتاب میں ۔ اور روایت ہے مطر ابن عکامس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت

قضی اللہ لعبد ان یموت بارض جعل لہ الیہا حاجۃ رواہ احمد والترمذی وعن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت

مقدر کرتا ہے اللہ کسی بندے کے واسطے مرنا کسی زمین میں مقرر کرتا ہے اسکے لئے اس زمین کی طرف کوئی حاجت ٭ ف ٭ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے ٭ اور روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ

قلت یا رسول اللہ ذراری المؤمنین قال من ابائہم فقلت یا رسول اللہ بلا عمل قال اللہ اعلم بما کانوا عاملین قلت

کہا میں نے ای رسول اللہ کے اولاد مسلمانوں کی ٭ ف ٭ فرمایا تابع ہیں اپنے باپوں کے ٭ ف ٭ پھر کہا میں نے یا رسول اللہ بغیر عمل کے فرمایا اللہ خوب جانتا ہے اس چیز کو جو ہوتے وہ کرنے والے پوچھا میں نے

فذراری المشرکین قال من ابائہم فقلت بلا عمل قال اللہ اعلم بما کانوا عاملین رواہ ابوداؤد وعن ابن مسعود

پھر اولاد مشرکوں کی فرمایا یہہ بھی تابع ہیں اپنے باپوں کے تب کہا میں نے بغیر عمل کے فرمایا اللہ خوب جانتا ہے اس چیز کو جو ہوتے وہ کرنے والے ٭ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ٭ اور روایت ہے ابن مسعود

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الوائدۃ والموؤدۃ فی النار رواہ ابوداؤد

الفصل الثالث

عن ابی الدرداء

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زندہ لڑکی کو گاڑنے والی عورت اور لڑکی زندہ گاڑی گئی دونوں دوزخ میں ہیں روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ٭ ف ٭ فصل تیسری ٭ روایت ہے ابی درداء

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ عز وجل فرغ الی کل عبد من خلقہ من خمس من اجلہ وعملہ ومضجعہ

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق اللہ عزوجل فارغ ہوا ہر بندے کی طرف اپنی مخلوقات سے پانچ چیزوں سے اسکی اجل سے اور اسکے عمل سے اور اسکے

واثرہ ورزقہ رواہ احمد وعن عائشۃ رضی اللہ تعالی عنہا قالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول

اور اسکے پھرنے کی جگہ سے اور اسکی روزی سے ٭ روایت کیا اسکو احمد نے ٭ اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ

تَكَلَّمَ فِي شَيْءٍ مِنَ الْقَدَرِ يُسْئَلُ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ لَمْ يَتَكَلَّمْ فِيْهِ لَمْ يُسْئَلْ عَنْهُ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَعَنِ ابْنِ الدَّيْلَمِيِّ قَالَ اَتَيْتُ اُبَيَّ

کلام کریگا کچھ تقدیر میں پوچھا جاویگا اُس سے قیامت کے دن اور جو شخص کہ کلام نہ کریگا اسمیں نہ سوال کیا جاویگا اُس سے۔ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابن الدیلمی سے کہا کہ آیا میں ابی

بْنَ كَعْبٍ فَقُلْتُ لَهُ قَدْ وَقَعَ فِي نَفْسِي شَيْءٌ مِنَ الْقَدَرِ فَحَدِّثْنِي لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يُذْهِبَهُ مِنْ قَلْبِي فَقَالَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ عَذَّبَ اَهْلَ سَمٰوٰتِهِ وَ

ابن کعب کے پاس اور کہا میں نے اُن سے تحقیق گذرا ہے جی میرے دل میں کچھ شبہ تقدیر میں سو حدیث بیان کرو مجھ سے شاید اللہ تعالیٰ دور کرے اسکو میرے دل سے کہا انہوں نے اگر تحقیق اللہ تعالیٰ عذاب کرے آسمانوالوں کو اور

اَهْلَ اَرْضِهِ عَذَّبَهُمْ وَهُوَ غَيْرُ ظَالِمٍ لَهُمْ وَلَوْ رَحِمَهُمْ كَانَتْ رَحْمَتُهُ خَيْرًا لَهُمْ مِنْ اَعْمَالِهِمْ وَلَوْ اَنْفَقْتَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

زمین والوں کو عذاب کرے انکو اور وہ نہیں ظلم کرنے والا انکے واسطے اور اگر رحمت کرے انکو ہو رحمت اُسکی بہتر واسطے اُنکے اُنکے عملوں سے اور اگر خرچ کرے تو مانند اُحد کے سونا اللہ کی راہ میں۔

مَا قَبِلَهُ اللّٰهُ مِنْكَ حَتّٰى تُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ وَتَعْلَمَ اَنَّ مَا اَصَابَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ وَاَنَّ مَا اَخْطَاَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيْبَكَ وَلَوْ مِتَّ عَلٰى

نہ قبول کریگا اسکو اللہ تعالیٰ تجھ سے جب تک ایمان نہ لاویگا تو ساتھ قدر کے اور جب تک نہ جانیگا تو یہہ کہ جو چیز پہنچی تجھ کو نہ تھی کہ خطا کرے تجھ سے اور تحقیق جس چیز نے خطا کی تجھ سے نہ تھی کہ پہنچے تجھ کو اور اگر

غَيْرِ هٰذَا لَدَخَلْتَ النَّارَ قَالَ ثُمَّ اَتَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ قَالَ ثُمَّ اَتَيْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ اَتَيْتُ

مرے تو سوا اس کے اعتقاد پر البتہ داخل ہو تو آگ میں کہا ابن دیلمی نے پھر آیا میں عبد اللہ ابن مسعود کے پاس اور کہا مانند اسکی کہا ابن دیلمی نے پھر آیا میں حذیفہ ابن یمان کے پاس سو کہا انہوں نے مانند اسکی پھر آیا میں

زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَحَدَّثَنِيْ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذٰلِكَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ نَافِعٍ اَنَّ رَجُلًا اَتٰى ابْنَ عُمَرَ

زید ابن ثابت پاس سو حدیث بیان کی میرے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ویسی ہی۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابو داود اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے نافع سے کہ تحقیق ایک شخص آیا ابن عمر کے پاس

فَقَالَ اِنَّ فُلَانًا يَقْرَأُ عَلَيْكَ السَّلَامَ فَقَالَ اِنَّهُ بَلَغَنِيْ اَنَّهُ قَدْ اَحْدَثَ فَاِنْ كَانَ قَدْ اَحْدَثَ فَلَا تُقْرِئْهُ مِنِّي السَّلَامَ

اور کہا کہ فلانا شخص پہنچاتا ہی تم پر سلام سو کہا ابن عمر نے تحقیق حال یہہ ہے کہ پہنچی مجھکو یہہ خبر کہ اُسنے بیشک نئی بات نکالی ہے پھر اگر اُسنے بیشک نئی بات نکالی تو نہ پہنچا تو اسکو میری طرف سے سلام

فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَكُوْنُ فِيْ اُمَّتِيْ اَوْ فِيْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ خَسْفٌ وَمَسْخٌ اَوْ قَذْفٌ فِيْ اَهْلِ

کیونکہ تحقیق میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے ہو گا میری اُمت میں یا فرمایا اس امت میں زمین میں دھنس جانا اور صورت بدل جانا آسمان سے پتھر برسانا اہل

الْقَدَرِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ

قدر میں۔ ف۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ اور روایت ہے حضرت علی رضی اللہ

عَنْهُ قَالَ سَاَلَتْ خَدِيْجَةُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَلَدَيْنِ مَاتَا لَهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عنہ سے کہا کہ پوچھا حضرت خدیجہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حال اپنے دونوں بچوں کا جو مر گئے تھے ایام جاہلیت میں ف۔ سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

هُمَا فِي النَّارِ قَالَ فَلَمَّا رَاٰى الْكَرَاهَةَ فِيْ وَجْهِهَا قَالَ لَوْ رَاَيْتِ مَكَانَهُمَا لَاَبْغَضْتِهِمَا قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَوَلَدِيْ مِنْكَ

وے دونوں آگ میں ہیں کہا حضرت علی نے پھر جب دیکھی حضرت نے ناخوشی حضرت خدیجہ کے چہرہ میں فرمایا اگر دیکھے تو حال ان دونوں کا البتہ ناخوش رکھے انکو عرض کیا یا رسول اللہ پھر اولاد میری آپ سے

قَالَ فِي الْجَنَّةِ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَوْلَادَهُمْ فِي الْجَنَّةِ وَاِنَّ الْمُشْرِكِيْنَ وَاَوْلَادَهُمْ فِي النَّارِ

فرمایا بہشت میں پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق مومن اور اولاد انکی بہشت میں ہیں اور بیشک مشرک اور اولاد اُنکی آگ میں

ثُمَّ قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

پھر پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ آیت اور وے لوگ کہ ایمان لائے اور پیروی کی اُنکی اُنکی اولاد نے ف۔ روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ مَسَحَ ظَهْرَهُ فَسَقَطَ مِنْ ظَهْرِهِ كُلُّ نَسَمَةٍ هُوَ خَالِقُهَا مِنْ ذُرِّيَّتِهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَجَعَلَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پیدا کیا اللہ نے آدم کو ہاتھ پھیرا اُسکی پیٹھ پر پھر نکلا اسکی پیٹھ سے سب آدمی کہ وہی اللہ پیدا کرنے والا انکا اولاد آدم کی سے قیامت کے دن تک اور مقرر کیا

بَيْنَ عَيْنَيْ كُلِّ إِنْسَانٍ مِنْهُمْ وَبِيصًا مِنْ نُورٍ ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى آدَمَ فَقَالَ أَيْ رَبِّ مَنْ هٰؤُلَاءِ قَالَ ذُرِّيَّتُكَ فَرَأَى رَجُلًا

دونو آنکھون مین ہر آدمی کے اُنمین سے ایک چمک نور سے پھر روبرو کیا اُن کو آدم کے تب کہا آدم نے ای پروردگار میرے کون ہین یے فرمایا کہ اولاد ہی تیری پھر دیکھا

مِنْهُمْ فَأَعْجَبَهُ وَبِيصُ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ قَالَ أَيْ رَبِّ مَنْ هٰذَا قَالَ دَاوُدُ فَقَالَ أَيْ رَبِّ كَمْ جَعَلْتَ عُمْرَهُ قَالَ

اُن مین سے پھر خوش لگی اُنکو وہ روشنی کہ تھی اُسکی آنکھون کے درمیان کہا ای رب میرے کون ہی یہہ فرمایا داؤد پھر عرض کیا ای پروردگار میرے کتنی ٹھہرائی تو نے عمر اُسکی فرمایا کہ

سِتِّينَ سَنَةً قَالَ رَبِّ زِدْهُ مِنْ عُمْرِي أَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا انْقَضَى عُمُرُ

ساٹھ برس کہا کہ ای پروردگار میرے زیادہ کر اُسکو میری عمر مین سے چالیس برس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر جب تمام ہوئی عمر

آدَمَ إِلَّا أَرْبَعِينَ جَاءَهُ مَلَكُ الْمَوْتِ فَقَالَ آدَمُ أَوَلَمْ يَبْقَ مِنْ عُمْرِي أَرْبَعُونَ سَنَةً قَالَ أَوَلَمْ تُعْطِهَا ابْنَكَ

آدم کی مگر چالیس برس باقی رہی آیا اُن کے پاس ملک الموت تب کہا آدم نے کیا نہین باقی رہی میری عمر سے چالیس برس کہا ملک الموت نے کیا نہین دیا تو نے چالیس برس اپنے بیٹے

دَاوُدَ فَجَحَدَ آدَمُ فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهُ وَنَسِيَ آدَمُ فَأَكَلَ مِنَ الشَّجَرَةِ فَنَسِيَتْ ذُرِّيَّتُهُ وَخَطَأَ وَخَطِئَتْ

داؤد کو پھر انکار کیا آدم نے سو انکار کرتی ہی اولاد اُنکی اور بھول گئے آدم پھر کھایا درخت مین سے سو بھولتی ہی اولاد اُنکی اور خطا کی آدم نے اور خطا کرتی ہی

ذُرِّيَّتُهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَلَقَ اللهُ آدَمَ حِينَ خَلَقَهُ

اولاد اُنکی ف۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہی ابو درداء سے اُنہون نے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت نے فرمایا پیدا کیا اللہ نے آدم کو جب پیدا کیا اُسکو

فَضَرَبَ كَتِفَهُ الْيُمْنَى فَأَخْرَجَ ذُرِّيَّةً بَيْضَاءَ كَأَنَّهُمُ الذَّرُّ وَضَرَبَ كَتِفَهُ الْيُسْرَى فَأَخْرَجَ ذُرِّيَّةً سَوْدَاءَ كَأَنَّهُمُ

پھر مارا اُن کے داہنے مونڈھے پھر نکالی اولاد سفید رنگ گویا کہ وے چھوٹی چیونٹیان ہین اور مارا اُسکے بائین مونڈھے پھر نکالی اولاد سیاہ رنگ گویا کہ وے

الْحُمَمُ فَقَالَ لِلَّذِي فِي يَمِينِهِ إِلَى الْجَنَّةِ وَلَا أُبَالِي وَقَالَ لِلَّذِي فِي كَتِفِهِ الْيُسْرَى إِلَى النَّارِ وَلَا

کوئلے ہین تب فرمایا اس اولاد کے حق مین جو آدم کے داہنے تھی یے بہشت کے طرف چلنے والے ہین اور نہین پروا رکھتا ہون مین اور فرمایا اس اولاد کے حق مین جو آدم کے بائین مونڈھے

أُبَالِي رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْ أَبِي نَضْرَةَ أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهُ أَبُو عَبْدِ اللهِ دَخَلَ

پروا رکھتا ہون ف۔ روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہی ابی نضرہ سے کہ بیشک وے تھے ایک شخص اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم مین سے لوگ کہتے تھے اُن کو ابو عبد اللہ آئے

عَلَيْهِ أَصْحَابُهُ يَعُودُونَهُ وَهُوَ يَبْكِي فَقَالُوا لَهُ مَا يُبْكِيكَ أَلَمْ يَقُلْ لَكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذْ مِنْ شَارِبِكَ

اُن کے پاس اُن کے یار عیادت کرتے تھے اُنکی اور وے روتے تھے تب کہا سب نے کون سی چیز رلاتی ہی تجھے کیا نہین فرمایا تمھارے واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لے تو بال اپنے لب کے

ثُمَّ أَقِرَّهُ حَتَّى تَلْقَانِي قَالَ بَلَى وَلٰكِنْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ قَبَضَ بِيَمِينِهِ قَبْضَةً

پھر ٹھہرا رہ یہان تک کہ ملاقات کرے تو مجھسے کہا کہ ہان ولیکن سنا مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ تحقیق اللہ عزوجل نے لیا اپنے داہنے ہاتھ مین ایک مٹھی

وَأُخْرَى بِالْيَدِ الْأُخْرَى وَقَالَ هٰذِهِ لِهٰذِهِ وَهٰذِهِ لِهٰذِهِ وَلَا أُبَالِي وَلَا أَدْرِي فِي أَيِّ الْقَبْضَتَيْنِ أَنَا رَوَاهُ أَحْمَدُ

اور دوسری جماعت دوسرے ہاتھ مین اور فرمایا یہہ جماعت واسطے بہشت کے اور یہہ جماعت واسطے دوزخ کے ف۔ اور نہین پروا رکھتا ہون کہا ابو عبد اللہ نے اور نہین جانتا ہون کس

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَخَذَ اللهُ الْمِيثَاقَ مِنْ ظَهْرِ آدَمَ بِنَعْمَانَ يَعْنِي عَرَفَةَ فَأَخْرَجَ مِنْ صُلْبِهِ

اور روایت ہی ابن عباس سے اُنہون نے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا لیا اللہ تعالےٰ نے عہد آدم کی پشت سے نعمان مین یعنے عرفہ کے میدان مین پھر نکالا اُنکی پشت سے

كُلَّ ذُرِّيَّةٍ ذَرَأَهَا فَنَثَرَهُمْ بَيْنَ يَدَيْهِ كَالذَّرِّ ثُمَّ كَلَّمَهُمْ قِبَلًا قَالَ أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوا بَلَى شَهِدْنَا أَنْ تَقُولُوا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

ہر اولاد کو کہ پیدا کرنا تھا انکو پھر پھیلا دیا ان کو آدم کے آگے مانند چیونٹیون کے پھر کلام کیا اُن سے روبرو فرمایا کیا نہین ہون مین پروردگار تمھارا بولے ہان مقرر ہی تو پروردگار ہمارا گواہ کیا ہم نے اس واسطے کہ کہو تم دن قیامت

كنا عن هذا غافلين او تقولوا انما اشرك اباؤنا من قبل وكنا ذرية من بعدهم افتهلكنا بما فعل المبطلون رواه احمد

بیشک تھے ہم اس سے غافل یا کہو تم کہ نہیں شرک کیا مگر ہمارے باپ دادوں نے پہلے سے اور تھے ہم اولاد پیچھے انکے ۔ف۔ بھلا ہلاک کب کرتا ہے تو ہمکو اسکے سبب کہ کیا ہے خطا والوں نے ۔ روایت کیا اسکو احمد نے

وعن ابي بن كعب في قول الله عز وجل واذ اخذ ربك من بني ادم من ظهورهم ذريتهم قال جمعهم فجعلهم

روایت ہے ابی ابن کعب سے تفسیر میں قول اللہ عزوجل کی اور جب نکالی تیرے رب نے آدم کے بیٹوں کی پیٹھ میں سے انکی اولاد کہا راوی نے جمع کیا انکو اور کیا انکو

ارواحا ثم صورهم فاستنطقهم فتكلموا ثم اخذ عليهم العهد والميثاق واشهدهم على انفسهم الست بربكم

روحیں پھر صورت بخشا انکو پھر گویا کیا انکو تب بولے پھر لیا ان سے عہد اور پیمان اور گواہ کیا انکو انکی جانوں پر اور فرمایا کیا نہیں ہوں میں رب تمہارا

قالوا بلى قال فاني اشهد عليكم السموات السبع والارضين السبع واشهد عليكم اباكم ادم ان تقولوا يوم القيمة

سبھوں نے مقرر ہے فرمایا پھر تحقیق میں گواہ کرتا ہوں تم پر ساتوں آسمان کو اور ساتوں زمین کو اور گواہ کرتا ہوں میں تم پر تمہارے باپ آدم کو اسواسطے کہ کہو تم دن قیامت کے

لم نعلم بهذا اعلموا انه لا اله غيري ولا رب غيري ولا تشركوا بي شيئا اني سارسل اليكم رسلي يذكرونكم

نہیں جانتے تھے ہم اسکو جان لو کہ نہیں کوئی معبود برحق سوا میرے اور نہیں کوئی پروردگار سوا میرے اور نہ شریک کرو میرے ساتھ کسیکو تحقیق میں بھیجونگا تمہارے پاس رسول اپنے یاد دلاتے تمکو

عهدي وميثاقي وانزل عليكم كتبي قالوا شهدنا بانك ربنا والهنا لا رب لنا غيرك ولا اله لنا غيرك

عہد میرا اور پیمان میرا اور نازل کرونگا تم پر کتابیں اپنی کہا سبھوں نے گواہی دی ہمنے ساتھ اسبات کے کہ تو رب ہمارا ہے اور معبود ہمارا ہے اور نہیں کوئی پروردگار ہمارا واسطے سوا تیرے اور نہیں کوئی معبود ہمارے واسطے سوا تیرے

فاقروا بذلك ورفع عليهم ادم ينظر اليهم فراى الغني والفقير وحسن الصورة ودون ذلك فقال رب

پھر سب نے اقرار کیا ساتھ اسکے اور خبردار کئے گئے ان پر آدم کو دیکھتے تھے انکو پھر دیکھا غنی اور فقیر اور خوبصورت کو اور سوا اسکے (یعنے بدصورت) تب کہا اے پروردگار میرے

لولا سويت بين عبادك قال اني احببت ان اشكر وراى الانبياء فيهم مثل السرج عليهم النور خصوا بميثاق اخر

کیوں نہ برابر کیا تو درمیان اپنے بندوں کے فرمایا تحقیق دوست رکھتا ہوں میں کہ شکر کیا جاؤں میں اور دیکھا انبیاؤں کو اپنی اولاد میں مانند چراغوں کی ان پر نور ہے وے سب خاص کئے گئے

في الرسالة والنبوة وهو قوله تبارك وتعالى واذ اخذنا من النبيين ميثاقهم الى قوله عيسى بن مريم كان في تلك الارواح

ساتھ ایک عہد کے رسالت اور نبوت میں ف اور وہ یہہ قول ہے بڑی برکت والے بزرگ کا اور جب لیا ہمنے نبیوں سے قول انکا اللہ کے اس کلام تک عیسیٰ ابن مریم ۔ف۔ تھے عیسیٰ ان روحوں میں

فارسله الى مريم عليها السلام فحدث عن ابي انه دخل من فيها رواه احمد وعن ابي الدرداء قال بينما نحن عند رسول الله

پھر بھیجا انکو مریم علیہا السلام کے پاس اور روایت کی گئی ہے ابی سے کہ عیسیٰ سما گئے مریم کے منہ کی راہ ۔ روایت کی اسکو احمد نے ۔ اور روایت ہے ابو درداء سے کہا کہ اسوقت کہ تھے ہم نزدیک رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم نتذاكر ما يكون اذ قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا سمعتم بجبل زال عن مكانه فصدقوه واذا سمعتم

صلی اللہ علیہ وسلم کے آپس میں ذکر کرتے تھے اس چیز کی جو پیدا ہوتی ہے وہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سنو تم پہاڑ کو کہ سرک گیا اپنی جگہ سے سچ جانو اسکو اور جب سنو تم

برجل تغير عن خلقه فلا تصدقوا به فانه يصير الى ما جبل عليه رواه احمد وعن ام سلمة قالت يا رسول الله لا يزال يصيبك

کسی شخص کو کہ بدل گیا اپنی خصلت سے تو نہ سچ جانو اسکو اس بات میں سو تحقیق حال یہہ ہے کہ پھر جاتا ہے یہ شخص اسی طرف جس پر پیدا کیا گیا وہ ۔ف۔ روایت کیا اسکو احمد نے ۔ اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ یا رسول اللہ ہمیشہ پہنچتی ہے

في كل عام وجع من الشاة المسمومة التي اكلت قال ما اصابني شيء منها الا وهو مكتوب علي وادم في طينته رواه ابن ماجه

تمکو ہر برس میں بیماری بسبب زہر والی بکری کے جسکو آپ نے کھایا تھا ۔ف۔ فرمایا نہیں پہنچی مجھکو کوئی چیز اس بکری سے مگر وہی جو لکھی گئی تھی مجھ پر جب آدم تھے اپنی مٹی میں ۔ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

باب اثبات عذاب القبر الفصل الاول عن البراء بن عازب عن النبي صلى الله عليه وسلم قال المسلم اذا سئل في القبر

باب ثابت کرنے میں عذاب قبر کے ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے براء ابن عازب سے اس نے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا حضرت نے مسلمان جب سوال کیا جاتا ہے قبر میں

يشهد ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله فذلك قوله تعالى يثبت الله الذين امنوا بالقول الثابت في الحيوة الدنيا و
گواہی دیتا ہے اسکی کہ نہیں کوئی معبود برحق سوا اللہ کے اور تحقیق محمد رسول اللہ ہیں پھر یہی مراد ہے اللہ تعالی کی فرمانے سے ف ، ثابت رکھتا ہے اللہ ان لوگوں کو کہ ایمان لائے ہیں مضبوط بات کے ، زندگی میں دنیا کی اور

الاخرة وفي رواية عن النبي صلى الله عليه وسلم قال يثبت الله الذين امنوا بالقول الثابت نزلت في عذاب القبر يقال له من
آخرت میں اور ایک روایت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یوں ہے کہ فرمایا ثابت رکھتا ہے اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے مضبوط بات پر نازل ہوئی عذاب قبر کے حق میں کہا جاتا ہے مردے کو کون

ربك فيقول ربي الله ونبيي محمد متفق عليه وعن انس قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان العبد اذا وضع في قبره وتولى
رب تیرا تب کہتا ہے وہ رب میرا اللہ ہے اور نبی میرے محمد ہیں ، ق ، اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بندہ جس وقت رکھا جاتا ہے اپنی قبر میں اور پھر آئے

عنه اصحابه انه ليسمع قرع نعالهم اتاه ملكان فيقعدانه فيقولان ما كنت تقول في هذا الرجل لمحمد فاما المؤمن
اس سے یار اسکے تحقیق وہ سنتا ہے آواز انکی پاپوشوں کی آتے ہیں اس پاس دو فرشتے پھر بٹھاتے ہیں اسکو اور کہتے ہیں کیا کہتا تھا تو حق میں اس شخص کے واسطے محمد کے ، سو مومن

فيقول اشهد انه عبد الله ورسوله فيقال له انظر الى مقعدك من النار قد ابدلك الله به مقعدا من الجنة
کہتا ہے گواہی دیتا ہوں میں تحقیق وے بندے اللہ کے ہیں اور اسکے رسول پھر کہا جاتا ہے اسکو دیکھ اپنے ٹھکانے کی طرف دوزخ سے بیشک بدلا تجھکو اللہ نے بجائے دوزخ کے جگہ بیٹھنے کی بہشت میں

فيراهما جميعا واما المنافق والكافر فيقال له ما كنت تقول في هذا الرجل فيقول لا ادري كنت اقول ما يقول الناس فيقال
پھر دیکھتا ہے دونوں جگہ کو اکٹھے ، ف ، اور منافق اور کافر پھر کہا جاتا ہے اسکو کیا کہتا تھا تو حق میں اس شخص کے تب کہتا ہے نہیں جانتا میں کہتا تھا میں جو کہتے تھے لوگ ، ف ، پھر کہا جاتا ہے

لا دريت ولا تليت ويضرب بمطارق من حديد ضربة فيصيح صيحة يسمعها من يليه غير الثقلين متفق عليه ولفظه
نہیں جانا تو نے اور نہیں پڑھا تو نے اور مارا جاتا ہے لوہے کے گرزوں سے سخت مار تب چلاتا ہے خوب چلانا سنتے ہیں اسکو جو اسکے پاس ہیں سوا جنوں اور آدمیوں کے روایت کیا اسکو بخاری مسلم نے

للبخاري وعن عبد الله بن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان احدكم اذا مات عرض عليه مقعده بالغداة والعشي ان كان
بخاری کا ہے ، اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق ایک تم میں کا جب مرتا ہے دکھلایا جاتا ہے اسکو ٹھکانا اسکا صبح اور شام اگر ہے وہ

من اهل الجنة فمن اهل الجنة وان كان من اهل النار فمن اهل النار فيقال هذا مقعدك حتى يبعثك الله اليه يوم القيامة متفق
بہشتیوں میں سے تو دکھلایا جاتا ہے مکان بہشتیوں کا اور اگر ہے وہ دوزخیوں میں سے دکھلایا جاتا ہے مکان دوزخیوں کا ، اور کہا جاتا ہے یہ ہے ٹھکانا تیرا یہاں تک کہ اٹھاویگا تجھکو اللہ اس میں قیامت کے دن ،

عليه وعن عائشة رضي الله عنها ان يهودية دخلت عليها فذكرت عذاب القبر فقالت لها اعاذك الله من عذاب القبر
ق ، اور روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ تحقیق ایک عورت یہودی آئی ان کے پاس پھر ذکر کیا عذاب قبر کا اور کہا ان سے کہ پناہ میں رکھے تجھکو اللہ عذاب قبر سے

فسالت عائشة رسول الله صلى الله عليه وسلم عن عذاب القبر فقال نعم عذاب القبر حق قالت عائشة فما رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم
پھر پوچھا حضرت عائشہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عذاب قبر کا حال تب فرمایا ہاں عذاب قبر کا حق ہے کہا حضرت عائشہ نے پھر نہیں دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

بعد صلى صلوة الا تعوذ بالله من عذاب القبر متفق عليه وعن زيد بن ثابت قال بينا رسول الله صلى الله عليه وسلم في حائط
اسکے بعد کہ نماز پڑھی ہو کوئی نماز مگر پناہ مانگی اللہ کی عذاب قبر سے ، ق ، ف ، اور روایت ہے زید ابن ثابت سے کہا کہ اسوقت کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باغ میں

لبني النجار على بغلة له ونحن معه اذ حادت به فكادت تلقيه واذا اقبر ستة او خمسة فقال من يعرف اصحاب
بنی نجار کے تھے سوار اپنے خچر پر اور ہم ان کے ساتھ تھے یکایک شوخی کی خچر نے حضرت سے پھر قریب تھا کہ گرادے حضرت کو اور ناگہاں قبریں چھ یا پانچ معلوم ہوئیں تب فرمایا کون ہے جو جانتا ہے

هذه الاقبر قال رجل انا قال فمتى ماتوا قال في الشرك فقال ان هذه الامة تبتلى في قبورها فلولا ان لا تدافنوا لدعوت الله
ان قبر والوں کو کہا ایک شخص نے میں جانتا ہوں فرمایا کب مرے تھے کہا شرک کے وقت میں تب فرمایا تحقیق یہ امت آزمائی جاتی ہے اپنی قبروں میں سو اگر نہ ہو خوف اسکا کہ تم نہ دفن کرو گے تو بیشک مانگتا

[illegible]

أَنْ يُسْمِعَكُمْ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ الَّذِي أَسْمَعُ مِنْهُ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ فَقَالَ تَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ قَالُوا نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ

کہ سناوے تمکو عذاب قبر کا جو میں سنتا ہوں اُس سے ف ۔ بعد اسکے متوجہ ہوے ہماری طرف اپنے چہرہ مبارک سے اور فرمایا پناہ پکڑو اللہ کی آگ کے عذاب سے کہا صحابہ نے پناہ پکڑتے

عَذَابِ النَّارِ قَالَ تَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ قَالُوا نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ قَالَ تَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ

آگ کے عذاب سے فرمایا پناہ پکڑو اللہ کی قبر کے عذاب سے کہا پناہ پکڑتے ہیں ہم اللہ کی قبر کے عذاب سے فرمایا پناہ پکڑو اللہ کی فتنوں سے جو ظاہر ہیں اُن میں سے اور جو چھپا ہے

قَالُوا نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ قَالَ تَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ قَالُوا نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ

کہا پناہ پکڑتے ہیں ہم اللہ کی فتنوں سے جو کہ ظاہر ہے اُن میں سے اور جو چھپا ہے فرمایا پناہ پکڑو اللہ کی دجال کے فتنے سے کہا پناہ پکڑتے ہیں ہم اللہ کی دجال کے فتنے سے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اَلْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قُبِرَ الْمَيِّتُ أَتَاهُ مَلَكَانِ أَسْوَدَانِ أَزْرَقَانِ يُقَالُ لِأَحَدِهِمَا

روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب قبر میں رکھا جاتا ہے مردہ آتے ہیں اسکے پاس دو فرشتے کالے نیلی آنکھ والے کہا جاتا ہے ان دو میں سے ایک کو

الْمُنْكَرُ وَلِلْآخَرِ النَّكِيرُ فَيَقُولَانِ مَا كُنْتَ تَقُولُ فِي هٰذَا الرَّجُلِ فَإِنْ كَانَ مُؤْمِنًا فَيَقُولُ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُولُهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

منکر اور دوسرے کو نکیر پھر کہتے ہیں دونو کیا کہتا تھا تو حق میں اس شخص کے ف پھر اگر ہے مومن تو کہتا ہے وے بندے اللہ کے ہیں اور اسکے بھیجے ہوئے ہیں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود برحق سوا اللہ کے

وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ فَيَقُولَانِ قَدْ كُنَّا نَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُولُ هٰذَا ثُمَّ يُفْسَحُ لَهُ فِي قَبْرِهِ سَبْعُونَ ذِرَاعًا فِي سَبْعِينَ

اور تحقیق محمد بندے اسکے اور رسول اسکے ہیں تب کہتے ہیں دونو تحقیق ہم جانتے تھے کہ تو کہیگا یہہ پھر کشادہ کیا جاتا ہے اسکے واسطے اسکی قبر میں ستر گز ستر گز میں ف ۳

ثُمَّ يُنَوَّرُ لَهُ فِيهِ ثُمَّ يُقَالُ لَهُ نَمْ فَيَقُولُ أَرْجِعُ إِلَى أَهْلِي فَأُخْبِرُهُمْ فَيَقُولَانِ نَمْ كَنَوْمَةِ الْعَرُوسِ الَّذِي لَا يُوقِظُهُ إِلَّا أَحَبُّ أَهْلِهِ

پھر روشنی کی جاتی ہے اسکے واسطے قبر میں تب کہا جاتا ہے اسکو سو رہ پھر وہ کہتا ہے جاؤں میں اپنے اہل پاس اور خبر دوں انکو تب وے کہتے ہیں سو رہ جس طرح دولہا سوتا ہے ایسا دولہا کہ نہیں جگاتا اسکو مگر پیارا اسکا زیادہ اسکے اہل کا

إِلَيْهِ حَتَّى يَبْعَثَهُ اللّٰهُ مِنْ مَضْجَعِهِ ذٰلِكَ وَإِنْ كَانَ مُنَافِقًا قَالَ سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُولُونَ قَوْلًا فَقُلْتُ مِثْلَهُ لَا أَدْرِي فَيَقُولَانِ قَدْ

اسکے نزدیک یہاں تک کہ اٹھاوے اسکو اللہ اسکے سونے کی جگہ سے کہ یہی ہے یعنی قبر ۔ اور اگر ہوتا ہے وہ منافق کہتا ہے سنا میں نے لوگوں سے کہتے تھے ایک بات سو کہا میں نے بھی ویسا ہی نہیں جانتا میں تب کہتے ہیں تحقیق

كُنَّا نَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُولُ ذٰلِكَ فَيُقَالُ لِلْأَرْضِ الْتَئِمِي عَلَيْهِ فَتَلْتَئِمُ عَلَيْهِ فَتَخْتَلِفُ أَضْلَاعُهُ فَلَا يَزَالُ فِيهَا مُعَذَّبًا حَتَّى يَبْعَثَهُ اللّٰهُ مِنْ

تھے ہم جانتے تجھکو بیشک کہیگا تو یہہ پھر حکم کیا جاتا ہے زمین کو کہ مل جا اسپر پھر مل جاتی ہے اسپر پھر ادھر کی ادھر ہو جاتی ہیں پسلیاں اسکی ف ۴ پھر ہمیشہ رہتا ہے قبر میں معذب یہاں تک کہ اٹھاوے اسکو اللہ

مَضْجَعِهِ ذٰلِكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَأْتِيهِ مَلَكَانِ فَيُجْلِسَانِهِ فَيَقُولَانِ

اسکے سونے کی جگہ سے کہ یہہ ہے ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے براء ابن عازب سے انہوں نے نقل کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آتے ہیں اسکے پاس دو فرشتے پھر بٹھاتے ہیں اسکو اور کہتے ہیں

لَهُ مَنْ رَبُّكَ فَيَقُولُ رَبِّيَ اللّٰهُ فَيَقُولَانِ لَهُ مَا دِينُكَ فَيَقُولُ دِينِيَ الْإِسْلَامُ فَيَقُولَانِ لَهُ مَا هٰذَا الرَّجُلُ الَّذِي بُعِثَ فِيكُمْ فَيَقُولُ

اسکو کون ہے رب تیرا تب وہ کہتا ہے رب میرا اللہ ہے پھر کہتے ہیں اسکو کیا ہے دین تیرا تب وہ کہتا ہے دین میرا اسلام ہے پھر کہتے ہیں اسکو کون ہے یہہ شخص کہ بھیجا گیا تھا تم میں تب وہ کہتا ہے

هُوَ رَسُولُ اللّٰهِ فَيَقُولَانِ لَهُ وَمَا يُدْرِيكَ فَيَقُولُ قَرَأْتُ كِتَابَ اللّٰهِ فَآمَنْتُ بِهِ وَصَدَّقْتُ فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالَى يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِينَ

وہ رسول ہیں اللہ کے پھر کہتے ہیں اسکو کس چیز نے معلوم کروایا تجھکو تب کہتا ہے پڑھی میں نے کتاب اللہ کی پھر ایمان لایا میں اسپر اور سچ جانا میں نے سو یہہ ہے قول اللہ تعالی کا ثابت رکھیگا اللہ ان کو

آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ الْآيَةَ قَالَ فَيُنَادِي مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ أَنْ صَدَقَ عَبْدِي فَأَفْرِشُوهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَأَلْبِسُوهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَافْتَحُوا لَهُ

کہ ایمان لائے قول ثابت پر آخر آیت تک فرمایا پھر پکارتا ہے پکارنے والا آسمان سے کہ سچ کہا میرے بندے نے سو بچھاؤ اسکے واسطے بچھونا بہشت کا اور پوشاک پہناؤ اسکو بہشت کی اور کھول دو اسکے واسطے

بَابًا إِلَى الْجَنَّةِ فَيُفْتَحُ لَهُ قَالَ فَيَأْتِيهِ مِنْ رَوْحِهَا وَطِيبِهَا وَيُفْسَحُ لَهُ فِيهَا مَدَّ بَصَرِهِ وَأَمَّا الْكَافِرُ فَذَكَرَ مَوْتَهُ قَالَ وَيُعَادُ رُوحُهُ

دروازہ بہشت کی طرف پھر کھولا جاتا ہے اسکے واسطے فرمایا پھر آتی ہے اسکو ہوا اسکی اور خوشبو اسکی اور کشادہ کیا جاتا ہے اسکے واسطے اسمیں اسکی نگاہ کی درازی تک اور کافر پھر ذکر کیا حضرت نے اسکی موت کا فرمایا اور پھر لائی جاتی ہے روح

فِي جَسَدِهِ وَيَأْتِيهِ مَلَكَانِ فَيُجْلِسَانِهِ فَيَقُولَانِ لَهُ مَنْ رَبُّكَ فَيَقُولُ هَاهْ هَاهْ لَا أَدْرِي فَيَقُولَانِ لَهُ مَا دِينُكَ فَيَقُولُ هَاهْ هَاهْ

اسکے بدن میں اور آتے ہیں اسکے پاس دو فرشتے اور بٹھاتے ہیں اسکو پھر کہتے ہیں کون ہے تیرا رب سو کہتا ہے ہاہ ہاہ میں نہیں جانتا ہوں پھر کہتے ہیں کیا ہے دین تیرا سو کہتا ہے ہاہ ہاہ

لَا أَدْرِي فَيَقُولَانِ لَهُ مَا هَذَا الرَّجُلُ الَّذِي بُعِثَ فِيكُمْ فَيَقُولُ هَاهْ هَاهْ لَا أَدْرِي فَيُنَادِي مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ أَنْ كَذَبَ فَأَفْرِشُوهُ مِنَ

نہیں جانتا ہوں پھر کہتے ہیں کون ہے یہ شخص کہ بھیجا گیا تھا تم پاس سو کہتا ہے ہاہ ہاہ نہیں جانتا ہوں پھر پکارتا ہے پکارنے والا آسمان سے کہ جھوٹھ کہا سو بچھاؤ اسکے لئے بچھونا

النَّارِ وَأَلْبِسُوهُ مِنَ النَّارِ وَافْتَحُوا لَهُ بَابًا إِلَى النَّارِ قَالَ فَيَأْتِيهِ مِنْ حَرِّهَا وَسَمُومِهَا قَالَ وَيُضَيَّقُ عَلَيْهِ قَبْرُهُ حَتَّى تَخْتَلِفَ فِيهِ

آگ سے اور پہناؤ اسکو پوشاک آگ سے اور کھول دو اسکے واسطے دروازہ دوزخ کی طرف فرمایا پھر آتی ہے اسکو گرمی اسکی اور لو اسکی فرمایا اور تنگ کی جاتی ہے اسپر قبر اسکی یہانتک کہ ادھر کی ادھر ہو جاتی ہیں

أَضْلَاعُهُ ثُمَّ يُقَيَّضُ لَهُ أَعْمَى أَصَمُّ مَعَهُ مِرْزَبَّةٌ مِنْ حَدِيدٍ لَوْ ضُرِبَ بِهَا جَبَلٌ لَصَارَ تُرَابًا فَيَضْرِبُهُ بِهَا ضَرْبَةً فَيَصِيحُ

پسلیاں اسکی پھر مقرر کیا جاتا ہے اسکے لئے فرشتہ اندھا بہرا کہ ہوتا ہے اسکے پاس گرز لوہے کا اگر ماریں اس سے پہاڑ کو بیشک ہو جاوے خاک پھر مارتا ہے اسکو اس سے سخت مار کہ چلاتا ہے

صَيْحَةً يَسْمَعُهَا مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ إِلَّا الثَّقَلَيْنِ فَيَصِيرُ تُرَابًا ثُمَّ تُعَادُ فِيهِ الرُّوحُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَعَنْ عُثْمَانَ

بڑے زور سے سنتا ہے اسکو جو بیچ میں ہے مشرق اور مغرب کے سوائے آدمی اور جن کے پھر ہو جاتا ہے خاک پھر ڈالی جاتی ہے اسمیں روح روایت کیا اسکو احمد اور ابوداود نے اور روایت ہے عثمان

رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّهُ كَانَ إِذَا وَقَفَ عَلَى قَبْرٍ بَكَى حَتَّى يَبُلَّ لِحْيَتَهُ فَقِيلَ لَهُ تُذْكَرُ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ فَلَا تَبْكِي وَتَبْكِي مِنْ هَذَا فَقَالَ إِنَّ

رضی اللہ عنہ سے کہ بیشک وے تھے جب کھڑے ہوتے قبر پاس روتے یہانتک کہ تر ہو جاتی انکی داڑھی پھر کسی نے کہا انکو کہ ذکر کرتے ہو بہشت اور دوزخ کا تو نہیں روتے اور روتے ہو اس سے پس کہا کہ

رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْقَبْرَ أَوَّلُ مَنْزِلٍ مِنْ مَنَازِلِ الْآخِرَةِ فَإِنْ نَجَا مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ أَيْسَرُ مِنْهُ وَإِنْ لَمْ يَنْجُ مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ أَشَدُّ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تحقیق قبر پہلی منزل ہے منزلوں سے آخرت کی اگر نجات پائی اس سے تو جو چیز کہ بعد اسکے ہے آسان تر ہے اس سے اور اگر نجات نہ پائی اس سے تو جو چیز کہ بعد اسکے ہے سخت تر ہے

مِنْهُ قَالَ وَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَأَيْتُ مَنْظَرًا قَطُّ إِلَّا وَالْقَبْرُ أَفْظَعُ مِنْهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَقَالَ

اس سے کہا اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں دیکھی میں نے کوئی جگہ دیکھنے کی کبھی مگر یہ کہ قبر بہت بری ہے اس سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا

التِّرْمِذِيُّ هَذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا فَرَغَ مِنْ دَفْنِ الْمَيِّتِ وَقَفَ عَلَيْهِ فَقَالَ اسْتَغْفِرُوا

ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے انھیں سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب فارغ ہوتے دفن کرنے سے میت کے تو کھڑے ہوتے اسکے پاس اور فرماتے بخشش مانگو

لِأَخِيكُمْ ثُمَّ سَلُوا لَهُ بِالتَّثْبِيتِ فَإِنَّهُ الْآنَ يُسْأَلُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُسَلَّطُ عَلَى الْكَافِرِ

اپنے بھائی کی پھر مانگو اسکے لئے ثابت رہنا کہ بیشک اب پوچھا جاتا ہے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک متعین کئے جاتے ہیں کافر پر

فِي قَبْرِهِ تِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ تِنِّينًا تَنْهَسُهُ وَتَلْدَغُهُ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ لَوْ أَنَّ تِنِّينًا مِنْهَا نَفَخَ فِي الْأَرْضِ مَا أَنْبَتَتْ خَضِرًا

اسکی قبر میں ننانوے اژدہے کاٹتے ہیں اور ڈستے ہیں اسکو جب تک ہو قیامت اگر کوئی اژدہا انمیں سے پھنکار مارے زمین میں تو نہ اگاوے زمین سبزہ

رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهُ وَقَالَ سَبْعُونَ بَدَلَ تِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ

روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت کی ترمذی نے اسیطرح پر اور کہا ستر بدلے ننانوے کے

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

فصل تیسری

عَنْ جَابِرٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ

روایت ہے جابر سے کہا کہ نکلے ہم ساتھ رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ حِينَ تُوُفِّيَ فَلَمَّا صَلَّى عَلَيْهِ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوُضِعَ فِي قَبْرِهِ وَسُوِّيَ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سعد ابن معاذ کی طرف جب وے مر گئے پھر جب نماز پڑھی ان پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور رکھے گئے سعد اپنی قبر میں اور برابر کی گئی

عَلَيْهِ سَبَّحَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَبَّحْنَا طَوِيلًا ثُمَّ كَبَّرَ فَكَبَّرْنَا فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ لِمَ سَبَّحْتَ ثُمَّ كَبَّرْتَ فَقَالَ لَقَدْ تَضَايَقَ عَلَى هَذَا الْعَبْدِ

عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَرَانِي فِي الْمَنَامِ

دھوتی اسکو اور دیتی اسکو حضرت کو × روایت کیا ابو داؤد نے × فصل تیسری × روایت ہے ابن عمر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دیکھا میں نے اپنے تئیں خواب میں

أَتَسَوَّكُ بِسِوَاكٍ فَجَاءَنِي رَجُلَانِ أَحَدُهُمَا أَكْبَرُ مِنَ الْآخَرِ فَنَاوَلْتُ السِّوَاكَ الْأَصْغَرَ مِنْهُمَا فَقِيلَ لِي كَبِّرْ فَدَفَعْتُهُ إِلَى الْأَكْبَرِ مِنْهُمَا

کہ مسواک کرتا ہوں ایک مسواک سے پھر آئے میرے پاس دو مرد کہ ایک اُن دونوں میں کا بڑا تھا دوسرے سے پھر دیا میں نے مسواک چھوٹے کو اُن دونوں میں سے تب کہا گیا مجھکو بڑے کو دے پھر دیا میں نے اسکو بڑے کو ان دونوں میں سے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا جَاءَنِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَطُّ إِلَّا أَمَرَنِي بِالسِّوَاكِ لَقَدْ خَشِيتُ

× ق × اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ آئے میرے پاس جبرئیل علیہ السلام کبھی مگر حکم کیا مجھکو مسواک کا کہ تحقیق ڈرا میں

أَنْ أُحْفِيَ مُقَدَّمَ فِيَّ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ أَكْثَرْتُ عَلَيْكُمْ فِي السِّوَاكِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ

اس سے کہ چھیل ڈالوں میں سامنا اپنے منہہ کا × روایت کیا اسکو احمد نے × اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک بہت بیان کیا میں نے تم پر مسواک کے مقدمہ میں × روایت کیا اسکو بخاری نے

عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَنُّ وَعِنْدَهُ رَجُلَانِ أَحَدُهُمَا أَكْبَرُ مِنَ الْآخَرِ فَأُوحِيَ إِلَيْهِ فِي فَضْلِ السِّوَاكِ أَنْ كَبِّرْ

حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسواک کرتے اور نزدیک اُن کے دو شخص تھے ایک اُن دونوں میں کا بڑا تھا دوسرے سے پھر وحی کی گئی انکی طرف بزرگی میں مسواک کی یہہ کہ

أَعْطِ السِّوَاكَ أَكْبَرَهُمَا رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَفْضُلُ الصَّلَاةُ الَّتِي يُسْتَاكُ لَهَا عَلَى الصَّلَاةِ

دے تو مسواک دونوں میں سے بڑے کو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے × اور روایت ہے انھیں سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بزرگی رکھتی ہے وہ نماز کہ جسکے واسطے مسواک کیا جاتی ہے اس نماز پر

الَّتِي لَا يُسْتَاكُ لَهَا سَبْعِينَ ضِعْفًا رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَعَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ

کہ نہیں مسواک کی جاتی اسکے لئے ستر گونا روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں × اور روایت ہے ابی سلمہ سے اسنے روایت کیا زید ابن خالد جہنی سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي لَأَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ وَلَأَخَّرْتُ صَلَاةَ الْعِشَاءِ إِلَى ثُلُثِ اللَّيْلِ قَالَ فَكَانَ

صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے اگر یہ مشکل نہ جانتا میں اپنی امت پر بیشک حکم کرتا ان کو مسواک کرنے کا نزدیک ہر نماز کے اور بیشک تاخیر کرتا میں عشا کی نماز کی تہائی رات تک کہا تو تھے

زَيْدُ بْنُ خَالِدٍ يَشْهَدُ الصَّلَوَاتِ فِي الْمَسْجِدِ وَسِوَاكُهُ عَلَى أُذُنِهِ مَوْضِعَ الْقَلَمِ مِنْ أُذُنِ الْكَاتِبِ لَا يَقُومُ إِلَى الصَّلٰوةِ إِلَّا اسْتَنَّ ثُمَّ رَدَّهُ

زید ابن خالد حاضر ہوتے نمازوں کو مسجد میں اور مسواک انکی اُن کے کان پر ہوتی جگہ قلم کے لکھنے والے کے کان پر نہ کھڑے ہوتے نماز کے واسطے مگر مسواک کرتے پھر رکھ دیتے

إِلَى مَوْضِعِهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ وَلَأَخَّرْتُ صَلٰوةَ الْعِشَاءِ إِلَى ثُلُثِ اللَّيْلِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ

اسکی جگہہ پر روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے مگر ابوداؤد نے نہ ذکر کیا ولاخرت صلوة العشا الی ثلث اللیل اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن صحیح ہے۔

بَابُ سُنَنِ الْوُضُوْءِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَيْقَظَ أَحَدُكُمْ مِنْ نَوْمِهِ فَلَا

یہہ باب ہے بیان میں سنتوں وضو کے۔ فصل پہلی۔ روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت جاگے کوئی تم میں کا اپنی نیند سے پھر نہ

يَغْمِسْ يَدَهُ فِي الْإِنَاءِ حَتّٰى يَغْسِلَهَا ثَلٰثًا فَإِنَّهُ لَا يَدْرِي أَيْنَ بَاتَتْ يَدُهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَيْقَظَ

ڈوبووے اپنا ہاتھ باسن میں یہانتک کہ دھووے اسکو تین بار پھر تحقیق وہ نہیں جانتا ہے کہاں رات گذاری اسکے ہاتھ نے نقل کیا اور روایت ہے انہیں سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

أَحَدُكُمْ مِنْ مَنَامِهِ فَتَوَضَّأَ فَلْيَسْتَنْثِرْ ثَلٰثًا فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَبِيتُ عَلٰى خَيْشُومِهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَقِيلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَاصِمٍ كَيْفَ كَانَ

کوئی تم میں کا اپنی نیند سے پھر وضو کرے تو چاہئے کہ ناک جھاڑے تین بار پھر تحقیق شیطان رات گذارتا ہے اسکے ناک کے بانسے پر نقل۔ اور کہا گیا عبداللہ ابن زید ابن عاصم سے کیونکر تھے

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّأُ فَدَعَا بِوَضُوءٍ فَأَفْرَغَ عَلٰى يَدَيْهِ فَغَسَلَ يَدَيْهِ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ مَضْمَضَ وَاسْتَنْثَرَ ثَلٰثًا ثُمَّ غَسَلَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے تب منگوایا پانی وضو کا پھر ڈالا اپنے دونوں ہاتھوں پر اور دھویا اپنے دونوں ہاتھ دو دو بار پھر کلی کیا اور ناک جھاڑی تین بار پھر دھویا

وَجْهَهُ ثَلٰثًا ثُمَّ غَسَلَ يَدَيْهِ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ ثُمَّ مَسَحَ رَأْسَهُ بِيَدَيْهِ فَأَقْبَلَ بِهِمَا وَأَدْبَرَ بَدَأَ بِمُقَدَّمِ رَأْسِهِ ثُمَّ ذَهَبَ

اپنا منہہ تین بار پھر دھویا اپنے دونوں ہاتھ دو دو بار کہنیوں تک پھر مسح کیا اپنے سرکو اپنے دونوں ہاتھ سے پھر لائے آگے سے پیچھے کو لے گئے دونوں ہاتھوں کو اور پیچھے سے آگے کو شروع کیا آگے سے

بِهِمَا إِلٰى قَفَاهُ ثُمَّ رَدَّهُمَا حَتّٰى رَجَعَ إِلَى الْمَكَانِ الَّذِي بَدَأَ مِنْهُ ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَيْهِ رَوَاهُ مَالِكٌ وَالنَّسَائِيُّ وَلِأَبِي دَاوُدَ نَحْوُهُ ذَكَرَهُ صَاحِبُ

دونوں ہاتھوں کو گُدی تک پھر پھیر لائے دونوں ہاتھوں کو یہانتک کہ پھر آئے اس جگہہ تک کہ شروع کیا تھا وہاں سے پھر دھویا دونوں پاؤں۔ روایت کیا اسکو مالک اور نسائی نے اور ابوداؤد کی روایت اسی طرح ہے ذکر کیا اسکو صاحب

الْجَامِعِ وَفِي الْمُتَّفَقِ عَلَيْهِ قِيلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَاصِمٍ تَوَضَّأْ لَنَا وُضُوءَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَا بِإِنَاءٍ فَأَكْفَأَ

جامع الاصول نے اور بخاری مسلم کی روایت میں یوں ہی ہے کہ کہا گیا عبداللہ ابن زید ابن عاصم سے وضو کرو تو ہمارے واسطے۔ وضو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پھر منگوایا باسن پانی کا پھر ڈالا

مِنْهُ عَلٰى يَدَيْهِ فَغَسَلَهُمَا ثَلٰثًا ثُمَّ أَدْخَلَ يَدَهُ فَاسْتَخْرَجَهَا فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ مِنْ كَفٍّ وَاحِدَةٍ فَفَعَلَ ذٰلِكَ ثَلٰثًا ثُمَّ أَدْخَلَ

اُس سے پانی اپنے دونوں ہاتھوں پر اور دھویا انکو تین بار پھر ڈالا اپنا ہاتھ۔ پھر نکالا اسکو اور کلی کیا اور ناک میں پانی دیا ایک ہی چلو سے پھر کیا یہہ تین بار پھر ڈالا

يَدَهُ فَاسْتَخْرَجَهَا فَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلٰثًا ثُمَّ أَدْخَلَ يَدَهُ فَاسْتَخْرَجَهَا فَغَسَلَ يَدَيْهِ إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ أَدْخَلَ يَدَهُ فَاسْتَخْرَجَهَا

اپنا ہاتھ پھر نکالا اسکو اور دھویا اپنا منہہ تین بار پھر ڈالا اپنا ہاتھ اور نکالا اسکو پھر دھویا اپنے دونوں ہاتھ کہنیوں تک دو دو بار پھر ڈالا اپنا ہاتھ اور نکالا اسکو

فَمَسَحَ بِرَأْسِهِ فَأَقْبَلَ بِيَدَيْهِ وَأَدْبَرَ ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَيْهِ إِلَى الْكَعْبَيْنِ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا كَانَ وُضُوءُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي رِوَايَةٍ

پھر مسح کیا اپنے سر کا آگے سے پیچھے کو لے گئے دونوں ہاتھ اپنے اور پیچھے سے آگے لائے پھر دھویا اپنے دونوں پاؤں ٹخنوں تک بعد اسکے کہا اسیطرح وضو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا اور ایک روایت میں یوں ہے

فَأَقْبَلَ بِهِمَا وَأَدْبَرَ بَدَأَ بِمُقَدَّمِ رَأْسِهِ ثُمَّ ذَهَبَ بِهِمَا إِلٰى قَفَاهُ ثُمَّ رَدَّهُمَا حَتّٰى رَجَعَ إِلَى الْمَكَانِ الَّذِي بَدَأَ مِنْهُ ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَيْهِ وَفِي

پھر آگے سے پیچھے لے گئے دونوں ہاتھ اور پیچھے سے آگے لائے شروع کیا سامنے اپنے سر سے پھر لے گئے دونوں ہاتھ گدی تک پھر پھیر لائے انکو یہانتک کہ پھر آئے اس مکان تک کہ جہاں سے شروع کیا پھر دھویا اپنے دونوں پاؤں اور ایک

رِوَايَةٍ فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ وَاسْتَنْثَرَ ثَلٰثًا بِثَلٰثِ غَرَفَاتٍ مِنْ مَاءٍ وَفِي أُخْرٰى فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ مِنْ كَفَّةٍ وَاحِدَةٍ فَفَعَلَ

روایت میں یوں ہی ہے پھر کلی کیا اور ناک میں پانی دیا اور ناک جھاڑی تین بار تین چلو پانی سے اور دوسری روایت میں پھر کلی کیا اور ناک میں پانی دیا ایک ہی چلو پانی سے پھر کیا

فغطت أم سلمة وجهها وقالت يا رسول الله أو تحتلم المرأة قال نعم تربت يمينك فبم يشبهها ولدها متفق عليه وزاد

پھر ڈھانک لیا ام سلمہ نے اپنا منہ اور کہا یا رسول اللہ کیا خواب دیکھتی ہے عورت فرمایا ہاں خاک آلودہ ہو تیرا داہنا ہاتھ پھر کس سبب سے مشابہ ہوتا ہے بچہ اسکا ق اور زیادہ

مسلم برواية أم سليم إن ماء الرجل غليظ أبيض وماء المرأة رقيق أصفر فمن أيهما علا أو سبق يكون منه الشبه

کیا مسلم نے ام سلیم کی روایت سے یہ کہ تحقیق منی مرد کی گاڑھی ہوتی ہے سفید اور منی عورت کی پتلی ہوتی ہے زرد پھر جو ان دونوں پانی سے اوپر رہے یا پہلے رحم میں گرے تو ہوتی ہے اسی سے مشابہت

وعن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا اغتسل من الجنابة بدأ فغسل يديه ثم يتوضأ كما يتوضأ للصلاة

اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب غسل کرتے جنابت کا شروع کرتے پھر دھوتے اپنے دونوں ہاتھ اور وضو کرتے جیسے وضو کرتے نماز کے لئے

ثم يدخل أصابعه في الماء فيخلل بها أصول شعره ثم يصب على رأسه ثلاث غرفات بيديه ثم يفيض الماء على جلده

پھر ڈالتے اپنی انگلیاں پانی میں اور خلال کرتے ان سے اپنے بالوں کی جڑوں کو پھر ڈالتے اپنے سر پر تین چلو اپنے دونوں ہاتھ سے پھر جاری کرتے پانی اپنے تمام بدن پر

كله متفق عليه وفي رواية لمسلم يبدأ فيغسل يديه قبل أن يدخلهما الإناء ثم يفرغ بيمينه على شماله فيغسل فرجه ثم

ق ۔ اور ایک روایت میں مسلم کی شروع کرتے پھر دھوتے اپنے دونوں ہاتھ پہلے اس سے کہ ڈالیں انکو باسن میں پھر ڈالتے اپنے داہنے ہاتھ سے اپنے بائیں ہاتھ پر اور دھوتے اپنی شرمگاہ کو پھر

يتوضأ وعن ابن عباس قال قالت ميمونة وضعت للنبي صلى الله عليه وسلم غسلا فسترته بثوب وصب على يديه

وضو کرتے ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ کہا حضرت میمونہ نے رکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے پانی غسل کا پھر پردہ کیا میں نے انکا ایک کپڑے سے اور پانی ڈالا اپنے دونوں

فغسلهما ثم صب بيمينه على شماله فغسل فرجه فضرب بيده الأرض فمسحها ثم غسلها فمضمض

ہاتھ پر اور دھویا ان کو پھر پانی ڈالا اپنے داہنے ہاتھ سے اپنے بائیں ہاتھ پر اور دھویا اپنی شرمگاہ کو پھر مارا اپنا ہاتھ زمین پر اور ملا اسکو پھر دھویا اسکو پھر کلی کی

واستنشق وغسل وجهه وذراعيه ثم صب على رأسه وأفاض على جسده ثم تنحى فغسل قدميه فناولته ثوبا فلم يأخذه فانطلق

اور ناک میں پانی دیا اور دھویا اپنا منہ اور دونوں ہاتھ اپنے پھر پانی ڈالا اپنے سر پر اور بہایا پانی اپنے بدن پر پھر کنارے ہوئے اور دھوئے دونوں پاؤں تب دیا میں نے انکو کپڑا اسے نہ لیا انہوں نے اور چلے

وهو ينفض يديه متفق عليه ولفظه للبخاري وعن عائشة قالت إن امرأة من الأنصار سألت النبي صلى الله عليه وسلم عن غسلها

حضرت جھاڑتے ہوئے دونوں ہاتھ اپنے ۔ ق ۔ اور لفظ اسکا بخاری کا ہے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تحقیق ایک عورت نے انصار میں سے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو طرح غسل کرنے اپنے

من المحيض فأمرها كيف تغتسل قال خذي فرصة من مسك فتطهري بها قالت كيف أتطهر بها فقال تطهري بها قالت كيف

حیض سے پھر حکم کیا اسکو کسطرح غسل کرے پھر فرمایا لے تو ایک ٹکڑا مشک سے پھر پاک ہو تو ساتھ اسکے کہا کسطرح پاک ہوؤں میں ساتھ اسکے پھر فرمایا پاک ہو تو ساتھ اسکے کہا

أتطهر بها قال سبحان الله تطهري بها فاجتبذتها إلي فقلت تتبعي بها أثر الدم متفق عليه وعن أم سلمة قالت قلت يا

کسطرح پاک ہوں ساتھ اسکے فرمایا سبحان اللہ پاک ہو تو ساتھ اسکے پھر کھینچ لیا میں نے اسکو اپنی طرف اور کہا میں نے پیچھے کر تو ساتھ اسکے نشان خون کا ۔ ق ۔ اور روایت ہے حضرت ام سلمہ سے کہا کہا میں نے یا

رسول الله إني امرأة أشد ضفر رأسي فأنقضه لغسل الجنابة فقال لا إنما يكفيك أن تحثي على رأسك ثلاث حثيات

رسول اللہ تحقیق میں ایک عورت ہوں کہ مضبوط باندھتی ہوں چوٹیاں اپنے سر کی کیا کھولوں میں انکو غسل جنابت کے لئے فرمایا نہیں سوا اسکے نہیں کہ کفایت ہے تجھکو یہ کہ لے پانی ڈال تو اپنے سر پر تین لپ

ثم تفيضين عليك الماء فتطهرين رواه مسلم وعن أنس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يتوضأ بالمد ويغتسل بالصاع إلى

پھر بہا دے تو اپنے اوپر پانی اور پاک ہو تو روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے ایک مد پانی سے اور غسل کرتے ایک صاع پانی سے

خمسة أمداد متفق عليه وعن معاذة قالت قالت عائشة كنت أغتسل أنا ورسول الله من إناء واحد بيني وبينه فيبادرني

پانچ مد تک ۔ ق ۔ اور روایت ہے معاذہ سے کہا کہ کہا حضرت عائشہ نے تھی میں غسل کرتی اور رسول اللہ ایک ہی باسن سے کہ میرے اور حضرت کے درمیان ہوتا پھر جلدی کرتے مجھ سے

حتى أقول دع لي دع لي قالت وهما جنبان. متفق عليه. **الفصل الثاني** عن عائشة قالت سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن

یہاں تک کہتی میں چھوڑ دیجئے میرے واسطے چھوڑ دیجئے میرے واسطے کہا عائشہ نے اور دونوں جنبی تھے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا پوچھے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حال سے

الرجل يجد البلل ولا يذكر احتلاما قال يغتسل وعن الرجل الذي يرى أنه قد احتلم ولا يجد بللا قال لا غسل عليه قالت أم سليم هل

ایک شخص کے کہ پاوے تری اور نہ یاد رکھتا ہو خواب فرمایا غسل کرے اور حال اس شخص کے کہ جانتا ہے تحقیق خواب دیکھا اور نہیں پاتا تری فرمایا نہیں غسل اوپر اس کے کہا ام سلیم نے کیا

على المرأة ترى ذلك غسل قال نعم إن النساء شقائق الرجال. رواه الترمذي وأبو داود وروى الدارمي وابن ماجه إلى قوله لا غسل

عورت پر بھی غسل کہ دیکھے اس طرح فرمایا ہاں تحقیق عورتیں بھی مانند مردوں کے ہیں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت کیا دارمی اور ابن ماجہ نے لا غسل

عليه. وعنها قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا جاوز الختان الختان وجب الغسل فعلته أنا ورسول الله صلى الله عليه

علیہ تک۔ اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اندر گیا ختان ختان میں تو واجب ہوا غسل۔ کیا یہ کام میں نے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم فاغتسلنا. رواه الترمذي وابن ماجه. وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تحت كل شعرة جنابة فاغسلوا

وسلم نے پھر ہم دونوں نہائے۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نیچے ہر بال کے جنابت ہے پھر دھوؤ تم

الشعر وأنقوا البشرة. رواه أبو داود والترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا حديث غريب والحارث بن وجيه الراوي وهو شيخ ليس بذلك

بالوں کو اور پاک کرو بدن کو روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور حارث ابن وجیہ راوی اس حدیث کا وہ بڈھا ہے سبب

وعن علي رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ترك موضع شعرة من جنابة لم يغسلها فعل بها كذا وكذا من النار قال علي فمن

اور روایت ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے چھوڑی جگہ ایک بال کی غسل جنابت میں کہ نہ دھویا اسکو کیا جاویگا ساتھ اسکے ایسا اور ایسا آگ سے۔ کہا حضرت علی نے پھر

ثم عاديت رأسي ثلاثا. رواه أبو داود وأحمد والدارمي إلا أنهما لم يكررا فمن ثم عاديت رأسي. وعن عائشة قالت كان النبي

اس سبب سے دشمن رکھا میں نے اپنے سر کے بال کو فرمایا اسکو تین بار روایت کیا اسکو ابو داؤد اور احمد اور دارمی نے مگر ان دونوں نے بار بار نہ روایت کیا فمن ثم عادیت راسی۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے نبی

صلى الله عليه وسلم لا يتوضأ بعد الغسل. رواه الترمذي وأبو داود والنسائي وابن ماجه. وعنها قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم

صلی اللہ علیہ وسلم نہ وضو کرتے بعد غسل کے۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

يغسل رأسه بالخطمي وهو جنب يجتزئ بذلك ولا يصب عليه الماء. رواه أبو داود. وعن يعلى قال إن رسول الله صلى

دھوتے سر اپنا خطمی سے اور حال یہ ہے کہ حضرت جنب ہوتے کفایت کرتے اسی دھونے پر اور نہ ڈالتے سر پر پانی دوسرا۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے یعلی سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم رأى رجلا يغتسل بالبراز فصعد المنبر فحمد الله وأثنى عليه ثم قال إن الله حيي ستير يحب الحياء

اللہ علیہ وسلم نے دیکھا ایک شخص کو کہ غسل کرتا تھا میدان میں۔ پھر چڑھے منبر پر پھر حمد کیا اللہ کا اور تعریف کی اسکی اور فرمایا تحقیق اللہ بہت حیا والا بہت پردہ پوش ہے دوست رکھتا ہے حیا

والستر فإذا اغتسل أحدكم فليستتر. رواه أبو داود والنسائي وفي رواية قال إن الله ستير فإذا أراد أحدكم أن يغتسل

اور پردے کو پھر جب غسل کرے کوئی تم میں کا پھر چاہیے کہ پردہ کرے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے اور ایک روایت میں اسکی یوں ہے کہا تحقیق اللہ بہت پردہ پوش ہے پھر جب ارادہ کرے کوئی تم میں کا غسل کا

فليتوار بشيء. **الفصل الثالث** عن أبي بن كعب قال إنما كان الماء من الماء رخصة في أول الإسلام ثم نهي

پھر چاہیے کہ پردہ کرے کسی چیز سے۔ فصل تیسری۔ روایت ہے ابی ابن کعب سے کہا کہ سوا اسکے نہیں ہے کہ تھا غسل واجب ہوتا منی نکلنے سے رخصت اول اسلام میں پھر منع کیا

عنها. رواه الترمذي وأبو داود والدارمي. وعن علي قال جاء رجل إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال إني اغتسلت

اس سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور دارمی نے۔ اور روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا کہ میں نے غسل کیا

مِنَ الْجَنَابَةِ وَصَلَّيْتُ الْفَجْرَ فَرَأَيْتُ قَدْرَ مَوْضِعِ الظُّفْرِ لَمْ يُصِبْهُ الْمَاءُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتَ مَسَحْتَ عَلَيْهِ بِيَدِكَ

جنابت سے اور نماز پڑھی فجر کی پھر دیکھا میں نے ناخن کی جگہ برابر کہ نہیں پہنچا اسکو پانی تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر ہوتا تو ملتا اسپر اپنا ہاتھ

اَجْزَاَكَ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَتِ الصَّلٰوةُ خَمْسِيْنَ وَالْغُسْلُ مِنَ الْجَنَابَةِ سَبْعَ مَرَّاتٍ وَغَسْلُ الْبَوْلِ مِنَ الثَّوْبِ سَبْعَ مَرَّاتٍ

کفایت کرتا تجھکو۔ ف روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ تھی نماز فرض پچاس اور غسل جنابت سے سات بار اور دھونا پیشاب کا کپڑے سے سات بار

فَلَمْ يَزَلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْاَلُ حَتّٰى جُعِلَتِ الصَّلٰوةُ خَمْسًا وَغُسْلُ الْجَنَابَةِ مَرَّةً وَغَسْلُ الثَّوْبِ مِنَ الْبَوْلِ مَرَّةً

پھر ہمیشہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوال کرتے۔ ف یہانتک کہ مقرر کی گئی نماز پانچ اور غسل جنابت کا ایکبار اور دھونا کپڑے کا پیشاب لگنے سے ایک بار

رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ

بَابُ مُخَالَطَةِ الْجُنُبِ وَمَا يُبَاحُ لَهٗ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَقِيَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا

روایت کیا اسکو ابوداؤد نے۔ یہہ باب ہے بیان میں جنب کے اور ملنے جلنے کے جنب سے اور وہ چیز کہ جائز ہے اسکے لئے۔ فصل پہلی۔ روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ ملاقات کی میری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حال

جُنُبٌ فَاَخَذَ بِيَدِيْ فَمَشَيْتُ مَعَهٗ حَتّٰى قَعَدَ فَانْسَلَلْتُ فَاَتَيْتُ الرَّحْلَ فَاغْتَسَلْتُ ثُمَّ جِئْتُ وَهُوَ قَاعِدٌ فَقَالَ اَيْنَ كُنْتَ يَا اَبَا هِرٍّ

جنب تھا پھر پکڑ لیا میرا ہاتھ پھر چلا میں ان کے ساتھ یہانتک کہ بیٹھے پھر چپکے سے نکلا میں اور آیا گھر پر اور غسل کیا میں نے پھر آیا میں اور حضرت بیٹھے ہوئے تھے تب فرمایا کہاں تھا تو اے ابوہریرہ

فَقُلْتُ لَهٗ فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ اِنَّ الْمُؤْمِنَ لَا يَنْجُسُ هٰذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ وَلِمُسْلِمٍ مَعْنَاهُ وَزَادَ بَعْدَ قَوْلِهٖ فَقُلْتُ لَهٗ لَقِيْتَنِيْ وَاَنَا

عرض کیا میں نے ان سے اپنا حال تب فرمایا سبحان اللہ بیشک مومن نہیں ناپاک ہوتا ہے۔ یہہ لفظ بخاری کا ہے اور مسلم میں معنے اسکے ہیں اور زیادہ کیا مسلم نے بعد لفظ فقلت لہ کے یہہ لفظ ملاقات کی آپ نے میری

جُنُبٌ فَكَرِهْتُ اَنْ اُجَالِسَكَ حَتّٰى اَغْتَسِلَ وَكَذَا الْبُخَارِيُّ فِيْ رِوَايَةٍ اُخْرٰى وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ ذَكَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ

جنب تھا پھر مکروہ جانا میں نے کہ بیٹھوں آپ کے پاس جب تک غسل نہ کروں اور ایسا ہی بخاری کی دوسری روایت میں زیادہ کیا۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ ذکر کیا عمر ابن خطاب نے رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ تُصِيْبُهُ الْجَنَابَةُ مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأْ وَاغْسِلْ ذَكَرَكَ ثُمَّ نَمْ مُتَّفَقٌ

صلی اللہ علیہ وسلم سے تحقیق مجھکو پہنچتی ہے جنابت رات کو تب فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کر اور دھو ڈال اپنے ذکر کو بعد اسکے سو رہ۔ ق

عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ جُنُبًا فَاَرَادَ اَنْ يَّاْكُلَ اَوْ يَنَامَ تَوَضَّاَ وُضُوْءَهٗ لِلصَّلٰوةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب ہوتے جنب پھر ارادہ کرتے یہہ کہ کھاویں یا سو دیں وضو کرتے اپنا نماز کا سا وضو۔ ق

وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَتٰى اَحَدُكُمْ اَهْلَهٗ ثُمَّ اَرَادَ اَنْ يَّعُوْدَ فَلْيَتَوَضَّأْ

اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت آوے کوئی تم میں کا اپنی عورت پاس۔ ف پھر ارادہ کرے پھر کرنے کا تو چاہئے کہ وضو کرے

بَيْنَهُمَا وُضُوْءًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطُوْفُ عَلٰى نِسَائِهٖ بِغُسْلٍ وَاحِدٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

دو جماع کے درمیان ایک وضو۔ روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پھر آتے اپنی عورتوں پر ایک ہی غسل سے۔ ف روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے

عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ اَحْيَانِهٖ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَحَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ سَنَذْكُرُهٗ فِيْ كِتَابِ

حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم یاد کرتے اللہ کو اپنے سب وقت میں۔ ف روایت کیا اسکو مسلم نے اور حدیث ابن عباس کی ذکر کرینگے اسکو کتاب

الْاَطْعِمَةِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اغْتَسَلَ بَعْضُ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَفْنَةٍ

الاطعمہ میں انشاء اللہ تعالیٰ۔ فصل دوسری۔ روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ غسل کیا بعضی بیبیوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک تغار میں

فَاَرَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتَوَضَّاَ مِنْهُ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ جُنُبًا فَقَالَ اِنَّ الْمَاءَ لَا يُجْنِبُ رَوَاهُ

پھر ارادہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ کہ وضو کریں اس سے تب کہا کہ یا رسول اللہ بیشک تھی میں جنب پھر فرمایا کہ بیشک پانی نہیں جنب ہوتا۔ روایت کیا اسکو ترمذی

وابوداود وابن ماجہ وروی الدارمی نحوہ وفی شرح السنۃ عنہ عن میمونۃ بلفظ المصابیح وعن عائشۃ قالت کان

اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا دارمی نے اسی طرح اور شرح سنۃ میں ابن عباس سے روایت کیا انہی نے میمونہ سے ساتھ لفظ مصابیح کے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یغتسل من الجنابۃ ثم یستدفئ بی قبل ان اغتسل رواہ ابن ماجہ وروی الترمذی نحوہ وفی شرح

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غسل کرتے جنابت سے پھر گرم کر دینا چاہتے مجھ سے قبل اس کے کہ غسل کروں میں روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت کیا ترمذی نے اسی طرح اور شرح

السنۃ بلفظ المصابیح وعن علی قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یخرج من الخلاء فیقرئنا القرآن ویاکل معنا اللحم ولم

سنۃ میں ساتھ لفظ مصابیح کے اور روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نکلتے پاخانے سے پھر پڑھاتے ہمکو قرآن اور کھاتے ہمارے ساتھ گوشت اور نہ

یکن یحجبہ او یحجزہ عن القرآن شیء لیس الجنابۃ رواہ ابوداود والنسائی وروی ابن ماجہ نحوہ وعن ابن عمر قال قال رسول

تھی منع کرتی انکو یا باز رکھتی ان کو قرآن پڑھنے سے کوئی چیز سوا جنابت کے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے مانند اسکے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تقرأ الحائض ولا الجنب شیئا من القرآن رواہ الترمذی وعن عائشۃ قالت قال رسول اللہ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہ پڑھے حیض والی عورت اور نہ جنب کچھ قرآن میں سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم وجہوا ہذہ البیوت عن المسجد فانی لا احل المسجد لحائض ولا جنب رواہ ابوداود وعن

صلی اللہ علیہ وسلم نے منہ پھیر دو ان گھروں کا مسجد سے پھر بیشک میں نہیں حلال کرتا مسجد کو حائض کے واسطے اور نہ جنب کے واسطے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تدخل الملائکۃ بیتا فیہ صورۃ ولا کلب ولا جنب رواہ ابوداود

حضرت علی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں آتے فرشتے اس گھر میں جس میں تصویر ہو اور نہ اس گھر میں جس میں کتا ہو اور جنب ہو روایت کیا اسکو ابوداؤد

والنسائی وعن عمار بن یاسر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلثۃ لا تقربہم الملائکۃ جیفۃ الکافر والمتضمخ بالخلوق

اور نسائی نے اور روایت ہے عمار ابن یاسر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ہیں کہ نہیں نزدیک جاتے ان کے فرشتے ایک مردار کافر کا اور دوسرے وہ شخص بہت لگانے والا خلوق

والجنب الا ان یتوضأ رواہ ابوداود وعن عبد اللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم ان فی الکتاب الذی کتبہ رسول اللہ

اور تیسرا جنب مگر یہ کہ وضو کرے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے عبداللہ ابن ابی بکر ابن محمد ابن عمرو ابن حزم سے تحقیق اس خط میں جو لکھا تھا اسکو رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم لعمرو بن حزم ان لا یمس القرآن الا طاہر رواہ مالک والدارقطنی وعن نافع قال انطلقت مع ابن

صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرو ابن حزم کے واسطے کہ نہ چھوئے قرآن کو مگر پاک شخص روایت کیا اسکو مالک اور دارقطنی نے اور روایت ہے نافع سے کہا کہ چلا میں ابن

عمر فی حاجۃ فقضی ابن عمر حاجتہ وکان من حدیثہ یومئذ ان قال مر رجل فی سکۃ من السکک فلقی رسول اللہ صلی

عمر کے ساتھ کسی کام کے واسطے پھر فارغ ہوئے ابن عمر اپنی حاجت سے اور تھی ان کی حدیث سے اس دن یہ کہ گزرا ایک شخص ایک کوچہ میں کوچوں میں سے پھر ملاقات کیا رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم وقد خرج من غائط او بول فسلم علیہ فلم یرد علیہ حتی اذا کاد الرجل ان یتواری فی السکۃ ضرب رسول اللہ

اللہ علیہ وسلم سے اور تحقیق باہر آئے تھے حضرت پاخانے سے یا پیشاب سے پھر سلام کیا حضرت کو سو جواب نہ دیا حضرت نے اسکو یہاں تک کہ جب قریب ہوا وہ شخص کہ چھپ جاوے کوچے میں مارا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم بیدیہ علی الحائط ومسح بہما وجہہ ثم ضرب ضربۃ اخری فمسح ذراعیہ ثم رد علی الرجل السلام

صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ دیوار پر اور مسح کیا دونوں ہاتھوں سے اپنا منہ پھر مارا دوسری ضرب اور مسح کیا اپنے دونوں ہاتھ کہنیوں تک پھر جواب دیا اس شخص کو سلام کا

وقال انہ لم یمنعنی ان ارد علیک السلام الا انی لم اکن علی طہر رواہ ابوداود وعن المہاجر بن قنفذ انہ اتی النبی

اور فرمایا کہ بیشک نہ منع کیا مجھکو جواب دینے سے تیرے سلام کا مگر یہ کہ نہ تھا میں طاہر روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے مہاجر ابن قنفذ سے یہ کہ وہ آیا نبی

صلى الله عليه وسلم وهو يبول فسلم عليه فلم يرد عليه حتى توضأ ثم اعتذر اليه وقال اني كرهت ان اذكر الله الا على طهر

صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور حضرت پیشاب کرتے تھے تب سلام کیا اُنکو پھر نہ جواب دیا حضرت نے اُسکو یہانتک کہ وضو کیا بعد اُسکے عذر کیا اُس شخص سے اور فرمایا کہ بیشک میں نے مکروہ رکھا ہو کہ ذکر کروں

رواه ابو داؤد وروى النسائي الى قوله حتى توضأ وقال فلما توضأ رد عليه

روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت کیا نسائی نے اس قول تک حتی توضأ اور کہا کہ پھر جب وضو کیا جواب دیا اُسکے سلام کا

الفصل الثالث

عن ام سلمة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يجنب ثم ينام ثم ينتبه ثم ينام رواه احمد

فصل تیسری ٭ روایت ہی ام سلمہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنب ہونے پھر سونے پھر جاگتے پھر سوتے روایت کیا اسکو احمد نے

وعن شعبة قال ان ابن عباس كان اذا اغتسل من الجنابة يفرغ بيده اليمنى على يده اليسرى سبع مرار ثم يغسل فرجه فنسي مرة كم افرغ فسألني فقلت لا ادري فقال لا ام لك وما يمنعك ان تدري ثم يتوضأ وضوءه للصلوة ثم يفيض على جلده الماء ثم يقول هكذا كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتطهر رواه ابو داؤد

اور روایت ہی شعبہ سے کہا کہ تحقیق ابن عباس تھے جب غسل کرتے جنابت سے ڈالتے پانی اپنے داہنے ہاتھ سے اپنے بائیں ہاتھ پر سات بار پھر دھوتے اپنی شرمگاہ پھر بھول گئے ایک بار کہ کتنے بار پانی ڈالا تب پوچھا مجھسے پھر کہا میں نے نہیں جانتا تب کہا نہیں ماں تیری اکس چیز نے منع کیا تجھکو جاننے سے پھر وضو کرتے تھے ابن عباس اپنا نماز کا سا وضو اور بہاتے تھے اپنے بدن پر پانی بعد اسکے کہتے تھے اسیطرح تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہاتے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وعن ابي رافع قال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم طاف ذات يوم على نسائه يغتسل عند هذه وعند هذه قال فقلت يا رسول الله الا تجعله غسلا واحدا آخرا قال هذا ازكى واطيب واطهر رواه احمد وابو داؤد

اور روایت ہی ابی رافع سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھیر کیا ایک روز اپنی سب بیبیوں پر غسل کرتے اسکے پاس اور اسکے پاس کہا ابو رافع نے پھر کہا میں نے اُن کو یا رسول اللہ کیوں نہ کیا آپنے اپنے غسل کو ایک ہی غسل آخری فرمایا یہہ بہت پاکیزہ اور اچھا اور بہت پاک ہی روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے

وعن الحكم بن عمرو قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يتوضأ الرجل بفضل طهور المرأة رواه ابو داؤد وابن ماجة والترمذي وزاد او قال بسؤرها وقال هذا حديث حسن صحيح

اور روایت ہی حکم ابن عمرو سے کہا کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ کہ وضو کرے مرد عورت کے وضو غسل کے بچے ہوے پانی سے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ اور ترمذی نے اور زیادہ کیا یہہ لفظ یا فرمایا عورت کے جوٹھے سے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن صحیح ہی

وعن حميد الحميري قال لقيت رجلا صحب النبي صلى الله عليه وسلم اربع سنين كما صحبه ابو هريرة قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان تغتسل المرأة بفضل الرجل او يغتسل الرجل بفضل المرأة زاد مسدد وليغترفا جميعا رواه ابو داؤد والنسائي وزاد احمد في اوله نهى ان يمتشط احدنا كل يوم او يبول في مغتسله ورواه ابن ماجة عن عبد الله ابن سرجس

اور روایت ہی حمید حمیری سے کہا کہ ملاقات کی میں نے ایک شخص سے کہ صحبت رکھتا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی چار برس جیسا کہ صحبت رکھتے تھے حضرت کی ابوہریرہ کہا اس شخص نے کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ کہ غسل کرے عورت مرد کے وضو غسل کے بچے ہوے پانی سے یا غسل کرے مرد عورت کے وضو غسل کے بچے ہوے پانی سے زیادہ کیا مسدد اور چاہیئے کہ پانی لیں دونو یکبارگی ٭ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے اور زیادہ کیا احمد نے اس حدیث کے اول میں کہ منع کیا کوئی ہم میں کا ہر روز یا پیشاب کرے غسلخانے میں اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے عبد اللہ ابن سرجس سے

باب احكام المياه

الفصل الاول

٭ یہہ باب ہی بیان میں احکام پانی کے ٭ فصل پہلی

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يبولن احدكم في الماء الدائم الذي لا يجري ثم يغتسل فيه متفق عليه وفي رواية لمسلم قال لا يغتسل احدكم في الماء الدائم وهو جنب قالوا كيف يفعل يا ابا هريرة قال يتناوله تناولا

روایت ہی ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ چاہیئے کہ پیشاب کرے کوئی تم میں کا بندھے پانی میں جو نہیں بہتا پھر غسل کرے اسمیں ٭ متفق ٭ اور مسلم کی ایک روایت میں کہا کہ نہ غسل کرے کوئی تم میں کا بندھے پانی میں اس حالت میں کہ وہ جنب ہے کہا لوگوں نے کسطرح کرے اے ابوہریرہ کہا کہ لیوے پانی اٹھا کر ٭

وعن جابر

اور روایت ہی جابر سے

قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يبال في الماء الراكد رواه مسلم وعن السائب بن يزيد قال ذهبت بي خالتي الى

کہا کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ کہ پیشاب کیا جاوے ٹھہرے پانی میں ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے سایب ابن یزید سے کہا کہ لے گئی مجھکو میری خالہ

النبي صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله ان ابن اختي وجع فمسح راسي ودعا لي بالبركة ثم توضأ فشربت من وضوئه ثم

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا کہ یا رسول اللہ بیشک بھتیجا میرا بیمار ہے پھر مسح کیا میرے سر کو اور دعا کی میرے واسطے برکت کی پھر وضو کیا تب پیا میں نے آپکے وضو کا پانی اور

قمت خلف ظهره فنظرت الى خاتم النبوة بين كتفيه مثل زر الحجلة متفق عليه

کھڑا ہوا میں حضرت کی پیٹھ کے پیچھے پھر دیکھا میں نے مہر نبوت کو حضرت کے دونوں مونڈھوں کے درمیان مانند گھنڈی چھپرکھٹ کے ۔ متفق ۔

الفصل الثاني

عن ابن عمر

فصل دوسری ۔ روایت ہے ابن عمر سے

قال سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الماء يكون في الفلاة من الارض وما ينوبه من الدواب والسباع فقال اذا

کہا کہ پوچھے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احوال سے پانی کے کہ ہوتا ہے میدان میں زمین کے اور وہ پانی کہ باری باری آتے ہیں اسپر جانور اور درندے تب فرمایا

كان الماء قلتين لم يحمل الخبث رواه احمد وابو داود والترمذي والنسائي والدارمي وابن ماجة وفي اخرى لابي داود فانه لا

کہ جو پانی دو قلہ ہو نہیں اٹھاتا ناپاکی کو ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور ترمذی اور نسائی اور دارمی اور ابن ماجہ نے اور دوسری روایت میں ابو داؤد کی یوں ہے

ينجس وعن ابي سعيد الخدري قال قيل يا رسول الله انتوضأ من بئر بضاعة وهي بئر يلقى فيه الحيض ولحوم الكلاب

ناپاک نہیں ہوتا ۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ لوگوں نے کہا یا رسول اللہ کیا وضو کریں ہم بیر بضاعہ سے اور وہ ایک کنواں ہے کہ اسمیں ڈالے جاتے ہیں حیض کے کپڑے اور

والنتن فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الماء طهور لا ينجسه شيء رواه احمد والترمذي وابو داود والنسائي

اور بدبو کی چیز تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق یہہ پانی پاک ہے نہیں ناپاک کرتی اسکو کوئی چیز ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی نے

وعن ابي هريرة قال سال رجل رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله انا نركب البحر ونحمل معنا القليل من الماء

اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ پوچھا ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر عرض کیا یا رسول اللہ ہم سوار ہوتے ہیں سمندر میں اور اٹھاتے ہیں اپنے ساتھ تھوڑا پانی

فان توضأنا به عطشنا افنتوضأ بماء البحر فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هو الطهور ماؤه والحل ميتته رواه

سو اگر ہم وضو کریں اس سے تو پیاسے رہیں کیا وضو کریں ہم سمندر کے پانی سے تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سمندر پاک کرنے والا ہے پانی اسکا اور حلال ہے مردہ اسکا ۔ روایت کیا

مالك والترمذي وابو داود والنسائي وابن ماجة والدارمي وعن ابي زيد عن عبد الله بن مسعود ان النبي صلى الله عليه

مالک اور ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے ابی زید سے اسنے روایت کیا عبد اللہ بن مسعود سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ

وسلم قال له ليلة الجن ما في اداوتك قال قلت نبيذ قال تمرة طيبة وماء طهور رواه ابو داود وزاد احمد والترمذي فتوضأ

وسلم نے فرمایا اسکو رات جن میں کہ کیا ہے تیرے چھاگل میں کہا کہ کہا میں نے نبیذ ہے فرمایا خرما پاک ہے اور پانی پاک ہے ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور زیادہ کیا احمد اور ترمذی نے پھر وضو کیا

منه وقال الترمذي ابو زيد مجهول وصح عن علقمة عن عبد الله بن مسعود قال لم اكن ليلة الجن مع رسول الله صلى الله

اس سے اور کہا ترمذی نے ابو زید مجہول ہے اور صحیح ہوا ہے علقمہ سے کہ اسنے نقل کیا عبد اللہ ابن مسعود سے اسنے کہا کہ نتھا میں رات جن میں ساتھ رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم رواه مسلم وعن كبشة بنت كعب بن مالك وكانت تحت ابن ابي قتادة ان ابا قتادة دخل عليها

علیہ وسلم کے ساتھ ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے کبشہ بیٹی کعب ابن مالک سے اور تھی وہ نکاح میں بیٹے ابی قتادہ کے کہ تحقیق ابا قتادہ آئے اسکے پاس

فسكبت له وضوء فجاءت هرة تشرب منه فاصغى لها الاناء حتى شربت قالت كبشة فرآني انظر اليه فقال اتعجبين

پھر ڈالا کبشہ نے انکے لئے وضو کا پانی پھر آئی بلی پینے لگی اسی پانی میں سے پھر ٹیڑھا کیا انکے لئے باسن یہاں تک کہ پی لیا کہا کبشہ نے پھر دیکھا مجھکو کہ دیکھتی ہوں انکی طرف تب

يا ابنة أخي؟ قالت فقلت نعم فقال إن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إنها ليست بنجس إنها من الطوافين عليكم أو الطوافات

اے بھتیجی بھائی کی بیٹی کہا اُس نے ہاں تب کہا کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق بلی نہیں ہے نجس تحقیق وہ پھرنے والی ہیں تم پر یا فرمایا طوافات

رواه مالك وأحمد والترمذي وأبو داود والنسائي وابن ماجه والدارمي ❊ وعن داود بن صالح بن دينار عن أمه أن مولاتها

روایت کیا اسکو مالک اور احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے داؤد ابن صالح ابن دینار سے اُسنے روایت کی اپنی ماں سے تحقیق عورت اسکی آزاد کرنے والی

أرسلتها بهريسة إلى عائشة قالت فوجدتها تصلي فأشارت إلي أن ضعيها فجاءت هرة فأكلت منها فلما انصرفت عائشة

بھیجا اسکو ہریسہ لیکے حضرت عائشہ پاس کہا اسکی ماں نے پھر پایا میں نے عائشہ کو نماز پڑھتے سو اشارہ کیا مجھ سے کہ رکھ دے اسکو پھر آئی بلی اور کھایا اسمیں سے پھر جب فراغت ہوئیں عائشہ

من صلاتها أكلت من حيث أكلت الهرة فقالت إن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إنها ليست بنجس إنما هي من الطوافين عليكم

اپنی نماز سے کھایا ہریسہ کو جہاں سے کھایا تھا بلی نے اور کہا کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلی نہیں ہے نجس تحقیق وہ پھرنے والی ہے تم پر

وإني رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ بفضلها رواه أبو داود ❊ وعن جابر قال سئل رسول الله صلى الله

اور بیشک میں نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کرتے تھے اسکے جھوٹے سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ لوگوں نے پوچھا رسول اللہ صلی

عليه وسلم أنتوضأ بما أفضلت الحمر قال نعم وبما أفضلت السباع كلها رواه في شرح السنة ❊ وعن أم هانئ

اللہ علیہ وسلم سے کہ کیا ہم وضو کریں اس پانی سے کہ جھوٹا کیا گدھوں نے فرمایا ہاں اور اس پانی سے کہ جھوٹا کیا سب درندوں نے بھی روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے ام ہانی سے

قالت اغتسل رسول الله صلى الله عليه وسلم هو وميمونة في قصعة فيها أثر العجين رواه النسائي وابن ماجه ❊ الفصل

کہا کہ غسل کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ اور حضرت میمونہ نے کٹھرے میں کہ اسمیں نشان گوندھے آٹے کا روایت کیا اسکو نسائی اور ابن ماجہ نے فصل

الثالث ❊ عن يحيى بن عبد الرحمن قال إن عمر خرج في ركب فيهم عمرو بن العاص حتى وردوا حوضا فقال عمرو يا صاحب

تیسری روایت ہے یحیی ابن عبد الرحمن سے کہا کہ بیشک حضرت عمر نکلے سواروں میں کہ اُن میں عمرو ابن عاص بھی یہاں تک کہ اترے ایک حوض پر تب کہا عمرو ابن عاص نے اے مالک

الحوض هل ترد حوضك السباع فقال عمر بن الخطاب يا صاحب الحوض لا تخبرنا فإنا نرد على السباع وترد علينا رواه مالك

حوض کے کیا آتے ہیں تیرے حوض پر درندے تب فرمایا عمر ابن خطاب نے اے مالک حوض کے نہ خبر دے تو ہمکو پھر تحقیق ہم آتے ہیں درندوں کے بعد اور درندے آتے ہیں ہمارے بعد روایت کیا اسکو مالک نے

وزاد رزين قال زاد بعض الرواة في قول عمر وإني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لها ما أخذت في بطونها وما

اور زیادہ کیا رزین نے کہا کہ زیادہ کیا بعضے راویوں نے حضرت عمر کے قول میں یہ اور بیشک سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھے درندوں کے واسطے ہے جو اپنے پیٹ میں لیا اور جو

بقي فهو لنا طهور وشراب ❊ وعن أبي سعيد الخدري أن رسول الله صلى الله عليه وسلم سئل عن الحياض التي بين مكة و

باقی رہا سو وہ ہمارے واسطے پاک کرنے والا اور پینا ہے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے حوضوں کے حال سے جو درمیان مکے اور

المدينة تردها السباع والكلاب والحمر عن الطهر منها فقال لها ما حملت في بطونها ولنا ما غبر طهور رواه ابن ماجه ❊ وعن

مدینے کے ہیں آتے ہیں ان پر درندے اور کتے اور گدھے طہارت کرنے سے اسکے پانی سے تب فرمایا ان کے واسطے ہے جو اٹھایا اپنے پیٹ میں اور ہمارے لئے جو باقی رہا پاک کرنے والا روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے

عمر بن الخطاب قال لا تغتسلوا بالماء المشمس فإنه يورث البرص رواه الدارقطني ❊ باب تطهير النجاسات ❊ الفصل الأول

عمر ابن خطاب سے کہا کہ غسل کرو پانی دھوپ کے گرم سے پھر تحقیق وہ دیتا ہے سفید کوڑھ روایت کیا اسکو دار قطنی نے ❊ یہ باب ہے بیان میں پاک کرنے نجاستوں کے ❊ فصل پہلی

عن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا شرب الكلب من إناء أحدكم فليغسله سبع مرات متفق

روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پیوے کتا تم میں سے کسی کے باسن میں پھر چاہئے کہ دھوے اسکو سات بار ❊ ق

عَلَیْہِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ طُھُوْرُ اِنَاءِ اَحَدِکُمْ اِذَا وَلَغَ فِیْہِ الْکَلْبُ اَنْ یَّغْسِلَہٗ سَبْعَ مَرَّاتٍ اُوْلٰھُنَّ بِالتُّرَابِ وَعَنْہُ قَالَ قَامَ

ہے۔ اور ایک روایت میں مسلم کی فرمایا کہ پاکی تمہارے باسن کی جب پیوے اسمیں کتا یہہ کہ دھووے اسکو سات بار ان میں کا پہلا دھونا مٹی سے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ

اَعْرَابِیٌّ فَبَالَ فِی الْمَسْجِدِ فَتَنَاوَلَہُ النَّاسُ فَقَالَ لَھُمُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَعُوْہُ وَھَرِیْقُوْا عَلٰی بَوْلِہٖ سَجْلًا مِّنْ مَّاءٍ اَوْ ذَنُوْبًا

ایک گنوار پھر پیشاب کیا مسجد میں پھر پکڑا اسکو لوگوں نے تب فرمایا انسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دو اسکو اور ڈالو اسکے پیشاب پر ایک بڑا ڈول پانی یا فرمایا ذنوبا

مِّنْ مَّاءٍ فَاِنَّمَا بُعِثْتُمْ مُیَسِّرِیْنَ وَلَمْ تُبْعَثُوْا مُعَسِّرِیْنَ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ بَیْنَمَا نَحْنُ فِی الْمَسْجِدِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ

من ماء ۔ مطلب سوائے اسکے نہیں ہی بھیجے گئے ہو تم آسانی کرنے والے اور نہیں بھیجے گئے تم مشکل کرنے والے ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ اسوقت کہ تھے ہم مسجد میں رسول اللہ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذْ جَاءَ اَعْرَابِیٌّ فَقَامَ یَبُوْلُ فِی الْمَسْجِدِ فَقَالَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَہْ مَہْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ

صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ یکایک آیا ایک گنوار پھر کھڑا ہوا کہ پیشاب کرے بیچ مسجد کے تب کہا اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے باز رہ پھر فرمایا رسول اللہ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُزْرِمُوْہُ دَعُوْہُ فَتَرَکُوْہُ حَتّٰی بَالَ ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَعَاہُ فَقَالَ لَہٗ اِنَّ ھٰذِہِ الْمَسَاجِدَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ کاٹو اسکا پیشاب چھوڑ دو اسکو پھر چھوڑ دیا اسکو یہاں تک کہ پیشاب کیا پھر بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلایا اسکو اور فرمایا اس سے کہ بیشک یہ مسجد

لَا تَصْلُحُ لِشَیْءٍ مِّنْ ھٰذَا الْبَوْلِ وَلَا الْقَذَرِ اِنَّمَا ھِیَ لِذِکْرِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃِ وَقِرَاءَۃِ الْقُرْاٰنِ اَوْ کَمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

نہیں لائق ہیں کسی چیز کے واسطے اس پیشاب اور گندگی سے نہیں ہیں مسجد مگر اللہ کے ذکر اور نماز اور قرآن پڑھنے کے واسطے یا جیسا کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

قَالَ وَاَمَرَ رَجُلًا مِّنَ الْقَوْمِ فَجَاءَ بِدَلْوٍ مِّنْ مَّاءٍ فَشَنَّہٗ عَلَیْہِ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ قَالَتْ سَاَلَتِ امْرَاَۃٌ رَسُوْلَ

کہا انس نے اور حکم کیا ایک شخص کو صحابہ میں سے پھر لایا ایک ڈول پانی کا پھر ڈالا اسکو پیشاب پر ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسماء بنت ابی بکر صدیق سے کہا کہ پوچھا ایک عورت نے رسول

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَرَاَیْتَ اِحْدَانَا اِذَا اَصَابَ ثَوْبَھَا الدَّمُ مِنَ الْحَیْضَۃِ کَیْفَ تَصْنَعُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور کہا کہ یا رسول اللہ خبر دو مجھکو کہ کوئی ہم میں سے جب پہنچے اسکے کپڑے میں خون حیض کا کیا کرے وہ تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ اِذَا اَصَابَ ثَوْبَ اِحْدَاکُنَّ الدَّمُ مِنَ الْحَیْضَۃِ فَلْتَقْرُصْہُ ثُمَّ لِتَنْضَحْہُ بِمَاءٍ ثُمَّ لِتُصَلِّ فِیْہِ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ یَسَارٍ

وسلم نے جب پہنچے تم میں سے کسی کے کپڑے میں خون حیض کا پھر چاہیے کہ چٹکیوں سے ملے اسکو پھر دھووے اسکو پانی سے پھر نماز پڑھے اسمیں ۔ ق ۔ اور روایت ہے سلیمان ابن یسار سے

قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَۃَ عَنِ الْمَنِیِّ یُصِیْبُ الثَّوْبَ فَقَالَتْ کُنْتُ اَغْسِلُہٗ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَیَخْرُجُ اِلَی الصَّلٰوۃِ وَاَثَرُ الْغَسْلِ فِیْ

کہا کہ پوچھا میں نے عائشہ سے حال منی کا کہ پہنچے کپڑے میں تب کہا کہ تھی میں دھوتی اسکو کپڑے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر نکلتے تھے نماز کو اور نشان دھونے کا

ثَوْبِہٖ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنِ الْاَسْوَدِ وَھَمَّامٍ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کُنْتُ اَفْرُکُ الْمَنِیَّ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَ

ان کے کپڑے میں ہوتا ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسود اور ہمام سے دونوں نے نقل کیا عائشہ سے کہا کہ تھی میں ملتی منی کو کپڑے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور

بِرِوَایَۃِ عَلْقَمَۃَ وَالْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَۃَ نَحْوَہٗ وَفِیْہِ ثُمَّ یُصَلِّیْ فِیْہِ وَعَنْ اُمِّ قَیْسٍ بِنْتِ مِحْصَنٍ اَنَّھَا اَتَتْ بِابْنٍ لَّھَا صَغِیْرٍ لَّمْ یَاْکُلِ الطَّعَامَ

روایت میں علقمہ اور اسود کی عائشہ سے اسیطرح اور اسمیں یہہ بھی ہے پھر نماز پڑھتے اسمیں ۔ اور روایت ہے ام قیس بنت محصن سے تحقیق وہ لائی اپنے چھوٹے بیٹے کو کہ نہ کھایا تھا کھانا

اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَجْلَسَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ حَجْرِہٖ فَبَالَ عَلٰی ثَوْبِہٖ فَدَعَا بِمَاءٍ فَنَضَحَہٗ وَلَمْ یَغْسِلْہُ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تب بٹھایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی گود میں پھر پیشاب کر دیا حضرت کے کپڑے میں تب منگوایا پانی پھر بہا دیا اسکو اور نہ دھویا کپڑے کو ۔ ق ۔

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِذَا دُبِغَ الْاِھَابُ فَقَدْ طَھُرَ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَعَنْہُ

اور روایت ہے عبد اللہ ابن عباس سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جب رنگا جاوے کچا چمڑا پھر تحقیق پاک ہو جاوے ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے

قال تُصُدِّقَ علی مولاۃٍ لمیمونۃَ بشاۃٍ فماتت فمرّ بہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ہلّا اخذتم اہابہا فدبغتموہ فانتفعتم

کہا کہ صدقہ دی گئی حضرت میمونہ کی آزاد کی لونڈی کو ایک بکری۔ پھر وہ مرگئی پھر گذرے اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تب فرمایا کیوں نہ لیا تم نے چمڑا اسکا پھر سجھایا ہوتا اسکو اور نفع لیتے

بہ فقالوا انہا میتۃ فقال انما حرم اکلہا متفق علیہ وعن سودۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم قالت ماتت لنا شاۃ

اس سے تب لوگوں نے کہا کہ تحقیق وہ مری ہے پھر فرمایا کہ سوائے اسکے نہیں ہے کہ حرام ہے کھانا اسکا ۔ ق ۔ اور روایت ہے حضرت سودہ سے جو بی بی ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی یہاں کہا کہ مرگئی ہماری بکری

فدبغنا مسکہا ثم ما زلنا ننبذ فیہ حتی صار شنا رواہ البخاری

الفصل الثانی

عن لبابۃ بنت الحارث قالت

پھر سجھایا ہم نے کھال اسکی پھر ہمیشہ رہے ہم نبیذ بناتے اسمیں یہانتک کہ ہوگئی پرانی مشک ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے لبابہ بنت حارث سے کہا

کان الحسین بن علی فی حجر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فبال علی ثوبہ فقلت البس ثوبا واعطنی ازارک حتی اغسلہ فقال

کہ تھے حسین ابن علی گود میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر پیشاب کر دیا انکے کپڑے پر تب کہا میں نے پہنئے کپڑا اور دیجئے اپنا تہبند تاکہ دھوؤں میں اسکو تب فرمایا

انما یغسل من بول الانثی وینضح من بول الذکر رواہ احمد وابو داود وابن ماجہ وفی روایۃ لابی داود والنسائی عن ابی السمح

سوائے اسکے نہیں ہے کہ دھویا جاتا ہے پیشاب لڑکی کا اور پانی چھڑکا جاتا ہے پیشاب لڑکے کا ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور ایک روایت میں ابی داؤد اور نسائی کی ابی سمح سے

قال یغسل من بول الجاریۃ ویرش من بول الغلام وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا وطئ احدکم بنعلہ الاذی

روایت ہے کہا کہ دھویا جاتا ہے پیشاب لڑکی کا اور پانی چھڑکا جاتا ہے پیشاب لڑکے کا ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کچلے کوئی تم میں کا اپنی پاپوش سے گندگی

فان التراب لہ طہور رواہ ابو داود ولابن ماجہ معناہ وعن ام سلمۃ قالت لہا امرأۃ انی اطیل ذیلی وامشی فی المکان القذر قالت

پھر تحقیق مٹی اسکی پاک کرنے والی ہے ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور ابن ماجہ نے اسکے معنی وار روایت کیا ۔ اور روایت ہے ام سلمہ سے کہ کہا اس سے ایک عورت نے کہ میں دراز کرتی ہوں پلا اپنا اور چلتی ہوں ناپاک مکان میں تب کہا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یطہرہ ما بعدہ رواہ مالک واحمد والترمذی وابو داود والدارمی وقالا المرأۃ ام ولد لابراہیم بن

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پاک کرتی ہے اسکو وہ چیز کہ بعد اسکے ہے ۔ روایت کیا اسکو مالک اور احمد و ترمذی اور ابو داؤد اور دارمی نے اور ان دونوں نے کہا کہ وہ عورت ام ولد تھی ابراہیم ابن

عبد الرحمن بن عوف وعن المقدام بن معدیکرب قال نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن لبس جلود السباع والرکوب

عبد الرحمن ابن عوف کی ۔ اور روایت ہے مقدام ابن معدیکرب سے کہا کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہننے سے درندوں کے چمڑے اور اوپر بیٹھنے سے

علیہا رواہ ابو داود والنسائی وعن ابی الملیح بن اسامۃ عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہی عن جلود السباع رواہ

روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے ابی الملیح ابن اسامہ سے اسنے نقل کیا اپنے باپ سے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ منع کیا حضرت نے درندوں کے چمڑے سے روایت کیا اسکو

احمد وابو داود والنسائی وزاد الترمذی والدارمی ان تفترش وعن ابی الملیح انہ کرہ ثمن جلود السباع رواہ الترمذی

احمد اور ابو داؤد اور نسائی نے اور زیادہ کیا ترمذی اور دارمی نے یہہ کہ فرش کیا جاوے ۔ اور روایت ہے ابی الملیح سے کہ اسنے مکروہ رکھا قیمت درندوں کے چمڑے کی ۔ روایت کیا اسکو

فی کتاب اللباس من جامعہ وسندہ جید وعن عبد اللہ بن عکیم قال اتانا کتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان لا تنتفعوا

کتاب اللباس میں اپنے جامع میں اور سند اسکی مضبوط ہے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن عکیم سے کہا کہ آیا ہمارے پاس خط رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہہ کہ نہ فائدہ لو تم

من المیتۃ باہاب ولا عصب رواہ الترمذی وابو داود والنسائی وابن ماجہ وعن عائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ

مردار سے اسکے کچے چمڑے کے ساتھ اور نہ پٹھے کے ساتھ ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم امر ان یستمتع بجلود المیتۃ اذا دبغت رواہ مالک وابو داود وعن میمونۃ قالت مر علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم

وسلم نے حکم دیا یہہ کہ فائدہ لیویں مردار کے چمڑے سے جب سجھایا جاوے ۔ روایت کیا اسکو مالک اور ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے میمونہ سے کہا کہ آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس

رِجَالٌ مِنْ قُرَيْشٍ يَجُرُّوْنَ شَاةً لَهُمْ مِثْلَ الْحِمَارِ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَخَذْتُمْ اِهَابَهَا قَالُوْا اِنَّهَا

کئی شخص قریش میں سے کہ کھینچتے تھے اپنی موئی بکری کو مانند گدھے کے تب فرمایا ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کاش کے لیا ہوتا تم نے چمڑا اسکا عرض کیا کہ بیشک

مَيْتَةٌ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُطَهِّرُهَا الْمَاءُ وَالْقَرَظُ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوُدَ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ

مردار ہے تب فرمایا انکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پاک کرتا ہے اسکو پانی اور ببول کا۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد نے اور روایت ہے سلمہ ابن محبق سے کہا کہ تحقیق رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتٍ فَاِذَا قِرْبَةٌ مُعَلَّقَةٌ فَسَاَلَ الْمَاءَ فَقَالُوْا لَهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا مَيْتَةٌ فَقَالَ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئے جنگ تبوک میں ایک شخص کے گھر میں پھر یکایک ایک مشک لٹکی ہوئی تھی تب مانگا پانی تب کہا لوگوں نے یا رسول اللہ تحقیق یہ مشک مردار ہے تب فرمایا

دِبَاغُهَا طُهُوْرُهَا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوُدَ

الفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنِ امْرَاَةٍ مِنْ بَنِيْ عَبْدِ الْاَشْهَلِ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لَنَا طَرِيْقًا

سیجھانا اسکا پاکی ہے اسکی۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد نے فصل تیسری روایت ہے ایک عورت سے جو اولاد میں ہے عبد الاشہل کی کہا کہ کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق ہمارے واسطے ایک راہ ہے

اِلَى الْمَسْجِدِ مُنْتِنَةً فَكَيْفَ نَفْعَلُ اِذَا مُطِرْنَا قَالَتْ فَقَالَ اَلَيْسَ بَعْدَهَا طَرِيْقٌ هِيَ اَطْيَبُ مِنْهَا قُلْتُ بَلٰى قَالَ فَهٰذِهِ بِهٰذِهِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَعَنْ

مسجد کی طرف گندی پھر کیا کریں ہم جب مینہ برسا جاویں کہا آپ نے فرمایا کیا نہیں ہے بعد اسکے کوئی راہ کہ وہ پاک ہے اس سے کہا میں نے ہاں ہے فرمایا پھر یہ راہ ہے اسکے بدلے۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كُنَّا نُصَلِّيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا نَتَوَضَّاُ مِنَ الْمَوْطِئِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ

روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ تھے ہم نماز پڑھتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اور وضو نہ کرتے تھے زمین پر چلنے سے۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا

كَانَتِ الْكِلَابُ تُقْبِلُ وَتُدْبِرُ فِي الْمَسْجِدِ فِيْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرُشُّوْنَ شَيْئًا مِنْ ذٰلِكَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

کہ تھے کتے آتے اور جاتے مسجد میں زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر نہ تھے صحابہ پانی چھڑکتے کچھ سبب اسکے۔ روایت کیا اسکو بخاری نے

وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا بَاْسَ بِبَوْلِ مَا يُؤْكَلُ لَحْمُهُ وَفِيْ رِوَايَةِ جَابِرٍ قَالَ مَا اُكِلَ لَحْمُهُ فَلَا بَاْسَ بِبَوْلِهِ رَوَاهُ

اور روایت ہے براء ابن عازب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں مضائقہ ہے ساتھ پیشاب اس جانور کے کہ کھایا جاتا ہے گوشت اسکا اور ایک روایت میں جابر کی کہا کہ وہ جانور کہ کھایا جاتا ہے گوشت اسکا نہیں ہے مضائقہ پیشاب سے

اَحْمَدُ وَالدَّارَقُطْنِيُّ

بَابُ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِئٍ قَالَ سَاَلْتُ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ عَنِ

احمد اور دارقطنی نے۔ یہہ باب ہے بیان میں موزوں پر مسح کرنے کی۔ فصل پہلی۔ روایت ہے شریح ابن ہانی سے کہا کہ پوچھا میں نے حضرت علی ابن ابی طالب سے مسئلہ

الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقَالَ جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ لِلْمُسَافِرِ وَيَوْمًا وَلَيْلَةً لِلْمُقِيْمِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ

موزوں پر مسح کا تب فرمایا کہ مقرر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دن اور راتیں اسکی مسافر کے واسطے اور ایک دن اور ایک رات مقیم کے واسطے۔ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّهُ غَزَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ تَبُوْكَ قَالَ الْمُغِيْرَةُ فَتَبَرَّزَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ

مغیرہ ابن شعبہ سے کہ تحقیق اسنے جہاد کیا ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جہاد تبوک کا کہا مغیرہ نے پھر میدان میں نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

الْغَائِطِ فَحَمَلْتُ مَعَهُ اِدَاوَةً قَبْلَ الْفَجْرِ فَلَمَّا رَجَعَ اَخَذْتُ اُهَرِيْقُ عَلٰى يَدَيْهِ مِنَ الْاِدَاوَةِ فَغَسَلَ يَدَيْهِ وَوَجْهَهُ وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ مِنْ صُوْفٍ

پاخانے کی طرف پھر اٹھایا میں نے انکے ساتھ چھاگل قبل فجر کے پھر جب پھرے شروع کیا میں نے پانی ڈالنا ان کے ہاتھوں پر چھاگل سے پھر دھویا اپنے دونوں ہاتھ اور اپنا منہ اور ان پر تھا جبہ پشمینے کا

ذَهَبَ يَحْسِرُ عَنْ ذِرَاعَيْهِ فَضَاقَ كُمُّ الْجُبَّةِ فَاَخْرَجَ يَدَيْهِ مِنْ تَحْتِ الْجُبَّةِ وَاَلْقَى الْجُبَّةَ عَلٰى مَنْكِبَيْهِ وَغَسَلَ ذِرَاعَيْهِ ثُمَّ مَسَحَ

شروع کیا حضرت نے کھولنا اپنے دونوں ہاتھ پھر تنگ ہوئی آستین جبہ کی تب نکالا اپنے دونوں ہاتھ جبہ کے نیچے سے اور ڈال دیا جبہ کو اپنے مونڈھوں پر اور دھویا اپنے دونوں ہاتھ پھر مسح کیا

بِنَاصِيَتِهِ وَعَلَى الْعِمَامَةِ ثُمَّ اَهْوَيْتُ لِاَنْزِعَ خُفَّيْهِ فَقَالَ دَعْهُمَا فَاِنِّيْ اَدْخَلْتُهُمَا طَاهِرَتَيْنِ فَمَسَحَ عَلَيْهِمَا ثُمَّ رَكِبَ وَرَكِبْتُ

اپنے چوتھائی سر کا اور عمامہ پر پھر جھکا میں کہ اتاروں انکے دونوں موزے تب فرمایا چھوڑ دے انکو پھر بیشک میں نے پانوں ڈالے تھے انمیں جب دونوں پانوں پاک تھے پھر مسح کیا دونوں موزوں پر پھر سوار ہوئے

اور سوار ہوا میں۔

فانتهينا الى القوم وقد قاموا الى الصلوة ويصلي بهم عبد الرحمن بن عوف وقد ركع بهم ركعة فلما احس بالنبي صلى الله عليه و
پھر پہنچے ہم اپنے لوگوں پاس اور تحقیق وہ لوگ کھڑے ہوئے تھے نماز کے واسطے اور نماز پڑھواتے تھے ان کو عبد الرحمن ابن عوف اور تحقیق پڑھوائی تھی انکو ایک رکعت پھر جب معلوم کیا عبد الرحمن نے نبی صلی اللہ علیہ

سلم ذهب يتأخر فأومأ اليه فأدرك النبي صلى الله عليه وسلم احدى الركعتين معه فلما سلم قام النبي صلى الله عليه وسلم وقمت
وسلم کو ارادہ کیا کہ پیچھے ہٹے تب اشارہ کیا حضرت نے اُس طرف پھر پائی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں رکعتوں میں سے ایک اُسکے ساتھ پھر جب سلام پھیرا کھڑے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور

معه فركعنا الركعة التي سبقتنا رواه مسلم

الفصل الثاني

عن ابي بكرة عن النبي صلى الله عليه وسلم انه رخص للمسافر
انکے ساتھ پھر پڑھا ہمنے وہ رکعت کہ رہ گئی تھی ہمسے ٭ روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ فصل دوسری ٭ روایت ہے ابی بکرہ سے اُسنے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ بیشک حضرت نے رخصت دی

ثلثة ايام ولياليهن وللمقيم يوما وليلة اذا تطهر فلبس خفيه ان يمسح عليهما رواه الاثرم في سننه وابن خزيمة والدار
تین دن اور راتیں اُسکی اور مقیم کو ایک دن اور ایک رات جب وضو کیا ہو اور پہنا ہو اپنے موزے یہہ کہ مسح کرے دونوں پر ٭ روایت کیا اسکو اثرم نے اپنے سنن میں اور ابن خزیمہ اور دار

قطني وقال الخطابي هو صحيح الاسناد هكذا في المنتقى وعن صفوان بن عسال قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يأمرنا
قطنی نے ٭ اور کہا خطابی نے یہہ حدیث صحیح ہے سند میں اسی طرح ہے منتقی میں ٭ اور روایت ہے صفوان ابن عسال سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکم فرماتے

اذا كنا سفرا ان لا ننزع خفافنا ثلثة ايام ولياليهن الا من جنابة ولكن من غائط وبول ونوم رواه الترمذي والنسائي وعن
جب ہوتے ہم مسافر یہہ کہ نہ اتاریں ہم موزے اپنے تین دن اور راتیں اُسکی مگر جنابت سے ولیکن نہ اتاریں پاخانہ اور پیشاب اور نیند کے ٭ روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے ٭ اور روایت ہے

المغيرة بن شعبة قال وضأت النبي صلى الله عليه وسلم في غزوة تبوك فمسح اعلى الخف واسفله رواه ابو داود والترمذي وابن ماجة
مغیرہ ابن شعبہ سے کہا کہ وضو کروایا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو غزوہ تبوک میں پھر مسح کیا اوپر کی طرف موزے کے اور نیچے اُسکے ٭ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے

وقال الترمذي هذا حديث معلول وسألت ابا زرعة ومحمدا يعني البخاري عن هذا الحديث فقالا ليس بصحيح وكذا ضعفه
اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث معلول ہے اور پوچھا میں نے ابا زرعہ اور محمد یعنے بخاری کو حال سے اس حدیث کے تب کہا دونوں نے نہیں ہے صحیح اور اسیطرح ضعیف کہا اسکو

ابو داود وعنه انه قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم يمسح على الخفين على ظاهرهما رواه الترمذي وابو داود وعنه قال
ابوداؤد نے ٭ اور روایت ہے اسی سے تحقیق اُسنے کہا کہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مسح کرتے تھے موزوں پر اُن دونوں کے اوپر کی جانب ٭ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے ٭ اور روایت ہے اسی سے کہا

توضأ النبي صلى الله عليه وسلم ومسح على الجوربين والنعلين رواه احمد والترمذي وابو داود وابن ماجة
کہ وضو کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور مسح کیا پاتابوں پر اور پاپوشوں پر ٭ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے

الفصل الثالث

عن المغيرة قال مسح رسول الله صلى الله عليه وسلم على الخفين فقلت يا رسول الله نسيت قال بل انت نسيت بهذا امرني
٭ فصل تیسری ٭ روایت ہے مغیرہ سے کہ کہا مسح کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے موزوں پر پھر کہا میں نے یا رسول اللہ بھول گئے آپ فرمایا بلکہ تو بھول گیا ساتھ اسی کے حکم فرمایا مجھکو

ربي عز وجل رواه احمد وابو داود وعن علي انه قال لو كان الدين بالرأي لكان اسفل الخف اولى بالمسح من اعلاه وقد
میرے رب عزت والے اور بزرگی والے نے ٭ روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد نے ٭ اور روایت ہے حضرت علی سے تحقیق انہوں نے فرمایا کہ اگر ہوتا کام دین کا عقل کے ساتھ البتہ ہوتا نیچے کا جانب موزے کا لائق زیادہ مسح کرنے کے واسطے اسکے

رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يمسح على ظاهر خفيه رواه ابو داود وللدارمي معناه
اور تحقیق دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مسح کرتے تھے اوپر کے جانب موزوں کے ٭ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور دارمی نے معنے اسکے

باب التيمم

یہہ باب ہے بیان میں تیمم کے

الفصل الاول

فصل پہلی

عن حذيفة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فضلنا على الناس بثلاث جعلت صفوفنا كصفوف الملائكة وجعلت
روایت ہے حذیفہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بزرگی دیئے گئے ہم لوگوں پر ساتھ تین چیزوں کے مقرر کی گئیں صفیں ہماری مانند صفوں فرشتوں کی اور کی گئی

لنا الارض كلها مسجدا وجعلت تربتها لنا طهورا اذا لم نجد الماء رواه مسلم وعن عمران قال كنا في سفر مع النبي صلى الله

ہمارے واسطے تمام زمین مسجد اور کی گئی خاک اسکی ہمارے واسطے پاک کرنے والی جسوقت کہ نہ پاویں ہم پانی ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے عمران سے کہا کہ تھے ہم سفر میں نبی صلی اللہ

عليه وسلم فصلى بالناس فلما انفتل من صلوته اذا هو برجل معتزل لم يصل مع القوم فقال ما منعك يا فلان ان تصلي مع القوم

علیہ وسلم کے ساتھ پھر نماز پڑھا لوگوں کے ساتھ پھر جب فراغت ہوئے اپنی نماز سے یکایک حضرت گذرے ایک شخص کنارے بیٹھنے والے پر کہ نماز نہ پڑھا تھا قوم کے ساتھ پھر فرمایا کس چیز نے منع کیا تجھکو اے فلان نماز پڑھنے سے قوم کے ساتھ

قال اصابتني جنابة ولا ماء قال عليك بالصعيد فانه يكفيك متفق عليه وعن عمار قال جاء رجل الى عمر بن الخطاب فقال

کہا پہنچی ہے مجھکو جنابت اور نہیں ہے پانی فرمایا لازم ہے تجھکو مٹی ۔ پھر تحقیق وہ کفایت ہے تجھکو ۔ متفق ۔ اور روایت ہے عمار سے کہا کہ آیا ایک شخص عمر ابن خطاب کے پاس پھر کہا

اني اجنبت فلم اصب الماء فقال عمار لعمر اما تذكر انا كنا في سفر انا وانت فاما انت فلم تصل واما انا فتمعكت فصليت

تحقیق میں جنبی ہوا اور نہ پایا میں نے پانی تب کہا عمار نے عمر کو کیا نہیں یاد رکھتے ہو تم تحقیق تھے سفر میں ہم اور تم پھر تم نے نماز نہ پڑھی اور میں لوٹا خاک میں اور نماز پڑھی

فذكرت ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم فقال انما كان يكفيك هكذا فضرب النبي صلى الله عليه وسلم بكفيه الارض ونفخ

پھر ذکر کیا میں نے یہہ قصہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تب فرمایا سوا اسکے نہیں ہے کہ تھا کفایت کرتا تجھکو اس طرح اور مارا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ زمین پر اور پھونک دیا

فيهما ثم مسح بهما وجهه وكفيه رواه البخاري ولمسلم نحوه وفيه قال انما يكفيك ان تضرب بيديك الارض ثم تنفخ

ان دونوں میں پھر مسح کیا ان دونوں سے منہہ اپنا اور ہتھیلیاں اپنی ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے اور مسلم کی روایت مثل اسکے ہے اور اسمیں یہہ ہے کہ فرمایا سوا اسکے نہیں ہے کہ کفایت کرتا ہے تجھکو یہہ کہ مارے تو اپنے دونوں ہاتھ زمین پر پھر پھونکے تو

ثم تمسح بهما وجهك وكفيك وعن ابي الجهيم بن الحارث بن الصمة قال مررت على النبي صلى الله عليه وسلم وهو

اور مسح کرے تو ان دونوں سے منہہ اپنا اور ہتھیلی اپنی ۔ اور روایت ہے ابی جہیم ابن حارث ابن صمہ سے کہا کہ گذرا میں حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور وہ

يبول فسلمت عليه فلم يرد علي حتى قام الى جدار فحته بعصا كانت معه ثم وضع يديه على الجدار فمسح وجهه وذراعيه

پیشاب کرتے تھے پھر سلام کیا میں نے ان پر پھر نہ جواب دیا مجھکو یہانتک کہ کھڑے ہوئے ایک دیوار کی طرف پھر کھرچا اسکو لاٹھی سے کہ تھی ان کے ساتھ پھر رکھا دونوں ہاتھ اپنے دیوار پر اور مسح کیا اپنا منہہ اور دونو ہاتھ

ثم رد علي ولم اجد هذه الرواية في الصحيحين ولا في كتاب الحميدي ولكن ذكره في شرح السنة وقال هذا حديث حسن

پھر سلام کا جواب دیا مجھکو ۔ اور نہیں پائی میں نے یہہ روایت صحیحین میں اور نہ حمیدی کی کتاب میں ولیکن ذکر کیا اسکو شرح سنت میں اور کہا یہہ حدیث حسن ہے ۔

الفصل الثاني

عن ابي ذر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الصعيد الطيب وضوء المسلم وان لم يجد

فصل دوسری ۔ روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق مٹی پاک وضو ہے مسلمان کا اگرچہ نہ پاوے

الماء عشر سنين فاذا وجد الماء فليمسه بشره فان ذلك خير رواه احمد والترمذي وابو داود وروى النسائي

پانی دس برس پھر جب پاوے پانی پھر لگاوے اسکو اپنے بدن پر پھر تحقیق یہہ بہتر ہے ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت کیا نسائی نے

نحوه الى قوله عشر سنين وعن جابر قال خرجنا في سفر فاصاب رجلا منا حجر فشجه في راسه فاحتلم فسال اصحابه هل

مانند اسکے قول عشر سنین تک ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ نکلے ہم سفر میں پھر پہنچا ایک شخص کو ہم میں سے پتھر اور زخم پہنچایا پتھر نے اسکو اسکے سر میں پھر حاجت نہانے کی ہوئی اسکو تب پوچھا اپنے یاروں سے کیا

تجدون لي رخصة في التيمم قالوا ما نجد لك رخصة وانت تقدر على الماء فاغتسل فمات فلما قدمنا على النبي صلى

پاتے ہو تم میرے واسطے رخصت تیمم میں ۔ تب کہا نہیں پاتے ہیں ہم تیرے واسطے رخصت حال یہہ ہے کہ تو قادر ہے پانی پر پھر غسل کیا اور مر گیا پھر جب آئے ہم نبی صلی

الله عليه وسلم اخبر بذلك قال قتلوه قتلهم الله الا سالوا اذ لم يعلموا فانما شفاء العي السؤال انما كان يكفيه ان

اللہ علیہ وسلم پاس خبر دی گئی حضرت کو اس قصہ کی فرمایا مارا لوگوں نے اسکو مارے انکو اللہ کیوں نہ پوچھا جب نہ جانا پھر سوا اسکے نہیں کہ شفا بیماری نادانی کی پوچھنا ہے سوا اسکے نہیں ہے کہ تھا کفایت کرتا اسکو یہہ

يتيمم ويعصب على جرحه خرقة ثم يمسح عليها ويغسل سائر جسده رواه ابو داود ورواه ابن ماجة عن عطاء بن
تیمم کرتا اور باندھتا اپنے زخم پر ایک پٹی پھر مسح کرتا اسپر اور دھوتا تمام بدن اپنا ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے عطا ابن

ابي رباح عن ابن عباس وعن ابي سعيد الخدري قال خرج رجلان في سفر فحضرت الصلوة وليس معهما ماء
ابی رباح سے اسنے ابن عباس سے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ نکلے دو شخص سفر میں پھر حاضر ہوا وقت نماز کا اور نتھا ان کے ساتھ پانی

فتيمما صعيدا طيبا فصليا ثم وجدا الماء في الوقت فاعاد احدهما الصلوة بوضوء ولم يعد الاخر ثم اتيا رسول الله
پھر تیمم کیا دونوں نے خاک پاک سے اور نماز پڑھی پھر پایا دونوں نے پانی وقت میں پھر پھیری ایک نے ان دونوں میں سے نماز کو ساتھ وضو کے اور نہ پھیری دوسرے نے پھر آئے دونوں رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم فذكرا ذلك فقال للذي لم يعد اصبت السنة واجزأتك صلوتك وقال للذي توضأ واعاد لك الاجر
صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر ذکر کیا اس قصہ کا تب فرمایا اسکے واسطے جسنے نہ پھیری پہنچا تو سنت کو اور کفایت کیا تجھکو تیری نماز اور فرمایا اسکے واسطے کہ جسنے وضو کیا اور نماز پھیری تیرے

مرتين رواه ابو داود والدارمي وروى النسائي نحوه وقد روى ابو داود ايضا عن عطاء بن يسار مرسلا الفصل
دونا ثواب ہے ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور دارمی نے اور روایت کیا نسائی نے مانند اسکے اور تحقیق روایت کی اسنے اور ابوداؤد نے بھی عطا ابن یسار سے بطریق ارسال کے ۔ فصل

الثالث عن ابي الجهيم بن الحارث بن الصمة قال اقبل النبي صلى الله عليه وسلم من نحو بئر جمل فلقيه رجل فسلم عليه فلم
تیسری ۔ روایت ہے ابی جہیم ابن حارث ابن صمہ سے کہ کہا تشریف لائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیر جمل کی طرف سے پھر ملاقات کیا انکی ایک شخص نے اور

يرد النبي صلى الله عليه وسلم حتى اقبل على الجدار فمسح بوجهه ويديه ثم رد عليه السلام متفق عليه وعن عمار بن ياسر
جواب دیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں تک کہ آئے دیوار پاس پھر مسح کیا اپنے منہہ اور دونوں ہاتھوں پر پھر جواب دیا اسکو سلام کا ۔ ق ۔ اور روایت ہے عمار ابن یاسر سے

انه كان يحدث انهم تمسحوا وهم مع رسول الله صلى الله عليه وسلم بالصعيد لصلوة الفجر فضربوا باكفهم الصعيد
تحقیق وہ حدیث بیان کرتے کہ صحابہ نے مسح کیا تھا اور حال یہ کہ تھے وے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مٹی سے فجر کی نماز کے واسطے پھر مارا انھوں نے اپنی ہتھیلیاں خاک پر اور

ثم مسحوا بوجوههم مسحة واحدة ثم عادوا فضربوا باكفهم الصعيد مرة اخرى فمسحوا بايديهم كلها الى المناكب والآباط من
مسح کیا اپنے منہہ پر ایک بار پھر دہرایا اور مارا اپنا ہتھیلی سبھوں نے خاک پر دوسری بار پھر مسح کیا اپنے سارے ہاتھوں کو مونڈھوں اور بغلوں تک

بطون ايديهم رواه ابو داود

باب الغسل المسنون

الفصل الاول

عن ابن عمر رضي الله عنهما قال قال رسول الله
اندر کیطرف اپنے ہاتھوں کے ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ یہہ باب ہے بیان میں ان غسل کے جو سنت ہیں ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم اذا جاء احدكم الجمعة فليغتسل متفق عليه وعن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم غسل يوم
صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آوے کوئی تم میں کا جمعہ کی نماز کو پھر چاہئے کہ غسل کرے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہانا

الجمعة واجب على كل محتلم متفق عليه وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم حق على كل مسلم ان يغتسل في كل
جمعہ کے دن کا واجب ہے ہر بالغ پر ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حق ہے ہر مسلمان پر کہ غسل کرے ہر

سبعة ايام يوما يغسل فيه راسه وجسده متفق عليه

الفصل الثاني

عن سمرة بن جندب قال قال رسول الله صلى
ساتھ دن میں ایک دن کہ دھووے اسمیں سر اور بدن اپنا ۔ ق ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے سمرہ ابن جندب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

الله عليه وسلم من توضأ يوم الجمعة فبها ونعمت ومن اغتسل فالغسل افضل رواه احمد وابو داود والترمذي والنسائي والدارمي
علیہ وسلم نے جس شخص نے وضو کیا جمعہ کے دن پھر اختیار کر اسکو اور خوب کیا اور جسنے غسل کیا پھر غسل افضل ہے ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی اور دارمی نے

وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من غسل ميتا فليغتسل رواه ابن ماجه وزاد أحمد والترمذي وأبو داود ومن حمله

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ نہلاوے مردے کو پھر چاہیے کہ غسل کرے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور زیادہ کیا احمد اور ترمذی اور ابو داود نے یہہ اور جو شخص کہ اٹھاوے اسکو

فليتوضأ وعن عائشة أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يغتسل من أربع من الجنابة ويوم الجمعة ومن الحجامة ومن غسل الميت رواه أبو داود

پھر چاہیے کہ وضو کرے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے غسل کرتے چار چیز سے جنابت سے اور جمعہ کے دن اور سینگی کھچوانے سے اور میت کے نہلانے سے روایت کیا اسکو ابو داود نے

وعن قيس بن عاصم أنه أسلم فأمره النبي صلى الله عليه وسلم أن يغتسل بماء وسدر رواه الترمذي وأبو داود والنسائي

اور روایت ہے قیس ابن عاصم سے کہ تحقیق وہ مسلمان ہوا پھر حکم کیا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ غسل کرے پانی اور بیری کی پتی سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور نسائی نے

الفصل الثالث

عن عكرمة قال إن ناسا من أهل العراق جاؤوا فقالوا يا ابن عباس أترى الغسل يوم الجمعة واجبا قال لا ولكنه أطهر

فصل تیسری اور روایت ہے عکرمہ سے کہا کہ تحقیق کتنے آدمی اہل عراق سے آئے اور کہا اے ابن عباس کیا اعتقاد کرتے ہو غسل جمعہ کے دن کو واجب کہا نہیں لیکن وہ پاک کرنے والا زیادہ ہے

وخير لمن اغتسل ومن لم يغتسل فليس عليه بواجب وسأخبركم كيف بدء الغسل كان الناس مجهودين يلبسون الصوف ويعملون على

بہتر ہے اسکے واسطے کہ غسل کرے اور جو شخص کہ غسل نہ کرے پھر نہیں ہے اس پر واجب اور اب میں خبر دیتا ہوں تمکو کہ کسطرح تھا شروع ہونا غسل کا تھے لوگ محنتی پہنتے تھے پشمینہ اور کام کرتے تھے

ظهورهم وكان مسجدهم ضيقا مقارب السقف إنما هو عريش فخرج رسول الله صلى الله عليه وسلم في يوم حار وعرق الناس في ذلك

اپنی پیٹھوں پر اور تھی مسجد انکی تنگ نیچی چھت کی نہ تھا مگر چھپر پھر تشریف لائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گرمی کے دن میں اور تر ہو گئے تھے پسینے میں لوگ اس

الصوف حتى ثارت منهم رياح آذى بذلك بعضهم بعضا فلما وجد رسول الله صلى الله عليه وسلم تلك الريح قال أيها الناس إذا

پشمینہ میں یہاں تک کہ پھیلی ان سے بو کہ ایذا دیا اسکے سبب سے بعضوں نے بعضوں کو پھر جب پایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بو کو فرمایا اے لوگو جب

كان هذا اليوم فاغتسلوا وليمس أحدكم أفضل ما يجد من دهنه وطيبه قال ابن عباس ثم جاء الله بالخير ولبسوا غير الصوف

ہووے یہہ دن تب غسل کرو اور چاہیے کہ لگاوے ایک تمہارا بہتر اس چیز کا کہ پاوے اپنے تیل سے اور اپنی خوشبو سے کہا ابن عباس نے پھر دیا اللہ نے مال بہت اور پہنا سوا پشمینے کے

وكفوا العمل ووسع مسجدهم وذهب بعض الذي كان يؤذي بعضهم بعضا من العرق رواه أبو داود

باب الحيض — الفصل الأول

اور کفایت کئے گئے محنت سے اور کشادہ کی گئی مسجد انکی اور جاتی رہی بعضی وہ بو کہ ایذا دیتے تھے بعضے انکے بعضوں کو سبب پسینے کے روایت کیا اسکو ابو داود نے ۔ باب بیان میں حیض کے فصل پہلی

عن أنس قال إن اليهود كانوا إذا حاضت المرأة فيهم لم يؤاكلوها ولم يجامعوهن في البيوت فسأل أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم فأنزل

انس سے کہا کہ تحقیق تھے یہود جب حیض ہوتی عورت ان کی قوم میں نہ ساتھ کھاتے اسکے اور نہ ایک جا ان رکھتے اسکو گھروں میں پھر پوچھا اصحاب نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تب اتارا

الله تعالى ويسألونك عن المحيض الآية فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اصنعوا كل شيء إلا النكاح فبلغ ذلك اليهود فقالوا ما يريد

اللہ تعالی نے یہہ آیت اور پوچھتے ہیں تجھسے حیض کے حکم سے آخر آیت تک تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کرو تم سب چیز سوا جماع کے پھر پہنچی یہہ خبر یہود کو پھر کہا یہود نے نہیں چاہتا

هذا الرجل أن يدع من أمرنا شيئا إلا خالفنا فيه فجاء أسيد بن حضير وعباد بن بشر فقالا يا رسول الله إن اليهود تقول كذا وكذا

یہہ مرد کہ چھوڑے ہمارے کاروبار سے کوئی چیز مگر مخالفت کرے ہماری اسمیں پھر آئے اسید ابن حضیر اور عباد ابن بشر اور دونوں نے کہا یا رسول اللہ بیشک یہود کہتے ہیں ایسا اور ایسا

أفلا نجامعهن فتغير وجه رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى ظننا أن قد وجد عليهما فخرجا فاستقبلهما هدية من لبن

سو کیا نہ ساتھ سولا دیں ہم انکو پھر بدل گیا چہرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہاں تک کہ گمان کیا ہم نے کہ بیشک خفا ہوئے آپ ان دونوں پر پھر نکلے وہ دونوں اور سامنے آیا دونوں کے ہدیہ دودھ کا

إلى النبي صلى الله عليه وسلم فأرسل في آثارهما فسقاهما فعرفا أنه لم يجد عليهما رواه مسلم وعن عائشة قالت كنت أغتسل أنا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس تب آدمی بھیجا حضرت نے دونوں کے پیچھے اور پلایا ان کو دودھ تب دونوں نے پہچانا کہ نہیں ہیں خفا آپ ہم پر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھی میں غسل کرتی

والنبي صلى الله عليه وسلم من اناء واحد وكلانا جنب وكان يأمرني فأتزر فيباشرني وانا حائض وكان يخرج الي رأسه وهو

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک باسن سے اور حال یہ کہ ہم دونوں جنب ہوتے اور حضرت حکم کرتے مجھکو پھر تھی میں تہبند باندھتی پھر چھپاتے مجھکو اور میں حیض ہوتی اور نکالتے مجھے حضرت اپنا سر میری طرف اور وہ

معتكف فأغسله وانا حائض متفق عليه وعنها قالت كنت اشرب وانا حائض ثم اناوله النبي صلى الله عليه وسلم فيضع فاه على

اعتکاف میں تو میں پھر دھوتی میں اسکو اور میں حیض سے ہوتی ۔ ق ۔ اور روایت ہے انہیں سے کہا کہ تھی میں پانی پیتی اور حیض سے ہوتی پھر دیتی اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تب رکھتے اپنا منہ

موضع فيّ فيشرب واتعرق العرق وانا حائض ثم اناوله النبي صلى الله عليه وسلم فيضع فاه على موضع فيّ رواه مسلم وعنها

میرے منہ کی جگہہ پر اور پیتے اور دانت سے کھاتی میں گوشت ہڈی کا اور ہوتی میں حیض سے پھر دیتی میں اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تب رکھتے اپنا منہ میری منہ کی جگہہ ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے

قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم يتكئ في حجري وانا حائض ثم يقرأ القرآن متفق عليه وعنها قالت قال لي النبي صلى الله عليه وسلم

کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تکیہ کرتے میری گود میں اور میں حیض سے ہوتی پھر پڑھتے قرآن ۔ ق ۔ اور روایت ہے انہیں سے کہا کہ فرمایا مجھکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

ناوليني الخمرة من المسجد فقلت اني حائض فقال ان حيضتك ليست في يدك رواه مسلم وعن ميمونة قالت كان النبي صلى الله

دیکر مجھکو چھوٹا بوریا مسجد میں سے ۔ ت ۔ تب کہا میں نے کہ میں حیض سے ہوں پھر فرمایا تحقیق حیض تیرا نہیں ہے تیرے ہاتھ میں ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے میمونہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ

عليه وسلم يصلي في مرط بعضه علي وبعضه عليه وانا حائض متفق عليه

الفصل الثاني عن ابي هريرة قال قال رسول الله

علیہ وسلم نماز پڑھتے کمل پر کہ تھوڑا اسکا مجھ پر ہوتا اور تھوڑا اسکا اُن پر اور میں حیض سے ہوتی ۔ ق ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم من اتى حائضا او امرأة في دبرها او كاهنا فقد كفر بما انزل على محمد رواه الترمذي وابن ماجه والدارمي وفي روايتهما

صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ جماع کرے حیض والی عورت سے یا کسی عورت سے اسکی دبر میں یا آوے نجومی کے پاس پھر تحقیق وہ منکر ہوا اس دین کا جو اتارا گیا محمد پر ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور ایک روایت

فصدقه بما يقول فقد كفر وقال الترمذي لا نعرف هذا الحديث الا من حكيم الاثرم عن ابي تميمة عن ابي هريرة وعن معاذ بن

یوں ہے پھر سچا جانا اسکی بات میں جو کہتا تو بیشک کافر ہوا اور کہا ترمذی نے نہیں جانتے ہم اس حدیث کو مگر حکیم اثرم سے اسنے نقل کیا ابی تمیمہ سے اسنے ابی ہریرہ سے ۔ اور روایت ہے معاذ ابن

جبل قال قلت يا رسول الله ما يحل لي من امرأتي وهي حائض قال ما فوق الازار والتعفف عن ذلك افضل رواه رزين وقال محيي السنة

جبل سے کہا کہ کہا میں نے یا رسول اللہ کیا چیز حلال ہے مجھکو میری عورت سے حیض کی حالت میں فرمایا وہ جو کہ ازار کے اوپر ہے اور بچنا اس سے افضل ہے ۔ روایت کیا اسکو رزین نے اور کہا محی السنہ

اسناده ليس بقوي وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا وقع الرجل باهله وهي حائض فليتصدق بنصف دينار

اسناد اسکی نہیں ہے قوی ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب جماع کرے مرد اپنی جورو سے حیض کی حالت میں پھر چاہیے کہ صدقہ دے آدھی دینار

رواه الترمذي وابو داود والنسائي والدارمي وابن ماجه وعنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا كان دما احمر فدينار واذا كان دما اصفر

روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور دارمی اور ابن ماجہ نے ۔ اور انہی سے روایت کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جب ہووے خون سرخ تب ایک دینار اور جب ہووے خون زرد

فنصف دينار رواه الترمذي

الفصل الثالث عن زيد بن اسلم قال ان رجلا سأل رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال ما يحل لي

تب آدھا دینار ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے زید ابن اسلم سے کہا کہ بیشک ایک شخص نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ کیا چیز حلال ہے مجھکو

من امرأتي وهي حائض فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم لتشد عليها ازارها ثم شأنك باعلاها رواه مالك والدارمي مرسلا

میری عورت سے حیض کی حالت میں تب فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوب مضبوط باندھے اسپر اسکی ازار پھر کام تیرا اسکے اوپر ہے ۔ ف ۔ روایت کیا اسکو مالک اور دارمی نے مرسل

وعن عائشة قالت كنت اذا حضت نزلت عن المثال على الحصير فلم نقرب رسول الله صلى الله عليه وسلم ولم ندن منه حتى نطهر

اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھی میں جب حیض سے ہوتی اترتی بچھونے سے بوریے پر پھر نزدیک نہ ہوتی ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ۔ ف ۔ اور نہ قریب ہوتی ہم اُنکے یہاں تک کہ پاک ہوتی

رواه ابوداود

باب المستحاضة

الفصل الاول

عن عائشة قالت جاءت فاطمة بنت ابي حبيش الى النبي صلى الله عليه وسلم فقالت يا

روایت کیا اسکو ابوداود نے ۔ یہہ باب ہے بیان میں مستحاضہ کے ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا آئی فاطمہ بنت ابی حبیش نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ یا

رسول الله اني امرأة استحاض فلا اطهر افادع الصلوة فقال انما ذلك عرق وليس بحيض فاذا اقبلت حيضتك فدعي الصلوة واذا

رسول اللہ بیشک میں ایک عورت ہوں کہ استحاضہ کی جاتی ہوں پھر نہیں پاک ہوتی سو کیا چھوڑ دوں نماز کو فرمایا سوائے اسکے نہیں ایک رگ ہی ہے نہیں حیض ہے جب آوے حیض تیرا تب چھوڑ دے نماز اور جب

ادبرت فاغسلي عنك الدم ثم صلي متفق عليه

جاتا رہے پھر دھو اپنے بدن سے خون کو پھر نماز پڑھ ۔ متفق ۔

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن عروة بن الزبير عن فاطمة بنت ابي حبيش انها كانت تستحاض فقال لها النبي صلى الله عليه وسلم اذا كان دم الحيض فانه دم اسود يعرف فاذا كان ذلك فامسكي عن الصلوة فاذا كان الاخر فتوضئي

روایت ہے عروہ ابن زبیر سے اسنے روایت کی فاطمہ بنت ابی حبیش سے کہ بیشک وہ تھی استحاضہ کی جاتی تب فرمایا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ ہو خون حیض کا پھر تحقیق وہ خون سیاہ ہے پہچانا جاتا ہے ۔ جب ہووے یہہ تب بند رہ نماز سے اور جب ہووے دوسرا رنگ تب وضو کر

وصلي فانما هو عرق رواه ابوداود والنسائي

اور نماز پڑھ پھر سوا اسکے نہیں ہے کہ وہ رگ ہے ۔ روایت کیا اسکو ابوداود اور نسائی نے ۔

وعن ام سلمة قالت ان امرأة كانت تهراق الدم على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فاستفتت لها ام سلمة النبي صلى الله عليه وسلم فقال لتنظر عدد الليالي والايام التي كانت تحيضهن من الشهر قبل ان يصيبها الذي اصابها فلتترك الصلوة قدر ذلك من الشهر فاذا خلفت ذلك فلتغتسل ثم لتستثفر بثوب ثم لتصل رواه مالك وابوداود والدارمي وروى النسائي معناه

اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ تحقیق ایک عورت تھی کہ گرائی جاتی خون وقت زمانے میں رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر فتوی پوچھا اسکے واسطے ام سلمہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر فرمایا چاہئے کہ دیکھے گنتی راتوں اور دنوں کی کہ تھی حیض سے ہوتی ان دنوں اور راتوں کو مہینے میں قبل اسکے کہ پہنچے اس عورت کو وہ بیماری کہ پہنچی ہے اسکو پھر چاہئے کہ چھوڑے نماز کو موافق گنتی ان دنوں کے مہینے میں سے پھر جب گذر رہے پھر چاہئے کہ غسل کرے اور چاہئے کہ لنگوٹ کپڑے سے پھر نماز پڑھے ۔ روایت کیا اسکو مالک اور ابوداود اور دارمی نے اور روایت کیا نسائی نے معنے اسکے ۔

وعن عدي بن ثابت عن ابيه عن جده قال يحيى بن معين جد عدي اسمه دينار عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال في المستحاضة تدع الصلوة ايام اقرائها التي كانت تحيض فيها ثم تغتسل وتتوضأ عند كل صلوة وتصوم وتصلي رواه الترمذي وابوداود

اور روایت ہے عدی ابن ثابت سے اسنے روایت کی اپنے باپ سے اسنے عدی کے دادا سے کہا یحیی ابن معین نے دادا عدی کا نام اسکا دینار ہے اسنے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہہ کہ حضرت نے فرمایا استحاضہ کے حق میں چھوڑ دے نماز کو اپنے حیض کے دنوں میں وہ دن کہ تھی حیض سے ہوتی انمیں پھر غسل کرے اور وضو کرے ہر نماز کے وقت اور روزہ رکھے اور نماز پڑھے ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود نے ۔

وعن حمنة بنت جحش قالت كنت استحاض حيضة كثيرة شديدة فاتيت النبي صلى الله عليه وسلم استفتيه واخبره فوجدته في بيت اختي زينب بنت جحش فقلت يا رسول الله اني استحاض حيضة كثيرة شديدة فما تأمرني فيها قد منعتني الصلوة والصيام قال انعت لك الكرسف فانه يذهب الدم قالت هو اكثر من ذلك قال فتلجمي قالت هو اكثر من ذلك قال فاتخذي ثوبا قالت هو اكثر من ذلك انما اثج ثجا فقال النبي صلى الله عليه وسلم سامرك بامرين ايهما صنعت اجزأ عنك من الاخر وان قويت

اور روایت ہے حمنہ بنت جحش سے کہا کہ تھی میں استحاضہ کی جاتی استحاضہ بہت سخت پھر آئی میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہ پوچھوں میں انسے اور خبر دوں ان کو پھر پایا میں نے انکو گھر میں اپنی بہن زینب بنت جحش کے تب کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق میں استحاضہ کی جاتی ہوں استحاضہ بہت سخت سو کیا حکم کرتے ہو مجھکو اسمیں تحقیق باز رکھا ہے مجھکو نماز اور روزے سے فرمایا بیان کرتا ہوں تیرے واسطے روئی پھر تحقیق وہ لیجاتی ہے خون کو ۔ کہا عورت نے وہ زیادہ ہے اس سے فرمایا پھر لنگوٹ باندھ کہا وہ زیادہ ہے اس سے فرمایا پھر رکھ تو کپڑا ۔ کہا وہ زیادہ ہے اس سے سوا اسکے نہیں ہے کہ خون گراتی ہوں بہت ۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اب حکم کرتا ہوں تجھکو ساتھ دو کاموں کے دونوں میں جونسا کرے تو کفایت کرے تجھکو دوسرے سے اور اگر قوت رکھتی ہے

عليها فانت اعلم قال لها انما هذه ركضة من ركضات الشيطان فتحيضي ستة ايام او سبعة ايام في علم الله تعالى ثم

دونوں پر ... فرمایا اس سے کہ سوا اسکے نہیں ہے کہ یہ ایک لات مارنا ہے شیطان کا پس حیض والی ہو چھ دن یا سات دن بیچ علم اللہ تعالیٰ کے پھر

اغتسلي حتى اذا رأيت انك قد طهرت واستنقأت فصلي ثلاثا وعشرين ليلة او اربعا وعشرين ليلة وايامها وصومي فان

نہا یہاں تک کہ جب دیکھے تو کہ بیشک تو پاک ہوئی اور صاف ہوئی پھر نماز پڑھ تیئیس رات یا چوبیس رات اور اُن کے دن اور روزہ رکھ پھر

ذلك يجزئك وكذلك فافعلي كل شهر كما تحيض النساء وكما يطهرن ميقات حيضهن وطهرهن وان قويت على ان تؤخري

یہ کفایت کرتا ہے تجھکو اور اسی طرح کر ہر مہینے جیسا کہ حیض سے ہوتی ہیں عورتیں اور جیسا کہ پاک ہوتی ہیں ... اگر قوت رکھے تو اس بات پر کہ تاخیر کرے

الظهر وتعجلي العصر فتغتسلين وتجمعين بين الصلوتين الظهر والعصر وتؤخرين المغرب وتعجلين العشاء ثم تغتسلين

نماز ظہر کو اور جلدی کرے نماز عصر کو پھر غسل کرے اور جمع کرے درمیان دونوں نماز ظہر اور عصر کے اور تاخیر کرے مغرب کی اور جلدی کرے عشاء کی پھر غسل کرے تو

وتجمعين بين الصلوتين فافعلي وتغتسلين مع الفجر فافعلي وصومي ان قدرت على ذلك قال رسول الله صلى الله عليه

اور جمع کرے درمیان دونوں نمازوں کے پھر کر تو اور غسل کرے تو ساتھ فجر کے پھر اس طرح کر تو اور روزہ رکھ اگر قادر ہے اس پر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم وهذا اعجب الامرين الي رواه احمد وابو داود والترمذي **الفصل الثالث** عن اسماء بنت عميس قالت قلت يا

وسلم نے اور یہ بہت پسندیدہ ہے دونوں حکم میں نزدیک میرے روایت کیا اسکو احمد اور ابو داود اور ترمذی نے فصل تیسری روایت ہے اسماء بنت عمیس سے کہا کہ کہا میں نے یا

رسول الله ان فاطمة بنت ابي حبيش استحيضت منذ كذا وكذا فلم تصل فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم سبحان الله ان هذا من

رسول اللہ تحقیق فاطمہ بیٹی ابی حبیش کی استحاضہ کی گئی مدت اتنی اور اتنی پھر نماز نہیں پڑھتی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سبحان اللہ بیشک یہ

الشيطان لتجلس في مركن فاذا رأت صفارة فوق الماء فلتغتسل للظهر والعصر غسلا واحدا وتغتسل للمغرب والعشاء غسلا

شیطان سے ہے چاہیئے کہ بیٹھے لگن میں پھر جب دیکھے زردی پانی پر تو چاہیئے کہ غسل کرے ظہر اور عصر کے واسطے ایک غسل اور غسل کرے مغرب اور عشاء کے واسطے ایک غسل

واحدا وتغتسل للفجر غسلا واحدا وتتوضأ فيما بين ذلك رواه ابو داود وقال روى مجاهد عن ابن عباس لما اشتد عليها الغسل

اور غسل کرے فجر کے واسطے ایک غسل اور وضو کرے درمیان اس کے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور کہا روایت کی مجاہد نے ابن عباس سے جب دشوار ہوا اس عورت پر غسل

امرها ان تجمع بين الصلوتين **كتاب الصلوة الفصل الاول** عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الصلوات

حکم کیا اسکو کہ اکٹھا کرے درمیان دو نماز کے ایک غسل سے کتاب ہے بیچ بیان نماز کے فصل پہلی روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازیں

الخمس والجمعة الى الجمعة ورمضان الى رمضان مكفرات لما بينهن اذا اجتنبت الكبائر رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

پانچ وقتی اور جمعہ تک جمعہ اور رمضان تک رمضان مٹانے والی ہیں گناہ کی جو ان کے درمیان ہوئی ہیں جب پرہیز کیا جاوے کبیرہ گناہوں سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے

ارأيتم لو ان نهرا بباب احدكم يغتسل فيه كل يوم خمسا هل يبقى من درنه شيء قالوا لا يبقى من درنه شيء قال فذلك مثل الصلوات الخمس يمحو الله بهن

خبر دو مجھکو اگر تحقیق ایک نہر ہو تم میں سے کسی کے دروازے پر کہ غسل کرتا ہو بیچ اسکے ہر روز پانچ مرتبہ کیا باقی رہتی ہے میل اسکی سے کچھ کہا صحابہ نے نہیں باقی رہتی میل اسکی سے کچھ فرمایا پس یہ مثال پانچ نمازوں کی ہے مٹاتا ہے اللہ ساتھ ان کے

الخطايا متفق عليه وعن ابن مسعود قال ان رجلا اصاب من امرأة قبلة فاتى النبي صلى الله عليه وسلم فاخبره فانزل الله تعالى اقم

صغیرہ گناہوں کو اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ بیشک ایک مرد نے پایا عورت سے بوسہ پھر آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر دی حضرت کو پس اتارا اللہ تعالیٰ نے قائم کر

الصلوة طرفي النهار وزلفا من الليل ان الحسنات يذهبن السيئات فقال الرجل يا رسول الله الي هذا قال لجميع امتي كلهم وفي رواية لمن

نماز کو دونوں طرف دن کے اور نزدیک رات کے تحقیق نیکیاں لیجاتی ہیں برائیوں کو تب کہا مرد نے یا رسول اللہ کیا میرے واسطے ہے یہ حکم فرمایا تمام امت کے واسطے اور ایک روایت میں ہے

عمل بہا من امتی متفق علیہ وعن انس قال جاء رجل فقال یا رسول اللہ انی اصبت حدا فاقمہ علی قال ولم یسئلہ عنہ وحضرت الصلوٰۃ

عمل کیا نیکیوں پر میری امت میں سے۔ متفق ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ آیا ایک شخص اور کہا یا رسول اللہ تحقیق پہنچا میں حد کو۔ سو قائم کیجئے حد مجھ پر کہا انس نے اور نہ پوچھا حضرت نے اس سے اس حد کو اور وقت آیا نماز کا

فصلی مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلما قضی النبی صلی اللہ علیہ وسلم الصلوٰۃ قام الرجل فقال یا رسول اللہ انی اصبت حدا فاقم

تب پڑھا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر جب پڑھ چکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز کھڑا ہوا مرد اور کہا یا رسول اللہ بیشک میں پہنچا حد کو سو قائم کیجئے

فی کتاب اللہ قال الیس قد صلیت معنا قال نعم قال فان اللہ قد غفر لک ذنبک او حدک متفق علیہ وعن ابن مسعود قال

مجھ پر حکم اللہ کا فرمایا کیا نہیں نماز پڑھی تو نے ہمارے ساتھ کہا ہاں پڑھی فرمایا پھر تحقیق اللہ نے بخش دیا تجھ سے تیرا گناہ یا فرمایا تیرا حد۔ ق۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا

سألت النبی صلی اللہ علیہ وسلم ای الاعمال احب الی اللہ تعالی قال الصلوٰۃ لوقتہا قلت ثم ای قال بر الوالدین قلت ثم ای

کہ پوچھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کون سا کام بہت پسند ہے نزدیک اللہ تعالیٰ کے فرمایا نماز ادا کرنا اسکے وقت میں کہا میں نے پھر کونسا فرمایا نیکی کرنا ماں باپ سے کہا پھر کونسا

قال الجہاد فی سبیل اللہ قال حدثنی بہن ولو استزدتہ لزادنی متفق علیہ وعن جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

فرمایا جہاد کرنا اللہ کی راہ میں کہا ابن مسعود نے خبر دی مجھکو حضرت نے ان کاموں کی اور اگر زیادہ پوچھتا میں آپ سے البتہ زیادہ بتلاتے مجھکو۔ ق۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

بین العبد وبین الکفر ترک الصلوٰۃ رواہ مسلم

الفصل الثانی

عن عبادۃ بن الصامت قال قال رسول اللہ صلی اللہ

آڑ درمیان بندے کے اور درمیان کفر کے چھوڑ دینا نماز کا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے عبادہ ابن صامت سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم خمس صلوات افترضہن اللہ تعالی من احسن وضوءہن وصلاہن لوقتہن واتم رکوعہن وخشوعہن کان لہ

علیہ وسلم نے پانچ نمازیں ہیں کہ فرض کیا ان کو اللہ تعالیٰ نے جسنے اچھا کیا وضو انکا اور پڑھا ان کو ان کے وقت میں اور پورا کیا رکوع ان کا اور سجدہ ان کا ہوگا اسکے واسطے

علی اللہ عہد ان یغفر لہ ومن لم یفعل فلیس لہ علی اللہ عہد ان شاء غفر لہ وان شاء عذبہ رواہ احمد وابو داود وروی

اللہ پر وعدہ کہ بخشے اسکو اور جو شخص کہ نکرے پھر نہیں اسکے واسطے اللہ پر وعدہ اگر چاہے بخشے اسکو اور اگر چاہے عذاب کرے اسکو روایت کیا اسکو احمد اور ابوداود نے اور روایت کیا

مالک والنسائی نحوہ وعن ابی امامۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوا خمسکم وصوموا شہرکم وادوا زکوۃ اموالکم

مالک اور نسائی نے مانند اسکے۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھو پانچوں نمازیں اپنی اور روزہ رکھو اپنے مہینے کا اور ادا کرو زکوٰۃ اپنے مالوں کی

واطیعوا اذا امرکم تدخلوا جنۃ ربکم رواہ احمد والترمذی وعن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ قال قال رسول اللہ صلی

اور تابعداری کرو اپنے صاحب حکم کی۔ داخل ہوگے بہشت میں اپنے رب کی۔ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے۔ اور روایت ہے عمرو ابن شعیب سے اسنے اپنے باپ سے اسنے عمرو کے دادا سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم مروا اولادکم بالصلوٰۃ وہم ابناء سبع سنین واضربوہم علیہا وہم ابناء عشر سنین وفرقوا بینہم

اللہ علیہ وسلم نے حکم کرو اپنی اولاد کو نماز کا اور ہوں وہ لڑکے سات برس کے اور مارو ان کو نماز کے واسطے اور وہ ہوں لڑکے دس برس کے اور جدا کرو درمیان لڑکوں کے

فی المضاجع رواہ ابو داود وکذا رواہ فی شرح السنۃ عنہ وفی المصابیح عن سبرۃ بن معبد وعن بریدۃ قال قال رسول

سونے کی جگہ میں۔ روایت کیا اسکو ابوداود نے اور اسی طرح روایت کیا اسکو شرح سنت میں عمرو ابن شعیب سے اور مصابیح میں روایت کیا سبرہ ابن معبد سے۔ اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم العہد الذی بیننا وبینہم الصلوٰۃ فمن ترکہا فقد کفر رواہ احمد والترمذی والنسائی وابن ماجۃ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قول اقرار جو ہمارے اور منافقوں کے درمیان ہے سو نماز ہے۔ سو جسنے چھوڑا اسکو پھر تحقیق کافر ہوا۔ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور

النسائی

الفصل الثالث

عن عبد اللہ بن مسعود قال جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ انی عالجت

نسائی نے۔ فصل تیسری۔ روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا کہ یا رسول اللہ بیشک میں نے گلے لگایا

امْرَأَةً فِي أَقْصَى الْمَدِينَةِ وَإِنِّي أَصَبْتُ مِنْهَا مَا دُونَ أَنْ أَمَسَّهَا فَأَنَا هٰذَا فَاقْضِ فِيَّ مَا شِئْتَ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ لَقَدْ سَتَرَكَ اللّٰهُ تَعَالٰى لَوْ

ایک عورت کو کنارے میں مدینے کے اور تحقیق میں پہنچا ہوں اُس سے وہ چیز کہ سوا جماع کے ہے پھر میں حاضر ہوں یہہ سو حکم کیجیے میرے حق میں جو چاہئے تب کہا اُسکو عمر نے تحقیق پردہ رکھا تیرا اللہ تعالیٰ نے

سَتَرْتَ عَلٰى نَفْسِكَ قَالَ وَلَمْ يَرُدَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِ شَيْئًا وَقَامَ الرَّجُلُ فَانْطَلَقَ فَأَتْبَعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا

پردہ پوشی کرتا تو بھی اپنے حق میں تو بہتر ہوتا کہا عبد اللہ نے اور نہ جواب دیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو کچھ، اور کھڑا ہوا وہ شخص پھر چلا گیا پھر پیچھے بھیجا اُسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو

فَدَعَاهُ وَتَلَا عَلَيْهِ هٰذِهِ الْآيَةَ وَأَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِينَ

پھر بلایا اسکو اور پڑھی اسپر یہہ آیت اور ٹھیک ادا کر نماز کو دو کنارے میں دن کے اور تھوڑی سی رات میں تحقیق نیکیاں لیجاتی ہیں برائیوں کو یہہ ہی نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کو

فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ هٰذَا لَهُ خَاصَّةً فَقَالَ بَلْ لِلنَّاسِ كَافَّةً رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تب کہا ایک شخص نے قوم میں سے اے نبی اللہ کے یہہ اسکے واسطے خاص ہے تب فرمایا بلکہ سب لوگوں کے واسطے، روایت کیا اسکو مسلم نے، اور روایت ہے ابی ذر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم

خَرَجَ زَمَنَ الشِّتَاءِ وَالْوَرَقُ يَتَهَافَتُ فَأَخَذَ بِغُصْنَيْنِ مِنْ شَجَرَةٍ قَالَ فَجَعَلَ ذٰلِكَ الْوَرَقُ يَتَهَافَتُ قَالَ فَقَالَ يَا أَبَا ذَرٍّ قُلْتُ

نکلے موسم میں جاڑے کے اور پتے گرنے تھے پھر لیا دو شاخوں ایک درخت سے کہا ابوذر نے پھر لگا یہہ پتا جھڑنے کہا پھر فرمایا اے ابوذر کہا میں نے

لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ إِنَّ الْعَبْدَ الْمُسْلِمَ لَيُصَلِّي الصَّلٰوةَ يُرِيدُ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ فَتَهَافَتُ عَنْهُ ذُنُوبُهُ كَمَا تَهَافَتُ هٰذَا الْوَرَقُ عَنْ هٰذِهِ

حاضر ہوں یا رسول اللہ فرمایا بیشک بندہ مسلمان تحقیق نماز پڑھتا ہے چاہتا ہے اس سے ذات اللہ پھر گرتے ہیں اُس سے گناہ اُسکے جیسے کہ گرتے ہیں یہہ پتے اس

الشَّجَرَةِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى سَجْدَتَيْنِ لَا يَسْهُو فِيهِمَا غَفَرَ

درخت سے روایت کیا اسکو احمد نے، اور روایت ہے زید ابن خالد جہنی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پڑھے دو رکعت نہ غفلت کرے اسمیں بخشے

اللّٰهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ ذَكَرَ الصَّلٰوةَ يَوْمًا

اسکے لئے جو کچھ پہلے گذرے ہیں اُسکے گناہ سے، روایت کیا اسکو احمد نے، اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو ابن عاص سے اسنے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہہ کہ حضرت نے ذکر کیا نماز کا ایک دن

فَقَالَ مَنْ حَافَظَ عَلَيْهَا كَانَتْ لَهُ نُورًا وَبُرْهَانًا وَنَجَاةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ لَمْ يُحَافِظْ عَلَيْهَا لَمْ تَكُنْ لَهُ نُورًا وَلَا بُرْهَانًا وَلَا نَجَاةً

پھر فرمایا جو کہ محافظت کرے انکی ہووے وہ نماز اسکے لئے نور اور حجت اور سبب نجات کا قیامت کے دن اور جو کہ نہ محافظت کرے انکی نہو گی اسکے لئے نور اور نہ حجت اور نہ سبب نجات کا

وَكَانَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَعَ قَارُونَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَأُبَيِّ بْنِ خَلَفٍ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَعَنْ

اور ہوگا قیامت کے دن ساتھ قارون اور فرعون اور ہامان کے اور ابی ابن خلف کے روایت کیا اسکو احمد اور دارمی اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ كَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرَوْنَ شَيْئًا مِنَ الْأَعْمَالِ تَرْكُهُ كُفْرٌ غَيْرَ الصَّلٰوةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ

عبد اللہ ابن شقیق سے کہا کہ تھے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نہیں اعتقاد کرتے کسی چیز کو عملوں میں سے چھوڑنا اسکا کفر سوائے نماز کے، روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ أَوْصَانِي خَلِيلِي أَنْ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَإِنْ قُطِّعْتَ وَحُرِّقْتَ وَلَا تَتْرُكْ صَلٰوةً مَكْتُوبَةً مُتَعَمِّدًا فَمَنْ تَرَكَهَا مُتَعَمِّدًا

ابی درداء سے کہا کہ وصیت کیا مجھکو میرے جانی دوست نے کہ شریک نکر تو اللہ کا کسی چیز کو اگرچہ ٹکڑے ٹکڑے کیا جاوے اور جلایا جاوے تو اور مت چھوڑ تو نماز فرض کو جان بوجھ کر پھر جسنے چھوڑا نماز کو جان بوجھ کر

فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ وَلَا تَشْرَبِ الْخَمْرَ فَإِنَّهَا مِفْتَاحُ كُلِّ شَرٍّ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ

پس تحقیق نکل گیا اُس سے ذمہ اور مت پی شراب پھر تحقیق وہ کنجی ہے سب برائی کی، روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

بَابُ الْمَوَاقِيتِ

یہہ باب ہے بیان میں وقتوں کے

اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

فصل پہلی

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقْتُ الظُّهْرِ إِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ وَكَانَ ظِلُّ الرَّجُلِ كَطُولِهِ مَا لَمْ يَحْضُرِ الْعَصْرُ

روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وقت ظہر کا جب ڈھلے آفتاب اور ہووے سایہ شخص کا مثل اسکی درازی کے جب تک آوے عصر

وَوَقْتُ الْعَصْرِ مَا لَمْ تَصْفَرَّ الشَّمْسُ وَوَقْتُ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ مَا لَمْ يَغِبِ الشَّفَقُ وَوَقْتُ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ إِلَى نِصْفِ اللَّيْلِ الْأَوْسَطِ

اور وقت عصر کا جب تک کہ زرد ہووے آفتاب اور وقت نماز مغرب کا جب تک کہ نہ غائب ہو شفق ★ اور وقت نماز عشا کا میانی آدھی رات تک

وَوَقْتُ صَلٰوةِ الصُّبْحِ مِنْ طُلُوعِ الْفَجْرِ مَا لَمْ تَطْلُعِ الشَّمْسُ فَإِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ فَأَمْسِكْ عَنِ الصَّلٰوةِ فَإِنَّهَا تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ رَوَاهُ

اور وقت نماز صبح کا نکلنے فجر سے جب تک کہ نہ نکلے آفتاب پھر جب کہ نکلے آفتاب پھر بند رہ تو نماز سے پھر بیشک وہ نکلتا ہے درمیان دو سینگوں شیطان کے روایت کی

مُسْلِمٌ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ إِنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَقْتِ الصَّلٰوةِ فَقَالَ لَهُ صَلِّ مَعَنَا هٰذَيْنِ يَعْنِي الْيَوْمَيْنِ فَلَمَّا زَالَتِ الشَّمْسُ

مسلم نے ★ اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ تحقیق ایک شخص نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حال وقت نماز کا تب فرمایا اسکو نماز پڑھ ہمارے ساتھ ان دونوں میں یعنے دو دن پھر جب کہ ڈھلا آفتاب

أَمَرَ بِلَالًا فَأَذَّنَ ثُمَّ أَمَرَهُ فَأَقَامَ الظُّهْرَ ثُمَّ أَمَرَهُ فَأَقَامَ الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ بَيْضَاءُ نَقِيَّةٌ ثُمَّ أَمَرَهُ فَأَقَامَ الْمَغْرِبَ حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ

حکم فرمایا بلال کو پھر اذان دیا پھر حکم فرمایا اسکو تب اقامت کہی ظہر کی پھر فرمایا اسکو تب اقامت کہی عصر کی اور آفتاب بلند تھا سفید بے میل پھر فرمایا اسکو تب اقامت کہی مغرب کی جب غائب ہوا آفتاب

ثُمَّ أَمَرَهُ فَأَقَامَ الْعِشَاءَ حِيْنَ غَابَ الشَّفَقُ ثُمَّ أَمَرَهُ فَأَقَامَ الْفَجْرَ حِيْنَ طَلَعَ الْفَجْرُ فَلَمَّا أَنْ كَانَ الْيَوْمُ الثَّانِيْ أَمَرَهُ فَأَبْرَدَ بِالظُّهْرِ فَأَبْرَدَ

پھر فرمایا اسکو تب اقامت کہی عشا کی جب غائب ہوئی شفق پھر فرمایا تب اقامت کہی فجر کی جس وقت نمود ہوا فجر پھر جب کہ ہوا دوسرا دن فرمایا اسکو کہ ٹھنڈا کر ظہر کو تب ٹھنڈا کیا

بِهَا فَأَنْعَمَ أَنْ يُبْرِدَ بِهَا وَصَلَّى الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ أَخَّرَهَا فَوْقَ الَّذِيْ كَانَ وَصَلَّى الْمَغْرِبَ قَبْلَ أَنْ يَغِيْبَ الشَّفَقُ وَصَلَّى الْعِشَاءَ

اسکو پھر زیادتی کی اسکے سرد کرنے میں اور نماز پڑھی عصر کی حال یہ کہ آفتاب بلند تھا تاخیر کی اسکی زیادہ اس سے کہ تھی کل اور نماز پڑھی مغرب کی قبل غائب ہونے شفق کے اور نماز پڑھی عشا کی

بَعْدَ مَا ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ وَصَلَّى الْفَجْرَ فَأَسْفَرَ بِهَا ثُمَّ قَالَ أَيْنَ السَّائِلُ عَنْ وَقْتِ الصَّلٰوةِ فَقَالَ الرَّجُلُ أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ وَقْتُ صَلٰوتِكُمْ

بعد جانے تہائی رات کے اور نماز پڑھی فجر کی اور روشن کیا اسکو ★ بعد اسکے فرمایا کہاں ہے پوچھنے والا نماز کے وقت کا عرض کیا اس شخص نے میں ہوں یا رسول اللہ فرمایا کہ وقت تمہاری نماز کا

بَيْنَ مَا رَأَيْتُمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

الْفَصْلُ الثَّانِيْ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّنِيْ جِبْرِيْلُ عِنْدَ الْبَيْتِ مَرَّتَيْنِ

درمیان اس کے ہے جو دیکھا تم نے ★ روایت کیا اسکو مسلم نے ★ فصل دوسری ★ روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امامت کی میری جبریل نے نزدیک کعبہ کے دو بار

فَصَلّٰى بِيَ الظُّهْرَ حِيْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ وَكَانَتْ قَدْرَ الشِّرَاكِ وَصَلّٰى بِيَ الْعَصْرَ حِيْنَ صَارَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ مِثْلَهُ وَصَلّٰى بِيَ الْمَغْرِبَ حِيْنَ أَفْطَرَ

پھر نماز پڑھوائی مجھکو ظہر کی جس وقت ڈھلا آفتاب اور ہوا سایہ برابر تسمہ کے ★ اور نماز پڑھوائی مجھکو عصر کی جس وقت کہ ہوا سایہ ہر چیز کا مانند اسکے اور نماز پڑھوائی مجھکو مغرب کی جس وقت کہ افطار کرتا ہے

الصَّائِمُ وَصَلّٰى بِيَ الْعِشَاءَ حِيْنَ غَابَ الشَّفَقُ وَصَلّٰى بِيَ الْفَجْرَ حِيْنَ حَرُمَ الطَّعَامُ وَالشَّرَابُ عَلَى الصَّائِمِ فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ صَلّٰى بِيَ الظُّهْرَ حِيْنَ

روزہ دار اور نماز پڑھوائی مجھکو عشا کی جس وقت کہ غائب ہوئی شفق اور نماز پڑھوائی مجھکو فجر کی جس وقت کہ حرام ہوتا ہے کھانا اور پینا روزہ دار پر پھر جب ہوا کل نماز پڑھوائی مجھکو ظہر کی جس وقت کہ

كَانَ ظِلُّهُ مِثْلَهُ وَصَلّٰى بِيَ الْعَصْرَ حِيْنَ كَانَ ظِلُّهُ مِثْلَيْهِ وَصَلّٰى بِيَ الْمَغْرِبَ حِيْنَ أَفْطَرَ الصَّائِمُ وَصَلّٰى بِيَ الْعِشَاءَ إِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ وَصَلّٰى بِيَ الْفَجْرَ

ہوا سایہ ہر چیز کا مانند اسکے اور نماز پڑھوائی مجھکو عصر کی جس وقت کہ ہوا سایہ ہر چیز کا دونا اسکا اور نماز پڑھوائی مجھکو مغرب کی جس وقت کہ افطار کرتا ہے روزہ دار اور نماز پڑھوائی مجھکو عشا کی تہائی رات تک اور نماز پڑھوائی فجر کی

فَأَسْفَرَ ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَيَّ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ هٰذَا وَقْتُ الْأَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِكَ وَالْوَقْتُ مَا بَيْنَ هٰذَيْنِ الْوَقْتَيْنِ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ

پھر روشن کیا پھر متوجہ ہوئے میری طرف اور کہا اے محمد یہ ہے وقت نبیوں کا جو قبل تیرے تھے اور وقت نماز کا درمیان ان دونوں وقتوں کے ہے ★ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی نے ★ فصل

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ أَخَّرَ الْعَصْرَ شَيْئًا فَقَالَ لَهُ عُرْوَةُ أَمَا إِنَّ جِبْرِيْلَ قَدْ نَزَلَ فَصَلّٰى أَمَامَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

تیسری ★ روایت ہے ابن شہاب سے کہ تحقیق عمر ابن عبد العزیز نے تاخیر کی عصر کی تھوڑا سا تب کہا اسکو عروہ نے خبردار ہو تحقیق جبریل اترے پھر نماز پڑھی آگے رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ اعْلَمْ مَا تَقُوْلُ يَا عُرْوَةُ فَقَالَ سَمِعْتُ بَشِيْرَ بْنَ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ أَبَا مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

علیہ وسلم کے ★ تب کہا اس سے عمر ابن عبد العزیز نے جان تو کیا کہتا ہے اے عروہ ★ کہا عروہ نے سنا میں نے بشیر ابن ابی مسعود کو وہ کہتے تھے سنا میں نے ابو مسعود کو وہ کہتے تھے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم يقول نزل جبرئيل فامّني فصليت معه ثم صليت معه ثم صليت معه ثم صليت معه ثم صليت معه يحسب باصابعه خمس صلوات متفق

علیہ وسلم کو وہ فرماتے تھے اترے جبرئیل اور امامت کی میری تب نماز پڑھی میں نے ان کے ساتھ پھر پڑھی میں نے ان کے ساتھ پھر پڑھی میں نے ان کے ساتھ پھر پڑھی میں نے ان کے ساتھ شمار کر

عليه وعن عمر بن الخطاب انه كتب الى عماله ان اهم اموركم عندي الصلوة من حفظها وحافظ عليها حفظ دينه ومن ضيعها فهو

اور روایت ہے عمر ابن خطاب سے کہ انہوں نے لکھا اپنے عاملوں کو تحقیق بڑا امور میں تمہارے کاموں میں میرے نزدیک نماز ہے جس نے نگاہ رکھا اسکو اور محافظت کی اسکی محافظت کی اپنے دین کی اور جسنے ضائع کیا اسکو پس وہ

لما سواها اضيع ثم كتب ان صلوا الظهر ان كان الفيء ذراعا الى ان يكون ظل احدكم مثله والعصر والشمس مرتفعة بيضاء نقية

واسطے اس چیز کے کہ سوا اسکے ہے بہت ضائع کرنے والا زیادہ ہے پھر لکھا کہ پڑھو نماز ظہر کی وقت ہو سایہ ایک گز سے یہاں تک کہ ہو سایہ ایک تمہارے کا مثل قد کے اور پڑھو عصر کو حالانکہ آفتاب بلند ہو سفید صاف

قدر ما يسير الراكب فرسخين او ثلاثة قبل مغيب الشمس والمغرب اذا غابت الشمس والعشاء اذا غاب الشفق الى ثلث الليل فمن نام فلا نامت

اسقدر کہ چلے سوار دو فرسنگ یا تین فرسنگ قبل ڈوبنے آفتاب کے اور پڑھو مغرب جب غایب ہو آفتاب اور پڑھو عشا جب غایب ہو شفق تہائی رات تک پھر جو کوئی سو گیا تو نہ سوئے

عينه فمن نام فلا نامت عينه فمن نام فلا نامت عينه والصبح والنجوم بادية مشتبكة رواه مالك وعن ابن مسعود قال كان

اسکی آنکھ پھر جو کوئی سو گیا تو نہ سوئے اسکی آنکھ پھر جو کوئی سو گیا تو مت سوئے اسکی آنکھ اور پڑھو صبح کی جبکہ تارے ظاہر ہوں گچھے بندھے ہوئے روایت کیا اسکو مالک نے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا

قدر صلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم الظهر في الصيف ثلاثة اقدام الى خمسة اقدام وفي الشتاء خمسة اقدام الى

اندازہ نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہر گرمی کے ایام میں تین قدموں سے لیکے پانچ قدموں تک اور جاڑے کے ایام میں پانچ قدموں سے لیکے

سبعة اقدام رواه ابو داود والنسائي

ساتھ قدموں تک روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے

باب تعجيل الصلوة

یہ باب ہے بیان میں جلدی پڑھنے نماز کے

الفصل الاول

فصل پہلی

عن سيار بن سلامة قال دخلت انا وابي على ابي برزة الاسلمي فقال له ابي كيف كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي المكتوبة فقال كان يصلي الهجير

روایت ہے سیار ابن سلامہ سے کہا کہ آیا میں اور میرا باپ ابی برزہ اسلمی کے پاس اور کہا اسکو میرے باپ نے کس طرح تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے نماز فرض کو تب کہا تھے پڑھتے نماز کو آدھے دن کی

التي تدعونها الاولى حين تدحض الشمس ويصلي العصر ثم يرجع احدنا الى رحله في اقصى المدينة والشمس حية ونسيت ما قال في المغرب

جسکو بولتے ہو تم نماز پہلی جس وقت کہ ڈھلتا آفتاب اور پڑھتے عصر پھر پھرتا ایک ہم میں کا اپنے مکان کی طرف مدینے کے پرلی طرف کے کنارے پر اور آفتاب بلند ہوتا اور بھولا میں جس چیز کو کہا تھا مغرب میں

وكان يستحب ان يؤخر العشاء التي تدعونها العتمة وكان يكره النوم قبلها والحديث بعدها وكان ينفتل من صلوة الغداة

اور تھے مستحب رکھتے کہ تاخیر کی جاوے عشا جسکو تم بولتے ہو عتمہ اور تھے حضرت مکروہ رکھتے سونے کو قبل عشا کے اور بات کرنے کو بعد اسکے اور تھے فارغ ہوتے صبح کی نماز سے

حين يعرف الرجل جليسه ويقرأ بالستين الى المائة وفي رواية ولا يبالي بتاخير العشاء الى ثلث الليل ولا يحب النوم قبلها

جس وقت کہ پہچانتا شخص اپنے ہمنشین کو اور پڑھتے تھے ساتھ ساٹھ آیتوں سے لیکے سو آیت تک اور ایک روایت میں یہ ہے اور پروا نہ رکھتے عشا کی تاخیر کی تہائی رات تک اور دوست نہیں رکھتے تھے سونے کو قبل

والحديث بعدها متفق عليه وعن محمد بن عمرو بن الحسن بن علي قال سألنا جابر بن عبد الله عن صلوة النبي صلى الله عليه وسلم

اور بات کرنے کو بعد اسکے ق × اور روایت ہے محمد ابن عمرو ابن حسن ابن علی سے کہا کہ پوچھا میں نے جابر ابن عبد اللہ کو وقت نماز نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

فقال كان يصلي الظهر بالهاجرة والعصر والشمس حية والمغرب اذا وجبت والعشاء اذا كثر الناس عجل واذا قلوا اخر

تب کہا تھے نماز پڑھتے ظہر کی آدھے دن میں اور عصر پڑھتے اور آفتاب زندہ یعنے روشن ہوتا اور پڑھتے مغرب جب آفتاب غروب ہوتا اور عشا کو جب بہت لوگ حاضر ہوتے جلدی پڑھتے اور جب کم ہوتے دیر کرتے

والصبح بغلس متفق عليه وعن انس قال كنا اذا صلينا خلف النبي صلى الله عليه وسلم بالظهائر سجدنا على ثيابنا اتقاء

صبح کی نماز تاریکی میں پڑھتے ق × اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے ہم جب نماز پڑھتے پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دھوپ کے دنوں میں سجدہ کرتے اپنے کپڑوں پر گرمی کے بچاؤ

وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اشتد الحر فابردوا
اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ سخت ہو گرمی تب ٹھنڈے وقت پڑھو

بالصلوٰۃ وفی روایۃ للبخاری عن ابی سعید بالظہر فان شدۃ الحر من فیح جہنم واشتکت النار الی ربہا فقالت رب اکل بعضی
نماز کو اور ایک روایت میں بخاری کی ابوسعید سے لفظ بالظہر کا ہے ف پھر تحقیق سختی گرمی کی ہے بھاپ سے دوزخ کی اور شکایت کیا آگ نے اپنے رب پاس پھر کہا کہ اے رب کھایا میرے ایک

بعضا فاذن لہا بنفسین نفس فی الشتاء ونفس فی الصیف اشد ما تجدون من الحر واشد ما تجدون من الزمہریر متفق علیہ
دوسرے کو تب اذن دیا اسکو دو سانس لینے کا ایک سانس جاڑے میں اور ایک سانس گرمی میں بہت سخت جو پاتے ہو گرمی اور بہت سخت جو پاتے ہو سردی × ف
ق

وفی روایۃ للبخاری فاشد ما تجدون من الحر فمن سمومہا واشد ما تجدون من البرد فمن زمہریرہا وعن انس قال کان رسول اللہ
اور ایک روایت میں بخاری کی پھر بہت سخت جو پاتے ہو تم گرمی سو اسکی گرم دم سے ہے اور بہت سخت جو پاتے ہو سردی سو اسکی سرد دم سے ہے ف × اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم یصلی العصر والشمس مرتفعۃ حیۃ فیذہب الذاہب الی العوالی فیاتیہم والشمس مرتفعۃ وبعض العوالی من المدینۃ
صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے عصر کی اور آفتاب بلند روشن ہوتا پھر جاتا جانیوالا اوپر کی طرف مدینے کے اور آتا وہاں کے لوگ پاس اور آفتاب بلند ہوتا اور بعضا اوپر کا جانب مدینے کا

علی اربعۃ امیال او نحوہ متفق علیہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تلک صلوٰۃ المنافق یجلس یرقب الشمس حتی
چار کوس پر ہے یا مانند اسکے × ق × اور روایت انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ہی نماز منافق کی بیٹھا رہتا ہے انتظار کرتا ہے آفتاب کی یہاں تک

اذا اصفرت وکانت بین قرنی الشیطان قام فنقر اربعا لا یذکر اللہ فیہا الا قلیلا رواہ مسلم وعن ابن عمر قال قال رسول
کہ جب زرد ہوتا ہے اور ہوتا ہے درمیان دو سینگوں شیطان کے کھڑا ہوتا ہے پھر ٹھونگ مارتا ہے چار ف نہیں یاد کرتا اللہ کو اسمیں مگر تھوڑا روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الذی تفوتہ صلوٰۃ العصر فکانما وتر اہلہ ومالہ متفق علیہ وعن بریدۃ قال قال رسول اللہ صلی
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ شخص کہ فوت ہو جاوے اس سے نماز عصر کی پھر گویا کہ نقصان کیا گیا اپنے اہل اور مال میں × ق × اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم من ترک صلوٰۃ العصر فقد حبط عملہ رواہ البخاری وعن رافع بن خدیج قال کنا نصلی المغرب مع رسول اللہ
اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے چھوڑی نماز عصر کی پھر بیشک اکارت ہوا اسکے عمل روایت کیا اسکو بخاری نے × اور روایت ہے رافع ابن خدیج سے کہا کہ تھے ہم نماز پڑھتے مغرب کی ساتھ رسول اللہ

پھر نماز پڑھی میدان میں کہ نہ تھا آگے ان کے سترہ اور ہماری گدھی اور کتیا کھیلتی تھی آگے ان کے پھر پروا نہ کرتے تھے اس سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور نسائی نے مانند اسکے

أبي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يقطع الصلوة شيء وادرؤا ما استطعتم فإنما هو شيطان رواه

ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں توڑتی نماز کو کوئی چیز اور دفع کرو جسقدر سکو پھر سوا اسکے نہیں کہ وہ گذرنے والا ہی شیطان ہے روایت کیا اسکو

أبو داود

الفصل الثالث

عن عائشة قالت كنت أنام بين يدي رسول الله صلى الله عليه وسلم ورجلاي في قبلته فإذا

ابو داؤد نے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھی میں سوتی آگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور دونوں پاؤں میرے ان کے قبلہ کی طرف تھے پھر جب

سجد غمزني فقبضت رجلي وإذا قام بسطتهما قالت والبيوت يومئذ ليس فيها مصابيح متفق عليه وعن أبي هريرة

سجدہ کرتے گھونسا دیتے مجھکو پھر سمیٹ لیتی میں اپنے پاؤں اور جب کھڑے ہوتے تو پھیلاتی میں پاؤں کہا عائشہ نے اور گھروں میں ان دنوں نہ تھے چراغ ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو يعلم أحدكم ما له في أن يمر بين يدي أخيه معترضا في الصلوة كان لأن يقيم مائة عام

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر جانے ایک تمہارا کہ کیا ہے اسکو گذرنے میں آگے اپنے بھائی کی نماز کے جو تا ہی میں تو ہووے البتہ کھڑا رہنا سو برس

خير له من الخطوة التي خطا رواه ابن ماجه وعن كعب الأحبار قال لو يعلم المار بين يدي المصلي ماذا عليه لكان أن يخسف

بہتر ہے اسکے واسطے اس قدم سے کہ رکھے اسکو ۔ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے کعب احبار سے کہا کہ اگر جانے گذرنے والا آگے نمازی کے کہ کیا ہے اس پر گناہ البتہ ہو کہ زمین میں دھنسایا جائے

به خيرا له من أن يمر بين يديه وفي رواية أهون عليه رواه مالك وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

بہتر اسکو نمازی کے آگے گذرنے سے اور ایک روایت میں ہے آسان زیادہ اس پر روایت کیا اسکو مالک نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

إذا صلى أحدكم إلى غير السترة فإنه يقطع صلوته الحمار والخنزير واليهودي والمجوسي والمرأة ويجزئ عنه إذا مروا

جب نماز پڑھے ایک تمہارا بغیر سترہ کے پھر تحقیق توڑتا ہے اسکی نماز کو گدھا اور سور اور یہودی اور مجوسی اور عورت اور کفایت کرتا ہے اس سے جس وقت گذریں

بين يديه على قذفة بحجر رواه أبو داود

باب صفة الصلوة

الفصل الأول

عن أبي هريرة أن رجلا دخل

آگے اسکے ایک پتھر پھینکنے کے اندازے پر ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ۔ یہ باب ہے بیان میں صفت نماز کے ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے ابوہریرہ سے کہ تحقیق ایک شخص آیا

المسجد ورسول الله صلى الله عليه وسلم جالس في ناحية المسجد فصلى ثم جاء فسلم عليه فقال له رسول الله صلى الله عليه

مسجد میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے تھے کونے میں مسجد کے پھر نماز پڑھی اور آیا پھر سلام کیا حضرت کو تب فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم وعليك السلام ارجع فصل فإنك لم تصل فرجع فصلى ثم جاء فسلم عليه فقال وعليك السلام ارجع فصل فإنك لم تصل فقال

وسلم نے وعلیک السلام پھر جا اور نماز پڑھ پھر تحقیق تو نے نماز نہیں پڑھی تب پھر گیا اور نماز پڑھی پھر آیا اور سلام کیا انکو تب فرمایا وعلیک السلام پھر جا اور نماز پڑھ پھر تحقیق تو نے نماز نہیں پڑھی تب

في الثالثة أو في التي بعدها علمني يا رسول الله فقال إذا قمت إلى الصلوة فأسبغ الوضوء ثم استقبل القبلة فكبر ثم اقرأ بما تيسر

تیسری بار یا تیسری بار کے بعد سکھلائیے مجھکو یا رسول اللہ تب فرمایا جب چاہے کہ کھڑا ہووے واسطے نماز کے تب پورا کر وضو پھر منہ کر قبلہ طرف پھر تکبیر کہہ پھر پڑھ جو کچھ کہ موجود ہو

معك من القرآن ثم اركع حتى تطمئن راكعا ثم ارفع حتى تستوي قائما ثم اسجد حتى تطمئن ساجدا ثم ارفع حتى تطمئن جالسا

تیرے پاس قرآن میں سے پھر رکوع کر یہاں تک کہ آرام لیوے تو رکوع میں پھر اٹھا سر یہاں تک کہ سیدھا کھڑا ہو تو پھر سجدہ کر یہاں تک کہ آرام لیوے تو سجدہ میں پھر اٹھا سر یہاں تک کہ آرام لیوے تو بیٹھنے میں

وفي رواية ثم ارفع حتى تستوي قائما ثم افعل ذلك في صلوتك كلها متفق عليه وعن عائشة رضي الله عنها قالت كان رسول

اور ایک روایت میں ہے پھر اٹھا سر یہاں تک کہ سیدھا کھڑا ہو تو پھر اسی طرح اپنی سب نماز میں ۔ ق ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ تھے رسول

الله صلى الله عليه وسلم يستفتح الصلوة بالتكبير والقراءة بالحمد لله رب العالمين وكان إذا ركع لم يشخص رأسه ولم يصوبه

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شروع کرتے نماز کو ساتھ تکبیر کے اور شروع کرتے قرأت کو ساتھ الحمد للہ رب العالمین کے اور تھے جب رکوع کرتے نہ بلند کرتے سر اپنا اور نہ پست کرتے

ولكن بين ذلك وكان اذا رفع راسه من الركوع لم يسجد حتى يستوي قائما وكان اذا رفع راسه من السجدة لم يسجد حتى يستوي
ولیکن درمیان اسکے اور تھے جب اٹھاتے سر اپنا رکوع سے نہ سجدہ کرتے یہاں تک کہ سیدھے کھڑے ہوتے اور تھے جب اٹھاتے سر اپنا سجدہ سے نہ سجدہ کرتے یہاں تک کہ برابر

جالسا وكان يقول في كل ركعتين التحية وكان يفرش رجله اليسرى وينصب رجله اليمنى وكان ينهى عن عقبة الشيطان و
بیٹھتے اور تھے پڑھتے ہر دونوں رکعت کے بعد التحیات اور تھے بچھاتے پاؤں بایاں اپنا اور کھڑا رکھتے پاؤں داہنا اپنا اور تھے منع کرتے عقبہ شیطان سے اور منع کرتے

ان يفترش الرجل ذراعيه افتراش السبع وكان يختم الصلوة بالتسليم رواه مسلم وعن ابي حميد الساعدي قال
یہ کہ بچھاوے شخص اپنے دونوں ہاتھ مانند بچھانے درندے کے اور تھے ختم کرتے نماز کو ساتھ سلام کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابو حمید ساعدی سے اسنے کہا

في نفر من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم انا احفظكم لصلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم رايته اذا كبر جعل يديه
ایک جماعت میں اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ میں خوب یاد رکھنے والا ہوں تم میں نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دیکھا میں نے آپکو جب تکبیر تحریمہ کہتے کرتے اپنے دونوں ہاتھ

حذاء منكبيه واذا ركع امكن يديه من ركبتيه ثم هصر ظهره فاذا رفع راسه استوى حتى يعود كل فقار مكانه
مقابل اپنے دونوں مونڈھوں کے اور جب رکوع کرتے مضبوط رکھتے اپنے دونوں ہاتھ اپنے دونوں زانو پر اور خم کرتے اپنی پیٹھ پھر جب اٹھاتے سر اپنا سیدھے کھڑے ہوتے یہاں تک کہ آجاتی پیٹھ کی ہر ہڈی اپنی جگہ

فاذا سجد وضع يديه غير مفترش ولا قابضهما واستقبل باطراف اصابع رجليه القبلة واذا جلس في الركعتين جلس على
پھر جب سجدہ کرتے رکھتے اپنے دونوں ہاتھ نہ بچھانے والے زمین پر اور نہ ملانے والے انکو پہلو سے اور سامنے کرتے اپنے پاؤں کی انگلیوں کی نوک کو قبلہ کے پھر جب بیٹھتے دو رکعت میں بیٹھتے

رجله اليسرى ونصب اليمنى واذا جلس في الركعة الاخرة قدم رجله اليسرى ونصب الاخرى وقعد على مقعدته رواه البخاري
اپنے بائیں پاؤں پر اور کھڑا کرتے داہنا پاؤں پھر جب بیٹھتے آخری رکعت میں آگے کو نکالتے اپنا بایاں پاؤں اور کھڑا کرتے دوسرا اور بیٹھتے اپنے سرین پر روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يرفع يديه حذو منكبيه اذا افتتح الصلوة واذا كبر للركوع واذا رفع راسه
اور روایت ہے ابن عمر سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے اٹھاتے اپنے دونوں ہاتھ برابر دونوں مونڈھوں کے جب شروع کرتے نماز اور جب تکبیر کہتے رکوع کے واسطے اور جب اٹھاتے

من الركوع رفعهما كذلك وقال سمع الله لمن حمده ربنا لك الحمد وكان لا يفعل ذلك في السجود متفق عليه وعن نافع ان ابن
رکوع سے اٹھاتے دونوں ہاتھ اسی طرح اور کہتے سمع اللہ لمن حمدہ ربنا لک الحمد اور تھے نہ کرتے یہ بیچ سجدہ میں ق اور روایت ہے نافع سے تحقیق ابن

عمر كان اذا دخل في الصلوة كبر ورفع يديه واذا ركع رفع يديه واذا قال سمع الله لمن حمده رفع يديه واذا قام من الركعتين
عمر تھے جب داخل ہوتے نماز میں تکبیر کہتے اور اٹھاتے اپنے دونوں ہاتھ اور جب رکوع کرتے اٹھاتے اپنے دونوں ہاتھ اور جب کہتے سمع اللہ لمن حمدہ اٹھاتے اپنے دونوں ہاتھ اور جب اٹھتے دو رکعت سے

رفع يديه ورفع ذلك ابن عمر الى النبي صلى الله عليه وسلم رواه البخاري وعن مالك بن الحويرث قال كان رسول الله صلى الله
اٹھاتے اپنے دونوں ہاتھ اور پہنچایا اس حدیث کو ابن عمر نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے مالک ابن حویرث سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم اذا كبر رفع يديه حتى يحاذي بهما اذنيه واذا رفع راسه من الركوع فقال سمع الله لمن حمده فعل مثل ذلك
علیہ وسلم جب تکبیر کہتے اٹھاتے اپنے دونوں ہاتھ یہانتک کہ برابر کرتے انکو اپنے دونوں کانوں کے اور جب اٹھاتے اپنا سر رکوع سے تب کہتے سمع اللہ لمن حمدہ کیا کرتے اسیطرح

وفي رواية حتى يحاذي بهما فروع اذنيه متفق عليه وعنه انه راى النبي صلى الله عليه وسلم يصلي فاذا كان في وتر من
اور ایک روایت میں ہے یہانتک کہ مقابل کرتے دونوں ہاتھ دونوں کانوں کی لہر تک ق اور روایت ہے اسی سے کہ تحقیق اسنے دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے پھر جب ہوتے طاق رکعت میں

صلوته لم ينهض حتى يستوي قاعدا رواه البخاري وعن وائل بن حجر انه راى النبي صلى الله عليه وسلم رفع يديه حين
اپنی نماز سے نہ کھڑے ہوتے یہانتک کہ سیدھے بیٹھ لیتے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے وائل ابن حجر سے کہ تحقیق اسنے دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اٹھایا اپنے دونوں ہاتھ جس وقت

دخل في الصلوٰة كبّر ثم التحف بثوبه ثم وضع يده اليمنى على اليسرى فلما اراد ان يركع اخرج يديه من الثوب ثم رفعهما
داخل ہوئے نماز میں تکبیر کہی پھر ڈھانک لیا ہاتھوں کو اپنے کپڑے میں پھر رکھا اپنا داہنا ہاتھ بائیں پر پھر جب ارادہ کیا کہ رکوع کریں نکالا اپنے دونوں ہاتھ کپڑے سے پھر اٹھایا انکو

وكبّر فركع فلما قال سمع الله لمن حمده رفع يديه فلما سجد سجد بين كفّيه رواه مسلم وعن سهل بن سعد قال
اور تکبیر کہی پھر رکوع کیا پھر جب کہا سمع اللہ لمن حمدہ اٹھایا اپنے دونوں ہاتھ پھر جب سجدہ کیا سجدہ کیا درمیان دونوں ہاتھوں کے۔ روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے سہل ابن سعد سے کہا

كان الناس يؤمرون ان يضع الرجل اليد اليمنى على ذراعه اليسرى في الصلوٰة رواه البخاري وعن ابي هريرة قال كان رسول
تھے لوگ حکم کئے جاتے یہ کہ رکھے شخص داہنا ہاتھ اپنا بائیں ہاتھ پر نماز میں۔ روایت کیا اسکو بخاری نے۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ تھے رسول

الله صلى الله عليه وسلم اذا قام الى الصلوٰة يكبّر حين يقوم ثم يكبّر حين يركع ثم يقول سمع الله لمن حمده حين يرفع
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتے نماز میں تکبیر کہتے جب کھڑے ہوتے پھر تکبیر کہتے جب رکوع کرتے پھر کہتے سمع اللہ لمن حمدہ جب کہ اٹھاتے

صلبه من الركعة ثم يقول وهو قائم ربنا لك الحمد ثم يكبّر حين يهوي ثم يكبّر حين يرفع رأسه ثم يكبّر حين يسجد
اپنی پیٹھ رکوع سے پھر کہتے کھڑے ہوکر ربنا لک الحمد پھر تکبیر کہتے جب جھکتے پھر تکبیر کہتے جب اٹھاتے اپنا سر سجدہ سے پھر تکبیر کہتے جب سجدہ کرتے

ثم يكبّر حين يرفع رأسه ثم يفعل ذلك في الصلوٰة كلها حتى يقضيها ويكبّر حين يقوم من الثنتين
پھر تکبیر کہتے جب اٹھاتے اپنا سر پھر کرتے یہی ساری نماز میں یہاں تک کہ پوری کرتے نماز کو اور تکبیر کہتے جب کھڑے ہوتے دو رکعت پڑھ کر

بعد الجلوس متفق عليه وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم افضل الصلوٰة طول القنوت رواه مسلم
بیٹھنے کے بعد۔ متفق علیہ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر نماز وہ نماز ہے جسمیں دیر تک کھڑا رہنا ہو۔ روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

عن ابي حميد الساعدي قال في عشرة من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم انا اعلمكم بصلوٰة النبي
فصل دوسری۔ روایت ہے ابی حمید ساعدی سے کہ کہا اسنے دس شخصوں میں اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ میں خوب جانتا ہوں تم میں نماز کو نبی

صلى الله عليه وسلم قالوا فاعرض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا قام الى الصلوٰة رفع يديه حتى يحاذي بهما
صلی اللہ علیہ وسلم کی کہا صحابہ نے کہ پھر بیان کر کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتے نماز میں اٹھاتے اپنے دونوں ہاتھ یہانتک کہ برابر کرتے انکو

منكبيه ثم يكبّر ثم يقرأ ثم يكبّر ويرفع يديه حتى يحاذي بهما منكبيه ثم يركع ويضع راحتيه على ركبتيه ثم يعتدل
اپنے مونڈھوں کے پھر تکبیر کہتے پھر قراءت کرتے پھر تکبیر کہتے اور اٹھاتے اپنے دونوں ہاتھ یہانتک کہ برابر کرتے انکو اپنے مونڈھوں کے پھر رکوع کرتے اور رکھتے اپنی دونوں ہتھیلی زانوؤں پر پھر آرام کرتے

فلا يصبي رأسه ولا يقنع ثم يرفع رأسه فيقول سمع الله لمن حمده ثم يرفع يديه حتى يحاذي بهما منكبيه معتدلا
اور نہ جھکاتے اپنا سر اور نہ بلند کرتے پھر اٹھاتے اپنا سر اور کہتے سمع اللہ لمن حمدہ پھر اٹھاتے اپنے دونوں ہاتھ یہاں تک کہ برابر کرتے انکو اپنے مونڈھوں کے آرام کرنے والے

ثم يقول الله اكبر ثم يهوي الى الارض ساجدا فيجافي يديه عن جنبيه ويفتخ اصابع رجليه ثم يرفع رأسه ويثني
پھر کہتے اللہ اکبر پھر جھکتے زمین کی طرف سجدہ کرنے والے پھر دور رکھتے اپنے دونوں ہاتھ اپنے دونوں پہلو اور موڑتے انگلیاں اپنے دونوں پاؤں کی پھر اٹھاتے اپنا سر اور موڑتے

رجله اليسرى فيقعد عليها ثم يعتدل حتى يرجع كل عظم في موضعه معتدلا ثم يسجد ثم يقول الله اكبر ويرفع رأسه
اپنا بایاں پاؤں پھر بیٹھتے اسپر پھر آرام کرتے بیٹھنے میں یہاں تک کہ آجاتی سب ہڈی اپنے مقام پر بحالت آرام میں پھر سجدہ کرتے اور کہتے اللہ اکبر اور اٹھاتے اپنا سر اور

ويثني رجله اليسرى فيقعد عليها ثم يعتدل حتى يرجع كل عظم الى موضعه ثم نهض ثم يصنع في الركعة الثانية مثل
موڑتے اپنا بایاں پاؤں پھر بیٹھتے اسپر پھر آرام کرتے یہاں تک کہ آجاتی سب ہڈی اپنے مقام پر پھر اٹھتے اور کرتے دوسری رکعت میں اسیطرح

ذلك ثم اذا قام من الركعتين كبر ورفع يديه حتى يحاذي بهما منكبيه كما كبر عند افتتاح الصلوة ثم يصنع ذلك في

پھر جب کھڑے ہوتے دو رکعت پڑھ کر اللہ اکبر کہتے اور اٹھاتے اپنے دونوں ہاتھ یہاں تک کہ برابر کرتے ان کو اپنے مونڈھوں کے جیسا کہ تکبیر کہا تھا نزدیک شروع نماز کے پھر کرتے اسی طرح

بقية صلوته حتى اذا كانت السجدة التي فيها التسليم اخرج رجله اليسرى وقعد متوركا على شقه الايسر ثم سلم قالوا

اپنی باقی نماز میں یہاں تک کہ جب ہوتا وہ سجدہ کہ اس میں سلام ہی نکالتے بایاں پاؤں اور بیٹھتے سرین پر بائیں طرف پھر سلام پھیرتے کہا صحابہ نے

صدقت هكذا كان يصلي رواه ابوداود والدارمي وروى الترمذي وابن ماجة معناه وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح وفي

سچ کہا تو نے اسی طرح حضرت نماز پڑھتے تھے روایت کیا اس کو ابوداؤد اور دارمی نے اور روایت کیا ترمذی اور ابن ماجہ نے معنی اس کے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے

رواية لابي داود من حديث ابي حميد ثم ركع فوضع يديه على ركبتيه كانه قابض عليهما ووتر يديه فنحاهما عن جنبيه وقال ثم

ایک روایت میں ابی داؤد کی حدیث ابی حمید سے یوں ہے پھر رکوع کیا اور رکھا اپنے دونوں ہاتھ دونوں زانوں پر گویا کہ وہ پکڑے ہوئے ہیں ان کو اور کمان کی طرح کیا اپنے ہاتھوں کو اور دور رکھا ان کو اپنے پہلو سے اور کہا پھر

سجد فامكن انفه وجبهته الارض ونحى يديه عن جنبيه ووضع كفيه حذو منكبيه وفرج بين فخذيه غير حامل

سجدہ کیا اور ٹھہرایا اپنی ناک اور پیشانی کو زمین پر اور دور کیا اپنے ہاتھوں کو اپنے پہلو سے اور رکھی ہتھیلیاں برابر اپنے مونڈھوں کے اور کشادہ کیا درمیان اپنی دونوں رانوں کے نہ لگائے ہوئے

بطنه على شيء من فخذيه حتى فرغ ثم جلس فافترش رجله اليسرى واقبل بصدر اليمنى على قبلته ووضع كفه اليمنى على ركبته

اپنا پیٹ کسی قدر اپنی زانوں پر یہاں تک کہ فارغ ہوئے پھر بیٹھے اور بچھایا اپنے بائیں پاؤں اور سامنے کیا سینہ داہنے پاؤں کا اپنے قبلہ کی طرف اور رکھا اپنا ہاتھ اپنے داہنے زانو

اليمنى وكفه اليسرى على ركبته اليسرى واشار باصبعه يعني السبابة وفي اخرى له واذا قعد في الركعتين قعد على بطن قدمه

اور اپنے بائیں ہاتھ اپنے بائیں زانو پر اور اشارہ کیا اپنی انگلی سے یعنے کلمہ کی انگلی سے اور دوسری روایت میں ابوداؤد کی اور جب بیٹھتے دو رکعت کے بعد بیٹھتے تلوے پر اپنے

اليسرى ونصب اليمنى واذا كان في الرابعة افضى بوركه اليسرى الى الارض واخرج قدميه من ناحية واحدة وعن وائل

بائیں پاؤں کے اور کھڑا کرتے داہنا پاؤں اور جب چوتھی رکعت میں پہنچاتے اپنا بایاں سرین زمین پر اور نکالتے اپنے دونوں پاؤں ایک ہی طرف ۔ اور روایت ہے وائل

بن حجر انه ابصر النبي صلى الله عليه وسلم حين قام الى الصلوة رفع يديه حتى كانتا بحيال منكبيه وحاذى بابهاميه اذنيه

ابن حجر سے کہ تحقیق اس نے دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کھڑے ہوئے طرف نماز کے اٹھایا اپنے دونوں ہاتھ یہاں تک کہ ہوئے مقابل دونوں مونڈھوں کے اور برابر کیا دونوں انگوٹھوں کو اپنے کانوں کے

ثم كبر رواه ابوداود وفي رواية له يرفع ابهاميه الى شحمة اذنيه وعن قبيصة بن هلب عن ابيه قال كان رسول

پھر اللہ اکبر کہا روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور ایک روایت میں ابوداؤد کی اٹھاتے اپنے انگوٹھوں کو لہر تک اپنے دونوں کان کی ۔ اور روایت ہے قبیصہ ابن ہلب سے اس نے نقل کیا اپنے باپ سے کہا کہ تھے رسول

الله صلى الله عليه وسلم يؤمنا فياخذ شماله بيمينه رواه الترمذي وابن ماجة وعن رفاعة ابن رافع قال جاء رجل

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امامت کرتے ہماری پھر پکڑتے اپنا بایاں ہاتھ اپنے داہنے ہاتھ سے روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے رفاعہ ابن رافع سے کہا کہ آیا ایک شخص

فصلى في المسجد ثم جاء فسلم على النبي صلى الله عليه وسلم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعد صلوتك فانك لم تصل

پھر نماز پڑھی مسجد میں پھر آیا اور سلام کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر پڑھ نماز اپنی اس واسطے کہ تو نے نماز نہیں پڑھی

فقال علمني يا رسول الله كيف اصلي قال اذا توجهت الى القبلة فكبر ثم اقرأ بام القرآن وما شاء الله ان تقرأ فاذا ركعت

تب کہا اس نے سکھایئے مجھ کو یا رسول اللہ کس طرح پڑھوں میں نماز فرمایا جب متوجہ ہو تو طرف قبلہ کے پھر اللہ اکبر کہہ پھر پڑھ سورہ فاتحہ اور جس قدر کہ چاہے اللہ پڑھنا تو پڑھ پھر جب رکوع کرے

فاجعل راحتيك على ركبتيك ومكن ركوعك وامدد ظهرك فاذا رفعت فاقم صلبك وارفع راسك حتى ترجع العظام

رکھ اپنے ہاتھوں کو اپنے گھٹنوں پر اور ٹھہر کر اپنا رکوع اور برابر پھیلا اپنی پیٹھ پھر جب اٹھا تو سیدھی کر اپنی پیٹھ اور اٹھا اپنا سر یہاں تک کہ پھر آجاویں ہڈیاں

إِلَى مَفَاصِلِهَا فَإِذَا سَجَدْتَ فَمَكِّنْ لِلسُّجُودِ فَإِذَا رَفَعْتَ فَاجْلِسْ عَلَى فَخِذِكَ الْيُسْرَى ثُمَّ اصْنَعْ ذٰلِكَ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ وَسَجْدَةٍ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ هٰذَا

اپنے جوڑوں پر پھر جب سجدہ کرے تو تو پھر ٹھہر تو سجدہ میں پھر جب اٹھاوے تو سر پھر بیٹھ اپنی بائیں ران پر پھر کر اسکو ہر رکوع اور سجدے میں یہاں تک کہ آرام لیوے تو یہ

لَفْظُ الْمَصَابِيحِ وَرَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ مَعَ تَغْيِيرٍ يَسِيرٍ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ مَعْنَاهُ وَفِي رِوَايَةٍ لِلتِّرْمِذِيِّ قَالَ إِذَا قُمْتَ إِلَى الصَّلٰوةِ

لفظ مصابیح کا ہے اور روایت کیا اسکو ابو داؤد نے تھوڑی سی تغیر کے ساتھ اور روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے معنے اسکے اور ایک روایت میں ترمذی کی یہ ہے کہا کہ جب کھڑا ہو تو طرف نماز کی تو

فَتَوَضَّأْ كَمَا أَمَرَكَ اللّٰهُ بِهِ ثُمَّ تَشَهَّدْ فَأَقِمْ فَإِنْ كَانَ مَعَكَ قُرْاٰنٌ فَاقْرَأْ وَإِلَّا فَاحْمَدِ اللّٰهَ وَكَبِّرْهُ وَهَلِّلْهُ ثُمَّ ارْكَعْ وَعَنِ الْفَضْلِ ابْنِ

پھر وضو کر جیسا کہ حکم کیا تجھکو اللہ نے پھر اذان کہہ پھر اقامت کہہ پھر اگر ہو تیرے حفظ میں کچھ قرآن پھر پڑھ تو اور نہیں تو پھر الحمد للہ کہہ اور اللہ اکبر کہہ اور لا الٰہ الا اللہ کہہ پھر رکوع کر اور روایت ہے فضل

عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةُ مَثْنٰى مَثْنٰى تَشَهَّدُ فِي كُلِّ رَكْعَتَيْنِ وَتَخَشَّعُ وَتَضَرَّعُ وَتَمَسْكَنُ ثُمَّ تُقْنِعُ يَدَيْكَ

عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز دو دو رکعت ہے پڑھنا التحیات ہر دو رکعت میں اور عاجزی کرنا اور زاری کرنا اور اپنی مسکینی ظاہر کرنا پھر اٹھا دے تو اپنے ہاتھ

يَقُولُ تَرْفَعُهُمَا إِلٰى رَبِّكَ مُسْتَقْبِلًا بِبُطُونِهِمَا وَجْهَكَ وَتَقُولُ يَا رَبِّ يَا رَبِّ وَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَهُوَ كَذَا وَكَذَا وَفِي رِوَايَةٍ فَهُوَ

فرماتے ہیں کہ اٹھاوے تو دونوں ہاتھ اپنے پروردگار کی طرف سامنے کرنے والا پیٹ اپنے ہاتھوں کا اپنے منہ کی طرف اور کہے تو اے میرے رب اے میرے رب اور جس شخص نے کہ نہ کیا یہ پھر وہ ایسی ہے اور ایسی ہے اور ایک روایت میں ہے

خِدَاجٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْمُعَلّٰى قَالَ صَلّٰى لَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ فَجَهَرَ

ناقص ہے یعنے نماز روایت کیا اسکو ترمذی نے ٭ فصل تیسری ٭ روایت ہے سعید ابن حارث ابن معلی سے کہا کہ نماز پڑھوائی ہمکو ابو سعید خدری نے پھر پکار کر کہی

بِالتَّكْبِيرِ حِينَ رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ السُّجُودِ وَحِينَ سَجَدَ وَحِينَ رَفَعَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ وَقَالَ هٰكَذَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تکبیر جس وقت کہ اٹھایا اپنا سر سجدے سے اور جس وقت کہ سجدہ کیا اور جس وقت کہ اٹھا یا دو رکعت کے بعد اور کہا اسی طرح دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ شَيْخٍ بِمَكَّةَ فَكَبَّرَ ثِنْتَيْنِ وَعِشْرِينَ تَكْبِيرَةً فَقُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ إِنَّهُ أَحْمَقُ

روایت کیا اسکو بخاری نے ٭ اور روایت ہے عکرمہ سے کہا کہ نماز پڑھی میں نے پیچھے ایک بوڑھے کے مکے میں پھر تکبیر کہی بائیس تکبیر پھر کہا میں نے پھر کہا میں نے ابن عباس کو کہ تحقیق وہ احمق ہے

فَقَالَ ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ سُنَّةُ أَبِي الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ مُرْسَلًا قَالَ كَانَ رَسُولُ

تب کہا ابن عباس نے گم کرے تجھکو تیری ماں یہ سنت ہے ابی القاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی روایت کیا اسکو بخاری نے ٭ اور روایت ہے علی ابن حسین سے مرسل کہا کہ تھے رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُ فِي الصَّلٰوةِ كُلَّمَا خَفَضَ وَرَفَعَ فَلَمْ تَزَلْ تِلْكَ صَلٰوتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى لَقِيَ اللّٰهَ رَوَاهُ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر کہتے نماز میں جب سر جھکاتے اور اٹھاتے پھر ہمیشہ تھی اسی طرح نماز اس صلی اللہ علیہ وسلم کی یہاں تک کہ ملاقات کی اللہ کی روایت کیا اسکو

مَالِكٌ وَعَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ قَالَ لَنَا ابْنُ مَسْعُودٍ أَلَا أُصَلِّي بِكُمْ صَلٰوةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى وَلَمْ يَرْفَعْ يَدَيْهِ إِلَّا

مالک نے ٭ اور روایت ہے علقمہ سے کہا کہ کہا ہمکو ابن مسعود نے کیا نہ نماز پڑھاؤں تمکو نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھر نماز پڑھی اور نہ اٹھایا اپنے ہاتھ مگر

مَرَّةً وَاحِدَةً مَعَ تَكْبِيرِ الْاِفْتِتَاحِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَقَالَ أَبُو دَاوُدَ لَيْسَ هُوَ بِصَحِيحٍ عَلٰى هٰذَا الْمَعْنٰى وَعَنْ

ایک مرتبہ شروع کی تکبیر کے ساتھ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی نے اور کہا ابو داؤد نے نہیں ہے وہ صحیح اس معنے پر ٭ اور روایت ہے

أَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ إِلَى الصَّلٰوةِ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَقَالَ اللّٰهُ أَكْبَرُ

ابی حمید ساعدی سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتے نماز کو سامنے کرتے قبلہ کو اور اٹھاتے اپنے ہاتھ کو اور کہتے اللہ اکبر

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ فِي مُؤَخَّرِ الصُّفُوفِ رَجُلٌ فَأَسَاءَ الصَّلٰوةَ فَلَمَّا سَلَّمَ

روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ٭ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ نماز پڑھوائی ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی اور صفوں کے آخر میں ایک مرد تھا پھر بری طرح پڑھا نماز کو پھر جب سلام پھیرا

فنادٰه رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم يا فلان الا تتقي اللّٰه الا ترٰى كيف تصلي انكم ترون انه يخفٰى علي شيء مما تصنعون واللّٰه اني لارٰى من

پکارا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے فلانے کیا نہیں ڈرتا تو اللہ سے کیا نہیں دیکھتا کہ کس طرح نماز پڑھتا ہے تحقیق تم لوگ گمان کرتے ہو کہ بیشک پوشیدہ رہتی ہے مجھ پر کوئی چیز جو تم کرتے ہو قسم ہے اللہ کی تحقیق میں دیکھتا ہوں

خلفي كما ارٰى من بين يدي رواه احمد

باب ما يقرأ بعد التكبير

الفصل الاول

عن ابي هريرة قال كان رسول اللّٰه صلى اللّٰه

اپنے پیچھے جیسا کہ دیکھتا ہوں اپنے آگے سے روایت کی اسکو احمد نے ٭ یہہ باب ہے بیچ بیان اس چیز کے کہ پڑھی جاوے بعد تکبیر کے ٭ فصل پہلی ٭ روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم يسكت بين التكبير وبين القراءة اسكاتة فقلت بابي انت وامي يا رسول اللّٰه اسكاتك بين التكبير وبين

علیہ وسلم چپ رہتے درمیان تکبیر اور درمیان قراءت کے دیر تک چپ رہنا پھر کہا میں نے قربان ہوں تجھ پر میرا باپ اور ماں یا رسول اللہ یہہ جو چپ رہنا ہے آپکا درمیان تکبیر اور درمیان

القراءة ما تقول قال اقول اللّٰهم باعد بيني وبين خطاياي كما باعدت بين المشرق والمغرب اللّٰهم نقني من الخطايا

قراءت کے کیا کہتے ہیں آپ فرمایا کہتا ہوں میں یا الٰہی دور رکھ درمیان میرے اور درمیان میرے گناہ کے جیسا کہ دور کیا تو نے درمیان مشرق اور مغرب کے یا الٰہی پاک کر تو مجھکو گناہوں سے

كما ينقى الثوب الابيض من الدنس اللّٰهم اغسل خطاياي بالماء والثلج والبرد متفق عليه وعن علي رضي اللّٰه عنه

جیسا کہ پاک کیا جاتا ہے کپڑا سفید میل سے یا الٰہی دھو میرے گناہوں کو پانی اور برف اور اولے سے ٭ ق ٭ اور روایت ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے

قال كان النبي صلى اللّٰه عليه وسلم اذا قام الى الصلوٰة وفي رواية كان اذا افتتح الصلوٰة كبر ثم قال وجهت وجهي للذي فطر

کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتے نماز کی طرف اور ایک روایت میں ہے کہ تھے جب شروع کرتے نماز اللہ اکبر کہتے پھر کہتے توجہ کیا میں نے اپنا منہہ اس شخص کی طرف کہ پیدا کیا

السمٰوٰت والارض حنيفا وما انا من المشركين ان صلاتي ونسكي ومحياي ومماتي للّٰه رب العٰلمين لا شريك له وبذلك

آسمان و زمین کو خواہش کرنے والا حق کی طرف اور نہیں ہوں میں شرک کرنے والوں سے تحقیق میری نماز اور میری عبادت اور میرا زندہ رہنا اور میرا مرنا اللہ کے واسطے ہے جو صاحب ہے سارے جہان کا نہیں ہے کوئی شریک اسکا اور اسی کے واسطے

امرت وانا من المسلمين اللّٰهم انت الملك لا اله الا انت انت ربي وانا عبدك ظلمت نفسي واعترفت بذنبي فاغفر لي

حکم کیا گیا ہوں میں اور میں ہوں مسلمانوں سے یا الٰہی تو ہی بادشاہ نہیں کوئی معبود مگر تو تو ہی پروردگار میرا اور میں ہوں بندہ تیرا ظلم کیا میں نے اپنی جان پر اور اقرار کیا میں نے اپنے گناہ کا پس بخش مجھکو

ذنوبي جميعا انه لا يغفر الذنوب الا انت واهدني لاحسن الاخلاق لا يهدي لاحسنها الا انت واصرف عني سيئها

میرے گناہ سارے اسواسطے کہ نہیں بخشتا کوئی گناہوں کو سوا تیرے اور ہدایت کر تو مجھکو بہت اچھی چلن کی نہیں ہدایت کرتا بہت اچھی چلن کی کوئی سوا تیرے اور پھیر مجھ سے بری چلن

لا يصرف عني سيئها الا انت لبيك وسعديك والخير كله في يديك والشر ليس اليك انا بك واليك تباركت وتعاليت

نہیں پھیرتا مجھسے بری چلن کوئی سوا تیرے حاضر ہوں تیری خدمت کو اور مدد کرتا ہوں تیرے دین کی اور نیکی ساری تیری ہاتھ میں ہے اور برائی نہیں ہے تیرے پاس زندہ ہوں تیرے سبب سے اور خواہش کرتا ہوں تیری طرف بزرگ ہے تو اور برتر ہے تو

استغفرك واتوب اليك واذا ركع قال اللّٰهم لك ركعت وبك اٰمنت ولك اسلمت خشع لك سمعي وبصري ومخي وعظمي

معافی مانگتا ہوں تجھسے اور رجوع کرتا ہوں تیری طرف اور جب رکوع کرتے کہتے یا الٰہی تیرے واسطے رکوع کیا میں نے اور تجھ پر ایمان لایا ہوں اور تیرے واسطے اسلام لایا ہوں میں عاجزی کی تیرے واسطے میرے کان نے اور آنکھ نے اور میرے مغز اور ہڈی

وعصبي فاذا رفع راسه قال اللّٰهم ربنا لك الحمد ملء السمٰوٰت والارض وما بينهما وملء ما شئت من شيء بعد واذا

اور میرے پٹھوں نے پھر جب اٹھاتے اپنا سر کہتے یا الٰہی رب ہمارے تیرے ہی واسطے ہے سراہنا آسمان اور زمین بھر اور جو چیز کے ان کے درمیان ہے اس بھر اور اس چیز بھر جو چاہے تو کوئی چیز بعد اسکے اور جب

سجد قال اللّٰهم لك سجدت وبك اٰمنت ولك اسلمت سجد وجهي للذي خلقه وصوره وشق سمعه وبصره تبارك اللّٰه

سجدہ کرتے کہتے یا الٰہی تجھی کو سجدہ کیا میں نے اور تجھی پر ایمان لایا ہوں میں اور تیرے ہی واسطے اسلام لایا ہوں سجدہ کیا میرے منہہ نے اس مالک کو کہ پیدا کیا اسکو اور صورت دیا اسکو اور چیر کر پیدا کئے کان اسکا اور آنکھ اسکی برکت والا ہے اللہ

احسن الخالقين ثم يكون من اٰخر ما يقول بين التشهد والتسليم اللّٰهم اغفر لي ما قدمت وما اخرت وما اسررت وما

بہت خوب پیدا کرنے والوں کا پھر ہوتا آخر اس چیز کا کہ کہتے درمیان التحیات اور تشہد اور تسلیم کے یا الٰہی بخش تو میرے لئے جو کچھ کہ آگے کی میں نے اور جو کچھ کہ پیچھے کی میں نے اور جو کچھ کہ چھپائی میں نے اور جو

أعلنت وما أسرفت وما أنت أعلم به مني أنت المقدم وأنت المؤخر لا إله إلا أنت رواه مسلم وفي رواية للشافعي و

الشر ليس إليك والمهدي من هديت أنا بك وإليك لا منجا منك ولا ملجأ إلا إليك تباركت وعن أنس أن رجلا

جاء فدخل الصف وقد حفزه النفس فقال الله أكبر الحمد لله حمدا كثيرا طيبا مباركا فيه فلما قضى رسول الله صلى الله عليه

وسلم صلوته قال أيكم المتكلم بالكلمات فأرم القوم فقال أيكم المتكلم بالكلمات فأرم القوم فقال أيكم المتكلم بها فإنه لم

يقل بأسا فقال رجل جئت وقد حفزني النفس فقلتها فقال لقد رأيت اثني عشر ملكا يبتدرونها أيهم يرفعها رواه

مسلم

الفصل الثاني

عن عائشة رضي الله عنها قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا افتتح الصلوة

فصل دوسری * روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب شروع کرتے نماز

قال سبحانك اللهم وبحمدك وتبارك اسمك وتعالى جدك ولا إله غيرك رواه الترمذي وأبو داود ورواه ابن ماجة عن أبي

سعيد وقال الترمذي هذا حديث لا نعرفه إلا من حارثة وقد تكلم فيه من قبل حفظه وعن جبير بن مطعم أنه رأى رسول الله

صلى الله عليه وسلم يصلي صلوة قال الله أكبر كبيرا الله أكبر كبيرا الله أكبر كبيرا والحمد لله كثيرا والحمد لله كثيرا والحمد

لله كثيرا وسبحان الله بكرة وأصيلا ثلاثا أعوذ بالله من الشيطان من نفخه ونفثه وهمزه رواه أبو داود

وابن ماجة إلا أنه لم يذكر والحمد لله كثيرا وذكر في آخره من الشيطان الرجيم وقال عمر نفخه الكبر ونفثه الشعر وهمزه

الموتة وعن سمرة بن جندب أنه حفظ عن رسول الله صلى الله عليه وسلم سكتتين سكتة إذا كبر وسكتة إذا فرغ

جنون ہے * اور روایت ہے سمرہ ابن جندب سے کہ تحقیق اسنے یاد رکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دو سکتے ایک سکتہ جب تکبیر تحریمہ کہتے اور ایک سکتہ جب فارغ ہوتے

من قراءة غير المغضوب عليهم ولا الضالين فصدقه أبي بن كعب رواه أبو داود وروى الترمذي وابن ماجة

پڑھنے سے غیر المغضوب علیہم ولا الضالین سے پھر سچا کہا اسکو ابی ابن کعب نے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت کیا ترمذی اور ابن ماجہ نے

والدارمي نحوه وعن أبي هريرة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا نهض من الركعة الثانية استفتح القراءة

اور دارمی نے مانند اسکے * اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتے دوسری رکعت سے شروع کرتے تھے پڑھنا

بالحمد للہ رب العالمین ولم یسکت ھکذا فی صحیح مسلم وذکرہ الحمیدی فی افرادہ وکذا صاحب الجامع عن مسلم

الحمد للہ رب العالمین کا اور نہ چپ رہتے ف اسی طرح صحیح مسلم میں ہے اور ذکر کیا اسکو حمیدی نے اپنی افراد میں اور اسی طرح صاحب جامع الاصول نے فقط مسلم

وحدہ الفصل الثالث عن جابر قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا استفتح الصلوٰۃ کبر ثم قال ان صلوتی ونسکی

فصل تیسری ٭ روایت ہے جابر سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب شروع کرتے نماز اللہ اکبر کہتے پھر کہتے تحقیق نماز میری اور عبادت میری

ومحیای ومماتی للہ رب العالمین لا شریک لہ وبذلک امرت وانا اول المسلمین اللھم اھدنی لاحسن الاعمال واحسن

اور زندگی میری اور مرنا میرا واسطے اللہ کے ہے جو صاحب سارے جہان کا نہیں ہے کوئی شریک اسکا اور ساتھ اسی حکم کیا گیا میں اور میں ہوں اول مسلمانوں کا یا الٰہی ہدایت کر مجھکو واسطے بہتر عملوں کے اور بہتر

الاخلاق لا یھدی لاحسنھا الا انت وقنی سیئ الاعمال وسیئ الاخلاق لا یقی سیئھا الا انت رواہ النسائی وعن محمد بن

چلنوں کے نہیں چلاتا اچھی چلن مگر تو اور بچا مجھکو بری عملوں سے اور بری چلنوں سے نہیں بچاتا بری چلن سے مگر تو روایت کیا اسکو نسائی نے ٭ اور روایت ہے محمد ابن

مسلمۃ قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام یصلی تطوعا قال اللہ اکبر وجھت وجھی للذی فطر السموات والارض

مسلمہ سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتے نفل پڑھنے کہتے اللہ اکبر متوجہ کیا میں اپنا منہہ اسکی طرف جسنے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو

حنیفا وما انا من المشرکین وذکر الحدیث مثل حدیث جابر الا انہ قال وانا من المسلمین ثم قال اللھم انت الملک لا الہ الا

ایک طرف کا ہوکے اور نہیں ہوں میں مشرکوں میں سے اور ذکر کی حدیث مثل جابر کے مگر یہہ کہ محمد ابن مسلمہ نے کہا اور میں مسلمانوں میں سے ہوں پھر کہا یا الٰہی تو ہی ہے بادشاہ نہیں کوئی معبود سوا

انت سبحانک وبحمدک ثم یقرأ رواہ النسائی باب القراءۃ فی الصلوٰۃ الفصل الاول عن عبادۃ بن الصامت

تیرے پاکی بولتا ہوں تیری اور سراہتا ہوں تجھکو پھر قرآن پڑھتے ٭ روایت کیا اسکو نسائی نے ٭ یہہ باب ہے قرأت پڑھنے کا نماز میں ٭ فصل پہلی ٭ روایت ہے عبادہ ابن صامت سے

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا صلوٰۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب متفق علیہ وفی روایۃ لمسلم لمن لم یقرأ بام القرآن

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے نماز اس شخص کے لئے کہ نہ پڑھے فاتحۃ الکتاب ٭ ق ٭ اور ایک روایت میں مسلم کی اسکے لئے کہ نہ پڑھے ام القرآن

فصاعدا وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صلی صلوٰۃ لم یقرأ فیھا بام القرآن فھی خداج ثلثا غیر

اور کچھ زیادہ ٭ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پڑھے کوئی نماز نہ پڑھے اسمیں الحمد تو وہ نماز ناقص ہے فرمایا اسکو تین بار نہیں

تام فقیل لابی ھریرۃ انا نکون وراء الامام قال اقرأ بھا فی نفسک فانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول

پوری تب کہا گیا ابو ہریرہ کو تحقیق ہم ہوتے ہیں پیچھے امام کے ف۲ کہا پڑھ تو اسکو اپنے دل میں پھر بیشک سنا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے

قال اللہ تعالی قسمت الصلوٰۃ بینی وبین عبدی نصفین ولعبدی ما سأل فاذا قال العبد الحمد للہ رب العالمین قال اللہ تعالی

فرمایا اللہ تعالی نے تقسیم کی میں نے نماز کو اپنے اور اپنے بندے کے درمیان آدھوں آدھ اور میرے بندے کے واسطے ہے جو کچھ کہ مانگے ف۳ پھر جب کہتا ہے بندہ الحمد للہ رب العالمین فرماتا ہے اللہ تعالی

حمدنی عبدی واذا قال الرحمن الرحیم قال اللہ تعالی اثنی علی عبدی واذا قال مالک یوم الدین قال مجدنی عبدی واذا قال ایاک نعبد

تعریف کی میری میرے بندے نے اور جب کہتا ہے الرحمن الرحیم فرماتا ہے اللہ تعالی صفت کی میری میرے بندے نے اور جب کہتا ہے مالک یوم الدین فرماتا ہے تعظیم کی میری میرے بندے نے اور جب کہتا ہے ایاک نعبد

وایاک نستعین قال ھذا بینی وبین عبدی ولعبدی ما سأل فاذا قال اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم

وایاک نستعین فرماتا ہے یہہ میرے اور میرے بندے کے درمیان ہے ف۴ اور میرے بندے کے واسطے ہے جو مانگا پھر جب کہتا ہے اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم

غیر المغضوب علیھم ولا الضالین قال ھذا لعبدی ولعبدی ما سأل رواہ مسلم وعن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم

غیر المغضوب علیھم ولا الضالین فرماتا ہے یہہ ہے میرے بندے کے واسطے اور میرے بندے کے واسطے ہے جو مانگا روایت کیا اسکو مسلم نے ف۵ اور روایت ہے انس سے کہا تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم

وابا بکر وعمر رضی اللہ عنہما کانوا یفتتحون الصلوة بالحمد للہ رب العالمین رواہ مسلم وعن ابی ھریرة قال قال رسول اللہ
اور ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما تھے شروع کرتے نماز کو ساتھ الحمد للہ رب العالمین کے روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم اذا امن الامام فامنوا فانہ من وافق تامینہ تامین الملئکة غفر لہ ما تقدم من ذنبہ متفق علیہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ آمین کہے امام تب آمین کہو تم سب اسواسطے کہ تحقیق جو شخص کہ موافق ہو جاوے آمین کہنا اسکا فرشتوں کے آمین سے بخشا جاتا اسکے لئے جو کچھ آگے گذرا ہے

وفی روایة قال اذا قال الامام غیر المغضوب علیہم ولا الضالین فقولوا امین فانہ من وافق قولہ قول الملئکة
اور ایک روایت میں یہ بھی کہ فرمایا کہ جب کہے امام غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پھر کہو آمین اسواسطے کہ تحقیق جو شخص کہ موافق ہو جاوے کہنا اسکا فرشتوں کے کہنے سے

غفر لہ ما تقدم من ذنبہ ھذا لفظ البخاری ولمسلم نحوہ وفی اخری للبخاری قال اذا امن القاری فامنوا فان الملئکة
بخشا جاتا ہے اسکے لئے جو آگے گذرا ہے گناہ یہ لفظ بخاری کا ہے اور مسلم کی روایت میں مانند اسکے اور دوسری روایت میں بخاری کی فرمایا جب آمین کہے پڑھنے والا تب آمین کہو تم پھر تحقیق ملائکہ

تؤمن فمن وافق تامینہ تامین الملئکة غفر لہ ما تقدم من ذنبہ وعن ابی موسی الاشعری قال قال رسول اللہ
آمین کہتے ہیں پھر جو شخص کہ موافق ہو جاوے آمین کہنا اسکا فرشتوں کے آمین کہنے سے بخشا جاتا ہے اسکے لئے جو کچھ آگے گذرا اسکا گناہ ٭ اور روایت ہے ابو موسی اشعری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم اذا صلیتم فاقیموا صفوفکم ثم لیؤمکم احدکم فاذا کبر فکبروا واذا قال غیر المغضوب علیہم
صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نماز پڑھو تم پھر سیدھی کرو اپنی صفوں کو پھر چاہیے کہ امام ہو تمہارا ایک تم میں کا پھر جب اللہ اکبر کہے تب اللہ اکبر کہو تم اور جب کہے غیر المغضوب علیہم

ولا الضالین فقولوا امین یجبکم اللہ فاذا کبر ورکع فکبروا وارکعوا فان الامام یرکع قبلکم ویرفع قبلکم
ولا الضالین تب کہو تم آمین قبول کرے تمہاری دعا اللہ پھر جب اللہ اکبر کہے اور رکوع کرے تب اللہ اکبر کہو اور رکوع کرو پھر تحقیق امام رکوع کرتا ہے تمہارے پہلے اور اٹھاتا ہے تمہارے پہلے

فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتلک بتلک قال واذا قال سمع اللہ لمن حمدہ فقولوا اللہم ربنا لک الحمد یسمع اللہ
پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر اتنی دیر بدلے اتنی دیر کے فرمایا جب کہے سمع اللہ لمن حمدہ تب کہو اللہم ربنا لک الحمد سنتا ہے اللہ

لکم رواہ مسلم وفی روایة لہ عن ابی ھریرة وقتادة واذا قرا فانصتوا وعن ابی قتادة قال کان النبی صلی اللہ
دعا تمہاری روایت کیا اسکو مسلم نے اور ایک روایت میں مسلم کی ابو ہریرہ اور قتادہ سے او جب پڑھے تب چپ رہو ٭ اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ

علیہ وسلم یقرا فی الظہر فی الاولیین بام الکتب وسورتین وفی الرکعتین الاخریین بام الکتب ویسمعنا الایة احیانا
علیہ وسلم پڑھتے ظہر کی پہلی دو رکعتوں میں الحمد اور دو سورہ اور پچھلی دو رکعتوں میں الحمد اور سناتے ہم کو کوئی آیت کبھی

ویطول فی الرکعة الاولی ما لا یطیل فی الرکعة الثانیة وھکذا فی العصر وھکذا فی الصبح متفق علیہ وعن ابی سعید
اور لمبی کرتے پہلی رکعت بمقدار کہ نہ لمبی کرتے دوسری رکعت اور اسی طرح عصر میں اور اسی طرح صبح میں ٭ ق ٭ اور روایت ہے ابی سعید

الخدری قال کنا نحزر قیام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الظہر والعصر فحزرنا قیامہ فی الرکعتین الاولیین
خدری سے کہا کہ تھے ہم اندازہ کرتے کھڑا ہونا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہر اور عصر میں پھر اندازہ کیا ہمنے کھڑا ہونا حضرت کا پہلی دو رکعت

من الظہر قدر قراءة الم تنزیل السجدة وفی روایة فی کل رکعة قدر ثلثین اٰیة وحزرنا قیامہ فی الاخریین قدر
ظہر میں مقدار پڑھنے الم تنزیل سجدہ کے اور دوسری روایت میں یہ ہے کہ ہر رکعت میں تیس آیت کے انداز پر اور اندازہ کیا ہمنے کھڑا ہونا حضرت کا پچھلی دو رکعتوں میں مقدار

النصف من ذلک وحزرنا فی الرکعتین الاولیین من العصر علی قدر قیامہ فی الاخریین من الظہر وفی الاخریین من العصر
آدھے کے اس سے اور اندازہ کیا ہمنے پہلی دو رکعتوں میں عصر کی مقدار ان کے کھڑے ہونے کے پچھلی دو رکعتیں ظہر میں اور پچھلی دو رکعتیں عصر میں

عَلَى النِّصْفِ مِنْ ذٰلِكَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الظُّهْرِ بِاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى وَفِي رِوَايَةٍ

مقدار آدھے کے اُس سے روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے جابر ابن سمرہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے ظہر میں واللیل اذا یغشیٰ اور ایک روایت میں

بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى وَفِي الْعَصْرِ نَحْوَ ذٰلِكَ وَفِي الصُّبْحِ أَطْوَلَ مِنْ ذٰلِكَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ

سبح اسم ربک الاعلیٰ اور عصر میں مانند اسکے اور صبح میں لنبی زیادہ اُس سے روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے جبیر ابن مطعم سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ بِالطُّورِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑھتے تھے مغرب میں سورہ طور * ق * اور روایت ہے ام فضل بنت حارث سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

يَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ بِالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ يُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَأْتِي قَوْمَهُ

پڑھتے تھے مغرب میں والمرسلات عرفا * ق * اور روایت ہے جابر سے کہا کہ تھے معاذ ابن جبل نماز پڑھتے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر آتے اپنی قوم میں اور نماز پڑھاتے

فَصَلَّى لَيْلَةً مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِشَاءَ ثُمَّ أَتٰى قَوْمَهُ فَأَمَّهُمْ فَافْتَتَحَ بِسُورَةِ الْبَقَرَةِ فَانْحَرَفَ رَجُلٌ فَسَلَّمَ ثُمَّ صَلّٰى وَحْدَهُ

پھر نماز پڑھی ایک رات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عشا کی پھر آئے اپنی قوم پاس اور امامت کی انکی پھر شروع کیا سورۃ البقر پس پھرا نماز سے ایک مرد اور سلام پھیرا پھر نماز پڑھی اکیلے

وَانْصَرَفَ فَقَالُوا لَهُ أَنَافَقْتَ يَا فُلَانُ قَالَ لَا وَاللّٰهِ وَلَآتِيَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَأُخْبِرَنَّهُ فَأَتٰى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

اور نکلا نماز سے پھر سب نے کہا اسکو کیا منافق ہو گیا تو اے فلانے کہا اسنے نہیں قسم اللہ کی اور تحقیق چلا ہوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس پھر تحقیق خبر کرتا ہوں میں انکو پھر آیا وہ شخص رسول اللہ صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا أَصْحَابُ نَوَاضِحَ نَعْمَلُ بِالنَّهَارِ وَإِنَّ مُعَاذًا صَلّٰى مَعَكَ الْعِشَاءَ ثُمَّ أَتٰى قَوْمَهُ فَافْتَتَحَ بِسُورَةِ

اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ یا رسول اللہ ہیں ہم مالک پانی کھینچنے والے اونٹوں کا محنت کرتا ہوں دن بھر اور تحقیق معاذ نے نماز پڑھی آپ کے ساتھ عشا کی پھر آیا اپنی قوم پاس اور شروع کیا سورۃ

الْبَقَرَةِ فَأَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مُعَاذٍ فَقَالَ يَا مُعَاذُ أَفَتَّانٌ أَنْتَ اقْرَأْ وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا وَالضُّحٰى وَاللَّيْلِ إِذَا

بقرہ پھر متوجہ ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم معاذ کے طرف اور فرمایا اے معاذ کیا فتنے میں ڈالنے والا ہے تو پڑھ تو والشمس وضحیٰہا و والضحیٰ واللیل اذا

يَغْشٰى وَسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْعِشَاءِ وَالتِّينِ

یغشیٰ اور سبح اسم ربک الاعلیٰ * ق * اور روایت ہے براء سے کہا کہ سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑھتے تھے عشا میں والتین

وَالزَّيْتُونِ وَمَا سَمِعْتُ أَحَدًا أَحْسَنَ صَوْتًا مِنْهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ

والزیتون اور نہ سنا میں نے کسیکو خوش آواز زیادہ اُن سے * ق * اور روایت ہے جابر ابن سمرہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے

فِي الْفَجْرِ بِقٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيدِ وَنَحْوِهَا وَكَانَتْ صَلَاتُهُ بَعْدُ تَخْفِيفًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى

فجر کی نماز میں ق والقرآن المجید اور مانند اسکے اور تھی نماز انکی بعد نماز فجر کے ہلکی * روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے عمرو بن حریث سے کہ انھوں نے سنا نبی صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْفَجْرِ وَاللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ صَلّٰى لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

اللہ علیہ وسلم کو پڑھتے تھے فجر کی نماز میں واللیل اذا عسعس * روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے عبد اللہ ابن سائب سے کہا کہ نماز پڑھوائی ہمکو رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ بِمَكَّةَ فَاسْتَفْتَحَ سُورَةَ الْمُؤْمِنِينَ حَتّٰى جَاءَ ذِكْرُ مُوسٰى وَهَارُونَ أَوْ ذِكْرُ عِيسٰى أَخَذَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

علیہ وسلم صبح کے وقت مکہ میں پھر شروع کیا سورہ قد افلح المؤمنون یہاں تک آیا ذکر موسیٰ اور ہارون کا یا ذکر عیسیٰ کا لیا نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَعْلَةٌ فَرَكَعَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْفَجْرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ بِالٓمٓ تَنْزِيلُ فِي

علیہ وسلم کو کھانسی نے پھر رکوع کیا * روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے فجر کی نماز میں جمعہ کے دن الم تنزیل

الرکعة الاولی وفی الثانیة ھل اتی علی الانسان متفق علیہ وعن عبید اللہ بن ابی رافع قال استخلف مروان ابا ھریرة علی المدینة

پہلی رکعت میں اور دوسری میں ھل اتی علی الانسان ۔ ق ۔ اور روایت ہے عبید اللہ ابن ابی رافع سے کہا کہ خلیفہ کیا مروان نے ابوہریرہ کو مدینے پر

وخرج الی مکة فصلی لنا ابو ھریرة الجمعة فقرأ سورة الجمعة فی السجدة الاولی وفی الآخرة اذا جاءک المنافقون فقال سمعت رسول اللہ

اور آپ نکلا مکہ کی طرف پھر نماز پڑھائی ہمکو ابوہریرہ نے جمعہ کی اور پڑھی سورہ جمعہ پہلی رکعت میں اور دوسری رکعت میں اذا جاءک المنافقون پھر کہا ابوہریرہ نے سنا میں نے رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ بھما یوم الجمعة رواہ مسلم وعن النعمان بن بشیر قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ فی العیدین

صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑھتے تھے ان دونوں سورتوں کو جمعہ کے دن روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے نعمان ابن بشیر سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے دونوں عید

وفی الجمعة بسبح اسم ربک الاعلی وھل اتاک حدیث الغاشیة قال واذا اجتمع العید والجمعة فی یوم واحد قرأ بھما فی الصلوتین رواہ

اور جمعہ میں سبح اسم ربک الاعلی اور ہل اتاک حدیث الغاشیة کہا نعمان نے اور جب اکٹھا ہوتا عید اور جمعہ ایک ہی دن پڑھتے ان دونوں سورتوں کو دو نمازوں میں روایت کیا

مسلم وعن عبید اللہ ان عمر بن الخطاب سأل ابا واقد اللیثی ما کان یقرأ بہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الاضحی والفطر

مسلم نے ۔ اور روایت ہے عبید اللہ سے کہ تحقیق عمر ابن خطاب نے پوچھا ابا واقد لیثی سے کہ کون سورة تھی کہ پڑھتے اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید قربان اور عید فطر میں

فقال کان یقرأ فیھما بق والقرآن المجید واقتربت الساعة رواہ مسلم وعن ابی ھریرة قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

تب کہا تھے پڑھتے دونوں میں ق والقرآن المجید اور اقتربت الساعة ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

قرأ فی رکعتی الفجر بقل یا ایھا الکافرون وقل ھو اللہ احد رواہ مسلم وعن ابن عباس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ

پڑھا دونوں رکعت سنت فجر میں قل یا ایہا الکافرون اور قل ہو اللہ احد روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے

فی رکعتی الفجر قولوا آمنا باللہ وما انزل الینا والتی فی آل عمران قل یا اھل الکتاب تعالوا الی کلمة سواء بیننا وبینکم رواہ مسلم

دونوں رکعت سنت فجر میں قولوا آمنا باللہ وما انزل الینا اور وہ آیت کہ آل عمران میں ہے قل یا اہل الکتاب تعالوا الی کلمة سواء بیننا وبینکم روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثانی

عن ابن عباس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یفتتح صلوتہ ببسم اللہ الرحمن الرحیم رواہ الترمذی وقال

فصل دوسری ۔ روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شروع کرتے اپنی نماز کو ساتھ بسم اللہ الرحمن الرحیم کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا

ھذا حدیث لیس اسنادہ بذاک وعن وائل بن حجر قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرأ غیر المغضوب علیھم ولا الضالین فقال

یہ حدیث نہیں ہے اسناد اسکی ایسی قوی ۔ اور روایت ہے وائل ابن حجر سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑھا غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پھر کہا

آمین مد بھا صوتہ رواہ الترمذی وابو داؤد والدارمی وابن ماجة وعن ابی زھیر النمیری قال خرجنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ

آمین ۔ دراز کی ساتھ اسکے آواز اپنی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور دارمی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابی زہیر نمیری سے کہا کہ نکلے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم ذات لیلة فاتینا علی رجل قد الح فی المسئلة فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اوجب ان ختم فقال رجل من القوم بای شیء

وسلم کے ایک رات پھر آئے ہم ایک مرد پاس کہ تحقیق بہت عاجزی کرتا تھا دعا مانگنے میں تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے واجب کیا اگر مہر کیا تب کہا ایک شخص نے قوم میں سے ساتھ کس چیز کے

یختم قال بآمین رواہ ابو داؤد وعن عائشة قالت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلی المغرب بسورة الاعراف فرقھا فی

مہر کرے فرمایا ساتھ آمین کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی مغرب کی سورہ اعراف سے بانٹا اسکو

رکعتین رواہ النسائی وعن عقبة بن عامر قال کنت اقود لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ناقتہ فی السفر فقال لی یا عقبة الا

دو رکعت میں روایت کیا اسکو نسائی نے ۔ اور روایت ہے عقبہ ابن عامر سے کہا کہ تھا میں کھینچتا واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انکی اونٹنی کو سفر میں پھر فرمایا مجھکو اے عقبہ کیا نہ

اُعلمك خیر سورتین قرئتا فعلمنی قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس قال فلم یرنی سررت بهما جدا فلما نزل الصلوٰۃ

کہ سکھلاؤں میں تجھکو بہترین دو سورتیں کہ پڑھی گئیں ف پھر سکھلایا مجھکو قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس کہا عقبہ نے پھر نہ دیکھا مجھکو کہ خوش ہوا گیا میں ان دونوں سے بہت خوش جب اترے واسطے نماز

الصبح صلی بهما صلوٰۃ الصبح للناس فلما فرغ التفت الی فقال یا عقبۃ کیف رأیت رواہ احمد و ابو داؤد و النسائی وعن جابر

صبح کے نماز پڑھوائی انہیں دونوں سے نماز صبح کی لوگوں کو پھر جب فارغ ہوئے متوجہ ہوئے میری طرف اور فرمایا اے عقبہ کیسا دیکھا تو نے ف ۲ روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور نسائی نے × اور روایت ہے جابر

ابن سمرۃ قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ فی صلوٰۃ المغرب لیلۃ الجمعۃ قل یا ایها الکافرون و قل هو اللہ احد رواہ فی شرح

ابن سمرہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے نماز مغرب میں جمعہ کی رات قل یا ایها الکافرون اور قل ہو اللہ احد روایت کیا اسکو شرح

السنۃ و رواہ ابن ماجۃ عن ابن عمر الا انہ لم یذکر لیلۃ الجمعۃ وعن عبد اللہ ابن مسعود قال ما احصی ما سمعت رسول اللہ

سنت میں اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ابن عمر سے مگر یہہ کہ اُسنے نہ ذکر کیا جمعہ کی رات × اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ نہیں گن سکتا میں اسقدر کہ سنا میں نے رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ فی الرکعتین بعد المغرب و فی الرکعتین قبل صلوٰۃ الفجر بقل یا ایها الکافرون و قل هو اللہ احد

صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھتے تھے دو رکعتوں میں بعد مغرب کے ہیں اور دو رکعتوں میں جو قبل نماز فجر کے ہیں قل یا ایها الکافرون اور قل ہو اللہ احد

رواہ الترمذی و رواہ ابن ماجۃ عن ابی هریرۃ الا انہ لم یذکر بعد المغرب وعن سلیمان بن یسار عن ابی هریرۃ قال ما صلیت

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ابو ہریرہ سے مگر یہہ کہ اُسنے نہ ذکر کیا بعد مغرب کے × اور روایت ہے سلیمان ابن یسار سے نقل کیا ابو ہریرہ سے کہ نہیں نماز پڑھی میں نے

وراء احد اشبه صلوٰۃ برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من فلان قال سلیمان صلیت خلفہ فکان یطیل الرکعتین الاولیین

پیچھے کسی کے کہ مشابہ زیادہ ہو نماز میں ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فلانے شخص سے ف ۳ کہا سلیمان نے نماز پڑھی میں نے پیچھے اس شخص کے سو تھے لمبی کرتے دو رکعتیں پہلی کو

من الظهر و یخفف الاخریین و یخفف العصر و یقرأ فی المغرب بقصار المفصل و یقرأ فی العشاء بوسط المفصل و یقرأ فی الصبح

ظہر میں اور ہلکی کرتے تھے دونوں پچھلی کو اور ہلکی کرتے تھے عصر کو اور پڑھتے تھے مغرب میں چھوٹی سورتیں اور پڑھتے تھے عشا میں میانی سورتیں اور پڑھتے تھے صبح میں

بطوال المفصل رواہ النسائی و روی ابن ماجۃ الی و یخفف العصر وعن عبادۃ ابن الصامت قال کنا خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

دراز سورتیں روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے لفظ و یخفف العصر تک × اور روایت ہے عبادہ ابن صامت سے کہا کہ تھے ہم پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

فی صلوٰۃ الفجر فقرأ فثقلت علیہ القراءۃ فلما فرغ قال لعلکم تقرؤن خلف امامکم قلنا نعم یا رسول اللہ قال لا تفعلوا الا

فجر کی نماز میں پھر قرات کی حضرت نے پھر بھاری ہوئی اُن پر قرأت پھر جب فارغ ہوئے فرمایا کہ شاید تم لوگ پڑھتے ہو پیچھے امام اپنے کے کہا ہمنے ہاں یا رسول اللہ فرمایا نہ کیا کرو مگر

بفاتحۃ الکتٰب فانہ لا صلوٰۃ لمن لم یقرأ بها رواہ ابو داؤد و الترمذی و للنسائی معناہ و فی روایۃ لابی داؤد قال و انا

الحمد پھر تحقیق حال یہہ ہے کہ نہیں نماز اُس شخص کے لئے کہ نہ پڑھے اسکو روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی نے اور نسائی کی روایت میں معنے اسکے اور ایک روایت میں ابی داؤد کی فرمایا اور میں

اقول مالی ینازعنی القرآن فلا تقرؤا بشیء من القرآن اذا جهرت الا بام القرآن وعن ابی هریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ

کہتا ہوں اپنے دل میں کیا ہوا مجھکو کہ کشاکشی کرتا ہے مجھسے قرآن ف ۴ سو نہ پڑھو کچھ قرآن میں سے جس وقت کہ میں پکار کر پڑھوں مگر الحمد × اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم انصرف من صلوٰۃ جهر فیها بالقراءۃ فقال هل قرأ معی احد منکم انفا فقال رجل نعم یا رسول اللہ قال انی اقول مالی

وسلم پھرے نماز سے جس میں پکار کے قرآن پڑھا تھا پھر فرمایا کیا پڑھا ہے میرے ساتھ کسی نے تم میں سے اب تب عرض کیا ایک شخص نے کہ ہاں یا رسول اللہ فرمایا تحقیق میں کہتا تھا دل میں کہ کیا ہے مجھکو

انازع القرآن قال فانتهی الناس عن القراءۃ مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیما جهر فیہ بالقراءۃ من الصلوٰت حین سمعوا

کہ چھینا چھینی کرتا ہو قرآن سے ف ۵ کہا ابو ہریرہ نے پھر باز رہے لوگ پڑھنے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جس نماز میں کہ باواز بلند حضرت قراءت کرتے جب کہ سنا سب نے.

ذٰلِكَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ نَحْوَهٗ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ وَالْبَيَاضِيِّ

یہہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا اسکو مالک نے اور احمد اور ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے مانند اسکے * اور روایت ہے ابن عمر اور بیاضی

قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُصَلِّيَ يُنَاجِيْ رَبَّهٗ فَلْيَنْظُرْ مَا يُنَاجِيْهِ بِهٖ وَلَا يَجْهَرْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ بِالْقُرْاٰنِ رَوَاهُ اَحْمَدُ

کہا دونوں نے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق نماز پڑھنے والا کانا پھوسی کرتا ہے اپنے پروردگار سے پس چاہیے کہ دیکھے اس چیز کو کہ کانا پھوسی کرتا ہے ساتھ اسکے اور نہ بلند کرے آواز ایک تمہارا دوسرے پر ساتھ قرآن کے روایت کیا اسکو احمد نے

وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَاِذَا قَرَاَ فَاَنْصِتُوْا رَوَاهُ

اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سوا اسکے نہیں مقرر کیا گیا ہے امام واسطے کہ اسکی پیروی کی جاوے پس جب کہے امام تکبیر تب تکبیر کہو تم اور جب پڑھے امام تب چپ رہو روایت کیا اسکو

اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ لَا اَسْتَطِيْعُ اَنْ

ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے * اور روایت ہے عبد اللہ ابن ابی اوفی سے کہا کہ آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا کہ تحقیق میں نہیں طاقت رکھتا ہوں کہ

اٰخُذَ مِنَ الْقُرْاٰنِ شَيْئًا فَعَلِّمْنِيْ مَا يُجْزِئُنِيْ قَالَ قُلْ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ قَالَ

یاد کر لوں میں قرآن میں سے کچھ پس سکھلا مجھکو اسقدر کہ کفایت کرے مجھکو فرمایا کہہ تو سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ کہا اسنے

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا لِلّٰهِ فَمَاذَا لِيْ قَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ فَقَالَ هٰكَذَا بِيَدَيْهِ وَقَبَضَهُمَا فَقَالَ رَسُوْلُ

یا رسول اللہ یہہ تو اللہ کی تعریف ہے پھر میرے واسطے کیا ہے فرمایا کہہ تو یا الٰہی رحم کر مجھ پر اور آرام رکھ مجھکو اور ہدایت کر مجھکو اور روزی دے مجھکو پھر اشارہ کیا اسنے اس طرح ہاتھوں اپنے سے اور بند کیا ان دونوں کو تب فرمایا رسول

اور روایت ہے براء سے کہا کہ تھے ہم جب نماز پڑھتے پیچھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دوست رکھتے ہم کہ ہوں ہم حضرت کے داہنے کہ متوجہ ہوں ہم پر اپنے منہ سے کہا براء نے پس سنا میں نے حضرت سے فرماتے تھے اے میرے رب بچا مجھ کو اپنے عذاب سے اس دن کہ اٹھاوے گا تو

أو تجمع عبادك. رواه مسلم. وعن أم سلمة قالت إن النساء في عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم كن إذا سلمن

یا فرمایا اکٹھا کریگا تو اپنے بندوں کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ تحقیق عورتیں زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تھیں جب سلام پھیرتیں

من المكتوبة قمن وثبت رسول الله صلى الله عليه وسلم ومن صلى من الرجال ما شاء الله فإذا قام رسول الله صلى

فرض نماز سے اٹھ جاتیں اور پیچھے رہتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور جو لوگ نماز پڑھتے مردوں میں سے جس قدر کہ چاہتا اللہ پھر جب کھڑے ہوتے رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم قام الرجال. رواه البخاري. وسنذكر حديث جابر بن سمرة في باب الضحك إن شاء الله تعالى.

اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوتے مرد روایت کیا اسکو بخاری نے اور قریب ہے کہ ذکر کرینگے ہم حدیث جابر ابن سمرہ کی باب ضحک میں ان شاء اللہ تعالی

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن معاذ بن جبل قال أخذ بيدي رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال إني لأحبك يا معاذ فقلت وأنا

روایت ہے معاذ ابن جبل سے کہا کہ پکڑا ہاتھ میرا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر فرمایا کہ تحقیق دوست رکھتا ہوں میں تجھکو اے معاذ تب کہا میں نے اور میں بھی

أحبك يا رسول الله قال فلا تدع أن تقول في دبر كل صلاة رب أعني على ذكرك وشكرك وحسن عبادتك. رواه

دوست رکھتا ہوں آپ کو یا رسول اللہ فرمایا نہ چھوڑ تو اسکو کہ کہے تو پیچھے ہر نماز کے اے میرے رب مدد کر میری اپنی ذکر کرنے اور شکر کرنے اور اچھی طرح اپنی عبادت کرنے پر روایت کیا اسکو

أحمد وأبو داود والنسائي إلا أن أبا داود لم يذكر قال معاذ وأنا أحبك. وعن عبد الله بن مسعود قال إن

احمد اور ابوداؤد اور نسائی نے مگر یہ کہ ابوداؤد نے نہ ذکر کیا یہ لفظ قال معاذ وانا احبک ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ تحقیق

رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يسلم عن يمينه السلام عليكم ورحمة الله حتى يرى بياض خده الأيمن وعن يساره

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے سلام پھیرتے اپنے داہنے کہتے السلام علیکم ورحمۃ اللہ یہاں تک دیکھی جاتی سفیدی آپ کے داہنے رخسار کی اور سلام پھیرتے اپنے بائیں

السلام عليكم ورحمة الله حتى يرى بياض خده الأيسر. رواه أبو داود والترمذي والنسائي ولم يذكر الترمذي

کہتے السلام علیکم ورحمۃ اللہ یہاں تک کہ دیکھی جاتی سفیدی ان کے بائیں رخسار کی روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی نے اور نہ ذکر کیا ترمذی نے یہ لفظ

حتى يرى بياض خده. ورواه ابن ماجه عن عمار بن ياسر. وعن عبد الله بن مسعود قال كان أكثر انصراف النبي صلى الله

یہاں تک دیکھی جاتی سفیدی ان کے رخسار کی اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے عمار ابن یاسر سے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ تھا بہت پھرنا نبی صلی اللہ

عليه وسلم من صلاته إلى شقه الأيسر إلى حجرته. رواه في شرح السنة. وعن عطاء الخراساني عن المغيرة قال قال رسول

علیہ وسلم کا اپنی نماز سے اپنے بائیں پہلو کی طرف اپنے حجرے کی طرف ف روایت کیا اسکو شرح سنت میں ۔ اور روایت ہے عطا خراسانی سے اسنے نقل کیا مغیرہ سے کہا کہ فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم لا يصلي الإمام في الموضع الذي صلى فيه حتى يتحول. رواه أبو داود وقال عطاء الخراساني لم

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ نماز پڑھے امام ف اس جگہ میں کہ فرض نماز پڑھی ہے اس میں یہاں تک کہ سرک جاوے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور کہا کہ عطاء خراسانی نے نہیں

يدرك المغيرة. وعن أنس أن النبي صلى الله عليه وسلم حضهم على الصلاة ونهاهم أن ينصرفوا قبل انصرافه من الصلاة

دیکھا مغیرہ کو ۔ اور روایت ہے انس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خواہش دلایا صحابہ کو نماز پر اور منع کیا انکو اس سے کہ پھریں قبل پھرنے حضرت کے نماز سے

رواہ ابوداود **الفصل الثالث** عن شداد بن اوس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول فی صلوتہ اللھم انی

روایت کیا اسکو ابوداود نے ٭ فصل تیسری ٭ روایت ہے شداد ابن اوس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہتے اپنی نماز میں ف یا الٰہی تحقیق میں

اسئلک الثبات فی الامر والعزیمۃ علی الرشد واسئلک شکر نعمتک وحسن عبادتک واسئلک قلبا سلیما ولسانا صادقا

مانگتا ہوں تجھ سے ثابت رہنا دین کے کام میں اور قصد کرنا سیدھی راہ پر اور مانگتا ہوں تجھ سے توفیق تیری نعمت کے شکر کی اور خوبی تیری عبادت کی اور مانگتا ہوں تجھ سے دل بے عیب اور زبان سچی

واسئلک من خیر ما تعلم واعوذ بک من شر ما تعلم واستغفرک لما تعلم رواہ النسائی وروی احمد نحوہ وعن

اور مانگتا ہوں تجھ سے اس چیز کی نیکی جسے کہ جانتا تو ہے اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے برائی اس چیز کی جسے جانتا ہے تو اور بخشش مانگتا ہوں تجھ سے اس گناہ کی جو جانتا ہے تو روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت کیا احمد نے مانند اسکے اور روایت ہے

جابر قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول فی صلوتہ بعد التشہد احسن الکلام کلام اللہ واحسن الھدی ھدی محمد

جابر سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہتے اپنی نماز میں بعد تشہد کے سب سے بھلا کلام کلام اللہ کا ہے اور سب سے بھلا طریقہ طریقہ محمد کا ہے

رواہ النسائی وعن عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یسلم فی صلوتہ تسلیمۃ تلقاء وجھہ ثم یمیل الی الشق

روایت کیا اسکو نسائی نے ٭ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سلام پھیرتے اپنی نماز میں ایک سلام سامنے اپنے منہ کے پھر جھکتے تھے اپنی

الایمن شیئا رواہ الترمذی وعن سمرۃ قال امرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان نرد علی الامام ونتحاب وان یسلم

داہنی طرف تھوڑا سا روایت کیا اسکو ترمذی نے ٭ اور روایت ہے سمرہ سے کہا کہ حکم کیا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ کہ سلام کا جواب دیں ہم امام کو اور یہہ کہ محبت کریں ہم آپس میں اور یہہ کہ سلام کرے

بعضنا علی بعض رواہ ابوداود **باب الذکر بعد الصلوۃ** **الفصل الاول** عن ابن عباس قال کنت اعرف

ایک ہمارا دوسرے کو ف روایت کیا اسکو ابوداود نے ٭ یہہ باب ہے بیان میں ذکر کے بعد نماز کے ٭ فصل پہلی ٭ روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ تھا میں پہچانتا

انقضاء صلوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالتکبیر متفق علیہ وعن عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ

تمام ہونا نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ تکبیر کے ف ٭ ق ٭ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم اذا سلم لم یقعد الا مقدار ما یقول اللھم انت السلام ومنک السلام تبارکت یا ذا الجلال والاکرام رواہ مسلم

وسلم جب سلام پھیرتے نہ بیٹھتے مگر اسقدر کہ کہتے یا الٰہی تو ہی سلامت سب عیب سے اور تجھ سے ہی سلامتی بندوں کی بابرکت ہے تو اے صاحب بزرگی اور بزرگ کر دینے کے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن ثوبان قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا انصرف من صلوتہ استغفر ثلثا وقال اللھم انت السلام ومنک

اور روایت ہے ثوبان سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب پھرتے اپنی نماز سے استغفر اللہ کہتے تین بار اور کہتے یا الٰہی تو ہی سلامت سب عیب سے اور تجھ سے ہی

السلام تبارکت یا ذا الجلال والاکرام رواہ مسلم وعن المغیرۃ بن شعبۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول

سلامتی بندوں کی بابرکت ہے تو اے صاحب بزرگی اور بزرگ کر دینے کے روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے مغیرہ ابن شعبہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے کہتے

فی دبر کل صلوۃ مکتوبۃ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر اللھم لا مانع

پیچھے ہر نماز فرض کے نہیں کوئی معبود برحق سوا اللہ کے اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں اسی کی ہے بادشاہت اور اسی کے واسطے ہے سب تعریف اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے یا الٰہی نہیں ہے کوئی منع کرنے والا

لما اعطیت ولا معطی لما منعت ولا ینفع ذا الجد منک الجد متفق علیہ وعن عبد اللہ ابن الزبیر قال کان رسول

اس چیز کے واسطے کہ دیا تو نے اور نہیں ہے دینے والا اس چیز کے واسطے کہ منع کیا تو نے اور نہیں فائدہ دیتی دولت والے کو تیرے عذاب سے دولت ق ٭ اور روایت ہے عبد اللہ ابن زبیر سے کہا کہ تھے رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا سلم من صلوتہ یقول بصوتہ الاعلی لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سلام پھیرتے اپنی نماز سے کہتے کہتے اپنی بلند آواز سے نہیں کوئی معبود برحق سوا اللہ کے اور وہ اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں اسی کے واسطے ہے بادشاہت اور اسی کے واسطے ہے

الحمد وهو على كل شيء قدير لا حول ولا قوة الا بالله لا اله الا الله ولا نعبد الا اياه له النعمة وله الفضل

تعریف اور وہ سب چیز پر قدرت رکھنے والا ہے نہیں ہے پھرنا گناہ سے اور نہیں ہے قوت عبادت کی مگر اللہ کی مدد سے نہیں ہے کوئی معبود سوا اللہ کے اور نہیں عبادت کرتے ہم مگر اسی کی اسی کی ہے نعمت اور اسی کی ہے بزرگی

وله الثناء الحسن لا اله الا الله مخلصين له الدين ولو كره الكافرون رواه مسلم وعن سعد انه كان يعلم بنيه

اور اسی کو ہے تعریف نیک نہیں ہے کوئی معبود برحق سوا اللہ کے خالص کرنے والے ہیں ہم اسی کی بندگی اگرچہ برا مانیں کافر روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے سعد سے کہ تحقیق وہ سکھلاتے اپنے بیٹوں کو

هؤلاء الكلمات ويقول ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يتعوذ بهن دبر الصلوة اللهم اني اعوذ بك من الجبن و

یہ الفاظ اور کہتے تھے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے پناہ پکڑتے ان لفظوں کے ساتھ پیچھے نماز کے کہ یا الٰہی تحقیق میں پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیرے نامردی سے اور

اعوذ بك من البخل واعوذ بك من ارذل العمر واعوذ بك من فتنة الدنيا وعذاب القبر رواه البخاري وعن ابي هريرة

پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیرے بخیلی سے اور پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیرے ناکارہ عمر سے اور پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیرے فتنہ دنیا سے اور قبر کے عذاب سے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے ابوہریرہ سے

قال ان فقراء المهاجرين اتوا رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالوا قد ذهب اهل الدثور بالدرجات العلى والنعيم المقيم

کہا کہ تحقیق فقیر مہاجرین آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور کہا تحقیق لے گئے دولت والے درجے بلند اور نعمتیں ہمیشگی کی

فقال وما ذاك قالوا يصلون كما نصلي ويصومون كما نصوم ويتصدقون ولا نتصدق ويعتقون ولا نعتق فقال

پس فرمایا حضرت نے کیا ہے وہ بات عرض کیا وہ نماز پڑھتے ہیں جیسے ہم نماز پڑھتے ہیں اور روزہ رکھتے ہیں جیسے ہم روزہ رکھتے ہیں اور صدقہ دیتے ہیں اور ہم صدقہ نہیں دے سکتے اور غلام آزاد کرتے ہیں اور ہم نہیں

رسول الله صلى الله عليه وسلم افلا اعلمكم شيئا تدركون به من سبقكم وتسبقون به من بعدكم ولا يكون احد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ سکھلاؤں میں تمکو ایسی چیز کہ پہنچ جاؤ تم بسبب اس کے ان کو جو تم سے آگے بڑھ گئے ہیں اور بڑھ جاؤ تم بسبب اس کے ان لوگوں سے جو تمہارے بعد ہیں اور نہ ہوگا کوئی

افضل منكم الا من صنع مثل ما صنعتم قالوا بلى يا رسول الله قال تسبحون وتكبرون وتحمدون دبر كل صلوة ثلاثا و

افضل تم سے مگر وہ شخص کہ کرے مانند اس عمل کے کہ کرو تم عرض کیا ہاں سکھلا یا رسول اللہ فرمایا سبحان اللہ کہو اور اللہ اکبر کہو اور الحمد للہ کہو پیچھے ہر نماز کے تینتیس

ثلاثين مرة قال ابو صالح فرجع فقراء المهاجرين الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالوا سمع اخواننا اهل الاموال بما

تینتیس بار کہا ابو صالح راوی نے پھر دوبارہ آئے فقیر مہاجرین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور عرض کیا کہ سنا ہمارے بھائیوں نے جو مالدار ہیں اس چیز کو

فعلنا ففعلوا مثله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ذلك فضل الله يؤتيه من يشاء متفق عليه وليس قول ابي صالح الى اخره

کہ کیا ہم نے پھر کیا انہوں نے مانند اس کے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فضل اللہ کا ہے دیتا ہے جسکو چاہتا ہے اور نہیں ہے قول ابو صالح کا آخر تک

الا عند مسلم وفي رواية للبخاري تسبحون في دبر كل صلوة عشرا وتحمدون عشرا وتكبرون عشرا بدل ثلثا وثلثين

مگر مسلم کی روایت میں اور ایک روایت میں بخاری کی سبحان اللہ کہو پیچھے ہر نماز کے دس بار اور الحمد للہ کہو دس بار اور اللہ اکبر کہو دس بار بدلے تینتیس تینتیس کے

وعن كعب بن عجرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم معقبات لا يخيب قائلهن او فاعلهن دبر كل صلوة مكتوبة ثلث وثلثون تسبيحة

اور روایت ہے کعب بن عجرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی کلمے ہیں پیچھے کہے جاتے ہیں نہیں ناامید ہوتا کہنے والا ان کا پیچھے ہر نماز فرض کے تینتیس بار سبحان اللہ کہنا

وثلث وثلثون تحميدة واربع وثلثون تكبيرة رواه مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من سبح الله في

اور تینتیس بار الحمد للہ کہنا اور چونتیس بار اللہ اکبر کہنا روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص سبحان اللہ کہے

دبر كل صلوة ثلثا وثلثين وحمد الله ثلثا وثلثين وكبر الله ثلثا وثلثين فتلك تسعة وتسعون وقال تمام المائة

پیچھے ہر نماز کے تینتیس بار اور الحمد للہ کہے تینتیس بار اور اللہ اکبر کہے تینتیس بار پھر یہ ننانوے بار ہوا اور کہے سو بار پورا کرنے کو

لا اله الا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد وهو على كل شيء قدير غفرت خطاياه وان كانت مثل زبد البحر

نہیں کوئی معبود برحق سوا اللہ کے وہ اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں اسی کے واسطے بادشاہی ہے اور اسی کے واسطے ہے سب تعریف اور وہ سب چیز پر قادر ہے بخشے جاوینگے اسکے سارے گناہ اگرچہ ہوں مانند جھاگ سمندر کے

رواه مسلم

الفصل الثاني

عن ابي امامة قال قيل يا رسول الله اي الدعاء اسمع قال جوف الليل الآخر ودبر الصلوات

روایت کیا اسکو مسلم نے ＊ فصل دوسری ＊ روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ لوگوں نے کہا یا رسول اللہ کونسی دعا بہت سنی جاتی ہے فرمایا دعا مانگنا درمیان آخر رات کے اور پیچھے

المكتوبات رواه الترمذي وعن عقبة بن عامر قال امرني رسول الله صلى الله عليه وسلم ان اقرأ بالمعوذات في دبر كل صلوة

فرض نمازوں کے ＊ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عقبہ ابن عامر سے کہا کہ حکم کیا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ کہ پڑھوں میں معوذات پیچھے ہر نماز کے۔

رواه احمد وابو داود والنسائي والبيهقي في الدعوات الكبير وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لان اقعد

روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور نسائی نے اور بیہقی نے دعوات کبیر میں ＊ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اگر بیٹھوں میں

مع قوم يذكرون الله من صلوة الغداة حتى تطلع الشمس احب الي من ان اعتق اربعة من ولد اسمعيل ولان اقعد مع

ان قوم کے ساتھ کہ ذکر کرتے ہیں اللہ کا صبح کی نماز سے یہاں تک کہ نکلے آفتاب دوست زیادہ ہے مجھکو اس سے کہ آزاد کروں میں چار غلام کو اولاد میں سے اسمعیل کی اور تحقیق اگر بیٹھوں میں ساتھ

قوم يذكرون الله من صلوة العصر الى ان تغرب الشمس احب الي من ان اعتق اربعة رواه ابو داود وعنه قال قال

ان قوم کے کہ ذکر کرتے ہیں اللہ کا عصر کی نماز سے آفتاب ڈوبنے تک دوست زیادہ ہے مجھکو اس سے کہ آزاد کروں میں چار غلام ＊ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ＊ اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى الفجر في جماعة ثم قعد يذكر الله حتى تطلع الشمس ثم صلى ركعتين كانت له

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ نماز پڑھے فجر کی جماعت میں پھر بیٹھے ذکر کرے اللہ کا یہاں تک کہ نکلے آفتاب پھر پڑھے دو رکعتیں ہوگا اسکے واسطے ثواب

كاجر حجة وعمرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تامة تامة تامة رواه الترمذي

مانند ثواب حج اور عمرہ کے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پورے حج کا پورے حج کا پورے حج کا ＊ روایت کیا اسکو ترمذی نے

الفصل الثالث

عن الازرق بن قيس قال صلى بنا امام لنا يكنى ابا رمثة قال صليت هذه الصلوة او مثل هذه الصلوة مع رسول الله صلى الله

＊ فصل تیسری ＊ روایت ہے ازرق ابن قیس سے کہا کہ نماز پڑھوائی ہمکو ہمارے امام نے کنیت کیا جاتا ہے ابو رمثہ ＊ کہا ابو رمثہ نے کہ نماز پڑھی میں نے اس نماز کو یا مانند اس نماز کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم قال وكان ابو بكر وعمر رضي الله عنهما يقومان في الصف المقدم عن يمينه وكان رجل قد شهد التكبيرة الاولى

علیہ وسلم کے کہا ابو رمثہ نے اور تھے ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما کھڑے ہوتے تھے پہلی صف میں داہنے حضرت کے اور تھا ایک مرد کہ تحقیق وہ حاضر ہوا پہلی تکبیر میں

من الصلوة فصلى نبي الله صلى الله عليه وسلم ثم سلم عن يمينه وعن يساره حتى راينا بياض خديه ثم انفتل كانفتال

نماز کی پھر نماز پڑھی نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر سلام پھیرا اپنے داہنے اور بائیں یہاں تک کہ دیکھا ہم نے سفیدی ان کے رخساروں کی پھر پھرے حضرت نماز سے مانند پھرنے

ابي رمثة يعني نفسه فقام الرجل الذي ادرك معه التكبيرة الاولى من الصلوة يشفع فوثب عمر فاخذ بمنكبه فهزه

ابی رمثہ کے یعنی جیسے میں پھرا ہوں پھر کھڑا ہوا وہ شخص جسنے کہ پایا تھا ان کے ساتھ پہلی تکبیر نماز کی شروع کی دو رکعتیں پھر کود کے آئے عمر اور پکڑا اسکے مونڈھوں کو پھر ہلایا اسکو

ثم قال اجلس فانه لن يهلك اهل الكتاب الا انه لم يكن بين صلوتهم فصل فرفع النبي صلى الله عليه وسلم بصره فقال اصاب

اور کہا بیٹھ جا پھر تحقیق حال یہہ ہے کہ نہیں ہلاک کیا اہل کتاب کو مگر یہی کہ نہ تھا انکی نمازوں میں فرق پھر اٹھایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نگاہ اور فرمایا پہنچا دے

الله بك يا ابن الخطاب رواه ابو داود وعن زيد بن ثابت قال امرنا ان نسبح في دبر كل صلوة ثلثا وثلثين ونحمد ثلثا

اللہ تجھکو حق پر اے بیٹے خطاب کے ＊ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ＊ اور روایت ہے زید ابن ثابت سے کہا کہ حکم کئے گئے ہم یہہ کہ سبحان اللہ کہیں ہم پیچھے ہر نماز کے تینتیس بار اور الحمد للہ کہیں تینتیس

وثلاثين وتكبير اربعا وثلاثين فأتي رجل في المنام من الانصار فقيل له امركم رسول الله صلى الله عليه وسلم ان تسبحوا في دبر

تیس بار اور اللہ اکبر چونتیس بار پس آیا ایک شخص خواب میں انصار میں سے پھر کہا گیا اسکو کہ حکم کیا ہے تمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ تسبیح کرو پیچھے

كل صلوة كذا وكذا قال الانصاري في منامه نعم قال فاجعلوها خمسا وعشرين خمسا وعشرين واجعلوا فيها

ہر نماز کے اتنی اور اتنی بار کہا انصاری نے اپنے خواب میں کہ ہاں کہا اسنے پھر مقرر کرو ان تسبیحوں کو پچیس پچیس بار اور مقرر کرو اسمیں

التهليل فلما اصبح غدا على النبي صلى الله عليه وسلم فاخبره فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم فافعلوا رواه احمد والنسائي والدارمي وعن

لا الہ الا اللہ پھر جب صبح کی اسنے سویرے آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور خبر دی آپکو پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر کرو روایت کیا اسکو احمد اور نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے

علي رضي الله عنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم على اعواد هذا المنبر يقول من قرأ آية الكرسي في دبر كل صلوة

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لکڑیوں پر اس منبر کی فرماتے تھے جو شخص پڑھے آیۃ الکرسی پیچھے ہر نماز کے

لم يمنعه من دخول الجنة الا الموت ومن قرأها حين يأخذ مضجعه آمنه الله على داره ودار جاره واهل دويرات حوله

نہیں منع کرتا اسکو بہشت میں آنے سے سوا موت کے اور جو شخص پڑھے اسکو جس وقت کہ سونے لگے امن دیتا ہے اسکو اللہ اسکے گھر اور اسکے ہمسائے کے گھر اور کئی گھروں کو اسکے گرد کے

رواه البيهقي في شعب الايمان وقال اسناده ضعيف وعن عبد الرحمن بن غنم عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من قال قبل ان ينصرف

روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا اسناد اسکی ضعیف ہے اور روایت ہے عبد الرحمن ابن غنم سے اسنے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کہے قبل اسکے کہ پھرے

ويثني رجليه من صلوة المغرب والصبح لا اله الا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد بيده الخير يحيي ويميت وهو على

اور موڑے اپنے پانوں نماز مغرب کی اور صبح کی نہیں کوئی معبود برحق سوا اللہ کے اکیلا ہے نہیں کوئی شریک اسکا اسی کے واسطے ہے بادشاہی اور اسی کے واسطے ہے تعریف اسی کے ہاتھ میں ہے بھلائی جلاتا ہے اور مارتا ہے اور وہ

كل شيء قدير عشر مرات كتب له بكل واحدة عشر حسنات ومحيت عنه عشر سيئات ورفع له عشر درجات وكانت له حرزا من كل مكروه

سب چیز پر قادر ہے دس بار لکھی جاتی ہیں اسکے لئے ہر لفظ کے بدلے دس نیکیاں اور دور کی جاتی ہیں اس سے دس برائیاں اور بلند کئے جاتے ہیں اسکے لئے دس درجے اور ہوتے ہیں یہ الفاظ اسکے لئے پناہ ہر مکروہ سے

وحرزا من الشيطان الرجيم ولم يحل لذنب ان يدركه الا الشرك وكان من افضل الناس عملا الا رجلا يفضله يقول افضل مما قال رواه

اور پناہ شیطان راندے ہوئے سے اور نہیں پہنچتا کسی گناہ کو کہ پکڑے اسکو مگر شرک اور ہوگا افضل لوگوں سے عمل میں مگر وہ شخص کہ زیادہ کہے ان الفاظ کو بہ نسبت اسکے روایت کیا اسکو

احمد وروى الترمذي نحوه عن ابي ذر الى قوله الا الشرك ولم يذكر صلوة المغرب ولا بيده الخير وقال هذا حديث حسن صحيح غريب وعن عمر بن

احمد نے اور روایت کیا ترمذی نے مانند اسکے ابوذر سے اسکے قول الا الشرک تک اور نہ ذکر کیا نماز مغرب کا اور نہ لفظ بیده الخیر کا اور کہا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور روایت ہے عمر ابن

الخطاب ان النبي صلى الله عليه وسلم بعث بعثا قبل نجد فغنموا غنائم كثيرة واسرعوا الرجعة فقال رجل ممن لم يخرج ما راينا بعثا

الخطاب سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ایک فوج نجد کی طرف پھر لوٹ لائے بہت مال لوٹ کے زیادہ اور جلدی پھر آئے پس کہا ایک شخص نے جو نہ نکلا تھا کہ نہیں دیکھا ہم نے کوئی لشکر

اسرع رجعة ولا افضل غنيمة من هذا البعث فقال النبي صلى الله عليه وسلم الا ادلكم على قوم افضل غنيمة وافضل رجعة قوم

کہ جلد پھرنے والا ہو اور نہ زیادہ لوٹ والا اس فوج سے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ بتلاؤں میں تمکو ایک قوم کہ زیادہ لوٹ والی اور زیادہ جلد پھرنے والی ہے وہ قوم

شهدوا صلوة الصبح ثم جلسوا يذكرون الله حتى طلعت الشمس فاولئك اسرع رجعة وافضل غنيمة رواه الترمذي وقال هذا

حاضر ہوئے صبح کی نماز میں پھر بیٹھے یاد کرتے رہے اللہ کو یہانتک کہ نکلا آفتاب پھر یہ لوگ جلد پھرنے والے ہیں اور زیادہ لوٹ والے ہیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ

حديث غريب وحماد بن ابي حميد الراوي هو ضعيف في الحديث

حدیث غریب ہے اور حماد ابن ابی حمید راوی اسکا ضعیف ہے حدیث میں

باب ما لا يجوز من العمل في الصلوة وما يباح منه

یہ باب بیچ بیان اس چیز کے ہے کہ نہیں جائز کرنا اسکا بیچ نماز کے اور اس چیز کے کہ مباح ہے کرنا اسکا

الفصل الاول

پہلی فصل

عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ بَيْنَا أَنَا أُصَلِّيْ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ عَطَسَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ فَقُلْتُ يَرْحَمُكَ اللهُ فَرَمَانِي الْقَوْمُ

روایت ہے معاویہ ابن حکم سے کہا اسوقت کہ ہم نماز پڑھتے تھے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے یکایک چھینکا ایک شخص نے جماعت میں سے پھر کہا میں نے رحمت کرے تجھکو اللہ پھر گھورا مجھکو قوم نے

بِأَبْصَارِهِمْ فَقُلْتُ وَاثُكْلَ أُمِّيَاهُ مَا شَأْنُكُمْ تَنْظُرُوْنَ إِلَيَّ فَجَعَلُوْا يَضْرِبُوْنَ بِأَيْدِيْهِمْ عَلٰى أَفْخَاذِهِمْ فَلَمَّا رَأَيْتُهُمْ يُصَمِّتُوْنَنِيْ لٰكِنِّيْ

اپنی آنکھوں سے پھر کہا میں نے گم کیجو میری ماں کیا حال ہے تمہارا دیکھتے ہو میری طرف پھر شروع کیا سب نے کہ مارتے تھے ہاتھ اپنے رانوں پر پھر جب دیکھا میں نے ان کو کہ چپ کراتے ہیں مجھکو و لیکن

سَكَتُّ فَلَمَّا صَلّٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبِأَبِيْ هُوَ وَأُمِّيْ مَا رَأَيْتُ مُعَلِّمًا قَبْلَهٗ وَلَا بَعْدَهٗ أَحْسَنَ تَعْلِيْمًا مِّنْهُ فَوَاللهِ مَا كَهَرَنِيْ

چپ رہا پھر جب نماز پڑھ چکے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر میرے باپ اور ماں ان پر قربان ہوں نہیں دیکھا میں نے کوئی تعلیم کرنے والا استاد ان سے پہلے اور نہ ان کے بعد ان سے بہتر زیادہ تعلیم کرنے میں پھر قسم ہے اللہ کی نہ جھڑکا مجھکو

وَلَا ضَرَبَنِيْ وَلَا شَتَمَنِيْ قَالَ إِنَّ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ لَا يَصْلُحُ فِيْهَا شَيْءٌ مِّنْ كَلَامِ النَّاسِ إِنَّمَا هِيَ التَّسْبِيْحُ وَالتَّكْبِيْرُ وَقِرَاءَةُ الْقُرْاٰنِ أَوْ كَمَا قَالَ

اور نہ مارا مجھکو اور نہ گالی دیا مجھکو فرمایا بیشک یہ نماز نہیں لائق ہے اسمیں کوئی چیز آدمیوں کی بات میں سے سوا اسکے نہیں کہ وہی نماز تسبیح ہے اور تکبیر ہے اور پڑھنا قرآن کا ہے یا جیسا کہ فرمایا

رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ إِنِّيْ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ وَقَدْ جَاءَنَا اللهُ بِالْإِسْلَامِ وَإِنَّ مِنَّا رِجَالًا يَأْتُوْنَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ف کہا میں نے یا رسول اللہ بیشک میں قریب ہوں زمانے سے جاہلیت کے ف اور تحقیق لایا ہمارے بیچ میں اللہ دین اسلام کو اور تحقیق ہم میں سے کتنے تحقیق کہ آتے ہیں

الْكُهَّانَ قَالَ فَلَا تَأْتِهِمْ قُلْتُ وَمِنَّا رِجَالٌ يَتَطَيَّرُوْنَ قَالَ ذٰلِكَ شَيْءٌ يَجِدُوْنَهٗ فِيْ صُدُوْرِهِمْ فَلَا يَصُدَّنَّهُمْ قَالَ قُلْتُ وَمِنَّا رِجَالٌ

پریوں والوں پاس فرمایا پھر مت جاؤ ان کے پاس ف کہا میں نے اور ہم میں کتنے شخص ہیں کہ شگون بد لیتے ہیں فرمایا یہ ایک چیز ہے کہ پاتے ہیں اسکو اپنے دلوں میں پھر چاہیے نہ باز رکھے ان کو کام سے کہا میں نے اور ہم میں کتنے شخص

يَخُطُّوْنَ قَالَ كَانَ نَبِيٌّ مِّنَ الْأَنْبِيَاءِ يَخُطُّ فَمَنْ وَافَقَ خَطَّهٗ فَذَاكَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ قَوْلُهٗ لٰكِنِّيْ سَكَتُّ هٰكَذَا وَجَدْتُّ فِيْ صَحِيْحِ

کہ خط کھینچتے ہیں فرمایا تھے ایک نبی نبیوں میں سے کہ وہ خط کھینچتے تھے پھر جو شخص کہ موافق ہو خط اسکا ان کے خط سے تو وہ ٹھیک ہے ف روایت کیا اسکو مسلم نے قول لکنی سکت اسیطرح پایا میں نے صحیح

مُسْلِمٍ وَكِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ وَصُحِّحَ فِيْ جَامِعِ الْأُصُوْلِ بِلَفْظَةِ كَذَا فَوْقَ لٰكِنِّيْ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَى

مسلم میں اور کتاب حمیدی میں اور صحیح کی گئی ہے یہ لفظ جامع اصول میں ساتھ لفظ کذا کے اوپر لفظ لکنی کے ف اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ تھے ہم سلام کرتے

النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الصَّلٰوةِ فَيَرُدُّ عَلَيْنَا فَلَمَّا رَجَعْنَا مِنْ عِنْدِ النَّجَاشِيِّ سَلَّمْنَا عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْنَا فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللهِ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اور وہ نماز میں ہوتے پھر جواب دیتے سلام کا ہمکو سو جب پھر کے آئے ہم نجاشی کے پاس سے سلام کیا ہمنے حضرت پر پھر نہ جواب دیا ہمکو تب کہا ہمنے یا رسول اللہ

كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَيْكَ فِي الصَّلٰوةِ فَتَرُدُّ عَلَيْنَا فَقَالَ إِنَّ فِي الصَّلٰوةِ لَشُغْلًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ مُعَيْقِيْبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي

تھے ہم سلام کرتے آپ پر نماز میں پھر جواب دیتے تھے آپ ہم پر تب فرمایا کہ تحقیق نماز میں اسکی یاد میں مشغول ہونا ہے ف ق اور روایت ہے معیقیب سے اسنے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

الرَّجُلِ يُسَوِّي التُّرَابَ حَيْثُ يَسْجُدُ قَالَ إِنْ كُنْتَ فَاعِلًا فَوَاحِدَةً مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

اس مرد کے حال میں کہ برابر کرتا ہے خاک کو اس جگہ کہ سجدہ کرتا ہے فرمایا اگر ہے تو کرنے والا تو ایک بار ف ق اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ عَنِ الْخَصْرِ فِي الصَّلٰوةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْاِلْتِفَاتِ فِي الصَّلٰوةِ

وسلم نے ہاتھ رکھنے سے کوکھ پر نماز میں ق اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ پوچھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے داہنے بائیں دیکھنے سے نماز میں

فَقَالَ هُوَ اخْتِلَاسٌ يَخْتَلِسُهُ الشَّيْطَانُ مِنْ صَلٰوةِ الْعَبْدِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

تب فرمایا وہ اچک لینا ہے اچک لیتا ہے اسکو شیطان بندے کی نماز میں سے ف ق اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ لَيَنْتَهِيَنَّ أَقْوَامٌ عَنْ رَفْعِهِمْ أَبْصَارَهُمْ عِنْدَ الدُّعَاءِ فِي الصَّلٰوةِ إِلَى السَّمَاءِ أَوْ لَتُخْطَفَنَّ أَبْصَارُهُمْ رَوَاهُ

وسلم نے چاہیے کہ باز رہیں لوگ اپنی نگاہ اٹھانے سے دعا کے وقت نماز میں آسمان کی طرف یا اچک لی جاویں گی ان کی آنکھیں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت

ابی قتادة قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم يؤم الناس وأمامة بنت أبي العاص على عاتقه فإذا ركع وضعها وإذا

ابی قتادہ سے کہا کہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ امامت کرتے تھے لوگوں کی اور حال یہ ہے کہ امامہ بیٹی ابی العاص کی سوتی اُن کے مونڈھے پر پھر جب رکوع کرتے بٹھادیتے اسکو اور جب

رفع من السجود أعادها متفق عليه وعن أبي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا تثاءب أحدكم في الصلوة

سر اٹھاتے سجدے سے پھر اٹھالیتے اسکو ف × ق × اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب جنبھوائی لے ایک تمہارا نماز میں

فليكظم ما استطاع فإن الشيطان يدخل رواه مسلم وفي رواية البخاري عن أبي هريرة قال إذا تثاءب أحدكم في الصلوة

پھر چاہیے کہ بند کرے اسکو جہاں تک سکے پھر تحقیق شیطان اندر گھس جاتا ہے نقل کیا اسکو مسلم نے اور ایک روایت میں بخاری کی روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ جب جنبھوائی لے ایک تمہارا نماز میں

فليكظم ما استطاع ولا يقل ها فإنما ذلكم من الشيطان يضحك منه وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

پھر چاہیے کہ بند کرے جہاں تک سکے اور نہ کہے ہا ہا پھر سوا اسکے نہیں ہے کہ یہ شیطان سے ہے ہنستا ہے شیطان اس سے ق × اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

إن عفريتا من الجن تفلت البارحة ليقطع علي صلوتي فأمكنني الله منه فأخذته فأردت أن أربطه على سارية من سواري

تحقیق ایک دیو جنوں میں سے چھوٹ بھاگا کل کی رات تا کہ توڑ دے مجھ پر میری نماز پھر قدرت دی مجھکو اللہ نے اس پر تب پکڑا میں نے اسکو پھر ارادہ کیا میں نے کہ باندھوں اسکو ایک ستون میں

المسجد حتى تنظروا إليه كلكم فذكرت دعوة أخي سليمان رب هب لي ملكا لا ينبغي لأحد من بعدي فرددته خاسئا متفق

مسجد کے ستونوں میں سے یہاں تک کہ دیکھو تم لوگ اسکو سب کوئی پھر یاد کی میں نے دعا اپنے بھائی سلیمان کی یہ دعا اے رب میرے بخش مجھکو ایسی بادشاہت کہ نہیں لائق ہو کسی کو پیچھے میرے پھر پھیر دیا اسکو ذلیل

عليه وعن سهل بن سعد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من نابه شيء في صلوته فليسبح فإنما التصفيق للنساء

ق × اور روایت ہے سہل ابن سعد سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پیش آوے اسکو کچھ اپنی نماز میں پھر چاہیے کہ سبحان اللہ کہے پھر سوا اسکے نہیں کہ دستک مارنی عورتوں کے لئے ہے

وفي رواية قال التسبيح للرجال والتصفيق للنساء متفق عليه

الفصل الثاني

عن عبد الله بن مسعود قال كنا نسلم على النبي صلى الله عليه وسلم وهو في

اور ایک روایت میں ہے فرمایا سبحان اللہ کہنا مردوں کے لئے ہے اور دستک مارنا عورتوں کے لئے ہے ق × فصل دوسری روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ تھے ہم سلام کرتے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اور وہ ہوتے

الصلوة قبل أن نأتي أرض الحبشة فيرد علينا فلما رجعنا من أرض الحبشة أتيته فوجدته يصلي فسلمت عليه فلم يرد علي حتى إذا قضى صلوته

نماز میں قبل اسکے کہ آویں ہم حبش کی زمین میں پھر حضرت جواب دیتے ہمکو پھر جب پھرے ہم لوٹ کر زمین حبش سے آیا میں حضرت کے پاس پھر پایا میں نے ان کو نماز پڑھتے تب سلام کیا میں نے ان پر پھر نہ جواب دیا مجھے یہاں تک کہ جب تمام کیا اپنی نماز

قال إن الله يحدث من أمره ما يشاء وإن مما أحدث أن لا تتكلموا في الصلوة فرد علي السلام وقال إنما الصلوة لقراءة القرآن

فرمایا تحقیق اللہ نئے نئے ظاہر کرتا ہے حکم اپنے سے جو چاہتا ہے اور تحقیق اس چیز میں کہ نئی ظاہر کیا ہے یہ ہے کہ نہ بولا کرو نماز میں پھر جواب دیا مجھے سلام کا اور فرمایا سوا اسکے نہیں کہ نماز واسطے قرآن پڑھنے

وذكر الله فإذا كنت فيها فليكن ذلك شأنك رواه أبو داود وعن ابن عمر قال قلت لبلال كيف كان النبي صلى الله

اور اللہ کی ذکر کرنے کے ہے پھر جب ہو تو اسمیں تب چاہیے کہ ہو یہی قرآن اور ذکر کام تیرا نقل کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ کہا میں نے بلال سے کیونکر تھے نبی صلی اللہ

عليه وسلم يرد عليهم حين كانوا يسلمون عليه وهو في الصلوة قال كان يشير بيده رواه الترمذي وفي رواية النسائي نحوه

علیہ وسلم جواب دیتے صحابہ پر جس وقت کہ سلام کرتے وہ حضرت پر اور حضرت ہوتے نماز میں کہا کہ تھے اشارہ کرتے اپنے ہاتھ سے نقل کیا اسکو ترمذی نے اور ایک روایت میں نسائی کی مانند اسکے ہے

وعوض بلال صهيب وعن رفاعة بن رافع قال صليت خلف رسول الله صلى الله عليه وسلم فعطست فقلت الحمد

اور عوض بلال کے صہیب × اور روایت ہے رفاعہ ابن رافع سے کہا کہ نماز پڑھی میں نے پیچھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر چھینکا میں نے اور کہا میں نے سب حمد

لله حمدا كثيرا طيبا مباركا فيه مباركا عليه كما يحب ربنا ويرضى فلما صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم انصرف

اللہ کے واسطے ہے حمد بہت پاکیزہ برکت کی گئی اس حمد میں برکت کی گئی حمد پر جیسا کہ دوست رکھتا ہے رب ہمارا اور پسند کرتا ہے پھر جب نماز پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھرے

فقال من المتكلم في الصلوة فلم يتكلم احد ثم قالها الثانية فلم يتكلم احد ثم قالها الثالثة فقال رفاعة انا يا رسول الله فقال النبي

اور فرمایا کون ہے کلام کرنے والا نماز میں پھر نہ بولا کوئی پھر فرمایا اس بات کو دوسری بار پھر نہ بولا کوئی فرمایا اس بات کو تیسری بار تب کہا رفاعہ نے میں ہوں یا رسول اللہ تب فرمایا نبی

صلى الله عليه وسلم والذي نفسي بيده لقد ابتدرها بضعة وثلاثون ملكا ايهم يصعد بها رواه الترمذي وابو داود والنسائي

صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اس مالک کی کہ جان میری اس کے قبضہ میں ہے بیشک جلدی کرتے تھے اسکے لیجانے میں تیس اور کئی فرشتے کہ کون سا ان میں سے اوپر لیجاوے اسکو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور نسائی نے

وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم التثاؤب في الصلوة من الشيطان فاذا تثاءب احدكم فليكظم ما استطاع

اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنبھوائی لینی نماز میں شیطان سے ہے پھر جب جنبھوائی لیوے کوئی تم میں سے پھر چاہئے کہ بند کرے جہاں تک کہ ہو سکے

رواه الترمذي وفي اخرى له ولابن ماجة فليضع يده على فيه وعن كعب بن عجرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا توضأ

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور دوسری روایت میں ترمذی کی اور ابن ماجہ کی پھر چاہئے کہ رکھے ہاتھ اپنا اپنے منہ پر اور روایت ہے کعب ابن عجرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب وضو کرے

احدكم فاحسن وضوءه ثم خرج عامدا الى المسجد فلا يشبكن بين اصابعه فانه في الصلوة رواه احمد والترمذي و

ایک تم میں سے پھر اچھا کرے وضو پھر نکلے قصد کرنے والا مسجد کی طرف پھر نہ کرے ایک ہاتھ کی انگلی دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں کیونکہ وہ نماز میں ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور

ابو داود والنسائي والدارمي وعن ابي ذر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يزال الله تعالى عز وجل مقبلا على العبد وهو في

ابو داود اور نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے ابوذر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہتا ہے اللہ عزت اور بزرگی والا متوجہ اپنے بندے پر جب تک کہ بندہ

صلوته ما لم يلتفت فاذا التفت انصرف عنه رواه احمد وابو داود والنسائي والدارمي وعن انس ان النبي صلى الله عليه

نماز میں ہوتا ہے جب تک کہ نہیں دیکھتا داہنے بائیں پھر جب داہنے بائیں دیکھتا ہے نظر پھیر لیتا ہے روایت کیا اسکو احمد اور ابو داود اور نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے انس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ

وسلم قال يا انس اجعل بصرك حيث تسجد رواه البيهقي في سننه الكبير من طريق الحسن عن انس يرفعه وعنه قال قال لي رسول

وسلم نے فرمایا اے انس لگا تو نظر اپنی جس جگہ کہ سجدہ کرتا ہے تو روایت کیا اسکو بیہقی نے سنن کبیر میں روایت سے حسن بصری کی انہوں نے انس سے حدیث کی سند ملا دیا اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم يا بني اياك والالتفات في الصلوة فان الالتفات في الصلوة هلكة فان كان لا بد ففي التطوع لا

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے بچے بچا تو اپنی تئیں داہنے بائیں دیکھنے سے نماز میں پھر تحقیق داہنے بائیں دیکھنا نماز میں سبب ہلاک ہونے کا ہے پھر اگر ہے ضرور تو نفل میں نہ

في الفريضة رواه الترمذي وعن ابن عباس قال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يلحظ في الصلوة يمينا وشمالا

فرض میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے آنکھ کے کناروں سے دیکھتے نماز میں داہنے اور بائیں

ولا يلوي عنقه خلف ظهره رواه الترمذي والنسائي وعن عدي بن ثابت عن ابيه عن جده رفعه قال العطاس

اور نہیں پھیرتے تھے گردن اپنی اپنی پیٹھ کے پیچھے روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے اور روایت ہے عدی ابن ثابت سے اسنے نقل کیا اپنے باپ سے اسنے اپنے دادا سے اسنے حضرت تک پہنچایا

والنعاس والتثاؤب في الصلوة والحيض والقيء والرعاف من الشيطان رواه الترمذي وعن مطرف بن عبد الله بن

اور اونگھنا اور جنبھوائی نماز میں اور حیض اور قے اور ناک سے خون نکلنا شیطان سے ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے مطرف ابن عبد اللہ ابن

الشخير عن ابيه قال اتيت النبي صلى الله عليه وسلم وهو يصلي ولجوفه ازيز كازيز المرجل يعني يبكي وفي رواية قال

شخیر سے اسنے نقل کیا اپنے باپ سے اسنے کہا کہ آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور وہ نماز پڑھتے تھے اور ان کے پیٹ میں ایک جوش تھا آواز تھی مانند آواز دیگ کے یعنی روتے تھے اور ایک روایت میں ہے

رأيت النبي صلى الله عليه وسلم يصلي وفي صدره ازيز كازيز الرحى من البكاء رواه احمد وروى النسائي الرواية الاولى و

دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے تھے اور ان کے سینے میں جوش کی آواز تھی مانند آواز چکی کے رونے کے سبب سے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت کیا نسائی نے پہلی روایت اور

ابوداؤد الثانیۃ وعن ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام احدکم الی الصلوٰۃ فلا یمسح الحصا فان

ابوداؤد نے دوسری روایت ۔ اور روایت ہے ابوذر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کھڑا ہووے ایک تمہارا نماز کی طرف پھر نہ دور کرے کنکری کو پھر تحقیق

الرحمۃ تواجھہ رواہ احمد والترمذی وابوداؤد والنسائی وابن ماجۃ وعن ام سلمۃ رضی اللہ عنہا قالت رای

رحمت سامنے ہوتی ہے اسکے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ دیکھا

النبی صلی اللہ علیہ وسلم غلاما لنا یقال لہ افلح اذا سجد نفخ فقال یا افلح ترب وجھک رواہ الترمذی وعن ابن عمر قال قال

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک غلام کو جو ہمارا تھا کہا جاتا تھا اسکو افلح جب سجدہ کرتا پھونک مارتا تھا پس فرمایا اے افلح خاک آلودہ کر اپنے منہ کو روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الاختصار فی الصلوٰۃ راحۃ اھل النار رواہ فی شرح السنۃ وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوکھ پر ہاتھ رکھنا نماز میں یہہ صورت آرام لینے دوزخیوں کی ہے روایت کیا اسکو شرح سنت میں ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اقتلوا الاسودین فی الصلوٰۃ الحیۃ والعقرب رواہ احمد وابوداؤد والترمذی وللنسائی معناہ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل کرو دو کالوں کو نماز میں یعنے سانپ اور بچھو کو روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور ترمذی نے اور نسائی نے معنے اسکے

وعن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی تطوعا والباب علیہ مغلق فجئت

اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے نفل اور دروازہ اُن پر بند تھا پھر آئی میں

فاستفتحت فمشی ففتح لی ثم رجع الی مصلاہ وذکرت ان الباب کان فی القبلۃ رواہ احمد وابوداؤد والترمذی وروی

اور کھلوایا میں نے دروازہ پھر چلے اور کھولا دروازہ میرے لئے پھر پھر گئے اپنی نماز کی جگہہ میں اور ذکر کیا عائشہ نے کہ تحقیق دروازہ قبلہ کی طرف تھا روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور ترمذی نے اور روایت کیا

النسائی نحوہ وعن طلق بن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا فسا احدکم فی الصلوٰۃ فلینصرف فلیتوضا

نسائی نے مانند اسکے ۔ اور روایت ہے طلق ابن علی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ ریح چھوڑے ایک تمہارا نماز میں پھر چاہئے کہ پھرے اور وضو کرے

ولیعد الصلوٰۃ رواہ ابوداؤد وروی الترمذی مع زیادۃ ونقصان وعن عائشۃ انھا قالت قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اور پھر اوے نماز روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت کیا ترمذی نے ساتھ زیادتی اور کمی کے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے یہہ کہ انہوں نے کہا کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

اذا احدث احدکم فی صلوٰتہ فلیاخذ بانفہ ثم لینصرف رواہ ابوداؤد وعن عبداللہ بن عمرو قال قال رسول

جب حدث کرے ایک تمہارا اپنی نماز میں پھر چاہئے کہ پکڑے ناک اپنی پھر پھرے نماز سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے عبداللہ ابن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا احدث احدکم وقد جلس فی آخر صلوٰتہ قبل ان یسلم فقد جازت صلوٰتہ رواہ الترمذی

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حدث کرے ایک تمہارا اور تحقیق بیٹھ چکا ہو اپنی آخر نماز میں قبل اسکے کہ سلام پھیرے پھر تحقیق جائز ہوئی نماز اسکی روایت کیا اسکو ترمذی

وقال ھذا حدیث اسنادہ لیس بقوی وقد اضطربوا فی اسنادہ

اور کہا یہہ حدیث اسناد اسکی نہیں ہے قوی اور تحقیق اضطراب کیا ہے راویوں نے اسکی سند بیچ

الفصل الثالث

عن ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم خرج الی الصلوٰۃ فلما کبر انصرف واومی الیھم ان کما انتم ثم خرج فاغتسل ثم جاء ورأسہ یقطر فصلی بھم فلما

فصل تیسری ۔ روایت ہے ابوہریرہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نکلے نماز کے واسطے پھر جب تکبیر کہی پھرے اور اشارہ کیا صحابہ کی طرف کہ ٹھہرے رہو جس طرح ہو پھر نکلے اور غسل کیا پھر آئے اور سر انکا پانی ٹپکاتا تھا پھر نماز پڑھائی انکو پھر جب

صلی قال انی کنت جنبا فنسیت ان اغتسل رواہ احمد وروی مالک عن عطاء بن یسار مرسلا وعن جابر قال کنت

نماز پڑھ چکے فرمایا میں جنابت میں تھا پھر بھول گیا میں غسل کرنا روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت کیا مالک نے عطاء ابن یسار سے مرسل ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا تھا میں

اُصَلِّی الظُّهْرَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاٰخُذُ قَبْضَةً مِّنَ الْحَصٰی لِتَبْرُدَ فِیْ كَفِّیْ اَضَعُهَا لِجَبْهَتِیْ اَسْجُدُ عَلَيْهَا

نماز پڑہتا تھا ظہر کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر لیتا تھا میں ایک مٹھی کنکریوں سے تاکہ ٹھنڈی ہوجاویں میری ہتھیلی میں رکھتا تھا میں اسکو اپنی پیشانی کے نیچے کہ

لِشِدَّةِ الْحَرِّ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَی النَّسَائِیُّ نَحْوَهٗ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّیْ

بسبب سختی گرمی کے ف روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت کیا نسائی نے مانند اسکے اور روایت ہے ابی درداء سے کہا کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس حال میں کہ نماز پڑھتے

فَسَمِعْنَاهُ يَقُوْلُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ ثُمَّ قَالَ اَلْعَنُكَ بِلَعْنَةِ اللّٰهِ ثَلٰثًا وَبَسَطَ يَدَهٗ كَاَنَّهٗ يَتَنَاوَلُ شَيْئًا فَلَمَّا فَرَغَ مِنَ الصَّلٰوةِ

پھر سنا ہم نے اُنکو کہتے تھے پناہ مانگتا ہوں ساتھ اللہ کے تجھ سے پھر کہا لعنت کرتا ہوں تجھکو ساتھ لعنت اللہ کے تین بار اور بڑھایا ہاتھ اپنا گویا کہ وہ پکڑتے ہیں کسی چیز کو پھر جب فارغ ہوئے نماز سے

قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ سَمِعْنَاكَ تَقُوْلُ فِی الصَّلٰوةِ شَيْئًا لَمْ نَسْمَعْكَ تَقُوْلُهٗ قَبْلَ ذٰلِكَ وَرَاَيْنَاكَ بَسَطْتَ يَدَكَ قَالَ

کہا ہم نے یا رسول اللہ تحقیق سنا ہم نے آپ کو کہتے تھے نماز میں ایک چیز کہ نہ سنا ہم نے آپ کو کہتے تھے اسکو اسکے پہلے اور دیکھا ہم نے آپ کو کہ بڑھایا اپنا ہاتھ فرمایا

اِنَّ عَدُوَّ اللّٰهِ اِبْلِيْسَ جَاءَ بِشِهَابٍ مِّنْ نَّارٍ لِيَجْعَلَهٗ فِیْ وَجْهِیْ فَقُلْتُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قُلْتُ اَلْعَنُكَ

تحقیق دشمن اللہ کا ابلیس لایا شعلہ آگ کا تاکہ مارے اسکو میرے منہ میں پھر کہا میں نے پناہ مانگتا ہوں ساتھ اللہ کے تجھ سے تین بار پھر کہا میں نے لعنت کرتا ہوں تجھکو

بِلَعْنَةِ اللّٰهِ التَّامَّةِ فَلَمْ يَسْتَاْخِرْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ اَرَدْتُّ اَخْذَهٗ وَاللّٰهِ لَوْلَا دَعْوَةُ اَخِيْنَا سُلَيْمَانَ لَاَصْبَحَ مُوْثَقًا يَلْعَبُ بِهٖ

ساتھ لعنت اللہ کے جو پوری ہے پھر نہ ہٹا یہ لفظ کہا میں نے تین بار پھر ارادہ کیا میں نے کہ پکڑوں اسکو قسم ہے اللہ کی اگر نہوتی دعا ہمارے بھائی سلیمان کی بیشک صبح کرتا شیطان بندھا ہوا کھیلتے اس سے

وِلْدَانُ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ مَرَّ عَلٰی رَجُلٍ وَّهُوَ يُصَلِّیْ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَرَدَّ الرَّجُلُ كَلَامًا

لڑکے مدینے والوں کے ف روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے نافع سے کہا کہ تحقیق عبداللہ ابن عمر گذرے ایک شخص پر اور وہ نماز پڑھتا تھا پھر سلام کیا اسپر تب جواب دیا اس شخص نے بول کر

فَرَجَعَ اِلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ فَقَالَ لَهٗ اِذَا سُلِّمَ عَلٰی اَحَدِكُمْ وَهُوَ يُصَلِّیْ فَلَا يَتَكَلَّمْ وَلْيُشِرْ بِيَدِهٖ رَوَاهُ مَالِكٌ

پھر مخاطب ہوئے اسکی طرف عبداللہ ابن عمر اور کہا اسکو کہ جب کوئی سلام کرے تم میں سے کسی پر اور وہ نماز پڑھتا ہو تو نہ بولے اور چاہئے کہ اشارہ کرے ہاتھ سے ف روایت کیا اسکو مالک نے

بَابُ السَّهْوِ
اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

یہ باب ہے بیچ بیان سجدہ سہو کے فصل پہلی

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا قَامَ يُصَلِّیْ جَاءَهُ الشَّيْطٰنُ فَلَبَسَ عَلَيْهِ حَتّٰی

پہلی روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق ایک تمہارا جب کھڑا ہوتا ہے نماز پڑھنے کو آتا ہے اسکے پاس شیطان پھر شبہ ڈالتا ہے اسپر

لَا يَدْرِیْ كَمْ صَلّٰی فَاِذَا وَجَدَ ذٰلِكَ اَحَدُكُمْ فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ

یہاں تک کہ نہیں جانتا وہ کہ کتنی نماز پڑھی سو جب پاوے یہ وسوسہ کوئی تم میں سے پھر چاہئے کہ سجدہ کرے دو سجدے اور وہ بیٹھنے والا ہو ٭ ق ٭ اور روایت ہے عطا ابن یسار سے اسنے نقل کیا

اَبِیْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِیْ صَلٰوتِهٖ فَلَمْ يَدْرِ كَمْ صَلّٰی ثَلٰثًا اَوْ اَرْبَعًا فَلْيَطْرَحِ الشَّكَّ

ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب شک کرے ایک تمہارا اپنی نماز میں پھر نہ جانے کہ کتنی رکعت پڑھی ہے تین یا چار پھر چاہئے کہ دور کرے شک کو

وَلْيَبْنِ عَلٰی مَا اسْتَيْقَنَ ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ قَبْلَ اَنْ يُّسَلِّمَ فَاِنْ كَانَ صَلّٰی خَمْسًا شَفَعْنَ لَهٗ صَلٰوتَهٗ وَاِنْ كَانَ صَلّٰی اِتْمَامًا

اور پڑھنے لگے اس موافق کہ یقین رکھتا ہے پھر سجدہ کرے دو سجدے قبل سلام پھیرنے کے پھر اگر ہے نماز پڑھی پانچ رکعت تو دوگانہ کردینگے سجدے اسکے لئے اسکی نماز کو اور اگر پڑھی ہے وہ رکعت

لِاَرْبَعٍ كَانَتَا تَرْغِيْمًا لِّلشَّيْطٰنِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَرَوَاهُ مَالِكٌ عَنْ عَطَاءٍ مُّرْسَلًا وَفِیْ رِوَايَتِهٖ شَفَعَهَا بِهَاتَيْنِ السَّجْدَتَيْنِ

چار پوری کرنے کو ف ہونگے ذلیل کرنے کو شیطان کے ف روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت کیا اسکو مالک نے عطا سے مرسل اور اسکی روایت میں یہ ہے کہ دوگانہ کردیگا نماز کو ان دونوں سجدوں سے

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّی الظُّهْرَ خَمْسًا فَقِيْلَ لَهٗ اَزِيْدَ فِی الصَّلٰوةِ فَقَالَ وَمَا

اور روایت ہے عبداللہ ابن مسعود سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی ظہر کی پانچ رکعت پھر کہا گیا انسے کیا زیادہ کیا گیا ہے نماز میں تب فرمایا یہ کیوں

ذَاكَ قَالُوا صَلَّيْتَ خَمْسًا فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَ مَا سَلَّمَ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ أَنْسٰى كَمَا تَنْسَوْنَ فَإِذَا نَسِيتُ
پوچھا یہ کیا ہے عرض کیا صحابہ نے پڑھی ہیں آپ نے پانچ رکعت پھر سجدہ کیا دو سجدے بعد سلام پھیرنے کے اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا سوا اس کے نہیں ہیں آدمی ہوں مثل تمہارے بھولتا ہوں جیسا تم بھولتے ہو پھر جب بھولوں

فَذَكِّرُونِي وَإِذَا شَكَّ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ فَلْيُتِمَّ عَلَيْهِ ثُمَّ لِيُسَلِّمْ ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ
تو یاد دلادو مجھکو اور جب شک کرے ایک تمہارا اپنی نماز میں پھر چاہئے کہ قصد کرے ٹھیک ہونے کا ف پھر چاہئے کہ پوری کرے نماز کو اس پر پھر چاہئے کہ سلام پھیرے پھر سجدہ کرے دو سجدے ق اور روایت ہے

ابْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِحْدٰى صَلَاتَيِ الْعَشِيِّ قَالَ ابْنُ سِيرِينَ قَدْ
ابن سیرین سے اسنے نقل کیا ابی ہریرہ سے کہا کہ نماز پڑھوائی ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نماز زوال کے بعد والی دو نمازوں میں سے ف کہا ابن سیرین نے تحقیق

سَمَّاهَا أَبُو هُرَيْرَةَ وَلٰكِنْ نَسِيتُ أَنَا قَالَ فَصَلّٰى بِنَا رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ فَقَامَ إِلٰى خَشَبَةٍ مَعْرُوضَةٍ فِي الْمَسْجِدِ فَاتَّكَأَ عَلَيْهَا
نام لیا تھا اس نماز کا ابو ہریرہ نے پر میں بھول گیا ہوں کہا ابو ہریرہ نے پھر نماز پڑھوائی ہمکو دو رکعت پھر سلام پھیرا اور کھڑے ہوئے طرف لکڑی کے کہ چوڑائی میں رکھی تھی مسجد میں پھر تکیہ کیا اس پر

كَأَنَّهُ غَضْبَانُ وَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلَى الْيُسْرٰى وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ وَوَضَعَ خَدَّهُ الْأَيْمَنَ عَلٰى ظَهْرِ كَفِّهِ الْيُسْرٰى وَخَرَجَتِ
گویا کہ حضرت غصہ میں تھے اور رکھا اپنا داہنا ہاتھ بائیں پر اور دونوں ہاتھ کی انگلیاں ایک کو ایک میں ملائیں اور رکھا اپنا داہنا رخسارہ اپنے بائیں ہاتھ کی پیٹھ پر اور نکل گئے

السَّرَعَانُ مِنْ أَبْوَابِ الْمَسْجِدِ فَقَالُوا قُصِرَتِ الصَّلٰوةُ وَفِي الْقَوْمِ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ فَهَابَاهُ أَنْ يُكَلِّمَاهُ وَفِي الْقَوْمِ رَجُلٌ فِي
جلد بعض لوگ مسجد کے دروازوں سے تب کہا کہ شاید کم کی گئی نماز اور جماعت میں ابوبکر اور عمر تھے پھر ڈرے دونوں اس سے کہ بات کریں حضرت سے اور جماعت میں ایک شخص تھا

يَدَيْهِ طُولٌ يُقَالُ لَهُ ذُو الْيَدَيْنِ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنَسِيتَ أَمْ قُصِرَتِ الصَّلٰوةُ فَقَالَ لَمْ أَنْسَ وَلَمْ تُقْصَرْ فَقَالَ أَكَمَا يَقُولُ
اسکے ہاتھوں میں درازی تھی کہا جاتا تھا اسکو ذوالیدین ف اسنے کہا یارسول اللہ کیا بھول گئے آپ یا کم کی گئی نماز تب فرمایا نہ بھولا میں اور نہ کم کی گئی نماز تب فرمایا حضرت نے کیا ہے جیسا کہتا ہے

ذُو الْيَدَيْنِ فَقَالُوا نَعَمْ فَتَقَدَّمَ فَصَلّٰى مَا تَرَكَ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ كَبَّرَ وَسَجَدَ مِثْلَ سُجُودِهِ أَوْ أَطْوَلَ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ وَكَبَّرَ ثُمَّ كَبَّرَ
ذوالیدین تب کہا صحابہ نے ہاں پھر آگے بڑھے اور نماز پڑھی جس قدر چھوڑ دی تھی پھر سلام پھیرا پھر اللہ اکبر کہا اور سجدہ کیا مثل سجدہ اپنے کے یا طول زیادہ اس سے پھر اٹھایا سر اپنا اور اللہ اکبر کہا پھر اللہ اکبر کہا

وَسَجَدَ مِثْلَ سُجُودِهِ أَوْ أَطْوَلَ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ وَكَبَّرَ فَرُبَّمَا سَأَلُوهُ ثُمَّ سَلَّمَ فَيَقُولُ نُبِّئْتُ أَنَّ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ قَالَ ثُمَّ سَلَّمَ
اور سجدہ کیا مثل سجدہ اپنے کے یا طول زیادہ اس سے پھر اٹھایا سر اپنا اور اللہ اکبر کہا ف پھر بہت وقت پوچھا لوگوں نے ابن سیرین سے کہ پھر سلام پھیرا پھر کہتے تھے ابن سیرین کہ خبر دیا میں کہ عمران ابن حصین نے کہا کہ پھر سلام

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُهُ لِلْبُخَارِيِّ وَفِي أُخْرٰى لَهُمَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدَلَ لَمْ أَنْسَ وَلَمْ تُقْصَرْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمْ يَكُنْ
ق اور لفظ اسکا بخاری کا ہے اور دوسری روایت میں دونوں کی ہے پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدلے میں اسکے کہ نہ بھولا میں اور نہ کم کی گئی یہہ لفظ اس میں سے کچھ نہ تھا

فَقَالَ قَدْ كَانَ بَعْضُ ذٰلِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُحَيْنَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى بِهِمُ الظُّهْرَ فَقَامَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ
تب کہا ذوالیدین نے تحقیق تھا ایک اسمیں سے یارسول اللہ ۔ اور روایت ہے عبداللہ ابن بحینہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھوائی صحابہ کو ظہر کی پھر کھڑے ہو دو رکعت

الْأُولَيَيْنِ لَمْ يَجْلِسْ فَقَامَ النَّاسُ مَعَهُ حَتّٰى إِذَا قَضَى الصَّلٰوةَ وَانْتَظَرَ النَّاسُ تَسْلِيمَهُ كَبَّرَ وَهُوَ جَالِسٌ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ قَبْلَ أَنْ
پہلی پر نہ بیٹھے ف پھر کھڑے ہوئے لوگ حضرت کے ساتھ یہاں تک کہ جب پڑھ چکے نماز اور منتظر ہوئے لوگ سلام پھیرنے کے تکبیر کہی حضرت نے بیٹھے ہوئے پھر سجدہ کیا دو سجدے قبل

يُسَلِّمَ ثُمَّ سَلَّمَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى بِهِمْ فَسَهَا فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ
سلام پھیرنے کے پھر سلام پھیرا ق ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے عمران ابن حصین سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھوائی صحابہ کو پھر سہو کیا اور سجدہ کیا دو سجدے

ثُمَّ تَشَهَّدَ ثُمَّ سَلَّمَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ وَعَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
پھر تشہد پڑھا پھر سلام پھیرا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث حسن غریب ہے ۔ اور روایت ہے مغیرہ ابن شعبہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

إذا قام الإمام في الركعتين فإن ذكر قبل أن يستوي قائما فليجلس وإن استوى قائما فلا يجلس ويسجد سجدتي السهو

جب کھڑا ہووے امام دو رکعت پڑھ کر پھر اگر یاد کرے قبل اسکے کہ سیدھا کھڑا ہو چکا ہو پھر چاہیے کہ بیٹھے اور اگر سیدھا کھڑا ہو چکا پھر نہ بیٹھے اور سجدہ کرے دو سجدے سہو کے

رواه أبو داود وابن ماجة

الفصل الثالث

عن عمران بن حصين أن رسول الله صلى الله عليه وسلم صلى العصر وسلم

روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے فصل تیسری روایت ہے عمران ابن حصین سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی عصر کی اور سلام پھیرا

في ثلاث ركعات ثم دخل منزله فقام إليه رجل يقال له الخرباق وكان في يديه طول فقال يا رسول الله فذكر له صنيعه

تین رکعت میں پھر داخل ہوئے اپنے مکان میں تب کھڑا ہوا انکی طرف ایک شخص کہا جاتا تھا اسکو خرباق اور تھی اسکے ہاتھوں میں درازی تب کہا یا رسول اللہ اور یاد دلایا حضرت کو کام آپکا

فخرج غضبان يجر رداءه حتى انتهى إلى الناس فقال أصدق هذا قالوا نعم فصلى ركعة ثم سلم ثم سجد سجدتين

پھر نکلے حضرت غصہ میں کھینچتے ہوئے اپنی چادر یہانتک کہ پہنچے لوگوں کے پاس اور فرمایا کیا سچ کہتا ہے یہ مرد سب نے کہا ہاں پھر نماز پڑھی ایک رکعت پھر سلام پھیرا پھر کیے دو سجدے

ثم سلم رواه مسلم وعن عبد الرحمن بن عوف قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من صلى صلوة يشك

اور سلام پھیرا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد الرحمن ابن عوف سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جو شخص کہ پڑھے کوئی نماز کہ شک کرے

في النقصان فليصل حتى يشك في الزيادة رواه أحمد

اسکی کمی میں پھر چاہیے کہ نماز پڑھے یہانتک کہ شک کرے زیادہ ہونے میں روایت کیا اسکو احمد نے

باب سجود القرآن

الفصل الأول

عن ابن عباس قال سجد النبي صلى الله عليه وسلم بالنجم وسجد معه المسلمون والمشركون والجن والإنس رواه البخاري وعن

باب بیان میں سجدہ قرآن کے فصل پہلی روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ سجدہ کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سورہ نجم میں اور سجدہ کیا ان کے ساتھ مسلمانوں اور مشرکوں اور جن اور آدمی نے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے

أبي هريرة قال سجدنا مع النبي صلى الله عليه وسلم في إذا السماء انشقت واقرأ باسم ربك رواه مسلم وعن

ابوہریرہ سے کہا کہ سجدہ کیا ہمنے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اذا السماء انشقت اور اقرأ باسم ربک میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

ابن عمر قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقرأ السجدة ونحن عنده فيسجد ونسجد معه فنزدحم حتى ما يجد أحدنا

ابن عمر سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے آیت سجدہ کی اور ہم لوگ انکے پاس ہوتے پھر سجدہ کرتے حضرت اور سجدہ کرتے ہم انکے ساتھ پھر بھیڑ کرتے ہم لوگ یہانتک کہ نہ پاتا ایک ہمارا

لجبهته موضعا يسجد عليه متفق عليه وعن زيد بن ثابت قال قرأت على رسول الله صلى الله عليه وسلم والنجم فلم

اپنی پیشانی کے واسطے جگہ کہ سجدہ کرے اسپر ق اور روایت ہے زید ابن ثابت سے کہا کہ پڑھی میں نے روبرو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سورہ والنجم پھر نہ

يسجد فيها متفق عليه وعن ابن عباس قال سجدة ص ليس من عزائم السجود وقد رأيت النبي صلى الله عليه وسلم يسجد

سجدہ کیا اسمیں ق اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ سجدہ سورہ ص نہیں ہے واجب سجدوں میں اور تحقیق دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سجدہ کرتے

فيها وفي رواية قال مجاهد قلت لابن عباس أأسجد في ص فقرأ ومن ذريته داود وسليمان حتى أتى فبهداهم

اس میں اور ایک روایت میں کہا مجاہد نے کہا میں نے ابن عباس کو کیا سجدہ کروں میں سورہ ص میں پھر پڑھا ومن ذریتہ داود وسلیمان یہاں تک کہ پہنچے اس مقام فبهداهم

اقتده فقال نبيكم صلى الله عليه وسلم ممن أمر أن يقتدي بهم رواه البخاري

اقتده پھر کہا ابن عباس نے نبی تمہارے صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں میں تھے جن کو حکم کیا گیا انکی پیروی کرنے کا روایت کیا اسکو بخاری نے

الفصل الثاني

عن عمرو بن العاص قال أقرأني رسول الله صلى الله عليه وسلم خمس عشرة سجدة في القرآن منها ثلاث في المفصل وفي سورة الحج سجدتان

فصل دوسری روایت ہے عمرو بن عاص سے کہا کہ پڑھایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پندرہ سجدہ قرآن میں ان میں سے تین سجدے ہیں مفصل میں اور سورہ حج میں دو سجدے

رواه ابو داود وابن ماجة وعن عقبة بن عامر قال قلت يا رسول الله فضلت سورة الحج بأن فيها سجدتين قال نعم

روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے ٭ اور روایت ہے عقبہ ابن عامر سے کہا کہا میں نے یا رسول اللہ بزرگی دی گئی سورہ حج اس سبب سے کہ اسمیں دو سجدے ہیں فرمایا کہ ہاں

ومن لم يسجدهما فلا يقرأهما رواه ابو داود والترمذي وقال هذا حديث ليس اسناده بالقوي وفي المصابيح فلا يقرأها كما في شرح

اور جو کوئی نہ کرے دونوں سجدے تو نہ پڑھے ان دونوں آیتوں کو روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث نہیں ہے اسناد اسکی مضبوط اور مصابیح میں یہ لفظ ہے پھر نہ پڑھے اس سورہ کو جیسے

السنة وعن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم سجد في صلوة الظهر ثم قام فركع فرأوا انه قرأ تنزيل السجدة رواه

شرح سنہ میں ہے ٭ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا ظہر کی نماز میں تب کھڑے ہوئے اور رکوع کیا پھر جانا لوگوں نے کہ تحقیق حضرت نے پڑھا ہے سورۂ تنزیل السجدہ روایت

ابو داود وعنه انه قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يقرأ علينا القرآن فاذا مر بالسجدة كبر وسجد وسجدنا معه رواه

ابو داؤد نے ٭ اور روایت ہے اسی سے کہ تحقیق اُسنے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے ہمارے سامنے قرآن پھر جب پہنچتے سجدے کی آیت پر اللہ اکبر کہتے اور سجدہ کرتے اور سجدہ کرتے ہم ان کے ساتھ روایت کیا

ابو داود وعنه انه قال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قرأ عام الفتح سجدة فسجد الناس كلهم منهم الراكب والساجد على

ابو داؤد نے ٭ اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اُسنے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی مکے کی فتح کے سال آیت سجدے کی پھر سجدہ کیا سب لوگوں نے ان میں بعضے سوار تھے اور بعضے سجدہ کرنے والے

الارض حتى ان الراكب ليسجد على يده رواه ابو داود وعن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم لم يسجد في شيء من

زمین پر یہاں تک کہ تحقیق سوار سجدہ کرتا تھا اپنے ہاتھ پر روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ٭ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ سجدہ کیا کسی سورہ میں

المفصل منذ تحول الى المدينة رواه ابو داود وعن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول في سجود القرآن

مفصل میں سے جب سے کہ تشریف لے گئے مدینے میں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ٭ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہتے قرآن کے سجدہ میں

بالليل سجد وجهي للذي خلقه وشق سمعه وبصره بحوله وقوته رواه ابو داود والترمذي والنسائي وقال الترمذي هذا

رات کو سجدہ کیا میرے منہ نے اس مالک کے واسطے کہ پیدا کیا اسکو اور چیرا کان اسکا اور آنکھ اس کی ساتھ توفیق بازرہنے گناہ اور قوت بہرہ گاری اسکے کے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور ترمذی اور نسائی نے اور کہا ترمذی نے یہ

حديث حسن صحيح وعن ابن عباس قال جاء رجل الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله رأيتني الليلة وانا نائم كأني

حدیث حسن صحیح ہے ٭ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ آیا ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا یا رسول اللہ دیکھا میں نے اپنی تئیں آج کی رات اور میں سوتا تھا گویا

اصلي خلف شجرة فسجدت فسجدت الشجرة لسجودي فسمعتها تقول اللهم اكتب لي بها عندك اجرا وضع عني بها وزرا

نماز پڑھتا ہوں ایک درخت کے نیچے پھر سجدہ کیا میں نے اور سجدہ کیا درخت نے سبب میرے سجدہ کرنے کے پھر سنا میں نے اسکو کہتا تھا سجدہ میں یا الٰہی لکھ تو میرے لیے سبب اس سجدے کے اپنے پاس ثواب اور دور کر مجھ سے سبب اسکے بوجھ گناہ کا اور

واجعلها لي عندك ذخرا وتقبلها مني كما تقبلتها من عبدك داود عليه السلام قال ابن عباس فقرأ النبي صلى الله عليه وسلم سجدة ثم سجد فسمعته

کر اسکو میرے لیے اپنے پاس ذخیرہ اور قبول کر اسکو مجھ سے جیسا کہ قبول کیا تو نے اسکو اپنے بندے داؤد علیہ السلام سے کہا ابن عباس نے پھر پڑھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت سجدہ کی اور سجدہ کیا پھر سنا میں نے ان کو

وهو يقول مثل ما اخبره الرجل عن قول الشجرة رواه الترمذي وابن ماجة الا انه لم يذكر وتقبلها مني كما تقبلتها من عبدك

اور حال یہ کہ حضرت کہتے تھے مانند اس دعا کے کہ خبر دی انکو اس شخص نے درخت کے کہنے کی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے مگر یہ کہ ابن ماجہ نے ذکر نہیں کیا یہ لفظ وتقبلها مني كما تقبلت من عبدك

داود وقال الترمذي هذا حديث غريب

داؤد اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے ٭

الفصل الثالث

عن ابن مسعود رضي الله عنه ان النبي صلى الله عليه وسلم

فصل تیسری ٭ روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

قرأ والنجم فسجد فيها وسجد من كان معه غير ان شيخا من قريش اخذ كفا من حصى او تراب فرفعه الى جبهته وقال

پڑھی سورۂ والنجم پھر سجدہ کیا اسمیں اور سجدہ کیا ان لوگوں نے جو تھے ساتھ آپ کے مگر تحقیق ایک بوڑھے نے قریش میں سے لیا ایک مٹھی کنکریوں سے یا خاک پھر اٹھایا اسکو اپنی پیشانی کی طرف

يكفيني هذا قال عبد الله فلقد رايته بعد قتل كافرا متفق عليه وزاد البخاري في رواية وهو امية بن خلف وعن

کفایت کرتی ہے مجھکو یہہ کہا عبد اللہ نے پھر تحقیق دیکھا میں نے اسکو بعد اس قصہ کے کہ مارا گیا کفر کی حالت میں ۔ق۔ اور زیادہ کیا بخاری نے ایک روایت میں کہ وہ امیہ ابن خلف تھا ۔ اور روایت ہے

ابن عباس قال ان النبي صلى الله عليه وسلم سجد في ص وقال سجدها داود توبة ونسجدها شكرا رواه النسائي

ابن عباس سے کہا کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا سورہ ص میں اور فرمایا سجدہ کیا اس میں داود نے توبہ کے واسطے اور ہم سجدہ کرتے ہیں اس میں شکر کے واسطے ۔ روایت کیا نسائی نے

باب اوقات النهي　الفصل الاول

عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يتحرى احدكم فيصلي

یہہ باب ہے بیان میں وقتوں کے جنمیں منع ہے ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ قصد کرے کوئی تم میں سے کہ نماز پڑھے

عند طلوع الشمس ولا عند غروبها وفي رواية قال اذا طلع حاجب الشمس فدعوا الصلوة حتى تبرز واذا غاب حاجب

آفتاب نکلنے کے وقت اور نہ اسکے ڈوبتے وقت اور ایک روایت میں فرمایا جب نکلے کنارہ آفتاب کا پھر چھوڑو نماز یہاں تک کہ خوب ظاہر ہو اور جب غایب ہو کنارہ

الشمس فدعوا الصلوة حتى تغيب ولا تحينوا بصلوتكم طلوع الشمس ولا غروبها فانها تطلع بين قرني الشيطان متفق

آفتاب کا پھر چھوڑو نماز یہاں تک کہ پورا ڈوبے اور نہ وقت مقرر کرو اپنی نماز کا آفتاب نکلتے وقت اور نہ ڈوبتے وقت کیونکہ وہ نکلتا ہے درمیان دو سینگوں شیطان کے ۔ق

عليه وعن عقبة بن عامر قال ثلث ساعات كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ينهانا ان نصلي فيهن او نقبر

اور روایت ہے عقبہ ابن عامر سے کہا کہ تین وقت تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منع کرتے ہمکو کہ ہم نماز پڑھیں اس میں یا دفن کریں

فيهن موتانا حين تطلع الشمس بازغة حتى ترتفع وحين يقوم قائم الظهيرة حتى تميل الشمس وحين تضيف الشمس

اسمیں اپنے مردوں کو ۔ جب نکلے آفتاب شروع میں یہاں تک کہ بلند ہو لے اور جب کھڑا ہو کھڑا ہونے والا دوپہر کے وقت یہاں تک کہ ڈھلے آفتاب ۔ اور جب ارادہ کرے آفتاب

للغروب حتى تغرب رواه مسلم وعن ابي سعيد الخدري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا صلوة بعد الصبح حتى

ڈوبنے کا یہاں تک کہ ڈوب جاوے ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں نماز ہے بعد صبح کی نماز کے یہاں تک کہ

ترتفع الشمس ولا صلوة بعد العصر حتى تغيب الشمس متفق عليه وعن عمرو بن عبسة قال قدم النبي صلى الله عليه وسلم المدينة

بلند ہو آفتاب اور نہیں نماز ہے بعد عصر کی نماز کے یہاں تک کہ ڈوبے آفتاب ۔ق۔ اور روایت ہے عمرو ابن عبسہ سے کہا کہ تشریف لائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں

فقدمت المدينة فدخلت عليه فقلت اخبرني عن الصلوة فقال صل صلوة الصبح ثم اقصر عن الصلوة حين تطلع الشمس

پھر آیا میں مدینے میں حضرت پاس اور عرض کیا خبر دو مجھکو نماز کے وقت سے تب فرمایا پڑھ نماز صبح کی پھر باز رہ نماز سے جب تک کہ نکلے آفتاب

حتى ترتفع فانها تطلع حين تطلع بين قرني الشيطان وحينئذ يسجد لها الكفار ثم صل فان الصلوة مشهودة

یہاں تک کہ بلند ہو پھر تحقیق وہ نکلتا ہے درمیان دو سینگوں شیطان کے اور اسوقت سجدہ کرتے ہیں آفتاب کو کافر ۔ بعد اسکے پڑھ نماز پھر تحقیق نماز حاضر کی گئی ہے

محضورة حتى يستقل الظل بالرمح ثم اقصر عن الصلوة فان حينئذ تسجر جهنم فاذا اقبل الفيء فصل فان الصلوة

حاضر کی گئی ہے یہاں تک کہ سیدھا ہو سایہ نیزے کے برابر ۔ف۔ تب باز رہ نماز سے کیونکہ اسوقت جھونکی جاتی ہے جہنم پھر جب کہ آگے کی طرف آوے سایہ تب نماز پڑھ پھر تحقیق نماز

مشهودة محضورة حتى تصلي العصر ثم اقصر عن الصلوة حتى تغرب الشمس فانها تغرب بين قرني الشيطان وحينئذ

حاضر کی گئی حاضر کی گئی یہاں تک کہ پڑھے تو عصر بعد اسکے باز رہ نماز سے یہاں تک کہ ڈوبے آفتاب پھر تحقیق وہ ڈوبتا ہے درمیان دو سینگوں شیطان کے اور اسوقت

يسجد لها الكفار قال قلت يا نبي الله فالوضوء حدثني عنه قال ما منكم رجل يقرب وضوءه فيمضمض ويستنشق

سجدہ کرتے ہیں اسکو کافر ۔ کہا کہ کہا میں نے اے نبی اللہ کے پھر وضو خبر دیجئے مجھکو اسکی بھی فرمایا نہیں ہے تم میں سے کوئی شخص کہ نزدیک کرتا ہے اپنے وضو کا پانی پھر کلی کرتا ہے اور ناک میں پانی ڈالتا ہے

فَيَسْتَنْثِرُ إِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا وَجْهِهِ وَفِيهِ وَخَيَاشِيمِهِ ثُمَّ إِذَا غَسَلَ وَجْهَهُ كَمَا أَمَرَهُ اللّٰهُ إِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا وَجْهِهِ

اور ناک جھاڑتا ہے مگر گرتے ہیں گناہ اسکے چہرے اور منہ اور اسکے نتھنیوں سے پھر جب دھوتا ہے اپنا منہ جیسا کہ حکم کیا اسکو اللہ نے مگر گرتے ہیں گناہ اسکے چہرے کے

مِنْ أَطْرَافِ لِحْيَتِهِ مَعَ الْمَاءِ ثُمَّ يَغْسِلُ يَدَيْهِ إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ إِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا يَدَيْهِ مِنْ أَنَامِلِهِ مَعَ الْمَاءِ ثُمَّ يَمْسَحُ رَأْسَهُ إِلَّا

اسکی داڑھی کے کناروں سے پانی کے ساتھ پھر دھوتا ہے اپنے دونوں ہاتھ کہنیوں تک مگر گرتے ہیں گناہ اسکے ہاتھوں کے اسکی انگلیوں سے پانی کے ساتھ پھر مسح کرتا ہے اپنا سر مگر

خَرَّتْ خَطَايَا رَأْسِهِ مِنْ أَطْرَافِ شَعْرِهِ مَعَ الْمَاءِ ثُمَّ يَغْسِلُ قَدَمَيْهِ إِلَى الْكَعْبَيْنِ إِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا رِجْلَيْهِ مِنْ أَنَامِلِهِ مَعَ الْمَاءِ

گرتے ہیں گناہ اسکے سر کے بال کے کناروں سے پانی کے ساتھ پھر دھوتا ہے اپنے دونوں پاؤں ٹخنوں تک مگر گرتے ہیں گناہ اسکے پاؤں کے اسکی انگلیوں سے پانی کے ساتھ

فَإِنْ هُوَ قَامَ فَصَلّٰى فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ وَمَجَّدَهُ بِالَّذِي هُوَ لَهُ أَهْلٌ وَفَرَّغَ قَلْبَهُ لِلّٰهِ إِلَّا انْصَرَفَ مِنْ خَطِيئَتِهِ كَهَيْئَتِهِ يَوْمَ

پھر اگر وہ کھڑا ہوا اور نماز پڑھا پھر تعریف کی اللہ کی اور صفت کی اسکی اور بزرگی یاد کی اس صفت کے ساتھ کہ وہ جسکے لائق ہے اور خالی کیا اپنے دل کو اللہ کے واسطے مگر پھرتا ہے پاک ہو کے اپنے گناہ سے اس دن کی طرح

وَلَدَتْهُ أُمُّهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ كُرَيْبٍ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ وَالْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْأَزْهَرِ أَرْسَلُوهُ إِلٰى عَائِشَةَ

کہ جنا اسکو اسکی ماں نے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے کریب سے کہ تحقیق ابن عباس اور مسور ابن مخرمہ اور عبدالرحمن ابن ازہر نے بھیجا اسکو حضرت عائشہ کے پاس

فَقَالُوا اقْرَأْ عَلَيْهَا السَّلَامَ وَسَلْهَا عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ قَالَ فَدَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ فَبَلَّغْتُهَا مَا أَرْسَلُونِي بِهِ

اور کہا بھیجوں نے کہو حضرت عائشہ کو سلام اور پوچھ ان سے حال دو رکعتوں کا بعد عصر کے کہا پھر آیا میں حضرت عائشہ کے پاس پھر پہنچا دیا میں ان کو وہ پیغام کہ بھیجا تھا مجھکو اسکے واسطے

فَقَالَتْ سَلْ أُمَّ سَلَمَةَ فَخَرَجْتُ إِلَيْهِمْ فَرَدُّونِي إِلٰى أُمِّ سَلَمَةَ فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى

تب کہا عائشہ نے پوچھ ام سلمہ سے پھر نکل گیا میں ان لوگوں کے پاس پھر بھیجا انھوں نے مجھکو ام سلمہ کے پاس تب کہا ام سلمہ نے سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو منع کرتے تھے

عَنْهُمَا ثُمَّ رَأَيْتُهُ يُصَلِّيهِمَا ثُمَّ دَخَلَ فَأَرْسَلْتُ إِلَيْهِ الْجَارِيَةَ فَقُلْتُ قُولِي لَهُ تَقُولُ أُمُّ سَلَمَةَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ سَمِعْتُكَ

ان دونوں رکعتوں سے پھر دیکھا میں نے انکو پڑھتے تھے ان دونوں کو پھر آگئے تب بھیجا میں نے انکے پاس لونڈی کو اور کہا لونڈی کو کہ کہہ حضرت سے کہتی ہے ام سلمہ یا رسول اللہ سنا میں نے آپ

تَنْهٰى عَنْ هَاتَيْنِ وَأَرَاكَ تُصَلِّيهِمَا قَالَ يَا ابْنَةَ أَبِي أُمَيَّةَ سَأَلْتِ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ وَإِنَّهُ أَتَانِي نَاسٌ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ

منع کرتے تھے دونوں رکعتوں سے اور دیکھا میں نے آپ کو پڑھتے ہیں دونوں رکعت فرمایا اے بیٹی ابی امیہ کی پوچھا تو نے دو رکعتیں پڑھنے سے بعد عصر کے حال یہ ہے کہ آئے میرے پاس لوگ عبدالقیس کے قوم میں سے

فَشَغَلُونِي عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ فَهُمَا هَاتَانِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ

پھر باز رکھا مجھکو ان دو رکعتوں سے جو بعد ظہر کے ہیں سو یہ دو رکعت جو پڑھیں میں نے وہی دو رکعتیں ہیں ہمق۔ فصل دوسری۔ روایت ہے محمد ابن ابراہیم سے انہوں نے روایت کیا

قَيْسِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يُصَلِّي بَعْدَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ رَكْعَتَيْنِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

قیس ابن عمرو سے انہوں نے کہا کہ دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کہ نماز پڑھتا تھا بعد نماز صبح کے دو رکعتیں تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ صَلٰوةُ الصُّبْحِ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ فَقَالَ الرَّجُلُ إِنِّي لَمْ أَكُنْ صَلَّيْتُ الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا فَصَلَّيْتُهُمَا الْآنَ فَسَكَتَ رَسُولُ

وسلم نے کیا نماز صبح کی دو رکعت دو رکعت ہے تب کہا اس شخص نے تحقیق میں نے نہ پڑھیں تھیں دو رکعتیں سنت جو پہلے ان دو رکعتیں فرض کے ہیں سو پڑھیں میں نے ان کو اب تب چپ رہے رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهُ وَقَالَ إِسْنَادُ هٰذَا الْحَدِيثِ لَيْسَ بِمُتَّصِلٍ لِأَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ إِبْرَاهِيمَ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت کیا ترمذی نے مانند اسکے اور کہا اسناد اس حدیث کی نہیں ہے متصل اس واسطے کہ محمد ابن ابراہیم نے

لَمْ يَسْمَعْ مِنْ قَيْسِ بْنِ عَمْرٍو وَفِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَنُسَخِ الْمَصَابِيحِ عَنْ قَيْسِ بْنِ قَهْدٍ نَحْوَهُ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ أَنَّ النَّبِيَّ

نہ سنا قیس ابن عمرو سے اور شرح سنت میں اور نسخے مصابیح میں روایت قیس ابن قہد سے مانند اسکے ہے اور روایت ہے جبیر ابن مطعم سے کہ تحقیق نبی

صلى الله عليه وسلم قال يا بني عبد مناف لا تمنعوا احدا طاف بهذا البيت وصلى اية ساعة شاء من ليل
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اولاد عبد مناف کے نہ منع کرو کسی کو کہ طواف کرے اس گھر کا اور نماز پڑھے جس وقت کہ چاہے رات کو

او نهار رواه الترمذي وابو داود والنسائي وعن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن الصلوة نصف النهار
یا دن کو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور نسائی نے × اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا نماز پڑھنے سے دوپہر کے وقت

حتى تزول الشمس الا يوم الجمعة رواه الشافعي وعن ابي الخليل عن ابي قتادة قال كان النبي صلى الله عليه وسلم كره
یہاں تک کہ ڈھلے آفتاب مگر جمعہ کے روز روایت کیا اسکو شافعی نے × اور روایت ہے ابی الخلیل سے انہے نقل کیا ابی قتادہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکروہ رکھتے

الصلوة نصف النهار حتى تزول الشمس الا يوم الجمعة وقال ان جهنم تسجر الا يوم الجمعة رواه ابو داود وقال ابو الخليل لم يلق
نماز دوپہر کو یہاں تک کہ ڈھلے آفتاب مگر دن جمعہ کے اور کہا کہ تحقیق دوزخ جھونکی جاتی ہے مگر دن جمعہ کے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور کہا ابو الخلیل نہیں ملاقات کی

ابا قتادة **الفصل الثالث** عن عبد الله الصنابحي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الشمس تطلع ومعها قرن الشيطان
ابا قتادہ سے × فصل تیسری روایت ہے عبد اللہ صنابحی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق آفتاب نکلتا ہے اور ساتھ اسکے ہوتی ہے سینگ شیطان کی

فاذا ارتفعت فارقها ثم اذا استوت قارنها فاذا زالت فارقها فاذا دنت للغروب قارنها فاذا غربت فارقها ونهى رسول الله
پھر جب بلند ہوتا ہے جدا ہوتا ہے شیطان اس سے پھر جب برابر ہوتا ہے نزدیک ہوتا ہے اسکے پھر جب ڈھلتا ہے جدا ہوتا ہے پھر جب نزدیک ہوتا ہے ڈوبنے کے نزدیک ہوتا ہے اسکے پھر جب ڈوبتا ہے جدا ہوتا ہے اور منع کیا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم عن الصلوة في تلك الساعات رواه مالك واحمد والنسائي وعن ابي بصرة الغفاري قال صلى بنا
صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز سے ان وقتوں میں روایت کیا اسکو مالک اور احمد اور نسائی نے × اور روایت ہے ابی بصرہ غفاری سے کہا کہ نماز پڑھائی ہمکو

رسول الله صلى الله عليه وسلم بالمخمص صلوة العصر فقال ان هذه صلوة عرضت على من كان قبلكم فضيعوها فمن
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مخمص میں نماز عصر کی پھر فرمایا کہ تحقیق یہہ نماز ظاہر کی گئی ان لوگوں پر کہ تھے پہلے تمہارے پھر ضائع کیا اسکو سو جو شخص

حافظ عليها كان له اجره مرتين ولا صلوة بعدها حتى يطلع الشاهد والشاهد النجم رواه مسلم وعن معوية
کہ محافظت کرے اسپر ہووے اسکے لئے مزدوری اسکی دوبار اور نہیں ہے نماز بعد اسکے یہاں تک کہ نکلے شاہد اور شاہد ستارا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے معاویہ سے

قال انكم لتصلون صلوة لقد صحبنا رسول الله صلى الله عليه وسلم فما رايناه يصليها ولقد نهى عنهما يعني الركعتين بعد
کہا کہ تحقیق تم لوگ پڑھتے ہو ایک نماز تحقیق صحبت میں رہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سو نہ دیکھا ہمنے انکو کہ پڑھتے ہوں اسکو اور بیشک منع فرمایا ان دونوں سے یعنی دو رکعت بعد

العصر رواه البخاري وعن ابي ذر قال وقد صعد على درجة الكعبة من عرفني فقد عرفني ومن لم يعرفني فانا جندب
عصر کے روایت کیا اسکو بخاری نے × اور روایت ہے ابو ذر سے کہا ابو ذر نے اور حال یہہ کہ چڑھے کعبہ کی سیڑھی پر جس شخص نے پہچانا مجھکو تو بیشک پہچانا مجھکو اور جس نے نہ پہچانا مجھکو تو میں جندب ہوں

سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا صلوة بعد الصبح حتى تطلع الشمس ولا بعد العصر حتى تغرب الشمس
سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے نہیں نماز ہے بعد نماز صبح کے یہاں تک کہ نکلے آفتاب اور نہ بعد نماز عصر کے یہاں تک کہ ڈوبے آفتاب

الا بمكة الا بمكة الا بمكة رواه احمد ورزين **باب الجماعة وفضلها** **الفصل الاول** عن ابن عمر قال قال رسول الله
مگر مکہ میں مگر مکہ میں مگر مکہ میں روایت کیا اسکو احمد اور رزین نے × یہہ باب ہے بیچ بیان جماعت اور اسکی بزرگی کے × فصل پہلی روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم صلوة الجماعة تفضل صلوة بسبع وعشرين درجة متفق عليه وعن ابي هريرة قال قال
صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز جماعت کی زیادہ ہوتی ہے اکیلے کی نماز سے ستائیس درجے × ق × اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم والذي نفسي بيده لقد هممت أن آمر بحطب فيحطب ثم آمر بالصلوة فيؤذن لها ثم
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اس مالک کی کہ جان میری اسکے ہاتھ میں ہے البتہ تحقیق قصد کیا ہیں نے کہ حکم کروں جمع کرنے لکڑی کا پھر جمع کی جاوے لکڑی پھر حکم کروں اذان کا نماز کے واسطے پھر اذان کہی جاوے اسکے پھر

آمر رجلا فيؤم الناس ثم أخالف إلى رجال وفي رواية لا يشهدون الصلوة فأحرق عليهم بيوتهم والذي نفسي بيده
حکم کروں ایک شخص کو کہ امامت کرے لوگوں کی پھر جاؤں میں طرف لوگوں کے ف اور ایک روایت میں ہے جو نہیں حاضر ہوتے نماز میں پھر جلادوں میں ان پر انکے گھروں کو قسم ہے اس مالک کی کہ جان میری اسکے ہاتھ میں ہے

لو يعلم أحدهم أنه يجد عرقا سمينا أو مرماتين حسنتين لشهد العشاء رواه البخاري ولمسلم نحوه وعنه قال
اگر جانے ایک انکا کہ وہ پاویگا ہڈی موٹی یا دو پاۓ اچھے بیشک حاضر ہو عشاء میں ف روایت کیا اسکو بخاری نے اور مسلم کی ہے مانند اسکے اور روایت ہے اسی سے

أتى النبي صلى الله عليه وسلم رجل أعمى فقال يا رسول الله إنه ليس لي قائد يقودني إلى المسجد فسأل رسول الله صلى الله عليه
آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک مرد اندھا پھر کہا کہ یا رسول اللہ تحقیق حال یہ ہے کہ نہیں ہے میرے لئے کوئی کھینچنے والا کہ کھینچ کے لاوے مجھکو مسجد کی طرف پھر سوال کیا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم أن يرخص له فيصلي في بيته فرخص له فلما ولى دعاه فقال هل تسمع النداء بالصلوة قال نعم قال فأجب رواه
وسلم سے یہ کہ رخصت دیں اسکو تو نماز پڑھے اپنے گھر میں تب رخصت دی اسکو پھر جب پیٹھ دی بلایا اسکو اور فرمایا کہ بھلا سنتا ہے اذان نماز کی کہا ہاں فرمایا پھر حاضر ہو نماز میں روایت کیا

مسلم وعن ابن عمر أنه أذن بالصلوة في ليلة ذات برد وريح ثم قال ألا صلوا في الرحال ثم قال إن رسول الله
مسلم نے ٭ اور روایت ہے ابن عمر سے یہ کہ اسنے اذان کہی نماز کے واسطے سردی اور ہوا کی رات میں پھر کہا خبردار ہو نماز پڑھ لو اپنے مکانوں میں پھر کہا تحقیق رسول اللہ صلی

صلى الله عليه وسلم كان يأمر المؤذن إذا كانت ليلة ذات برد ومطر يقول ألا صلوا في الرحال متفق عليه وعنه قال قال
اللہ علیہ وسلم تھے حکم کرتے موذن کو جب ہوتی رات سردی کی اور مینہ کی کہ کہے خبردار ہو نماز پڑھ لو اپنے گھروں میں ٭ ق ٭ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا وضع عشاء أحدكم وأقيمت الصلوة فابدؤا بالعشاء ولا يعجل حتى يفرغ منه و
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ رکھا جاوے کھانا تم میں سے کسی کا اور اقامت کہی جاوے نماز پھر شروع کرو کھانا اور جلدی نہ کرے یہانتک کہ فارغ ہووے کھانے سے

كان ابن عمر يوضع له الطعام وتقام الصلوة فلا يأتيها حتى يفرغ منه وإنه يسمع قراءة الإمام متفق عليه وعن
تھے ابن عمر رکھا جاتا ان کے لئے کھانا اور اقامت کہی جاتی نماز پھر نہ آتے نماز کو یہانتک کہ فارغ ہوتے کھانے سے اور تحقیق ابن عمر سنتے تھے قراءت امام کی ٭ ق ٭ اور روایت ہے

عائشة أنها قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا صلوة بحضرة الطعام ولا هو يدافعه الأخبثان
عائشہ سے بیشک انھوں نے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے نماز خوب نہیں ہوتی روبرو کھانے کے اور نہ جس حال میں کہ زور کرے اسپر [illegible]

رواه مسلم وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أقيمت الصلوة فلا صلوة إلا المكتوبة رواه
روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اقامت کہی جاوے نماز پھر نہیں ہے کوئی نماز سوا فرض نماز کے روایت کیا

مسلم وعن ابن عمر رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا استأذنت امرأة أحدكم إلى المسجد فلا
مسلم نے ٭ اور روایت ہے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ پروانگی مانگے عورت ایک تمہارے کی طرف مسجد کے پھر نہ

يمنعها متفق عليه وعن زينب امرأة عبد الله بن مسعود قالت قال لنا رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا
منع کرے اسکو ٭ ق ٭ اور روایت ہے زینب عبد اللہ ابن مسعود کی عورت سے کہا کہ فرمایا ہمارے واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت

شهدت إحداكن المسجد فلا تمس طيبا رواه مسلم وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أيما امرأة
کہ حاضر ہو ایک تمہاری مسجد میں پھر نہ لگاوے خوشبوئی روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو عورت کہ لگا

أصابت بخورا فلا تشهد معنا العشاء الآخرة رواه مسلم

الفصل الثاني

عن ابن عمر رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تمنعوا نساءكم

بخور لگائے وہ عورت حاضر نہ ہو ہمارے ساتھ عشاء کی نماز میں ف روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ منع کرو اپنی عورتوں کو

المساجد وبيوتهن خير لهن رواه أبو داود وعن ابن مسعود قال قال النبي صلى الله عليه وسلم صلاة المرأة في بيتها أفضل من صلاتها في حجرتها وصلاتها

مسجد میں آنے سے لیکن گھر ان کے بہتر ہیں ان کے لئے ف روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عورت کی اسکے گھر میں افضل ہے اسکی نماز سے آنگن میں اور اسکی نماز

في مخدعها أفضل من صلاتها في بيتها رواه أبو داود وعن أبي هريرة قال إني سمعت حبي أبا القاسم صلى الله عليه وسلم يقول لا تقبل صلاة امرأة تطيبت للمسجد حتى تغتسل

اسکی کوٹھری میں بہتر ہے اسکی نماز سے اسکے گھر میں ف روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ تحقیق میں نے سنا اپنے محبوب ابو القاسم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے نہیں قبول کی جاتی نماز اس عورت کی جو خوشبو لگا کر مسجد کو جاوے یہاں تک کہ نہاوے

غسلها من الجنابة رواه أبو داود وروى أحمد والنسائي نحوه وعن أبي موسى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل عين زانية وإن المرأة إذا استعطرت

اپنے بدن کے غسل جنابت کی مثل ف روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت کیا احمد اور نسائی نے اسکی مانند اور روایت ہے ابی موسیٰ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو آنکھ بری نگاہ کرنے والی ہے زانیہ ہے اور تحقیق عورت جب خوشبو لگاوے

فمرت بالمجلس فهي كذا وكذا يعني زانية رواه الترمذي ولأبي داود والنسائي نحوه وعن أبي بن كعب قال صلى بنا رسول الله صلى

پھر گذرے مجلس میں پھر وہ ایسی اور ایسی ہے یعنی زانیہ ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور ابی داود اور نسائی کی روایت میں مانند اسکے ہے اور روایت ہے ابی ابن کعب سے کہا کہ نماز پڑھائی ہمکو رسول اللہ

الله عليه وسلم يوم الصبح فلما سلم قال أشاهد فلان قالوا لا قال أشاهد فلان قالوا لا قال إن هاتين الصلوتين أثقل

صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن کی صبح کی پھر جب سلام پھیرا فرمایا کیا حاضر ہے فلانا لوگوں نے کہا نہیں فرمایا کیا حاضر ہے فلانا لوگوں نے کہا نہیں فرمایا یہ دو نماز ف بہت بھاری

الصلوة على المنافقين ولو تعلمون ما فيهما لأتيتموهما ولو حبوا على الركب وإن الصف الأول على مثل

نمازوں میں سے منافقوں پر اور اگر جانو تم وہ ثواب جو ان دونوں میں ہے البتہ آؤ تم ان دونوں میں اگرچہ گھسٹتے چلو گھٹنوں پر اور تحقیق پہلی صف نماز کی مانند

صف الملائكة ولو علمتم ما فضيلته لابتدرتموه وإن صلوة الرجل مع الرجل أزكى من صلوته وحده

صف فرشتوں کے ہے اور اگر جانتے تم کہ کیا ہے بزرگی اسکی البتہ دوڑتے تم اسکے پانے میں اور تحقیق نماز مرد کی ساتھ مرد کے بہتر زیادہ ہے اسکی نماز سے اکیلے

وصلوته مع الرجلين أزكى من صلوته مع الرجل وما كثر فهو أحب إلى الله تعالى رواه أبو داود والنسائي

اور نماز اسکی دو مردوں کے ساتھ بہتر زیادہ ہے اسکی نماز سے ساتھ ایک مرد کے اور جسقدر زیادہ ہو جماعت پھر وہ بہت زیادہ پسند ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک ف روایت کیا اسکو ابوداود اور نسائی نے

وعن أبي الدرداء قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من ثلاثة في قرية ولا بدو لا تقام فيهم

اور روایت ہے ابی درداء سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہیں تین شخص کسی بستی میں یا کسی گانوں میں کہ جماعت کے ساتھ نہ پڑھی جاوے ان میں

الصلوة إلا قد استحوذ عليهم الشيطان فعليك بالجماعة فإنما يأكل الذئب القاصية رواه

نماز مگر تحقیق غالب ہوتا ہے ان پر شیطان پھر لازم ہے تجھکو جماعت کرنی پھر سوا اسکے نہیں کہ کھاتا ہے بھیڑیا اس بکری کو جو دور ہو ریوڑ سے ف روایت کیا

أحمد وأبو داود والنسائي وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من سمع

احمد اور ابوداود اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ سنے

المنادي فلم يمنعه من اتباعه عذر قالوا وما العذر قال خوف أو مرض لم تقبل منه الصلوة التي صلى رواه

اذان کہنے والے کی اذان پھر نہ منع کرے اسکو پیروی کرنے سے ف کوئی عذر کہا صحابہ نے اور کیا ہے عذر فرمایا ڈر ف یا مرض قبول نہیں کی جاتی اس سے نماز جو اسنے پڑھی ہے ف روایت کیا اسکو

أبو داود والدارقطني وعن عبد الله بن أرقم قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إذا أقيمت الصلوة ووجد أحدكم الخلاء

ابوداود اور دارقطنی نے ۔ اور روایت ہے عبداللہ ابن ارقم سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جب اقامت کہی جاوے نماز کی اور پاوے ایک تمہارا حاجت پاخانہ کی

فليبدأ بالخلاء رواه الترمذي وروى مالك وابو داود والنسائي نحوه وعن ثوبان قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

پھر چاہیئے کہ شروع کرے پاخانہ جانا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا مالک اور ابوداؤد اور نسائی نے مانند اسکے۔ اور روایت ہے ثوبان سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

ثلث لا يحل لاحد ان يفعلهن لا يؤم رجل قوما فيخص نفسه بالدعاء دونهم فان فعل ذلك فقد خانهم

تین خصلتیں ہیں کہ نہیں حلال ہے کسی کو کہ کرے انکو امامت نہ کرے کوئی شخص کسی قوم کی پھر خاص کرے اپنی جان کو ساتھ دعا کے سوائے ان کے پھر اگر کیا یہ تو بیشک خیانت کی انکی

ولا ينظر في قعر بيت قبل ان يستاذن فان فعل فقد خانهم ولا يصل وهو حقن حتى يتخفف رواه ابو داود

اور نہ دیکھے اندر کسی گھر کے پہلے اسکے کہ اجازت لے اندر جانے کی پھر اگر کیا تو بیشک خیانت کی انکی اور نماز نہ پڑھے جبکہ حاجت ہو پیشاب کی یہاں تک کہ ہلکا ہو جائے اور روایت کیا اسکو ابوداؤد

وللترمذي نحوه وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تؤخروا الصلوة لطعام ولا لغيره رواه في شرح

ترمذی نے مانند اسکے اور روایت ہے جابر سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ تاخیر کرو نماز کی کھانے کے واسطے اور نہ دوسری چیز کے واسطے روایت کیا اسکو شرح

السنة

الفصل الثالث

عن عبد الله بن مسعود قال لقد رأيتنا وما يتخلف عن الصلوة الا منافق قد علم

سنۃ میں۔ فصل تیسری۔ روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ تحقیق دیکھا ہم نے اپنی تئیں یعنی وقت کہ نہیں پیچھے رہتا نماز سے مگر منافق کہ تحقیق معلوم ہو

نفاقه او مريض ان كان المريض ليمشي بين رجلين حتى ياتي الصلوة وقال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم

نفاق اسکا یا مریض بیشک کہ مریض تھا چلتا درمیان دو شخصوں کے ٹیک کر یہاں تک کہ آتا نماز میں اور کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

علمنا سنن الهدى وان من سنن الهدى الصلوة في المسجد الذي يؤذن فيه وفي رواية قال من سره ان يلقى الله

سکھلایا ہم کو طریقے ہدایت کے اور تحقیق ہدایت کے طریقوں میں سے نماز پڑھنی اس مسجد میں کہ اذان دی جاتی ہے اس میں اور ایک روایت میں ہے کہا جس شخص کو خوش آوے کہ ملاقات کرے

غدا مسلما فليحافظ على هؤلاء الصلوات الخمس حيث ينادى بهن فان الله شرع لنبيكم سنن الهدى وانهن من سنن الهدى

کل کو مسلمان ہو کر پس چاہیئے کہ محافظت کرے ان پانچوں نمازوں پر اس جگہ کہ اذان دی جاوے ان کے واسطے پھر تحقیق اللہ نے مقرر کیا تمہارے نبی کے واسطے طریقے ہدایت کے اور تحقیق [illegible]

ولو انكم صليتم في بيوتكم كما يصلي هذا المتخلف في بيته لتركتم سنة نبيكم ولو تركتم سنة نبيكم لضللتم وما من

اور اگر تحقیق تم لوگ نماز پڑھو اپنے گھروں میں جیسا کہ پڑھتا ہے یہ پیچھے رہنے والا اپنے گھر میں تو تم نے ترک کیا سنت اپنے نبی کی اور اگر تم چھوڑ دو سنت اپنے نبی کی البتہ گمراہ ہو اور نہیں ہے

رجل يتطهر فيحسن الطهور ثم يعمد الى مسجد من هذه المساجد الا كتب الله له بكل خطوة يخطوها حسنة ويرفعه

کوئی شخص کہ طہارت کرے پھر اچھی کرے طہارت بعد اسکے قصد کرے کسی مسجد کا ان مسجدوں میں سے مگر لکھتا ہے اللہ اسکے لئے ہر قدم کے بدلے کہ رکھتا ہے قدم ایک نیکی اور بلند کرتا ہے

بها درجة ويحط عنه بها سيئة ولقد رأيتنا وما يتخلف عنها الا منافق معلوم النفاق ولقد كان الرجل يؤتى بها

سبب اسکے ایک درجہ اور دور کرتا ہے اس کے سبب ایک برائی اور تحقیق جانا ہم نے اپنی تئیں اور دیکھے کوئی کہ خلاف نہیں کرتا جماعت سے مگر منافق کہ معلوم ہے جسکا نفاق اور تحقیق ایک شخص لایا جاتا

يهادى بين الرجلين حتى يقام في الصف رواه مسلم وعن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لولا ما في البيوت

پکڑ کر درمیان دو مردوں کے یہاں تک کہ کھڑا کیا جاتا صف میں روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا اگر نہ ہوتیں گھروں میں

من النساء والذرية اقمت صلوة العشاء وامرت فتياني يحرقون ما في البيوت بالنار رواه احمد وعنه

عورتیں اور لڑکے تو قائم کرتا میں نماز عشاء کی اور حکم کرتا اپنے خادموں کو کہ خراب جلاتے جو کچھ گھروں میں ہوتا آگ سے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے اسی سے

قال امرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا كنتم في المسجد فنودي بالصلوة فلا يخرج احدكم حتى يصلي رواه

کہا کہ حکم کیا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب ہو تم لوگ مسجد میں پھر اذان دی جاوے نماز کے واسطے تو نہ نکلے کوئی تم میں یہاں تک کہ نماز پڑھے روایت کیا اسکو

[illegible]

وعن ابی الشعثاء قال خرج رجل من المسجد بعد ما اذن فیه فقال ابو هریرة اما هذا فقد عصی ابا القاسم صلی
اور روایت ہے ابی الشعثاء سے کہا کہ نکلا ایک شخص مسجد سے بعد اس کے کہ اذان کہی گئی اس میں تب کہا ابو ہریرہ نے لیکن اس شخص نے تحقیق نافرمانی کی ابو القاسم صلی

الله علیه وسلم رواه مسلم وعن عثمان بن عفان قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من ادرکه الاذان فی المسجد
اللہ علیہ وسلم کی روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے عثمان ابن عفان سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پالے اس کو اذان مسجد میں

ثم خرج لم یخرج لحاجة وهو لا یرید الرجعة فهو منافق رواه ابن ماجه وعن ابن عباس عن النبی صلی الله علیه وسلم
پھر باہر نکلے نہ نکلے ضروری کام کے واسطے اور وہ ارادہ نہیں رکھتا ہے پھر آنے کا تو وہ منافق ہے روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عباس سے اس نے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم

قال من سمع النداء فلم یجبه فلا صلوة له الا من عذر رواه الدارقطنی وعن عبد الله بن ام مکتوم قال یا رسول
کہ فرمایا جو شخص کہ سنے اذان پھر نہ قبول کرے اس کو تو نہیں ہوتی نماز اس کی مگر عذر سے روایت کیا اس کو دارقطنی نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن ام مکتوم سے کہا کہ یا رسول

الله ان المدینة کثیرة الهوام والسباع وانا ضریر البصر فهل تجد لی من رخصة قال هل تسمع حی علی الصلوة حی
اللہ تحقیق مدینہ میں بہت ہیں موذی جانور اور درندے اور میں ہوں اندھا سو کیا پاتے ہیں آپ میرے لئے رخصت فرمایا کیا سنتا ہے حی علی الصلوۃ حی

علی الفلاح قال نعم قال فحی هلا ولم یرخص له رواه ابو داود والنسائی وعن ام الدرداء قالت دخل علی ابو
علی الفلاح کہا کہ ہاں فرمایا پھر آ جماعت میں اور نہ رخصت دی روایت کیا اس کو ابو داود اور نسائی نے اور روایت ہے ام درداء سے کہا کہ آئے میرے پاس ابو

الدرداء وهو مغضب فقلت ما اغضبك قال والله ما اعرف من امة محمد صلی الله علیه وسلم شیئا الا انهم یصلون
درداء اور وہ غصہ میں تھے پھر کہا میں نے کس چیز نے غصہ دلایا تم کو کہا قسم ہے اللہ کی نہیں پہچانتا ہوں کام امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی چیز مگر تحقیق

جمیعا رواه البخاری وعن ابی بکر بن سلیمان بن ابی حثمة قال ان عمر بن الخطاب فقد سلیمان بن ابی حثمة فی صلوة
جماعت کر کے نماز پڑھتے ہیں روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے ابی بکر ابن سلیمان ابن ابی حثمہ سے کہا کہ تحقیق عمر بن خطاب نے نہ پایا سلیمان ابن ابی حثمہ کو نماز صبح کو

الصبح وان عمر غدا الی السوق ومسکن سلیمان بین المسجد والسوق فمر علی الشفاء ام سلیمان فقال لها لم ار سلیمان
صبح کی نماز میں پھر تحقیق عمر صبح کو گئے بازار کو اور گھر سلیمان کا مسجد اور بازار کے بیچ میں تھا تب عمر گزرے شفا کے پاس جو سلیمان کی ماں تھی اور کہا اس کو نہ دیکھا میں نے سلیمان کو

فی الصبح فقالت انه بات یصلی فغلبته عیناه فقال عمر لان اشهد صلوة الصبح فی جماعة احب الی من ان اقوم لیلة رواه
صبح کی نماز میں تب اس نے کہا کہ تحقیق وہ رات بھر نماز پڑھتا رہا پھر غالب آئیں اس پر اس کی آنکھیں تب فرمایا عمر نے البتہ حاضر ہونا میرا صبح کی نماز کو جماعت میں پسند زیادہ ہے مجھ کو اس سے کہ کھڑا رہوں رات بھر روایت کیا

مالك وعن ابی موسی الاشعری قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اثنان فما فوقهما جماعة رواه ابن ماجه وعن
مالک نے اور روایت ہے ابی موسی اشعری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو شخص پھر جتنے زیادہ ہوں اس سے جماعت ہے روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے اور روایت ہے

بلال بن عبد الله بن عمر عن ابیه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تمنعوا النساء حظوظهن من المساجد اذا
بلال ابن عبد اللہ ابن عمر سے اس نے نقل کیا اپنے باپ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ منع کرو عورتوں کو حصہ ان کا مسجدوں سے جب

استاذنکم فقال بلال والله لنمنعهن فقال له عبد الله اقول قال رسول الله صلی الله علیه وسلم وتقول انت لنمنعهن وفی روایة
پروانگی مانگیں تم سے تب کہا بلال نے قسم اللہ کی تحقیق ہم منع کریں گے ان کو تب کہا اس سے عبد اللہ نے میں کہتا ہوں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور تو کہتا ہے کہ تحقیق ہم منع کریں گے اور ایک روایت

سالم عن ابیه قال فاقبل علیه عبد الله فسبه سبا ما سمعته سبه مثله قط وقال اخبرك عن رسول الله صلی الله علیه
سالم کی جو اس نے اپنے باپ سے نقل کیا ہے کہا کہ پھر متوجہ ہوئے اس پر عبد اللہ اور اس کو گالی دی ایسی گالی کہ نہ سنا میں نے ان کو گالی دی ہو کبھی مثل اس کے اور کہا میں خبر دیتا ہوں تجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم وتقول والله لنمنعهن رواه مسلم وعن مجاهد عن عبد الله ابن عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال لا يمنعن

وسلم سے اور تو کہتا ہے کہ قسم اللہ کی البتہ منع کریں گے ہم انکو۔ روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے مجاہد سے اسنے نقل کیا عبد اللہ ابن عمر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ منع کرے

رجل اهله ان ياتوا المساجد فقال ابن لعبد الله ابن عمر فانا لنمنعهن فقال عبد الله احدثك عن رسول الله صلى الله عليه

کوئی شخص اپنے گھر کی عورتوں کو کہ آویں مسجدوں میں تب کہا ایک بیٹے نے عبد اللہ ابن عمر کے کہ ہم منع کرتے ہیں انکو تب کہا عبد اللہ نے میں خبر دیتا ہوں تجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم وتقول هذا قال فما كلمه عبد الله حتى مات رواه احمد

وسلم سے اور تو کہتا ہے یہہ بات کہا مجاہد نے پھر نہ بات کیا اس سے عبد اللہ نے یہانتک کہ مر گیا روایت کیا اسکو احمد نے

باب تسوية الصفوف

یہہ باب ہے بیچ بیان برابر کرنے صفوں کے

الفصل الاول

فصل پہلی

وعن النعمان ابن بشير قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يسوي صفوفنا حتى كانما يسوي بها القداح حتى راى انا قد عقلنا عنه

روایت ہے نعمان ابن بشیر سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برابر کرتے ہماری صفوں کو یہانتک کہ گویا برابر کرتے ساتھ ان کے تیر کی لکڑیاں یہانتک کہ جان لیا کہ ہم نے سمجھ لیا ان سے

ثم خرج يوما فقام حتى كاد ان يكبر فراى رجلا باديا صدره من الصف فقال عباد الله لتسون صفوفكم او ليخالفن

پھر نکلے ایک روز پھر کھڑے ہوئے یہانتک کہ قریب تھا کہ تکبیر کہیں پھر دیکھا ایک شخص کو باہر نکالے سینہ اپنا صف سے تب فرمایا اے بندو اللہ کے چاہئے کہ برابر کرو اپنی صفوں کو یا خلاف ڈالیگا

الله بين وجوهكم رواه مسلم وعن انس قال اقيمت الصلوة فاقبل علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم بوجهه فقال اقيموا

اللہ تمہارے بیچ منہ کے۔ روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ اقامت کہی گئی نماز پھر متوجہ ہوئے ہم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے منہ سے اور فرمایا سیدھی کرو

صفوفكم وتراصوا فاني اراكم من وراء ظهري رواه البخاري وفي المتفق عليه قال اتموا الصفوف فاني اراكم من وراء

اپنی صفوں کو اور آپس میں مل کر کھڑے ہو پھر بیشک میں دیکھتا ہوں تمکو اپنی پیٹھ کے پیچھے سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور بخاری مسلم کی روایت میں یہہ ہے کہ فرمایا پورا کرو اپنی صفوں کو پھر بیشک میں دیکھتا ہوں تمکو اپنی

ظهري وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم سووا صفوفكم فان تسوية الصفوف من اقامة الصلوة متفق

پیٹھ کے پیچھے سے۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے برابر کرو اپنی صفوں کو پھر تحقیق برابر کرنی صفوں کا ٹھیک ادا کرنے نماز میں داخل ہے۔ متفق

عليه الا ان عند مسلم من تمام الصلوة وعن ابي مسعود الانصاري قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يمسح

علیہ ہے مگر مسلم کے نزدیک بجائے ٹھیک ادا کرنے کے تمام کرنے نماز میں داخل ہے۔ اور روایت ہے ابی مسعود انصاری سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رکھتے ہاتھ

مناكبنا في الصلوة ويقول استووا ولا تختلفوا فتختلف قلوبكم ليلني منكم اولوا الاحلام والنهى ثم الذين يلونهم

ہمارے مونڈھوں پر نماز میں اور فرماتے برابر ہو جاؤ اور اختلاف نکرو نہیں تو مختلف ہو جاوینگے دل تمہارے چاہئے کہ قریب رہیں میرے تم میں سے بالغ لوگ اور عقل والے پھر وے لوگ کہ قریب

ثم الذين يلونهم قال ابو مسعود فانتم اليوم اشد اختلافا رواه مسلم وعن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله

ہیں ان کے پھر وے لوگ کہ قریب ہیں ان کے کہا ابو مسعود نے پھر تم آج کے دن بہت اختلاف کرتے ہو روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم ليلني منكم اولوا الاحلام والنهى ثم الذين يلونهم ثلثا واياكم وهيشات الاسواق رواه مسلم وعن

صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہئے کہ نزدیک ہوں میرے تم میں سے بالغ لوگ اور عقل والے پھر وے لوگ جو قریب ہوں ان کے تین بار فرمایا اور فرمایا بچو تم شور کرنے سے مثل بازاروں کے۔ روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور

ابي سعيد الخدري قال راى رسول الله صلى الله عليه وسلم في اصحابه تاخرا فقال لهم تقدموا وائتموا بي وليأتم بكم من

ابی سعید خدری سے کہا کہ دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب میں پیچھے رہنا صفوں سے تب فرمایا انکو آگے آؤ اور اقتدا کرو میری اور چاہئے کہ اقتدا کریں تمہاری وہ لوگ

بعدكم لا يزال قوم يتاخرون حتى يؤخرهم الله رواه مسلم وعن جابر بن سمرة قال خرج علينا رسول الله صلى

جو پیچھے تمہارے ہیں ہمیشہ رہیگی قوم پیچھے رہتے یہانتک کہ پیچھے ڈالیگا انکو اللہ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے جابر ابن سمرہ سے کہا کہ تشریف لائے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم فرآنا حلقا فقال مالي اراكم عزين ثم خرج علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال الا تصفون كما

عليه وسلم پھر ديکھا ہمکو حلقہ باندھے بيٹھے ہوئے تب فرمايا کيا ہے مجھکو کہ ديکھتا ہوں تمکو حلقہ حلقہ بيٹھے ہوئے پھر تشريف لائے ہمارے پاس رسول الله صلى الله عليه وسلم اور فرمايا کيا نہيں صف باندھتے تم جيسے

تصف الملائكة عند ربها فقلنا يا رسول الله وكيف تصف الملائكة عند ربها قال يتمون الصفوف الاولى ويتراصون

صف باندھتے ہيں فرشتے نزديک اپنے پروردگار کے پھر کہا ہم نے يا رسول الله اور کس طرح صف باندھتے ہيں فرشتے اپنے پروردگار کے نزديک فرمايا پوری کرتے ہيں پہلی صفوں کو اور مل کے کھڑے ہوتے

في الصف رواه مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير صفوف الرجال اولها وشرها

صف ميں روايت کيا اسکو مسلم نے اور روايت ہے ابو ہريرہ سے کہا کہ فرمايا رسول الله صلى الله عليه وسلم نے بہتر صفيں مردوں کی پہلی صف اور بری اسکی

آخرها وخير صفوف النساء آخرها وشرها اولها رواه مسلم **الفصل الثاني** عن انس قال قال رسول الله

پچھلی اسکی اور بہتر صفيں عورتوں کی پچھلی اسکی اور بری اسکی پہلی اسکی روايت کيا اسکو مسلم نے فصل دوسری روايت ہے انس سے کہا کہ فرمايا رسول الله

صلى الله عليه وسلم رصوا صفوفكم وقاربوا بينها وحاذوا بالاعناق فوالذي نفسي بيده اني لارى الشيطان

صلى الله عليه وسلم نے ملاؤ اپنی صفوں کو اور نزديکی کرو صفوں ميں اور برابر کرو گردنوں کو پھر قسم ہے اس ذات کی کہ جان ميری اسکے قبضہ ميں ہے تحقيق ميں ديکھتا ہوں

يدخل من خلل الصف كانها الحذف رواه ابو داود وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اتموا الصف

کہ داخل ہوتا ہے شگافوں سے صف کے گويا کہ وہ کالا بچہ ہے بکری کا روايت کيا اسکو ابو داؤد نے اور روايت ہے انس سے کہا کہ فرمايا رسول الله صلى الله عليه وسلم نے پوری کرو پہلی صف

المقدم ثم الذي يليه فما كان من نقص فليكن في الصف المؤخر رواه ابو داود وعن البراء بن عازب قال كان رسول

پھر اس صف کو جو کہ پاس ہے پھر جو کچھ ہو کمی تو چاہئے کہ ہو پچھلی صف ميں روايت کيا اسکو ابو داؤد نے اور روايت ہے براء ابن عازب سے کہا کہ تھے رسول

الله صلى الله عليه وسلم يقول ان الله وملائكته يصلون على الذين يلون الصفوف الاولى وما من خطوة احب

الله صلى الله عليه وسلم فرماتے تحقيق الله اور اسکے فرشتے رحمت بھيجتے ہيں ان لوگوں پر جو قريب ہيں پہلی صف کے اور نہيں ہے کوئی قدم دوست زيادہ

الى الله من خطوة يمشيها يصل بها صفا رواه ابو داود وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

الله کے نزديک اس قدم سے کہ چلے اسکو ملا دے بندہ اسکے سبب صف ميں روايت کيا اسکو ابو داؤد نے اور روايت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمايا رسول الله صلى الله عليه وسلم نے

ان الله وملائكته يصلون على ميامن الصفوف رواه ابو داود وعن النعمان بن بشير قال كان رسول الله صلى الله

بيشک الله اور فرشتے اسکے رحمت بھيجتے ہيں صفوں کی داہنی طرف پر روايت کيا اسکو ابو داؤد نے اور روايت ہے نعمان ابن بشير سے کہا کہ تھے رسول الله صلى الله

عليه وسلم يسوي صفوفنا اذا قمنا الى الصلوة فاذا استوينا كبر رواه ابو داود وعن انس قال كان رسول الله صلى الله عليه

عليه وسلم برابر کرتے ہماری صفوں کو جس وقت کہ کھڑے ہوتے ہم نماز کو پھر جب برابر ہو چکتے تکبير کہتے روايت کيا اسکو ابو داؤد نے اور روايت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول الله صلى الله عليه

وسلم يقول عن يمينه اعتدلوا سووا صفوفكم وعن يساره اعتدلوا سووا صفوفكم رواه ابو داود وعن

وسلم فرماتے اپنے داہنی طرف سيدھے کھڑے ہو برابر کرو اپنی صفوں کو اور فرماتے اپنے بائيں طرف سيدھے کھڑے ہو برابر کرو اپنی صفوں کو روايت کيا اسکو ابو داؤد نے اور روايت ہے

ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خياركم الينكم مناكب في الصلوة رواه ابو داود **الفصل الثالث** عن

ابن عباس سے کہا کہ فرمايا رسول الله صلى الله عليه وسلم نے بہتر زيادہ تم ميں جو بہت نرم مونڈھے والا ہے نمازوں ميں روايت کيا اسکو ابو داؤد نے فصل تيسری روايت ہے

انس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يقول استووا استووا استووا فوالذي نفسي بيده اني لاراكم من خلفي كما اراكم من بين يدي

انس سے کہا کہ تھے نبی صلى الله عليه وسلم فرماتے برابر ہو برابر ہو برابر ہو پھر قسم ہے اس ذات کی کہ جان ميری اسکے قبضہ ميں ہے تحقيق ميں ديکھتا ہوں تمکو پيچھے سے جيسا کہ ديکھتا ہوں آگے سے

يديه رواه ابوداود ۔ وعن ابي امامة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله وملئكته يصلون على الصف

اپنے آگے سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ اور اسکے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں پہلی صف پر

الاول قالوا يا رسول الله وعلى الثاني قال ان الله وملئكته يصلون على الصف الاول قالوا يا رسول الله وعلى الثاني قال ان الله و

عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ اور دوسری پر بھی فرمایا تحقیق اللہ اور اسکے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں پہلی صف پر عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ اور دوسری پر بھی فرمایا تحقیق اللہ اور

ملئكته يصلون على الصف الاول قالوا يا رسول الله وعلى الثاني قال وعلى الثاني وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم سووا صفوفكم

اسکے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں پہلی صف پر عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ اور دوسری پر بھی فرمایا اور دوسری پر بھی اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے برابر کرو اپنی صفوں کو

وحاذوا بين مناكبكم ولينوا في ايدي اخوانكم وسدوا الخلل فان الشيطان يدخل فيما بينكم بمنزلة الحذف يعني اولاد

اور برابر کرو اپنے مونڈھوں کو اور نرم ہو اپنے بھائیوں کے ساتھ اور بند کرو صف کے سوراخ کو پھر تحقیق شیطان گھستا ہے تمہارے درمیان مانند حذف کے یعنی

الضان الصغار رواه احمد ۔ وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اقيموا الصفوف وحاذوا بين المناكب

بھیڑ کا چھوٹا بچہ ۔ روایت کیا اسکو احمد نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدھی کرو صفوں کو اور برابر کرو اپنے مونڈھوں کو

وسدوا الخلل ولينوا بايدي اخوانكم ولا تذروا فرجات الشيطان ومن وصل صفا وصله الله ومن قطعه قطعه

اور بند کرو صف کے سوراخ کو اور نرم ہو اپنے بھائیوں کے ساتھ اور مت چھوڑو سوراخیں شیطان کے اور جو شخص کہ ملاوے صف کو ملاوے اسکو اللہ اور جو شخص کہ کاٹے اسکو کاٹے

الله رواه ابوداود وروى النسائي منه قوله من وصل صفا الى اخره ۔ وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله

اللہ ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت کیا نسائی نے قول اسکا من وصل صفا آخر تک ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم توسطوا الامام وسدوا الخلل رواه ابوداود ۔ وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا

علیہ وسلم نے بیچ میں کھڑا کرو امام کو ف اور بند کرو سوراخوں کو روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

يزال قوم يتاخرون عن الصف الاول حتى يؤخرهم الله في النار رواه ابوداود ۔ وعن وابصة بن معبد قال راى رسول الله

ہمیشہ رہینگے ایک گروہ پیچھے رہ جاتے پہلی صف سے یہاں تک کہ پیچھے ڈالیگا ان کو اللہ دوزخ میں ف روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے وابصہ ابن معبد سے کہا کہ دیکھا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم رجلا يصلي خلف الصف وحده فامره ان يعيد الصلوة رواه احمد والترمذي وابوداود وقال الترمذي

صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو نماز پڑھتا تھا پیچھے صف کے اکیلا پھر حکم کیا اسکو دہراوے نماز کو ف روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد نے اور کہا ترمذی نے

هذا حديث حسن ۔ باب موقف الصلوة ۔ الفصل الاول ۔ عن عبد الله ابن عباس قال بت في بيت خالتي ميمونة فقام

یہ حدیث حسن ہے ۔ باب ہے بیچ بیان جگہ کھڑے ہونے کے نماز میں امام مقتدی کے ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے عبد اللہ ابن عباس سے کہا کہ رات کو رہا میں گھر میں اپنی خالہ حضرت میمونہ کے پھر کھڑے ہوئے

رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي فقمت عن يساره فاخذ بيدي من وراء ظهره فعدلني كذلك من وراء ظهره

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ نماز پڑھیں تب کھڑا ہوا میں بھی ان کے بائیں پھر پکڑا میرا ہاتھ اپنی پیٹھ کے پیچھے سے اور پھیر لایا مجھکو اسی طرح ف اپنی پیٹھ کے پیچھے سے

الى الشق الايمن متفق عليه ۔ وعن جابر قال قام رسول الله صلى الله عليه وسلم ليصلي فجئت حتى قمت عن يساره فاخذ

داہنی طرف کی ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تاکہ نماز پڑھیں پھر آیا میں یہاں تک کہ کھڑا ہوا میں ان کے بائیں پھر پکڑا

بيدي فادارني حتى اقامني عن يمينه ثم جاء جبار بن صخر فقام عن يسار رسول الله صلى الله عليه وسلم فاخذ بيدينا

میرا ہاتھ اور گھمایا مجھکو یہاں تک کہ کھڑا کیا مجھکو اپنے داہنے پھر آیا جبار ابن صخر اور کھڑا ہوا بائیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر پکڑا ہم دونوں کا ہاتھ

جميعا فدفعنا حتى اقامنا خلفه رواه مسلم وعن انس قال صليت انا ويتيم في بيتنا خلف النبي صلى الله عليه وسلم وام سليم

اکٹھے اور ہٹایا ہم دونوں کو یہاں تک کہ کھڑا کیا ہمکو اپنے پیچھے روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ نماز پڑھی میں نے اور ایک یتیم نے ہمارے گھر میں پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ام سلیم

خلفنا رواه مسلم وعنه ان النبي صلى الله عليه وسلم صلى به وبامه او خالته قال فاقامني عن يمينه واقام المرأة خلفنا

پیچھے ہمارے تھی روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے انس سے تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی انکے اور انکی ماں یا انکی خالہ کے ساتھ کہا انس نے پھر کھڑا کیا مجھکو اپنے داہنے اور کھڑا کیا عورت کو پیچھے ہمارے

رواه مسلم وعن ابي بكرة انه انتهى الى النبي صلى الله عليه وسلم وهو راكع فركع قبل ان يصل الى الصف ثم مشى الى الصف

روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی بکرہ سے کہ تحقیق وہ پہنچا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور وہ رکوع میں تھے پھر رکوع کیا قبل اسکے کہ ملے صف میں پھر چلا صف کی طرف

فذكر ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم فقال زادك الله حرصا ولا تعد رواه البخاري

پھر ذکر کیا اسکا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تب فرمایا زیادہ کرے تجھکو اللہ حرص نیکی کی اور پھر نہ کرنا ایسا روایت کیا اسکو بخاری نے ۔

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن سمرة بن جندب قال امرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا كنا ثلثة ان يتقدم منا احدنا رواه الترمذي وعن عمار انه ام

روایت ہے سمرہ ابن جندب سے کہا کہ حکم کیا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ ہوں ہم تین آدمی آگے بڑھے ہمارا کوئی ہم میں سے روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے عمار سے کہ تحقیق امامت کی

الناس بالمدائن وقام على دكان يصلي والناس اسفل منه فتقدم حذيفة فاخذ على يديه فاتبعه عمار حتى انزله

لوگوں کی مدائن میں اور کھڑے ہوئے چبوترے پر کہ نماز پڑھیں اور لوگ نیچے تھے اس سے پھر آگے گئے حذیفہ اور پکڑا دونوں ہاتھ عمار کا پھر تابعداری کی عمار نے یہاں تک کہ اتارا عمار کو

حذيفة فلما فرغ عمار من صلوته قال له حذيفة الم تسمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اذا ام الرجل القوم فلا يقم

حذیفہ نے پھر جب فارغ ہوئے عمار اپنی نماز سے کہا ان سے حذیفہ نے کیا نہ سنا تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھے جب امامت کرے مرد ایک قوم کی پھر نہ کھڑا ہو

في مقام ارفع من مقامهم او نحو ذلك فقال عمار لذلك اتبعتك حين اخذت على يدي رواه ابو داود وعن سهل

اس مقام میں جو بلند ہووے ان لوگوں کے مقام سے یا مانند اسکے فرمایا تب کہا عمار نے کہ اسواسطے تابعداری کی میں نے تیری جب پکڑا تو نے ہاتھ میرا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے سہل

بن سعد الساعدي انه سئل من اي شيء المنبر فقال هو من اثل الغابة عمله فلان مولى فلانة لرسول الله صلى الله عليه وسلم

ابن سعد ساعدی سے تحقیق وہ پوچھے گئے کہ کس چیز سے تھا منبر تب کہا کہ وہ تھا غابت کے جھاؤ سے بنایا تھا اسکو فلانے نے جو غلام آزاد کیا ہوا فلانی کا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

وقام عليه رسول الله صلى الله عليه وسلم حين عمل ووضع فاستقبل القبلة وكبر وقام الناس خلفه فقرأ وركع وركع

اور کھڑے ہوئے اسپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جسوقت کہ تیار کیا گیا اور رکھا گیا پھر سامنے ہوئے قبلہ کے اور اللہ اکبر کہا اور کھڑے ہوئے لوگ پیچھے حضرت کے پھر قرأت کی اور رکوع کیا

الناس خلفه ثم رفع راسه ثم رجع القهقرى فسجد على الارض ثم عاد الى المنبر ثم قرأ ثم ركع ثم رفع ثم رجع القهقرى

لوگوں نے پیچھے حضرت کے پھر اٹھایا سر اپنا پھر ہٹے پچھلے پاؤں اور سجدہ کیا زمین پر پھر تشریف لے گئے منبر کی طرف پھر قرأت کی پھر رکوع کیا پھر اٹھایا اپنا سر پھر ہٹے پچھلے پاؤں

حتى سجد بالارض هذا لفظ البخاري وفي المتفق عليه نحوه وقال في اخره فلما فرغ اقبل على الناس فقال يا ايها الناس انما

یہاں تک کہ سجدہ کیا زمین پر یہہ لفظ بخاری کا ہے اور بخاری ومسلم میں مانند اسکے ہے اور کہا بخاری نے آخر میں اس حدیث کے کہ پھر جب فارغ ہوئے متوجہ ہوئے لوگوں پر اور فرمایا اے لوگو

صنعت هذا لتأتموا بي ولتعلموا صلوتي وعن عائشة قالت صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم في حجرته والناس

کیا میں نے یہہ مگر اسواسطے کہ پیروی کرو تم اور تاکہ جانو تم نماز میری ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ نماز پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے حجرے میں اور لوگ

ياتمون به من وراء الحجرة رواه ابو داود

اقتدا کرتے تھے انکی حجرے کے پیچھے سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔

الفصل الثالث

فصل تیسری

عن ابي مالك الاشعري قال الا احدثكم

روایت ہے ابی مالک اشعری سے کہا کہ کیا خبر دوں میں تمکو

بصلوٰۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اقام الصلوٰۃ وصف الرجال وصف خلفھم الغلمان ثم صلی بھم فذکر

ساتھ نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا کہ قائم کی حضرت نے نماز اور صف مقرر کی مردوں کی اور صف مقرر کی پیچھے مردوں کے لڑکوں کی پھر نماز پڑھائی انکو پھر ذکر کیا ابو

صلوٰتہ ثم قال ھکذا صلوٰۃ قال عبد الاعلی لا احسبہ الا قال امتی رواہ ابو داود وعن قیس بن عباد قال بینا

نماز حضرت کی پھر کہا حضرت نے اسی طرح ہے نماز کہا عبد الاعلی نے نہیں گمان کرتا ہوں میں مگر فرمایا حضرت نے امتی روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے قیس ابن عباد سے کہا کہ اس وقت

انا فی المسجد فی الصف المقدم فجبذنی رجل من خلفی جبذۃ فنحانی وقام مقامی فواللہ ما عقلت صلوٰتی فلما انصرف

کہ تھا میں مسجد میں پہلی صف میں پھر کھینچا مجھکو ایک شخص نے میرے پیچھے سے سخت کھینچنا پھر کنارے کیا مجھکو اور کھڑا ہوا میری جگہ پر پس قسم ہے اللہ کی نہ جانا میں نے اپنی نماز کو پھر جب

اذا ھو ابی بن کعب فقال یا فتی لا یسوءک اللہ ان ھذا عھد من النبی صلی اللہ علیہ وسلم الینا ان نلیہ ثم استقبل

یکایک وہ ابی ابن کعب تھے پھر ابی نے کہا اے جوان غم میں نہ ڈالے تجھکو اللہ تحقیق یہہ وصیت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمارے واسطے یہہ کہ قریب کھڑے ہوں ان کے پھر منہ

القبلۃ فقال ھلک اھل العقد ورب الکعبۃ ثلثا ثم قال واللہ ما علیھم اسی ولکن اسی علی من اضلوا قلت

قبلہ کو اور کہا کہ ہلاک ہوئے سردار قسم ہے رب کعبہ کی کہا تین بار پھر کہا کہ قسم ہے اللہ کی نہیں ان پر غم کرتا ہوں ولیکن میں غم کرتا ہوں ان شخصوں پر کہ گمراہ کیا میں نے

یا ابا یعقوب ما تعنی باھل العقد قال الامراء رواہ النسائی باب الامامۃ الفصل الاول عن ابی مسعود

اے ابو یعقوب کیا مراد رکھتے ہو اہل عقد سے کہا امیر روایت کیا اسکو نسائی نے ٭ یہہ باب ہے بیان میں امامت کرنے کے ٭ فصل پہلی ٭ روایت ہے ابی مسعود سے

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یؤم القوم اقرأھم لکتاب اللہ فان کانوا فی القراءۃ سواء فاعلمھم بالسنۃ

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امام ہو قوم کا خوب پڑھنے والا انمیں کتاب اللہ کو پھر اگر ہوں قرآن پڑھنے میں برابر پھر خوب جاننے والا انمیں سنت کا

فان کانوا فی السنۃ سواء فاقدمھم ھجرۃ فان کانوا فی الھجرۃ سواء فاقدمھم سنا ولا یؤمن الرجل الرجل فی

پھر اگر ہوں سنت جاننے میں برابر تو جو پہلا انمیں کا ہو ہجرت میں پھر اگر ہوں ہجرت میں برابر پھر پہلا ان میں کا سن میں اور نہ امامت کرے مرد مرد کو

الرحمن بن عوف قال ان رجلًا من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم قال قلت وانا في سفر مع رسول الله صلى الله عليه وسلم
الرحمن ابن عوف سے کہا کہ تحقیق ایک شخص نے اصحاب میں سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا کہ میں نے اپنے جی میں کہا اور میں سفر میں تھا ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

والله لارقبن رسول الله صلى الله عليه وسلم للصلوة حتى ارى فعله فلما صلى صلوة العشاء وهي العتمة اضطجع
قسم اللہ کی تحقیق دیکھوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز کے واسطے تاکہ دیکھوں میں فعل انکا پھر جب پڑھی عشاء کی نماز اور اسکو عتمہ کہتے ہیں لیٹ رہے

هويًّا من الليل ثم استيقظ فنظر في الافق فقال ربنا ما خلقت هذا باطلا حتى بلغ الى انك لا تخلف الميعاد ثم اهوى
دیر تک رات کو پھر جاگے اور نگاہ کیا آسمان کے کناروں میں پھر پڑھی یہ آیت اے پروردگار ہمارے نہیں پیدا کیا تو نے یہ بے فائدہ یہاں تک کہ پہنچے انک لا تخلف المیعاد تک پھر قصد کیا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی فراشہ فاستل من سواکا ثم افرغ فی قدح من اداوۃ عندہ ماء فاستن ثم قام فصلی حتی قلت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بچھونے کیطرف پھر نکالی اس سے مسواک پھر انڈیلا برتن سے پیالے میں چھاگل میں سے جو ان کے پاس تھا پانی پھر مسواک کیا پھر کھڑے ہوئے اور نماز پڑھی تک

قد صلی قدر ما نام ثم اضطجع حتی قلت قد نام قدر ما صلی ثم استیقظ ففعل کما فعل اول مرۃ وقال مثل ما قال ففعل رسول اللہ
تحقیق نماز پڑھی اسقدر کہ سوئے تھے پھر لیٹے یہاں تک کہ کہا میں نے تحقیق سوئے اسقدر کہ نماز پڑھی پھر جاگے پھر کیا جیسا کہ کیا پہلی بار اور کہا مانند اسکے کہ کہا تھا پہلے پھر کیا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم ثلث مرات قبل الفجر رواہ النسائی وعن یعلی بن مملک انہ سال ام سلمۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم
صلی اللہ علیہ وسلم نے تین بار قبل فجر کے ۔ روایت کیا اسکو نسائی نے ۔ اور روایت ہے یعلی ابن مملک سے تحقیق اسنے پوچھا ام سلمہ سے کہ بی بی ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی

عن قراءۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم وصلوتہ فقالت وما لکم وصلوتہ کان یصلی ثم ینام قدر ما صلی ثم یصلی قدر ما نام
قراءت سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اور انکی نماز سے تب کہا اور کیا کروگے تم انکی نماز پوچھ کر تھے حضرت نماز پڑھتے پھر سوتے اسقدر کہ نماز پڑھی پھر نماز پڑھتے اسقدر کہ سوتے تھے

ثم ینام قدر ما صلی حتی یصبح ثم نعتت قراءتہ فاذا ہی تنعت قراءۃ مفسرۃ حرفا حرفا رواہ ابو داود والترمذی
پھر سوتے اسقدر کہ نماز پڑھی یہانتک کہ صبح کرتے پھر بیان کیا حضرت کی قراءت کا پھر یکایک وہ بیان کرنے لگیں ایسی قراءت کہ صاف صاف حرف حرف جدا ۔ روایت کیا اسکو ابو داود اور ترمذی

والنسائی

باب ما یقول اذا قام من اللیل

الفصل الاول

عن ابن عباس قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام من اللیل
اور نسائی نے ۔ یہہ باب ہے بیان میں اس دعا کے کہ کہے جب اٹھے کوئی نماز کو تہجد کے ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتے رات کو

یتہجد قال اللہم لک الحمد انت قیم السموات والارض ومن فیہن ولک الحمد انت نور السموات والارض ومن فیہن ولک
کہ تہجد پڑھیں کہتے یا الٰہی تیرے واسطے ہے سب تعریف تو ہی ہے قائم رکھنے والا آسمان اور زمین کا اور جو کہ ان میں ہیں اور تیرے ہی واسطے ہے سب تعریف تو ہی روشن کرنے والا آسمانوں اور زمین کا اور جو ان میں ہیں اور تیرے ہی واسطے ہے

الحمد انت ملک السموات والارض ومن فیہن ولک الحمد انت الحق ووعدک الحق ولقاؤک حق وقولک حق والجنۃ
سب تعریف تو ہی ہے بادشاہ آسمان اور زمین کا اور جو ان میں ہیں اور تیرے ہی واسطے ہے سب تعریف تو ہی ہے حق اور وعدہ تیرا ہے حق اور ملاقات تیری حق ہے اور کلام تیرا حق اور بہشت

حق والنار حق والنبیون حق ومحمد حق والساعۃ حق اللہم لک اسلمت وبک امنت وعلیک توکلت والیک انبت وبک
حق ہے اور دوزخ حق ہے اور سب نبی حق ہیں اور محمد حق ہیں اور قیامت حق ہے یا الٰہی تیرا تابعدار ہوا میں اور تجھ پر ایمان لایا میں اور تجھ پر بھروسا کیا میں نے اور تیری طرف رجوع کیا میں نے اور تیری مدد سے

خاصمت والیک حاکمت فاغفر لی ما قدمت وما اخرت وما اسررت وما اعلنت وما انت اعلم بہ منی انت المقدم
جھگڑتے ہیں ہم اور تیرے ہی پاس مرافعہ لاتے ہیں سو بخش مجھکو جو آگے کیا میں نے اور جو پیچھے کیا اور جو چھپایا میں نے اور جو ظاہر کیا میں نے اور وہ گناہ کہ تو زیادہ جانتا ہے اسکو مجھ سے تو ہی آگے کرنے والا

وانت المؤخر لا الہ الا انت ولا الہ غیرک متفق علیہ وعن عائشۃ قالت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام من اللیل
اور تو ہی پیچھے کرنے والا ہے نہیں کوئی معبود برحق سوا تیرے اور نہیں کوئی معبود برحق بغیر تیرے ۔ ق ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب اٹھتے رات کو

افتتح صلوتہ فقال اللہم رب جبرئیل ومیکائیل واسرافیل فاطر السموات والارض عالم الغیب والشہادۃ انت تحکم بین
شروع کرتے اپنی نماز پھر کہتے یا الٰہی پروردگار جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل کے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے جاننے والے پوشیدہ اور ظاہر کے تو حکم کرتا ہے درمیان

عبادک فیما کانوا فیہ یختلفون اہدنی لما اختلف فیہ من الحق باذنک انک تہدی من تشاء الی صراط مستقیم
اپنے بندوں کے اس چیز میں کہ ہیں وہ اسمیں اختلاف کرتے راہ دکھلا تو مجھکو اس چیز میں کہ اختلاف کیا گیا ہے اسمیں حق سے ساتھ اپنے حکم کے تحقیق تو ہی راہ دکھلاتا ہے جسکو چاہتا ہے سیدھی راہ کی طرف

رواہ مسلم وعن عبادۃ بن الصامت قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من تعار من اللیل فقال لا الہ الا اللہ
روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے عبادہ ابن صامت سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ جاگے رات کو پھر کہے نہیں کوئی معبود برحق سوا اللہ

وحده لا شريك له له الملك وله الحمد وهو على كل شيء قدير وسبحان الله والحمد لله ولا إله إلا الله والله أكبر ولا
وہ اکیلا اسکا کوئی شریک نہیں اسی کے واسطے ہے بادشاہی اور اسی کے واسطے ہے سب تعریف اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اور پاک ہے اللہ اور سب تعریف اللہ کو ہے اور نہیں کوئی معبود برحق سوا اللہ کے اور اللہ بہت بڑا ہے اور نہیں

حول ولا قوة إلا بالله ثم قال رب اغفر لي أو قال ثم دعا استجيب له فإن توضأ وصلى قبلت صلوته
باز رہنا گناہ سے اور نہیں ہے قوت بندگی کی مگر ساتھ مدد اللہ کے پھر کہے اے رب بخش میرے واسطے یا کہا اور پھر دعا کرے قبول کیا جاوے اسکے لئے پھر اگر وضو کرے اور نماز پڑھے قبول کی جاوے نماز اسکی

رواه البخاري ❊ الفصل الثاني ❊ عن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا استيقظ من الليل قال لا إله إلا
روایت کیا اسکو بخاری نے ❊ فصل دوسری ❊ روایت ہے حضرت عائشہؓ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جاگتے رات کو کہتے نہیں ہے کوئی معبود برحق سوا

أنت سبحانك اللهم وبحمدك أستغفرك لذنبي وأسألك رحمتك اللهم زدني علما ولا تزغ قلبي بعد إذ هديتني وهب
تیرے پاکی کے ساتھ یاد کرتا ہوں تجھکو یا الٰہی اور تعریف کرتے تیری حمد کے ساتھ بخشش چاہتا ہوں تجھ سے اپنے گناہ کی اور مانگتا ہوں تجھ سے تیری رحمت یا الٰہی زیادہ کر مجھکو علم اور نہ پھیر میرے دل کو بعد اسکے کہ ہدایت کی تو نے مجھکو اور بخش میرے لئے

لي من لدنك رحمة إنك أنت الوهاب رواه أبو داود ❊ وعن معاذ بن جبل قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من مسلم
اپنے پاس سے رحمت بیشک تو ہی ہے بڑا بخشنے والا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ❊ اور روایت ہے معاذ ابن جبل سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کوئی مسلمان

يبيت على ذكر طاهرا فيتعار من الليل فيسأل الله خيرا إلا أعطاه الله إياه رواه أحمد وأبو داود ❊ وعن شريق
کہ رات کو سووے اللہ کی ذکر پر پاک ہو کر پھر جاگے رات کو اور مانگے اللہ سے بھلائی مگر دیتا ہے اللہ اسکو روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد نے ❊ اور روایت ہے شریق

الهوزني قال دخلت على عائشة فسألتها بم كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يفتتح إذا هب من الليل فقالت سألتني عن شيء ما
ہوزنی سے کہا کہ گیا میں حضرت عائشہؓ کے پاس پھر پوچھا میں نے انسے کہ ساتھ کس چیز کے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شروع کرتے جب جاگتے رات کو تب فرمایا پوچھا تو نے مجھ سے ایک چیز نہیں

سألني عنه أحد قبلك كان إذا هب من الليل كبر عشرا وحمد الله عشرا وقال سبحان الله وبحمده عشرا وقال سبحان
پوچھی مجھکو اس سے کسی نے تیرے پہلے تھے حضرت جب جاگتے رات کو اللہ اکبر کہتے دس بار اور الحمد للہ کہتے دس بار اور کہتے سبحان اللہ وبحمدہ دس بار اور کہتے سبحان

الملك القدوس عشرا واستغفر عشرا وهلل عشرا ثم قال اللهم إني أعوذ بك من ضيق الدنيا وضيق يوم القيمة
الملک القدوس دس بار اور استغفر اللہ کہتے دس بار اور لا الٰہ الا اللہ کہتے دس بار پھر کہتے یا الٰہی تحقیق میں پناہ ڈھونڈھتا ہوں ساتھ تیرے تنگی سے دنیا کی اور تنگی سے قیامت کے دن کی

عشرا ثم يفتتح الصلوة رواه أبو داود ❊ الفصل الثالث ❊ عن أبي سعيد الخدري قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا قام
دس بار پھر شروع کرتے نماز روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ❊ فصل تیسری ❊ روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اٹھتے

من الليل كبر ثم يقول سبحانك اللهم وبحمدك وتبارك اسمك وتعالى جدك ولا إله غيرك ثم يقول الله أكبر كبيرا ثم يقول
رات کو اللہ اکبر کہتے پھر کہتے پاک ہے تو یا الٰہی اور حمد کرتے ہیں تیرا اور برکت والا ہے نام تیرا اور بلند ہے بزرگی تیری اور نہیں کوئی معبود برحق سوا تیرے پھر کہتے اللہ اکبر کبیرا پھر کہتے

أعوذ بالله السميع العليم من الشيطان الرجيم من همزه ونفخه ونفثه رواه الترمذي وأبو داود والنسائي وزاد أبو داود
پناہ ڈھونڈھتا ہوں ساتھ اللہ کے سننے والے اور جاننے والے کی شیطان راندے سے اسکے وسوسوں اور اسکے تکبر سے اور اسکے بری شعر سکھانے سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے اور زیادہ کیا ابوداؤد نے

بعد قوله غيرك ثم يقول لا إله إلا الله ثلثا وفي آخر الحديث ثم يقرأ ❊ وعن ربيعة بن كعب الأسلمي قال كنت أبيت
بعد اسکے قول غیرک کے یہ لفظ پھر کہتے لا الٰہ الا اللہ تین بار اور زیادہ کیا آخر حدیث میں یہ لفظ کہ پھر شروع کرتے قرأت ❊ اور روایت ہے ربیعہ ابن کعب اسلمی سے کہا کہ تھا میں رات گزارتا

عند حجرة النبي صلى الله عليه وسلم فكنت أسمعه إذا قام من الليل يقول سبحان رب العالمين الهوي ثم يقول سبحان الله
نزدیک حجرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر تھا میں سنتا حضرت کو جب اٹھتے رات کو کہتے پاک ہے پروردگار سارے جہان کا کہتے یہ لفظ دیر تک پھر کہتے سبحان اللہ

وبحده الهوى رواه النسائي والترمذي نحوه وقال هذا حديث حسن صحيح

باب التحريض على قيام الليل

وبحده ہو تک روایت کیا اسکو نسائی اور ترمذی نے مانند اسکے اور کہا یہ حدیث صحیح ہے ۔ یہ باب ہے بیچ بیان میں خواہش دلانے کے رات کے اٹھنے پر

الفصل الاول

فصل پہلی

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يعقد الشيطان على قافية رأس احدكم اذا هو نام ثلث عقد
روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گرہ لگاتا ہے شیطان اوپر چوٹی سر ایک تمہارے کے جب کہ وہ سوتا ہے تین گرہ

يضرب على كل عقدة عليك ليل طويل فارقد فان استيقظ فذكر الله انحلت عقدة فان توضأ انحلت عقدة فان
ڈالتا ہے ہر گرہ پر یہ مضمون تیرے واسطے ابھی بڑی رات پڑی ہے پس سو رہ تب اگر جاگا اور ذکر کیا اللہ کا تو کھل جاتی ہے ایک گرہ پھر اگر وضو کیا تو کھل جاتی ہے دوسری گرہ پھر اگر

صلى انحلت عقدة فاصبح نشيطا طيب النفس والا اصبح خبيث النفس كسلان متفق عليه
نماز پڑھی تو کھل جاتی ہے ایک گرہ تیسری پھر صبح کرتا ہے خوش خرم جی سے خوش اور نہیں تو صبح کرتا ہے گندہ دل جی ہارے × ق ×

وعن المغيرة قال قام النبي صلى الله عليه وسلم حتى تورمت قدماه فقيل له لم تصنع هذا وقد غفر لك ما تقدم من ذنبك وما تأخر قال افلا اكون عبدا شكورا متفق عليه
اور روایت ہے مغیرہ سے کہا کہ رات کو اٹھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تک کہ ورم کر گئے دونوں قدم ان کے تب کہا گیا انسے کسواسطے کرتے ہیں آپ یہ اور حالانکہ بخشے گئے ہیں آپ کے واسطے جو کچھ پہلے ہو چکے گناہ اور پیچھے کیا نہ ہوؤں میں بندہ شکر کرنے والا × ق ×

وعن ابن مسعود قال ذكر عند النبي صلى الله عليه وسلم رجل فقيل له ما زال نائما حتى اصبح ما قام الى الصلوة قال ذلك رجل بال الشيطان في اذنه او قال في اذنيه متفق عليه
اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ ذکر کیا گیا نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حال ایک شخص کا اور کہا گیا حضرت کہ ہمیشہ رہا وہ شخص سونے والا یہاں تک کہ صبح کیا نہ اٹھا نماز کو فرمایا یہ شخص ہے کہ پیشاب کیا شیطان نے اسکے کان میں یا فرمایا اسکے دونوں کان میں × ق ×

وعن ام سلمة قالت استيقظ رسول الله صلى الله عليه وسلم ليلة فزعا يقول سبحان الله ماذا انزل الليلة من الخزائن وماذا انزل من الفتن من يوقظ صواحب الحجرات يريد ازواجه لكي يصلين رب كاسية في الدنيا عارية في الاخرة رواه البخاري
اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ جاگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات کو گھبرائے ہوئے کہتے تھے سبحان اللہ کس قدر اتارے گئے ہیں آج کی رات خزانے اور کس قدر اتارے گئے ہیں فتنے کون شخص ہے کہ جگاوے حجرے والیوں کو ارادہ کرتے تھے اپنی بیبیوں کا تاکہ نماز پڑھیں بہت کپڑا پہننے والیاں دنیا میں ننگی ہیں قیامت میں روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ينزل ربنا تبارك وتعالى كل ليلة الى السماء الدنيا حين يبقى ثلث الليل الاخر يقول من يدعوني فاستجيب له من يسألني فاعطيه من يستغفرني فاغفر له متفق عليه وفي رواية لمسلم ثم يبسط يديه ويقول من يقرض غير عدوم ولا ظلوم حتى ينفجر الفجر
اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اترتا ہے رب ہمارا برکت والا اور بلند ہر رات کو دنیا کے آسمان کی طرف جس وقت کہ باقی رہتی ہے پچھلی تہائی رات فرماتا ہے اللہ کون ہے کہ دعا کرے مجھ سے پھر قبول کروں میں اسکی دعا کون ہے کہ مانگے مجھ سے پھر دوں میں اسکو کون ہے کہ گناہ بخشواوے مجھ سے پھر بخشوں اسکو × ق × اور ایک روایت میں مسلم کی یہ ہے کہ پھر پھیلاتا ہے اللہ اپنے ہاتھ اور فرماتا ہے کون ہے کہ قرض دے اسکو جو محتاج نہیں اور نہ ظلم کرنے والا ہے یہاں تک کہ کھلتی ہے فجر

وعن جابر قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول ان في الليل لساعة لا يوافقها رجل مسلم يسأل الله فيها خيرا من امر الدنيا والاخرة الا اعطاه اياه وذلك كل ليلة رواه مسلم
اور روایت ہے جابر سے کہا سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہتے تھے تحقیق رات میں ایک ساعت ہے کہ نہیں پاتا اسکو کوئی مرد مسلمان مانگے اللہ سے اس میں بھلائی کام میں دنیا اور آخرت کے مگر دیتا ہے اسکو وہ بھلائی اور یہ ہر رات میں ہے روایت کیا اسکو مسلم نے ×

وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم احب الصلوة الى الله
اور روایت ہے عبداللہ ابن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت پسند نماز میں اللہ کے نزدیک

صلوٰۃ داؤد وکان احب الصیام الی اللہ صیام داؤد کان ینام نصف اللیل ویقوم ثلثہ وینام سدسہ ویصوم یوما و

نماز داؤد کی ہے اور بہت پسند روزوں میں اللہ کے نزدیک روزہ داؤد کا ہے اور تھے داؤد سوتے آدھی رات اور قیام کرتے تہائی رات پھر سوتے چھٹویں حصے رات میں اور روزہ رکھتے ایک دن

یفطر یوما متفق علیہ وعن عائشۃ قالت کان تعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینام اول اللیل ویحیی اخرہ ثم ان کانت

افطار کرتے ایک دن ۔ ق ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوتے اول شب اور جاگتے آخر شب کو پھر اگر ہوتی

لہ حاجۃ الی اھلہ قضی حاجتہ ثم ینام فان کان عند النداء الاول جنبا وثب فافاض علیہ الماء وان لم یکن جنبا

انکو حاجت اپنی بی بیوں سے تو ادا کرتے اپنی حاجت پھر سو رہتے پھر اگر ہوتے وقت پہلی اذان کے جنب اٹھتے اور جاری کرتے اپنے اوپر پانی اور اگر نہ ہوتے جنب

توضأ للصلوٰۃ ثم صلی رکعتین متفق علیہ

الفصل الثانی

عن ابی امامۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علیکم

تو وضو کرتے نماز کے لئے اور پڑھتے دو رکعت سنت ۔ ق ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لازم سمجھو تم

بقیام اللیل فانہ داب الصالحین قبلکم وھو قربۃ لکم الی ربکم ومکفرۃ للسیئات ومنھاۃ عن الاثم رواہ الترمذی

اٹھنا رات کا پھر بیشک وہ عادت ہے نیکوں کی جو تمہارے پہلے تھے اور وہ نزدیکی کا سبب ہے تمہارے لئے تمہارے رب پاس اور سبب مٹانے گناہوں کا ہے اور سبب باز رہنے کا ہے گناہ سے روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلثۃ یضحک اللہ الیھم الرجل اذا قام باللیل یصلی

اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ہیں کہ ہنستا ہے اللہ تعالیٰ انکی طرف ایک وہ شخص جب اٹھے رات کو نماز پڑھے

والقوم اذا صفوا فی الصلوٰۃ والقوم اذا صفوا فی قتال العدو رواہ فی شرح السنۃ وعن عمرو بن عبسۃ

اور دوسرے وہ قوم کہ صف درست کریں نماز میں اور تیسرے وہ قوم کہ صف درست کریں جہاد میں روایت کیا اسکو شرح سنت میں ۔ اور روایت ہے عمرو ابن عبسہ سے

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اقرب ما یکون الرب من العبد فی جوف اللیل الاخر فان استطعت ان تکون

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت نزدیک ہوتا ہے رب اپنے بندے سے درمیان پچھلی رات کے پھر اگر سکے تو یہ کہ ہووے تو

ممن یذکر اللہ فی تلک الساعۃ فکن رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث حسن صحیح غریب اسنادا وعن ابی ھریرۃ

ان شخصوں میں کہ ذکر کرتے ہیں اللہ کا اس وقت میں تو ہو ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اسناد میں ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رحم اللہ رجلا قام من اللیل فصلی وایقظ امرأتہ فصلت فان ابت نضح فی

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رحمت کرے اللہ اس شخص کو کہ اٹھا رات کو پھر نماز پڑھی اور جگایا اپنی عورت کو پھر پڑھی اس عورت نے پھر اگر نہ جاگی چھینٹے دیا

وجھھا الماء رحم اللہ امرأۃ قامت من اللیل فصلت وایقظت زوجھا فصلی فان ابی نضحت فی وجھہ الماء رواہ ابو داؤد

اس کے منہ پر پانی کے رحمت کرے اللہ اس عورت کو کہ اٹھی رات کو پھر نماز پڑھی اور جگایا اپنے خاوند کو پھر اگر نہ جاگا تو چھینٹے دیا اسکے منہ پر پانی کے روایت کیا اسکو ابو داؤد

والنسائی وعن ابی امامۃ قال قیل یا رسول اللہ ای الدعاء اسمع قال جوف اللیل الاخر ودبر الصلوات المکتوبۃ رواہ

اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ کہا گیا یا رسول اللہ کون سی دعا بہت سنی جاتی ہے فرمایا درمیان پچھلی رات کے اور پیچھے فرض نماز کے روایت کیا

الترمذی وعن ابی مالک الاشعری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان فی الجنۃ غرفا یری ظاھرھا من

ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابی مالک اشعری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق جنت میں محلیں ہیں کہ دیکھا جاتا ہے جو اسکے باہر ہے

باطنھا وباطنھا من ظاھرھا اعدھا اللہ لمن الان الکلام واطعم الطعام وتابع الصیام وصلی باللیل والناس

اسکے اندر سے اور جو اسکے اندر ہے اسکے باہر سے تیار کیا ہے اسکو اللہ نے اس شخص کے لئے کہ نرمی سے کرے بات اور کھلاوے کھانا اور پے در پے رکھے روزہ اور نماز پڑھے رات کو اور لوگ

نيام رواه البيهقي في شعب الإيمان وروى الترمذي عن علي نحوه وفي روايته لمن أطاب الكلام الفصل الثالث عن عبد الله

سونے ہوں روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت کیا ترمذی نے حضرت علی سے مانند اسکے اور ایک روایت میں ترمذی کی واسطے اس شخص کے جو اچھی بات کہے فصل تیسری عبد اللہ

بن عمرو بن العاص قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم يا عبد الله لا تكن مثل فلان كان يقوم من الليل فترك

ابن عمرو ابن عاص سے کہا کہ فرمایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے عبد اللہ مت ہو مانند فلانے کے کہ تھا اٹھا کرتا رات کو پھر چھوڑ دیا

قيام الليل متفق عليه وعن عثمان بن أبي العاص قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول كان لداود عليه السلام

اٹھنا رات کا روایت کیا اسکو بخاری و مسلم نے اور روایت ہے عثمان ابن ابی عاص سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے تھا واسطے داؤد علیہ السلام کے

من الليل ساعة يوقظ فيها أهله يقول يا آل داود قوموا فصلوا فإن هذه ساعة يستجيب الله عز وجل فيها الدعاء إلا لساحر أو

رات کو ایک وقت کہ جگاتے اس میں اپنے اہل و عیال کو کہتے اے داؤد کے لوگو اٹھو اور نماز پڑھو تحقیق یہ ایک وقت ہے کہ قبول کرتا ہے اللہ تعالی اس میں دعا مگر جادوگر اور

عشار رواه أحمد وعن أبي هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول أفضل الصلوة بعد المفروضة صلوة في جوف

تحصیلدار کی دعا روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے افضل نمازوں میں بعد فرض کے نماز ہے درمیان

الليل رواه أحمد وعنه قال جاء رجل إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال إن فلانا يصلي بالليل فإذا أصبح سرق فقال إنه سينهاه

رات کے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے اسی سے کہا آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا کہ تحقیق فلانا شخص نماز پڑھتا ہے رات کو پھر جب صبح کرتا ہے چوری کرتا ہے پس فرمایا تحقیق منع کریگی اسکو

ما تقول رواه أحمد والبيهقي في شعب الإيمان وعن أبي سعيد وأبي هريرة قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا

وہ چیز کہ کہتا ہے تو روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی سعید اور ابی ہریرہ سے دونوں نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ

أيقظ الرجل أهله من الليل فصليا أو صلى ركعتين جميعا كتبا في الذاكرين والذاكرات رواه أبو داود وابن ماجه وعن

جگاوے شخص اپنی بی بی کو پچھلی رات میں پھر دونوں نماز پڑھیں یا فرمایا نماز پڑھی دو رکعت ساتھ لکھے جاتے ہیں دونوں ذکر کرنے والے مردوں اور ذکر کرنے والی عورتوں میں روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور

ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أشراف أمتي حملة القرآن وأصحاب الليل رواه البيهقي في شعب الإيمان

ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشراف میری امت کے اٹھانے والے قرآن کے ہیں اور رات والے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں

وعن ابن عمر أن أباه عمر بن الخطاب كان يصلي من الليل ما شاء الله حتى إذا كان من آخر الليل أيقظ أهله للصلوة يقول لهم

اور روایت ہے ابن عمر سے کہ تحقیق انکے باپ عمر ابن خطاب تھے نماز پڑھتے رات کو جسقدر چاہتا اللہ یہاں تک کہ جب ہوتی پچھلی رات جگاتے اپنی بی بی کو نماز کے واسطے کہتے انکو

الصلوة ثم يتلو هذه الآية وأمر أهلك بالصلوة واصطبر عليها لا نسألك رزقا نحن نرزقك والعاقبة للتقوى

پڑھو نماز پھر پڑھتے اس آیت کو اور حکم کر اپنے گھر والوں کو نماز کا اور آپ قائم رہ اسپر ہم نہیں مانگتے تجھسے روزی ہم روزی دیتے ہیں تجھکو اور آخر بھلا پرہیزگاری کا

رواه مالك باب القصد في العمل الفصل الأول عن أنس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يفطر من الشهر حتى

روایت کیا اسکو مالک نے باب بیچ بیان میانہ روی کے عمل میں فصل پہلی روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افطار کرتے بعضے مہینے میں یہاں تک کہ

نظن أن لا يصوم منه شيئا ويصوم حتى نظن أن لا يفطر منه شيئا وكان لا تشاء أن تراه من الليل مصليا إلا رأيته ولا نائما

خیال کرتے تھے ہم کہ نہ روزہ رکھینگے اسمیں کچھ اور روزہ رکھتے یہانتک کہ خیال کرتے ہم کہ نہ افطار کرینگے اس میں کچھ اور تھے حضرت ایسے کہ اگر تو چاہتا کہ دیکھے انکو رات کو نماز پڑھتے مگر دیکھتا انکو اور نہ سوتا

إلا رأيته رواه البخاري وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أحب الأعمال إلى الله أدومها وإن قل متفق عليه

مگر دیکھتا انکو روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت پیارا عملوں میں اللہ کے نزدیک جو عمل کہ ہمیشہ کیا جاوے اگرچہ تھوڑا ہو متفق

[illegible]

وعنها قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خذوا من الاعمال ما تطيقون فان الله لا يمل حتى تملوا متفق عليه وعن

اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اختیار کرو عملوں میں سے وہ عمل کہ طاقت رکھو پھر تحقیق اللہ نہیں تنگ ہوتا یہاں تک کہ تم تنگ ہو جاؤ ق ۔ اور روایت ہے

انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليصل احدكم نشاطه واذا فتر فليقعد متفق عليه وعن عائشة قالت قال رسول الله

انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہئے کہ نماز پڑھے ایک تمہارا اپنی خوشی بھر اور جب ماندہ ہو تب بیٹھ جاوے ق ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول

صلى الله عليه وسلم اذا نعس احدكم وهو يصلي فليرقد حتى يذهب عنه النوم فان احدكم اذا صلى وهو ناعس لا يدري لعله

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اونگھے ایک تمہارا نماز کی حالت میں پس چاہئے کہ سو رہے یہاں تک کہ جاتی رہے اس سے نیند پھر تحقیق ایک تمہارا جب نماز پڑھتا ہے اور وہ اونگھتا ہے نہیں جانتا شاید

يستغفر فيسب نفسه متفق عليه وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الدين يسر ولن يشاد الدين احد

استغفار کرنے چاہے پھر گالی دے اپنی جان کو ق ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق دین آسان ہے اور ہرگز نہیں سختی کرتا دین میں کوئی

الا غلبه فسددوا وقاربوا وابشروا واستعينوا بالغدوة والروحة وشيء من الدلجة رواه البخاري وعن عمر قال قال

مگر غالب آتا ہے اس پر دین پھر میانہ روی کرو اور اللہ کی نزدیکی چاہو اور خوشخبری سناؤ اپنی ہمت کو اور مدد چاہو صبح اور شام اور کچھ تھوڑا رات کے چلنے سے روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے عمر سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم من نام عن حزبه او عن شيء منه فقرأه فيما بين صلوة الفجر وصلوة الظهر كتب له كأنما

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ سو جاوے اپنے سارے وظیفہ سے یا اس میں سے تھوڑی چیز پھر پڑھے اسکو اس وقت میں جو درمیان فجر کی نماز اور ظہر کی نماز کے ہے تو لکھا جاتا ہے اسکے واسطے

قرأه من الليل رواه مسلم وعن عمران بن حصين قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صل قائما فان لم تستطع

کہ اسنے پڑھا اسکو رات کو روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے عمران ابن حصین سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھ کھڑے ہو کر پھر اگر نہ سکے تو

فقاعدا فان لم تستطع فعلى جنب رواه البخاري وعنه انه سأل النبي صلى الله عليه وسلم عن صلوة الرجل قاعدا قال ان

تو بیٹھ کر پھر اگر نہ سکے تو لیٹے ہوئے روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے اسی سے تحقیق اسنے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حال شخص کی نماز کا بیٹھے ہوئے فرمایا اگر

صلى قائما فهو افضل ومن صلى قاعدا فله نصف اجر القائم ومن صلى نائما فله نصف اجر القاعد رواه البخاري الفصل

پڑھے کھڑے ہو کر تو وہ افضل ہے اور جو شخص پڑھے بیٹھے ہوئے تو اسکو ہے آدھا ثواب کھڑے ہونے والے کا اور جو پڑھے لیٹے ہوئے تو اسکو ہے آدھا ثواب بیٹھنے والے کا روایت کیا بخاری نے فصل

الثاني عن ابي امامة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من اوى الى فراشه طاهرا وذكر الله حتى يدركه

دوسری ۔ روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو شخص کہ جگہ لے اپنے بچھونے پر پاک ہو کر اور یاد کرے اللہ کو یہاں تک کہ آجاوے اسکو

النعاس لم يتقلب ساعة من الليل يسأل الله فيها خيرا من خير الدنيا والآخرة الا اعطاه اياه ذكره النووي في كتاب الاذكار

نیند نہیں کروٹ لیتا کسی وقت رات کو مانگے اللہ سے اس میں نیکی دنیا اور آخرت کی نیکیوں میں سے مگر دیتا ہے اسکو اللہ وہ نیکی ذکر کیا اسکو نووی نے کتاب الاذکار میں

برواية ابن السني وعن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عجب ربنا من رجلين رجل ثار عن

روایت سے ابن سنی کی ۔ اور روایت ہے عبداللہ ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوش ہوتا ہے پروردگار ہمارا دو شخص سے ایک شخص کہ اٹھا

وطائه ولحافه من بين حبه واهله الى صلوته فيقول الله لملائكته انظروا الى عبدي ثار عن فراشه ووطائه من بين

اپنے نرم بچھونے اور اپنے لحاف سے اپنے محبوب اور اپنی جورو کے پاس سے نماز کی طرف پھر فرماتا ہے اللہ اپنے فرشتوں کو دیکھو تم میرے بندے کی طرف کہ اٹھا اپنے فرش اور اپنے نرم بچھونے سے اپنے

حبه واهله الى صلوته رغبة فيما عندي وشفقا مما عندي ورجل غزا في سبيل الله فانهزم مع اصحابه فعلم ما عليه

محبوب اور اپنی جورو کے پاس سے اپنی نماز کی طرف خواہش سے اس ثواب کی جو میرے پاس ہے اور خوف سے اس عذاب کے جو میرے پاس ہے اور دوسرا وہ شخص کہ جہاد کیا اللہ کی راہ میں پھر شکست کھائی اپنے یاروں کے ساتھ پھر جانا کہ کیا ہے اس پر

فی الانہزام وما لہ فی الرجوع فرجع حتی ہریق دمہ فیقول اللہ لملٰئکتہ انظروا الی عبدی رجع رغبۃ فیما عندی
بھاگنے میں اور کسقدر ثواب ہے پھر پھر کے اب پھر لڑا یہاں تک کہ بہایا گیا خون اسکا پھر فرماتا ہے اللہ اپنے فرشتوں کو دیکھو میرے بندے کی طرف پھر آیا خواہش سے اس ثواب کی جو میرے پاس ہے

وشفقا مما عندی حتی ہریق دمہ رواہ فی شرح السنۃ ◦ الفصل الثالث عن عبد اللہ ابن عمرو قال حدثت ان
اور خوف سے اس عذاب کے جو میرے پاس ہے یہاں تک کہ بہایا گیا خون اسکا روایت کیا اسکو شرح سنہ میں ❊ فصل تیسری روایت ہے عبداللہ ابن عمرو سے کہا کہ خبر دیا گیا میں کہ تحقیق

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال صلوۃ الرجل قاعدا نصف الصلوۃ قال فاتیتہ فوجدتہ یصلی جالسا فوضعت یدی
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز شخص کی بیٹھے ہو کر برابر آدھی نماز کے ہے کہا عبداللہ نے پھر آیا میں حضرت پاس تو پایا انکو نماز پڑھتے بیٹھے ہوئے پھر رکھا میں نے اپنا ہاتھ

علی راسہ فقال ما لک یا عبد اللہ بن عمرو قلت حدثت یا رسول اللہ انک قلت صلوۃ الرجل قاعدا علی نصف الصلوۃ و
سر مبارک پر حضرت کے تب فرمایا تجھکو کیا ہے اے عبداللہ ابن عمرو میں نے کہا کہ خبر دیا گیا میں یا رسول اللہ کہ آپ نے فرمایا ہے نماز شخص کی بیٹھے ہوئے برابر آدھی نماز کے ہے اور

انت تصلی قاعدا قال اجل ولکنی لست کاحد منکم رواہ مسلم ◦ وعن سالم بن ابی الجعد قال قال رجل من خزاعۃ لیتنی
اور آپ پڑھتے ہیں بیٹھے ہوئے فرمایا ہاں پر میں نہیں ہوں مانند ایک تمہارے کے ❊ روایت کیا اسکو مسلم نے ❊ اور روایت ہے سالم ابن ابی الجعد سے کہا کہ فرمایا ایک مرد نے قوم خزاعہ میں سے کیا اچھا ہوتا

صلیت فاسترحت فکانہم عابوا ذلک علیہ فقال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اقم الصلوۃ یا بلال ارحنا
کہ نماز پڑھتا میں تو آرام پاتا میں پھر گویا کہ لوگوں نے عیب پکڑا اس پر ❊ تب کہا اس مرد نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے اقامت کہہ نماز کی اے بلال راحت دے ہمکو

بہا رواہ ابو داود ◦ باب الوتر ◦ الفصل الاول ◦ عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوۃ اللیل مثنی
اس سے ❊ روایت کیا اسکو ابوداود نے ❊ یہ باب ہے بیان میں وتر کے ❊ فصل پہلی روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز رات کی دو

مثنی فاذا خشی احدکم الصبح صلی رکعۃ واحدۃ توتر لہ ما قد صلی متفق علیہ ◦ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
دو رکعت ہے پھر جب ڈرے ایک تمہارا صبح ہو جانے سے پڑھے ایک رکعت کہ وتر کر دے اسکے واسطے اس نماز کو کہ تحقیق پڑھی ہے ❊ متفق ❊ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم الوتر رکعۃ من آخر اللیل رواہ مسلم ◦ وعن عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی من اللیل ثلث
وسلم نے وتر ایک رکعت ہے آخر رات کو روایت کیا اسکو مسلم نے ❊ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے رات کو

عشرۃ رکعۃ یوتر من ذلک بخمس لا یجلس فی شیء الا فی آخرہا متفق علیہ ◦ وعن سعد بن ہشام قال انطلقت الی عائشۃ
تیرہ رکعت وتر کرتے ان میں سے پانچ رکعت نہ بیٹھتے کسی رکعت میں مگر اسکے آخر میں ❊ ق ❊ اور روایت ہے سعد ابن ہشام سے کہا کہ گیا میں حضرت عائشہ پاس

فقلت یا ام المؤمنین انبئینی عن خلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالت الست تقرأ القرآن قلت بلی قالت فان
پھر کہا میں نے اے ماں مومنوں کی خبر دو مجھکو خصلت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمایا کیا نہیں پڑھتا ہے تو قرآن کہا میں نے ہاں پڑھتا ہوں فرمایا پھر تحقیق

خلق نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان القرآن قلت یا ام المؤمنین انبئینی عن وتر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
خصلت نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تھی قرآن ❊ کہا میں نے اے ماں مومنوں کی خبر دو مجھکو وتر سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی

فقالت کنا نعد لہ سواکہ وطہورہ فیبعثہ اللہ تعالی ما شاء ان یبعثہ من اللیل فیتسوک ویتوضأ ویصلی تسع رکعات
تب فرمایا تھے ہم تیار کرتے ان کے لئے مسواک انکی اور انکے وضو کا پانی پھر اٹھاتا انکو اللہ تعالی جب چاہتا کہ اٹھائے انکو رات کو پھر مسواک کرتے اور وضو کرتے اور نماز پڑھتے نو رکعتیں

لا یجلس فیہا الا فی الثامنۃ فیذکر اللہ ویحمدہ ویدعوہ ثم ینہض ولا یسلم فیصلی التاسعۃ ثم یقعد فیذکر اللہ ویحمدہ
نہ بیٹھتے ان میں مگر آٹھویں میں پھر یاد کرتے اللہ کو اور حمد کرتے اسکی اور دعا مانگتے اس سے پھر اٹھتے اور نہ سلام پھیرتے پھر پڑھتے نویں رکعت پھر بیٹھتے اور یاد کرتے اللہ کو اور حمد

ويدعوه ثم يسلم تسليما يسمعنا ثم يصلي ركعتين بعد ما يسلم وهو قاعد فتلك احدى عشرة ركعة يا بني فلما

اور دعا مانگتے اسے پھر سلام پھیرتے ایسا سلام کہ سناتے ہم کو پھر پڑھتے دو رکعتیں بعد سلام پھیرنے کے بیٹھے ہوئے پھر یہ ہو گیا گیارہ رکعت ہوئیں اے میرے بیٹے ف پھر جب

اسن رسول الله صلى الله عليه وسلم واخذ اللحم اوتر بسبع وصنع في الركعتين مثل صنيعه الاول فتلك تسع يا بني

بڑی عمر کے ہو گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور لیا گوشت ف وتر پڑھتے سات رکعت ف اور کرتے دو رکعتوں میں مانند کرنے اپنے پہلے کے پس یہ نو ہوئیں اے بیٹے

وكان النبي صلى الله عليه وسلم اذا صلى صلوة احب ان يداوم عليها وكان اذا غلبه نوم او وجع عن قيام الليل صلى من

اور تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب پڑھتے کوئی نماز دوست رکھتے تھے کہ ہمیشگی کریں اس پر اور تھے جب غالب آتی ان پر نیند یا بیماری رات کے اٹھنے سے نماز پڑھتے

النهار ثنتي عشرة ركعة ولا اعلم نبي الله صلى الله عليه وسلم قرأ القرآن كله في ليلة ولا صلى ليلة الى الصبح ولا صام شهرا كاملا

دن کو بارہ رکعتیں اور نہیں جانتی میں نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ قرآن پڑھا ہو سارا ایک رات میں اور نہ جانتی میں کہ نماز پڑھی ہو کسی رات کو صبح تک اور نہیں جانتی میں روزہ رکھا ہو

غير رمضان رواه مسلم وعن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اجعلوا آخر صلوتكم بالليل وترا رواه مسلم وعنه عن

سوا رمضان کے ف روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے انہوں نے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا کرو تم آخر نماز اپنی رات میں وتر روایت کیا اس کو مسلم نے اور انہی سے

النبي صلى الله عليه وسلم قال بادروا الصبح بالوتر رواه مسلم وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من خاف ان لا

نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جلدی پڑھ لو صبح سے پہلے وتر روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ڈرے کہ وہ

يقوم من آخر الليل فليوتر اوله ومن طمع ان يقوم آخره فليوتر آخر الليل فان صلوة آخر الليل مشهودة وذلك افضل

اٹھ سکیگا آخر رات میں پھر چاہیے کہ وتر پڑھ لے اول رات میں اور جو شخص امید رکھتا ہو اٹھنے کی آخر رات میں پھر چاہیے کہ وتر پڑھے آخر رات میں پھر تحقیق نماز آخر رات کی حاضر کی گئی ہے ف اور یہ افضل ہے

رواه مسلم وعن عائشة قالت من كل الليل اوتر رسول الله صلى الله عليه وسلم من اول الليل واوسطه وآخره وانتهى

روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ ہر حصہ میں رات کے وتر پڑھے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اول رات میں اور بیچ رات میں اور آخر رات میں اور آخر کو منتہی ہوا

وتره الى السحر متفق عليه وعن ابي هريرة قال اوصاني خليلي بثلث صيام ثلثة ايام من كل شهر وركعتي الضحى وان اوتر

وتر پڑھنا ان کا پچھلے پہر ف اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ وصیت کی مجھ کو میرے جانی دوست نے تین خصلت کی کہ روزہ رکھنا تین دن کا ہر مہینے میں اور دو رکعت ضحی کی اور یہ کہ وتر

قبل ان انام متفق عليه

قبل اس کے کہ سوؤں میں ف ق

الفصل الثاني

عن غضيف بن الحارث قال قلت لعائشة ارأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم

فصل دوسری روایت ہے غضیف ابن حارث سے کہا کہ کہا میں نے حضرت عائشہ کو بھلا دیکھا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

كان يغتسل من الجنابة في اول الليل ام في آخره قالت ربما اغتسل في اول الليل وربما اغتسل في آخره قلت الله اكبر الحمد

کہ تھے غسل کرتے جنابت سے اول شب میں یا آخر شب میں کہا اکثر غسل کرتے اول شب میں اور اکثر غسل کرتے آخر شب میں کہا میں نے اللہ اکبر سب تعریف

لله الذي جعل في الامر سعة قلت كان يوتر اول الليل ام في آخره قالت ربما اوتر في اول الليل وربما اوتر في آخره قلت الله اكبر

اللہ کو ہے جس نے کیا دین کے کام میں کشادگی کہا میں نے تھے وتر پڑھتے اول شب میں یا آخر شب میں کہا اکثر وتر پڑھتے اول شب میں اور اکثر وتر پڑھتے آخر شب میں کہا میں نے اللہ اکبر

الحمد لله الذي جعل في الامر سعة قلت كان يجهر بالقراءة ام يخفت قالت ربما جهر به وربما خفت قلت الله اكبر الحمد

سب تعریف اللہ کو ہے جس نے کیا دین کے کام میں کشادگی کہا میں نے تھے پکار کر پڑھتے قرآن یا آہستہ کہا اکثر پکار کر پڑھتے قرآن اور اکثر آہستہ کہا میں نے اللہ اکبر سب تعریف

لله الذي جعل في الامر سعة رواه ابو داود وروى ابن ماجة الفصل الاخير وعن عبد الله بن ابي قيس قال سألت عائشة

اللہ کو ہے جس نے کیا دین کے کام میں کشادگی روایت کیا اس کو ابو داود نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے فصل اخیر ف اور روایت ہے عبد اللہ ابن ابی قیس سے کہا کہ پوچھا میں نے حضرت عائشہ سے

بِكَمْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْتِرُ قَالَتْ كَانَ يُوْتِرُ بِأَرْبَعٍ وَّثَلٰثٍ وَّسِتٍّ وَّثَلٰثٍ وَّثَمَانٍ وَّثَلٰثٍ وَّعَشْرٍ وَّثَلٰثٍ وَّلَمْ يَكُنْ

کتنی رکعت تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر پڑھتے کہا تھے وتر پڑھتے ساتھ چار اور تین رکعت اور چھ اور تین اور آٹھ اور تین اور دس اور تین رکعت کے اور نہ تھے

يُوْتِرُ بِأَنْقَصَ مِنْ سَبْعٍ وَّلَا بِأَكْثَرَ مِنْ ثَلٰثَ عَشْرَةَ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوِتْرُ حَقٌّ

وتر پڑھتے کم ساتھ رکعت سے اور نہ زیادہ تیرہ رکعت سے ف ۲ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی ایوب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وتر حق ہے

عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ فَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُّوْتِرَ بِخَمْسٍ فَلْيَفْعَلْ وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُّوْتِرَ بِثَلٰثٍ فَلْيَفْعَلْ وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُّوْتِرَ بِوَاحِدَةٍ فَلْيَفْعَلْ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ

ہر مسلمان پر پھر جو کوئی دوست رکھے کہ وتر پڑھے پانچ رکعت پھر چاہئے کہ کرے اور جو کوئی دوست رکھے کہ وتر پڑھے تین پھر چاہئے کہ کرے اور جو کوئی دوست رکھے کہ وتر پڑھے ایک رکعت پھر چاہئے کہ کرے روایت کیا اسکو ابوداؤد

وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ وِتْرٌ يُّحِبُّ الْوِتْرَ فَأَوْتِرُوْا يَا أَهْلَ الْقُرْاٰنِ رَوَاهُ

اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ طاق ہے دوست رکھتا ہے طاق کو پھر وتر پڑھو اے قرآن والو روایت کیا اسکو

التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ خَارِجَةَ بْنِ حُذَافَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ أَمَدَّكُمْ

ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت ہے خارجہ ابن حذافہ سے کہا کہ تشریف لائے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا تحقیق اللہ نے مدد کی تمہاری

بِصَلٰوةٍ هِيَ خَيْرٌ لَّكُمْ مِّنْ حُمْرِ النَّعَمِ الْوِتْرُ جَعَلَهُ اللّٰهُ لَكُمْ فِيْمَا بَيْنَ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ إِلٰى أَنْ يَّطْلُعَ الْفَجْرُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ

ایک نماز سے ف ۳ وہ نماز بہتر ہے تمکو سرخ اونٹوں سے وہ نماز وتر ہے مقرر کیا اسکو اللہ نے تمہارے لئے درمیان عشاء کی نماز کے فجر نکلنے تک روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت ہے

زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَّامَ عَنْ وِتْرِهٖ فَلْيُصَلِّ إِذَا أَصْبَحَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مُرْسَلًا وَعَنْ عَبْدِ

زید ابن اسلم سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ سو گیا اپنی وتر سے پھر چاہئے کہ پڑھے جب صبح کرے ف ۴ روایت کیا اسکو ترمذی نے مرسل اور روایت ہے عبد

الْعَزِيْزِ بْنِ جُرَيْجٍ قَالَ سَأَلْنَا عَائِشَةَ بِأَيِّ شَيْءٍ كَانَ يُوْتِرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ يَقْرَأُ فِي الْأُوْلٰى بِسَبِّحِ اسْمَ

العزیز ابن جریج سے کہا کہ پوچھا ہم نے حضرت عائشہ سے کون سورۃ سے تھے وتر پڑھتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہا تھے پڑھتے پہلی رکعت میں سبح اسم

رَبِّكَ الْأَعْلٰى وَفِي الثَّانِيَةِ بِقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ وَفِي الثَّالِثَةِ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ وَالْمُعَوِّذَتَيْنِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَرَوَاهُ

ربک الاعلی اور دوسری رکعت میں قل یا ایہا الکافرون اور تیسری رکعت میں قل ہو اللہ احد اور معوذتین ف ۵ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت کیا اسکو

النَّسَائِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزٰى وَرَوَاهُ أَحْمَدُ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَالدَّارِمِيُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَلَمْ يَذْكُرِ الْمُعَوِّذَتَيْنِ وَعَنِ

نسائی نے عبد الرحمن ابن ابزی سے اور روایت کیا اسکو احمد نے ابی ابن کعب سے اور دارمی نے ابن عباس سے اور نہ ذکر کیا احمد اور دارمی نے معوذتین کا اور روایت ہے

الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَاتٍ أَقُوْلُهُنَّ فِيْ قُنُوْتِ الْوِتْرِ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ

امام حسن ابن علی سے کہا سکھلایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنی لفظیں کہ کہوں میں انکو قنوت میں وتر کے یا الہی سیدھی راہ مجھکو دکھلا ان لوگوں میں کہ سیدھی راہ دکھلایا تو نے انکو

وَعَافِنِيْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنِيْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا أَعْطَيْتَ وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ فَإِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى

اور آرام دے مجھکو ان لوگوں میں کہ آرام دیا تو نے انکو اور کام بنا میرا ان لوگوں میں کہ کام بنایا تو نے انکا اور برکت دے تو مجھکو اس چیز میں کہ بخشی ہے تو نے ف ۶ اور بچا مجھکو اس چیز کی برائی سے کہ مقدر کیا ہے تو نے پس تحقیق تو حکم کرتا ہے اور حکم نہیں کیا جاتا

عَلَيْكَ إِنَّهٗ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ

تجھ پر بیشک حال یہ ہے کہ نہیں ذلیل ہوتا وہ شخص کہ جسکو تو دوست رکھتا ہے برکت والا ہے تو اے ہمارے رب اور بلند ہے تو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے

أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَلَّمَ فِي الْوِتْرِ قَالَ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ

ابی ابن کعب سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سلام پھیرتے وتر میں کہتے پاک ہے بادشاہ نہایت پاک روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے

وزاد ثلاث مرات يطيل في رواية للنسائي عن عبد الرحمن بن ابزى عن ابيه قال كان يقول اذا سلم سبحان الملك القدوس
اور زیادہ کیا ان نے کہتے تین بار دراز کرتے آواز اور ایک روایت میں نسائی کی عبد الرحمن ابن ابزی سے انہوں نے نقل کیا اپنے باپ سے کہا کہ تھے حضرت کہتے جب سلام پھیرتے سبحان الملک القدوس

ثلاثا ويرفع صوته بالثالثة وعن علي قال ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يقول في آخر وتره اللهم اني اعوذ برضاك من
تین بار اور بلند کرتے اپنی آواز کو تیسری بار ۔ اور روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے کہتے اپنی وتر کے آخر میں یا الہی پناہ مانگتا ہوں ساتھ رضا تیری کے

سخطك وبمعافاتك من عقوبتك واعوذ بك منك لا احصي ثناء عليك انت كما اثنيت على نفسك رواه ابوداود
غضب تیرے سے اور ساتھ معافی کرنے تیرے کے عذاب تیرے سے اور پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے تجھ سے نہیں گن سکتا ہوں تعریف تیری تو ویسا ہی ہے جیسا کہ تعریف کی تو نے اپنی ذات پر روایت کیا اسکو ابوداود

والترمذي والنسائي وابن ماجه

الفصل الثالث

عن ابن عباس قيل له هل لك في امير المؤمنين معاوية ما اوتر الا بواحدة
اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے ابن عباس سے کہا گیا انکو کہ کیا ہے تجھ کو بحث امیر المؤمنین معاویہ میں نہیں وتر پڑھتے مگر ایک رکعت

قال اصاب انه فقيه وفي رواية قال ابن ابي مليكة اوتر معاوية بعد العشاء بركعة وعنده مولى لابن عباس فاتى ابن
کہا ابن عباس نے ٹھیک کیا بیشک وہ فقیہ ہیں ۔ اور ایک روایت میں ہے کہا ابن ابی ملیکہ نے وتر پڑھی معاویہ نے بعد عشاء کے ایک رکعت اور ان کے پاس ایک غلام آزاد کیا ابن عباس کا تھا پھر وہ آیا ابن

عباس فاخبره فقال دعه فانه قد صحب النبي صلى الله عليه وسلم رواه البخاري وعن بريدة قال سمعت رسول
عباس کے پاس اور خبر دی انکو کہا چھوڑ اسکو کیونکہ انہوں نے تحقیق صحبت کی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول

الله صلى الله عليه وسلم يقول الوتر حق فمن لم يوتر فليس منا الوتر حق فمن لم يوتر فليس منا الوتر حق فمن لم يوتر فليس
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے وتر حق ہے پھر جو نہ وتر پڑھے سو نہیں ہے ہمارے طریقہ پر وتر حق ہے پھر جو نہ وتر پڑھے سو نہیں ہے ہمارے طریقہ پر وتر حق ہے پھر جو نہ وتر پڑھے سو نہیں

منا رواه ابوداود وعن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من نام عن الوتر او نسيه فليصل اذا ذكر واذا
ہمارے طریقہ پر روایت کیا اسکو ابوداود نے ۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص سو رہے وتر سے یا بھول جاوے اسکو پس چاہیئے کہ پڑھے جب یاد آوے اور جب

استيقظ رواه الترمذي وابوداود وابن ماجه وعن مالك بلغه ان رجلا سأل ابن عمر عن الوتر اواجب هو فقال عبد الله
جاگے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے امام مالک سے پہنچی انکو کہ تحقیق ایک شخص نے پوچھا عبداللہ ابن عمر سے حال وتر کا کہ کیا واجب ہے پس کہا عبداللہ نے

قد اوتر رسول الله صلى الله عليه وسلم واوتر المسلمون فجعل الرجل يردد عليه وعبد الله يقول اوتر رسول الله صلى
تحقیق وتر پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور وتر پڑھی مسلمانوں نے پھر شروع کیا اس شخص نے بار بار پوچھنا انکو اور عبداللہ کہتے جاتے تھے وتر پڑھی رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم واوتر المسلمون رواه في الموطا وعن علي قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يوتر بثلاث يقرأ فيهن بتسع
اللہ علیہ وسلم نے اور وتر پڑھی مسلمانوں نے روایت کیا اسکو موطا میں ۔ اور روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر پڑھتے تین رکعت پڑھتے ان میں نو

سور من المفصل يقرأ في كل ركعة بثلاث سور آخرهن قل هو الله احد رواه الترمذي وعن نافع قال كنت مع ابن عمر بمكة والسماء مغيمة
سورتیں مفصل میں سے پڑھتے ہر رکعت میں تین سورتیں آخر انکی قل ہو اللہ احد ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے نافع سے کہا کہ تھا میں ساتھ ابن عمر کے مکہ میں اور آسمان ابر آلود تھا

فخشي الصبح فاوتر بواحدة ثم تكشف فراى ان عليه ليلا فشفع بواحدة ثم صلى ركعتين ركعتين فلما خشي الصبح اوتر بواحدة
پھر ڈرے صبح ہونے سے پھر وتر پڑھی ایک رکعت پھر کھل گیا ابر پھر دیکھا کہ ان پر رات باقی ہے پھر دوگانہ کیا اسکو ایک رکعت اور ملا کے پھر پڑھی دو دو رکعتیں پھر جب ڈرے صبح ہو جانے سے وتر پڑھی ایک رکعت

رواه مالك وعن عائشة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يصلي جالسا فيقرأ وهو جالس فاذا بقي من قراءته قدر ما يكون
روایت کیا اسکو مالک نے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے نماز پڑھتے بیٹھے ہو کے پھر قرأت کرتے بیٹھے ہو پھر جب باقی رہتی انکی قرأت سے اس اندازہ پر کہ ہو گی

ثلثين او اربعين آية قام وقرأ وهو قائم ثم ركع ثم سجد ثم يفعل في الركعة الثانية مثل ذلك وعن ام سلمة ان النبي صلى

تیس یا چالیس آیت کھڑے ہوتے اور قرأت کرتے کھڑے ہو کر پھر رکوع کرتے پھر سجدہ کرتے پھر کرتے دوسری رکعت میں مانند اسکے ۔ اور روایت ہے ام سلمہ سے کہ تحقیق نبی صلی

الله عليه وسلم كان يصلي بعد الوتر ركعتين رواه الترمذي وزاد ابن ماجة خفيفتين وهو جالس وعن عائشة قالت كان رسول

اللہ علیہ وسلم تھے نماز پڑھتے بعد وتر کے دو رکعت روایت کیا اسکو ترمذی نے اور زیادہ کیا ابن ماجہ نے پڑھتے دو رکعت ہلکی بیٹھے ہوئے ۔ اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ تھے رسول

الله صلى الله عليه وسلم يوتر بواحدة ثم يركع ركعتين يقرأ فيهما وهو جالس فاذا اراد ان يركع قام فركع رواه ابن ماجة وعن

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر پڑھتے ایک رکعت بعد اسکے پڑھتے دو رکعت قرآن پڑھتے ان میں بیٹھے ہو پھر جب ارادہ کرتے کہ رکوع کریں کھڑے ہوتے پھر رکوع کرتے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے

ثوبان عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ان هذا السهر جهد وثقل فاذا اوتر احدكم فليركع ركعتين فان قام من الليل والا كانتا

ثوبان سے اسنے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا تحقیق یہ جاگنا مشکل ہے اور بھاری ہے پھر جب وتر پڑھے ایک تمہارا پھر چاہیے کہ پڑھے دو رکعت پھر اگر اٹھا تو بہتر اور اگر نہ اٹھا

له رواه الدارمي وعن ابي امامة ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يصليهما بعد الوتر وهو جالس يقرأ فيهما اذا زلزلت الارض

کفایت ہے اسکو روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے پڑھتے ان دونوں رکعت کو بعد وتر کے بیٹھے ہوئے پڑھتے ان میں اذا زلزلت الارض

وقل يا ايها الكافرون رواه احمد

باب القنوت

الفصل الاول

عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا اراد

اور قل یا ایہا الکافرون ۔ روایت کیا اسکو احمد نے ۔ یہ باب ہے بیان میں قنوت کے ف ا ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے ابوہریرہ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے جب ارادہ کرتے

ان يدعو على احد او يدعو لاحد قنت بعد الركوع فربما قال اذا قال سمع الله لمن حمده ربنا لك الحمد اللهم انج الوليد بن الوليد

کہ بددعا کریں کسی پر یا بھی دعا کریں کسی کے واسطے قنوت پڑھتے بعد رکوع کے اور اکثر کہتے تھے جب کہتے سمع اللہ لمن حمدہ ربنا لک الحمد یا الہی نجات دے ولید ابن ولید کو

وسلمة بن هشام وعياش بن ابي ربيعة اللهم اشدد وطأتك على مضر واجعلها سنين كسني يوسف عليه السلام يجهر بذلك

اور سلمہ ابن ہشام کو اور عیاش ابن ربیعہ کو یا الہی سخت کر تو اپنا روندنا قوم مضر پر اور کر تو اس روندنے کو قحط مثل قحط یوسف علیہ السلام کے پکار کر پڑھتے اس دعا کو

وكان يقول في بعض صلوته اللهم العن فلانا وفلانا لاحياء من العرب حتى انزل الله تعالى ليس لك من الامر شيء الاية متفق عليه

اور تھے کہتے بیچ بعضی نمازوں یا الہی لعنت کر فلانے کو اور فلانے کو یہ کہتے عرب کے بعضے قوم کے واسطے یہاں تک کہ اتارا اللہ تعالی نے یہ آیت تیرا اختیار کچھ نہیں آخر آیت تک ف ۲ ق

وعن عاصم الاحول قال سألت انس بن مالك عن القنوت في الصلوة كان قبل الركوع او بعده قال قبله انما قنت رسول الله صلى

اور روایت ہے عاصم احول سے کہا پوچھا میں نے انس ابن مالک سے حال قنوت کا نماز میں کہ تھا قبل رکوع کے یا بعد رکوع کے کہا قبل رکوع سوا اسکے نہیں کہ قنوت پڑھا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم بعد الركوع شهرا انه كان بعث اناسا يقال لهم القراء سبعون رجلا فاصيبوا فقنت رسول الله صلى الله

اللہ علیہ وسلم نے بعد رکوع کے ایک مہینے پھر تحقیق حال یہ ہے کہ حضرت نے بھیجا تھا کتنے لوگ کہا جاتا تھا انکو قرآن پڑھنے والے ستر مرد پھر شہید کئے گئے تب قنوت پڑھا رسول صلی اللہ

عليه وسلم بعد الركوع شهرا يدعو عليهم متفق عليه

الفصل الثاني

عن ابن عباس قال قنت رسول الله صلى الله عليه

علیہ وسلم نے بعد رکوع کے ایک مہینے بد دعا کرتے تھے قاتلوں پر ق ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ قنوت پڑھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم شهرا متتابعا في الظهر والعصر والمغرب والعشاء وصلوة الصبح اذا قال سمع الله لمن حمده من الركعة الاخرة يدعو على احياء من بني سليم

وسلم نے ایک مہینے لگاتار نماز ظہر اور عصر اور مغرب اور عشا میں اور صبح کی نماز میں جب کہتے سمع اللہ لمن حمدہ اخری رکعت میں بددعا کرتے تھے اوپر قوم بنی سلیم کے

على رعل وذكوان وعصية ويؤمن من خلفه رواه ابو داود وعن انس ان النبي صلى الله عليه وسلم قنت شهرا ثم تركه

یعنی اوپر رعل اور ذکوان اور عصیہ پر اور آمین کہتے جو لوگ ان کے پیچھے ہوتے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے انس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قنوت پڑھا ایک مہینے پھر چھوڑ دیا

رواه ابو داود والنسائى وعن ابى مالك الاشجعى قال قلت لابى يا ابت انك قد صليت خلف رسول الله صلى الله

روایت کیا اسکو ابو داود اور نسائی نے اور روایت ہے ابو مالک اشجعی سے کہا کہا میں نے اپنے باپ کو اے باپ تحقیق تم نے نماز پڑھی ہے پیچھے رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم وابى بكر وعمر وعثمان وعلى ههنا بالكوفة نحوا من خمس سنين اكانوا يقنتون قال اى بنى محدث رواه الترمذى

علیہ وسلم کے اور ابوبکر اور عمر اور عثمان اور علی کے اس جگہ کوفہ میں قریب پانچ برس کے کیا تھے وے لوگ قنوت پڑھتے کہا اے بیٹے [illegible] روایت کیا اسکو ترمذی

والنسائى وابن ماجة الفصل الثالث عن الحسن ان عمر بن الخطاب جمع الناس على ابى بن كعب فكان يصلى بهم

اور نسائی اور ابن ماجہ نے فصل تیسری روایت ہے حسن بصری سے تحقیق عمر ابن خطاب نے جمع کیا لوگوں کو ابی ابن کعب کے پاس پھر ابی ابن نماز پڑھاتے انکو

عشرين ليلة ولا يقنت بهم الا فى النصف الباقى فاذا كانت العشر الاواخر تخلف فصلى فى بيته فكانوا يقولون

بیس راتیں اور نہ قنوت پڑھتے ان کے ساتھ مگر رمضان کے آدھے باقی میں پھر جب ہوتا عشرہ اخری پیچھے رہتے اور نماز پڑھتے اپنے گھر میں پھر تھے کہتے لوگ

ابق ابى رواه ابو داود وسئل انس بن مالك عن القنوت فقال قنت رسول الله صلى الله عليه وسلم بعد الركوع وفى رواية

بھاگ گئے ابی روایت کیا اسکو ابو داود نے اور پوچھے گئے انس ابن مالک قنوت سے کہا کہ قنوت پڑھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد رکوع کے اور ایک روایت میں

قبل الركوع وبعده رواه ابن ماجة

قبل رکوع کے اور بعد رکوع کے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

باب قيام شهر رمضان

الفصل الاول

عن زيد بن ثابت ان النبى صلى الله عليه وسلم اتخذ حجرة فى المسجد من حصير فصلى فيها ليالى حتى اجتمع عليه ناس ثم فقدوا صوته ليلة وظنوا انه قد نام فجعل بعضهم يتنحنح ليخرج اليهم فقال ما زال بكم الذى رايت من صنيعكم حتى خشيت ان يكتب عليكم ولو كتب عليكم ما قمتم به فصلوا ايها الناس فى بيوتكم فان افضل صلوة المرء فى بيته الا الصلوة المكتوبة متفق عليه

باب بیان میں قیام کرنے کے مہینے رمضان کے فصل پہلی روایت ہے زید ابن ثابت سے تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بنایا حجرہ مسجد میں بوریے کا پھر نماز پڑھی اس میں کئی رات یہاں تک کہ جمع ہوئے ان پر بہت سے آدمی پھر نہ پائی آپ کی آواز ایک رات اور گمان کیا انہوں نے کہ تحقیق سو گئے حضرت پھر شروع کیا ان میں بعضوں نے کھنکھارنا تاکہ نکلیں حضرت ان کی طرف پس فرمایا [illegible] تم پر تو نہ پڑھ سکو تم اسکو پھر نماز پڑھو اے لوگو اپنے گھروں میں پس تحقیق بہتر نماز شخص کی اسکے گھر میں ہے مگر نماز فرض

وعن ابى هريرة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يرغب فى قيام رمضان من غير ان يامرهم فيه بعزيمة فيقول من قام رمضان ايمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه فتوفى رسول الله صلى الله عليه وسلم والامر على ذلك ثم كان الامر على ذلك فى خلافة ابى بكر وصدرا من خلافة عمر على ذلك رواه مسلم

اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خواہش دلاتے قیام میں رمضان کے بدون اسکے کہ حکم کریں انکو اس میں تاکید سے پھر فرماتے تھے جو شخص کہ قیام کرے رمضان میں ایمان کے سبب اور طلب ثواب کے بخشا جاوے اسکے لئے جو کچھ کہ آگے کیا ہے گناہ سے پھر وفات دئیے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حکم اسی طرح پر تھا پھر تھا حکم اسی طرح پر زمانے بیچ خلافت ابوبکر کے اور شروع میں خلافت عمر کے بھی اسی طرح پر روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا قضى احدكم الصلوة فى مسجده فليجعل لبيته نصيبا من صلوته فان الله تعالى جاعل فى بيته من صلوته خيرا رواه مسلم

اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت پڑھ چکے کوئی تم میں سے نماز مسجد میں پھر چاہیے کہ ٹھہراوے اپنے گھر کے واسطے بھی حصہ اپنی نماز سے پھر تحقیق اللہ تعالی کرنے والا ہے اسکے گھر میں اسکی نماز سے بھلائی روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثانى

عن ابى ذر قال صمنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم

فصل دوسری روایت ہے ابو ذر سے کہا کہ روزہ رکھا ہم نے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

فلم يقم بنا شيئا من الشهر حتى بقي سبع فقام بنا حتى ذهب ثلث الليل فلما كانت السادسة لم يقم بنا فلما كانت الخامسة قام

پھر نہ قیام کیا ہمارے ساتھ کچھ مہینے میں سے یہاں تک کہ باقی رہیں سات راتیں پھر قیام کیا ساتھ ہمارے یہاں تک کہ گئی تہائی رات پھر جب باقی رہیں چھ راتیں نہ قیام کیا ساتھ ہمارے پھر جب باقی رہیں پانچ راتیں

بنا حتى ذهب شطر الليل فقلت يا رسول الله لو نفلتنا قيام هذه الليلة فقال ان الرجل اذا صلى مع الامام حتى ينصرف حسب

ساتھ ہمارے یہاں تک کہ گئی آدھی رات پھر کہا میں نے یا رسول اللہ کاش کے زیادہ کرتے آپ ہمارے واسطے قیام اس رات کا تب فرمایا تحقیق شخص جب پڑھتا ہے نماز ساتھ امام کے یہاں تک کہ فارغ ہو امام

له قيام ليلة فلما كانت الرابعة لم يقم بنا حتى بقي ثلث الليل فلما كانت الثالثة جمع اهله ونساءه والناس فقام بنا حتى

اسکے لئے قیام تمام رات کا پھر جب باقی رہیں چار راتیں نہ قیام کیا ساتھ ہمارے یہاں تک کہ باقی رہی تہائی رات ف۲ پھر جب باقی رہیں تین راتیں جمع کیا اپنے گھر والوں کو اور اپنی عورتوں کو اور لوگوں کو پھر قیام کیا ساتھ ہمارے یہاں تک کہ

خشينا ان يفوتنا الفلاح قلت وما الفلاح قال السحور ثم لم يقم بنا بقية الشهر رواه ابو داود والترمذي

ڈرے ہم کہ فوت ہو ہم سے فلاح ف۳ کہا میں نے اور کیا ہے فلاح کہا کھانا سحری کا پھر نہ قیام کیا ساتھ ہمارے باقی مہینے کو روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی

بما يصيبه من الحمى والنكبة حتى البضاعة يضعها في يد قميصه فيفقدها فيفزع لها حتى إن العبد ليخرج من

ساتھ اس چیز کے کہ پہنچے اسکو تپ اور صدمے سے یہانتک کہ تھوڑا سا مال کہ رکھے اسکو آستین میں اپنے کرتے کی پھر کھو دیوے اسکو اور غم کرے اسکے لئے یہانتک کہ تحقیق بندہ نکلتا ہے

ذنوبه كما يخرج التبر الأحمر من الكير رواه الترمذي وعن أبي موسى أن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا يصيب عبدا نكبة

اپنے گناہوں سے جیسے کہ نکلتا ہے قلعی سرخ سونے کا صاف ہوکے بھٹی سے ف روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابی موسیٰ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں پہنچتی بندے

فما فوقها أو دونها إلا بذنب وما يعفو الله عنه أكثر وقرأ وما أصابكم من مصيبة فبما كسبت أيديكم ويعفو

کو چوٹ یا کہ اس سے زیادہ یا اس سے کم مگر سبب گناہ کے اور جو کچھ کہ معاف کرتا ہے اس سے اللہ زیادہ ہے اور پڑھی حضرت نے یہ آیت اور جو کچھ پہنچتی ہے تمکو مصیبت سو بسبب اسکے کہ کمایا تمہارے ہاتھوں نے اور معاف

عن كثير رواه الترمذي وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن العبد إذا كان على طريقة حسنة

بہت کو روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے عبداللہ ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بندہ جبکہ ہوتا ہے نیک راہ پر

من العبادة ثم مرض قيل للملك الموكل به اكتب له مثل عمله إذا كان طليقا حتى أطلقه أو أكفته إلي وعن أنس أن رسول

بندگی سے پھر بیمار ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے فرشتے کو کہ مقرر ہے اسپر لکھ اسکے لئے مانند اسکے عمل کے اس وقت کے جب تھا تندرست یہاں تک کہ تندرست کروں اسکو یا بلالوں اسکو اپنی طرف اور روایت ہے انس سے کہ تحقیق رسول

الله صلى الله عليه وسلم قال إذا ابتلي المسلم ببلاء في جسده قيل للملك اكتب له صالح عمله الذي كان يعمل فإن شفاه غسله

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب آزمایا جاتا ہے مسلمان کسی بیماری سے اپنے بدن میں کہا جاتا ہے فرشتے کو لکھ اسکے لئے اسکا نیک عمل جو کرتا تھا پھر اگر شفا دیتا ہے اسکو خوب دھوتا ہے

وطهره وإن قبضه غفر له ورحمه رواهما في شرح السنة وعن جابر بن عتيك قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور پاک کرتا ہے اسکو ف اور اگر وفات دیتا ہے اسکو بخشتا ہے اسکے لئے اور رحم کرتا ہے اسپر روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو شرح سنت میں ۔ اور روایت ہے جابر ابن عتیک سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

الشهادة سبع سوى القتل في سبيل الله المطعون شهيد والغريق شهيد وصاحب ذات الجنب شهيد والمبطون شهيد

شہادت سات ہیں سوائے جہاد میں مارے جانے کے جو مرا طاعون میں وہ شہید ہے اور جو ڈوب گیا پانی سے ڈوبا شہید ہے اور جو ذات الجنب کی بیماری میں مرگیا شہید ہے اور جو دست کی بیماری میں مرا شہید

وصاحب الحريق شهيد والذي يموت تحت الهدم شهيد والمرأة تموت بجمع شهيد رواه مالك وأبو داود والنسائي

اور جو جل کر مرا شہید ہے اور جو دب کے مرا شہید ہے اور عورت جو لڑکا جنتے وقت مرے شہید ہے روایت کیا اسکو مالک اور ابوداؤد اور نسائی نے

وعن سعد قال سئل النبي صلى الله عليه وسلم أي الناس أشد بلاء قال الأنبياء ثم الأمثل فالأمثل يبتلى الرجل على حسب دينه

اور روایت ہے سعد سے کہا کہ پوچھے گئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کون سے لوگ بہت آزمائے جاتے ہیں فرمایا نبی لوگ پھر بہتر لوگ پھر بہتر لوگ ف آزمایا جاتا ہے مرد موافق اندازے اپنے دین کے

فإن كان في دينه صلبا اشتد بلاؤه وإن كان في دينه رقة هون عليه فما زال كذلك حتى يمشي على الأرض ما له ذنب رواه

پھر اگر ہوتا ہے اپنے دین میں مضبوط سخت ہوتی ہے اسکی آزمائش اور اگر ہوتی ہے اسکے دین میں نرمی آسانی کی جاتی ہے اسپر آزمائش پھر ہمیشہ رہتا ہے اسی حال پر یہاں تک کہ چلتا ہے زمین پر نہیں ہوتا اسپر کوئی گناہ

الترمذي وابن ماجه والدارمي وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح وعن عائشة قالت ما أغبط أحدا بهون موت بعد الذي رأيت

ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن صحیح ہے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ نہیں آرزو کرتی ہوں کسی کے واسطے آسانی موت کی بعد اسکے کہ دیکھی میں نے

من شدة موت رسول الله صلى الله عليه وسلم رواه الترمذي والنسائي وعنها قالت رأيت النبي صلى الله عليه وسلم وهو بالموت

سختی موت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے انہی سے کہا کہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اور آپ حالت موت میں تھے

وعنده قدح فيه ماء وهو يدخل يده في القدح ثم يمسح وجهه ثم يقول اللهم أعني على منكرات الموت أو سكرات الموت

اور انکے پاس پیالہ تھا اسمیں پانی اور وہ ڈالتے تھے اپنا ہاتھ پیالے میں پھر پانی لگاتے اپنے منہ پر اور فرماتے یا الہی مدد کر تو میری موت کی سختی پر یا فرمایا سکرات الموت پر

رواه الترمذي وابن ماجه وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أراد الله بعبده الخير عجل له العقوبة في الدنيا

روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب چاہتا ہے اللہ اپنے بندے سے بھلائی جلد کر دیتا ہے اسکو سزا گناہ کی دنیا میں

وَاِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدِهِ الشَّرَّ اَمْسَكَ عَنْهُ بِذَنْبِهِ حَتّٰى يُوَافِيَهُ بِهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اور جب چاہتا ہے اللہ اپنے بندے کی برائی بند رکھتا ہے اس سے سزا اسکے گناہ کی تاکہ پوری سزا دے اسکو بسبب گناہ کے قیامت کے دن روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ عِظَمَ الْجَزَاءِ مَعَ عِظَمِ الْبَلَاءِ وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اِذَا اَحَبَّ قَوْمًا ابْتَلَاهُمْ فَمَنْ رَضِيَ فَلَهُ الرِّضَاءُ وَمَنْ سَخِطَ فَلَهُ

علیہ وسلم نے بیشک بڑی مزدوری ساتھ بڑی بلا کے ہے اور تحقیق اللہ عزوجل جب دوست رکھتا ہے کسی قوم کو آزماتا ہے اسکو سو جو شخص راضی ہوا تو اسکے لیے اللہ کی خوشی ہے اور جو شخص غصہ ہوا تو اسکے لیے

السُّخْطُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ الْبَلَاءُ بِالْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنَةِ فِيْ

اللہ کا غصہ ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہتی ہے بلا پہنچتی مومن مرد پر یا مومن عورت کو

نَفْسِهِ وَمَالِهِ وَوَلَدِهِ حَتّٰى يَلْقَى اللّٰهَ وَمَا عَلَيْهِ مِنْ خَطِيْئَةٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوٰى مَالِكٌ نَحْوَهُ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ

اسکے جان اور مال اور اولاد میں یہاں تک کہ ملاقات کرتا ہے اللہ تعالی سے اس حال سے کہ نہیں ہوتی اس پر کوئی خطا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا مالک نے مانند اسکے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث

حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدِنِ السُّلَمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا سَبَقَتْ

حسن صحیح ہے اور روایت ہے محمد ابن خالد سلمی سے اسنے نقل کیا اپنے باپ سے انہوں نے اسکے دادا سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بندہ جب ہوتی ہے مقدر

لَهُ مِنَ اللّٰهِ مَنْزِلَةٌ لَمْ يَبْلُغْهَا بِعَمَلِهِ ابْتَلَاهُ اللّٰهُ فِيْ جَسَدِهِ اَوْ فِيْ مَالِهِ اَوْ فِيْ وَلَدِهِ ثُمَّ صَبَّرَهُ عَلٰى ذٰلِكَ حَتّٰى يُبْلِغَهُ الْمَنْزِلَةَ الَّتِيْ

اسکے لیے اللہ سے مرتبہ نہیں پہنچتا اس مرتبے کو اپنے عمل کے سبب آزماتا ہے اسکو اللہ اسکے بدن یا مال میں یا اسکی اولاد میں پھر صبر بخشتا ہے اسکو اس بلا پر یہاں تک پہنچاتا ہے اسکو اس مرتبے کو جو

سَبَقَتْ لَهُ مِنَ اللّٰهِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شِخِّيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُثِّلَ ابْنُ اٰدَمَ

مقدر ہوا اسکے لیے اللہ سے روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد نے اور روایت ہے عبداللہ ابن شخیر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیدا کیا گیا آدمی

وَاِلٰى جَنْبِهِ تِسْعٌ وَتِسْعُوْنَ مَنِيَّةً اِنْ اَخْطَاتْهُ الْمَنَايَا وَقَعَ فِي الْهَرَمِ حَتّٰى يَمُوْتَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ

اور اسکے پہلو میں ننانوے موت اگر چوک گئیں اس سے موتیں سبب تو پڑ رہتا ہے بڑھاپے میں یہاں تک کہ مرتا ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے

جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوَدُّ اَهْلُ الْعَافِيَةِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِيْنَ يُعْطٰى اَهْلُ الْبَلَاءِ الثَّوَابَ لَوْ اَنَّ جُلُوْدَهُمْ كَانَتْ

جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آرزو کرینگے آرام والے قیامت کے دن جس وقت کہ دیئے جاوینگے بلا والے ثواب کاش کہ چمڑے ان کے

قُرِضَتْ فِي الدُّنْيَا بِالْمَقَارِيْضِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ عَامِرِنِ الرَّامِ قَالَ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَسْقَامَ

کاٹے جاتے دنیا میں مقراضوں سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے عامر ابن رام سے کہا کہ ذکر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیماریوں کو

فَقَالَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا اَصَابَهُ السَّقَمُ ثُمَّ عَافَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْهُ كَانَ كَفَّارَةً لِمَا مَضٰى مِنْ ذُنُوْبِهِ وَمَوْعِظَةً لَهُ فِيْمَا يَسْتَقْبِلُ

پھر فرمایا کہ تحقیق مومن جب پہنچتی ہے اسکو بیماری پھر آرام دیتا ہے اسکو اللہ عزوجل اس سے ہوتی ہے وہ بیماری مٹانے والی ان چیزوں کی جو گذر چکیں اسکے گناہوں سے اور نصیحت ہوتی ہے اسکو ان چیزوں میں کہ آگے

وَاِنَّ الْمُنَافِقَ اِذَا مَرِضَ ثُمَّ اُعْفِيَ كَانَ كَالْبَعِيْرِ عَقَلَهُ اَهْلُهُ ثُمَّ اَرْسَلُوْهُ فَلَمْ يَدْرِ لِمَ عَقَلُوْهُ وَلِمَ اَرْسَلُوْهُ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَّا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

اور تحقیق منافق جب بیمار ہوتا ہے پھر آرام دیا جاتا ہے تو ہوتا ہے مانند اونٹ کے کہ باندھا اسکو اسکے مالک نے پھر چھوڑ دیا سو نہیں جانا کہ کس واسطے باندھا اسکو اور کس واسطے چھوڑ دیا تب کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ

وَمَا الْاَسْقَامُ وَاللّٰهِ مَا مَرِضْتُ قَطُّ فَقَالَ قُمْ عَنَّا فَلَسْتَ مِنَّا رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

اور کیا ہیں بیماریاں قسم اللہ کی نہ بیمار ہوا میں کبھی تب فرمایا اٹھ جا ہمارے پاس سے پھر نہیں ہے تو ہم میں سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلْتُمْ عَلَى الْمَرِيْضِ فَنَفِّسُوْا لَهُ فِيْ اَجَلِهِ فَاِنَّ ذٰلِكَ لَا يَرُدُّ شَيْئًا وَيُطَيِّبُ بِنَفْسِهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ

اللہ علیہ وسلم نے جس وقت آؤ تم بیمار پاس پھر اسکے غم کو دور کرو اسکی عمر کی درازی میں بسبب اسکے کہ یہ تسلی دینا نہیں پھیر سکتا کچھ تقدیر کو اور خوش ہوتا ہے اسکا دل روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

وقال الترمذي هذا حديث غريب ۔ وعن سليمان بن صرد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قتله بطنه لم يعذب
اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے سلیمان ابن صرد سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ قتل کیا اسکو اسکے پیٹ نے نہ عذاب کیا جاوے گا

في قبره رواه أحمد والترمذي وقال هذا حديث غريب

الفصل الثالث

عن أنس قال كان غلام يهودي يخدم النبي
اپنی قبر میں روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے انس سے کہا کہ تھا ایک لڑکا یہودی کہ خدمت کرتا تھا نبی

صلى الله عليه وسلم فمرض فأتاه النبي صلى الله عليه وسلم يعوده فقعد عند رأسه فقال له أسلم فنظر إلى أبيه وهو عنده
صلی اللہ علیہ وسلم کی پھر بیمار ہوا اور آئے اسکے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم اسکو پوچھنے لگے پھر بیٹھے اسکے سر کے پاس اور فرمایا اسکو مسلمان ہو تو تب دیکھا اسنے اپنے باپ

فقال له أطع أبا القاسم فأسلم فخرج النبي صلى الله عليه وسلم وهو يقول الحمد لله الذي أنقذه من النار رواه البخاري
تب کہا اسنے تابعداری کر ابو القاسم کی پھر مسلمان ہوا تب نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہوئے سب تعریف اللہ کو ہے جسنے نجات دی اسکو دوزخ سے روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من عاد مريضا نادى مناد من السماء طبت وطاب ممشاك
اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ بیمار کے پوچھنے کو جاوے پکارتا ہے پکارنے والا آسمان سے خوش ہوگا تو اور خوش ہے چلنا تیرا

وتبوأت من الجنة منزلا رواه ابن ماجه ۔ وعن ابن عباس قال إن عليا خرج من عند النبي صلى الله عليه وسلم في وجعه الذي
اور بنایا تو نے بہشت میں ایک مقام روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ حضرت علی نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے اس بیماری میں جس میں

توفي فيه فقال الناس يا أبا الحسن كيف أصبح رسول الله صلى الله عليه وسلم قال أصبح بحمد الله بارئا رواه البخاري ۔ وعن
وفات پائی تب کہا لوگوں نے ای ابو الحسن کس طرح صبح کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صبح کیا شکر خدا کا اچھے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے

عطاء بن أبي رباح قال قال لي ابن عباس ألا أريك امرأة من أهل الجنة قلت بلى قال هذه المرأة السوداء أتت النبي صلى الله
عطا ابن ابی رباح سے کہا کہ کہا مجھکو ابن عباس نے کیا نہ دکھلاؤں میں تجھکو ایک عورت بہشت والی کہا میں نے ہاں کہا یہ عورت کالی آئی نبی صلی اللہ

عليه وسلم فقالت يا رسول الله إني أصرع وإني أتكشف فادع الله لي فقال إن شئت صبرت ولك الجنة وإن
علیہ وسلم کے پاس اور کہا یا رسول اللہ مجھکو مرگی آتی ہے اور تحقیق میں ڈرتی ہوں کہ ننگی ہو جاتی ہوں سو دعا کیجئے اللہ سے میرے حق میں تب فرمایا اگر چاہے

شئت دعوت الله أن يعافيك فقالت أصبر فقالت إني أتكشف فادع الله أن لا أتكشف فدعا لها متفق عليه
چاہے تو دعا کروں اللہ سے کہ آرام دے تجھکو تب اسنے کہا صبر کرونگی اور کہا تحقیق میں ڈرتی ہوں کہ ننگی ہو جاتی ہوں سو دعا کیجئے اللہ سے کہ ننگی نہ ہوں تب دعا کی حضرت نے اسکے لئے

وعن يحيى بن سعيد قال إن رجلا جاءه الموت في زمن رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال رجل هنيئا له مات ولم
اور روایت ہے یحیی ابن سعید سے کہا کہ تحقیق ایک شخص آئی اسکو موت زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر کہا ایک شخص نے کہ اچھا ہوا اسکو کہ مرا اور نہ

يبتل بمرض فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ويحك ما يدريك لو أن الله ابتلاه بمرض فكفر عنه من سيئاته رواه مالك
گرفتار کیا گیا کسی مرض میں تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عجب ہے تجھ سے کس چیز نے خبردار کیا تجھکو کہ کاش کہ ہوتا کہ تحقیق اللہ آزماتا اسکو مرض سے پھر دور کرتا

مرسلا ۔ وعن شداد بن أوس والصنابحي أنهما دخلا على رجل مريض يعودانه فقالا له كيف أصبحت قال أصبحت
مرسل ہے ۔ اور روایت ہے شداد ابن اوس اور صنابحی سے کہ دونوں آئے ایک شخص بیمار پاس بیمار پرسی کرتے تھے اسکی تب دونوں نے کہا اسکو کس طرح صبح کی تو نے اسنے کہا صبح کی میں نے

بنعمة فقال شداد أبشر بكفارات السيئات وحط الخطايا فإني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إن الله عز وجل يقول
ساتھ نعمت کے تب کہا شداد نے خوش ہو ساتھ دور ہونے گناہوں کے اور گر جانے چوک کے اسواسطے کہ میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ تحقیق اللہ عزوجل فرماتا ہے

إذا أنا ابتليت عبداً من عبادي مؤمناً فحمدني على ما ابتليته فإنه يقوم من مضجعه ذلك كيوم ولدته أمه من

جب میں آزماتا ہوں کسی بندہ کو اپنے بندوں میں سے ایماندار کو پس تعریف کرتا ہے میری اس چیز پر کہ آزمایا میں نے اسکو پس تحقیق وہ اٹھتا ہے اپنے اس خوابگاہ سے مثل اس دن کے کہ جنا اسکو اسکی ماں نے

الخطايا ويقول الرب تبارك وتعالى إني أنا قيدت عبدي وابتليته فأجروا له ما كنتم تجرون له وهو صحيح رواه أحمد وعن

گناہوں سے اور فرماتا ہے رب برکت والا اور برتر ہے میں نے قید کیا اپنے بندے کو اور آزمایا اسکو سو جاری رکھو اسکے لئے جو تم جاری رکھتے تھے اسکے لئے حالت تندرستی میں روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے

عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا كثرت ذنوب العبد ولم يكن له ما يكفرها من العمل ابتلاه الله تعالى

حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت بہت ہوتے ہیں گناہ بندے کے اور نہیں ہوتا اسکے لئے وہ عمل کہ دور کریں اسکے گناہ آزماتا ہے اسکو اللہ تعالی

بالحزن ليكفرها عنه رواه أحمد وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من عاد مريضاً لم يزل يخوض الرحمة حتى

غم سے تاکہ دور کریں گناہ کو اس سے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ بیمار پرسی کرے مریض کی ہمیشہ تیرتا رہتا ہے رحمت میں یہانتک کہ جب

يجلس فإذا جلس اغتمس فيها رواه مالك وأحمد وعن ثوبان أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إذا أصاب أحدكم

بیٹھے پھر جب بیٹھتا ہے غوطہ مارتا ہے رحمت میں روایت کیا اسکو مالک اور احمد نے ✱ اور روایت ہے ثوبان سے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب پہنچے تم میں سے کسی کو

الحمى فإن الحمى قطعة من النار فليطفئها عنه بالماء فليستنقع في نهر جار وليستقبل جريته فيقول بسم الله اللهم

تپ پھر تحقیق تپ جو ہے ایک ٹکڑا ہے آگ سے پھر چاہئے کہ بجھاوے اسکو اپنے سے ساتھ پانی کے پھر چاہئے کہ بیٹھے بہتے ندی میں اور چاہئے کہ سامنے کھڑا ہو اسکے بہاؤ کے اور کہے نام سے اللہ کے الٰہی

اشف عبدك وصدق رسولك بعد صلاة الصبح قبل طلوع الشمس وليغمس فيه ثلاث غمسات ثلاثة أيام فإن لم يبرأ

شفا دے اپنے بندے کو اور سچا کر اپنے رسول کو یہ کرے بعد نماز صبح کے قبل نکلنے آفتاب کے اور چاہئے کہ غوطہ مارا کرے تین غوطے تین دن پھر اگر نہ اچھا ہو

في ثلاث فخمس فإن لم يبرأ في خمس فسبع فإن لم يبرأ في سبع فتسع فإنها لا تكاد تجاوز تسعاً بإذن الله عز وجل رواه الترمذي

تین دن میں تو پانچ دن پھر اگر نہ اچھا ہو پانچ دن میں تو سات دن پھر اگر نہ اچھا ہو سات دن میں تو نو دن پھر تحقیق وہ تپ نہیں لگتا ہے کہ بڑھیگی نو دن سے حکم اللہ عز وجل سے روایت کیا اسکو ترمذی نے

وقال هذا حديث غريب وعن أبي هريرة قال ذكرت الحمى عند رسول الله صلى الله عليه وسلم فسبها رجل فقال النبي صلى الله عليه

اور کہا یہ حدیث غریب ہے ✱ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ ذکر کی گئی تپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر گالی دی اسکو ایک شخص نے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ

وسلم لا تسبها فإنها تنفي الذنوب كما تنفي النار خبث الحديد رواه ابن ماجه وعنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم

وسلم نے مت گالی دے اسکو اسواسطے کہ وہ صاف کرتی ہے گناہوں کو جیسے صاف کرتی ہے آگ میل کو لوہے کے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے انہی سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

عاد مريضاً فقال أبشر فإن الله تعالى يقول هي ناري أسلطها على عبدي المؤمن في الدنيا لتكون حظه من النار يوم القيامة

بیمار پرسی کی ایک مریض کی اور فرمایا خوش ہو اسواسطے کہ اللہ تعالی فرماتا ہے تپ میری آگ ہے غالب کرتا ہوں اسکو اپنے مومن بندے پر دنیا میں تاکہ ہووے بدلا آگ کا اسکے دن قیامت کے

رواه أحمد وابن ماجه والبيهقي في شعب الإيمان وعن أنس أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إن الرب سبحانه وتعالى

روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں ✱ اور روایت ہے انس سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق رب سبحانہ وتعالے

يقول وعزتي وجلالي لا أخرج أحداً من الدنيا أريد أغفر له حتى أستوفي كل خطيئة في عنقه بسقم في بدنه

فرماتا ہے قسم ہے اپنی عزت اور بزرگی کی نہیں نکالتا ہوں کسیکو دنیا سے اور چاہتا ہوں کہ بخشوں اسکو یہانتک کہ پورا بدلا لیتا ہوں سب گناہ جو اسکی گردن پر ہیں ساتھ بیماری اسکے بدن میں

وإقتار في رزقه رواه رزين وعن شقيق قال مرض عبد الله بن مسعود فعدناه فجعل يبكي فعوتب فقال

اور ساتھ تنگی کے اسکی روزی میں روایت کیا اسکو رزین نے اور روایت ہے شقیق سے کہا کہ بیمار ہوئے عبد اللہ ابن مسعود پھر بیمار پرسی کی ہم نے انکی پھر شروع کیا رونا پس لوگ غصہ ہوئے کہا

اِنِّي لَا اَبْكِي لِاَجْلِ الْمَرَضِ لِاَنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْمَرَضُ كَفَّارَةٌ وَاِنَّمَا اَبْكِي اَنَّهُ اَصَابَنِي عَلٰى حَالِ فَتْرَةٍ

تحقیق میں نہیں روتا ہوں مرض کے سبب اسلئے کہ تحقیق میں نے سنا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے مرض دور کرنے والا گناہ کا ہے تحقیق نہیں روتا ہوں مگر اسلئے کہ پہنچی مجھکو بیماری حالت

وَلَمْ يُصِبْنِي فِي حَالِ اجْتِهَادٍ لِاَنَّهُ يُكْتَبُ لِلْعَبْدِ مِنَ الْاَجْرِ اِذَا مَرِضَ مَا كَانَ يُكْتَبُ لَهُ قَبْلَ اَنْ يَمْرَضَ فَمَنَعَهُ مِنْهُ الْمَرَضُ

اور نہیں پہنچی مجھکو حالت عبادت میں اسواسطے کہ لکھا جاتا ہے بندہ کے واسطے ثواب جس وقت کہ بیمار ہوتا ہے جسقدر کہ تھا لکھا جاتا اسکے لئے قبل بیمار ہونے کے اور باز رکھا بندہ کو اس عمل سے مرض نے

رَوَاهُ رَزِيْنٌ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَعُوْدُ مَرِيْضًا اِلَّا بَعْدَ ثَلٰثٍ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ

نے روایت کیا اسکو رزین نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہ بیمار پرسی کرتے بیمار کی مگر تین رات کے بعد روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں

وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلْتَ عَلٰى مَرِيْضٍ فَمُرْهُ يَدْعُوْ لَكَ فَاِنَّ دُعَاءَهُ كَدُعَاءِ

اور روایت ہے عمر ابن الخطاب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آوے تو بیمار پاس تو کہہ اسکو کہ دعا کرے تیرے واسطے اسواسطے کہ اسکی دعا مانند دعا

الْمَلٰئِكَةِ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مِنَ السُّنَّةِ تَخْفِيْفُ الْجُلُوْسِ وَقِلَّةُ الصَّخَبِ فِي الْعِيَادَةِ عِنْدَ الْمَرِيْضِ قَالَ

فرشتوں کے ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا سنت ہے کم بیٹھنا اور کم شور کرنا عیادت میں مریض کے پاس کہا ابن عباس نے

وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا كَثُرَ لَغَطُهُمْ وَاخْتِلَافُهُمْ قُوْمُوْا عَنِّي رَوَاهُ رَزِيْنٌ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت بہت ہوئی آواز صحابہ کی اور اختلاف انکا اٹھ جاؤ میرے پاس سے روایت کیا اسکو رزین نے۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِيَادَةُ فُوَاقَ نَاقَةٍ وَفِي رِوَايَةِ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ مُرْسَلًا اَفْضَلُ الْعِيَادَةِ سُرْعَةُ الْقِيَامِ رَوَاهُ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بیمار پرسی کرنا موافق فواق ناقہ کے ہے اور ایک روایت میں سعید ابن مسیب سے مرسل روایت ہے کہ افضل بیمار پرسی کرنا جلد کھڑا ہونا ہے روایت کیا

الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَادَ رَجُلًا فَقَالَ لَهُ مَا تَشْتَهِي قَالَ اَشْتَهِي خُبْزَ بُرٍّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابن عباس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیمار پرسی کی ایک شخص کی اور فرمایا اسکو کیا خواہش رکھتا ہے تو کہا خواہش رکھتا ہوں روٹی

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ عِنْدَهُ خُبْزُ بُرٍّ فَلْيَبْعَثْ اِلٰى اَخِيْهِ ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اشْتَهٰى مَرِيْضُ اَحَدِكُمْ شَيْئًا فَلْيُطْعِمْهُ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ

علیہ وسلم نے جو شخص کہ ہووے اسکے پاس روٹی گیہوں کی پس چاہئے کہ بھیجے اپنے بھائی پاس پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت خواہش کرے بیمار تم میں سے کسی کا کسی چیز کی پس چاہئے کہ کھلاوے اسکو روایت کیا اسکو

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ تُوُفِّيَ رَجُلٌ بِالْمَدِيْنَةِ مِمَّنْ وُلِدَ بِهَا فَصَلّٰى عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا لَيْتَهُ مَاتَ بِغَيْرِ مَوْلِدِهِ

اور روایت ہے عبداللہ ابن عمرو سے کہا کہ مرا ایک شخص مدینہ میں ان شخصوں میں سے جو مدینے کی پیدائش تھے پھر نماز پڑھی اسپر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور فرمایا کاش کہ اچھا ہوتا کہ وہ مرا ہوتا سوا

قَالُوْا وَلِمَ ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنَّ الرَّجُلَ اِذَا مَاتَ بِغَيْرِ مَوْلِدِهِ قِيْسَ لَهُ مِنْ مَوْلِدِهِ اِلٰى مُنْقَطَعِ اَثَرِهِ فِي الْجَنَّةِ رَوَاهُ

وطن کے عرض کی صحابہ نے اور کسواسطے یہہ آرزو ہے یا رسول اللہ فرمایا تحقیق شخص جب مرتا ہے اپنے وطن کے سوا اور کسی جگہہ میں اندازہ کیا جاتا ہے اسکے لئے وطن سے تا انتہا اسکے پاؤں کا بہشت میں

النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَوْتُ غُرْبَةٍ شَهَادَةٌ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ

نسائی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے موت مسافرت کی شہادت ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے

اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَاتَ مَرِيْضًا مَاتَ شَهِيْدًا وَوُقِيَ فِتْنَةَ الْقَبْرِ وَغُدِيَ وَرِيْحَ عَلَيْهِ بِرِزْقِهِ مِنَ

ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ مرے بیمار ہو کر مرا شہید اور بچایا جاتا ہے آزمایش قبر سے اور صبح اور شام لایا جاویگا اسکی روزی

الْجَنَّةِ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَعَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَخْتَصِمُ

بہشت سے روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔ اور روایت ہے عرباض ابن ساریہ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جھگڑینگے

الشهداء والمتوفون على فرشهم الى ربنا عز وجل في الذين يتوفون من الطاعون فيقول الشهداء اخواننا قتلوا كما قتلنا ويقول

جھگڑینگے شہید اور مرنے والے اپنے بچھونوں پر ہمارے پروردگار عزوجل کے پاس ان لوگوں کے حق میں جو مرے ہیں طاعون میں تب کہینگے شہید وہ لوگ ہمارے بھائی ہیں قتل کیے گئے جیسے قتل کیے گئے ہم

المتوفون اخواننا ماتوا على فرشهم كما متنا فيقول ربنا انظروا الى جراحهم فان اشبهت جراحهم جراح المقتولين فانهم منهم

اور کہینگے مرنے والے اپنے بچھونوں پر یہ بھائی ہمارے ہیں مرے اپنے بچھونوں پر جیسے ہم مرے تب فرمائیگا ہمارا رب دیکھو ان کے زخم کو پھر اگر مشابہ ہیں زخم انکے شہیدوں کے زخم کے تو وہ لوگ ان میں سے ہیں

ومعهم فاذا جراحهم قد اشبهت جراحهم رواه احمد والنسائي وعن جابر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال

اور ان کے ساتھ ہیں پھر دیکھینگے تو زخم انکے مشابہ ہیں زخم شہیدوں کے ۔ روایت کیا اسکو احمد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے جابر سے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

الفار من الطاعون كالفار من الزحف والصابر فيه له اجر شهيد رواه احمد

بھاگنے والا طاعون سے مانند بھاگنے والے کے ہے جہاد سے اور ٹھہرنے والا بیچ اسکے واسطے اسکے ثواب شہید کا ہے روایت کیا اسکو احمد نے

باب تمني الموت وذكره

یہ باب ہے موت کی آرزو کرنے اور اسکے یاد کرنے کے بیان میں

الفصل الاول

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يتمنى احدكم الموت اما محسنا فلعله ان يزداد خيرا واما مسيئا فلعله ان يستعتب

فصل پہلی روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ آرزو کرے ایک تمہارا مرنے کی یا نیک ہے پھر شاید کہ وہ زیادہ کرے نیکی اور یا بد ہے پھر شاید کہ وہ خوش کرے اللہ کو

رواه البخاري وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يتمنى احدكم الموت ولا يدع به من قبل ان ياتيه انه

توبہ کرکے ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ آرزو کرے ایک تمہارا موت کی اور نہ دعا کرے موت کی پہلے اسکے کہ آوے اسکو موت بیشک

اذا مات انقطع امله وانه لا يزيد المؤمن عمره الا خيرا رواه مسلم وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

جس وقت کہ مرا ہے تو موقوف ہوتی ہے اسکی امید اور تحقیق نہیں زیادہ کرتی مومن کو عمر اسکی مگر نیکی ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

لا يتمنين احدكم الموت من ضر اصابه فان كان لا بد فاعلا فليقل اللهم احيني ما كانت الحيوة خيرا لي وتوفني اذا كانت

نہ آرزو کرے ایک تمہارا موت کی بسبب ضرر کے کہ پہنچے اسکو پھر اگر ہے ضرور کرنے والا تو چاہیے کہ کہے یا الہی زندہ رکھ مجھکو جب تک کہ ہو زندگی بہتر میرے واسطے اور مار مجھکو جس وقت کہ

الوفاة خيرا لي متفق عليه وعن عبادة بن الصامت قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من احب لقاء الله احب الله لقاءه

وفات بہتر ہو میرے لئے ۔ ق ۔ اور روایت ہے عبادہ ابن صامت سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ دوست رکھے ملاقات اللہ کی دوست رکھے اللہ ملاقات اسکی

ومن كره لقاء الله كره الله لقاءه فقالت عائشة او بعض ازواجه انا لنكره الموت قال ليس ذلك ولكن المؤمن اذا

اور جو شخص ناخوش رکھے ملاقات اللہ کی ناخوش رکھے اللہ ملاقات اسکی تب کہا حضرت عائشہ یا اور کسی بی بی نے حضرت کی بیشک ہم ناخوش رکھتے ہیں موت کو فرمایا نہیں ہے یہ ولیکن مومن جس وقت کہ

حضره الموت بشر برضوان الله وكرامته فليس شيء احب اليه مما امامه فاحب لقاء الله واحب

آتی ہے اسکی موت خوشخبری دیا جاتا ہے ساتھ خوش ہونے اللہ کے اور بزرگ رکھنے اللہ کے اسکو پھر نہیں ہے کوئی چیز پیاری زیادہ اسکے نزدیک اس چیز سے کہ اسکے آگے ہے تو دوست رکھتا ہے اللہ کی ملاقات اور دوست رکھتا ہے

الله لقاءه وان الكافر اذا حضر بشر بعذاب الله وعقوبته فليس شيء اكره اليه

اللہ ملاقات اسکی اور تحقیق کافر جب لائی جاتی ہے اسکی موت خبر دیا جاتا ہے اسکو عذاب اللہ اور اسکے غضب کی پھر نہیں ہے کوئی چیز ناخوش زیادہ اسکے نزدیک

مما امامه فكره لقاء الله وكره الله تعالى لقاءه متفق عليه وفي رواية

اس چیز سے کہ آگے اسکے ہے جیسے موت پھر ناخوش رکھتا ہے ملاقات اللہ کی اور ناخوش رکھتا ہے اللہ تعالی ملاقات اسکی ۔ ق ۔ اور ایک روایت میں

عائشة والموت قبل لقاء الله وعن ابي قتادة انه كان يحدث ان رسول الله صلى الله عليه وسلم مر

عائشہ کی ہے اور موت پہلے ہے اللہ کی ملاقات کے ۔ اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہ وہ خبر دیتا تھا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لایا گیا

عَلَيْهِ بِجَنَازَةٍ فَقَالَ مُسْتَرِيحٌ وَمُسْتَرَاحٌ مِنْهُ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا الْمُسْتَرِيحُ وَمَا الْمُسْتَرَاحُ مِنْهُ فَقَالَ الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ

ان کے پاس جنازہ تب فرمایا یہہ مردہ آرام پانے والا یا آرام دیا گیا ہے اس سے تب عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ کیا ہے آرام پانے والا اور کیا ہے آرام دئے گیا اس سے تب فرمایا بندہ مؤمن

يَسْتَرِيحُ مِنْ نَصَبِ الدُّنْيَا وَأَذَاهَا إِلَى رَحْمَةِ اللّٰهِ وَالْعَبْدُ الْفَاجِرُ يَسْتَرِيحُ مِنْهُ الْعِبَادُ وَالْبِلَادُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

آرام پاتا ہے دنیا کے رنج سے اور اسکی ایذا سے اور جاتا ہے اللہ کی رحمت میں اور بندہ بدکار آرام پاتے ہیں اس سے بندے اور شہریں اور درخت اور جانور ۔ ق

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ أَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَنْكِبِي فَقَالَ كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيبٌ أَوْ عَابِرُ سَبِيلٍ وَكَانَ

اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمر سے کہا کہ پکڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا دونو مونڈھا اور فرمایا رہ دنیا میں گویا کہ تو مسافر ہے یا گذرنے والا راہ کا اور تھے

ابْنُ عُمَرَ يَقُولُ إِذَا أَمْسَيْتَ فَلَا تَنْتَظِرِ الصَّبَاحَ وَإِذَا أَصْبَحْتَ فَلَا تَنْتَظِرِ الْمَسَاءَ وَخُذْ مِنْ صِحَّتِكَ لِمَرَضِكَ وَمِنْ حَيَاتِكَ

ابن عمر کہتے جب شام کرے تو تو نہ انتظار کر صبح کی اور جب صبح کرے تو تو نہ انتظار کر شام کی اور لے تو توشہ اپنی تندرستی سے اپنے مرض کے لئے اور لے اپنی حیات سے

لِمَوْتِكَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ مَوْتِهِ بِثَلَاثَةِ أَيَّامٍ يَقُولُ لَا يَمُوتَنَّ

اپنی موت کے لئے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت کے وفات کے تین دن پہلے فرماتے تھے نہ مرے

أَحَدُكُمْ إِلَّا وَهُوَ يُحْسِنُ الظَّنَّ بِاللّٰهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

الفصل الثانی

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

تمہیں سے کوئی مگر اس حالت سے کہ وہ نیک گمان رکھتا ہو اعتقاد سے اللہ کے ساتھ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے معاذ ابن جبل سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ شِئْتُمْ أَنْبَأْتُكُمْ مَا أَوَّلُ مَا يَقُولُ اللّٰهُ لِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَا أَوَّلُ مَا يَقُولُونَ لَهُ قُلْنَا نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ

علیہ وسلم نے اگر چاہو تم خبر دوں تمکو اس چیز کی کہ پہلے فرماویگا اللہ مؤمنوں کو قیامت کے دن اور کیا ہے پہلی چیز کہ کہینگے مؤمنین اللہ سے کہا ہمنے ہاں یا رسول اللہ

قَالَ إِنَّ اللّٰهَ يَقُولُ لِلْمُؤْمِنِينَ هَلْ أَحْبَبْتُمْ لِقَائِي فَيَقُولُونَ نَعَمْ يَا رَبَّنَا فَيَقُولُ لِمَ ذٰلِكَ فَيَقُولُونَ رَجَوْنَا عَفْوَكَ وَ

فرمایا تحقیق اللہ فرماویگا مؤمنوں کو کیا دوست رکھتے تھے تم میری ملاقات کو کہینگے ہاں اے رب ہمارے پھر فرماویگا کس واسطے کہا تمنے تب کہینگے امید رکھتے تھے ہم تیرے عفو کرنے اور

مَغْفِرَتَكَ فَيَقُولُ قَدْ وَجَبَتْ لَكُمْ مَغْفِرَتِي رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَأَبُو نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

تیرے بخشنے کی تب فرماویگا تحقیق واجب ہوئی تمہارے واسطے مغفرت میری روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور ابو نعیم نے حلیہ میں اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثِرُوا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ الْمَوْتِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت کرو یاد ڈھانے والی لذتوں کی جو موت ہے روایت کی اسکو ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ لِأَصْحَابِهِ اسْتَحْيُوا مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ قَالُوا إِنَّا نَسْتَحْيِي مِنَ اللّٰهِ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ قَالَ لَيْسَ ذٰلِكَ

علیہ وسلم نے فرمایا ایک روز اپنے اصحاب کو حیا کرو اللہ سے جیسا کہ لائق ہے حیا کرنا عرض کیا تحقیق ہم لوگ حیا کرتے ہیں اللہ سے اے نبی اللہ اور سب تعریف اللہ کو ہے فرمایا نہیں حیا یہ

وَلٰكِنْ مَنِ اسْتَحْيَى مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ فَلْيَحْفَظِ الرَّأْسَ وَمَا وَعَى وَلْيَحْفَظِ الْبَطْنَ وَمَا حَوَى وَلْيَذْكُرِ الْمَوْتَ وَالْبِلَى وَمَنْ

ولیکن جو شخص کہ حیا کرے اللہ سے جیسا کہ حق ہے حیا کا تو چاہئے کہ نگاہ رکھے سر کو اور جو کچھ کہ جمع کر رکھا ہے اور چاہئے کہ نگاہ رکھے پیٹ کو اور جو کچھ کہ جمع کر رکھا ہے اور چاہئے کہ یاد کرے

أَرَادَ الْآخِرَةَ تَرَكَ زِينَةَ الدُّنْيَا فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدِ اسْتَحْيَى مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ

کہ چاہے آخرت کو چھوڑ دے دنیا کی زینت کو سو جو شخص کہ کرے یہہ پھر تحقیق اسنے حیا کیا اللہ سے جیسا کہ حق حیا کا ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث

غَرِيبٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُحْفَةُ الْمُؤْمِنِ الْمَوْتُ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ

غریب ہے اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحفہ مؤمن کا موت ہے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں

وعن بريدة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المؤمن يموت بعرق الجبين رواه الترمذي والنسائي وابن ماجة وعن
اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مومن مرتا ہے ساتھ پسینہ پیشانی کے روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے

عبيد الله بن خالد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم موت الفجاءة اخذة الاسف رواه ابو داود وزاد البيهقي في شعب
عبید اللہ ابن خالد سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے موت ناگہانی کی ایک پکڑ ہے غضب کی روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور زیادہ کیا بیہقی نے شعب

الايمان ورزين في كتابه اخذة اسف للكافر ورحمة للمؤمن وعن انس قال دخل النبي صلى الله عليه وسلم على شاب
الایمان میں اور رزین نے اپنی کتاب میں یہہ لفظ پکڑنا غضب کا کافر کے واسطے اور رحمت مومن کے واسطے ہے اور روایت ہے انس سے کہا کہ تشریف لے گئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک جوان کے

وهو في الموت فقال كيف تجدك قال ارجو الله يا رسول الله واني اخاف ذنوبي فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم
اور وہ موت کی حالت میں تھا تب فرمایا کس طرح پاتا ہے تو اپنے تئیں کہا امید رکھتا ہوں اللہ سے یا رسول اللہ اور بیشک میں ڈرتا ہوں اپنے گناہوں سے تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

لا يجتمعان في قلب عبد في مثل هذا الموطن الا اعطاه الله تعالى ما يرجو وآمنه مما يخاف رواه الترمذي وابن ماجة
نہیں اکٹھی ہوتی ہیں خوف اور امید دل میں کسی بندے کے مانند اس جگہ کے مگر دیتا ہے اسکو اللہ تعالی جس چیز کی امید رکھتا ہے اور بچاتا ہے اسکو اس چیز سے کہ ڈرتا ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

وقال الترمذي هذا حديث غريب

الفصل الثالث

عن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تمنوا الموت فان
اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہے ٭ فصل تیسری ٭ روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ آرزو کرو موت کی پھر تحقیق

هول المطلع شديد وان من السعادة ان يطول عمر العبد ويرزقه الله عز وجل الانابة رواه احمد وعن ابي امامة قال
دہشت موت کی سخت ہے اور تحقیق نیک بختی سے ہے یہ کہ دراز ہو عمر بندے کی اور روزی دے اسکو اللہ عز وجل توبہ کرنی روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ

جلسنا الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكرنا ورققنا فبكى سعد بن ابي وقاص فاكثر البكاء فقال يا ليتني مت فقال
بیٹھے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر نصیحت کی ہمکو حضرت نے اور نرم کر دیا ہمارے دل کو پھر روئے سعد ابن ابی وقاص اور زیادہ روئے پھر کہا کاش کہ میں مر جاتا تب فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم يا سعد اعندي تتمنى الموت فردد ذلك ثلث مرات ثم قال يا سعد ان كنت خلقت للجنة
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ای سعد کیا میرے پاس آرزو کرتا ہے موت کی پھر فرمایا اسکو تین بار بعد اسکے فرمایا ای سعد اگر ہے تو پیدا کیا گیا بہشت کے لئے

فما طال عمرك وحسن من عملك فهو خير لك رواه احمد وعن حارثة بن مضرب قال دخلت على خباب وقد
تو جسقدر دراز ہوگی عمر تیری اور نیک ہوگا عمل تیرا سو وہ بہتر ہے تیرے لئے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے حارثہ ابن مضرب سے کہا کہ گیا میں خباب کے پاس اور تحقیق

اكتوى سبعا فقال لولا اني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا يتمن احدكم الموت لتمنيته ولقد
انھوں نے داغ لیا تھا سات جگہ کہا اگر نہ ہوتی یہ بات کہ سنا ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ نہ آرزو کرے کوئی تمہارا موت کی تو آرزو کرتا میں اسکی اور تحقیق

رأيتني مع رسول الله صلى الله عليه وسلم ما املك درهما وان في جانب بيتي الآن لاربعين الف درهم قال ثم اتي بكفنه
دیکھا میں نے اپنے تئیں ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ نہ مالک تھا ایک درم کا اور بیشک میرے گھر کے کونے میں اب چالیس ہزار درہم ہیں کہا حارثہ نے پھر لایا گیا کفن انکا

فلما رآه بكى وقال لكن حمزة لم يوجد له كفن الا بردة ملحاء اذا جعلت على راسه قلصت عن قدميه واذا
سو جب دیکھا کفن رو دیے اور کہا لیکن حمزہ کے نہ ملا ان کے لئے کفن مگر ایک چادر سفید سیاہ خطی جب ڈالی جاتی سر پر گھسک جاتی ان کے قدموں سے اور جب ڈالی جاتی

جعلت على قدميه قلصت عن راسه حتى مدت على راسه وجعل على قدميه الاذخر رواه احمد والترمذي الا انه لم يذكر
ان کے قدموں پر گھسک جاتی ان کے سر سے یہاں تک کہ کھینچی گئی انکے سر پر اور رکھی گئی ان کے قدموں پر لونگ گھاس روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے مگر تحقیق اسنے نہ ذکر کیا

باب ما يقال عند من حضره الموت

الفصل الاول

ثم اتی یکفنه الی اخره

عن ابی سعید وابی ھریرۃ قالا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لقنوا موتاکم لا الہ الا اللہ رواہ مسلم

تم اتی یکفنه اخر تک ۔ یہ باب ہے بیان میں اس چیز کے کہ کہا جاوے اسکے پاس کہ موت نزدیک ہو فصل پہلی روایت ہے ابی سعید اور ابوہریرہ سے دونوں نے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سامنے پڑھو اپنے جو مرتا ہے تم میں سے لا الہ الا اللہ روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن ام سلمۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا حضرتم المریض او المیت فقولوا خیرا فان الملئکۃ یؤمنون علی ما تقولون رواہ مسلم

اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پاس جاؤ تم بیمار کے یا مرنے والے کے تب کہو بھلی بات اسواسطے کہ فرشتے آمین کہتے ہیں اس بات پر جو تم کہتے ہو روایت کیا اسکو مسلم نے

وعنھا قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من مسلم تصیبہ مصیبۃ فیقول ما امرہ اللہ تعالی انا للہ وانا الیہ راجعون اللھم اجرنی فی مصیبتی واخلف لی خیرا منھا الا اخلف اللہ لہ خیرا منھا فلما مات ابو سلمۃ قلت ای المسلمین خیر من ابی سلمۃ اول بیت ھاجر الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم انی قلتھا فاخلف اللہ لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رواہ مسلم

اور روایت ہے انہی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کوئی مسلمان کہ پہنچے اسکو مصیبت تب کہے وہ چیز کہ حکم فرمایا اسکو اللہ تعالی نے اسکے کہنے کا بیشک ہم ہیں اللہ کے اور بیشک ہم اسی کی طرف پھرنے والے ہیں یا الہی ثواب دے مجھکو میری مصیبت میں اور بدلا دے مجھکو بہتر اس مصیبت سے مگر بدلا دیتا ہے اللہ اسکو بہتر اس سے پھر جب مرے ابو سلمہ کہا میں نے کہ کون مسلمان بہتر ہوگا ابی سلمہ سے پہلا گھر والا کہ ہجرت کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف تحقیق کہا میں نے اس دعا کو پھر ابو سلمہ کے بدلے میں دیا اللہ نے مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو روایت کیا اسکو مسلم نے

وعنھا قالت دخل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی ابی سلمۃ وقد شق بصرہ فاغمضہ ثم قال ان الروح اذا قبض تبعہ البصر فضج ناس من اھلہ فقال لا تدعوا علی انفسکم الا بخیر فان الملئکۃ یؤمنون علی ما تقولون ثم قال اللھم اغفر لابی سلمۃ وارفع درجتہ فی المھدیین واخلفہ فی عقبہ فی الغابرین واغفر لنا ولہ یا رب العالمین وافسح لہ فی قبرہ ونور لہ فیہ رواہ مسلم

اور روایت ہے انہی سے کہا آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابو سلمہ کے پاس اور حال یہ کہ کھلی رہ گئی تھیں آنکھیں انکی پھر بند کیا آنکھوں کو بعد فرمایا روح جب قبض کی جاتی ہے پیچھے جاتی ہے اسکے نگاہ پس چلائے لوگ اسکے گھر کے تب فرمایا حضرت نے دعا کرو اپنی جانوں پر مگر بھلی پھر تحقیق فرشتے آمین کہتے ہیں اس بات پر کہ کہتے ہو تم پھر کہا حضرت نے یا الہی بخش ابو سلمہ کو اور بلند کر اسکا درجہ راہ پانے والوں میں اور اسکا جانشین کر اسکے پیچھے باقی ماندوں میں اور بخش ہمارے لئے اور اسکے لئے اے پروردگار عالم اور وسیع کر اسکے لئے اسکی قبر میں اور روشن کر اسکے لئے قبر میں روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن عائشۃ قالت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین توفی سجی ببرد حبرۃ متفق علیہ

اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ وفات پائی ڈھانکے گئے یمن کی چادر سے

الفصل الثانی

عن معاذ بن جبل قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کان اخر کلامہ لا الہ الا اللہ دخل الجنۃ رواہ ابو داود

ق ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے معاذ ابن جبل سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ہوئے آخر کلام اسکا لا الہ الا اللہ داخل ہوا بہشت میں روایت کیا اسکو ابوداود نے

وعن معقل بن یسار قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اقرؤا سورۃ یس علی موتاکم رواہ احمد وابو داود وابن ماجہ

اور روایت ہے معقل ابن یسار سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھو تم سورہ یس اپنے مردوں پر روایت کیا اسکو احمد اور ابوداود اور ابن ماجہ نے

وعن عائشۃ قالت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبل عثمان بن مظعون وھو میت وھو یبکی حتی سال دموع النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی وجہ عثمان رواہ الترمذی وابو داود وابن ماجہ

اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بوسہ دیا عثمان ابن مظعون کو اور وہ مرے تھے اور حضرت روتے تھے یہاں تک کہ بہا آنسو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا منہ پر عثمان کے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود اور ابن ماجہ نے

وعنھا قالت ان ابا بکر قبل النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ تحقیق ابوبکر نے بوسہ دیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو

وهو ميت رواه الترمذي وابن ماجه وعن حصين بن وحوح أن طلحة بن البراء مرض فأتاه النبي صلى الله عليه وسلم يعوده فقال

اور وہ صفات پاتے تھے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے حصین ابن وحوح سے کہ تحقیق طلحہ ابن براء بیمار ہوا پھر تشریف لائے اسکے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیمار پرسی

إني لا أرى طلحة إلا قد حدث به الموت فآذنوني به وعجلوا فإنه لا ينبغي لجيفة مسلم أن تحبس بين ظهراني أهله رواه

تحقیق میں نہیں گمان کرتا ہوں طلحہ کو مگر یہ کہ تحقیق آئی ہو اسکو موت سو خبر دینا مجھکو اسکے مرنے کی اور جلدی کرو دفن کرنے میں کیونکہ نہیں لائق ہے مسلمان مردے کو کہ قید کیا جاوے بیچ گھر والوں کے روایت کیا اسکو

ابو داود

الفصل الثالث

عن عبد الله بن جعفر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لقنوا موتاكم لا إله إلا الله

ابو داؤد نے فصل تیسری روایت ہے عبد اللہ ابن جعفر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھاؤ اپنے مردوں کو کہ نہیں کوئی معبود حق مگر اللہ

الحليم الكريم سبحان الله رب العرش العظيم والحمد لله رب العالمين قالوا يا رسول الله كيف للأحياء

جو تحمل والا بزرگ ہے پاک ذات ہے اللہ پروردگار عرش بزرگ کا اور سب تعریف اللہ کو جو صاحب سارے جہان کا کہا صحابہ نے یا رسول اللہ کس طرح ہے ان کا سکھانا زندوں کو

قال أجود وأجود رواه ابن ماجه وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الميت تحضره الملائكة فإذا كان

فرمایا بہتر بہت اچھا روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرنے والے کے پاس حاضر ہوتے ہیں فرشتے پھر جب ہوتا ہے

الرجل صالحا قالوا اخرجي أيتها النفس الطيبة كانت في الجسد الطيب اخرجي حميدة وأبشري بروح وريحان ورب غير غضبان

شخص نیک کہتے ہیں نکل اے جان پاک جو تھی جسم پاک میں نکل ستھرائی گئی اور خوش ہو ساتھ خبر راحت اور رزق پاک کے اور ساتھ رب کے جو غصہ نہو

فلا تزال يقال لها ذلك حتى تخرج ثم يعرج بها إلى السماء فيفتح لها فيقال من هذا فيقولون فلان فيقال مرحبا بالنفس

پھر ہمیشہ کہا جاتا ہے اسکو یہاں تک کہ نکلے پھر چڑھاتے ہیں اسکو آسمان کی طرف پھر کھولا جاتا ہے اسکے واسطے دروازہ پھر کہا جاتا ہے کون ہے یہ تب کہتے ہیں فلانا تب کہا جاتا ہے کشادہ جگہ

الطيبة كانت في الجسد الطيب ادخلي حميدة وأبشري بروح وريحان ورب غير غضبان فلا تزال يقال لها ذلك حتى ينتهي

پاک کے لئے جو تھی جسم پاک میں داخل ہو ستھرائی گئی اور خوش ہو ساتھ خبر راحت کے اور رزق پاک کے اور ساتھ رب کے جو غصہ نہو پھر ہمیشہ کہا جاتا ہے اسکے لئے یہاں تک کہ پہنچتا ہے

إلى السماء التي فيها الله فإذا كان الرجل السوء قال اخرجي أيتها النفس الخبيثة كانت في الجسد الخبيث اخرجي ذميمة وأبشري بحميم

اس آسمان تک جہاں اللہ ہے پھر جب ہوتا ہے شخص بد کہتے ہیں نکل اے جان ناپاک جو تھی جسم ناپاک میں نکل مذمت کی گئی اور خوش ہو ساتھ پانی گرم

وغساق وآخر من شكله أزواج فما تزال يقال لها ذلك حتى تخرج ثم يعرج بها إلى السماء فيفتح لها فيقال من هذا فيقال فلان

اور پیپ اور ساتھ عذاب دوسرے کے اسی شکل کے کئی قسم پھر ہمیشہ کہا جاتا ہے اسکے لئے یہاں تک کہ نکلتی ہے پھر چڑھاتے ہیں اسکو آسمان کی طرف پھر کھولا جاتا ہے دروازہ اسکے لئے اور کہا جاتا ہے کون ہے یہ پھر کہا جاتا ہے فلانا

فيقال لا مرحبا بالنفس الخبيثة كانت في الجسد الخبيث ارجعي ذميمة فإنها لا تفتح لك أبواب السماء فترسل من السماء

تب کہا جاتا ہے نہیں جگہ ہے جان ناپاک کو جو تھی جسم ناپاک میں پھر جا مذمت کی گئی اسواسطے کہ نہیں کھولے جاوینگے تیرے واسطے دروازے آسمان کے پھر ڈالی جاتی ہے آسمان سے

ثم تصير إلى القبر رواه ابن ماجه وعنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إذا خرجت روح المؤمن تلقاها ملكان يصعدانها

تب پھر آتی قبر کے پاس روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے اسی سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب نکلتی ہے جان مومن کی لیتے ہیں اسکو دو فرشتے اور چڑھاتے ہیں

قال حماد فذكر من طيب ريحها وذكر المسك قال ويقول أهل السماء روح طيبة جاءت من قبل الأرض صلى الله عليك و

کہا حماد نے پھر ذکر کیا حضرت نے اس جان کی خوشبو کا اور ذکر کیا مشک کا فرمایا حضرت نے اور کہتے ہیں اہل آسمان جان پاک ہے آئی ہے زمین کی طرف سے رحمت بھیجے اللہ تجھ پر اور

جسد كنت تعمرينه فينطلق به إلى ربه ثم يقول انطلقوا به إلى آخر الأجل قال وإن الكافر إذا خرجت روحه قال حماد

جسم پر جسکو تو آباد کرتی تھی پھر اسکو لیجاتے ہیں اسکے رب پاس پھر فرماتا ہے لیجاؤ اسکو آخر مدت تک فرمایا اور تحقیق کافر جب نکلتی ہے اسکی جان کہا حماد نے

وذكر من نتنها وذكر لعنا ويقول اهل السماء روح خبيثة جاءت من قبل الارض فيقال انطلقوا به الى آخر الاجل قال

اور ذکر کیا حضرت نے اسکی بدبو کا اور ذکر کیا لعنت کا اور کہتے ہیں اہل آسمان جان ناپاک ہے آئی ہے زمین کی طرف سے پھر کہا جاتا ہے لیجاؤ اسکو آخر مدت تک ف کہا

ابو هريرة فرد رسول الله صلى الله عليه وسلم ريطة كانت عليه على انفه هكذا رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله

ابو ہریرہ نے پھر رکھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چادر جو ان پر تھی اپنی ناک پر اس طرح ف روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم اذا حضر المؤمن اتت ملئكة الرحمة بحريرة بيضاء فيقولون اخرجي راضية مرضيا عنك الى روح الله وريحان

علیہ وسلم نے جب حاضر کی جاتی ہے یعنی موت مومن کو تو لاتے ہیں فرشتے رحمت کے سفید ریشم پھر کہتے ہیں نکل تو راضی اللہ سے اور اللہ راضی کیا گیا تجھ سے چل طرف رحمت اللہ کے اور روزی

ورب غير غضبان فتخرج كاطيب ريح المسك حتى انه ليناوله بعضهم بعضا حتى ياتوا به ابواب السماء فيقولون

اور طرف رب کے جو غصہ کرنے والا نہیں پھر نکلتی ہے مانند اچھی خوشبو مشک کے یہاں تک کہ حال یہ ہے کہ لیتے ہیں اس جان کو ایک فرشتے دوسرے سے یہاں تک کہ لاتے ہیں اسکو دروازے آسمان کے

ما اطيب هذه الريح التي جاءتكم من الارض فياتون به ارواح المؤمنين فلهم اشد فرحا به من احدكم بغائبه يقدم

کیا اچھی یہ خوشبو آئی ہے تمہارے پاس زمین سے پھر لاتے ہیں اسکو مومنوں کی ارواح پاس پھر تحقیق وہ لوگ بہت خوش ہوتے ہیں اُس سے مانند ایک تمہارے کہ خوش ہوتا ہے اپنے غائب کے آنے سے

عليه فيسألونه ماذا فعل فلان ماذا فعل فلان فيقولون دعوه فانه كان في غم الدنيا فيقول قد مات اما اتاكم

اسکے پاس ف اور پوچھتے ہیں اس سے کیا کیا فلانے نے کیا کیا فلانے نے پھر کہتے ہیں چھوڑ دو اسکو ف اسواسطے کہ وہ تھا دنیا کے غم میں پھر وہ کہتا ہے کہ تحقیق وہ مر گیا ف کیا نہیں آیا تمہارے پاس

فيقولون قد ذهب به الى امه الهاوية وان الكافر اذا احتضر اتته ملئكة العذاب بمسح فيقولون اخرجي ساخطة مسخوطا

تب کہتے ہیں تحقیق اسکو لے گئے اسکی ماں ہاویہ پاس ف اور تحقیق کافر جب حاضر ہوتی ہے موت لاتے ہیں اسکے پاس فرشتے عذاب کے ٹاٹ اور کہتے ہیں نکل ناخوش اور ناخوشی کی گئی

عليك الى عذاب الله عز وجل فتخرج كانتن ريح جيفة حتى ياتون به الى باب الارض فيقولون ما انتن هذه الريح حتى ياتون

تجھ پر عذاب کی طرف اللہ عز وجل کے پھر نکلتی ہے روح مانند گندی بو مردار کے یہاں تک کہ لاتے ہیں اسکو زمین کے دروازے پاس پھر کہتے ہیں کیا گندی ہے یہہ بو یہاں تک کہ لاتے ہیں

به ارواح الكفار رواه احمد والنسائي وعن البراء بن عازب قال خرجنا مع النبي صلى الله عليه وسلم في جنازة رجل من الانصار

اسکو کافروں کی ارواح پاس روایت کیا اسکو احمد اور نسائی نے اور روایت ہے براء ابن عازب سے کہا کہ نکلے ہم ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جنازے میں ایک مرد انصاری کے

فانتهينا الى القبر ولما يلحد فجلس رسول الله صلى الله عليه وسلم وجلسنا حوله كان على رءوسنا الطير وفي يده عود ينكت

پھر پہنچے ہم قبر پاس اور ابھی تک لحد میں نہ رکھا تھا پھر بیٹھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور بیٹھے ہم لوگ ان کے آس پاس گویا کہ ہمارے سروں پر جڑیے تھے ف اور حضرت کے ہاتھ میں لکڑی

به في الارض فرفع راسه فقال استعيذوا بالله من عذاب القبر مرتين او ثلثا ثم قال ان العبد المؤمن اذا كان في انقطاع من

اس سے زمین ف پھر اٹھایا اپنا سر اور فرمایا پناہ مانگو ساتھ اللہ کے عذاب قبر سے یہہ فرمایا دو بار یا تین بار پھر فرمایا تحقیق بندہ مومن جب ہوتا ہے چھوڑنے میں

الدنيا واقبال من الاخرة نزل اليه الملئكة من السماء بيض الوجوه كان وجوههم الشمس معهم كفن من اكفان الجنة وحنوط

دنیا کے اور متوجہ ہونے میں آخرت کے اترتے ہیں اسکے پاس فرشتے آسمان سے سفید منہ کے گویا کہ ان کا منہ آفتاب ہے ان کے ساتھ ہوتا ہے کفن بہشت کے کفنوں میں سے اور خوشبو

من حنوط الجنة حتى يجلسوا منه مد البصر ثم يجيء ملك الموت عليه السلام حتى يجلس عند راسه فيقول ايتها النفس

بہشت کی خوشبوؤں میں سے یہاں تک کہ بیٹھتے ہیں فرشتے اس میت سے دور جہاں تک نظر پہنچتی ہے پھر آتا ہے ملک الموت علیہ السلام ف یہاں تک کہ بیٹھتا ہے اسکے سر پاس پھر کہتا ہے اے جان

الطيبة اخرجي الى مغفرة من الله ورضوان قال فتخرج تسيل كما تسيل القطرة من السقاء فياخذها فاذا اخذها لم

پاک نکل اللہ کی بخشش اور خوشی کی طرف فرمایا حضرت نے پھر نکلتی ہے بہتی ہوئی جیسا کہ بہتا ہے پانی کا قطرہ مشک سے پھر لیتا ہے اسکو ملک الموت پھر جس وقت کہ لیا اسکو ملک الموت نے نہیں

يدعوها في يده طرفة عين حتى يأخذوها فيجعلوها في ذلك الكفن وفي ذلك الحنوط ويخرج منها كأطيب نفحة

مسك وجدت على وجه الأرض قال فيصعدون بها فلا يمرون يعني بها على ملأ من الملائكة إلا قالوا ما هذا الروح الطيب

فيقولون فلان بن فلان بأحسن أسمائه التي كانوا يسمونه بها في الدنيا حتى ينتهوا بها إلى السماء الدنيا فيستفتحون

له فيفتح لهم فيشيعه من كل سماء مقربوها إلى السماء التي تليها حتى ينتهى به إلى السماء السابعة فيقول الله عز وجل

اكتبوا كتاب عبدي في عليين وأعيدوه إلى الأرض فإني منها خلقتهم وفيها أعيدهم ومنها أخرجهم تارة أخرى قال

فتعاد روحه في جسده فيأتيه ملكان فيجلسانه فيقولان له من ربك فيقول ربي الله فيقولان له ما دينك

فيقول ديني الإسلام فيقولان له ما هذا الرجل الذي بعث فيكم فيقول هو رسول الله صلى الله عليه وسلم فيقولان له

وما علمك فيقول قرأت كتاب الله فآمنت به وصدقت فينادي مناد من السماء أن صدق عبدي فافرشوه من الجنة

وألبسوه من الجنة وافتحوا له بابا إلى الجنة قال فيأتيه من روحها وطيبها ويفسح له في قبره مد بصره قال ويأتيه

رجل حسن الوجه حسن الثياب طيب الريح فيقول أبشر بالذي يسرك هذا يومك الذي كنت توعد فيقول له من أنت

فوجهك الوجه يجيء بالخير فيقول أنا عملك الصالح فيقول رب أقم الساعة رب أقم الساعة حتى أرجع إلى أهلي ومالي قال وإن

العبد الكافر إذا كان في انقطاع من الدنيا وإقبال من الآخرة نزل إليه من السماء ملائكة سود الوجوه معهم المسوح

فيجلسون منه مد البصر ثم يجيء ملك الموت حتى يجلس عند رأسه فيقول أيتها النفس الخبيثة اخرجي إلى سخط من الله

قال فتفرق في جسده فينتزعها كما ينتزع السفود من الصوف المبلول فيأخذها فإذا أخذها لم يدعوها في يده

طرفة عين حتى يجعلوها في تلك المسوح ويخرج منها كانتن ريح جيفة وجدت على وجه الارض فيصعدون بها فلا

ایک پل بھر یہاں تک کہ رکھتے ہیں اسکو اس ٹاٹ میں اور نکلتی ہے اُس سے جیسے بدبو مردار کی کہ پائی جاتی ہے روی زمین میں پھر اوپر لے چڑھتے ہیں اسکو اور نہیں

يمرون بها على ملاء من الملئكة الا قالوا ما هذا الروح الخبيث فيقولون فلان بن فلان باقبح اسمائه التي كان يسمى بها

لیجاتے ہیں اسکو کسی جماعت میں فرشتوں کی مگر کہتے ہیں وہ لوگ کون ہے یہ روح گندی تب کہتے ہیں فلانا بیٹا فلانے کا بتاتے ہیں اسکے بُرے ناموں سے جس سے تھا پکارا جاتا

في الدنيا حتى ينتهى به الى السماء الدنيا فيستفتح له فلا يفتح له ثم قرأ رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تفتح

دنیا میں یہاں تک کہ پہنچائی جاتی ہے پہلے آسمان میں پھر دروازہ کھلواتے ہیں اسکے لئے سو نہیں کھولا جاتا اسکے لئے پھر پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کھولے جاتے

لهم ابواب السماء ولا يدخلون الجنة حتى يلج الجمل في سم الخياط فيقول الله عز وجل اكتبوا كتابه في سجين في الارض السفلى

ان کے لئے دروازے آسمان کے اور نہ داخل ہونگے بہشت میں یہاں تک کہ داخل ہو اونٹ سوئی کے ناکے میں پھر فرماتا ہے اللہ عز وجل لکھو اسکا نام سجین میں جو نیچے کی زمین میں ہے

فتطرح روحه طرحا ثم قرأ ومن يشرك بالله فكانما خر من السماء فتخطفه الطير او تهوي به الريح في مكان سحيق

پھر پھینکی جاتی ہے روح اسکی سخت پھینکنا پھر پڑھی یہ آیت اور جو شخص کہ شرک کرے ساتھ اللہ کے پھر گویا کہ منہ کے بل گرا آسمان سے پھر اُچک لیا اسکو جانوروں نے یا پھینک دیا اسکو ہوا نے دور جگہ میں

فتعاد روحه في جسده وياتيه ملكان فيجلسانه فيقولان له من ربك فيقول هاه هاه لا ادري فيقولان له ما دينك

پھر دوہرائے ڈالی جاتی ہے روح اسکی اسکے جسم میں اور آتے ہیں اسکے پاس دو فرشتے اور بٹھلاتے ہیں اسکو پھر کہتے ہیں اسکو کون ہے رب تیرا تب کہتا ہے ہاہ ہاہ نہیں جانتا میں تب کہتے ہیں اسکو کیا دین تیرا

فيقول هاه هاه لا ادري فيقولان له ما هذا الرجل الذي بعث فيكم فيقول هاه هاه لا ادري فينادي مناد من السماء ان كذب

تب کہتا ہے ہاہ ہاہ نہیں جانتا میں پھر کہتے ہیں اسکو کون ہے یہ شخص جو بھیجا گیا تم میں پھر کہتا ہے ہاہ ہاہ نہیں جانتا میں پھر پکارتا ہے پکارنے والا آسمان سے کہ جھوٹا ہے

فافرشوا له من النار وافتحوا له بابا الى النار فياتيه من حرها وسمومها ويضيق عليه قبره حتى تختلف فيه اضلاعه ويأتيه

سو بچھاؤ اسکے لئے بچھونا آگ سے اور کھول دو اسکے لئے دروازہ آگ کی طرف پھر آتی ہے اسکو گرمی اسکی اور لو اسکی اور تنگ کی جاتی ہے اس پر اسکی قبر یہاں تک کہ ادھر ادھر ہو جاتی ہیں پسلیاں

رجل قبيح الوجه قبيح الثياب منتن الريح فيقول ابشر بالذي يسوءك هذا يومك الذي كنت توعد فيقول من انت

ایک شخص بدشکل برے کپڑے پہنے بدبو آتی ہو پھر کہتے ہیں خوش ہو ساتھ اس چیز کے کہ ناخوش کرے تجھکو یہ وہ دن تیرا ہے کہ تھا تو وعدہ دیا جاتا پھر وہ کہتا ہے کہ کون ہے تو

فوجهك الوجه يجيء بالشر فيقول انا عملك الخبيث فيقول رب لا تقم الساعة وفي رواية نحوه وزاد فيه اذا خرج

چہرہ تیرا ایسا چہرہ ہے کہ لاوے برائی تب وہ کہتا ہے کہ میں تیرا عمل بد ہوں تب وہ کہتا ہے اے رب نہ قائم کر قیامت اور ایک روایت میں مانند اسکے ہے اور زیادہ کیا اس میں

روحه صلى عليه كل ملك بين السماء والارض وكل ملك في السماء وفتحت له ابواب السماء ليس من اهل باب الا وهم

روح اسکی رحمت بھیجتے ہیں اس پر سب فرشتے آسمان زمین کے بیچ والے اور فرشتے جو آسمان میں ہیں اور کھو لے جاتے ہیں دروازے آسمان کے نہیں کوئی دروازے والے مگر وے

يدعون الله ان يعرج بروحه من قبلهم وتنزع نفسه يعني الكافر مع العروق فيلعنه كل ملك بين السماء والارض

دعا کرتے ہیں اللہ سے کہ چڑھائی جاوے روح اسکی انکی طرف سے اور نکالی جاتی ہے جان اسکی یعنے کافر کی رگوں سمیت پھر لعنت کرتے ہیں اسکو سب فرشتے آسمان زمین کے بیچ والے

وكل ملك في السماء وتغلق ابواب السماء ليس من اهل باب الا وهم يدعون الله ان لا يعرج روحه من قبلهم

اور سب فرشتے جو آسمان میں ہیں اور بند کئے جاتے ہیں دروازے آسمان کے نہیں ہے کوئی دروازے والا مگر وے دعا کرتے ہیں اللہ سے کہ نہ چڑھائی جاوے روح اسکی انکی طرف سے

رواه احمد وعن عبد الرحمن بن كعب عن ابيه قال لما حضرت كعبا الوفاة اتته ام بشر بنت البراء بن معرور

روایت کیا اسکو احمد نے ۔ اور روایت ہے عبد الرحمن ابن کعب سے اسنے نقل کیا اپنے باپ سے کہا عبد الرحمن نے جب آپہنچا کعب کو وفات آئی اُنکے پاس ام بشر بیٹی براء ابن معرور کی

فقالت يا أبا عبد الرحمن إن لقيت فلانا فاقرأ عليه مني السلام فقال غفر الله لك يا أم بشر نحن أشغل من ذلك
اور کہا کہ اے ابو عبد الرحمن اگر ملاقات کرے تو فلانے سے تو پڑھیو اس پر میری طرف سے سلام تب کہا کعب نے بخشے تجھکو اللہ اے ام بشر ہم مشغول زیادہ اس سے

فقالت يا أبا عبد الرحمن أما سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إن أرواح المؤمنين في طير خضر تعلق
تب کہا ام بشر نے اے ابو عبد الرحمن کیا نہیں سنا تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے تحقیق ارواح مومنوں کی رکھی جاتی ہیں جنوروں سبز میں چرتی

بشجر الجنة قال بلى قالت فهو ذاك رواه ابن ماجه والبيهقي في كتاب البعث والنشور وعن عبد الرحمن بن كعب عن أبيه أنه كان يحدث أن
بہشت کے درختوں کو کہا کعب نے ہاں کہا ام بشر نے پھر وہ یہی ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے کتاب البعث والنشور میں اور روایت ہے عبد الرحمن سے بیٹے کعب کے اپنے باپ سے نقل کیا انہوں نے کہ وہ حدیث بیان کرتے تھے

رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إنما نسمة المؤمن طير تعلق في شجر الجنة حتى يرجعه الله في جسده يوم يبعثه
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سوا اسکے نہیں کہ روح مومن کی چڑیا ہے کہ میوے کھاتی ہے درخت سے بہشت کے یہانتک کہ پھیر دیگا اسکو اللہ بیچ اسکے جسم کے جس روز کہ اٹھاویگا

رواه مالك والنسائي والبيهقي في كتاب البعث والنشور وعن محمد بن المنكدر قال دخلت على جابر بن عبد الله وهو
روایت کیا اسکو مالک نے اور نسائی نے اور بیہقی نے کتاب البعث والنشور میں۔ اور روایت ہے محمد ابن منکدر سے کہا کہ آیا میں جابر ابن عبد اللہ پاس اس حالت میں کہ وہ

يموت فقلت اقرأ على رسول الله صلى الله عليه وسلم السلام رواه ابن ماجه

باب غسل الميت وتكفينه

مرتے تھے پھر کہا میں نے پڑھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے۔ یہ باب ہے مردے کے غسل اور اسکے کفن دینے کے بیان میں۔

الفصل الأول

عن أم عطية قالت دخل علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم ونحن نغسل ابنته فقال اغسلنها ثلاثا أو خمسا أو
فصل پہلی روایت ہے ام عطیہ سے کہا کہ تشریف لائے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ہم غسل دیتے تھے انکی بیٹی کو تب فرمایا غسل دو اسکو تین بار یا پانچ بار یا

أكثر من ذلك إن رأيتن ذلك بماء وسدر واجعلن في الآخرة كافورا أو شيئا من كافور فإذا فرغتن فآذنني فلما فرغنا آذناه
زیادہ اس سے اگر مصلحت دیکھو تم بیچ اسکے ساتھ پانی اور بیری پتی کے اور ڈالو پچھلی بار میں کافور یا فرمایا ڈالو کچھ کافور پھر جب فارغ ہو تم خبر دیجو مجھکو پھر جب فارغ ہوئے ہم خبر دیا حضرت کو

فألقى إلينا حقوه فقال أشعرنها إياه وفي رواية اغسلنها وترا ثلاثا أو خمسا أو سبعا وابدأن بميامنها ومواضع الوضوء
تب ڈالا ہماری طرف تہبند اپنا اور فرمایا اسکے سب کپڑے کے نیچے دو اس تہبند کو اور ایک روایت میں یوں ہے غسل دو اسکو طاق تین یا پانچ یا سات بار اور شروع کرو اسکی داہنی طرف اور وضو کے

منها وقالت فضفرنا شعرها ثلاثة قرون فألقيناها خلفها متفق عليه وعن عائشة قالت إن رسول الله صلى الله
اور کہا ام عطیہ نے پھر گوندھی ہم نے اسکے بال کو تین چوٹی اور ڈالا ہم نے اسکو پیچھے اسکے۔ ق اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم كفن في ثلاثة أثواب يمانية بيض سحولية من كرسف ليس فيها قميص ولا عمامة متفق عليه وعن جابر قال
علیہ وسلم کفن دئے گئے تین کپڑوں میں وے کپڑے یمن کے تھے سفید سحول کے کہ وے کپڑے روئی کے تھے نہ تھا ان میں کرتا اور عمامہ۔ ق اور روایت ہے جابر سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا كفن أحدكم أخاه فليحسن كفنه رواه مسلم وعن عبد الله بن عباس قال إن رجلا
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کفن دے کوئی تمہارا اپنے مسلمان بھائی کو چاہئے کہ اچھا دے کفن اسکا۔ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن عباس سے کہا کہ تحقیق

كان مع النبي صلى الله عليه وسلم فوقصته ناقته وهو محرم فمات فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اغسلوه بماء
تھا ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر اسکی گردن توڑی اسکی اونٹنی نے اور وہ تھا احرام باندھے پھر مرا تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل دو اسکو پانی

وسدر وكفنوه في ثوبيه ولا تمسوه بطيب ولا تخمروا رأسه فإنه يبعث يوم القيامة ملبيا متفق عليه وسنذكر حديث خباب
اور بیری پتی سے اور کفن دو اسکو اسکے دونوں کپڑوں میں اور نہ لگاؤ اسکو خوشبو اور نہ ڈھانکو سر اسکا اسواسطے کہ وہ اٹھایا جاویگا دن قیامت کے لبیک کہنے والا۔ ق اور قریب ہے کہ ذکر کرینگے ہم حدیث خباب کی

قتل مصعب بن عمير في باب جامع المناقب إن شاء الله تعالى **الفصل الثاني** عن ابن عباس قال قال رسول الله

جس میں یہ لفظ ہیں قتل مصعب ابن عمیر باب میں جامع المناقب کے ان شاء اللہ تعالی فصل دوسری روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم البسوا من ثيابكم البياض فإنها من خير ثيابكم وكفنوا فيها موتاكم ومن خير أكحالكم الإثمد فإنه

صلی اللہ علیہ وسلم نے پہنو تم اپنے سفید کپڑے اس واسطے کہ وہ بہتر ہیں تمہارے کپڑوں میں اور کفناؤ اسمیں اپنے مردوں کو اور تمہارے بہتر سرموں میں اثمد ہے

ينبت الشعر ويجلو البصر رواه أبو داود والترمذي وروى ابن ماجة إلى موتاكم **وعن** علي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

جماتا ہے بروٹی کو اور صاف کرتا ہے نگاہ کو روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے موتاکم کے لفظ تک اور روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

لا تغالوا في الكفن فإنه يسلب سلبا سريعا رواه أبو داود **وعن** أبي سعيد الخدري أنه لما حضره الموت

مت گراں قیمت کفن اسواسطے کہ وہ چھینا جاتا ہے جلدی کا چھیننا روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ جب حاضر ہوئی انکی موت

دعا بثياب جدد فلبسها ثم قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الميت يبعث في ثيابه التي يموت

منگوایا کپڑے نئے تب پہنا اسکو پھر کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے مردہ اٹھایا جاتا ہے اپنے اس کپڑے میں جسمیں مرتا ہے

فيها رواه أبو داود **وعن** عبادة بن الصامت عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال خير الكفن الحلة وخير الأضحية

روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے عبادہ ابن صامت سے اسنے نقل کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا بہتر کفن حلہ ہے اور بہتر قربانی

الكبش الأقرن رواه أبو داود ورواه الترمذي وابن ماجة عن أبي أمامة **وعن** ابن عباس قال أمر رسول الله صلى

دنبہ سینگوں دار ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے ابی امامہ سے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ حکم دیا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم بقتلى أحد أن ينزع عنهم الحديد والجلود وأن يدفنوا بدمائهم وثيابهم رواه أبو داود

اللہ علیہ وسلم نے حق میں شہیدان احد کے کہ اتارا جاوے ان سے لوہا اور چمڑا اور یہ کہ دفن کئے جاویں اپنے خون سمیت اور اپنے کپڑوں سمیت روایت کیا اسکو

وابن ماجة **الفصل الثالث** عن سعد بن إبراهيم عن أبيه أن عبد الرحمن بن عوف أتي بطعام وكان صائما فقال قتل

ابو داؤد اور ابن ماجہ نے فصل تیسری روایت ہے سعد ابن ابراہیم سے اسنے نقل کیا اپنے باپ سے کہ عبدالرحمن ابن عوف پاس کھانا لایا گیا اور وہ تھے روزے سے تب کہا مارے گئے

مصعب بن عمير وهو خير مني كفن في بردة إن غطي رأسه بدت رجلاه وإن غطي رجلاه بدا رأسه وأراه

مصعب ابن عمیر اور وہ بہتر تھے مجھ سے کفن دئے گئے ایک چادر میں کہ اگر چھپایا جاتا انکا سر کھل جاتے انکے پاؤں اور اگر چھپائے جاتے انکے پاؤں کھل جاتا انکا سر

قال وقتل حمزة وهو خير مني ثم بسط لنا من الدنيا ما بسط أو قال أعطينا من الدنيا ما أعطينا ولقد خشينا أن

کہا عبدالرحمن نے اور مارے گئے حمزہ اور وہ بہتر تھے مجھ سے پھر کشادہ کی گئی ہمارے واسطے دنیا جسقدر کہ کشادہ کی گئی یا کہا دی گئی ہمکو دنیا جسقدر کہ دی گئی ہمکو اور تحقیق ڈرتے ہیں ہم

تكون حسناتنا عجلت لنا ثم جعل يبكي حتى ترك الطعام رواه البخاري **وعن** جابر قال أتى رسول الله صلى الله عليه

کہیں ہوں نیکیاں ہماری جلدی دی گئیں ہمکو پھر شروع کیا رونا یہاں تک کہ چھوڑ دیا کھانا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ تشریف لائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم عبد الله بن أبي بعد ما أدخل حفرته فأمر به فأخرج فوضعه على ركبتيه فنفث فيه من ريقه وألبسه

وسلم عبداللہ ابن ابی پاس بعد اسکے کہ ڈالا گیا اپنے گڑھے میں پھر حکم دیا اسکو پھر نکالا گیا پھر رکھا اسکو اپنے دونوں زانو پر اور ڈالا اسکے منہ میں اپنا تھوک اور پہنایا اسکو

قميصه قال وكان كسا عباسا قميصا متفق عليه

اپنا پیراہن کہا جابر نے اور تھا عبداللہ ابن ابی نے پہنایا عباس کو کرتا

باب المشي بالجنازة والصلوة عليها

الفصل

یہ باب ہے جنازے کے ساتھ چلنے اور اسپر نماز پڑھنے کے بیان میں — پہلی فصل

الاول عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسرعوا بالجنازۃ فان تک صالحۃ فخیر تقدمونہا

روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جلدی کرو جنازے کی تیاری میں پھر اگر ہے نیک تو بہتر ہے کہ پہنچاتے ہو اسکو اسکی نیکی

الیہ وان تک سوی ذلک فشر تضعونہ عن رقابکم متفق علیہ وعن ابی سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا

کی طرف اور اگر ہے سوا اسکے تو بدی رکھو تم پنے دور کرو گے اپنی گردنوں سے ق ۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت

وضعت الجنازۃ فاحتملہا الرجال علی اعناقہم فان کانت صالحۃ قالت قدمونی وان کانت غیر صالحۃ قالت لاہلہا

رکھا جاتا ہے جنازہ پھر اٹھاتے ہیں اسکو مرد اپنے گردنوں پر تو اگر رہتا ہے نیک کہتا ہے آگے لیجاؤ مجھکو اور اگر ہوتا ہے بدکار کہتا ہے اپنے لوگوں سے

یا ویلہا این تذہبون بہا یسمع صوتہا کل شیء الا الانسان ولو سمع الانسان لصعق رواہ البخاری وعنہ قال قال رسول

ہائے افسوس کہاں لیجاتے ہو مجھکو سنتی ہے اسکی آواز کو سب چیز سوا آدمی کے اور اگر سنتا تو آدمی تو مرجاتا روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رأیتم الجنازۃ فقوموا فمن تبعہا فلا یقعد حتی توضع متفق علیہ وعن جابر قال مرت

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ دیکھو تم جنازے کو تو کھڑے ہو جاؤ اور جو شخص کہ ساتھ جاوے اسکے سو نہ بیٹھے یہاں تک کہ رکھا جاوے ق ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ گذرا

جنازۃ فقام لہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقمنا معہ فقلنا یا رسول اللہ انہا یہودیۃ فقال ان الموت فزع فاذا رأیتم

ایک جنازہ پھر کھڑے ہوئے اسکے واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور کھڑے ہوئے ہم لوگ آپکے ساتھ پھر کہا ہم نے یا رسول اللہ تحقیق یہ جنازہ یہودی کا ہے فرمایا تحقیق موت گھبراہٹ کی چیز ہے پس جب دیکھو تم

الجنازۃ فقوموا متفق علیہ وعن علی قال رأینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قام فقمنا وقعد فقعدنا یعنی فی

جنازے کو تو کھڑے ہو جاؤ ق ۔ اور روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ دیکھا ہمنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھڑے ہوئے تو ہم لوگ کھڑے ہوئے اور بیٹھے پھر بیٹھے ہم لوگ یعنے

الجنازۃ رواہ مسلم وفی روایۃ مالک وابی داود قام فی الجنازۃ ثم قعد بعد وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ

جنازے میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور ایک روایت میں مالک اور ابوداود کی یہ ہے کہ کھڑے ہوئے حضرت جنازے میں پھر بیٹھے بعد اسکے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم من اتبع جنازۃ مسلم ایمانا واحتسابا وکان معہ حتی یصلی علیہا ویفرغ من دفنہا فانہ یرجع من

صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص ساتھ جاوے مسلمان کے جنازے کے سبب ایمان اور طلب ثواب کے اور رہے اسکے ساتھ یہاں تک کہ نماز پڑھی جاوے اسپر اور فارغ ہو جاوے اسکے دفن سے تو تحقیق وہ پھرتا ہے

الاجر بقیراطین کل قیراط مثل احد ومن صلی علیہا ثم رجع قبل ان تدفن فانہ یرجع بقیراط متفق علیہ وعنہ ان النبی

مزدوری کے دو قیراط لیکر ہر قیراط مانند احد پہاڑ کے اور جو شخص کہ نماز پڑھے اسپر اور پھر آوے قبل دفن کرنے کے سو تحقیق وہ شخص پھرتا ہے ایک قیراط مزدوری کا لیکر ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ کہ

صلی اللہ علیہ وسلم نعی للناس النجاشی الیوم الذی مات فیہ وخرج بہم الی المصلی فصف بہم وکبر اربع تکبیرات

صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی کے مرنے کی خبر دی لوگوں کو اسی دن کہ جسدن مرا اور باہر نکلے لوگوں کو لیکر عیدگاہ کی طرف پھر صف باندھی ان کے ساتھ اور تکبیر کہی چار تکبیریں

متفق علیہ وعن عبد الرحمن بن ابی لیلی قال کان زید بن ارقم یکبر علی جنائزنا اربعا وانہ کبر علی جنازۃ خمسا فسألناہ

ق ۔ اور روایت ہے عبد الرحمن ابن ابی لیلی سے کہا کہ تھے زید ابن ارقم تکبیر کہتے ہمارے جنازوں پر چار تکبیر اور تحقیق انہوں نے کہی ایک جنازے پر پانچ تکبیر پھر پوچھا ہم نے

فقال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکبرہا رواہ مسلم وعن طلحۃ بن عبد اللہ بن عوف قال صلیت خلف ابن

تب کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر کہتے پانچ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے طلحہ ابن عبد اللہ ابن عوف سے کہا کہ نماز پڑھی میں نے پیچھے ابن

عباس علی جنازۃ فقرأ فاتحۃ الکتاب فقال لتعلموا انہا سنۃ رواہ البخاری وعن عوف بن مالک قال صلی رسول اللہ

عباس کے ایک جنازے پر پھر پڑھا الحمد اور کہا اسواسطے پڑھا میں نے تاکہ جانو تم کہ تحقیق وہ سنت ہے روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے عوف ابن مالک سے کہا کہ نماز پڑھی رسول

صلى الله عليه وسلم على جنازة فحفظت من دعائه وهو يقول اللهم اغفر له وارحمه وعافه واعف عنه وأكرم نزله ووسع

صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جنازہ پر پھر یاد کر لیا میں نے انکی دعا کو حضرت کہتے تھے یہہ یا الٰہی بخش اسکے گناہ اور رحمت کر اسپر اور سلامت رکھ اسکو اور معاف کر اس سے اور اچھی مہمانی کر اسکی اور فراخ کر

مدخله واغسله بالماء والثلج والبرد ونقه من الخطايا كما نقيت الثوب الأبيض من الدنس وأبدله دارا خيرا من داره

قبر اسکی اور دھو اسکو پانی اور برف اور اولے سے ف اور پاک کر اسکو گناہوں سے جیسا کہ پاک کیا تو نے سفید کپڑے کو میل سے اور بدلا دے اسکو گھر بہتر اسکے گھر سے ف

وأهلا خيرا من أهله وزوجا خيرا من زوجه وأدخله الجنة وأعذه من عذاب القبر أو من عذاب النار وفي رواية وقه

اور اہل خانہ بہتر اسکے اہل خانہ سے اور بی بی بہتر اسکی بی بی سے اور داخل کر اسکو جنت میں اور پناہ دے اسکو عذاب قبر سے یا فرمایا عذاب آگ سے اور ایک روایت میں ہے اور بچا اسکو

فتنة القبر وعذاب النار قال حتى تمنيت أن أكون أنا ذلك الميت رواه مسلم وعن أبي سلمة بن عبد الرحمن أن عائشة

فتنہ قبر سے اور عذاب آگ سے کہا انہوں نے ف یہاں تک آرزو کی میں نے کہ ہوتا میں یہہ مردہ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سلمہ ابن عبد الرحمن سے کہ تحقیق حضرت عائشہ

لما توفي سعد بن أبي وقاص قالت ادخلوا به المسجد حتى أصلي عليه فأنكر ذلك عليها فقالت والله لقد صلى رسول الله

جب کہ مر گئے سعد ابن ابی وقاص ف کہا لاؤ اسکو مسجد میں تاکہ نماز پڑھوں میں اسپر ف پھر انکار کیا گیا اس بات کا ان پر تب کہا قسم اللہ کی بیشک نماز پڑھی رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم على ابني بيضاء في المسجد سهيل وأخيه رواه مسلم وعن سمرة بن جندب قال صليت وراء رسول الله

صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بیٹوں پر بیضا کے ف مسجد میں ایک کا نام سہیل اور اسکا بھائی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے سمرہ ابن جندب سے کہا کہ نماز پڑھی میں نے پیچھے رسول

صلى الله عليه وسلم على امرأة ماتت في نفاسها فقام وسطها متفق عليه وعن ابن عباس أن رسول الله صلى الله عليه وسلم مر

صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک عورت پر کہ مری تھی حالت زچگی میں پھر کھڑے ہوئے حضرت اسکے درمیان میں ق اور روایت ہے ابن عباس سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گذرے

بقبر دفن ليلا فقال متى دفن هذا قالوا البارحة قال أفلا آذنتموني قالوا دفناه في ظلمة الليل فكرهنا أن نوقظك فقام فصففنا

ایک قبر پر کہ دفن کیا گیا تھا اسمیں مردہ رات کو تب فرمایا کب دفن کیا گیا یہہ عرض کیا کل کی رات فرمایا بھلا کیوں نہ خبر دی مجھکو عرض کیا دفن کیا ہمنے اسکو رات کی اندھیری میں سو خوش نہ جانا ہمنے کہ جگاویں آپکو پھر حضرت کھڑے ہوئے اور صف باندھی ہمنے

خلفه فصلى عليه متفق عليه وعن أبي هريرة أن امرأة سوداء كانت تقم المسجد أو شاب ففقدها رسول الله صلى الله عليه وسلم فسأل

پیچھے حضرت کے پھر نماز پڑھی اسپر ق اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ تحقیق ایک عورت کالی سی جھاڑو دیتی تھی مسجد میں یا ایک جوان تھا ف پھر نہ پایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تب پوچھا

عنها أو عنه فقالوا مات فقال أفلا كنتم آذنتموني قال فكأنهم صغروا أمرها أو أمره فقال دلوني على قبره فدلوه فصلى

احوال عورت یا جوان کا ف پس عرض کیا کہ مر گیا تب فرمایا بھلا کیوں نہ خبر کیا تم نے مجھکو کہا ابو ہریرہ نے پھر گویا کہ صحابہ نے چھوٹا جانا حال اس عورت کا یا حال اس جوان کا ف تب فرمایا بتلا دو مجھکو قبر اسکی پھر بتلا دی حضرت کو

عليها ثم قال إن هذه القبور مملوءة ظلمة على أهلها وإن الله ينورها لهم بصلاتي عليهم متفق عليه ولفظه لمسلم وعن كريب

اسکی قبر بعد اسکے فرمایا تحقیق یہہ قبریں بھری ہوئی ہیں تاریکی سے قبر والوں پر اور بیشک اللہ روشن کرتا ہے قبروں کو انکے میرے نماز پڑھنے سے ان پر ق اور لفظ اسکا مسلم کا ہے اور روایت ہے کریب

مولى ابن عباس عن عبد الله بن عباس أنه مات له ابن بقديد أو بعسفان فقال يا كريب انظر ما اجتمع له من الناس قال

جو غلام آزاد کیا ابن عباس کا ہے انہوں نے نقل کیا عبد اللہ ابن عباس سے کہ تحقیق مر گیا ابن عباس کا بیٹا قدید یا عسفان میں ف تب کہا ابن عباس نے اے کریب دیکھ کس قدر جمع ہوئے ہیں آدمی

فخرجت فإذا ناس قد اجتمعوا له فأخبرته فقال تقول هم أربعون قال نعم قال أخرجوه فإني سمعت رسول الله صلى الله عليه

پھر نکلا میں تو کیا دیکھتا ہوں کہ لوگ جمع ہوئے ہیں اسکی نماز کو پھر خبر دی میں نے انکو تب کہا ابن عباس نے کہتا ہے تو کہ لوگ چالیس ہیں کہا ہاں کہا باہر لاؤ جنازہ پھر تحقیق سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم يقول ما من رجل مسلم يموت فيقوم على جنازته أربعون رجلا لا يشركون بالله شيئا إلا شفعهم الله فيه رواه مسلم

وسلم کو فرماتے تھے نہیں ہے کوئی مرد مسلمان کہ مر جاوے پھر کھڑے ہوں جنازہ پر اسکے چالیس مرد جو نہ شریک ٹھہراتے ہوں ساتھ اللہ کے کسی چیز کو مگر شفاعت انکی قبول کرتا ہے اللہ اسکے حق میں روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ما من ميت تصلي عليه أمة من المسلمين يبلغون مائة كلهم يشفعون

اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہ نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہیں ہے کوئی مردہ کہ نماز پڑھیں اس پر ایک گروہ مسلمانوں کے کہ پہنچیں سو کو وہ سب شفاعت چاہیں

له إلا شفعوا فيه رواه مسلم وعن أنس قال مروا بجنازة فأثنوا عليها خيرا فقال النبي صلى الله عليه وسلم وجبت

اس کی مگر شفاعت قبول کی جاوے اس کے حق میں نقل کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ گذرے ایک جنازہ پر پس تعریف کی اس پر بھلائی کی پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے واجب ہوئی

ثم مروا بأخرى فأثنوا عليها شرا فقال وجبت فقال عمر ما وجبت فقال هذا أثنيتم عليه خيرا فوجبت له الجنة وهذا

پھر گذرے لوگ دوسرے جنازہ پر پس ذکر کیا اس پر برائی کا پھر فرمایا واجب ہوئی پھر کہا عمر نے کیا چیز واجب ہوئی فرمایا یہ مردہ کہ تعریف کی تم نے اس پر نیکی کی واجب ہوئی واسطے اس کے بہشت اور یہ

أثنيتم عليه شرا فوجبت له النار أنتم شهداء الله في الأرض متفق عليه وفي رواية المؤمنون شهداء الله في الأرض

کہ ذکر کیا تم نے اس پر برائی کی تو واجب ہوئی اس کے واسطے آگ تم لوگ گواہ ہو اللہ کے زمین میں متفق علیہ اور ایک روایت میں یوں ہے کہ مومنین گواہ اللہ کے ہیں زمین میں

وعن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أيما مسلم شهد له أربعة بخير أدخله الله الجنة قلنا وثلاثة قال

اور روایت ہے حضرت عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو مسلمان کہ گواہی دیں اس کے واسطے چار شخص بھلائی کی داخل کیا اس کو اللہ نے بہشت میں کہا ہم نے اور اگر تین

وثلاثة قلنا واثنان قال واثنان ثم لم نسأله عن الواحد رواه البخاري وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله

اور تین شخص بھی کہیں فرمایا اور تین بھی ہم نے کہا اور اگر دو شخص فرمایا اور دو بھی پھر نہ پوچھا ہم نے حضرت سے ایک شخص کا حال روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم لا تسبوا الأموات فإنهم قد أفضوا إلى ما قدموا رواه البخاري وعن جابر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم

علیہ وسلم نے مت برا کہو مردوں کو اس واسطے کہ وہ لوگ تحقیق پہنچے اس چیز کی طرف جو آگے بھیجا روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے جابر سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

كان يجمع بين الرجلين من قتلى أحد في ثوب واحد ثم يقول أيهم أكثر أخذا للقرآن فإذا أشير له إلى أحدهما قدمه في

تھے جمع کرتے دو شخصوں کو احد کے شہیدوں میں سے ایک کپڑے میں پھر فرماتے تھے کون ان میں سے زیادہ قرآن یاد رکھنے میں پھر جب اشارہ کیا جاتا حضرت کو ان میں سے کسی کی طرف

اللحد وقال أنا شهيد على هؤلاء يوم القيامة وأمر بدفنهم بدمائهم ولم يصل عليهم ولم يغسلوا رواه البخاري وعن

لحد میں اور فرمایا میں گواہ ہوں ان پر قیامت کے دن اور حکم کیا ان کے دفن کرنے کا ان کے خون سمیت اور نہ نماز پڑھی ان پر اور نہ غسل دیئے گئے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے

جابر بن سمرة قال أتي النبي صلى الله عليه وسلم بفرس معرور فركبه حين انصرف من جنازة ابن الدحداح ونحن نمشي

جابر ابن سمرہ سے کہا کہ لایا گیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس گھوڑا ننگی پیٹھ کا پھر سوار ہوئے اس پر جب پھرے جنازہ ابن دحداح سے اور ہم لوگ پیادہ چلتے تھے

حوله رواه مسلم

الفصل الثاني

عن المغيرة بن شعبة أن النبي صلى الله عليه وسلم قال الراكب يسير خلف الجنازة والماشي

حضرت کے گرد روایت کیا اس کو مسلم نے فصل دوسری روایت ہے مغیرہ ابن شعبہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سوار ہو وہ چلے پیچھے جنازے کے اور پیادہ

يمشي خلفها وأمامها وعن يمينها وعن يسارها قريبا منها والسقط يصلى عليه ويدعى لوالديه بالمغفرة و

چلے پیچھے اس کے اور آگے اس کے اور داہنے اس کے اور بائیں اس کے نزدیک اس کے اور جو لڑکا پیٹ سے گر جاوے تو نماز پڑھی جاوے اس پر اور دعا کی جاوے اس کے ماں باپ کے واسطے مغفرت اور

الرحمة رواه أبو داود وفي رواية أحمد والترمذي والنسائي وابن ماجه قال الراكب خلف الجنازة و

رحمت کی روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور ایک روایت میں احمد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ کی یوں ہے فرمایا سوار چلے پیچھے جنازے کے اور

الماشي حيث شاء منها والطفل يصلى عليه وفي المصابيح عن المغيرة ابن زياد وعن الزهري عن سالم عن أبيه قال

پیادہ جنازے کے جس طرف چاہے اور لڑکا کہ نماز پڑھی جاوے اس پر اور مصابیح میں روایت ہے مغیرہ ابن زیاد سے اور روایت ہے زہری سے اس نے نقل کیا سالم سے اس نے اپنے باپ سے کہا

رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وابا بکر وعمر یمشون امام الجنازة رواہ احمد وابوداؤد والترمذی والنسائی وابن ماجۃ
کو دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اور ابوبکرؓ اور عمرؓ کو چلتے تھے آگے جنازے کے روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے

وقال الترمذی واھل الحدیث کانھم یرونہ مرسلا وعن عبد اللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الجنازة
اور کہا ترمذی نے گویا کہ محدثین جانتے ہیں اس حدیث کو مرسل ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعودؓ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنازہ

متبوعۃ ولا تتبع لیس معھا من تقدمھا رواہ الترمذی وابوداؤد وابن ماجۃ وقال الترمذی وابوماجد الراوی رجل مجھول
پیروی کیا گیا ہے اور جنازہ نہیں پیچھے چلتا ہے نہیں ساتھ جنازے کے جو شخص آگے چلے اسکے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے کہا ترمذی نے اور ابوماجد

وعن ابی ھریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من تبع جنازة وحملھا ثلث مرار فقد قضی ما علیہ من حقھا رواہ الترمذی
اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پیچھے چلے جنازہ کے اور اٹھاوے اسکو تین بار سو بیشک اسنے ادا کیا جو اسپر تھا حق جنازے کا روایت

وقال ھذا حدیث غریب وقد روی فی شرح السنۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم حمل جنازة سعد بن معاذ بین العمودین
اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور تحقیق روایت کیا گیا ہے شرح سنت میں کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اٹھایا جنازہ سعد ابن معاذ کا درمیان لکڑیوں جنازہ کے

وعن ثوبان قال خرجنا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی جنازة فرأی ناسا رکبانا فقال الا تستحیون ان ملٰئکۃ اللہ علی اقدامھم
اور روایت ہے ثوبانؓ سے کہا کہ نکلے ہم ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک جنازہ میں پھر دیکھا بعضے لوگوں کو سوار تب فرمایا کیا نہیں حیا کرتے تم لوگ تحقیق فرشتے اللہ کے پاؤں

وانتم علی ظھور الدواب رواہ الترمذی وابن ماجۃ وروی ابوداؤد نحوہ قال الترمذی وقد روی عن ثوبان موقوفا وعن ابن
اور تم پیٹھ پر چارپایوں کی سوار ہو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا ابوداؤد نے مانند اسکے کہا ترمذی نے اور تحقیق روایت کی گئی ہے یہ حدیث ثوبانؓ سے موقوف اور روایت ہے ابن

عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قرأ علی الجنازة بفاتحۃ الکتاب رواہ الترمذی وابوداؤد وابن ماجۃ وعن ابی ھریرة قال
عباسؓ سے تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی جنازے پر سورۂ فاتحۃ الکتاب روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا صلیتم علی المیت فاخلصوا لہ الدعاء رواہ ابوداؤد وابن ماجۃ وعنہ قال کان رسول
کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نماز پڑھو تم میت پر خالص کرو اسکے لئے دعا روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا تھے رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا صلی علی الجنازة قال اللھم اغفر لحینا ومیتنا وشاھدنا وغائبنا وصغیرنا وکبیرنا و
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑھتے جنازے پر کہتے یا الٰہی بخش ہمارے زندوں اور مردوں اور حاضر اور غائب اور چھوٹے اور بڑے اور

ذکرنا وانثانا اللھم من احییتہ منا فاحیہ علی الاسلام ومن توفیتہ منا فتوفہ علی الایمان اللھم لا تحرمنا اجرہ
مرد اور عورت کو یا الٰہی جسکو زندہ رکھے تو ہم میں سے تو اسکو زندہ رکھ دین اسلام پر اور جسکو مارے تو ہم میں سے تو اسکو مار ایمان پر یا الٰہی نہ محروم کر ہمکو اسکے ثواب سے

ولا تفتنا بعدہ رواہ احمد وابوداؤد والترمذی وابن ماجۃ ورواہ النسائی عن ابراھیم الاشھلی عن ابیہ وانتھت روایتہ
اور نہ فتنے میں ڈال ہمکو بعد اسکے روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسکو نسائی نے ابراہیم اشہلی سے اسنے نقل کیا اپنے باپ سے اور تمام ہوئی

عند قولہ وانثانا وفی روایۃ ابی داؤد فاحیہ علی الایمان وتوفہ علی الاسلام وفی اخرہ ولا تضلنا بعدہ وعن واثلۃ بن
اسکے قول وانثانا تک اور ایک روایت میں ابوداؤد کی یوں ہے پھر زندہ رکھ اسکو ایمان پر اور مار اسکو دین اسلام پر اور اسکے آخر میں ہے گمراہ کر ہمکو بعد اسکے اور روایت

الاسقع قال صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی رجل من المسلمین فسمعتہ یقول اللھم ان فلان بن فلان فی ذمتک
اسقعؓ سے کہا کہ نماز پڑھوائی ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص پر مسلمانوں میں سے پھر سنا میں نے حضرتؐ کو فرماتے تھے یا الٰہی تحقیق فلانا بیٹا فلانے کا تیری پناہ

وَحَبْلِ جِوَارِكَ فَقِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ وَاَنْتَ اَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

اور تیری ہمسایگی کے عہد میں ہے سو بچا اسکو فتنہ قبر اور عذاب آگ سے اور تو ہی صاحب قول پورا کرنیکا اور صاحب حق کا یا الٰہی بخش اسکو اور رحم کر اس پر تحقیق تو بخشنے والا مہربان ہے

رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُذْكُرُوْا مَحَاسِنَ مَوْتَاكُمْ وَكُفُّوْا عَنْ مَسَاوِيْهِمْ رَوَاهُ

روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یاد کرو نیکیوں کو اپنے مردوں کی اور باز رہو ان کی برائی کے ذکر سے روایت

اَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنْ نَافِعٍ اَبِيْ غَالِبٍ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَلٰى جَنَازَةِ رَجُلٍ فَقَامَ حِيَالَ رَأْسِهٖ ثُمَّ جَاؤُا

ابوداؤد اور ترمذی نے اور روایت ہے نافع ابن ابی غالب سے کہا کہ نماز پڑھی میں نے ساتھ انس ابن مالک کے ایک مرد کے جنازہ پر پھر کھڑے ہوئے انس مقابل اسکے سر کے پھر لائے

بِجَنَازَةِ امْرَأَةٍ مِنْ قُرَيْشٍ فَقَالُوْا يَا اَبَا حَمْزَةَ صَلِّ عَلَيْهَا فَقَامَ حِيَالَ وَسْطِ السَّرِيْرِ فَقَالَ لَهُ الْعَلَاءُ بْنُ زِيَادٍ هٰكَذَا رَأَيْتَ

جنازہ ایک عورت کا قریش سے اور کہا اے ابوحمزہ نماز پڑھو اس پر تب کھڑے ہوئے انس مقابل درمیان تخت کے تب کہا انسے علاء ابن زیاد نے کیا اسی طرح دیکھا تو نے

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عَلَى الْجَنَازَةِ مَقَامَكَ مِنْهَا وَمِنَ الرَّجُلِ مَقَامَكَ مِنْهُ قَالَ نَعَمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ کھڑے ہوئے جنازہ پر مانند تمہارے کھڑے ہونے کے عورت کے جنازہ پر اور مرد کے جنازہ پر مانند کھڑے رہنے تمہارے کے کہا ہاں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاوُدَ نَحْوُهٗ مَعَ زِيَادَةٍ وَفِيْهِ فَقَامَ عِنْدَ عَجِيْزَةِ الْمَرْأَةِ

اور ایک روایت میں ابوداؤد کی مانند اسکے ہے زیادتی سمیت اور اسمیں یوں ہے پھر کھڑے ہوئے نزدیک سرین عورت کے

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى قَالَ كَانَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ وَقَيْسُ بْنُ سَعْدٍ قَاعِدَيْنِ بِالْقَادِسِيَّةِ فَمُرَّ عَلَيْهِمَا بِجَنَازَةٍ فَقَامَا فَقِيْلَ لَهُمَا اِنَّهَا مِنْ

فصل تیسری روایت ہے عبدالرحمن ابن ابی لیلیٰ سے کہا کہ تھے سہل ابن حنیف اور قیس ابن سعد بیٹھے ہوئے قادسیہ میں پھر لایا گیا دونوں پاس ایک جنازہ پھر دونو کھڑے ہوئے تب کہا گیا انسے کہ یہ جنازہ ہے

اَهْلِ الْاَرْضِ اَيْ مِنْ اَهْلِ الذِّمَّةِ فَقَالَا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتْ بِهٖ جَنَازَةٌ فَقَامَ فَقِيْلَ لَهٗ اِنَّهَا جَنَازَةُ

زمین والوں کا یعنے ذمی کا تب دونوں نے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گذرا ان کے پاس جنازہ تب کھڑے ہوئے پھر کہا گیا انسے کہ یہ جنازہ

يَهُوْدِيٍّ فَقَالَ اَلَيْسَتْ نَفْسًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اتَّبَعَ

یہودی کا ہے تب فرمایا کیا نہیں ہے جاندار ق اور روایت ہے عبادہ ابن صامت سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جاتے

جَنَازَةً لَمْ يَقْعُدْ حَتّٰى تُوْضَعَ فِي اللَّحْدِ فَعَرَضَ لَهٗ حَبْرٌ مِنَ الْيَهُوْدِ فَقَالَ لَهٗ اِنَّا هٰكَذَا نَصْنَعُ يَا مُحَمَّدُ قَالَ فَجَلَسَ رَسُوْلُ

جنازے کے ساتھ نہ بیٹھتے یہاں تک کہ رکھا جاتا لحد میں پھر سامنے آیا ان کے ایک عالم یہود کا اور کہا حضرت سے ہم لوگ بھی اسی طرح کرتے ہیں اے محمد کہا عبادہ نے پھر بیٹھے رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ خَالِفُوْهُمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَبِشْرُ بْنُ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا مخالفت کرو یہود کی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور بشر ابن

رَافِعٍ الرَّاوِيْ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنَا بِالْقِيَامِ فِي الْجَنَازَةِ ثُمَّ جَلَسَ بَعْدَ

رافع راوی اس حدیث کا نہیں ہے مضبوط اور روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکم کرتے ہمکو کھڑے ہونے کا جنازہ دیکھ کر پھر بیٹھے بعد

ذٰلِكَ وَاَمَرَنَا بِالْجُلُوْسِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ اِنَّ جَنَازَةً مَرَّتْ بِالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَابْنِ عَبَّاسٍ فَقَامَ الْحَسَنُ

اسکے اور حکم کیا ہمکو بیٹھنے کا روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے محمد ابن سیرین سے کہا کہ تحقیق جنازہ گذرا امام حسن ابن علی اور ابن عباس پاس پھر کھڑے ہو گئے امام حسن

وَلَمْ يَقُمِ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَالَ الْحَسَنُ اَلَيْسَ قَدْ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِجَنَازَةِ يَهُوْدِيٍّ قَالَ نَعَمْ ثُمَّ جَلَسَ رَوَاهُ

اور نہ کھڑے ہوئے ابن عباس تب کہا امام حسن نے کیا نہیں ہے کہ تحقیق کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہودی کے جنازے کے واسطے کہا ہاں بعد اسکے بیٹھ رہے روایت کیا

النسائي وعن جعفر بن محمد عن أبيه أن الحسن بن علي كان جالسا فمرّ عليه بجنازة فقام الناس حتى جاوزت الجنازة فقال

نسائی نے اور روایت ہے جعفر ابن محمد سے نقل کیا اپنے باپ سے کہ تحقیق حسن ابن علی تھے بیٹھے ہوئے پس لایا گیا ان کے سامنے جنازہ پس کھڑے ہو گئے لوگ یہاں تک کہ گذر گیا جنازہ

الحسن إنما مُرّ بجنازة يهودي وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم على طريقها جالسا وكره أن تعلو رأسه جنازة يهودي

امام حسن نے سوائے اس کے نہیں کہ لایا گیا جنازہ یہودی کا اور تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی راہ پر بیٹھے ہوئے اور مکروہ جانا حضرت نے کہ اونچا ہووے ان کے سر پر جنازہ یہودی کا

فقام رواه النسائي وعن أبي موسى أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إذا مرت بك جنازة يهودي أو نصراني أو مسلم فقوموا لها

پس کھڑے ہو گئے روایت کیا اس کو نسائی نے اور روایت ہے ابی موسیٰ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب گذرے تیرے پاس جنازہ یہودی کا یا نصرانی کا یا مسلمان کا تو کھڑے ہو جاؤ واسطے اس کے

فلستم لها تقومون إنما تقومون لمن معها من الملائكة رواه أحمد وعن مالك بن هبيرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه

پس نہیں ہو تم اس کے واسطے کھڑے ہوتے سوائے اس کے نہیں کہ کھڑے ہوتے ہو تم اس کے واسطے جو ساتھ اس کے ہیں فرشتوں سے روایت کیا اس کو احمد نے اور روایت ہے مالک ابن ہبیرہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم يقول ما من مسلم يموت فيصلي عليه ثلاثة صفوف من المسلمين إلا أوجب فكان مالك إذا استقل أهل الجنازة جزّأهم

وسلم سے فرماتے تھے نہیں ہے کوئی مسلمان کہ مرے پھر نماز پڑھیں اس پر تین صفیں مسلمانوں کی مگر واجب کر لی پھر تھے مالک ابن ہبیرہ جب دیکھتے جنازے والوں کو تھوڑا تقسیم کرتے

ثلاثة صفوف لهذا الحديث رواه أبو داود وفي رواية الترمذي قال كان مالك بن هبيرة إذا صلى على جنازة فتقالّ الناس

تین صفیں بسبب اس حدیث کے روایت کیا اس کو ابو داود نے اور روایت میں ترمذی کی یوں ہے کہا کہ تھے مالک ابن ہبیرہ جب نماز پڑھتے جنازے پر اور کم معلوم کرتے لوگوں کو

عليها جزّأهم ثلاثة أجزاء ثم قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى عليه ثلاثة صفوف فقد أوجب رواه ابن ماجه نحوه وعن

جنازے پر تقسیم کرتے ان کو تین حصے پھر کہتے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ نماز پڑھیں اس پر تین صفیں واجب کر لی اس نے جنت روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے مانند اس کے اور روایت ہے

أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم في الصلاة على الجنازة اللهم أنت ربها وأنت خلقتها وأنت هديتها إلى الإسلام وأنت

ابو ہریرہ سے نقل کرتا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت کے نماز پڑھنے میں جنازے پر یہ دعا یا الٰہی تو ہی پروردگار ہے اس کا اور تو نے پیدا کیا اس کو اور تو نے راہ دکھلائی اس کو اسلام کی طرف اور تو نے

قبضت روحها وأنت أعلم بسرها وعلانيتها جئناك شفعاء فاغفر له رواه أبو داود وعن سعيد بن المسيب قال

قبض کی روح اس کی اور تو خوب جانتا ہے اس کی چھپی اور ظاہر باتوں کو ہم لوگ آئے ہیں شفاعت کرنے والے سو بخش دے اس کو روایت کیا اس کو ابو داود نے اور روایت ہے سعید ابن المسیب سے کہا

صليت وراء أبي هريرة على صبي لم يعمل خطيئة قط فسمعته يقول اللهم أعذه من عذاب القبر رواه مالك وعن البخاري تعليقا

کہ نماز پڑھی میں نے پیچھے ابو ہریرہ کے ایک لڑکے پر کہ نہیں کیا تھا گناہ ہرگز پھر سنا میں نے ان کو کہتے تھے یا الٰہی پناہ دے اس کو عذاب قبر سے روایت کیا اس کو مالک نے اور روایت ہے بخاری سے بطریق تعلیق

قال يقرأ الحسن على الطفل فاتحة الكتاب ويقول اللهم اجعله لنا سلفا وفرطا وذخرا وأجرا وعن جابر أن النبي صلى الله

کہا کہ پڑھتے تھے حسن بصری لڑکے کے جنازے پر الحمد اور کہتے تھے یا الٰہی کر تو اس کو ہمارے واسطے آگے جانے والا اور پیش خیمہ اور ذخیرہ اور ثواب اور روایت ہے جابر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ

عليه وسلم قال الطفل لا يصلى عليه ولا يرث ولا يورث حتى يستهل رواه الترمذي وابن ماجه إلا أنه لم يذكر ولا يورث

علیہ وسلم نے فرمایا کہ لڑکا نہیں نماز پڑھی جاتی اس پر اور نہیں میراث پاتا اور نہ کوئی اس کی میراث پاتا ہے یہاں تک کہ آواز کرے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے مگر نہیں ذکر کیا لفظ ولا یورث

وعن أبي مسعود الأنصاري قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم أن يقوم الإمام فوق شيء والناس خلفه يعني

اور روایت ہے ابی مسعود انصاری سے کہا کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ کھڑا ہو امام اکیلا اوپر کسی چیز کے اور لوگ پیچھے اس کے ہوں یعنی

أسفل منه رواه الدارقطني في المجتبى في كتاب الجنائز

نیچے اس سے روایت کیا اس کو دارقطنی نے مجتبیٰ کے کتاب الجنائز میں

باب دفن الميت

یہ باب ہے بیان میں دفن کرنے میت کے

الفصل الأول

عن عامر بن

فصل پہلی روایت ہے عامر ابن

سعد بن ابي وقاص ان سعد بن ابي وقاص قال في مرضه الذي هلك فيه الحدوا لي لحدا وانصبوا علي اللبن نصبا كما صنع

سعد ابن ابی وقاص سے کہ تحقیق سعد ابن ابی وقاص نے کہا اپنی اس بیماری میں جس میں مرے لحد بناؤ میرے لئے اچھی لحد اور کھڑی کر دو میرے اوپر کچی اینٹیں اچھی طرح جیسے کیا

برسول الله صلى الله عليه وسلم رواه مسلم وعن ابن عباس قال جعل في قبر رسول الله صلى الله عليه وسلم قطيفة حمراء

واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ ڈالی گئی قبر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چادر سرخ

رواه مسلم وعن سفيان التمار انه راى قبر النبي صلى الله عليه وسلم مسنما رواه البخاري وعن ابي الهياج الاسدي

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے سفیان تمار سے کہ تحقیق اسنے دیکھی قبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اوپر کوہان شتر کے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی الہیاج اسدی

قال قال لي علي الا ابعثك على ما بعثني عليه رسول الله صلى الله عليه وسلم ان لا تدع تمثالا الا طمسته ولا قبرا

کہا کہ فرمایا مجھکو حضرت علی نے کیا نہ بھیجوں میں تجھکو اس کام پر کہ بھیجا مجھکو اسپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (۲) کہ نہ چھوڑ کسی تصویر کو مگر مٹا دے اسکو اور نہ کسی قبر

مشرفا الا سويته رواه مسلم وعن جابر قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يجصص القبر وان يبنى عليه

بلند کو مگر برابر کر تو اسکو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ کہ گچ کی جاوے قبر اور یہہ کہ عمارت بنائی جاوے اسپر

وان يقعد عليه رواه مسلم وعن ابي مرثد الغنوي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تجلسوا على القبور

اور یہہ کہ بیٹھا جاوے اسپر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی مرثد غنوی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ بیٹھو قبروں پر

ولا تصلوا اليها رواه مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لان يجلس احدكم على جمرة فتحرق

اور نہ نماز پڑھو اسکی طرف روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بیٹھے ایک تمہارا انگارے پر پھر وہ جلا دے

ثيابه فتخلص الى جلده خير له من ان يجلس على قبر رواه مسلم

الفصل الثاني

عن عروة بن الزبير قال كان بالمدينة رجلان

اسکے کپڑے کو پھر پہنچے اسکے چمڑے تک بہتر ہے اسکے لئے اس سے کہ بیٹھے قبر پر روایت کیا اسکو مسلم نے فصل دوسری روایت ہے عروہ ابن زبیر سے کہا کہ تھے مدینے میں دو مرد

احدهما يلحد والاخر لا يلحد فقالوا ايهما جاء اول عمل عمله فجاء الذي يلحد فلحد لرسول الله صلى الله عليه وسلم رواه في

ایک انمیں لحد بناتا تھا اور دوسرا نہیں لحد بناتا تھا (۳) تب لوگوں نے کہا جو کوئی ان دونوں میں آوے پہلے وہ کرے اپنا کام پھر آیا وہ شخص جو لحد بناتا تھا پھر لحد بنایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے روایت

شرح السنة وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اللحد لنا والشق لغيرنا رواه الترمذي وابو داود والنسائي وابن ماجة

شرح سنت میں اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ لحد ہمارے واسطے ہے اور شق ہمارے غیر کے واسطے ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور نسائی اور ابن ماجہ

ورواه احمد عن جرير بن عبد الله وعن هشام بن عامر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال يوم احد احفروا واوسعوا واعمقوا و

اور روایت کیا اسکو احمد نے جریر ابن عبد اللہ سے اور روایت ہے ہشام ابن عامر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دن جنگ احد کے گڑھا کھودو اور کشادہ کرو اور بہت گہرا اور

احسنوا وادفنوا الاثنين والثلثة في قبر واحد وقدموا اكثرهم قرانا رواه احمد والترمذي وابو داود والنسائي وروى ابن ماجة الى قوله

اچھا صاف بناؤ اور دفن کرو دو دو تین تین شخص کو ایک قبر میں اور آگے کرو جو ان میں زیادہ پڑھا ہو قرآن روایت کیا اسکو احمد و ترمذی اور ابو داود اور نسائی نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے اسکے قول

واحسنوا وعن جابر قال لما كان يوم احد جاءت عمتي بابي لتدفنه في مقابرنا فنادى منادي رسول الله صلى الله عليه وسلم ردوا القتلى الى مضاجعهم

واحسنوا تک اور روایت ہے جابر سے کہا کہ جب تھا دن جنگ احد کا لائی میری پھوپھی میرے باپ کو تاکہ دفن کرے اسکو ہمارے مقبرے میں پھر پکارا ایک پکارنے والے نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھیر دو شہیدوں کو انکی جگہ

رواه احمد والترمذي وابو داود والنسائي والدارمي ولفظه للترمذي وعن ابن عباس قال سل رسول الله صلى الله عليه وسلم

روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داود اور نسائی اور دارمی نے اور لفظ اس حدیث کے ترمذی کا ہے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ نکالے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

مِنْ قِبَلِ رَأْسِہٖ رَوَاہُ الشَّافِعِیُّ وَعَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَخَلَ قَبْرًا لَیْلًا فَاُسْرِجَ لَہٗ بِسِرَاجٍ فَاَخَذَ مِنْ قِبَلِ
اپنے سر کی طرف سے روایت کیا اسکو شافعی نے اور یہی ابن عباس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم اترا ایک قبر میں رات کو پس روشن کیا گیا انکے واسطے چراغ پھر لیا میت کو

الْقِبْلَۃِ وَقَالَ رَحِمَکَ اللّٰہُ اِنْ کُنْتَ لَاَوَّاھًا تَلَّاءً لِلْقُرْاٰنِ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ اِسْنَادُہٗ ضَعِیْفٌ وَعَنْ
قبلہ کی طرف سے اور فرمایا رحمت کرے تجھے اللہ بیشک تھا تو بہت نرم دل بہت پڑھنے والا قرآن کا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا شرح سنت میں اسناد اسکی ضعیف ہے اور روایت ہے

ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا اُدْخِلَ الْمَیِّتُ الْقَبْرَ قَالَ بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ وَعَلٰی سُنَّۃِ
ابن عمر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے جس وقت رکھے مردے کو قبر میں کہتے ساتھ نام اللہ کے اور ساتھ حکم اللہ کے اور اوپر شریعت رسول اللہ کے اور ایک روایت میں ہے اور اوپر سنت

رَسُوْلِ اللّٰہِ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَرَوٰی اَبُوْدَاؤُدَ الثَّانِیَۃَ وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْہِ مُرْسَلًا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ
رسول اللہ کے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا ابوداؤد نے دوسری روایت کو اور روایت ہے امام جعفر ابن امام محمد باقر سے انہوں نے نقل کی مرسل کہ تحقیق نبی صلی اللہ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَثٰی عَلَی الْمَیِّتِ ثَلٰثَ حَثَیَاتٍ بِیَدَیْہِ جَمِیْعًا وَاَنَّہٗ رَشَّ عَلٰی قَبْرِ ابْنِہٖ اِبْرَاھِیْمَ وَوَضَعَ عَلَیْہِ حَصْبَاءَ رَوَاہُ
علیہ وسلم نے مٹی دی مردے کو تین لپیں اپنے دونوں ہاتھ سے اور تحقیق حضرت نے پانی چھڑکا قبر پر اپنے بیٹے ابراہیم کی اور رکھیں قبر پر کنکریاں روایت کیا اسکو

فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ وَرَوَی الشَّافِعِیُّ مِنْ قَوْلِہٖ رَشَّ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ تُجَصَّصَ الْقُبُوْرُ
شرح سنت میں اور روایت کیا شافعی نے اس حدیث کو رش کے لفظ سے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ گچ کی جاویں قبریں

وَاَنْ یُّکْتَبَ عَلَیْھَا وَاَنْ تُوْطَأَ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَعَنْہُ قَالَ رُشَّ قَبْرُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَکَانَ الَّذِیْ رَشَّ الْمَاءَ عَلٰی قَبْرِہٖ
اور یہ کہ لکھا جاوے اوپر اور یہ کہ کچلی جاویں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ پانی چھڑکی گئی قبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اور جس شخص نے پانی چھڑکا حضرت کی قبر پر

بِلَالُ بْنُ رَبَاحٍ بِقِرْبَۃٍ بَدَأَ مِنْ قِبَلِ رَأْسِہٖ حَتَّی انْتَھٰی اِلٰی رِجْلَیْہِ رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ فِیْ دَلَائِلِ النُّبُوَّۃِ وَعَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ اَبِیْ
بلال ابن رباح تھا پانی چھڑکا مشک سے شروع کیا حضرت کے سر کی طرف سے یہاں تک کہ پہنچا حضرت کے دونوں پاؤں تک روایت کیا اسکو بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور روایت ہے مطلب ابن ابی

وَدَاعَۃَ قَالَ لَمَّا مَاتَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ اُخْرِجَ بِجَنَازَتِہٖ فَدُفِنَ اَمَرَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَجُلًا اَنْ یَّاْتِیَہٗ بِحَجَرٍ فَلَمْ
وداعہ سے کہا کہ جب مرے عثمان ابن مظعون نکالا گیا جنازہ انکا اور دفن کیا گیا حکم کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کہ لاوے حضرت پاس ایک پتھر پھر نہ

یَسْتَطِعْ حَمْلَھَا فَقَامَ اِلَیْھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَحَسَرَ عَنْ ذِرَاعَیْہِ قَالَ الْمُطَّلِبُ قَالَ الَّذِیْ یُخْبِرُنِیْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ
سکا وہ شخص اٹھانے تب کھڑے ہوئے پتھر کی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آستین اٹھائی اپنے دونوں ہاتھوں کی کہا مطلب نے کہا اس شخص نے کہ خبر دیتا ہے مجھکو رسول

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی بَیَاضِ ذِرَاعَیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حِیْنَ حَسَرَ عَنْھُمَا ثُمَّ حَمَلَھَا فَوَضَعَھَا عِنْدَ
صلی اللہ علیہ وسلم سے گویا میں اب دیکھتا ہوں طرف سفیدی دونوں ہاتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جس وقت کہ آستین اٹھائی اس سے پھر اٹھایا پتھر اور رکھا اسکو

رَأْسِہٖ وَقَالَ اُعَلِّمُ بِھَا قَبْرَ اَخِیْ وَاَدْفِنُ اِلَیْہِ مَنْ مَاتَ مِنْ اَھْلِیْ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَعَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی
اسکے سر کے پاس اور فرمایا نشان کرتا ہوں اس سے قبر کو اپنے بھائی کی اور دفن کرونگا اسکے پاس جو مریگا میرے گھر والوں سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے قاسم ابن محمد سے کہا کہ آیا میں

عَائِشَۃَ فَقُلْتُ یَا اُمَّاہُ اکْشِفِیْ لِیْ عَنْ قَبْرِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبَیْہِ فَکَشَفَتْ لِیْ عَنْ ثَلٰثَۃِ قُبُوْرٍ لَا مُشْرِفَۃٍ
حضرت عائشہ پاس اور کہا میں نے اے میری ماں پردہ کھول دو میرے واسطے قبر سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور انکے دونوں یاروں کی پھر کھول دیا میرے واسطے تینوں قبروں سے نہ تھیں قبریں بلند

وَلَا لَاطِئَۃٍ مَبْطُوْحَۃٍ بِبَطْحَاءِ الْعَرْصَۃِ الْحَمْرَاءِ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی
اور نہ زمین پر ملی ہوئی بچھائی ہوئی کنکریوں سے میدان سرخ کی روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے براء ابن عازب سے کہا کہ نکلے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم في جنازة رجل من الأنصار فانتهينا إلى القبر ولما يلحد بعد فجلس النبي صلى الله عليه وسلم مستقبل القبلة وجلسنا

علیہ وسلم کے جنازہ میں ایک شخص کے انصار میں سے پھر پہنچے ہم قبر تک اور ابھی لحد نہیں کھودی گئی تھی پس بیٹھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سامنے قبلہ کے اور بیٹھے ہم

معه رواه أبو داود والنسائي وابن ماجه وزاد في آخره كأن على رؤوسنا الطير وعن عائشة أن رسول الله صلى الله عليه

ساتھ ان کے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور زیادہ کیا اسکے آخر میں گویا کہ ہمارے سروں پر چڑیاں ہیں ف اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم قال كسر عظم الميت ككسره حيا رواه مالك وأبو داود وابن ماجه

وسلم نے فرمایا توڑنا ہڈی مردے کا مثل توڑنے ہڈی زندے کے ہے روایت کیا اسکو مالک اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے

الفصل الثالث

فصل تیسری

عن أنس قال شهدنا بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم تدفن ورسول الله صلى الله عليه وسلم جالس على القبر فرأيت عينيه تدمعان فقال هل فيكم

روایت ہے انس سے کہا کہ حاضر ہوئے ہم دفن کرنے بیٹی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دفن کی جاتی تھی ف اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے نزدیک قبر کے پھر دیکھا میں نے دونوں آنکھیں حضرت کی آنسو بہاتی تھیں پس فرمایا کیا تم میں

من أحد لم يقارف الليلة فقال أبو طلحة أنا قال فانزل في قبرها فنزل في قبرها رواه البخاري وعن عمرو بن العاص

کوئی کہ نہ جماع کیا ہو آج کی رات ف پس کہا ابو طلحہ نے میں ہوں فرمایا پھر اتر اسکی قبر میں پس اترے ابو طلحہ انکی قبر میں روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عمرو ابن عاص سے

قال لابنه وهو في سياق الموت إذا أنا مت فلا تصحبني نائحة ولا نار فإذا دفنتموني فشنوا علي التراب شنا ثم

اسنے کہا اپنے بیٹے کو اور حال یہ کہ وہ شروع موت میں تھے جب مروں میں پھر نہ ساتھ ہو میرے نوحہ کرنے والی ف اور نہ آگ ف پھر جب دفن کرو مجھکو تو مٹی ڈالو مجھ پر نرم نرم پھر

أقيموا حول قبري قدر ما ينحر جزور ويقسم لحمها حتى أستأنس بكم وأعلم ماذا أراجع به رسل ربي رواه مسلم

کھڑے رہو گرد میری قبر کے اس مقدار تک کہ ذبح کیا جاوے اونٹ اور تقسیم کیا جاوے اسکا گوشت یہاں تک کہ آرام لوں ساتھ تمہارے ف اور جانوں کیا گفتگو کروں بھیجے ہوؤں سے اپنے رب کے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن عبد الله بن عمر قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إذا مات أحدكم فلا تحبسوه وأسرعوا به

اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمر سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جس وقت مرے ایک تمہارا پس نہ بند رکھو اسکو اور جلدی لیجاؤ اسکو

إلى قبره وليقرأ عند رأسه فاتحة البقرة وعند رجليه بخاتمة البقرة رواه البيهقي في شعب الإيمان وقال و

اسکی قبر تک اور چاہیے کہ پڑھا جاوے اسکے سر کے پاس ف شروع سورہ بقر کا ف اور نزدیک اسکے پاؤں کے تمامی سورہ بقر کی ف روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا کہ

الصحيح أنه موقوف عليه وعن ابن أبي مليكة قال لما توفي عبد الرحمن بن أبي بكر بالحبشي وهو موضع فحمل

صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث موقوف ہے ابن عمر پر اور روایت ہے ابی ملیکہ سے کہا جس وقت وفات دیے گئے عبد الرحمن ابن ابی بکر حبشی میں اور وہ ایک مقام ہے ف پھر اٹھائے گئے

إلى مكة فدفن بها فلما قدمت عائشة أتت قبر عبد الرحمن بن أبي بكر فقالت شعر وكنا كندماني جذيمة

مکہ کی طرف اور دفن کیے گئے اس میں پھر جب آئیں حضرت عائشہ ف تب آئیں قبر پر عبد الرحمن ابن ابی بکر کی اور پڑھا انہوں نے یہ شعر اور تھے ہم مانند ہمنشین جذیمہ بادشاہ کے

حقبة من الدهر حتى قيل لن يتصدعا فلما تفرقنا كأني ومالكا لطول اجتماع لم نبت ليلة معا ثم قالت والله لو

ایک مدت دراز زمانے سے یہاں تک کہ کہا گیا ہرگز جدا نہ ہونگے پھر جب جدا ہوئے ہم گویا کہ ہم اور مالک بعد دراز ہی مدت ساتھ رہنے کے ایک رات بھی اکٹھے نہ تھے ف ۱۲ اور فرمایا قسم ہے اللہ کی اگر

حضرتك ما دفنت إلا حيث مت ولو شهدتك ما زرتك رواه الترمذي وعن أبي رافع قال سل رسول الله صلى الله عليه

حاضر ہوتی میں تیرے پاس تو دفن نہ کیا جاتا تو مگر جس جگہ کہ مرا تھا ف ۱۳ اور اگر حاضر ہوتی میں تیرے مرتے وقت تو نہ زیارت کرتی تیری روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی رافع سے کہا کہ نکالا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم سعدا ورش على قبره ماء رواه ابن ماجه وعن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم صلى على جنازة ثم أتى

وسلم نے سعد کو ف اور چھڑکا انکی قبر پر پانی روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی ایک جنازہ پر پھر آئے

القبر يحثي عليه من قبل رأسه ثلاثا رواه ابن ماجة **وعن** عمرو بن حزم قال رآني النبي صلى الله عليه وسلم متكئا على

قبر پر اور دونوں ہاتھ سے خاک ڈالی اسپر اسکی سر کی طرف سے تین بار روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے عمرو ابن حزم سے کہا دیکھا مجھکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تکیہ کئے ہوئے

قبر فقال لا تؤذ صاحب هذا القبر أو لا تؤذه رواه أحمد

باب البكاء على الميت

الفصل الأول

عن أنس قال دخلنا

قبر پر تب فرمایا مت ایذا دے اس قبر والے کو یا فرمایا نہ ایذا دے اسکو روایت کیا اسکو احمد نے یہ باب ہے بیچ بیان رونے کے مردے پر فصل پہلی روایت ہے انس سے کہا کہ آئے ہم

مع رسول الله صلى الله عليه وسلم على أبي سيف القين وكان ظئرا لإبراهيم فأخذ رسول الله صلى الله عليه وسلم إبراهيم

ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ابی سیف لوہار پاس اور وہ تھا خاوند دائی ابراہیم کا پھر لیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابراہیم کو

فقبله وشمه ثم دخلنا عليه بعد ذلك وإبراهيم يجود بنفسه فجعلت عينا رسول الله صلى الله عليه وسلم تذرفان فقال

پھر بوسہ دیا انکو پھر آئے ہم اسکے پاس بعد اسکے ف اور ابراہیم سخاوت کرتے تھے اپنی جان کی ف پھر شروع کیا دونوں آنکھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنسو بہانا تب کہا

له عبد الرحمن بن عوف وأنت يا رسول الله فقال يا ابن عوف إنها رحمة ثم أتبعها بأخرى فقال إن العين تدمع والقلب

انسے عبد الرحمن ابن عوف نے اور آپ بھی روتے ہیں یا رسول اللہ تب فرمایا اے ابن عوف تحقیق آنسو نشانی رحمت کی ہیں پھر پیچھے اسکے دوسری بار روئے اور فرمایا کہ تحقیق آنکھیں آنسو بہاتی ہیں اور دل

يحزن ولا نقول إلا ما يرضى ربنا وإنا بفراقك يا إبراهيم لمحزونون متفق عليه **وعن** أسامة بن زيد قال أرسلت

غمگین ہوتا ہے اور نہیں کہتے ہم مگر وہ چیز کہ خوش ہو پروردگار ہمارا اور تحقیق ہم تیری جدائی سے اے ابراہیم البتہ غمگین ہیں ق اور روایت ہے اسامہ ابن زید سے کہا کہ بھیجا آدمی

ابنة النبي صلى الله عليه وسلم إليه أن ابنا لي قبض فأتنا فأرسل يقرئ السلام ويقول إن لله ما أخذ وله ما أعطى

بیٹی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ف حضرت کے پاس کہ تحقیق میرا بیٹا وفات دیا جاتا ہے سو آئیے ہمارے پاس تب حضرت نے آدمی بھیجا ف کہتے ہیں سلام اور فرماتے ہیں کہ

وكل عنده بأجل مسمى فلتصبر ولتحتسب فأرسلت إليه تقسم عليه ليأتينها فقام ومعه سعد بن عبادة ومعاذ

اور سب کے نزدیک ایک مدت مقرر تک ہے ف پھر چاہئے کہ صبر کرے اور چاہئے کہ امید ثواب کی رکھے پھر زینب نے بھیجا آدمی حضرت پاس قسم دیکر حضرت کو کہ تشریف لاویں انکے پاس پھر اٹھے اور انکے ساتھ سعد ابن عبادہ اور معاذ ابن

بن جبل وأبي بن كعب وزيد بن ثابت ورجال فرفع إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم الصبي ونفسه تتقعقع ففاضت

جبل اور ابی ابن کعب اور زید ابن ثابت اور کئی شخص پھر اٹھا کے لایا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس وہ لڑکا اور جان اسکی نکلتی تھی پھر آنسو بہا

عيناه فقال سعد يا رسول الله ما هذا فقال هذه رحمة جعلها الله في قلوب عباده فإنما يرحم الله من عباده الرحماء

انکی دونوں آنکھوں نے تب کہا سعد نے یا رسول اللہ کیا ہے یہ رونا تب فرمایا یہ نشان رحمت کا ہے کہ رکھا ہے اسکو اللہ نے دلوں میں بندوں کے پھر نہیں رحم کرتا ہے اللہ اپنے بندوں میں سے مگر

متفق عليه **وعن** عبد الله بن عمر قال اشتكى سعد بن عبادة شكوى له فأتاه النبي صلى الله عليه وسلم يعوده مع

ق اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمر سے کہا کہ بیمار ہوے سعد ابن عبادہ ایک بیماری کہ تھی انکو پھر آئے انکے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیمار پرسی کو انکے ساتھ

عبد الرحمن بن عوف وسعد بن أبي وقاص وعبد الله بن مسعود فلما دخل عليه فوجده في غاشية فقال قد قضى

اور احسان جتانے والا روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت بری خصلتوں سے آدمی کی دو خصلتیں ہیں ایک بخل

رَوَاهُ اَبُو دَاوُدَ وَسَنَذْكُرُ حَدِيثَ اَبِي هُرَيْرَةَ لَا يَجْتَمِعُ الشُّحُّ وَالْاِيمَانُ فِي كِتَابِ الْجِهَادِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَلْفَصْلُ

روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور اب ذکر کرینگے ہم حدیث ابی ہریرہ کی دوسرا اسکا یہ نہ جمع ہوگا بخل ایمان کے ساتھ کتاب الجہاد میں اگر چاہے اللہ تعالیٰ فصل

الثَّالِثُ عَنْ عَائِشَةَ رض اَنَّ بَعْضَ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّنَا اَسْرَعُ بِكَ لُحُوقًا

تیسری ۔ روایت ہے عائشہ رض سے مقرر بعضی بی بیاں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کون ہم میں سے پہلے مرکے ملیگی آپ سے

قَالَ اَطْوَلُكُنَّ يَدًا فَاَخَذُوا قَصَبَةً يَذْرَعُونَهَا فَكَانَتْ سَوْدَةُ اَطْوَلَهُنَّ يَدًا فَعَلِمْنَا بَعْدُ اَنَّمَا كَانَ طُولَ يَدِهَا الصَّدَقَةُ

فرمایا جسکا زیادہ لانبا ہو ہاتھ پھر ناپنے لگے گھر والے ایک لنبی لکڑی لیکر ہاتھ اپنے اپنے اور تھیں حضرت سودہ سب سے زیادہ لانبا ہاتھ والی سو جان لیا ہمنے بعد اسکے بس تھا مقصود درازی ہاتھ سے

وَكَانَتْ اَسْرَعَنَا لُحُوقًا بِهِ زَيْنَبُ وَكَانَتْ تُحِبُّ الصَّدَقَةَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِي رِوَايَةِ مُسْلِمٍ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

اور تھی ہم سبھوں سے جلدی ملنے والی حضرت سے زینب اور تھیں دوست رکھتی صدقہ دینے کو روایت کیا اسکو بخاری نے اور مسلم کی روایت میں یہ ہے کہا عائشہ نے فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْرَعُكُنَّ لُحُوقًا بِي اَطْوَلُكُنَّ يَدًا وَكَانَتْ يَتَطَاوَلْنَ اَيَّتُهُنَّ اَطْوَلُ يَدًا قَالَتْ فَكَانَتْ اَطْوَلَنَا يَدًا

صلی اللہ علیہ وسلم نے تم سبھوں سے جلدی ملنے والی مجھ سے وہ ہے کہ ہاتھ اسکا زیادہ لانبا ہو اور آپس میں جھگڑتی تھیں کہ کس کا ہاتھ زیادہ لانبا ہے کہا پھر تھی سب سے لانبے ہاتھ والی

زَيْنَبُ لِاَنَّهَا كَانَتْ تَعْمَلُ بِيَدِهَا وَتَصَدَّقُ وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رض اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ

زینب کیونکہ وہ کام کرتی اپنے ہاتھ سے اور خیرات کرتی تھی ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہا ایک مرد نے

لَاَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدِ سَارِقٍ فَاَصْبَحُوا يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلٰى سَارِقٍ فَقَالَ

البتہ دونگا میں صدقہ پھر نکالا صدقہ اپنا اور رکھ دیا ہاتھ میں چور کے پھر صبح کو لوگ کہنے لگے کہ صدقہ دیا گیا آج کی رات میں چور کو پھر کہا اس مرد نے

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى سَارِقٍ لَاَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدِ زَانِيَةٍ فَاَصْبَحُوا يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ

اے اللہ حمد ہے تیرا چور کو صدقہ دینے پر البتہ دونگا میں صدقہ پھر نکالا صدقہ اپنا اور رکھ دیا ہاتھ میں زنا کرنے والی کے پھر صبح کو لوگ آپس میں کرنے لگے صدقہ دیا گیا

اللَّيْلَةَ عَلٰى زَانِيَةٍ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى زَانِيَةٍ لَاَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدِ غَنِيٍّ فَاَصْبَحُوا

آج کی رات زانیہ عورت کو پھر کہا اس مرد نے الٰہی اللہ تیرا حمد ہے زانیہ کو صدقہ دینے پر البتہ دونگا میں صدقہ پھر نکالا صدقہ اپنا اور رکھ دیا ہاتھ میں مالدار کے پھر صبح کو

يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلٰى غَنِيٍّ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى سَارِقٍ وَزَانِيَةٍ وَغَنِيٍّ فَاُتِيَ فَقِيلَ لَهُ اَمَّا صَدَقَتُكَ عَلٰى

باتیں کرنے لگے لوگ کہ تصدق کیا گیا آج کی رات کو مالدار پر کہا اس نے اے اللہ تیرا حمد ہے صدقہ دینے پر چور اور زانیہ اور مالدار کو پھر کوئی خواب میں آکر کہا اسے اگر تو صدقہ دیا

سَارِقٍ فَلَعَلَّهُ اَنْ يَسْتَعِفَّ عَنْ سَرِقَتِهِ وَاَمَّا الزَّانِيَةُ فَلَعَلَّهَا اَنْ تَسْتَعِفَّ عَنْ زِنَاهَا وَاَمَّا الْغَنِيُّ فَلَعَلَّهُ اَنْ يَعْتَبِرَ

چور کو بھلا کیا عجب نہیں شاید وہ باز آوے چوری کرنے سے اور بہر صورت زانیہ سو شاید وہ بچ رہے زنا سے اس دن اور بہر صورت غنی سو شاید وہ عبرت پکڑے

فَيُنْفِقُ مِمَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُهُ لِلْبُخَارِيِّ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَا رَجُلٌ بِفَلَاةٍ مِنَ

پھر خرچ کرنے لگے اپنے مال سے کہ دیا اسکو اللہ نے ۔ اور عبارت اس حدیث کی بخاری میں ہے ۔ اور روایت ہے انہی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا ایک وقت میں ایک شخص جنگل بیابان

الْاَرْضِ فَسَمِعَ صَوْتًا فِي سَحَابَةٍ اِسْقِ حَدِيقَةَ فُلَانٍ فَتَنَحّٰى ذٰلِكَ السَّحَابُ فَاَفْرَغَ مَاءَهُ فِي حَرَّةٍ فَاِذَا شَرْجَةٌ مِنْ تِلْكَ

زمین میں پھر سنا اسنے ایک آواز ابر میں کہ کوئی یہی کہتا اسکو پانی پلا باغ میں فلانے شخص کے پھر وہاں سے ایک طرف چلا گیا وہ ابر اور برسا دیا اپنا پانی ایک پتھریلی زمین میں سو دیکھا کہ ایک نالی ان نالیوں میں سے

الشراج قد استوعبت ذلك الماء كله فتتبع الماء فإذا رجل قائم في حديقته يحول الماء بمسحاته فقال له يا عبد الله

نالیوں میں سے ایک نالی نے وہ سب پانی لے لیا پس اس پانی کے پیچھے چلا وہ مرد سو یکایک دیکھا ہے کہ ایک مرد کھڑا ہے اپنے باغ میں پھراتا ہوا پانی کو اپنے پھاوڑے سے پھر کہا اے اللہ کے بندے

ما اسمك قال فلان الاسم الذي سمع في السحابة فقال له يا عبد الله لم تسألني عن اسمي فقال إني سمعت صوتا

کیا نام ہے تیرا کہا فلانا وہی نام کہ سنا تھا اس مرد نے ابر میں پھر کہا باغ والا اس کو اے بندے اللہ کے کیوں پوچھتا ہے مجھ سے میرا نام تب کہا اس نے میں نے سنی ایک آواز

في السحاب الذي هذا ماؤه يقول اسق حديقة فلان لاسمك فما تصنع فيها قال أما إذا قلت هذا فإني أنظر إلى

ابر میں سے کہ یہ پانی جس ابر سے برسا ہے کہتا ہے کہ پانی دے باغ کو فلانے کے تیرا نام لیکر سو کیا کرتا ہے تو اس باغ میں کہا باغ والے نے جب تو نے مجھے کہا تو در کار نہ تھا کہنا لیکن

ما يخرج منها فأتصدق بثلثه وآكل أنا وعيالي ثلثا وأرد فيها ثلثه. رواه مسلم وعنه أنه سمع

حاصل پر اس باغ کے کہ کیا ہوتا ہے پھر تہائی اس کی خیرات کرتا ہوں اور کھاتا ہوں میں اور میرے بال بچے مل کر ایک تہائی اور خرچ کرتا ہوں اس باغ میں ایک تہائی نقل کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہ سنا

النبي صلى الله عليه وسلم يقول إن ثلاثة من بني إسرائيل أبرص وأقرع وأعمى فأراد الله أن يبتليهم فبعث

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تحقیق تھے تین شخص بنی اسرائیل کی قوم سے ایک کوڑھی اور دوسرا گنجا اور تیسرا اندھا پھر ارادہ کیا اللہ نے انکی آزمائش کا سو بھیجا

إليهم ملكا فأتى الأبرص فقال أي شيء أحب إليك قال لون حسن وجلد حسن ويذهب عني الذي

انکی طرف ایک فرشتے کو پھر آیا فرشتہ کوڑھی کے پاس اور کہا کونسی چیز زیادہ پیاری ہے تجھ کو کہا کوڑھی نے اچھا رنگ اور پوست اور جاتی رہے مجھ سے گھن کی چیز

قد قذرني الناس قال فمسحه فذهب عنه قذره وأعطي لونا حسنا وجلدا حسنا قال فأي المال

کہ گھناتے ہیں مجھ سے لوگ فرمایا حضرت نے پھر ہاتھ پھیر دیا اس پر سو جاتی رہی اس سے وہ گھناہٹ اور ملا اس کو رنگ اچھا اور پوست اچھا کہا فرشتے نے پھر کونسا مال

أحب إليك قال الإبل أو قال البقر شك إسحاق إلا أن الأبرص والأقرع قال أحدهما الإبل وقال الآخر البقر فأعطي

زیادہ پیارا ہے تجھ کو کہا اونٹ یا کہا گائے شک کیا اسحاق نے جو راوی ہے مگر کوڑھی نے یا گنجے نے کہا ایک نے اونٹ اور دوسرے نے کہا گائے پھر دی گئی اسکو

ناقة عشراء فقال بارك الله لك فيها قال فأتى الأقرع فقال أي شيء أحب إليك قال شعر حسن ويذهب

اونٹنی کہ اسکو دس مہینے کا حمل تھا پھر کہا فرشتے نے برکت دے اللہ تجھ کو اس میں فرمایا حضرت نے پھر آیا فرشتہ گنجے کے پاس اور کہا کونسی چیز زیادہ پیاری ہے تجھ کو کہا گنجے نے اچھے بال

عني هذا الذي قد قذرني الناس قال فمسحه فذهب عنه قال وأعطي شعرا حسنا قال فأي المال أحب إليك

اور جاتی رہے مجھ سے یہ بیماری کہ گھناتے ہیں مجھ سے لوگ فرمایا حضرت نے پھر ہاتھ پھیرا فرشتے نے اس پر سو جاتی رہی وہ بیماری اس سے فرمایا حضرت نے پھر دئیے گئے اسکو بال اچھے کہا فرشتے نے پھر کونسا مال زیادہ پیارا ہے تجھ کو

قال البقر فأعطي بقرة حاملا قال بارك الله لك فيها قال فأتى الأعمى فقال أي شيء أحب إليك قال أن يرد

کہا اس نے گائے پھر دی گئی اسکو گائے حاملہ کہا فرشتے نے برکت دے اللہ تجھ کو اس میں فرمایا حضرت نے پھر آیا فرشتہ اندھے کے پاس اور کہا کونسی چیز زیادہ پیاری ہے تجھ کو کہا اندھے نے یہ کہ پھیر دے

الله إلي بصري فأبصر به الناس قال فمسحه فرد الله إليه بصره قال فأي المال أحب إليك قال الغنم فأعطي

اللہ میری آنکھ میں بصارت کہ دیکھوں میں اس سے لوگوں کو فرمایا حضرت نے پھر ہاتھ پھیرا فرشتہ اس پر پھر دوبارہ دے دیا اللہ نے اسکو اسکی آنکھ کی روشنی کہا فرشتے نے پھر کونسا مال بہت پیارا ہے تجھ کو کہا اس نے بکری پھر دی گئی اسکو

شاة والدا فأنتج هذان وولد هذا فكان لهذا واد من الإبل ولهذا واد من البقر ولهذا واد من

بکری بہت جننے والی پھر اولاد بڑھائی اونٹ اور گائے کی ان دونوں نے اور اولاد بڑھائی بکری کی بکری والے نے سو ہوا کوڑھی کے پاس ایک جنگل اونٹوں کا اور گنجے کے پاس ایک جنگل گائیوں کا اور اندھے کے پاس ایک جنگل

الغنم قال ثم إنه أتى الأبرص في صورته وهيئته فقال رجل مسكين قد انقطعت بي الحبال في سفري

بکریوں کا فرمایا حضرت نے پھر وہ فرشتہ آیا کوڑھی کے پاس اپنی اگلی صورت اور شکل میں اور کہا میں ایک مسکین مرد ہوں تمام ہو گئے میرے اسباب اور حیلے میرے سفر میں۔

فَلَا بَلَاغَ لِيَ الْيَوْمَ إِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ بِكَ أَسْأَلُكَ بِالَّذِي أَعْطَاكَ اللَّوْنَ الْحَسَنَ وَالْجِلْدَ الْحَسَنَ وَالْمَالَ بَعِيرًا أَتَبَلَّغُ بِهِ فِي

سو نہیں ہے پہنچنے کی صورت مجھے آج کے دن مگر خدا کے فضل سے پھر تیری مدد سے سوال کرتا ہوں تجھ سے اس کا واسطہ دیکر کہ دیا اللہ نے تجھے اچھا رنگ اور اچھا پوست اور مال ایک اونٹ کا کہ پہنچوں اس کے سبب

سَفَرِي فَقَالَ الْحُقُوقُ كَثِيرَةٌ فَقَالَ لَهُ كَأَنِّي أَعْرِفُكَ أَلَمْ تَكُنْ أَبْرَصَ يَقْذَرُكَ النَّاسُ فَقِيرًا فَأَعْطَاكَ اللّٰهُ فَقَالَ إِنَّمَا

اپنے سفر میں مقصود کو تو کہا کوڑھی نے حقدار بہت ہیں تب کہا فرشتے نے گویا میں پہچانتا ہوں تجھ کو کیا نہ تھا تو کوڑھی کہ گھن کھاتے تھے تجھ سے لوگ اور فقیر پھر دیا تجھے اللہ نے مال پھر کہا کوڑھی نے

وَرِثْتُ هٰذَا الْمَالَ كَابِرًا عَنْ كَابِرٍ فَقَالَ إِنْ كُنْتَ كَاذِبًا فَصَيَّرَكَ اللّٰهُ إِلَى مَا كُنْتَ قَالَ وَأَتَى الْأَقْرَعَ فِي صُورَتِهِ

وارث ہوا ہوں میں اس مال کا اپنے باپ دادا سے پھر کہا فرشتے نے اگر ہو تو جھوٹا کر دیوے تجھے اللہ جیسا تھا تو فرمایا حضرت نے اور آیا فرشتہ گنجے کے پاس اپنی اگلی صورت میں

فَقَالَ لَهُ مِثْلَ مَا قَالَ لِهٰذَا وَرَدَّ عَلَيْهِ مِثْلَ مَا رَدَّ عَلَى هٰذَا فَقَالَ إِنْ كُنْتَ كَاذِبًا فَصَيَّرَكَ اللّٰهُ إِلَى مَا كُنْتَ قَالَ وَأَتَى

پھر کہا گنجے کو جیسا کہا تھا کوڑھی کو اور بد دعا دی گنجے نے جیسی بد دعا دی کوڑھی کو پھر کہا فرشتے نے اگر جھوٹا ہو تو پھر کرے اللہ تجھ کو جیسا تھا تو فرمایا حضرت نے اور آیا فرشتہ

الْأَعْمَى فِي صُورَتِهِ وَهَيْئَتِهِ فَقَالَ رَجُلٌ مِسْكِينٌ وَابْنُ سَبِيلٍ انْقَطَعَتْ بِيَ الْحِبَالُ فِي سَفَرِي فَلَا بَلَاغَ لِيَ

اندھے کے پاس اگلی شکل و صورت میں پھر کہا میں ایک مسکین مرد ہوں اور مسافر ہوں ٹوٹ گئے ہیں سب حیلے اور اسباب میرے سفر میں پھر پہنچنے کی جا نہیں مجھ کو

الْيَوْمَ إِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ بِكَ أَسْأَلُكَ بِالَّذِي رَدَّ عَلَيْكَ بَصَرَكَ شَاةً أَتَبَلَّغُ بِهَا فِي سَفَرِي فَقَالَ قَدْ كُنْتُ أَعْمَى فَرَدَّ اللّٰهُ

آج کے دن مگر اللہ کے فضل سے پھر تیری مدد سے سوال کرتا ہوں تجھ سے اس اللہ کا واسطہ دیکر کہ پھیر دی تیری آنکھوں کی روشنی ایک بکری کا کہ پہنچوں میں اس سے اپنے سفر میں مقصود کو تب کہا اندھے نے تھا میں اندھا پھر دے دیا اللہ نے

إِلَيَّ بَصَرِي فَخُذْ مَا شِئْتَ وَدَعْ مَا شِئْتَ فَوَاللّٰهِ لَا أَجْهَدُكَ الْيَوْمَ بِشَيْءٍ أَخَذْتَهُ لِلّٰهِ فَقَالَ أَمْسِكْ مَالَكَ

میری آنکھ میں روشنی سو لے جا جو چاہے اور چھوڑ دے جتنا چاہے تو پھر قسم اللہ کی نہ منع کروں گا میں تجھ کو آج کے دن کسی چیز سے کہ لیوے تو واسطے اللہ کے پھر کہا فرشتے نے رکھ چھوڑ مال اپنا

فَإِنَّمَا ابْتُلِيتُمْ فَقَدْ رَضِيَ عَنْكَ وَسَخِطَ عَلَى صَاحِبَيْكَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ. وَعَنْ أُمِّ بُجَيْدٍ رض قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ

پھر بس آزمائے گئے تم تینوں سو تحقیق راضی ہوا اللہ تجھ سے اور غصہ ہوا اوپر دونوں ساتھیوں تیرے۔ اور روایت ہے ام بجید رض سے کہا بولی میں اے رسول اللہ کے

إِنَّ الْمِسْكِينَ لَيَقِفُ عَلَى بَابِي حَتَّى أَسْتَحْيِيَ فَلَا أَجِدُ فِي بَيْتِي مَا أَدْفَعُ فِي يَدِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

بیشک مسکین کھڑا رہتا ہے میرے دروازے پر یہاں تک کہ شرم آتی ہے مجھ کو پھر نہیں پاتی میں گھر میں جو دوں اس کے ہاتھ میں سو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ادْفَعِي فِي يَدِهِ وَلَوْ ظِلْفًا مُحْرَقًا. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ. وَعَنْ

علیہ وسلم نے دے اس کے ہاتھ میں اگرچہ کھری جلی ہوئی ہو روایت کیا اس کو احمد اور ابو داؤد اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت ہے

مَوْلًى لِعُثْمَانَ رض قَالَ أُهْدِيَ لِأُمِّ سَلَمَةَ بَضْعَةٌ مِنْ لَحْمٍ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ اللَّحْمُ فَقَالَتْ لِلْخَادِمِ

حضرت عثمان کے ایک آزاد کیے ہوئے غلام سے کہا کہ ہدیہ دیا گیا حضرت ام سلمہ کو ایک گوشت کا ٹکڑا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اچھا معلوم ہوتا تھا گوشت سو کہا ام سلمہ نے خادم کو رکھ

ضَعِيهِ فِي الْبَيْتِ لَعَلَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُهُ فَوَضَعَتْهُ فِي كُوَّةِ الْبَيْتِ وَجَاءَ سَائِلٌ فَقَامَ عَلَى الْبَابِ فَقَالَ

رکھ دے گوشت کا ٹکڑا گھر میں شاید نبی صلی اللہ علیہ وسلم کھاویں اس کو سو رکھ دیا اس نے گوشت کا ٹکڑا طاقچے میں گھر کے اور آیا ایک مانگنے والا پھر کھڑا ہوا دروازے پر اور کہا

تَصَدَّقُوا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمْ فَقَالُوا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ فَذَهَبَ السَّائِلُ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا أُمَّ

خیرات دو برکت دے اللہ تمہاری روزی میں کہا گھر والوں نے برکت دے اللہ تیرے سوال میں تب چلا گیا مانگنے والا پھر گھر میں آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پھر فرمایا اے ام

سَلَمَةَ هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ أَطْعَمُهُ فَقَالَتْ نَعَمْ قَالَتْ لِلْخَادِمِ اذْهَبِي فَأْتِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ اللَّحْمِ

سلمہ کیا تمہارے پاس کچھ ہے کہ کھاؤں میں کہا ام سلمہ نے ہاں بولی ام سلمہ خادم کو جا اور لا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو اس گوشت کو

فذهبت فلم تجد في الكوة إلا قطعة مروة فقال النبي صلى الله عليه وسلم فإن ذلك اللحم عاد مروة لما لم تعطوه

سو گیا خادم پھر تو پایا طاقچے میں کچھ مگر پتھر کا ٹکڑا پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر وہ گوشت ہو گیا پتھر تمہارے نہ دینے کے سبب سے

السائل رواه البيهقي في دلائل النبوة وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ألا أخبركم بشر

مانگنے والے کو روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب دلائل النبوۃ میں اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ خبر دوں میں تم کو بدتر

الناس منزلا قيل نعم قال الذي يسأل بالله ولا يعطي به رواه أحمد وعن أبي ذر رض أنه استأذن على عثمان

لوگوں کی مرتبے کی رو سے کہا لوگوں نے ہاں خبر دیجئے فرمایا وہ شخص ہے کہ کوئی سوال کرے اس سے اللہ کا واسطہ دیکر اور نہ دے خدا کا نام سنکر روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابو ذر رض سے کہ انہوں نے اجازت طلب کی حضرت عثمان

فأذن له وبيده عصاه فقال عثمان يا كعب إن عبد الرحمن توفي وترك مالا فما ترى فيه فقال إن كان يصل

سو اجازت دی اور ہاتھ میں کعب ابو ذر کے لاٹھی تھی پھر کہا حضرت عثمان نے اے کعب عبد الرحمن مر گیا اور چھوڑ گیا مال کو پھر کیا دیکھتا ہے تو اسکے حق میں سو کہا کعب نے اگر دیتا تھا

فيه حق الله فلا بأس عليه فرفع أبو ذر عصاه فضرب كعبا وقال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ما

مال سے حق اللہ کا تو کچھ مضایقہ نہیں پھر اٹھائی ابو ذر نے لاٹھی اپنی اور مارا کعب کو اور کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے

أحب لو أن لي هذا الجبل ذهبا أنفقه ويتقبل مني أذر خلفي منه ست أواقي أنشدك بالله يا عثمان أسمعته

میں دوست نہیں رکھتا اگر ہو میرے لئے یہ پہاڑ سونے کا کہ خرچ کروں میں اسکو اور قبول کرے اللہ مجھ سے اس بات کو کہ چھوڑ جاؤں میں اپنے پیچھے اس میں سے چھ اوقیہ کہا ابو ذر

ثلاث مرات قال نعم رواه أحمد وعن عقبة بن الحارث رض قال صليت وراء النبي صلى الله عليه وسلم

تین بار کہا عثمان نے ہاں روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے عقبہ ابن حارث رض سے کہا پڑھی میں نے پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

بالمدينة العصر فسلم ثم قام مسرعا فتخطى رقاب الناس إلى بعض حجر نسائه ففزع الناس من سرعته

مدینے میں نماز عصر کی سو سلام پھیرا حضرت نے پھر کھڑے ہو جلدی سے پھر پھاند کر چلے گئے گردنوں پر سے لوگوں کی بعضے حجروں کی طرف اپنی بیبیوں کے سو گھبرا گئے لوگ حضرت کے جلدی جانے سے

فخرج عليهم فرأى أنهم قد عجبوا من سرعته قال ذكرت شيئا من تبر عندنا فكرهت أن يحبسني فأمرت

پھر باہر آئے حضرت لوگوں کے پاس پھر دیکھا حضرت نے کہ لوگوں نے تعجب کیا جلدی جانے سے آپ کے فرمایا یاد آیا مجھے تھوڑا خالص سونا کہ ہمارے پاس تھا سو برا جانا میں نے کہ روک دے مجھے اللہ کی راہ سے پھر حکم کر دیا

بقسمته رواه البخاري وفي رواية له قال كنت خلفت في البيت تبرا من الصدقة فكرهت أن أبيته

اسکے بانٹنے کا روایت کیا اسکو بخاری نے اور دوسری روایت میں بخاری کی فرمایا حضرت نے چھوڑ آیا تھا میں گھر میں خالص سونا زکوۃ کا سو چاہا نہ لگا مجھکو رات کو رکھوں میں اسے

وعن عائشة رض أنها قالت كان لرسول الله صلى الله عليه وسلم عندي في مرضه ستة دنانير أو سبعة

اور روایت ہے عائشہ رض سے بیشک اسنے کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیماری میں انکی چھ یا سات دینار

فأمرني رسول الله صلى الله عليه وسلم أن أفرقها فشغلني وجع نبي الله صلى الله عليه وسلم ثم سألني عنها ما

سو حکم کیا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے بانٹنے کا پھر بھلا دیا مجھے بانٹنا درد نبی کا اللہ کے صلی اللہ علیہ وسلم پھر پوچھا حضرت نے مجھ سے ان دیناروں کا

فعلت الستة أو السبعة قالت لا والله لقد كان شغلني وجعك فدعا بها ثم وضعها في كفه فقال ما ظن نبي الله

ہوئے چھ یا سات دینار بولی قسم اللہ کی بھلا دیا تھا مجھے اسکا بانٹنا درد آپ کا پھر منگوایا حضرت نے ان دیناروں کو پھر رکھا اپنے ہاتھ میں پھر فرمایا کیسی گمان نبی کو اللہ کے

لو لقي الله عز وجل وهذه عنده رواه أحمد وعن أبي هريرة رض أن النبي صلى الله عليه وسلم دخل على بلال

اگر ملتا اللہ سے جو عالی اور بزرگ ہے یہ دینار پاس رکھ کر روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے بلال کے پاس

وَعِنْدَهُ صُبْرَةٌ مِنْ تَمْرٍ فَقَالَ مَا هٰذَا يَا بِلَالُ قَالَ شَيْءٌ ادَّخَرْتُهُ لِغَدٍ فَقَالَ أَمَا تَخْشٰى أَنْ تَرٰى لَهُ غَدًا بُخَارًا فِي نَارِ جَهَنَّمَ

اس وقت میں کہ بلال کے پاس ایک ڈھیری خرمے کی تھی پھر فرمایا یہ کیا ہے اے بلال کہا کچھ خرمے ہیں کہ رکھ چھوڑا ہے میں نے کل کے لئے پھر فرمایا کیا نہیں ڈرتا تو اس سے کہ دیکھے تو

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ أَنْفِقْ يَا بِلَالُ وَلَا تَخْشَ مِنْ ذِي الْعَرْشِ إِقْلَالًا وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّخَاءُ شَجَرَةٌ فِي

قیامت کے دن ف خرچ کر اے بلال اور مت ڈر عرش والے سے کہ کم کر دیگا ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سخاوت ایک درخت ہے

الْجَنَّةِ فَمَنْ كَانَ سَخِيًّا أَخَذَ بِغُصْنٍ مِنْهَا فَلَمْ يَتْرُكْهُ الْغُصْنُ حَتّٰى يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ وَالشُّحُّ شَجَرَةٌ فِي النَّارِ فَمَنْ كَانَ شَحِيحًا

بہشت میں پھر جو کوئی سخی ہے پکڑتا ہے ایک شاخ اسکی پھر نہیں چھوڑتی اس شخص کو وہ شاخ یہاں تک داخل کرے اسکو بہشت میں اور بخل ایک درخت ہے دوزخ میں پھر جو کوئی بخیل

أَخَذَ بِغُصْنٍ مِنْهَا فَلَمْ يَتْرُكْهُ الْغُصْنُ حَتّٰى يُدْخِلَهُ النَّارَ رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَعَنْ عَلِيٍّ رض قَالَ قَالَ

پکڑتا ہے ایک شاخ اس درخت کی پھر نہیں چھوڑتی اسکو وہ شاخ یہاں تک کہ داخل کرے اسکو دوزخ میں روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور روایت ہے علی رض سے کہا فرمایا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَادِرُوا بِالصَّدَقَةِ فَإِنَّ الْبَلَاءَ لَا يَتَخَطَّاهَا رَوَاهُ رَزِيْنٌ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جلدی کرو صدقہ دینے میں کیونکہ آفت تجاوز نہیں کرتی صدقہ سے ف روایت کیا اسکو رزین نے

بَابُ فَضْلِ الصَّدَقَةِ

یہ باب بیان میں صدقہ کی بزرگی کے

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَصَدَّقَ بِعَدْلِ تَمْرَةٍ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ وَلَا

پہلی ۔ روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی صدقہ دیوے برابر قیمت ایک خرمے کے پاک کمائی سے

يَقْبَلُ اللّٰهُ إِلَّا الطَّيِّبَ فَإِنَّ اللّٰهَ يَتَقَبَّلُهَا بِيَمِينِهِ ثُمَّ يُرَبِّيهَا لِصَاحِبِهَا كَمَا يُرَبِّي أَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ حَتّٰى تَكُونَ مِثْلَ الْجَبَلِ

قبول کرتا اللہ سوا پاک کے سو بیشک اللہ قبول کرتا ہے اسکو اپنے داہنے ہاتھ سے پھر بڑھاتا ہے اسکو صدقہ دینے والے کے لئے جیسا پالتا ہے کوئی تم میں گھوڑے کے بچے کو یہاں تک کہ ہو جاتا ہے وہ صدقہ مانند پہاڑ کے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِنْ مَالٍ وَمَا زَادَ اللّٰهُ عَبْدًا بِعَفْوٍ

ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کم نہ کیا کوئی صدقہ کچھ کسی مال سے اور زیادہ نہ کیا اللہ کسی بندے کے لئے سبب عفو کے

إِلَّا عِزًّا وَمَا تَوَاضَعَ أَحَدٌ لِلّٰهِ إِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَنْفَقَ زَوْجَيْنِ

مگر عزت کو ف اور نہیں عاجزی کی کسی نے واسطے اللہ کے مگر درجہ بڑھایا اسکا اللہ نے روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے خرچ کیا دو دو

مِنْ شَيْءٍ مِنَ الْأَشْيَاءِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ دُعِيَ مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ وَلِلْجَنَّةِ أَبْوَابٌ فَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصَّلٰوةِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّلٰوةِ

چیزیں دنیا کی چیزوں میں سے ف اللہ کی راہ میں بلایا جائیگا دروازوں سے جنت کے اور متعدد دروازے ہیں جنت کے ف پھر جو کوئی نمازیوں میں سے ہو بلایا جائیگا نماز کے دروازے سے

وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الْجِهَادِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الْجِهَادِ وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصَّدَقَةِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّدَقَةِ وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ

اور جو کوئی مجاہدین سے ہو بلایا جائیگا جہاد کے دروازے سے اور جو ہو صدقہ دینے والوں سے بلایا جائیگا دروازے سے صدقے کے اور جو ہو

الصِّيَامِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الرَّيَّانِ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ مَا عَلٰى مَنْ دُعِيَ مِنْ تِلْكَ الْأَبْوَابِ مِنْ ضَرُورَةٍ فَهَلْ يُدْعٰى أَحَدٌ مِنْ تِلْكَ الْأَبْوَابِ

روزہ داروں سے بلایا جائیگا اس دروازے سے کہ پیاس مار دیگا پھر کہا ابو بکر نے اول تو نہیں ضرور ہے اسکو کہ بلایا جاوے ایک دروازے سے اس بات کی کہ بلایا جاوے سبھی دروازوں سے پھر بھی کوئی بلایا جاویگا ان سب دروازوں سے جنت کے

كُلِّهَا قَالَ نَعَمْ وَأَرْجُو أَنْ تَكُونَ مِنْهُمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَصْبَحَ مِنْكُمُ

فرمایا ہاں اور مجھے امید ہے کہ تو ان میں سے ہو ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسنے صبح کی تم میں سے

الْيَوْمَ صَائِمًا قَالَ أَبُو بَكْرٍ أَنَا قَالَ فَمَنْ تَبِعَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ جَنَازَةً قَالَ أَبُو بَكْرٍ أَنَا قَالَ فَمَنْ أَطْعَمَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ مِسْكِينًا قَالَ أَبُو بَكْرٍ أَنَا

آج کے دن روزہ رکھ کر کہا ابو بکر نے میں فرمایا پھر کسنے پیچھے کیا تم میں سے آج کے دن جنازے کے کہا ابو بکر نے میں فرمایا پھر کسنے کھانا دیا تم میں سے آج کے دن مسکین کو کہا ابو بکر نے میں

قال من عاد منكم اليوم مريضا قال أبو بكر أنا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما اجتمعن في امرئ إلا دخل الجنة

فرمایا پھر تم میں سے عیادت کی تم میں سے آج کے دن بیمار کی کہا ابوبکر نے میں تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں جمع ہونگی اتنی خصلتیں کسی مرد میں مگر داخل ہوگا جنت میں

رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا نساء المسلمات لا تحقرن جارة لجارتها ولو فرسن شاة متفق

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے مسلمان عورتو نہ حقیر سمجھے خیرات اور ہدیہ کو کوئی ہمسایہ اپنی ہمسائی کے لیے اگرچہ بکری کا کھر ہو

عليه وعن جابر وحذيفة رض قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل معروف صدقة متفق عليه وعن أبي ذر

ق ۔ اور روایت ہے جابر اور حذیفہ رض سے کہا دونوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب نیک کام ثواب صدقہ کا رکھتے ہیں ق ۔ اور روایت ہے ابی ذر رض

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تحقرن من المعروف شيئا ولو أن تلقى أخاك بوجه طليق رواه مسلم

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حقیر مت سمجھو نیکی سے کسی چیز کو اگرچہ اتنی ہی ہو کہ ملے تو اپنے بھائی مسلمان سے کشادہ رو ہو کر روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن أبي موسى الأشعري رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم على كل مسلم صدقة قالوا فإن لم يجد قال

اور روایت ہے ابی موسی اشعری رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لازم ہے ہر مسلمان پر صدقہ دینا کہا اصحاب نے پھر اگر نہ پاوے فرمایا

فليعمل بيديه فينفع نفسه ويتصدق قالوا فإن لم يستطع أو لم يفعل قال فيعين ذا الحاجة الملهوف قالوا

محنت کرے اپنے دونوں ہاتھوں سے پھر کام چلاوے اپنی جان کا اور صدقہ دے کہا پھر اگر نہ طاقت رکھے یا نہ کر جانے پھر مدد کرے حاجت والے مظلوم کی کہا

فإن لم يفعل قال فيأمر بالخير قالوا فإن لم يفعل قال فيمسك عن الشر فإنه له صدقة متفق عليه وعن أبي هريرة

پھر اگر نہ کر سکے فرمایا حکم کرے نیکی کا کہا پھر اگر نہ کر سکے فرمایا باز رہے برائی سے پھر یہی اسکے حق میں صدقہ ہے ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ

رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل سلامى من الناس عليه صدقة كل يوم تطلع فيه الشمس يعدل بين

رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر جوڑ بند پر آدمی کے صدقہ لازم ہے ہر روز کہ نکلتا ہے آفتاب انصاف کرنا درمیان

اثنين صدقة ويعين الرجل على دابته فيحمل عليها أو يرفع عليها متاعه صدقة والكلمة الطيبة صدقة وكل

دو شخص کے ثواب صدقہ کا رکھتا ہے اور مدد کرنا کسی کی اسکے جانور پر پھر سوار کروا دے اسکو اس پر یا لدوا دے اسباب اسکا اس پر ثواب صدقہ کا رکھتا ہے اور اچھی بات ثواب صدقہ

خطوة يخطوها إلى الصلاة صدقة ويميط الأذى عن الطريق صدقة متفق عليه وعن عائشة رض قالت قال رسول

قدم کہ چلتا ہے آدمی مسجد میں جا کر نماز ادا کرنے ثواب صدقہ کا رکھتا ہے اور دور کرنا ایذا کی چیز کو راہ سے ثواب صدقہ کا رکھتا ہے ق ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم خلق كل إنسان من بني آدم على ستين وثلاثمائة مفصل فمن كبر الله وحمد الله وهلل الله

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنایا گیا ہر آدمی آدم کی اولاد سے تین سو ساٹھ بند پر پھر جو کوئی بڑائی کرے اللہ کی اور تعریف کرے اللہ کی اور توحید بیان کرے اللہ کی

وسبح الله واستغفر الله وعزل حجرا عن طريق الناس أو شوكة أو عظما أو أمر بالمعروف أو نهى عن منكر عدد تلك

اور پاکی بیان کرے اللہ کی اور مغفرت مانگے اللہ سے اور کنارے کر دے پتھر کو راہ سے لوگوں کی یا کانٹے کو یا ہڈی کو یا حکم کرے بھلی بات کا یا منع کرے بری بات سے کرے بموافق گنتی

الستين والثلاث مائة فإنه يمشي يومئذ وقد زحزح نفسه عن النار رواه مسلم وعن أبي ذر رض قال قال

تین سو ساٹھ بند کے تو وہ شخص چلیگا اس دن پھر بچا کر اپنی جان کو دوزخ سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم إن بكل تسبيحة صدقة وكل تكبيرة صدقة وكل تحميدة صدقة وكل تهليلة صدقة

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک ہر تسبیح ثواب صدقہ کا رکھتی ہے اور ہر تکبیر ثواب صدقہ کا رکھتی ہے اور ہر تحمید ثواب صدقہ کا رکھتی ہے اور ہر تہلیل ثواب صدقہ

وأمر بالمعروف صدقة ونهي عن المنكر صدقة وفي بضع أحدكم صدقة قالوا يا رسول الله أيأتي أحدنا شهوته

اور حکم کرنا بھلی بات کا صدقہ کا ثواب رکھتا ہے اور منع کرنا بری بات سے صدقہ کا ثواب رکھتا ہے اور جورو سے جماع کرنا بھی تو صدقہ کا پانا ہے کہا اے رسول اللہ کے کیا پورا کرتا ہے کوئی ہم میں خواہش اپنی

ويكون له فيها أجر قال أرأيتم لو وضعها في حرام أكان عليه فيه وزر فكذلك إذا وضعها في الحلال كان له

تو بھی ملیگا اسکو اس میں ثواب فرمایا بتاؤ تو اگر خرچ کرے شہوت اپنی حرام میں تو ہوگا اس پر گناہ پھر اسی طرح جب خرچ کرے شہوت حلال میں ملیگا اسکو

أجر رواه مسلم وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم نعم الصدقة اللقحة الصفي منحة

ثواب روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھا سب صدقوں سے اونٹنی دینا ہے بہت دودھ

والشاة الصفي منحة تغدو بإناء وتروح بآخر متفق عليه وعن أنس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه

اور بکری دینا ہے بہت دودھ والی کہ صبح کو ایک برتن اور شام کو ایک برتن × ق × اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم ما من مسلم يغرس غرسا أو يزرع زرعا فيأكل منه إنسان أو طير أو بهيمة إلا كانت له صدقة متفق

وسلم نے جو مسلمان لگاتا ہے کسی درخت کو یا بوتا ہے کھیتی پھر کھاوے اس سے کوئی آدمی یا پرندہ یا چارپایہ ملتا ہے اسکو ثواب صدقہ کا × ق ×

عليه وفي رواية لمسلم عن جابر وما سرق منه له صدقة وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى

اور مسلم کی روایت میں جابر سے اور جو چوری جاتا ہے اس سے ملتا ہے اسکو ثواب صدقہ کا × اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم غفر لامرأة مومسة مرت بكلب على رأس ركي يلهث كاد يقتله العطش فنزعت خفها

اللہ علیہ وسلم نے گناہ بخشے گئے ایک حرام کار عورت کے اتنی بات پر کہ گذری آگے سے ایک کتے پر جو کھڑا تھا کنارے کنوے کے زبان لٹکایا ہوا قریب تھا کہ مار ڈالے اسکو پیاس تو اتارا موزہ اپنا

فأوثقته بخمارها فنزعت له من الماء فغفر لها بذلك قيل إن لنا في البهائم أجرا قال في كل ذات كبد رطبة

پھر باندھی اسکو اپنی اوڑھنی سے پھر نکالا اسنے پانی کتے کو پلانے سو گناہ بخشے گئے اسکے اس سبب سے کہا کسی نے بیشک ہمکو احسان کرنے میں چارپایوں کے ثواب ہے فرمایا ہر تر جگر والے

أجر متفق عليه وعن ابن عمر وأبي هريرة رض قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عذبت امرأة في هرة أمسكتها

میں ثواب ہے × ق × اور روایت ہے ابن عمر اور ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عذاب کی گئی ایک عورت بلی کے سبب باندھ رکھی

حتى ماتت من الجوع فلم تكن تطعمها ولا ترسلها فتأكل من خشاش الأرض متفق عليه وعن أبي هريرة رض قال

یہاں تک کہ مرگئی بھوک سے سو نہ کچھ کھلاتی اسکو اور نہ چھوڑ دی کہ کھاوے کیڑے زمین کے × ق × اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مر رجل بغصن شجرة على ظهر طريق فقال لأنحين هذا عن طريق المسلمين

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چلتے ہوئے نظر پڑی ایک مرد کی ایک درخت کی ڈالی پر کہ راستے پر بڑھ کر آئی تھی پھر کہا بیشک کنارے کردونگا میں اسکو مسلمانوں کی راہ سے

لا يؤذيهم فأدخل الجنة متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لقد رأيت رجلا يتقلب في الجنة

تا ایذا نہ دے ان کو اتنی بات پر داخل ہوا جنت میں × ق × اور روایت ہے انہی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق دیکھا میں نے ایک مرد کو چین کرتا ہوا بہشت میں

في شجرة قطعها من ظهر الطريق كانت تؤذي الناس رواه مسلم وعن أبي هريرة رض قال قلت يا نبي الله

بسبب ایک درخت کاٹنے کے راستے پر سے کہ ایذا دیتا تھا لوگوں کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا عرض کی میں نے اے نبی اللہ کے

علمني شيئا أنتفع به قال اعزل الأذى عن طريق المسلمين رواه مسلم وسنذكر حديث عدي بن حاتم اتقوا

سکھاؤ مجھے ایسی چیز کہ نفع پاؤں میں اس سے فرمایا کنارے کر ایذا کی چیز مسلمانوں کی راہ سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور آگے چل کر ذکر کرینگے ہم حدیث کو عدی بن حاتم کی جو شروع اسکا یہ ہے بچو

النار فی باب علامات النبوۃ ان شاء اللہ تعالیٰ

الفصل الثانی

عن عبد اللہ بن سلام رض قال لما قدم النبی صلی اللہ علیہ وسلم المدینۃ جئت فلما تبینت وجہہ عرفت ان وجہہ لیس بوجہ کذاب فکان اول ما قال یا ایہا الناس افشوا السلام واطعموا الطعام وصلوا الارحام وصلوا باللیل والناس نیام تدخلوا الجنۃ بسلام رواہ الترمذی وابن ماجۃ والدارمی

آگ سے باب میں علامات نبوت کے اگر چاہے اللہ تعالیٰ ف دوسری فصل × روایت ہے عبد اللہ بن سلام رض سے کہا جب تشریف لائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینے میں آیا میں حضرت کے پاس پھر جب تامل کیا حضرت کے چہرہ مبارک میں پہچانا میں نے بیشک چہرہ حضرت کا جھوٹے کا چہرہ نہیں پھر تھی پہلی نصیحت جو حضرت نے فرمائی اے لوگو بلند آواز سے سلام کیا کرو آپس میں اور کھانا دو محتاج کو اور احسان کرو قرابت والوں سے اور نماز ادا کرو رات کو جب لوگ سوتے رہیں تاکہ داخل ہو بہشت میں سلامتی کے ساتھ × روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے

وعن عبد اللہ بن عمرو رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعبدوا الرحمن واطعموا الطعام وافشوا السلام تدخلوا الجنۃ بسلام رواہ الترمذی وابن ماجۃ

× اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبادت کرو مہربان خدا کی اور کھانا دو محتاج کو اور جب جا کر و سلام کا کہ چلے جاؤ جنت میں سلامتی سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

وعن انس رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الصدقۃ لتطفئ غضب الرب وتدفع میتۃ السوء رواہ الترمذی

× اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر صدقہ ٹھنڈا کرتا ہے غضب کو رب کے اور دور کرتا ہے بری موت کو روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن جابر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کل معروف صدقۃ وان من المعروف ان تلقی اخاک بوجہ طلق وان تفرغ من دلوک فی اناء اخیک رواہ احمد والترمذی

× اور روایت ہے جابر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب بھلی باتیں صدقے کا ثواب رکھتی ہیں اور مقرر بھلی باتوں میں داخل ہے اپنے بھائی مسلمان سے خوش خلقی کے ساتھ ملنا اور پانی ڈالے اپنے ڈول سے برتن میں اپنے بھائی کے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے

وعن ابی ذر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تبسمک فی وجہ اخیک صدقۃ وامرک بالمعروف صدقۃ ونہیک عن المنکر صدقۃ وارشادک الرجل فی ارض الضلال لک صدقۃ وبصرک للرجل الردیء البصر لک صدقۃ واماطتک الحجر والشوک والعظم عن الطریق لک صدقۃ وافراغک من دلوک فی دلو اخیک لک صدقۃ رواہ الترمذی وقال ہذا حدیث غریب

× اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسکرانا تیرا تیرے بھائی مسلمان کے سامنے اور حکم کرنا بھلی بات کا اور منع کرنا بری بات سے ان سب کاموں میں صدقے کا ثواب ہے اور ہدایت کرنا تیرا ایک مرد کو گمراہ ملک میں اور مدد کرنا تیرا اس مرد کو جسکی آنکھ میں کچھ نقصان ہے اور دور کرنا پتھر اور کانٹے اور ہڈی کو راہ سے اور پانی ڈالنا تیرا اپنے ڈول سے بھائی مسلمان کے ڈول میں یہ سب کام تیرے حق میں حکم صدقے کا رکھتے ہیں روایت کیا ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے

وعن سعد بن عبادۃ رض قال یا رسول اللہ ان ام سعد ماتت فای الصدقۃ افضل قال الماء فحفر بئرا وقال ہذہ لام سعد رواہ ابو داؤد والنسائی

× اور روایت ہے سعد ابن عبادہ رض سے کہا انہوں نے اے رسول اللہ کے بیشک ماں سعد کی مر گئی سو کون سا صدقہ بہتر ہے ف فرمایا پانی سب سے بہتر ہے پھر کھدوایا انہوں نے کنواں اور کہا یہ سعد کی ماں کے واسطے ہے × روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے

وعن ابی سعید رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایما مسلم کسا مسلما ثوبا علی عری کساہ اللہ من خضر الجنۃ وایما مسلم اطعم مسلما

× اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو مسلمان کہ کپڑا پہناوے کسی مسلمان کو پہناویگا اسکو اللہ جنت کے سبز کپڑے اور جو مسلمان کہ کھلاوے کسی مسلمان کو

عَلٰی جُوْعٍ اَطْعَمَهُ اللّٰهُ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ وَاَيُّمَا مُسْلِمٍ سَقٰی مُسْلِمًا عَلٰی ظَمَاٍ سَقَاهُ اللّٰهُ مِنَ الرَّحِيْقِ الْمَخْتُوْمِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ
بھوک میں کھلاویگا اسکو اللہ میوہ جنت سے اور جو مسلمان کہ پلاوے کسی مسلمان کو پیاس میں پلاویگا اسکو اللہ مہر کی ہوئی شراب روایت کیا اسکو ابوداؤد اور

التِّرْمِذِیُّ وَعَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ رض قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِی الْمَالِ لَحَقًّا سِوَی الزَّكٰوةِ ثُمَّ تَلَا
ترمذی نے اور روایت ہے فاطمہ رض سے بیٹی قیس کی کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک مال میں اور بھی حق ہے سوا زکوٰۃ کے پھر پڑھا

لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ الْاٰيَةَ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ وَعَنْ بُهَيْسَةَ
بھلائی نہیں کہ پھیرے رہو منہ اپنے مشرق اور مغرب کی طرف تمام آیت کو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے بہیسہ سے

عَنْ اَبِيْهَا قَالَتْ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الشَّیْءُ الَّذِیْ لَا يَحِلُّ مَنْعُهٗ قَالَ الْمَاءُ قَالَ يَا نَبِیَّ اللّٰهِ مَا الشَّیْءُ الَّذِیْ لَا يَحِلُّ مَنْعُهٗ
اسنے روایت کیا اپنے باپ سے بولی کہا باپ نے میرے اے رسول اللہ کے کونسی چیز ہے کہ نہ دینا اسکا حلال نہیں فرمایا پانی کہا اے نبی اللہ کے اور کون سی چیز ہے کہ نہ دینا اسکا حلال نہیں

قَالَ الْمِلْحُ قَالَ يَا نَبِیَّ اللّٰهِ مَا الشَّیْءُ الَّذِیْ لَا يَحِلُّ مَنْعُهٗ قَالَ اَنْ تَفْعَلَ الْخَيْرَ خَيْرٌ لَكَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ جَابِرٍ رض قَالَ
فرمایا نمک کہا اے نبی اللہ کے پھر کون سی چیز ہے کہ حلال نہیں نہ دینا اسکا فرمایا نیکی کرنا بھلا ہے تیرے واسطے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے جابر رض سے

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحْيٰی اَرْضًا مَيْتَةً فَلَهٗ فِيْهَا اَجْرٌ وَمَا اَكَلَتِ الْعَافِيَةُ مِنْهُ فَهُوَ لَهٗ صَدَقَةٌ
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے آباد کیا ویران زمین کو سو ملیگا اسکو اسمیں ثواب اور جو کھاوے کھانیوالا اس سے سو وہ اسکے لئے ثواب صدقہ کا ہے

رَوَاهُ الدَّارِمِیُّ وَعَنِ الْبَرَاءِ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَنَحَ مِنْحَةَ لَبَنٍ اَوْ وَرِقٍ اَوْ هَدٰی
روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے براء رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو عاریۃً دودھ پینے کو کسی محتاج کو دودھ دینی اونٹنی یا بکری یا قرض دے

زُقَاقًا كَانَ لَهٗ مِثْلُ عِتْقِ رَقَبَةٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَعَنْ اَبِیْ جُرَیٍّ جَابِرِ بْنِ سُلَيْمٍ رض قَالَ اَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ
کسی گلی کی کسی کو ملیگا اسکو ثواب برابر لونڈی غلام آزاد کرنے کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی جری سے کہ نام انکا جابر بن سلیم ہے رض کہا آیا میں مدینے میں

فَرَاَيْتُ رَجُلًا يَصْدُرُ النَّاسُ عَنْ رَاْيِهٖ لَا يَقُوْلُ شَيْئًا اِلَّا صَدَرُوْا عَنْهُ قُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالُوْا هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ
سو دیکھا میں نے ایک مرد کو کہ پھر جاتے ہیں لوگ اسکی عقل سے یعنے نہیں کہتا وہ کچھ مگر پھر جاتے ہیں اس سے پوچھا میں نے یہہ کون ہے کہا یہہ رسول اللہ ہیں

قَالَ قُلْتُ عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَرَّتَيْنِ قَالَ لَا تَقُلْ عَلَيْكَ السَّلَامُ عَلَيْكَ السَّلَامُ تَحِيَّةُ الْمَيِّتِ قُلْ
کہا میں نے کہا تجھپر سلام اے رسول اللہ کے ایسا دو بار کہا میں نے تب فرمایا مت کہہ علیک السلام کلمہ علیک السلام کا مردے کو کہنے کی دعا ہے کہہ تو

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ قُلْتُ اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ اَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ الَّذِیْ اِنْ اَصَابَكَ ضُرٌّ فَدَعَوْتَهٗ كَشَفَهٗ عَنْكَ
السلام علیک کہا میں نے کیا آپ رسول اللہ کے ہیں تب فرمانے لگے میں رسول اس اللہ کا ہوں کہ اگر آوے تجھپر سختی پھر دعا کرے تو اسے تو دور کردے سختی تجھ سے

وَاِنْ اَصَابَكَ عَامُ سَنَةٍ فَدَعَوْتَهٗ اَنْبَتَهَا لَكَ وَاِذَا كُنْتَ بِاَرْضٍ قَفْرٍ اَوْ فَلَاةٍ فَضَلَّتْ رَاحِلَتُكَ
اور اگر آوے تجھپر قحط کا سال پھر دعا کرے تو اسے آباد کرے زمین تیرے لئے اور جب ہے تو مہلک زمین میں یا بیابان میں پھر گم ہو جاوے اونٹ تیری سواری کا

فَدَعَوْتَهٗ رَدَّهَا عَلَيْكَ قُلْتُ اعْهَدْ اِلَیَّ قَالَ لَا تَسُبَّنَّ اَحَدًا قَالَ فَمَا سَبَبْتُ اَحَدًا بَعْدَهٗ حُرًّا وَّلَا عَبْدًا
اسوقت دعا کرے تو اس اللہ سے پھر لاوے تیرے پاس کہا میں نے نصیحت فرمائیے مجھے فرمایا گالی مت دے کسی کو کہا پھر گالی نہ دی میں نے بعد اسکے نہ آزاد نہ بردے کو

وَلَا بَعِيْرًا وَّلَا شَاةً قَالَ وَلَا تَحْقِرَنَّ شَيْئًا مِّنَ الْمَعْرُوْفِ وَاَنْ تُكَلِّمَ اَخَاكَ وَاَنْتَ مُنْبَسِطٌ اِلَيْهِ وَجْهُكَ اِنَّ
نہ اونٹ کو نہ بکری کو فرمایا اور چھوٹے مت سمجھ کسی قسم کی نیکی کو اگرچہ اتنی ہی ہو کہ بات کرے تو اپنے بھائی مسلمان سے کشادہ روئی سے بیشک

ذٰلِكَ مِنَ الْمَعْرُوْفِ وَارْفَعْ اِزَارَكَ اِلٰى نِصْفِ السَّاقِ فَاِنْ اَبَيْتَ فَاِلَى الْكَعْبَيْنِ وَاِيَّاكَ وَاِسْبَالَ الْاِزَارِ فَاِنَّهَا

بھی نیکی میں داخل ہے اور اونچی کر اپنی لنگی کو آدھی پنڈلی تک پھر اگر نفس چاہے تیرا اسنا تو ضرور ہی کہ ٹخنے کے نیچے نہ ہونے پاوے اور بچا آپ کو لٹکانے

مِنَ الْمَخِيْلَةِ وَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمَخِيْلَةَ وَاِنِ امْرُؤٌ شَتَمَكَ وَعَيَّرَكَ بِمَا يَعْلَمُ فِيْكَ فَلَا تُعَيِّرْهُ بِمَا تَعْلَمُ فِيْهِ فَاِنَّمَا

لنگی کے تکبر ہے اور بیشک اللہ دوست نہیں رکھتا تکبر کو اور اگر کوئی آدمی گالی دے تجھے اور برائی بیان کرے تیری جو کچھ جانتا ہے تجھ میں تو بیان نہ کر برائی اسکی جو کچھ کہ تو جانتا ہے اس میں

وَبَالُ ذٰلِكَ عَلَيْهِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ مِنْهُ حَدِيْثَ السَّلَامِ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَيَكُوْنُ لَكَ اَجْرُ

تو گناہ اس گالی کا اسی پر ہے۔ ف روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت کیا ترمذی نے شروع اس حدیث سے جہاں تک کہ سلام کا ذکر ہے اور ایک روایت میں پھر ہوگا تجھ کو ثواب

ذٰلِكَ وَوَبَالُهٗ عَلَيْهِ ﴿۱۲﴾ وَعَنْ عَائِشَةَ رض اَنَّهُمْ ذَبَحُوْا شَاةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَقِيَ مِنْهَا قَالَتْ

اسی درگزر کا اور ہوگا گناہ برائی بیان کرنے کا اسپر ٭ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ بیشک گھر والوں نے ذبح کیا ایک بکری کو پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا باقی رہا بکری میں سے عائشہ نے

مَا بَقِيَ اِلَّا كَتِفُهَا قَالَ بَقِيَ كُلُّهَا غَيْرَ كَتِفِهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهٗ ﴿۱۳﴾ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ

کچھ نہیں بچا سوا اسکے دست کے فرمایا سب بچ رہا سوا دست کے۔ ف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو ٭ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا سنا میں نے رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ مُسْلِمٍ كَسَا مُسْلِمًا ثَوْبًا اِلَّا كَانَ فِيْ حِفْظٍ مِنَ اللّٰهِ مَا دَامَ عَلَيْهِ مِنْهُ خِرْقَةٌ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جو مسلمان کپڑا پہناوے کسی مسلمان کو ہوگا حفاظت میں اللہ کی جب تک رہے بدن پر اسکے اس کپڑے سے ایک

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ ﴿۱۴﴾ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رض يَرْفَعُهٗ قَالَ ثَلٰثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ رَجُلٌ قَامَ مِنَ اللَّيْلِ

ٹکڑا۔ ف روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے ٭ اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود رض سے روایت ہے سند مرفوع فرمایا آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص کو دوست رکھتا ہے اللہ ایک وہ مرد کہ اٹھا رات کو

يَتْلُوْ كِتَابَ اللّٰهِ وَرَجُلٌ يَتَصَدَّقُ بِصَدَقَةٍ بِيَمِيْنِهٖ يُخْفِيْهَا اُرَاهُ قَالَ مِنْ شِمَالِهٖ وَرَجُلٌ كَانَ فِيْ سَرِيَّةٍ

پڑھتا ہو قرآن اور دوسرا وہ مرد کہ دے کوئی صدقہ داہنے ہاتھ سے چھپا کر اسکو میرے گمان میں آتا ہے کہ کہا راوی نے بائیں ہاتھ سے اپنے اور تیسرا وہ مرد کہ ہے ایک لشکر میں

فَانْهَزَمَ اَصْحَابُهٗ فَاسْتَقْبَلَ الْعَدُوَّ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ اَحَدُ رُوَاتِهٖ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ

پھر شکست پاویں اسکے ساتھی اسکے سامنے منہ کرے دشمنوں کی طرف مقابلے کو۔ ف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غیر محفوظ ہے ایک راوی اسکے راویوں سے ابو بکر ابن

عَيَّاشٍ كَثِيْرُ الْغَلَطِ ﴿۱۵﴾ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ وَثَلٰثَةٌ يُبْغِضُهُمُ

عیاش ہے کہ بہت غلط کرتا ہے حدیث میں ٭ اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص کو دوست رکھتا ہے اللہ اور تین شخص

اللّٰهُ فَاَمَّا الَّذِيْنَ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ فَرَجُلٌ اَتٰى قَوْمًا فَسَاَلَهُمْ بِاللّٰهِ لَمْ يَسْاَلْهُمْ لِقَرَابَةٍ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهُمْ

اللہ کے نزدیک برے ہیں سو جو لوگ کہ ان کو دوست رکھتا ہے اللہ سو ایک وہ مرد ہے کہ آیا کسی قوم کے پاس پھر مانگا اللہ کے نام پر نہ مانگا اپنی قرابت کے سبب جو ان کے ساتھ

فَمَنَعُوْهُ فَتَخَلَّفَ رَجُلٌ بِاَعْيَانِهِمْ فَاَعْطَاهُ سِرًّا لَا يَعْلَمُ بِعَطِيَّتِهٖ اِلَّا اللّٰهُ وَالَّذِيْ اَعْطَاهُ وَقَوْمٌ سَارُوْا

پھر نہ دیا اس قوم نے اس مرد کو پھر چلا گیا دوسرا ایک مرد وہاں قوم کو ان کے حال پر چھوڑ کر پھر دیا اس سائل کو چھپا کر اس طرح پر کہ نہیں جانتا کوئی اسکو سوا اللہ کے اور اس دینے والے کے اور دوسرا وہ مرد کہ ایک قوم کے لوگ

لَيْلَتَهُمْ حَتّٰى اِذَا كَانَ النَّوْمُ اَحَبَّ اِلَيْهِمْ مِمَّا يُعْدَلُ بِهٖ فَوَضَعُوْا رُءُوْسَهُمْ فَقَامَ يَتَمَلَّقُنِيْ وَيَتْلُوْ

تمام شب چلے یہاں تک جب ہوئی نیند پیاری زیادہ ان کے پاس جس چیز سے کہ مقابل کی جاوے نیند کے۔ ف پھر رکھدیے لوگ سر اپنے اور کھڑا ہوا وہ مرد خوشامد کرتا ہو میری اور پڑھتا ہو

اٰيَاتِيْ وَرَجُلٌ كَانَ فِيْ سَرِيَّةٍ فَلَقِيَ الْعَدُوَّ فَهُزِمُوْا فَاَقْبَلَ بِصَدْرِهٖ حَتّٰى يُقْتَلَ اَوْ يُفْتَحَ لَهٗ وَالثَّلٰثَةُ

میری آیتوں کو اور تیسرا وہ مرد کہ ایک لشکر میں تھا پھر سامنا کیا دشمن سے سو شکست پائی لشکر نے اور مقابلہ کیا اس اکیلے مرد نے اپنا سینہ سپر کرکے یہاں تک کہ مارا جاوے یا فتح ہو

اور وہ تین

الَّذِيْنَ يُبْغِضُهُمُ اللّٰهُ الشَّيْخُ الزَّانِيْ وَالْفَقِيْرُ الْمُخْتَالُ وَالْغَنِيُّ الظَّلُوْمُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَلَمْ يَذْكُرِ الثَّلٰثَةَ

شخص کہ جسے برا جانتا ہے اللہ تعالیٰ ایک بڈھا زناکار ہے اور دوسرا وہ کہ فقیر ہو کر تکبر کرے اور تیسرا وہ غنی کہ ظلم کرے روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے اور ذکر نہیں کیا تین

الَّذِيْنَ يُبْغِضُهُمُ اللّٰهُ ۞ وَعَنْ اَنَسٍ رضِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الْاَرْضَ جَعَلَتْ تَمِيْدُ

برے لوگوں کا حال ۱۷ اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بنایا اللہ نے زمین کو تو ہلنے لگی

فَخَلَقَ الْجِبَالَ فَقَالَ بِهَا عَلَيْهَا فَاسْتَقَرَّتْ فَعَجِبَتِ الْمَلٰئِكَةُ مِنْ شِدَّةِ الْجِبَالِ فَقَالُوْا يَا رَبِّ هَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ

تب بنایا پہاڑ کو اور رکھ دیا پہاڑ کو زمین پر پھر ٹھہر گئی زمین ہلنے سے پھر تعجب کیا فرشتوں نے پہاڑ کی سختی دیکھ کر اور کہا اے رب کیا ہے کوئی چیز تیرے مخلوقات سے

اَشَدُّ مِنَ الْجِبَالِ قَالَ نَعَمْ اَلْحَدِيْدُ فَقَالُوْا يَا رَبِّ هَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ اَشَدُّ مِنَ الْحَدِيْدِ قَالَ نَعَمْ النَّارُ

زیادہ سخت پہاڑ سے فرمایا ہاں لوہا زیادہ سخت ہے کہا اے رب کیا کوئی چیز تیرے مخلوقات سے لوہے سے زیادہ سخت فرمایا ہاں آگ زیادہ سخت ہے

فَقَالُوْا يَا رَبِّ هَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ اَشَدُّ مِنَ النَّارِ قَالَ نَعَمْ اَلْمَاءُ فَقَالُوْا يَا رَبِّ هَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ اَشَدُّ

کہا اے رب کیا کوئی چیز تیرے مخلوقات سے آگ سے زیادہ سخت فرمایا ہاں پانی زیادہ سخت ہے کہا اے رب کیا کوئی چیز تیرے مخلوقات سے

مِنَ الْمَاءِ قَالَ نَعَمْ اَلرِّيْحُ فَقَالُوْا يَا رَبِّ هَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ اَشَدُّ مِنَ الرِّيْحِ قَالَ نَعَمْ ابْنُ اٰدَمَ تَصَدَّقَ صَدَقَةً

پانی سے زیادہ سخت فرمایا ہاں ہوا زیادہ سخت ہے کہا اے رب کیا کوئی چیز تیرے مخلوقات سے زیادہ سخت ہوا سے فرمایا ہاں ہوا سے بھی زیادہ سخت ہے وہ آدمی

بِيَمِيْنِهٖ يُخْفِيْهَا مِنْ شِمَالِهٖ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَذُكِرَ حَدِيْثُ مُعَاذٍ رضِ اَلصَّدَقَةُ

اپنے ہاتھ سے چھپا کر بائیں ہاتھ سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا اس حدیث کی سند غریب ہے اور مذکور ہو چکی حدیث معاذ رض کی کہ خیرات

تُطْفِئُ الْخَطِيْئَةَ فِيْ كِتَابِ الْاِيْمَانِ

مٹا دیتا ہے گناہ کو کتاب الایمان میں

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ رضِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يُنْفِقُ مِنْ كُلِّ مَالٍ لَهٗ زَوْجَيْنِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِلَّا اسْتَقْبَلَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ كُلُّهُمْ

روایت ہے ابی ذر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی مسلمان بندہ اللہ کا خرچ کریگا اپنے سب مال سے دو دو چیز اللہ کی راہ میں اسکے استقبال کو آویں گے دربان جنت کے ہر ایک ان میں سے

يَدْعُوْهُ اِلٰى مَا عِنْدَهٗ قُلْتُ وَكَيْفَ ذٰلِكَ قَالَ اِنْ كَانَتْ اِبِلًا فَبَعِيْرَيْنِ وَاِنْ كَانَتْ بَقَرًا فَبَقَرَتَيْنِ

بلاتا ہو گا اس صدقہ دینے والے کو اس نعمت کی طرف کہ اسکے پاس ہے کہا میں نے اور کیا معنے ہیں زوجین کے انفاق کے فرمایا اگر اونٹ پاس ہے تو دو اونٹ دے اور اگر گائے ہے تو دو گائے

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ ۞ وَعَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ بَعْضُ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ سَمِعَ

روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے مرثد بن عبد اللہ سے کہا بیان کیا مجھ سے کسی نے اصحاب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیشک اسنے سنا

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ ظِلَّ الْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ صَدَقَتُهٗ رَوَاهُ اَحْمَدُ ۞ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رضِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے بیشک سایہ ایمان دار کا قیامت کے دن اسکا صدقہ ہو گا روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابن مسعود رض سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَسَّعَ عَلٰى عِيَالِهٖ فِي النَّفَقَةِ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ وَسَّعَ اللّٰهُ عَلَيْهِ سَائِرَ

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی فراغت سے کھلاوے پلاوے اپنے بال بچوں کو محرم کی دسویں تاریخ فراغت دیگا اسکو اللہ اس تمام

سَنَتِهٖ قَالَ سُفْيَانُ اِنَّا قَدْ جَرَّبْنَاهُ فَوَجَدْنَاهُ كَذٰلِكَ رَوَاهُ رَزِيْنٌ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ

برس میں کہا سفیان نے ہم نے تجربہ کیا اسکا سو ایسا ہی پایا روایت کیا اسکو رزین نے اور روایت کیا بیہقی نے اس حدیث کو شعب الایمان میں

عنه وعن ابي هريرة وابي سعيد وجابر وضعّفه وعن ابي امامة رض قال قال ابوذر يا نبي الله ارأيت الصدقة

ابن مسعود اور ابی ہریرہ اور ابی سعید اور جابر سے اور ضعیف کہا بیہقی نے اسکو ۔ اور روایت ہے ابی امامہ رض سے کہا اسنے کہ کہا ابوذر نے اے نبی اللہ کے خبر دیجئے مجھکو

ماذا هي قال اضعاف مضاعفة وعند الله المزيد رواه احمد

کیا ہے فرمایا ثواب صدقے کا دونے پر دونا ہے اور اللہ کے پاس زیادتی ہے ف روایت کیا اسکو احمد نے ۔

باب افضل الصدقة

باب بیان میں سب صدقوں سے افضل صدقے کے

الفصل الاول

فصل پہلی

وعن ابي هريرة وحكيم بن حزام رض قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير الصدقة ما كان عن ظهر غنى وابدأ بمن تعول رواه البخاري ورواه مسلم عن حكيم وحده

روایت ہے ابی ہریرہ اور حکیم بن حزام رض سے کہا دونوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر صدقہ وہ ہے جو پیچھے سے تونگری کے ہو اور پہلے عیال خرچ کر ان پر کہ تو محتاج ہے ان کے دینے کا ف روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت کیا اسکو مسلم نے فقط حکیم بن حزام سے ۔

وعن ابي مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا انفق المسلم نفقة على اهله وهو يحتسبها كانت له صدقة متفق عليه

اور روایت ہے ابی مسعود رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دیتا ہے مرد مسلمان کھانا کپڑا اپنے بال بچوں کو اجر سمجھ کر ف ملتا ہے اسکو اجر صدقے کا ۔ ق ۔

وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم دينار انفقته في سبيل الله ودينار انفقته في رقبة ودينار تصدقت به على مسكين ودينار انفقته على اهلك اعظمها اجرا الذي انفقته على اهلك رواه مسلم

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تو وہ دینار ہے ف کہ خرچ کرے تو اللہ کی راہ میں اور ایک وہ دینار ہے کہ خرچ کرے تو بردہ اور ایک تو وہ دینار ہے کہ صدقہ دے تو کسی مسکین کو اور ایک وہ دینار ہے کہ خرچ کرے تو اپنے بال بچوں پر سب سے بڑا ان دیناروں میں ہے کہ خرچ کرے تو اپنے بال بچوں پر روایت کیا اسکو مسلم نے ۔

وعن ثوبان رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم افضل دينار ينفقه الرجل دينار ينفقه على عياله ودينار ينفقه على دابته في سبيل الله ودينار ينفقه على اصحابه في سبيل الله رواه مسلم

اور روایت ہے ثوبان رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے افضل دینار کہ آدمی خرچ کیا کرتا ہے وہ دینار ہے کہ آدمی خرچ کرتا ہے اپنے بال بچوں پر اور وہ دینار ہے کہ خرچ کرتا ہے اپنے جانور کے دانے چارے میں جہاد کرنے کو اور وہ دینار ہے کہ خرچ کرتا ہے اپنے رفیقوں کے کھلانے پلانے اور اسباب بنانے میں جہاد کرنے کو روایت کیا اسکو

وعن ام سلمة رض عنها قالت قلت يا رسول الله الي اجر ان انفق على بني ابي سلمة انما هم بني فقال انفقي عليهم

اور روایت ہے ام المومنین ام سلمہ رض سے ف کہا اسنے بولی میں نے اے رسول اللہ کے کیا ثواب ملیگا مجھے کھلانے پلانے میں ابی سلمہ کی اولاد کے وہ تو میرے بیٹے ہیں فرمایا کھلا پلا ان کو ۔

وعن زينب امرأة عبد الله بن مسعود قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تصدقن يا معشر النساء ولو من حليكن قالت فرجعت الى عبد الله فقلت انك رجل خفيف ذات اليد وان رسول الله صلى الله عليه وسلم قد امرنا بالصدقة فأته فاسأله فان كان ذلك يجزي عني والا صرفتها الى غيركم قالت فقال لي عبد الله بل ائتيه انت قالت فانطلقت فاذا امرأة من الانصار

اور روایت ہے زینب سے بی بی عبد اللہ بن مسعود کی کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تصدق کرو اے جماعت عورتوں کی اگرچہ کچھ تمھارے زیوروں ہی سے ہو کہا زینب نے پھر چلی گئی میں عبد اللہ بن مسعود کے پاس اور بولی میں کہ تو تنگ دست آدمی ہے اور ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا صدقہ دینے کا پھر جا تو حضرت کے پاس اور پوچھ یہہ مسئلہ بعد اسکے اگر ہوگا مجھکو صدقہ دینا تیرے اوپر کافی میری طرف سے تم کو نہ دے کر دوسرے کو دونگی کہا زینب نے تب کہا مجھکو عبد اللہ نے میں نہیں جاتا تو ہی جا حضرت کے پاس کہا زینب نے پھر چلی گئی میں سو دیکھی میں نے ایک عورت انصار سے

بِبَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجَتِيْ حَاجَتُهَا قَالَتْ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أُلْقِيَتْ

کھڑی ہیں دروازے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جو میری حاجت ہے اسکی بھی حاجت ہے کہا زینب نے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ڈالی گئی تھی

عَلَيْهِ الْمَهَابَةُ قَالَتْ فَخَرَجَ عَلَيْنَا بِلَالٌ فَقُلْنَا لَهُ ائْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبِرْهُ أَنَّ امْرَأَتَيْنِ

ہیبت سو کہا پھر باہر آیا ہمارے پاس بلال سو کہا ہمنے اسکو جا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر دے ان کو کہ دو عورتیں

بِالْبَابِ تَسْأَلَانِكَ أَتُجْزِئُ الصَّدَقَةُ عَنْهُمَا عَلٰى أَزْوَاجِهِمَا وَعَلٰى أَيْتَامٍ فِيْ حُجُوْرِهِمَا وَلَا تُخْبِرْهُ مَنْ نَحْنُ قَالَتْ

کھڑی ہیں دروازے پر مسئلہ پوچھتی ہوئی آپ سے کیا کام آویگا ہمارا صدقہ دینا اپنی طرف سے اپنے شوہروں پر اور یتیموں پر جو ہماری گودی میں ہیں اور مت خبر دے حضرت کو کہ ہم کون ہیں کہا

فَدَخَلَ بِلَالٌ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهُ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هُمَا قَالَ

پھر چلا گیا بلال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور پوچھا حضرت سے تب پوچھا اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کون ہیں وے دونو عورتیں کہا

امْرَأَةٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ وَزَيْنَبُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ الزَّيَانِبِ قَالَ امْرَأَةُ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ

ایک عورت انصار سے ہے اور دوسری زینب پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کونسی زینب سو کہا بلال نے زینب بی بی عبد اللہ کی پھر فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُمَا أَجْرَانِ أَجْرُ الْقَرَابَةِ وَأَجْرُ الصَّدَقَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ لِمُسْلِمٍ وَعَنْ مَيْمُوْنَةَ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونو کے لئے دو دو ثواب ہیں ثواب قرابت کا اور ثواب صدقہ دینے کا ق × اور عبارت مسلم کی ہے اور روایت ہے ام المومنین میمونہ رض سے

بِنْتِ الْحَارِثِ رض أَنَّهَا أَعْتَقَتْ وَلِيْدَةً فِيْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ

بیٹی حارث کی کہ انھوں نے ایک چھوکری کو آزاد کیا زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر اسکا ذکر کیا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَوْ أَعْطَيْتِهَا أَخْوَالَكِ كَانَ أَعْظَمَ لِأَجْرِكِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ رض

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سو فرمایا حضرت نے اگر اس چھوکری کو دیتی تو اپنے ماموؤں کو بڑا ثواب ہوتا تجھکو ق × اور روایت ہے عائشہ رض سے

قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ لِيْ جَارَيْنِ فَإِلٰى أَيِّهِمَا أُهْدِيْ قَالَ إِلٰى أَقْرَبِهِمَا مِنْكِ بَابًا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَبِيْ ذَرٍّ رض

کہ کہا اسنے اے رسول اللہ کے بیشک دو شخص میرے ہمسایہ ہیں پھر انمیں سے کسکو ہدیہ بھیجوں فرمایا اسکو جو زیادہ نزدیک ہو تیرے دروازے سے روایت کیا اسکو بخاری نے × اور روایت ہے ابی ذر رض سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا طَبَخْتَ مَرَقَةً فَأَكْثِرْ مَاءَهَا وَتَعَاهَدْ جِيْرَانَكَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پکاوے تو شوربا پانی زیادہ کر اسمیں اور خبر لے اپنے ہمسایوں کی روایت کیا اسکو مسلم نے

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رض قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ قَالَ جُهْدُ الْمُقِلِّ وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ

دوسری فصل × روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ اسنے کہا اے رسول اللہ کے کونسا صدقہ بہتر ہے فرمایا محنت کرنا اسکی جسکے پاس مال کم ہو اور پہلے اسکو دے جسکی تو پرورش کرتا ہے

رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّدَقَةُ عَلَى الْمِسْكِيْنِ صَدَقَةٌ

روایت کیا اسکو ابو داؤد نے × اور روایت ہے سلمان رض سے جو بیٹا عامر کا ہے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ دینا اجنبی مسکین کو ایک صدقہ کا ثواب رکھتا ہے

وَهِيَ عَلٰى ذِي الرَّحِمِ ثِنْتَانِ صَدَقَةٌ وَصِلَةٌ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ

اور صدقہ دینا قرابت والے کو دو اجر رکھتا ہے ایک صدقہ کا اور دوسرا صلہ رحم کا روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے × اور روایت ہے ابی ہریرہ

رض قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عِنْدِيْ دِيْنَارٌ قَالَ أَنْفِقْهُ عَلٰى نَفْسِكَ قَالَ عِنْدِيْ آخَرُ قَالَ

رض سے کہا ایک مرد آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا میرے پاس ایک دینار ہے فرمایا اپنی ذات کے خرچ میں لا اسکو کہا میرے پاس اسکے سوا دوسرا ہے فرمایا

أَنْفِقْهُ عَلٰى أَهْلِكَ قَالَ عِنْدِيْ آخَرُ قَالَ أَنْفِقْهُ عَلٰى خَادِمِكَ قَالَ عِنْدِيْ آخَرُ قَالَ أَنْتَ أَعْلَمُ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ

خرچ میں لا اسکو بیبی جورو کے کہا اسکے سوا دوسرا ہے فرمایا اپنے لونڈی غلام خرچ میں لا کہا اسکے سوا اور ہے فرمایا تو خوب جانتا ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ رَجُلٌ مُمْسِكٌ بِعِنَانِ فَرَسِهٖ

اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا خبر نہ دوں تمکو سب سے بھلے آدمی کی سب سے بھلا وہ مرد ہے کہ پکڑا ہے لگام اپنے گھوڑے

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِالَّذِيْ يَتْلُوْهُ رَجُلٌ مُعْتَزِلٌ فِيْ غُنَيْمَةٍ لَهٗ يُؤَدِّيْ حَقَّ اللّٰهِ فِيْهَا أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِشَرِّ

اللہ کی راہ میں کیا خبر نہ دوں تمکو اسکی کہ بعد اسکے ہے وہ مرد کہ بیٹھ رہا ہے اپنی بکریوں میں ادا کرتا ہوا حق اللہ کا اس میں سے کیا خبر نہ دوں تمکو سب سے برے

النَّاسِ رَجُلٌ يُسْأَلُ بِاللّٰهِ وَلَا يُعْطِيْ بِهٖ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ أُمِّ بُجَيْدٍ رض قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ

آدمی کی وہ مرد سب سے برا ہے کہ کوئی سوال کرے اس سے اللہ کا نام لیکر اور وہ نہ دے اللہ کے نام پر روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے ام بجید رض سے کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُدُّوا السَّائِلَ وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ رَوَاهُ مَالِكٌ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ دیکر پھیر دو اپنے گھر سے سائل کو اگرچہ جلی کھری ہو روایت کیا اسکو مالک اور نسائی نے اور روایت کیا ترمذی اور ابوداؤد نے

مَعْنَاهُ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَعَاذَ بِاللّٰهِ فَأَعِيْذُوْهُ وَمَنْ سَأَلَ بِاللّٰهِ

معنی اس حدیث کے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پناہ چاہے اللہ کے نام کے ساتھ سو پناہ دو اسکو اور جو سوال کرے

فَأَعْطُوْهُ وَمَنْ دَعَاكُمْ فَأَجِيْبُوْهُ وَمَنْ صَنَعَ إِلَيْكُمْ مَعْرُوْفًا فَكَافِئُوْهُ فَإِنْ لَمْ تَجِدُوْا مَا تُكَافِئُوْنَهٗ فَادْعُوْا

تو دو اسکو اور جو کوئی دعوت کرے تمہاری تو قبول کرو اور جو کرے تم سے احسان تو بدلا کرو اسکا پھر اگر نہ پاؤ بدلا کرنے کی چیز تو دعا کرو

لَهٗ حَتّٰى تَرَوْا أَنَّكُمْ قَدْ كَافَأْتُمُوْهُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ جَابِرٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

محسن کے حق میں یہانتک کہ معلوم ہو تم کو کہ تحقیق بدلا کیا ہمنے اسکا روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ لَا يُسْأَلُ بِوَجْهِ اللّٰهِ إِلَّا الْجَنَّةُ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ

وسلم نے کوئی سوال نہ کرے ذات یا نام اللہ کے مگر بہشت کا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

عَنْ أَنَسٍ رض قَالَ كَانَ أَبُوْ طَلْحَةَ أَكْثَرَ الْأَنْصَارِ بِالْمَدِيْنَةِ مَالًا مِنْ نَخْلٍ وَكَانَ أَحَبُّ أَمْوَالِهٖ إِلَيْهِ بَيْرُحَاءَ وَكَانَتْ مُسْتَقْبِلَةَ الْمَسْجِدِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے ابوطلحہ سب انصار سے زیادہ مدینے میں زمین کھجور کے باغ کی اور تھا سب باغوں سے زیادہ پیارا اسکے نزدیک بیرحاء اور تھا وہ باغ روبرو مسجد کے اور رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَاءٍ فِيْهَا طَيِّبٍ قَالَ أَنَسٌ فَلَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا

علیہ وسلم جایا کرتے تھے اور اسمیں جو اچھا پانی تھا پیتے تھے کہا انس نے پھر جب اتری یہہ آیت ہرگز بھلائی کو نہ پہنچوگے جب تک خرچ نہ کروگے دل کی

تُحِبُّوْنَ قَامَ أَبُوْ طَلْحَةَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى

پیاری چیزوں کو کھڑا رہا ابوطلحہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو سو کہا اسنے یا رسول اللہ بیشک اللہ تعالی فرماتا ہے ہرگز بھلائی کو نہ پہنچوگے جب تک

تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ وَإِنَّ أَحَبَّ مَالِيْ إِلَيَّ بَيْرُحَاءَ وَإِنَّهَا صَدَقَةٌ لِلّٰهِ تَعَالٰى أَرْجُوْ بِرَّهَا وَذُخْرَهَا عِنْدَ اللّٰهِ

خرچ نہ کروگے دل کی پیاری چیزوں کو اور سب مال سے زیادہ پیارا ہے مجھکو بیرحاء کا باغ اور بیشک وہ باغ خیرات ہے اللہ تعالی کی راہ میں امید رکھتا ہوں اس سے آخرت کی بھلائی اور

فَضَعْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَيْثُ أَرَاكَ اللّٰهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَخٍ بَخٍ ذٰلِكَ مَالٌ رَابِحٌ وَقَدْ سَمِعْتُ

سو خرچ کر اسکو ای رسول اللہ کے جہاں موقع ہو آپ کو اللہ بتاوے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واہ واہ وہ تو خوش فزا باغ ہے اور سنا میں نے

ما قلت واني ارى ان تجعلها في الاقربين فقال ابو طلحة افعل يا رسول الله فقسمها ابو طلحة في اقاربه وبني

جو کہا تو اور میں مناسب سمجھتا ہوں کہ خرچ کرے اسکو قرابت والوں میں تب کہا ابو طلحہ نے کرونگا ای رسول اللہ کے پھر تقسیم کیا ابو طلحہ نے اپنے قرابت والے اور

عمه متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم افضل الصدقة ان تشبع كبدا جائعا رواه البيهقي

چچا کی اولاد میں ۔ ق ۔ اور اسی سے روایت ہے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے افضل خیرات میں یہ ہے کہ سیر کرے تو بھوکے کلیجا کو روایت کیا اسکو بیہقی

في شعب الايمان

باب صدقة المرأة من مال الزوج

الفصل الاول

عن عائشة رض قالت قال رسول الله صلى

کتاب شعب الایمان میں ۔ باب بیان میں عورت کی خیرات کے خاوند کے مال سے ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے حضرت عائشہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم اذا انفقت المرأة من طعام بيتها غير مفسدة كان لها اجرها بما انفقت ولزوجها اجره

اللہ علیہ وسلم نے جب خرچ کرے عورت کھانے کی چیز میں سے گھر کی کھر اناد رکھ کر ملیگا اسکو اسکا ثواب بسبب کے خرچ کرنے کے اور اسکے خاوند کو

بما كسب وللخازن مثل ذلك لا ينقص بعضهم اجر بعض شيئا متفق عليه وعن ابي هريرة رض قال قال رسول

بسبب اسکے کہ کمایا اور خازن کو مانند اسکے اور کم نہ کرینگے بعضے بعضوں کے ثواب کچھ ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم اذا انفقت المرأة من كسب زوجها من غير امره فلها نصف اجره متفق عليه

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب خرچ کرتی ہے عورت اپنے خاوند کی کمائی سے بغیر اسکی اجازت کے سو اسکو ملتا ہے آدھا ثواب ۔ ق

وعن ابي موسى الاشعري رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الخازن المسلم الامين الذي يعطي ما امر

اور روایت ہے ابی موسی اشعری رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نگہبان جو امانت دار مسلمان ہو کہ جو اسکو حکم ہو

به كاملا موفرا طيبة به نفسه فيدفعه الى الذي امر له به احد المتصدقين متفق عليه وعن عائشة

اسکو دینے کا کامل ہو خوش ہو دل سے اسکا جی سو حوالہ کرے اس چیز کو اسکے کہ حکم ہوا ہے اسکو ایک ہے دو خیرات کرنے والوں سے ۔ ق ۔ اور روایت ہے عائشہ

رض قالت ان رجلا قال للنبي صلى الله عليه وسلم ان امي افتلتت نفسها واظنها لو تكلمت تصدقت

رض سے کہ کہا اسنے بیشک ایک مرد نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مقرر میری ماں کی جان اچانک نکل گئی اور خیال ہوتا ہے مجھکو کہ اگر وہ بات کرتی تو وصیت کرتی خیرات

فهل لها اجر ان تصدقت عنها قال نعم متفق عليه

الفصل الثاني

عن ابي امامة رض قال سمعت رسول

پھر کیا ملیگا اسکو ثواب اگر میں خیرات کروں اسکی طرف سے فرمایا ہاں ۔ ق ۔ دوسری فصل ۔ روایت ہے ابی امامہ رض سے کہ کہا اسنے سنا میں نے رسول

الله صلى الله عليه وسلم يقول في خطبته عام حجة الوداع لا تنفق امرأة شيئا من بيت زوجها الا باذن زوجها

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے خطبہ میں حجۃ الوداع کے سال کے نہ خرچ کرے کوئی عورت کسی چیز کو اپنے خاوند کے گھر کی بے اذن خاوند کے

قيل يا رسول الله ولا الطعام قال ذلك افضل اموالنا رواه الترمذي وعن سعد رض قال

پوچھا لوگوں نے ای رسول اللہ کے اور کھانے کی چیز بھی نہ خرچ کرے فرمایا کھانا تو ہمارا سب مالوں سے افضل ہے ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے سعد رض سے کہ کہا اسنے

لما بايع رسول الله صلى الله عليه وسلم النساء قالت امرأة جليلة كانها من نساء مضر فقالت يا نبي

جب بیعت لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں سے کہا ایک بزرگ عورت نے کہ خیال ہوتا ہے وہ عورتوں سے بنی مضر کی تھی سو کہا اسنے ای نبی

الله انا كل على آبائنا وابنائنا وازواجنا فما يحل لنا من اموالهم قال الرطب تاكلنه وتهدينه رواه ابو داود

اللہ کے ہم تو محتاج ہیں ماں باپ دادا کے اور بیٹوں کے اور خاوند کے پھر کیا حلال ہے ہمکو انکے مال سے خرچ کرنا فرمایا کچی چیز کہ کھاتی ہو اور ہدیہ دیتی ہو ۔ روایت کیا اسکو ابو داود نے

الفصل الثالث عن عمير مولى ابي اللحم قال امرني مولاي ان اقدد لحما فجاءني مسكين فاطعمته
تیسری فصل روایت ہے عمیر رض سے غلام ابی اللحم کا کہا عمیر نے حکم کیا مجھے میرے مالک نے کہ سکھاؤں گوشت پس آیا میرے پاس ایک مسکین پھر کھلایا میں نے

منه فعلم بذلك مولاي فضربني فاتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكرت ذلك له فدعاه فقال لم
اس گوشت سے سو معلوم کیا اسکو میرے مالک نے پھر مارا مجھکو سو گیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ذکر کیا میں نے قصہ کا حضرت سے تب بلایا حضرت نے اسکو اور فرمایا کیوں

ضربته قال يعطي طعامي بغير ان آمره فقال الاجر بينكما وفي رواية قال كنت مملوكا فسألت رسول الله
مارا تو نے اسکو کہا دیتا ہے میری کھانے کی چیزیں بغیر اذن میرے تب فرمایا ثواب دونوں میں ہے اور ایک روایت میں یوں ہے کہ کہا عمیر نے میں غلام تھا سو پوچھا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم أأتصدق من مال موالي بشيء قال نعم والاجر بينكما نصفان رواه مسلم باب من
صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا خیرات کروں مال سے اپنے مالکوں کے کوئی چیز فرمایا ہاں اور ثواب تم دونوں میں آدھوں آدھ ہے روایت کیا اسکو مسلم نے باب اسکے بیان کا جو

لا يعود في الصدقة الفصل الاول عن عمر بن الخطاب رض قال حملت على فرس في سبيل الله فاضاعه الذي
پھر کرے صدقہ پہلی فصل روایت ہے عمر بن خطاب رض سے کہا اسنے سوار کر دیا میں نے ایک مرد کو گھوڑے پر اللہ کی راہ میں پھر ضائع کیا

كان عنده فاردت ان اشتريه وظننت انه يبيعه برخص فسألت النبي صلى الله عليه وسلم فقال لا تشتره ولا
کہ جسکے پاس تھا وہ گھوڑا پھر ارادہ کیا میں نے اسکو خرید کرنے کا اور خیال کیا کہ وہ شخص بیچیگا اسکو ارزان سو پوچھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تو فرمایا مت خرید اسکو اور

تعد في صدقتك وان اعطاكه بدرهم فان العائد في صدقته كالكلب يعود في قيئه وفي رواية لا تعد في
پھیر کر اپنا صدقہ اگرچہ دے تجھکو گھوڑا ایک درہم کو کیونکہ بیشک اپنا صدقہ پھیر لینے والا مانند کتے کی ہے پھر کھاتا ہے اپنی قے کو اور دوسری روایت میں ہے مت پھیرے

صدقتك فان العائد في صدقته كالعائد في قيئه متفق عليه وعن بريدة رض قال كنت جالسا عند النبي
اپنا صدقہ کہ بیشک پھیر لینے والا اپنے صدقہ کا مانند پھر کر کھانے والے کی ہے اپنی قے کو اور روایت ہے بریدہ رض سے کہا اسنے بیٹھا تھا میں نبی

صلى الله عليه وسلم اذ اتته امرأة فقالت يا رسول الله اني تصدقت على امي بجارية وانها ماتت قال وجب
صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہ آئی حضرت کے پاس ایک عورت سو کہا یا رسول اللہ بطور خیرات کے دی تھی میں نے اپنی ماں کو ایک چھوکری اور میری ماں مرگئی فرمایا ثابت ہوا

اجرك وردها عليك الميراث قالت يا رسول الله انه كان عليها صوم شهر افاصوم عنها قال صومي
تیرا ثواب اور پھر لایا اسکو تیرے پاس حکم میراث کا کہا اسنے یا رسول اللہ بیشک تھے اسپر روزے ایک مہینے کے کیا روزہ رکھوں میں اسکی طرف سے فرمایا روزہ رکھ

عنها قالت انها لم تحج قط افاحج عنها قال نعم حجي عنها رواه مسلم كتاب الصوم الفصل
اسکی طرف سے کہا اسنے حج نہیں کیا میری ماں نے کبھی کیا حج کروں اسکی طرف سے فرمایا ہاں حج کر اسکی طرف سے روایت کیا اسکو مسلم نے کتاب روزے کے بیان کی فصل

الاول عن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا دخل رمضان فتحت ابواب السماء وفي رواية
پہلی روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آتا ہے مہینا رمضان کا کھل جاتے ہیں دروازے آسمان کے اور ایک روایت میں

فتحت ابواب الجنة وغلقت ابواب جهنم وسلسلت الشياطين وفي رواية ابواب الرحمة متفق عليه وعن
کھل جاتے ہیں دروازے بہشت کے اور بند ہوتے ہیں دروازے دوزخ کے اور جکڑے جاتے ہیں شیطان زنجیروں میں اور ایک روایت میں ہے دروازے رحمت کے اور روایت ہے

سهل بن سعد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في الجنة ثمانية ابواب منها باب يسمى الريان لا يدخله
سہل ابن سعد رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہشت میں آٹھ دروازے ہیں ان میں ایک دروازہ ہے کہ اسکو باب الریان کہتے ہیں

إلا الصائمون متفق عليه وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صام رمضان إيمانا

سوا روزہ داروں کے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی روزے رکھے رمضان کے ایمان کی

واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه ومن قام رمضان إيمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه ومن قام

اور ثواب سمجھ کر بخشے جاتے ہیں اس کے اگلے گناہ اور جو کوئی رات کو نماز پڑھے رمضان میں ایمان کی جہت اور نیکی سمجھ کر بخشے جاتے ہیں اس کے اگلے گناہ اور جو کوئی قیام کرے

ليلة القدر إيمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

شب قدر میں واسطے ایمان کی جہت اور ثواب سمجھ کر بخشے جاتے ہیں اس کے اگلے گناہ ۔ ق ۔ اور روایت ہے انہی سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

كل عمل ابن آدم يضاعف الحسنة بعشر أمثالها إلى سبعمائة ضعف قال الله تعالى إلا

ہر ہر عمل آدمی کا بڑھتا ہے نیکی کو دس حصے سات سو حصے تک فرمایا اللہ تعالی نے مگر

الصوم فإنه لي وأنا أجزي به يدع شهوته وطعامه من أجلي للصائم فرحتان فرحة عند فطره وفرحة

روزہ کیونکہ وہ خاص میرے لئے ہے ف اور میں بدلا دونگا اس کا کیونکہ آدمی چھوڑتا ہے اپنی خواہش اور کھانا میری جہت کے واسطے روزہ دار کو دو خوشیاں ہوتی ہیں ایک وقت افطار کے اور دوسری

عند لقاء ربه ولخلوف فم الصائم أطيب عند الله من ريح المسك والصيام جنة وإذا كان يوم صوم أحدكم

اس وقت کہ اپنے رب سے ملیگا ف اور البتہ بو روزہ دار کے منہ کی بہت بہتر ہے اللہ کے پاس مشک کی بو سے اور روزہ سپر ہے ف اور جب ہو روزے کا دن تم میں سے کسی کا

فلا يرفث ولا يصخب فإن سابه أحد أو قاتله فليقل إني امرؤ صائم متفق عليه الفصل الثاني عن أبي هريرة

تو فحش نہ بکے اور نہ جھگڑے پھر اگر اس کو کوئی گالی دے اور لڑائی کرے اس سے تو کہے کہ میں روزہ دار آدمی ہوں ف ۔ ق ۔ دوسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ

رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا كان أول ليلة من شهر رمضان صفدت الشياطين ومردة

رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہوتی ہے پہلی رات رمضان مہینے کی قید کئے جاتے ہیں شیطان اور سرکش

الجن وغلقت أبواب النار فلم يفتح منها باب وفتحت أبواب الجنة فلم يغلق منها باب وينادي مناد يا

جن اور بند ہو جاتے ہیں دروازے دوزخ کے سو نہیں کھلتا ان میں سے کوئی دروازہ اور کھلتے ہیں دروازے بہشت کے سو بند نہیں ہوتا ان میں سے کوئی اور پکارتا ہے پکارنے والا

باغي الخير أقبل ويا باغي الشر أقصر ولله عتقاء من النار وذلك كل ليلة رواه الترمذي وابن ماجه

اے طلبگار بھلائی کے متوجہ ہو ف اور اے طلبگار برائی کے باز آ اور اللہ کے واسطے آزاد ہونے والے ہیں دوزخ سے اور یہ ہے تمام راتوں میں رمضان کی روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے

ورواه أحمد عن رجل وقال الترمذي هذا حديث غريب الفصل الثالث عن أبي هريرة رض قال قال رسول

اور روایت کیا اس کو احمد نے ایک مرد سے اور کہا ترمذی نے سند اس حدیث کی غریب ہے ۔ تیسری فصل ۔ روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم أتاكم رمضان شهر مبارك فرض الله عليكم صيامه تفتح فيه أبواب السماء وتغلق

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیا تم پر وہ مبارک مہینا رمضان کا فرض کیا اللہ نے تم پر اس کے روزے کھلتے ہیں اس میں دروازے آسمان کے اور بند ہوتے ہیں

فيه أبواب الجحيم وتغل فيه مردة الشياطين لله فيه ليلة خير من ألف شهر من حرم خيرها فقد حرم

اس میں دروازے دوزخ کے اور طوق ڈالتے ہیں اس میں سرکش شیطانوں کی گردن میں اس میں ایک رات ہے کہ بہتر ہے ہزار مہینے سے جو کوئی محروم رہا اس رات کی نیکی سے تحقیق محروم رہا

رواه أحمد والنسائي وعن عبد الله بن عمرو رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الصيام والقرآن

ف روایت کیا اس کو احمد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ اور قرآن

يَشْفَعَانِ لِلْعَبْدِ يَقُوْلُ الصِّيَامُ أَيْ رَبِّ إِنِّيْ مَنَعْتُهُ الطَّعَامَ وَالشَّهَوَاتِ بِالنَّهَارِ فَشَفِّعْنِيْ فِيْهِ وَيَقُوْلُ الْقُرْآنُ

دونوں سفارش کرینگے بندے کی روزہ کہیگا اے رب میرے میں نے روکا اسکو کھانے اور خواہش کی چیزوں سے دن کو سو شفیع کر مجھکو اسکے حق میں اور قرآن کہیگا

مَنَعْتُهُ النَّوْمَ بِاللَّيْلِ فَشَفِّعْنِيْ فِيْهِ فَيُشَفَّعَانِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَعَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِ

باز رکھا میں نے اسکو سونے سے رات کو سو شفیع کر مجھکو اسکے حق میں پس شفیع کریگا دونو کو اللہ روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور روایت ہے انس ابن مالک سے

قَالَ دَخَلَ رَمَضَانُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ هٰذَا الشَّهْرَ قَدْ حَضَرَكُمْ وَفِيْهِ لَيْلَةٌ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ

کہا انہوں نے آیا مہینا رمضان کا سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک یہ مہینا حاضر ہوا تمہارے پاس اور اسمیں ایک رات ہے کہ بہتر ہے ہزار

شَهْرٍ مَنْ حُرِمَهَا فَقَدْ حُرِمَ الْخَيْرَ كُلَّهُ وَلَا يُحْرَمُ خَيْرَهَا إِلَّا كُلُّ مَحْرُوْمٍ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ

مہینے سے جو کوئی محروم رہا اس سے تحقیق محروم رہا سب نیکیوں سے اور محروم نہیں رہتا اسکی نیکی سے مگر جو کم نصیب ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے سلمان فارسی

رض قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اٰخِرِ يَوْمٍ مِّنْ شَعْبَانَ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ أَظَلَّكُمْ شَهْرٌ عَظِيْمٌ

رض سے کہا انہوں نے خطبہ سنایا ہم کو رسول اللہ علیہ وسلم نے آخر دن میں شعبان کے مہینے کے سو فرمایا اے لوگو تحقیق سایہ کیا تم پر وہ بڑا

شَهْرٌ مُّبَارَكٌ شَهْرٌ فِيْهِ لَيْلَةٌ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ جَعَلَ اللّٰهُ صِيَامَهُ فَرِيْضَةً وَقِيَامَ لَيْلِهِ تَطَوُّعًا مَنْ تَقَرَّبَ فِيْهِ

مہینا کہ مبارک مہینا ہے وہ مہینا کہ اسمیں ایک رات ہے بہتر ہزار مہینے سے کیا اللہ نے اسکے روزے کو فرض اور نماز پڑھنے کو اسکی راتوں میں نفل جو کوئی قرب چاہے

بِخَصْلَةٍ مِّنَ الْخَيْرِ كَانَ كَمَنْ أَدّٰى فَرِيْضَةً فِيْمَا سِوَاهُ وَمَنْ أَدّٰى فَرِيْضَةً فِيْهِ كَانَ كَمَنْ أَدّٰى سَبْعِيْنَ فَرِيْضَةً فِيْمَا

ایک نیک خصلت سے ثواب ملیگا اسکو مانند اسکے کہ ادا کرے ایک فرض دوسرے مہینے میں اور جو کوئی ادا کرے اسمیں ایک فرض تو ملیگا اسکو مانند اسکے کہ ادا کرے ستر فرض

سِوَاهُ وَهُوَ شَهْرُ الصَّبْرِ وَالصَّبْرُ ثَوَابُهُ الْجَنَّةُ وَشَهْرُ الْمُوَاسَاةِ وَشَهْرٌ يُّزَادُ فِيْهِ رِزْقُ الْمُؤْمِنِ مَنْ فَطَّرَ فِيْهِ

دوسرے مہینے میں اور وہ صبر کا مہینا ہے اور صبر کا بدلا بہشت ہے اور مہینا ہے محتاجوں کی غمخواری کرنے کا اور وہ مہینا ہے کہ زیادہ ہوتی ہے اسمیں روزی مومن ایمان والے کی جو کوئی افطار کرواویگا اسمیں

صَائِمًا كَانَ لَهُ مَغْفِرَةً لِّذُنُوْبِهِ وَعِتْقَ رَقَبَتِهِ مِنَ النَّارِ وَكَانَ لَهُ مِثْلُ أَجْرِهِ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَّنْقُصَ مِنْ أَجْرِهِ شَيْءٌ

روزہ دار کو بخشش ہوگی اسکے گناہوں کی اور گردن چھوٹیگی اسکی دوزخ سے اور ثواب ملیگا اسکو مانند اس روزہ دار کے بغیر اسکے کہ کچھ کم ہو اسکے ثواب سے

قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَيْسَ كُلُّنَا يَجِدُ مَا يُفَطِّرُ بِهِ الصَّائِمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِي اللّٰهُ هٰذَا

کہا ہمنے اے رسول اللہ کے نہیں سب کو ہم میں سے مقدور اتنا کہ افطار کرواویں روزہ دار کو تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ دیتا ہے اتنا ہی

الثَّوَابَ مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا عَلٰى مَذْقَةِ لَبَنٍ أَوْ تَمْرَةٍ أَوْ شَرْبَةٍ مِّنْ مَّاءٍ وَمَنْ أَشْبَعَ صَائِمًا سَقَاهُ اللّٰهُ مِنْ حَوْضِيْ شَرْبَةً

ثواب اسکو کہ افطار کرواوے روزہ دار کو ایک چلو دودھ یا ایک خرما یا ایک گھونٹ بھر پانی سے اور جو کوئی پیٹ بھر کھلاوے روزہ دار کو پلاویگا اللہ اسکو میرے حوض سے ایسا گھونٹ

لَا يَظْمَأُ حَتّٰى يَدْخُلَ الْجَنَّةَ وَهُوَ شَهْرٌ أَوَّلُهُ رَحْمَةٌ وَأَوْسَطُهُ مَغْفِرَةٌ وَاٰخِرُهُ عِتْقٌ مِّنَ النَّارِ وَمَنْ خَفَّفَ عَنْ

کہ پیاسا نہوگا پیاس کی تکلیف نہ پاویگا یہاں تک کہ داخل ہو جنت میں اور وہ ایسا مہینا ہے کہ اول اسکا رحمت ہے اور درمیان اسکا معافی گناہوں کی اور آخر اسکا آزاد ہونا دوزخ سے اور جو

مَمْلُوْكِهِ فِيْهِ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ وَأَعْتَقَهُ مِنَ النَّارِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اپنے لونڈی غلاموں سے اسمیں کام ہلکا کرے بخشیگا اسکے گناہ اللہ اور آزاد کریگا اسکو دوزخ سے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے معمول تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا

إِذَا دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ أَطْلَقَ كُلَّ أَسِيْرٍ وَأَعْطٰى كُلَّ سَائِلٍ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

جب آتا مہینا رمضان کا چھوڑ دیتے ہر قیدی کو اور دیتے ہر سائل کو اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

ان الجنۃ تزخرف لرمضان من رأس الحول الی حول قابل قال فاذا کان اول یوم من رمضان ھبت ریح تحت
جنت آراستہ ہوتی ہی رمضان کے لئے شروع سال سے آیندہ سال تک ف فرمایا پھر جب پہلا دن ہوتا ہی رمضان کے مہینے کا بہتی ہی ایک ہوا

العرش من ورق الجنۃ علی الحور العین فیقلن یا رب اجعل لنا من عبادک ازواجا تقر بھم اعیننا
عرش کے تلے پتوں سے بہشت کے درختوں کے حورعین پر سو کہنے لگتی ہیں ای رب ہمارے کر ہمارے لئے اپنے بندوں کو جوڑے کہ ٹھنڈی ہوویں ان سے ہماری آنکھیں

وتقر اعینھم بنا روی البیھقی الاحادیث الثلثۃ فی شعب الایمان وعن ابی ھریرۃ رض عن النبی
اور ٹھنڈی ہوویں ان کی آنکھیں ہمسے روایت کیا بیہقی نے ان تینوں حدیثوں کو کتاب شعب الایمان میں۔ اور روایت ہی ابی ہریرہ رض سے نبی

صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال یغفر لامتہ فی آخر لیلۃ فی رمضان قیل یا رسول اللہ اھی لیلۃ القدر قال لا
صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت نے فرمایا بخشش ہوتی ہی میری امت کی آخر رات میں رمضان کی کہا گیا ای رسول اللہ کیا وہ شب قدر ہی فرمایا نہیں

ولکن العامل انما یوفی اجرہ اذا قضی عملہ رواہ احمد

باب رؤیۃ الہلال

الفصل الاول

عن
اور لیکن کام کرنے والے کو اسکی مزدوری نہیں ملتی جبتک پورا کرے اپنا کام روایت کیا اسکو احمد نے ۔ باب بیان میں چاند دیکھنے کے ۔ پہلی فصل ۔ روایت ہی

ابن عمر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تصوموا حتی تروا الہلال ولا تفطروا حتی تروہ فان غم
ابن عمر رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ نہ رکھو جبتک کہ چاند نہ دیکھو اور روزہ مت کھولو جبتک کہ عید کا چاند دیکھو پھر اگر ابر

علیکم فاقدروا لہ وفی روایۃ قال الشھر تسع وعشرون لیلۃ فلا تصوموا حتی تروہ فان غم علیکم
تو اندازہ کرو مہینے کا ف اور ایک روایت میں ہی کہ فرمایا مہینا انتیس رات کا ہی ف سو روزہ مت رکھو جبتک چاند نہ دیکھو پھر اگر ابر آجاوے

فاکملوا العدۃ ثلثین متفق علیہ وعن ابی ھریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صوموا لرؤیتہ
تو پوری کرو گنتی تیس دن کی۔ ق ۔ اور روایت ہی ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھو چاند دیکھ کر

وافطروا لرؤیتہ فان غم علیکم فاکملوا عدۃ شعبان ثلثین متفق علیہ عن ابن عمر رض قال قال رسول اللہ
اور موقوف کرو چاند دیکھ کر پھر اگر ابر آجاوے تو پوری کرو گنتی شعبان کی تیس دن ۔ ق ۔ اور روایت ہی ابن عمر رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم انا امۃ امیۃ لا نکتب ولا نحسب الشھر ھکذا وھکذا وھکذا وعقد الابھام فی
صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم امی لوگ ہیں نہ حساب کرتے نہ کتاب جانتے مہینا ایسا اور ایسا اور ایسا ہوتا ہی اور بند کیا انگوٹھا

الثالثۃ ثم قال الشھر ھکذا وھکذا وھکذا یعنی تمام الثلثین یعنی مرۃ تسعا وعشرین ومرۃ ثلثین متفق
تیسری بار پھر فرمایا مہینا ایسا اور ایسا اور ایسا ہوتا ہی قصد کرکے پورے تیس دن کا یعنی ایک بار انتیس کا ہوتا ہی اور دوسری بار تیس کا ۔ ق

علیہ وعن ابی بکرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شھرا عید لا ینقصان رمضان وذو الحجۃ
اور روایت ہی ابی بکرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مہینے عید کے کمی نہیں ایک تو رمضان اور دوسرا ذو الحجہ

متفق علیہ عن ابی ھریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یتقدمن احدکم رمضان بصوم یوم او
ق ۔ اور روایت ہی ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کے پہلے نہ رکھے کوئی تم میں سے روزہ ایک دن کا یا

یومین الا ان یکون رجل کان یصوم صوما فلیصم ذلک الیوم متفق علیہ

الفصل الثانی

عن ابی ھریرۃ رض
دو دن مگر یہ کہ ہو کوئی مرد روزہ رکھتا ہو اسکی عادت کا سو رکھ لے روزہ اس دن کا ش ۔ ق ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہی ابی ہریرہ رض سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا انتصف شعبان فلا تصوموا رواه أبو داود والترمذي وابن ماجة والدارمي

کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب گذر جاوے آدھا مہینا شعبان کا تو نفل روزہ نہ رکھو روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أحصوا هلال شعبان لرمضان رواه الترمذي وعن أم سلمة رض

اور یہ بھی اسی سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شمار کرتے رہو شعبان کے چاند کا واسطے تحقیق کرنے رمضان کے مہینے کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ام سلمہ رض سے

قالت ما رأيت النبي صلى الله عليه وسلم يصوم شهرين متتابعين إلا شعبان ورمضان رواه أبو داود والترمذي

کہ کہا اسنے نہ دیکھی میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو روزہ رکھتے دو مہینے پے در پے سوا شعبان اور رمضان کے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی

والنسائي وابن ماجة وعن عمار بن ياسر رض قال من صام اليوم الذي يشك فيه فقد عصى أبا القاسم صلى الله عليه

اور نسائی اور ابن ماجہ نے ٭ اور روایت ہے عمار ابن یاسر رض سے کہ کہا اسنے جسنے روزہ رکھا اس دن میں کہ شک ہے اسمیں ف سو تحقیق نافرمانی کی ابوالقاسم صلی اللہ علیہ

وسلم رواه أبو داود والترمذي والنسائي وابن ماجة والدارمي وعن ابن عباس رض قال جاء أعرابي إلى النبي صلى الله

وسلم کی روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے ٭ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا اسنے آیا ایک دیہاتی نبی صلی اللہ

عليه وسلم فقال إني رأيت الهلال يعني هلال رمضان فقال أتشهد أن لا إله إلا الله قال نعم قال أتشهد أن محمدا رسول الله

علیہ وسلم کے پاس پھر کہنے لگا میں نے چاند دیکھا یعنے رمضان کا چاند سو فرمایا کیا گواہی دیتا ہے تو اس بات کی کہ کوئی معبود نہیں سوا اللہ کے کہا اسنے ہاں فرمایا کیا گواہی دیتا ہے

قال نعم قال يا بلال أذن في الناس أن يصوموا غدا رواه أبو داود والترمذي والنسائي وابن ماجة والدارمي وعن

کہا ہاں فرمایا اے بلال پکار دے لوگوں میں کہ روزہ رکھیں کل روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے ٭ اور روایت ہے

ابن عمر رض قال تراءى الناس الهلال فأخبرت رسول الله صلى الله عليه وسلم أني رأيته فصام وأمر الناس بصيامه

ابن عمر رض سے کہ کہا اسنے جمع ہوئے تھے لوگ چاند دیکھنے ف سو میں نے خبر دی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ میں نے دیکھا چاند سو روزہ رکھے اور حکم دئے لوگوں کو روزہ رکھنے کا

رواه أبو داود والدارمي

الفصل الثالث

عن عائشة رض قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتحفظ من شعبان

روایت کیا اسکو ابوداؤد اور دارمی نے ٭ تیسری فصل ٭ روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یاد رکھتے تھے ف شعبان کے دن

ما لا يتحفظ من غيره ثم يصوم لرؤية رمضان فإن غم عليه عد ثلثين يوما ثم صام رواه أبو داود وعن أبي البختري قال

اس قدر کہ نہ یاد رکھتے تھے دوسرے مہینے کے پھر روزہ رکھتے چاند دیکھ کر رمضان کا پھر اگر ابر آجاتا تو شمار کرتے تیس دن پھر روزہ رکھتے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ٭ اور روایت ہے ابی البختری سے کہ کہا اسنے

خرجنا للعمرة فلما نزلنا ببطن نخلة تراءينا الهلال فقال بعض القوم هو ابن ثلث وقال بعض القوم هو ابن ليلتين

ہم نکلے تھے عمرہ کے واسطے ف پھر جب منزل ہوئی ہماری بطن نخلہ میں ف سب ملکر چاند دیکھنے لگے سو بعضوں نے کہا چاند تیسری رات کا ہے اور کہا بعضوں نے دو رات کا

فلقينا ابن عباس فقلنا إنا رأينا الهلال فقال بعض القوم هو ابن ثلث وقال بعض القوم هو ابن ليلتين فقال

پھر ملاقات کی ہمنے ابن عباس سے اور کہا کہ ہمنے دیکھا چاند سو کہا بعضوں نے تیسری رات کا ہے اور کہا بعضوں نے دو رات کا تب کہا ابن عباس نے

أي ليلة رأيتموه قلنا ليلة كذا وكذا فقال إن رسول الله صلى الله عليه وسلم مده للرؤية فهو لليلة رأيتموه وفي

کونسی رات کو دیکھا تمنے کہا ہمنے ایسی اور ایسی رات کو ف پھر کہا اسنے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدت مقرر کی رمضان کی چاند دیکھنے کو سو وہ اسی رات کا ہے کہ

رواية عنه قال أهللنا رمضان ونحن بذات عرق فأرسلنا رجلا إلى ابن عباس رض يسأله فقال ابن عباس

ایک روایت میں آیا ہے اسی سے کہ کہا اسنے ہمنے چاند دیکھا رمضان کا ذات عرق میں ف رہتے سو بھیجا ہمنے ایک مرد کو ابن عباس رض کے پاس پوچھنے کو اس سے سو کہا ابن عباس نے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله قد امده لرؤيته فان اغمي عليكم فاكملوا العدة رواه مسلم

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ نے رمضان کی مدت ٹھہرائی چاند دیکھنا پھر اگر ابر ہو تو پورا کرو گنتی شعبان کی روایت کیا اسکو مسلم نے

باب الفصل الاول

عن انس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تسحروا فان في السحور بركة

باب سحر کے بیان کا • پہلی فصل • روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سحر کھاؤ کیونکہ بیشک سحر کھانے میں برکت ہے

متفق عليه وعن عمرو بن العاص رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فصل ما بين صيامنا و

ق • اور روایت ہے عمرو بن عاص رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرق ہمارے روزے میں اور

صيام اهل الكتاب اكلة السحور رواه مسلم وعن سهل رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

کتاب والوں کے روزے میں سحر کھانے سے ہے روایت کیا اسکو مسلم نے • اور روایت ہے سہل رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

لا يزال الناس بخير ما عجلوا الفطر متفق عليه وعن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا

ہمیشہ لوگ بھلائی سے رہینگے جبتک کہ جلدی کرینگے افطار میں • ق • اور روایت ہے عمر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب

اقبل الليل من ههنا وادبر النهار من ههنا وغربت الشمس فقد افطر الصائم متفق عليه وعن ابي هريرة

منہ نکالے رات مشرق سے اور پیٹھ پھیرے دن مغرب کی طرف اور ڈوبے آفتاب تو بھی داخل ہوا روزہ دار افطار کرنے میں • ق • اور روایت ہے ابی ہریرہ

رض قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الوصال في الصوم فقال له رجل انك تواصل يا رسول الله

رض سے کہا انہوں نے منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ ملانے سے • پس کہا حضرت سے ایک مرد نے آپ تو ملاتے ہیں روزہ اے رسول اللہ کے

قال وايكم مثلي اني ابيت يطعمني ربي ويسقيني متفق عليه

فرمایا اور کون تم میں مجھ سا ہے میں رات گذار دیتا ہوں کھلا دیتا ہے مجھے میرا رب اور پلاتا ہے • ق •

الفصل الثاني

عن حفصة رض قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من لم يجمع الصيام قبل الفجر فلا صيام له رواه الترمذي وابو داود

دوسری فصل • روایت ہے حفصہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی نیت نہ کرے روزے کی صبح صادق سے پہلے سو درست نہیں اسکا روزہ • روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود

والنسائي والدارمي وقال ابو داود وقفه على حفصة معمر والزبيدي وابن عيينة ويونس الايلي

اور نسائی اور دارمی نے اور کہا ابوداود نے موقوف رکھا اس حدیث کو حفصہ پر معمر اور زبیدی اور سفیان ابن عیینہ اور یونس ایلی

كلهم عن الزهري وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا سمع النداء احدكم والاناء

سبھوں نے زہری سے • اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اذان سنے کوئی تم میں سے اور برتن

في يده فلا يضعه حتى يقضي حاجته منه رواه ابو داود وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

اسکے ہاتھ میں ہو سو رکھے نہ جبتک کہ اپنی حاجت پوری نہ کرے اس سے روایت کیا اسکو ابوداود نے • اور اسی سے روایت ہے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

قال الله تعالى احب عبادي الي اعجلهم فطرا رواه الترمذي وعن سلمان بن عامر رض قال قال رسول

فرمایا اللہ تعالی نے سب سے پیارا بندہ میرا وہ ہے کہ جلدی افطار کرے روایت کیا اسکو ترمذی نے • اور روایت ہے سلمان بن عامر رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم اذا افطر احدكم فليفطر على تمر فانه بركة فان لم يجد فليفطر على ماء فانه

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب افطار کرے کوئی تم میں سے تو خرما سے کرے کہ وہ برکت ہے پھر اگر نہ پاوے خرما تو پانی سے کرے وہ

طهور رواه احمد والترمذي وابوداود وابن ماجة والدارمي ولم يذكر فانه بركة غير الترمذي وعن انس رض

پاکی کی چیز ہی روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کسی نے ذکر نکیا لفظ فانه برکة کا سوا ترمذی کے ٭ اور روایت ہی انس رض سے

قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يفطر قبل ان يصلي على رطبات فان لم تكن رطبات فتميرات فان لم تكن

کہا اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم افطار کرتے تھے پہلے مغرب کی نماز کرنے کے کئی تر خرمے سے پھر اگر پاس نہوتے تر خرمے تو کئی سوکھے خرمے سے پھر اگر وہ

تميرات حسا حسوات من ماء رواه الترمذي وابوداود وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب

تو کئی چلو پانی پی لیتے　روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے اس حدیث کی سند غریب ہی

وعن زيد بن خالد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من فطر صائما او جهز غازيا فله مثل اجره

اور روایت ہی زید بن خالد رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے روزہ کھلایا کسیکا یا بنادیا مجاہد کا اسباب تو ہوگا اسکو

رواه البيهقي في شعب الايمان ومحي السنة في شرح السنة وقال صحيح وعن ابن عمر رض قال كان النبي صلى

روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور محی السنہ نے شرح السنہ میں اور کہا صحیح ہی ٭ اور روایت ہی ابن عمر رض سے کہا اسنے نبی صلی

الله عليه وسلم اذا افطر قال ذهب الظمأ وابتلت العروق وثبت الاجر ان شاء الله رواه ابوداود وعن

اللہ علیہ وسلم جب افطار کرتے تھے فرماتے جاتی رہی پیاس اور رگیں تر ہوئیں اور اجر ثابت ہوگیا اللہ چاہے تو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ٭ اور روایت ہی

معاذ بن زهرة قال ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا افطر قال اللهم لك صمت وعلى رزقك افطرت

معاذ ابن زہرہ سے ف۳ کہ کہا اسنے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب افطار کرتے فرماتے ای اللہ تیرے لئے روزہ رکھا اور تیری روزی سے کھولا

رواه ابوداود مرسلا　**الفصل الثالث**　عن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يزال

روایت کیا اسکو ابو داؤد نے سند مرسل سے ٭ تیسری فصل ٭ روایت ہی ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہیگا

الدين ظاهرا ما عجل الناس الفطر لان اليهود والنصارى يوخرون رواه ابوداود وابن ماجة وعن ابي عطية

دین غالب جب تک کہ جلدی کرینگے لوگ افطار میں کیونکہ یہود اور نصاری تاخیر کرتے ہیں روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے ٭ اور روایت ہی ابی عطیہ

قال دخلت انا ومسروق على عائشة رض فقلنا يا ام المؤمنين رجلان من اصحاب محمد صلى الله عليه

سے کہا اسنے میں اور مسروق دونو گئے عائشہ رض کے پاس سو کہا ہمنے ای مسلمانوں کی ماں دو مرد ہیں اصحاب سے محمد صلی اللہ علیہ

وسلم احدهما يعجل الافطار ويعجل الصلوة والاخر يوخر الافطار ويوخر الصلوة قالت ايهما يعجل الافطار

وسلم کے کہ ایک جلدی کرتا ہی افطار اور مغرب کی نماز میں اور دوسرا تاخیر کرتا ہی افطار اور نماز مغرب میں کہا عائشہ نے کون دونو میں سے جلدی

ويعجل الصلوة قلنا عبد الله بن مسعود رض قالت هكذا صنع رسول الله صلى الله عليه وسلم والاخر

اور جلدی نماز پڑھتا ہی کہا ہمنے عبد اللہ ابن مسعود رض کہا عائشہ نے ایسا ہی کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور دوسرا مرد

ابوموسى رواه مسلم وعن العرباض بن سارية رض قال دعاني رسول الله صلى الله عليه وسلم الى السحور

ابو موسی اشعری ہی روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہی عرباض بن ساریہ رض سے کہا اسنے بلایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سحری کھانے

في رمضان فقال هلم الى الغداء المبارك رواه ابوداود والنسائي وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله

رمضان میں سو فرمایا آ مبارک کھانے کی طرف ف۴ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے ٭ اور روایت ہی ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم نعم سحور المؤمن التمر رواہ ابوداؤد ❊ باب تنزیہ الصوم ❊ الفصل الاول

صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اچھی سحری مسلمان کی خرما ہے ف روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ❊ باب بیان میں روزہ رکھنے کے روزہ کو مفسدات وغیرہ سے ❊ پہلی فصل

عن ابی ہریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من لم یدع قول الزور والعمل بہ فلیس للہ حاجۃ فی ان یدع

روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی نہ چھوڑے بری باتیں اور بری کام سو اللہ کو کچھ حاجت نہیں

طعامہ وشرابہ رواہ البخاری ❊ وعن عائشۃ رض قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقبل ویباشر وھو صائم

اسکے کھانا پانی چھوڑنے کی ❊ روایت کیا اسکو بخاری نے ❊ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بوسہ لیتے تھے اور گلے لگاتے تھے روزہ رکھکر

وکان املککم لاربہ متفق علیہ ❊ وعنھا قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدرکہ الفجر فی رمضان وھو

اور تھے تم سے زیادہ مالک اپنی شہوت کے ❊ ق ❊ اور اسی سے روایت ہے کہ کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو صبح ہو جاتی تھی رمضان میں اور وہ

جنب من غیر حلم فیغتسل ویصوم متفق علیہ ❊ وعن ابن عباس رض قال ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم احتجم

جنابت سے رہتے بغیر احتلام کے ف پھر غسل کرتے اور روزہ رکھتے ❊ ق ❊ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لگایا سینگی

وھو محرم واحتجم وھو صائم متفق علیہ ❊ وعن ابی ہریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من نسی

احرام میں رہکر اور روزہ رکھکر ❊ ق ❊ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے بھول کر

وھو صائم فاکل او شرب فلیتم صومہ فانما اطعمہ اللہ وسقاہ متفق علیہ ❊ وعنہ قال بینما نحن جلوس

روزہ کے حال میں سو کچھ کھا لیا یا پی لیا تو پورا کرے اسی روزہ کو کہ بس کھلایا اسکو اللہ نے اور پلایا ❊ ق ❊ اور روایت ہے اسی سے کہا انہوں نے ایک وقت ہم بیٹھے تھے

عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذ جاءہ رجل فقال یا رسول اللہ ھلکت قال مالک قال وقعت علی امرأتی وانا صائم فقال

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ناگہاں آیا حضرت کے پاس ایک مرد ف سو کہا اے رسول اللہ کے ہلاک ہوا میں ف فرمایا کیا ہوا تجھکو کہا گر پڑا میں اپنی عورت پر روزہ کے حال میں تب فرمایا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ھل تجد رقبۃ تعتقھا قال لا قال ھل تستطیع ان تصوم شھرین متتابعین قال لا قال ھل تجد اطعام ستین مسکینا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا پا سکتا ہے تو ایک بردہ آزاد کرے کہا نہیں فرمایا پھر کیا رکھ سکتا ہے تو دو مہینے کے روزے پے در پے کہا نہیں فرمایا کیا مقدور ہے تجھکو ساٹھ مسکین کو کھلانے کا

قال لا قال اجلس ومکث النبی صلی اللہ علیہ وسلم فبینا نحن علی ذلک اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعرق فیہ تمر

کہا نہیں فرمایا بیٹھ اور توقف کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر اس عرصے میں کہ ہم اسی حال پر تھے کسی نے لایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک عرق جس میں خرما تھے

والعرق المکتل الضخم قال این السائل قال انا قال خذ ھذا فتصدق بہ فقال الرجل اعلی افقر منی یا رسول

اور عرق بڑی زنبیل کو کہتے ہیں ف فرمایا کہاں ہے جس نے مسئلہ پوچھا کہا اس نے میں ہوں فرمایا لے اسے خیرات کر اسکو تب کہا اس مرد نے کیا خیرات کروں اسکو جو زیادہ محتاج ہو مجھ سے اے رسول

اللہ فواللہ ما بین لابتیھا یرید الحرتین اھل بیت افقر من اھل بیتی فضحک النبی صلی اللہ علیہ وسلم حتی

اللہ کے سو قسم اللہ کی نہیں دونوں لابہ میں یعنی دونوں حرہ کے درمیان ف کوئی گھر والا زیادہ محتاج میرے گھر والوں سے تب ہنسا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں تک کہ

بدت انیابہ ثم قال اطعمہ اھلک متفق علیہ ❊ الفصل الثانی ❊ عن عائشۃ رض ان النبی صلی اللہ علیہ

نظر آئیں کوچلیاں فرمایا کھلا یہ خرما اپنے بال بچوں کو ❊ ق ❊ دوسری فصل ❊ روایت ہے عائشہ رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ

وسلم کان یقبلھا وھو صائم ویمص لسانھا رواہ ابوداؤد ❊ وعن ابی ہریرۃ رض ان رجلا سأل النبی صلی اللہ

وسلم بوسہ لیتے تھے انکا روزہ رکھکر اور چوستے زبان انکی ❊ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ❊ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ ایک مرد نے پوچھا نبی صلی اللہ

عليه وسلم عن المباشرة للصائم فرخص له وأتاه آخر فسأله فنهاه فإذا الذي رخص له شيخ وإذا الذي
عليہ وسلم سے مسئلہ عورتوں کو گلے لگانے کا روزہ دار کے لئے سو رخصت دی اسکو اور آیا دوسرا پھر پوچھا اس مسئلہ کو حضرت سے سو منع فرمایا اسکو سو دیکھے جس کو رخصت دی بوڑھا ہے اور جس کو

نهاه شاب رواه أبو داود وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ذرعه القيء وهو صائم فليس عليه
منع فرمایا جوان ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور اسی سے روایت ہے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو نکل پڑے قے بے اختیار روزہ کے حال میں سو نہیں اس پر

قضاء ومن استقاء عمدا فليقض رواه الترمذي وأبو داود وابن ماجة والدارمي وقال الترمذي هذا حديث
قضا اور جو کوئی کہ قصداً قے کرے سو قضا رکھے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے اس حدیث کی سند

غريب لا نعرفه إلا من حديث عيسى بن يونس وقال محمد يعني البخاري لا أراه محفوظا وعن معدان بن
غریب ہے ہم اسکو نہیں پہنچانتے مگر حدیث سے عیسی بن یونس کی اور کہا محمد یعنے امام بخاری نے میں گمان نہیں کرتا اس حدیث کو کہ محفوظ ہے اور روایت ہے معدان بن

طلحة أن أبا الدرداء حدثه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قاء فأفطر قال فلقيت ثوبان في مسجد دمشق
طلحہ سے کہ ابودرداء نے بیان کیا اسسے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قے کی سو روزہ توڑ ڈالا کہا پھر ملاقات کی میں نے ثوبان سے شہر دمشق کی مسجد میں

فقلت إن أبا الدرداء حدثني أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قاء فأفطر قال صدق وأنا صببت له وضوءه
سو کہا میں نے ابودرداء نے بیان کیا مجھے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قے کی پھر روزہ توڑا کہا سچ کہا اسنے اور میں ہی تو ڈالا تھا حضرت کے لئے وضو کا

رواه أبو داود والترمذي والدارمي وعن عامر بن ربيعة قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم ما لا أحصي
روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے عامر بن ربیعہ رض سے کہا اسنے دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اتنا کہ شمار نہیں کر سکتا

يتسوك وهو صائم رواه الترمذي وأبو داود وعن أنس رض قال جاء رجل إلى النبي صلى الله عليه وسلم قال
مسواک کرتے ہوئے روزہ رکھکر روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا اسنے آیا ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا

اشتكيت عيني أفأكتحل وأنا صائم قال نعم رواه الترمذي وقال ليس إسناده بالقوي وأبو عاتكة الراوي
بیمار ہوئیں میری دونوں آنکھیں سو کیا سرمہ لگاؤں روزے کے حال میں فرمایا ہاں لگا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا نہیں ہے سند اسکی قوی اور ابو عاتکہ کو جو راوی ہے

يضعف وعن بعض أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم قال لقد رأيت النبي صلى الله عليه وسلم بالعرج
ضعیف کہتے ہیں ۔ اور روایت ہے بعضے اصحاب سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا اسنے کہ تحقیق دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو عرج میں ف

يصب على رأسه الماء وهو صائم من العطش أو من الحر رواه مالك وأبو داود وعن شداد بن أوس
کہ ڈالتے تھے اپنے سر پر پانی اور حضرت روزے سے تھے پیاس کی جہت سے یا گرمی کی جہت سے روایت کیا اسکو مالک اور ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے شداد بن اوس

رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أتى رجلا بالبقيع وهو يحتجم وهو آخذ بيدي لثمان عشرة خلت
رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئے ایک مرد کے پاس بقیع میں کہ وہ سینگی لگوا رہا تھا اور حضرت پکڑے تھے میرا ہاتھ اٹھارویں تاریخ کو

من رمضان قال أفطر الحاجم والمحجوم رواه أبو داود وابن ماجة والدارمي قال الشيخ الإمام محيي السنة
رمضان کی فرمایا روزہ گیا سینگی لگانے والے اور کھنچوانے والے کا روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے کہا شیخ امام محیی السنہ نے

وتأوله بعض من رخص في الحجامة أي تعرضا للإفطار المحجوم للضعف والحاجم لأنه لا يأمن من أن يصل
اور تاویل کی ہے اس حدیث کی بعضے جائز رکھنے والے سینگی لگانے والے نے کہ مراد یعنے قریب ہو دونوں افطار سے یعنی سینگی لگوانے والا ناتوانی کی جہت سے اور سینگی کھینچنے والا اس سے کہ اسکو امن نہیں کہ پہنچ جائے

شيء إلى جوفه بمص الملازم وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من أفطر يوما من رمضان

کچھ تو نہ اسکے پیٹ میں پہنچے جو حکم کے ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے روزہ توڑا ایک دن رمضان کا

من غير رخصة ولا مرض لم يقض عنه صوم الدهر كله وإن صامه رواه أحمد والترمذي وأبو داود وابن ماجة

بغیر رخصت شرعی کے ہے اور بغیر مرض کے پورا نہ کریگا ثواب اسکے تمام عمر کا روزہ رکھنا اگرچہ روزہ رکھے عمر بھر روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ

والدارمي والبخاري في ترجمة باب وقال الترمذي سمعت محمدا يعني البخاري يقول أبو المطوس الراوي لا أعرف

اور دارمی نے اور بخاری نے ترجمہ میں ایک باب کے ہے اور کہا ترمذی نے سنا میں نے محمد سے یعنی امام بخاری سے کہ وہ کہتا تھا ابو المطوس جو راوی ہے اس حدیث کا نہیں

له غير هذا الحديث وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كم من صائم ليس له من صيامه إلا الظمأ

اسکے لئے سوا اس حدیث کے ہے اور اسی سے روایت ہے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتنے روزہ دار ہیں کہ کچھ حاصل نہیں انکو روزہ سے سوا پیاس کے

وكم من قائم ليس له من قيامه إلا السهر رواه الدارمي وذكر حديث لقيط بن صبرة في باب سنن

اور کتنے رات کو اٹھنے والے ہیں کہ کچھ حاصل نہیں انکو اٹھنے سے سوا جاگنے کے روایت کیا اسکو دارمی نے اور مذکور ہوچکی حدیث لقیط بن صبرہ کی باب سنن الوضوء میں

الوضوء

الفصل الثالث

عن أبي سعيد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاث لا يفطرن الصائم

تیسری فصل روایت ہے ابی سعید رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین خصلتیں ہیں کہ روزہ نہیں توڑتیں

الحجامة والقيء والاحتلام رواه الترمذي وقال هذا حديث غير محفوظ وعبد الرحمن بن زيد الراوي يضعف

ایک تو سینگی لگانا اور دوسری قے کرنا اور تیسری احتلام روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث محفوظ نہیں ہے اور عبد الرحمن بن زید جو راوی ہے ضعیف کیا جاتا ہے

في الحديث وعن ثابت البناني قال سئل أنس بن مالك رض كنتم تكرهون الحجامة للصائم على عهد رسول الله

حدیث کی روایت میں ہے اور روایت ہے ثابت بنانی سے کہا اسنے پوچھا کسی نے انس بن مالک رض سے کیا تم برا جانتے تھے روزہ دار کا سینگی لگانا زمانہ میں رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم قال لا إلا من أجل الضعف رواه البخاري وعن البخاري تعليقا قال كان ابن عمر يحتجم وهو

صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا نہیں مگر ناتوانی کی جہت سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے بخاری سے معلق سند سے کہا بخاری نے ابن عمر سینگی لگاتا تھا

صائم ثم تركه فكان يحتجم بالليل وعن عطاء قال إن مضمض ثم أفرغ ما في فيه من الماء لا يضره أن يزدرد

روزہ رکھ کر پھر ترک کیا اسکو سو سینگی لگاتا تھا رات میں اور روایت ہے عطاء سے کہا اسنے اگر کلی کرے روزہ دار پھر ڈالدے اپنے منہ کا پانی تو ضرر نہ کریگا اسکو نگلنا

ريقه وما بقي في فيه ولا يمضغ العلك فإن ازدرد ريق العلك لا أقول إنه يفطر ولكن ينهى عنه رواه البخاري

تھوک کا اور اسکا جو باقی رہی تری کا منہ میں ہے اور نہ چبائے مصطگی کو پس اگر نگلے روزہ دار تھوک مصطگی کا تو نہیں کہتا کہ روزہ ٹوٹ جاتا ہے لیکن منع کیا جاتا ہے روایت کیا اسکو بخاری نے

في ترجمة باب

باب صوم المسافر

الفصل الأول

عن عائشة رض قالت إن حمزة بن عمرو الأسلمي قال للنبي صلى الله

ایک باب کے ترجمہ میں ہے باب بیان میں مسافر کے روزے کے پہلی فصل روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے بیشک حمزہ بیٹا عمرو کا جو اسلمی ہے کہا نبی صلی اللہ

عليه وسلم أأصوم في السفر وكان كثير الصيام فقال إن شئت فصم وإن شئت فأفطر متفق عليه وعن أبي سعيد

علیہ وسلم سے کیا روزہ رکھوں میں سفر میں اور تھا وہ بہت روزہ رکھنے والا سو فرمایا اگر چاہے تو رکھ اور اگر چاہے تو مت رکھ ہے اور روایت ہے ابی سعید

الخدري رض قال غزونا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم لست عشرة مضت من شهر رمضان فمنا من صام

خدری رض سے کہا اسنے جہاد کیا ہمنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سولہویں تاریخ کو رمضان مہینے کی سو بعضے ہم میں سے روزہ دار تھے

ومنا من أفطر فلم يعب الصائم على المفطر ولا المفطر على الصائم رواه مسلم وعن جابر رض قال كان رسول
اور بعضے ہم میں روزہ نہ رکھتے تھے پھر ملامت نہ کرتی تھی روزہ دار اپنے روزہ نہ رکھنے والے پر اور نہ روزہ نہ رکھنے والا روزہ دار پر ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا انہوں نے تھے رسول

الله صلى الله عليه وسلم في سفر فرأى زحاما ورجلا قد ظلل عليه فقال ما هذا قالوا صائم فقال ليس من البر الصوم
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں تھے سو دیکھا بھیڑ کو اور ایک مرد کو کہ سایہ کیا گیا تھا اس پر پھر فرمایا یہ کیا ہے کہا لوگوں نے روزہ دار ہے تب فرمایا بھلائی نہیں روزہ رکھنا

في السفر متفق عليه وعن أنس رض قال كنا مع النبي صلى الله عليه وسلم في السفر فمنا الصائم ومنا المفطر
سفر میں ف ق ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا انہوں نے ہم تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں سو بعضے ہم میں سے روزہ دار تھے اور بعضے روزہ نہ رکھنے والے

فنزلنا منزلا في يوم حار فسقط الصوامون وقام المفطرون فضربوا الأبنية وسقوا الركاب فقال رسول
پھر اترے ہم ایک منزل میں گرمی کے دن میں سو گر پڑے روزہ دار اور کھڑے رہے روزہ نہ رکھنے والے سو کھڑے کئے خیمے اور پانی پلایا اونٹوں کو تب فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم ذهب المفطرون اليوم بالأجر متفق عليه وعن ابن عباس رض قال خرج رسول الله
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لے گئے آج کے دن روزہ نہ رکھنے والے ثواب کو ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا انہوں نے نکلے رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم من المدينة إلى مكة فصام حتى بلغ عسفان ثم دعا بماء فرفعه إلى يده ليراه الناس
صلی اللہ علیہ وسلم مدینے سے مکے کی طرف پھر روزہ رکھا یہاں تک کہ پہنچے عسفان کو تب پھر مانگا پانی اور اٹھایا اسکو ہاتھ تک کہ دیکھیں لوگ

فأفطر حتى قدم مكة وذلك في رمضان فكان ابن عباس يقول قد صام رسول الله صلى الله عليه وسلم وأفطر
اور روزہ کھولا یہاں تک کہ تشریف لائے مکے میں اور یہ واقعہ رمضان میں تھا پھر ابن عباس کہتا تھا تحقیق روزہ رکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور نہ رکھا

فمن شاء صام ومن شاء أفطر متفق عليه وفي رواية لمسلم عن جابر رض أنه شرب بعد العصر الفصل
سو جسکا جی چاہے روزہ رکھے اور جسکا جی چاہے نہ رکھے ۔ ق ۔ اور ایک روایت میں مسلم کی جابر رض سے کہ حضرت نے پانی پیا بعد نماز عصر کے ۔ فصل

الثاني عن أنس بن مالك الكعبي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الله وضع عن المسافر
دوسری ۔ روایت ہے انس بن مالک کعبی رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ نے تخفیف کی مسافر سے

شطر الصلوة والصوم عن المسافر وعن المرضع والحبلى رواه أبو داود والترمذي والنسائي وابن ماجه
آدھی نماز کی ف اور روزے کی مسافر سے اور دودھ پلانے والی اور حاملہ عورت سے روایت کیا اسکو ابو داود اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے

وعن سلمة بن المحبق رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من كان له حمولة تأوي إلى شبع فليصم
اور روایت ہے سلمہ بن محبق رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو میسر ہو سواری کہ پہنچا دے سیری تک تو چاہیے کہ روزہ رکھے

رمضان حيث أدركه رواه أبو داود الفصل الثالث عن جابر رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم
رمضان کا جہاں پاوے اسکو رمضان ۔ روایت کیا اسکو ابو داود نے ۔ تیسری فصل ۔ روایت ہے جابر رض سے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

خرج عام الفتح إلى مكة في رمضان فصام حتى بلغ كراع الغميم فصام الناس ثم دعا بقدح من ماء فرفعه
نکلے فتح کے سال مکے کی طرف رمضان میں سو روزہ رکھا یہاں تک کہ پہنچے کراع غمیم کو ف سو روزہ رکھا لوگوں نے پھر منگوایا پانی کا قدح اور اونچا کیا اسکو

حتى نظر الناس إليه ثم شرب فقيل له بعد ذلك إن بعض الناس قد صام فقال أولئك العصاة أولئك العصاة
یہاں تک کہ دیکھا لوگوں نے اسکو پھر اسکا پانی پیا سو کہا کسی نے حضرت سے بعد اسکے کہ بعضے لوگوں نے روزہ نہ کھولا تب فرمایا وہ لوگ نافرمان ہیں وہ لوگ نافرمان ہیں

رواه مسلم وعن عبد الرحمن بن عوف رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صائم رمضان في السفر
روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے عبد الرحمن بن عوف رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھنے والا رمضان کا سفر میں

كالمفطر في الحضر رواه ابن ماجة وعن حمزة بن عمرو الاسلمي رض انه قال يا رسول الله اني اجد في قوة على
مانند روزہ نہ رکھنے والے کے ہے گھر میں ف روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے حمزہ بن عمرو اسلمی رض سے کہ اسنے کہا اے رسول اللہ کے میں قوت رکھتا ہوں اپنے میں

الصيام في السفر فهل علي جناح قال هي رخصة من الله عز وجل فمن اخذ بها فحسن ومن احب ان يصوم
روزہ رکھنے کی سفر میں پھر کیا گناہ ہوگا مجھپر فرمایا یہ ف رخصت ہے اللہ کی طرف سے جو غالب اور بزرگ ہے پھر جو کوئی عمل کرے رخصت پر تو اچھا ہے اور جسکا جی چاہے روزہ رکھے

فلا جناح عليه رواه مسلم باب القضاء الفصل الاول عن عائشة رض قالت كان يكون علي الصوم من
تو اسپر گناہ نہیں روایت کیا اسکو مسلم نے × باب بیان میں احکام قضا کے × پہلی فصل × روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا اسنے حال یہ تھا کہ باقی رہتے تھے مجھپر روزے

رمضان فما استطيع ان اقضي الا في شعبان قال يحيى بن سعيد الشغل من النبي صلى الله عليه وسلم متفق عليه
رمضان کے پھر ادا نہیں کر سکتی تھی میں سوا شعبان کے کہا یحیی بن سعید نے مشغول رہنا ف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ف × ق ×

وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يحل للمرأة ان تصوم وزوجها شاهد الا باذنه
اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روا نہیں عورت کو نفل روزہ رکھنا اسکے خاوند گھر میں ہوتے بغیر اذن اسکے

ولا تاذن في بيته الا باذنه رواه مسلم وعن معاذة العدوية انها قالت لعائشة رض ما بال الحائض
اور نہ چاہیے اسکو کہ اذن دے کسی کو خاوند کے گھر میں بغیر اذن اسکے ف روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے معاذہ عدویہ سے کہ اسنے کہا عائشہ رض سے کیا حال ہے حیض والی عورت کا

تقضي الصوم ولا تقضي الصلوة قالت عائشة رض كان يصيبنا ذلك فنؤمر بقضاء الصوم ولا نؤمر
جو قضا کرتی ہے روزے کی اور نہیں قضا کرتی نماز کی ف کہا عائشہ رض نے آتا تھا ہمکو حیض سو حکم ہوتا ہمکو روزے کی قضا کرنے کا اور نہ حکم ہوتا

بقضاء الصلوة رواه مسلم وعن عائشة رض قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من مات وعليه
نماز کی قضا کا روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی مرجاوے اور رہیجاوے اسپر

صوم صام عنه وليه متفق عليه الفصل الثاني عن نافع عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال
روزہ تو روزہ رکھے اسکی طرف سے ولی اسکا × ق × دوسری فصل × روایت ہے نافع سے ابن عمر سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا

من مات وعليه صيام شهر رمضان فليطعم عنه مكان كل يوم مسكين رواه الترمذي وقال والصحيح انه
جو کوئی مرگیا اور باقی رہے اسپر روزے رمضان کے مہینے کے تو کھلایا جاویگا اسکی طرف سے بدلے ہر دن کے ایک مسکین روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا اور صحیح یہ ہے کہ یہ

موقوف على ابن عمر الفصل الثالث عن مالك بلغه ان ابن عمر كان يسأل هل يصوم احد عن
موقوف ہے ابن عمر پر × فصل تیسری × روایت ہے مالک سے کہ پہنچی اسکو یہ بات ابن عمر سے پوچھا جاتا تھا کیا کوئی روزہ رکھ سکتا ہے

احد او يصلي احد عن احد فيقول لا يصوم احد عن احد ولا يصلي احد عن احد رواه في الموطاء
کسی کی طرف سے یا کوئی نماز پڑھ سکتا ہے کسی کی طرف سے تو کہا نہ روزہ رکھے کوئی کسی کی طرف سے اور نہ نماز پڑھے کوئی کسی کی طرف سے روایت کیا اسکو موطا میں

باب صيام التطوع الفصل الاول عن عائشة رض قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصوم حتى
باب بیان میں نفل روزوں کے پہلی فصل × روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نفل روزہ رکھتے تھے ایسا کہ

نقول لا یفطر ویفطر حتی نقول لا یصوم وما رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استکمل صیام شہر قط
ہم دل میں کہتے کہ روزہ نہ رکھینگے اور نہ دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام مہینے کے روزے رکھتے ہرگز

الا رمضان وما رأیتہ فی شہر اکثر منہ صیاما فی شعبان وفی روایۃ قالت کان یصوم شعبان کلہ کان یصوم
سوا رمضان کے اور نہ دیکھا میں نے انکو کسی اور مہینے میں زیادہ شعبان سے روزے رکھتے اور ایک روایت میں آیا ہے کہ کہا عائشہ نے روزے رکھتے تھے حضرت شعبان کے تمام مہینے روزے

شعبان الا قلیلا متفق علیہ وعن عبد اللہ بن شقیق قال قلت لعائشۃ اکان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصوم
شعبان کے مگر تھوڑے دن ق * اور روایت ہے عبد اللہ بن شقیق سے کہ کہا انہوں نے کہا میں نے عائشہ سے کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نفل روزے رکھتے تھے

شہرا کلہ قالت ما علمتہ صام شہرا کلہ الا رمضان ولا افطرہ کلہ حتی یصوم منہ حتی مضی لسبیلہ رواہ مسلم وعن عمران بن
پورے ایک مہینے کے کہا انہوں نے مجھکو علم نہیں کہ روزے رکھے ہوں پورے ایک مہینے کے سوا رمضان کے اور نہیں جانتی کہ روزہ نہ رکھا ہو تمام مہینے میں یہاں تک کہ گذر گئے اپنی راہ * روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عمران بن

حصین رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ سألہ او سأل رجلا وعمران یسمع فقال یا ابا فلان اما صمت من سرر
حصین رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت نے پوچھا عمران سے یا دوسرے کسی مرد سے اور عمران سنتا تھا سو فرمایا اے باپ فلانے کے کیا روزہ رکھا تو

شعبان قال لا قال فاذا افطرت فصم یومین متفق علیہ وعن ابی ہریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
شعبان کے اخیر میں کہا نہیں فرمایا تو جب افطار کرے تو دو روزہ رکھ لے ق * اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

افضل الصیام بعد رمضان شہر اللہ المحرم وافضل الصلوۃ بعد الفریضۃ صلوۃ اللیل رواہ مسلم وعن ابن عباس
سب سے افضل روزے بعد رمضان کے روزے ہیں اللہ کے مہینے کے جو محرم ہے اور سب سے افضل نماز بعد فرض نماز کے تہجد کی نماز ہے روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے ابن عباس

رض قال ما رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یتحری صیام یوم فضلہ علی غیرہ الا ہذا الیوم یوم عاشوراء وہذا الشہر
رض سے کہ کہا انہوں نے نہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو طلب کرتے روزے کو کسی دن کہ فضیلت دی ہو اسکو غیر پر اس کے سوا اس دن کے یعنے دسویں محرم کی اور سوا اس مہینے کے

یعنی شہر رمضان متفق علیہ وعنہ قال حین صام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم عاشوراء وامر بصیامہ
یعنے رمضان کا مہینا * ق * اور اسی سے روایت ہے کہ کہا جب روزہ رکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے محرم کی دسویں کا اور حکم کیا اسکے روزے کا

قالوا یا رسول اللہ انہ یوم یعظمہ الیہود والنصاری فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لئن بقیت الی قابل لاصومن
کہا لوگوں نے اے رسول اللہ تحقیق یہ ایک دن ہے کہ تعظیم کرتے ہیں یہود اور نصاری سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر جیتا رہونگا میں آئندہ سال تک تو روزہ رکھونگا

التاسع رواہ مسلم وعن ام الفضل بنت الحارث ان ناسا تماروا عندہا یوم عرفۃ فی صیام رسول اللہ صلی
نویں کا * روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے ام فضل سے بیٹی حارث کی جبکہ لوگوں نے شک کیا اسکے پاس عرفہ کے دن روزہ رکھنے میں رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم فقال بعضہم ہو صائم وقال بعضہم لیس بصائم فارسلت الیہ بقدح لبن وہو واقف علی
اللہ علیہ وسلم کے سو کہا بعضوں نے حضرت روزہ دار ہیں اور بعضوں نے کہا نہیں سو بھیجا میں نے حضرت کے پاس ایک پیالہ دودھ اس حال میں کہ حضرت کھڑے تھے

بعیرہ بعرفۃ فشربہ متفق علیہ وعن عائشۃ رض قالت ما رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صائما فی
اپنے اونٹ پر سوار ہو کر جبل عرفات پر سو پیا حضرت نے دودھ ق * اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا انہوں نے نہ دیکھی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو روزہ رکھتے

العشر قط رواہ مسلم وعن ابی قتادۃ رض ان رجلا اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال کیف تصوم فغضب
ذی الحجہ کے دہے میں ہرگز * روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے ابی قتادہ رض سے کہ ایک مرد آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا کیسا روزہ رکھتے ہو سو غصے ہوئے

رسول الله صلى الله عليه وسلم من قوله فلما رأى عمر غضبه قال رضينا بالله ربا وبالاسلام دينا وبمحمد نبيا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسکی بات سے ف پھر جب حضرت عمرؓ نے دیکھا حضرت کا غصہ کہنے لگے ہم راضی ہیں اللہ سے جو رب ہمارا ہے اور اسلام جو دین ہمارا ہے اور محمد جو نبی ہیں

نعوذ بالله من غضب الله وغضب رسوله فجعل عمر يردد هذا الكلام حتى سكن غضبه فقال عمر يا رسول

پناہ چاہتے ہیں ہم اللہ کی غضب سے اللہ کے اور غضب سے اسکے رسول کے پھر بار بار کہنے لگا عمرؓ اس کلام کو یہاں تک کہ ٹھہر گیا حضرت کا غصہ پھر کہا عمرؓ نے اے رسول

الله كيف من يصوم الدهر كله قال لا صام ولا افطر او قال لم يصم ولم يفطر قال كيف من يصوم يومين و

اللہ کے کیسا حال ہے اسکا کہ روزہ رکھے ہمیشہ فرمایا نہ رکھا روزہ اور نہ کیا افطار یا فرمایا نہ روزہ رکھا اور نہ افطار کیا کہا عمرؓ نے کیسا حال اسکا جو روزہ رکھے دو

يفطر يوما قال ويطيق ذلك احد قال كيف من يصوم يوما ويفطر يوما قال ذلك صوم داود عليه السلام قال

دن رکھے ایک دن فرمایا اور کیا طاقت رکھتا ہے اسکی کوئی کہا عمرؓ نے کیسا حال ہے اسکا جو روزہ رکھے ایک دن اور افطار کرے ایک دن فرمایا یہ روزہ داؤد علیہ السلام کا روزہ ہے

كيف من يصوم يوما ويفطر يومين قال وددت اني طوقت ذلك ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلث

کیسا حال ہے اسکا جو روزہ رکھے ایک دن اور افطار کرے دو دن فرمایا میں چاہتا ہوں کہ طاقت دیا جاؤں اسکی پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین روز

من كل شهر ورمضان الى رمضان فهذا صيام الدهر كله صيام يوم عرفة احتسب على الله ان يكفر السنة

ہر مہینے سے اور رمضان کے روزے دوسرے رمضان تک یہ روزہ رکھنا ہے ہمیشہ ف روزہ عرفے کے دن کا امید رکھتا ہوں فضل خدا پر کہ اتار دے گناہ اسکے سال کے

التي قبله والسنة التي بعده وصيام يوم عاشوراء احتسب على الله ان يكفر السنة التي قبله رواه مسلم

اور گناہ آیندہ سال کے اور روزہ محرم کی دسویں تاریخ کا امید رکھتا ہوں فضل خدا پر کہ گناہ اتار دے اس سے پہلے سال کے ف روایت کیا اسکو مسلم نے

وعنه قال سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن صوم الاثنين فقال فيه ولدت وفيه انزل علي رواه

اور روایت ہے اسی سے کہا پوچھا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فضیلت دوشنبے کے روزے کی سو فرمایا اسی دن ولادت ہے میری اور اسی دن شروع قرآن اترا مجھ پر روایت کیا

مسلم وعن معاذة العدوية انها سالت عائشة رض اكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصوم من كل

مسلم نے اور روایت ہے معاذہ عدویہ سے کہ اس نے سوال کیا عائشہ رضی سے کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے تھے ہر

شهر ثلثة ايام قالت نعم فقلت لها من اي ايام الشهر كان يصوم قالت لم يكن يبالي من اي ايام الشهر

مہینے میں تین دن کہا ہاں پھر کہا میں نے اسکو مہینے کے کون سے دنوں میں روزہ رکھتے تھے کہا نہ پروا کرتے تھے کہ مہینے کے کون سے دنوں میں

يصوم رواه مسلم وعن ابي ايوب الانصاري رض انه حدثه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من صام

روزہ رکھیں ف روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ایوب انصاری رض سے کہ اسنے بیان کیا اسے ف بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے روزہ

رمضان ثم اتبعه ستا من شوال كان كصيام الدهر رواه مسلم وعن ابي سعيد الخدري رض قال نهى

رمضان کے پھر پیچھے رکھا اسکے چھ روز شوال سے ثواب ملیگا اسکو مانند برس بھر کے روزے کے ف روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہا منع کیا

رسول الله صلى الله عليه وسلم عن صوم يوم الفطر والنحر متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھنے سے رمضان اور بقرعید کے دن ف اور اسی سے روایت ہے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم لا صوم في يومين الفطر والاضحى متفق عليه وعن نبيشة الهذلي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه

وسلم نے روزہ رکھنا نہ چاہئے دو دن میں جو عید فطر اور بقرعید کے ہیں ف اور روایت ہے نبیشہ ہذلی رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وعن ابی ہریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایام التشریق ایام اکل وشرب وذکر اللہ رواہ مسلم

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایام تشریق کھانے اور پینے اور اللہ کی یاد کے دن ہیں۔ روایت کیا اس کو مسلم نے

وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یصوم احدکم یوم الجمعۃ الا ان یصوم قبلہ او یصوم بعدہ متفق علیہ

اور روایت ہے اسی سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ نہ رکھے کوئی تم میں سے جمعہ کے دن مگر اس صورت میں کہ پہلے رکھتا ہو یا بعد اس کے بھی رکھے۔ ق

وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تختصوا لیلۃ الجمعۃ بقیام من بین اللیالی ولا تختصوا یوم الجمعۃ بصیام من بین الایام

اور روایت ہے اسی سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تخصیص نہ کرو جمعہ کی رات کی شب بیداری میں اور راتوں سے اور نہ تخصیص جمعہ کے دن کی روزہ رکھنے میں اور دنوں میں سے

الا ان یکون فی صوم یصومہ احدکم رواہ مسلم

مگر اس صورت میں کہ آ پڑے اس روزے میں کہ رکھتا تھا کوئی تم میں سے۔ روایت کیا اس کو مسلم نے

وعن ابی سعید الخدری رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صام یوما فی سبیل اللہ بعد اللہ وجہہ عن النار سبعین خریفا متفق علیہ

اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے روزہ رکھا ایک دن سفر جہاد میں دور کریگا اللہ اس کی ذات کو دوزخ سے ستر برس کی راہ فاصلہ پر۔ ق

وعن عبد اللہ بن عمرو بن العاص رض قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا عبد اللہ الم اخبر انک تصوم النہار وتقوم اللیل فقلت بلی یا رسول اللہ قال فلا تفعل صم وافطر وقم ونم فان لجسدک علیک حقا وان لعینک علیک حقا وان لزوجک علیک حقا وان لزورک علیک حقا لا صام من صام الدہر صوم ثلثۃ ایام من کل شہر صوم الدہر کلہ صم کل شہر ثلثۃ ایام واقرأ القرآن فی کل شہر قلت انی اطیق اکثر من ذلک قال صم افضل الصوم صوم داود صیام یوم وافطار یوم واقرأ فی کل سبع لیال مرۃ لا تزد علی ذلک متفق علیہ

اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو بن عاص رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ای عبد اللہ کیا خبر نہیں ہوئی مجھکو اس بات کی کہ تو روزہ رکھتا ہے تمام دن کا اور بیدار رہتا ہے تمام رات سو کہا میں نے کیوں نہیں یا رسول اللہ فرمایا سو نہ کر ایسا روزہ رکھ اور مت رکھ اور رات کو اٹھ اور سو رہ کہ تیرے بدن کا اور تیری آنکھ کا اور تیری بی بی کا اور تیری ملاقات کو آنے والوں کا تجھ پر حق ہے روزہ نہ رکھا جس نے ہمیشہ روزہ رکھا تین دن روزہ رکھنا ہر مہینے میں روزہ رکھنا ہے تمام سال کا روزہ رکھ ہر مہینے میں تین دن اور پڑھ تمام قرآن کو ہر مہینے میں ایک بار میں نے کہا طاقت ہے مجھکو زیادہ اس سے فرمایا رکھ سب روزوں سے افضل روزہ رکھنا جو صوم داود ہے یعنی ایک دن روزہ رکھنا اور ایک دن کھولنا اور قرآن پڑھ ہر سات دن میں ایک دفعہ زیادہ کر اس پر

الفصل الثانی

عن عائشۃ رض قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصوم الاثنین والخمیس رواہ الترمذی والنسائی

دوسری فصل۔ روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے تھے دوشنبے اور پنجشنبے کو۔ روایت کیا اس کو ترمذی اور نسائی نے

وعن ابی ہریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تعرض الاعمال یوم الاثنین والخمیس فاحب ان یعرض عملی وانا صائم رواہ الترمذی

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے درپیش ہوتے ہیں اعمال دوشنبے کے دن اور پنجشنبے کو سو خوش لگتا ہے مجھکو کہ درپیش ہو میرا عمل اس حال میں کہ میں روزہ دار ہوں۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے

وعن ابی ذر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا ابا ذر اذا صمت من الشہر ثلثۃ ایام فصم ثلث عشرۃ واربع عشرۃ وخمس عشرۃ رواہ

اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے ابا ذر جب تو روزہ رکھے مہینے سے تین دن تو روزہ رکھ تیرھویں اور چودھویں اور پندرھویں کو۔ روایت کیا

التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رض قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ مِنْ غُرَّةِ كُلِّ
ترمذی اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے کہا انہنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے تھے اول میں ہر

شَهْرٍ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ وَقَلَّمَا كَانَ يُفْطِرُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ اِلٰى ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ وَعَنْ عَائِشَةَ رض
مہینے کے تین دن اور کم اتفاق ہوتا کہ روزہ نہ رکھتے جمعہ کے دن روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا ابوداؤد نے لفظ الی ثلثۃ ایام تک ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے

قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ مِنَ الشَّهْرِ السَّبْتَ وَالْاَحَدَ وَالْاِثْنَيْنِ وَمِنَ الشَّهْرِ الْاٰخَرِ
کہ کہا انہنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے تھے کسی مہینے میں شنبے اور ایک شنبے اور دو شنبے کو اور دوسرے مہینے میں

الثُّلٰثَاءَ وَالْاَرْبِعَاءَ وَالْخَمِيْسَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رض قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُنِيْ
سہ شنبہ اور چہار شنبہ اور پنجشنبے کو روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہا انہنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکم کرتے تھے مجکو

اَنْ اَصُوْمَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ اَوَّلُهَا الْاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسَ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ مُسْلِمٍ الْقُرَشِيِّ
روزہ رکھنے کا تین دن ہر مہینے میں کہ پہلا دن دو شنبہ ہو یا پنجشنبہ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے مسلم قرشی

رض قَالَ سَاَلْتُ اَوْ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صِيَامِ الدَّهْرِ قَالَ اِنَّ لِاَهْلِكَ عَلَيْكَ حَقًّا صُمْ
رض سے کہ کہا انہنے میں نے پوچھا یا کسی اور نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حال ہمیشہ روزہ رکھنے کا فرمایا مقرر تیرے اہل کا تجھ پر حق ہے روزہ رکھ

رَمَضَانَ وَالَّذِيْ يَلِيْهِ وَكُلَّ اَرْبِعَاءَ وَخَمِيْسٍ فَاِذًا اَنْتَ قَدْ صُمْتَ الدَّهْرَ كُلَّهٗ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنْ
رمضان کے مہینے میں اور اس مہینے میں جو متصل ہے رمضان سے اور ہر بدھ اور پنجشنبے کو تو اس صورت میں تو نے روزہ رکھا تمام سال روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے ۔ اور روایت ہے

اَبِيْ هُرَيْرَةَ رض قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ صَوْمِ يَوْمِ عَرَفَةَ بِعَرَفَةَ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ
ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہنے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا روزہ رکھنے کو عرفہ کے دن جبل عرفات میں روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ

بْنِ بُسْرٍ عَنْ اُخْتِهِ الصَّمَّاءِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَصُوْمُوْا يَوْمَ السَّبْتِ اِلَّا فِيْمَا افْتُرِضَ
ابن بسر سے اسکی بہن سے جو موصوف ہیں ساتھ صماء کے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا روزہ مت رکھو ہفتے کے دن مگر جب واقع ہو اس دن روزہ جو فرض ہیں

عَلَيْكُمْ فَاِنْ لَمْ يَجِدْ اَحَدُكُمْ اِلَّا لِحَاءَ عِنَبَةٍ اَوْ عُوْدَ شَجَرَةٍ فَلْيَمْضُغْهُ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ
تم پر ۔ پھر اگر نہ پاوے کوئی تم میں سے سوا انگور کے چھلکے کے یا سوائے لکڑی کے کسی درخت کی تو چبا لے اسی کو ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور ترمذی

وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ يَوْمًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
اور ابن ماجہ اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے ابی امامہ رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے روزہ رکھا ایک دن اللہ کی راہ میں

جَعَلَ اللّٰهُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ النَّارِ خَنْدَقًا كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَامِرِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ
کر دیگا اللہ اسکے اور دوزخ کے درمیان ایک خندق کہ ہوگا اسکا عرض مانند آسمان اور زمین کے ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے عامر بن مسعود سے کہ کہا انہنے فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغَنِيْمَةُ الْبَارِدَةُ الصَّوْمُ فِي الشِّتَاءِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ مُرْسَلٌ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غنیمت بے مشقت روزہ رکھنا جاڑے میں ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے اس حدیث کی سند مرسل ہے

وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مَا مِنْ اَيَّامٍ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ فِيْ بَابِ الْاُضْحِيَّةِ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رض اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ
اور مذکور ہو چکی حدیث ابی ہریرہ کی جو یہ ہے نہیں کوئی دن جو زیادہ پیارا ہو اللہ کے پاس قربانی کے باب میں ۔ تیسری فصل ۔ روایت ہے ابن عباس رض سے کہ بیشک رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم قدم المدينة فوجد اليهود صياما يوم عاشوراء فقال لهم رسول الله صلى الله عليه وسلم ما هذا اليوم الذي تصومونه

صلی اللہ علیہ وسلم آئے بعد ہجرت کے مدینے میں سو پایا یہود کو دوسرے سال میں روزہ رکھتے محرم کی دسویں تاریخ کو پھر فرمایا ان کو رسول اللہ نے یہ کیا دن ہے جو روزہ رکھتے ہو

فقالوا هذا يوم عظيم انجى الله فيه موسى وقومه وغرق فرعون وقومه فصامه موسى شكرا فنحن نصومه فقال

تب کہا یہود نے یہ وہ بڑا دن ہے کہ بچا دیا اللہ نے اس میں موسی اور اسکی قوم کو اور ڈبو دیا فرعون اور اسکی قوم کو سو روزہ رکھا اس میں موسی نے شکر کا پھر ہم رکھتے ہیں اس روزہ

رسول الله فنحن احق واولى بموسى منكم فصامه رسول الله صلى الله عليه وسلم وامر بصيامه متفق عليه وعن

رسول اللہ نے پھر ہم زیادہ سزاوار اور اقرب ہیں موسی کے ساتھ تم لوگوں سے پھر روزہ رکھا اس کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حکم کیا لوگوں کو اس دن کے روزے کا ۔ ف ۔ اور روایت ہے

ام سلمة رض قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصوم يوم السبت ويوم الاحد اكثر ما يصوم من الايام ويقول

ام سلمہ رض سے کہا انہنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے تھے شنبے کے دن اور یکشنبے کے دن زیادہ اس سے جو روزہ رکھتے تھے اور دنوں میں اور فرماتے

انهما يوما عيد للمشركين فانا احب ان اخالفهم رواه احمد وعن جابر بن سمرة رض قال كان رسول الله صلى

بیشک یہ دو دن عید کے ہیں مشرکوں کی سو میں چاہتا ہوں مخالفت کروں ان سے ۔ روایت کیا اسکو احمد نے ۔ اور روایت ہے جابر بن سمرہ رض سے کہا انہنے رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم يامر بصيام يوم عاشوراء ويحثنا عليه ويتعاهدنا عنده فلما فرض رمضان لم يامرنا ولم ينهنا

اللہ علیہ وسلم حکم کرتے تھے روزہ رکھنے کا محرم کی دسویں تاریخ کو اور رغبت دلاتے تھے ہمکو اس پر اور وعظ کرتے ہمکو جب آتا وہ دن پھر جب فرض ہوئے رمضان کے روزے حکم نہ کیا ہمکو

عنه ولم يتعاهدنا عنده رواه مسلم وعن حفصة رض قالت اربع لم يكن يدعهن النبي صلى الله عليه وسلم صيام

اس سے اور نہ وعظ کیا ہمکو جب آیا وہ دن ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے حفصہ رض سے کہا انہنے چار خصلتیں ہیں کہ نہ چھوڑتے تھے انکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک تو روزہ

عاشوراء والعشر وثلثة ايام من كل شهر وركعتان قبل الفجر رواه النسائي وعن ابن عباس رض قال كان

محرم کی دسویں کا اور دوسرے نو روزے ذی الحجہ کے پہلے دہے میں اور تیسرے روزے تین دن کے ہر مہینے میں اور دو رکعت نماز سے پہلے صبح کی فرض نماز کے ۔ روایت کیا اسکو نسائی نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن عباس رض سے کہا انہنے

رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يفطر ايام البيض في حضر ولا سفر رواه النسائي وعن ابي هريرة رض قال قال

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بغیر روزہ رکھے کے نہ رہتے تھے ایام بیض میں گھر میں ہوں یا سفر میں ۔ روایت کیا اسکو نسائی نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہنے فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل شيء زكوة وزكوة الجسد الصوم رواه ابن ماجة وعنه ان النبي صلى الله عليه

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر چیز کے لئے زکوۃ ہے اور زکوۃ بدن کی روزہ ہے ۔ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ۔ اور اسی سے روایت ہے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ

وسلم كان يصوم الاثنين والخميس فقيل يا رسول الله انك تصوم الاثنين والخميس فقال ان يوم الاثنين و

وسلم روزہ رکھتے تھے دوشنبے کے دن اور پنجشنبے کو سو کہا کسی نے اے رسول اللہ کے بیشک آپ روزہ رکھتے ہیں دوشنبے اور پنجشنبے کا تب فرمایا بیشک دوشنبے اور

الخميس يغفر الله فيهما لكل مسلم الا ذا هاجرين يقول دعهما حتى يصطلحا رواه احمد وابن ماجة وعنه قال

پنجشنبے کے دن میں گناہ بخشتا ہے اللہ ہر مسلمان کے مگر دو جدائی کرنے والے ۔ فرماتا ہے اللہ فرشتوں کو چھوڑ دو دونوں کو جب تک کہ آپس میں صلح کریں ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ نے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صام يوما ابتغاء وجه الله بعده الله من جهنم كبعد غراب طائر وهو

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے روزہ رکھا ایک دن چاہ کر اللہ کی رضامندی کو دور کریگا اسکو اللہ دوزخ سے جیسے اڑتے کوے کی دوری اس حال سے کہ وہ

فرخ حتى مات هرما رواه احمد وروى البيهقي في شعب الايمان عن سلمة بن قيس

بچہ تھا بچہ ہی سا تنک کہ مرگیا بوڑھا ہو کر ۔ روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت کیا بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں سلمہ بن قیس سے ۔

باب الفصل

باب بیان میں نفل روزے کے متعلق کے فصل

الاول عن عائشة رض قالت دخل علي النبي صلى الله عليه وسلم ذات يوم فقال هل عندكم شيء فقلنا لا قال

پہلی فصل روایت ہے عائشہ رض سے کہا انہوں نے آئے میرے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن پھر فرمایا کہ کیا کچھ ہے تمہارے پاس سو کہا ہم نے نہیں فرمایا

فاني إذا صائم ثم أتانا يوما آخر فقلنا يا رسول الله أهدي لنا حيس فقال أرينيه فلقد أصبحت صائما فأكل

تو میں اب روزہ رکھتا ہوں پھر آئے ہمارے پاس دوسرے دن سو کہا ہم نے یا رسول اللہ ہدیہ آیا ہے ہمارے لیے حیس فرمایا دکھا مجھ کو تحقیق میں نے صبح کی روزہ دار پھر کھایا

رواه مسلم وعن أنس رض قال دخل النبي صلى الله عليه وسلم على أم سليم فأتته بتمر وسمن فقال أعيدوا

روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے انس رض سے کہا آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ام سلیم کے پاس سو لائیں آپ کے پاس کھجوریں اور گھی سو فرمایا ڈال دو

سمنكم في سقائه وتمركم في وعائه فإني صائم ثم قام إلى ناحية البيت فصلى غير المكتوبة فدعا لأم

اپنا گھی اس کی مشک میں اور اپنا خرما اس کے برتن میں اس لیے کہ میں روزے سے ہوں پھر کھڑے ہوئے گھر کے ایک کونے میں پھر نماز پڑھی سوائے فرض کے پھر دعا کی ام

سليم وأهل بيتها رواه البخاري وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا دعي أحدكم

سلیم کو اور لوگوں کو ان کے گھر کے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بلایا جاوے کوئی تم میں سے

إلى طعام وهو صائم فليقل إني صائم وفي رواية قال إذا دعي أحدكم فليجب فإن كان صائما فليصل وإن كان

کھانے کی طرف اور وہ روزے سے ہو تو کہے کہ میں روزے سے ہوں اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا جب بلایا جاوے کوئی تم میں سے تو قبول کرے پھر اگر روزہ دار ہے تو دعا کرے

مفطرا فليطعم رواه مسلم

اور اگر روزے سے نہ ہو تو کھاوے روایت کیا اس کو مسلم نے

الفصل الثاني

دوسری فصل

عن أم هانئ قالت لما كان يوم الفتح فتح مكة جاءت فاطمة

روایت ہے ام ہانی سے کہا انہوں نے جب ہوا دن فتح مکہ کا آئیں فاطمہ

رض فجلست على يسار رسول الله صلى الله عليه وسلم وأم هانئ عن يمينه فجاءت الوليدة بإناء فيه شراب

رض پھر بیٹھیں بائیں طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اور ام ہانی داہنی طرف سو لائی ایک چھوکری ایک برتن کہ اس میں پانی تھا

فناولته فشرب منه ثم ناوله أم هانئ فشربت منه فقالت يا رسول الله لقد أفطرت وكنت صائمة

اور دیا آپ کو سو پانی پیا حضرت نے اس سے پھر دیا ام ہانی کو سو پانی پیا انہوں نے اس سے اور کہا انہوں نے یا رسول اللہ تحقیق افطار کیا میں نے اور تھی میں روزے سے

فقال لها أكنت تقضين شيئا قالت لا قال فلا يضرك إن كان تطوعا رواه أبو داود والترمذي والدارمي وفي

تب فرمایا ان کو کیا قضا رکھی تھی تو کسی واجب روزے کی کہا انہوں نے نہیں فرمایا تو ضرر نہیں تجھ کو اگر نفل تھا روایت کیا ابو داود اور ترمذی اور دارمی نے اور دوسری

رواية لأحمد والترمذي نحوه وفيه فقالت يا رسول الله أما إني كنت صائمة فقال الصائم المتطوع أمين

روایت میں احمد اور ترمذی کی مانند اس کے ہے اور اس میں یہ الفاظ ہیں پھر کہا ام ہانی نے یا رسول اللہ سنو میں روزے سے تھی فرمایا روزہ دار نفل روزہ والا

نفسه إن شاء صام وإن شاء أفطر وعن الزهري عن عروة عن عائشة رض قالت كنت أنا وحفصة

اپنی جان کا مختار ہے چاہے تو روزہ رکھے اور اگر چاہے تو کھول ڈالے اور روایت ہے ابن شہاب زہری سے عروہ سے عائشہ رض سے کہا انہوں نے تھی میں اور حفصہ

صائمتين فعرض لنا طعام اشتهيناه فأكلنا منه فقالت حفصة يا رسول الله إنا كنا صائمتين فعرض

روزے سے پھر سامنے آیا ہمارے کھانا کہ رغبت کی ہم نے اس کی سو کھایا اس میں سے پھر کہا حفصہ نے یا رسول اللہ ہم دونوں روزے سے تھے سو سامنے آیا

لنا طعام اشتهيناه فأكلنا منه فقال اقضيا يوما آخر مكانه رواه الترمذي وذكر جماعة من الحفاظ رووا

ہمارے ایک کھانا کہ رغبت کی ہم نے اس کی سو کھا لیا ہم نے اس سے فرمایا قضا رکھو ایک دن اس کے بدلے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ذکر کیا ترمذی نے کہ ایک جماعت حافظوں نے

عن الزهري عن عائشة مرسلا ولم يذكر فيه عن عروة وهذا أصح رواه أبو داود وعن زميل مولى

زہری سے اسنے عائشہ سے سند مرسل سے ف اور نہ ذکر کیا اسمیں لفظ عن عروۃ کا اور یہ مرسل ہونا زیادہ صحیح ہے اور روایت کیا اسکو ابو داود نے اور زمیل سے

عروة عن عروة عن عائشة وعن أم عمارة بنت كعب أن النبي صلى الله عليه وسلم دخل عليها فدعت

عروہ کا اسنے عروہ سے اسنے عائشہ سے ہے اور روایت ہے ام عمارہ سے جو بیٹی ہیں کعب انصاری کی کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم گئے اسکے پاس پھر منگوایا اسنے

له بطعام فقال لها كلي فقالت إني صائمة فقال النبي صلى الله عليه وسلم إن الصائم إذا أكل عنده صلت

حضرت کے لئے کھانا سو فرمایا اسکو کھا پھر کہا اسنے بیشک میں روزہ سے ہوں تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک روزہ دار جب کوئی کھاوے اسکے پاس رحمت بھیجتے ہیں

عليه الملائكة حتى يفرغوا رواه أحمد والترمذي وابن ماجه والدارمي الفصل الثالث عن بريدة رض

اسپر فرشتے ف یہاں تک کہ فراغت کرلیں کھانے سے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے تیسری فصل روایت ہے بریدہ رض سے

قال دخل بلال على رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو يتغدى فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم الغداء

کہا اسنے حاضر ہوا بلال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جناب میں جس حال میں کہ حضرت غدا کھاتے تھے ف سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آؤ کھا

يا بلال قال إني صائم يا رسول الله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم نأكل رزقنا وفضل رزق بلال في الجنة

اے بلال کہا اسنے میں روزے سے ہوں یا رسول اللہ تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کھاتے ہیں اپنی روزی اور زیادتی بلال کی روزی کی جنت میں ہے

أشعرت يا بلال أن الصائم تسبح عظامه ويستغفر له الملائكة ما أكل عنده رواه البيهقي في شعب الإيمان

کیا شعور رکھتا ہے تو اے بلال اسکا کہ روزہ دار کی ہڈیاں تسبیح پڑھتی ہیں اور بخشش مانگتے ہیں اسکے لئے فرشتے جب تک کھایا جاتا ہے اسکے پاس روایت کیا

باب ليلة القدر

الفصل الأول عن عائشة رض قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تحروا ليلة

باب بیان میں لیلۃ القدر کی فضیلت کے پہلی فصل روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ڈھونڈو شب

القدر في الوتر من العشر الأواخر من رمضان رواه البخاري وعن ابن عمر رض قال إن رجالا من أصحاب

قدر کو طاق راتوں میں پچھلی دس راتوں سے رمضان کی روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا اسنے بیشک کئی مرد اصحاب

النبي صلى الله عليه وسلم أروا ليلة القدر في المنام في السبع الأواخر فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دکھائے گئے شب قدر خواب میں پچھلی سات راتوں میں تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

أرى رؤياكم قد تواطأت في السبع الأواخر فمن كان متحريها فليتحرها في السبع الأواخر متفق عليه وعن ابن عباس رض

دیکھتا ہوں کہ خواب تمہارا تحقیق موافق پڑا پچھلی سات راتوں میں پھر جو کوئی طالب اسکا ہو تو طلب کرے اسکو پچھلی سات راتوں میں متفق اور روایت ہے ابن عباس سے

أن النبي صلى الله عليه وسلم قال التمسوها في العشر الأواخر من رمضان ليلة القدر في تاسعة تبقى في سابعة تبقى في

کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ڈھونڈو اسکو پچھلی دس راتوں میں رمضان کی یعنی شب قدر کو نویں رات میں جو باقی رہی ساتویں رات میں جو

خامسة تبقى رواه البخاري وعن أبي سعيد الخدري رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم اعتكف العشر الأول من رمضان

پانچویں رات میں جو باقی رہی ف روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعتکاف کیا پہلی دس راتوں میں

ثم اعتكف العشر الأوسط في قبة تركية ثم أطلع رأسه فقال إني اعتكفت العشر الأول ألتمس هذه الليلة ثم اعتكفت

پھر اعتکاف کیا بیچ کی دس راتوں میں ترکی خیمے میں پھر باہر نکالا سر اپنا خیمہ سے اور فرمایا میں نے اعتکاف کیا پہلی دس راتوں میں ڈھونڈنے کو شب قدر کے پھر اعتکاف کیا

العشر الاوسط ثم اتيت فقيل لي انها في العشر الاواخر فمن كان اعتكف معي فليعتكف العشر الاواخر فقد اريت

بیچ کی دس راتوں میں پھر میں آیا اور کہا گیا مجھ سے کہ شب قدر پچھلی دس راتوں میں ہے سو جو شخص میرے ساتھ اعتکاف کیا چاہے سو پچھلی دس راتوں میں اعتکاف کرے بیشک مجھے دکھائی گئی

هذه الليلة ثم انسيتها وقد رايتني اسجد في ماء وطين من صبيحتها فالتمسوها في العشر الاواخر والتمسوها في

اس معین رات کو پھر فراموش کرا دیا مجھے اسکو اور تحقیق دیکھا میں نے آپ کو سجدہ کرتا ہوا پانی اور کیچڑ میں اسکی صبح کو سو طلب کرو اسکو پچھلی دس راتوں میں اور طلب کرو

كل وتر قال فمطرت السماء تلك الليلة وكان المسجد على عريش فوكف المسجد فبصرت عيناي رسول الله صلى

ہر طاق رات میں کہا ابو سعید نے پس برسا آسمان اسی رات میں اور تھی مسجد چھت پر چھپر کی سو ٹپکی مسجد پھر دیکھا میری دونوں آنکھوں نے رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم وعلى جبهته اثر الماء والطين من صبيحة احدى وعشرين متفق عليه في المعنى واللفظ لمسلم الى قوله

اللہ علیہ وسلم کو جس حال میں تھی پیشانی پر حضرت کے علامت پانی اور کیچڑ کی صبح کو اکیسویں تاریخ کی یہ حدیث متفق علیہ ہے معنے میں اور عبارت مسلم کی ہے حضرت کے قول تک

فقيل لي انها في العشر الاواخر والباقي للبخاري وفي رواية عبد الله بن انيس قال ليلة ثلث وعشرين رواه

فقيل لي انها في العشر الاواخر اور باقی عبارت بخاری کی ہے اور روایت میں عبد اللہ بن انیس کی کہا اسنے شب قدر تیئیسویں شب ہے روایت کیا اسکو

مسلم وعن زر بن حبيش قال سالت ابي بن كعب رض فقلت ان اخاك ابن مسعود يقول من يقم الحول يصب

مسلم نے اور روایت ہے زر بن حبیش سے کہا اسنے پوچھا میں نے ابی بن کعب رض سے پھر کہا میں نے بیشک تیرا بھائی ابن مسعود کہتا ہے جو کوئی برس بھر … پاوے

ليلة القدر فقال رحمه الله اراد ان لا يتكل الناس اما انه قد علم انها في رمضان وانها في العشر الاواخر

شب قدر کو تب کہا اسنے رحم کرے اللہ اسپر اسنے ارادہ کیا کہ اعتماد نہ کر بیٹھیں لوگ خبردار بیشک اسنے جان لیا ہے کہ شب قدر رمضان میں ہے اور بیشک وہ پچھلی دس راتوں میں ہے

وانها ليلة سبع وعشرين ثم حلف لا يستثني انها ليلة سبع وعشرين فقلت باي شيء تقول ذلك يا ابا المنذر

اور بیشک شب قدر ستائیسویں رات ہے پھر قسم کھائی ابی بن کعب نے ان شاء اللہ نہ کہا کہ بیشک شب قدر ستائیسویں شب ہے پھر کہا میں نے ابی ابن کعب کو کس چیز سے کہتا ہے تو یہ اے ابا المنذر

قال بالعلامة او بالاية التي اخبرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم انها تطلع الشمس يومئذ لا شعاع لها رواه

کہا اسنے اس علامت یا کہا اس نشانی سے کہ خبر دی ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک نکلتا ہے آفتاب شب قدر کی صبح کو ایسا کہ نہیں ہوتی شعاع اسکے [illegible] روایت کیا

مسلم وعن عائشة رض قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يجتهد في العشر الاواخر ما لا يجتهد في

مسلم نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوشش کرتے تھے پچھلی دس راتوں میں اسقدر کہ نہ کرتے تھے

غيره رواه مسلم وعنها قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا دخل العشر شد مئزره واحيى ليله

انکے غیر میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انہی سے کہا اسنے کہ معمول تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جب آتا پچھلا دہا باندھ لیتے … اور بیدار رکھتے رات اپنی

وايقظ اهله متفق عليه **الفصل الثاني** عن عائشة رض قالت قلت يا رسول الله ارايت ان علمت اي ليلة

اور جگاتے … دوسری فصل روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے کہا میں نے یا رسول اللہ خبر دیجئے اگر میں معلوم کروں کہ کونسی شب

ليلة القدر ما اقول فيها قال قولي اللهم انك عفو تحب العفو فاعف عني رواه احمد وابن ماجة

شب قدر ہے کیا کہوں میں اسمیں فرمایا کہہ تو الہی بیشک تو معاف کرنے والا ہے دوست رکھتا ہے معاف کرنے کو سو معاف کر مجھسے روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ

والترمذي وصححه وعن ابي بكرة رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول التمسوها يعني

اور ترمذی نے اور صحیح کہا ترمذی نے اسکو اور روایت ہے ابی بکرہ رض سے کہا اسنے میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے طلب کرو اسکو یعنی

لیلۃ القدر فی تسع یبقین او فی سبع یبقین او فی خمس یبقین او ثلث او اٰخر لیلۃ رواہ الترمذی ۔ وعن ابن عمر

شب قدر کو ڈھونڈو نویں رات میں جو باقی رہیں یا ساتویں رات میں جو باقی رہیں یا پانچ راتوں میں جو باقی رہیں یا تین راتوں میں جو باقی رہیں یا آخر رات میں ۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر

رضی اللہ عنہ قال سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن لیلۃ القدر فقال ھی فی کل رمضان رواہ ابوداؤد وقال رواہ

رضی سے کہا انہوں نے پوچھا کسی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ لیلۃ القدر کب ہوتی ہے سو فرمایا وہ تمام رمضان میں ہوتی ہے ۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور کہا روایت کیا

سفیان وشعبۃ عن ابی اسحاق موقوفا علی ابن عمر ۔ وعن عبد اللہ بن انیس رضی اللہ عنہ قال قلت یا رسول اللہ ان لی بادیۃ

سفیان اور شعبہ نے ابی اسحاق سے سند موقوف سے ابن عمر پر ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن انیس سے کہ کہا انہوں نے کہا میں نے یا رسول اللہ بیشک مجھ کو ایک جنگل ہے

اکون فیھا وانا اصلی فیھا بحمد اللہ فمرنی بلیلۃ انزلھا الی ھذا المسجد فقال انزل لیلۃ ثلث وعشرین قیل

کہ رہتا ہوں اس میں اور وہیں نماز پڑھتا ہوں اس میں اللہ کی خوبی سے پھر ارشاد کیجئے مجھ کو ایک رات کا کہ آؤں میں اس مسجد کی طرف سو فرمایا آ تیئیسویں رات کو ۔ کہا کسی نے

لابنہ کیف کان ابوک یصنع قال کان یدخل المسجد اذا صلی العصر فلا یخرج منہ لحاجۃ حتی یصلی الصبح

اس کے بیٹے کو کیسا کرتا تھا تیرا باپ ۔ کہا اس نے آتا تھا مسجد میں جب نماز عصر کی پڑھ چکتا سو باہر نہ نکلتا مسجد سے کسی کام کو یہاں تک کہ نماز پڑھتا صبح کی

فاذا صلی الصبح وجد دابتہ علی باب المسجد فجلس علیھا ولحق بادیتہ رواہ ابوداؤد ۔

پھر جب نماز پڑھ چکتا صبح کی پاتا اپنی سواری کے جانور کو مسجد کے دروازہ پر پھر سوار ہوتا اس پر اور چلا جاتا اپنے میدان کو ۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد نے

الفصل الثالث

عن عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ قال خرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم لیخبرنا بلیلۃ القدر فتلاحی رجلان من المسلمین

تیسری فصل ۔ روایت ہے عبادہ بن صامت رضی سے کہا انہوں نے نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو خبر دینے شب قدر کی سو جھگڑا کیا دو مرد نے مسلمانوں سے

فقال خرجت لاخبرکم بلیلۃ القدر فتلاحی فلان وفلان فرفعت وعسی ان یکون خیرا لکم فالتمسوھا

پھر فرمایا میں نکلا تھا تم کو خبر دینے شب قدر کی سو جھگڑا کیا فلانے اور فلانے شخص نے سو اٹھا لیا تعین اس کا اور قریب ہے کہ ہو وے بہتر تمہارے حق میں سو طلب کرو اس کو

فی التاسعۃ والسابعۃ والخامسۃ رواہ البخاری ۔ وعن انس رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان

نویں اور ساتویں اور پانچویں میں ۔ روایت کیا اس کو بخاری نے ۔ اور روایت ہے انس رضی سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب

لیلۃ القدر نزل جبرئیل فی کبکبۃ من الملئکۃ یصلون علی کل عبد قائم او قاعد یذکر اللہ عز وجل فاذا کان

شب قدر ہوتی ہے تو اترتا ہے جبرئیل جماعت میں فرشتوں کی کہ درود بھیجتے ہیں ہر بندہ پر کھڑا ہے یا بیٹھا ہے یاد کرتا ہوا اللہ کی جو غالب ہے بزرگ ہے پھر جب ہوتا ہے

یوم عیدھم یعنی یوم فطرھم باھی بھم ملئکتہ فقال یا ملئکتی ما جزاء اجیر وفی عملہ قالوا ربنا جزاؤہ

دن ان کی عید کا یعنے دن عید الفطر کا فخر کرتا ہے خدا تعالےٰ اپنے بندوں سے فرشتوں پر پھر فرماتا ہے اے میرے فرشتو کیا بدلا ہو ہے اس بندے کا کہ تمام کر کام اپنا کہتے ہیں اے رب

ان یوفی اجرہ قال ملئکتی عبیدی وامائی قضوا فریضتی علیھم ثم خرجوا یعجون الی الدعاء وعزتی وجلالی

یہ ہے کہ پوری ملے اس کو مزدوری اس کی ۔ فرماتا ہے اے میرے فرشتو میرے بندے اور بندیاں ادا کیا میرا فرض کہ جو ان پر مقرر ہے پھر نکلے وہ اٹھا کر پکار کر دعا کرتے ہو قسم ہے عزت اور بزرگی

وکرمی وعلوی وارتفاع مکانی لاجیبنھم فیقول ارجعوا فقد غفرت لکم وبدلت سیاٰتکم حسنات

اور بخشش اور بلندی اور بڑے مرتبے کی بلندی کی البتہ میں قبول کروں گا ان کی دعا پھر فرماتا ہے پھر جاؤ کہ بخش دیں میں نے تمہارے گناہ اور بدل دیں تمہاری برائیاں نیکیوں سے

قال فیرجعون مغفورا لھم رواہ البیھقی فی شعب الایمان ۔

فرمایا حضرت نے سو پھر آتے ہیں اپنے گناہوں کی مغفرت پا کر ۔ روایت کیا اس کو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں

باب الاعتکاف

الفصل الاول

عن عائشۃ رضی

باب اعتکاف کے بیان کا ۔ پہلی فصل ۔ روایت ہے عائشہ رضی سے

ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یعتکف العشر الاواخر من رمضان حتی توفاه الله ثم اعتکف ازواجه

کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف کرتے تھے پچھلی دس راتوں میں رمضان کی یہاں تک کہ اٹھا لیا اس دنیا سے انکو اللہ نے پھر اعتکاف کیا بیبیوں نے آپ کی

من بعده متفق علیه وعن ابن عباس رض قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اجود الناس بالخیر

بعد آپ کے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب لوگوں سے زیادہ سخی نیکی میں

وکان اجود ما یکون فی رمضان کان جبریل یلقاه کل لیلة فی رمضان یعرض علیه النبی صلی الله علیه وسلم

اور بہت سخی ہوتے اور اوقات کی نسبت جس وقت رمضان میں ہو جبرئیل ملاقات کرتے تھے آپ سے ہر رات میں رمضان کی سنایا کرتے جبرئیل کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم

القرآن فاذا لقیه جبریل کان اجود بالخیر من الریح المرسلة متفق علیه وعن ابی هریرة رض قال کان یعرض

قرآن پھر جب ملاقات کرتے تھے آپ سے جبرئیل ہوتے زیادہ سخی نیکی میں ہوا بھیجی ہوئی سے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے پڑھا جاتا تھا

علی النبی صلی الله علیه وسلم القرآن کل عام مرة فعرض علیه مرتین فی العام الذی قبض وکان یعتکف کل عام

نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن ہر سال میں ایک ختم پھر پڑھا گیا حضرت پر دو ختم اس سال میں کہ قبض کی گئی روح حضرت کی اور اعتکاف کرتے تھے ہر سال

عشرا فاعتکف عشرین فی العام الذی قبض رواه البخاری وعن عائشة قالت کان رسول الله صلی الله

دس رات پھر اعتکاف کیا بیس رات اس سال میں کہ روح قبض ہوئی حضرت کی روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ

علیه وسلم اذا اعتکف ادنی الی راسه وهو فی المسجد فارجله وکان لا یدخل البیت الا لحاجة الانسان متفق

علیہ وسلم جب اعتکاف کرتے تھے نزدیک کرتے تھے میری طرف اپنا سر مسجد میں رہ کر تھا سو کنگھی کرتی میں حضرت کے بالوں کو اور تشریف نہ لاتے گھر میں مگر حاجت بشری کو

علیه وعن ابن عمر رض ان عمر رض سال النبی صلی الله علیه وسلم قال کنت نذرت فی الجاهلیة ان اعتکف لیلة

ق ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ بیشک حضرت عمر رض نے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نذر کی تھی میں نے ایام جاہلیت میں اس بات کی کہ اعتکاف کروں ایک رات

فی المسجد الحرام قال فاوف بنذرک متفق علیه

الفصل الثانی

عن انس رض قال کان النبی صلی الله علیه وسلم

مکے کی مسجد میں فرمایا تو پوری کر اپنی نذر ۔ ق ۔ دوسری فصل روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

یعتکف فی العشر الاواخر من رمضان فلم یعتکف عاما فلما کان العام المقبل اعتکف عشرین رواه الترمذی

اعتکاف کرتے تھے پچھلی دس راتوں میں رمضان کی سو ایک سال اعتکاف نہ کیا تھا پھر جب ہوا سال آئندہ اعتکاف لیا بیس راتیں روایت کیا اسکو ترمذی نے

ورواه ابو داود وابن ماجة عن ابی بن کعب وعن عائشة رض قالت کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا

اور روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ابی ابن کعب سے ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب

اراد ان یعتکف صلی الفجر ثم دخل فی معتکفه رواه ابو داود وابن ماجة وعنها قالت کان النبی صلی الله

ارادہ کرتے تھے اعتکاف کرنے کا نماز پڑھ لیتے صبح کی پھر داخل ہوتے اپنے اعتکاف کی جگہ میں روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا انہوں نے نبی صلی اللہ

علیه وسلم یعود المریض وهو معتکف فیمر کما هو فلا یعرج یسال عنه رواه ابو داود وعنها قالت السنة

علیہ وسلم عیادت کرتے تھے بیمار کی اعتکاف کے حال میں پھر گذر کرتے اپنے شغل پر یعنی توجہ نہ کرتے پوچھتے اسکا حال روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے اسی سے کہا انہوں نے سنت ہے

علی المعتکف ان لا یعود مریضا ولا یشهد جنازة ولا یمس المراة ولا یباشرها ولا یخرج لحاجة الا لما

معتکف پر کہ عیادت نہ کرے قصداً بیمار کی اور نہ حاضر ہو جنازے کی نماز کو اور صحبت نہ کرے عورت سے اور نہ لگاوے اسکو اور نہ نکلے کسی کام کے لیے مگر جو ضروری ہو

مِنْهُ وَلَا اعْتِكَافَ اِلَّا بِصَوْمٍ وَلَا اعْتِكَافَ اِلَّا فِيْ مَسْجِدٍ جَامِعٍ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ ۔ **الفصل الثالث** عَنِ ابْنِ عُمَرَ رض عَنِ

اور کامل نہیں ہوتا اعتکاف مگر روزے کے ساتھ اور اعتکاف صحیح نہیں مگر مسجد جامع میں ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ تیسری فصل ۔ روایت ہے ابن عمر رض سے

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ اِذَا اعْتَكَفَ طُرِحَ لَهٗ فِرَاشُهٗ اَوْ يُوْضَعُ لَهٗ سَرِيْرُهٗ وَرَاءَ اُسْطُوَانَةِ التَّوْبَةِ رَوَاهُ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت جب اعتکاف کرتے تھے بچھایا جاتا آپ کے لئے فرش یا رکھی جاتی تخت آپکا پیچھے ستون توبہ کے ۔ روایت کیا

ابْنُ مَاجَهْ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْمُعْتَكِفِ هُوَ يَعْتَكِفُ الذُّنُوْبَ وَيُجْرٰى

ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا معتکف کے حق میں معتکف باز رہتا ہے گناہوں سے اور جاری کی جاتی

لَهٗ مِنَ الْحَسَنَاتِ كَعَامِلِ الْحَسَنَاتِ كُلِّهَا رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ ۔ **كِتَابُ فَضَائِلِ الْقُرْاٰنِ الفصل الاول** عَنْ عُثْمَانَ رض

اسکو نیکیاں بطور کرنے والے کے سب نیکیاں ۔ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ۔ یہ کتاب ہے بیان میں قرآن کی فضیلتوں کے ۔ پہلی فصل ۔ روایت ہے عثمان رض سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رض

کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم میں بہتر وہ شخص ہے جس نے سیکھا اور سکھایا قرآن کو ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے عقبہ بن عامر رض سے

قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِي الصُّفَّةِ فَقَالَ اَيُّكُمْ يُحِبُّ اَنْ يَّغْدُوَ كُلَّ يَوْمٍ اِلٰى بُطْحَانَ اَوْ اِلَى الْعَقِيْقِ

کہ کہا انہوں نے گھر سے باہر نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ہم بیٹھے تھے صفہ میں پھر فرمایا کون تم میں سے دوست رکھتا ہے کہ نکلے جاوے ہر روز طرف بطحان کے یا طرف عقیق کے

فَيَأْتِيَ بِنَاقَتَيْنِ كَوْمَاوَيْنِ فِيْ غَيْرِ اِثْمٍ وَّلَا قَطْعِ رَحِمٍ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كُلُّنَا نُحِبُّ ذٰلِكَ قَالَ اَفَلَا يَغْدُوْ اَحَدُكُمْ

پھر لاوے دو اونٹنیاں بڑے کوہان والی بغیر گناہ کے اور بغیر قطع رحم کے سو کہا ہم نے یا رسول اللہ ہم سب دوست رکھتے ہیں اس بات کو فرمایا کیا پھر نہیں جاتا

اِلَى الْمَسْجِدِ فَيَعْلَمُ اَوْ يَقْرَأُ اٰيَتَيْنِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ نَّاقَتَيْنِ وَثَلٰثٌ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ ثَلٰثٍ وَّاَرْبَعٌ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ

صبح کو مسجد کی طرف اور سکھاتا یا پڑھتا دو آیتیں اللہ کی کتاب سے دو آیتیں بہتر ہیں اسکے لئے دو اونٹنیوں سے اور تین بہتر ہیں تین سے اور چار بہتر ہیں اسکے لئے

اَرْبَعٍ وَّمِنْ اَعْدَادِهِنَّ مِنَ الْاِبِلِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

چار سے اور زیادہ چار آیتوں سے بہتر ہیں ان آیتوں کی گنتی کے برابر اونٹ ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اِذَا رَجَعَ اِلٰى اَهْلِهٖ اَنْ يَّجِدَ فِيْهِ ثَلٰثَ خَلِفَاتٍ عِظَامٍ سِمَانٍ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ فَثَلٰثُ اٰيَاتٍ يَقْرَأُ

کیا دوست رکھتا ہے کوئی تم میں سے کہ جب چلے اپنے گھر کی طرف پاوے وہاں تین گابھن اونٹنیاں بڑی بڑی موٹی تازی کہا ہم نے ہاں فرمایا سو تین آیتیں جو

بِهِنَّ اَحَدُكُمْ فِيْ صَلٰوتِهٖ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ ثَلٰثِ خَلِفَاتٍ عِظَامٍ سِمَانٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَائِشَةَ رض قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

پڑھے کوئی تم میں سے اپنی نماز میں بہتر ہیں اسکے لئے تین اونٹنیوں سے بڑی بڑی موٹی تازی ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَاهِرُ بِالْقُرْاٰنِ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ وَالَّذِيْ يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ وَيَتَتَعْتَعُ فِيْهِ وَهُوَ عَلَيْهِ شَاقٌّ لَهٗ اَجْرَانِ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مہارت رکھنے والا قرآن پڑھنے کی لکھنے والے عزت والے اچھے فرشتوں کے ساتھ ہے اور جو کوئی پڑھتا ہے قرآن اور رہ رہ جاتا ہے پڑھنے میں اور قرآن پڑھنا

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حَسَدَ اِلَّا عَلَى اثْنَيْنِ رَجُلٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْاٰنَ

ق ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صورت حسد کی نہ چاہئے مگر دو شخص پر ایک تو وہ مرد کہ دیا اسکو اللہ نے حفظ

فَهُوَ يَقُوْمُ بِهٖ اٰنَاءَ اللَّيْلِ وَاٰنَاءَ النَّهَارِ وَرَجُلٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ اٰنَاءَ اللَّيْلِ وَاٰنَاءَ النَّهَارِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

سو وہ کھڑا رہتا ہے قرآن پڑھتا ہے رات اور دن کی ساعتوں میں اور دوسرا وہ مرد کہ دیا اسکو اللہ نے مال سو وہ خرچ کرتا ہے اسے رات اور دن کی ساعتوں میں ۔ ق ۔ اور روایت

أبي موسى رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل المؤمن الذي يقرأ القرآن مثل الأترجة ريحها طيب

ابی موسیٰ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مثال اس ایماندار کی کہ پڑھتا ہے قرآن جیسی مثال ترنج کی کہ بو اسکی خوش ہے

وطعمها طيب ومثل المؤمن الذي لا يقرأ القرآن مثل التمرة لا ريح لها وطعمها حلو ومثل المنافق الذي لا يقرأ

اور مزہ اسکا اچھا ہے ف اور مثال اس ایماندار کی کہ نہ پڑھے قرآن یعنے فقط عمل کرے جیسی مثال خرمے کی کہ اسکی بو نہیں اور مزہ اسکا میٹھا ہے اور مثال اس منافق کی کہ نہ

القرآن كمثل الحنظلة ليس لها ريح وطعمها مر ومثل المنافق الذي يقرأ القرآن مثل الريحانة ريحها طيب

قرآن جیسی مثال اندراین کی کہ نہیں اسکی بو اور مزہ اسکا کڑوا ہے اور مثال اس منافق کی جو پڑھے قرآن جیسی مثال ریحان کی کہ بو اسکی خوش ہے اور

وطعمها مر متفق عليه وفي رواية المؤمن الذي يقرأ القرآن ويعمل به كالأترجة والمؤمن الذي لا يقرأ القرآن

مزہ اسکا کڑوا ہے ق اور دوسری روایت میں آیا ہے جو ایماندار کہ پڑھے قرآن اور عمل کرے اسپر مثال اسکی مانند ترنج کی ہے اور وہ ایماندار کہ نہ پڑھے قرآن

ويعمل به كالتمرة وعن عمر بن الخطاب رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الله يرفع بهذا الكتاب أقواما

اور عمل کرے اسپر مثال اسکی مانند خرمے کے ہے اور روایت ہے عمر بن خطاب رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ بلند کرتا ہے سبب اس قرآن کے مرتبہ کئی جماعتوں کا

ويضع به آخرين رواه مسلم وعن أبي سعيد الخدري رض أن أسيد بن حضير قال بينما هو يقرأ

اور نیچا کرتا ہے سبب اسکے مرتبہ دوسروں کا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ بیشک اسید بن حضیر نے کہا ایک وقت میں وہ پڑھتا تھا

من الليل سورة البقرة وفرسه مربوطة عنده إذ جالت الفرس فسكت فسكنت فقرأ فجالت فسكت

رات کو سورۂ بقر اور اسکا گھوڑا بندھا تھا اسکے پاس اچانک چکر کرنے لگا گھوڑا اسکا سو جب یہ چپ ہو گیا ٹھہر گیا گھوڑا پھر پڑھنے لگا سو چکر کرنے لگا گھوڑا پھر

فسكنت ثم قرأ فجالت الفرس فانصرف وكان ابنه يحيى قريبا منها فأشفق أن تصيبه فلما أخره رفع رأسه

سو ٹھہر گیا پھر پڑھنے لگا سو چکر کرنے لگا گھوڑا پھر پھر اسید رض اور تھا بیٹا اسکا یحیی نزدیک گھوڑے کے سو ڈر گیا کہ نہ لتاڑے گھوڑا اسکو سو جب دور کیا یحیی کو اٹھایا

إلى السماء فإذا مثل الظلة فيها أمثال المصابيح فلما أصبح حدث النبي صلى الله عليه وسلم فقال اقرأ يا ابن

آسمان کی طرف سو دیکھتا ہے کہ بطور سائبان کے کوئی چیز ہے اسمیں چراغوں کی طرح روشنی ہے پھر جب صبح کو اٹھا اسنے بیان کیا اس قصے کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سو فرمایا پڑھا کر اے بیٹے

حضير اقرأ يا ابن حضير قال فأشفقت يا رسول الله أن تطأ يحيى وكان منها قريبا فانصرفت إليه ورفعت

حضیر کے پڑھا کر اے بیٹے حضیر کے کہا اسید نے پھر ڈر گیا میں یا رسول اللہ روندنے سے گھوڑے کے یحیی کو اور تھا یحیی قریب گھوڑے سے پھر چلا گیا میں یحیی کی طرف اور اٹھایا

رأسي إلى السماء فإذا مثل الظلة فيها أمثال المصابيح فخرجت حتى لا أراها قال وتدري ما ذاك قال لا

سر کو اپنے آسمان کی طرف سو دیکھا ہوں کہ مانند سائبان کے ایک چیز ہے کہ اسمیں چراغوں کی طرح روشنی ہے سو نکلا میں یہاں تک کہ نہ دیکھوں اسکو فرمایا تو جانتا ہے وہ کیا تھا کہا نہیں

قال تلك الملائكة دنت لصوتك ولو قرأت لأصبحت ينظر الناس إليها لا تتوارى منهم متفق عليه واللفظ

فرمایا وہ فرشتے ہیں کہ قریب ہوئے تیری آواز سنکر اور اگر پڑھتا تو تمام رات تو صبح تک رہتے کہ دیکھتے لوگ انکو نہ غائب ہوتے لوگوں سے ق اور یہہ عبارت

للبخاري وفي مسلم عرجت في الجو بدل فخرجت على صيغة المتكلم وعن البراء رض قال كان رجل يقرأ

بخاری کی کتاب میں اور مسلم میں یہہ عبارت ہے چڑھ گئے فرشتے ہوا میں بدلے اس عبارت کے پھر نکلا میں متکلم کے صیغے سے اور روایت ہے براء رض سے کہا ایک مرد پڑھتا

سورة الكهف وإلى جانبه حصان مربوط بشطنين فتغشته سحابة فجعلت تدنو وتدنو وجعل

سورۂ کہف اور اسکے داہنے یا بائیں ایک ذاتیلا گھوڑا بندھا تھا دو رسیوں سے پھر ڈھانپ لیا اسکو ایک سائبان بطور ابر کے پھر لگا وہ سائبان نزدیک ہونے اور نزدیک ہونے اور لگا

فرسه ينفر فلما أصبح أتى النبي صلى الله عليه وسلم فذكر ذلك له فقال تلك السكينة تنزلت بالقرآن متفق عليه

گھوڑا بھاگنے لگا پھر جب صبح ہوئی آیا براء نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر ذکر کیا اسکا سو فرمایا یہ سکینہ ہے ف کہ ظاہر ہوا اسکا اثر بسبب قرآن کے

وعن أبي سعيد بن المعلى قال كنت أصلي في المسجد فدعاني النبي صلى الله عليه وسلم فلم أجبه ثم أتيته فقلت

اور روایت ہے ابی سعید بن معلی سے کہ کہا اسنے نماز پڑھتا تھا میں مسجد میں پھر بلایا مجھکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سو نہ جواب دیا میں نے آپکو پھر گیا میں حضرت کے پاس اور کہا

يا رسول الله إني كنت أصلي قال ألم يقل الله استجيبوا لله وللرسول إذا دعاكم ثم قال ألا أعلمك أعظم سورة في

یا رسول اللہ میں نماز پڑھتا تھا فرمایا کیا نہیں فرمایا اللہ نے حکم مان لو اللہ کا اور اسکے رسول کا جب بلاوے تمکو رسول ف۲ پھر فرمایا کیا تعلیم نکروں تجھکو سب سے بڑی سورت جو

القرآن قبل أن تخرج من المسجد فأخذ بيدي فلما أردنا أن نخرج قلت يا رسول الله إنك قلت لأعلمنك أعظم

بیچ قرآن کے ہے پہلے تیرے باہر نکلنے مسجد سے پھر پکڑ لیا میرا ہاتھ پھر جب ارادہ کیا ہمنے باہر آنیکا مسجد سے کہا میں نے یا رسول اللہ آپ تو فرماتے تھے البتہ سکھاؤں تجھکو بہت بڑی

سورة من القرآن قال الحمد لله رب العالمين هي السبع المثاني والقرآن العظيم الذي أوتيته رواه البخاري

سورت قرآن سے فرمایا وہ الحمد للہ رب العالمین ہے یعنے سورہ فاتحہ ہے وہی ہے سبع مثانی اور قرآن عظیم کہ دیا خدا نے مجھے اسکو ف روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تجعلوا بيوتكم مقابر إن الشيطان ينفر من البيت

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مت کرو اپنے گھروں کو بطور قبرستان کے ف بیشک شیطان بھاگتا ہے اس گھر سے

الذي يقرأ فيه سورة البقرة رواه مسلم وعن أبي أمامة رض قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول

کہ پڑھا جاتا ہے اسمیں سورہ بقر روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے ابی امامہ رض سے کہ کہا اسنے سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے

اقرءوا القرآن فإنه يأتي يوم القيامة شفيعا لأصحابه اقرءوا الزهراوين البقرة وسورة آل عمران فإنهما تأتيان

پڑھو قرآن اسلئے کہ قرآن آویگا قیامت کے دن شفیع ہوکر اپنے قاریوں کا پڑھو دو چمکتی سورتوں کو یعنے سورہ بقر اور سورہ آل عمران کو اسلئے کہ وے

يوم القيامة كأنهما غمامتان أو غيايتان أو فرقان من طير صواف تحاجان عن أصحابهما اقرءوا سورة البقرة

آئینگی دن قیامت کے گویا کہ وے دو ٹکڑے سفید ابر کے یا جیسے دو چھتریاں یا جیسے دو صف باندھکر اڑتے جانوروں کی بڑی کوشش کرینگی شفاعت میں اپنے پڑھنے والوں کی پڑھو سورہ بقر کو

فإن أخذها بركة وتركها حسرة ولا يستطيعها البطلة رواه مسلم وعن النواس بن سمعان رض

کہ بیشک ہمیشہ پڑھنا اسکا برکت ہے اور چھوڑ دینا اسکا ندامت ہے اور نہیں پڑھ سکتے اسکو سست لوگ ف روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے نواس بن سمعان رض سے

قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول يؤتى بالقرآن يوم القيامة وأهله الذين كانوا يعملون به تقدمه

کہ کہا اسنے سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے لاویں گے یعنے قیامت کے دن قرآن کو اور لوگوں کو قرآن کے جو عمل کرتے تھے قرآن پر آگے آگے قرآن کے آوینگے

سورة البقرة وآل عمران كأنهما غمامتان أو ظلتان سوداوان بينهما شرق أو كأنهما فرقان من طير صواف

سورہ بقر اور سورہ آل عمران جیسے دو ٹکڑے ابر کے یا جیسے دو کالے سائبان کہ انکے بیچ میں چمک ہوگی یا جیسے دو جماعت صف باندھکر اڑتے جانوروں کی ف

تحاجان عن صاحبهما رواه مسلم وعن أبي بن كعب رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا أبا

بڑی کوشش کرینگی شفاعت میں اپنے پڑھنے والوں کی روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے ابی ابن کعب سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے ابا

المنذر أتدري أي آية من كتاب الله تعالى معك أعظم قلت الله ورسوله أعلم قال يا أبا المنذر أتدري أي

المنذر کیا جانتا ہے تو کونسی آیت قرآن کی جو تجھے یاد ہے زیادہ بزرگ ہے کہا میں نے اللہ اور اسکا رسول خوب جانتا ہے فرمایا اے ابا المنذر کیا جانتا ہے تو کونسی

آيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ مَعَكَ أَعْظَمُ قُلْتُ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ قَالَ فَضَرَبَ فِي صَدْرِي وَقَالَ لِيَهْنِكَ

آیت قرآن کی جو تجھے یاد ہے زیادہ بزرگ ہے میں نے کہا آیت الکرسی کہا ابی نے پھر مارا حضرت نے میرے سینہ میں اور فرمایا مبارک ہو تجھکو

الْعِلْمُ يَا أَبَا الْمُنْذِرِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ وَكَّلَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحِفْظِ زَكٰوةِ

علم اے ابا المنذر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے مقرر کیا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نگہبانی پر

رَمَضَانَ فَأَتَانِي آتٍ فَجَعَلَ يَحْثُو مِنَ الطَّعَامِ فَأَخَذْتُهُ وَقُلْتُ لَأَرْفَعَنَّكَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

رمضان کے فطرے کی سو آیا میرے پاس ایک شخص پھر لگا دونوں ہاتھ سے غلہ لینے پھر پکڑا میں نے اسکو اور کہا البتہ لیجاؤنگا تجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا

إِنِّي مُحْتَاجٌ وَعَلَيَّ عِيَالٌ وَلِي حَاجَةٌ شَدِيدَةٌ قَالَ فَخَلَّيْتُ عَنْهُ فَأَصْبَحْتُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ

میں محتاج ہوں اور مجھ پر بال بچوں کا خرچ ہے اور مجھے ضرورت بھی بڑی ہے کہا ابو ہریرہ نے پھر چھوڑ دیا میں نے اسکو پھر صبح کو اٹھا میں سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اے ابا ہریرہ

مَا فَعَلَ أَسِيرُكَ الْبَارِحَةَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ شَكَا حَاجَةً شَدِيدَةً وَعِيَالًا فَرَحِمْتُهُ فَخَلَّيْتُ سَبِيلَهُ قَالَ أَمَا إِنَّهُ قَدْ

کیا کیا تیرے قیدی نے کل کی رات کو کہا میں نے یا رسول اللہ گلہ کیا سخت حاجت اور بال بچوں کا سو رحم کیا میں نے اس پر اور چھوڑ دیا اسکو فرمایا خبردار ہو بیشک اسنے

كَذَبَكَ وَسَيَعُودُ فَعَرَفْتُ أَنَّهُ سَيَعُودُ لِقَوْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهُ سَيَعُودُ فَرَصَدْتُهُ فَجَاءَ

جھوٹھ کہا تجھ سے اور پھر بھی آویگا سو معلوم کر لیا میں نے کہ وہ پھر آویگا رسول اللہ کے فرمانے سے بیشک وہ پھر آویگا سو منتظر رہا میں اسکا سو آکر

يَحْثُو مِنَ الطَّعَامِ فَأَخَذْتُهُ فَقُلْتُ لَأَرْفَعَنَّكَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ دَعْنِي فَإِنِّي مُحْتَاجٌ وَعَلَيَّ عِيَالٌ

دونوں ہاتھ سے غلہ لینے لگا سو پکڑ لیا میں نے اسکو اور کہا لیجاؤنگا تجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا اس شخص نے چھوڑ دے مجھے کہ میں محتاج ہوں اور

لَا أَعُودُ فَرَحِمْتُهُ فَخَلَّيْتُ سَبِيلَهُ فَأَصْبَحْتُ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ مَا فَعَلَ أَسِيرُكَ

پھر نہ آونگا سو رحم کیا میں نے اس پر اور چھوڑ دیا اسکو پھر صبح کو اٹھا میں سو فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے ابا ہریرہ کیا کیا تیرے قیدی نے

قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ شَكَا حَاجَةً شَدِيدَةً وَعِيَالًا فَرَحِمْتُهُ فَخَلَّيْتُ سَبِيلَهُ فَقَالَ أَمَا إِنَّهُ قَدْ كَذَبَكَ وَسَيَعُودُ

کہا میں نے یا رسول اللہ گلہ کیا اسنے سخت حاجت کا اور بال بچوں کا سو رحم کیا میں نے اس پر اور چھوڑ دیا اسکو فرمایا خبردار اسنے جھوٹھ کہا تجھ سے اور پھر بھی آویگا

فَرَصَدْتُهُ فَجَاءَ يَحْثُو مِنَ الطَّعَامِ فَأَخَذْتُهُ فَقُلْتُ لَأَرْفَعَنَّكَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهٰذَا

سو منتظر رہا میں اسکا پھر آیا وہ شخص دونوں ہاتھ سے غلہ لیتا ہوا پھر پکڑا میں نے اسکو اور کہا لیجاؤنگا تجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور یہ

آخِرُ ثَلَاثِ مَرَّاتٍ إِنَّكَ تَزْعُمُ لَا تَعُودُ ثُمَّ تَعُودُ قَالَ دَعْنِي أُعَلِّمْكَ كَلِمَاتٍ يَنْفَعُكَ اللّٰهُ بِهَا إِذَا أَوَيْتَ إِلَى فِرَاشِكَ

تین بار ہو چکے کہ تو کہتا ہے نہ آونگا پھر آتا ہے تو کہا اس شخص نے چھوڑ دے مجھے کہ سکھاؤں تجھے ان باتوں کو کہ نفع دے تجھے اللہ سبب انکے جب تو بستر پر جاوے

فَاقْرَأْ آيَةَ الْكُرْسِيِّ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ حَتّٰى تَخْتِمَ الْآيَةَ فَإِنَّكَ لَنْ يَزَالَ عَلَيْكَ مِنَ اللّٰهِ حَافِظٌ وَلَا

تو پڑھ آیت الکرسی کو جو یہ ہے اللہ لا الہ الا ہو یہاں تک کہ تمام کرے تو آیت الکرسی کو تو ہمیشہ رہیگا تجھ پر اللہ کی طرف سے ایک نگہبان اور

يَقْرَبُكَ شَيْطَانٌ حَتّٰى تُصْبِحَ فَخَلَّيْتُ سَبِيلَهُ فَأَصْبَحْتُ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا فَعَلَ

نزدیک نہ آویگا تیرے کوئی شیطان یہاں تک کہ صبح کو اٹھے تو سو چھوڑ دیا میں نے اسکو پھر صبح کو اٹھا سو فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کیا

أَسِيرُكَ قُلْتُ زَعَمَ أَنَّهُ يُعَلِّمُنِي كَلِمَاتٍ يَنْفَعُنِي اللّٰهُ بِهَا قَالَ أَمَا إِنَّهُ صَدَقَكَ وَهُوَ كَذُوبٌ تَعْلَمُ مَنْ تُخَاطِبُ

قیدی تیرے نے کہا میں نے اسنے کہا کہ سکھاؤنگا تجھے ان باتوں کو کہ نفع دیگا مجھے اللہ سبب انکے فرمایا خبردار اسنے سچ کہا تجھ سے حالانکہ وہ جھوٹھا ہے تو جانتا ہے کس سے بات کرتا تھا تو

منذ ثلث ليال قلت لا قال ذاك شيطان رواه البخاري وعن ابن عباس رض قال بينما جبريل
تین راتوں سے کہا میں نے نہیں فرمایا وہ شیطان ہی روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے ایک وقت جبرئیل

قاعد عند النبي صلى الله عليه وسلم سمع نقيضا من فوقه فرفع رأسه فقال هذا باب من السماء فتح اليوم
بیٹھے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سخت آواز اوپر سے اپنے سو اٹھایا اپنا سر کہا جبرئیل نے یہ ایک دروازہ ہے آسمان سے کھولا گیا آج کے دن

لم يفتح قط الا اليوم فنزل منه ملك فقال هذا ملك نزل الى الارض لم ينزل قط الا اليوم فسلم فقال
نہ کھلا تھا کبھی مگر آج کے دن سو اترا اس سے ایک فرشتہ پھر کہا جبرئیل نے یہ ایک فرشتہ ہے کہ اترا زمین پر نہ اترا تھا کبھی مگر آج کے دن اس نے سلام کیا پھر کہا

ابشر بنورين اوتيتهما لم يؤتهما نبي قبلك فاتحة الكتب وخواتيم سورة البقرة لن تقرأ بحرف منهما الا اعطيته
خوش ہو جا دو نوروں سے کہ تجھی کو ملے نہ ملے تھے کسی نبی کو تیرے پہلے ایک سورہ فاتحہ اور دوسرا سورہ بقر کی اخیر کی آیتیں ہیں نہ پڑھیگا تو کوئی حرف ان دونوں سے مگر دیا جائیگا

رواه مسلم وعن ابي مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الايتان من اخر سورة البقرة من قرأ بهما
روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی مسعود رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو آیتیں ہیں سورہ بقر کے اخیر میں جو کوئی پڑھیگا ان کو

في ليلة كفتاه متفق عليه وعن ابي الدرداء رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من حفظ عشر ايات من اول
ایک رات میں دفع کرینگی رنج اسکو متفق ہے اور روایت ہے ابی درداء رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص یاد کریگا اور پڑھیگا دس آیتوں کو

سورة الكهف عصم من الدجال رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ايعجز احدكم ان
سورہ کہف کے شروع کی محفوظ رہیگا دجال کے فتنے سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور اسی سے روایت ہے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہیں سکتا کوئی تم میں سے

يقرأ في ليلة ثلث القران قالوا وكيف يقرأ ثلث القران قال قل هو الله احد يعدل ثلث القران رواه مسلم
پڑھے ایک رات میں تیسرا حصہ قرآن کا عرض کیا اور کیسا پڑھیگا کوئی تیسرا حصہ قرآن کا فرمایا قل ہو اللہ احد کا پڑھنا برابر ہے تیسرا حصہ پڑھنے کے قرآن کے روایت کیا

ورواه البخاري عن ابي سعيد وعن عائشة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم بعث رجلا على سرية وكان
اور روایت کیا اسکو بخاری نے ابی سعید سے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ایک مرد کو سردار کرکے ایک لشکر کا اور تھا

يقرأ لاصحابه في صلوتهم فيختم بقل هو الله احد فلما رجعوا ذكروا ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم فقال
پڑھتا اپنے رفیقوں کے لئے ان کی نمازوں میں سو ختم کرتا تھا قرأت کو قل ہو اللہ احد سے پھر جب پھر کر آئے ذکر کیا اسکا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سو فرمایا

سلوه لاي شيء يصنع ذلك فسألوه فقال لانها صفة الرحمن وانا احب ان اقرأ بها فقال النبي صلى الله عليه
پوچھو اسکو کس لئے کرتا ہے ایسا سو پوچھا اس سے تب کہا اسنے اسلئے کہ سورہ اخلاص صفت ہے اللہ کی اور میں دوست رکھتا ہوں اسکے پڑھنے کو سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ

وسلم اخبروه ان الله يحبه متفق عليه وعن انس رض قال ان رجلا قال يا رسول الله اني احب هذه السورة قل
وسلم نے خبر دو اسکو کہ بیشک اللہ دوست رکھتا ہے اسکو متفق ہے اور روایت ہے انس رض سے کہ انہوں نے بیشک ایک مرد نے کہا یا رسول اللہ میں دوست رکھتا ہوں اس سورہ کو یعنی

هو الله احد قال ان حبك اياها ادخلك الجنة رواه الترمذي وروى البخاري معناه وعن عقبة بن
ہو اللہ احد کی سورۃ کو فرمایا بیشک محبت نے تیری اس سے مستحق کیا تجھکو بہشت میں داخل ہونے کا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا بخاری نے معنے اسکے اور روایت ہے عقبہ بن

عامر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الم تر ايات انزلت الليلة لم ير مثلهن قط قل اعوذ برب
عامر رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ جانا تو نے ان آیتوں کو جو اتریں آج کی رات کو نہ دیکھا گیا مانند انکے کبھی وہ آیتیں قل اعوذ برب

الفلق وقل اعوذ برب الناس رواہ مسلم وعن عائشۃ رضـ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا اوی الی فراشہ

الفلق اور قل اعوذ برب الناس کی دو سورتیں ہیں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب قصد کرتے بچھونے پر لیٹنے کا

کل لیلۃ جمع کفیہ ثم نفث فیہما فقرا فیہما قل ہو اللہ احد وقل اعوذ برب الفلق وقل اعوذ برب الناس ثم یمسح

ہر رات کو جمع کرتے اپنی دونوں ہتھیلیاں پھر دم کرتے دونوں میں سو پڑھتے ان میں قل ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس کی سورتوں کو پھر پھیرتے

بہما ما استطاع من جسدہ یبدا بہما علی راسہ ووجہہ وما اقبل من جسدہ یفعل ذلک ثلث مرات

دونوں ہاتھ جہاں تک پہنچ سکتے جسم مبارک پر شروع کرتے ہاتھ پھیرنا سر مبارک اور چہرہ مبارک پر اور ان کے جسم پر کرتے تھے اسکو تین بار

متفق علیہ وسنذکر حدیث ابن مسعود لما اسری برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی باب المعراج ان شاء اللہ

متفق علیہ اور اب ذکر کرینگے ہم حدیث کو ابن مسعود کی کہ شروع اسکا یہ ہے جب شب کو لیگئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کے باب میں اگر چاہے اللہ

الفصل الثانی عن عبد الرحمن بن عوف رضـ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ثلث تحت العرش یوم القیمۃ

دوسری فصل روایت ہے عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا تین چیزیں عرش کے تلے ہونگی قیامت کے دن

القرآن یحاج العباد لہ ظہر وبطن والامانۃ والرحم تنادی الا من وصلنی وصلہ اللہ ومن قطعنی قطعہ

ایک تو قرآن کہ جھگڑیگا بندوں سے قرآن کے لیے ظاہر ہے اور باطن ہے اور دوسری امانت اور تیسری قرابت پکارتی ہے خبردار جو کوئی جوڑے مجھ کو جوڑے اللہ اسکو اور جو کوئی توڑے مجھ کو توڑے اللہ اسکو

اللہ رواہ فی شرح السنۃ وعن عبد اللہ بن عمرو رضـ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقال لصاحب القرآن

اللہ روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے کہا انہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہینگے آخرت میں قرآن پڑھنے والے سے

اقرء وارتق ورتل کما کنت ترتل فی الدنیا فان منزلک عند اخر ایۃ تقرءہا رواہ احمد والترمذی

کہ قراءت کر قرآن کی اور چڑھ جنت کے درجوں پر اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھ جیسا کہ ٹھہر ٹھہر کر پڑھتا تھا دنیا میں پھر بیشک مقام تیرا آخر کی آیت کے پاس ہے جو پڑھتا تو روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی

وابوداود والنسائی وعن ابن عباس رضـ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الذی لیس فی جوفہ

اور ابوداود اور نسائی نے اور روایت ہے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا انہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر جو شخص کہ نہو دل میں اسکے

شیء من القرآن کالبیت الخرب رواہ الترمذی والدارمی وقال الترمذی ہذا حدیث صحیح وعن ابی سعید

کچھ بھی قرآن سے مانند ویران گھر کے ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث صحیح ہے اور روایت ہے ابی سعید

رضـ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول الرب تبارک وتعالی من شغلہ القرآن عن ذکری ومسالتی

رضی اللہ عنہ سے کہا انہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرماتا ہے پروردگار جو برکت اور بلندی رکھتا ہے جو شخص کہ باز رکھے اسکو قرآن کی تلاوت اور اذکار اور طلب

اعطیتہ افضل ما اعطی السائلین وفضل کلام اللہ تعالی علی سائر الکلام کفضل اللہ علی خلقہ رواہ الترمذی

دونگا میں اسکو بہت زیادہ اس سے کہ دیتا ہوں مانگنے والوں کو اور فضیلت اللہ کے کلام کی سب کلام پر ویسی ہی ہے جیسی فضیلت اللہ تعالی کی خلق پر روایت کیا اسکو ترمذی

والدارمی والبیہقی فی شعب الایمان وقال الترمذی ہذا حدیث حسن غریب وعن ابن مسعود رضـ قال

اور دارمی اور بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قرا حرفا من کتاب اللہ فلہ بہ حسنۃ والحسنۃ بعشر امثالہا لا اقول

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے پڑھا ایک حرف کتاب اللہ سے اسکو ہوگی ایک نیکی اور نیکی ہر ایک دس گنی ہوتی ہے نہیں کہتا میں

الٓمّٓ حرفٌ بل الفٌ حرفٌ ولامٌ حرفٌ ومیمٌ حرفٌ رواه الترمذی والدارمی وقال الترمذی هذا حدیث حسن صحیح

الٓمّٓ مل کر ایک حرف ہے بلکہ الف ایک حرف ہے اور لام ایک حرف ہے اور میم ایک حرف ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے

غریب اسنادہ **وعن** الحارث الاعور قال مررت فی المسجد فاذا الناس یخوضون فی الاحادیث فدخلت علٰی علیؓ

سند اسکی غریب ہے اور روایت ہے حارث اعور سے کہا اسنے گذر کیا میں نے مسجد میں سو دیکھا ہوں کہ لوگ لگ رہے ہیں بیفائدہ باتوں میں سو گیا میں علیؓ کے پاس

فاخبرته فقال اوقد فعلوها قلت نعم قال اما انی سمعت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یقول الا انها ستکون فتنة فقلت

پھر خبر دی میں نے اسکو سو کہا علیؓ نے کیا اور تحقیق کیا لوگوں نے اسکو کہا میں نے ہاں کہا علیؓ نے خبردار ہو میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے خبردار ہو تحقیق آگے ہوگا فتنہ کہا میں نے

ما المخرج منها یا رسول اللّٰہ قال کتاب اللّٰہ فیه نبأ ما قبلکم وخبر ما بعدکم وحکم ما بینکم هو الفصل لیس

کیا صورت ہے بچاؤ کی فتنہ سے اے رسول اللہ کے فرمایا متمسک ہونا قرآن سے کہ اسمیں حال اگلے لوگوں کا لکھا ہے اور خبر ہے ان واردات کی کہ بعد تمہارے ہونگے اور حکم ہے تمہارے اختلاف کا وہ فیصلہ ہے

بالهزل من ترکه من جبار قصمه اللّٰہ ومن ابتغی الهدٰی فی غیره اضله اللّٰہ وهو حبل اللّٰہ المتین وهو الذکر الحکیم والصراط

بات ہنسی کی جو دشمن خدا کا قرآن کو چھوڑ دیگا گردن اسکی توڑ دیگا اللہ اور جو ہدایت طلب کریگا قرآن کے سوا میں ضلالت میں ڈالیگا اسکو اللہ اور قرآن رسی ہے اللہ کی مضبوط اور وہی ہے نصیحت پر حکمت اور

المستقیم هو الذی لا تزیغ به الاهواء ولا تلتبس به الالسنة ولا یشبع منه العلماء ولا یخلق عن کثرة الرد ولا تنقضی

سیدھی راہ وہ ایسی کتاب ہے کہ نہیں ٹیڑھی ہوتی ساتھ خواہش کے اور نہیں مشتبہ ہوتی اس سے زبانیں اور نہیں سیر ہوتے اس سے عالم اور نہیں پرانا ہوتا زیادہ تکرار کرنے سے اور تمام نہیں ہوتے

عجائبه وهو الذی لم تنته الجن اذ سمعته حتی قالوا انا سمعنا قراٰنا عجبا یهدی الی الرشد فاٰمنا به من قال به

اسکے نادر باتیں اور قرآن وہ کلام ہے کہ جن جسوقت سنا اسکو بیتاب ہو کر بول اٹھے ہم نے سنا عجب قرآن کو کہ سمجھاتا ہے بھلائی کی راہ سو ایمان لایا ہم نے اسپر جو کوئی خبر دیگا قرآن سے

صدق ومن عمل به اجر ومن حکم به عدل ومن دعا الیه هدی الی صراط مستقیم رواه الترمذی والدارمی وقال

صادق ہوگا اور جو کوئی عمل کریگا قرآن پر اسکو ثواب دیا جاویگا اور جو کوئی حکم کریگا اسے عادل ہوگا اور جو کوئی بلاویگا قرآن کی طرف بتادیگا سیدھی راہ روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور کہا

الترمذی هذا حدیث اسناده مجهول وفی الحارث مقال **وعن** معاذ الجهنی رضؓ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ

ترمذی نے اس حدیث کی سند مجہول ہے اور حارث اعور کے حال میں اختلاف ہے اور روایت ہے معاذ جہنی رضؓ سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

علیه وسلم من قرأ القراٰن وعمل بما فیه البس والداه تاجا یوم القیامة ضوءه احسن من ضوء الشمس فی بیوت الدنیا

علیہ وسلم نے جسنے پڑھا قرآن اور عمل کیا اسکی آیتوں پر پہنا دینگے اسکے ماں باپ کو تاج قیامت کے دن کہ روشنی اسکی بہتر ہوگی آفتاب کی روشنی سے جو دنیا کے گھروں میں

لو کانت فیکم فما ظنکم بالذی عمل بهذا رواه احمد وابو داود **وعن** عقبة بن عامر رضؓ قال سمعت رسول اللّٰہ

فرض کریں کہ ہو آفتاب تمہارے گھروں میں پھر کیا گمان ہے تمہارا اسپر جو عمل کیا اسپر روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد نے اور روایت ہے عقبہ بن عامر رضؓ سے کہا اسنے سنا میں نے رسول اللہ

صلی اللّٰہ علیه وسلم یقول لو جعل القراٰن فی اهاب ثم القی فی النار ما احترق رواه الدارمی **وعن** علی رضؓ قال قال

صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے اگر رکھدے کوئی قرآن کو چمڑے میں پھر ڈالدے آگ میں نہ جلیگا روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے علی رضؓ سے کہا اسنے فرمایا

رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم من قرأ القراٰن فاستظهره فاحل حلاله وحرم حرامه ادخله اللّٰہ الجنة وشفعه فی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے پڑھا قرآن پھر زبانی حفظ کیا اسکو اور حلال سمجھا اسکے حلال کو اور حرام سمجھا اسکے حرام کو داخل کریگا اسکو اللہ بہشت میں اور شفیع کریگا

عشرة من اهل بیته کلهم قد وجبت له النار رواه احمد والترمذی وابن ماجة والدارمی وقال الترمذی هذا حدیث

ایسے دس شخصوں کے حق میں اسکے گھر والوں کہ سبھی انمیں سے مستحق ہو چکے دوزخ کے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے سند اس حدیث کی

غریب وحفص بن سلیمان الراوی لیس هو بالقوی یضعف فی الحدیث وعن ابی هریرة رض قال قال رسول الله صلی

غریب ہے اور حفص بن سلیمان جو راوی ہے قوی نہیں ضعیف کہتے ہیں اسکو روایت حدیث میں ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی

الله علیه وسلم لابی بن کعب کیف تقرء فی الصلوة فقرء ام الکتاب فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم والذی

اللہ علیہ وسلم نے ابی بن کعب کو کیونکر پڑھتا ہے تو قرآن نماز میں پھر پڑھا اسنے سورۂ فاتحہ کو پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم اس ذات کی

نفسی بیده ما انزلت فی التوراة ولا فی الانجیل ولا فی الزبور ولا فی القرآن مثلها وانها سبع من المثانی

کہ میری جان اسکی قدرت میں ہے نازل نہ ہوئی توریت اور انجیل اور زبور میں اور نہ بقیہ میں اسی قرآن کے کوئی سورہ مثل اسکے اور سورۂ فاتحہ سبع مثانی

والقرآن العظیم الذی اعطیته رواه الترمذی وروی الدارمی من قوله ما انزلت ولم یذکر ابی بن کعب وقال الترمذی

اور قرآن عظیم ہے کہ ملا مجھکو مطلب روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا دارمی نے قول سے حضرت کے ما انزلت تک اور نہ ذکر کیا نام ابی بن کعب کا اور کہا ترمذی نے

هذا حدیث حسن صحیح وعنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم تعلموا القرآن فاقرؤه فان مثل القرآن لمن

یہ حدیث اچھی ہے صحیح ہے ۔ اور روایت ہے انہی سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیکھو قرآن کو پس پڑھا کرو پھر بیشک مثال قرآن کی اس شخص کو جن نے

تعلم فقرأ وقام به کمثل جراب محشو مسکا تفوح ریحه کل مکان ومثل من تعلمه فرقد وهو فی جوفه کمثل جراب

سیکھا پھر ہمیشہ پڑھا اور عمل کیا اسپر جیسی مثال مشک سے بھری ہوئی جراب کی ہے کہ پہنچتی ہے خوشبو اسکی ہر جگہ اور مثال اس شخص کی کہ سیکھا قرآن پھر غفلت کی اور قرآن

اوکی علی مسک رواه الترمذی والنسائی وابن ماجة وعنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من قرأ حم المؤمن

کہ کسی دیا ہو دوری منہ اسکا مشک پر روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے انہی سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پڑھیگا سورہ حم مومن کو

الی الیه المصیر وایة الکرسی حین یصبح حفظ بهما حتی یمسی ومن قرأهما حین یمسی حفظ بهما حتی یصبح رواه

الیہ المصیر کے لفظ تک اور آیت الکرسی صبح کو اٹھتے ہی محفوظ رہیگا برکت سے دونوں کی شام تک اور جو کوئی پڑھیگا ان دونوں کو شام کو محفوظ رہیگا برکت سے انکی صبح تک روایت کیا

الترمذی والدارمی وقال الترمذی هذا حدیث غریب وعن النعمان بن بشیر رض قال قال رسول الله صلی الله

ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے سند اس حدیث کی غریب ہے ۔ اور روایت ہے نعمان بن بشیر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

علیه وسلم ان الله کتب کتابا قبل ان یخلق السموات والارض بالفی عام انزل منه ایتین ختم بهما سورة البقرة

علیہ وسلم نے بیشک اللہ نے ایک کتاب لکھی پہلے بنانے کے آسمانوں کو اور زمین کو دو ہزار برس نازل کیا اس سے دو آیتوں کو کہ ختم کیا ان سے سورۂ بقر کو

ولا تقرأن فی دار ثلث لیال فیقربها الشیطان رواه الترمذی والدارمی وقال الترمذی هذا حدیث غریب وعن

اور نہ ہوگا کہ پڑھی جاویں وہ دونوں آیتیں کسی گھر میں تین رات پھر پاس آوے اس گھر کے شیطان روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے

ابی الدرداء رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من قرأ ثلث ایات من اول الکهف عصم من فتنة الدجال

ابی درداء رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پڑھیگا شروع کی تین آیتیں سورۂ کہف کی بچیگا فتنہ سے دجال کے

رواه الترمذی وقال هذا حدیث حسن صحیح وعن انس رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان لکل شیء قلبا

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث اچھی ہے صحیح ہے ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک ہر چیز کا دل ہے

وقلب القرآن یس ومن قرأ یس کتب الله له بقراءتها قراءة القرآن عشر مرات رواه الترمذی والدارمی وقال الترمذی

اور دل قرآن کا یس کی سورۂ ہے اور جو کوئی پڑھیگا سورۂ یس کی لکھیگا اللہ بسبب اسکے پڑھنے کے ثواب تمام قرآن پڑھنے کا دس بار روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے

هذا حديث غريب وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله تعالى قرأ طه ويس

یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ تعالی نے قرأت کی سورۂ طٰہٰ اور یٰسٓ کی

قبل ان يخلق السموات والارض بالف عام فلما سمعت الملائكة القرآن قالت طوبى لامة ينزل هذا عليها وطوبى

پیدا کرنے سے آسمان اور زمین کے ہزار برس پہلے پھر جب سنا فرشتوں نے اس قرآن کو کہا خوبی ہے اس امت کے لئے کہ اترے یہ قرآن اس پر اور خوبی ہے

لاجواف تحمل هذا وطوبى لالسنة تتكلم بهذا رواه الدارمي وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

ان دلوں کے لئے کہ یاد رکھیں اسکو اور خوبی ہے ان زبانوں کے لئے کہ پڑھیں اسکو روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے اسی سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

من قرأ حم الدخان في ليلة اصبح يستغفر له سبعون الف ملك رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب و

جس نے پڑھی سورۂ دخان کو کسی رات میں صبح کریگا اس حال پر کہ مغفرت مانگتے ہونگے اسکے لئے ستر ہزار فرشتے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا اسنادی حدیث کی

عمر بن ابي خثعم الراوي يضعف وقال محمد يعني البخاري هو منكر الحديث وعنه قال قال رسول الله صلى الله

عمرو بن ابی خثعم جو راوی ہے ضعیف کہتے ہیں اسکو اور کہا محمد نے یعنی بخاری نے کہ وہ منکر الحدیث ہے ف اور اسی سے روایت ہے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم من قرأ حم الدخان في ليلة الجمعة غفر له رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وهشام ابو

علیہ وسلم نے جس نے پڑھی سورۂ دخان شب جمعہ میں گناہ معاف ہو گئے اسکے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور ہشام ابو

المقدام الراوي يضعف وعن العرباض بن سارية رض ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يقرأ المسبحات

المقدام جو راوی ہے اسکو ضعیف کہتے ہیں اور روایت ہے عرباض بن ساریہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے مسبحات کو

قبل ان يرقد يقول ان فيهن اية خير من الف اية رواه الترمذي وابو داود ورواه الدارمي عن خالد بن معدان

پہلے سونے کے فرماتے کہ ان میں ایک آیت ہے ہزار آیت سے بہتر روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت کیا اسکو دارمی نے خالد بن معدان سے

مرسلا وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان سورة

بطور ارسال کے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث اچھی ہے غریب ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک ایک سورۃ

في القرآن ثلثون اية شفعت لرجل حتى غفر له وهي تبارك الذي بيده الملك رواه احمد والترمذي وابو داود

قرآن میں تیس آیتوں کی سفارش کی اسنے ایک مرد کی یہاں تک کہ مغفرت ہوئی اسکی اور وہ سورۂ تبارک الذی کی سورۃ ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد

والنسائي وابن ماجه وعن ابن عباس رض قال ضرب بعض اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم خباءه على قبر وهو

اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا انہوں نے کھڑا کیا کسی نے اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے خیمہ اپنا ایک قبر پر اور اسکو

لا يحسب انه قبر فاذا فيه انسان يقرأ سورة تبارك الذي بيده الملك حتى ختمها فاتى النبي صلى الله عليه

گمان نہ تھا کہ وہ قبر ہے سو ناگہاں اسمیں ایک آدمی پڑھ رہا ہے سورۂ تبارک کو یہاں تک کہ ختم کیا اسکو پھر آیا نبی صلی اللہ علیہ

وسلم فاخبره فقال النبي صلى الله عليه وسلم هي المانعة هي المنجية تنجيه من عذاب الله رواه الترمذي وقال هذا

وسلم کے پاس اور خبر دی حضرت کو سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ باز رکھنے والی ہے وہ نجات بخشنے والی ہے کہ نجات دیتی ہے اپنے قاری کو

حديث غريب وعن جابر رض ان النبي صلى الله عليه وسلم كان لا ينام حتى يقرأ الم تنزيل وتبارك الذي بيده

حدیث غریب ہے اور روایت ہے جابر رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہ سوتے تھے رات کو جب تک نہ پڑھتے سورۂ الم تنزیل اور سورۂ تبارک کو

الملك رواه احمد والترمذي والدارمي وقال الترمذي هذا حديث صحيح وكذا في شرح السنة وفي المصابيح غريب
کو روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث صحیح ہے اور اسی طور شرح سنہ میں ہے اور مصابیح میں غریب ہے

وعن ابن عباس وانس بن مالك رض قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا زلزلت تعدل نصف القرآن و
اور روایت ہے ابن عباس اور انس بن مالک رض سے کہا دونوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ اذا زلزلت کی برابر آدھے قرآن کے ہے

قل هو الله احد تعدل ثلث القرآن وقل يا ايها الكافرون تعدل ربع القرآن رواه الترمذي وعن معقل بن يسار
سورہ قل ہو اللہ کی برابر ہے قرآن کی ایک تہائی کے اور سورہ قل یا ایہا الکافرون کی برابر ہے قرآن کی ایک چوتھائی کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے معقل

عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من قال حين يصبح ثلث مرات اعوذ بالله السميع العليم من الشيطان الرجيم فقرأ ثلث
بن یسار سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو کوئی کہیگا صبح کو اٹھ کر تین بار پناہ چاہتا ہوں اللہ کی جو سننے والا جاننے والا ہے شیطان مردود سے پھر پڑھے تین

آيات من آخر سورة الحشر وكل الله به سبعين الف ملك يصلون عليه حتى يمسي وان مات في ذلك اليوم
آیت آخر کی سورہ حشر کے مقرر کریگا اللہ اسپر ستر ہزار فرشتوں کو کہ دعا کرینگے اسکے لئے یہانتک کہ شام کرے اور اگر مرجاوے اسی دن تو مریگا

مات شهيدا ومن قالها حين يمسي كان بتلك المنزلة رواه الترمذي والدارمي وقال الترمذي هذا حديث غريب
شہادت کی موت اور جو کوئی کہیگا اسکو رات ہوتے حاصل کریگا یہی مرتبہ کو روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے اس حدیث کی سند غریب ہے

وعن انس رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من قرأ كل يوم مائتي مرة قل هو الله احد محي عنه ذنوب خمسين
اور روایت ہے انس رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو پڑھیگا ہر روز دو سو بار قل ہو اللہ احد مٹا دیگا اسکے گناہ پچاس

سنة الا ان يكون عليه دين رواه الترمذي والدارمي وفي روايته خمسين مرة ولم يذكر الا ان يكون عليه دين
برس کے سوا گناہ قرض کے کہ ہو اسپر روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور روایت میں دارمی کی پچاس بار ہے اور ذکر نہ کیا الا ان یکون الخ اس عبارت کو

وعنه عن النبي صلى الله عليه وسلم من اراد ان ينام على فراشه فنام على يمينه ثم قرأ مائة مرة قل هو الله احد
اور روایت ہے اسی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جسنے ارادہ کیا لیٹنے کا اپنے بچھونے پر پھر لیٹا داہنی کروٹ پر پھر پڑھا سو بار قل ہو اللہ احد

اذا كان يوم القيامة يقول له الرب يا عبدي ادخل على يمينك الجنة رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب
جب ہوگا قیامت کا دن فرماویگا اسکو پروردگار اے بندے میرے داخل ہو داہنی طرف کی بہشت میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا اس حدیث کی سند اچھی غریب ہے

وعن ابي هريرة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم سمع رجلا يقرأ قل هو الله احد فقال وجبت قلت وما وجبت قال
اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا ایک مرد کو کہ پڑھ رہا ہے قل ہو اللہ احد سو فرمایا لازم ہوئی کہا میں نے کیا لازم

الجنة رواه مالك والترمذي والنسائي وعن فروة بن نوفل عن ابيه انه قال يا رسول الله علمني شيئا اقوله اذا
فرمایا لازم ہوئی جنت روایت کیا اسکو مالک اور ترمذی اور نسائی نے اور روایت ہے فروہ بن نوفل سے وہ اپنے باپ سے کہ اسنے کہا یا رسول اللہ سکھائیے کوئی چیز کہ کہوں

اويت الى فراشي فقال اقرأ قل يا ايها الكافرون فانها براءة من الشرك رواه الترمذي وابو داود والدارمي وعن
لیٹا جاہوں بچھونے پر سو فرمایا پڑھ قل یا ایہا الکافرون کی سورۃ کیونکہ اسمیں شرک سے بیزاری ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور دارمی نے اور روایت

عقبة بن عامر رض قال بينا انا اسير مع رسول الله صلى الله عليه وسلم بين الجحفة والابواء اذ غشيتنا ريح
عقبہ بن عامر رض سے کہا اسنے ایک وقت میں چلتا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ درمیان جحفہ اور ابواء کے ناگہاں گھیر لیا ہمکو ہوا

وظلمة شديدة فجعل رسول الله صلى الله عليه وسلم يتعوذ باعوذ برب الفلق واعوذ برب الناس ويقول يا عقبة

اور سخت اندھیری نے سو گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پناہ مانگنے پڑھکر قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس۔ ان دونوں سورتوں کو اور فرمایا

تعوذ بهما فما تعوذ متعوذ بمثلهما رواه ابوداود وعن عبد الله بن خبيب رض قال خرجنا في ليلة مطر وظلمة

پناہ مانگ ان دونوں سے کہ نہ مانگا پناہ کسی نے مانند ان کے پڑھکر روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے عبد اللہ بن خبیب رض سے کہ کہا اسنے ہم نکلے ایک بارش برسنے ہوا اور

شديدة نطلب رسول الله صلى الله عليه وسلم فادركناه فقال قل قلت ما اقول قال قل هو الله احد والمعوذتين حين تصبح

سخت اندھیری رات میں طلب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سو پایا ہم نے حضرت کو سو فرمایا کہہ میں نے کہا کیا کہوں فرمایا قل ھو اللہ احد اور معوذتین جب صبح کرے تو

وحين تمسي ثلث مرات تكفيك من كل شيء رواه الترمذي وابوداود والنسائي وعن عقبة بن عامر رض قال قلت يا رسول

اور جب شام کرے تو تین بار کہہ بچا ویگے تجھکو ہر آفت سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود اور نسائی نے اور روایت ہے عقبہ بن عامر رض سے کہ کہا اسنے میں نے کہا یا رسول

الله اقرأ سورة هود او سورة يوسف قال لن تقرأ شيئا ابلغ عند الله من قل اعوذ برب الفلق رواه احمد والنسائي والدارمي

اللہ کیا پڑھوں میں سورۂ ہود یا سورۂ یوسف کو فرمایا ہرگز نہ پڑھیگا تو کوئی سورۃ کہ زیادہ مفید ہو اللہ کے پاس قل اعوذ برب الفلق کی سورۃ سے روایت کیا اسکو احمد اور نسائی اور دارمی نے

الفصل الثالث

عن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعربوا القرآن واتبعوا غرائبه وغرائبه فرائضه

تیسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کرو قرآن کو اور چلو قرآن کے غرائب پر اور غرائب اسکے فرائض

وحدوده وعن عائشة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال قراءة القرآن في الصلوة افضل من قراءة القرآن في غير

اور حدود اسکے ہیں اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن کا پڑھنا نماز میں بہت بہتر ہے قرآن پڑھنے سے اور وقت

الصلوة وقراءة القرآن في غير الصلوة افضل من التسبيح والتكبير والتسبيح افضل من الصدقة والصدقة افضل من الصوم والصوم جنة

نماز کے سوا اور قرآن پڑھنا اور وقت میں بھی سوا نماز کے بہت بہتر ہے سبحان اللہ اور اللہ اکبر کہنے سے اور تسبیح وغیرہ بہتر ہے صدقے سے اور صدقہ بہت

وعن عثمان بن عبد الله بن اوس الثقفي عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قراءة الرجل القرآن في غير

اور روایت ہے عثمان بن عبد اللہ بن اوس ثقفی سے اسکے دادا اوس سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھنا آدمی کا قرآن کو بن دیکھے

المصحف الف درجة وقراءته في المصحف يضعف على ذلك الى الفي درجة وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله

مصحف کے ہزار درجے ثواب رکھتا ہے اور قرآن دیکھ کر پڑھنا بڑھایا جاتا ہے ہزار پر دو ہزار درجوں تک اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم ان هذه القلوب تصدأ كما يصدأ الحديد اذا اصابه الماء قيل يا رسول الله وما جلاؤها قال كثرة ذكر

علیہ وسلم نے بیشک دلوں کو زنگ پکڑتے ہیں جیسا کہ زنگ پکڑتا ہے لوہا جب لگے اسکو پانی کہا کسی نے ای رسول اللہ کے اور کیا تدبیر ہے دلوں کی صیقل کی فرمایا بہت یاد کرنا

الموت وتلاوة القرآن روى البيهقي الاحاديث الاربعة في شعب الايمان وعن ايفع بن عبد الكلاعي رض قال قال

موت کو اور بہت پڑھنا قرآن کا روایت کیا بیہقی نے اوپر کی چاروں حدیث کو کتاب شعب الایمان میں اور روایت ہے ایفع بن عبد کلاعی رض سے کہ کہا اسنے کہا

رجل يا رسول الله اي سورة القرآن اعظم قال قل هو الله احد قال فاي اية اعظم قال اية الكرسي الله لا اله الا

ایک مرد نے ای رسول اللہ کے کونسی سورۃ قرآن کی سورتوں سے بہت بڑی ہے فرمایا قل ھو اللہ احد کہا اسنے پھر کونسی آیت سب آیتوں سے بڑی ہے فرمایا آیت الکرسی

هو الحي القيوم قال فاي اية يا رسول الله تحب ان تصيبك وامتك قال خاتمة سورة البقرة فانها من خزائن

ھو الحی القیوم ہے کہا اسنے پھر کونسی آیت ہے ای رسول اللہ کے دوست رکھتے ہو حاصل ہو تجھکو اسکے مضمون کے اپنے اور اپنی امت کے لئے فرمایا آخری آیتیں سورۂ بقرہ کی کہ وہ آیتیں خزانوں سے

رحمة الله من تحت عرشه اعطاها هذه الامة لم تترك خيرا من خير الدنيا والآخرة الا اشتملت
اللہ کی رحمت کے ہیں نیچے سے اسکے عرش کے کہ دیا ان کو اللہ نے اس امت کو نہ چھوڑی کوئی بھلائی ان آیتوں نے دنیا کی اور آخرت کی مگر لے لی

عليه رواه الدارمي وعن عبد الملك بن عمير مرسلا قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في فاتحة
اسکو روایت کیا اسکو دارمی نے * اور روایت ہے عبد الملک بن عمیر سے سند مرسل سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ فاتحہ

الكتاب شفاء من كل داء رواه الدارمي والبيهقي في شعب الايمان وعن عثمان بن عفان رض
پڑھنے میں شفا ہوتی ہے ہر بیماری سے روایت کیا اسکو دارمی نے اور بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں * اور روایت ہے عثمان ابن عفان رض سے

قال من قرأ آخر آل عمران في ليلة كتب له قيام ليلة وعن مكحول قال من قرأ سورة آل عمران يوم
کہ کہا اسنے جو کوئی پڑھیگا سورت آل عمران کی اخیر کی آیتوں کو رات میں ثواب ملیگا اسکو عبادت کا رات بھر * اور روایت ہے مکحول سے کہ کہا انہوں نے جو کوئی پڑھیگا سورۂ آل عمران کی روز

الجمعة صلت عليه الملائكة الى الليل رواهما الدارمي وعن جبير بن نفير ان رسول الله صلى
جمعہ کے مغفرت مانگینگے اسکی فرشتے رات تک روایت کیا ان دونوں کو دارمی نے * اور روایت ہے جبیر بن نفیر سے کہ رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم قال ان الله ختم سورة البقرة بآيتين اعطيتهما من كنزه الذي تحت العرش
اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ نے تمام کیا سورۂ بقر کو ان دو آیتوں سے کہ مجھ کو ملیں اسکے خزانے سے کہ عرش کے تلے ہے

فتعلموهن وعلموهن نساءكم فانها صلوة وقربان ودعاء رواه الدارمي مرسلا
سو سیکھو ان کے کلمات کو اور سکھاؤ اپنی عورتوں کو کیونکہ وہ کلمات استغفار اور موجب قرب الہی اور دعا ہیں روایت کیا اسکو دارمی نے سند مرسل سے

وعن كعب رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اقرؤا سورة هود يوم الجمعة رواه
اور روایت ہے کعب بن مالک رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پڑھو سورۂ ہود کو جمعہ کے دن روایت کیا اسکو

الدارمي وعن ابي سعيد رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال من قرأ سورة الكهف في يوم الجمعة
دارمی نے * اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی پڑھیگا سورۂ کہف کو جمعہ کے دن

اضاء له النور ما بين الجمعتين رواه البيهقي في الدعوات الكبير وعن خالد بن معدان قال اقرؤا المنجية
روشن ہوگا اسکے لئے نور ایمان درمیان دو جمعہ کے روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب دعوات الکبیر میں * اور روایت ہے خالد بن معدان سے کہ کہا انہوں نے پڑھو نجات دینے والی کو

وهي الم تنزيل فانه بلغني ان رجلا كان يقرؤها ما يقرأ شيئا غيرها وكان كثير الخطايا فنشرت جناحها عليه
اور وہ سورۂ سجدہ ہے اسلئے کہ مجھے خبر پہنچی کہ ایک مرد پڑھتا تھا اسکو نہ مقرر کیا تھا قرأت کیلئے کسی دوسری سورۃ کو سوا اسکے اور تھا بڑا گنہگار سو پھیلا دیا اپنے بازو کو اسپر

قالت رب اغفر له فانه كان يكثر قراءتي فشفعها الرب تعالى فيه وقال اكتبوا له بكل خطيئة حسنة وارفعوا له
کہنے لگا اے رب میرے بخشدے اسکو کہ وہ میری قرأت بہت کرتا تھا سو شفاعت قبول کی پروردگار نے اسکی اسکے حق میں اور فرمایا لکھو اسکے لئے بجائے ہر گناہ کے نیکی اور بلند کرو

وقال ايضا انها تجادل عن صاحبها في القبر تقول اللهم ان كنت من كتابك فشفعني فيه وان لم اكن من كتابك
اور کہا خالد نے یہ بھی کہ وہ سورۃ جھگڑیگی اپنے قاری کی طرف سے قبر میں سطور پر کہیگی اے اللہ اگر ہوں میں تیری کتاب کی سورۃ تو شفاعت قبول کر میری اسکے حق میں اور اگر نہیں

فامحني عنه وانها تكون كالطير تجعل جناحها عليه فتشفع له فتمنعه من عذاب القبر وقال في تبارك مثله
تو نکال دے مجھ کو کتاب سے اور وہ سورۃ ہوگی بطور پرندے کے کہ پھیلا دیگی اپنے بازو کو اسپر پھر سفارش کریگی اسکی سو بچا دیگی اسکو قبر کے عذاب سے اور کہا خالد نے سورۂ تبارک میں بھی

وكان خالد لا يبيت حتى يقرأهما وقال طاوس فضلتا على كل سورة في القرآن بستين حسنة. رواه الدارمي. وعن

اور خالد سوتا نہ تھا جب تک نہ پڑھتا تھا ان دونوں کو اور کہا طاؤس نے فضیلت دی سورۂ سجدہ اور ملک ہر سورۃ پر قرآن کی ساٹھ نیکی کے روایت کیا اس کو دارمی نے اور روایت ہے

عطاء بن أبي رباح قال بلغني أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من قرأ يس في صدر النهار قضيت حوائجه. رواه الدارمي

عطاء ابن ابی رباح سے کہ کہا اسنے پہنچی مجھکو یہ بات کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی پڑھیگا یس کی سورۃ دن نکلنے اسکی حاجتیں روا ہونگی روایت کیا

مرسلا. وعن معقل بن يسار المزني رضي الله عنه أن النبي صلى الله عليه وسلم قال من قرأ يس ابتغاء وجه الله تعالى غفر له ما

سند مرسل سے اور روایت ہے معقل ابن یسار مزنی رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی پڑھیگا یس کی سورۃ اللہ تعالی کی رضا مندی چاہکر بخشے جاویں

تقدم من ذنبه فاقرؤوها عند موتاكم. رواه البيهقي في شعب الإيمان. وعن عبد الله بن مسعود رضي الله عنه قال إن

اسکے اگلے گناہ سو پڑھو اسکو اپنے مردوں کے پاس جو نزع کی حالت میں ہوں روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود رض سے کہ کہا اسنے بیشک

لكل شيء سناما وإن سنام القرآن سورة البقرة وإن لكل شيء لبابا وإن لباب القرآن المفصل. رواه الدارمي.

ہر چیز کی بلندی ہے اور بلندی قرآن کی سورۃ بقر ہے اور بیشک ہر چیز کا خلاصہ ہے خلاصہ قرآن کا مفصل سورتیں ہیں روایت کیا اسکو دارمی نے

وعن علي رضي الله عنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لكل شيء عروس وعروس القرآن الرحمن. وعن

اور روایت ہے علی رض سے کہ کہا اسنے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہر چیز کا ایک حسن ہے اور حسن قرآن کا سورۃ رحمن ہے اور روایت ہے

ابن مسعود رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قرأ سورة الواقعة في كل ليلة لم تصبه فاقة أبدا وكان ابن

ابن مسعود رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پڑھیگا سورۃ واقعہ ہر رات کو نہ پہنچیگا اسکو فاقہ کبھی اور ابن

مسعود يأمر بناته يقرأن بها كل ليلة. رواهما البيهقي في شعب الإيمان. وعن علي رضي الله عنه قال كان رسول الله صلى الله

مسعود حکم کرتا تھا اپنی بیٹیوں کو پڑھا کریں سورۃ واقعہ ہر رات روایت کیا دو حدیث کو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور روایت ہے علی رض سے کہا

يحب هذه السورة سبح اسم ربك الأعلى. رواه أحمد. وعن عبد الله بن عمرو رضي الله عنه قال أتى رجل النبي صلى الله

دوست رکھتے تھے اس سورت کو جو سبح اسم ربک الاعلی کی سورۃ ہے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو رض سے کہ کہا آیا ایک مرد نبی صلی اللہ

عليه وسلم فقال أقرئني يا رسول الله فقال اقرأ ثلاثا من ذوات الر فقال كبرت سني واشتد قلبي وغلظ لساني

علیہ وسلم کے پاس پھر کہنے لگا پڑھا مجھے یا رسول اللہ سو فرمایا پڑھ تین سورتوں کو جنکے شروع میں الر ہے پھر کہا اسنے عمر میری بہت ہوئی اور دل سخت اور زبان

قال فاقرأ ثلاثا من ذوات حم فقال مثل مقالته فقال الرجل يا رسول الله أقرئني سورة جامعة فأقرأه رسول الله صلى

فرمایا تو پڑھ تین سورتوں کو جنکے شروع میں حم ہے پھر کہا اسنے جیسا پہلے کہا تھا کہا اس مرد نے یا رسول اللہ پڑھائیے مجھے کوئی مختصر سورۃ کہ سب مطلب اسمیں ہوں

الله عليه وسلم إذا زلزلت حتى فرغ منها فقال الرجل والذي بعثك بالحق لا أزيد عليها أبدا ثم أدبر الرجل فقال

اللہ علیہ وسلم نے اذا زلزلت کی سورۃ یہانتک کہ فراغت کی اس سے سو کہا اس مرد نے قسم ہے اس ذات کی کہ بھیجا تجھکو سچا دین دیکر نہ زیادہ کرونگا اس پر کبھی پھر پیٹھ پھیر کر

رسول الله صلى الله عليه وسلم أفلح الرويجل مرتين. رواه أحمد وأبو داود. وعن ابن عمر رضي الله عنه قال قال رسول الله

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مراد کو پہنچا یہ مرد دو بار روایت کیا احمد اور ابو داؤد نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم ألا يستطيع أحدكم أن يقرأ ألف آية في كل يوم قالوا ومن يستطيع أن يقرأ ألف آية في كل

صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ سکیگا کوئی تم میں کہ پڑھے ہزار آیت ہر روز کہا صحابہ نے اور کون سکتا ہے ہزار آیت کا پڑھنا ہر

يوم قال الا يستطيع ان يقرأ الهكم التكاثر رواه البيهقي في شعب الايمان وعن سعيد بن المسيب مرسلا

روز فرمایا کیا نہیں سکیگا کوئی پڑھنا الھکم التکاثر کی سورۃ روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور روایت ہے سعید بن مسیب سے بطور ارسال کے

عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من قرأ قل هو الله احد عشر مرات بني له بها قصر في الجنة ومن قرأ عشرين

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو کوئی پڑھیگا قل ہو اللہ کی سورت دس بار بنیگا اسکے لئے اسکی برکت سے ایک محل جنت میں اور جو کوئی پڑھیگا بیس

مرة بني له بها قصران في الجنة ومن قرأها ثلثين مرة بني له بها ثلثة قصور في الجنة فقال عمر بن الخطاب

بار بنینگے اسکے لئے دو مکان جنت میں اور جو کوئی پڑھیگا اسکو تیس بار بنینگے اسکے لئے تین محل جنت میں سو کہا عمر بن خطاب

رضي الله عنه يا رسول الله اذا لنكثرن قصورنا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم الله اوسع من ذلك رواه الدارمي

رض نے قسم اللہ کی یا رسول اللہ تب البتہ زیادہ کریں گے ہم مکانوں اپنے کو تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خدا کا فضل زیادہ اس سے ہے روایت کیا اسکو دارمی نے

وعن الحسن مرسلا ان نبي الله صلى الله عليه وسلم قال من قرأ في ليلة مائة اية لم يحاجه القرآن تلك الليلة ومن

اور روایت ہے حسن بصری سے بطور ارسال کے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے پڑھا ایک رات میں سو آیتوں کو جھگڑا نہ کریگا اس سے قرآن اس رات میں اور جسنے

قرأ في ليلة مائتي اية كتب له قنوت ليلة ومن قرأ في ليلة خمس مائة الى الالف اصبح وله قنطار من الاجر قالوا

پڑھا ایک رات میں دو سو آیت ثواب ملیگا اسکو تمام رات کی عبادت کا اور جسنے پڑھا ایک رات میں پانچ سو آیت سے ہزار تک صبح کو اٹھیگا ایک قنطار ثواب پاکر کہا صحابہ نے

وما القنطار قال اثنا عشر الفا رواه الدارمي

اور کیا ہے قنطار فرمایا بارہ ہزار یعنے درہم یا دینار روایت کیا اسکو دارمی نے

باب

یہہ ایک باب ہے

الفصل الاول

پہلی فصل

عن ابي موسى الاشعري رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تعاهدوا القرآن فوالذي نفسي بيده لهو اشد تفصيا من الابل في عقلها متفق عليه

روایت ہے ابی موسی اشعری رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ تلاوت کرتے رہو قرآن کی پھر قسم ہے اس ذات کی کہ میری جان اسکے ہاتھ میں ہے البتہ قرآن زیادہ بھاگ جاتا ہے سینوں سے اونٹوں سے

وعن ابن مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بئس ما لاحدهم ان يقول نسيت اية كيت وكيت بل

اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بری چیز ہے حق میں کسی کے ہم میں سے کہنا اس بات کا کہ بھولگیا میں فلانی اور فلانی

نسي واستذكروا القرآن فانه اشد تفصيا من صدور الرجال من النعم متفق عليه وزاد مسلم بعقلها وعن

بھلا دیا گیا ہے اور حاضر رکھو دلمیں قرآن کو کہ قرآن بہت جلد بھاگ جاتا ہے آدمیوں کے سینوں سے بہ نسبت چوپایوں کے ۔ اور زیادہ کیا مسلم نے لفظ بعقلہا روایت ہے

ابن عمر رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال انما مثل صاحب القرآن كمثل صاحب الابل المعقلة ان عاهد

ابن عمر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بس کہاوت قرآن پڑھنے والے کی جیسی کہاوت اونٹ والے کی جو بندھے ہیں رسیوں میں اگر نگہبانی کریگا

عليها امسكها وان اطلقها ذهبت متفق عليه وعن جندب بن عبد الله رض قال قال رسول الله صلى الله عليه

انکی تو رکھیگا اور اگر چھوڑ دیگا تو چلے جاوینگے ۔ اور روایت ہے جندب رض سے جو بیٹا ہے عبد اللہ رض کا کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم اقرؤا القرآن ما ائتلفت عليه قلوبكم فاذا اختلفتم فقوموا عنه متفق عليه وعن قتادة قال سئل

وسلم نے پڑھو قرآن کو جب تک کہ دل لگی ہو تمہاری پھر جب تمہارا دل اچاٹ ہونے لگے سو چھوڑ دو اسکو ۔ اور روایت ہے قتادہ سے کہ کہا انہنے پوچھا

انس كيف كانت قراءة النبي صلى الله عليه وسلم فقال كانت مدا ثم قرأ بسم الله الرحمن الرحيم يمد ببسم الله

انس سے کیسی تھی قراءۃ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سو کہا انہنے تھی مد کے ساتھ پھر پڑھا انہنے بسم اللہ الرحمن الرحیم کھینچ کر بسم اللہ

ومدّ بالرحمٰن ویمدّ بالرحیم رواه البخاری وعن ابی ہریرة رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما اذن

اور کھینچ کر الرحمٰن کے الف کو اور کھینچ کر الرحیم کی یا کو روایت کیا اسکو بخاری نے × اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ سنا

اللہ لشیٔ ما اذن لنبیٍّ یتغنّٰی بالقرآن متفق علیہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما اذن اللہ

اللہ نے کسی آواز کو جیسا کہ سنا نبی کی آواز پڑھتے ہو قرآن کو × ق × اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ سنا اللہ نے

لشیٔ ما اذن لنبیٍّ حسن الصوت بالقرآن یجہر بہ متفق علیہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس

کوئی آواز جیسا سنا نبی کی آواز جو خوش آوازی سے قرآن پڑھتا ہو پکار کر × ق × اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے

منّا من لم یتغنّ بالقرآن رواه البخاری وعن عبد اللہ بن مسعود رض قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ہم سے جو کوئی خوش آواز سے پکار کر قرآن نہ پڑھے روایت کیا اسکو بخاری نے × اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے کہ کہا اسنے فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

وہو علی المنبر اقرأ علیّ قلت اقرأ علیک وعلیک انزل قال انی احب ان اسمعہ من غیری فقرأت سورة النساء

منبر پر بیٹھکر قرآن سنا مجھکو میں نے کہا قرآن سناؤں آپکو حال یہ ہے کہ آپ پر اترا قرآن فرمایا میں دوست رکھتا ہوں کہ سنوں دوسرے سے سو پڑھا میں نے سورہ نسا کو

حتی اتیت الی ہذه الآیة فکیف اذا جئنا من کل امة بشہید وجئنا بک علی ہؤلاء شہیدا قال حسبک

یہاں تک کہ پہنچا اس آیت تک پھر کیسا ہوگا جب لاوینگے ہم ہر امت سے ایک گواہ اور لاوینگے تجھکو ان پر گواہ کر کے فرمایا بس کر

الآن فالتفت الیہ فاذا عیناه تذرفان متفق علیہ وعن انس رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لابیّ بن

اب پھر دیکھا میں نے حضرت کی طرف سو دیکھتا ہوں کہ انکھوں سے آنسو چلے ہیں × ق × اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی بن

کعب رض ان اللہ امرنی ان اقرأ علیک القرآن قال آللہ سمّانی لک قال اللہ سمّاک لک قال وقد ذکرت عند رب العالمین

کعب رض کو بیشک اللہ نے حکم کیا مجھے کہ پڑھ سناؤں تجھکو قرآن کہا اسنے کیا اللہ نے میرا نام لیکر فرمایا آپ نے فرمایا ہاں کہا اسنے اور تحقیق میرا ذکر آیا سارے جہاں کے پروردگار کے

قال نعم فذرفت عیناه وفی روایة ان اللہ امرنی ان اقرأ علیک لم یکن الذین کفروا قال وسمّانی قال

فرمایا ہاں آنسو بہنے لگے اسکی آنکھوں سے × ق × اور ایک روایت میں ہے کہ اللہ نے فرمایا مجھکو کہ پڑھوں میں تجھپر سورة لم یکن الذین کفروا کہا ابی نے اور اللہ نے نام لیا میرا فرمایا

نعم فبکی متفق علیہ وعن ابن عمر رض قال نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یسافر بالقرآن الی ارض العدو متفق

ہاں سو رو دیا اسنے × ق × اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا اسنے منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر کرنے کو قرآن ساتھ لیکر کافر کے ملک × ق

علیہ وفی روایة لمسلم لا تسافروا بالقرآن فانی لا آمن ان ینالہ العدو

اور ایک روایت میں ہے مسلم کی سفر مت کرو قرآن ساتھ لیکر کیونکہ مجھکو بے فکری نہیں ہے لینے سے کافر کے قرآن کو

الفصل الثانی

عن ابی سعید الخدری رض قال جلست فی عصابة من ضعفاء المہاجرین وان بعضہم لیستتر ببعض من العری وقاری یقرأ علینا

دوسری فصل × روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ کہا اسنے بیٹھا میں جماعت میں مہاجرین کے غریب غربا کی تھی اور بیشک بعضا انکا پردہ کرتا تھا بعضے سے بسبب ننگی کے اور ایک پڑھنے والا قرآن پڑھتا تھا ہم

اذ جاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقام علینا فلما قام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سکت القاری فسلّم

ناگہاں آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سو کھڑے رہے ہمارے سر پر پھر جب کھڑے رہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چپ رہا پڑھنے والا تب سلام

ثم قال ما کنتم تصنعون قلنا کنا نستمع الی کتاب اللہ فقال الحمد للہ الذی جعل من امتی من امرت ان اصبر

پھر فرمایا کیا کرتے تھے تم کہا ہمنے سنتے تھے اللہ کی کتاب کو تب فرمایا حمد ہے اللہ کو جسنے پیدا کیا میری امت میں لوگوں کو کہ حکم ہوا مجھے صبر کرنے کا

نفسي معهم قال فجلس وسطنا ليعدل بنفسه فينا ثم قال بيده هكذا فتحلقوا وبرزت وجوههم له فقال ابشروا

اپنی ذات سے ان کے ساتھ ف کہا راوی نے پھر بیٹھے بیچ ہمارے تاکہ برابر کریں اپنی ذات کو ہم میں پھر اشارہ کیا ہاتھ سے اس طرح پس حلقہ باندھا سب نے اور ظاہر ہوئے ان کے منہ آپ کے آگے پس فرمایا خوش ہو جاؤ

يا معشر صعاليك المهاجرين بالنور التام يوم القيامة تدخلون الجنة قبل اغنياء الناس بنصف يوم وذلك

اے جماعت مہاجرین محتاج فقرا کی نور کامل سے قیامت کے دن ف جاؤ گے تم بہشت میں تونگر آدمیوں سے آدھا دن پہلے اور آدھا دن

خمس مائة سنة رواه ابو داود وعن البراء بن عازب رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم زينوا القرآن

پانچ سو برس کا ہوگا ف روایت کیا اس کو ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے براء بن عازب رض سے کہ کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آراستہ کرو قرآن کو

باصواتكم رواه احمد وابو داود وابن ماجة والدارمي وعن سعد بن عبادة رض قال قال رسول الله صلى

اپنے اچھے آوازوں سے روایت کیا اس کو احمد اور ابو داؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے سعد بن عبادہ رض سے کہ کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم ما من امرء يقرء القرآن ثم ينساه الا لقي الله يوم القيامة اجذم رواه ابو داود والدارمي

اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی مرد کہ پڑھے قرآن کو پھر بھولے اس کو مگر ملیگا اللہ سے قیامت کے دن اور حال یہ کہ کوڑھا ہوگا ف روایت کیا اس کو ابو داؤد اور دارمی نے

وعن عبد الله بن عمرو رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لم يفقه من قرء القرآن في اقل من ثلث

اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ سمجھ سکیگا جس نے پڑھا قرآن کو تین رات سے کم میں

رواه الترمذي وابو داود والدارمي وعن عقبة بن عامر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الجاهر

روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داؤد اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے عقبہ بن عامر رض سے کہ کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پکار کر پڑھنے والا

بالقرآن كالجاهر بالصدقة والمسر بالقرآن كالمسر بالصدقة رواه الترمذي وابو داود والنسائي وقال الترمذي

قرآن مانند ظاہر کر کے خیرات کرنے والے کے ہے اور آہستہ پڑھنے والا مانند چھپا کر خیرات کرنے والے کے ہے ف روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی نے اور کہا ترمذی

هذا حديث حسن غريب وعن صهيب رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما امن بالقرآن من

اس حدیث کی سند حسن ہے غریب ہے ۔ اور روایت ہے صہیب رض سے کہ کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ ایمان لایا قرآن پر جس نے

استحل محارمه رواه الترمذي وقال هذا حديث ليس اسناده بالقوي وعن الليث بن سعد عن ابن ابي

ارتکاب کیا اس کی حرام کی ہوئی چیزوں کا ف روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا اس حدیث کی سند قوی نہیں ۔ اور روایت ہے لیث بن سعد سے ابن ابی

مليكة عن يعلى بن مملك انه سال ام سلمة عن قراءة النبي صلى الله عليه وسلم فاذا هي تنعت قراءة مفسرة

ملیکہ سے یعلی بن مملک سے ف کہ یعلی نے پوچھا ام المومنین ام سلمہ کو کیفیت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قرآن پڑھنے کی سو تبھی وہ بیان کرنے لگیں قراءت

حرفا حرفا رواه الترمذي وابو داود والنسائي وعن ابن جريج عن ابن ابي مليكة عن ام سلمة قالت كان رسول الله

حرف سے حرف الگ ف روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے ابن جریج سے ابن ابی ملیکہ سے ام سلمہ سے کہ کہا اس نے رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم يقطع قراءته يقول الحمد لله رب العلمين ثم يقف ثم يقول الرحمن الرحيم ثم يقف رواه

صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہر ٹھہر کے پڑھتے قرآن فرماتے الحمد للہ رب العالمین پھر ٹھہرتے پھر فرماتے الرحمن الرحیم پھر ٹھہرتے ف روایت کیا اس کو

الترمذي وقال ليس اسناده بمتصل لان الليث روى هذا الحديث عن ابن ابي مليكة عن يعلى بن مملك عن ام

ترمذی نے اور کہا سند اس کی متصل نہیں کیونکہ لیث نے روایت کی اس حدیث کو ابن ابی ملیکہ سے یعلی بن مملک سے ام

سلمة وحديث الليث اصح **الفصل الثالث** عن جابر رض قال خرج علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم ونحن

سلمہ سے ہے اور سند لیث کی حدیث کی زیادہ صحیح ہے۔ تیسری فصل روایت ہے جابر رض سے کہا انہوں نے نکل آئے ہم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس حال میں کہ ہم

نقرأ القرآن وفينا الاعرابي والاعجمي فقال اقرؤا فكل حسن وسيجيئ اقوام يقيمونه كما يقام القدح

قرآن پڑھ رہے تھے اور ہمارے بیچ عرب اور عجم بھی تھے سو فرمایا پڑھو پھر سب اچھا ہی ہے اور آگے زمانے میں ایسے لوگ پیدا ہوں گے سیدھا کریں گے تجوید قرآن جیسا کہ سیدھا کیا جاتا ہے تیر

يتعجلونه ولا يتأجلونه رواه ابوداؤد والبيهقي في شعب الايمان وعن حذيفة رض قال قال رسول الله صلى

جلدی مانگیں گے اسکا ثواب اور مہلت نہ کریں گے۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔ اور روایت ہے حذیفہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم اقرؤا القرآن بلحون العرب واصواتها واياكم ولحون اهل العشق ولحون اهل الكتابين وسيجيئ

اللہ علیہ وسلم نے پڑھو قرآن کو عرب کے الحان اور عرب کی آواز سے اور دور رکھو آپ کو اور بچو فاسقوں کی اور الحان یہود و نصاریٰ کی اور پیدا ہوں گے

بعدي قوم يرجعون بالقرآن ترجيع الغناء والنوح لا يجاوز حناجرهم مفتونة قلوبهم وقلوب الذين

میرے بعد لوگ کہ آلاپ کے پڑھیں گے قرآن کو جیسے آلاپ راگ کی اور نوحوں کی نہیں تجاوز کرے گی ان کی آواز ان کے حلق سے فریفتہ ہوں گے دل ان کے دنیا میں اور دل ان کے کہ

يعجبهم شأنهم رواه البيهقي في شعب الايمان ورزين في كتابه وعن البراء بن عازب رض قال سمعت رسول الله

اچھی لگے ان کو قراءت ان کی۔ روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور رزین نے اپنی کتاب میں۔ اور روایت ہے براء بن عازب رض سے کہ کہا انہوں نے سنا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم قال حسنوا القرآن باصواتكم فان الصوت الحسن يزيد القرآن حسنا رواه الدارمي وعن

صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرمایا اچھی آواز سے قرآن پڑھو کیونکہ آواز اچھی زیادہ کرتی ہے قرآن کا حسن۔ روایت کیا اسکو دارمی نے۔ اور روایت

طاؤس مرسلا قال سئل النبي صلى الله عليه وسلم اي الناس احسن صوتا للقرآن واحسن قراءة قال من اذا سمعته

طاؤس سے مرسل کہ کہا انہوں نے کسی نے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کون آدمی اچھی آواز سے قرآن پڑھتا ہے اور اچھی قراءت کس کی ہے فرمایا جو شخص کہ جب

يقرأ رأيت انه يخشى الله قال طاؤس وكان طلق كذلك رواه الدارمي وعن عبيدة المليكي رض وكانت

قراءت کرتا گمان کرے تو کہ وہ ڈرتا ہے اللہ سے کہا طاؤس نے اور تھا طلق ویسا ہی۔ روایت کیا اسکو دارمی نے۔ اور روایت ہے عبیدہ ملیکی رض سے اور تھی

له صحبة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا اهل القرآن لا تتوسدوا القرآن واتلوه حق تلاوته من آناء

اسکے لئے صحبت رسول کی کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے قرآن والو تکیہ نہ ٹھہراؤ قرآن کو اور تلاوت کرو اسکی جیسا حق ہے ساعتوں میں

الليل والنهار وافشوه وتغنوه وتدبروا ما فيه لعلكم تفلحون ولا تعجلوا ثوابه فان له ثوابا رواه البيهقي

رات کی اور دن کی اور ظاہر کرو اسکا اور اچھی آواز سے پڑھو اور دھیان کرو اسکے معنے میں اس امید سے کہ مراد کو پہنچو تم اور دنیا میں مت چاہو بدلا اسکا اس لئے کہ بدلا اسکا آخرت میں ہے۔ روایت کیا اسکو بیہقی نے

في شعب الايمان **باب** **الفصل الاول** عن عمر بن الخطاب رض قال سمعت هشام بن حكيم بن حزام

کتاب شعب الایمان میں۔ یہ ایک باب ہے۔ پہلی فصل روایت ہے عمر بن خطاب رض سے کہ کہا انہوں نے میں نے سنا ہشام بن حکیم بن حزام کو

يقرأ سورة الفرقان على غير ما اقرؤها وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم اقرأنيها فكدت ان اعجل عليه ثم

پڑھتے سورہ فرقان کو سوا اس قراءت کے کہ میں پڑھتا تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھایا تھا مجھے اس سورت کو پھر قریب تھا کہ جلدی کروں اس پر غصے سے پھر

امهلته حتى انصرف ثم لببته بردائه فجئت به رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله اني سمعت

مہلت دی میں نے اسکو یہاں تک کہ تمام کیا قراءت کو پھر پکڑا میں نے اسکی چادر ڈال کر اسکی گردن کو اور لے گیا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس پھر کہا میں نے اے اللہ کے رسول

هٰذا يقرأ سورة الفرقان على غير ما أقرأتنيها فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم أرسله اقرأ فقرأ القراءة التي سمعته

اسکو پڑھتے سورۂ فرقان سوا اس قرأت کے کہ آپ نے پڑھایا مجھے اس سورۃ کو سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دے اسکو اور فرمایا پڑھ سو پڑھی وہی قرأت جو میں نے سنی تھی

يقرأ فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هكذا أنزلت ثم قال لي اقرأ فقرأت فقال هكذا أنزلت إن هذا القرآن أنزل

پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی ہی اتری ہے سو پھر فرمایا مجھے پڑھ سو پڑھا میں نے پھر فرمایا ایسا ہی اترا ہے بیشک یہ قرآن اترا

على سبعة أحرف فاقرؤوا ما تيسر منه متفق عليه واللفظ لمسلم وعن ابن مسعود رضـ قال سمعت رجلا قرأ وسمعت

سات قرأت پر سو پڑھو جس قرأت سے کہ تمکو آسان ہو متفق علیہ اور عبارت مسلم کی ہے اور روایت ہے ابن مسعود رضـ سے کہ کہا میں نے سنا ایک مرد کو کہ قرأت پڑھتے اور سنا میں نے

النبي صلى الله عليه وسلم يقرأ خلافها فجئت به النبي صلى الله عليه وسلم فأخبرته فعرفت في وجهه الكراهية فقال

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو قرأت کرتے برعکس اسکے سو لایا میں اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر احوال بیان کیا میں نے حضرت سے سو پہچانا میں نے ناخوشی حضرت کے چہرے میں

كلاكما محسن فلا تختلفوا فإن من كان قبلكم اختلفوا فهلكوا رواه البخاري وعن أبي بن كعب رضـ قال كنت

تم دونو اچھے ہو سو اختلاف نہ کرو اس لئے کہ جو لوگ تمہارے پہلے تھے اختلاف کیا سو وہ ہلاک ہوئے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی بن کعب رضـ سے کہ کہا میں تھا

في المسجد فدخل رجل يصلي فقرأ قراءة أنكرتها عليه ثم دخل آخر فقرأ قراءة سوى قراءة صاحبه فلما قضينا

مسجد میں پھر چلا آیا ایک مرد نماز پڑھنے پھر پڑھی ایسی قرأت کہ ناخوش ہوا میں اس سے اس پر پھر چلا آیا دوسرا مرد پھر پڑھی ایک قرأت سوا اپنے ساتھی کی قرأت کے پھر جب تمام کی ہم نے

الصلوة دخلنا جميعا على رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت إن هذا قرأ قراءة أنكرتها عليه ودخل آخر فقرأ سوى

نماز آئے سب مل کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا میں نے مقرر اسنے پڑھی ایسی قرأت کہ ناخوش ہوا میں اس سے اور آیا دوسرا مرد سو پڑھا اسنے سوا

قراءة صاحبه فأمرهما النبي صلى الله عليه وسلم فقرآ فحسن شأنهما فسقط في نفسي من التكذيب ولا إذ كنت

اپنے ساتھی کی قرأت کے سو حکم کیا دونو کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تب قرأت کی دونوں نے سو تحسین کی حضرت نے ان پر پھر وسوسہ آیا میرے جی میں تکذیب کا اور ایسا نہ تھا

في الجاهلية فلما رأى رسول الله صلى الله عليه وسلم ما قد غشيني ضرب في صدري ففضت عرقا وكأنما أنظر

جاہلیت میں تھا پھر جب دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وسوسے کو کہ لے لیا مجھے مارا ہاتھ سے میرے سینہ میں پھر عرق آلودہ ہوا میں اور معلوم ہونے لگا کہ دیکھتا ہوں

إلى الله فرقا فقال لي يا أبي أرسل إلي أن اقرأ القرآن على حرف فرددت إليه أن هون على أمتي فرد إلي الثانية اقرأه

خدا کو مارے خوف کے تب فرمایا مجھے اے ابی فرشتہ بھیجا گیا میری طرف کہ پڑھ قرآن کو ایک قرأت پر پھر رجوع کیا میں نے اللہ کی طرف کہ آسانی کر میری امت پر سو دوبارہ وحی آئی مجھے کہ پڑھ

على حرفين فرددت إليه أن هون على أمتي فرد إلي الثالثة اقرأه على سبعة أحرف فلك بكل ردة رددتكها مسألة

دو قرأت پر سو پھر رجوع کیا میں نے اسکی طرف کہ آسانی کر میری امت پر پھر تیسری بار وحی آئی مجھکو کہ پڑھ اسکو سات قرأت پر اور ملی تجھکو ہر بار کے کہ پھیر کر دی تھی

تسألنيها فقلت اللهم اغفر لأمتي اللهم اغفر لأمتي وأخرت الثالثة ليوم يرغب إلي الخلق كلهم حتى إبراهيم

دعا مانگیگا تو مجھ سے سو کہا میں نے اے اللہ بخش دے میری امت کو اے اللہ بخش دے میری امت کو اور رکھ چھوڑی میں نے تیسری دعا اس دن کے لئے کہ خواہش کرینگے میری طرف سب مخلوق یہانتک کہ ابراہیم علیہ

السلام رواه مسلم وعن ابن عباس رضـ قال إن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال أقرأني جبريل على حرف فراجعته

السلام بھی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس رضـ سے کہ کہا اسنے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن پڑھایا مجھے جبرئیل نے ایک قرأت پر پھر رجوع کیا میں نے

فلم أزل أستزيده ويزيدني حتى انتهى إلى سبعة أحرف قال ابن شهاب بلغني أن تلك السبعة الأحرف إنما هي في الأمر تكون

سو ہمیشہ زیادتی طلب کرتا رہا اس سے اور وہ زیادہ کرتا رہا یہانتک کہ نوبت پہنچی سات قرأت کی کہا ابن شہاب زہری نے خبر پہنچی مجھکو کہ یہ سات قرأت

وَاحِدًا لَا تَخْتَلِفُ فِي حَلَالٍ وَلَا حَرَامٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

ایک مختلف نہیں ہوتیں حلال اور حرام میں علا ق ۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رض قَالَ لَقِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِبْرِيلَ فَقَالَ يَا جِبْرِيلُ إِنِّي بُعِثْتُ إِلَى أُمَّةٍ أُمِّيِّينَ مِنْهُمُ الْعَجُوزُ وَالشَّيْخُ الْكَبِيرُ وَالْغُلَامُ وَالْجَارِيَةُ

دوسری فصل روایت ہے ابی ابن کعب رض سے کہ کہا اسنے ملاقات کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل سے پھر کہا اے جبرئیل مجھکو بھیجا اللہ نے ایک انپڑھ امت کی طرف کہ ان بوڑھی عورتیں ہیں اور بوڑھے بڑے عمر والے اور لڑکے اور لڑکیاں

وَالرَّجُلُ الَّذِي لَمْ يَقْرَأْ كِتَابًا قَطُّ قَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّ الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِي رِوَايَةٍ لِأَحْمَدَ وَ

اور وہ مرد کہ نہیں پڑھی کتاب کبھی کہا جبرئیل نے اے محمد تحقیق قرآن اترا سات قرأت پر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور ایک روایت میں احمد اور

أَبِي دَاوُدَ قَالَ لَيْسَ مِنْهَا إِلَّا شَافٍ كَافٍ وَفِي رِوَايَةٍ لِلنَّسَائِيِّ قَالَ إِنَّ جِبْرِيلَ وَمِيكَائِيلَ أَتَيَانِي فَقَعَدَ جِبْرِيلُ عَنْ يَمِينِي

ابوداؤد کی کہا جبرئیل نے نہیں کوئی قرأت ساتوں قرأت سے مگر شافی کافی ہے ف اور روایت میں نسائی کی فرمایا تحقیق جبرئیل اور میکائیل دونوں آئے میرے پاس سو بیٹھا جبرئیل داہنی طرف

وَمِيكَائِيلُ عَنْ يَسَارِي فَقَالَ جِبْرِيلُ اقْرَأِ الْقُرْآنَ عَلَى حَرْفٍ قَالَ مِيكَائِيلُ اسْتَزِدْهُ حَتَّى بَلَغَ سَبْعَةَ أَحْرُفٍ فَكُلُّ حَرْفٍ شَافٍ كَافٍ وَعَنْ عِمْرَانَ

اور میکائیل بائیں طرف میری پھر کہا جبرئیل نے پڑھ قرآن ایک قرأت پر کہا میکائیل نے مجھکو زیادتی طلب کر اس سے یہانتک کہ پہنچا قرآن سات قرأت کو سو ہر قرأت شافی کافی ہے اور روایت ہے عمران

بْنِ حُصَيْنٍ رض أَنَّهُ مَرَّ عَلَى قَاصٍّ يَقْرَأُ ثُمَّ يَسْأَلُ فَاسْتَرْجَعَ ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فَلْيَسْأَلِ

بن حصین رض سے کہ اسنے گذر کی ایک قصہ گو پر کہ قرآن پڑھتا تھا پھر مانگتا تھا سو انا للہ وانا الیہ راجعون کہا پھر کہا اسنے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو کوئی قرآن پڑھے تو

اللّٰهَ بِهِ فَإِنَّهُ سَيَجِيءُ أَقْوَامٌ يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ يَسْأَلُونَ بِهِ النَّاسَ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ

اللہ سے وسیلے سے قرآن کے ف اسلئے کہ اب پیدا ہونگے ایسے لوگ کہ پڑھینگے قرآن کو مانگینگے قرآن پڑھکے لوگوں سے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے ۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

عَنْ بُرَيْدَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ يَتَأَكَّلُ بِهِ النَّاسَ جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ

روایت ہے بریدہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پڑھے قرآن کو کھانا مانگتے لوگوں سے آویگا قیامت کے دن اس حال پر

وَجْهُهُ عَظْمٌ لَيْسَ عَلَيْهِ لَحْمٌ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

کہ منھ پر اسکے ہڈیاں ہونگی بن گوشت کے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا اسنے رسول اللہ صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَعْرِفُ فَصْلَ السُّورَةِ حَتَّى يَنْزِلَ عَلَيْهِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ عَلْقَمَةَ

اللہ علیہ وسلم نہیں پہچانتے تھے فرق دو سورۃ کے درمیان جب تک نہ اترتی آپ پر آیت بسم اللہ الرحمن الرحیم کی روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے علقمہ سے

قَالَ كُنَّا بِحِمْصَ فَقَرَأَ ابْنُ مَسْعُودٍ سُورَةَ يُوسُفَ فَقَالَ رَجُلٌ مَا هٰكَذَا أُنْزِلَتْ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَاللّٰهِ لَقَرَأْتُهَا عَلَى

کہ کہا اسنے تھے ہم شہر حمص میں پس پڑھی عبداللہ بن مسعود نے سورۃ یوسف کو پس کہا ایک مرد نے ایسی نہیں اتری ہے پھر کہا عبداللہ بن مسعود نے قسم اللہ کی البتہ پڑھی میں نے

عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَحْسَنْتَ فَبَيْنَا هُوَ يُكَلِّمُهُ إِذْ وَجَدَ مِنْهُ رِيحَ الْخَمْرِ فَقَالَ أَتَشْرَبُ الْخَمْرَ وَتُكَذِّبُ

زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سو کہا رسول اللہ نے اچھی قرأت پڑھی تو نے سو جس وقت میں ابن مسعود بات کرتا تھا اس سے ناگہاں پائی اس سے بو شراب کی پھر کہا تو پیتا ہے شراب اور جھٹلاتا ہے

بِالْكِتَابِ فَضَرَبَهُ الْحَدَّ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رض قَالَ أَرْسَلَ إِلَيَّ أَبُو بَكْرٍ رض مَقْتَلَ أَهْلِ الْيَمَامَةِ فَإِذَا عُمَرُ بْنُ

خدا کی کتاب کو پھر مارا حد اسکو ق ۔ اور روایت ہے زید بن ثابت رض سے کہ کہا اسنے بلا بھیجا مجھکو ابوبکر رض نے اہل یمامہ کی لڑائی کے بعد سو دیکھتا ہوں

الْخَطَّابِ عِنْدَهُ قَالَ أَبُو بَكْرٍ إِنَّ عُمَرَ أَتَانِي فَقَالَ إِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ يَوْمَ الْيَمَامَةِ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ وَإِنِّي أَخْشَى أَنْ اسْتَحَرَّ

عمر خطاب ان کے پاس بیٹھے ہیں کہا ابوبکر نے کہ عمر آیا میرے پاس اور کہا کہ شہادت بہت ہوئی یمامہ کی لڑائی کے دن قرآن کے قاریوں کی اور مجھکو ڈر لگتا ہے کہ اگر کثرت سے

القتل بالقراء بالمواطن فیذهب کثیر من القرآن وانی اری ان تامر بجمع القرآن قلت لعمر کیف تفعل شیئا لم

شہید ہوں قاری دوسری لڑائیوں میں بھی سو جاتا رہے بہت قرآن اور مجھے اچھا معلوم ہوتا ہے کہ حکم کرے تو قرآن جمع کرنے کا کہا میں نے عمر کو کیونکر کرو گے تم

یفعله رسول الله صلی الله علیه وسلم قال عمر هذا والله خیر فلم یزل عمر یراجعنی حتی شرح الله صدری لذلک

کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا عمر نے یہ بات قسم اللہ کی بہتر ہی سو ہمیشہ تکرار کرتا رہا عمر مجھ سے یہاں تک کہ کھولدیا اللہ نے میرا سینہ اس کام کے لئے

ورأیت فی ذلک الذی رأی عمر قال زید قال ابوبکر انک رجل شاب عاقل لا نتهمک وقد کنت تکتب الوحی

اور دیکھی میں نے اسمیں جو بھلائی دیکھی عمر نے کہا زید نے کہا ابوبکر نے کہ تو جوان مرد ہے عقل مند کہ متہم نہیں ہمارے پاس اور تحقیق تو اکثر لکھتا تھا وحی

لرسول الله صلی الله علیه وسلم فتتبع القرآن فاجمعه فوالله لو کلفونی نقل جبل من الجبال ما کان اثقل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے سو تلاش کر قرآن کی اور جمع کر اسکو پھر قسم اللہ کی اگر تکلیف دیتے مجھکو کسی پہاڑ کا اٹھانے کی نہ ہوتا بھاری

علی مما امرنی به من جمع القرآن قال قلت کیف تفعلون شیئا لم یفعله رسول الله صلی الله علیه وسلم قال هو

مجھ پر اس سے کہ حکم کیا مجھے اسکا ابوبکر نے قرآن کے جمع کرنے کا کہا زید نے کہا میں نے کیونکر کرتے ہو تم اس چیز کو کہ نہیں کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا ابوبکر نے یہ کام

والله خیر فلم یزل ابوبکر یراجعنی حتی شرح الله صدری للذی شرح له صدر ابی بکر وعمر فتتبعت القرآن

قسم اللہ کی بھلا ہے پھر ہمیشہ تکرار کرتا رہا مجھ سے ابوبکر یہاں تک کہ کھولدیا اللہ نے میرے سینہ کو اس کام کے لئے کہ کھولدیا ابوبکر اور عمر کے سینے کو سو تلاش کی میں نے قرآن کی

اجمعه من العسب واللخاف وصدور الرجال حتی وجدت اخر سورة التوبة مع ابی خزیمة الانصاری لم

جمع کرتا ہوا اسکو کھجور کے پتوں کی لکڑیوں سے اور پتلے پتلے سفید پتھروں سے اور لوگوں کے سینوں سے یہاں تک کہ پایا میں نے خاتمہ کو سورہ توبہ کے ابی خزیمہ انصاری کے پاس نہ

اجده مع احد غیره لقد جاءکم رسول من انفسکم حتی خاتمة براءة فکانت الصحف عند ابی بکر حتی

پایا میں اسکو کسی کے ساتھ سوا اسکے اور وہ خاتمہ یہ ہی لقد جاءکم رسول من انفسکم ہے سے لیکر سورہ برات کے آخر تک پھر رہے وہ صحیفے حضرت ابی بکر کے پاس

توفاه الله ثم عند عمر حیاته ثم عند حفصة بنت عمر رواه البخاری وعن انس بن مالک رضی ان حذیفة

پھر لیا انکو اللہ نے پھر عمر کے پاس رہے زندگی بھر انکی پھر ام المومنین حفصہ کے پاس جو بیٹی عمر کی تھی روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس بن مالک رضی سے کہ حذیفہ

ابن الیمان قدم علی عثمان وکان یغازی اهل الشام فی فتح ارمینیة واذربیجان مع اهل العراق فافزع حذیفة

بن الیمان آئے عثمان کے پاس اور حذیفہ جہاد کرتا تھا شام کے لوگوں کے ساتھ فتح ارمینیہ میں اور شہر آذربیجان میں عراق والوں کے ساتھ سو خوف دلایا حذیفہ کو

اختلافهم فی القراءة فقال حذیفة لعثمان یا امیر المومنین ادرک هذه الامة قبل ان یختلفوا فی الکتاب

لوگوں کے اختلاف نے قراءت میں تب کہا حذیفہ نے عثمان سے ای امیر المومنین دستگیری کیجیے اس امت محمدیہ کی پہلے اسکے کہ اختلاف کریں اللہ کی کتاب میں

اختلاف الیهود والنصاری فارسل عثمان الی حفصة ان ارسلی الینا بالصحف ننسخها فی المصاحف ثم نردها

بطور یہود و نصاری کے سو بھیجا کسی کو عثمان نے ام المومنین حفصہ کے پاس یہ کہنے کو بھیج دے ہمارے پاس قرآن کے ورقوں کو نقل کریں ہم انکو مصحفوں میں پھر بھیج دیں ہم

الیک فارسلت بها حفصة الی عثمان فامر زید بن ثابت وعبد الله بن الزبیر وسعید بن العاص وعبد

تیری طرف سو بھیج دئے ان ورقوں کو حفصہ نے عثمان کی طرف پھر حکم کیا عثمان نے زید بن ثابت انصاری کو اور عبد اللہ بن زبیر اور سعید بن عاص اور عبد

الله ابن الحارث بن هشام فنسخوها فی المصاحف وقال عثمان للرهط القرشیین الثلثة اذا اختلفتم انتم وزید

اللہ بن حارث بن ہشام کو سو لکھے ان ورقوں کو بیچ مصحفوں کے اور کہا عثمان نے ان تین قریشی شخصوں کو جب اختلاف کرو تم

ثابت في شيء من القرآن فاكتبوه بلسان قريش فإنما نزل بلسانهم ففعلوا حتى إذا نسخوا الصحف في المصاحف

اور زید بن ثابت کا کسی لغت میں قرآن کے سو لکھو اسکو موافق قریش کی لغت کے اس لئے کہ نہ اترا قرآن مگر قریش کی لغت پر سو ویسے ہی کیا یہاں تک کہ جب لکھ چکے ان ورقوں کو مصحفوں میں

ردّ عثمان الصحف إلى حفصة وأرسل إلى كل أفق بمصحف مما نسخوا وأمر بما سواه من القرآن في كل صحيفة أو

پھر بھیجا عثمان نے ان ورقوں کو حفصہ کے پاس اور بھیجا ہر طرف ایک مصحف ان قرآنوں سے کہ لکھے تھے اور حکم کیا سوا مصحف عثمانی کے اور قرآنوں کو جو لکھا تھا ہر

مصحف أن يحرق قال ابن شهاب فأخبرني خارجة بن زيد بن ثابت أنه سمع زيد بن ثابت قال فقدت آية من

مصحف میں جلائے جانے کا کہا ابن شہاب نے پھر خبر دی مجھے خارجہ بیٹا زید بن ثابت کا کہ اسنے سنا زید بن ثابت سے کہا زید نے گم کی میں نے ایک آیت سورہ

الأحزاب حين نسخنا المصحف قد كنت أسمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقرأ بها فالتمسناها فوجدناها مع

احزاب کی جس وقت لکھا ہمنے مصحف کو تحقیق سنا تھا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑھتے تھے اسکو سو ڈھونڈھی ہمنے اسکو پھر پایا ہمنے اسکو بیچ

خزيمة بن ثابت الأنصاري من المؤمنين رجال صدقوا ما عاهدوا الله عليه فألحقناها في سورتها في

خزیمہ بن ثابت انصاری کے پاس کہ یہ آیت ہے من المؤمنین بعضے وہ مرد ہیں کہ صادق ہوئے اپنے عہد میں اللہ سے سو لگا دی ہمنے اسکو اسکے سورہ میں

المصحف رواه البخاري وعن ابن عباس رض قال قلت لعثمان ما حملكم على أن عمدتم إلى الأنفال وهي من

جو مصحف میں ہے روایت کیا اسکو بخاری نے × اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا میں نے کہا عثمان کو کہ کونسی چیز باعث ہوئی تمہارے قصد کا سورہ انفال کی طرف حالانکہ

المثاني وإلى براءة وهي من المئين فقرنتم بينهما ولم تكتبوا سطر بسم الله الرحمن الرحيم ووضعتموها في

مثانی سورتوں سے ہے اور سورہ برأت کی طرف حالانکہ وہ مئین سے ہے پھر ملا دیا تمنے دونوں کو اور نہ لکھی فاصلے کو سطر بسم اللہ الرحمن الرحیم اور رکھدیا سورہ برأت

السبع الطول ما حملكم على ذلك قال عثمان كان رسول الله صلى الله عليه وسلم مما يأتي عليه الزمان وهو ينزل عليه

ان سات دراز سورتوں میں کیا باعث ہوا تمہارا اسپر کہا عثمان نے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس حال سے کہ آتا تھا ان پر ایک زمانہ اور حضرت پر اترتی تھیں

السور ذوات العدد وكان إذا نزل عليه شيء دعا بعض من كان يكتب فيقول ضعوا هؤلاء الآيات في السورة التي

سورتیں متعدد اور معمول تھا حضرت کا کہ جب اترتا آپ پر کچھ طلب کرتے بعضے صحابہ کو کہ وحی لکھا کرتے تھے پھر فرماتے رکھدو ان آیتوں کو اس سورہ میں

يذكر فيها كذا وكذا فإذا نزلت عليه الآية فيقول ضعوا هذه الآية في السورة التي يذكر فيها كذا وكذا وكانت الأنفال

کہ مذکور ہے اسمیں ایسا اور ایسا پھر جب اترتی آپ پر کوئی آیت تو فرماتے رکھدو اس آیت کو اس سورہ میں کہ مذکور ہے اسمیں ایسا اور ایسا اور تھا سورہ انفال

من أوائل ما نزلت بالمدينة وكانت براءة من آخر القرآن نزولا وكانت قصتها شبيهة بقصتها فقبض

ان سورتوں سے کہ اول میں نازل ہوئی مدینے میں اور تھا سورہ برأت ان سورتوں سے کہ آخر میں نازل ہوا اور تھا قصہ برأت سورہ کا مشابہ انفال کے قصے سے پھر روح قبض ہوئی

رسول الله صلى الله عليه وسلم ولم يبين لنا أنها منها فمن أجل ذلك قرنت بينهما ولم أكتب سطر بسم الله

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اور بیان نہ فرمایا ہم کو کہ سورہ برأت داخل ہے انفال میں سو اسی سبب سے نزدیک کر دیا دونوں کو اور نہ لکھا درمیان میں سطر بسم اللہ

الرحمن الرحيم ووضعتها في السبع الطول رواه أحمد والترمذي وأبو داود

الرحمن الرحیم کی اور رکھدیا سورہ برأت کو سات دراز سورتوں میں روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد نے ×

كتاب الدعوات

یہ کتاب ہے دعاؤں کی

الفصل الأول

پہلی فصل

عن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل نبي دعوة مستجابة فتعجل كل نبي دعوته وإني اختبأت

روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر نبی کو ایک دعا مستجاب ملی ہے سو جلدی کی ہر نبی نے دعا مانگنے میں اور میں نے چھپا رکھی

دعوتی شفاعۃ لامتی الی یوم القیامۃ فہی نائلۃ ان شاء اللہ تعالی من مات من امتی لا یشرک باللہ شیئا رواہ مسلم

اپنی دعا امت کی شفاعت کے لئے قیامت کے دن تک سو وہ دعا پہنچیگی اگر چاہے اللہ تعالی اس شخص کو کہ مرے میری امت سے نہ شریک کرتا ہو اللہ کے ساتھ کسی چیز کو روایت کیا اسکو مسلم نے

وللبخاری اقصر منہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہم انی اتخذ عندک عہدا لن تخلفنیہ

اور بخاری کی یہ روایت اس سے مختصر ہے۔ اور روایت ہے اسی سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے اللہ میں نے لیا تجھ سے ایک اقرار کہ ہرگز خلاف نہ کرے تو مجھ سے

فانما انا بشر فای المؤمنین اذیتہ شتمتہ لعنتہ جلدتہ فاجعلہا لہ صلوۃ وزکوۃ وقربۃ تقربہ بہا الیک

وہ اقرار یہ ہے کہ بس میں آدمی ہوں سو جو کوئی مومن کہ ایذا دی میں نے اسکو یا گالی دی یا لعنت کی یا مارا اسکو کوڑا تو کر وہ اسکے حق میں رحمت اور پاکی اور قربت کہ نزدیک کرے تو اسکو اس سبب سے اپنی طرف

یوم القیامۃ متفق علیہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا دعا احدکم فلا یقل اللہم اغفر لی ان شئت

قیامت کے دن ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دعا مانگے کوئی تم میں سے تو نہ کہے اے اللہ بخش دے مجھ کو اگر چاہے تو

ارحمنی ان شئت ارزقنی ان شئت ولیعزم مسئلتہ انہ یفعل ما یشاء لا مکرہ لہ رواہ البخاری وعنہ قال قال

رحم کر مجھ پر اگر چاہے تو اور روزی دے مجھے اگر چاہے تو بلکہ چاہئے کہ یقین اور جزم سے دعا کرے بیشک اللہ کرتا ہے جو چاہے کوئی زبردستی کرنے والا نہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا دعا احدکم فلا یقل اللہم اغفر لی ان شئت ولکن لیعزم ولیعظم الرغبۃ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دعا کرے کوئی تم میں سے تو نہ کہے اے اللہ بخش دے مجھ کو اگر تو چاہے اور لیکن یقین کرے اور بڑی رغبت سے دعا مانگے

فان اللہ لا یتعاظمہ شیء اعطاہ رواہ مسلم وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یستجاب للعبد

اس لئے کہ اللہ کو کوئی چیز بڑی نہیں کہ دے اسکو ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے اسی سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا قبول ہوتی ہے بندے کی

ما لم یدع باثم او قطیعۃ رحم ما لم یستعجل قیل یا رسول اللہ ما الاستعجال قال یقول قد دعوت وقد دعوت

جب تک نہ دعا کرے گناہ کی یا قطع رحم کی جب تک کہ جلدی نہ کرے کہا کسی نے یا رسول اللہ کیا ہے جلدی مانگنا فرمایا یہ ہے کہ کہے کہ تحقیق دعا کی میں نے اور تحقیق دعا کی

فلم ار یستجاب لی فیستحسر عند ذلک ویدع الدعاء رواہ مسلم وعن ابی الدرداء رض قال قال رسول اللہ صلی

سو نہ دیکھا قبول ہوتی میری دعا سو ناخوش ہووے اسوقت اور چھوڑ دے دعا کرنا۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی درداء رض سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم دعوۃ المرء المسلم لاخیہ بظہر الغیب مستجابۃ عند راسہ ملک موکل کلما دعا لاخیہ بخیر

اللہ علیہ وسلم نے دعا کرنا مرد مسلمان کا اپنے بھائی مسلمان کے لئے غائبانہ قبول ہوتی ہے اسکے پاس دعا کرنے والے کے ایک فرشتہ ہے جب دعا کرتا ہے بھائی کے لئے بھلائی کی

قال الملک الموکل بہ آمین ولک بمثل رواہ مسلم وعن جابر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تدعوا علی

کہتا ہے وہ فرشتہ مقرر آمین قبول کر اے اللہ اور تجھ کو بھی اسکے مثل ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے جابر رض سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بددعا نہ کرو

انفسکم ولا تدعوا علی اولادکم ولا تدعوا علی اموالکم لا توافقوا من اللہ ساعۃ یسأل فیہا عطاء فیستجیب

اپنی جانوں پر اور اولاد پر اور مال پر تاکہ کہیں موافق نہ ہو جاؤ اللہ کی طرف سے اس گھڑی کی کہ مانگی جاتی ہے اسمیں بخشش پھر قبول کرلے

لکم رواہ مسلم وذکر حدیث ابن عباس اتق دعوۃ المظلوم فی کتاب الزکوۃ

الفصل الثانی

عن النعمان بن

تمہارے لئے ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے اور مذکور ہو چکی ابن عباس کی حدیث جو شروع ہوتی ہے اسکے یہ الفاظ سے کتاب الزکوۃ میں ۔ دوسری فصل روایت ہے نعمان بن

بشیر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الدعاء ہو العبادۃ ثم قرأ وقال ربکم ادعونی استجب لکم

بشیر رض سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبادت نام ہے دعا کرنے کا پھر پڑھی یہ آیت کہ کہا تمہارے رب نے مجھ سے دعا کرو قبول کرونگا تمہاری دعا

رواه أحمد والترمذي وأبو داود والنسائي وابن ماجه ❊ وعن أنس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الدعاء مخ العبادة رواه

روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کرنا مغز اور خلاصہ عبادت کا ہے

الترمذي ❊ وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس شيء أكرم على الله من الدعاء رواه الترمذي وابن ماجه وقال

روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کوئی چیز زیادہ عزت والی اللہ کے پاس دعا سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا

الترمذي هذا حديث حسن غريب ❊ وعن سلمان الفارسي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يرد القضاء إلا الدعاء

ترمذی نے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے ۔ اور روایت ہے سلمان فارسی رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی چیز پھیرتی نہیں قضا کو مگر دعا

ولا يزيد في العمر إلا البر رواه الترمذي ❊ وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الدعاء ينفع مما نزل ومما لم

اور کوئی چیز بڑھاتی نہیں عمر کو مگر نیکی روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک دعا کام آتی ہے اس بلا میں جو اتری اور جو نہ اتری

ينزل فعليكم عباد الله بالدعاء رواه الترمذي ورواه أحمد عن معاذ بن جبل وقال الترمذي هذا حديث غريب ❊ وعن

پس لازم کر لو اے بندو اللہ کے دعا کرنا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو احمد نے معاذ ابن جبل سے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے

جابر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من أحد يدعو بدعاء إلا آتاه الله ما سأل أو كف عنه من السوء

جابر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ مانگیگا کوئی کسی طرح کی دعا مگر دیگا اسکو اللہ جو مانگا یا روکیگا اس سے بدی کو

مثله ما لم يدع بإثم أو قطيعة رحم رواه الترمذي ❊ وعن ابن مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم سلوا الله من

مانند اسکے جب تک یہ بات نہ ہو کہ دعا کسی گناہ کی یا قطع رحم کی کرے روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگو اللہ سے

فضله فإن الله يحب أن يسأل وأفضل العبادة انتظار الفرج رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب ❊ وعن أبي هريرة

اسکے فضل کو اس لیے کہ اللہ دوست رکھتا ہے کہ کوئی مانگے اس سے اور سب سے افضل عبادت انتظار کرنا ہے کشائش کا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے

رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من لم يسأل الله يغضب عليه رواه الترمذي ❊ وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله

رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ سوال نہ کرے اللہ سے غصہ کرتا ہے اللہ اس پر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم من فتح له منكم باب الدعاء فتحت له أبواب الرحمة وما سئل الله شيئا يعني أحب إليه من أن يسأل العافية

صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ تم میں سے کھلے اس پر دروازہ دعا کا کھلے ہیں اس پر دروازے رحمت کے اور کسی چیز کا سوال نہیں کیا گیا اللہ سے کہ اللہ کے پاس زیادہ محبوب ہو عافیت کے سوال سے

رواه الترمذي ❊ وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من سره أن يستجيب الله له عند الشدائد فليكثر الدعاء

روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو خوش آوے قبول کرنا اللہ کا اسکی دعا کو سختیوں میں سو بہت دعا کیا کرے

في الرخاء رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب ❊ وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ادعوا الله وأنتم موقنون

فراغت کے وقت روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے انہیں سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کیا کرو اللہ سے اور تم یقین رکھتے ہو قبولیت کا

بالإجابة واعلموا أن الله لا يستجيب دعاء من قلب غافل لاه رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب ❊ وعن مالك بن

اور جان لو کہ اللہ قبول نہیں کرتا دعا کو کھیلنے والے غافل دل سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے مالک بن

يسار رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا سألتم الله فاسألوه ببطون أكفكم ولا تسألوه

یسار رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دعا کرو اللہ سے تو دعا کرو اس سے اپنی ہتھیلیاں پھیلا کر اور نہ دعا کرو اس سے

بِظُهُوْرِهَا وَفِيْ رِوَايَةٍ لِابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَلُوا اللّٰهَ بِبُطُوْنِ اَكُفِّكُمْ وَلَا تَسْأَلُوْهُ بِظُهُوْرِهَا فَاِذَا فَرَغْتُمْ فَامْسَحُوْا

ہاتھ اوندھا کر اور روایت ہے ابن عباس کی یوں ہے فرمایا دعا کرو اللہ سے پھیلا کر اپنی ہتھیلیوں کو اور مت دعا کرو اس سے ہاتھ اوندھا کر پھر جب فراغت کرو دعا کرنے سے تو پھیرو

بِهَا وُجُوْهَكُمْ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ سَلْمَانَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ رَبَّكُمْ حَيِيٌّ كَرِيْمٌ

ہاتھ منہوں پر اپنے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے سلمان رض سے کہا انھوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیشک تمھارا رب تری حیا والا کرم والا ہے

يَسْتَحْيِيْ مِنْ عَبْدِهٖ اِذَا رَفَعَ يَدَيْهِ اِلَيْهِ اَنْ يَرُدَّهُمَا صِفْرًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعْوَاتِ

حیا کرتا ہے اپنے بندے سے جب اٹھاتا ہے اپنے ہاتھ اللہ کی طرف ان ہاتھوں کو خالی پھیرنے میں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور بیہقی نے کتاب دعوات

الْكَبِيْرِ وَعَنْ عُمَرَ رض قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَفَعَ يَدَيْهِ فِي الدُّعَاءِ لَمْ يَحُطَّهُمَا حَتّٰى

کبیر میں اور روایت ہے عمر رض سے کہا انھوں نے معمول تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ جب اٹھاتے ہاتھ دعا میں نہ رکھتے ہاتھوں کو

يَمْسَحَ بِهِمَا وَجْهَهٗ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَائِشَةَ رض قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَحِبُّ

منہ پر نہ پھیر کر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوست رکھتے تھے

الْجَوَامِعَ مِنَ الدُّعَاءِ وَيَدَعُ مَا سِوٰى ذٰلِكَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

ان دعاؤں کو کہ سب باتوں کو شامل ہوں اور ترک کرتے سوا ایسی دعاؤں کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو رض سے کہا انھوں نے فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَسْرَعَ الدُّعَاءِ اِجَابَةً دَعْوَةُ غَائِبٍ لِغَائِبٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک بہت جلد قبول ہونے والی دعا وہ دعا ہے کہ غائب غائب کے لئے کرے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت ہے عمر بن

الْخَطَّابِ رض قَالَ اسْتَأْذَنْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعُمْرَةِ فَاَذِنَ لِيْ وَقَالَ اَشْرِكْنَا يَا اُخَيَّ فِيْ دُعَائِكَ

خطاب رض سے کہا انھوں نے اجازت چاہی میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ عمرے کے لئے جاؤں سو اجازت دی مجھے اور فرمایا شریک کر ہمکو اے چھوٹے بھائی میرے اپنی دعا میں

وَلَا تَنْسَنَا فَقَالَ كَلِمَةً مَا يَسُرُّنِيْ اَنَّ لِيْ بِهَا الدُّنْيَا رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَانْتَهَتْ رِوَايَتُهٗ عِنْدَ قَوْلِهٖ وَلَا تَنْسَنَا

اور نہ بھول ہمکو پھر فرمایا آپ ایک کلمہ کہ خوش نہیں آتا مجھکو کہ ملے بدلے اسکے تمام دنیا روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے اور تمام ہوا روایت ترمذی کی حضرت کے قول ولا تنسنا پر

وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَا تُرَدُّ دَعْوَتُهُمُ الصَّائِمُ حِيْنَ يُفْطِرُ وَالْاِمَامُ الْعَادِلُ

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انھوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ایسے ہیں کہ دعا انکی رد نہیں ایک تو روزہ دار جب افطار کرتا ہے اور دوسرا عادل

وَدَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ يَرْفَعُهَا اللّٰهُ فَوْقَ الْغَمَامِ وَتُفْتَحُ لَهَا اَبْوَابُ السَّمَاءِ وَيَقُوْلُ الرَّبُّ وَعِزَّتِيْ لَاَنْصُرَنَّكَ وَلَوْ بَعْدَ حِيْنٍ رَوَاهُ

اور دعا مظلوم کی اونچی کرتا ہے اسکو اللہ اوپر ابر کے اور کھولتا ہے اللہ اسکے لئے دروازے آسمان کے اور فرماتا ہے پروردگار قسم ہے مجھ کو عزت میری کی البتہ مدد کرونگا تیری اگرچہ بعد ایک مدت کے

التِّرْمِذِيُّ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثُ دَعَوَاتٍ مُسْتَجَابَاتٌ لَا شَكَّ فِيْهِنَّ دَعْوَةُ الْوَالِدِ وَدَعْوَةُ الْمُسَافِرِ

ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے کہا انھوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دعائیں ہیں کہ قبول ہوتی ہیں کوئی شک نہیں انکے قبول ہونے میں ایک تو دعا باپ کی اور دوسری دعا مسافر کی

وَدَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ اَنَسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَسْأَلْ

اور تیسری دعا مظلوم کی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے تیسری فصل روایت ہے انس رض سے کہا انھوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہیے کہ سوال کرے

اَحَدُكُمْ رَبَّهٗ حَاجَتَهٗ كُلَّهَا حَتّٰى يَسْأَلَهٗ شِسْعَ نَعْلِهٖ اِذَا انْقَطَعَ زَادَ فِيْ رِوَايَةٍ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ مُرْسَلًا حَتّٰى

ہر ایک تم میں کا اپنے رب سے اپنی سب حاجت کا یہاں تک کہ سوال کرے اس سے تسمہ اپنی نعلین کا جب ٹوٹ جاوے اور زیادہ کیا راوی نے ایک روایت میں جو ثابت بنانی سے ہے بطور ارسال کے یہاں تک

يَسْأَلْهُ الْمِلْحَ وَحَتّٰى يَسْأَلَهُ شِسْعَهٗ اِذَا انْقَطَعَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ اَنَسٍ رض قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

سوال کرے اس سے نمک کا اور یہاں تک کہ سوال کرے اس سے اپنی جوتی کے تسمہ کا جب ٹوٹ جاوے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِي الدُّعَاءِ حَتّٰى يُرٰى بَيَاضُ اِبْطَيْهِ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

علیہ وسلم اپنے ہاتھ اٹھاتے تھے دعا میں یہاں تک کہ دکھائی دیتی سفیدی دونوں بغلوں کی اور روایت ہے سہل بن سعد رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

قَالَ كَانَ يَجْعَلُ اِصْبَعَيْهِ حِذَاءَ مَنْكِبَيْهِ وَيَدْعُوْ وَعَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْهِ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

کہا سہل نے کرتے تھے حضرت دونوں انگلیوں کو اپنے مقابل دونوں کندھوں کے اور دعا کرتے تھے اور روایت ہے سائب بن یزید سے اسکے باپ رض سے نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا دَعَا فَرَفَعَ يَدَيْهِ مَسَحَ وَجْهَهٗ بِيَدَيْهِ رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ وَعَنْ

وسلم سے حضرت کا معمول تھا کہ جب دعا کرتے پھر اٹھاتے دونوں ہاتھ تو پھیرتے منہ پر دونوں ہاتھوں کو اپنے روایت کیا بیہقی نے ان تینوں حدیثوں کو کتاب دعوات کبیر میں اور روایت

عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ الْمَسْئَلَةُ اَنْ تَرْفَعَ يَدَيْكَ حَذْوَ مَنْكِبَيْكَ اَوْ نَحْوَهُمَا وَالْاِسْتِغْفَارُ اَنْ تُشِيْرَ بِاِصْبَعٍ

عکرمہ سے ابن عباس رض سے کہا ابن عباس نے ادب دعا کرنے کا یہ ہے کہ اٹھاوے تو دونوں ہاتھوں کو برابر دونوں کندھوں کے یا قریب کندھوں کے اور ادب مغفرت مانگنے کا یہ ہے کہ اشارہ کرے تو

وَاحِدَةٍ وَالْاِبْتِهَالُ اَنْ تَمُدَّ يَدَيْكَ جَمِيْعًا وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ وَالْاِبْتِهَالُ هٰكَذَا وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَجَعَلَ ظُهُوْرَهُمَا مِمَّا

ایک انگلی سے اور ادب ابتہال کا یہ ہے کہ دراز کرے تو ہاتھوں کو تمام اور دوسری روایت میں یوں ہے کہا ابن عباس نے اور ابتہال اس طرح ہے اور اٹھایا ہاتھوں کو اور کیا دونوں ہاتھوں کی پشت کو

يَلِيْ وَجْهَهٗ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رض اَنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّ رَفْعَكُمْ اَيْدِيَكُمْ بِدْعَةٌ مَا زَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

متصل اپنے منہ کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ ابن عمر کہا کرتے تھے کہ تمہارا ہاتھ اٹھانا بدعت ہے زیادہ نہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ عَلٰى هٰذَا يَعْنِيْ اِلَى الصَّدْرِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رض قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِذَا ذَكَرَ اَحَدًا فَدَعَا لَهٗ

وسلم نے اس پر یعنی سینے تک روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی بن کعب رض سے کہ کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب یاد کرتے کسی کو پھر دعا کرتے

بَدَاَ بِنَفْسِهٖ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ رض اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

تو شروع کرتے دعا اپنے سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَدْعُوْ بِدَعْوَةٍ لَيْسَ فِيْهَا اِثْمٌ وَلَا قَطِيْعَةُ رَحِمٍ اِلَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ بِهَا اِحْدٰى ثَلٰثٍ اِمَّا اَنْ

وسلم نے فرمایا نہیں کوئی مسلمان کہ کرے ایسی دعا جس میں نہ ہو گناہ اور قطع رحم کا مضمون مگر دیتا ہے اسکو اللہ اسکے سبب سے ایک چیز تین چیزوں میں سے یا تو

يُعَجِّلَ لَهٗ دَعْوَتَهٗ وَاِمَّا اَنْ يَّدَّخِرَهَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ وَاِمَّا اَنْ يَّصْرِفَ عَنْهُ مِنَ السُّوْٓءِ مِثْلَهَا قَالُوْا اِذًا نُكْثِرُ قَالَ اللّٰهُ اَكْثَرُ

دنیا ہی میں جلدی قبول کرتا ہے اسکی دعا اور یا رکھ چھوڑتا ہے اسکو اسکے لئے آخرت میں اور یا دور کرتا ہے اس سے کوئی بدی مانند اسکے کہا صحابہ نے اب تو بہت دعا کرینگے ہم

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَمْسُ دَعَوَاتٍ يُسْتَجَابُ لَهُنَّ دَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ

روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا پانچ دعائیں کہ قبول ہوتی ہیں وہ ایک تو دعا مظلوم کی

حَتّٰى يَنْتَصِرَ وَدَعْوَةُ الْحَاجِّ حَتّٰى يَصْدُرَ وَدَعْوَةُ الْمُجَاهِدِ حَتّٰى يَقْعُدَ وَدَعْوَةُ الْمَرِيْضِ حَتّٰى يَبْرَاَ وَدَعْوَةُ الْاَخِ لِاَخِيْهِ

یہاں تک کہ بدلا لے ظالم سے اور دوسری دعا حج کرنے والے کی یہاں تک کہ پھر آوے اور تیسری دعا مجاہد کی یہاں تک کہ فارغ ہو جہاد سے اور چوتھی دعا بیمار کی یہاں تک کہ تندرست ہو اور پانچویں دعا بھائی مسلمان کی بھائی کے

بِظَهْرِ الْغَيْبِ ثُمَّ قَالَ وَاَسْرَعُ هٰذِهِ الدَّعَوَاتِ اِجَابَةً دَعْوَةُ الْاَخِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ

غائبانہ پھر فرمایا اور ان سب دعاؤں سے جلد قبول ہونے والی بھائی مسلمان کی دعا ہے غائبانہ روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب دعوات کبیر میں۔

باب ذكر الله عز وجل والتقرب اليه الفصل الاول عن ابي هريرة وابي سعيد رض قالا قال رسول الله صلى
یہ باب اللہ کے ذکر کے بیان کا ہے جو غالب اور بزرگ ہے اور اللہ سے نزدیکی چاہنے کے بیان کا پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ اور ابی سعید سے کہا دونوں نے فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم لا يقعد قوم يذكرون الله الا حفتهم الملائكة وغشيتهم الرحمة ونزلت عليهم السكينة
اللہ علیہ وسلم نے نہیں بیٹھتے کسی قوم کے لوگ اللہ کو یاد کرتے مگر گھیر لیتے ہیں انکو فرشتے اور ڈھانپ لیتی ہے انکو رحمت اور اترتی ہے ان پر طمانیت

وذكرهم الله فيمن عنده رواه مسلم وعن ابي هريرة رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يسير في طريق مكة
اور یاد کرتا ہے انکو اللہ اپنے نزدیک والوں میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چلتے بیچ راہ مکہ کے

فمر على جبل يقال له جمدان فقال سيروا هذا جمدان سبق المفردون قالوا وما المفردون يا رسول الله قال الذاكرون
سو گذر کیا ایک پہاڑ پر کہ جسکو جمدان کہتے ہیں پھر فرمایا چلو یہ جمدان ہے سبقت لے گئے مفرد لوگ عرض کیا اور کیا ہیں مفرد اے رسول خدا فرمایا یاد کرنے والے

الله كثيرا والذاكرات رواه مسلم وعن ابي موسى رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل الذي يذكر
اللہ کو بہت سی اور یاد کرنے والی عورتیں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی موسی رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مثال اس کی جو یاد کرتا ہے رب کو

ربه والذي لا يذكر ربه مثل الحي والميت متفق عليه وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
اور یاد نہ کرنے والے کی جیسی مثال زندے اور مردے کی ہے ق اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

يقول الله تعالى انا عند ظن عبدي بي وانا معه اذا ذكرني فان ذكرني في نفسه ذكرته في نفسي وان ذكرني
فرماتا ہے اللہ تعالی میں گمان کے پاس ہوں بندے کے جو مجھ سے رکھتا ہے اور میں اس کے ساتھ ہوں جب یاد کرے پس اگر یاد کرے مجھے چھپا کر یاد کرتا ہوں اسکو چھپا کر اور اگر یاد کرے

في ملأ ذكرته في ملأ خير منهم متفق عليه وعن ابي ذر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الله من
جماعت میں یاد کرتا ہوں اسکو بہتر جماعت میں ق اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرماتا ہے اللہ تعالی جو کوئی

جاء بالحسنة فله عشر امثالها وازيد ومن جاء بالسيئة فجزاء سيئة مثلها او اغفر ومن تقرب مني
نیکی کرے تو اسکو دس برابر ثواب دیتا ہوں اور زیادہ کرتا ہوں اور جو کوئی بدی کرے تو بدلا بدی کا برابر ہے یا بخش دیتا ہوں اور جو کوئی نزدیکی چاہے مجھ سے

شبرا تقربت منه ذراعا ومن تقرب مني ذراعا تقربت منه باعا ومن اتاني يمشي اتيته هرولة ومن لقيني
ایک بالشت برابر نزدیکی چاہتا ہوں اس سے ایک ہاتھ برابر اور جو کوئی نزدیک ہو مجھ سے ایک ہاتھ برابر نزدیکی چاہتا ہوں اس سے دو ہاتھ برابر اور جو کوئی آوے میرے پاس چلتا آتا ہوں اسکے پاس دوڑ کر اور جو کوئی ملے مجھ سے

بقراب الارض خطيئة لا يشرك بي شيئا لقيته بمثلها مغفرة رواه مسلم وعن ابي هريرة رض قال قال
زمین بھر کے گناہ لیکر شرک نہ کرے میرا کسی کو ملوں گا اس سے اتنی ہی مغفرت لیکر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله تعالى قال من عادى لي وليا فقد اذنته بالحرب وما تقرب الي عبدي بشيء احب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ تعالی نے فرمایا جسنے ایذا دی میرے کسی دوست کو سو تحقیق خبردار کیا اسکو میں نے لڑائی سے اور نزدیک نہیں ہوتا بندہ میرا کسی چیز سے زیادہ پیاری

الي مما افترضت عليه وما يزال عبدي يتقرب الي بالنوافل حتى احببته فاذا احببته فكنت سمعه الذي يسمع به
مجھ کو اس چیز سے کہ فرض کیا میں نے اس پر اور ہمیشہ بندہ میرا نزدیکی چاہتا ہے نفل عبادتوں سے یہاں تک کہ دوست رکھتا ہوں اسکو پس جب دوست رکھتا ہوں اسکو ہو جاتا ہوں کان اسکا کہ سنتا ہے اس سے

وبصره الذي يبصر به ويده التي يبطش بها ورجله التي يمشي بها وان سألني لاعطينه ولئن استعاذني
اور بینائی اسکی کہ دیکھتا ہے اس سے اور ہاتھ کہ پکڑتا ہے اس سے اور پاؤں کہ چلتا ہے اس سے اور اگر مانگتا ہے مجھ سے تو البتہ دیتا ہوں اسکو اور اگر پناہ مانگے

لعبده وما ترددت عن شيء أنا فاعله ترددي عن نفس المؤمن يكره الموت وأنا أكره مساءته ولا بد له

تو البتہ پناہ دیتا ہوں اسکو اور تردد نہیں ہوتا مجھکو کسی چیز کے کرنے میں جتنا کہ ہوتا ہے ایمان دار کی جان نکالنے میں کہ وہ خوش نہیں موت سے اور میں خوش نہیں اسکی ناخوشی سے اور چارہ

منه. رواه البخاري. وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن لله ملئكة يطوفون في الطرق يلتمسون

نہیں اسکو نقل کیا اسکو بخاری نے۔ اور روایت ہے اسی سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ کے کچھ فرشتے ہیں کہ پھرا کرتے ہیں راہوں میں ڈھونڈھتے ہیں

أهل الذكر فإذا وجدوا قوما يذكرون الله تنادوا هلموا إلى حاجتكم قال فيحفونهم بأجنحتهم إلى السماء

ذکر کرنے والوں کو پھر جب پاتے ہیں ان لوگوں کو کہ ذکر کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کا تو ایک دوسرے کو پکارتا ہے کہ آؤ اپنی غرض کی طرف فرمایا حضرت نے پھر گھیر لیتے ہیں انکو اپنے بازوؤں سے

الدنيا قال فيسألهم ربهم وهو أعلم بهم ما يقول عبادي قال يقولون يسبحونك ويكبرونك ويحمدونك

فرمایا پھر پوچھتا ہے ان سے انکا پروردگار حالانکہ وہ خوب جانتا ہے انکو کیا کہتے ہیں میرے بندے فرمایا کہتے ہیں فرشتے تیری پاکی اور بڑائی اور خوبی

ويمجدونك قال فيقول هل رأوني قال فيقولون لا والله ما رأوك قال فيقول كيف لو رأوني قال فيقولون

اور عظمت بیان کرتے ہیں تیری فرمایا پھر اللہ فرماتا ہے کیا دیکھا انہوں نے مجھے فرمایا تب کہتے ہیں کہ نہیں قسم اللہ کی دیکھا انہوں نے تجھکو فرمایا پھر فرماتا ہے کیسا ہو اگر دیکھیں مجھکو

لو رأوك كانوا أشد لك عبادة وأشد لك تمجيدا وأكثر لك تسبيحا قال فيقول فما يسألون قالوا يسألونك

اگر دیکھتے تجھکو تو ہوتے بہت زیادہ مشغول تیری عبادت کرنے اور تیری عظمت جتلانے اور تیری پاکی بیان کرنے فرمایا پھر فرماتا ہے پھر کیا مانگتے ہیں کہینگے فرشتے مانگتے ہیں تجھ سے

الجنة قال يقول فهل رأوها فيقولون لا والله يا رب ما رأوها قال يقول فكيف لو أنهم رأوها قال يقولون

جنت فرمایا اور فرماویگا اور کیا جنت دیکھی ہے سو کہینگے نہیں قسم اللہ کی اے پروردگار نہیں دیکھی انہوں نے فرمایا فرماتا ہے پھر کیسا ہو اگر وہ لوگ دیکھتے اسکو فرمایا کہینگے

لو أنهم رأوها كانوا أشد عليها حرصا وأشد لها طلبا وأعظم فيها رغبة قال فمم يتعوذون قال يقولون يتعوذون

اگر وے دیکھتے اسکو تو ہوتے بہت بڑے حریص اور بہت بڑے طلب گار اسکے اور بہت بڑے رغبت کرنے والے اسمیں فرماویگا اللہ پھر کس چیز سے پناہ مانگتے ہیں فرمایا کہینگے پناہ مانگتے

من النار قال يقول فهل رأوها قال يقولون لا والله يا رب ما رأوها قال يقول فكيف لو رأوها قال يقولون لو رأوها

دوزخ سے فرمایا اللہ فرماویگا پھر کیا دوزخ دیکھی انہوں نے فرمایا کہینگے نہیں قسم اللہ کی اے رب نہیں دیکھی انہوں نے فرمایا فرماویگا پھر کیسا ہوتا اگر دیکھتے اسکو فرمایا کہینگے اگر دیکھتے

كانوا أشد منها فرارا وأشد لها مخافة قال فيقول فأشهدكم أني قد غفرت لهم قال يقول ملك من الملئكة فيهم

تو بہت بھاگتے دوزخ سے اور بہت زیادہ ڈرتے اس سے فرمایا پھر فرماویگا سو گواہ کرتا ہوں تمکو کہ میں نے تحقیق بخش دیئے ان کے گناہ فرمایا کہیگا ایک فرشتہ ان فرشتوں میں سے

فلان ليس منهم إنما جاء لحاجة قال هم الجلساء لا يشقى جليسهم. رواه البخاري. وفي رواية مسلم قال إن لله

کہ فلانا آدمی ذکر کرنے والوں میں سے نہیں وہ آیا تھا کسی اپنے کام کو فرماویگا اللہ وہ ایسے ہمنشین ہیں کہ محروم نہیں رہتا انکا ہمنشین روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت میں مسلم کی یوں ہے کہ فرمایا بیشک اللہ کے

ملئكة سيارة فضلا يبتغون مجالس الذكر فإذا وجدوا مجلسا فيه ذكر قعدوا معهم وحف بعضهم

فرشتے ہیں گشت کرنے والے زیادہ ڈھونڈھتے مجلسوں کو اللہ کے ذکر کی پھر جب پاتے ہیں کسی مجلس کو کہ اسمیں ذکر ہوتا ہے بیٹھ جاتے ہیں ان کے ساتھ اور گھیر لیتے ہیں بعضے

بعضا بأجنحتهم حتى يملئوا ما بينهم وبين السماء الدنيا فإذا تفرقوا عرجوا وصعدوا إلى السماء

بعضوں کو اپنی بازوؤں سے یہاں تک کہ بھر دیتے ہیں اس چیز کو کہ درمیان ذاکروں کے اور پہلے آسمان کے ہے پھر جب جدا جدا ہوتے ہیں اوپر جاتے ہیں اور چڑھتے ہیں آسمان پر

قال فيسألهم الله وهو أعلم من أين جئتم فيقولون جئنا من عند عبادك في الأرض يسبحونك ويكبرونك

فرمایا پھر پوچھتا ہے انسے اللہ حالانکہ وہ خوب جانتا ہے کہاں سے آئے تم سب فرشتے کہتے ہیں ہم آئے تیرے ان بندوں کے پاس سے کہ زمین میں ہیں پاکی بیان کرتے ہیں تیری اور بڑائی

ويهللونك ويحمدونك ويسألونك قال وماذا يسألوني قالوا يسألونك جنتك قال وهل رأوا جنتي قالوا

اور تحمید اور خوبی بیان کرتے ہوئے اور مانگتے ہیں تجھ سے فرماویگا اور کیا چیز مانگتے ہیں مجھ سے کہینگے مانگتے ہیں تجھ سے تیری جنت فرماویگا اور کیا جنت دیکھی

لا أي رب قال فكيف لو رأوا جنتي قالوا ويستجيرونك قال ومما يستجيرونني قالوا من نارك يا رب قال

نہیں ای پروردگار فرماویگا پھر کیسا ہوتا اگر دیکھتے پھر جنت طلب کیلئے پناہ چاہتے ہیں تیری فرماویگا اور کس چیز سے پناہ چاہتے ہیں کہینگے دوزخ تیری سے

وهل رأوا ناري قالوا لا قال فكيف لو رأوا ناري قالوا ويستغفرونك قال فيقول قد غفرت لهم فأعطيتهم

اور کیا دیکھے ہیں میری دوزخ کو کہینگے نہیں فرماویگا پھر کیسا ہوتا اگر دیکھتے میری دوزخ کو کہینگے اور مغفرت چاہتے ہیں تجھ سے فرماویگا تحقیق کہ بخش دیا میں نے ان کو

ما سألوا وأجرتهم مما استجاروا قال يقولون رب فيهم فلان عبد خطاء إنما مر فجلس معهم قال فيقول

جو چیز کہ سوال کیا اسکا اور پناہ دی ان کو اس چیز سے کہ پناہ مانگی اس سے فرمایا کہینگے ای پروردگار انمیں فلانا آدمی بندہ گنہگار ہے گذرا تھا سو بیٹھ گیا ان کے ساتھ

وله غفرت هم القوم لا يشقى بهم جليسهم ٨ وعن حنظلة بن الربيع الأسيدي رض قال لقيني أبو بكر

اور اسکو بھی بخش دیا میں نے وہ وہ لوگ ہیں کہ محروم نہیں رہتا ان کے ساتھ بیٹھنے والا اور روایت ہے حنظلہ رض سے جو بیٹا ہے ربیع کا اولاد اسید بن عمرو کی سے کہا ملاقات کی مجھ سے ابوبکر نے

فقال كيف أنت يا حنظلة قلت نافق حنظلة قال سبحان الله ما تقول قلت نكون عند رسول الله صلى

سو کہا اسنے کیا حال ہے تیرا ای حنظلہ کہا میں منافق ہوگیا حنظلہ کہا ابوبکر نے پاکی ہے اللہ کو کیا کہتا ہے تو کہا میں نے رہتے ہیں ہم رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم يذكرنا بالنار والجنة كأنا رأي عين فإذا خرجنا من عند رسول الله صلى الله عليه وسلم عافسنا

اللہ علیہ وسلم کے پاس کہ نصیحت کرتے ہیں ہمکو دوزخ اور بہشت کا حال سنا کر جیسا کہ ہم دیکھتے ہیں آنکھ سے پھر جب کہ ہم نکلتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

الأزواج والأولاد والضيعات نسينا كثيرا قال أبو بكر فوالله إنا لنلقى مثل هذا فانطلقت أنا وأبو بكر حتى

عورت اور بچے اور کھیتی کے کام میں بھول جاتے ہیں بہت سی نصیحت کہا ابوبکر نے پھر قسم اللہ کی تحقیق ہم سب بھی ملتے ہیں ایسا ہی حال سو چلا میں اور ابوبکر یہانتک کہ

دخلنا على رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت نافق حنظلة يا رسول الله قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو کہا منافق ہوگیا حنظلہ ای رسول اللہ کے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

وما ذاك قلت يا رسول الله نكون عندك تذكرنا بالنار والجنة كأنا رأي عين فإذا خرجنا من عندك

اور کیا ہے وہ نفاق کہا میں نے ای رسول اللہ کے رہتے ہیں ہم آپ کے پاس کہ وعظ فرماتے ہیں آپ کو دوزخ اور بہشت کا ایسا کہ ہم آنکھ سے دیکھتے ہیں پھر جب

عافسنا الأزواج والأولاد والضيعات نسينا كثيرا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم والذي نفسي بيده

مشغول ہو جاتے ہیں عورت بچے اور کھیتی کے کام میں بھول جاتے ہیں بہت سی نصیحت پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم اس کی کہ جان اسکے ہاتھ میں ہے

لو تدومون على ما تكونون عندي وفي الذكر لصافحتكم الملائكة على فرشكم وفي طرقكم ولكن يا حنظلة

اگر ہمیشہ رہو تم اس حال پر کہ رہتے ہو میرے پاس اور ذکر کرتے رہتے تو مصافحہ کریں تم سے فرشتے تمہارے بچھانوں پر اور تمہاری راہوں میں ولیکن ای حنظلہ گھڑی

ساعة وساعة ثلاث مرات رواه مسلم

اور گھڑی گھڑی تین بار ساعت کا لفظ فرمایا روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

دوسری فصل

عن أبي الدرداء رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ألا أنبئكم بخير أعمالكم وأزكاها عند مليككم وأرفعها في درجاتكم وخير لكم من إنفاق الذهب

روایت ہے ابی درداء رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا خبر نہ دوں تمکو سب کاموں سے بھلے اور پاکیزہ کام کی تمہارے بادشاہ کے پاس اور بہت بلند کام کی تمہارے درجوں کے

والورق وخير لكم من أن تلقوا عدوكم فتضربوا أعناقهم ويضربوا أعناقكم قالوا بلى قال ذكر الله رواه مالك

اور روپے کے خرچ کرنے سے اور بہتر ہے تمہارے لئے سامنا کرنے سے تمہارے دشمن کے ساتھ مارو تم انکی گردن اور وہ ماریں تمہاری گردن کہا صحابہ نے کیوں نہیں فرمایا وہ ذکر ہے اللہ کا روایت کیا اسکو مالک

وأحمد والترمذي وابن ماجة إلا أن مالكا وقفه على أبي الدرداء وعن عبد الله بن بسر رض قال جاء أعرابي

اور احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے مگر یہ کہ مالک نے موقوف رکھا اسکو ابی درداء پر ۔ اور روایت ہے عبداللہ بن بسر رض سے کہ کہا انہوں نے آیا ایک بدو

إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال أي الناس خير فقال طوبى لمن طال عمره وحسن عمله قال يا رسول الله أي الأعمال

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس سو کہا اس نے کون آدمی سب سے بہتر ہے فرمایا خوشی ہو اس شخص کے لئے کہ عمر دراز ہوئی اسکی اور اچھے ہوں کام اسکے کہا [illegible]

أفضل قال أن تفارق الدنيا ولسانك رطب من ذكر الله رواه أحمد والترمذي وعن أنس رض قال قال رسول الله

سب سے افضل ہے فرمایا جدا ہو تو دنیا سے اس حال پر کہ زبان تیری تر رہے ذکر سے اللہ کے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا انہوں نے

صلى الله عليه وسلم إذا مررتم برياض الجنة فارتعوا قالوا وما رياض الجنة قال حلق الذكر رواه الترمذي وعن

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب گذر کرو تم باغوں پر جنت کے تو چرو کہا لوگوں نے اور کیا ہیں باغ جنت کے فرمایا حلقے ذکر کے [illegible]

أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قعد مقعدا لم يذكر الله فيه كانت عليه من الله ترة

ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی بیٹھے کسی مجلس میں کہ یاد نہ کرے اللہ کو اس میں ہوگا وہ بیٹھنا اس پر اللہ کی طرف سے باعث نقصان

ومن اضطجع مضطجعا لا يذكر الله فيه كانت عليه من الله ترة رواه أبو داود وعنه قال قال رسول الله صلى

اور جو کوئی لیٹے پہلو پر سونے کی جگہ میں یاد نہ کرے اللہ کو اس میں ہوگا وہ لیٹنا اس پر باعث نقصان اللہ کی طرف سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے انہی سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم ما من قوم يقومون من مجلس لا يذكرون الله فيه إلا قاموا عن مثل جيفة حمار وكان عليهم حسرة

اللہ علیہ وسلم نے نہیں اٹھتے کسی قوم کے لوگ کسی مجلس سے یاد نہ کرے اللہ کو اس میں مگر اٹھتے ہیں مانند مردار گدھے کے اور ہوگی وہ مجلس ان پر موجب حسرت

رواه أحمد وأبو داود وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما جلس قوم مجلسا لم يذكروا الله فيه

روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے اور روایت ہے انہی سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہوا اس طرح کہ بیٹھی ہو کوئی قوم کسی مجلس میں نہ یاد کریں

ولم يصلوا على نبيهم إلا كان عليهم ترة فإن شاء عذبهم وإن شاء غفر لهم رواه الترمذي وعن أم حبيبة

اور درود بھیجیں اپنے نبی پر مگر ہوا وہ بیٹھنا ان پر باعث عذاب کا پھر اگر چاہے اللہ تو عذاب کرے ان کو اور اگر چاہے معاف کرے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

رض قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل كلام ابن آدم عليه لا له إلا أمر بمعروف أو نهي عن منكر أو ذكر

رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر کلام آدمی کا ضرر پہنچاتا ہے اسکو نفع نہیں دیتا مگر حکم کرنا اچھی بات کا یا منع کرنا بری بات سے

الله رواه الترمذي وابن ماجة وقال الترمذي هذا حديث غريب وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

لا تكثروا الكلام بغير ذكر الله فإن كثرة الكلام بغير ذكر الله قسوة للقلب وإن أبعد الناس من الله القلب القاسي

نہ کرو بہت باتیں سوا خدا کی یاد کے [illegible] باعث سختی دل کا ہے اور [illegible] سب سے دور خدا سے

رواه الترمذي وعن ثوبان رض قال لما نزلت والذين يكنزون الذهب والفضة كنا مع النبي صلى الله عليه

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ثوبان رض سے کہ کہا انہوں نے جب اتری یہ آیت والذین آخر تک تھے ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ

فی بعض اسفاره قال بعض اصحابه نزلت فی الذهب والفضة لو علمنا ای المال خیر فنتخذه فقال افضله لسان ذاکر

کسی سفر میں کہا کسی صحابی نے اتری یہ سونے روپے کے باب میں کیا خوب ہوتا کہ معلوم کرتے ہم کونسا مال بھلا ہے کہ جمع ہم رکھتے اسکو سو فرمایا سب سے افضل وہ زبان ہے ذکر کرنے والی خدا کی

وقلب شاکر وزوجة مؤمنة تعینه علی ایمانه رواه احمد والترمذی وابن ماجه

اور وہ دل کہ شکر کرے اور وہ عورت کہ ایماندار ہو مدد کرے خاوند کی ایمان پر روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے

الفصل الثالث

عن ابی سعید رض قال خرج معاویة علی حلقة فی المسجد فقال ما اجلسکم قالوا جلسنا نذکر الله قال آلله ما اجلسکم الا ذاک

تیسری فصل روایت ہے ابی سعید رض سے کہ کہا اسنے نکلے معاویہ ایک حلقہ پر لوگوں کے کہ مسجد میں بیٹھے تھے سو کہا کس چیز نے بٹھایا تمکو یہاں کہا ہم بیٹھے ہیں یاد کرتے اللہ کی کہا معاویہ نے کیا قسم اللہ کی کوئی چیز نہ بٹھایا تمکو مگر یاد الٰہی

قالوا آلله ما اجلسنا غیره قال اما انی لم استحلفکم تهمة لکم وما کان احد بمنزلتی من رسول الله صلی الله علیه

کہا اللہ کی قسم ہے کوئی قسم ہمارے بیٹھنے کا سوا اسکے نہیں کہا معاویہ نے میں نے قسم نہیں دی تمکو تہمت کی طرف اور نہیں ہے کوئی میرے برابر رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم اقل عنه حدیثا منی وان رسول الله صلی الله علیه وسلم خرج علی حلقة من اصحابه فقال ما اجلسکم ههنا

وسلم کم روایت کرنے والا حدیث کی جیسا میں کم کرتا ہوں اور بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے تھے ایک حلقے پر اپنے اصحاب کی جماعت کے سو فرمایا کیا باعث تمہارے بیٹھنے کا

قالوا جلسنا نذکر الله ونحمده علی ما هدانا للاسلام ومن به علینا قال آلله ما اجلسکم الا ذاک قالوا آلله

کہا ہم بیٹھے ہیں یاد کرتے اور خوبی بیان کرتے اللہ کی ہدایت پر ہمکو اسلام کے لئے اور احسان پر اسکے اسلام کی توفیق دینے سے ہمکو فرمایا کیا قسم اللہ کی کوئی سبب نہیں تمہارے بیٹھنے کا سوا

ما اجلسنا الا ذاک قال اما انی لم استحلفکم تهمة لکم ولکنه اتانی جبریل فاخبرنی ان الله عز وجل یباهی بکم

نہیں کوئی سبب ہمارے بیٹھنے کا سوا یاد خدا کے فرمایا خبردار میں نے قسم نہیں پوچھا تم سے واسطے تہمت کے تمکو لیکن اس لئے کہ آیا میرے پاس جبرئیل پھر خبر دی مجھکو کہ مقرر اللہ جو غالب اور بزرگ ہے فخر کرتا ہے تمہارے سبب

الملائکة رواه مسلم وعن عبد الله بن بسر رض ان رجلا قال یا رسول الله ان شرائع الاسلام قد کثرت علی

فرشتوں کے ساتھ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن بسر رض سے کہ ایک مرد نے کہا اے رسول اللہ کے بیشک احکام اسلام کے تحقیق بہت ہو گئے مجھ پر

فاخبرنی بشیء اتشبث به قال لا یزال لسانک رطبا من ذکر الله رواه الترمذی وابن ماجه وقال الترمذی هذا

سو خبر دیجیے مجھکو ایسی ایک چیز کی کہ علاقہ رکھوں اس سے فرمایا زبان تیری ہمیشہ تر رہے اللہ کے ذکر سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ

حدیث حسن غریب وعن ابی سعید رض ان رسول الله صلی الله علیه وسلم سئل ای العباد افضل وارفع درجة

حدیث اچھی ہے غریب ہے اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کسی نے کونسا بندہ سب سے زیادہ فضیلت اور درجہ رکھتا ہے

وَعَنْ اَبِی الْاَزْھَرِ الْاَنْمَارِیِّ رض اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا اَخَذَ مَضْجَعَہٗ مِنَ اللَّیْلِ قَالَ بِسْمِ اللّٰہِ وَضَعْتُ

اور روایت ہے ابی الازہر انماری رض سے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب لیٹتے تھے اپنی خوابگاہ میں رات کو فرماتے نام سے اللہ کے سویا ہوں رکھدیا میں

جَنْبِیْ لِلّٰہِ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَاخْسَأْ شَیْطَانِیْ وَفُكَّ رِھَانِیْ وَاجْعَلْنِیْ فِی النَّدِیِّ الْاَعْلٰی رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ ۞ وَعَنْ

اپنا پہلو اللہ کے واسطے اے اللہ بخش دے مجھے گناہ میرا اور دھتکار دے میرے شیطان کو اور چھوڑا دے میری گردن کو ف اور داخل کر مجھے اوپر کی مجلس میں ف روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

ابْنِ عُمَرَ رض اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا اَخَذَ مَضْجَعَہٗ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَفَانِیْ وَاٰوَانِیْ وَاَطْعَمَنِیْ وَسَقَانِیْ

ابن عمر رض سے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب لیٹتے تھے اپنی خوابگاہ میں فرماتے سب خوبی اللہ کی جسنے بچا دیا مجھے اور جگہ دی مجھے اور کھلایا اور پلایا مجھے

وَالَّذِیْ مَنَّ عَلَیَّ فَاَفْضَلَ وَالَّذِیْ اَعْطَانِیْ فَاَجْزَلَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ اَللّٰھُمَّ رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَمَلِیْکَہٗ وَاِلٰہَ کُلِّ شَیْءٍ

اور جسنے احسان کیا مجھپر پھر زیادہ کیا اور جسنے دیا مجھے پھر بہت دیا سب خوبی اللہ کو ہی ہر حال پر اے اللہ پالنے والے ہر چیز کے اور مالک اسکے اور معبود ہر چیز کے

اَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ ۞ وَعَنْ بُرَیْدَۃَ رض قَالَ شَکٰی خَالِدُ بْنُ الْوَلِیْدِ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ

پناہ چاہتا ہوں تیری دوزخ سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے بریدہ رض سے کہا اسنے شکایت کی خالد بن ولید نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو کہا

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا اَنَامُ اللَّیْلَ مِنَ الْاَرَقِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَوَیْتَ اِلٰی فِرَاشِكَ فَقُلْ اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ

اے رسول اللہ کے نیند نہیں آتی مجھے رات کو ارق کی بیماری سے ف تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب لیٹا چاہے تو اپنے بچھانے پر تو کہہ اے اللہ پروردگار تو آسمانوں

السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرَضِیْنَ وَمَا اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّیَاطِیْنِ وَمَا اَضَلَّتْ کُنْ لِیْ جَارًا مِنْ شَرِّ خَلْقِكَ

سات کا اور اس چیز کے کہ سایہ کیا انہوں نے ف اور پروردگار زمینوں کے اور جو کچھ اٹھالیا انہوں نے اور اے رب شیطانوں کے اور جسکو گمراہ کیا انہوں نے رہ میرا پناہ دینے والا اپنے

کُلِّھِمْ جَمِیْعًا اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ مِّنْھُمْ اَوْ اَنْ یَّبْغِیَ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُكَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ رَوَاہُ

سب مخلوقات کی اس سے کہ زیادتی کرے مجھپر کوئی ان میں سے اور اس سے کہ ظلم کرے غالب ہے تیری پناہ چاہنے والا اور بڑی ہے تعریف تیری اور کوئی معبود نہیں سوا تیرے کوئی معبود نہیں سوا تیرے روایت کیا اسکو

الترمذي وقال هذا حديث ليس اسناده بالقوي والحكم بن ظهير الراوي قد ترك حديثه بعض اهل الحديث

ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ وہ حدیث ہے کہ نہیں سند اسکی قوی اور حکم بن ظہیر راوی اس حدیث کا تحقیق چھوڑ دیا اسکی حدیث کو بعضے محدثین نے

الفصل الثالث

عن ابي مالك رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذا اصبح احدكم فليقل اصبحنا واصبح الملك لله رب العلمين اللهم اني اسألك خير هذا اليوم فتحه ونصره ونوره وبركته وهداه واعوذ بك من شر ما فيه وشر ما بعده ثم اذا امسى فليقل مثل ذلك رواه ابو داود

تیسری فصل یہ روایت ہے ابی مالک رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب صبح کو اٹھے کوئی تم میں سے تو کہے صبح کو اٹھے ہم اور اسی کا ملک اللہ کا جو پروردگار ہے سارے جہان کا اے اللہ بیشک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس دن کی بھلائی کا اس دن کی فتح اور نصرت اور نور اور برکت اور ہدایت کا اور پناہ مانگتا ہوں تیری اس چیز کی برائی سے جو اس دن میں ہے اور اسکے بعد کی برائی سے پھر جب شام کرے تو کہے مانند اسکے روایت کیا اسکو ابو داود نے

وعن عبد الرحمن بن ابي بكرة رض قال قلت لابي يا ابت اسمعك تقول كل غداة اللهم عافني في بدني اللهم عافني في سمعي اللهم عافني في بصري لا اله الا انت تكررها ثلثا حين تصبح وثلثا حين تمسي فقال يا بني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يدعو بهن فانا احب ان استن بسنته رواه ابو داود

اور روایت ہے عبد الرحمن بن ابی بکرہ رض سے کہا انہوں نے کہا میں نے اپنے باپ سے اے باپ میرے سنتا ہوں تجھکو کہتے ہر صبح کو اے اللہ عافیت دے میرے بدن میں اے اللہ عافیت دے میرے کان میں اے اللہ عافیت دے میری بصارت میں نہیں کوئی معبود سوا تیرے تکرار کرتا ہے تو اس جملے کی تین بار جب صبح کو اٹھتا ہے اور تین بار جب شام کرتا ہے سو کہا اسنے اے بیٹے میرے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دعا کرتے تھے ان تین جملوں سے سو میں دوست رکھتا ہوں چلنے کو طریقے پر حضرت کے روایت کیا اسکو ابو داود نے

وعن عبد الله بن ابي اوفى رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اصبح قال اصبحنا واصبح الملك لله والحمد لله والكبرياء والعظمة لله والخلق والامر والليل والنهار وما سكن فيهما لله اللهم اجعل اول هذا النهار صلاحا واوسطه نجاحا واخره فلاحا يا ارحم الرحمين ذكره النووي في كتاب الاذكار برواية ابن السني

اور روایت ہے عبد اللہ بن ابی اوفی رض سے کہ کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح کو اٹھتے فرماتے صبح کو اٹھے ہم اور تمام ملک اللہ کا اور سب خوبی اللہ کو ہے اور بڑائی اور عظمت اللہ کو ہے اور پیدا کرنا اور تدبیر کرنا اور رات اور دن اور جو کچھ ٹھہرا ہے ان دونوں میں سب اللہ کے ہیں اے اللہ کر اول کو اس دن کے صلاح دین و دنیا کی اور درمیان کو اسکے حاجت روائی اور آخر کو اسکے خلاصی اے بہت بڑے رحم کرنے والے ذکر کیا اس حدیث کو نووی نے کتاب الاذکار میں روایت سے ابن سنی کی

وعن عبد الرحمن بن ابزى رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اذا اصبح اصبحنا على فطرة الاسلام وكلمة الاخلاص وعلى دين نبينا محمد صلى الله عليه وسلم وعلى ملة ابينا ابرهيم حنيفا وما كان من المشركين رواه احمد والدارمي

اور روایت ہے عبد الرحمن بن ابزی رض سے کہ کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے جب صبح کو اٹھتے صبح کی ہم نے دین اسلام پر اور کلمہ اخلاص پر اور دین پر ہمارے نبی کے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور ملت پر ہمارے باپ ابراہیم کی جو تھے حق کی طرف اور نہ تھے مشرکوں سے روایت کیا اسکو احمد اور دارمی نے

باب الدعوات في الاوقات

یہ باب ہے ذکر میں اوقات مخصوصہ میں پڑھنے کی دعاؤں کے

الفصل الاول

عن ابن عباس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو ان احدكم اذا اراد ان ياتي اهله قال بسم الله اللهم جنبنا الشيطان وجنب الشيطان ما رزقتنا فانه ان يقدر بينهما ولد في ذلك لم يضره شيطان ابدا متفق عليه

پہلی فصل یہ روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر کوئی ان میں سے جب ارادہ کرے صحبت کا اپنی بی بی سے کہے ساتھ نام کے اللہ کے اے اللہ دور رکھ ہم سے شیطان کو اور دور رکھ شیطان کو اس چیز سے کہ دیوے تو ہم کو سو بیشک اگر مقدر میں دونوں کے ہو کوئی بچہ اس جماع میں ضرر نہ کریگا اس بچے کا شیطان کبھی متفق علیہ

وعن عمر ان رسول الله

اور روایت ہے عمر سے کہ بیشک رسول

صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول عند الکرب لا الہ الا اللہ العظیم الحلیم لا الہ الا اللہ رب العرش العظیم لا الہ الا
صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کرب کے وقت نہیں کوئی معبود سوا اللہ عظمت والے بردبار نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے پروردگار عرش بزرگ کا نہیں کوئی معبود سوائے

اللہ رب السموات ورب الارض رب العرش الکریم متفق علیہ وعن سلیمان بن صرد رض قال استب رجلان
اللہ کے پروردگار آسمانوں کا اور زمین کا پروردگار عزت والے تخت کا ۔ ق ۔ اور روایت ہے سلیمان بن صرد رض سے کہا اسنے گالی گلوچ کی آپس میں دو

عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم ونحن عندہ جلوس واحدھما یسب صاحبہ مغضبا قد احمر وجھہ فقال النبی صلی
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ہم حضرت کے پاس بیٹھے تھے اور ایک ان میں سے گالی دیتا تھا اپنے ساتھی کو غصے میں بھر کر تحقیق لال ہو گیا تھا منہ اسکا فرمایا نبی صلی

اللہ علیہ وسلم انی لاعلم کلمۃ لو قالھا لذھب عنہ ما یجد اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم فقالوا للرجل لا
اللہ علیہ وسلم نے بیشک میں البتہ جانتا ہوں ایک کلمہ اگر کہے اسکو تو جاتا رہے اس سے جو پاتا ہے وہ یہ ہے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم تب کہا صحابہ نے اس کو کیا نہیں

تسمع ما یقول النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انی لست بمجنون متفق علیہ وعن ابی ھریرۃ رض قال قال رسول اللہ
سنتا کیا فرماتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہا اسنے میں دیوانہ نہیں ہوں ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم اذا سمعتم صیاح الدیکۃ فاسئلوا اللہ من فضلہ فانھا رات ملکا واذا سمعتم نھیق الحمار
صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سنو تم آواز مرغ کی تو مانگو اللہ سے فضل اسکا اس لیے کہ اسنے دیکھا فرشتہ اور جب سنو تم آواز گدھے کی

فتعوذوا باللہ من الشیطان فانہ رای شیطانا متفق علیہ وعن ابن عمر رض ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
تو پناہ مانگو اللہ کی شیطان سے کہ اسنے دیکھا شیطان کو ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کان اذا استوی علی بعیرہ خارجا الی السفر کبر ثلثا ثم قال سبحان الذی سخر لنا ھذا وما کنا لہ مقرنین وانا الی ربنا
جب سوار ہوتے اپنے اونٹ پر نکلنے کو سفر کی طرف اللہ اکبر کہتے تین بار پھر فرماتے پاکی ہے اس خدا کی کہ فرمانبردار کیا ہمارا اسکو اور نہ تھے ہم اسکی طاقت رکھنے والے اور ہم اپنے

لمنقلبون اللھم انا نسئلک فی سفرنا ھذا البر والتقوی ومن العمل ما ترضی اللھم ھون علینا سفرنا ھذا واطو لنا
البتہ پھر جانے والے ہیں اے اللہ ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے اپنے اس سفر میں نیکی اور پرہیزگاری کا اور سوال کرتے ہیں عمل جسکو تو خوش ہو اے اللہ آسان کر ہم پر یہ سفر ہمارا اور لپیٹ دے ہمارے لئے

بعدہ اللھم انت الصاحب فی السفر والخلیفۃ فی الاھل اللھم انی اعوذ بک من وعثاء السفر وکابۃ المنظر وسوء
دوری اسکی اے اللہ تو ہی ساتھی ہے سفر میں اور پیچھے بچانے والا گھر والوں میں اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری تکلیف سے سفر کی اور شکست نفس سے دیکھنے کی جگہ کی اور برائی

المنقلب فی المال والاھل واذا رجع قالھن وزاد فیھن آئبون تائبون عابدون لربنا حامدون رواہ مسلم وعن
پھر آنے کی مال میں اور گھر کے لوگوں میں اور جب پھرتے فرماتے ان کلموں کو اور زیادہ کرتے انمیں ان کلمات کو ہم رجوع کرنے والے ہیں توبہ کرنے والے بندگی کرنے والے اپنے رب کی خوبیاں کہنے والے ہیں

عبد اللہ بن سرجس رض قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا سافر یتعوذ من وعثاء السفر وکابۃ المنقلب
عبد اللہ بن سرجس رض سے ہے کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کرتے پناہ مانگتے سفر کی تکلیف سے اور بری حال پھرنے سے

والحور بعد الکور ودعوۃ المظلوم وسوء المنظر فی الاھل والمال رواہ مسلم وعن خولۃ بنت حکیم رض قالت
اور نقصان سے بعد زیادتی کے اور مظلوم کی دعا سے اور بری نظر سے گھر والوں میں اور مال میں روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے خولہ بنت حکیم رض سے کہا اسنے

سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من نزل منزلا فقال اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق لم یضرہ
میں نے سنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جو کوئی اترے کسی منزل میں پھر کہے پناہ چاہتا ہوں اللہ کے کلمات کے کامل ہیں ہر چیز کی برائی سے کہ پیدا کی ضرر نہ کرے گی اسکو کوئی چیز

حتى يرتحل من منزله ذلك رواه مسلم وعن ابي هريرة رض قال جاء رجل الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله

یہانتک کہ کوچ کرے اس مقام سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے آیا ایک مرد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا اے رسول اللہ

ما لقيت من عقرب لدغتني البارحة قال اما لو قلت حين امسيت اعوذ بكلمات الله التامات من شر ما خلق

عجب سخت ایذا پائی میں نے بچھو سے کہ کاٹا مجھے گئی رات کو فرمایا خبردار اگر کہا تو جس وقت شام کیا تھا اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق

لم تضرك رواه مسلم وعنه ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا كان في سفر واسحر يقول سمع سامع بحمد الله

نقصان نکرتا تجھو تیرا روایت کیا اسکو مسلم نے اور اسی سے روایت ہے کہ مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا جب سفر میں ہوتے اور صبح کرتے فرماتے چاہیے کہ سنے سننے والا ہماری تعریف بیان کرنے کو خوبی اللہ کی

وحسن بلائه علينا ربنا صاحبنا وافضل علينا عائذا بالله من النار رواه مسلم وعن ابن عمر رض قال

اور ہمارے اعتراف کو اسکے انعام کی خوبی پر جو ہم پر کیا اے رب ہمارے مدد کر حفاظت کر ہماری اور فضل کر ہم پر پناہ چاہتا ہوں اللہ کی دوزخ سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا

كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا قفل من غزو او حج او عمرة يكبر على كل شرف من الارض ثلث تكبيرات ثم يقول

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب پھرتے سفر جہاد یا حج یا عمرے سے اللہ اکبر کہتے ہر اونچی جگہہ پر زمین سے تین بار پھر فرماتے

لا اله الا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد وهو على كل شيء قدير آئبون تائبون عابدون ساجدون

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے جو اکیلا ہے کہ کوئی اسکا شریک نہیں اسی کا راج اور اسی کی خوبی ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ہم رجوع کرنے والے توبہ کرنے والے بندگی

لربنا حامدون صدق الله وعده ونصر عبده وهزم الاحزاب وحده متفق عليه وعن عبد الله ابن ابي اوفى

اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں سچا کیا اللہ وعدہ اپنا اور مدد کی اپنے بندے کی اور بھگا دیا کفار کو اکیلا ق اور روایت ہے عبد اللہ بن ابی اوفی

رض قال دعا رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم الاحزاب على المشركين فقال اللهم منزل الكتاب سريع الحساب اللهم

رض سے کہا اسنے بد دعا کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ خندق کے دن مشرکوں پر سو فرمایا اے اللہ اتارنے والے کتاب کے جلد حساب لینے والے اے اللہ

اهزم الاحزاب اللهم اهزمهم وزلزلهم متفق عليه وعن عبد الله بن بسر رض قال نزل رسول الله صلى الله عليه

شکست دے کافروں کی ان جماعتوں کو اے اللہ شکست دے انکو اور پاؤں اکھیڑ دے انکے ق اور روایت ہے عبد اللہ بن بسر رض سے کہا اسنے آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم على ابي فقربنا اليه طعاما ووطبة فاكل منها ثم اتي بتمر فكان ياكله ويلقي النوى بين اصبعيه ويجمع السبابة

وسلم میرے باپ کے گھر میں سو نزدیک کیا ہمنے حضرت کی طرف کھانا اور وطبہ سو کھایا وطبہ سے پھر لایا کسی نے چھوارا سو کھاتے تھے اسکو اور پھینکتے تھے گٹھلی دو انگلیوں کے بیچ میں اور جمع کرتے کلمے کی انگلی

والوسطى وفي رواية فجعل يلقي النوى على ظهر اصبعيه السبابة والوسطى ثم اتي بشراب فشربه فقال ابي واخذ

اور درمیان کی انگلی اور ایک روایت میں ہے پھر ڈالنے لگے گٹھلی پیٹھ پر ان دو انگلیوں کی سبابہ اور وسطی پر پھر لایا کسی نے پینے کا پانی سو پیا اسکو پھر کہا میرے باپ نے اور پکڑا

بلجام دابته ادع الله لنا فقال اللهم بارك لهم فيما رزقتهم واغفر لهم وارحمهم رواه مسلم

لگام آپکے سواری کے جانور کی دعا کیجئے اللہ سے ہمارے لئے تب فرمایا اے اللہ برکت دے انکو اس چیز میں کہ دی تونے انکو اور بخش انکو اور رحم کر ان پر روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

دوسری فصل

عن طلحة بن عبيد الله رض ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا رأى الهلال قال اللهم اهله علينا بالامن والايمان والسلامة

روایت ہے طلحہ بن عبید اللہ رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب دیکھتے تھے ماہ نو کے چاند کو فرماتے اے اللہ دکھا ہمیں اسکو امن اور ایمان اور سلامتی

والاسلام ربي وربك الله رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعن عمر بن الخطاب وابي هريرة رض قالا قال

اور اسلام سے میرا اور تیرا رب اللہ ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت ہے عمر بن خطاب اور ابی ہریرہ رض سے کہا دونوں نے فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من رجل رأى مبتلى فقال الحمد لله الذي عافاني مما ابتلاك به وفضلني على كثير ممن خلق

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی مرد کہ دیکھے کسی بلا میں پھنسے ہوئے کو پس کہے سب تعریف اللہ کو کہ بچایا مجھے اس بلا سے کہ ڈالا تجھ کو اسمیں اور فضیلت دی مجھے بہتیرے خلق پر

تفضيلا إلا لم يصبه ذلك البلاء كائنا ما كان رواه الترمذي ورواه ابن ماجه عن ابن عمر وقال الترمذي هذا حديث غريب

بزرگی دینی مگر نہ پہنچیگی اسکو وہ بلا کیسی ہی ہو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ابن عمر سے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے

وعمرو بن دينار الراوي ليس بالقوي وعن عمر رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من دخل السوق فقال لا إله

اور عمرو بن دینار جو راوی ہے قوی نہیں ہے اور روایت ہے عمر رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی کہ جاوے بازار میں پھر کہوے کوئی معبود نہیں

إلا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد يحيي ويميت وهو حي لا يموت بيده الخير وهو على كل شيء قدير كتب الله

سوا اللہ کے جو اکیلا ہے شریک نہیں اسکا ہے اسی کا ملک ہے اور اسی کی خوبی جلاتا اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے کہ مرتا نہیں اسکے اختیار میں بھلائی ہے اور وہ سب چیزوں پر قدرت رکھتا ہے لکھیگا اللہ

له ألف ألف حسنة ومحى عنه ألف ألف سيئة ورفع له ألف ألف درجة وبنى له بيتا في الجنة رواه الترمذي وابن ماجه

اسکے لئے دس لاکھ نیکیاں اور دور کریگا اس سے دس لاکھ برائیاں اور بلند کریگا اسکے دس لاکھ درجے اور بناویگا اسکے لئے ایک گھر بہشت میں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

وقال الترمذي هذا حديث غريب وفي شرح السنة من قال في سوق جامع يباع فيه بدل من دخل السوق وعن معاذ بن جبل

اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور شرح السنہ میں یوں لکھا ہے جو کوئی کہیگا اس ذکر کو بازار میں کہ جس میں ہر قسم کی چیز بکتی ہے بدلے اسکے جو کوئی جاوے بازار میں اور روایت ہے معاذ بن جبل

رض قال سمع النبي صلى الله عليه وسلم رجلا يدعو يقول اللهم إني أسألك تمام النعمة فقال أي شيء تمام النعمة قال دعوة أرجو

رض سے کہا انہوں نے سنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد کو دعا کرتے کہتا ہے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے نعمت کی تمامیت کا سو فرمایا کونسی چیز تمامیت نعمت کی ہے

بها خيرا فقال إن من تمام النعمة دخول الجنة والفوز من النار وسمع رجلا يقول يا ذا الجلال والإكرام فقال قد استجيب لك

اس سے بھلائی کی توقع فرمایا تمام نعمت کی جنت میں داخل ہونا ہے اور خلاصی پانا دوزخ سے اور حضرت نے ایک مرد کو کہتے ای بزرگی اور کرم والے سو فرمایا تحقیق قبول ہوئی

فاسأل وسمع النبي صلى الله عليه وسلم رجلا وهو يقول اللهم إني أسألك الصبر فقال سألت الله البلاء فاسأله العافية رواه الترمذي

پھر سوال کر اور سنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد کو جس حال میں کہ کہتا ہے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے صبر کی توفیق سو فرمایا سوال کیا تو نے اللہ سے بلا کا پس اس سے عافیت کا سوال کر روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من جلس مجلسا فكثر فيه لغطه فقال قبل أن يقوم سبحانك اللهم

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کہ بیٹھے کسی مجلس میں پس بہت ہوا اسمیں لغو بکنا اسکا پھر کہا پہلے اٹھنے کے پاکی بیان کرتا ہوں میں اے اللہ

وبحمدك أشهد أن لا إله إلا أنت أستغفرك وأتوب إليك إلا غفر له ما كان في مجلسه ذلك رواه الترمذي و

تیری خوبی کے ساتھ گواہی دیتا ہوں اسپر کہ کوئی معبود نہیں سوا تیرے معافی چاہتا ہوں تجھ سے اور رجوع کرتا ہوں تیری طرف مگر بخشے جاوینگے اسکے جو تقصیر ہوئی تھی اس مجلس میں روایت کیا اسکو ترمذی اور

البيهقي في الدعوات الكبير وعن علي رض أنه أتي بدابة ليركبها فلما وضع رجله في الركاب قال بسم الله فلما استوى

بیہقی نے دعوات کبیر میں اور روایت ہے علی رض سے کہ لایا گیا ان کے پاس جانور سوار ہونے کو کہ سوار ہوں اسپر پھر جب رکھا پاؤں اپنا رکاب میں کہا نام اللہ کے سو جب سوار ہو چکے

على ظهرها قال الحمد لله ثم قال سبحان الذي سخر لنا هذا وما كنا له مقرنين وإنا إلى ربنا لمنقلبون ثم قال الحمد لله ثلاثا

اسکی پیٹھ پر کہا سب خوبی اللہ کو ہے پھر کہا سبحان الذی الخ اس آیت کو کہ اوپر ترجمہ لکھا گیا پھر کہا الحمد للہ تین بار

والله أكبر ثلاثا سبحانك إني ظلمت نفسي فاغفر لي فإنه لا يغفر الذنوب إلا أنت ثم ضحك فقيل من أي شيء ضحكت يا

اور اللہ اکبر تین بار پاکی ہے تجھ کو تحقیق میں نے ظلم کیا اپنی جان پر پس بخش مجھ کو کہ مقرر کوئی گناہ نہیں بخشتا سوا تیرے پھر ہنسے سو کہا کسی نے کس چیز سے ہنستے ہو

یا امیر المؤمنین قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صنع کما صنعت ثم ضحک فقلت من ای شیء ضحکت یا رسول اللہ قال
اے سردار ایمان والوں کے کہا دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے جیسا میں نے کیا پھر ہنسے حضرت سو کہا میں نے کس چیز سے ہنسے آپ اے رسول اللہ کے فرمایا

ان ربک لیعجب من عبدہ اذا قال رب اغفر لی ذنوبی یقول یعلم انہ لا یغفر الذنوب غیری رواہ احمد والترمذی وابو داؤد
بیشک پروردگار البتہ خوش ہوتا ہے اپنے غلام سے جب کہتا ہے اے پروردگار بخش میرے گناہ فرماتا ہے اللہ جانتا ہے میرا بندہ کہ کوئی گناہ نہیں بخشتا سوا میرے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد نے

وعن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا ودع رجلا اخذ بیدہ فلا یدعہا حتی یکون الرجل ہو یدع ید النبی صلی
اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب رخصت کرتے تھے کسی مرد کو پکڑ لیتے ہاتھ اسکا پھر نہ چھوڑتے اسکو یہانتک کہ ہوتا وہ مرد کہ وہ آپ کا ہاتھ چھوڑ دیتا نبی صلی

اللہ علیہ وسلم ویقول استودع اللہ دینک وامانتک وآخر عملک وفی روایۃ وخواتیم عملک رواہ الترمذی وابو داؤد
اللہ علیہ وسلم کا اور فرماتے تھے امانت رکھتا ہوں اللہ کے پاس تیرے دین اور مال کو اور تیرے آخر کام کو ۲ اور ایک روایت میں اور خاتموں کو تیرے عمل کے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد

وابن ماجہ وفی روایتہما لم یذکر وآخر عملک وعن عبد اللہ الخطمی رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اراد ان
اور ابن ماجہ نے اور روایت میں ابی داؤد اور ابن ماجہ کی مذکور نہیں لفظ وآخر عملک کا اور روایت ہے عبد اللہ خطمی رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ارادہ کرتے تھے

یستودع الجیش قال استودع اللہ دینکم وامانتکم وخواتیم اعمالکم رواہ ابو داؤد وعن انس رضی اللہ عنہ قال جاء رجل الی النبی
خدا پر سونپنے کا لشکر کو رخصت کے وقت فرماتے امانت رکھتا ہوں اللہ کے پاس تمہارے دین اور مال اور اعمال کے خاتموں کو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے آیا ایک مرد نبی

صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ انی ارید سفرا فزودنی فقال زودک اللہ التقوی قال زدنی قال وغفر ذنبک قال زدنی بابی
صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا اسنے اے رسول اللہ کے میں ارادہ رکھتا ہوں سفر کا سو توشہ دیجیے مجھے فرمایا توشہ کرے تیرا اللہ پرہیزگاری کو کہا اسنے زیادہ فرمائیے فرمایا اور بخشے تیرے گناہ

انت وامی قال ویسر لک الخیر حیثما کنت رواہ الترمذی وقال ہذا حدیث حسن غریب وعن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ ان رجلا قال یا رسول
آپ پر میرا باپ اور ماں فدا فرمایا اور آسان کرے تجھ کو بھلائی جہاں رہے تو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ بیشک ایک مرد نے کہا اے رسول

اللہ انی ارید ان اسافر فاوصنی قال علیک بتقوی اللہ والتکبیر علی کل شرف فلما ولی الرجل قال اللہم اطو لہ البعد وہون علیہ السفر
اللہ کے میں ارادہ رکھتا ہوں سفر کا سو وصیت کیجیے مجھے فرمایا لازم کر لے اللہ سے ڈرتے رہنے کو اور اللہ اکبر کہنے کو ہر بلندی پر پھر جب پیٹھ پھیر کر چلا وہ مرد فرمایا اے اللہ نزدیک کر اسکے سفر کی دوری اور آسان کر اس پر سفر

رواہ الترمذی وعن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا سافر فاقبل اللیل قال یا ارض ربی وربک اللہ اعوذ
روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کرتے تھے پھر سامنے نکلتی رات فرماتے اے زمین میرا اور تیرا رب اللہ ہے پناہ چاہتا ہوں

باللہ من شرک وشر ما فیک وشر ما خلق فیک وشر ما یدب علیک واعوذ باللہ من اسد واسود ومن الحیۃ و
اللہ کی تیری برائی سے اور بدی سے اس چیز کی جو تجھ میں ہے اور بدی سے اس چیز کی کہ بنائی گئی تجھ میں اور بدی سے اس چیز کی کہ چلتی ہے تجھ پر اور پناہ چاہتا ہوں اللہ کی شیر اور کالے

العقرب ومن ساکن البلد ومن والد وما ولد رواہ ابو داؤد وعن انس رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا غزا
بچھو سے اور بستی میں رہنے والے کی بدی سے اور جننے والے کی اور اسکی اولاد کی روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جہاد کرتے

قال اللہم انت عضدی ونصیری بک احول وبک اصول وبک اقاتل رواہ الترمذی وابو داؤد وعن ابی موسی رضی اللہ عنہ ان
فرماتے اے اللہ تو ہی میرا بازو ہے اور مددگار میرا اور تجھی سے حیلہ کرتا ہوں اور تجھ سے حملہ کرتا ہوں اور تجھ سے لڑتا ہوں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی موسی رض سے

النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا خاف قوما قال اللہم انا نجعلک فی نحورہم ونعوذ بک من شرورہم رواہ احمد وابو داؤد
نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب خوف کرتے تھے کسی قوم سے فرماتے اے اللہ ہم کرتے ہیں تجھ کو مقابل انکے اور پناہ چاہتے ہیں تیری انکی بدیوں سے روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے

وعن ام سلمة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا خرج من بيته قال بسم الله توكلت على الله اللهم انا نعوذ بك
اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب نکلتے تھے اپنے گھر سے فرماتے نکلا میں اللہ کے نام سے بھروسا کیا اللہ پر اے اللہ ہم پناہ چاہتے ہیں تیری

من ان نزل او نضل او نظلم او نظلم او نجهل او يجهل علينا رواه احمد والترمذي والنسائي وقال الترمذي هذا حديث
حق سے ڈگمگا جانے سے یا گمراہ ہونے سے یا ظالم ہونے سے یا مظلوم ہونے سے یا جہالت کرنے سے یا کسی کی جہالت سے ہم پر روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور نسائی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث

حسن صحيح وفي رواية ابي داود وابن ماجة قالت ام سلمة ما خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم من بيتي قط الا رفع طرفه
حسن ہے صحیح ہے اور ایک روایت میں ابی داؤد اور ابن ماجہ کی کہا ام سلمہ نے نہ نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر سے کبھی مگر اوٹھائی نظر مبارک

الى السماء فقال اللهم اني اعوذ بك ان اضل او اضل او اظلم او اظلم او اجهل او يجهل علي وعن انس رض قال قال رسول
آسمان کی طرف پھر فرمایا اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری گمراہ ہونے سے یا گمراہ کرنے سے یا ظالم ہونے سے یا مظلوم ہونے سے یا جہالت کرنے سے یا کسی کی جہالت سے مجھ پر اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم اذا خرج الرجل من بيته فقال بسم الله توكلت على الله لا حول ولا قوة الا بالله يقال له حينئذ
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نکلے کوئی مرد اپنے گھر سے پھر کہے بسم اللہ توکلت علی اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ کہتے ہیں اسکو اب

هديت وكفيت ووقيت فيتنحى له الشيطان ويقول شيطان آخر كيف لك برجل قد هدي وكفي ووقي رواه ابو داود وروى
راہ بتلائی گئی تجھے اور کفایت کی گئی تیری اور بچایا گیا تو سو دور ہو جاتا ہے اس سے شیطان اور کہتا ہے دوسرا شیطان کیا تجھ سے ہوسکے گا گمراہ کرنا اس مرد کا کہ راہ بتلائی گئی اور کفایت کی گئی اور حفاظت کی گئی روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت کیا

الترمذي الى قوله له الشيطان وعن ابي مالك الاشعري رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا ولج الرجل بيته
ترمذی نے حضرت کے قول تک له الشيطان اور روایت ہے ابی مالک اشعری رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب داخل ہوا چاہئے مرد اپنے گھر میں

فليقل اللهم اني اسئلك خير المولج وخير المخرج بسم الله ولجنا وعلى الله ربنا توكلنا ثم ليسلم على اهله رواه ابو داود
سو کہے اے اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے نیکی گھر میں آنے کی اور نیکی نکلنے کی اللہ کے نام سے داخل ہوئے ہم اور اللہ پر جو ہمارا رب ہے بھروسا کیا ہم نے پھر سلام کرے اپنے گھر کے لوگوں پر روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وعن ابي هريرة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا رفأ الانسان اذا تزوج قال بارك الله لك وبارك عليكما وجمع بينكما
اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب دعا دیتے تھے آدمی کو جب نکاح کرتا فرماتے برکت دے اللہ تجھے اور برکت کرے تم دونوں پر اور اتفاق

في خير رواه احمد والترمذي وابو داود وابن ماجة وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا
نیکی میں رکھے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے وہ اپنے باپ سے وہ اپنے دادا سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جب

تزوج احدكم امرأة او اشترى خادما فليقل اللهم اني اسئلك خيرها وخير ما جبلتها عليه واعوذ بك من شرها
نکاح کرے کوئی تم میں سے کسی عورت کو یا خریدے لونڈی کو تو کہے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اسکی بھلائی کا اور اسکی خصلت کی بھلائی کا اور پناہ مانگتا ہوں تیری اسکی بدی سے

وشر ما جبلتها عليه واذا اشترى بعيرا فليأخذ بذروة سنامه وليقل مثل ذلك وفي رواية في المرأة والخادم
اور بدی سے اسکی خصلت کی اور جب خرید کرے اونٹ کو تو پکڑے بلندی اسکے کوہان کی اور کہے ویسا ہی اور ایک روایت میں حق میں بی بی اور لونڈی کے

ثم ليأخذ بناصيتها وليدع بالبركة رواه ابو داود وابن ماجة وعن ابي بكرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه
پھر پکڑے چوٹی اسکی اور دعا کرے برکت کی روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی بکرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم دعوات المكروب اللهم رحمتك ارجو فلا تكلني الى نفسي طرفة عين واصلح لي شأني كله لا اله الا انت رواه
وسلم نے دعائیں غمگین کی یہ ہیں اے اللہ تیری رحمت کا امیدوار ہوں سو مت حوالے کر مجھے میرے نفس کے ایک لحظہ اور سنوار دے سب کام میرے کوئی معبود نہیں سوائے تیرے روایت کیا اسکو

ابوداؤد وعن ابی سعید الخدری رض قال قال رجل ھموم لزمتنی وديون يا رسول الله قال افلا اعلمك كلاما

ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ کہا اسنے کہا ایک مرد نے بہت سے غم اور قرض لگ رہے ہیں مجھکو اے رسول اللہ کے فرمایا کیا نہ سکھلاؤں تجھکو

اذا قلته اذهب الله همك وقضى عنك دينك قال قلت بلى قال قل اذا اصبحت واذا امسيت اللهم انی اعوذ بك من

کلمہ جب کہے تو اسکو دور کرے اللہ تیرے غمکو اور ادا کرے تجھ سے قرض تیرا کہا اس نے کہا میں کیوں نہیں فرمایا کہہ تو جب صبح کرے تو اور جب شام کرے اے اللہ تحقیق میں پناہ چاہتا ہوں تیری

الهم والحزن واعوذ بك من العجز والكسل واعوذ بك من البخل والجبن واعوذ بك من غلبة الدين وقهر الرجال قال

ہم اور حزن سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری ناتوانی اور سستی سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری بخیلی اور نامردی سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری کثرت سے قرض کی اور غلبے سے لوگوں کے

ففعلت ذلك فاذهب الله همی وقضى عنی دینی رواه ابوداؤد وعن علی رض انه جاءه مكاتب فقال انی عجزت

پھر کہا میں نے اسکو سو دور کیا اللہ نے میرے غمکو اور ادا کر دیا میری جانب سے میرا قرض روایت کیا اسکو ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے علی رض سے کہ آیا ایک غلام مکاتب پھر کہا میں عاجز آیا ادا کرنے

عن كتابتی فاعنی قال الا اعلمك كلمات علمنیهن رسول الله صلی الله علیه وسلم لو كان علیك مثل جبل كبیر دینا

بدل کتابت سے سو مدد کیجئے میری فرمایا کیا نہ سکھاؤں تجھے ان باتوں کو سکھایا ہے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر ہو گا تجھ پر مانند بڑے پہاڑ کے قرض

اداه الله عنك قال قل اللهم اكفنی بحلالك عن حرامك واغننی بفضلك عمن سواك رواه الترمذی والبیهقی

ادا کروا دیگا اللہ تجھ سے فرمایا کہہ اے اللہ کام چلا میرا اپنی حلال روزی سے بچا کر حرام روزی سے اور بے پروا کر مجھے اپنے فضل سے ماسوا تیرے سب سے روایت کیا اسکو ترمذی اور بیہقی نے

فی الدعوات الكبیر وسنذكر حدیث جابر اذا سمعتم نباح الكلاب فی باب تغطیة الاوانی ان شاء الله تعالى الفصل

کتاب دعوات کبیر میں اور اب ذکر کرینگے ہم حدیث کو جابر کی کہ شروع اسکا یہہ ہے جب سنو آواز کتوں کی باب میں برتنوں کے ڈھانپنے کے اگر چاہے اللہ تعالی فصل

الثالث عن عائشة رض قالت ان رسول الله صلی الله علیه وسلم كان اذا جلس مجلسا او صلى تكلم بكلمات فسألته عن

تیسری۔ روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا اسنے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بیٹھتے تھے کسی مجلس میں یا نماز پڑھتے کلام کرتے تھے کلموں سے سوال کیا میں نے

الكلمات فقال ان تكلم بخیر كان طابعا علیهن الى یوم القیامة وان تكلم بشر كان كفارة له سبحانك اللهم و

ان کلموں کے فائدہ کا سب فرمایا اگر کہی جاوے بھلی بات ہونگے کلمات مہر ان پر قیامت کے دن تک اور کہی جاوے بری بات ہونگے کفارہ اسکے کہنا پاکی بیان کرتا ہوں اے اللہ

بحمدك لا اله الا انت استغفرك واتوب الیك رواه النسائی وعن قتادة بلغه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم كان

تیری خوبی کے کوئی معبود نہیں سواے تیرے معافی مانگتا ہوں تجھ سے اور رجوع کرتا ہوں تیری طرف روایت کیا اسکو نسائی نے۔ اور روایت ہے قتادہ کہ خبر پہنچی اسکو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اذا رای الهلال قال هلال خیر ورشد هلال خیر ورشد امنت بالذی خلقك ثلث

جب دیکھتے تھے چاند شروع مہینے کا فرماتے یہہ چاند بھلائی اور راہ پر رہنے کا ہے یہہ چاند بھلائی اور راہ پر رہنے کا ہے یہہ چاند بھلائی اور راہ پر رہنے کا ہے ایمان لایا تیرے خالق پر تین

مرات ثم قال الحمد لله الذی ذهب بشهر كذا وجاء بشهر كذا رواه ابوداؤد وعن ابن مسعود رض ان رسول الله

بار پھر فرماتے سب خوبی اللہ کو کہ لے گیا ایسے مہینے کو اور لایا ایسے مہینے کو روایت کیا اسکو ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ بیشک رسول اللہ

صلی الله علیه وسلم قال من كثر همه فلیقل اللهم انی عبدك وابن عبدك وابن امتك وفی قبضتك ناصیتی بیدك

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسکو غم بہت ہو تو کہے اے اللہ میں تیرا غلام اور بیٹا تیرے غلام کا اور تیری لونڈی کا ہوں اور تیرے اختیار میں ہوں میری چوٹی تیرے ہاتھ

ماض فی حكمك عدل فی قضاؤك اسألك بكل اسم هو لك سمیت به نفسك او انزلته فی كتابك او علمته احدا

میں ہے جاری ہے مجھ میں تیرا حکم عدل کیا ہے مجھ میں تیری قضا مانگتا ہوں تجھ سے وسیلے سے ہر ایک نام کے کہ وہ تیرے سزاوار ہے نام رکھا ہے تو نے اس سے اپنی ذات کا یا اتارا تو نے اسکو اپنی کتاب میں یا سکھایا تو نے وہ نام کسی کو

من خلقك او استأثرت به في مكنون الغيب عندك ان تجعل القرآن ربيع قلبي وجلاء همي وغمي ما قالها عبد قط

اپنے مخلوقات سے یا پسند کیا تو نے اسکو پردۂ غیب جو تیرے پاس ہے یہ التماس ہے کہ کرے تو قرآن کو تازگی میرے دل کی اور سبب میرے ہم اور غم کے لیجانے کا نہ کہا ان کلمات کو کوئی

الا اذهب الله غمه وابدله به فرحا رواه رزين وعن جابر رض قال كنا اذا صعدنا كبرنا واذا نزلنا سبحنا رواه البخاري

مگر اللہ نے اسکے غم کو اور بدل دیا اسکے خوشی کو روایت کیا اسکو رزین نے۔ اور روایت ہے جابر رض سے کہا انہوں نے تھے ہم جب بلند جگہ پر چڑھتے اللہ اکبر کہتے اور جب اترتے سبحان اللہ کہتے روایت کیا بخاری نے

وعن انس رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا كربه امر يقول يا حي يا قيوم برحمتك استغيث رواه الترمذي

اور روایت ہے انس رض سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب غمگین کرتا کوئی کام فرماتے تھے یا حی یا قیوم تیری رحمت سے مدد چاہتا ہوں روایت کیا اسکو ترمذی نے

وقال هذا حديث غريب ليس بمحفوظ وعن ابي سعيد الخدري رض قال قلنا يوم الخندق يا رسول الله هل من شيء

اور کہا یہ حدیث غریب ہے محفوظ نہیں۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ کہا انہوں نے کہا ہم نے خندق کے دن اے رسول اللہ کے کیا ہے ایسی کوئی

نقوله فقد بلغت القلوب الحناجر قال نعم اللهم استر عوراتنا وآمن روعاتنا قال فضرب الله وجوه اعدائه

کہ پڑھیں ہم اسکو پس تحقیق پہنچے دل حلقوم تک فرمایا ہاں اے اللہ ڈھانپ عیب ہمارے اور امن دے ہمکو گھبراہٹوں سے کہا ابو سعید نے پھر پھیرے اللہ نے منہ

بالريح فهزمهم الله بالريح رواه احمد وعن بريدة رض قال كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا دخل السوق قال بسم الله اللهم

دشمنوں کے ہوا سے شکست دی اللہ نے ہوا سے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے بریدہ رض سے کہ کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب جاتے تھے بازار میں فرماتے بسم اللہ اے اللہ

اني اسألك خير هذه السوق وخير ما فيها واعوذ بك من شرها وشر ما فيها اللهم اني اعوذ بك ان اصيب فيها

میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی اس بازار کی اور ان چیزوں کی کہ اسمیں ہیں اور پناہ چاہتا ہوں تیری بازار کی بدی سے اور ان چیزوں کی کہ اسمیں ہیں اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری

صفقة خاسرة رواه البيهقي في الدعوات الكبير

باب الاستعاذة

الفصل الاول

عن ابي هريرة رض قال قال

سودا کروں خسارہ کا روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب دعوات کبیر میں * یہ باب ہے بیان میں انواع استعاذہ کے * پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم تعوذوا بالله من جهد البلاء ودرك الشقاء وسوء القضاء وشماتة الاعداء متفق

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ طلب کرو اللہ کی مشقت سے بلا کی اور لاحق ہونے سے بدبختی کے اور قضا کی بدی سے اور خوشی دشمنوں کی سے متفق

عليه وعن انس رض قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يقول اللهم اني اعوذ بك من الهم والحزن والعجز والكسل والجبن

علیہ اور روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اس دعا کو اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری ہم اور حزن سے اور ناتوانی اور سستی اور نامردی

والبخل وضلع الدين وغلبة الرجال متفق عليه وعن عائشة رض قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم يقول

اور بخیلی سے اور بوجھ سے قرض کے اور غلبے لوگوں کے متفق علیہ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے

اللهم اني اعوذ بك من الكسل والهرم والمغرم والمأثم اللهم اني اعوذ بك من عذاب النار وفتنة النار وفتنة القبر

اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری سستی اور بڑھاپے اور تاوان اور گناہ کی بات سے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری دوزخ کے عذاب سے اور دوزخ کے فتنے سے اور قبر کے فتنے سے

وعذاب القبر ومن شر فتنة الغنى ومن شر فتنة الفقر ومن شر فتنة المسيح الدجال اللهم اغسل خطاياي

اور عذاب سے قبر کے اور بدی سے تونگری کے فتنے کی اور بدی سے محتاجی کے فتنے کی اور بدی سے مسیح دجال کے فتنے کی اے اللہ دھو دے گناہ میرے

بماء الثلج والبرد ونق قلبي كما ينقى الثوب الابيض من الدنس وباعد بيني وبين خطاياي كما باعدت بين المشرق

پانی سے برف اور اولوں کے اور پاکیزہ کر میرا دل جیسا پاکیزہ کیا جاتا ہے کپڑا سفید میل سے اور دوری ڈال میرے اور میرے گناہوں کے بیچ جیسا دوری ڈالی تو نے مشرق

والهرم وعذاب القبر متفق عليه وعن زيد بن ارقم رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اللهم اني اعوذ بك من العجز

والكسل والجبن والبخل والهرم وعذاب القبر اللهم آت نفسي تقواها وزكها انت خير من زكاها انت وليها ومولاها اللهم

اني اعوذ بك من علم لا ينفع ومن قلب لا يخشع ومن نفس لا تشبع ومن دعوة لا يستجاب لها رواه مسلم وعن عبد

الله بن عمر رض قال كان من دعاء رسول الله صلى الله عليه وسلم اللهم اني اعوذ بك من زوال نعمتك وتحول عافيتك

وفجاءة نقمتك وجميع سخطك رواه مسلم وعن عائشة رض قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول

اللهم اني اعوذ بك من شر ما عملت ومن شر ما لم اعمل رواه مسلم وعن ابن عباس رض ان رسول الله

صلى الله عليه وسلم كان يقول اللهم لك اسلمت وبك آمنت وعليك توكلت واليك انبت وبك خاصمت اللهم

اني اعوذ بعزتك لا اله الا انت ان تضلني انت الحي الذي لا يموت والجن والانس يموتون متفق عليه

الفصل الثاني

عن ابي هريرة رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اللهم اني اعوذ بك من الاربع من علم لا ينفع ومن قلب

لا يخشع ومن نفس لا تشبع ومن دعاء لا يسمع رواه احمد وابو داود وابن ماجه ورواه الترمذي عن عبد الله بن عمرو

والنسائي عنهما وعن عمر رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتعوذ من خمس من الجبن والبخل وسوء العمر

وفتنة الصدر وعذاب القبر رواه ابو داود والنسائي وعن ابي هريرة رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان

يقول اللهم اني اعوذ بك من الفقر والقلة والذلة واعوذ بك من ان اظلم او اظلم رواه ابو داود والنسائي وعنه قال كان

رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اللهم اني اعوذ بك من الشقاق والنفاق وسوء الاخلاق رواه ابو داود والنسائي

والنسائي وعنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يقول اللهم إني أعوذ بك من الجوع فإنه بئس الضجيع وأعوذ بك

اور نسائی نے ۔ اور اسی سے روایت ہے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری بھوک سے کہ بھوک برا ساتھی ہے ف اور پناہ چاہتا ہوں تیری

من الخيانة فإنها بئست البطانة رواه أبو داود والنسائي وابن ماجه وعن أنس رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم

خیانت سے کہ خیانت بری باطن کی خصلت ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

كان يقول اللهم إني أعوذ بك من البرص والجذام والجنون ومن سيئ الأسقام رواه أبو داود والنسائي وعن قطبة

فرماتے تھے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری برص اور جذام اور دیوانہ پن اور سبھی بری بیماریوں سے ف روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے قطبہ

بن مالك رض قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يقول اللهم إني أعوذ بك من منكرات الأخلاق والأعمال والأهواء رواه

بن مالک رض سے کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری بری خصلتوں اور برے کام اور بری خواہشوں سے روایت کیا اسکو

الترمذي وعن شتير بن شكل بن حميد عن أبيه قال قلت يا نبي الله علمني تعويذا أتعوذ به قال قل اللهم إني أعوذ بك من

ترمذی نے ۔ اور روایت ہے شتیر بن شکل بن حمید سے وہ اپنے باپ سے کہا انہوں نے کہا میں نے اے نبی اللہ کے سکھائیے مجھے کوئی تعویذ کہ پناہ چاہوں اس سے فرمایا کہہ تو اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری

شر سمعي وشر بصري وشر لساني وشر قلبي وشر منيي رواه أبو داود والترمذي والنسائي وعن أبي اليسر رض أن

بدی سے سماعت کی اور بصارت کی اور زبان کی اور دل کی اور بدی سے منی کی ف روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے ابی الیسر رض سے کہ بیشک

رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يدعو اللهم إني أعوذ بك من الهدم وأعوذ بك من التردي ومن الغرق والحرق

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا کرتے تھے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری ہدم سے ف اور پناہ چاہتا ہوں تیری تردی سے ف اور پانی میں ڈوبنے اور جل جانے

والهرم وأعوذ بك من أن يتخبطني الشيطان عند الموت وأعوذ بك من أن أموت في سبيلك مدبرا وأعوذ بك

اور نہایت بڑھاپے سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری اس سے کہ بدحواس کرے مجھے شیطان موت کے وقت اور پناہ مانگتا ہوں تیری اس سے کہ مروں تیری راہ میں پیٹھ دے کر اور پناہ چاہتا ہوں تیری

من أن أموت لديغا رواه أبو داود والنسائي وزاد في رواية أخرى والغم وعن معاذ رض عن النبي صلى الله عليه و

اس سے کہ مروں لدیغ ہو کر ف روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے اور زیادہ کیا نسائی نے دوسری روایت میں لفظ والغم کا ف اور روایت ہے معاذ رض سے نبی صلی اللہ علیہ و

سلم قال استعيذوا بالله من طمع يهدي إلى طبع رواه أحمد والبيهقي في الدعوات الكبير وعن عائشة رض أن

سلم کہ فرمایا پناہ چاہو اللہ کی اس طمع سے کہ پہنچائے ذلت و رسوائی کو روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے کتاب دعوات کبیر میں ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ بیشک

النبي صلى الله عليه وسلم نظر إلى القمر فقال يا عائشة استعيذي بالله من شر هذا فإن هذا هو الغاسق إذا وقب رواه

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا قمر کو ف سو فرمایا اے عائشہ پناہ مانگ اللہ کی اسکی بدی سے کہ بیشک یہی ہے اندھیرا کرنے والا جب غروب ہو روایت کیا اسکو

الترمذي وعن عمران بن حصين رض قال قال النبي صلى الله عليه وسلم لأبي يا حصين كم تعبد اليوم إلها قال أبي سبعة

ترمذی نے ۔ اور روایت ہے عمران بن حصین رض سے کہا انہوں نے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے باپ کو اے حصین کتنے خدا پوجتا ہے تو آج کے دن کہا میرے باپ نے سات

ستا في الأرض وواحدا في السماء قال فأيهم تعد لرغبتك ورهبتك قال الذي في السماء قال يا حصين أما إنك

چھ زمین میں والے اور ایک آسمان میں پھر کس کو ان میں سے شمار کرتا ہے تو اپنی امید اور ڈر کے لئے کہا اسکو کہ آسمان میں ہے فرمایا اے حصین خبردار ہے بیشک تو

لو أسلمت علمتك كلمتين تنفعانك قال فلما أسلم حصين قال يا رسول الله علمني الكلمتين اللتين وعدتني فقال

اگر اسلام قبول کرتا تو سکھاتا تجھکو دو دعا کہ نفع دیں تجھکو کہا عمران نے پھر جب اسلام لایا حصین نے کہا اے رسول اللہ کے سکھائیے مجھکو وہ دو دعائیں کہ وعدہ کیا آپ نے مجھ سے تب فرمایا

قُلِ اللّٰهُمَّ أَلْهِمْنِيْ رُشْدِيْ وَأَعِذْنِيْ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ رض أَنَّ رَسُوْلَ

کہہ تو اے اللہ میرے دل میں ڈال میری بھلائی اور بچا مجھ کو میرے نفس کی برائی سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے وہ اپنے باپ سے وہ اسکے دادا رض سے کہ رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا فَزِعَ أَحَدُكُمْ فِي النَّوْمِ فَلْيَقُلْ أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ وَشَرِّ عِبَادِهِ وَمِنْ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ڈرے کوئی تم میں سے نیند کے حال میں تو کہے پناہ مانگتا ہوں اللہ کی کامل باتوں کی اللہ کے غصے اور عذاب سے اور برائی سے اسکے بندوں کی اور

هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَأَنْ يَّحْضُرُوْنِ فَإِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهُ وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو يُعَلِّمُهَا مَنْ بَلَغَ مِنْ وَلَدِهِ وَمَنْ لَمْ يَبْلُغْ

وسوسوں سے شیطانوں کے اور اس سے کہ حاضر ہوں میرے پاس پھر وہ وسوسے ہرگز ضرر نہ کرینگے اسکا اور عبد اللہ بن عمرو رض سکھاتے تھے ان کو بالغ لڑکوں کو اپنے اور نابالغ لڑکوں

مِنْهُمْ كَتَبَهَا فِيْ صَكٍّ ثُمَّ عَلَّقَهَا فِيْ عُنُقِهِ رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَهٰذَا لَفْظُهُ وَعَنْ أَنَسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

لکھتا ان کلمات کو ایک کاغذ کے ٹکڑے پر پھر لٹکاتا انکی گردن میں روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی نے اور یہ عبارت ترمذی کی ہے اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الْجَنَّةَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَتِ الْجَنَّةُ اللّٰهُمَّ أَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَمَنِ اسْتَجَارَ مِنَ النَّارِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَتِ النَّارُ اللّٰهُمَّ أَجِرْهُ مِنَ

علیہ وسلم نے جو کوئی کہ سوال کرے اللہ سے جنت کا تین بار کہتی ہے جنت اے اللہ داخل کر اسکو جنت میں اور جو کوئی پناہ مانگے دوزخ سے تین بار کہتی ہے دوزخ اے اللہ بچا اسکو

النَّارِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ

دوزخ سے روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

عَنِ الْقَعْقَاعِ أَنَّ كَعْبَ الْأَحْبَارِ قَالَ لَوْلَا كَلِمَاتٌ أَقُوْلُهُنَّ لَجَعَلَتْنِيْ يَهُوْدُ

روایت ہے قعقاع سے کہ بیشک کعب الاحبار نے کہا اگر نہ ہوتے کلمے کہ کہتا ہوں انکو البتہ کر دیتے مجھ کو یہود

حِمَارًا فَقِيْلَ لَهُ مَا هُنَّ قَالَ أَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الَّذِيْ لَيْسَ شَيْءٌ أَعْظَمَ مِنْهُ وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ

گدھا پھر کہا کسی نے اسکو وہ کیا ہیں کہا یہ ہیں پناہ چاہتا ہوں اللہ کی بزرگ ذات کی کہ نہیں کوئی چیز اس سے بزرگ اور اللہ کے کامل کلموں کی کہ جا نہیں سکتا انکو چھوڑ کے

بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَبِأَسْمَاءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ أَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَأَ وَبَرَأَ رَوَاهُ مَالِكٌ وَعَنْ

کوئی نیک کار اور نہ کوئی بدکار اور اللہ کے ناموں کی کہ سب سے نیک ہیں جسقدر کہ مجھے معلوم ہیں اور جو کچھ کہ نہیں علم رکھتا ہوں اس چیز کی برائی سے کہ پیدا کیا اور پھیلایا اور بنایا روایت کیا اسکو مالک نے اور

مُسْلِمِ بْنِ أَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ كَانَ أَبِيْ يَقُوْلُ فِيْ دُبُرِ الصَّلٰوةِ اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ فَكُنْتُ أَقُوْلُهُنَّ

مسلم بن ابی بکرہ سے کہا اسنے میرا باپ کہتا تھا آخر میں نماز کے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری کفر اور محتاجی سے اور قبر کے عذاب سے سو میں بھی کہتا تھا انکو

فَقَالَ أَيْ بُنَيَّ عَمَّنْ أَخَذْتَ هٰذَا قُلْتُ عَنْكَ قَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُهُنَّ فِيْ دُبُرِ الصَّلٰوةِ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَ

پھر کہا اے بیٹے کس سے سیکھا تو نے اس دعا کو کہا میں نے تجھ سے کہا اسنے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے انکو نماز کے آخر میں روایت کیا اسکو نسائی اور

التِّرْمِذِيُّ إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ فِيْ دُبُرِ الصَّلٰوةِ وَرَوٰى أَحْمَدُ لَفْظَ الْحَدِيْثِ وَعِنْدَهُ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ رض

ترمذی نے مگر ترمذی نے ذکر نہ کیا لفظ فی دبر الصلوٰۃ کا اور روایت کیا احمد نے عبارت حدیث کی اور احمد کے پاس لفظ فی دبر کل صلوٰۃ کا ہے اور روایت ہے ابی سعید رض

قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْكُفْرِ وَالدَّيْنِ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَتَعْدِلُ الْكُفْرَ

کہا اسنے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے پناہ مانگتا ہوں اللہ کی کفر اور قرض سے پھر کہا ایک مرد نے اے رسول اللہ کے کیا برابر کرتے ہیں آپ کفر کو

بِالدَّيْنِ قَالَ نَعَمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ قَالَ رَجُلٌ وَيَعْدِلَانِ قَالَ نَعَمْ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ

قرض کے ساتھ فرمایا ہاں اور ایک روایت میں یوں آیا ہے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری کفر اور محتاجی سے کہا ایک مرد نے اور برابر ہیں یہ دونوں فرمایا ہاں روایت کیا اسکو نسائی نے

بَابُ جَامِعِ الدُّعَاءِ

باب بیان میں ان دعاؤں کے کہ مطالب کثیر شامل ہیں

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

پہلی فصل

عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَدْعُوْ بِهٰذَا الدُّعَاءِ

روایت ہے ابی موسیٰ اشعری رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ تحقیق دعا کرتے تھے اس دعا سے

اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي خَطِيئَتِي وَجَهْلِي وَإِسْرَافِي فِي أَمْرِي وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي جِدِّي وَهَزْلِي وَخَطَئِي وَعَمْدِي وَكُلُّ ذٰلِكَ

اے اللہ بخش دے میرے گناہ اور نادانی میری اور زیادتی میری کام میں میرے اور جو کچھ کہ تو جانتا ہے مجھ سے زیادہ اے اللہ بخش دے گناہ میرے جو

عِنْدِي اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَأَنْتَ عَلٰى

مجھ سے ہوئے اے اللہ بخش دے میرے گناہ اگلے اور پچھلے اور چھپے اور ظاہر اور وہ گناہ کہ تو زیادہ جانتا ہے مجھ سے تو ہی ہے پہلے اور تو ہی ہے پیچھے اور تو ہی

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اللّٰهُمَّ أَصْلِحْ لِي دِينِيَ الَّذِي هُوَ عِصْمَةُ

ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے اللہ سنوار میرے دین کو کہ وہ بچاؤ ہے

أَمْرِي وَأَصْلِحْ لِي دُنْيَايَ الَّتِي فِيهَا مَعَاشِي وَأَصْلِحْ لِي آخِرَتِي الَّتِي فِيهَا مَعَادِي وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِي فِي كُلِّ خَيْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ

میرے کام کا اور سنوار میری دنیا کو جس میں میری گذران ہے اور سنوار میری آخرت کو جس میں پھر آنا ہے اور کر میری زندگی کو سبب زیادتی کا ہر نیکی میں اور کر موت

رَاحَةً لِي مِنْ كُلِّ شَرٍّ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ

سبب راحت کا ہر بدی سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت فرماتے تھے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَلِيٍّ رض قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلِ اللّٰهُمَّ اهْدِنِي وَسَدِّدْنِي

ہدایت کا اور پرہیزگاری کا اور حرام سے بچنے کا اور تونگری کا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے علی رض سے کہا انہوں نے فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہہ اے اللہ راہ دکھا مجھ کو اور سیدھا رکھ مجھ کو

وَاذْكُرْ بِالْهُدٰى هِدَايَتَكَ الطَّرِيقَ وَبِالسَّدَادِ سَدَادَ السَّهْمِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كَانَ الرَّجُلُ

اور قصد کر سیدھے راستے سے چلنا اور سیدھا کرنا تیر کا اور راستی سے راستی تیر کی بات روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی مالک اشجعی سے اسکے باپ سے کہا انہوں نے معمول تھا کہ

إِذَا أَسْلَمَ عَلَّمَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ ثُمَّ أَمَرَهُ أَنْ يَدْعُوَ بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَاهْدِنِي

جب کوئی مسلمان ہوتا تو سکھاتے اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز پھر حکم کرتے اسکو دعا کرنے کا ان کلمات سے اے اللہ بخش دے مجھے اور رحم کر مجھ پر اور ہدایت کر مجھے اور

وَعَافِنِي وَارْزُقْنِي رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَنَسٍ رض قَالَ كَانَ أَكْثَرُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا

عافیت بخش مجھے اور حلال کی روزی دے مجھے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے تھا اکثر دعا کرنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اس مضمون کہ اے اللہ دے ہمکو دنیا میں نیکی

حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو يَقُولُ

اور آخرت میں نیکی کی جزا اور بچالے ہمکو دوزخ کی مار سے × دوسری فصل × روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دعا کرتے تھے کہتے

رَبِّ أَعِنِّي وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ وَانْصُرْنِي وَلَا تَنْصُرْ عَلَيَّ وَامْكُرْ لِي وَلَا تَمْكُرْ عَلَيَّ وَاهْدِنِي وَيَسِّرِ الْهُدٰى لِي وَانْصُرْنِي عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ

اے رب میرے مدد کر میری اور مدد مت کر کسی کی مجھ پر اور غالب کر مجھے اور مت غالب کر مجھ پر اور مکر کر میرے نفع کو اور مکر مت کر میرے ضرر کو اور ہدایت کر مجھے اور آسان کر ہدایت کو میرے لئے اور

رَبِّ اجْعَلْنِي لَكَ شَاكِرًا لَكَ ذَاكِرًا لَكَ رَهَّابًا لَكَ مِطْوَاعًا لَكَ مُخْبِتًا إِلَيْكَ أَوَّاهًا مُنِيبًا رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِي وَاغْسِلْ حَوْبَتِي وَأَجِبْ

اے رب میرے کر مجھے تیرا شکر گذار تیری یاد کرنے والا تجھ سے ڈرنے والا تیرا فرمانبردار تواضع کرنے والا تیری طرف رجوع کرنے والا اے رب میرے قبول کر توبہ میری اور دھو گناہ

دَعْوَتِي وَثَبِّتْ حُجَّتِي وَسَدِّدْ لِسَانِي وَاهْدِ قَلْبِي وَاسْلُلْ سَخِيمَةَ صَدْرِي رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ أَبِي بَكْرٍ

میرے اور قبول کر دعا میری اور ثابت رکھ دلیل میری اور درست رکھ زبان میری اور راہ دکھا دل کو اور نکال دے کینے کو سینے سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی بکر

رض قَالَ قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ ثُمَّ بَكٰى فَقَالَ سَلُوا اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فَإِنَّ أَحَدًا لَمْ يُعْطَ بَعْدَ الْيَقِينِ

رض سے کہا انہوں نے کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر پھر روئے پھر فرمایا مانگو اللہ سے معافی اور سلامتی اسلئے کہ بیشک کوئی نہ دیا گیا بعد یقین ایمان کے

[illegible] رواه الترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب سندا وعن أنس أن رجلا جاء إلى

[illegible] یہ حدیث غریب ہے سند کی رو سے اور روایت ہے انس رض سے کہ ایک شخص آیا نبی صلی

النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله أي الدعاء أفضل قال سل ربك العافية والمعافاة في الدنيا والآخرة ثم أتاه في اليوم الثاني فقال

کے پاس اور کہا یا رسول اللہ کون سی دعا سب سے افضل ہے فرمایا مانگ اپنے رب سے سلامتی اللہ تعالی سے دنیا اور آخرت میں پھر آیا آپ کے پاس دوسرے دن

يا رسول الله أي الدعاء أفضل فقال له مثل ذلك ثم أتاه في اليوم الثالث فقال له مثل ذلك قال فإذا أعطيت العافية والمعافاة

یا رسول اللہ کون سی دعا سب سے افضل ہے پھر فرمایا اسکو ویسا ہی پھر آیا آپ کے پاس تیسرے دن اور کہا حضرت نے ویسا ہی فرمایا جب دی گئی تجھکو سلامتی اور معافی

في الدنيا والآخرة فقد أفلحت رواه الترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب سندا وعن عبد الله بن يزيد

دنیا اور آخرت میں پس تحقیق مراد کو پہنچا تو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے سند کی رو سے اور روایت ہے عبد اللہ بن یزید

الخطمي رض عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه كان يقول في دعائه اللهم ارزقني حبك وحب من ينفعني حبه عندك

خطمی رض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت فرماتے تھے اپنی دعا میں اے اللہ دے مجھے اپنی محبت اور محبت اسکی کہ نفع بخشے مجھے اسکی محبت تیرے پاس

اللهم ما رزقتني مما أحب فاجعله قوة لي فيما تحب اللهم ما زويت عني مما أحب فاجعله فراغا لي فيما تحب رواه الترمذي

اے اللہ جو کچھ دیا تو نے مجھے میری محبوب چیزوں سے سو کر انکو سبب میری قوت کا اپنی محبوب چیزوں میں اے اللہ جو کچھ کہ دور کیا تو نے مجھ سے میری محبوب چیزوں سے سو کر اسکو [illegible]

وعن ابن عمر رض قال قلما كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقوم من مجلس حتى يدعو بهؤلاء الدعوات لأصحابه

اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے بہت کم اتفاق ہوتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اٹھتے کسی مجلس سے یہاں تک کہ دعا کرتے ان دعاؤں سے صحابہ کی تعلیم کو

عائشہ رضی سے کہا انہوں نے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب آئے مکے میں تو داخل ہوئے مکہ کی اوپر کی طرف سے اور نکلے نیچے کی طرف سے ق

وعن عروة بن الزبير قال قد حج النبي صلى الله عليه وسلم فأخبرتني عائشة أن أول شيء بدأ به حين قدم مكة

اور روایت ہے عروہ بن الزبیر سے کہا انہوں نے تحقیق حج کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سو خبر دی مجھے عائشہ نے کہ بیشک پہلے جو چیز شروع کیا جس وقت آئے مکہ میں

أنه توضأ ثم طاف بالبيت ثم لم تكن عمرة ثم حج أبو بكر فكان أول شيء بدأ به الطواف بالبيت ثم لم تكن عمرة

یہ تھی کہ آپ نے وضو کیا پھر طواف کیا کعبہ کا پھر نہ ہوا عمرہ پھر حج کیا ابوبکر نے سو پہلے جو کام شروع کیا وہ طواف بیت اللہ کا پھر نہ ہوا عمرہ

ثم عمر ثم عثمان مثل ذلك متفق عليه وعن ابن عمر رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا طاف في الحج أو العمرة

پھر عمر پھر عثمان دونوں نے ویسا ہی کیا ق اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب طواف کرتے تھے حج یا عمرہ میں

أول ما يقدم سعى ثلاثة أطواف ومشى أربعة ثم سجد سجدتين ثم يطوف بين الصفا والمروة. متفق عليه. وعنه
اول قدوم کا دوڑتے تین پھیروں میں اور چلتے چار پھیروں میں پھر پڑھتے دو رکعت نماز پھر سعی کرتے صفا مروہ میں۔ ق × اور اسی سے روایت ہے
قال رمل رسول الله صلى الله عليه وسلم من الحجر إلى الحجر ثلاثا ومشى أربعا وكان يسعى ببطن المسيل إذا طاف بين
کہا اسنے رمل کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجر اسود سے حجر اسود تک تین پھیرے اور مشی کی چار پھیروں میں اور دوڑتے تھے بطن مسیل میں جب سعی کرتے
الصفا والمروة. رواه مسلم. وعن جابر رض قال إن رسول الله صلى الله عليه وسلم لما قدم مكة أتى الحجر فاستلمه
صفا مروہ میں روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے جابر رض سے کہا اسنے مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مکے میں آتے تو آتے حجر اسود کے پاس پھر بوسہ لیتے اسکو
ثم مشى على يمينه فرمل ثلاثا ومشى أربعا. رواه مسلم. وعن الزبير بن عربي قال سأل رجل ابن عمر عن استلام
پھر چلتے اپنی داہنی طرف سے پھر رمل کرتے تین پھیروں میں اور مشی کرتے چار پھیروں میں روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے زبیر بن عربی سے کہا اسنے پوچھا کوئی مرد ابن عمر سے بوسہ
الحجر فقال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يستلمه ويقبله. رواه البخاري. وعن ابن عمر رض قال لم أر النبي
حجر اسود کا سو کہا دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو استلام کرتے اسکا اور بوسہ لیتے ف روایت کیا اسکو بخاری نے × اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا اسنے نہ دیکھا میں نے
صلى الله عليه وسلم يستلم من البيت إلا الركنين اليمانيين. متفق عليه. وعن ابن عباس رض قال طاف النبي
صلی اللہ علیہ وسلم کو بوسہ لیتے اس گھر سے سوا حجر اسود اور رکن یمانی کے × ق × اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے طواف کیا نبی
صلى الله عليه وسلم في حجة الوداع على بعير يستلم الركن بمحجن. متفق عليه. وعنه أن رسول الله صلى الله عليه
صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں اونٹ پر سوار ہو کر ف بوسہ لیتے حجر اسود کا محجن سے ف ق × اور روایت ہے اسی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم طاف بالبيت على بعير كلما أتى على الركن أشار إليه بشيء في يده وكبر. رواه البخاري. وعن أبي الطفيل رض قال
وسلم نے طواف کیا بیت اللہ کا اونٹ پر ہو کے جب آتے حجر اسود پر اشارہ کرتے اسکی طرف اس چیز سے کہ ہاتھ میں تھی اور اللہ اکبر کہتے روایت کیا اسکو بخاری نے × اور روایت ہے ابی الطفیل رض سے
رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يطوف بالبيت ويستلم الركن بمحجن معه ويقبل المحجن. رواه مسلم. وعن عائشة
دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو طواف کرتے بیت اللہ کا اور بوسے کا اشارہ کرتے حجر اسود کو اپنے ساتھ کی لکڑی سے اور بوسہ لیتے اس لکڑی کا روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے عائشہ
رض قالت خرجنا مع النبي صلى الله عليه وسلم لا نذكر إلا الحج فلما كنا بسرف طمثت فدخل النبي صلى الله عليه وسلم
رض سے کہا اسنے نکلے ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ف ذکر نہ کرتے ہوئے سوا حج کے ف پھر جب پہنچے مقام سرف میں ف حیض آیا مجھے پھر آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
وأنا أبكي فقال لعلك نفست قلت نعم قال فإن ذلك شيء كتبه الله على بنات آدم فافعلي ما يفعل الحاج غير أن لا
جس حال میں کہ میں روتی تھی سو فرمایا شاید تجھے حیض آیا کہا میں نے ہاں فرمایا پھر بیشک وہ ایک چیز ہے کہ لکھ دیا اسکو اللہ نے مقرر بیٹیوں پر آدم کی سو کر تو جو کام کرتے ہیں حاجی اور
تطوفي بالبيت حتى تطهري. متفق عليه. وعن أبي هريرة رض قال بعثني أبو بكر في الحجة التي أمره النبي صلى الله
طواف وف بیت اللہ کے یہاں تک کہ پاک ہووے تو × ق × اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے بھیجا مجھے ابو بکر نے اس حج میں کہ امیر کیا تھا اسکو نبی صلی اللہ
عليه وسلم عليها قبل حجة الوداع يوم النحر في رهط أمره أن يؤذن في الناس ألا لا يحج بعد العام مشرك ولا
علیہ وسلم نے اس حج پر پہلے حجۃ الوداع کے یوم النحر میں ایک جماعت میں ف کیا حکم ابو ہریرہ کو پکار دینے کا لوگوں میں خبردار حج نہ کرنے پاویگا بعد اس سال کے کوئی مشرک اور
يطوفن بالبيت عريان. متفق عليه.

الفصل الثاني

عن المهاجر المكي قال سئل جابر عن الرجل يرى البيت
نہ کر سکیگا طواف بیت اللہ کا کوئی برہنہ ف × ق × دوسری فصل روایت ہے مہاجر مکی سے کہ کہا اسنے کسی نے پوچھا جابر سے حال اس مرد کا کہ دیکھتا ہے اس گھر کو

يرفع يديه فقد حججنا مع النبي صلى الله عليه وسلم فلم نكن نفعله رواه الترمذي وابو داود وعن ابي هريرة
تو رفع یدین کرتا ہی سو کہا اسنے تحقیق حج کیا ہمنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر نکرتے تھے ہم اسکو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ

رض قال اقبل رسول الله صلى الله عليه وسلم فدخل مكة فاقبل الى الحجر فاستلمه ثم طاف بالبيت ثم اتى الصفا فعلاه
رض سے کہا اسنے متوجہ ہوے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر آئے مکے میں پھر متوجہ ہوے حجر اسود کی طرف سو بوسہ لیا اسکا پھر طواف کیا بیت اللہ کا پھر آئے صفا

حتى ينظر الى البيت فرفع يديه فجعل يذكر الله ما شاء ويدعو رواه ابو داود وعن ابن عباس رض ان
یہاں تک کہ دیکھتے تھے بیت اللہ کو سو ہاتھ اٹھائے ف۳ پھر ذکر اللہ کا کرنے لگے جتنا چاہا اور دعا کی روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ

النبي صلى الله عليه وسلم قال الطواف حول البيت مثل الصلوة الا انكم تتكلمون فيه فمن تكلم فيه فلا يتكلمن
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا طواف کرنا گرد بیت اللہ کے مانند نماز کے ہے مگر یہ کہ بات کرتے ہو اسمیں پھر جو کوئی بات کرے اسمیں سو نکرے

الا بخير رواه الترمذي والنسائي والدارمي وذكر الترمذي جماعة وقفوه على ابن عباس وعنه قال قال رسول
مگر بھلی بات روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی اور دارمی نے اور نام لیا ترمذی نے ایک جماعت کا کہ موقوف رکھا انہوں نے اسکو ابن عباس پر اور روایت ہے انہی سے کہا اسنے فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم نزل الحجر الاسود من الجنة وهو اشد بياضا من اللبن فسودته خطايا بني آدم رواه
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اترا تھا حجر اسود بہشت سے ایسا کہ وہ بہت سفید تھا دودھ سے پھر کالا کر ڈالا اسکو گناہ آدمیوں کے روایت کیا اسکو

احمد والترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في الحجر والله ليبعثنه
احمد اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور انہی سے روایت ہے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجر اسود کے بیان میں قسم ہے اللہ کی

الله يوم القيمة له عينان يبصر بهما ولسان ينطق به يشهد على من استلمه بحق رواه الترمذي وابن ماجه
اٹھائیگا اسکو اللہ قیامت کے دن اس حال پر کہ اسکی دو آنکھ ہونگی البتہ دیکھیگا انسے اور زبان ہوگی کہ بات کریگا اس سے گواہی دیگا اپنے بوسہ لینے والے پر ٹھیک ٹھیک روایت کیا اسکو ترمذی

والدارمي وعن ابن عمر رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ان الركن والمقام ياقوتتان من
اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا اسنے سنا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے کہ حجر اسود اور مقام ابراہیم دو یاقوت کے ٹکڑے ہیں

ياقوت الجنة طمس الله نورهما ولو لم يطمس نورهما لاضاءتا ما بين المشرق والمغرب رواه الترمذي وعن
بہشت کے یاقوت سے ف۵ لے لیا اللہ نے انکا نور اور اگر نہ لیتا اسکا نور تو روشن ہو جاتا مشرق سے لے مغرب تک روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

عبيد بن عمير ان ابن عمر كان يزاحم على الركنين زحاما ما رأيت احدا من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم يزاحم
عبید بن عمیر سے کہ ابن عمر بھیڑ چیر کر جاتا حجر اسود اور رکن یمانی پر اسطور سے کہ نہ دیکھا میں کسی کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابے بھیڑ چیر کر جاتا

عليه قال ان افعل فاني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ان مسحهما كفارة للخطايا وسمعته يقول من طاف
اسپر کہا اسنے کہ اگر کرتا ہوں تو میں نے سنا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے کہ ہاتھ لگانا انکو دور کرتا ہے گناہ اور سنا میں نے حضرت کو فرماتے جسنے طواف کیا

بهذا البيت اسبوعا فاحصاه كان كعتق رقبة وسمعته يقول لا يضع قدما ولا يرفع اخرى الا حط الله عنه
اس گھر کا سات پھیرے پھر حفاظت ادب کیا اسمیں ملیگا اسکو ثواب مانند بردہ آزاد کرنیکے اور سنا آپ فرماتے نہیں رکھتا کوئی ایک قدم اور نہیں اٹھاتا دوسرا مگر دور کرتا ہے

بها خطيئة وكتب له بها حسنة رواه الترمذي وعن عبد الله بن السائب رض قال سمعت رسول الله
اسکے سبب سے ایک گناہ اور ثابت کرتا ہے اسکے سبب سے ایک نیکی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن سائب رض سے کہا اسنے سنا میں رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم يقول ما بين الركنين ربنا آتنا في الدنيا حسنة وفي الآخرة حسنة وقنا عذاب النار رواه ابو داود

صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے درمیان حجر اسود اور رکن یمانی کے اے رب ہمارے دے ہمکو دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی اور بچا دوزخ کی آگ سے روایت کیا اسکو ابو داود نے

وعن صفية بنت شيبة قالت اخبرتني بنت ابي تجراة قالت دخلت مع نسوة من قريش دار آل ابي حسين ننظر

اور روایت ہے صفیہ سے وہ بیٹی شیبہ کی کہ کہا اسنے خبر دی مجھے بیٹی ابی تجراۃ کی کہ کہا اسنے گئی میں کچھ عورتوں کے ساتھ قریش کی محلے میں آل ابی حسین کے دیکھنے

الى رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو يسعى بين الصفا والمروة فرأيته يسعى وان مئزره ليدور من شدة السعي

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جس حال میں کہ سعی کرتے تھے صفا مروہ میں سو دیکھا میں نے آپ کو دوڑتے اور بیشک لنگ آپ کی ادھر ادھر ہوتی تھی

وسمعته يقول اسعوا فان الله كتب عليكم السعي رواه في شرح السنة وروى احمد مع اختلاف وعن قدامة

اور سنا آپ کو فرماتے دوڑو کہ بیشک اللہ نے واجب کیا تم پر اس دوڑنے کو روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور روایت کیا احمد نے اختلاف الفاظ کے ساتھ ۔ اور روایت ہے قدامہ

بن عبد الله بن عمار رض قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يسعى بين الصفا والمروة على بعير لا ضرب

بن عبد اللہ بن عمار رض سے کہ کہا اسنے دیکھا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سعی کرتے صفا مروہ میں اونٹ پر سوار بغیر مارنے

ولا طرد ولا اليك اليك رواه في شرح السنة وعن يعلى بن امية رض قال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور ہانکنے اور کنارے ہو کنارے ہو کہنے کے ۔ روایت کیا اسکو شرح سنہ میں ۔ اور روایت ہے یعلی ابن امیہ رض سے کہا اسنے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

طاف بالبيت مضطبعا ببرد اخضر رواه الترمذي وابو داود وابن ماجة والدارمي وعن ابن عباس رض ان رسول

طواف کیا اس گھر کا اضطباع کرکے یعنی سبز چادر ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور ابن ماجہ اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے ہے کہ رسول

الله صلى الله عليه وسلم واصحابه اعتمروا من الجعرانة فرملوا بالبيت ثلاثا وجعلوا ارديتهم تحت آباطهم ثم قذفوها

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ نے عمرہ لایا مقام جعرانہ سے سو رمل کیا اس گھر کا تین پھیروں میں اور اوڑھیں چادریں بغل کے تلے سے پھر ڈالیں انہوں نے

على عواتقهم اليسرى رواه ابو داود

الفصل الثالث

عن ابن عمر رض قال ما تركنا استلام هذين الركنين

بائیں مونڈھوں پر ۔ روایت کیا اسکو ابو داود نے ۔ تیسری فصل ۔ روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا اسنے ترک کیا ہمنے بوسہ لینا ان دونوں رکن کا

اليماني والحجر في شدة ولا رخاء منذ رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يستلمهما متفق عليه وفي رواية

رکن یمانی اور حجر اسود کا لوگوں کی کثرت اور کمی دونوں حال میں جب سے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بوسہ لیتے انکا ۔ ق ۔ اور ایک روایت میں

لهما قال نافع رأيت ابن عمر يستلم الحجر بيده ثم قبل يده وقال ما تركته منذ رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم

شیخین کی کہا نافع نے دیکھا ابن عمر کو کہ چھوتا حجر اسود کو ہاتھ سے پھر بوسہ لیتا اپنے ہاتھ کا اور کہا ترک کیا اسکو جب سے کہ دیکھا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

يفعله وعن ام سلمة رض قالت شكوت الى رسول الله صلى الله عليه وسلم اني اشتكي فقال طوفي من وراء الناس

کرتے اسکو اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہ کہا اسنے شکایت کی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ میں بیمار ہوں سو فرمایا طواف کر پیچھے سب لوگوں کے

وانت راكبة فطفت ورسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي الى جنب البيت يقرأ بالطور وكتاب مسطور متفق عليه

سوار ہو کر سو طواف کیا میں نے جس حال میں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے پہلو میں کعبے کے پڑھتے تھے سورۂ طور کو ۔ ق

وعن عابس بن ربيعة رض قال رأيت عمر يقبل الحجر ويقول اني لاعلم انك حجر ما تنفع ولا تضر ولولا اني رأيت

اور روایت ہے عابس بن ربیعہ رض سے کہ کہا اسنے دیکھا میں نے عمر کو کہ بوسہ لیتے حجر اسود کا اور کہتے کہ میں جانتا ہوں کہ تو پتھر ہے نہ نفع کر سکتا ہے اور نہ

رسول الله صلی الله علیه وسلم یقبله ما قبلته متفق علیه وعن ابی هریرة رض ان النبی صلی الله علیه وسلم قال وکل به
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بوسہ لیتے تو میں نہ لیتا تیرا بوسہ ٭ ق ٭ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مقرر ہیں
سبعون ملکا یعنی الرکن الیمانی فمن قال اللهم انی اسألک العفو والعافیة فی الدنیا والاخرة ربنا اتنا فی الدنیا
ستر فرشتے یعنے رکن یمانی پر پھر جو کوئی کہے اے اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے معافی اور سلامتی دنیا اور آخرت میں ربنا آتنا فی الدنیا
حسنة وفی الاخرة حسنة وقنا عذاب النار قالوا امین رواه ابن ماجة وعنه ان النبی صلی الله علیه وسلم قال من طاف
حسنة وفی الآخرة حسنة وقنا عذاب النار کہتے ہیں آمین ہو یہ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور اسی سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی طواف کرے
بالبیت سبعا ولا یتکلم الا سبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اکبر ولا حول ولا قوة الا بالله محیت عنه
بیت اللہ کا سات پھیرے اور کچھ نہ کہے سوا سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوة الا باللہ کے دور ہوتی ہیں اس سے
عشر سیئات وکتب له عشر حسنات ورفع له عشر درجات ومن طاف فتکلم وهو فی تلک الحال خاض فی الرحمة برجلیه
دس برائیاں اور لکھی جاتی ہیں اسکے لئے دس نیکیاں اور بلند ہوتے ہیں اسکے دس درجے اور جسنے طواف کیا پھر کلام کیا اس حال میں گھس آجاتا ہے رحمت میں اپنے دونوں پاؤں سے

کخائض الماء برجلیه رواه ابن ماجة

باب الوقوف بعرفة

الفصل الاول

عن محمد بن ابی بکر الثقفی
مانند پانی میں آنے والے کے ٭ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ٭ یہ باب بیان میں عرفات پر کھڑے رہنے کے ٭ پہلی فصل ٭ روایت ہے محمد بن ابی بکر ثقفی سے
انه سأل انس بن مالک وهما غادیان من منی الی عرفة کیف کنتم تصنعون فی هذا الیوم مع رسول الله صلی الله علیه وسلم
کہ اسنے پوچھا انس بن مالک سے اور دونوں جا رہے تھے منا سے عرفات کی طرف کیا کرتے تھے تم اس دن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ
فقال کان یهل منا المهل فلا ینکر علیه ویکبر المکبر منا فلا ینکر علیه متفق علیه وعن جابر رض ان رسول الله صلی الله
سو کہا اسنے کوئی صحابہ سے لبیک کہتا پھر کوئی کچھ نہ کہتا اسکو اور کوئی اللہ اکبر کہتا پھر کوئی کچھ نہ کہتا اسکو ٭ ق ٭ اور روایت ہے جابر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ
علیه وسلم قال نحرت ههنا ومنی کلها منحر فانحروا فی رحالکم ووقفت ههنا وعرفة کلها موقف ووقفت ههنا
علیہ وسلم نے فرمایا نحر کیا میں نے اس جگہ اور سارا منا نحر کی جگہ ہے سو نحر کرو تم اپنی جگہوں میں اور وقوف کیا اس جگہ اور سارا عرفہ وقوف کی جگہ ہے اور ٹھہرا
وجمع کلها موقف رواه مسلم وعن عائشة رض قالت ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ما من یوم اکثر من ان
اور سارا مزدلفہ وقوف کی جگہ ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں کوئی دن زیادہ
یعتق الله فیه عبدا من النار من یوم عرفة وانه لیدنو ثم یباهی بهم الملئکة فیقول ما اراد هؤلاء رواه مسلم
آزاد کرنیکے رو سے اللہ کے اپنے بندے کو دوزخ سے عرفہ کے دن سے اور بیشک اللہ قریب ہوتا ہے پھر فخر کرتا ہے ان کے ساتھ فرشتوں سے پھر فرماتا ہے کیا ارادہ کیا

الفصل الثانی

عن عمرو بن عبد الله بن صفوان عن خال له یقال له یزید بن شیبان قال کنا فی موقف لنا بعرفة
دوسری فصل ٭ روایت ہے عمرو بن عبد اللہ بن صفوان سے اسکے ایک ماموں سے کہ اسکو یزید بن شیبان کہتے ہیں کہا اسنے کھڑے تھے ہم عرفات میں
یباعده عمرو من موقف الامام جدا فاتانا ابن مربع الانصاری فقال انی رسول رسول الله صلی الله علیه وسلم الیکم یقول
کہ بتاتا تھا اسکو عمرو امام کے کھڑے رہنے کی جگہ سے بہت دور سو آیا ہمارے پاس ابن مربع انصاری پھر کہا میں بھیجا ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہوں تمہاری طرف فرماتے
لکم قفوا علی مشاعرکم فانکم علی ارث من ارث ابیکم ابراهیم علیه السلام رواه الترمذی وابو داود والنسائی وابن ماجة
تمکو کھڑے رہو اپنے ٹھکانوں پر کہ تم ایک میراث پر ہو اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کی میراث سے ٭ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور نسائی اور ابن ماجہ نے

وعن جابر رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال كل عرفة موقف وكل منى منحر وكل المزدلفة موقف وكل

اور روایت ہے جابر رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سارا عرفات ٹھہرنے کی جگہ ہے اور سارا منیٰ قربانی کی جگہ اور سارا مزدلفہ ٹھہرنے کی جگہ ہے اور سارا

فجاج مكة طريق ومنحر رواه ابو داؤد والدارمي وعن خالد بن هوذة رض قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم يخطب

گلی کوچہ مکہ کا راہ ہے اور نحر کی جگہ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور دارمی نے اور روایت ہے خالد بن ہوذہ رض سے کہا دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خطبہ پڑھتے

الناس يوم عرفة على بعير قائما في الركابين رواه ابو داؤد وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان النبي صلى الله عليه

تعلیم مناسک کی لوگوں کو عرفے کے دن اونٹ پر کھڑے ہو کر دونوں رکابوں پر روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ

وسلم قال خير الدعاء دعاء يوم عرفة وخير ما قلت انا والنبيون من قبلي لا اله الا الله وحده لا شريك له له الملك

وسلم نے فرمایا بہتر دعا دعا عرفے کے دن کی ہے اور بہتر سب اقوال سے میرا اور اگلے نبیوں کا لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ له الملک

وله الحمد وهو على كل شيء قدير رواه الترمذي وروى مالك عن طلحة بن عبيد الله الى قوله لا شريك له وعن

وله الحمد وهو على كل شيء قدير ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا مالک نے طلحہ بن عبید اللہ سے حضرت کے قول تک لا شریک لہ اور روایت ہے

طلحة بن عبيد الله بن كريز ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ما رؤي الشيطان يوما هو فيه اصغر ولا ادحر

طلحہ بن عبید اللہ ابن کریز سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ دیکھا گیا شیطان کسی دن میں کہ وہ اس میں بہت چھوٹا اور نکالا ہوا

ولا احقر ولا اغيظ منه في يوم عرفة وما ذاك الا لما يرى من تنزل الرحمة وتجاوز الله عن الذنوب العظام الا ما رأى

اور حقیر اور غصہ بھرا ہوا ہو اس سے کہ عرفے کے دن میں رہتا ہے اور نہیں وہ مگر دیکھنے کے سبب اپنے کو رحمت الٰہی اترنے اور درگذر کرنے کو اللہ تعالیٰ کے بڑے گناہوں سے مگر جو دیکھا

يوم بدر فانه قد رأى جبريل يزع الملائكة رواه مالك مرسلا وفي شرح السنة بلفظ المصابيح وعن جابر رض

بدر کی لڑائی کے دن پس بیشک شیطان نے دیکھا جبرئیل کو صف باندھتے فرشتوں کی روایت کیا اسکو مالک نے مرسل اور شرح سنہ میں ساتھ لفظ مصابیح کے اور روایت ہے جابر رض سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا كان يوم عرفة ان الله ينزل الى السماء الدنيا فيباهي بهم الملائكة فيقول انظروا

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب عرفے کا دن ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اترتا ہے پہلے آسمان پر پھر فخر کرتا ہے آدمیوں سے فرشتوں پر پھر فرماتا ہے دیکھو

الى عبادي اتوني شعثا غبرا ضاجين من كل فج عميق اشهدكم اني قد غفرت لهم فيقول الملائكة يا رب فلان كان يرهق

میرے بندوں کو کہ آئے حج کرنے بکھرے بالوں سے گرد بھرے پکار کر لبیک کہتے ہر دور دراز راہ سے گواہ رکھتا ہوں تمکو کہ بخشدیا میں نے انکو پھر کہتے ہیں فرشتے اے رب فلانا گناہ کرتا تھا

وفلان وفلانة قال يقول الله عز وجل قد غفرت لهم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فما من يوم اكثر عتيقا من النار من يوم

اور فلانا اور فلانی عورت فرمایا اللہ عالیشان نے انکو بھی بخشدیا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر کوئی دن زیادہ نہیں آزاد ہونے کا دوزخ سے

عرفة رواه في شرح السنة **الفصل الثالث** عن عائشة رض قالت كان قريش ومن دان دينها يقفون بالمزدلفة

عرفے کے دن سے روایت کیا اسکو شرح السنہ میں تیسری فصل روایت ہے عائشہ رض سے کہا انہوں نے معمول تھا قریش کا اور ان کا کہ قبول کیا دین انکا وقوف کرتے مزدلفہ میں

وكانوا يسمون الحمس وكان سائر العرب يقفون بعرفة فلما جاء الاسلام امر الله تعالى نبيه صلى الله عليه وسلم ان

اور کہتے تھے قریش کو حمس اور دوسرے تمام عرب کھڑے رہتے عرفات پر پھر جب اسلام آیا حکم کیا اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو

ياتي عرفات فيقف بها ثم يفيض منها فذلك قوله تعالى ثم افيضوا من حيث افاض الناس متفق عليه وعن عباس بن

آنے کا جبل عرفات پر پھر کھڑے رہیں اس پر پھر پھریں وہاں سے سو یہی معنے ہیں اللہ تعالیٰ کے اس قول کے پھر پھرو جہاں سے پھر کر آئے عام لوگ اور روایت ہے عباس بن

حتی یستلم الحجر رواہ ابوداؤد وقال وقد روی موقوفا علی ابن عباس ۔ **الفصل الثالث** عن یعقوب بن عاصم بن عروۃ

پہنچ تک حجر اسود کا بوسہ لے یہ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور کہا اور روایت کی گئی یہہ حدیث موقوف ابن عباس پر ۔ **تیسری فصل** روایت ہے یعقوب بن عاصم بن عروہ سے

انہ سمع الشرید یقول افضت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فما مست قدماہ الارض حتی اتی جمعا رواہ ابوداؤد

کہ اسنے سنا شرید کو کہتے عرفات سے چلا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر نہ چھوئے قدم مبارک زمین کو یہاں تک کہ آئے مزدلفہ میں روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

وعن ابن شہاب قال اخبرنی سالم ان الحجاج بن یوسف عام نزل بابن الزبیر سأل عبداللہ کیف نصنع فی الموقف یوم عرفۃ

اور روایت ہے ابن شہاب سے کہا خبر دی مجھ کو سالم نے کہ حجاج بن یوسف نے جس سال ابن زبیر سے لڑنے کو اترا تھا پوچھا عبداللہ بن عمر سے کہ کیونکر کریں ہم موقف میں عرفہ کے دن

فقال سالم ان کنت ترید السنۃ فھجر بالصلوۃ یوم عرفۃ فقال عبداللہ بن عمر صدق انھم کانوا یجمعون بین الظھر

سو کہا سالم نے اگر تو ارادہ رکھتا ہے موافق سنت ادا حج کا سو اول وقت ظہر عصر کی نماز ملا کر پڑھ عرفہ کے دن پھر کہا عبداللہ بن عمر نے سچ کہا سالم نے تحقیق صحابہ جمع کرتے تھے

والعصر فی السنۃ فقلت لسالم افعل ذلک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال سالم وھل یتبعون بذلک الا سنتہ

اور عصر میں سنت ہونے کے لئے پھر کہا میں نے سالم کو کیا ایسا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تب کہا سالم نے اور کیا پیروی کرتے تھے اس میں سوا حضرت کی سنت کے

رواہ البخاری ۔ **باب رمی الجمار** ۔ **الفصل الاول** عن جابر رض قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ یہہ باب کنکریاں مارنے کے بیان میں ہے ۔ پہلی فصل ۔ روایت ہے جابر رض سے کہا اسنے دیکھا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

یرمی علی راحلتہ یوم النحر ویقول لتاخذوا مناسککم فانی لا ادری لعلی لا احج بعد حجتی ھذہ رواہ مسلم وعنہ

کنکریاں مارتے اپنے اونٹ پر چڑھ کر قربانی کے دن اور فرماتے سیکھ لو ارکان حج اپنے مجھ سے کہ میں نہیں جانتا کہ کیا ہوگا شاید حج نہ کر سکوں بعد میرے اس حج کے روایت

قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمی الجمرۃ بمثل حصی الخذف رواہ مسلم وعنہ قال رمی رسول اللہ

کہا اسنے دیکھا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ مارتے جمرے پر کنکریاں جیسے ٹھیکری کی کنکریاں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا اسنے رمی کی رسول

صلی اللہ علیہ وسلم الجمرۃ یوم النحر ضحی واما بعد ذلک فاذا زالت الشمس متفق علیہ وعن عبداللہ بن مسعود رض

صلی اللہ علیہ وسلم نے جمرے پر قربانی کے دن چاشت کے وقت اور لیکن بعد اسکے پھر جب ڈھلا آفتاب ۔ اور روایت ہے عبداللہ بن مسعود رض سے

انہ انتھی الی الجمرۃ الکبری فجعل البیت عن یسارہ ومنی عن یمینہ ورمی بسبع حصیات یکبر مع کل حصاۃ ثم قال

کہ وہ پہنچا جمرہ عقبہ کے پاس سو رکھا بیت کو بائیں طرف اپنی اور منا کو داہنی طرف اور مارین سات کنکریاں اللہ اکبر کہتا ہوا ہر کنکری کے ساتھ پھر کہا

ھکذا رمی الذی انزلت علیہ سورۃ البقرۃ متفق علیہ وعن جابر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الاستجمار

اسی طور رمی جمرہ کی اسنے کہ اترا اسپر سورۃ بقرہ ۔ اور روایت کیا جابر رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کلوخ لینا

تو ورمی الجمار تو والسعی بین الصفا والمروۃ تو والطواف تو واذا استجمر احدکم فلیستجمر بتو رواہ مسلم **الفصل**

طاق ہے اور رمی جمار کرنا طاق ہے اور دوڑنا صفا مروہ میں طاق ہے اور طواف طاق ہے اور جب تم میں سے کوئی ڈھیلے وغیرہ چلاوے تو چاہئے طاق عدد سے روایت کیا

الثانی عن قدامۃ بن عبداللہ بن عمار رض قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یرمی الجمرۃ یوم النحر علی ناقۃ

دوسری فصل ۔ روایت ہے قدامہ بن عبداللہ بن عمار رض سے کہا اسنے دیکھا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رمی جمرہ کرتے قربانی کے دن صہبا اونٹنی پر

صھباء لیس ضرب ولا طرد ولیس قیل الیک الیک رواہ الشافعی والترمذی والنسائی وابن ماجۃ والدارمی وعن

نہ مارنا تھا اور نہ ہانکنا اور نہ کہنا ایک طرف ہو جاؤ ایک طرف ہو جاؤ روایت کیا اسکو شافعی اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے

عائشة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال انما جعل رمي الجمار والسعي بين الصفا والمروة لاقامة ذكر الله
عائشہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہ مقرر ہوا لنگریاں مارنا اور دوڑنا صفا مروہ بیں مگر قایم کرنے کو اللہ کی یاد کے

رواه الترمذي والدارمي وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح وعنها قالت قلنا يا رسول الله الا نبني لك بناء
روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن ہے صحیح اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے کہا ہم گھر والوں نے یا رسول اللہ کیا نہ بناویں ہم آپکے

يظلك بمنى قال لا منى مناخ من سبق رواه الترمذي وابن ماجه والدارمي

الفصل الثالث

عن نافع قال ان ابن
کہ سایہ کرے آپ پر منا میں فرمایا نہیں منا اترنے کی جگہ ہے اسکی کہ پہلے آیا ہم سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے تیسری فصل یہہ روایت ہے نافع سے کہا اسنے بیشک

عمر كان يقف عند الجمرتين الاوليين وقوفا طويلا يكبر الله ويسبحه ويحمده ويدعو الله ولا يقف عند جمرة العقبة
عمر کھڑا رہتا تھا پہلے دو جمروں کے پاس دیر تک اللہ اکبر اور سبحان اللہ اور الحمد للہ کہتا ہوا اور دعا کرتا اللہ سے اور نہ کھڑا رہتا جمرہ عقبہ کے پاس

رواه مالك

باب الهدي

الفصل الاول

عن ابن عباس رض قال صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم الظهر بذي الحليفة
روایت کیا اسکو مالک نے یہہ باب بیان میں ہدی کی ہے فصل پہلی روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ظہر کی ذا الحلیفہ میں

ثم دعا بناقته فاشعرها في صفحة سنامها الايمن وسلت الدم عنها وقلدها نعلين ثم ركب راحلته فلما استوت به على البيداء
پھر منگوایا اپنی اونٹنی کو پھر نیزہ مارا اسکو داہنے جانب میں اسکے کوہان کے اور پونچھا لہو اس سے اور لٹکا دیا اسکی گردن میں نعلین پھر سوار ہوا اپنی سواری کے اونٹ پر پھر جب سیدھا ہوا اونٹ آپ کو لیکر بیدا پر

اهل بالحج رواه مسلم وعن عائشة رض قالت اهدى النبي صلى الله عليه وسلم مرة الى البيت غنما فقلدها متفق عليه وعن
لبیک پکارا حج کا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے ہدی بھیجی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایکبار بیت اللہ کی طرف بکریوں کو سو کوئی چیز انکی گردن میں لٹکا دیا

جابر رض قال ذبح رسول الله صلى الله عليه وسلم عن عائشة بقرة يوم النحر رواه مسلم وعنه قال نحر النبي صلى الله عليه وسلم
جابر رض سے کہ کہا اسنے ذبح کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عائشہ کی طرف سے ایک گائے قربانی کے دن روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا اسنے نحر کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

عن نسائه بقرة في حجته رواه مسلم وعن عائشة رض قالت فتلت قلائد بدن النبي صلى الله عليه وسلم بيدي ثم قلدها
اپنی بیبیوں کی طرف سے ایک گائے حجۃ الوداع میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت کیا گیا عائشہ رض سے کہ کہا اسنے بٹے میں نے قلادے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہدی کے جانوروں کے اپنے ہاتھوں سے پھر لٹکا دیا انکی

واشعرها واهداها فما حرم عليه شيء كان احل له متفق عليه وعنها قالت فتلت قلائدها من عهن كان عندي
اور نیزہ چبا دیا اور بھیج دیا پھر حرام ہوئی حضرت پر کوئی چیز کہ حلال کی گئی تھی آپکے لئے ق اور اسی سے روایت ہے کہا اسنے بٹے میں نے انکے قلادے اون کے رنگین سے کہ تھی میرے پاس

ثم بعث بها مع ابي متفق عليه وعن ابي هريرة رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم رأى رجلا يسوق بدنة فقال
پھر بھیجا ان کو میرے باپ کے ساتھ ق اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کسی مرد کو چلا ہانکتا ہے اونٹنی سو فرمایا

اركبها فقال انها بدنة قال اركبها فقال انها بدنة قال اركبها ويلك في الثانية او الثالثة متفق عليه وعن ابي الزبير
سوار ہو اسپر تب کہا اسنے کہ یہہ ہدی ہے فرمایا سوار ہو اسپر پھر کہا اسنے کہ یہہ ہدی ہے فرمایا سوار ہو اسپر خرابی تیری دوسری یا تیسری بار میں ق اور روایت ہے ابی زبیر سے

قال سمعت جابر بن عبد الله سئل عن ركوب الهدي فقال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول اركبها بالمعروف
کہ کہا اسنے سنا میں جابر بن عبد اللہ سے جب پوچھا کسی نے مسئلہ سواری ہونیکا ہدی پر سو کہا جابر نے سنا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سوار ہو ہدی پر اندازے سے

اذا الجئت اليها حتى تجد ظهرا رواه مسلم وعن ابن عباس رض قال بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم ستة عشر
جب ضرورت پڑے تجھے اسکی جب تک پاوے تو دوسری سواری روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا اسنے بھیجے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سولہ

بدنة مع رجل وأمره فيها فقال يا رسول الله كيف أصنع بما أبدع علي منها قال انحرها ثم اصبغ نعليها في دمها ثم اجعلها

اونٹ ہدی کے ایک مرد کے ساتھ اور حکم کیا اسکو انکا سو کہا اسنے ای رسول اللہ کے کیا کروں اس اونٹ سے کہ رہ جلنا مشکل ہو مجھ پر اسکا فرمایا نحر کر اسکو پھر ڈبا اسکی گردن کی نعلین کو اسکے خون میں پھر رکھ

على صفحتها ولا تأكل منها أنت ولا أحد من أهل رفقتك رواه مسلم وعن جابر رض قال نحرنا مع رسول الله صلى الله

اسکے کوہان کے تختے پر اور مت کھا اس سے تو اور نہ کھاوے کوئی تیرے رفیقوں سے روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا اسنے نحر کیا ہمنے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم عام الحديبية البدنة عن سبعة والبقرة عن سبعة رواه مسلم وعن ابن عمر رض أنه أتى على رجل

علیہ وسلم کے ساتھ صلح حدیبیہ کے سال میں ایک اونٹ سات شخص کی طرف سے اور ایک گائے سات کی طرف سے روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ ابن عمر آیا ایک

قد أناخ بدنته ينحرها قال ابعثها قياما مقيدة سنة محمد صلى الله عليه وسلم متفق عليه وعن علي رض قال

کہ تحقیق بٹھایا تھا اونٹ نحر کرنے کو کہا ابن عمر نے کھڑا کر اسکو اور باندھ اگلا پاؤں باندھ کر طریقہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ادا کرنے × ق × اور روایت ہے علی رض سے کہا

أمرني رسول الله صلى الله عليه وسلم أن أقوم على بدنه وأن أتصدق بلحمها وجلودها وأجلتها وأن لا أعطي

حکم کیا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبرداری کا قربانی کے اونٹوں پر اور خیرات کرنے کا انکے گوشت اور پوست اور جھولوں کو اور نہ دینے کا

الجزار منها قال نحن نعطيه من عندنا متفق عليه وعن جابر رض قال كنا لا نأكل من لحوم بدننا فوق ثلاث فرخص لنا

قصاب کو اس سے کچھ بھی کہا علی نے ہم دیتے ہیں اسکو اپنے پاس سے × ق × اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا اسنے ہم نہ کھاتے تھے گوشت اپنی قربانیوں کا تین دن کے اوپر

النبي صلى الله عليه وسلم فقال كلوا وتزودوا فأكلنا وتزودنا متفق عليه **الفصل الثاني** عن ابن عباس رض أن النبي صلى الله عليه وسلم أهدى عام

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر فرمایا کھاؤ اور توشہ کرو سو کھایا اور توشہ کیا ہمنے × ق × دوسری فصل روایت کیا گیا ابن عباس رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا

الحديبية في هدايا رسول الله صلى الله عليه وسلم جملا كان لأبي جهل في رأسه برة من فضة وفي رواية من ذهب يغيظ بذلك المشركين رواه

صلح حدیبیہ کے سال میں اپنے ہدی کے اونٹوں میں ایک اونٹ کہ ابی جہل کا تھا کہ اسکے سر یعنی ناک میں ایک روپے کا حلقہ تھا اور ایک روایت میں سونے کا غصے دلانے اس سے مشرکوں کو

أبو داود وعن ناجية الخزاعي رض قال قلت يا رسول الله كيف أصنع بما عطب من البدن قال انحرها ثم اغمس نعلها

ابوداؤد نے × اور روایت ہے ناجیہ خزاعی رض سے کہ کہا اسنے کہا میں نے ای رسول اللہ کیا کروں اس سے کہ ہلاک ہونے لگے ہدی کے اونٹوں سے فرمایا نحر کر اسکو پھر ڈبا اسکی گردن کی

في دمها ثم خل بين الناس وبينها فيأكلونها رواه مالك والترمذي وابن ماجه ورواه أبو داود والدارمي عن ناجية

جوتی بیچ اسکے خون کے پھر ممانعت مت کر لوگوں میں اور اسمیں پھر کھاویں اسکو × روایت کیا اسکو مالک اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسکو ابوداؤد اور دارمی نے ناجیہ

الأسلمي وعن عبد الله بن قرط رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إن أعظم الأيام عند الله يوم النحر ثم يوم القر

سلمی سے × اور روایت ہے عبد اللہ بن قرط رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا بیشک سب سے بزرگ دن اللہ کے پاس یوم النحر ہے پھر یوم القر

قال ثور وهو اليوم الثاني قال وقرب لرسول الله صلى الله عليه وسلم بدنات خمس أو ست فطفقن يزدلفن إليه

کہا ثور راوی نے یوم القر دوسرا دن ہے کہا عبد اللہ نے اور نزدیک کئے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اونٹ پانچ یا چھ سو لگے نزدیک ہونے حضرت سے

بأيتهن يبدأ قال فلما وجبت جنوبها قال فتكلم بكلمة خفية لم أفهمها فقلت ما قال قال من شاء اقتطع رواه أبو داود

کہ اسکو اول میں سے حضرت پہلے نحر کریں کہا پھر جب زمین پر گرے انکے پہلو کہا پھر فرمایا ایک آہستہ کلمہ کہ نہ سمجھا میں اسکو پھر کہا میں نے کیا فرمایا کہا اسنے فرمایا جو چاہے کاٹ لے

وذكر حديثا ابن عباس وجابر في باب الأضحية **الفصل الثالث** عن سلمة بن الأكوع رض قال قال النبي صلى الله

اور ذکر کی گئیں دونوں حدیثیں ابن عباس اور جابر کی قربانی کے باب میں × تیسری فصل × روایت ہے سلمہ بن الاکوع رض سے کہ کہا اسنے فرمایا نبی صلی اللہ

عليه وسلم من ضحى منكم فلا يصبحن بعد ثالثة وفي بيته منه شيء فلما كان العام المقبل قالوا يا رسول الله نفعل كما فعلنا

علیہ وسلم نے جسنے کی قربانی تم میں سے سو صبح نکرے بعد تیسری رات کے گھر میں اپنے اس سے کچھ رکھ کر پھر جب ہوا آیندہ سال کہا یا رسول اللہ کیا کریں جیسا کیا

العام الماضي قال كلوا وأطعموا وادخروا فإن ذلك العام كان بالناس جهد فأردت أن تعينوا فيها متفق عليه وعن

گئے سال فرمایا کھاؤ اور کھلاؤ اور ذخیرہ رکھ چھوڑو کیونکہ اس سال میں تھی لوگوں پر بھوک سو ارادہ کیا میں کہ مدد کرو تم انکی بھوک میں × ق × اور روایت ہے

نبيشة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إنا كنا نهيناكم عن لحومها أن تأكلوها فوق ثلاث لكي تسعكم جاء

نبیشہ رض کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک ہم نے منع کیا تھا تمکو قربانیوں کے گوشت کھانے سے تین دن کے اوپر تاکہ کفایت کرے تمکو اور اب

الله بالسعة فكلوا وادخروا وأتجروا ألا وإن هذه الأيام أيام أكل وشرب وذكر الله رواه أبو داود باب الحلق

اللہ تعالی نے فراغت سو کھاؤ اور ذخیرہ کرو اور اجر طلب کرو خبردار اور بیشک یہ دن کھانے اور پینے اور اللہ کی یاد کے دن ہیں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے × باب سر منڈوانے کا

الفصل الأول عن ابن عمر رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم حلق رأسه في حجة الوداع وأناس من أصحابه و

پہلی فصل × روایت ہے ابن عمر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر منڈایا اپنا حجۃ الوداع میں اور کتنے اصحاب بھی اور

قصر بعضهم متفق عليه وعن ابن عباس رض قال قال لي معاوية إني قصرت من رأس النبي صلى الله عليه وسلم عند

کتروایا بعضوں نے × ق × اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے کہا مجھ سے معاویہ نے میں کتر چکا ہوں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سر کے بال

المروة بمشقص متفق عليه وعن ابن عمر رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال في حجة الوداع اللهم ارحم

مروہ کے پاس بال کترنے کی قینچی سے × ق × اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حجۃ الوداع میں اے اللہ رحم کر

المحلقين قالوا والمقصرين يا رسول الله قال اللهم ارحم المحلقين قالوا والمقصرين يا رسول الله قال والمقصرين

سر منڈانے والوں پر کہا اور کترنے والوں کو بھی اے رسول اللہ کے فرمایا اے اللہ رحم کر سر منڈانے والوں پر کہا اور کترانے والوں کو اے رسول اللہ کے فرمایا اور رحم کر کترانے والوں پر

متفق عليه وعن يحيى بن الحصين عن جدته أنها سمعت النبي صلى الله عليه وسلم في حجة الوداع دعا للمحلقين

ق × اور روایت ہے یحیی بن حصین سے اسکی دادی سے کہا اسنے سنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حجۃ الوداع میں کہ دعا کی محلقین کے لئے

ثلاثا وللمقصرين مرة واحدة رواه مسلم وعن أنس رض أن النبي صلى الله عليه وسلم أتى منى فأتى الجمرة فرماها

تین بار اور مقصرین کے لئے ایک بار × روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے انس رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم آئے منی میں پھر گئے جمرہ عقبہ کے پاس کنکریاں ماریں

ثم أتى منزله بمنى ونحر نسكه ثم دعا بالحلاق وناول الحالق شقه الأيمن فحلقه ثم دعا أبا طلحة الأنصاري فأعطاه

پھر آئے منی میں جہاں اترے تھے اور نحر کیا قربانی کو پھر بلوایا حجام کو اور حوالے کیا حجام کے داہنی طرف سر کی سو مونڈا اسکو پھر بلایا ابا طلحہ انصاری کو پھر دے اسکو

إياه ثم ناوله الشق الأيسر فقال احلق فحلقه فأعطاه أبا طلحة فقال اقسمه بين الناس متفق عليه وعن عائشة رض

بال پھر اسکے حوالے کیا بائیں طرف پھر فرمایا مونڈ سو مونڈا پھر دیا بال ابا طلحہ کو پھر فرمایا بانٹ دے بال کو لوگوں میں × ق × اور روایت ہے عائشہ رض سے

قالت كنت أطيب رسول الله صلى الله عليه وسلم قبل أن يحرم ويوم النحر قبل أن يطوف بالبيت بطيب فيه مسك متفق عليه

کہا اسنے میں خوشبو لگاتی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہلے احرام باندھنے کے اور قربانی کے دن پہلے اس گھر کے طواف کے ایسی خوشبو سے جس میں مشک تھی × ق ×

وعن ابن عمر رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أفاض يوم النحر ثم رجع فصلى الظهر بمنى رواه مسلم الفصل الثاني

اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف افاضہ کیا قربانی کے دن پھر پھر کر نماز پڑھی ظہر کی منی میں روایت کیا اسکو مسلم نے × دوسری فصل

عن علي وعائشة رض قالا نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم أن تحلق المرأة رأسها رواه الترمذي وعن ابن عباس

روایت ہے علی اور عائشہ رض سے کہا دونوں نے منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منڈانے سے عورت کو سر اپنا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عباس

رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس على النساء الحلق إنما على النساء التقصير رواه أبو داود والدارمي

رض سے کہا اُنہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں عورتوں پر سر منڈانا بس عورتوں پر کترانا ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور دارمی نے

وهذا الباب خال عن الفصل الثالث باب الفصل الأول عن عبد الله بن عمرو بن العاص رض أن رسول الله صلى الله

اور یہ باب خالی ہے تیسری فصل سے یہ ایک باب ہے پہلی فصل روایت ہے عبداللہ بن عمرو بن عاص رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم وقف في حجة الوداع بمنى للناس يسألونه فجاءه رجل فقال لم أشعر فحلقت قبل أن أذبح فقال اذبح

علیہ وسلم ٹھہرے رہے حجۃ الوداع میں منا میں ف کہ لوگ مسائل حج پوچھیں حضرت سے پھر آیا آپ کے پاس ایک مرد پھر کہا اسنے نہ جانا میں ف پھر حلق کیا پہلے ذبح کے فرمایا ذبح کر

ولا حرج فجاء آخر فقال لم أشعر فنحرت قبل أن أرمي فقال ارم ولا حرج فما سئل النبي صلى الله عليه وسلم عن شيء قدم

اور نہیں تنگی ف پھر دوسرا مرد آیا اور کہا نہ جانا اور نحر کیا پہلے رمی جمار کے سو فرمایا رمی کر اور تنگی نہیں پھر کسی نے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی کو کہ آگے کیا

ولا أخر إلا قال افعل ولا حرج متفق عليه وفي رواية لمسلم أتاه رجل فقال حلقت قبل أن أرمي قال ارم ولا حرج وأتاه

اور نہ پیچھے کیا مگر فرمایا کر اور تنگی نہیں ف اور مسلم کی ایک روایت میں آیا آپ کے پاس ایک مرد پھر کہا حلق کیا پہلے رمی کے فرمایا رمی کر اور تنگی نہیں اور آیا آپ

آخر فقال أفضت إلى البيت قبل أن أرمي قال ارم ولا حرج وعن ابن عباس رض قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يسأل

دوسرا پھر کہا طواف افاضہ کیا بیت اللہ کا پہلے رمی کے سو فرمایا رمی کر اور تنگی نہیں اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے لوگ پوچھتے

يوم النحر بمنى فيقول لا حرج فسأله رجل فقال رميت بعد ما أمسيت فقال لا حرج رواه البخاري الفصل الثاني عن

قربانی کے دن منا میں ف سو فرماتے تنگی نہیں پھر پوچھا ایک مرد نے جیسے کہا رمی کی میں نے بعد شام ہونے کے سو فرمایا تنگی نہیں روایت کیا اسکو بخاری نے فصل دوسری روایت ہے

علي رض قال أتاه رجل فقال يا رسول الله إني أفضت قبل أن أحلق قال احلق أو قصر ولا حرج وجاء آخر فقال ذبحت قبل

علی رض سے کہا اسنے کہ آیا ایک مرد پھر کہا اے رسول اللہ کے میں نے طواف افاضہ کیا پہلے حلق کے فرمایا حلق کر یا تقصیر اور تنگی نہیں اور آیا دوسرا پھر کہا ذبح کیا پہلے

أن أرمي قال ارم ولا حرج رواه الترمذي الفصل الثالث عن أسامة بن شريك رض قال خرجت مع رسول الله صلى

رمی کے فرمایا کر رمی اور تنگی نہیں روایت کیا اسکو ترمذی نے تیسری فصل روایت ہے اسامہ بن شریک رض سے کہا اسنے کہ نکلا میں ساتھ رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم حاجا فكان الناس يأتونه فمن قال يا رسول الله سعيت قبل أن أطوف أو أخرت شيئا أو قدمت شيئا

اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج کرنے سو لوگ آتے تھے آپ کے پاس سو کوئی کہتا اے رسول اللہ کے سعی کی میں نے پہلے طواف کے یا پیچھے کیا کسی چیز کو یا پہلے کیا کسی چیز کو

فكان يقول لا حرج لا حرج إلا على رجل اقترض عرض مسلم وهو ظالم فذلك الذي حرج وهلك رواه أبو داود باب

سو فرماتے تھے گناہ نہیں مگر اس مرد پر کہ برباد کیا آبرو کسی مسلمان کی ظلم کرکے ف سو وہ شخص ہے کہ گناہ کیا اور ہلاک ہوا روایت کیا اسکو ابوداود نے یہ باب ہے قربانی کے

يوم النحر ورمي أيام التشريق والتوديع الفصل الأول

عن أبي بكرة رض قال خطبنا النبي صلى الله عليه وسلم يوم النحر قال إن

دن وعظ کے اور ایام تشریق کی رمی جمار اور رخصت کرنے کے بیان میں ف پہلی فصل روایت ہے ابی بکرہ رض سے کہا اسنے وعظ کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے دن فرمایا

الزمان قد استدار كهيئته يوم خلق الله السماوات والأرض السنة اثنا عشر شهرا منها أربعة حرم ثلاث متواليات

سال پھر آ گیا اپنے اس حال کو کہ تھا جس دن بنایا اللہ نے آسمان اور زمین کو سال بارہ مہینے کا ہے چار اسمیں سے بزرگ ہیں تین پے در پے

ذُو الْقَعْدَةِ وَذُو الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمُ وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِي بَيْنَ جُمَادَى وَشَعْبَانَ وَقَالَ أَيُّ شَهْرٍ هٰذَا قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ فَسَكَتَ

ذو القعدہ اور ذو الحجہ اور محرم اور وہ رجب کہ بزرگ ہے مضر کے پاس ف درمیان جمادی الثانی اور شعبان کے اور فرمایا یہ کونسا مہینا ہے کہا ہمنے اللہ اور رسول اسکا خوب جانتا ہے

حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ فَقَالَ أَلَيْسَ ذَا الْحِجَّةِ قُلْنَا بَلٰى قَالَ أَيُّ بَلَدٍ هٰذَا قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ فَسَكَتَ

یہانتک خیال کیا ہمنے کہ حضرت نام رکھینگے اسکا بدل کر فرمایا کیا نہیں وہ مہینا ذو الحجہ کہا ہمنے ہان فرمایا کونسا شہر ہے یہہ کہا ہمنے اللہ اور رسول اسکا خوب جانتا ہے پھر توقف کیا

حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ قَالَ أَلَيْسَ الْبَلْدَةَ قُلْنَا بَلٰى قَالَ فَأَيُّ يَوْمٍ هٰذَا قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ فَسَكَتَ

یہانتک کہ گمان کیا ہمنے اب نام رکھینگے آپ اسکا بدل کر فرمایا کیا نہیں مکہ کہا ہمنے کیوں نہیں فرمایا پھر کونسا دن ہے یہہ کہا ہمنے اللہ اور اسکا رسول خوب جانتا ہے پھر توقف کیا

حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ قَالَ أَلَيْسَ يَوْمَ النَّحْرِ قُلْنَا بَلٰى قَالَ فَإِنَّ دِمَاءَكُمْ وَأَمْوَالَكُمْ وَأَعْرَاضَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ

یہانتک خیال کیا ہمنے اب نام رکھینگے اسکا بدل کے فرمایا کیا نہیں یہہ دن قربانی کا کہا ہمنے کیوں نہیں فرمایا پھر بیشک خون اور مال اور آبروئیں تمہاری تم پر حرام ہیں

كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِي بَلَدِكُمْ هٰذَا فِي شَهْرِكُمْ هٰذَا وَسَتَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ فَيَسْأَلُكُمْ عَنْ أَعْمَالِكُمْ أَلَا فَلَا تَرْجِعُوا بَعْدِي

مانند تمہارے اس دن کی حرمت کے تمہارے اس شہر میں تمہارے اس مہینے میں اور عنقریب ملوگے اپنے رب سے پھر سوال کریگا وہ تم سے تمہارے کاموں کا خبردار پھر نہ ہونا میرے بعد

ضُلَّالًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ قَالُوا نَعَمْ قَالَ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ فَرُبَّ مُبَلَّغٍ

گمراہ کہ مارین تمہارے بعضے گردنیں بعضوں کی خبردار کیا پہنچا دیا میں ف کہا سبھوں نے ہان فرمایا اے اللہ گواہ رہ پھر چاہیے پہنچا دے حاضر غائب کو پھر بہت غائب سننے والے

أَوْعٰى مِنْ سَامِعٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ وَبَرَةَ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ مَتٰى أَرْمِي الْجِمَارَ قَالَ إِذَا رَمٰى إِمَامُكَ فَارْمِهْ فَأَعَدْتُ

زیادہ یاد رکھتے ہیں روبرو سننے والے سے ف ہق ہ اور روایت ہے وبرہ سے کہا اسنے پوچھا میں ابن عمر کو کس وقت رمی جمار کروں فرمایا جب رمی کرے امام تیرا تو کر رمی جمار پھر دہرایا

عَلَيْهِ الْمَسْأَلَةَ فَقَالَ كُنَّا نَتَحَيَّنُ فَإِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ رَمَيْنَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ كَانَ يَرْمِي جَمْرَةَ

اس پر اس سوال کو تب لیا اسنے وقت تاکتے تھے ہم پھر جب ڈھلتا آفتاب رمی کرتے ف روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے سالم سے ابن عمر سے کہ ابن عمر رمی کرتا تھا نزدیک کے جمرہ پر

الدُّنْيَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ عَلٰى إِثْرِ كُلِّ حَصَاةٍ ثُمَّ يَتَقَدَّمُ حَتّٰى يُسْهِلَ فَيَقُومُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ طَوِيلًا وَيَدْعُو وَ

ف سات کنکریوں سے اللہ اکبر کہہ کر پیچھے ہر کنکرے کے پھر آگے بڑھتے یہانتک کہ آتا صاف نرم زمین پر پھر کھڑا رہتا قبلہ کی طرف منہ کرکے دیر تک اور دعا کرتا اور

يَرْفَعُ يَدَيْهِ ثُمَّ يَرْمِي الْوُسْطٰى بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ كُلَّمَا رَمٰى بِحَصَاةٍ ثُمَّ يَأْخُذُ بِذَاتِ الشِّمَالِ فَيُسْهِلُ وَيَقُومُ مُسْتَقْبِلَ

ہاتھ اٹھاتا پھر سات کنکریاں مارتا جمرہ عقبہ اور دنیا کے بیچ کے جمرے پر اللہ اکبر کہتا جب مارتا کنکری پھر لیتا بائیں طرف کی اور آتا زمین نرم میں اور کھڑا رہتا منہ کرکے

الْقِبْلَةِ ثُمَّ يَدْعُو وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ وَيَقُومُ طَوِيلًا ثُمَّ يَرْمِي جَمْرَةَ ذَاتِ الْعَقَبَةِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِي بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ

قبلہ کی طرف پھر دعا کرتا اور ہاتھ اٹھاتا اور کھڑا رہتا دیر تک پھر رمی کرتا گھاٹی کے جمرے پر بستی سے اس میدان کی سات کنکریوں سے اللہ اکبر کہتا

عِنْدَ كُلِّ حَصَاةٍ وَلَا يَقِفُ عِنْدَهَا ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَيَقُولُ هٰكَذَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنِ

ہر کنکری مارنے کے وقت اور کھڑا نہ رہتا قبلہ کی طرف منہ کرکے پھر پھرتا اور کہتا ایسا ہی دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے

ابْنِ عُمَرَ رض قَالَ اسْتَأْذَنَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رض رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَبِيتَ بِمَكَّةَ لَيَالِيَ مِنًى مِنْ أَجْلِ سِقَايَتِهِ

ابن عمر رض سے کہا اسنے اجازت چاہی عباس ابن عبد المطلب رض نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے رات کو رہنے کی بیچ مکے کے راتوں میں منی کی واسطے پانی پلانے کے

فَأَذِنَ لَهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ إِلَى السِّقَايَةِ فَاسْتَسْقٰى فَقَالَ

سو اجازت دی اسکو ہق ہ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئے آبدار خانے کے پاس پھر پانی مانگا پھر کہا۔

العباس یا فضل اذهب الی امک فأت رسول الله صلی الله علیه وسلم بشراب من عندها فقال اسقنی فقال یا رسول الله انهم

عباس نے اے فضل جا اپنی ماں کے پاس پھر لا دے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اچھا پانی اس کے پاس سے پھر فرمایا مجھے پلا پھر کہا عباس نے یا رسول اللہ لوگ

یجعلون ایدیهم فیه قال اسقنی فشرب منه ثم اتی زمزم وهم یسقون ویعملون فیها فقال اعملوا فانکم علی عمل صالح ثم

ڈالتے ہیں ہاتھ اپنے اس میں فرمایا پلا مجھے پھر پیا اس سے پھر آئے زمزم کے پاس اور وہ پانی پلاتے اور کام کر رہے تھے پھر فرمایا کام کرو تم

قال لولا ان تغلبوا لنزلت حتی اضع الحبل علی هذه واشار الی عاتقه رواه البخاری وعن انس ان النبی صلی الله علیه

فرمایا اگر اندیشہ لوگوں کے ہجوم کا تم پر نہ ہوتا تو اترتا یہاں تک کہ رکھتا رسی اس پر اور اشارہ کیا اپنے مونڈھے کی طرف روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہ نبی

وسلم صلی الظهر والعصر والمغرب والعشاء ثم رقد رقدة بالمحصب ثم رکب الی البیت فطاف به رواه البخاری وعن عبد العزیز

وسلم نے نماز پڑھی ظہر اور عصر اور مغرب اور عشا کی پھر تھوڑا سوئے مقام محصب میں پھر سوار ہو کر چلے گئے بیت اللہ کی طرف پھر طواف وداع کیا

بن رفیع قال سألت انس بن مالک قلت اخبرنی بشیء عقلته عن رسول الله صلی الله علیه وسلم این صلی الظهر یوم الترویة

بن رفیع سے کہا میں نے پوچھا میں نے انس بن مالک سے کہا مجھ کو خبر دو کسی چیز کی کہ معلوم کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہاں نماز پڑھی ظہر کی آٹھویں تاریخ

قال بمنی قال فاین صلی العصر یوم النفر قال بالابطح ثم قال افعل کما یفعل امراؤک متفق علیه وعن عائشة رض قالت نزول الابطح لیس بسنة

کہا منی میں کہا پھر کہاں نماز پڑھی عصر کی یوم النفر میں کہا ابطح میں پھر کہا تو کر جیسا کرتے ہیں سردار تیرے متفق علیہ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا اترنا ابطح میں سنت نہیں

انما نزله رسول الله صلی الله علیه وسلم لانه کان اسمح لخروجه اذا خرج متفق علیه وعنها قالت احرمت من التنعیم بعمرة فدخلت

سوائے اس کے نہیں اترے اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس لئے کہ ابطح بہت آسان تھا کوچ کرنے کے لئے جب کوچ کریں متفق علیہ اور اسی سے روایت ہے کہا میں نے احرام باندھا مقام تنعیم سے

فقضیت عمرتی وانتظرنی رسول الله صلی الله علیه وسلم بالابطح حتی فرغت فامر الناس بالرحیل فخرج فمر بالبیت فطاف

پھر پورا کیا عمرہ اور میرا انتظار کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقام محصب میں یہاں تک کہ فارغ ہوئی میں پھر حکم کیا لوگوں کو کوچ کا پھر کوچ کیا پھر گذرے کعبہ پر پھر طواف کیا

به قبل صلوة الصبح ثم خرج الی المدینة هذا الحدیث ما وجدته بروایة الشیخین بل بروایة ابی داود مع اختلاف یسیر

اس کا پہلے صبح کی نماز کے پھر کوچ کیا مدینہ کی طرف اس حدیث کو نہ پایا میں نے بخاری یا مسلم کی بلکہ پایا روایت سے ابی داؤد کی تھوڑے اختلاف کے ساتھ

فی آخره وعن ابن عباس رض قال کان الناس ینصرفون فی کل وجه فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا ینفرن احدکم حتی

آخر حدیث میں اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا لوگ پھرتے تھے ہر طرف میں پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ چلا جاوے کوئی تم میں یہاں تک کہ

یکون آخر عهده بالبیت الا انه خفف عن الحائض متفق علیه وعن عائشة رض قالت حاضت صفیة لیلة النفر فقالت ما

ہووے آخر زمانہ رخصت کا طواف بیت اللہ کا مگر اتنا کہ آسانی کی گئی حیض والی پر متفق علیہ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا حائض ہوئیں حضرت صفیہ یوم النفر کی رات کو پھر کہا

ارانی الا حابستکم قال النبی صلی الله علیه وسلم عقری حلقی اطافت یوم النحر قیل نعم قال فانفری متفق علیه

گمان ہوتا ہے مجھ کو کہ روکوں گی تم کو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عقری حلقی کیا طواف افاضہ کر چکی قربانی کے دن کہا کسی نے ہاں فرمایا تو چل دو متفق علیہ

الفصل الثانی

عن عمرو بن الاحوص قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول فی حجة الوداع ای یوم هذا قالوا

دوسری فصل روایت ہے عمرو بن احوص رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے حجۃ الوداع میں یہ کون دن ہے کہا صحابہ نے

یوم الحج الاکبر قال فان دماءکم واموالکم واعراضکم بینکم حرام کحرمة یومکم هذا فی بلدکم هذا الا لا یجنی

دن بڑے حج کا ہے فرمایا پھر بیشک خون اور مال اور آبروئیں تمہاری آپس میں تمہارے حرام ہیں مانند بزرگی کے تمہارے اس دن کی تمہارے اس شہر میں خبردار ظلم نہ کرے

جانٍ علٰی نفسہٖ الا لا یجنی جانٍ علٰی ولدہٖ ولا مولود علٰی والدہٖ الا وان الشیطان قد ایس ان یعبد
کوئی اپنی جان پر خبردار ظلم نہ کرے کوئی اپنے بیٹے پر اور نہ بیٹا باپ پر خبردار اور بیشک شیطان تحقیق ناامید ہوا اس سے کہ پوجا جائے

فی بلدکم ھٰذا ابدًا ولٰکن ستکون لہٗ طاعۃ فیما تحتقرون من اعمالکم فسیرضٰی بہٖ رواہ ابن ماجۃ
تمہارے شہر میں ہمیشہ اور لیکن اب ہوگی اس کی تابعداری ان کاموں میں کہ حقیر جانتے ہو ان کو اپنے سو راضی ہوگا شیطان اس سے روایت کیا اس کو ابن ماجہ

والترمذی وصححہٗ وعن رافع بن عمرو المزنی رض قال رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخطب الناس
اور ترمذی نے اور صحیح کہا ترمذی نے اس کو اور روایت ہے رافع بن عمرو مزنی رض سے کہا اس نے دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وعظ کرتے تھے لوگوں کو

بمنٰی حین ارتفع الضحٰی علٰی بغلۃ شھباء وعلیّ یعبر عنہ والناس بین قاعد وقائم رواہ ابوداؤد وعن
منیٰ میں جب دھوپ چڑھی سوار ہو کر ایک خچر پر کہ شہبا تھا اور حضرت علی سمجھاتے تھے وعظ اور لوگ بعض کھڑے اور بعض بیٹھے تھے روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت ہے

عائشۃ وابن عباس رض ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اخّر طواف الزیارۃ یوم النحر الی اللیل رواہ الترمذی وابوداؤد
عائشہ اور ابن عباس رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جائز رکھا تاخیر طواف زیارت کو قربانی کے دن رات تک روایت کیا اس کو ترمذی اور ابوداؤد

وابن ماجۃ وعن ابن عباس رض ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لم یرمل فی السبع الذی افاض فیہ
اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے رمل نہ کیا سات پھیروں میں طواف افاضہ کے

رواہ ابوداؤد وابن ماجۃ وعن عائشۃ رض ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا رمٰی احدکم جمرۃ العقبۃ فقد حل لہٗ کل شیء
روایت کیا اس کو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب رمی کیا کوئی تم میں سے جمرۂ عقبی کی سو تحقیق حلال ہوئی اس کو سب

الا النساء رواہ فی شرح السنۃ وقال اسنادہٗ ضعیف وفی روایۃ احمد والنسائی عن ابن عباس قال اذا رمی الجمرۃ فقد
سوا عورت سے جماع کے روایت کیا اس کو شرح السنہ میں اور کہا سند اس کی ضعیف ہے اور روایت احمد اور نسائی کی ابن عباس سے کہ فرمایا جب رمی کر چکا حاجی جمرۂ عقبی کی تو

حلّ لہٗ کل شیء الا النساء وعنھا رض قالت افاض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اٰخر یومہٖ حین صلی الظھر ثم رجع الٰی منٰی
حلال ہوئی اس کو سب چیز سوا عورت کے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا اس نے طواف افاضہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قربانی کے آخر دن میں جس وقت نماز ظہر کی پڑھی پھر پھرے منیٰ کو

فمکث بھا لیالی ایام التشریق یرمی الجمرۃ اذا زالت الشمس کل جمرۃ بسبع حصیات یکبر مع کل حصاۃ ویقف عند الاولٰی والثانیۃ
پھر ٹھہرے منیٰ میں ایام تشریق کی راتیں رمی کرتے تھے جمروں کی جب ڈھلتا آفتاب رمی کرتے ہر جمرے کی سات کنکریوں سے اللہ اکبر فرماتے ہر کنکری کے ساتھ اور توقف کرتے تھے جمرۂ اولیٰ اور ثانیہ کے پاس

فیطیل القیام ویتضرع ویرمی الثالثۃ فلا یقف عندھا رواہ ابوداؤد وعن ابی البداح بن عاصم بن عدی عن
پھر دیر تک کھڑے رہتے اور زاری کرتے اور رمی کرتے تیسرے جمرے کی پھر کھڑے نہ رہتے اس کے پاس روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی البداح بن عدی سے

ابیہ قال رخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لرعاء الابل فی البیتوتۃ ان یرموا یوم النحر ثم یجمعوا رمی یومین بعد
اس کے باپ سے کہ کہا اس نے رخصت دی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹوں کے چرواہوں کو منیٰ کی شب باشی کے ترک کی اس طور پر کہ رمی کریں قربانی کے دن پھر اکٹھی کر لیں رمی

یوم النحر فیرموہ فی احدھما رواہ مالک والترمذی والنسائی وقال الترمذی ھٰذا حدیث صحیح

باب ما یجتنبہ المحرم

یوم النحر کے بعد کے دو دنوں کی پھر کریں اس کو ان دو دنوں میں سے کسی ایک دن میں روایت کیا اس کو مالک اور ترمذی اور نسائی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث صحیح ہے باب ان چیزوں کا جن سے محرم بچے

الفصل الاول

عن عبد اللہ ابن عمر رض ان رجلا سال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما یلبس المحرم من الثیاب
فصل پہلی روایت ہے عبد اللہ ابن عمر رض سے کہ ایک مرد نے سوال کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کون کپڑا پہنے محرم

فقال لا تلبسوا القمص ولا العمائم ولا السراويلات ولا البرانس ولا الخفاف الا احد لا يجد نعلين فليلبس خفين

سو فرمایا نہ پہنو پیرہنوں کو اور نہ پگڑیاں اور نہ پاجامے اور نہ برنس کو اور نہ موزے مگر جو کوئی کہ نہ پاوے نعلین سو پہن لے موزے

وليقطعهما اسفل من الكعبين ولا تلبسوا من الثياب شيئا مسه زعفران ولا ورس متفق عليه وزاد البخاري في

اور چاہئے کہ کاٹ ڈالے ان کو ٹخنوں کے نیچے تک اور نہ پہنو ان کپڑوں کو کہ لگی ہو ان کو زعفران اور نہ ورس لگا ہوا کپڑا ق اور بڑھایا بخاری نے

رواية ولا تنتقب المرأة المحرمة ولا تلبس القفازين وعن ابن عباس رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه

مُطَهَّرًا فَلْيَتَزَوَّجِ الْحَرَائِرَ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ مَا اسْتَفَادَ الْمُؤْمِنُ بَعْدَ تَقْوَى
اور پاک کیا جا کر تو اسکو نکاح کرے بیبیوں سے اور روایت ہے ابی امامہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ فرماتے تھے نہ حاصل کیا ایماندار نے بعد اللہ سے ڈرنے کے

اللّٰهِ خَيْرًا لَهُ مِنْ زَوْجَةٍ صَالِحَةٍ إِنْ أَمَرَهَا أَطَاعَتْهُ وَإِنْ نَظَرَ إِلَيْهَا سَرَّتْهُ وَإِنْ أَقْسَمَ عَلَيْهَا أَبَرَّتْهُ وَإِنْ غَابَ عَنْهَا
کوئی چیز بہتر اپنے لئے نیک بخت عورت سے کہ اگر حکم کرے اسکو تو مانے اور اگر دیکھے اسکو تو خوش کر دے اسکو اور اگر قسم کھاوے اسپر تو سچا کرے اسکو اور اگر نہ ہو اوے

نَصَحَتْهُ فِي نَفْسِهَا وَمَالِهِ رَوَى ابْنُ مَاجَةَ الْأَحَادِيثَ الثَّلَاثَةَ وَعَنْ أَنَسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَزَوَّجَ
خیر خواہی کرے اسکی اپنی جان میں اور اسکے مال میں روایت کیا ابن ماجہ نے ان تین حدیثوں کو اور روایت ہے انس رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نکاح کرے

الْعَبْدُ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ نِصْفَ الدِّينِ فَلْيَتَّقِ اللّٰهَ فِي النِّصْفِ الْبَاقِي وَعَنْ عَائِشَةَ رض قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَعْظَمَ
بندہ سو تحقیق پورا کیا اپنا آدھا دین پس چاہئے کہ ڈرتا رہے اللہ سے باقی آدھے دین میں اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

النِّكَاحِ بَرَكَةً أَيْسَرُهُ مَؤُونَةً رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ

بَابُ النَّظَرِ إِلَى الْمَخْطُوبَةِ وَبَيَانِ الْعَوْرَاتِ

اَلْفَصْلُ
مبارک نکاح وہ ہے کہ تکلف کم ہو اسمیں روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں باب دیکھنے کے بیان کا پیغام کی ہوئی عورت کو اور ستر کھلا ہونے کے بیان کا فصل

الاول عن ابی ہریرۃ رض قال جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال انی تزوجت امرأۃ من الانصار قال فانظر الیہا فان فی

پہلی فصل ... ابو ہریرہ رض سے کہا انہوں نے آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو کہا کہ میں نے نکاح کیا چاہا ہوں ایک عورت سے انصار کی فرمایا پھر دیکھ لے اسکو کہ

اعین الانصار شیئا رواہ مسلم وعن ابن مسعود رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تباشر المرأۃ المرأۃ فتنعتہا لزوجہا

آنکھوں میں انصار کی کچھ عیب ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ اختلاط کرے کوئی عورت عورت سے پھر بیان کرے اسکو اپنے خاوند سے

کانہ ینظر الیہا متفق علیہ وعن ابی سعید رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا ینظر الرجل الی عورۃ الرجل ولا المرأۃ الی

جیسا کہ وہ دیکھتا ہے اسکو متفق ہے اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ دیکھے مرد شرمگاہ مرد کی اور نہ عورت

عورۃ المرأۃ ولا یفضی الرجل الی الرجل فی ثوب واحد ولا تفضی المرأۃ الی المرأۃ فی ثوب واحد رواہ مسلم وعن جابر

شرمگاہ عورت کی اور نہ لیٹے مرد مرد کے ساتھ ایک لحاف میں اور نہ لیٹے عورت عورت کے ساتھ ایک کپڑے میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا لا یبیتن رجل عند امرأۃ ثیب الا ان یکون ناکحا او ذا محرم رواہ مسلم وعن

کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبردار ان کو رہے کوئی مرد ثیبہ عورت کے پاس رات مگر یہ کہ ہو خاوند یا محرم روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

عقبۃ بن عامر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایاکم والدخول علی النساء فقال رجل یا رسول اللہ ارأیت الحمو قال

عقبہ بن عامر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بچو تم عورتوں کے پاس جانے سے پس کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ دیور کا کیا حکم ہے فرمایا

الحمو الموت متفق علیہ وعن جابر رض ان ام سلمۃ استأذنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الحجامۃ فامر ابا طیبۃ ان

دیور تو موت ہے متفق ہے اور روایت ہے جابر رض سے کہ ام سلمہ نے اجازت چاہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سینگی لگانے کی سو حکم کیا ابا طیبہ کو

یحجمہا قال حسبت انہ کان اخاہا من الرضاعۃ او غلاما لم یحتلم رواہ مسلم وعن جریر بن عبد اللہ رض قال سألت

کہ سینگی لگائے انکو کہا جابر نے میں خیال کرتا ہوں کہ ابا طیبہ بھائی تھا انکا دودھ کے رشتے سے یا لڑکا نابالغ تھا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جریر بن عبد اللہ رض سے کہا پوچھا میں نے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن نظر الفجاءۃ فامرنی ان اصرف بصری رواہ مسلم وعن جابر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یکبارگی نظر پڑ جانے کو سو حکم کیا مجھے آنکھ پھیر لینے کا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ

علیہ وسلم ان المرأۃ تقبل فی صورۃ شیطان وتدبر فی صورۃ شیطان اذا احدکم اعجبتہ المرأۃ فوقعت فی قلبہ فلیعمد الی امرأتہ

صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر عورت سامنے آتی ہے شیطان بنکر اور پھر جاتی ہے شیطان کے رنگ میں جب کسی کو تم میں سے اچھی لگے کوئی عورت پھر خیال ہو اسکا اسکے دل میں تو چاہیئے کہ قصد کرے اپنی بی بی کا

فلیواقعہا فان ذلک یرد ما فی نفسہ رواہ مسلم

پھر جماع کرلے اس سے کہ یہ پھیر دیتا ہے جو اسکے دل میں ہے روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثانی عن جابر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا خطب

دوسری فصل روایت ہے جابر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پیغام کرے

احدکم المرأۃ فان استطاع ان ینظر الی ما یدعوہ الی نکاحہا فلیفعل رواہ ابو داود وعن المغیرۃ بن شعبۃ رض قال خطبت

کوئی تم میں کسی عورت سے پس اگر ہو سکے کہ دیکھ لے اسکا وہ حصہ جو رغبت دلائے اسکو اسکے نکاح کی تو دیکھ لے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے مغیرہ بن شعبہ رض سے کہا پیغام کیا میں نے

امرأۃ فقال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہل نظرت الیہا قلت لا قال فانظر الیہا فانہ احری ان یؤدم بینکما رواہ احمد

ایک عورت سے سو فرمایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا دیکھا تو نے اسکو کہا میں نے نہیں فرمایا پھر دیکھ لے اسکو کہ دیکھنا سزاوار ہے موافقت ہونے کو تم دونوں میں روایت کیا اسکو احمد

والترمذی والنسائی وابن ماجہ والدارمی وعن ابن مسعود رض قال رأی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امرأۃ فاعجبتہ فاتی سودۃ

اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہا نظر پڑ گئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک عورت پر پھر اچھی لگی آپ کو آئے حضرت سودہ کے پاس

وهي تصنع طيبا وعندها نساء فأخلينه فقضى حاجته ثم قال أيما رجل رأى امرأة تعجبه فليقم إلى أهله فإن معها مثل الذي

اور وہ ملتی تھیں خوشبو اور ان کے پاس عورتیں تھیں سو چھوڑ دیا ان بی بیوں نے آپ کو پھر تمام کیا حاجت اپنی کو پھر فرمایا جو مرد دیکھے کسی عورت کو کہ اچھی لگے اسکو

معها رواه الدارمي وعنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال المرأة عورة فإذا خرجت استشرفها الشيطان رواه الترمذي

اسکے ساتھ ہے روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے اسی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا عورت قابل پردہ کے ہے جب نکلتی ہے تو جھانکتا ہے اسکو شیطان روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن بريدة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعلي يا علي لا تتبع النظرة النظرة فإن لك الأولى وليست لك الآخرة

اور روایت ہے بریدہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علی کو اے علی دوبارہ مت دیکھو ایک بار دیکھ کر اسلئے کہ جائز ہے تجھکو پہلی نظر اور نہیں حلال تجھکو دوسری

رواه أحمد والترمذي وأبو داود والدارمي وعن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا

روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور دارمی نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے وہ اپنے باپ سے وہ اسکے دادا سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جب

زوج أحدكم عبده أمته فلا ينظرن إلى عورتها وفي رواية فلا ينظر إلى ما دون السرة وفوق الركبة رواه أبو داود

نکاح کر دے کوئی تم میں سے اپنے غلام کا اپنی لونڈی سے سو نظر نہ کرے ستر پر اسکے اور ایک روایت میں ہے سو نظر نہ کرے زیر ناف طرف اور گھٹنے کے اوپر روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

وعن جرهد رض أن النبي صلى الله عليه وسلم قال أما علمت أن الفخذ عورة رواه الترمذي وأبو داود وعن علي رض

اور روایت ہے جرہد رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا نہ جانا تو نے کہ بیشک ران شرمگاہ ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت ہے علی رض سے

أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يا علي لا تبرز فخذك ولا تنظر إلى فخذ حي ولا ميت رواه أبو داود وابن ماجه وعن

کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسکو اے علی مت کھول ران اپنی اور نہ دیکھ ران کسی زندہ کی اور نہ مردہ کی روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے

محمد بن جحش رض قال مر رسول الله صلى الله عليه وسلم على معمر وفخذاه مكشوفتان قال يا معمر غط فخذيك فإن الفخذين

محمد بن جحش رض سے کہا گذر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معمر پر اس حال میں کہ دونوں ران اسکی کھلی تھیں فرمایا اے معمر ڈھانپ دونوں ران اپنی کہ بیشک دونوں ران

من عورة رواه في شرح السنة وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إياكم والتعري فإن معكم من لا يفارقكم

شرمگاہ ہیں روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دور رہو ننگے رہنے سے کہ تمہارے ساتھ ہیں جو جدا نہیں ہوتے تم سے

إلا عند الغائط وحين يفضي الرجل إلى أهله فاستحيوهم وأكرموهم رواه الترمذي وعن أم سلمة رض أنها كانت عند

مگر حاجت ضروری کے وقت اور جب اکٹھے ہوں مرد عورت سو شرم کرو ان سے اور تعظیم کرو ان کی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہ تھیں پاس

رسول الله صلى الله عليه وسلم وميمونة إذ أقبل ابن أم مكتوم فدخل عليه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم احتجبا منه فقلت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور میمونہ ناگہاں آیا ابن ام مکتوم پھر داخل ہوا حضرت کے پاس سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پردہ کرو اس سے سو کہا میں نے

يا رسول الله أليس هو أعمى لا يبصرنا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم أفعمياوان أنتما ألستما تبصرانه رواه أحمد والترمذي و

اے رسول اللہ کے کیا نہیں وہ اندھا کہ دیکھتا نہیں ہمکو سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا اندھی ہو تم دونو کہ نہیں دیکھتیں اسکو روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور

أبو داود وعن بهز بن حكيم عن أبيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم احفظ عورتك إلا من زوجتك أو ما

ابوداؤد نے اور روایت ہے بہز بن حکیم سے وہ اسکے باپ سے وہ اسکے دادا سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھپا اپنی شرمگاہ مگر اپنی بی بی سے یا

ملكت يمينك فقلت يا رسول الله أفرأيت إذا كان الرجل خاليا قال فالله أحق أن يستحيى منه رواه الترمذي وأبو داود وابن ماجه

لونڈی سے پھر کہا میں نے اے رسول اللہ کے فرمائیے جب ہو مرد اکیلا فرمایا پھر اللہ زیادہ لائق ہے کہ شرمایا جاوے اس سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے

وَعَنْ عُمَرَ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ إِلَّا كَانَ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ

اور روایت ہے عمر رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا ایسا نہ ہوگا کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ تنہا مگر ہوگا تیسرا ان دونوں کا شیطان روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر رض سے

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَلِجُوا عَلَى الْمُغِيبَاتِ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِي مِنْ أَحَدِكُمْ مَجْرَى الدَّمِ قُلْنَا وَمِنْكَ قَالَ وَمِنِّي وَلٰكِنَّ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہ جاؤ ان عورتوں کے پاس کہ خاوند حاضر نہ ہوں انکے کہ شیطان دخل رکھتا ہے ایک کے تم سے جیسا لہو ہمنے کہا آپ سے بھی فرمایا مجھ سے بھی اور لیکن

اللّٰهَ أَعَانَنِي عَلَيْهِ فَأَسْلَمَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ رض أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى فَاطِمَةَ بِعَبْدٍ قَدْ وَهَبَهُ لَهَا وَعَلَى فَاطِمَةَ

اللہ نے مدد کی میری اس پر سو تابعدار ہوگیا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس رض سے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم آئے فاطمہ پاس ایک غلام کے ساتھ کہ دیا تھا فاطمہ کو اور فاطمہ پر

ثَوْبٌ إِذَا قَنَّعَتْ بِهِ رَأْسَهَا لَمْ يَبْلُغْ رِجْلَيْهَا وَإِذَا غَطَّتْ بِهِ رِجْلَيْهَا لَمْ يَبْلُغْ رَأْسَهَا فَلَمَّا رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ایک کپڑا تھا کہ جب ڈھانپتی اس سے سر اپنا نہ پہنچتا پاؤں تک اور جب ڈھانپتی اس سے پاؤں نہ پہنچتا سر تک پھر جب دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

مَا تَلْقَى قَالَ إِنَّهُ لَيْسَ عَلَيْكِ بَأْسٌ إِنَّمَا هُوَ أَبُوكِ وَغُلَامُكِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رض أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى

اسکی تکلیف فرمایا نہیں اندیشہ تجھ پر سوائے اسکے نہیں کہ باپ تیرا ہے اور غلام تیرا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے تیسری فصل روایت ہے ام سلمہ رض سے کہ نبی صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عِنْدَهَا وَفِي الْبَيْتِ مُخَنَّثٌ فَقَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي أُمَيَّةَ أَخِي أُمِّ سَلَمَةَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ إِنْ فَتَحَ اللّٰهُ لَكُمْ غَدًا

اللہ علیہ وسلم تھے انکے پاس اور گھر میں ایک زنانا تھا سو کہا زنانا نے عبداللہ بن ابی امیہ کو ام سلمہ کے بھائی کو اے عبداللہ اگر فتح کیا اللہ نے تمہارے کل

الطَّائِفَ فَإِنِّي أَدُلُّكَ عَلَى ابْنَةِ غَيْلَانَ فَإِنَّهَا تُقْبِلُ بِأَرْبَعٍ وَتُدْبِرُ بِثَمَانٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلَنَّ هٰؤُلَاءِ عَلَيْكُمْ

طائف کو سو میں بتاؤنگا تجھے بیٹی غیلان کی کہ وہ آتی ہے چار کے ساتھ اور جاتی ہے آٹھ کے ساتھ سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ آویں زنانے تم پر

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ رض قَالَ حَمَلْتُ حَجَرًا ثَقِيلًا فَبَيْنَا أَنَا أَمْشِي سَقَطَ عَنِّي ثَوْبِي فَلَمْ أَسْتَطِعْ أَخْذَهُ فَرَآنِي

ق × اور روایت ہے مسور بن مخرمہ رض سے کہ کہا اٹھایا میں نے ایک پتھر بھاری سو جس وقت میں چلتا تھا گر پڑا مجھ سے کپڑا میرا پھر نہ سکا اسکا اٹھانا پھر دیکھا مجھ

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي خُذْ عَلَيْكَ ثَوْبَكَ وَلَا تَمْشُوا عُرَاةً رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَائِشَةَ رض قَالَتْ مَا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سو فرمایا مجھکو لے اپنے پر کپڑا اپنا اور نہ چلو ننگے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا انہوں نے نہ

نَظَرْتُ أَوْ مَا رَأَيْتُ فَرْجَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطُّ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ

دیکھی میں نے شرمگاہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کبھی روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی امامہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں

مُسْلِمٍ يَنْظُرُ إِلَى مَحَاسِنِ امْرَأَةٍ أَوَّلَ مَرَّةٍ ثُمَّ يَغُضُّ بَصَرَهُ إِلَّا أَحْدَثَ اللّٰهُ لَهُ عِبَادَةً يَجِدُ حَلَاوَتَهَا رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنِ الْحَسَنِ مُرْسَلًا

کوئی مسلمان کہ نظر کرے خوبی پر کسی عورت کے پہلی بار پھر نیچی کرے آنکھ مگر مقرر کریگا اللہ اسکے لئے ایک نئی عبادت کہ پاویگا مزا اسکا روایت کیا اسکو احمد اور روایت ہے

قَالَ بَلَغَنِي أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ النَّاظِرَ وَالْمَنْظُورَ إِلَيْهِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ

کہا پہنچی مجھکو حدیث کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لعنت کرے اللہ دیکھنے والے اور دکھانے والے کو روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں

بَابُ الْوَلِيِّ فِي النِّكَاحِ وَاسْتِئْذَانِ الْمَرْأَةِ

باب ولی کے بیان میں نکاح میں اور اجازت لینے کے بیان کا عورت سے

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُنْكَحُ الْأَيِّمُ حَتَّى تُسْتَأْمَرَ

پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح نہ ہوگا بیوہ کا جب تک کہ حکم لیا جاوے

وَلَا تُنْكَحُ الْبِكْرُ حَتَّى تُسْتَأْذَنَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَكَيْفَ إِذْنُهَا قَالَ أَنْ تَسْكُتَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور نہ ہوگا نکاح باکرہ کا یہاں تک کہ اجازت لی جاوے اس سے کہا ای رسول اللہ کے اور کیسی اجازت اسکی فرمایا چپ رہنا اسکا حق × اور روایت ہے ابن عباس رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

قال الايم احق بنفسها من وليها والبكر تستأذن في نفسها واذنها صماتها وفي رواية قال الثيب احق بنفسها من وليها والبكر تستأمر

فرمایا بیوہ عورت حقدار ہے اپنی جان کی بہ نسبت ولی کے اور باکرہ سے اذن لیا جائیگا اسکی جان میں اور اذن اسکا چپ رہنا ہے اور ایک روایت میں ہے فرمایا بیوہ حقدار ہے

واذنها سكوتها وفي رواية قال الثيب احق بنفسها من وليها والبكر يستأذنها ابوها في نفسها واذنها صماتها رواه مسلم

اور اذن اسکا چپ رہنا ہے اور ایک روایت میں فرمایا بیوہ حقدار اپنی جان کی ہے اپنے ولی سے اور باکرہ سے اذن لیگا باپ اسکا نکاح کرنے میں اور اذن اسکا چپ رہنا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن خنساء بنت خذام ان اباها زوجها وهي ثيب فكرهت ذلك فاتت رسول الله صلى الله عليه وسلم فرد نكاحه

اور روایت ہے خنساء بنت خذام سے کہ بیشک باپ اسکا نے نکاح کر دیا اسکا اور وہ بیوہ تھی پس برا جانا اسکو پھر آئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس پھیرا آپ نے نکاح اسکا

رواه البخاري وفي رواية ابن ماجة نكاح ابيها وعن عائشة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم تزوجها وهي بنت

روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت میں ابن ماجہ کی ہے پھیر دیا نکاح اسکے باپ کا اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا ان سے اور وہ تھیں

سبع سنين وزفت اليه وهي بنت تسع سنين ولعبها معها ومات عنها وهي بنت ثماني عشرة رواه مسلم

سات برس کی بچی اور خلوت ہوئی انکی حضرت سے جب نو برس کی تھیں اور کھلونے انکے ساتھ تھے اور وفات پائی ان کو چھوڑ کر اٹھارہ سال کی تھیں روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

عن ابي موسى رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا نكاح الا بولي رواه احمد والترمذي وابو داود وابن ماجة والدارمي وعن

روایت ہے ابی موسی رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں ہوتا نکاح بغیر ولی کے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور

عائشة رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ايما امرأة نكحت بغير اذن وليها فنكاحها باطل فنكاحها باطل فنكاحها باطل

عائشہ رض سے ہے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو عورت کہ نکاح کیا بغیر حکم اپنے ولی کے سو اسکا نکاح باطل ہے ایسا تین بار فرمایا

فان دخل بها فلها المهر بما استحل من فرجها فان اشتجروا فالسلطان ولي من لا ولي له رواه احمد والترمذي وابو داود

پھر اگر صحبت کی اس سے سو ملیگا اسکو مہر بسبب کے کہ حلال کیا اسکی شرمگاہ پھر اگر اختلاف کیا ولیوں نے سو بادشاہ ولی ہے جسکا کوئی ولی نہو روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد

وابن ماجة والدارمي وعن ابن عباس رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال البغايا اللاتي ينكحن انفسهن بغير بينة

اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چھنال عورتیں وہی ہیں جو نکاح کرتی ہیں اپنا بے شاہدوں کے

والاصح انه موقوف على ابن عباس رواه الترمذي وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اليتيمة

اور زیادہ صحیح یہ ہے کہ یہ موقوف ہے ابن عباس پر ف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یتیم لڑکی

تستأمر في نفسها فان صمتت فهو اذنها وان ابت فلا جواز عليها رواه الترمذي وابو داود والنسائي ورواه الدارمي عن ابي موسى وعن

اذن لیا جائیگا اسکے نکاح میں پھر اگر چپ ہی تو وہی اذن اسکا اور اگر انکار کیا تو جبر نہیں اسپر روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی نے اور روایت کیا دارمی نے ابی موسی سے اور

جابر رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ايما عبد تزوج بغير اذن سيده فهو عاهر رواه الترمذي وابو داود والدارمي

جابر رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو غلام کہ نکاح کرے بغیر حکم اپنے مالک کے سو وہ زانی ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور دارمی نے

الفصل الثالث

عن ابن عباس رض ان جارية بكرا اتت رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكرت ان اباها زوجها وهي كارهة فخيرها النبي صلى الله عليه وسلم رواه ابو داود

تیسری فصل روایت ہے ابن عباس رض سے کہ بیشک باکرہ لڑکی آئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر ذکر کیا کہ باپ اسکا نکاح کر دیا اسکا اور ناخوش تھی سو اختیار دیا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تزوج المرأة المرأة ولا تزوج المرأة نفسها فان الزانية هي التي تزوج نفسها رواه ابن ماجة

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ نکاح کرے عورت عورت کا نہ نکاح کرے عورت اپنا اسلئے کہ چھنال وہی ہے جو آپ ہی اپنا نکاح کرے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

وعن ابي سعيد وابن عباس رض قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ولد له ولد فليحسن اسمه وادبه فاذا بلغ فليزوجه فان

اور روایت ہے ابی سعید اور ابن عباس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکے پیدا ہو لڑکا تو اچھا نام رکھے اور تعلیم کرے پھر جب بالغ ہو تو نکاح کر دے اسکا پھر اگر

لم يزوجه فاصاب اثما فانما اثمه على ابيه وعن عمر بن الخطاب وانس بن مالك رض عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال

نکاح نہ کیا اور گناہ کر دیا اسکا پھر زنا کیا سو بس گناہ اسکا باپ پر ہے × اور روایت ہے عمر بن خطاب اور انس بن مالک رض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا

في التوراة مكتوب من بلغت ابنته اثنتي عشرة سنة ولم يزوجها فاصابت اثما فاثم ذلك عليه رواه البيهقي

توریت میں لکھا ہے جسکی لڑکی بارہ برس کی ہو جاوے اور نکاح نہ کر دے اسکا پھر کی زنا سو گناہ اسکا اسی پر ہے ف روایت کیا اسکو بیہقی نے

في شعب الايمان

کتاب شعب ایمان میں

باب اعلان النكاح والخطبة والشرط

باب نکاح کی شہرت اور پیغام اور شرطوں کے بیان کا

الفصل الاول

پہلی فصل

عن الربيع بنت معوذ بن عفراء رض قالت جاء النبي صلى الله عليه وسلم فدخل حين بني علي فجلس على فراشي كمجلسك مني فجعلت جويريات لنا يضربن بالدف ويندبن من قتل من آبائي يوم بدر اذ قالت احداهن وفينا نبي يعلم ما في غد فقال دعي هذه وقولي بالذي كنت تقولين رواه البخاري

روایت ہے ربیع بنت معوذ بن عفراء رض سے کہا آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پھر داخل ہوئے جب خلوت کی گئی مجھ سے پھر بیٹھے میرے بچھونے پر اتنا نزدیک جیسا تو بیٹھا ہے مجھ سے پس لگیں چھوکریاں ہماری بجانے دف اور ذکر کرنے لگیں باپ دادا میرے کا جو مارے گئے بدر کے دن ناگہاں کہا ایک نے اور ہمیں ایک نبی ہے کہ جانتا ہے کل کی بات سو فرمایا موقوف کر یہ کہنا اور کہہ جو کہتی تھی تو ف روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن عائشة رض قالت زفت امرأة الى رجل من الانصار فقال نبي الله صلى الله عليه وسلم ما كان معكم لهو فان الانصار يعجبهم اللهو رواه البخاري

اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ نکاح ہوا ایک عورت کا ایک انصاری مرد سے تب فرمایا نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہیں تمہارے ساتھ دف اس لئے کہ انصار کو خوش آتا ہے دف بجانا ف روایت کیا اسکو بخاری نے

وعنها قالت تزوجني رسول الله صلى الله عليه وسلم في شوال وبنى بي في شوال فاي نساء رسول الله صلى الله عليه وسلم كان احظى عنده مني رواه مسلم

اور روایت ہے انہی سے کہا نکاح کیا مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شوال کے مہینے میں اور صحبت کی مجھ سے شوال میں پھر کونسی بی بی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیادہ محظوظ تھی آپکے پاس مجھ سے ف روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن عقبة بن عامر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم احق الشروط ان توفوا به ما استحللتم به الفروج متفق عليه

اور روایت ہے عقبہ بن عامر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے مقدم شرطیں پوری کرنے میں وہ شرطیں ہیں کہ حلال کیا تم نے اس سے فرجوں کو ف متفق علیہ

وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يخطب الرجل على خطبة اخيه حتى ينكح او يترك متفق عليه

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیغام نہ کرے کوئی مرد پیغام پر اپنے بھائی مسلمان کے یہاں تک کہ وہ نکاح کرے یا چھوڑ دے ف متفق

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تسال المرأة طلاق اختها لتستفرغ صحفتها ولتنكح فان لها ما قدر لها متفق عليه

اور روایت ہے انہی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سوال نہ کرے عورت اپنی مسلمان بہن کی طلاق کا تاکہ خالی کر دے اسکا پیالہ اور چاہیے کہ نکاح کرے اس لئے کہ اسکا مقدر اسکے ساتھ ہے ف متفق

وعن ابن عمر رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن الشغار والشغار ان يزوج الرجل ابنته على ان يزوجه الآخر ابنته وليس بينهما صداق متفق عليه

اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا شغار سے اور شغار اسکو کہتے ہیں کہ نکاح کر دے مرد اپنی بیٹی کا اس شرط پر کہ نکاح کر دے اسکے دوسرا اپنی بیٹی کا اور نہ ہو دونوں میں مہر ف متفق

وفي رواية لمسلم قال لا شغار في الاسلام

اور ایک روایت میں مسلم کی فرمایا نہیں شغار اسلام میں

وعن علي رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن متعة النساء يوم خيبر

اور روایت ہے علی رض سے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا متعہ عورتوں سے خیبر کی لڑائی کے

وعن اكل لحوم الحمر الانسية. متفق عليه. وعن سلمة بن الاكوع رض قال رخص رسول الله صلى الله عليه وسلم عام اوطاس
اور پلے گدھوں کا گوشت کھانے سے × ق × اور روایت ہے سلمہ بن الاکوع رض سے کہ کہا اجازت دی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ اوطاس کے سال

في المتعة ثلثا ثم نهى عنها. رواه مسلم. الفصل الثاني عن عبد الله بن مسعود رض قال علمنا رسول الله صلى الله عليه وسلم
متعہ کرنے کی تین دن پھر منع کیا اس سے ف روایت کیا اسکو مسلم نے دوسری فصل روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے کہا سکھایا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

التشهد في الصلوة والتشهد في الحاجة قال التشهد في الصلوة التحيات لله والصلوات والطيبات السلام عليك
تشہد نماز میں اور تشہد حاجت میں فرمایا تشہد نماز کا یہ ہے سب باج اللہ کے ہیں اور عبادتیں اور سب اچھی تعریفیں سلامتی تجھ پر

ايها النبي ورحمة الله وبركاته السلام علينا وعلى عباد الله الصالحين اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمدا
اے نبی ف اور رحمت اور برکتیں اللہ کی سلامتی ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر گواہی دیتا ہوں اسپر کہ کوئی معبود نہیں سوا اللہ کے اور اسپر کہ محمد

عبده ورسوله والتشهد في الحاجة ان الحمد لله نستعينه ونستغفره ونعوذ بالله من شرور انفسنا من يهده الله
غلام اور بھیجا ہوا اسکا ہے اور تشہد حاجت میں یہ ہے کہ سب خوبی اللہ کو ہے اسکی مدد اور مغفرت چاہتے ہیں ہم اور پناہ لیتے ہیں اللہ کی برائیوں سے اپنی جانوں کی

فلا مضل له ومن يضلل فلا هادي له واشهد ان محمدا عبده ورسوله ويقرأ ثلث آيات يا ايها الذين آمنوا اتقوا الله
سو کوئی اسکو نہیں بہکا سکتا اور جسکو وہی بہکاوے کوئی اسکو راہ پر نہیں لاتا اور گواہی دیتا ہوں اسپر کہ محمد غلام اور بھیجا ہوا اسکا ہے ف اور پڑھے تین آیتیں ایک اے ایمان والو ڈرو اللہ سے

حق تقاته ولا تموتن الا وانتم مسلمون يا ايها الذين آمنوا اتقوا الله الذي تساءلون به والارحام ان الله كان عليكم رقيبا
جیسا چاہئے اور نہ مرو مگر مسلمان رہکر ف اور دوسری اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے جسکا واسطہ دیتے ہو آپس میں اور ناتے والوں سے اللہ ہے تم پر مطلع

يا ايها الذين آمنوا اتقوا الله وقولوا قولا سديدا يصلح لكم اعمالكم ويغفر لكم ذنوبكم ومن يطع الله ورسوله فقد
اور تیسری اے ایمان والو ڈرو اللہ سے اور کہتے رہو بات سیدھی کہ سدھار دے اللہ تمہارے کام اور معاف کرے تمہارے گناہ اور جو کوئی کہے نے اللہ اور اسکے رسول کا سو تحقیق

فاز فوزا عظيما. رواه احمد والترمذي وابو داود والنسائي وابن ماجة والدارمي وفي جامع الترمذي فسر الآيات الثلث
بڑی مراد پائی ف روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور جامع ترمذی میں لکھا ہے کہ تفسیر کی ان تینوں آیتوں کی

سفيان الثوري وزاد ابن ماجة بعد قوله ان الحمد لله نحمده وبعد قوله من شرور انفسنا ومن سيئات اعمالنا والدارمي
سفیان ثوری نے اور بڑھایا ابن ماجہ نے بعد حضرت کے قول کے سب حمد اللہ کو حمد کرتے ہیں اسکی اور بعد آپکے قول کے من شرور انفسنا اور برائیوں سے ہمارے کاموں کی اور دارمی نے

بعد قوله عظيما ثم يتكلم بحاجته وروى في شرح السنة عن ابن مسعود في خطبة الحاجة من النكاح وغيره. وعن
بعد اللہ کے قول کے عظیما پھر بات کرے اپنی حاجت کی ف۹ اور مروی ہے شرح سنت میں ابن مسعود سے خطبے میں حاجت کے نکاح وغیرہ سے ف۱۰ اور روایت ہے

ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل خطبة ليس فيها تشهد فهي كاليد الجذماء. رواه الترمذي وقال
ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو خطبہ کہ نہو اسمیں کلمہ شہادت سو وہ جیسا کٹا ہاتھ روایت کیا اسکو ترمذی اور کہا اسنے

هذا حديث حسن غريب. وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل امر ذي بال لم يبدأ فيه بالحمد لله فهو اقطع.
کہ یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت ہے انہی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اچھا کام کہ نہ کہا گیا اسکے شروع میں الحمد سو وہ بے برکت ہے

رواه ابن ماجة. وعن عائشة رض قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعلنوا هذا النكاح واجعلوه في المساجد واضربوا
روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہرت کرو عقد نکاح کی اور باندھو نکاح مسجدوں میں اور بجاؤ

عليه الدف رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن محمد بن حاطب الجمحي رضـ عن النبي صلى الله عليه وسلم قال فصل
نکاح کرتے دونوں کو دف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے محمد بن حاطب جمحی رضـ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا فرق

ما بين الحلال والحرام الصوت والدف في النكاح رواه احمد والترمذي والنسائي وابن ماجة وعن عائشة رضـ قالت
درمیان حلال اور حرام کے آواز اور دف ہے نکاح میں روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عائشہ رضـ سے کہا

كانت عندي جارية من الانصار زوجتها فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا عائشة الا تغنين فان هذا الحي من الانصار
تھی میرے پاس ایک لڑکی انصار سے نکاح کروا دیا اسکا میں نے سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے عائشہ کیا تم گانے نہیں کہتی کہ بیشک یہ قبیلہ انصار کا

يحبون الغناء رواه ابن حبان في صحيحه وعن ابن عباس رضـ قال انكحت عائشة ذات قرابة لها من الانصار فجاء رسول
محبت رکھتا ہے راگ سے روایت کیا اسکو ابن حبان نے اپنی کتاب صحیح میں اور روایت ہے ابن عباس رضـ سے کہ نکاح کروا دیا عائشہ نے ایک اپنی قرابت والی کا انصار سے سو آئے رسول

الله صلى الله عليه وسلم فقال اهديتم الفتاة قالوا نعم قال ارسلتم معها من تغني قالت لا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر فرمائے کہ بھیجدیا تم اس عورت کو کہا ہاں فرمایا کیا بھیجا اسکے ساتھ کوئی گانے والی کو کہا نہیں تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

ان الانصار قوم فيهم غزل فلو بعثتم معها من يقول اتيناكم اتيناكم فحيانا وحياكم رواه ابن ماجة وعن سمرة ان رسول الله
مقرر انصار ایسے لوگ ہیں کہ انکی عادت ہے غزل گانا پھر خوب ہوتا اگر بھیجتے تم اسکے ساتھ اسکو کہ کہے آئے ہم تمہارے پاس آئے ہم تمہارے پاس سلامت رکھا اللہ ہمکو

صلى الله عليه وسلم قال ايما امرأة زوجها وليان فهي للاول منهما ومن باع بيعا من رجلين فهو للاول منهما رواه الترمذي و
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو عورت کہ نکاح کر دیں اسکا دو ولی سو وہ پہلے کی ہے ان سے اور جسنے بیچی کوئی چیز دو مرد سے سو وہ پہلے کی ہے ان سے روایت کیا اسکو ترمذی اور

ابو داود والنسائي والدارمي

الفصل الثالث

عن ابن مسعود رضـ قال كنا نغزو مع رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس
ابوداؤد اور نسائی اور دارمی نے ۔ تیسری فصل روایت ہے عبداللہ ابن مسعود رضـ سے کہا جہاد کرتے تھے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نہ تھیں

معنا نساء فقلنا الا نختصي فنهانا عن ذلك ثم رخص لنا ان نستمتع فكان احدنا ينكح المرأة بالثوب الى اجل ثم قرأ عبد الله
ہمارے ساتھ عورتیں پھر کہا ہم نے کیا خصی نہ کر ڈالیں سو منع کیا ہمکو اس سے پھر اجازت دی ہمکو متعہ کرنے کی اور کوئی ہم میں سے نکاح کرتا تھا کپڑا دے کر ایک مدت تک پھر پڑھی عبداللہ نے

يا ايها الذين آمنوا لا تحرموا طيبات ما احل الله لكم متفق عليه وعن ابن عباس رضـ قال انما كانت المتعة في اول الاسلام
اے ایمان والو حرام نہ کرو ستھری چیزیں جو حلال کیں اللہ نے تمہارے لئے ٭ ق ٭ اور روایت ہے ابن عباس رضـ سے کہا بس تھا متعہ حلال اول اسلام میں

كان الرجل يقدم البلدة ليس له بها معرفة فيتزوج المرأة بقدر ما يرى انه يقيم فتحفظ له متاعه وتصلح له شيئه
کہ آدمی آتا تھا کسی شہر میں نہ رہتی اسکو اسمیں پہچان سو نکاح کر لیتا کسی عورت سے بقدر اپنی اقامت کے گمان کے پھر نگہبانی کرتی اسکے اسباب کی اور بنا دیتی کام

اذا نزلت الآية الا على ازواجهم او ما ملكت ايمانهم قال ابن عباس فكل فرج سواهما فهو حرام رواه الترمذي وعن
جب اتری یہ آیت سوا اپنی بی بیاں اور لونڈیوں کے کہا ابن عباس نے پھر ہر شرمگاہ کہ سوا ان دونوں کے ہو سو وہ حرام ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

عامر بن سعد قال دخلت على قرظة بن كعب وابي مسعود الانصاري في عرس واذا جوار يغنين فقلت اي صاحبي رسول الله
عامر بن سعد سے کہا آیا میں قرظہ بن کعب اور ابی مسعود انصاری کے پاس کسی شادی میں اور دیکھتا ہوں کہ لڑکیاں گا رہی ہیں پھر کہا میں اے دونوں صحابی رسول

صلى الله عليه وسلم واهل بدر يفعل هذا عندكم فقالا اجلس ان شئت فاسمع معنا وان شئت فاذهب فانه قد رخص لنا
صلی اللہ علیہ وسلم کے اور اہل بدر والو کیا ہوتا ہے یہ تمہارے پاس تب کہا بیٹھ اگر چاہے تو پھر سن ہمارے ساتھ اور اگر چاہے تو چلا جا اس لئے کہ بیشک رخصت دی ہم

في اللهو عند العرس. رواه الترمذي. **باب المحرمات** **الفصل الأول** عن أبي هريرة رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه
دف بجانے کی شادی میں۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے۔ باب ان عورتوں کا بیان جن سے نکاح حرام ہے۔ پہلی فصل۔ روایت ہے ابی ہریرہ رضی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم لا يجمع بين المرأة وعمتها ولا بين المرأة وخالتها. متفق عليه. وعن عائشة رضي الله عنها قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
وسلم نے اکٹھی نہ کی جائیں نکاح میں عورت اور پھوپھی اسکی اور نہ بھانجی اور خالہ۔ ق۔ اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حرام ہے

يحرم من الرضاعة ما يحرم من الولادة. رواه البخاري. وعنها قالت جاء عمي من الرضاعة فاستأذن علي فأبيت أن آذن له حتى أسأل رسول الله صلى الله
دودھ پینے سے جو حرام ہوتا ہے جننے سے۔ روایت کیا اسکو بخاری نے۔ اور روایت ہے انہی سے کہا انہوں نے آیا چچا میرا دودھ کے ناتے کا پھر آنے چاہا مجھ سے ملنے سو انکار کیا میں نے یہاں تک کہ پوچھوں رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم فجاء رسول الله صلى الله عليه وسلم فسألته فقال إنه عمك فأذني له قالت فقلت يا رسول الله إنما أرضعتني المرأة ولم
علیہ وسلم سے پھر آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سو پوچھا میں نے آپ سے فرمایا کہ وہ تیرا چچا ہے پس حکم دے اسکو۔ کہا عائشہ نے پھر کہا میں نے یا رسول اللہ سوائے اس کے نہیں دودھ پلایا مجھے عورت نے اور

يرضعني الرجل فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم إنه عمك فليلج عليك وذلك بعد ما ضرب علينا الحجاب. متفق عليه. وعن علي
دودھ نہیں پلایا مرد نے۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ تیرا چچا ہے سو آیا کرے مجھ سے ملنے اور یہ قصہ ہوا بعد اترنے حکم آیت پردہ کی۔ ق۔ اور روایت ہے علی

رضي الله عنه قال يا رسول الله هل لك في بنت عمك حمزة فإنها أجمل فتاة في قريش فقال له أما علمت أن حمزة أخي من الرضاعة وإن الله
رضی سے کہ انہوں نے کہا یا رسول اللہ کیا آپ چاہتے ہیں نکاح کرنے بیٹی سے اپنے چچا حمزہ کی کہ وہ بہت حسین عورت ہے قریش کی عورتوں میں۔ فرمایا کیا تو نہیں جانتا کہ حمزہ میرا بھائی ہے دودھ شریکی اور اللہ تعالی نے

حرم من الرضاعة ما حرم من النسب. رواه مسلم. وعن أم الفضل رضي الله عنها قالت إن نبي الله صلى الله عليه وسلم قال لا
حرام کیا دودھ پینے سے جو ناتے کے سبب حرام کیا۔ روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے ام فضل رضی سے کہا انہوں نے بیشک نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

تحرم الرضعة أو الرضعتان. وفي رواية عائشة قال لا تحرم المصة والمصتان. وفي أخرى لأم الفضل قال لا تحرم
حرمت نہیں ثابت ہوتی ایک یا دو دودھ پینے سے اور ایک روایت میں عائشہ کی فرمایا حرمت نہیں ثابت ہوتی ایک یا دو چوسنے سے اور دوسری روایت میں ام فضل کی فرمایا حرمت نہیں ثابت ہوتی

الإملاجة والإملاجتان. هذه روايات لمسلم. وعن عائشة رضي الله عنها قالت كان فيما أنزل من القرآن عشر رضعات معلومات
ایک یا دو منہ میں چوچی لینے سے۔ ف۔ یہ روایتیں مسلم کی ہیں۔ اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہا انہوں نے تھی اتری آیتوں میں قرآن کی یہ آیت کہ دس رضعت کہ معلوم ہوں

يحرمن ثم نسخن بخمس معلومات فتوفي رسول الله صلى الله عليه وسلم وهي فيما يقرأ من القرآن. رواه مسلم. وعنها أن النبي
حرام کرتی ہیں پھر منسوخ ہوئیں پانچ سے جو معلوم ہوں پھر وفات پایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور وہ آیت قرآن کی پڑھی جاتی آیتوں میں۔ اور روایت ہے انہی سے کہ نبی

صلى الله عليه وسلم دخل عليها وعندها رجل فكأنه كره ذلك فقالت إنه أخي فقال انظرن من إخوانكن فإنما الرضاعة
صلی اللہ علیہ وسلم آئے انکے پاس اور پاس انکے ایک مرد تھا پھر گویا وہ خوش نہ آیا حضرت کو پس کہا انہوں نے کہ وہ بھائی میرا ہے۔ فرمایا سوچو کہ دودھ پلانا وہی ہے کہ

من المجاعة. متفق عليه. وعن عقبة بن الحارث أنه تزوج ابنة لأبي إهاب بن عزيز فأتت امرأة فقالت قد أرضعت
بھوک سے ہو۔ ق۔ اور روایت ہے عقبہ سے بیٹا حارث رضی کا کہ انہوں نے نکاح کیا بیٹی کو ابی اہاب کی جو بیٹا عزیز کا پھر آئی ایک عورت اور کہا تحقیق دودھ پلایا میں نے

عقبة والتي تزوج بها فقال لها عقبة ما أعلم أنك أرضعتني ولا أخبرتني فأرسل إلى آل أبي إهاب فسألهم فقالوا
عقبہ کو اور اسکو جسے نکاح کیا تب کہا اسکو عقبہ نے نہیں جانتا کہ تو نے دودھ پلایا مجھے اور خبر بھی نہ دی تو نے مجھے پھر بھیجا ابی اہاب کے لوگوں کے پاس اور پوچھا ان سے سو

ما علمنا أرضعت صاحبتنا فركب إلى النبي صلى الله عليه وسلم بالمدينة فسأله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم
معلوم نہیں کہ دودھ پلایا اس عورت نے ہماری کو پھر سوار ہو کر آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مدینے میں اور پوچھا آپ سے تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

كيف وقد قيل ففارقها عقبة ونكحت زوجا غيره رواه البخاري وعن ابي سعيد الخدري رض ان رسول الله

کیونکر اور تحقیق کہا گیا جو کہا گیا پھر چھوڑ دیا اسکو عقبہ اور نکاح کیا اسنے دوسرے خاوند سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم يوم حنين بعث جيشا الى اوطاس فلقوا عدوا فقاتلوهم فظهروا عليهم واصابوا لهم سبايا

صلی اللہ علیہ وسلم نے دن بیچ حنین کی لڑائی کے بھیجا ایک لشکر اوطاس کی طرف پھر بھڑ گئے دشمن سے اور لڑائی کی ان سے پھر غالب ہوئے ان پر اور پائے انہوں نے لئے بردے

فكان ناسا من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم تحرجوا من غشيانهن من اجل ازواجهن من المشركين فانزل الله في

پھر گویا کئی آدمی صحابہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گناہ سمجھا جماع کرنا ان سے ان کے مشرک خاوندوں کی جہت سے پھر اتاری اللہ نے

ذلك والمحصنات من النساء الا ما ملكت ايمانكم اي فهن لهم حلال اذا انقضت عدتهن رواه مسلم

اس میں یہہ آیت اور حرام ہوئیں تمہیں خاوند والی عورتیں مگر لونڈیاں یعنی پھر وہ انکو حلال ہیں جب تمام ہو عدت انکی روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني — فصل دوسری

عن ابي هريرة رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى ان تنكح المراة على عمتها او العمة على بنت اخيها او

روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا کہ نکاح کیا جاوے بھتیجی سے اسکی پھپھی رہتے یا پھپھی سے بھتیجی رہتے اور

المراة على خالتها او الخالة على بنت اختها لا تنكح الصغرى على الكبرى ولا الكبرى على الصغرى رواه الترمذي وابو داود

بھانجی سے خالہ رہتے یا خالہ سے بھانجی رہتے نکاح نہ ہو چھوٹی کا بڑی رہتے اور نہ بڑی کا چھوٹی کے رہتے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد

والدارمي والنسائي وروايته الى قوله بنت اختها وعن البراء بن عازب رض قال مر بي خالي ابو بردة بن نيار ومعه لواء

اور دارمی اور نسائی نے اور روایت نسائی کی قول تک حضرت کے بنت اختہا ہے اور روایت ہے براء بن عازب رض سے کہا کہ گذر گیا مجھ پر ماموں ابوبردہ بن نیار اور اسکے ساتھ ایک نشان تھا

فقلت اين تذهب قال بعثني النبي صلى الله عليه وسلم الى رجل تزوج امراة ابيه اتيه برأسه رواه الترمذي وابو داود وفي رواية

پھر کہا میں کہاں جاتا ہے کہا بھیجا مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد کی طرف کہ نکاح کیا باپ کی منکوحہ سے لاؤں آپ کے پاس سر اسکا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد

له والنسائي وابن ماجة والدارمي فامرني ان اضرب عنقه واخذ ماله وفي هذه الرواية قال عمي بدل خالي وعن ام سلمة

اور ایک روایت میں ابی داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی کے پھر حکم کیا مجھے اسکی گردن مارنے کا اور مال لینے کا اور اس روایت میں کہا چچا بدلے لفظ خالی کے اور روایت ہے ام سلمہ

رض قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يحرم من الرضاع الا ما فتق الامعاء في الثدي وكان قبل الفطام رواه

رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حرام نہیں کرتی رضاعت مطلقا مگر وہی جو چیر ڈالے انتڑیاں جو چھاتی میں ہے اور ہو پہلے دودھ چھڑائی کے روایت کیا

الترمذي وعن حجاج بن حجاج الاسلمي عن ابيه انه قال يا رسول الله ما يذهب عني مذمة الرضاع فقال غرة عبد

ترمذی نے اور روایت ہے حجاج بن حجاج اسلمی سے اسکے باپ سے کہ اسنے کہا یا رسول اللہ کیا چیز ادا کریگی مجھ سے حق دودھ پینے کا سو فرمایا ایک بردہ غلام

او امة رواه الترمذي وابو داود والنسائي وعن ابي الطفيل الغنوي رض قال كنت جالسا مع النبي صلى الله عليه

یا لونڈی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت ہے ابی الطفیل غنوی رض سے کہ کہا اسنے بیٹھا تھا میں نبی صلی اللہ علیہ

وسلم اذ اقبلت امراة فبسط النبي صلى الله عليه وسلم رداءه حتى قعدت عليه فلما ذهبت قيل هذه ارضعت

وسلم کے ساتھ ناگہاں آئی ایک عورت سو بچھادی نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے چادر اپنی یہاں تک کہ بیٹھی اس پر پھر جب چلی گئی کہا گیا اسنے دودھ پلایا

النبي صلى الله عليه وسلم رواه ابو داود وعن ابن عمر رض ان غيلان بن سلمة الثقفي اسلم وله عشر نسوة

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ مقرر غیلان بن سلمہ ثقفی مسلمان ہوا اور اسکی دس عورتیں تھیں ایام جاہلیت میں

فَأَسْلَمْنَ مَعَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْسِكْ أَرْبَعًا وَفَارِقْ سَائِرَهُنَّ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ نَوْفَلِ بْنِ

پھر مسلمان ہوئیں اس کے ساتھ سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے چار کو رکھ اور چھوڑ دے سب کو۔ روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے نوفل بن

مُعَاوِيَةَ رض قَالَ أَسْلَمْتُ وَتَحْتِي خَمْسُ نِسْوَةٍ فَسَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ فَارِقْ وَاحِدَةً وَأَمْسِكْ أَرْبَعًا فَعَمَدْتُ إِلَى أَقْدَمِهِنَّ

معاویہ رض سے کہ کہا مسلمان ہوا میں اور میرے تلے پانچ عورتیں تھیں سو پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تب فرمایا چھوڑ دے ایک کو اور رکھ لے چار کو قصد کیا میں نے سب سے

صُحْبَةً عِنْدِي عَاقِرٍ مُنْذُ سِتِّينَ سَنَةً فَفَارَقْتُهَا رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ فَيْرُوزَ الدَّيْلَمِيِّ عَنْ أَبِيهِ

صحبت کے رو سے جو میرے پاس تھی بانجھ تھی ساٹھ سال سے پھر چھوڑ دیا اس کو۔ روایت کیا اس کو شرح سنۃ میں اور روایت ہے ضحاک بن فیروز دیلمی سے اس کے باپ سے

قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي أَسْلَمْتُ وَتَحْتِي أُخْتَانِ قَالَ اخْتَرْ أَيَّتَهُمَا شِئْتَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنِ ابْنِ

کہ کہا اس نے کہا میں نے اے رسول اللہ کے میں اسلام لایا اور میرے نکاح میں دو بہنیں ہیں فرمایا پسند کر لے ایک کو جس کو چاہے۔ روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن

عَبَّاسٍ رض قَالَ أَسْلَمَتِ امْرَأَةٌ فَتَزَوَّجَتْ فَجَاءَ زَوْجُهَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي قَدْ أَسْلَمْتُ وَعَلِمَتْ

عباس رض سے کہ کہا مسلمان ہوئی ایک عورت پھر نکاح کیا اس نے پھر آیا پہلا خاوند اس کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا اے رسول اللہ کے میں بے شک مسلمان ہوا اور اس کو

بِإِسْلَامِي فَانْتَزَعَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ زَوْجِهَا الْآخَرِ وَرَدَّهَا إِلَى زَوْجِهَا الْأَوَّلِ وَفِي رِوَايَةٍ أَنَّهُ قَالَ إِنَّهَا أَسْلَمَتْ

خبر تھی میرے اسلام کی سو الگ کر لیا اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے پچھلے خاوند سے اور پھیر دیا اس کو اس کے خاوند کی طرف جو پہلا تھا اور ایک روایت میں ہے اس نے کہا کہ

مَعِي فَرَدَّهَا عَلَيْهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَرُوِيَ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ أَنَّ جَمَاعَةً مِنَ النِّسَاءِ رَدَّهُنَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنِّكَاحِ

وہ میرے ساتھ مسلمان ہوئی سو پھیر دیا اس کو اسی پر۔ روایت کیا اس کو ابو داؤد نے اور روایت کیا گیا شرح سنۃ میں کہ ایک جماعت کو عورتوں کی پھیر دیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے نکاح

الْأَوَّلِ عَلَى أَزْوَاجِهِنَّ عِنْدَ اجْتِمَاعِ الْإِسْلَامَيْنِ بَعْدَ اخْتِلَافِ الدِّينِ وَالدَّارِ مِنْهُنَّ بِنْتُ الْوَلِيدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ كَانَتْ

سے ان کے خاوندوں پر نزدیک جمع ہونے دو اسلام کے ف۲ بعد مختلف ہونے دین اور دار کے ف۳ ان میں سے بیٹی ولید بن مغیرہ کی بی بی جو تھی

تَحْتَ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ فَأَسْلَمَتْ يَوْمَ الْفَتْحِ وَهَرَبَ زَوْجُهَا مِنَ الْإِسْلَامِ فَبَعَثَ إِلَيْهِ ابْنَ عَمِّهِ وَهْبَ بْنَ عُمَيْرٍ بِرِدَاءِ

نکاح میں صفوان بن امیہ کے پھر مسلمان ہوئی وہ فتح مکے کے دن اور بھاگ گیا خاوند اس کا اسلام سے پھر بھیجا حضرت نے اس کی طرف چچیرا بھائی اس کا وہب بن عمیر چادر

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَانًا لِصَفْوَانَ فَلَمَّا قَدِمَ جَعَلَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْيِيرَ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ

مبارک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دے کر امان دینے کو صفوان کے پھر جب آیا ٹھہرایا اس کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھرنا چار مہینے کا

حَتّٰى أَسْلَمَ فَاسْتَقَرَّتْ عِنْدَهُ وَأَسْلَمَتْ أُمُّ حَكِيمٍ بِنْتُ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ امْرَأَةُ عِكْرِمَةَ بْنِ أَبِي جَهْلٍ يَوْمَ الْفَتْحِ بِمَكَّةَ

یہاں تک کہ مسلمان ہوا ف۴ پھر قرار پایا ف۵ صفوان کے پاس اور مسلمان ہوئی ام حکیم بیٹی حارث بن ہشام کی عورت عکرمہ کی جو بیٹا ابوجہل کا فتح کے دن مکے میں

وَهَرَبَ زَوْجُهَا مِنَ الْإِسْلَامِ حَتّٰى قَدِمَ الْيَمَنَ فَارْتَحَلَتْ أُمُّ حَكِيمٍ حَتّٰى قَدِمَتْ عَلَيْهِ الْيَمَنَ فَدَعَتْهُ إِلَى الْإِسْلَامِ فَأَسْلَمَ

اور بھاگا خاوند اس کا مسلمان ہونے سے یہاں تک کہ آیا یمن میں سو سفر کیا ام حکیم نے یہاں تک کہ گئی اس کے پاس یمن میں پھر بلایا اس کو اسلام کی طرف سو مسلمان ہوا

فَثَبَتَا عَلَى نِكَاحِهِمَا رَوَاهُ مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ مُرْسَلًا

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ حُرِّمَ مِنَ

سو ثابت رہے دونوں اپنے نکاح پر ف۶ روایت کیا اس کو مالک نے ابن شہاب سے سند مرسل سے۔ تیسری فصل۔ روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا حرام ہوئیں

النَّسَبِ سَبْعٌ وَمِنَ الصِّهْرِ سَبْعٌ ثُمَّ قَرَأَ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ الْآيَةَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ

نسب کی جہت سے سات عورتیں ف۷ اور صہر سے سات ف۸ پھر پڑھی یہ آیت حرام ہوئیں تم پر تمہاری مائیں آخر تک۔ روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے

أبيه عن جده أن النبي صلى الله عليه وسلم قال أيما رجل نكح امرأة فدخل بها فلا يحل له نكاح ابنتها وإن لم يدخل بها فلينكح
اسکے باپ سے وہ اسکے دادا سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے نکاح کیا کسی عورت سے پھر جماع کیا اسے سو حلال نہیں اسکو نکاح اسکی بیٹی کا اور اگر جماع نہ کیا ہو

ابنتها وأيما رجل نكح امرأة فلا يحل له أن ينكح أمها دخل بها أو لم يدخل رواه الترمذي وقال هذا حديث لا يصح من قبل إسناده
اسکی بیٹی سے اور جس نے نکاح کیا کسی عورت سے سو حلال نہیں اسکو نکاح کرنا اسکی ماں سے جماع کرے یا نہ کرے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث صحیح نہیں سند کی طرف سے

إنما رواه ابن لهيعة والمثنى بن الصباح عن عمرو بن شعيب وهما يضعفان في الحديث

باب المباشرة

کیونکہ روایت نہیں کیا اسکو مگر ابن لہیعہ اور مثنی بن صباح نے عمرو بن شعیب سے اور وہ دونوں کو ضعیف کہتے ہیں حدیث میں　باب جماع کے بیان کا

الفصل الأول　فصل پہلی

عن جابر رض قال كانت اليهود يقولون إذا أتى الرجل امرأته من دبرها في قبلها كان الولد أحول فنزلت نساؤكم
پہلی روایت ہے جابر رض سے کہا یہود کہتے تھے جب جماع کرتا ہے مرد اپنی عورت سے دبر کی طرف سے قبل میں اسکے تو ہوتا ہے لڑکا بھینگا اتری یہ آیت عورتیں تمہاری

حرث لكم فأتوا حرثكم أنى شئتم متفق عليه وعنه قال كنا نعزل والقرآن ينزل متفق عليه زاد مسلم فبلغ ذلك النبي
کھیتی ہیں تمہاری پھر آؤ کھیتی میں اپنی جس طرح چاہو ق اور روایت ہے اسی سے کہا عزل کرتے تھے ہم اور قرآن اترتا تھا ق اور زیادہ کیا مسلم نے پھر پہنچی خبر عزل کی نبی

صلى الله عليه وسلم فلم ينهنا وعنه قال إن رجلا أتى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال إن لي جارية هي خادمتنا وساقيتنا
صلی اللہ علیہ وسلم کو سو نہ منع کیا ہمکو اور روایت ہے اسی سے کہا بیشک ایک مرد آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا بیشک میری ایک لونڈی ہے وہ خادمہ ہماری ہے اور پانی پلانے والی

وأنا أطوف عليها وأكره أن تحمل فقال اعزل عنها إن شئت فإنه سيأتيها ما قدر لها فلبث الرجل ثم أتاه فقال إن الجارية قد حبلت
جماع کرتا ہوں اسسے اور برا جانتا ہوں اسکا حاملہ ہونا تب فرمایا عزل کر اس سے اگر چاہے تو پھر بیشک ہوگا اسکو جو کچھ کہ تقدیر میں اسکی ہے پھر دیر کی اس مرد نے پھر آیا آپ کے پاس

فقال قد أخبرتك أنه سيأتيها ما قدر لها رواه مسلم وعن أبي سعيد الخدري رض قال خرجنا مع رسول الله صلى
پس فرمایا تحقیق خبر دی میں نے تجھے کہ آوے گا اس سے جو کچھ کہ تقدیر میں اسکی ہو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہا نکلے ہم رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم في غزوة بني المصطلق فأصبنا سبيا من سبي العرب فاشتهينا النساء واشتدت علينا العزبة وأحببنا
اللہ علیہ وسلم کے ساتھ لڑائی میں قبیلہ بنی مصطلق کی سو پائے بردے بردوں عرب کے سے پھر شہوت ہوئی ہمکو عورتوں کی اور مشکل ہوا ہم پر بے عورت کے رہنا اور چاہا

العزل فأردنا أن نعزل وقلنا نعزل ورسول الله صلى الله عليه وسلم بين أظهرنا قبل أن نسأله فسألناه عن ذلك فقال ما
عزل کرنا سو ارادہ کیا عزل کا اور کہا دل میں کہ عزل کریں ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہیں پہلے آپ سے پوچھنے کے پھر پوچھا ہم نے آپ سے مسئلہ عزل کا

عليكم أن لا تفعلوا ما من نسمة كائنة إلى يوم القيامة إلا وهي كائنة متفق عليه وعنه قال سئل رسول الله صلى
واجب نہیں تم پر عزل کا نہ کرنا نہیں کوئی جان ہونے والی قیامت کے دن تک مگر وہ ہو رہیگی ق اور روایت ہے اسی سے کہا پوچھا گیا رسول اللہ صلی اللہ

الله عليه وسلم عن العزل فقال ما من كل الماء يكون الولد وإذا أراد الله خلق شيء لم يمنعه شيء رواه مسلم وعن سعد بن
علیہ وسلم سے مسئلہ عزل کا تب فرمایا نہیں ہے کہ سب منی سے ہوتا ہو بچہ اور جب چاہتا ہے اللہ بنانا کسی چیز کا روکتی نہیں اسکو کوئی چیز روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

أبي وقاص رض أن رجلا جاء إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال إني أعزل عن امرأتي فقال له رسول الله صلى الله
ابی وقاص رض سے کہ بیشک ایک مرد آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو کہا کہ میں عزل کرتا ہوں اپنی عورت سے سو فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم لم تفعل ذلك فقال الرجل أشفق على ولدها فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو كان ذلك ضارا ضر فارس
علیہ وسلم نے کیوں عزل کرتا ہے تب کہا اس مرد نے ڈرتا ہوں ضرر سے اسکی اولاد کے سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر ہوتا وہ مضر تو ضرر کرتا فارس

وَالرُّوْمَ رواه مسلم وَعَنْ جُذَامَةَ بِنْتِ وَهْبٍ رض قَالَتْ حَضَرْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ أُنَاسٍ وَهُوَ يَقُوْلُ

اور روم کا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جذامہ بنت وہب رض سے کہا انہوں نے حاضر ہوئی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کئی آدمیوں میں اور آپ فرماتے تھے

لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ أَنْهٰى عَنِ الْغِيْلَةِ فَنَظَرْتُ فِي الرُّوْمِ وَفَارِسَ فَإِذَا هُمْ يُغِيْلُوْنَ أَوْلَادَهُمْ فَلَا يَضُرُّ أَوْلَادَهُمْ ذٰلِكَ شَيْئًا ثُمَّ سَأَلُوْهُ

تحقیق قصد کیا میں نے منع کا غیلہ سے پھر دیکھا میں نے روم اور فارس کی لوگوں کو سو دیکھا جو کہ وہ جماع کرتے ہیں دودھ پلانے والی عورتوں سے اور نہیں ضرر کرتا ان کی اولاد کو کچھ پھر پوچھا آپ سے

عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ الْوَأْدُ الْخَفِيُّ وَهِيَ وَإِذَا الْمَوْءُوْدَةُ سُئِلَتْ رواه مسلم وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ

عزل کا مسئلہ سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عزل چھپا گاڑ دینا ہے اولاد کا اور شامل ہے آیت واذا الموءودۃ سئلت میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید

الْخُدْرِيِّ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَعْظَمَ الْأَمَانَةِ عِنْدَ اللهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ إِنَّ مِنْ أَشَرِّ

خدری رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بڑی خیانت امانت میں اللہ کے پاس قیامت کے دن اور ایک روایت میں ہے کہ بہت برا

النَّاسِ عِنْدَ اللهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الرَّجُلُ يُفْضِيْ إِلَى امْرَأَتِهِ وَتُفْضِيْ إِلَيْهِ ثُمَّ يَنْشُرُ سِرَّهَا رواه مسلم

الفصل الثاني

آدمی اللہ کے پاس مرتبہ میں قیامت کے دن وہ ہے جو جماع کرے اپنی عورت سے اور جماع کروا دے عورت اس سے پھر ظاہر کرے بھید اسکا روایت کیا اسکو مسلم نے دوسری فصل

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ أُوْحِيَ إِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوْا حَرْثَكُمْ الْآيَة أَقْبِلْ وَأَدْبِرْ

روایت ہے ابن عباس رض سے کہا وحی آئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کہ عورتیں تمہاری کھیتی تمہاری ہیں پھر آؤ اپنی کھیتی میں تمام آیت یعنی

وَاتَّقِ الدُّبُرَ وَالْحَيْضَةَ رواه الترمذي وابن ماجه وَعَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ رض أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللهَ لَا

اور بچو دبر سے اور حیض سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے خزیمہ بن ثابت رض سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق اللہ

يَسْتَحْيِيْ مِنَ الْحَقِّ لَا تَأْتُوا النِّسَاءَ فِيْ أَدْبَارِهِنَّ رواه أحمد والترمذي وابن ماجه والدارمي وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ

شرماتا نہیں حق فرمانے سے فرماتا ہے کہ دخول نہ کرو عورتوں کی دبر میں روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا

رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَلْعُوْنٌ مَنْ أَتَى امْرَأَتَهُ فِيْ دُبُرِهَا رواه أحمد وأبو داود وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنتی ہے جس نے دخول کیا اپنی عورت کی دبر میں روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے

رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الَّذِيْ يَأْتِي امْرَأَتَهُ فِيْ دُبُرِهَا لَا يَنْظُرُ اللهُ إِلَيْهِ رواه في شرح السنة وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیشک جو کوئی دخول کرے اپنی عورت کی دبر میں رحم نہ کریگا اللہ اس پر روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور روایت ہے ابن عباس رض سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْظُرُ اللهُ إِلٰى رَجُلٍ أَتٰى رَجُلًا أَوِ امْرَأَةً فِي الدُّبُرِ رواه الترمذي وَعَنْ أَسْمَاءَ

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رحم نہ کریگا اللہ اس مرد پر کہ اغلام کرے کسی مرد یا عورت سے اسکی دبر میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسماء

بِنْتِ يَزِيْدَ رض قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَقْتُلُوْا أَوْلَادَكُمْ سِرًّا فَإِنَّ الْغَيْلَ يُدْرِكُ الْفَارِسَ فَيُدَعْثِرُهُ

بنت یزید رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے نہ مار ڈالو اپنی اولاد کو چھپا کر کہ تحقیق غیل ضرر کرتا ہے اہل فارس کو پھر گرا دیتا ہے

عَنْ فَرَسِهٖ رواه أبو داود

الفصل الثالث

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رض قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُعْزَلَ عَنِ الْحُرَّةِ

گھوڑے سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے تیسری فصل روایت ہے عمر بن خطاب رض سے کہ کہا انہوں نے منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ عزل کیا جاوے آزاد عورت سے

إِلَّا بِإِذْنِهَا رواه ابن ماجه

باب

الفصل الأول

فَرُدَّ عَلَيْكَ وَأَمَّا ابْنُكَ فَعَلَيْهِ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيبُ عَامٍ وَأَمَّا أَنْتَ يَا أُنَيْسُ فَاغْدُ عَلَى امْرَأَةِ هَذَا فَإِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا

سو پھیری جاتی ہے تجھکو اور بیٹے پر تیرے سو درے ہیں اور جلا وطن کرنا ایک سال اور تو اے انیس صبح کو جا اسکی عورت کے پاس پھر اگر اقرار کرے تو سنگسار کیجو

فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ رض قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُ فِيمَنْ زَنَى وَلَمْ يُحْصَنْ

سو اقرار کیا پھر سنگسار کیا اسکو ۔ ق ۔ اور روایت ہے زید بن خالد رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم فرماتے زانی غیر محصن کے حق میں

جَلْدَ مِائَةٍ وَتَغْرِيبَ عَامٍ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عُمَرَ رض قَالَ إِنَّ اللهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ

سو درے کا اور ایک برس جلا وطن کرنے کا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عمر رض سے کہا مقرر اللہ نے بھیجا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حق پر اور اتاری اسپر کتاب

فَكَانَ مِمَّا أَنْزَلَ اللهُ تَعَالَى آيَةُ الرَّجْمِ رَجَمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا بَعْدَهُ وَالرَّجْمُ فِي كِتَابِ اللهِ حَقٌّ عَلَى مَنْ زَنَى إِذَا أَحْصَنَ

سو تھی اسمیں جو اتاری اللہ برتر نے آیت رجم کی سنگسار کیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور سنگسار کیا ہم نے بعد ان کے اور رجم اللہ کی کتاب میں ثابت ہے اس پر جو زنا کرے جب محصن ہو

مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ إِذَا قَامَتِ الْبَيِّنَةُ أَوْ كَانَ الْحَبَلُ أَوِ الِاعْتِرَافُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ رض أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

مردوں اور عورتوں سے جب قائم ہو گواہ یا ہو حمل یا اقرار ۔ ق ۔ اور روایت ہے عبادہ بن صامت رض سے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ قَالَ خُذُوا عَنِّي خُذُوا عَنِّي قَدْ جَعَلَ اللهُ لَهُنَّ سَبِيلًا الْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيبُ عَامٍ وَالثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ

وسلم نے فرمایا کہ سیکھو مجھ سے سیکھو مجھ سے مقرر ٹھہرا دی اللہ نے ان کے لئے راہ زنا کرنے بن بیاہے کے ساتھ سو درے اور وطن چھوڑنا ایک برس اور بیاہے کے ساتھ

مِائَةٍ وَالرَّجْمُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رض أَنَّ الْيَهُودَ جَاءُوا إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرُوا لَهُ أَنَّ رَجُلًا

سو درے اور سنگسار ہی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر رض سے کہ آئے یہود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سو ذکر کیا روبرو آپکے کہ ایک مرد

مِنْهُمْ وَامْرَأَةً زَنَيَا فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَجِدُونَ فِي التَّوْرَاةِ فِي شَأْنِ الرَّجْمِ قَالُوا نَفْضَحُهُمْ وَيُجْلَدُونَ

اور ایک عورت نے ان میں سے زنا کیا ہے سو فرمایا ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا پاتے ہو توریت میں رجم کے مقدمہ میں بولے رسوا کرتے ہیں ہم زانیوں کو اور درے مارے جاتے ہیں

قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ سَلَامٍ كَذَبْتُمْ إِنَّ فِيهَا الرَّجْمَ فَأَتَوْا بِالتَّوْرَاةِ فَنَشَرُوهَا فَوَضَعَ أَحَدُهُمْ يَدَهُ عَلَى آيَةِ الرَّجْمِ فَقَرَأَ مَا قَبْلَهَا

کہا عبد اللہ بن سلام نے جھوٹ بولتے ہو تم مقرر توریت میں حکم رجم کا ہے سو لائے توریت پھر کھولے اور رکھا ایک نے ہاتھ اپنا رجم کی آیت پر پھر پڑھا ما قبل

وَمَا بَعْدَهَا فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللهِ بْنُ سَلَامٍ ارْفَعْ يَدَكَ فَرَفَعَ فَإِذَا فِيهَا آيَةُ الرَّجْمِ فَقَالُوا صَدَقَ يَا مُحَمَّدُ فِيهَا آيَةُ الرَّجْمِ فَأَمَرَ بِهِمَا النَّبِيُّ

اور ما بعد کو اسکے سو کہا عبد اللہ بن سلام نے اٹھا اپنے ہاتھ کو پھر اٹھایا اسکو پھر جبھی اسمیں تھی آیت رجم کی سو بولے سچ کہا یا محمد اسمیں آیت رجم کی ہے پھر فرمایا ان دونوں کی

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَا وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ ارْفَعْ يَدَكَ فَرَفَعَ فَإِذَا آيَةُ الرَّجْمِ تَلُوحُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّ فِيهَا آيَةَ الرَّجْمِ وَلَكِنَّا نَتَكَاتَمُهُ

صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم رجم کا پھر وے سنگسار کئے گئے اور ایک روایت میں کہا اٹھا اپنے ہاتھ کو پھر اٹھایا پھر جبھی آیت رجم کی چمک رہی سو کہا اے محمد مقرر اسمیں آیت رجم کی ہے

بَيْنَنَا فَأَمَرَ بِهِمَا فَرُجِمَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ فَنَادَاهُ يَا رَسُولَ اللهِ

... ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا آیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک مرد اور آپ مسجد میں تھے سو پکارا اسنے آنحضرت کو

إِنِّي زَنَيْتُ فَأَعْرَضَ عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَنَحَّى لِشِقِّ وَجْهِهِ الَّذِي أَعْرَضَ قِبَلَهُ فَقَالَ إِنِّي زَنَيْتُ فَأَعْرَضَ عَنْهُ فَلَمَّا شَهِدَ

مقرر میں نے زنا کیا پھر منہ پھیر لیا اسکی طرف سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر آیا اس طرف کو منہ پھیرا تھا آنحضرت نے جدھر کو سو کہا زنا کیا میں نے پھر منہ پھیر لیا اسکی طرف سے پھر جب

أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ دَعَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَبِكَ جُنُونٌ قَالَ لَا فَقَالَ أَحْصَنْتَ قَالَ نَعَمْ يَا رَسُولَ اللهِ فَقَالَ اذْهَبُوا بِهِ فَارْجُمُوهُ

چار دفعہ گواہی دی بلایا اسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اور فرمایا کیا تجھکو جنون ہے بولا نہیں فرمایا کیا تیری شادی ہوئی ہے بولا ہاں یا رسول اللہ فرمایا لیجاؤ اسے سنگسار کرو

قال ابن شهاب فاخبرني من سمع جابر بن عبد الله يقول فرجمناه بالمدينة فلما اذلقته الحجارة هرب حتى ادركناه بالحرة
کہا ابن شہاب نے سو خبر دی مجھے جس نے سنی جابر بن عبد اللہ سے کہتے تھے سو سنگسار کیا ہم نے اسکو مدینہ میں پھر جب لگے اسکو پتھر بھاگا یہاں تک کہ پایا ہم نے اسکو سنگستان میں

فرجمناه حتى مات متفق عليه وفي رواية للبخاري عن جابر بعد قوله قال نعم فامر به فرجم بالمصلى فلما اذلقته الحجارة
پھر سنگسار کیا ہم نے اسکو یہاں تک کہ مر گیا اور بخاری کی ایک روایت میں جو جابر سے ہے بعد قول اسکے کہ قال نعم پھر حکم کیا آنحضرت نے سو سنگسار کیا گیا عیدگاہ میں پھر جب لگے اسکو پتھر

فر فادرك فرجم حتى مات فقال له النبي صلى الله عليه وسلم خيرا وصلى عليه وعن ابن عباس قال لما اتى ماعز بن مالك
بھاگا سو پکڑا گیا اور سنگسار کیا گیا یہاں تک کہ مر گیا سو فرمایا اسکے حق میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کلمہ خیر اور نماز پڑھی اس پر اور روایت ہے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا جب آیا ماعز بن مالک

النبي صلى الله عليه وسلم فقال له لعلك قبلت او غمزت او نظرت قال لا يا رسول الله قال انكتها لا يكني قال نعم فعند ذلك
نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس فرمایا اسے شاید تو نے بوسہ لیا ہوگا یا اشارہ کیا ہوگا یا نظر کیا ہوگا بولا نہیں یا رسول اللہ فرمایا کیا جماع کیا تو نے بولا ہاں تب

امر برجمه رواه البخاري وعن بريدة قال جاء ماعز بن مالك الى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله طهرني
حکم کیا اسکے سنگسار کرنے کا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے بریدہ رض سے کہا آیا ماعز بن مالک نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس سو کہا یا رسول اللہ پاک کر مجھے

فقال ويحك ارجع فاستغفر الله وتب اليه قال فرجع غير بعيد ثم جاء فقال يا رسول الله طهرني فقال النبي صلى الله
سو فرمایا تو لوٹ جا اور معافی مانگ اللہ سے اور رجوع کر اسکی طرف سو چلا گیا تھوڑی دور پھر آیا اور بولا یا رسول اللہ پاک کر مجھے سو فرمایا نبی صلی اللہ

عليه وسلم مثل ذلك حتى اذا كانت الرابعة قال له رسول الله صلى الله عليه وسلم فيم اطهرك قال من الزنا فقال رسول الله
علیہ وسلم نے اسی طرح یہاں تک کہ جب چوتھا بار ہوا فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس چیز سے پاک کروں تجھے کہا زنا سے سو فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم ابه جنون فاخبر انه ليس بمجنون فقال اشرب خمرا فقام رجل فاستنكهه فلم يجد منه ريح
صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا اسکو جنون ہے سو خبر کی لوگوں نے کہ وہ دیوانہ نہیں پھر فرمایا کیا پی شراب سو کھڑا ہوا ایک مرد اور سونگھا اسکا منہ سو نہ پائی اس میں بو

خمر فقال ازنيت قال نعم فامر به فرجم فلبثوا يومين او ثلثة ثم جاء رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال استغفروا
شراب کی پھر فرمایا کیا زنا کیا تو نے بولا ہاں سو حکم کیا رجم کا سو رجم کیا گیا پھر ٹھیرے دو دن یا تین دن پھر آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر فرمایا مانگو

لماعز بن مالك لقد تاب توبة لو قسمت بين امة لوسعتهم ثم جاءته امرأة من غامد من الازد فقالت يا رسول
ماعز بن مالک کے لئے البتہ مقرر توبہ کی ہے اسنے ایسی کہ اگر تقسیم ہو امت میں تو البتہ کفایت کرتی ہے پھر آئی آپ پاس ایک عورت غامدیہ سو بولی یا رسول

الله طهرني فقال ويحك ارجعي فاستغفري الله وتوبي اليه فقالت تريد ان ترددني كما رددت ماعز بن مالك
اللہ پاک کر مجھے سو فرمایا تو لوٹ جا اور معافی مانگ اللہ سے اور رجوع کر اسکی طرف سو بولی چاہتے ہیں آپ پھیرنے کو مجھے جیسا پھیرا آپ نے ماعز بن مالک کو

انها حبلى من الزنا فقال آنت قالت نعم قال لها حتى تضعي ما في بطنك قال فكفلها رجل من الانصار حتى وضعت فاتى النبي
مقرر وہ حاملہ ہے زنا سے سو فرمایا تو ہی بولی ہاں فرمایا اسکو یہاں تک کہ جنے تو اپنے پیٹ کے بچے کو سو کفیل ہوا اسکا ایک مرد انصار سے یہاں تک کہ جنی آیا وہ مرد آنحضرت

صلى الله عليه وسلم فقال قد وضعت الغامدية فقال اذا لا نرجمها وندع ولدها صغيرا ليس له من يرضعه فقام
صلی اللہ علیہ وسلم پاس پھر کہا مقرر جنی ہے غامدیہ تب فرمایا ابھی پتھر او نکر سنگے اسکو اور چھوڑ دینگے اسکے لڑکے کو چھوٹا نہیں ہے اسکے لئے کوئی دودھ دینے والا

رجل من الانصار فقال الي رضاعه يا نبي الله قال فرجمها وفي رواية انه قال لها اذهبي حتى تلدي فلما ولدت قال
ایک مرد انصار سے اور کہا میرے ذمہ ہے دودھ دینا اسکا ای نبی اللہ کہا راوی نے پھر رجم کیا اسکو اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا آنحضرت نے اس عورت کو چلی جا یہاں تک کہ جنے تو پھر جب جنی فرمایا

اذهبي فأرضعيه حتى تفطميه فلما فطمته أتته بالصبي في يده كسرة خبز فقالت هذا يا نبي الله قد فطمته وقد أكل الطعام فدفع

بیٹی جا اور دودھ پلا اسکو یہاں تک کہ چھڑا دے تو اسکو دودھ سے پھر جب چھڑایا اسکو دودھ سے لائی لڑکے کو اور اسکے ہاتھ میں ٹکڑا تھا روٹی کا سو کہا اے نبی اللہ کے میں نے اسکا دودھ چھڑایا اور کھانا کھانے لگا

الصبي إلى رجل من المسلمين ثم أمر بها فحفر لها إلى صدرها وأمر الناس فرجموها فيقبل خالد بن الوليد بحجر فرمى رأسها

اس لڑکے کو کسی مرد مسلمان کے پھر حکم کیا اسکے لیے گڑھا کھودا گیا اسکے سینے تک اور فرمایا لوگوں کو سنگسار کریں سو آیا خالد بن ولید پتھر لیکر اور مارا سر پر

فتنضح الدم على وجه خالد فسبها فقال النبي صلى الله عليه وسلم مهلا يا خالد فوالذي نفسي بيده لقد تابت

سو گرا خون چہرہ پر خالد کے پھر گالی دی خالد نے اسکو سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹھہر جا اے خالد قسم اس ذات کی کہ میری جان اسکے ہاتھ میں ہے تحقیق توبہ کی اس نے

توبة لو تابها صاحب مكس لغفر له ثم أمر بها فصلى عليها ودفنت رواه مسلم وعن أبي هريرة رض قال سمعت النبي

ایسی توبہ کہ اگر کرے اسکو محصول لینے والا تو البتہ بخشا جائے پھر حکم کیا اور نماز پڑھی اسپر اور دفن کی گئی روایت کیا اسکو مسلم نے۔ روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا سنا میں نے نبی

صلى الله عليه وسلم يقول إذا زنت أمة أحدكم فتبين زناها فليجلدها الحد ولا يثرب عليها ثم إن زنت فليجلدها

صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جب زنا کرے لونڈی کسی کی تم میں سے پھر ظاہر ہو زنا اسکا تو چاہیے کہ مارے اسکو حد اور ملامت نہ کرے اسپر پھر اگر دوبارہ کرے زنا

ولا يثرب ثم إن زنت الثالثة فتبين زناها فليبعها ولو بحبل من شعر متفق عليه وعن علي رض قال يا أيها الناس أقيموا

اور ملامت نہ کرے پھر اگر زنا کرے تیسری دفعہ اور ظاہر ہو زنا اسکا تو بیچ ڈالے اسکو اگرچہ ایک بال کی رسی ہو۔ روایت ہے علی رض سے کہا اے لوگو قایم کرو حد

على أرقائكم الحد من أحصن منهم ومن لم يحصن فإن أمة لرسول الله صلى الله عليه وسلم زنت فأمرني أن أجلدها

اپنی لونڈی غلام پر محصن ہو یا غیر محصن کیونکہ زنا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لونڈی نے سو فرمایا مجھکو کہ درہ ماروں اسے

فإذا هي حديث عهد بنفاس فخشيت إن أنا جلدتها أن أقتلها فذكرت ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم فقال أحسنت

سو دیکھا میں کہ تھوڑا عرصہ گذرا ہے اسکے جننے کو سو ڈرا میں کہ اگر درے لگاؤں تو مر جائیگی پھر میں نے ذکر کیا اسکا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سو فرمایا خوب کیا تو نے

رواه مسلم وفي رواية أبي داود قال دعها حتى ينقطع دمها ثم أقم عليها الحد وأقيموا الحدود على ما ملكت

روایت کیا اسکو مسلم نے اور ابی داود کی روایت میں فرمایا چھوڑ دے اسکو یہاں تک کہ بند ہو خون اسکا پھر قایم کر اسپر حد اور قایم کرو حد اپنی لونڈی

أيمانكم

الفصل الثاني

عن أبي هريرة رض قال جاء ماعز الأسلمي إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال إنه قد زنى

غلام پر۔ دوسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا آیا ماعز اسلمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو کہا کہ زنا کیا اسنے

فأعرض عنه ثم جاء من شقه الآخر فقال إنه قد زنى فأعرض عنه ثم جاء من شقه الآخر فقال يا رسول الله إنه قد

پھر منہ پھیر لیا اسکی طرف سے پھر آیا دوسری جانب کو اور کہا کہ اسنے زنا کیا پھر منہ پھیر لیا اسکی طرف سے پھر آیا اسی جانب کو اور کہا یا رسول اللہ اسنے

زنى فأمر به في الرابعة فأخرج إلى الحرة فرجم بالحجارة فلما وجد مس الحجارة فر يشتد حتى مر برجل معه لحي جمل

زنا کیا تب حکم فرمایا چوتھی دفعہ سو لیگئے سنگستان کی طرف اور مارا گیا پتھروں سے پھر جب پائی چوٹ پتھروں کی بھاگا دوڑتا ہوا یہاں تک کہ گذرا ایک مرد پر

فضربه به وضربه الناس حتى مات فذكروا ذلك لرسول الله صلى الله عليه وسلم أنه فر حين وجد مس الحجارة ومس

سو مارا اسکو اور مارا اسکو لوگوں نے یہاں تک کہ مر گیا پھر ذکر کیا اسکا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہ وہ بھاگا جب پہنچی اسکو مار پتھروں کی اور علامت

الموت فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هلا تركتموه رواه الترمذي وابن ماجه وفي رواية هلا تركتموه لعله أن يتوب

موت کی سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیوں نہ چھوڑ دیا اسکو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور ایک روایت میں ہے کیوں نہیں چھوڑا اسکو شاید وہ توبہ کرتا

فيتوب الله عليه * وعن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال لماعز بن مالك أحق ما بلغني عنك قال وما بلغك عني

پھر بخشتا ہے اسکو اللہ تعالیٰ روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ماعز بن مالک کو بھلا سچ ہے جو پہنچی مجھ تک تیری بات کہا کیا پہنچی آپ کو میری بات

قال بلغني انك قد وقعت على جارية آل فلان قال نعم فشهد اربع شهادات فامر به فرجم رواه مسلم * وعن يزيد

فرمایا پہنچی مجھ کو کہ جا پڑا تو فلانے کی آل کی لونڈی پر بولا ہاں سو گواہی دی اپنی جان پر چار مرتبے پھر حکم فرمایا اسپر سو سنگسار کر دیا گیا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

بن نعيم عن ابيه ان ماعزا اتى النبي صلى الله عليه وسلم فاقر عنده اربع مرات فامر برجمه وقال لهزال لو سترته بثوبك

نعیم سے اپنے باپ سے کہ آیا ماعز پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور اقرار کیا چار مرتبے پھر حکم فرمایا اسکے سنگسار کا کہا ہزال کو اگر چھپا لیتا تو اسکو اپنے کپڑے میں

كان خيرا لك قال ابن المنكدر ان هزالا امر ماعزا ان ياتي النبي صلى الله عليه وسلم فيخبره رواه ابو داود * وعن

تو ہوتا بھلا تیرے لئے کہا ابن المنکدر نے کہ ہزال نے حکم کیا ماعز کو کہ حاضر ہو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس خبر کرے انکو روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت

عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده عبد الله بن عمرو بن العاص ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال تعافوا الحدود

عمرو بن شعیب سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے اپنے دادا سے جو عبد اللہ بن عمرو بن العاص ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا معاف کرو حدوں کو

فيما بينكم فما بلغني من حد فقد وجب رواه ابو داود والنسائي * وعن عائشة رضي الله عنها ان النبي صلى الله عليه وسلم قال

آپس میں اپنے پھر جو حد پہنچی میرے پاس سو ضرور واجب ہو گئی روایت کیا اسکو ابو داود اور نسائی نے اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اقيلوا ذوي الهيئات عثراتهم الا الحدود رواه ابو داود * وعنها قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ادرءوا

درگذر کرو عزت داروں کی لغزشوں سے مگر حدیں روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے انہی سے بولیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ٹال دو

الحدود عن المسلمين ما استطعتم فان كان له مخرج فخلوا سبيله فان الامام ان يخطئ في العفو خير من ان يخطئ

حدوں کو مسلمانوں سے جب تک تم سے ہو سکے پھر اگر ہو سکے چھٹکارا تو چھوڑ دو اسکو کیونکہ خطا امام کی عفو میں بہتر ہے خطا کرنے سے

في العقوبة رواه الترمذي وقال قد روي عنها ولم يرفع وهو اصح * وعن وائل بن حجر قال استكرهت امراة على عهد

عقوبت میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ روایت کی گئی یہ حدیث عائشہ سے اور مرفوع نہوئی اور یہ روایت صحیح تر ہے اور روایت ہے وائل بن حجر سے کہا زبردستی کی گئی ایک عورت سے زمانے میں

النبي صلى الله عليه وسلم فدرا عنها الحد واقامه على الذي اصابها ولم يذكر انه جعل لها مهرا رواه الترمذي * وعنه

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر ٹال دی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے حد اور قائم کی گئی حد زبردستی کرنے والے پر اور ذکر نکیا راوی نے کہ ٹھہرایا ہو اسکے لئے آنحضرت نے مہر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انہی سے

ان امراة خرجت على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم تريد الصلوة فتلقاها رجل فتجللها فقضى حاجته منها

کہ ایک عورت باہر نکلی زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز کے لئے پھر آ گیا اسکے ایک مرد پھر چھپا لیا اسکو پھر پوری کی حاجت اپنی اس سے

فصاحت وانطلق ومرت عصابة من المهاجرين فقالت ان ذلك الرجل فعل بي كذا وكذا فاخذوا الرجل فاتوا به

سو چیخی وہ عورت اور چلا گیا وہ مرد اور گذری ایک جماعت مہاجروں کی پھر بولی کہ اس مرد نے کیا میرے ساتھ ایسا اور ایسا سو پکڑا اس مرد کو اور لائے اسکو

رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال لها اذهبي فقد غفر الله لك وقال للرجل الذي وقع عليها ارجموه وقال لقد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو فرمایا اسکو چلی جا مغفرت اللہ نے بخش تجھے اور فرمایا اس مرد کو جو جا پڑا تھا اسپر سنگسار کرو اسکو اور فرمایا البتہ

تاب توبة لو تابها اهل المدينة لقبل منهم رواه الترمذي وابو داود * وعن جابر ان رجلا زنى بامراة فامر النبي

ایسی کی توبہ کہ اگر کرتے اسکو مدینے والے البتہ قبول کیا جاتا ان سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود نے اور روایت ہے جابر رضی اللہ عنہ سے کہ زنا کیا ایک مرد نے ایک عورت سے سو حکم فرمایا نبی

صلى الله عليه وسلم فجلده الحد ثم اخبره انه محصن فامر به فرجم رواه ابو داود وعن سعيد بن سعد بن عبادة

صلی اللہ علیہ وسلم نے اسپر حد لگائی پھر خبر دی گئی کہ وہ محصن ہے پھر حکم فرمایا سو سنگسار کیا گیا روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے سعید بن سعد بن عبادہ سے

ان سعد بن عبادة اتى النبي صلى الله عليه وسلم برجل كان في الحي مخدج سقيم فوجد على امة من امائهم يخبث بها

سعد بن عبادہ لائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس ایک آدمی کو جو تھا محلے میں ناقص الخلقت بیمار اور پایا اسکو بدکام کرتا کسی کی لونڈی سے

فقال النبي صلى الله عليه وسلم خذوا له عثكالا فيه مائة شمراخ فاضربوه ضربة رواه في شرح السنة وفي رواية

سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لو اسکے لئے ایک جھاڑ کھجور کا جسمیں سو سینکیں ہوں پھر مارو اسکو ایک دفعہ روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور

ابن ماجة نحوه وعن عكرمة عن ابن عباس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من وجدتموه يعمل عمل قوم لوط فاقتلوا

ابن ماجہ کی روایت میں اسکے مثل ہے اور روایت ہے عکرمہ سے ابن عباس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو پاؤ وہ کام کرتے جو کیا لوط علیہ السلام کی قوم نے تو قتل کرو

الفاعل والمفعول به رواه الترمذي وابن ماجة وعن ابن عباس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اتى

کرنے اور کروانے والے کو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے جماع کیا

بهيمة فاقتلوه واقتلوها معه قيل لابن عباس ما شان البهيمة قال ما سمعت من رسول الله صلى الله عليه وسلم

چوپائے سے سو قتل کرو اسکو اور قتل کرو اس چارپائے کو ساتھ اسکے پوچھے گئے ابن عباس کیا حال ہے چوپائے کا کہا نہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے

في ذلك شيئا ولكن اراه كره ان يؤكل لحمها او ينتفع بها وقد فعل بها ذلك العمل رواه ابو داود والترمذي وابن ماجة وعن جابر رض

اس باب میں کچھ لیکن گمان کرتا ہوں آنحضرت کو مکروہ جانا اسکا گوشت کھانا یا نفع اٹھانا اس سے اور تحقیق کی گئی ہے ساتھ اسکے ایسی حرکت روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے جابر رض سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان اخوف ما اخاف على امتي عمل قوم لوط رواه الترمذي وابن ماجة وعن ابن عباس

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت ڈر کی چیزوں میں سے ڈرتا ہوں میں اپنی امت پر قوم لوط علیہ السلام کی عمل کا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عباس

رض ان رجلا من بني بكر بن ليث اتى النبي صلى الله عليه وسلم فاقر انه زنى بامراة اربع مرات فجلده مائة وكان بكرا

رض سے کہ ایک مرد بنی بکر بن لیث سے آیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور اقرار کیا چار دفعہ کہ اسنے زنا کیا ایک عورت سے سو مارا اسکو سو درے اور تھا وہ کنوارا

ثم سأله البينة على المرأة فقالت كذب والله يا رسول الله فجلده حد الفرية رواه ابو داود وعن عائشة رض

پھر مانگا اس سے گواہ عورت پر سو بولی جھوٹا ہے یہ قسم اللہ کی یا رسول اللہ پھر ماری گئی اسکو حد قذف کی روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے عائشہ رض سے

قالت لما نزل عذري قام النبي صلى الله عليه وسلم على المنبر فذكر ذلك فلما نزل من المنبر امر بالرجلين والمرأة فضربوا

بولیں جب اترا قرآن میرے بارے میں کھڑے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر اور ذکر کیا اسکا پھر جب اترے منبر سے حکم فرمایا دو مرد اور ایک عورت پر پھر کھینچے گئے

حدهم رواه ابو داود

انکی حد کو روایت کیا اسکو ابوداود نے

الفصل الثالث

تیسری فصل

عن نافع ان صفية بنت ابي عبيد اخبرته ان عبدا من رقيق الامارة وقع على وليدة من الخمس فاستكرهها حتى اقتضها فجلده عمر ولم يجلدها من اجل انه استكرهها رواه البخاري وعن

روایت ہے نافع سے کہ ابی عبید کی بیٹی صفیہ نے خبر دی اسکو کہ ایک غلام امارت کے غلاموں سے جا پڑا ایک خمس کی لونڈی پر پھر زبردستی کی اسپر یہاں تک کہ ازالہ بکر کیا پھر درے لگائے اسکو حضرت عمر رض نے اور نہ حد ماری اس لونڈی کو سبب زبردستی ہونے کے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے

يزيد بن نعيم بن هزال عن ابيه قال كان ماعز بن مالك يتيما في حجر ابي فاصاب جارية من الحي فقال له ابي ائت رسول الله

یزید بن نعیم بن ہزال سے اسنے اپنے باپ سے کہا تھا ماعز بن مالک یتیم میرے باپ کی گود میں پھر پہنچا محلے کی ایک لونڈی پر سو کہا اسکو میرے باپ نے آ رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم فأخبره بما صنعت لعله يستغفر لك وإنما يريد بذلك رجاء أن يكون له مخرج فأتاه فقال يا رسول الله

صلی اللہ علیہ وسلم پاس سو خبر دے ان کو اپنے فعل کی شاید کہ بخشوائیں تیرے لئے اور یہ ارادہ کرتا تھا اسکی امید سے کہ ہو سکے اسکے لئے خلاصی سو آیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

إني زنيت فأقم علي كتاب الله فأعرض عنه فعاد فقال يا رسول الله إني زنيت فأقم علي كتاب الله حتى قالها أربع مرات

میں نے زنا کیا سو قائم کر مجھ پر حکم اللہ کا سو منہ پھیر لیا آپ نے پھر آیا اور کہا یا رسول اللہ میں نے زنا کیا سو قائم کر مجھ پر حکم اللہ یہانتک کہ کہا یہ کلمہ چار مرتبے

فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم إنك قد قلتها أربع مرات فبمن قال بفلانة قال هل ضاجعتها قال نعم قال هل باشرتها قال

سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر تو نے اقرار کیا اسکا چار مرتبے سو کس سے زنا کیا تو نے کہا فلانی سے فرمایا کیا اسکے پہلو میں لیٹا تھا کہا ہاں فرمایا کیا بدن سے بدن ملایا کہا

نعم قال هل جامعتها قال نعم فأمر به أن يرجم فأخرج به إلى الحرة فلما رجم فوجد مس الحجارة جزع فخرج يشتد فلقيه عبد

ہاں فرمایا بھلا مجامعت کی تو نے اس سے کہا ہاں سو حکم فرمایا اسپر سنگسار کیا جاوے سو لے گئے اسکو سنگستان میں پھر جب رجم کیا گیا اور پہنچی چوٹ پتھروں کی سو گھبرایا اور بھاگا دوڑتا

الله بن أنيس وقد عجز أصحابه فنزع له بوظيف بعير فرماه به فقتله ثم أتى النبي صلى الله عليه وسلم فذكر ذلك له فقال

عبد اللہ بن انیس سے ملا اور تھک گئے تھے اسکے یار سو کھینچی عبد اللہ بن انیس نے اسکے لئے اونٹ کی ہڈی پھر مارا اسکو اور قتل کیا پھر آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور ذکر کیا

هلا تركتموه لعله أن يتوب فيتوب الله عليه رواه أبو داود وعن عمرو بن العاص رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم

کیوں نہ چھوڑ دیا اسکو شاید کہ وہ توبہ کرتا سو بخشتا اسکو اللہ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے عمرو بن العاص رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

يقول ما من قوم يظهر فيهم الزنا إلا أخذوا بالسنة وما من قوم يظهر فيهم الرشى إلا أخذوا بالرعب رواه أحمد

فرماتے تھے نہیں ہے کوئی قوم کہ کھلا کھلی ہوتا ہے ان میں زنا مگر گرفتار ہوتے ہیں قحط میں اور نہیں ہے کوئی قوم کہ ظاہر ہوتی ہے ان میں رشوت مگر گرفتار ہوتی ہے رعب میں

وعن ابن عباس وأبي هريرة رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ملعون من عمل عمل قوم لوط رواه رزين وفي رواية

اور روایت ہے ابن عباس اور ابی ہریرہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ملعون ہے وہ جو کرے کام لوط کی قوم کا روایت کیا اسکو رزین نے اور اسکی ایک روایت میں

له عن ابن عباس أن عليا رض أحرقهما وأبا بكر رض هدم عليهما حائطا وعنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا

ابن عباس سے ہے کہ علی رضی اللہ عنہ نے جلایا ان دونوں کو اور ابی بکر رضی اللہ عنہ نے گرا دی ان دونوں پر دیوار اور روایت ہے انہی سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ

ينظر الله إلى رجل أتى رجلا أو امرأة في دبرها رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعنه أنه قال من أتى بهيمة فلا

دیکھیگا اللہ رحمت کی نظر سے اس مرد کی طرف جو آوے مرد یا عورت پر پیچھے کی راہ سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے انہی سے کہا جو آوے چوپایہ پر تو

حد عليه رواه الترمذي وأبو داود وقال الترمذي عن سفيان الثوري أنه قال هذا أصح من الحديث الأول وعن عبادة بن

اسپر حد نہیں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے سفیان ثوری سے کہ انہوں نے کہا یہ حدیث بہت صحیح ہے پہلی حدیث سے اور روایت ہے عبادہ بن

الصامت رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أقيموا حدود الله في القريب والبعيد ولا يأخذكم في الله لومة لائم

صامت رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قائم کرو اللہ کی حدیں نزدیک اور دور میں اور مانع نہ ہو تمکو اللہ کے دین میں ملامت کسی ملامت والے کی

رواه ابن ماجه وعن ابن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إقامة حد من حدود الله خير من مطر أربعين ليلة في بلاد

روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قائم کرنا ایک حد کا اللہ کی حدوں سے بہتر ہے چالیس رات کے مینہ برسنے سے شہروں میں

الله رواه ابن ماجه ورواه النسائي عن أبي هريرة رض

باب قطع السرقة

الفصل الاول

عن عائشة رض عن النبي

اللہ کے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت کیا نسائی نے ابی ہریرہ رض سے باب ہاتھ کاٹنے کا بسبب چوری کے پہلی فصل روایت ہے عائشہ رض سے

صلى الله عليه وسلم قال لا تقطع يد السارق إلا بربع دينار فصاعدا متفق عليه وعن ابن عمر رض قال قطع النبي صلى

صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہ کاٹا جائیگا ہاتھ چور کا مگر ربع دینار میں یعنی چوتھائی دینار کے اور زیادہ اس سے۔ متفق۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا کاٹا آنحضرت صلی

الله عليه وسلم يد سارق في مجن ثمنه ثلثة دراهم متفق عليه وعن أبي هريرة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال

اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ چور کا چرانے میں ڈھال کے کہ مول اسکا تین درہم تھا۔ ق۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا

لعن الله السارق يسرق البيضة فتقطع يده ويسرق الحبل فتقطع يده متفق عليه

الفصل الثاني

عن رافع بن خديج

لعنت کرے اللہ چور پر کہ چراوے بیضے کو اور کاٹا جاوے ہاتھ اسکا اور چراوے رسی پھر کاٹا جاوے ہاتھ اسکا۔ ق۔ فصل دوسری۔ روایت ہے رافع بن خدیج

عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا قطع في ثمر ولا كثر رواه مالك والترمذي وأبو داود والنسائي والدارمي وابن ماجه

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہیں ہے ہاتھ کاٹنا درخت کے میوہ چرانے میں اور نہ گابھے میں روایت کیا اسکو مالک اور ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور دارمی اور ابن ماجہ نے

قطع من الطعام وعن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده عبد الله بن عمرو بن العاص عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

ہاتھ کاٹنا کھانے میں۔ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اپنے باپ سے اپنے دادا عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے

أنه سئل عن الثمر المعلق قال من سرق منه شيئا بعد أن يؤويه الجرين فبلغ ثمن المجن فعليه القطع رواه أبو داود والنسائي

کہ پوچھے گئے آنحضرت صلعم درخت کے لٹکے میوے سے فرمایا جس نے چرایا اس میں سے کچھ بعد رکھنے کے کھلیان میں اور پہنچے قیمت ڈھال کی تو اسپر ہاتھ کاٹنا ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے

وعن عبد الله بن عبد الرحمن بن أبي حسين المكي أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا قطع في ثمر معلق ولا في حريسة

اور روایت ہے عبد اللہ بن عبد الرحمن بن ابی حسین مکی رض سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے ہاتھ کاٹنا لٹکے میوے میں اور نہ

جبل فإذا آواه المراح والجرين فالقطع فيما بلغ ثمن المجن رواه مالك وعن جابر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه

چرنے والے جانور میں پھر جب رات کو رکھا ان کو شتر خانے میں یا کھلیان میں سو ہاتھ کاٹنا ہے جو پہنچے قیمت ڈھال کی روایت کیا اسکو مالک نے اور روایت ہے جابر رض سے

وسلم ليس على المنتهب قطع ومن انتهب نهبة مشهورة فليس منا رواه أبو داود وعنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ليس

وسلم نے نہیں ہے ڈاکا دینے والے پر ہاتھ کاٹنا اور جو شخص کہ ڈاکا ڈالے مشہور سو وہ نہیں ہے ہم میں سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے آنحضرت صلی اللہ

على خائن ولا منتهب ولا مختلس قطع رواه الترمذي والنسائي وابن ماجه والدارمي وروى في شرح السنة أن صفوان

خیانت کرنے والے پر اور نہ ڈاکا دینے والے پر اور نہ اچکنے والے پر ہاتھ کاٹنا روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت کی ہے شرح سنت میں کہ صفوان

بن أمية قدم المدينة فنام في المسجد وتوسد رداءه فجاء سارق وأخذ رداءه فأخذه صفوان فجاء به إلى

بن امیہ پہلے آیا مدینے کو پھر سو گیا مسجد میں اپنی چادر کو تکیہ بنا کر پھر آیا ایک چور اور لی اسکی چادر پھر پکڑا اسکو صفوان نے اور لایا اسکو

رسول الله صلى الله عليه وسلم فأمر أن يقطع يده فقال صفوان إني لم أرد هذا هو عليه صدقة فقال رسول الله صلى الله

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پاس سو فرمایا اسکے ہاتھ کاٹنے کو سو عرض کی صفوان نے کہ نہیں چاہتا تھا میں اسکو وہ چادر اسپر صدقہ ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم فهلا قبل أن تأتيني به وروى نحوه ابن ماجه عن عبد الله بن صفوان عن أبيه والدارمي عن ابن عباس وعن

علیہ وسلم نے کیوں نہ صدقہ کیا تو نے پہلے لانے کے میرے پاس اور روایت کیا مانند اسکے ابن ماجہ نے عبد اللہ بن صفوان سے اسنے اپنے باپ سے اور دارمی نے ابن عباس سے اور

بسر بن أرطاة رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا تقطع الأيدي في الغزو رواه الترمذي وأبو داود

بسر بن ارطاۃ رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے نہ کاٹے جاویں ہاتھ لڑائی کے وقت روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد

والنسائي إلا أنهما لم يذكرا في السفر بدل الغزو. وعن أبي سلمة عن أبي هريرة قال إن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال في السارق

اور نسائی نے مگر ابو داؤد اور نسائی نے سفر بجائے لڑائی کرنے کے اور روایت ہے ابی سلمہ سے ابی ہریرہ رض سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چور کے حق میں

إن سرق فاقطعوا يده ثم إن سرق فاقطعوا رجله ثم إن سرق فاقطعوا يده ثم إن سرق فاقطعوا رجله رواه في شرح السنة

اگر چوری کرے تو کاٹو اسکا ہاتھ پھر اگر چوری کرے تو کاٹو اسکے پاؤں پھر اگر چوری کرے تو کاٹ ڈالو ہاتھ اسکا پھر اگر چوری کرے تو کاٹ ڈالو اسکے پاؤں روایت کیا اسکو شرح السنہ میں

وعن جابر رض قال جيء بسارق إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال اقطعوه فقطع ثم جيء به الثانية فقال اقطعوه

اور روایت ہے جابر رض سے کہا لائے گئے ایک چور کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس سو فرمایا کاٹ ڈالو اسکا ہاتھ سو کاٹا گیا پھر لائے اسکو دوسری دفعہ اور فرمایا کاٹ ڈالو اسکا ہاتھ

فقطع ثم جيء به الثالثة فقال اقطعوه فقطع ثم جيء به الرابعة فقال اقطعوه فقطع فأتي به الخامسة فقال

سو کاٹا گیا پھر لائے اسکو تیسری دفعہ سو فرمایا کاٹ ڈالو پھر کاٹا گیا پھر لائے اسکو چوتھی دفعہ پھر فرمایا کاٹ ڈالو سو کاٹا گیا پھر لائے اسکو پانچویں دفعہ تو فرمایا

اقتلوه فانطلقنا به فقتلناه ثم اجتررناه فألقيناه في بئر ورمينا عليه الحجارة رواه أبو داود والنسائي وروي في

قتل کرو اسکو سو لے گئے اور قتل کیا ہم نے اسکو پھر گھسیٹ کر ڈال دیا ہم نے اسکو کنوئیں میں اور ڈالے ہم نے اس پر پتھر روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے اور روایت کی بیچ

شرح السنة في قطع السارق عن النبي صلى الله عليه وسلم اقطعوه ثم احسموه وعن فضالة بن عبيد رض قال أتي

شرح السنہ بیچ چور کے ہاتھ کاٹنے کے باب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کاٹ ڈالو ہاتھ اسکا پھر داغ دو اسکو اور روایت ہے فضالہ بن عبید رض سے کہا لائے

رسول الله صلى الله عليه وسلم بسارق فقطعت يده ثم أمر بها فعلقت في عنقه رواه الترمذي وأبو داود والنسائي

ایک چور کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پاس سو کاٹا گیا ہاتھ اسکا پھر حکم فرمایا ہاتھ لٹکانے کا سو لٹکایا گیا اسکی گردن میں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی

وابن ماجه وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا سرق المملوك فبعه ولو بنش رواه أبو داود

اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب چرائے غلام تو بیچ ڈال اسکو اگرچہ مول اسکا ایک نش ہو روایت کیا اسکو ابو داؤد

والنسائي وابن ماجه **الفصل الثالث** عن عائشة رض قالت أتي عند رسول الله صلى الله عليه وسلم بسارق فقطعه

اور نسائی اور ابن ماجہ نے **تیسری فصل** روایت ہے عائشہ رض سے بولیں لائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پاس ایک چور کو سو کاٹا ہاتھ اسکا

فقالوا ما كنا نراك تبلغ به هذا قال لو كانت فاطمة لقطعتها رواه النسائي وعن ابن عمر قال جاء رجل إلى عمر بغلام

سو عرض کیا لوگوں نے نہ تھا ہمکو گمان کہ پہنچیگا تو اسکو اس مرتبہ تک فرمایا اگر ہوتی فاطمہ البتہ کاٹتا میں اسکا ہاتھ روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا آیا ایک مرد عمر کے پاس ایک غلام لیکر

له فقال اقطع يده فإنه سرق مرآة لامرأتي فقال عمر لا قطع عليه هو خادمكم أخذ متاعكم رواه مالك وعن

اور کہا کاٹ ڈال ہاتھ اسکا کہ اسنے چرایا ہے عورت کا آئینہ سو کہا عمر نے نہیں ہے ہاتھ کاٹنا اسکا وہ خادم ہے تمہارا لی تمہاری چیز روایت کیا اسکو مالک نے اور روایت

أبي ذر رض قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم يا أبا ذر قلت لبيك يا رسول الله وسعديك قال كيف أنت إذا

ابی ذر رض سے کہا فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یا ابا ذر کہا میں نے حاضر ہوں یا رسول اللہ اور فرمانبردار ہوں فرمایا کیا کریگا تو جب

أصاب الناس موت يكون البيت فيه بالوصيف يعني القبر قلت الله ورسوله أعلم قال عليك بالصبر قال حماد بن

پہنچیگی لوگوں کو موت ہوگا گھر اسمیں بدلے خادم کے یعنی قبر کہا میں نے اللہ اور رسول خوب جانتا ہے فرمایا تجھے صبر کرنا ہے کہا حماد بن

أبي سليمان تقطع يد النباش لأنه دخل على الميت بيته رواه أبو داود **باب الشفاعة في الحدود** **الفصل**

ابی سلیمان نے کاٹا جائے ہاتھ کفن چور کا کیونکہ وہ داخل ہوا مردے پر اسکے گھر میں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ۔ **باب سفارش کا حدود میں** ۔ **پہلی فصل**

الاول عن عائشة رضؓ ان قریشا اهمهم شان المرأة المخزومية التی سرقت فقالوا من یکلم فیها رسول الله صلی الله

پہلی روایت ہے عائشہ رض سے کہ فکر میں ڈالا قریش کو مخزومیہ عورت کے مقدمہ نے کہ جو چوری کی تھی سو بولے کون عرض کرے گا اسکے واسطے رسول اللہ صلی اللہ

علیه وسلم فقالوا ومن یجترئ علیه الا اسامة بن زید حب رسول الله صلی الله علیه وسلم فکلمه اسامة فقال

علیہ وسلم کی خدمت میں اور کہا جرأت کر سکتا ہے کون مگر اسامہ بن زید کہ پیارا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا پھر کلام کیا آپ سے اسامہ نے سو فرمایا

رسول الله صلی الله علیه وسلم اتشفع فی حد من حدود الله ثم قام فاختطب ثم قال انما اهلک الذین قبلکم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا سفارش کرتا ہے حدوں اللہ کی حدوں میں پھر کھڑے ہوئے اور خطبہ سنایا پھر فرمایا سوا اسکے نہیں ہلاک ہو گئے اگلے تمہارے

انهم کانوا اذا سرق فیهم الشریف ترکوه واذا سرق فیهم الضعیف اقاموا علیه الحد وایم الله لو ان فاطمة بنت

اس سے کہ وے تھے جب چرایا اُن میں شریف چھوڑ دیتے اسکو اور جب چرا ادنیٰ تو قایم کرتے اسپر حد اور قسم اللہ کی اگر فاطمہ بیٹی

محمد سرقت لقطعت یدها متفق علیه وفی روایة لمسلم قالت کانت امرأة مخزومیة تستعیر المتاع وتجحده فامر

محمد کی چرا لیا البتہ کاٹوں میں ہاتھ اسکا ۔ اور مسلم کی ایک روایت میں کہا حضرت عائشہ رض نے ایک عورت مخزومی کی عاریت لیتی تھی چیز اور منکر ہو جاتی

النبی صلی الله علیه وسلم بقطع یدها فاتی اهلها اسامة فکلموه فکلم رسول الله صلی الله علیه وسلم فیها ثم ذکر الحدیث

صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے ہاتھ کاٹنے کو پھر آئے لوگ اسکے اسامہ پاس بعد کلام کے اس سے کلام کیا اسامہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکے حق میں پھر ذکر کیا

بنحو ما تقدم هذا الباب خال عن الفصل الثانی

الفصل الثالث

عن عبد الله بن عمر رضؓ قال سمعت رسول الله صلی الله

مانند اسکے جو گذرا ف یہ باب خالی ہے دوسری فصل سے ۔ فصل تیسری روایت ہے عبد اللہ بن عمر رض سے کہا سنا میں نے آنحضرت صلی اللہ

علیه وسلم یقول من حالت شفاعته دون حد من حدود الله فقد ضاد الله ومن خاصم فی باطل وهو یعلمه لم یزل

علیہ وسلم کو فرماتے جسکی سفارش حایل ہو وقت قایم کرنے حد اللہ کی حدوں سے تو مقابلہ کیا اسنے اللہ سے اور جو جھگڑے باطل میں اور وہ جانتا بھی ہو

فی سخط الله حتی ینزع ومن قال فی مؤمن ما لیس فیه اسکنه الله ردغة الخبال حتی یخرج مما قال رواه احمد وابو داود

اللہ کے غضب میں ہے یہاں تک کہ باز آوے اور جو کہے حق میں مومن کے جو نہیں ہے اسمیں جگہ دیگا اسکو اللہ دوزخیوں کے زرد پانی کی کیچڑ میں یہاں تک کہ نکل آوے اس سے روایت کیا اسکو احمد اور ابو داود نے

وفی روایة البیهقی فی شعب الایمان من اعان علی خصومة لا یدری احق ام باطل فهو فی سخط الله حتی ینزع وعن ابی امیة

اور بیہقی کی روایت میں شعب الایمان میں جسنے مدد کی جھگڑے پر اور معلوم نہو اسکو حق ہے یا باطل سو وہ اللہ کے غضب میں ہے یہاں تک کہ باز آوے اور روایت ہے ابی امیہ

المخزومی ان النبی صلی الله علیه وسلم اتی بلص قد اعترف اعترافا ولم یوجد معه متاع فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما

مخزومی سے لائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس چور کو جسنے کیا اقرار اور نہ پایا گیا اسکے پاس مال سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں

اخالک سرقت قال بلی فاعاد علیه مرتین او ثلثا کل ذلک یعترف فامر به فقطع وجیء به فقال له رسول الله صلی الله علیه وسلم

گمان کرتا ہوں تجھے کہ تو نے چرایا ہے بولا کیوں نہیں سو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسپر دو بار یا تین بار پوچھا اور ہر بار اقرار کرتا تھا پھر حکم فرمایا سو کاٹا گیا پھر لایا گیا آپ نے فرمایا

استغفر الله وتب الیه فقال استغفر الله واتوب الیه فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم اللهم تب علیه ثلثا رواه ابو داود

بخشش مانگ اللہ سے اور رجوع کر اسکی طرف سو کہا بخشش مانگتا ہوں اللہ سے اور رجوع کرتا ہوں اسکی طرف پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یا اللہ توبہ قبول کر اسکی تین بار روایت کیا اسکو ابو داود

والنسائی وابن ماجه والدارمی هکذا وجدت فی الاصول الاربعة وجامع الاصول وشعب الایمان ومعالم السنن عن

اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے ۔ ۔ ۔ جامع الاصول اور شعب الایمان و معالم السنن میں

ابی لبیبۃ وفی نسخ المصابیح عن ابی رمثۃ بدل ابی لبیبۃ والشراب بدل التمرۃ والماء

ابی لبیبہ سے اور نسخ مصابیح میں ابی رمثہ سے ساتھ ... کے بدلے میں تمرہ اور پانی کے

بَابُ حَدِّ الْخَمْرِ

باب خمر کی حد میں

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ فِی الْخَمْرِ بِالْجَرِیْدِ وَالنِّعَالِ وَجَلَدَ اَبُوْبَکْرٍ اَرْبَعِیْنَ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ عَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَضْرِبُ فِی الْخَمْرِ بِالنِّعَالِ وَالْجَرِیْدِ اَرْبَعِیْنَ

روایت ہے انس رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ماری شراب پینے کی حد میں کھجور کی چھڑیوں اور جوتیوں سے اور مارے ابوبکر نے چالیس درے اور ایک روایت میں انہی سے ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مارتے تھے شراب پینے کی حد میں جوتیوں اور کھجور کی چھڑیوں سے چالیس

وَعَنِ السَّائِبِ بْنِ یَزِیْدَ قَالَ کَانَ یُؤْتٰی بِالشَّارِبِ عَلٰی عَہْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاِمْرَۃِ اَبِیْ بَکْرٍ وَصَدْرًا مِّنْ خِلَافَۃِ عُمَرَ فَنَقُوْمُ اِلَیْہِ بِاَیْدِیْنَا وَنِعَالِنَا وَاَرْدِیَتِنَا حَتّٰی کَانَ اٰخِرُ اِمْرَۃِ عُمَرَ فَجَلَدَ اَرْبَعِیْنَ حَتّٰی اِذَا عَتَوْا وَفَسَقُوْا جَلَدَ ثَمَانِیْنَ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ

اور روایت ہے سائب بن یزید سے کہا لائے جاتے شراب پینے والے کو زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ابی بکر کی امارت میں اور حضرت عمر کی خلافت کے پہلے زمانے میں پس ہم کھڑے ہوتے اس پر اپنے ہاتھوں اور جوتیوں اور اپنی چادروں سے یہاں تک کہ ہوا آخر امارت عمر کا تو مارے چالیس یہاں تک کہ جب سرکش ہوئے اور فاسق ہوئے تو مارے اسی روایت کیا اس کو بخاری نے

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوْہُ فَاِنْ عَادَ فِی الرَّابِعَۃِ فَاقْتُلُوْہُ قَالَ ثُمَّ اُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذٰلِکَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ فِی الرَّابِعَۃِ فَضَرَبَہٗ وَلَمْ یَقْتُلْہُ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَرَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ عَنْ قَبِیْصَۃَ وَفِیْ اُخْرٰی لَہُمَا وَلِلنَّسَائِیِّ وَابْنِ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیِّ

روایت ہے جابر رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ جو پیوے شراب تو کوڑے مارو اس کو پھر اگر چوتھی بار پیوے تو قتل کرو اس کو پھر لائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پاس اس کے بعد ایک مرد کو کہ پی تھی شراب چوتھی دفعہ سو مارا اس کو اور قتل نہ کیا اسے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت کیا اس کو ابوداؤد نے قبیصہ سے اور ان دونوں کی دوسری روایت میں اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی کی

عَنْ نَفَرٍ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْہُمُ ابْنُ عُمَرَ وَمُعَاوِیَۃُ وَاَبُوْہُرَیْرَۃَ وَالشَّرِیْدُ اِلٰی قَوْلِہٖ فَاقْتُلُوْہُ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے یاروں کی ایک جماعت سے انہی میں سے ابن عمر اور معاویہ اور ابوہریرہ اور شرید تو لگ آنحضرت کے قول فاقتلوہ تک

وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَزْہَرِ قَالَ کَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذْ اُتِیَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَقَالَ لِلنَّاسِ اضْرِبُوْہُ فَمِنْہُمْ مَّنْ ضَرَبَہٗ بِالنِّعَالِ وَمِنْہُمْ مَّنْ ضَرَبَہٗ بِالْعَصَا وَمِنْہُمْ مَّنْ ضَرَبَہٗ بِالْمِیْتَخَۃِ قَالَ ابْنُ وَہْبٍ الْجَرِیْدَۃُ الرَّطْبَۃُ ثُمَّ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تُرَابًا مِّنَ الْاَرْضِ فَرَمٰی بِہٖ فِیْ وَجْہِہٖ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ

اور روایت ہے عبدالرحمن بن الازہر سے کہا گویا دیکھتا ہوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف جس وقت لائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پاس ایک مرد کو کہ پی تھی شراب فرمایا لوگوں کو مارو اس کو سو بعضوں نے مارا جوتیوں سے اور کسی نے لاٹھی سے اور کسی نے کھجور کی چھڑیوں سے کہا ابن وہب نے یعنی خرمے کے درخت کی بنا ہری ہری چھڑیوں سے پھر لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گرد زمین سے پھر ڈالی اس کے منہ پر روایت کیا اس کو ابوداؤد نے

وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ رضی اللہ عنہ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُتِیَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَقَالَ اضْرِبُوْہُ فَمِنَّا الضَّارِبُ بِیَدِہٖ وَالضَّارِبُ بِثَوْبِہٖ وَالضَّارِبُ بِنَعْلِہٖ ثُمَّ قَالَ بَکِّتُوْہُ فَاَقْبَلُوْا عَلَیْہِ یَقُوْلُوْنَ مَا اتَّقَیْتَ اللّٰہَ مَا خَشِیْتَ اللّٰہَ وَمَا اسْتَحْیَیْتَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا لائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پاس ایک مرد کو کہ پی تھی شراب سو فرمایا مارو اس کو سو تھا کوئی ہم میں سے مارنے والا ہاتھ سے اور کوئی کپڑے سے اور کوئی جوتی سے پھر فرمایا ڈانٹو اس کو پھر سامنے آئے اس کے لوگ کہتے ہوئے نہ پرہیز کیا تو نے خدا سے نہ ڈرا تو اللہ سے اور نہ شرمایا تو رسول اللہ سے اللہ کا درود ان پر اور سلام اور کہا کسی نے قوم میں سے

اَخْزَاکَ اللّٰہُ قَالَ لَا تَقُوْلُوْا ہٰکَذَا لَا تُعِیْنُوْا عَلَیْہِ الشَّیْطَانَ وَلٰکِنْ قُوْلُوْا اللّٰہُمَّ اغْفِرْ لَہٗ اللّٰہُمَّ ارْحَمْہُ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَعَنِ ابْنِ

رسوا کرے تجھے اللہ فرمایا نہ کہو ایسے ورنہ مدد کرو گے اس کے خراب کرنے کو شیطان کی ولیکن کہو خدایا بخش دے اس کو خدایا رحم کر اس پر روایت کیا اس کو ابوداؤد نے

عن ابن عباس ان رجلا شرب فسكر فلقي يميل في الفج فانطلق به الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما حاذى بدار العباس انفلت فدخل على العباس فالتزمه فذكر ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم فضحك وقال افعلها ولم يامر فيه بشيء رواه ابو داود

[illegible]

الفصل الثالث عن عمير بن سعيد النخعي قال سمعت علي بن ابي طالب يقول ما كنت لاقيم على احد حدا فيموت فيه فاجد في نفسي منه شيئا الا صاحب الخمر فانه لو مات وديته وذلك ان رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يسنه متفق عليه وعن

تیسری فصل روایت ہے عمیر بن سعید نخعی سے [illegible]

ثور بن زيد الديلي قال ان عمر استشار في حد الخمر فقال له علي ارى ان تجلده ثمانين جلدة فانه اذا شرب سكر واذا سكر هذى واذا هذى افترى فجلد عمر في حد الخمر ثمانين رواه مالك

ثور بن زید دیلی سے [illegible]

باب ما لا يدعى على المحدود

الفصل الاول عن عمر بن الخطاب ان رجلا كان اسمه عبد الله يلقب حمارا وكان يضحك النبي صلى الله عليه وسلم وكان النبي صلى الله عليه وسلم قد جلده في الشراب فاتي به يوما فامر به فجلد فقال رجل من القوم اللهم العنه ما اكثر ما يؤتى به فقال النبي صلى الله عليه وسلم لا تلعنوه فوالله ما علمت انه يحب الله ورسوله رواه البخاري وعن ابي هريرة قال اتي النبي صلى الله عليه وسلم برجل قد شرب فقال اضربوه فمنا الضارب بيده والضارب بنعله والضارب بثوبه فلما انصرف قال بعض القوم اخزاك الله قال لا تقولوا هكذا لا تعينوا عليه الشيطان رواه البخاري

پہلی فصل روایت ہے عمر ابن الخطاب سے [illegible]

الفصل الثاني عن ابي هريرة قال جاء الاسلمي الى نبي الله صلى الله عليه وسلم فشهد على نفسه انه اصاب امراة حراما اربع مرات كل ذلك يعرض عنه فاقبل في الخامسة فقال انكتها قال نعم قال حتى غاب ذلك منك في ذلك منها قال نعم قال كما يغيب المرود في المكحلة والرشاء في البئر قال نعم قال هل تدري ما الزنا قال نعم اتيت منها حراما ما ياتي الرجل من اهله حلالا قال فما تريد بهذا القول قال اريد ان تطهرني

دوسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ سے [illegible]

[illegible]

به فرجم فسمع نبي الله صلى الله عليه وسلم رجلين من اصحابه يقول احدهما لصاحبه انظر الى هذا الذي ستر الله عليه فلم تدعه نفسه حتى

اسے رجم کیا گیا پس سنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دو یاروں کو کہ کہتا تھا ایک ان دونوں کا اپنے رفیق کو دیکھ اس کی طرف کہ چھپایا اللہ نے اس پر سو نہ چھوڑا اسکو اسکے نفس نے

رجم رجم الكلب فسكت عنهما ثم سار ساعة حتى مر بجيفة حمار شائل برجله فقال اين فلان وفلان فقالا نحن ذان يا رسول الله فقال

یہاں تک کہ رجم کیا گیا جیسے کتا پھر چپ رہے ان دونوں سے پھر چلے ایک گھڑی یہاں تک کہ گذرے ایک مرے گدھے پر کہ اٹھا ہوا تھا اپنے پاؤں کو سو فرمایا کہاں ہیں فلانا اور فلانا

انزلا فكلا من جيفة هذا الحمار فقالا يا نبي الله من ياكل من هذا قال فما نلتما من عرض اخيكما انفا اشد من اكل منه والذي

اترو اور کھاؤ اس مردار گدھے سے کہا یا نبی اللہ کون کھاتا ہے اس سے فرمایا جو کھایا تم نے اپنے بھائی کی عزت ابھی زیادہ سخت ہے اس کے کھانے سے قسم اس کی

نفسي بيده انه الان لفي انهار الجنة ينغمس فيها رواه ابو داود وعن خزيمة بن ثابت رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من

جس کے ہاتھ میں میری جان ہے وہ اب جنت کی نہروں میں غوطے لگاتا ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے خزیمہ بن ثابت سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی

اصاب ذنبا اقيم عليه حد ذلك الذنب فهو كفارته رواه في شرح السنة وعن علي رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من اصاب

پہنچا گناہ کو اور قائم کی گئی اس پر حد اس گناہ کی سو وہ کفارہ ہے اس کا روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور روایت ہے علی رض سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جو کوئی پہنچا

حدا فعجل عقوبته في الدنيا فالله اعدل من ان يثني على عبده العقوبة في الاخرة ومن اصاب حدا فستره الله عليه

حد کو پھر جلدی کی گئی سزا اس کی دنیا میں سو اللہ بڑا عادل ہے دوبارہ کرنے سے اپنے بندہ پر عذاب آخرت میں اور جو پہنچا گناہ کو کہ حد ہے پھر چھپایا اس کو اللہ نے اس پر

وعفا عنه فالله اكرم من ان يعود في شيء قد عفا عنه رواه الترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا حديث غريب

اور عفو کیا اس سے سو اللہ زیادہ بزرگ ہے پھر عذاب کرنے سے اس چیز میں کہ درگذر کیا اس سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے

باب التعزير الفصل الاول عن ابي بردة بن نيار عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا يجلد فوق عشر جلدات الا في حد

باب سزا دینے کا پہلی فصل روایت ہے ابی بردہ بن نیار رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہ مارے جاویں دس کوڑوں سے اوپر مگر حد میں

من حدود الله متفق عليه الفصل الثاني عن ابي هريرة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا ضرب احدكم فليتق

جو باندھی ہیں اللہ نے حدیں دوسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جب مارے کوئی تم میں سے سو چاہئے کہ بچے

الوجه رواه ابو داود وعن ابن عباس رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا قال الرجل للرجل يا يهودي فاضربوه

منہ کو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کہا ایک مرد نے دوسرے مرد کو یا یہودی سو مارو اسکو

عشرين واذا قال يا مخنث فاضربوه عشرين ومن وقع على ذات محرم فاقتلوه رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب

بیس کوڑے اور جب کہا یا مخنث سو مارو اسکو بیس کوڑے اور جو شخص گرا محرم عورت پر سو قتل کرو اسکو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے

وعن عمر رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذا وجدتم الرجل قد غل في سبيل الله فاحرقوا متاعه واضربوه

اور روایت ہے عمر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب پاؤ تم اس مرد کو جس نے چوری کی اللہ کی راہ میں سو جلا دو اسکے اسباب کو اور مارو

رواه الترمذي وابو داود وقال الترمذي هذا حديث غريب باب بيان الخمر ووعيد شاربها الفصل الاول عن

روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے یہ باب شراب اور شرابی کے بیان میں ہے پہلی فصل روایت ہے

ابي هريرة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال الخمر من هاتين الشجرتين النخلة والعنبة رواه مسلم وعن ابن عمر رض

ابی ہریرہ رض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شراب ان دو درختوں سے ہے خرما اور انگور سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے

قال خطب عمر رض على منبر رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال إنه قد نزل تحريم الخمر وهي من خمسة أشياء العنب والتمر والحنطة

کہا خطبہ سنایا عمر رضی نے منبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سو کہا کہ اتری آیت شراب کے حرام کرنے کی اور وہ شراب پانچ چیزوں سے ہی انگور اور کھجور اور گیہوں

والشعير والعسل والخمر ما خامر العقل رواه البخاري وعن أنس قال لقد حرمت الخمر حين حرمت وما نجد خمر الأعناب

اور جو اور شہد سے شراب وہی ہے جو چھپا دے عقل کو ف روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہی انس رضی سے کہا حرام ہوئی شراب جس وقت کہ حرام ہوئی اور نہیں پاتے تھے ہم انگور کی شراب

إلا قليلا وعامة خمرنا البسر والتمر رواه البخاري وعن عائشة رض قالت سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن البتع وهو نبيذ

مگر تھوڑی اور اکثر شراب ہماری کچی اور سوکھی کھجور سے تھی روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہی عائشہ رضی سے کہا پوچھے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بتع سے کہ وہ شراب ہی

العسل فقال كل شراب أسكر فهو حرام متفق عليه وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل مسكر خمر

شہد کا ہی سو فرمایا جو شراب نشہ لاتی ہی سو وہ حرام ہی ق اور روایت ہی ابن عمر رضی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو چیز نشہ لاتی ہی شراب ہی

وكل مسكر حرام ومن شرب الخمر في الدنيا فمات وهو يدمنها لم يتب لم يشربها في الآخرة رواه مسلم وعن جابر رض أن

اور جو چیز نشہ لاتی ہی حرام ہی اور جس نے پی شراب دنیا میں اور ہمیشہ پیتا رہا اور توبہ بھی نہ کی نہ پیئیگا اسکو آخرت میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہی جابر رضی سے

رجلا قدم من اليمن فسأل النبي صلى الله عليه وسلم عن شراب يشربونه بأرضهم من الذرة يقال له المزر فقال النبي صلى

آیا ایک مرد یمن سے پھر پوچھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس شراب سے کہ پیتے تھے اسکو اپنی زمین میں بناتے تھے اسکو کنگنی سے کہتے تھے اسکو مزر سو فرمایا نبی صلی

الله عليه وسلم أو مسكر هو قال نعم قال كل مسكر حرام إن على الله عهدا لمن يشرب المسكر أن يسقيه من طينة الخبال

اللہ علیہ وسلم نے کیا وہ نشہ لاتی ہی عرض کیا ہاں فرمایا ہر نشہ لانے والی چیز حرام ہی مقرر اللہ نے عہد کیا ہی نشہ پینے والے کے لئے کہ پلاویگا اسکو طینۃ الخبال سے

قالوا يا رسول الله وما طينة الخبال قال عرق أهل النار أو عصارة أهل النار رواه مسلم وعن أبي قتادة رض أن النبي صلى

عرض کیا یا رسول اللہ اور کیا ہی طینۃ الخبال فرمایا پسینہ ہی دوزخیوں کا یا زرد پانی ہی دوزخیوں کا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہی ابی قتادہ رضی سے کہ آنحضرت صلی

الله عليه وسلم نهى عن خليط التمر والبسر وعن خليط الزبيب والتمر وعن خليط الزهو والرطب وقال انتبذوا كل

اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا تمر اور بسر کی خلیط سے ف اور ملانے سے زبیب اور تمر کے اور ملانے سے زہو اور رطب کے اور فرمایا نبیذ ڈالو ہر

واحدة على حدة رواه مسلم وعن أنس رض أن النبي صلى الله عليه وسلم سئل عن الخمر تتخذ خلا فقال لا رواه مسلم

ایک کا جدا جدا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہی انس رضی سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے اس شراب سے کہ بناتے ہیں سرکہ سو فرمایا نہیں روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن وائل الحضرمي أن طارق بن سويد سأل النبي صلى الله عليه وسلم عن الخمر فنهاه فقال إنما أصنعها للدواء فقال

اور روایت ہی وائل حضرمی سے کہ طارق بن سوید نے سوال کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو شراب پینے سے سو منع فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پس عرض کیا

إنه ليس بدواء ولكنه داء رواه مسلم

الفصل الثاني

عن عبد الله بن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه

نہیں ہی وہ دوا ولیکن وہ دکھ ہی ف روایت کیا اسکو مسلم نے دوسری فصل روایت ہی عبد اللہ بن عمر رضی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم من شرب الخمر لم يقبل الله له صلاة أربعين صباحا فإن تاب تاب الله عليه فإن عاد لم يقبل الله له صلاة أربعين

وسلم نے جس نے پی شراب نہ قبول کریگا اللہ اسکی نماز چالیس صبح کی ف پھر اگر توبہ کی قبول کریگا اللہ اسکی توبہ کو پھر اگر عود کرے قبول نہ کریگا اللہ چالیس

صباحا فإن تاب تاب الله عليه فإن عاد لم يقبل الله له صلاة أربعين صباحا فإن تاب تاب الله عليه فإن عاد في الرابعة لم يقبل

صبح کی نماز کو پھر اگر توبہ کی قبول کریگا اللہ اسکی توبہ کو پھر اگر عود کرے قبول نہ کریگا اللہ اسکی نماز چالیس صبح کی پھر اگر توبہ کی قبول کریگا اللہ اسکی توبہ کو پھر اگر چوتھی

له صلوة اربعين صباحا فان تاب لم يتب الله عليه وسقاه من نهر الخبال رواه الترمذي ورواه النسائي وابن ماجه والدارمي

اسکے چالیس صبح کی نماز پھر اگر توبہ کی تو بھی قبول نہ کریگا اللہ اسکی توبہ اور پلاویگا اسکو دوزخیوں کے زرد پانی کی نہر سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے

عن عبد الله بن عمرو وعن جابر رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ما اسكر كثيره فقليله حرام رواه الترمذي وابو داود

عبد اللہ بن عمرو سے اور روایت ہے جابر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسکا بہت نشہ لاتا ہے سو تھوڑا اسکا بھی حرام ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود

وابن ماجه وعن عائشة رض عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ما اسكر منه الفرق فملء الكف منه حرام رواه احمد والترمذي

اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عائشہ رض سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جسکا ایک پیالہ نشہ لاوے تو اسکا چلو بھر بھی حرام ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی

وابو داود وعن النعمان بن بشير رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان من الحنطة خمرا ومن الشعير خمرا ومن التمر خمرا

اور ابو داود نے اور روایت ہے نعمان بن بشیر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ گیہوں سے شراب ہے اور جو سے شراب ہے اور کھجور سے شراب ہے

مُسْلِمَيْنِ يَلْتَقِيَانِ فَيَتَصَافَحَانِ إِلَّا غُفِرَ لَهُمَا قَبْلَ أَنْ يَتَفَرَّقَا رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي دَاوُدَ قَالَ إِذَا الْتَقَى

ملتے آپس میں دو مسلمان پھر ہاتھ ملاتے مگر بخشے جاتے ہیں پہلے الگ ہونے کے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور ابی داؤد کی ایک روایت میں فرمایا جب ملتے

الْمُسْلِمَانِ فَتَصَافَحَا وَحَمِدَا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَاهُ غُفِرَ لَهُمَا وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ الرَّجُلُ مِنَّا يَلْقَى أَخَاهُ أَوْ صَدِيقَهُ أَيَنْحَنِي لَهُ

دو مسلمان پھر ہاتھ ملاتے ہیں اور خوبی بیان کرتے ہیں اللہ کی اور معافی چاہتے اس سے بخشے جاتے ہیں دونو اور روایت ہے انس سے کہا ایک شخص نے پوچھا یا رسول کوئی ہم میں سے ملاقات کرے اپنے بھائی یا دوست سے کیا جھکے اس کے لئے

قَالَ لَا قَالَ أَفَيَلْتَزِمُهُ وَيُقَبِّلُهُ قَالَ لَا قَالَ أَفَيَأْخُذُ بِيَدِهِ وَيُصَافِحُهُ قَالَ نَعَمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

فرمایا نہ پوچھا کہ بھلا لپٹ جاوے اسکو اور چوم لے فرمایا نہیں پوچھا بھلا پکڑے اسکو ہاتھ سے اور مصافحہ کرے اس سے فرمایا ہاں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ رسول اللہ صلی

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَمَامُ عِيَادَةِ الْمَرِيضِ أَنْ يَضَعَ أَحَدُكُمْ يَدَهُ عَلَى جَبْهَتِهِ أَوْ عَلَى يَدِهِ فَيَسْأَلُهُ كَيْفَ هُوَ وَتَمَامُ تَحِيَّاتِكُمْ بَيْنَكُمُ الْمُصَافَحَةُ

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پورا پوچھنا بیمار کا رکھنا تمہارا ہاتھ کو اپنے اسکی پیشانی یا ہاتھ پر پھر پوچھے اسکو کیسا ہے وہ اور پورا سلام کا جو آپس میں ہے ہاتھ ملانا ہے

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَضَعَّفَهُ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِ قَالَتْ قَدِمَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ الْمَدِينَةَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِي فَأَتَاهُ

روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور ضعیف کہا اسکو اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہا آئے زید بن حارثہ مدینے میں اور آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر میں تھے آئے پاس

فقرع الباب فقام إليه رسول الله صلى الله عليه وسلم عريانا يجر ثوبه والله ما رأيته عريانا قبله ولا بعده فاعتنقه وقبله رواه

اور مارا دروازہ کو سو کھڑے ہوئے اسکی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ننگے کھینچتے ہوئے اپنے کپڑے کو قسم اللہ کی نہ دیکھا میں نے آپ کو ننگا نہ پہلے اسکے اور نہ بعد اسکے پھر گلے لگایا اسکو اور بوسہ دیا

الترمذي وعن أيوب بن بشير عن رجل من عنزة أنه قال قلت لأبي ذر هل كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصافحكم إذا لقيتموه قال

ترمذی نے اور روایت ہے ایوب بن بشیر سے ایک شخص سے جو تھا عنزہ سے کہ اسنے کہا پوچھا میں نے ابی ذر کو کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مصافحہ کرتے جب ملاقات کرتے تم انکی کہا

ما لقيته قط إلا صافحني وبعث إلي ذات يوم ولم أكن في أهلي فلما جئت أخبرت فأتيته وهو على سرير فالتزمني فكانت تلك أجود

ملاقات کیا میں نے کبھی آنحضرت کو مگر مصافحہ کیا اور بھیجا کسیکو میرے پاس ایک دن اور تھا میں گھر والوں میں اپنے پھر جب آیا میں خبر دی مجھکو پس حاضر ہوا میں اور آنحضرت تھے اوپر تخت کے سو لپٹ گئے مجھ سے سو تھا یہ معانقہ بہت اچھا

وأجود رواه أبو داود وعن عكرمة بن أبي جهل قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم جئته مرحبا بالراكب المهاجر رواه

اور بہت اچھا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے عکرمہ بن ابی جہل سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آیا میں آپ پاس جگہ ملیو سوار وطن چھوڑنے والے کو روایت کیا

الترمذي وعن أسيد بن حضير رجل من الأنصار قال بينما هو يحدث القوم وكان فيه مزاح بينا يضحكهم فطعنه النبي صلى

ترمذی نے اور روایت ہے اسید بن حضیر سے جو ایک مرد ہیں انصار میں سے کہا اس حالت میں کہ وہ بات کرتا تھا قوم سے اور تھی اسکو عادت ٹھٹھولی کی ہنساتا تھا انکو تب چبھایا آنحضرت صلی

الله عليه وسلم في خاصرته بعود فقال أصبرني قال اصطبر قال إن عليك قميصا وليس علي قميص فرفع النبي صلى الله عليه وسلم عن

اللہ علیہ وسلم نے اسکی کوکھ میں لکڑی سے تب کہا اسنے قدرت دے مجھے بدلا کی فرمایا بدلا لے کہا تجھ پر کرتا ہے اور نہیں ہے کرتا مجھ پر تب اٹھایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے

قميصه فاحتضنه وجعل يقبل كشحه قال إنما أردت هذا يا رسول الله رواه أبو داود وعن الشعبي أن النبي صلى الله عليه و

کرتا اپنا تب گودی لیا آنحضرت کو اور لگا بوسہ لینے پہلو مبارک کو کہا بس چاہتا تھا میں یہی یا رسول اللہ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے شعبی سے کہ نبی صلی اللہ علیہ و

آله وسلم تلقى جعفر بن أبي طالب فالتزمه وقبل ما بين عينيه رواه أبو داود والبيهقي في شعب الإيمان مرسلا وفي بعض نسخ

آلہ وسلم نے ملاقات کی جعفر بن ابی طالب سے سو لپٹ گئے اس سے اور بوسہ دیا درمیان دونوں آنکھوں کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں ارسال کی راہ سے اور بعض نسخ میں

المصابيح وفي شرح السنة عن البياضي متصلا وعن جعفر بن أبي طالب في قصة رجوعه من الحبشة قال فخرجنا حتى أتينا

مصابیح کے اور شرح سنت میں بیاضی سے اتصال کی راہ سے اور روایت ہے جعفر بن ابی طالب سے قصے میں پھرنے اسکے حبشہ سے کہا نکلا میں یہاں تک کہ آیا

المدينة فتلقاني رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فاعتنقني ثم قال ما أدري أنا بفتح خيبر أفرح أم بقدوم جعفر ووافق

مدینے میں سو سامنے تشریف لائے میرے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پھر گلے ملے مجھسے پھر فرمایا میں نہیں جانتا میں بسبب فتح خیبر کے خوش ہوں یا بسبب آنے جعفر کے اور موافق ہوا

ذلك فتح خيبر رواه في شرح السنة وعن زارع وكان في وفد عبد القيس قال لما قدمنا المدينة فجعلنا نتبادر من رواحلنا

آنا جعفر کا فتح خیبر کو روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے زارع سے اور تھا وہ قاصدوں عبد القیس میں کہا جب آئے ہم مدینے میں سو لگے جلدی کرنے اپنی اپنی سواری سے

فنقبل يد رسول الله صلى الله عليه وسلم ورجله رواه أبو داود وعن عائشة رض قالت ما رأيت أحدا كان أشبه سمتا وهديا ودلا

پھر بوسہ دیتے تھے ہم ہاتھ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور پاؤں کو روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے بولیں نہ دیکھا میں نے کسیکو زیادہ مشابہ خو میں اور نیک خلقی میں

وفي رواية حديثا وكلاما برسول الله صلى الله عليه وسلم من فاطمة كانت إذا دخلت عليه قام إليها فأخذ بيدها فقبلها وأجلسها

اور ایک روایت میں بات کرنے کی ڈھب اور کلام میں ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فاطمہ سے تھیں جب آتیں آنحضرت کے پاس کھڑے ہوتے آنحضرت انکی طرف پھر پکڑتے ہاتھ انکا اور بوسہ لیتے

في مجلسه وكان إذا دخل عليها قامت إليه فأخذت بيده فقبلته وأجلسته في مجلسها رواه أبو داود وعن البراء قال دخلت مع

اپنے بیٹھنے کی جگہ میں اور تھے آنحضرت جب تشریف لیجاتے انکے پاس کھڑی ہوتیں آپکی طرف پھر پکڑتیں ہاتھ آپکا اور بوسہ لیتیں اور بٹھلاتیں اپنے بیٹھنے کی جگہ میں روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

أبي بكر أول ما قدم المدينة فإذا عائشة ابنته مضطجعة قد أصابتها حمى فأتاها أبو بكر فقال كيف أنت يا بنية وقبّل خدها. رواه

ابی بکر کے ساتھ جب پہنچے آپ مدینے کو سو جبھی عائشہ رض لڑکی ان کی پہلو پر لیٹی تھیں جس حال میں کہ چڑھی تھی ان کو تپ سو گئے ان کے پاس ابو بکر اور کہا کیسی ہے تو اے بیٹی اور بوسہ لیا ان کی گال کا روایت کیا اس کو

أبو داود. وعن عائشة أن النبي صلى الله عليه وسلم أتي بصبي فقبّله فقال أما إنهم مبخلة مجبنة وإنهم لمن ريحان الله. رواه في شرح

ابو داود نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ لایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پاس ایک لڑکا سو بوسہ لیا آپ نے اس کو اور فرمایا خبردار ہو بیشک اولاد بخل اور نامردی کا سبب ہے اور وہ البتہ ریحان اللہ کی ہیں روایت کیا اس کو شرح

السنة. **الفصل الثالث** عن يعلى قال إن حسنا وحسينا رضي الله عنهما استبقا إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فضمهما إليه وقال

سنہ میں تیسری فصل روایت ہے یعلی سے کہا کہ حسن اور حسین رضی اللہ عنہما دوڑ کر آئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پاس تب لپٹا لیا ان کو اپنی طرف اور فرمایا

إن الولد مبخلة مجبنة. رواه أحمد. وعن عطاء الخراساني أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال تصافحوا يذهب الغل وتهادوا وتحابوا

کرانے کے سبب بخل اور جبن کے ہیں روایت کیا اس کو احمد نے اور روایت ہے عطاء خراسانی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مصافحہ کرو کہ دور ہو کینہ اور ہدیہ بھیجو تاکہ آپس میں محبت کرو

وتذهب الشحناء. رواه مالك مرسلا. وعن البراء بن عازب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى أربعا قبل الهاجرة فكأنما

اور دور ہو دشمنی روایت کیا اس کو مالک نے ارسال کی راہ سے اور روایت ہے براء بن عازب سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے پڑھیں چار رکعت پہلے دوپہر کے تو گویا کہ

صلاهن في ليلة القدر والمسلمان إذا تصافحا لم يبق بينهما ذنب إلا سقط. رواه البيهقي في شعب الإيمان.

باب القيام

پڑھا ان کو قدر کی رات میں اور دو مسلمان جب مصافحہ کرتے ہیں نہیں باقی رہتا ان کے بیچ کوئی گناہ مگر گر جاتا ہے روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں باب کھڑے ہونے کا

الفصل الأول عن أبي سعيد الخدري قال لما نزلت بنو قريظة على حكم سعد بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم إليه وكان

پہلی فصل روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہا جب اترے بنو قریظہ حکم پر سعد کے بھیجا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کو سعد کی طرف اور تھا

قريبا منه فجاء على حمار فلما دنا من المسجد قال رسول الله صلى الله عليه وسلم للأنصار قوموا إلى سيدكم. متفق عليه. ومضى

قریب آپ سے پھر آئے گدھے پر پھر جب قریب ہوئے مسجد کے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار کو کھڑے ہو اپنے سردار کی طرف متفق علیہ اور گذر چکی

الحديث بطوله في باب حكم الأسراء. وعن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا يقيم الرجل الرجل من مجلسه ثم يجلس فيه

حدیث درازی کے ساتھ باب حکم بندیوں میں اور روایت ہے ابن عمر سے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہ اٹھاوے کوئی کسی کو اس کی جگہ سے پھر بیٹھے اس میں

ولكن تفسحوا وتوسعوا. متفق عليه. وعن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من قام من مجلسه ثم رجع إليه فهو

ولیکن کھل بیٹھو اور جگہ دو ف اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی اٹھ گیا اپنی جگہ سے پھر پھر کر آیا سو وہ

أحق به. رواه مسلم. **الفصل الثاني** عن أنس قال لم يكن شخص أحب إليهم من رسول الله صلى الله عليه وسلم وكانوا إذا رأوه لم يقوموا لما

حقدار ہے اس جگہ کا روایت کیا اس کو مسلم نے فصل دوسری روایت ہے انس رض سے کہا نہ تھا کوئی شخص زیادہ پیارا نزدیک صحابہ کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اور جب دیکھتے ان کو کھڑے نہ ہوتے

يعلمون من كراهيته لذلك. رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح. وعن معاوية قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

کہ وہ جانتے تھے برا جاننا آپ کا اس فعل کو روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت ہے معاویہ سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

من سره أن يتمثل له الرجال قياما فليتبوأ مقعده من النار. رواه الترمذي وأبو داود. وعن أبي أمامة قال خرج رسول الله صلى

جس شخص کو خوش آوے کہ تصویر کی طرح کھڑے رہیں لوگ اس کے روبرو سو چاہئے کہ پکڑے اپنا ٹھکانا دوزخ میں روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داود نے اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا نکلے رسول خدا

الله عليه وسلم متكئا على عصا فقمنا له فقال لا تقوموا كما تقوم الأعاجم يعظم بعضها بعضا. رواه أبو داود. وعن

صلی اللہ علیہ وسلم ٹیک لگائے ہوئے لاٹھی پر سو ہم کھڑے ہو گئے آپ کی تعظیم کے لئے تب فرمایا نہ کھڑے ہو جایا کرو جیسے کھڑے ہو جاتے ہیں عجمی لوگ تعظیم کرتے ہیں بعض بعض کی روایت کیا اس کو ابو داود نے اور روایت ہے

سعيد بن ابي الحسن قال جاءنا ابو بكرة في شهادة فقام له رجل من مجلسه فابى ان يجلس فيه وقال ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن
سعید بن ابی الحسن سے کہا کہ آیا ہمارے پاس ابو بکرہ گواہی دینے میں سو اٹھ کھڑا ہوا ایک مرد اس کی تعظیم کے لئے اپنی جگہ سے سو نہ بیٹھا اس جگہ میں اور کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا

ذا ونهى النبي صلى الله عليه وسلم ان يمسح الرجل يده بثوب من لم يكسه رواه ابو داود وعن ابي الدرداء قال كان رسول الله صلى
اس سے اور منع فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ صاف کرے کوئی ہاتھ اپنا کپڑے سے اس کے کہ نہیں پہنایا ہو اسے روایت کیا اس کو ابو داود نے اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہا تھے آنحضرت

الله عليه وسلم اذا جلس جلسنا حوله فقام فاراد الرجوع نزع نعليه او بعض ما يكون عليه فيعرف ذلك اصحابه فيثبتون رواه
صلی اللہ علیہ وسلم جب بیٹھتے اور بیٹھتے ہم ان کے گرد پھر کھڑے ہوتے اور چاہتے کہ پھر آویں تو اتار دیتے پاپوش اپنی یا بعض جو کچھ تھا ان پر سو جانتے اس سے اصحاب ان کے تب قرار سے رہتے

ابو داود وعن عبد الله بن عمرو عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا يحل لرجل ان يفرق بين اثنين الا باذنهما رواه الترمذي
ابو داود نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے ان حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہیں حلال کسی مرد کو کہ جدائی ڈالے درمیان دو کے مگر ان کے اذن سے روایت کیا اس کو ترمذی

وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا تجلس بين رجلين الا باذنهما رواه ابو داود
اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے اپنے دادے سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ بیٹھ درمیان دو شخص کے مگر اذن سے ان کے روایت کیا اس کو ابو داود نے

الفصل الثالث

عن ابي هريرة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يجلس معنا في المسجد ويحدثنا فاذا قام قمنا قياما حتى نراه قد
تیسری روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھتے ہمارے ساتھ مسجد میں باتیں کرتے ہم سے پھر جب اٹھ کھڑے ہوتے تو اٹھ کھڑے ہوتے ہم یہاں تک کہ دیکھتے ہم

دخل بعض بيوت ازواجه وعن واثلة بن الخطاب قال دخل رجل الى رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو في المسجد قاعد
داخل ہوئے بعض گھروں میں اپنی بیبیوں کے اور روایت ہے واثلہ بن الخطاب سے کہا کہ آیا ایک مرد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اور آپ مسجد میں بیٹھے تھے

فتزحزح له رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال الرجل يا رسول الله ان في المكان سعة فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان للمسلم لحقا
سو سمٹ کر بیٹھے اس کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تب کہا اس مرد نے یا رسول اللہ جگہ میں فراخی ہے تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حق ہے مسلمان کو

اذا رآه اخوه ان يتزحزح له رواهما البيهقي في شعب الايمان
جب دیکھے اپنے بھائی کو سمٹ کر بیٹھے اس کے لئے روایت کیا دونوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں

باب الجلوس والنوم والمشي

باب بیٹھنے اور نیند اور چلنے کا

الفصل الاول

عن ابن عمر قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم بفناء الكعبة محتبيا بيديه رواه البخاري وعن عباد بن تميم عن عمه قال رأيت
پہلی فصل روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ دیکھا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کعبے کے صحن میں بیٹھے تھے گوٹ مار کے اپنے دونوں ہاتھوں سے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے عباد بن تمیم سے

رسول الله صلى الله عليه وسلم في المسجد مستلقيا واضعا احدى قدميه على الاخرى متفق عليه وعن جابر قال نهى رسول
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد میں لیٹے ہوئے رکھے تھے ایک پاؤں اپنا دوسرے پاؤں پر • ق • اور روایت ہے جابر سے کہا منع فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم ان يرفع الرجل احدى رجليه على الاخرى وهو مستلق على ظهره رواه مسلم وعنه ان النبي صلى الله عليه
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ رکھے مرد ایک پاؤں اپنا دوسرے پاؤں پر جس حال میں کہ چت سویا ہو روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہ نبی صلی اللہ علیہ

وسلم قال لا يستلقين احدكم ثم يضع احدى رجليه على الاخرى رواه مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه
وسلم نے فرمایا چت نہ لیٹے کوئی تم میں سے پھر رکھے ایک پاؤں اپنا دوسرے پاؤں پر روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم بينما رجل يتبختر في بردين وقد اعجبته نفسه خسف به الارض فهو يتجلجل فيها الى يوم القيامة متفق عليه
وسلم نے اس وقت میں کہ ایک مرد اکڑتا چلتا تھا دو چادریں پہن کر اور خوش کیا تھا اس کو اس کے جی نے دھنسایا گیا زمین میں سو دھنستا رہے گا اس میں قیامت کے دن تک • ق • فصل

الثاني عن جابر بن سمرة قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم متكئا على وسادة على يساره رواه الترمذي وعن أبي سعيد الخدري

دوسری فصل روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا کہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تکیہ لگائے ہوئے تھے ایک تکیہ پر جو بائیں طرف تھا روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے ابی سعید خدری

قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا جلس في المسجد احتبى بيديه رواه رزين وعن قيلة بنت مخرمة أنها رأت رسول الله صلى

سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بیٹھتے مسجد میں گوٹ مار کر بیٹھتے اپنے دونوں ہاتھوں سے روایت کیا اس کو رزین نے اور روایت ہے قیلہ بنت مخرمہ سے کہ دیکھا رسول اللہ صلی اللہ

الله عليه وسلم في المسجد وهو قاعد القرفصاء قالت فلما رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم المتخشع أرعدت من الفرق رواه

علیہ وسلم کو مسجد میں جس حال میں بیٹھے تھے اکڑوں کہا قیلہ نے جب دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عاجزی کرنے والے کانپ گئی میں خوف سے روایت

أبو داود وعن جابر بن سمرة قال كان النبي صلى الله عليه وسلم إذا صلى الفجر تربع في مجلسه حتى تطلع الشمس حسناء رواه أبو داود

کیا اس کو ابو داؤد نے اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑھتے فجر کی تو مربع کرتے اپنے بیٹھنے میں یہاں تک کہ نکلتا آفتاب اچھی طرح روایت کیا اس کو ابو داؤد نے

وعن أبي قتادة أن النبي صلى الله عليه وسلم كان إذا عرس بليل اضطجع على شقه الأيمن وإذا عرس قبيل الصبح نصب ذراعه و

اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے جب سفر میں اخیر رات کو اترتے تو لیٹتے اپنی داہنی کروٹ اور جب صبح سے تھوڑا سا پہلے اترتے تو کھڑا کرتے بازو اپنا اور

وضع رأسه على كفه رواه في شرح السنة وعن بعض آل أم سلمة قال كان فراش رسول الله صلى الله عليه وسلم نحوا مما يوضع في

رکھتے تھے سر مبارک کو اپنی ہتھیلی پر روایت کیا اس کو شرح سنت میں اور روایت ہے بعض اولاد ام سلمہ سے کہا تھا بچھونا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا مانند اس کے جو رکھا

قبره وكان المسجد عند رأسه رواه أبو داود وعن أبي هريرة قال رأى رسول الله صلى الله عليه وسلم رجلا مضطجعا على بطنه فقال

جاتا ہے قبر میں اور تھی مسجد نزدیک سر مبارک آپ کے روایت کیا اس کو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ دیکھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کو اوندھے پیٹ ہو کر سونے والا

إن هذه ضجعة لا يحبها الله رواه الترمذي وعن يعيش بن طخفة بن قيس الغفاري عن أبيه وكان من أصحاب الصفة قال بينما أنا

اس طرح سونے کو دوست نہیں رکھتا اللہ روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے یعیش بن طخفہ بن قیس غفاری سے اس نے اپنے باپ سے اور تھا باپ اس کا اصحاب صفہ سے کہا

مضطجع من السحر على بطني إذا رجل يحركني برجله فقال إن هذه ضجعة يبغضها الله فنظرت فإذا هو رسول الله صلى الله

سو رہا تھا اوندھا بسبب درد سینہ کے کہ ناگاہ ایک شخص نے ہلایا مجھے اپنے پاؤں سے اور کہا اس طرح سونے کو دشمن رکھتا ہے اللہ پس نظر کیا میں نے کہ وہ مرد پیغمبر خدا صلی اللہ

عليه وسلم رواه أبو داود وابن ماجه وعن علي بن شيبان قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من بات على ظهر بيت ليس عليه حجاب

علیہ وسلم تھے روایت کیا اس کو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے علی بن شیبان سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو رات کو سوئے گھر کی چھت پر کہ نہ ہو اس پر پردہ

وفي رواية حجار فقد برئت منه الذمة رواه أبو داود وفي معالم السنن للخطابي حجى وعن جابر قال نهى رسول

اور ایک روایت میں پتھر کی سو مقرر بری ہوا اس سے ذمہ روایت کیا اس کو ابو داؤد نے اور معالم السنن خطابی میں حجی ہے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ منع فرمایا رسول خدا صلی

الله صلى الله عليه وسلم أن ينام الرجل على سطح ليس بمحجور عليه رواه الترمذي وعن حذيفة قال ملعون على لسان محمد صلى الله عليه

اللہ علیہ وسلم نے کہ سوئے مرد ایسے بالاخانے پر کہ جس پر نہ ہو روک روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے حذیفہ سے کہا کہ ملعون ہے زبان پر محمد صلی اللہ علیہ

وسلم من قعد وسط الحلقة رواه الترمذي وأبو داود وعن أبي سعيد الخدري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

وسلم کے وہ شخص جو بیٹھے بیچ حلقے کے روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

خير المجالس أوسعها رواه أبو داود وعن جابر بن سمرة قال جاء رسول الله صلى الله عليه وسلم وأصحابه جلوس فقال ما لي أراكم

بہتر مجلسوں کا زیادہ کشادہ ہے روایت کیا اس کو ابو داؤد نے اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا نکل آئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ آپ کے بیٹھے تھے پس فرمایا کیا ہوا مجھے کہ دیکھتا ہوں میں تم کو

عنه رواه ابو داود وعن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذا كان احدكم في الفيء فقلص عنه الظل فصار بعضه في
جوتی جوتی سے پیدا کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب بیٹھا ہو کوئی تم میں سے سایہ میں پھر جاتا رہا اس سے سایہ اور ہو گیا بدن اسکا کچھ

الظل فليقم رواه ابو داود وفي شرح السنة عنه قال صلى الله عليه وسلم اذا كان احدكم في الفيء فقلص عنه الظل فصار بعضه
سایہ میں تو چاہیے کہ اٹھ کھڑا ہو روایت کیا اسکو ابو داود نے اور شرح سنہ میں اسی سے ہے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہو کوئی تمھارا سایہ میں پھر کم ہو جاے سایہ اس سے اور ہو بعضا

في الشمس وبعضه في الظل فليقم فانه مجلس الشيطان هكذا رواه معمر موقوفا وعن ابي اسيد الانصاري انه سمع رسول الله
سورج میں اور تھوڑا سا سایہ میں تو اٹھ کھڑا ہو کیونکہ وہ جگہ شیطان کی ہے اسی طرح روایت کیا اسکو معمر نے موقوف اور روایت ہے ابی اسید انصاری سے کہ انہوں نے سنا

صلى الله عليه وسلم يقول وهو خارج من المسجد فاختلط الرجال مع النساء في الطريق فقال للنساء استأخرن فانه ليس لكن ان تحققن
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جس حال میں کہ آپ باہر نکلے مسجد سے پھر باہم ملے مرد ساتھ عورتوں کے راہ میں تب فرمایا عورتوں کو ہٹو جاؤ کیونکہ نہیں پہنچتا تمکو کہ دوڑو بیچ

الطريق عليكن بحافات الطريق فكانت المرأة تلصق بالجدار حتى ان ثوبها ليتعلق بالجدار رواه ابو داود والبيهقي في شعب
راہ کے لازم پکڑو اپنے اوپر کنارے کو راہ کے سو تھی عورت سٹ جاتی دیوار میں یہانتک کہ کپڑا اسکا اٹکتا دیوار میں روایت کیا اسکو ابو داود نے اور بیہقی نے شعب

الايمان وعن ابن عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى ان يمشي يعني الرجل بين المرأتين رواه ابو داود وعن جابر بن سمرة قال كنا اذا
الایمان میں اور روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ چلے یعنی مرد درمیان دو عورت کے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا

اتينا النبي صلى الله عليه وسلم جلس احدنا حيث ينتهي رواه ابو داود وذكر حديثا عبد الله بن عمرو في باب القيام وسنذكر حديثي
حاضر ہوتے ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھتا ایک ہمارا جہاں پہنچتا روایت کیا اسکو ابو داود نے اور ذکر کی گئی دونوں حدیث عبد اللہ بن عمرو کی باب القیام میں اور آگے ذکر کرونگا

علي وابي هريرة في باب اسماء النبي صلى الله عليه وسلم وصفاته ان شاء الله تعالى **الفصل الثالث** عن عمرو بن الشريد عن ابيه قال
علی اور ابی ہریرہ کی باب میں اسماء نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور انکی صفات کے انشاء اللہ تعالی فصل تیسری روایت ہے عمرو بن شرید سے انہوں نے اپنے باپ سے کہا

مر بي رسول الله صلى الله عليه وسلم وانا جالس هكذا وقد وضعت يدي اليسرى خلف ظهري واتكأت على الية يدي فقال اتقعد
گذر کیا مجھ پر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جس حال میں کہ بیٹھا تھا میں اسطرح اور رکھا تھا بائیں ہاتھ کو اپنے پیچھے اپنے اور تکیہ کیا تھا میں نے پارہ گوشت پر جو نیچے انگوٹھے کی

قعدة المغضوب عليهم رواه ابو داود وعن ابي ذر قال مر بي النبي صلى الله عليه وسلم وانا مضطجع على بطني فركضني برجله
منزل کے کہ جنکے اوپر غضب کیا گیا روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ گذر کیا میرے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جس حال میں کہ میں سویا تھا اوندھا تب مارا مجھے پاؤں سے اپنے

وقال يا جندب انما هي ضجعة اهل النار رواه ابن ماجه

باب العطاس والتثاؤب

الفصل الاول عن ابي هريرة عن النبي
اور فرمایا اے جندب یہہ سونا دوزخ والوں کا ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے باب چھینکنے اور جمائی لینے کا فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ سے پیغمبر خدا

صلى الله عليه وسلم قال ان الله يحب العطاس ويكره التثاؤب فاذا عطس احدكم وحمد الله كان حقا على كل مسلم سمعه ان يقول
صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ اللہ دوست رکھتا ہے چھینکنے کو اور مکروہ رکھتا ہے جمائی لینے کو پھر جب چھینکے کوئی تمھارا اور کہے الحمد للہ تو ہوتا ہے حق ہر مسلمان جو سنے کہ کہے

له يرحمك الله فاما التثاؤب فانما هو من الشيطان فاذا تثاءب احدكم فليرده ما استطاع فان احدكم اذا تثاءب ضحك
اسکو یرحمک اللہ ف سو بہر صورت جمائی لینا سو شیطان سے ہے پھر جب جمائی لیوے کوئی تمھارا تو چاہیے کہ باز رکھے اسکو جہاں تک سکے کیونکہ کوئی تم میں سے جب جمائی لیتا ہے ہنستا ہے

منه الشيطان رواه البخاري وفي رواية لمسلم فان احدكم اذا قال ها ضحك الشيطان منه وعنه قال قال رسول الله صلى
اس سے شیطان روایت کیا اسکو بخاری نے اور مسلم کی ایک روایت میں کیونکہ کوئی تمھارا جب کہتا ہے ہا ہنستا ہے اس سے شیطان اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا نبی صلی اللہ

عليه وسلم إذا عطس أحدكم فليقل الحمد لله وليقل له أخوه أو صاحبه يرحمك الله فإذا قال له فليقل يهديكم الله ويصلح

علیہ وسلم نے جب چھینکے کوئی تم میں سے سو چاہیے کہ کہے الحمد للہ اور کہے اسکو بھائی اسکا یا دوست اسکا یرحمک اللہ پھر جب کہے اسکو تو کہے یہدیکم اللہ و یصلح

بالكم رواه البخاري وعن أنس قال عطس رجلان عند النبي صلى الله عليه وسلم فشمت أحدهما ولم يشمت الآخر فقال الرجل

بالکم روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا چھینکا دو مردوں نے نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو یرحمک اللہ فرمایا ایک کو اور یرحمک اللہ نہ فرمایا دوسرے کو تب کہا جسنے

يا رسول الله شمت هذا ولم تشمتني قال إن هذا حمد الله ولم تحمد الله متفق عليه وعن أبي موسى قال سمعت رسول الله صلى

یا رسول اللہ یرحمک اللہ فرمایا آپنے اسکو اور مجھے نہ فرمایا تب فرمایا کہ اسنے الحمد للہ کہا اور تو نے نہ کہا ق × اور روایت ہے ابی موسی سے کہا سنا میں نے آنحضرت صلی

الله عليه وسلم يقول إذا عطس أحدكم فحمد الله فشمتوه وإن لم يحمد الله فلا تشمتوه رواه مسلم وعن سلمة بن الأكوع أنه سمع

اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جب چھینکے کوئی تمہارا پھر الحمد للہ کہے تو یرحمک اللہ کہو اسکو اور اگر الحمد للہ نہ کہے تو یرحمک اللہ نہ کہو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے سلمہ بن الاکوع سے کہ اسنے سنا

النبي صلى الله عليه وسلم وعطس رجل عنده فقال له يرحمك الله ثم عطس أخرى فقال الرجل مزكوم رواه مسلم وفي رواية

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اور چھینکا ایک مرد نے آنحضرت پاس تب فرمایا اسکو یرحمک اللہ پھر چھینکا دوسری دفعہ سو فرمایا اسکو زکام ہوا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور ایک روایت میں

الترمذي أنه قال له في الثالثة إنه مزكوم وعن أبي سعيد الخدري أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إذا تثاوب

ترمذی کی یہہ ہے کہ آنحضرت نے تیسری دفعہ فرمایا کہ اسکو زکام ہوگیا اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب جمہائی لے

أحدكم فليمسك بيده على فمه فإن الشيطان يدخل رواه مسلم **الفصل الثاني** عن أبي هريرة أن النبي صلى الله عليه وسلم

کوئی تم میں تو رکھے ہاتھ اپنا منہہ پر اپنے کیونکہ شیطان داخل ہوتا ہے ق روایت کیا اسکو مسلم نے فصل دوسری روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

كان إذا عطس غطى وجهه بيده أو بثوبه وغض بها صوته رواه الترمذي وأبو داود وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح

جب چھینکتے چھپاتے چہرے کو اپنے ہاتھ یا کپڑے سے اور کم کرتے اسکے ساتھ آواز اپنی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن صحیح ہے

وعن أبي أيوب أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إذا عطس أحدكم فليقل الحمد لله على كل حال وليقل الذي يرد عليه يرحمك

اور روایت ہے ابی ایوب سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب چھینکے کوئی تم میں تو کہے الحمد للہ علی کل حال اور کہے جواب دینے والا یرحمک

الله وليقل هو يهديكم الله ويصلح بالكم رواه الترمذي والدارمي وعن أبي موسى قال كان اليهود يتعاطسون عند النبي صلى

اللہ اور کہے چھینکنے والا یہدیکم اللہ و یصلح بالکم روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے ابی موسی سے کہا یہود بتکلف چھینکتے نبی صلعم

الله عليه وسلم يرجون أن يقول لهم يرحمكم الله فيقول يهديكم الله ويصلح بالكم رواه الترمذي وأبو داود وعن

اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس اس امید سے کہ فرماویں انکو یرحمک اللہ سو فرماتے یہدیکم اللہ و یصلح بالکم روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت ہے

هلال بن يساف قال كنا مع سالم بن عبيد فعطس رجل من القوم فقال السلام عليكم فقال له سالم عليك وعلى أمك فكأن

ہلال ابن یساف سے کہا کہ تھے ہم سالم بن عبید کے ساتھ سو چھینکا ایک شخص قوم سے اور کہا السلام علیکم تب کہا اسکو سالم نے اور تجھ اور تیری ماں پر سو گویا کہ وہ

الرجل وجد في نفسه فقال أما إني لم أقل إلا ما قال النبي صلى الله عليه وسلم إذ عطس رجل عند النبي صلى الله عليه وسلم فقال السلام

شخص غمگین ہوا اپنے جی میں تب کہا سالم نے سن تو رہیں نہ کہا مگر جو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب چھینکا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پاس ایک مرد اور کہا اسنے السلام

عليكم فقال النبي صلى الله عليه وسلم عليك وعلى أمك إذا عطس أحدكم فليقل الحمد لله رب العالمين وليقل له من يرد عليه

علیکم تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تجھ پر اور تیری ماں پر جب چھینکے کوئی تم میں تو کہے الحمد للہ رب العالمین اور کہے اسکو جواب دینے والا

يرحمك الله وليقل يغفر الله لي ولكم رواه الترمذي وابو داود وعن عبيد بن رفاعة عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال

يرحمك اللہ اور کہے چھینکنے والا یغفر اللہ لی ولکم روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت ہے عبید بن رفاعہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا

شمت العاطس ثلاثا فان شئت فشمته وان شئت فكف رواه ابو داود والترمذي وقال هذا حديث غريب وعن ابي هريرة قال شمت

یرحمک اللہ کہو چھینکنے والے کو تین دفعہ پھر جو زیادہ ہو سو اگر چاہے تو یرحمک اللہ کہہ اسکو اور اگر چاہے تو نہ کہہ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا یرحمک اللہ کہو

اخاك ثلاثا فان زاد فهو زكام رواه ابو داود وقال لا اعلمه الا انه رفع الحديث الى النبي الفصل الثالث عن نافع ان رجلا عطس

اپنے بھائی کو تین دفعہ پھر اگر زیادہ ہو تو وہ زکام ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور کہا راوی نہیں جانتا میں ابا ہریرہ کو مگر کہ اسنے رفع کیا حدیث کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک فصل تیسری روایت ہے نافع سے کہ ایک مرد نے چھینکا

الى جنب ابن عمر فقال الحمد لله والسلام على رسول الله قال ابن عمر وانا اقول الحمد لله والسلام على رسول الله وليس هكذا علمنا

پہلو کی طرف ابن عمر کے اور کہا الحمد للہ والسلام علی رسول اللہ کہا ابن عمر نے اور میں بھی کہتا ہوں الحمد للہ والسلام علی رسول اللہ اور نہیں یوں سکھایا ہمکو

رسول الله صلى الله عليه وسلم ان نقول الحمد لله على كل حال رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کہیں ہم الحمد للہ علی کل حال روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے

باب الضحك

الفصل الاول

باب ہنسنے کا — پہلی فصل

عن عائشة قالت ما رايت النبي صلى الله عليه وسلم مستجمعا ضاحكا حتى ارى منه لهواته انما كان يتبسم رواه البخاري

روایت ہے عائشہ رض سے بولیں نہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پورا ہنسنے والا یہانتک کہ دیکھوں میں انکے تالو مگر تھے مسکراتے روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن جرير قال ما حجبني النبي صلى الله عليه وآله وسلم منذ اسلمت ولا راني الا تبسم متفق عليه وعن جابر بن سمرة قال

اور روایت ہے جریر سے کہا کہ منع کیا مجھکو اپنے پاس آنے سے خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سے مسلمان ہوا میں اور نہ دیکھا مجھکو مگر مسکرائے متفق اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا

كان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يقوم من مصلاه الذي يصلي فيه الصبح حتى تطلع الشمس فاذا طلعت الشمس قام وكانوا

تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نہ کھڑے ہوتے اپنی نماز کی جگہ سے کہ جسمیں پڑھتے تھے نماز صبح کی یہانتک کہ نکلتا سورج پھر جب نکلتا سورج کھڑے ہوتے اور تھے صحابہ

يتحدثون فياخذون في امر الجاهلية فيضحكون ويتبسم صلى الله عليه وسلم رواه مسلم وفي رواية للترمذي يتناشدون

باتیں کرتے اور شروع کرتے کام میں جاہلیت کے پھر ہنستے اور مسکراتے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم روایت کیا اسکو مسلم نے اور ترمذی کی ایک روایت میں پڑھتے

الشعر

الفصل الثاني

عن عبد الله بن الحارث بن جزء قال ما رايت احدا اكثر تبسما من رسول الله صلى الله عليه وسلم رواه الترمذي

شعر کو فصل دوسری روایت ہے عبد اللہ بن حارث بن جزء سے کہا نہ دیکھا میں نے کسیکو زیادہ مسکرانے والا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا اسکو ترمذی نے

الفصل الثالث

عن قتادة قال سئل ابن عمر هل كان اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم يضحكون قال نعم والايمان في قلوبهم اعظم

فصل تیسری روایت ہے قتادہ سے کہا کسی نے پوچھا ابن عمر کو بھلا تھے اصحاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہنستے کہا ہاں حالانکہ ایمان تھا دلوں میں ان کو زیادہ عظمت والا

من الجبل وقال بلال بن سعد ادركتهم يشتدون بين الاغراض ويضحك بعضهم الى بعض فاذا كان الليل كانوا رهبانا رواه

پہاڑ سے اور کہا بلال بن سعد نے پایا میں نے انکو وقت دوڑتے تھے درمیان نشانوں کے اور ہنستے بعض انکا بعض کی طرف پھر جب ہوتی رات ہوتے ڈرنے والے روایت کیا اسکو

في شرح السنة

باب الاسامي

الفصل الاول

عن انس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم في السوق فقال رجل يا ابا القاسم

شرح سنہ میں باب ناموں کا پہلی فصل روایت ہے انس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بازار میں سو کہا ایک شخص نے یا ابا القاسم

فالتفت اليه النبي صلى الله عليه وسلم فقال انما دعوت هذا فقال النبي صلى الله عليه وسلم سموا باسمي ولا تكتنوا بكنيتي متفق عليه

تب پھر کر دیکھا آنحضرت نے اسکی طرف سو کہا اس مرد نے بس بلایا میں نے اس شخص کو تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نام رکھو میرے نام سے اور کنیت نہ رکھو میری کنیت سے متفق

عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَسَمَّوْا بِاسْمِي وَلَا تَكْتَنُوا بِكُنْيَتِي فَإِنِّي إِنَّمَا جُعِلْتُ قَاسِمًا أَقْسِمُ بَيْنَكُمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

روایت ہے جابر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نام رکھو میرے نام سے اور کنیت نہ رکھو میری کنیت سے کیونکہ میں ہی ٹھہرایا گیا ہوں تقسیم کرنے والا تقسیم کرتا ہوں تمہارے درمیان

وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَحَبَّ أَسْمَائِكُمْ إِلَى اللهِ عَبْدُ اللهِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ

اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہارے ناموں میں سے بہت اچھا نام اللہ کے پاس عبد اللہ اور عبد الرحمن ہے یہ روایت کیا مسلم نے اور روایت ہے سمرہ بن

جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُسَمِّيَنَّ غُلَامَكَ يَسَارًا وَلَا رَبَاحًا وَلَا نَجِيحًا وَلَا أَفْلَحَ فَإِنَّكَ تَقُولُ أَثَمَّ هُوَ فَلَا يَكُونُ

جندب سے اس نے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ نام رکھ اپنے غلام کا یسار یعنی آسانی والا اور رباح یعنی نفع والا اور نجیح یعنی نجات والا اور افلح [illegible]

فَيَقُولُ لَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ قَالَ لَا تُسَمِّ غُلَامَكَ رَبَاحًا وَلَا يَسَارًا وَلَا أَفْلَحَ وَلَا نَافِعًا وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ أَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

تو کہیگا سننے والا نہیں ہے روایت کیا مسلم نے اور اس کی ایک روایت میں ہے نہ نام رکھ اپنے غلام کا رباح اور یسار اور افلح اور نہ نافع اور روایت ہے جابر سے کہا ارادہ کیا نبی صلے اللہ علیہ و

وَسَلَّمَ أَنْ يَنْهَى عَنْ أَنْ يُسَمَّى بِيَعْلَى وَبِبَرَكَةَ وَبِأَفْلَحَ وَبِيَسَارٍ وَبِنَافِعٍ وَبِنَحْوِ ذٰلِكَ ثُمَّ رَأَيْتُهُ سَكَتَ بَعْدُ عَنْهَا ثُمَّ قُبِضَ وَلَمْ يَنْهَ عَنْ

آلہ وسلم نے کہ منع کریں کہ نام رکھا جاوے یعلی اور برکت اور افلح اور یسار اور نافع اور مثل ان کے پھر دیکھا میں نے آپ کو سکوت کیا بعد اس کے ان ناموں سے پھر فوت کئے گئے اور نہ منع کیا

ذٰلِكَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْنَى الْأَسْمَاءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ اللهِ رَجُلٌ يُسَمَّى مَلِكَ

ان سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت برا نام قیامت کے دن اللہ کے پاس اس شخص کا ہے جو نام رکھا جاوے

الْأَمْلَاكِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ أَغْيَظُ رَجُلٍ عَلَى اللهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَأَخْبَثُهُ رَجُلٌ كَانَ يُسَمَّى مَلِكَ الْأَمْلَاكِ لَا

الاملاک روایت کیا اسکو بخاری نے اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہا بڑا غصہ دلانے والا مرد اللہ کو قیامت کے دن اور بڑا خبیث وہ شخص ہے جو بلایا جاوے بادشاہوں کا بادشاہ نہیں

مَلِكَ إِلَّا اللهُ وَعَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ قَالَتْ سُمِّيتُ بَرَّةَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُزَكُّوا أَنْفُسَكُمُ اللهُ أَعْلَمُ

بادشاہ مگر اللہ اور روایت ہے زینب بنت ابی سلمہ سے بولیں کہ نام رکھا گیا تھا میرا برہ پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ پاک کہو اپنی جانوں کو اللہ خوب جانتا ہے

بِأَهْلِ الْبِرِّ مِنْكُمْ سَمُّوهَا زَيْنَبَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَتْ جُوَيْرِيَةُ اسْمُهَا بَرَّةَ فَحَوَّلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نیکی والے کو تم میں سے نام رکھو اس کا زینب روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا تھا نام جویریہ کا برہ پھر بدل کر رکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

اسْمَهَا جُوَيْرِيَةَ وَكَانَ يَكْرَهُ أَنْ يُقَالَ خَرَجَ مِنْ عِنْدِ بَرَّةَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ بِنْتًا كَانَتْ لِعُمَرَ يُقَالُ لَهَا عَاصِيَةُ فَسَمَّاهَا

نام اس کا جویریہ اور برا جانتے تھے آپ کہ کہا جاوے نکلا برہ کے پاس سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ ایک لڑکی تھی عمر کی جو بولائی جاتی عاصیہ [illegible]

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمِيلَةَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ أُتِيَ بِالْمُنْذِرِ بْنِ أَبِي أُسَيْدٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمیلہ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہا کہ لایا گیا منذر بن ابی اسید حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جب

وُلِدَ فَوَضَعَهُ عَلَى فَخِذِهِ فَقَالَ مَا اسْمُهُ قَالَ فُلَانٌ قَالَ لَا لٰكِنِ اسْمُهُ الْمُنْذِرُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ

پیدا ہوا سو رکھا اسکو آپ نے اپنی ران پر اور فرمایا کیا ہے نام اسکا کہا فلانا ہے فرمایا نہیں لیکن نام اسکا منذر ہے متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُولَنَّ أَحَدُكُمْ عَبْدِي وَأَمَتِي كُلُّكُمْ عَبِيدُ اللهِ وَكُلُّ نِسَائِكُمْ إِمَاءُ اللهِ وَلٰكِنْ لِيَقُلْ غُلَامِي وَجَارِيَتِي وَفَتَايَ وَفَتَاتِي

علیہ وسلم نے کوئی تم میں سے یوں نہ بولے کہ میرا بندہ اور میری بندی اور تم سب اللہ کے بندے ہو اور تمہاری عورتیں سب اللہ کی بندیاں ہیں اور لیکن چاہیے کہ کہے میرا لڑکا اور لڑکی اور چھوکرا اور چھوکری

وَلَا يَقُلِ الْعَبْدُ رَبِّي وَلٰكِنْ لِيَقُلْ سَيِّدِي وَفِي رِوَايَةٍ لِيَقُلْ سَيِّدِي وَمَوْلَايَ وَفِي رِوَايَةٍ لَا يَقُلِ الْعَبْدُ لِسَيِّدِهِ مَوْلَايَ فَإِنَّ مَوْلَاكُمُ

اور غلام بھی اپنے مالک کو یوں نہ کہے کہ میرا رب لیکن یوں کہے کہ میرا سردار اور ایک روایت میں ہے کہ میرا سردار اور مولا اور ایک روایت میں ہے کہ نہ کہے غلام اپنے مالک کو مولا کیونکہ مولا تمہارا [illegible]

الله رواه مسلم وعنه عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال لا تقولوا الكرم فان الكرم قلب المؤمن رواه مسلم وفي رواية

اللہ ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انہی سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ کہو انگور کو کرم کیونکہ کرم تو صفت ہے دل ایماندار کی روایت کیا اسکو مسلم اور ایک روایت

له عن وائل بن حجر لا تقولوا الكرم ولكن قولوا العنب والحبلة عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تسموا

مسلم کی وائل بن حجر سے ہے نہ کہو کرم ولیکن کہو عنب اور حبلہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ نام رکھو

العنب الكرم ولا تقولوا يا خيبة الدهر فان الله هو الدهر رواه البخاري وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يسب

انگور کا کرم اور نہ کہو ای کم بختی زمانے کی اسواسطے کہ زمانے کا پھیرنے والا تو اللہ ہی ہے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انہی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے گالی نہ دے

احدكم الدهر فان الله هو الدهر رواه مسلم وعن عائشة رض قالت قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا يقولن

کوئی تمہارا زمانے کو کیونکہ اللہ وہی ہے پھیرنے والا زمانے کا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ رض سے بولیں کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ کہے

احدكم خبثت نفسي ولكن ليقل لقست نفسي متفق عليه وذكر حديث ابي هريرة يؤذيني ابن آدم في باب الايمان الفصل الاول

کوئی تمہارا کہ خبیث ہوا نفس میرا ولیکن چاہیے کہ یوں کہے میرا نفس دین میں سست ہوا متفق ہے اور ذکر کی گئی حدیث ابی ہریرہ کی جس کے سرے میں یہ ہے کہ ایذا دیتا مجھکو ابن آدم باب الایمان میں

الثاني عن شريح بن هانئ عن ابيه انه لما وفد الى رسول الله صلى الله عليه وسلم مع قومه سمعهم يكنونه بابي الحكم فدعاه

دوسری فصل روایت ہے شریح بن ہانی سے انہوں نے اپنے باپ سے کہ ہانی جب پہنچا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنی قوم کے ساتھ سنا آنحضرت نے انکو کنیت کرتے تھے ابی الحکم کی پس بلایا اسکو

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال ان الله هو الحكم واليه الحكم فلم تكنى ابا الحكم قال ان قومي اذا اختلفوا في شيء اتوني

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور فرمایا مقرر خدا وہی ہے منصف اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہے حکم پھر کیوں بلایا جاتا ہے تو لفظ ابی الحکم سے کہا ہانی نے کہ قوم میری جب اختلاف کرتی ہے کسی چیز میں آتی ہے میرے پاس

فحكمت بينهم فرضي كلا الفريقين فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما احسن هذا فما لك من الولد قال لي شريح

سو فیصلہ کرتا ہوں میں بیچ ان کے پھر راضی ہوتے ہیں دونوں گروہ میرے فیصلے سے تب فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا اچھا ہے یہ سو بھلا ہیں اولاد تیری کہا میری اولاد شریح

ومسلم وعبد الله قال فمن اكبرهم قلت شريح قال فانت ابو شريح رواه ابو داود والنسائي وعن مسروق قال لقيت

و مسلم و عبد اللہ ہیں فرمایا پھر کون بڑا انکا کہا میں نے شریح ہے فرمایا تو تو ابو شریح ہے روایت کیا اسکو ابو داود اور نسائی نے اور روایت ہے مسروق سے کہا کہ ملاقات کی میں نے

عمر رض فقال من انت قلت مسروق بن الاجدع قال عمر سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الاجدع شيطان

عمر رض سے سو کہا عمر نے کون ہے تو کہا میں نے مسروق بن الاجدع کہا عمر نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے اجدع شیطان ہے

رواه ابو داود وابن ماجه وعن ابي الدرداء قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تدعون يوم القيمة باسمائكم واسماء

روایت کیا اسکو ابو داود اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پکارے جاؤ گے تم قیامت کے دن اپنے ناموں سے اور ناموں سے

ابائكم فاحسنوا اسمائكم رواه احمد وابو داود وعن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى ان يجمع احد بين

اپنے باپوں کے سو اچھا رکھو تم نام اپنا روایت کیا اسکو احمد اور ابو داود نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ جمع کرے کوئی درمیان

اسمه وكنيته ويسمى محمدا ابا القاسم رواه الترمذي وعن جابر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا تسميتم باسمي فلا تكتنوا

نام اور کنیت آنحضرت کے اور بلایا جاوے محمد نام والا ابو القاسم کنیت سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب نام رکھو تم میرے نام پر

بكنيتي رواه الترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا حديث غريب وفي رواية ابي داود قال صلى الله عليه وآله وسلم من تسمى

میری کنیت سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور ابو داود کی ایک روایت میں یوں ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکا نام ہو

شریح ابو شریح ہے ف یعنی جسکا نام محمد ہو کنیت ابو القاسم کر نہ رکھنا چاہیے اور اگر صرف کنیت ابو القاسم کر کرے اور نام سوائے نام محمد کے دوسرا ہو تو جائز ہے اس حدیث سے

باسمی فلا یکتنی بکنیتی ومن تکنّی بکنیتی فلا یتسمّ باسمی وعن عائشۃ ان امرأۃ قالت یا رسول اللہ انی ولدت غلاما فسمیتہ محمدا

میرے نام سے تو کنیت نہ رکھے میری کنیت اور جس کی کنیت ہو میری کنیت سے تو نام نہ رکھے میرا اور روایت ہے عائشہ سے کہ ایک عورت نے کہا یا رسول اللہ میں نے ایک لڑکا جنا سو نام رکھا اس کا محمد

وکنیتہ ابا القاسم فذکر لی انک تکرہ ذلک فقال ما الذی احل اسمی وحرم کنیتی او ما الذی حرم کنیتی واحل اسمی رواہ ابو داؤد

اور کنیت کی اسکی ابو القاسم سو ذکر ہوا میرے پاس کہ آپ برا جانتے ہیں اس کو تب فرمایا کون چیز ہے کہ حلال کرتی ہے میرے نام کو اور حرام کرتی ہے میری کنیت کو [illegible] روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وقال محی السنۃ غریب وعن محمد بن الحنفیۃ عن ابیہ قال قلت یا رسول اللہ ارأیت ان ولد لی بعدک ولد اسمیہ باسمک واکنیہ

اور کہا محی السنہ نے غریب ہے اور روایت ہے محمد بن حنفیہ سے اسنے اپنے باپ سے کہا کہ کہا میں نے یا رسول اللہ بھلا بتلائیے اگر پیدا ہو لڑکا بعد آپ کے تو نام رکھوں اسکا آپ کے نام پر اور کنیت

بکنیتک قال نعم رواہ ابو داؤد وعن انس قال کنانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ببقلۃ کنت اجتنیہا رواہ الترمذی وقال ہذا

تیری کنیت سے فرمایا ہاں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ کنیت کی میری رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ ساگ کے جسکو چنتا تھا میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا

حدیث لا نعرفہ الا من ہذا الوجہ وفی المصابیح صححہ وعن عائشۃ قالت ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یغیر الاسم القبیح

حدیث ہے کہ نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور مصابیح میں صحیح کہا اسکو اور روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بدل دیتے تھے برے نام کو

رواہ الترمذی وعن بشیر بن میمون عن عمہ اسامۃ بن اخدری ان رجلا یقال لہ اصرم کان فی النفر الذین اتوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے بشیر بن میمون سے اسنے اپنے چچا اسامہ بن اخدری سے کہ ایک شخص کو لوگ کہتے اصرم تھا وہ شخص ان جماعت میں جو آئی آنحضرت صلی اللہ علیہ

وسلم فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما اسمک قال اصرم قال بل انت زرعۃ رواہ ابو داؤد وقال غیر النبی صلی اللہ علیہ وسلم

وسلم کی خدمت میں سو پوچھا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ہے نام تیرا کہا نام میرا اصرم ہے فرمایا بلکہ نام تیرا زرعہ ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور کہا ابو داؤد نے بدل ڈالا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

اسم العاص وعزیز وعتلۃ وشیطان والحکم وغراب وحباب وشہاب وقال ترکت اسانیدہا للاختصار وعن ابی مسعود

نام عاص کو اور نام عزیز اور عتلہ کو اور نام شیطان اور حکم کو اور نام غراب اور حباب اور شہاب کو اور کہا ابو داؤد نے چھوڑ دیا میں نے انکی سندوں کو واسطے اختصار کے اور روایت ہے

الانصاری قال لابی عبد اللہ او قال ابو عبد اللہ لابی مسعود ما سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول فی زعموا قال سمعت رسول اللہ

انصاری سے کہا ابو عبد اللہ کو یا کہا ابو عبد اللہ نے ابی مسعود کو کیا سنا تم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے لفظ زعموا میں تب کہا سنا میں نے رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول بئس مطیۃ الرجل رواہ ابو داؤد وقال ان ابا عبد اللہ حذیفۃ وعن حذیفۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ

صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے بری ہی سواری ہے مرد کی روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور کہا کہ ابو عبد اللہ حذیفہ ہے اور روایت ہے حذیفہ سے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ

وسلم قال لا تقولوا ما شاء اللہ وشاء فلان ولکن قولوا ما شاء اللہ ثم شاء فلان رواہ احمد وابو داؤد وفی روایۃ منقطعا

وسلم سے فرمایا نہ بولا کرو جو چاہے اللہ اور فلانہ لیکن کہو جو چاہے اللہ بعد اسکے جو چاہے فلانہ روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے اور ایک روایت میں منقطع ہے

قال لا تقولوا ما شاء اللہ وشاء محمد وقولوا ما شاء اللہ وحدہ رواہ فی شرح السنۃ وعن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال

فرمایا نہ بولا کرو جو چاہے اللہ اور محمد اور بولا کرو جو چاہے اللہ فقط روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے عمر سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا

لا تقولوا للمنافق سید فانہ ان یک سیدا فقد اسخطتم ربکم رواہ ابو داؤد الفصل الثالث عن عبد الحمید بن جبیر بن شیبۃ

نہ بولا کرو منافق کو سردار اسواسطے کہ اگر وہ ہے سردار تو ناراض کیا تم نے اپنے رب کو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے تیسری فصل روایت ہے عبد الحمید بن جبیر بن شیبہ سے

قال جلست الی سعید بن المسیب فحدثنی ان جدہ حزنا قدم علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فقال ما اسمک قال اسمی حزن قال بل انت سہل

اسنے کہا کہ بیٹھا میں سعید بن مسیب کے پاس سو حدیث سنائی مجھے کہ دادا اسکا حزن نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا سو پوچھا حضرت نے کیا ہے نام تیرا کہا نام میرا حزن ہے فرمایا بلکہ تو سہل ہے

ف یعنی اسی اسناد سے جو ذکر کیا ہے ترمذی نے [illegible]

قال لا أغير اسما سمانيه أبي قال فما زالت فينا الحزونة بعد رواه البخاري وعن أبي وهب الجشمي قال قال رسول الله صلى الله عليه

کہا اسنے میں نہیں بدلتا نام کو جو رکھا میرے باپ نے کہا سعید نے سو ہمیشہ رہی ہم میں سختی بعد اسکے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی وہب جشمی سے کہا فرمایا رسول خدا صلی

وآله وسلم تسموا بأسماء الأنبياء وأحب الأسماء إلى الله تعالى عبد الله وعبد الرحمن وأصدقها حارث وهمام وأقبحها حرب ومرة

والہ وسلم نے نام رکھا کرو ناموں سے پیغمبروں کے اور بہت اچھا نام اللہ کے پاس عبد اللہ اور عبد الرحمن ہے اور سب ناموں سے زیادہ سچا نام حارث اور ہمام اور سب ناموں سے برا نام حرب اور مرہ ہے

رواه أبو داود

باب البيان والشعر

الفصل الأول

عن ابن عمر قال قدم رجلان من المشرق فخطبا فعجب الناس لبيانهما فقال

روایت کیا اسکو ابو داود نے ۔ باب بیان اور شعر کا ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے ابن عمر رض سے اسنے کہا کہ آئے دو آدمی مشرق سے اور باتیں کیں سو لوگوں کو تعجب ہوا انکی تقریر سے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إن من البيان لسحرا رواه البخاري وعن أبي بن كعب قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إن من الشعر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مقرر بعض بیان تو جادو ہی ہے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی بن کعب سے اسنے کہا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مقرر بعض

حكمة رواه البخاري وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم هلك المتنطعون قالها ثلاثا رواه مسلم وعن

شعر تو حکمت ہی ہے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا اسنے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہلاک ہوئے بناوٹ کی باتیں کرنے والے فرمایا اس کلمہ کو تین بار روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أصدق كلمة قالها الشاعر كلمة لبيد ألا كل شيء ما خلا الله باطل متفق عليه

ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سچی زیادہ بات جسکو کہا شاعر نے شعر لبید کی ہے سن رکھو سب چیز سوا اللہ کے فنا ہونے والی ہے متفق

وعن عمرو بن الشريد عن أبيه قال ردفت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يوما فقال هل معك من شعر أمية بن أبي الصلت

اور روایت ہے عمرو بن شرید سے اسنے اپنے باپ سے کہا پیچھے سوار ہوا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک دن سو فرمایا یاد رکھتا ہے تو امیہ بن ابی الصلت کی شعروں سے

شيء قلت نعم قال هيه فأنشدته بيتا فقال هيه ثم أنشدته بيتا فقال هيه حتى أنشدته مائة بيت رواه مسلم وعن جندب

کچھ کہا میں نے ہاں فرمایا پڑھ سو سنایا میں نے انکو ایک بیت پھر فرمایا پڑھ دوسرا سو سنایا میں نے دوسرا پھر فرمایا پڑھ یہاں تک کہ سنایا میں نے آپ کو سو بیت روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جندب سے

أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم كان في بعض المشاهد وقد دميت إصبعه فقال هل أنت إلا إصبع دميت وفي سبيل الله ما لقيت

کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے بعض لڑائیوں میں حالانکہ خون آلودہ تھی انگلی آپ کی سو فرمایا نہیں ہے تو مگر انگلی کہ خون میں بھر گئی اور اللہ کی راہ میں جو کچھ دیکھا تو نے

متفق عليه وعن البراء قال قال النبي صلى الله عليه وآله وسلم يوم قريظة لحسان بن ثابت اهج المشركين فإن جبريل معك وكان

متفق علیہ اور روایت ہے براء سے اسنے کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قریظہ کے دن حسان بن ثابت کو ہجو کر مشرکوں کی اسواسطے کہ جبرئیل ساتھ تیرے ہیں اور تھے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول لحسان أجب عني اللهم أيده بروح القدس متفق عليه وعن عائشة رض أن رسول الله

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے حسان کو جواب دے تو میری طرف سے اور فرماتے الٰہی اللہ تائید کر تو حسان کی روح قدس سے متفق علیہ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ آنحضرت

صلى الله عليه وآله وسلم قال اهجوا قريشا فإنه أشد عليهم من رشق النبل رواه مسلم وعنها قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہجو کرو قریش کی کیونکہ ہجو بہت سخت ہے ان پر زخم تیر سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انہی سے بولیں کہ سنا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ

وآله وسلم يقول لحسان إن روح القدس لا يزال يؤيدك ما نافحت عن الله ورسوله وقالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

وآلہ وسلم کو فرماتے حسان کو مقرر جبرئیل ہمیشہ مدد کیا کرتا ہے تیری جب تک تو نے خدا اور اسکے رسول کی طرف سے جواب دیتا رہے اور بولیں سنا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

يقول هجاهم حسان فشفى واشتفى رواه مسلم وعن البراء قال كان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ينقل التراب يوم الخندق حتى

فرماتے ہجو کیا حسان نے سو چنگا کیا اور چنگا ہوا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے براء سے کہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ڈھوتے تھے مٹی خندق کے دن یہاں تک کہ

اغبر بطنه يقول والله لولا الله ما اهتدينا ولا تصدقنا ولا صلينا فانزلن سكينة علينا وثبت الاقدام ان لاقينا ان الاولى

خاک آلودہ ہوا پیٹ آپ کا فرماتے تھے قسم خدا کی اگر نہیں ہوتی رحمت خدا کی تو نہ راہ پاتے ہم اور نہ خیرات کرتے اور نہ نماز پڑھتے سو اتار تسکین ہم پر اور جما قدموں کو اگر ملیں ہم مقرر کافروں نے

قد بغوا علينا اذا ارادوا فتنة ابينا يرفع بها صوته ابينا ابينا متفق عليه وعن انس قال جعل المهاجرون والانصار يحفرون

ظلم کیا ہم پر جب چاہتے ہیں دین سے بچلا دینے کو نہ مانا ہمنے اونچی کرتے تھے کلمے ابینا ابینا کو اپنی آواز سے متفق علیہ اور روایت ہے انس سے کہا شروع کیا مہاجر اور انصار نے کھودنا

الخندق وينقلون التراب وهم يقولون نحن الذين بايعوا محمدا على الجهاد ما بقينا ابدا يقول النبي صلى الله عليه وآله وسلم وهو

خندق اور اٹھاتے تھے مٹی کو اور وے بولتے تھے ہمنے محمد سے بیعت کی جہاد پر ہمیشہ جب تک کہ ہم زندہ رہینگے تب فرماتے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

يجيبهم اللهم لا عيش الا عيش الآخرة فاغفر الانصار والمهاجرة متفق عليه وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله

ان کے جواب میں الہی نہیں زندگی مگر آخرت کی زندگی سو تو بخش دے انصار اور مہاجرین کو متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم لان يمتلئ جوف رجل قيحا يريه خير من ان يمتلئ شعرا متفق عليه

وسلم نے البتہ بھرنا پیٹ مرد کا پیپ سے جو بگاڑ دے اسکو بھلا ہے بہ نسبت بھرنے کے شعر سے متفق

الفصل الثاني

عن كعب بن مالك انه قال للنبي صلى الله عليه وآله وسلم ان الله قد انزل في الشعر ما انزل فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم ان المؤمن يجاهد بسيفه ولسانه

دوسری فصل روایت ہے کعب بن مالک سے انہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مقرر اللہ نے اتارا شعر کے باب میں جو کچھ اتارا تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ایماندار لڑتا ہے اپنی تلوار اور زبان سے مگر جو

الا الذين آمنوا وعملوا الصالحات وذكروا الله كثيرا الآية والذي نفسي بيده لكانما ترمونهم به نضح النبل رواه في شرح السنة وفي

یقین لائے اور کیں نیکیاں اور یاد کیا اللہ کی بہت پوری آیت اور قسم ہے اس ذات پاک کی کہ جان میری جس کے ہاتھ ہے البتہ گویا کہ چلاتے ہو تم ان پر تیر شرح سنہ میں روایت کیا گیا اور

الاستيعاب لابن عبد البر انه قال يا رسول الله ماذا ترى في الشعر فقال ان المؤمن يجاهد بسيفه ولسانه وعن ابي امامة عن

مذکور ہے استیعاب میں جو ابن عبد البر کی ہے کہ کعب نے کہا یا رسول اللہ کیا دیکھتے ہیں آپ شعر کے باب میں تب فرمایا کہ مقرر ایماندار جہاد کرتا ہے اپنی تلوار اور زبان سے اور روایت ہے ابی امامہ سے

النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال الحياء والعي شعبتان من الايمان والبذاء والبيان شعبتان من النفاق رواه الترمذي وعن

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا شرم اور کم سخنی دو شاخ ایمان کی ہیں اور گالی بکنا اور خوش تقریری دو شاخ نفاق کی ہیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

ابي ثعلبة الخشني ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ان احبكم الي واقربكم مني يوم القيامة احاسنكم اخلاقا وان

جعشم سے کہا کہ خطبہ سنایا ہمکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر فرمایا اچھا تمہارا وہ ہے جو مدد کرے اپنی قوم کی جب تک گناہگار نہ ہووے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے

جبير بن مطعم ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ليس منا من دعا الى عصبية وليس منا من قاتل عصبية وليس منا من مات على

جبیر بن مطعم سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے ہم سے جو بلاوے لوگوں کو طرف عصبیت کی اور نہیں ہے ہم سے جو لڑے عصبیت سے اور جو مرے

عصبية رواه ابو داؤد وعن ابي الدرداء عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال حبك الشيء يعمي ويصم رواه ابو داؤد الفصل

عصبیت پر روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی الدرداء سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا دوستی چیز کی تجھکو اندھا اور بہرا کر دیتی ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے

الثالث عن عبادة بن كثير الشامي من اهل فلسطين عن امرأة منهم يقال لها فسيلة انها قالت سمعت ابي يقول سألت رسول

فصل تیسری روایت ہے عبادہ بن کثیر شامی سے جو رہنے والا فلسطین کا ہے اپنی قوم کی ایک عورت سے جسکو کہتے تھے لوگ فسیلہ کہا اسنے سنا میں نے اپنے باپ کو کہتے پوچھا میں نے رسول

الله صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله امن العصبية ان يحب الرجل قومه قال لا ولكن من العصبية ان ينصر الرجل

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو پھر عرض کیا یا رسول اللہ کیا یہ عصبیت ہے یہہ کہ دوست رکھے مرد اپنی قوم کو فرمایا نہیں لیکن عصبیت اسکا نام ہے کہ مدد کرے مرد

قومه على الظلم رواه احمد وابن ماجة وعن عقبة بن عامر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم انسابكم هذه ليست

اپنی قوم کی ظلم پر روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نسب تمہارا ایسا نہیں ہے

بمسبة على احد كلكم بنو ادم طف الصاع بالصاع لم تملاؤه ليس لاحد على احد فضل الا بدين وتقوى كفى بالرجل ان

جو عیب لگاوے کسی پر تم سب آدم کی اولاد ہو مثل نقصان صاع کی ساتھ صاع کے جسکی ناپ نہ کیا ہے نہیں ہے کسیکو بزرگی مگر بسبب دینداری اور پرہیزگاری

يكون بذيا فاحشا بخيلا رواه احمد والبيهقي في شعب الايمان

باب البر والصلة

الفصل الاول

عن ابي هريرة

ہو بیہودہ اور گالیاں بکنے والا بخیل روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں باب ہے احسان اور قرابت والوں سے ملاپ کرنے کا پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال قال رجل يا رسول الله من احق بحسن صحابتي قال امك قال ثم من قال امك قال ثم من قال امك قال ثم من قال ابوك وفي

کہا کہ کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ کون شخص ہے زیادہ حقدار میری بھلی صحبت کا فرمایا ماں تیری کہا پھر کون ہے فرمایا ماں تیری کہا پھر کون فرمایا ماں تیری کہا پھر کون فرمایا

رواية قال امك ثم امك ثم امك ثم اباك ثم ادناك ادناك متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رغم انفه

ایک روایت میں ہے فرمایا ماں تیری پھر ماں تیری پھر ماں تیری پھر باپ تیرا پھر جو زیادہ قریب ہو پھر جو زیادہ قریب ہوگا ق اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خاک آلودہ ہو

رغم انفه رغم انفه قيل من يا رسول الله قال من ادرك والديه عند الكبر احدهما او كلاهما ثم لم يدخل الجنة رواه مسلم

خاک آلودہ ہو ناک اسکی خاک آلودہ ہو ناک اسکی پوچھا گیا کون یا رسول اللہ فرمایا جسنے اپنے ماں باپ کو بڑھاپے میں پایا ایک کو یا دونو کو سو بہشت میں نہ داخل ہوا روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن اسماء بنت ابي بكر قالت قدمت على امي وهي مشركة في عهد قريش فقلت يا رسول الله ان امي قدمت علي وهي

اور روایت ہے اسماء بنت ابی بکر سے بولیں کہ آئی میرے پاس ماں میری حالانکہ وہ مشرکہ تھی زمانہ عہد قریش کے تو کہا میں نے یا رسول اللہ مقرر ماں میری آئی ہے میرے پاس اور وہ

راغبة افاصلها قال نعم صليها متفق عليه وعن عمرو بن العاص قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ان ال ابي فلان

ناراض ہے کیا بھلائی کروں اسکے ساتھ فرمایا ہاں نیکی کر اسکے ساتھ ق اور روایت ہے عمرو بن العاص سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے کہ اولاد ابی فلانے کی

ليسوا لي باولياء انما وليي الله وصالح المؤمنين ولكن لهم رحم ابلها ببلالها متفق عليه وعن المغيرة قال قال رسول الله

نہیں ہیں دوست میرے بس میرا دوست اللہ ہے اور نیک ایمان والے لیکن انکی قرابت کا حق ہے مجھ پر سو ادا کرتا ہوں اسکو ق اور روایت ہے مغیرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَ عَلَیْکُمْ عُقُوْقَ الْاُمَّہَاتِ وَوَأْدَ الْبَنَاتِ وَمَنْعًا وَّہَاتِ وَکَرِہَ لَکُمْ قِیْلَ وَقَالَ وَکَثْرَۃَ السُّؤَالِ وَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ نے حرام کیا تم پر ستانا ماؤں کا اور جیتی گاڑنا بیٹیوں کا اور بھیک مانگنا اور برا جانا تمہارے لئے بیہودہ بکنا اور بہت سوال کرنا اور

اِضَاعَۃَ الْمَالِ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنَ الْکَبَائِرِ شَتْمُ الرَّجُلِ وَالِدَیْہِ قَالُوْا

برباد کرنا مال کا ۔ ق ۔ اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑے گناہوں سے ہے گالی دینی مرد کی اپنے ماں باپ کو عرض کیا

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَہَلْ یَشْتِمُ الرَّجُلُ وَالِدَیْہِ قَالَ نَعَمْ یَسُبُّ اَبَا الرَّجُلِ فَیَسُبُّ اَبَاہُ وَیَسُبُّ اُمَّہٗ فَیَسُبُّ اُمَّہٗ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنِ ابْنِ

یا رسول اللہ بھلا گالی دیتا ہے مرد اپنے ماں باپ کو فرمایا ہاں گالی دیتا ہے باپ کو کسی کے پھر گالی دیتا ہے وہ اسکے باپ کو اور گالی دیتا ہے کسی کی ماں کو تو گالی دیتا ہے اسکی ماں کو ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن

عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَبَرِّ الْبِرِّ صِلَۃَ الرَّجُلِ اَہْلَ وُدِّ اَبِیْہِ بَعْدَ اَنْ یُّوَلِّیَ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ

عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑی نیکی نیکیوں سے یہ ہے احسان کرنا دوستوں کے ساتھ اپنے باپ کے بعد مر جانے باپ کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحَبَّ اَنْ یُّبْسَطَ لَہٗ فِیْ رِزْقِہٖ وَیُنْسَاَ لَہٗ فِیْ اَثَرِہٖ فَلْیَصِلْ رَحِمَہٗ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ

کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو خوش لگے کہ کشادہ ہو روزی اسکی اور تری ہو عمر اسکی تو نیکی کرے قرابت والوں سے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَلَقَ اللّٰہُ الْخَلْقَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْہُ قَامَتِ الرَّحِمُ فَاَخَذَتْ بِحَقْوَیِ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ مَہْ قَالَتْ

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بنایا اللہ نے خلق کو پھر جب فارغ ہوا ان کے بنانے سے کھڑی ہوئی قرابت اور پھر پکڑ لی رحمن کے دونوں حقو کو اس نے فرمایا

ہٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِ بِکَ مِنَ الْقَطِیْعَۃِ قَالَ اَلَا تَرْضَیْنَ اَنْ اَصِلَ مَنْ وَّصَلَکِ وَاَقْطَعَ مَنْ قَطَعَکِ قَالَتْ بَلٰی یَا رَبِّ قَالَ فَذَاکِ

کہ یہ مقام ہے فریاد چاہنے والے کا قطع برادری سے فرمایا کیا تو راضی نہیں کہ میں اس سے ملوں جو تجھ سے ملے اور اسکا توڑوں جو تجھے کاٹے کہا قرابت نے راضی ہوں اے پروردگار فرمایا خدا نے

مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الرَّحِمُ شِجْنَۃٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ اللّٰہُ مَنْ وَّصَلَکِ وَصَلْتُہٗ وَمَنْ قَطَعَکِ

۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قرابت نشان ہے خدا کی رحمت کا سو فرمایا خدا نے جو ملے تجھ سے ملوں میں اس سے اور جو چھوڑے تجھکو

قَطَعْتُہٗ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الرَّحِمُ مُعَلَّقَۃٌ بِالْعَرْشِ تَقُوْلُ مَنْ وَّصَلَنِیْ وَصَلَہُ

میں چھوڑوں اسکو ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ناتا رشتہ عرش میں لٹکا ہے کہتا ہے کہ جس نے ملایا مجھے ملاوے اسکو

اللّٰہُ وَمَنْ قَطَعَنِیْ قَطَعَہُ اللّٰہُ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ قَاطِعٌ

اللہ اور جسنے مجھکو کاٹا خدا اسکو کاٹے ۔ ق ۔ اور روایت ہے جبیر بن مطعم سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ داخل ہوگا جنت میں کاٹنے والا

مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُکَافِیْ وَلٰکِنَّ الْوَاصِلَ الَّذِیْ اِذَا

۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے حق ادا کرنے والا وہ جو احسان کے عوض احسان کرے ولیکن حق ادا کرنے والا

قُطِعَتْ رَحِمُہٗ وَصَلَہَا رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ لِیْ قَرَابَۃً اَصِلُہُمْ وَیَقْطَعُوْنِیْ وَاُحْسِنُ

کاٹا جاوے حق اسکا تو اسکو جوڑے ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ میری برادری ہے میں ملوں ان سے اور وے کاٹتے ہیں مجھکو اور سلوک کروں

اِلَیْہِمْ وَیُسِیْئُوْنَ اِلَیَّ وَاَحْلُمُ عَنْہُمْ وَیَجْہَلُوْنَ عَلَیَّ فَقَالَ لَئِنْ کُنْتَ کَمَا قُلْتَ فَکَاَنَّمَا تُسِفُّہُمُ الْمَلَّ وَلَا یَزَالُ مَعَکَ مِنَ اللّٰہِ

ان سے اور وے بدسلوکی کرتے ہیں مجھسے اور حلم کروں ان سے اور وے جہل کرتے ہیں مجھ پر فرمایا قسم ہے خدا کی اگر ہے تو ایسا جیسا کہ کہا تو نے تو گویا کہ کھلاتا ہے انکو راکھ گرم اور ہمیشہ رہیگا

ظَہِیْرٌ عَلَیْہِمْ مَا دُمْتَ عَلٰی ذٰلِکَ رَوَاہُ مُسْلِمٌ

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَرُدُّ

مددگار ان پر جب تک کہ رہے تو ان صفتوں کے ساتھ ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے ثوبان سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں پھیرتی

القدر إلا الدعاء ولا يزيد في العمر إلا البر وإن الرجل ليحرم الرزق بالذنب يصيبه رواه ابن ماجه وعن عائشة رضي الله عنها

تقدیر کو مگر دعا اور نہیں بڑھاتی عمر کو مگر نیکی کرنا ماں باپ سے اور مقرر آدمی بے نصیب ہوتا ہے روزی سے سبب گناہ کے جو حاصل کیا ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے

قالت قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم دخلت الجنة فسمعت فيها قراءة فقلت من هذا قالوا حارثة بن النعمان كذلكم

کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے داخل ہوا میں بہشت میں پھر سنی میں نے آواز قرآن پڑھنے کی تب کہا میں نے کون ہے یہ کہا لوگوں نے یہ حارثہ بن نعمان ہے ایسا ہی ہے

البر كذلكم البر وكان أبر الناس بأمه رواه في شرح السنة والبيهقي في شعب الإيمان وفي رواية قال نمت فرأيتني في

نیکی کرنا ایسا ہی ہے نیکی کرنا اور تھا وہ سب لوگوں سے زیادہ سلوک کرنے والا اپنی ماں سے روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا سویا میں پھر دیکھا میں نے اپنے تئیں

الجنة وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم رضى الرب في رضى الوالد وسخط الرب في

بہشت میں اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے رضامندی اللہ کی باپ کی رضامندی میں ہے اور غصہ اللہ کا

سخط الوالد رواه الترمذي وعن أبي الدرداء أن رجلا أتاه فقال إن لي امرأة وإن أمي تأمرني بطلاقها فقال له أبو

غصے میں باپ کے ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہ ایک شخص آیا اسکے پاس پھر کہا میری ایک عورت ہے اور مقرر میری ماں حکم کرتی ہے اسکو طلاق دینے کا تب کہا اسکو ابو

الدرداء سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الوالد أوسط أبواب الجنة فإن شئت فحافظ على الباب أو ضيع رواه

الدرداء نے سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے باپ بہشت کے دروازوں سے بہتر دروازہ ہے سو اگر چاہے تو تو حفاظت کر اس دروازے کی یا ضایع کر روایت

الترمذي وابن ماجه وعن بهز بن حكيم عن أبيه عن جده قال قلت يا رسول الله من أبر قال أمك قلت ثم من قال أمك قلت

ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے بہز بن حکیم سے باپ سے اپنے اسنے اپنے دادے سے کہا میں نے یا رسول اللہ کسکے ساتھ نیکی کروں فرمایا اپنی ماں کے ساتھ کہا میں نے پھر کون فرمایا ماں تیری عرض کیا

ثم من قال أمك قلت ثم من قال أباك ثم الأقرب فالأقرب رواه الترمذي وأبو داود وعن عبد الرحمن بن عوف قال سمعت

پھر کون فرمایا ماں تیری عرض کیا پھر کون فرمایا باپ کے ساتھ پھر جو بہت قریب ہو پھر جو بہت قریب ہو بعد اسکے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت ہے عبد الرحمن بن عوف سے کہا کہ سنا میں نے

رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول قال الله تبارك وتعالى أنا الله وأنا الرحمن خلقت الرحم وشققت لها من اسمي فمن

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے فرمایا اللہ برکت والا اور اونچی شان والے نے میں ہوں خدا اور میں ہوں نہایت رحم والا بنایا میں نے رحم کو اور نکالا میں نے نام اسکا اپنے نام سے

وصلها وصلته ومن قطعها بتته رواه أبو داود وعن عبد الله بن أبي أوفى قال سمعت رسول الله صلى الله عليه و

ملے اس سے ملوں میں اس سے اور جو کاٹے اس کے کاٹوں میں اس کو روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے عبد اللہ بن ابی اوفی سے کہا کہ سنا میں نے حضرت صلی اللہ علیہ و

سلم يقول لا تنزل الرحمة على قوم فيهم قاطع رحم رواه البيهقي في شعب الإيمان وعن أبي بكرة قال قال رسول الله

سلم کو فرماتے نہیں اترتی ہے رحمت اس قوم پر کہ جنمیں کاٹنے والا قرابت کا ہو روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی بکرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم ما من ذنب أحرى أن يعجل الله لصاحبه العقوبة في الدنيا مع ما يدخر له في الآخرة من البغي و

صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کوئی گناہ لائق کہ جلد کرے اللہ اسکے کرنے والے پر عذاب دنیا میں باقی رکھ کر اسکے لئے عذاب کو آخرت میں امام کی نافرمانی اور

قطيعة الرحم رواه الترمذي وأبو داود وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يدخل الجنة

قطع برادری سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ داخل ہوگا بہشت میں

منان ولا عاق ولا مدمن خمر رواه النسائي والدارمي وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تعلموا من

منت رکھنے والا اور ستانے والا ماں باپ کا اور نہ ہمیشہ پینے والا شراب کا روایت کیا اسکو نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سیکھ لو

أنسابكم ما تصلون به أرحامكم فإن صلة الرحم محبة في الأهل مثراة في المال منسأة في الأثر رواه الترمذي وقال هذا
نسبوں سے اپنے اسقدر کہ سلوک کرو اس سے ناتے والوں سے اپنے کیونکہ ملنا قرابت سے محل دوستی کا ہے بیچ اپنے لوگوں کے اور برکت مال کی اور درازی عمر کی ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا

حديث غريب وعن ابن عمر أن رجلا أتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله إني أصبت ذنبا عظيما فهل لي من
حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ ایک شخص آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس پھر عرض کیا یا رسول اللہ مقرر میں جا پہنچا ہوں بڑے گناہ کو پس سو بھلا ہے کچھ واسطے میرے

توبة قال هل لك من أم قال لا قال وهل لك من خالة قال نعم قال فبرها رواه الترمذي وعن أبي أسيد الساعدي
سبب توبہ کے ہو فرمایا بھلا ہے تیری ماں کہا نہیں فرمایا اور بھلا ہے تیری خالہ کہا ہاں فرمایا پس نیکی کر اسکے ساتھ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی اسید ساعدی سے

قال بينا نحن عند رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إذ جاءه رجل من بني سلمة فقال يا رسول الله هل بقي من بر أبوي
کہا اس وقت کہ تھے ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کہ یکایک حاضر ہوا آپکے پاس ایک شخص بنی سلمہ سے پھر کہا یا رسول اللہ بھلا باقی رہی ہے نیکی ماں باپ کی

شيء أبرهما به بعد موتهما قال نعم الصلاة عليهما والاستغفار لهما وإنفاذ عهدهما من بعدهما وصلة الرحم التي لا توصل
کچھ کہ کروں میں نیکی انکو اسکے بعد موت انکے فرمایا ہاں رحمت بھیجنی ان پر اور دعا مانگنی ان کے لئے اور جاری کرنا عہد کو انکے بعد انکے اور ملنا ایسی قرابت کو کہ ملا نہیں

إلا بهما وإكرام صديقهما رواه أبو داود وابن ماجه وعن أبي الطفيل قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم يقسم لحما بالجعرانة إذ
مگر سبب انکے اور اکرام کرنا دوست سے انکے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی الطفیل سے کہا دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حصہ کرتے گوشت کو جعرانہ میں جب

أقبلت امرأة حتى دنت إلى النبي صلى الله عليه وسلم فبسط لها رداءه فجلست عليه فقلت من هي فقالوا هي أمه التي أرضعته رواه أبو داود
سامنے آئی ایک عورت یہاں تک کہ نزدیک ہوئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو بچھا دی حضرت نے اسکے لئے چادر اپنی سو بیٹھی اسپر تو پوچھا میں نے کون ہے یہ سو کہا لوگوں نے یہ ماں ہے آپکی جس نے دودھ پلایا

الفصل الثالث

عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال بينما ثلاثة نفر يتماشون أخذهم المطر فمالوا
فصل تیسری روایت ہے ابن عمر سے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا جس حال میں کہ تین آدمی چلے جاتے تھے لیا انکو مینہ نے تو وہ گھسے

إلى غار في الجبل فانحطت على فم غارهم صخرة من الجبل فأطبقت عليهم فقال بعضهم لبعض انظروا أعمالا عملتموها
ایک غار میں پہاڑ کے تو ڈھلک پڑا اوپر منہ غار کے ایک پتھر پہاڑ کا سو بند کر لیا ان پر تو کہا بعضوں نے ان کے بعضے سے دیکھو تو کاموں کو جنکو کئے ہو

لله صالحة فادعوا الله بها لعله يفرجها فقال أحدهم اللهم إنه كان لي والدان شيخان كبيران ولي صبية صغار
خدا کے واسطے نیک سو دعا مانگو اللہ سے ان کے وسیلے سے شاید کہ خدا کھولدے اس پتھر کو کہا ایک نے ان میں سے الہی امر تو یہ ہے کہ تھے میرے ماں باپ بوڑھے بڑی عمر والے اور میرے لڑکے چھوٹے

كنت أرعى عليهم فإذا رحت عليهم فحلبت بدأت بوالدي أسقيهما قبل ولدي وإنه قد نأى بي الشجر فما أتيت حتى أمسيت
کہ میں بکریاں چراتا تھا واسطے انکے پس جب شام کو پھر آتا انکے پاس تو دودھ دوہتا شروع کرتا ماں باپ سے پلاتا انکو پہلے اپنے لڑکوں سے اور مقرر دور لے گیا مجھ کو درختوں نے سو نہ آیا میں یہاں تک کہ شام ہوگئی

فوجدتهما قد ناما فحلبت كما كنت أحلب فجئت بالحلاب فقمت عند رءوسهما أكره أن أوقظهما وأكره أن
تو پایا میں نے ماں باپ کو سوتا پھر دودھ دوہا میں نے جسطرح دوہا کرتا تھا تو لایا میں دودھ کا برتن سو کھڑا ہوا میں نزدیک سر ماں باپ کے برا لگا مجھکو کہ نیند سے جگاؤں انکو اور برا لگا کہ

أبدأ بالصبية قبلهما والصبية يتضاغون عند قدمي فلم يزل ذلك دأبي ودأبهم حتى طلع الفجر فإن كنت تعلم
شروع کروں لڑکوں سے پہلے اور لڑکے شور کرتے تھے نزدیک دونوں پیروں کے سو ہمیشہ رہا یہ حال میرا اور انکا یہاں تک کہ نکلی صبح سو اگر تو جانتا ہو

أني فعلت ذلك ابتغاء وجهك فافرج لنا فرجة نرى منها السماء ففرج الله لهم حتى يرون السماء قال الثاني اللهم
کہ کیا میں نے ایسی مشقت واسطے تیری رضا مندی کے تو کھولدے ہمارے لئے ایک روزن کہ دیکھیں ہم اس سے آسمان سو کھولدیا اللہ نے ان کے لئے یہاں تک کہ انہوں نے دیکھا آسمان کہا دوسرے نے الہی

إنه كانت لي بنت عم أحبها كأشد ما يحب الرجال النساء فطلبت إليها نفسها فأبت حتى آتيها بمائة دينار فسعيت
مقرر تھی میری چچیری بہن کہ میں اسکو چاہتا تھا جیسا نہایت محبت مرد عورتوں سے رکھتے ہیں سو چاہا میں نے اس کی طرف اسکی ذات کو سو انکار کیا اسنے یہاں تک کہ لیجاؤں اسکے پاس سو اشرفیاں سو میں نے محنت کی
حتى جمعت مائة دينار فلقيتها بها فلما قعدت بين رجليها قالت يا عبد الله اتق الله ولا تفتح الخاتم فقمت
یہاں تک کہ جمع کیں میں نے سو اشرفیاں سو لایا میں اسکے پاس انکو پھر جب بیٹھا میں اسکے دونوں پیروں کے بیچ کہا اسنے اے بندہ خدا کے ڈر خدا سے اور نہ توڑ مہر کو تو میں اٹھ کھڑا ہوا
عنها اللهم فإن كنت تعلم أني فعلت ذلك ابتغاء وجهك فافرج لنا منها فرجة ففرج لهم فرجة وقال الآخر اللهم إني
اسکے اوپر سے الٰہی سو اگر تو جانتا ہو کہ کیا میں نے اسکو واسطے تیری رضا مندی کے تو کھول دے ہمارے واسطے اس سے تو کھول دیا ان کے لئے ایک روزن اور کہا دوسرے نے کہ الٰہی
كنت استأجرت أجيرا بفرق أرز فلما قضى عمله قال أعطني حقي فعرضت عليه حقه فتركه ورغب عنه فلم
میں نے مزدور ٹھہرایا تھا ایک کو دو سولہ رطل چاولوں پر تو جب کر چکا وہ کام اپنا کہا دے مجھے حق میرا سو آگے کیا میں نے اسکے حق کو سو چھوڑ گیا اور منہ موڑا اسکی طرف سے تو
أزل أزرعه حتى جمعت منه بقرا وراعيها فجاءني فقال اتق الله ولا تظلمني وأعطني حقي فقلت اذهب إلى ذلك
ہمیشہ میں بوتا رہا اسکو یہاں تک کہ جمع کیں میں نے اس سے گائے بیل اور چرواہے انکے پھر آیا وہ میرے پاس پھر کہا ڈر خدا سے اور نہ ظلم کر مجھ پر اور دے حق میرا تب کہا میں نے جا طرف ان
البقر وراعيها فقال اتق الله ولا تهزأ بي فقلت إني لا أهزأ بك فخذ ذلك البقر وراعيها فأخذه فانطلق بها فإن كنت
گائے بیلوں اور انکے چرانے والوں کے تو کہا ڈر اللہ سے اور ہنسی نکر مجھ سے تب کہا میں نے کہ میں تجھ سے ہنسی نہیں کرتا لے ان گائے بیلوں اور انکے چرواہوں کو سو اسنے لیا اور انکو لیکر چلا گیا سو اگر تو
تعلم أني فعلت ذلك ابتغاء وجهك فافرج ما بقي ففرج الله عنهم متفق عليه وعن معاوية بن جاهمة أن جاهمة
جانتا ہو کہ میں نے یہ امانت داری تیری رضامندی کے لئے کی تھی تو کھول دے جتنا باقی رہا ہے سو خدا نے اسے کھول دیا ف ق اور روایت ہے معاویہ بن جاہمہ سے کہ مقرر جاہمہ
جاء إلى النبي صلى الله عليه وآله وسلم فقال يا رسول الله أردت أن أغزو وقد جئت أستشيرك فقال هل لك من
آیا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس پھر عرض کیا یا رسول اللہ میں چاہتا ہوں جہاد کو اور آیا ہوں آپ سے مشورت کروں تب فرمایا بھلا ہے تجھکو
أم قال نعم قال فالزمها فإن الجنة عند رجلها رواه أحمد والنسائي والبيهقي في شعب الإيمان وعن ابن عمر قال
ماں کہا ہاں فرمایا تو رہ جا اسکے پاس کیونکہ بہشت نزدیک اسکے پاؤں کے ہے روایت کیا اسکو احمد اور نسائی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابن عمر سے کہا
كانت تحتي امرأة وكان عمر يكرهها فقال لي طلقها فأبيت فأتى عمر رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فذكر ذلك
کہ تھی میرے نکاح میں ایک عورت اور تھا عمر رض ناخوش اس سے سو کہا مجھکو عمر نے طلاق دے اسکو سو نہ سنا میں نے تب گیا عمر رض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس پھر ذکر کیا اسکا
له فقال لي رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم طلقها رواه الترمذي وأبو داود وعن أبي أمامة أن رجلا قال يا رسول الله
حضرت پاس تب فرمایا مجھے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے طلاق دے اسکو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ
ما حق الوالدين على ولدهما قال هما جنتك ونارك رواه ابن ماجه وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم
کیا حق ہے ماں باپ کا انکے لڑکے پر فرمایا ماں باپ بہشت اور دوزخ تیرے ہیں روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور روایت ہے انس سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
إن العبد ليموت والداه أو أحدهما وإنه لهما لعاق فلا يزال يدعو لهما ويستغفر لهما حتى يكتبه الله بارا وعن ابن عباس
کہ بندہ ہر اینہ مر جاتے ہیں ماں باپ اسکے یا ایک انکا حالانکہ وہ انکو ستاتا تھا پر اب ہمیشہ دعا کرتا ہے انکے لئے اور معافی چاہتا ہے انکی یہاں تک کہ لکھتا ہے اسکو اللہ نیکی کرنے والا ماں باپ کا اور روایت ہے ابن عباس سے
قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من أصبح مطيعا لله في والديه أصبح له بابان مفتوحان من الجنة فإن كان
کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص صبح کرتا ہے خدا کے تابعدار ہو کر ماں باپ کے حق میں صبح کرتا ہے اسکے لئے دو دروازے کھلے ہوئے بہشت کے پھر اگر

وَاحِدًا فَوَاحِدًا وَمَنْ اَصْبَحَ عَاصِيًا لِلّٰهِ فِيْ وَالِدَيْهِ اَصْبَحَ لَهٗ بَابَانِ مَفْتُوْحَانِ مِنَ النَّارِ وَاِنْ كَانَ وَاحِدًا فَوَاحِدًا قَالَ رَجُلٌ

ایک تو ایک ہی جیسا اور جسنے صبح کیا حسل حال مین کہ نافرمان ہی اللہ کا ماں باپ کے حق مین ثابت ہوتے ہیں اسکے لئے دو دروازے کھولے ہوے دوزخ کے اور اگر ہی ایک تو ایک ہی ہے کہا ایک شخص نے

وَاِنْ ظَلَمَاهُ قَالَ وَاِنْ ظَلَمَاهُ وَاِنْ ظَلَمَاهُ وَاِنْ ظَلَمَاهُ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ وَلَدٍ بَارٍّ يَنْظُرُ اِلٰى

اگرچہ ظلم کیے ہوں ماں باپ اسپر فرمایا اگرچہ ظلم کئے ہوں اسپر اگرچہ ظلم کئے ہوں اسپر اگرچہ ظلم کئے ہوں اسپر اور روایت ہی اسی سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں کوئی لڑکا احسان کرنے والا جو دیکھے

وَالِدَيْهِ نَظْرَةَ رَحْمَةٍ اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِكُلِّ نَظْرَةٍ حَجَّةً مَبْرُوْرَةً قَالُوْا وَاِنْ نَظَرَ كُلَّ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ قَالَ نَعَمْ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَطْيَبُ وَعَنْ

ماں باپ کی طرف رحمت کی نظر سے مگر لکھتا ہی اللہ بدلے ہر نظر کے حج مقبول کہا صحابہ نے اگرچہ نگاہ کرے ہر روز سو بار فرمایا ہاں اللہ بہت بڑا اور بہت پاک ہے اور روایت ہی

اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كُلُّ الذُّنُوْبِ يَغْفِرُ اللّٰهُ مِنْهَا مَا شَاءَ اِلَّا عُقُوْقَ الْوَالِدَيْنِ فَاِنَّهٗ يُعَجِّلُ لِصَاحِبِهٖ

ابی بکرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب گناہ بخشے گا اللہ ان گناہوں میں سے جو چاہیگا مگر ستانا ماں باپ کا سو ستانا ہی کرتا ہی جلد ستانیوالے کے لئے

فِي الْحَيٰوةِ قَبْلَ الْمَمَاتِ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَقُّ كَبِيْرِ الْاِخْوَةِ عَلٰى صَغِيْرِهِمْ

زندگی میں پہلے مرنے کے اور روایت ہی سعید بن العاص سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بڑا بھائیوں میں سے ترے کا حق ان کے چھوٹوں پر

حَقُّ الْوَالِدِ عَلٰى وَلَدِهٖ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الْخَمْسَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ

جیسا کہ حق ماں باپ کا ہی اسکے لڑکے پر روایت کیا اسکو بیہقی نے ان پانچوں حدیثوں کو شعب الایمان میں

بَابُ الشَّفَقَةِ وَالرَّحْمَةِ عَلَى الْخَلْقِ

باب شفقت اور مہربانی کرنے کا خلق اللہ پر

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

فصل

عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لَّا يَرْحَمُ النَّاسَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ

پہلی روایت ہی جریر بن عبد اللہ سے کہا جریر نے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ رحم کریگا خدا اسپر جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ف ق اور روایت ہی عائشہ

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَتُقَبِّلُوْنَ الصِّبْيَانَ فَمَا نُقَبِّلُهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

رض سے بولیں کہ آیا ایک گنوار آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس پھر کہا بھلا چوم لیتے ہو تم لڑکوں کو اور ہم چوم نہیں لیتے انکو تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ

وَسَلَّمَ اَوَ اَمْلِكُ لَكَ اَنْ نَزَعَ اللّٰهُ مِنْ قَلْبِكَ الرَّحْمَةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهَا قَالَتْ جَاءَتْنِي امْرَاَةٌ وَمَعَهَا ابْنَتَانِ لَهَا تَسْاَلُنِيْ فَلَمْ تَجِدْ

وسلم نے بھلا مالک ہوں میں تجھپر اگر کھینچ لیوے خدا تیرے دل سے رحمت ف ق اور انہی سے ہی بولیں کہ آئی ایک عورت میرے پاس اور ساتھ اسکے دو بیٹیاں تھیں مانگ رہی تھی مجھسے

عِنْدِيْ غَيْرَ تَمْرَةٍ وَاحِدَةٍ فَاَعْطَيْتُهَا اِيَّاهَا فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا وَلَمْ تَاْكُلْ مِنْهَا ثُمَّ قَامَتْ فَخَرَجَتْ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى

میرے پاس کچھ سوا ایک کھجور کے سو دی میں نے وہ کھجور اسکو سو اسنے دو ٹکڑے کرکے اپنے دونو بیٹیوں کو دی اور آپ نکھائی اس میں سے پھر کھڑی ہوا اور چلی گئی تب آئے نبی صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَحَدَّثْتُهٗ فَقَالَ مَنِ ابْتُلِيَ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ بِشَيْءٍ فَاَحْسَنَ اِلَيْهِنَّ كُنَّ لَهٗ سِتْرًا مِّنَ النَّارِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اللہ علیہ وآلہ وسلم سو کہا میں نے آپ سے یہہ حال تب فرمایا جو جانچا جاوے ان بیٹیوں سے کسی چیز میں پھر ان سے بھلائی کرے تو ہو گئیں اسکے لئے آڑ دوزخ سے ف ق

وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ عَالَ جَارِيَتَيْنِ حَتّٰى تَبْلُغَا جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَنَا وَهُوَ هٰكَذَا وَضَمَّ اَصَابِعَهٗ

اور روایت ہی انس رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو پالے دو لڑکی یہانتک کہ بالغ ہوا اور لگا قیامت کے دن میرے ساتھ اسطرح اور ملائیں انگلیاں اپنی

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ السَّاعِيْ عَلَى الْاَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِيْنِ كَالسَّاعِيْ فِيْ سَبِيْلِ

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہی ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کوشش کرے بیوہ اور محتاج پر برابر ہے جو کوشش کرے راہ میں

اللّٰهِ وَاَحْسِبُهٗ قَالَ كَالْقَائِمِ لَا يَفْتُرُ وَكَالصَّائِمِ لَا يُفْطِرُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

خدا کے اور گمان کرتا ہوں اسکو کہا جیسے نماز پڑھنے والا جو نہ تھکے اور روزہ دار جو کبھی افطار نکرے ف ق اور روایت ہی سہل بن سعد سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عليه وآله وسلم انا وكافل اليتيم له ولغيره في الجنة هكذا واشار بالسبابة والوسطى وفرج بينهما شيئا رواه البخاري وعن النعمان بن

علیہ وآلہ وسلم نے کہ میں اور پالنے والا یتیم کا اسکا ہو یا اسکے غیر کا ساتھ بہشت میں ایسے ہیں اور اشارہ کیا کلمہ اور بیچ کی انگلی کیطرف اور کشادہ کیا درمیان انکے تھوڑا ایسا روایت کیا اسکو بخاری نے اور نعمان بن

بشير قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ترى المؤمنين في تراحمهم وتوادهم وتعاطفهم كمثل الجسد اذا اشتكى

بشیر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دیکھے گا تو ایمانداروں کو آپس میں رحم اور دوستی اور مہربانی کرنے میں جیسا حال بدن کا ہے جب دکھتا ہے

عضوا تداعى له سائر الجسد بالسهر والحمى متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم المؤمنون

ایک ٹکڑا تو ایک دوسرے کو بلاتے ہیں اسکے لئے سارے ٹکڑے بسبب بیداری اور بخار کے × ق × اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب ایماندار

كرجل واحد ان اشتكى عينه اشتكى كله وان اشتكى رأسه اشتكى كله رواه مسلم وعن ابي موسى عن النبي صلى الله عليه

حکم میں ایک مرد کے ہیں اگر دکھے آنکھ اسکی تو دکھتا ہے سب بدن اسکا اور اگر دکھے سر اسکا تو دکھتا ہے سب بدن اسکا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی موسیٰ سے نبی صلی اللہ علیہ

وسلم قال المؤمن للمؤمن كالبنيان يشد بعضه بعضا ثم شبك بين اصابعه متفق عليه وعنه عن النبي صلى

وسلم سے فرمایا سب ایماندار مانند بنا کے ہیں مضبوط کرتا ہے بعض اسکا بعض کو پھر انگلیوں کو ڈالا انگلیوں میں × ق × اور روایت ہے انہی سے نبی صلی

الله عليه وآله وسلم انه كان اذا اتاه السائل او صاحب الحاجة قال اشفعوا فلتؤجروا ويقضي الله على لسان رسوله

اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ آنحضرت پاس جب آتا کوئی سائل یا حاجت والا فرماتے سفارش کرو ثواب پاؤ گے اور حکم کرتا ہے اللہ اپنے رسول کی زبان پر

ما شاء متفق عليه وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انصر اخاك ظالما او مظلوما فقال رجل يا رسول الله

جو چاہتا ہے × ق × اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مدد کر اپنے بھائی کی ظالم ہو یا مظلوم تو ایک مرد نے کہا یا رسول اللہ

انصره مظلوما فكيف انصره ظالما قال تمنعه من الظلم فذلك نصرك اياه متفق عليه وعن ابن عمر ان رسول الله صلى

مدد کرونگا اسکی جب وہ مظلوم ہوگا پھر کیونکر مدد کروں اسکی جب ظالم ہو فرمایا اسکو ظلم سے روک سو یہی ہے مدد تیری اسکے لئے × ق × اور روایت ہے ابن عمر سے کہ حضرت رسول

الله عليه وآله وسلم قال المسلم اخو المسلم لا يظلمه ولا يسلمه ومن كان في حاجة اخيه كان الله في حاجته ومن فرج

اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مسلمان بھائی مسلمان کا ہے نہ ظلم کرے اسکو اور نہ چھوڑ دے اسکو اور جو ہو اپنے بھائی کی حاجت روائی میں ہوتا ہے اللہ اسکی حاجت میں اور جو

عن مسلم كربة فرج الله عنه كربة من كربات يوم القيمة ومن ستر مسلما ستره الله يوم القيمة متفق عليه وعن

مسلمان سے تکلیف کھولدیگا اللہ اس سے تکلیف قیامت کی تکلیفوں میں سے اور جو پردہ پوشی کرے مسلمان کی پردہ پوشی کریگا اللہ اسکی قیامت کے دن × ق × اور روایت ہے

ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم المسلم اخو المسلم لا يظلمه ولا يخذله ولا يحقره التقوى ههنا و

ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمان بھائی مسلمان کا ہے نہ اسپر ظلم کرے اور نہ اسکو بلا میں ڈالے اور نہ اسکو حقیر جانے پرہیزگاری اس جگہ ہے

يشير الى صدره ثلث مرار بحسب امرئ من الشر ان يحقر اخاه المسلم كل المسلم على المسلم حرام دمه وماله وعرضه

اشارہ کرتے تھے حضرت سینے کی طرف تین بار کافی ہے آدمی کو برائی سے کہ حقارت کرے اپنے بھائی مسلمان کو سب چیز مسلمان کا مسلمان پر حرام ہے خون اسکا اور مال اسکا اور آبرو

وعن عياض بن حمار قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اهل الجنة ثلثة ذو سلطان مقسط متصدق موفق و

اور روایت ہے عیاض بن حمار سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بہشت والے تین ہیں صاحب سلطنت عادل خیرات کرنے والا خدا کی توفیق سے اور دوسرا

رجل رحيم رقيق القلب لكل ذي قربى ومسلم وعفيف متعفف ذو عيال واهل النار خمسة الضعيف الذي لا زبر

مرد مہربان نرم دل ہر قرابت والے اور مسلمان کے لئے اور پارسا نہیں مانگنے والا عیال دار اور آگ والے پانچ ہیں کمزور جسکی عقل نہووے

له الذين هم فيكم تبع لا يبغون اهلا ولا مالا والخائن الذي لا يخفى له طمع وان دق الا خانه ورجل لا يصبح ولا يمسي الا

جو تمہارے تابعدار ہیں نہیں ڈھونڈتے اہل کو اور نہ مال کو اور خیانت کرنے والا کہ نہیں چھپی ہو اسکے لئے کوئی چیز طمع کی اگرچہ تھوڑی ہو مگر خیانت کرے

وهو يخادعك عن اهلك ومالك وذكر البخل والكذب والشنظير الفحاش رواه مسلم وعن انس قال قال رسول الله

وہ فریب دیتا ہی تجھکو تیرے اہل اور مال کے … اور ذکر کیا بخل اور جھوٹ کا اور بدخلق بری بکنے والا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہی انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم والذي نفسي بيده لا يؤمن عبد حتى يحب لاخيه ما يحب لنفسه متفق عليه وعن ابي هريرة

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قسم اسکی کہ جسکے قابو میں میری جان ہی ایماندار نہو گا کوئی بندہ یہانتک کہ دوست رکھے اپنے بھائی کیلئے جو دوست رکھتا ہی اپنے لئے ق * اور روایت ہی

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم والله لا يؤمن والله لا يؤمن والله لا يؤمن قيل من يا رسول الله قال الذي لا يامن جاره بوائقه متفق عليه وعن عائشة وابن

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم خدا کی وہ مومن نہیں قسم خدا کی وہ مومن نہیں قسم خدا کی وہ ایماندار نہیں کہا گیا کون ہی یا رسول اللہ کہا جسکے ہمسایہ لوگ اسکی تکلیف سے بے خوف نہیں ق * اور روایت ہی عائشہ اور ابن

عمر عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال ما زال جبريل يوصيني بالجار حتى ظننت انه سيورثه متفق عليه وعن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله

عمر سے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا ہمیشہ جبرئیل وصیت کرتا ہی مجھکو ہمسائے کے حق میں یہانتک کہ گمان کیا میں نے کہ وارث کر دیگا اسکو ق * اور روایت ہی عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم اذا كنتم ثلاثة فلا يتناجى اثنان دون الآخر حتى تختلطوا بالناس من اجل ان يحزنه متفق عليه وعن تميم الداري

علیہ وسلم نے جب تم تین آدمی ہو تو چپکے دو آدمی بات کریں ایک کو چھوڑ کر یہانتک کہ ملیں لوگوں سے اسواسطے کہ یہ غمگین کریگا اسکو ق * اور روایت ہی تمیم داری سے

ان النبي صلى الله عليه وسلم قال الدين النصيحة ثلاثا قلنا لمن قال لله ولكتابه ولرسوله ولائمة المسلمين وعامتهم رواه

کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دین خیرخواہی ہی فرمایا تین بار کہا ہمنے کسکی خیرخواہی فرمایا اللہ کی اور اسکی کتاب کی اور اسکے رسول کی اور مسلمانوں کے اماموں کی اور عام مسلمانوں کی روایت کیا اسکو

مسلم وعن جرير بن عبد الله قال بايعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم على اقام الصلوة وايتاء الزكوة والنصح لكل

مسلم نے اور روایت ہی جریر بن عبد اللہ سے کہا کہ بیعت کی ہمنے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نماز کھڑی کرنے اور زکوة دینے پر اور خیرخواہی پر ہر

مسلم متفق عليه

الفصل الثاني

عن ابي هريرة قال سمعت ابا القاسم الصادق المصدوق يقول لا تنزع الرحمة

مسلمان کیلئے * ق * دوسری فصل روایت ہی ابی ہریرہ سے کہا سنا میں نے ابا القاسم کو جو سچا اور سچا کیا ہوا فرماتے کھینچی نہیں جاتی مہربانی

الا من شقي رواه احمد والترمذي وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الراحمون يرحمهم الرحمن

مگر بدبخت کے دل سے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہی عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو لوگ کہ خلق اللہ پر رحم کرتے ہیں رحمن ان پر

ارحموا من في الارض يرحمكم من في السماء رواه ابو داود والترمذي وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس

رحم کرو زمین والوں پر رحم کریگا تم پر آسمان والا روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے اور روایت ہی ابن عباس سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہی

منا من لم يرحم صغيرنا ولم يوقر كبيرنا ويامر بالمعروف وينه عن المنكر رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن

ہم سے جو نہ رحم کرے لڑکوں پر ہمارے اور توقیر نہ کرے بڑھوں پر ہمارے اور نہ سکھاوے بھلی بات اور باز نہ رکھے بری بات سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہی اور روایت ہی

انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما اكرم شاب شيخا من اجل سنه الا قيض الله له عند سنه من يكرمه رواه

انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ تعظیم کیا کسی جوان نے کسی بڈھے کی اسکے بڈھاپے کے سبب مگر مقرر کرتا ہی اللہ اسکے لئے اسکے بڈھاپے کے وقت اسکو جو تعظیم کرے

الترمذي وعن ابي موسى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان من اجلال الله تعالى اكرام ذي الشيبة المسلم وحامل

ترمذی نے اور روایت ہی ابی موسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کی تعظیم سے ہی تعظیم بڈھے مسلمان کی اور تعظیم قرآن پڑھنے والے کی

الْقُرْاٰنِ غَيْرِ الْغَالِيْ فِيْهِ وَلَا الْجَافِيْ عَنْهُ وَاِكْرَامُ السُّلْطَانِ الْمُقْسِطِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

نہ غالی ہو اس میں اور نہ جافی اور تعظیم سلطان عادل کی روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ بَيْتٍ فِي الْمُسْلِمِيْنَ بَيْتٌ فِيْهِ يَتِيْمٌ يُحْسَنُ اِلَيْهِ وَشَرُّ بَيْتٍ فِي الْمُسْلِمِيْنَ بَيْتٌ فِيْهِ يَتِيْمٌ

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر گھر مسلمانوں میں وہ گھر ہے جس میں یتیم ہو کہ بھلائی کی جاوے اسکے ساتھ اور بدتر گھر مسلمانوں میں وہ ہے جس میں یتیم ہو

يُسَاءُ اِلَيْهِ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَسَحَ رَاْسَ يَتِيْمٍ لَمْ يَمْسَحْهُ اِلَّا لِلّٰهِ كَانَ لَهٗ

برائی کی جاوے اسکے ساتھ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو پھیرتا ہے ہاتھ یتیم کے سر پر نہیں پھیرتا ہے مگر واسطے اللہ کے

بِكُلِّ شَعْرَةٍ تَمُرُّ عَلَيْهَا يَدُهٗ حَسَنَاتٌ وَمَنْ اَحْسَنَ اِلٰى يَتِيْمَةٍ اَوْ يَتِيْمٍ عِنْدَهٗ كُنْتُ اَنَا وَهُوَ فِي الْجَنَّةِ كَهَاتَيْنِ وَقَرَنَ بَيْنَ اِصْبَعَيْهِ

ہر بال کے بدلے جس پر گذرتا ہے ہاتھ اسکا نیکیاں اور جو احسان کرے یتیم لڑکی یا لڑکے پر جو پاس اسکے ہے میں اور وہ بہشت میں ملے رہونگا جیسے یہ دو انگلیاں اور ملایا دونوں انگلیوں کو

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰوٰى يَتِيْمًا اِلٰى طَعَامِهٖ

احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے جگہ دی یتیم کو اپنے کھانے

وَشَرَابِهٖ اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ الْجَنَّةَ اَلْبَتَّةَ اِلَّا اَنْ يَّعْمَلَ ذَنْبًا لَا يُغْفَرُ وَمَنْ عَالَ ثَلٰثَ بَنَاتٍ اَوْ مِثْلَهُنَّ مِنَ الْاَخَوَاتِ فَاَدَّبَهُنَّ

اور پینے کی چیز سے واجب کی اللہ نے اسکے لئے بہشت البتہ مگر کرے ایسا گناہ جو لائق بخشنے کے نہو اور جو پرورش کرے تین لڑکیوں کی یا مثل انکی بہنوں سے پھر ادب سکھلاوے

وَرَحِمَهُنَّ حَتّٰى يُغْنِيَهُنَّ اللّٰهُ تَعَالٰى اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ الْجَنَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوِ اثْنَتَيْنِ قَالَ اَوِ اثْنَتَيْنِ حَتّٰى لَوْ قَالُوْا اَوْ وَاحِدَةً

اور رحم کرے ان پر یہاں تک کہ بے نیاز کرے خدا تعالیٰ ان کو تو واجب کرتا ہے خدا اسکے لئے بہشت تب کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ یا دو کی فرمایا یا دو کی یہاں تک کہ اگر کہتے یا ایک کی

لَقَالَ وَاحِدَةً وَمَنْ اَذْهَبَ اللّٰهُ بِكَرِيْمَتَيْهِ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا كَرِيْمَتَاهُ قَالَ عَيْنَاهُ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

تو فرماتے یا ایک کی پرورش کرے اور جسکی لے لیوے اللہ دو چیز پیاری واجب ہوتی ہے اسکے لئے بہشت پوچھا گیا یا رسول اللہ کونسی چیزیں پیاری ہیں فرمایا دو آنکھیں اسکی روایت کیا اسکو شرح السنہ میں اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ يُّؤَدِّبَ الرَّجُلُ وَلَدَهٗ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ اَنْ يَّتَصَدَّقَ بِصَاعٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے البتہ ادب سکھانا مرد کا اپنے لڑکے کو بھلا ہے اسکے لئے صدقہ دینے سے ایک صاع غلہ کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ

حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَنَاصِحٌ الرَّاوِيْ لَيْسَ عِنْدَ اَصْحَابِ الْحَدِيْثِ بِالْقَوِيِّ وَعَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

حدیث غریب ہے اور ناصح جو راوی اس حدیث کا ہے نہیں ہے نزدیک محدثوں کے قوی اور روایت ہے ایوب بن موسیٰ سے اسنے اپنے باپ سے اسکے دادے سے کہ رسول

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَا نَحَلَ وَالِدٌ وَلَدَهٗ مِنْ نُحْلٍ اَفْضَلَ مِنْ اَدَبٍ حَسَنٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَالَ

صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا نہیں دیا باپ نے اپنے لڑکے کو کوئی بہتر دینا نیک ادب سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا

التِّرْمِذِيُّ هٰذَا عِنْدِيْ حَدِيْثٌ مُّرْسَلٌ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَامْرَاَةٌ

ترمذی نے یہ حدیث میرے نزدیک مرسل ہے اور روایت ہے عوف بن مالک الاشجعی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے میں اور وہ عورت

سَفْعَاءُ الْخَدَّيْنِ كَهَاتَيْنِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاَوْمَاَ يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ اِلَى الْوُسْطٰى وَالسَّبَّابَةِ امْرَاَةٌ اٰمَتْ مِنْ زَوْجِهَا ذَاتُ مَنْصَبٍ

جسکے کالے ہو گئے رخسارے مثل ان دو انگلیوں کے قیامت کے دن اور اشارہ کیا یزید بن زریع نے بیچ اور کلمہ کی انگلی کی طرف وہ عورت جو بیوہ ہو گئی ہو اپنے شوہر سے حسب

وَجَمَالٍ حَبَسَتْ نَفْسَهَا عَلٰى يَتَامَاهَا حَتّٰى بَانُوْا اَوْ مَاتُوْا رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور حسن والی روکا اپنے جی کو یتیم لڑکوں پر یہاں تک کہ جدا ہوئے یا مر گئے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

مَنْ كَانَتْ لَهُ أُنْثَى فَلَمْ يَئِدْهَا وَلَمْ يُهِنْهَا وَلَمْ يُؤْثِرْ وَلَدَهُ عَلَيْهَا يَعْنِي الذُّكُورَ أَدْخَلَهُ اللهُ الْجَنَّةَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَنَسٍ

جسکو ہو لڑکی پھر زندہ نہ گاڑے اسکو اور نہ اہانت کرے اسکی اور نہ مقدم رکھے اسپر لڑکے کو یعنے بیٹے لڑکوں کو داخل کرتا ہے اللہ اسکو بہشت میں روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے انس سے

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اغْتِيبَ عِنْدَهُ أَخُوهُ الْمُسْلِمُ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَى نَصْرِهِ فَنَصَرَهُ نَصَرَهُ اللهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا جسکے پاس غیبت کی جاوے مسلمان بھائی کی حالانکہ وہ قدرت رکھتا ہے اسکی مدد پر پھر مدد کی اسکی مدد کرتا ہے خدا اسکی دنیا اور آخرت میں

فَإِنْ لَمْ يَنْصُرْهُ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَى نَصْرِهِ أَدْرَكَهُ اللهُ بِهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيدَ قَالَتْ

پھر اگر نہ مدد کرے اسکی حالانکہ وہ قادر ہے اسکی مدد پر تو پکڑیگا اللہ اسکے سبب دنیا اور آخرہ میں روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے اسماء بنت یزید سے بولیں

قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَنْ ذَبَّ عَنْ لَحْمِ أَخِيهِ بِالْمَغِيبَةِ كَانَ حَقًّا عَلَى اللهِ أَنْ يُعْتِقَهُ مِنَ النَّارِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ

کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسنے باز رکھا اپنے گوشت کھانے سے اپنے بھائی کے اسکی پیٹھ پیچھے ہوگا حق اللہ پر یہ کہ آزاد کرے اسکو آگ سے روایت کیا اسکو بیہقی نے

فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَرُدُّ عَنْ عِرْضِ أَخِيهِ إِلَّا كَانَ حَقًّا

شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے نہیں ہے کوئی مسلمان کہ منع کرے اپنے بھائی کی غیبت سے مگر

عَلَى اللهِ أَنْ يَرُدَّ عَنْهُ نَارَ جَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِينَ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ

اللہ پر کہ باز رکھے اس سے دوزخ کی آگ قیامت کے دن پھر پڑھی حضرت نے یہ آیت اور ہے ہمپر مدد ایمانداروں کی روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے

جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنِ امْرِئٍ يَخْذُلُ امْرَأً مُسْلِمًا فِي مَوْضِعٍ يُنْتَهَكُ فِيهِ حُرْمَتُهُ وَيُنْتَقَصُ فِيهِ

جابر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے کوئی مرد مسلمان جو نہ مدد کرے مسلمان کی اس جگہ میں کہ لی جاوے حرمت اسکی اور گھٹایا جاوے

مِنْ عِرْضِهِ إِلَّا خَذَلَهُ اللهُ فِي مَوْطِنٍ يُحِبُّ فِيهِ نُصْرَتَهُ وَمَا مِنِ امْرِئٍ مُسْلِمٍ يَنْصُرُ مُسْلِمًا فِي مَوْضِعٍ يُنْتَقَصُ فِيهِ مِنْ عِرْضِهِ

آبرو اسکی مگر نہ مدد کریگا اللہ اسکی اس جگہ جہاں دوست رکھیگا خدا کی مدد کو اور نہیں کوئی مرد مسلمان جو مدد کرے مسلمان کی ایسی جگہ جہاں گھٹایا جاوے آبرو اسکی

وَيُنْتَهَكُ فِيهِ مِنْ حُرْمَتِهِ إِلَّا نَصَرَهُ اللهُ فِي مَوْطِنٍ يُحِبُّ فِيهِ نُصْرَتَهُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ

اور لی جاوے حرمت اسکی مگر مدد کرتا ہے اسکی خدا ایسی جگہ جہاں دوست رکھتا ہے خدا کی مدد کو روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے عقبہ ابن عامر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَأَى عَوْرَةً فَسَتَرَهَا كَانَ كَمَنْ أَحْيَى مَوْءُودَةً رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسنے دیکھا عیب کو پھر چھپا دیا اسکو مثل ہوتا ہے جیسے کہ جلایا جیتی گاڑی کو روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ

قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَحَدَكُمْ مِرْآةُ أَخِيهِ فَإِنْ رَأَى بِهِ أَذًى فَلْيُمِطْ عَنْهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَضَعَّفَهُ وَفِي رِوَايَةٍ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ ایک تمہارا آئینہ ہے دوسرے کا سو جب دیکھے دوسرے میں عیب تو دور کرے اس سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور ضعیف کہا اسکو اور ایک روایت میں

لَهُ وَلِأَبِي دَاوُدَ الْمُؤْمِنُ مِرْآةُ الْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنُ أَخُو الْمُؤْمِنِ يَكُفُّ عَنْهُ ضَيْعَتَهُ وَيَحُوطُهُ مِنْ وَرَائِهِ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ قَالَ قَالَ

ترمذی اور ابی داود کے ہے ایماندار آئینہ ایماندار کا ہے ایماندار بھائی ایماندار کا ہے دفع کرتا ہے اس سے اسکے ضرر کی چیز اور حفاظت کرتا ہے اسکی غائبانہ اور روایت ہے معاذ ابن انس سے کہا کہ فرمایا

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَمَى مُؤْمِنًا مِنْ مُنَافِقٍ بَعَثَ اللهُ مَلَكًا يَحْمِي لَحْمَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ وَمَنْ رَمَى مُسْلِمًا

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جو نگاہ رکھے مومن کو منافق کی بدی سے اٹھاوے اللہ ایک فرشتہ جو نگاہ رکھے اسکے گوشت کو قیامت کے دن آگ سے دوزخ کی اور جو شخص کہ عیب لگاوے مسلمان کو

بِشَيْءٍ يُرِيدُ بِهِ شَيْنَهُ حَبَسَهُ اللهُ عَلَى جِسْرِ جَهَنَّمَ حَتَّى يَخْرُجَ مِمَّا قَالَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ

کسی چیز پر حالانکہ چاہتا ہے اس سے عیب اسکا ظاہر کرنا ہے اسکو اللہ دوزخ کے پل پر یہاں تک کہ نکلے اس چیز سے جو کہا ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم خير الأصحاب عند الله خيرهم لصاحبه وخير الجيران عند الله خيرهم لجاره رواه الترمذي

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یاروں سے بھلا یار نزدیک خدا کے جو بہت بھلا ہو اپنے یار کے ساتھ اور ہمسایوں میں سے اچھا ہمسایہ نزدیک خدا کے جو اس سے اچھا ہو اپنے ہمسایے

والدارمي وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب وعن ابن مسعود قال قال رجل للنبي صلى الله عليه وآله وسلم يا رسول الله

اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ پوچھا ایک مرد نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یا رسول اللہ

كيف لي أن أعلم إذا أحسنت وإذا أسأت فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم إذا سمعت جيرانك يقولون قد أحسنت

کیونکر معلوم کروں میں کہ جب نیکی کرتا ہوں یا بدی پہنچاتا ہوں تب فرمایا نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے جب سنے تو اپنے ہمسایے سے بولتے ہیں کہ احسان کیا تو نے تو

فقد أحسنت وإذا سمعتهم يقولون قد أسأت فقد أسأت رواه ابن ماجه وعن عائشة رض أن النبي صلى الله عليه وآله و

البتہ احسان کیا تو نے اور جب سنا تو نے انکو کہتے کہ بدی پہنچائی تو نے تو البتہ بدکار ہے ف روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ والہ و

سلم قال أنزلوا الناس منازلهم رواه أبو داود **الفصل الثالث** عن عبد الرحمن بن أبي قراد أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم توضأ

سلم نے فرمایا اتارو لوگوں کو انکی منزلوں میں ف روایت کیا اسکو ابو داود نے فصل تیسری روایت ہے عبد الرحمن بن ابی قراد سے کہ نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے وضو کیا

يوما فجعل أصحابه يتمسحون بوضوئه فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم ما يحملكم على هذا قالوا حب الله ورسوله فقال

ایک دن تب اصحاب مسح کرنے لگے آپ کے وضو کے پانی سے تب فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کونسی چیز باعث ہوئی تمکو اس پر لوگ بولے دوست رکھنا ہو اللہ کا اور اسکے رسول کا تب فرمایا

النبي صلى الله عليه وآله وسلم من سره أن يحب الله ورسوله أو يحبه الله ورسوله فليصدق حديثه إذا حدث وليؤد

نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جسکو خوش لگے کہ دوست رکھے اللہ اور اسکے رسول کو یا دوست رکھے اسکو اللہ اور رسول اسکا تو چاہیے کہ سچا ہو اپنی بات میں جب بولا کرے اور سچا ہووے

أمانته إذا ائتمن وليحسن جوار من جاوره وعن ابن عباس قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول ليس المؤمن

لوگوں کی امانت جب امین بنے اور اچھی ہمسایگی کرے اپنے ہمسایہ سے ف اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے نہیں ہے مومن

بالذي يشبع وجاره جائع إلى جنبه رواهما البيهقي في شعب الإيمان وعن أبي هريرة قال قال رجل يا رسول الله إن فلانة تذكر

جو پیٹ بھر آسودہ ہو کر اور ہمسایہ اسکا بھوکا ہو اسکے پہلو میں روایت کیا ان دو حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ کہا ایک مرد نے یا رسول فلانی عورت ذکر کی جاتی

من كثرة صلوتها وصيامها وصدقتها غير أنها تؤذي جيرانها بلسانها قال هي في النار قال يا رسول الله فإن فلانة

اپنی کثرت نماز و روزے و صدقے کے ساتھ ف مگر وہ ستاتی ہے ہمسایہ کو اپنے اپنی زبان سے فرمایا وہ آگ میں ہے ف کہا یا رسول اللہ سو فلانی دوسری

تذكر من قلة صيامها وصدقتها وصلوتها وإنها تصدق بالأثوار من الأقط ولا تؤذي بلسانها جيرانها قال

ذکر کی جاتی ہے قلت روزہ اور صدقہ اور نماز کے ساتھ اور وہ خیرات کرتی ہے اقط کے ٹکڑے اور نہیں ستاتی ہے اپنے ہمسایہ کو اپنی زبان سے فرمایا

هي في الجنة رواه أحمد والبيهقي في شعب الإيمان وعنه قال إن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وقف على ناس

وہ بہشت میں ہے روایت کیا اسکو احمد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے اسی سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کھڑے ہوگئے لوگوں پر

جلوس فقال ألا أخبركم بخيركم من شركم قال فسكتوا فقال ذلك ثلث مرات فقال رجل بلى يا رسول الله أخبرنا

جو بیٹھے ہوئے تھے پھر فرمایا بھلا نہ بتلاؤں تمکو کہ کون تم سے اچھا اور کون برا ہے تب چپ رہے لوگ پھر فرمایا اس کلمے کو تین بار تب کہا ایک شخص نے کیوں نہیں یا رسول اللہ بتلا ہمکو

بخيرنا من شرنا فقال خيركم من يرجى خيره ويؤمن شره وشركم من لا يرجى خيره ولا يؤمن شره رواه الترمذي والبيهقي

کون اچھا اور کون برا ہے ہم سے فرمایا اچھا تمہارا وہ ہے جس سے امید نیکی کی ہو اور خاطر جمعی ہو کہ بدی نہ کرے اور برا تمہارا وہ ہے جس سے امید نیکی کی نہ ہو اور خاطر جمعی نہ ہو کہ بدی نہ کرے

فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَعَنْ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَسَمَ

شعب الایمان میں اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مقرر اللہ تعالیٰ قسمت کیا

بَيْنَكُمْ اَخْلَاقَكُمْ كَمَا قَسَمَ بَيْنَكُمْ اَرْزَاقَكُمْ وَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُعْطِي الدُّنْيَا مَنْ يُّحِبُّ وَمَنْ لَّا يُحِبُّ وَلَا يُعْطِي الدِّيْنَ اِلَّا مَنْ يُّحِبُّ فَمَنْ

تم میں اخلاق کو تمہارے جیسے قسمت کی درمیان تمہارے روزیاں تمہاری اور اللہ تعالیٰ دیتا ہے دنیا مومن اور کافر کو اور نہیں دیتا ہے دین مگر مومن کو سو جسکو

اَعْطَاهُ اللّٰهُ الدِّيْنَ فَقَدْ اَحَبَّهُ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا يُسْلِمُ عَبْدٌ حَتّٰى يَسْلَمَ قَلْبُهٗ وَلِسَانُهٗ وَلَا يُؤْمِنُ حَتّٰى يَاْمَنَ جَارُهٗ بَوَائِقَهٗ

دیا خدا نے دین تو دوست رکھتا ہے اسکو اور قسم ہے اسکی کہ جان میری بیچ ہاتھ اسکے ہے مسلمان نہوگا بندہ یہانتک کہ مسلمان ہوں دل اور زبان اسکی اور ایمان نہوگا یہانتک کہ امن میں ہو ہمسایہ اسکا

وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ مَأْلَفٌ وَّلَا خَيْرَ فِيْمَنْ لَّا يَأْلَفُ وَلَا يُؤْلَفُ رَوَاهُمَا اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایماندار محل دوستی کا ہے اور نہیں ہے نیکی اسمیں جو دوستی نکرے اور نہ دوست بنے روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو احمد نے اور بیہقی نے

فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ قَضٰى لِاَحَدٍ مِّنْ اُمَّتِيْ حَاجَةً يُرِيْدُ اَنْ يَّسُرَّهٗ بِهَا فَقَدْ

شعب الایمان میں اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسنے نکالی میری کسی ایک امتی کی حاجت چاہتا ہو کہ خوش کرے اسکو اس سے تو

سَرَّنِيْ وَمَنْ سَرَّنِيْ فَقَدْ سَرَّ اللّٰهَ وَمَنْ سَرَّ اللّٰهَ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ اَغَاثَ

اسنے خوش کیا مجھے اور جسنے خوش کیا مجھے سو اسنے خوش کیا اللہ کو اور جسنے خوش کیا اللہ کو داخل کریگا خدا اسکو بہشت میں اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسنے فریاد رسی کی

مَلْهُوْفًا كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ ثَلٰثًا وَّسَبْعِيْنَ مَغْفِرَةً وَّاحِدَةٌ فِيْهَا صَلَاحُ اَمْرِهٖ كُلِّهٖ وَثِنْتَانِ وَسَبْعُوْنَ لَهٗ دَرَجَاتٌ يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ وَعَنْهُ

کسی مظلوم کی تو لکھتا ہے اللہ اسکے لئے تہتر معافی ایک ان میں سے یہ ہے کہ جس میں اسکے سب کام کی اصلاح ہے اور بہتر اسکے لئے موجب زیادتی درجوں کے ہیں قیامت کے دن

وَعَبْدِ اللّٰهِ رض قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الْخَلْقُ عِيَالُ اللّٰهِ فَاَحَبُّ الْخَلْقِ اِلَى اللّٰهِ مَنْ اَحْسَنَ اِلٰى عِيَالِهٖ رَوَى الْبَيْهَقِيُّ

اور روایت ہے انہی سے اور عبد اللہ رض سے بھی دونوں نے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خلق اللہ حکم میں عیال خدا کے ہیں سو زیادہ پیارا خلق اللہ کا وہ ہے جو احسان کرے عیال پر روایت کیا بیہقی نے

الْاَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَوَّلُ خَصْمَيْنِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

ان تینوں حدیثوں کو شعب الایمان میں اور روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اول آپسمیں جھگڑنے والے قیامت کے دن

جَارَانِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا شَكٰى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَسْوَةَ قَلْبِهٖ فَقَالَ امْسَحْ رَأْسَ الْيَتِيْمِ وَاَطْعِمِ

دو ہمسائے ہیں روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ ایک شخص نے شکایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس اپنے دل سخت ہونے کی تو فرمایا حضرت نے ہاتھ پھیر سر یتیم کے اور کھانا کھلا

الْمِسْكِيْنَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى اَفْضَلِ الصَّدَقَةِ ابْنَتُكَ مَرْدُوْدَةٌ

محتاج کو روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے سراقہ بن مالک سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بھلا نہ بتلاؤں تمکو بہتر صدقہ دینا تمہارا صدقہ دینا ہے اس بیٹی کو جو پھر آئی ہو تیری طرف

اِلَيْكَ لَيْسَ لَهَا كَاسِبٌ غَيْرُكَ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ

بَابُ الْحُبِّ فِي اللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنْ عَائِشَةَ رض قَالَتْ قَالَ

تیری طرف نہیں ہے اسکا کمانے والا سوا تیرے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے باب دوستی واسطے خدا کے اور اسکی رضا کے لئے ہے پہلی فصل روایت ہے عائشہ رض سے بولیں فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الْاَرْوَاحُ جُنُوْدٌ مُّجَنَّدَةٌ فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ وَمَا تَنَاكَرَ مِنْهَا اخْتَلَفَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے روحوں کے لشکر ہیں جھنڈ کے جھنڈ سو جو انمیں آشنا تھا وہ الفت والا اور جو انمیں سے نا آشنا تھا جدا رہا روایت کیا بخاری نے اور

رَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ اِذَا اَحَبَّ عَبْدًا دَعَا جِبْرَئِيْلَ فَقَالَ اِنِّيْ اُحِبُّ

روایت کیا اسکو مسلم نے ابی ہریرہ سے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقرر خدا جسے دوست رکھتا ہے بندہ کو بلاتا ہے جبرئیل کو پھر کہتا ہے میں نے دوست رکھا

فلانًا فأحبه قال فيحبه جبريل ثم ينادي في السماء فيقول إن الله يحب فلانًا فأحبوه فيحبه أهل السماء ثم يوضع له
فلانے کو سو دوست رکھ اسکو فرمایا پھر دوست رکھتا ہے اسکو جبرئیل پھر ندا کرتا ہے آسمان میں اور کہتا ہے کہ خدا نے دوست رکھا فلانے کو سو تم بھی دوست رکھو اسکو سو دوست رکھتے ہیں آسمان والے پھر رکھی جاتی ہے
القبول في الأرض وإذا أبغض عبدًا دعا جبريل فيقول إني أبغض فلانًا فأبغضه قال فيبغضه جبريل ثم ينادي في أهل السماء
زمین والوں میں اور جب دشمن رکھتا ہے بندے کو بلاتا ہے جبرئیل کو پھر فرماتا ہے کہ میں دشمن رکھتا ہوں فلانے کو سو تو دشمن رکھ اسکو فرمایا سو دشمن رکھتا ہے اسکو جبرئیل پھر ندا کرتا ہے آسمان والوں میں
إن الله يبغض فلانًا فأبغضوه قال فيبغضونه ثم يوضع له البغضاء في الأرض رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله
کہ خدا دشمن رکھتا ہے فلانے کو سو تم دشمن رکھو اسکو فرمایا پھر رکھی جاتی ہے دشمنی اسکی زمین والوں کے دل میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی
عليه وآله وسلم إن الله يقول يوم القيامة أين المتحابون بجلالي اليوم أظلهم في ظلي يوم لا ظل إلا ظلي رواه مسلم وعنه عن النبي صلى
اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ تحقیق اللہ فرماویگا قیامت کے دن کہاں ہیں آپس میں محبت کرنے والے میری عظمت کے سبب آج جگہ دونگا انکو اپنے سایہ میں جس دن نہیں ہے سایہ سوا میرے سایہ کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے نبی صلی
الله عليه وآله وسلم أن رجلًا زار أخًا له في قرية أخرى فأرصد الله له على مدرجته ملكًا قال أين تريد قال أريد أخًا لي في
اللہ علیہ والہ وسلم سے کہ ایک مرد نے قصد ملاقات کا کیا اپنے بھائی کا جو دوسری بستی میں تھا سو خدا نے اسکی راہ میں ایک فرشتہ بٹھلا رکھا پوچھا کہ تو کہاں جاتا ہے کہا اپنے بھائی کی ملاقات کو جو
هذه القرية قال هل لك عليه من نعمة تربها قال لا غير أني أحببته في الله قال فإني رسول الله إليك بأن الله قد أحبك كما أحببته
اس بستی میں ہے کہا کچھ تیرا اسپر احسان ہے جو تو بڑھایا چاہتا ہے کہا نہیں صرف محبت رکھتا ہوں اس سے خدا کے واسطے کہا کہ میں بھیجا ہوا خدا کا ہوں تیرے پاس یہ پیغام لیکر کہ خدا نے تجھکو دوست رکھا جیسا تو نے دوست رکھا اسکو
فيه رواه مسلم وعن ابن مسعود قال جاء رجل إلى النبي صلى الله عليه وآله وسلم فقال يا رسول الله كيف تقول في رجل أحب
خدا کے لئے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ آیا ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں پھر عرض کیا یا رسول اللہ کیا فرماتے ہیں آپ اس شخص کے حق میں جو
قومًا ولم يلحق بهم فقال المرء مع من أحب متفق عليه وعن أنس أن رجلًا قال يا رسول الله متى الساعة قال ويلك وما
ایسی قوم کو کہ جنکو نہ دیکھا تب فرمایا مرد اسکے ساتھ ہے کہ جسکو دوست رکھتا ہے ق ۔ اور روایت ہے انس سے کہ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ کب ہوگی قیامت فرمایا کیا برا ہو تیرا اور کیا
أعددت لها قال ما أعددت لها إلا أني أحب الله ورسوله قال أنت مع من أحببت قال أنس فما رأيت المسلمين فرحوا
تیار کیا تو نے اسکے لئے کہا کچھ تیار نہیں کیا اسکے لئے مگر یہ کہ میں دوست رکھتا ہوں اللہ اور رسول کو فرمایا تو ساتھ اسکے ہے جسکو دوست رکھا کہا انس نے پھر نہ دیکھا میں نے مسلمانوں کو کہ خوش ہوئے ہوں
بشيء بعد الإسلام فرحهم بها متفق عليه وعن أبي موسى قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم مثل الجليس الصالح
کسی چیز میں بعد اسلام کے جیسا کہ خوش ہوئے اس کلمے سے ق ۔ اور روایت ہے ابی موسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ مثال ہمنشین نیک
والسوء كحامل المسك ونافخ الكير فحامل المسك إما أن يحذيك وإما أن تبتاع منه وإما أن تجد منه ريحًا
اور بد کی جیسی کہا وہ ہے مشک رکھنے والے اور بھٹی پھونکنے والے کی سو مشک رکھنے والا مشک کا یا دیگا تجھکو یا خرید لیگا تو اس سے یا پاوے اس سے خوشبو
طيبة ونافخ الكير إما أن يحرق ثيابك وإما أن تجد منه ريحًا خبيثة متفق عليه

الفصل الثاني

عن معاذ بن جبل
اچھی اور لوہار یا کہ جلا دیگا کپڑے کو تیرے یا پاویگا تو اس سے بدبو ق ۔ دوسری فصل روایت ہے معاذ بن جبل سے
قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول قال الله تعالى وجبت محبتي للمتحابين في والمتجالسين في والمتزاورين
کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کہ فرماتے فرمایا اللہ تعالی نے واجب ہوئی محبت میری آپس میں محبت رکھنے والوں کے لئے اور آپس میں بیٹھنے والوں اور
في والمتباذلين في رواه مالك وفي رواية الترمذي قال يقول الله تعالى المتحابون في جلالي لهم منابر من نور يغبطهم النبيون
اور آپس میں مال خرچ کرنے والوں کے لئے میرے واسطے روایت کیا اسکو مالک نے اور ترمذی کی ایک روایت میں فرمایا کہتا ہے اللہ تعالی جو لوگ کہ آپس میں محبت رکھتے ہیں واسطے میری بزرگی کے انکے لئے نور کے منبر ہونگے کہ رشک کرینگے انپر انبیاء

والشهداء وعن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إن من عباد الله لأناسا ما هم بأنبياء ولا شهداء يغبطهم الأنبياء والشهداء

اور شہدا اور روایت ہے عمر رضی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقرر خدا کے بندوں سے کتنے آدمی ہیں کہ وے نبی ہیں اور نہ شہید رشک کرینگے ان پر انبیاء

يوم القيامة بمكانهم من الله قالوا يا رسول الله تخبرنا من هم قال هم قوم تحابوا بروح الله على غير أرحام بينهم ولا أموال يتعاطونها

قیامت کے دن ان کے مرتبے کے سبب خدا کے پاس بولے یا رسول اللہ آپ ہم کو خبر دیجئے کون ہیں فرمایا وے ایک قوم ہیں جو آپس میں محبت رکھتے تھے خدا کی مہربانی سے بغیر قرابت والوں کے اور نہ مالوں کے جو لیا دیا

فوالله إن وجوههم لنور وإنهم لعلى نور لا يخافون إذا خاف الناس ولا يحزنون إذا حزن الناس وقرأ هذه الآية ألا إن

سو قسم اللہ کی مقرر منہ ان کے روشن ہیں اور وے نور پر ہیں نہ ڈر ہونگے جب ڈر جاوینگے لوگ اور غم میں نہ ہونگے جب غمگین ہونگے لوگ اور پڑھی حضرت نے یہ آیت سن رکھو مقرر

أولياء الله لا خوف عليهم ولا هم يحزنون رواه أبو داود ورواه في شرح السنة وعن أبي مالك بلفظ المصابيح مع زوائده

اولیا خدا کے نہ ڈر ہوگا ان پر اور نہ وے غم میں ہونگے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے ابی مالک سے ساتھ لفظ مصابیح کے زیادتی کے ساتھ

وكذا في شعب الإيمان وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لأبي ذر يا أبا ذر أي عرى الإيمان أوثق قال الله

اور اسی طرح ہے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابن عباس سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی ذر کو اے ابوذر کون سی دستاویز ایمان کی مضبوط ہے کہا اللہ اور

ورسوله أعلم قال الموالاة في الله والحب في الله والبغض في الله رواه البيهقي في شعب الإيمان وعن أبي هريرة أن النبي صلى

رسول اسکا خوب جانتا ہے فرمایا دوستی رکھنی آپس میں خدا کے واسطے اور دوست رکھنا واسطے خدا کے اور دشمن رکھنا واسطے خدا کے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی

الله عليه وسلم قال إذا عاد المسلم أخاه أو زاره قال الله تعالى طبت وطاب ممشاك وتبوأت من الجنة منزلا رواه الترمذي

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی بیمار پرسی کرے اپنے بھائی کی یا اسکی ملاقات کرتا ہے تو فرماتا ہے خدا خوش ہو زندگی تیری اور اچھا ہے چلنا تیرا اور لی تو نے جنت میں منزل روایت کیا اسکو ترمذی نے

وقال هذا حديث غريب وعن المقدام بن معديكرب عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال إذا أحب الرجل أخاه

اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے مقدام بن معدیکرب سے نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا جب دوست رکھے مرد اپنے بھائی کو

فليخبره أنه يحبه رواه أبو داود والترمذي وعن أنس قال مر رجل بالنبي صلى الله عليه وآله وسلم وعنده ناس فقال رجل

تو چاہئے کہ خبر کرے اسکو کہ وہ دوست رکھتا ہے اسکو روایت کیا اسکو ابو داود اور ترمذی نے اور روایت ہے انس سے کہا گذرا ایک مرد حضرت صلے اللہ علیہ والہ وسلم پاس اور حضرت پاس لوگ بیٹھے تھے کہا ایک مرد نے

ممن عنده إني لأحب هذا لله فقال النبي صلى الله عليه وسلم أعلمته قال لا قال قم إليه فأعلمه فقام إليه فأعلمه فقال أحبك

ان میں سے جو آپ پاس تھے مقرر میں دوست رکھتا ہوں اسکو واسطے اللہ کے تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھلا خبر دی تو نے اسکو کہا نہیں فرمایا جا اسکی طرف اور خبر کر اسکو پس گیا اسکی طرف اور

الذي أحببتني له قال ثم رجع فسأله صلى الله عليه وآله وسلم فأخبره بما قال فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم أنت مع

وہ کہ جسکے لئے تو نے دوست رکھا مجھ کو کہا پھر لوٹ آیا وہ تب پوچھا اسکو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تب خبر دیا حضرت کو جو کہا تھا اس نے تب فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے تو اسی کے ساتھ ہے

من أحببت ولك ما احتسبت رواه البيهقي في شعب الإيمان وفي رواية الترمذي المرء مع من أحب وله ما اكتسب

جس سے محبت رکھتا ہے اور تیرے لئے ہے جو امید رکھتا ہے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور ترمذی کی ایک روایت میں ہے مرد اسکے ساتھ ہے جس سے محبت رکھتا ہے

وعن أبي سعيد أنه سمع النبي صلى الله عليه وآله وسلم يقول لا تصاحب إلا مؤمنا ولا يأكل طعامك إلا تقي رواه الترمذي

اور روایت ہے ابی سعید سے کہ سنا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے یار نہ بنا مگر مومن کو اور نہ کھائے کھانا تیرا مگر پرہیزگار روایت کیا اسکو ترمذی

وأبو داود والدارمي وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم المرء على دين خليله فلينظر أحدكم من

اور ابو داود اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے مرد اپنے دوست کے دین پر ہے سو چاہئے کہ نظر کرے ہر

یحالل رواہ احمد والترمذی وابوداؤد والبیہقی فی شعب الایمان وقال الترمذی ہذا حدیث حسن غریب وقال النووی اسنادہ
دوست رکھتا ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے اور کہا نووی نے اسناد اسکی

صحیح وعن یزید بن نعامۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اذا اخی الرجل الرجل فلیسألہ عن اسمہ واسم ابیہ
صحیح ہے اور روایت ہے یزید بن نعامہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب دوستی رکھے ایک دوسرے کو تو چاہیے کہ پوچھے اسکا نام اور نام اسکے باپ کا

وممن ہو فانہ اوصل للمودۃ رواہ الترمذی الفصل الثالث عن ابی ذر قال خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اور کس گروہ سے ہے کیونکہ یہ زیادہ ملانے والا ہے دوستی کو روایت کیا اسکو ترمذی نے تیسری فصل روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ باہر نکل آئے ہمارے پاس رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

قال اتدرون ای الاعمال احب الی اللہ تعالیٰ قال قائل الصلوۃ والزکوۃ قال قائل الجہاد قال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
فرمانے لگے بھلا جانتے ہو کون کام بہت پیارا ہے اللہ کو کہا کسی نے نماز اور زکوۃ کہا دوسرے نے جہاد تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

ان احب الاعمال الی اللہ تعالیٰ الحب فی اللہ والبغض فی اللہ رواہ احمد وروی ابوداؤد الفصل الاخیر وعن ابی امامۃ قال
کہ سب کاموں سے بہت پیارا کام خدا کے پاس دوستی خدا کے واسطے اور دشمنی خدا کے واسطے ہے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت کیا ابوداؤد نے فصل اخیر کو اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ما احب عبد عبداً للہ الا اکرم ربہ رواہ احمد وعن اسماء بنت یزید انہا
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ دوست رکھا کوئی بندہ کسی بندے کو خدا کے لیے مگر بزرگ رکھا اپنے رب کو روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے اسماء بنت یزید سے کہ

سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول الا انبئکم بخیارکم قالوا بلی یا رسول اللہ قال خیارکم الذین اذا رؤوا
سنا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے بھلا نہ بتلاؤں تمکو تم سے بہتر لوگ کون ہیں صحابہ نے کہا کیوں نہیں یا رسول فرمایا بہترین تمہارے وہ ہیں کہ جب انکو دیکھیں

ذکر اللہ رواہ ابن ماجہ وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لو ان عبدین تحابا فی اللہ عز وجل
اللہ کا ذکر کرنے لگیں روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اگر ہوں دو بندے جو آپس میں دوست ہیں واسطے خدا عزوجل کے

واحد فی المشرق وآخر فی المغرب لجمع اللہ بینہما یوم القیامۃ یقول ہذا الذی کنت تحبہ فی وعن ابی رزین انہ قال
ایک انکا مشرق میں اور دوسرا مغرب میں البتہ جمع کرے اللہ انکو قیامت کے دن کہے اللہ تعالیٰ یہ وہ ہے جسکو دوست رکھتا تھا تو ہمارے واسطے اور روایت ہے ابی رزین سے کہا

لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الا ادلک علی ملاک ہذا الامر تصیب بہ خیر الدنیا والآخرۃ علیک
اسکو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھلا نہ بتلاؤں تمکو ایسی چیز کہ جس سے مضبوطی ہو اس دین کے کام کی کہ پہنچے تو سبب اسکے دنیا اور آخرت کی بھلائی

بمجالس اہل الذکر واذا خلوت فحرک لسانک ما استطعت بذکر اللہ واحب فی اللہ وابغض فی اللہ یا ابا رزین
بیٹھنا اہل ذکر کے ساتھ اور جب تو تنہا بیٹھے تو ہلا اپنی زبان جہاں تک ہو سکے اللہ کی یاد میں اور دوست رکھ واسطے خدا کے اور دشمن رکھ واسطے خدا کے اے ابا رزین

ہل شعرت ان الرجل اذا خرج من بیتہ زائراً اخاہ شیعہ سبعون الف ملک کلہم یصلون علیہ ویقولون ربنا انہ
کیا جانتا ہے تو جب نکلتا ہے مرد اپنے گھر سے ملاقات کو اپنے بھائی کی پیچھے اسکے پہنچتے ہیں ستر ہزار فرشتے کل اُن کے معافی چاہتے ہیں اسکے لیے کہتے ہیں اے رب ہمارے اسنے

وصل فیک فصلہ فان استطعت ان تعمل جسدک فی ذلک فافعل وعن ابی ہریرۃ قال کنت مع رسول اللہ صلی اللہ
جوڑا واسطے تیرے سو تو جوڑ اسکو سو اگر ہو سکے تجھ سے کہ مشغول کرے اپنے بدن کو اس کام میں تو کر اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا تھا میں ساتھ رسول خدا صلی اللہ

علیہ وآلہ وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان فی الجنۃ لعمداً من یاقوت علیہا غرف من زبرجد لہا ابواب مفتحۃ
علیہ وآلہ وسلم کے سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بہشت میں کتنے ستون ہیں یاقوت کے اُن پر جھروکے ہیں زبرجد کے اُن کے دروازے ہیں کھلے

تُضِيءُ كَمَا تُضِيءُ الْكَوْكَبُ الدُّرِّيُّ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ مَنْ يَسْكُنُهَا قَالَ الْمُتَحَابُّونَ فِي اللهِ وَالْمُتَجَالِسُونَ فِي اللهِ وَالْمُتَلَاقُونَ

چمک رہے ہیں جیسے چمکتے تارے روشن پس کہا صحابہ نے یا رسول اللہ کون رہیگا ان میں تحقیق فرمایا آپس میں دوستی رکھنے والے اور بیٹھنے والے خدا کے واسطے اور ملاقات کرنیوالے

فِي اللهِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ الْأَحَادِيثَ الثَّلَاثَةَ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ

خدا کے واسطے روایت کیا بیہقی نے ان تینوں حدیثوں کو شعب الایمان میں

بَابُ مَا يُنْهٰى عَنْهُ مِنَ التَّهَاجُرِ وَالتَّقَاطُعِ وَاتِّبَاعِ الْعَوْرَاتِ

باب بیان منع کرنے ترک ملاقات اور قطع رحم اور عیب جوئی کے

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ لِلرَّجُلِ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلٰثِ

پہلی فصل روایت ہے ابی ایوب انصاری سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے نہیں حلال ہے کسی مرد کو کہ ملاقات چھوڑ دے اپنے بھائی کی تین

أَيَّامٍ يَلْتَقِيَانِ فَيُعْرِضُ هٰذَا وَيُعْرِضُ هٰذَا وَخَيْرُهُمَا الَّذِي يَبْدَأُ بِالسَّلَامِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

رات سے زیادہ ملیں دونو پھر کنارہ کرے یہ اور کنارہ کرے وہ اور بہتر ان میں وہ ہے جو پہلے سلام کرے ق اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ فَإِنَّ الظَّنَّ أَكْذَبُ الْحَدِيثِ وَلَا تَحَسَّسُوا وَلَا تَجَسَّسُوا وَلَا تَنَاجَشُوا وَلَا تَحَاسَدُوا

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بچو تم بدگمانی سے کیونکہ بدگمانی بہت جھوٹی بات ہے اور نہ تلاش اخبار کی کرو اور نہ جاسوسی کرو اور قیمت نہ بڑھاؤ اور آپس میں حسد نہ کرو

وَلَا تَبَاغَضُوا وَلَا تَدَابَرُوا وَكُونُوا عِبَادَ اللهِ إِخْوَانًا وَفِي رِوَايَةٍ وَلَا تَنَافَسُوا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى

اور آپس میں عداوت نہ رکھو اور آپس میں پیٹھ دے کر نہ بیٹھو اور بھائی بھائی ہو اے بندے خدا کے اور ایک روایت میں ہے آپس میں دنیا کی رغبت نہ کرو ق اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے

اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ تُفْتَحُ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَيَوْمَ الْخَمِيسِ فَيُغْفَرُ لِكُلِّ عَبْدٍ لَا يُشْرِكُ بِاللهِ شَيْئًا إِلَّا رَجُلًا كَانَتْ بَيْنَهُ

اللہ علیہ والہ وسلم نے کھولے جاتے ہیں دروازے بہشت کے دوشنبہ اور پنجشنبہ کے دن تو گناہ معاف ہوتے ہیں ہر ایک بندے کے جو خدا کے ساتھ شریک نہیں کرتا کسی کو مگر وہ شخص کہ درمیان

وَبَيْنَ أَخِيهِ شَحْنَاءُ فَيُقَالُ أَنْظِرُوا هٰذَيْنِ حَتّٰى يَصْطَلِحَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

اور درمیان اسکے بھائی کے عداوت ہو سو حکم ہوتا ہے کہ مہلت دو ان کو یہاں تک کہ آپس میں صلح کریں ق روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے

تُعْرَضُ أَعْمَالُ النَّاسِ فِي كُلِّ جُمُعَةٍ مَرَّتَيْنِ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَيَوْمَ الْخَمِيسِ فَيُغْفَرُ لِكُلِّ عَبْدٍ مُؤْمِنٍ إِلَّا عَبْدًا بَيْنَهُ وَبَيْنَ أَخِيهِ

روبرو کئے جاتے ہیں سب کام لوگوں کے ہر ہفتہ میں دوبار دوشنبہ اور پنجشنبہ کے دن پھر بخشا جاتا ہے ہر بندہ ایماندار مگر وہ بندہ جسکے درمیان اور اسکے بھائی کے

شَحْنَاءُ فَيُقَالُ اتْرُكُوا هٰذَيْنِ حَتّٰى يَفِيئَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أُمِّ كُلْثُومٍ بِنْتِ عُقْبَةَ بْنِ أَبِي مُعَيْطٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى

بغض ہے سو حکم ہوتا ہے چھوڑ دو دونو کو یہاں تک کہ باز آویں ق روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ام کلثوم بنت عقبہ بن ابی معیط سے بولیں سنا میں نے پیغمبر خدا صلے

اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَيْسَ الْكَذَّابُ الَّذِي يُصْلِحُ بَيْنَ النَّاسِ وَيَقُولُ خَيْرًا وَيَنْمِي خَيْرًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَزَادَ مُسْلِمٌ قَالَتْ وَلَمْ

اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے وہ شخص جھوٹا نہیں جو ملاپ کرواوے لوگوں میں اور کہتا ہے نیک بات اور اپنی طرف سے جوڑتا ہے نیک بات ق اور زیادہ کیا مسلم نے کہا

أَسْمَعْهُ تَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يُرَخِّصُ فِي شَيْءٍ مِمَّا يَقُولُ النَّاسُ كَذِبٌ إِلَّا فِي ثَلٰثٍ الْحَرْبِ وَالْإِصْلَاحِ بَيْنَ

نہ سنا میں نے اسکو مراد لیتی تھی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو رخصت دیتے کسی چیز میں جسکو بولتے ہیں لوگ جھوٹھ مگر تین چیز میں جہاد میں اور ملاپ کروانے میں درمیان

النَّاسِ وَحَدِيثِ الرَّجُلِ امْرَأَتَهُ وَحَدِيثِ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا وَذُكِرَ حَدِيثُ جَابِرٍ إِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ أَيِسَ فِي بَابِ الْوَسْوَسَةِ

لوگوں کے اور بات مرد کی اپنی عورت کو اور بات عورت کی اپنے شوہر کو اور ذکر کی گئی حدیث جابر کی جسکے بیچ میں ہے مقرر شیطان ناامید ہوا وسوسہ کے باب میں

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيدَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ الْكَذِبُ إِلَّا فِي ثَلٰثٍ

دوسری فصل روایت ہے اسماء بنت یزید سے بولیں کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے نہیں حلال ہے جھوٹھ بولنا مگر تین جگہ

كذب الرجل امرأته ليرضيها والكذب في الحرب والكذب ليصلح بين الناس رواه احمد والترمذي وعن عائشة ان رسول

جھوٹھ بولنا مرد کا اپنی عورت کو تاکہ خوش کرے اسکو اور جھوٹھ بولنا جنگ میں اور جھوٹھ بولنا اس لئے کہ ملاپ کرے درمیان لوگوں کے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے عائشہ سے کہ رسول

الله صلى الله عليه وآله وسلم قال لا يكون لمسلم ان يهجر مسلما فوق ثلاثة فاذا لقيه سلم عليه ثلث مرات كل ذلك لا

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں لائق ہے کسی مسلمان کو چھوڑے مسلمان کو زیادہ تین دن سے پھر جب ملے اسے تو سلام کرے اسکو تین بار ہر بار

يرد عليه فقد باء باثمه رواه ابوداود وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا يحل لمسلم ان يهجر

جواب نہ دے اسکا تو تحقیق لے پھرا اپنے گناہ کو روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا حلال نہیں ہے کسی مسلمان کو

اخاه فوق ثلث فمن هجر فوق ثلث فمات دخل النار رواه احمد وابوداود وعن ابي خراش السلمي انه سمع رسول الله

اپنے بھائی کو زیادہ تین دن سے سو جسنے چھوڑا تین دن سے زیادہ پھر مرا تو داخل ہوگا دوزخ میں روایت کیا اسکو احمد اور ابوداود نے اور روایت ہے ابی خراش سلمی سے کہ اسنے سنا رسول

صلى الله عليه وآله وسلم يقول من هجر اخاه سنة فهو كسفك دمه رواه ابوداود وعن ابي هريرة قال قال رسول الله

صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے جسنے چھوڑا اپنے بھائی کو ایک برس سو وہ گویا اسکا خون بہاتا ہے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول

صلى الله عليه وسلم لا يحل لمؤمن ان يهجر مؤمنا فوق ثلث فان مرت به ثلث فليلقه فليسلم عليه فان رد عليه

صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں حلال ہے ایماندار کو چھوڑے مومن کو زیادہ تین رات سے پھر اگر گذر گئے اسپر تین دن تو چاہئے کہ ملے اس سے پس سلام کرے پھر اگر جواب

السلام فقد اشتركا في الاجر وان لم يرد عليه فقد باء بالاثم وخرج المسلم من الهجرة رواه ابوداود وعن ابي الدرداء

سلام کا تو دے دونوں شریک ہوے اجر میں اور اگر جواب نہ دیا پس تو لے پھرا گناہ اور نکل آیا سلام کرنے والا چھوڑنے کے گناہ سے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الا اخبركم بافضل من درجة الصيام والصدقة والصلوة قال قلنا بلى قال

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بھلا نہ بتلاؤں تمکو ایسا کام جو بہتر ہو درجے میں روزے اور صدقے اور نماز کے درجے سے کہا ابو الدرداء نے کہا ہم نے کہ ہاں فرمایا

اصلاح ذات البين وفساد ذات البين هي الحالقة رواه ابوداود والترمذي وقال هذا حديث صحيح وعن الزبير قال

اصلاح ذات البین کی اور فساد ذات البین کا وہ جڑ کاٹنے والی ہے روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث صحیح ہے اور روایت ہے زبیر سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم دب اليكم داء الامم قبلكم الحسد والبغضاء هي الحالقة لا اقول تحلق الشعر

کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے پیدا ہوئی تمکو بیماری اگلی امتوں کی حسد اور عداوت یہ جڑ کاٹنے والی ہے نہیں کہتا ہوں کہ مونڈتی ہے بال کو

ولكن تحلق الدين رواه احمد والترمذي وعن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال اياكم والحسد فان الحسد

لیکن جڑ کاٹتی ہے دین کی روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا بچو تم حسد سے کیونکہ حسد

يأكل الحسنات كما تأكل النار الحطب رواه ابوداود وعنه عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال اياكم وسوء ذات البين

کھاتا ہے نیکیوں کو جیسے کھاتی ہے آگ لکڑی کو روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے اسی سے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا بچو تم ذات البین کی بدی سے

فانها الحالقة رواه الترمذي وعن ابي صرمة ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال من ضار ضار الله به ومن شاق شاق الله

کیونکہ وہ جڑ کاٹنے والی ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی صرمہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو ضرر پہنچاوے کسی کو ضرر پہنچاویگا اسکو خدا اور جو مشقت میں ڈالے

عليه رواه ابن ماجة والترمذي وقال هذا حديث غريب وعن ابي بكر الصديق رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

اسکو روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی بکر صدیق رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے

ملعون من ضار مؤمنا او مكر به رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن ابن عمر قال صعد رسول الله صلى الله عليه
ملعون ہے وہ جو ضرر پہنچاوے مسلمان کو اور دغا کرے اس سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ چڑھے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ و

وسلم المنبر فنادى بصوت رفيع فقال يا معشر من اسلم بلسانه ولم يفض الايمان الى قلبه لا تؤذوا المسلمين ولا تعيروهم
سلم منبر پر پھر پکار دیا اونچی آواز سے پھر فرمایا اے گروہ اسلام لانے والے اپنی زبان سے اور نہ پہنچا ایمان ان کے دل میں ایذا نہ دو مسلمانوں کو اور ان کو نہ جھڑکو

ولا تتبعوا عوراتهم فانه من يتبع عورة اخيه المسلم يتبع الله عورته ومن يتبع الله عورته يفضحه ولو في
اور نہ ڈھونڈھو ان کے عیب کیونکہ جو ڈھونڈھے عیب اپنے بھائی مسلمان کا خدا ڈھونڈھتا ہے اسکے عیب کو اور جسکا عیب خدا ڈھونڈھتا ہے ذلیل کرتا ہے اسکو اگرچہ ہو

جوف رحله رواه الترمذي وعن سعيد بن زيد عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم ان من اربى الربوا الاستطالة في
وہ اپنے پوشیدہ جگہہ میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے سعید بن زید سے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے بیاجوں سے بہت بڑا بیاج زبان درازی کرنی

عرض المسلم بغير حق رواه ابو داود والبيهقي في شعب الايمان وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لما
مسلمان کے آبرو کی باب میں ناحق ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جب

عرج بي ربي مررت بقوم لهم اظفار من نحاس يخمشون وجوههم وصدورهم فقلت من هؤلاء يا جبرئيل قال هؤلاء
اوپر چڑھوایا مجھے میرے رب نے تو گذر کیا میں نے ایک قوم پر کہ ان کے ناخن تھے تانبے کے نوچتے تھے اپنے منہہ اور سینوں کو تب کہا میں نے کون ہیں یہ لوگ اے جبرئیل کہا یہ

الذين يأكلون لحوم الناس ويقعون في اعراضهم رواه ابو داود وعن المستورد عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم من
وے ہیں جو کھاتے ہیں گوشت آدمیوں کے اور گراتے لوگوں کی آبرو میں روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے مستورد سے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جسنے

اكل برجل مسلم اكلة فان الله يطعمه مثلها من جهنم ومن كسي ثوبا برجل مسلم فان الله يكسوه مثله من جهنم ومن
کھایا کسی مرد مسلمان کے سبب ایک لقمہ تو کھلاوے گا اسکو خدا مثل اسکے لقمہ دوزخ کا اور جو کوئی پہنے کپڑا بسبب کسی مسلمان کے تو پہناوے گا اسکو خدا مثل اسکے کپڑا دوزخ کا اور

قام برجل مقام سمعة ورياء فان الله يقوم له مقام سمعة ورياء يوم القيمة رواه ابو داود وعن ابي هريرة قال قال
کھڑا ہوا ایک مرد کے لئے مقام میں سنانے اور دکھانے کے تو خدا کھڑا ہوگا اسکے لئے مقام میں سنانے اور دکھانے کے قیامت کے دن روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم حسن الظن من حسن العبادة رواه ابو داود وعن عائشة رض قالت اعتل بعير لصفية
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نیک گمان بھلی عبادت سے ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے عائشہ رض سے بولیں کہ بیمار ہوا اونٹ صفیہ کا

وعند زينب فضل ظهر فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لزينب اعطيها بعيرا فقالت انا اعطي تلك اليهودية
حالانکہ تھی زینب پاس زیادتی سواری کی تب فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے زینب کو دے دے صفیہ کو اونٹ تب بولیں کہ میں دونگی اس یہودی عورت کو

فغضب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فهجرها ذا الحجة والمحرم وبعض صفر رواه ابو داود وذكر حديث معاذ
سو غصے میں آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور الگ کیا زینب کو مہینہ ذی الحجہ اور محرم کا اور کچھ دن صفر کے مہینے کے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور ذکر کی گئی حدیث معاذ

بن انس من حمى مؤمنا في باب الشفقة والرحمة **الفصل الثالث** عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رأى عيسى
بن انس کی جسکے سر میں لفظ من حمی مومنا کا ہے باب الشفقة والرحمة میں فصل تیسری روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا عیسے

بن مريم رجلا يسرق فقال له سرقت قال كلا والذي لا اله الا هو فقال عيسى امنت بالله وكذبت نفسي رواه مسلم
بن مریم نے ایک مرد کو جو چراتا تھا تو فرمایا اسکو تو نے چرایا کہا نہیں قسم اسکی کہ نہیں ہے لائق بندگی کے مگر وہ فرمایا عیسے نے ایمان لایا میں خدا پر اور جھٹلایا اپنے نفس کو روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم كاد الفقر أن يكون كفرا وكاد الحسد أن يغلب القدر وعن جابر

اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قریب ہے کہ محتاجی پہنچاوے کفر کو اور قریب ہے کہ حسد غلبہ کرے تقدیر کو اور روایت ہے جابر سے

عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال من اعتذر إلى أخيه فلم يعذره أو لم يقبل عذره كان عليه مثل خطيئة صاحب

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا جو عذر خواہی کرے اپنے بھائی کے پاس پھر معذور نہ رکھے اسکو یا قبول نہ کرے اسکے عذر کو ہوتا ہے اوپر اسکے گناہ

مكس رواهما البيهقي في شعب الإيمان وقال المكاس العشار

باب الحذر والتأني في الأمور

الفصل الأول

عن أبي هريرة

عشر لینے والے کے۔ روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا صاحب مکس عشر لینے والا ہے۔ باب ہے پرہیز کرنے اور تامل کرنے کا بیچ کاموں کے۔ پہلی فصل۔ روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا يلدغ المؤمن من جحر واحد مرتين متفق عليه وعن ابن عباس رض

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کاٹا نہیں جاتا ایماندار ایک سوراخ سے دو بار۔ ق۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے

أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال لأشج عبد القيس إن فيك لخصلتين يحبهما الله ورسوله الحلم والأناة رواه مسلم

کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا عبد القیس کے سردار کو کہ مقرر تجھ میں دو خصلتیں ہیں جنکو دوست رکھتا ہے اللہ اور اسکا رسول حلم اور تامل۔ روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

عن سهل بن سعد الساعدي أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال الأناة من الله والعجلة من الشيطان

فصل دوسری۔ روایت ہے سہل بن سعد الساعدی سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تامل کرنا مرضی خدا کی ہے اور جلدبازی مراد شیطان کی ہے

رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وقد تكلم بعض أهل الحديث في عبد المهيمن بن عباس الراوي من قبل حفظه

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور مقرر باتیں کی ہیں بعض اہل حدیث نے عبد المہیمن بن عباس کے حق میں جو راوی ہے حفظ کی جہت سے

وعن أبي سعيد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا حليم إلا ذو عثرة ولا حكيم إلا ذو تجربة رواه

اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں ہے تامل کرنے والا مگر صاحب لغزش اور نہیں ہے حکیم مگر صاحب تجربہ۔ روایت کیا اسکو

أحمد والترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعن أنس أن رجلا قال للنبي صلى الله عليه وآله وسلم أوصني فقال خذ

احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہ ایک شخص نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وصیت کیجئے مجھے تب فرمایا اختیار کر

الأمر بالتدبير فإن رأيت في عاقبته خيرا فامضه وإن خفت غيا فامسك رواه في شرح السنة وعن مصعب بن

کام تدبیر سے پھر اگر دیکھے تو انجام میں اسکے بھلائی تو پورا کر اسکو اور اگر معلوم کرے تو گمراہی تو باز رہ اس سے۔ روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے مصعب بن

سعد عن أبيه قال الأعمش لا أعلمه إلا عن النبي صلى الله عليه وسلم قال التؤدة في كل شيء خير إلا في عمل الآخرة وعن

سعد سے اسنے اپنے باپ سے کہا اعمش نے نہیں جانتا ہوں اس حدیث کو مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا تامل ہر کام میں بہتر ہے مگر آخرت کے کام میں۔ اور روایت ہے

عبد الله بن سرجس أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال السمت الحسن والتؤدة والاقتصاد جزء من أربع وعشرين

عبد اللہ بن سرجس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا روش نیک اور تامل اور میانہ روی ایک جزء ہے جو بیس

جزءا من النبوة رواه الترمذي وعن ابن عباس أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال إن الهدي الصالح والسمت الصالح

جزء سے نبوت کے۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا راہ نیک اور روش نیک

والاقتصاد جزء من خمس وعشرين جزءا من النبوة رواه أبو داود وعن جابر بن عبد الله عن النبي صلى الله عليه وآله

اور میانہ روی ایک جزء ہے پچیس جزء سے پیغمبری کے۔ روایت کیا اسکو ابو داود نے۔ اور روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم قال اذا حدث الرجل الحديث ثم التفت فهي امانة رواه ابو داود وعن ابي هريرة قال ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال
وسلم سے کہ فرمایا جب کوئی آدمی بات کہے پھر غائب ہو گیا سو وہ امانت ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا

لابي الهيثم بن التيهان هل لك خادم قال لا فقال فاذا اتانا سبي فأتنا فأتي النبي صلى الله عليه وآله وسلم برأسين فأتاه ابو
ابی الہیثم بن تیہان کو بھلا ہے تیرا خادم کہا نہیں تب فرمایا سو جب آوے میرے پاس بندی تو آئیو میرے پاس پھر لائے گئے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس دو بندی سو حاضر ہوا

الهيثم فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم اختر منهما فقال يا نبي الله اختر لي فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان المستشار
الہیثم تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پسند کر لے ان دونوں میں سے تب کہا یا نبی اللہ آپ پسند کر دیویں مجھے تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جس سے مشورہ

مؤتمن خذ هذا فاني رأيته يصلي واستوص به معروفا رواه الترمذي وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
چاہیے کہ وہ امین ہو لے اسکو کیونکہ میں نے دیکھا اسکو نماز پڑھتے اور وصیت کرتا ہوں اسکے حق میں بھلائی کی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے

المجالس بالامانة الا ثلثة مجالس سفك دم حرام او فرج حرام او اقتطاع مال بغير حق رواه ابو داود وذكر حديث
مجلسیں ساتھ امانت کے ہیں مگر تین مجلسیں بہانا خون حرام کا یا شرمگاہ عورت حرام کی یا لے لینا مال ناحق سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور ذکر کی گئی حدیث

ابي سعيد ان اعظم الامانة في باب المباشرة في الفصل الاول الفصل الثالث عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وآله و
ابی سعید کی کہ مقرر بڑی امانت میں باب المباشرت کے پہلی فصل میں　فصل تیسری روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سلم لما خلق الله العقل قال له قم فقام ثم قال له ادبر فادبر ثم قال له اقبل فاقبل ثم قال له اقعد فقعد ثم قال له ما
سے جب پیدا کی خدا نے عقل کو فرمایا اسکو کھڑی ہو تو کھڑی ہو گئی پھر فرمایا اسکو پیٹھ پھیر تو پیٹھ پھیری پھر کہا اسکو کہ سامنے آ تو سامنے آئی پھر فرمایا اسکو بیٹھ

خلقت خلقا هو خير منك ولا افضل منك ولا احسن منك بك آخذ وبك اعطي وبك اعرف وبك اعاتب
پیدا کیا میں نے کسی مخلوق کو بہتر اور نہ افضل تجھ سے اور نہ اچھا تجھ سے تیرے سبب لیتا ہوں اور دیتا ہوں اور پہچانا جاتا ہوں اور غصہ کرتا ہوں

وبك الثواب وعليك العقاب وقد تكلم فيه بعض العلماء وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم
اور تیرے سبب ثواب دیتا ہوں اور تجھ پر ہی عذاب اور مقرر گفتگو کی ہے بعض علماء نے اس حدیث میں اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم

ان الرجل ليكون من اهل الصلوة والصوم والزكوة والحج والعمرة حتى ذكر سهام الخير كلها وما يجزى يوم القيمة
کہ مقرر آدمی البتہ ہوتا ہے نمازی اور روزہ دار اور زکوۃ دینے والا اور حج و عمرہ کرنے والا یہاں تک کہ ذکر کیا ساری نیکیوں کے حصے اور جزا دیا جائیگا قیامت کے دن

الا بقدر عقله وعن ابي ذر قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يا ابا ذر لا عقل كالتدبير ولا ورع
مگر اندازہ پر اسکی عقل کے اور روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ فرمایا مجھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یا ابا ذر نہیں کوئی عقل مثل تدبیر کے اور نہیں ہے ورع

كالكف ولا حسب كحسن الخلق وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الاقتصاد في النفقة نصف
مثل باز رہنے سے اور نہیں ہے حسب مانند نیک خلق کے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میانہ روی کرنا خرچ میں آدھی

المعيشة والتودد الى الناس نصف العقل وحسن السؤال نصف العلم روى البيهقي الاحاديث الاربعة في شعب الايمان
معیشت ہے اور دوستی اظہار کرنا لوگوں سے آدھی عقل ہے اور نیک سوال کرنا آدھا علم ہے روایت کیا　بیہقی نے ان چاروں حدیثوں کو شعب الایمان میں

باب الرفق والحياء وحسن الخلق الفصل الاول

عن عائشة رض ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ان الله رفيق
باب نرمی اور حیاء اور نیک خلق کا　پہلی فصل روایت ہے عائشہ رض سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا مقرر اللہ نرمی والا ہے

يُحِبُّ الرِّفْقَ وَيُعْطِي عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى الْعُنْفِ وَمَا لَا يُعْطِي عَلَى مَا سِوَاهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ قَالَ لِعَائِشَةَ

پسند کرتا ہے نرمی کو اور دیتا ہے نرمی پر جو نہیں دیتا ہے سختی پر اور جو نہیں دیتا ہے سوا اس کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور مسلم کی ایک روایت میں فرمایا عائشہ کو

عَلَيْكِ بِالرِّفْقِ وَإِيَّاكِ وَالْعُنْفَ وَالْفُحْشَ إِنَّ الرِّفْقَ لَا يَكُونُ فِي شَيْءٍ إِلَّا زَانَهُ وَلَا يُنْزَعُ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا شَانَهُ وَعَنْ جَرِيرٍ عَنِ

اختیار کر نرمی اور بچا اپنے کو سختی اور بدزبانی سے اسواسطے کہ نرمی نہو گی کسی چیز میں مگر نیک کر دیگی اس چیز کو اور نہیں کھینچ جاتی ہے نرمی کسی شے سے مگر بدکر دیتی ہے

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ

نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا جو شخص کہ بے نصیب ہوا نرمی سے وہ بے نصیب ہوا نیکی سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم گذرے

عَلَى رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَهُوَ يَعِظُ أَخَاهُ فِي الْحَيَاءِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُ فَإِنَّ الْحَيَاءَ مِنَ الْإِيمَانِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

ایک مرد انصاری پر اور وہ وعظ کرتا تھا اپنے بھائی کو حیا کے باب میں پس فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دے اسکو کیونکہ حیا ایمان سے ہے ٭ ق

وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَيَاءُ لَا يَأْتِي إِلَّا بِخَيْرٍ وَفِي رِوَايَةٍ الْحَيَاءُ خَيْرٌ كُلُّهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور روایت ہے عمران بن حصین سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حیا نہیں لاتی مگر نیکی اور ایک روایت میں ہے حیا سب قسم کی نیکی ہے ٭ ق ٭

وَعَنْ أَبِي مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِمَّا أَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْأُولَى إِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ

اور روایت ہے ابی مسعود سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے اگلی پیغمبری کے کلام سے جو لوگوں نے باتیں پائیں ہیں یہ ہے جب تجھکو شرم نہ رہے

فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ فَقَالَ

سو کر جو چاہے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے نواس بن سمعان سے کہا کہ پوچھا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو نیکی اور گناہ سے تب فرمایا

الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالْإِثْمُ مَا حَاكَ فِي صَدْرِكَ وَكَرِهْتَ أَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ

نیکی بھلی خو ہے اور گناہ جو گذرے دل میں تیرے اور برا جانے تو کہ واقف ہوں لوگ اسپر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ أَحَبِّكُمْ إِلَيَّ أَحْسَنَكُمْ أَخْلَاقًا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ تم سے زیادہ پیارا مجھکو جو اچھا ہو تم میں اخلاق میں روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی

عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ خِيَارِكُمْ أَحْسَنَكُمْ أَخْلَاقًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

الفصل الثانی

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

علیہ والہ وسلم نے اچھوں سے تمہارے وہ ہے جو بھلا ہو اخلاق میں ٭ ق ٭ دوسری فصل روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ مَنْ أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمَنْ حُرِمَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ حُرِمَ حَظَّهُ مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا

وسلم نے جسکو ملا حصہ نرمی کا ملا اسکو حصہ دنیا اور آخرت کی خیر کا اور جو بے نصیب رہا نرمی کے حصے سے تو بے نصیب رہا دنیا

وَالْآخِرَةِ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَيَاءُ مِنَ الْإِيمَانِ وَالْإِيمَانُ فِي الْجَنَّةِ وَالْبَذَاءُ

اور آخرت نیکی سے روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حیا ایمان سے ہے اور ایمان جنت میں ہے اور بدزبانی

مِنَ الْجَفَاءِ وَالْجَفَاءُ فِي النَّارِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنْ رَجُلٍ مِنْ مُزَيْنَةَ قَالَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا خَيْرُ مَا أُعْطِيَ الْإِنْسَانُ

سختی سے ہے اور بدی والا آگ میں ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے مزینہ کے ایک مرد سے کہا کہ صحابہ نے کہا یا رسول اللہ کونسی صفت بہت اچھی عطا ہوئی

قَالَ الْخُلُقُ الْحَسَنُ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَفِي شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ وَعَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ

فرمایا خلق نیک ہے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور شرح سنت میں اسامہ بن شریک سے اور روایت ہے حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا يدخل الجنة الجواظ ولا الجعظري قال والجواظ الغليظ الفظ رواه أبو داود

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نہیں داخل ہوگا جنت میں جواظ اور نہ جعظری کہا اور جواظ سخت گو ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے

في سننه والبيهقي في شعب الإيمان وصاحب جامع الأصول فيه عن حارثة وكذا في شرح السنة عنه ولفظه قال لا يدخل

اپنے سنن میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور صاحب جامع الاصول نے جامع الاصول میں حارثہ سے اور اسی طرح ہے شرح سنت میں حارثہ سے اور لفظ اسکا فرمایا نہ داخل ہوگا

الجنة الجواظ الجعظري يقال الجعظري الفظ الغليظ وفي نسخ المصابيح عن عكرمة بن وهب ولفظه قال والجواظ الذي

بہشت میں جواظ جعظری کہا جاتا ہے جعظری سخت گو اور نسخ مصابیح میں عکرمہ بن وہب سے ہے اور لفظ اسکا یہہ ہی کہا اور جواظ

جمع ومنع والجعظري الغليظ الفظ وعن أبي الدرداء عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال إن أثقل شيء يوضع في ميزان

مال دار بخیل ہے اور جعظری سخت گو اور روایت ہے ابی الدرداء سے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا بہت بھاری چیز جو رکھی جاویگی ترازو میں

المؤمن يوم القيامة خلق حسن وإن الله يبغض الفاحش البذي رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح وروى أبو داود

ایماندار کی قیامت کے دن اچھی خصلت ہے اور مقرر اللہ دشمن رکھتا ہے گالی دینے والے بیہودہ بکنے والے کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کیا ابو داود نے

الفصل الأول وعن عائشة قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول إن المؤمن ليدرك بحسن خلقه

پہلی فصل کو اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے کہ ایماندار البتہ پاتا ہے بھلی خو کی سبب سے

درجة قائم الليل وصائم النهار رواه أبو داود وعن أبي ذر قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اتق الله حيث

درجہ تہجد گذار اور روزہ دار کا روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ فرمایا مجھکو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ڈر اللہ سے جہاں

ما كنت وأتبع السيئة الحسنة تمحها وخالق الناس بخلق حسن رواه أحمد والترمذي والدارمي وعن عبد الله بن مسعود

کہیں کہ ہو تو اور تابع کر بدی کے نیکی کو کہ مٹا دیگی بدی کو اور معاملہ کر لوگوں سے نیک خوی کا روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ألا أخبركم بمن يحرم على النار ومن تحرم النار عليه على كل هين لين قريب سهل رواه أحمد

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بھلا نہ خبر دوں تم کو کون حرام ہے آگ پر اور کسپر حرام ہے آگ اوپر ہر آہستہ چلنے والے نرمی کرنے والے اور نزدیک ہونے والے کے روایت کیا اسکو احمد

والترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال المؤمن غر كريم والفاجر خب

اور ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا ایمان دار فریب کھانے والا کریم ہے اور بدکار

لئيم رواه أحمد والترمذي وأبو داود وعن مكحول قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم المؤمنون هينون

بخیل کمینہ ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داود نے اور روایت ہے مکحول سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ایماندار نرمی کرنے والے

لينون كالجمل الأنف إن قيد انقاد وإن أنيخ على صخرة استناخ رواه الترمذي مرسلا وعن ابن عمر عن النبي صلى الله

فرمانبردار ہیں جیسا کہ اونٹ مہار دیا ہوا اگر کھینچا جاوے تو چلے اور اگر بٹھلایا جاوے کسی پتھر پر تو بیٹھے روایت کیا اسکو ترمذی نے مرسل اور روایت ہے ابن عمر سے نبی صلی

عليه وآله وسلم قال المسلم الذي يخالط الناس ويصبر على أذاهم أفضل من الذي لا يخالطهم ولا يصبر على أذاهم رواه

علیہ والہ وسلم سے فرمایا کہ مسلمان وہ ہے جو ملتا ہے لوگوں سے اور صبر کرتا ہے انکی اذیت پر بہتر اس سے جو نہیں ملتا ان سے اور نہ صبر کرتا انکی اذیت پر روایت کیا اسکو ترمذی

الترمذي وابن ماجه وعن سهل بن معاذ عن أبيه أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال من كظم غيظا وهو يقدر على أن ينفذه دعاه الله

اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے سہل بن معاذ سے اسنے اپنے باپ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو پی جاتا ہے غصہ حالانکہ قادر ہے اسکے بدلا لینے پر پکاریگا اسکو خدا

على رؤس الخلائق يوم القيمة حتى يخيره في اي الحور شاء رواه الترمذي وابو داود وقال الترمذي هذا حديث غريب

روبرو خلق اللہ کے قیامت کے دن یہانتک کہ اختیار دیگا اسکو جونسی حور چاہے لے جاویگا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے

وفي رواية لابي داود عن سويد بن وهب عن رجل من ابناء اصحاب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عن ابيه قال

اور ابی داؤد کی ایک روایت میں سوید بن وہب سے ایک مرد سے جو اولاد سے اصحاب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تھا نقل اپنے باپ سے کہ فرمایا حضرت نے

ملأ الله قلبه امنا وايمانا وذكر حديث سويد بن وهب من ترك لبس ثوب جمال في كتاب اللباس

بھر دیگا اللہ دل کو اسکے امن اور ایمان سے اور ذکر کی گئی حدیث سوید بن وہب کی کہ جس شخص نے چھوڑا پہننا اچھے کپڑے کا کتاب اللباس میں

الفصل الثالث

عن زيد بن طلحة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان لكل دين خلقا وخلق الاسلام الحياء

تیسری فصل روایت ہے زید بن طلحہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ ہر دین کی ایک خصلت ہے اور خصلت اسلام کی حیا ہے

رواه مالك مرسلا ورواه ابن ماجة والبيهقي في شعب الايمان عن انس وابن عباس وعن ابن عمر ان النبي صلى الله عليه

روایت کیا اسکو مالک نے مرسل اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں انس اور ابن عباس سے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ

وآله وسلم قال ان الحياء والايمان قرناء جميعا فاذا رفع احدهما رفع الآخر وفي رواية ابن عباس فاذا سلب احدهما تبعه

وآلہ وسلم نے فرمایا کہ حیا اور ایمان دونوں ایک ساتھ ہیں سو جب اٹھایا جاتا ہے ایک انکا اٹھایا جاتا ہے دوسرا اور ابن عباس کی روایت میں سو جب لیا جاتا ہے ایک

الآخر رواه البيهقي في شعب الايمان وعن معاذ قال كان آخر ما وصاني به رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم حين وضعت

دوسرا بھی لیا جاتا ہے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے معاذ سے کہا تھی آخر وصیت میری جو کی تھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب رکھا میں نے

رجلي في الغرز ان قال يا معاذ احسن خلقك للناس رواه مالك وعن مالك بلغه ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال

پاؤں اپنا رکاب میں فرمایا اے معاذ بھلی کر خصلت اپنی لوگوں کے لئے روایت کیا اسکو مالک نے اور روایت ہے مالک سے پہنچا اسکو کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

بعثت لاتمم حسن الاخلاق رواه في الموطا ورواه احمد عن ابي هريرة وعن جعفر بن محمد عن ابيه قال كان رسول الله

بھیجا گیا ہوں کہ تمام کروں بیان بھلی خصلتوں کا روایت کیا اسکو موطا میں اور روایت کیا اسکو احمد نے ابی ہریرہ سے اور روایت ہے جعفر بن محمد سے اسنے اپنے باپ سے کہا تھے پیغمبر خدا

صلى الله عليه وآله وسلم اذا نظر في المرآة قال الحمد لله الذي حسن خلقي وخلقي وزان مني ما شان من غيري رواه

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نظر کرتے آئینہ میں فرماتے سب خوبی اللہ ہی کو ہے جسنے اچھی بنائی صورت میری اور خلق میرا اور دور کیا مجھ سے عیب جو لگا دیا ہے غیر کو روایت کیا اسکو

البيهقي في شعب الايمان مرسلا وعن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول اللهم حسنت خلقي

بیہقی نے شعب الایمان میں مرسل اور روایت ہے عائشہ سے کہ تھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے اے خدا نیک کی تو نے صورت میری

فاحسن خلقي رواه احمد وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الا انبئكم بخياركم قالوا بلى

سو نیک کر خو میری روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھلا نہ بتلاؤں تمکو کون بہت اچھا تم میں سے ہے بولے

يا رسول الله قال خياركم اطولكم اعمارا واحسنكم اخلاقا رواه احمد وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

یا رسول اللہ فرمایا بہت اچھا تم میں سے جسکی بڑی عمر ہو اور بہت اچھا ہو تم میں سے اخلاق میں روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

اكمل المؤمنين ايمانا احسنهم خلقا رواه ابو داود والدارمي وعنه ان رجلا شتم ابا بكر والنبي صلى الله عليه وآله وسلم

بہت کامل ایمان میں وہ ہے جو بہتر ہو ان سب سے خلق میں روایت کیا اسکو ابو داؤد اور دارمی نے اور روایت ہے اسی سے کہ ایک شخص نے گالی دی ابا بکر کو حالانکہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جالس يتعجب ويتبسم فلما أكثر رد عليه بعض قوله فغضب النبي صلى الله عليه وآله وسلم وقام فلحقه أبو بكر وقال يا رسول الله كان يشتمني

بیٹھے کر تعجب کرتے تھے اور مسکراتے تھے پھر جب بہت سی گالیاں دیں ابوبکر نے جواب دیا تو غصے ہوئے آپ اور کھڑے ہوئے تب گیا ابوبکر حضرت پاس اور کہا یا رسول اللہ

وأنت جالس فلما رددت عليه بعض قوله غضبت وقمت قال كان معك ملك يرد عليه فلما رددت عليه وقع الشيطان

آپ بیٹھے تھے پھر جواب دیا میں نے اس کے بعض بات کا تو آپ غصے ہو کر اٹھ کھڑے ہوئے فرمایا تھا ساتھ تیرے فرشتہ جواب دیتا تھا پھر جب تو نے جواب دیا تو شیطان آیا

ثم قال يا أبا بكر ثلاث كلهن حق ما من عبد ظلم بمظلمة فيغضي عنها لله عز وجل إلا أعز الله بها نصره وما فتح

پھر فرمایا ابا بکر تین خصلتیں سب حق ہیں نہیں کوئی بندہ جس پر ظلم کیا جاوے پھر چشم پوشی کرے اس سے واسطے اللہ عز وجل کے مگر عزت دیتا ہے خدا اس سبب سے فتح اسکی اور نہیں کھولتا

رجل باب عطية يريد بها صلة إلا زاد الله بها كثرة وما فتح رجل باب مسألة يريد بها كثرة إلا زاد الله بها قلة رواه أحمد

مرد دروازہ دہش کا چاہتا ہے اس سے احسان مگر زیادہ کرتا ہے اللہ سبب اسکے برکت اور نہیں کھولتا مرد دروازہ سوال کا چاہتا ہے اس سے کثرت مگر زیادہ کرتا ہے خدا سبب اسکے کمی

وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا يريد الله بأهل بيت رفقا إلا نفعهم ولا يحرمهم إياه

اور روایت ہے عائشہ رضی سے بولیں کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں چاہتا ہے خدا گھر والوں کے ساتھ نرمی مگر نفع بخشتا انکو اور نہیں نصیب ان کو نرمی

إلا ضرهم رواه البيهقي في شعب الإيمان

مگر ضرر پہنچاتا ہے انکو روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں

باب الغضب والكبر

الفصل الأول

عن أبي هريرة أن رجلا قال للنبي صلى الله عليه وآله وسلم أوصني قال لا تغضب فردد ذلك مرارا قال لا تغضب رواه البخاري

باب غصہ اور کبر کا۔ فصل پہلی۔ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ ایک شخص نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کچھ نصیحت کیجئے مجھکو فرمایا غصہ نکر پھر کئی مرتبے کہا اسنے اس بات کو تو بھی فرمایا غصہ نکر روایت کیا اسکو بخاری نے

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ليس الشديد بالصرعة إنما الشديد من يملك نفسه عند الغضب متفق عليه

اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں ہے پہلوان جو لوگوں کو پچھاڑے پہلوان تو وہ ہے جو اپنی جان پر قابو رکھے وقت غصے کے۔ ق

وعن حارثة بن وهب قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ألا أخبركم بأهل الجنة كل ضعيف متضعف لو أقسم على الله لأبره ألا أخبركم بأهل النار كل عتل جواظ مستكبر متفق عليه وفي رواية لمسلم كل جواظ زنيم متكبر

اور روایت ہے حارثہ بن وہب سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاں تمکو بہشتی لوگ بتلاؤں جو غریب ہے لوگوں کی نظر میں حقیر اگر وہ قسم کھا بیٹھے خدا پر تو اسکو سچا کر دیوے ہاں دوزخی لوگ جو بدخو ہیں حرام خور گھمنڈ والے۔ ق۔ اور مسلم کی ایک روایت میں ہے حرام خور حرام زادہ تکبر والا

وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا يدخل النار أحد في قلبه مثقال حبة من خردل من إيمان ولا يدخل الجنة أحد في قلبه مثقال حبة من خردل من كبر رواه مسلم

اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ داخل ہوگا آگ میں کوئی کہ جس کے دل میں برابر دانہ رائی کے بھی ایمان ہوگا اور نہ داخل ہوگا بہشت میں کوئی ایک جسکے دل میں برابر دانے رائی کے بھی کبر ہوگا روایت کیا اسکو مسلم نے

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا يدخل الجنة من كان في قلبه مثقال ذرة من كبر فقال رجل إن الرجل يحب أن يكون ثوبه حسنا ونعله حسنا قال إن الله جميل يحب الجمال الكبر بطر الحق وغمط الناس رواه مسلم

اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ داخل ہوگا بہشت میں وہ شخص کہ جسکے دل میں ایک ذرہ برابر بھی کبر ہوگا تب کہا ایک مرد نے کہ مرد دوست رکھتا ہے کہ ہو کپڑا اسکا اچھا اور جوتی اسکی اچھی فرمایا کہ اللہ جمیل ہے دوست رکھتا ہے جمال کو غرور باطل کرنا ہے حق بات کو اور حقیر جاننا لوگوں کو روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ثلاثة لا يكلمهم الله يوم القيامة

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ تین شخص ہیں جن سے خدا کلام نکریگا قیامت کے دن

ولا یزکیہم وفی روایۃ ولا ینظر الیہم ولہم عذاب الیم شیخ زان وملک کذاب وعائل مستکبر رواہ مسلم وعنہ قال قال
اور نہ انکو پاک کریگا اور ایک روایت میں ہے اور نہ انکو رحمت کی نظر سے دیکھیگا اور انکو دکھ کی مار ہوگی بوڑھا حرام کار اور دوسرا جو بادشاہ جھوٹا اور تیسرا محتاج مغرور روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اللہ تعالی الکبریاء ردائی والعظمۃ ازاری فمن نازعنی واحدا منہما ادخلتہ النار وفی روایۃ
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی نے کبریا چادر میری اور عظمت ازار میری ہے سو جو کوئی شریک بنا چاہے مجھ سے ایک میں ان دونوں میں سے تو داخل کرونگا اسکو اور ایک روایت میں ہے

قذفتہ فی النار رواہ مسلم

الفصل الثانی

عن سلمۃ بن الاکوع قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم لا یزال الرجل
ڈالونگا اسے آگ میں روایت کیا اسکو مسلم نے دوسری فصل روایت ہے سلمہ بن الاکوع سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مرد ہمیشہ

یذہب بنفسہ حتی یکتب فی الجبارین فیصیبہ ما اصابہم رواہ الترمذی وعن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ عن
لیجاتا اپنے نفس کو بڑائی کی طرف یہاں تک کہ لکھا جاتا ہے وہ متکبروں میں پھر پہنچتا ہے اسکو جو پہنچتا ہے ان کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم قال یحشر المتکبرون امثال الذر یوم القیامۃ فی صور الرجال یغشاہم الذل من کل مکان
پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا اٹھائے جائینگے تکبر والے جیسے کہ چھوٹی چونٹیاں قیامت کے دن مردوں کی صورتوں میں ڈھانپ لیگی ان کو خواری ہر جگہ سے

یساقون الی سجن فی جہنم یسمی بولس تعلوہم نار الانیار ویسقون من عصارۃ اہل النار طینۃ الخبال رواہ الترمذی وعن
ہانکے جاینگے طرف قید خانہ کے جو دوزخ میں ہے جسکا نام بولس ہے پکڑیگی ان کو آگ آگوں کی اور پلائے جاوینگے زرد پانی دوزخیوں کے طینۃ الخبال سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

عطیۃ بن عروۃ السعدی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم ان الغضب من الشیطان وان الشیطان خلق من النار
عطیہ بن عروہ السعدی سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ غصہ کرنا شیطان سے ہے اور مقرر شیطان بنا آگ سے

وانما تطفأ النار بالماء فاذا غضب احدکم فلیتوضأ رواہ ابوداود وعن ابی ذر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
اور بس بجھائی جاتی ہے آگ پانی سے سو جب غصے میں آوے کوئی تمہارا تو چاہئے کہ وضو کرے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ابی ذر سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے

قال اذا غضب احدکم وہو قائم فلیجلس فان ذہب عنہ الغضب والا فلیضطجع رواہ احمد والترمذی وعن اسماء بنت
فرمایا جب غصے میں آوے کوئی تمہارا اور حال یہ کہ وہ کھڑا ہے تو چاہئے کہ بیٹھے پھر اگر جاتا رہا اس سے غصہ اور نہیں تو لیٹے پہلو کے بل روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے

عمیس قالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم یقول بئس العبد عبد تخیل واختال ونسی الکبیر المتعال بئس العبد
عمیس سے بولیں سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے برا بندہ ہے جو خیال کرے اپنے کو اچھا اور گھمنڈ کرے اور بھول جاوے بزرگ بلند قدر کو برا ہے بندہ

عبد تجبر واعتدی ونسی الجبار الاعلی بئس العبد عبد سہا ولہا ونسی المقابر والبلی بئس العبد عبد عتا وطغی ونسی
جسنے تکبر کیا اور حد سے گذر گیا اور بھول گیا متکبر حقیقی کو جو زیادہ بلند ہے برا ہے وہ بندہ جو بھولا اور غافل ہوا اور بھول گیا مقبروں کو اور پرانے ہونے کو اور برا ہے بندہ

المبتدا والمنتہی بئس العبد عبد یختل الدنیا بالدین بئس العبد عبد یختل الدین بالشبہات بئس العبد عبد
ابتدا حال اور انتہا کو برا ہے وہ بندہ جو فریب دیوے دنیا کو بدلے دین کے برا ہے وہ بندہ جو فریب دیوے دین کو شبہوں میں ڈالے برا ہے وہ بندہ جسکو

طمع یقودہ بئس العبد عبد ہوی یضلہ بئس العبد عبد رغب یذلہ رواہ الترمذی والبیہقی فی شعب الایمان وقالا
طمع کھینچتی ہے برا ہے وہ بندہ جسکو نفس کی خواہش بہکاتی ہے برا ہے وہ بندہ جسکو دنیا کی رغبت خوار کرتی ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا ان دونوں نے

لیس اسنادہ بالقوی وقال الترمذی ایضا ہذا حدیث غریب

الفصل الثالث

عن ابن عمر قال قال رسول اللہ
نہیں ہے اسناد اسکی قوی اور کہا ترمذی نے بھی یہ حدیث غریب ہے فصل تیسری روایت ہے ابن عمر سے کہا فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم ما تجرع عبد أفضل عند الله من جرعة غيظ يكظمها ابتغاء وجه الله رواه أحمد وعن ابن

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں کوئی گھونٹ بندے نے بہتر نزدیک خدا کے غصے کی گھونٹ سے جو پیتا ہے اسکو خدا کی رضامندی چاہکر روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابن

عباس في قوله تعالى ادفع بالتي هي أحسن قال الصبر عند الغضب والعفو عند الإساءة فإذا فعلوا عصمهم الله وخضع لهم عدوهم

عباس سے تفسیر میں قول حق سبحانہ تعالی کے جواب دے کہ اسے بہتر کہا صبر وقت غصے کے اور عفو نزدیک بدی پہنچانے کے پھر جب کریں انکو تو بچا لیگا انکو اللہ اور جھک جائیگا ان کے سامنے دشمن ان کا

كأنه ولي حميم قريب رواه البخاري تعليقا وعن بهز بن حكيم عن أبيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

جیسے دوست ہے ناتے والا قریب کا روایت کیا اسکو بخاری نے تعلیقا اور روایت ہے بہز بن حکیم سے باپ سے اسکے دادے سے اسکے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

إن الغضب ليفسد الإيمان كما يفسد الصبر العسل وعن عمر رض قال وهو على المنبر يا أيها الناس تواضعوا فإني سمعت رسول

غصہ بگاڑتا ہے ایمان کو جیسے بگاڑتا ہے ایلوا شہد کو اور روایت ہے عمر رض سے کہا حالانکہ وہ منبر پر خطبہ پڑھ رہے تھے اے لوگو خاکساری اختیار کرو کہ میں نے سنا رسول

الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول من تواضع لله رفعه الله فهو في نفسه صغير وفي أعين الناس عظيم ومن تكبر وضعه

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے جسنے خاکساری اختیار کی خدا کے لئے تو اونچا کرتا ہے خدا اسکو سو وہ اپنے من میں چھوٹا ہے اور لوگوں کی آنکھوں میں بڑا ہے اور جس نے تکبر کیا پست کرتا ہے اسکو

الله فهو في أعين الناس صغير وفي نفسه كبير حتى لهو أهون عليهم من كلب أو خنزير وعن أبي هريرة قال قال رسول الله

خدا سو وہ لوگوں کی آنکھوں میں چھوٹا ہے اور اپنے جی میں بڑا ہے یہاں تک کہ البتہ وہ بہت ذلیل ہے لوگوں پر کتے یا سور سے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول

صلى الله عليه وآله وسلم قال موسى يا رب من أعز عبادك عندك قال من إذا قدر غفر وعن أنس أن رسول الله صلى الله عليه

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا موسی نے اے رب بندوں سے تیرے کون زیادہ عزیز ہے نزدیک تیرے فرمایا وہ جب قدرت پاوے تو بخش دے اور روایت ہے انس سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ

وآله وسلم قال من خزن لسانه ستر الله عورته ومن كف غضبه كف الله عنه عذابه يوم القيامة ومن اعتذر إلى

وآلہ وسلم نے فرمایا جو کوئی نگاہ رکھے اپنی زبان کو تو چھپاتا ہے خدا اسکے عیب کو اور جو باز رکھے اپنے غصے کو تو باز رکھیگا اس سے خدا عذاب کو قیامت کے دن اور جو عذر کرے

الله قبل الله عذره وعن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ثلاث منجيات وثلاث مهلكات فأما المنجيات

اللہ کی طرف تو قبول کریگا اللہ اسکے عذر کو اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تین چیزیں ہیں نجات دینے والیاں اور تین ہیں ہلاک کرنے والیاں

فتقوى الله في السر والعلانية والقول بالحق في الرضا والسخط والقصد في الغنى والفقر وأما المهلكات فهوى متبع وشح

سو تقوی اللہ کا چھپے اور کھلے میں اور بولنا حق کو خوشی و ناخوشی میں اور میانہ روی تونگری و محتاجی میں اور مہلک جو ہیں سو خواہش جسکی پیروی کیجائے اور حرص جس کی

مطاع وإعجاب المرء بنفسه وهي أشدهن روى البيهقي الأحاديث الخمسة في شعب الإيمان

اطاعت کی جائے اور عجب کرنا اپنے نفس میں اور یہہ بہت سخت ہے ان سب سے روایت کیا بیہقی نے ان پانچوں حدیثوں کو شعب الایمان میں

باب الظلم الفصل الأول

باب ظلم کا فصل ا

عن ابن عمر أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال الظلم ظلمات يوم القيامة متفق عليه وعن أبي موسى قال قال رسول

پہلی روایت ہے ابن عمر سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ظلم اندھیریاں ہوگا قیامت کے دن ق ۔ اور روایت ہے ابی موسی سے کہا کہ فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم إن الله ليملي للظالم حتى إذا أخذه لم يفلته ثم قرأ وكذلك أخذ ربك إذا أخذ القرى وهي

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خدا ظالم کو فرصت دیتا ہے یہاں تک کہ جب پکڑتا ہے اسکو نہیں چھوڑتا پھر پڑھی آیت اور ایسی ہی ہے پکڑ تیرے رب کی جب پکڑتا ہے بستیوں کو

ظالمة الآية متفق عليه وعن ابن عمر أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم لما مر بالحجر قال لا تدخلوا مساكن الذين ظلموا أنفسهم

حالانکہ وہ ظالم ہیں پوری آیت تک ق ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب گذر گیا حجر پر فرمایا مت جاؤ ان کے مکانوں میں جن لوگوں نے اپنی جانوں پر ظلم

اگر یہہ ہو تو خلق بھی راضی اور ربّ بھی اور اگر یہہ نہیں تو نہ وہ نہ یہہ

إِلَّا أَنْ تَكُونُوا بَاكِينَ أَنْ يُصِيبَكُمْ مَا أَصَابَهُمْ ثُمَّ قَنَّعَ رَأْسَهُ وَأَسْرَعَ السَّيْرَ حَتّٰى اجْتَازَ الْوَادِيَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

مگر روتے ہوے کہ تم پر عذاب نہ پڑے جیسا ان پر عذاب پڑا پھر چھپالیا سر اپنا اور جلد چلے یہان تک نکل گئے اس میدان سے ق اور روایت ہی ابی ہریرہ سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهُ مَظْلَمَةٌ لِأَخِيهِ مِنْ عِرْضِهِ أَوْ شَيْءٍ فَلْيَتَحَلَّلْهُ مِنْهُ الْيَوْمَ قَبْلَ أَنْ لَا يَكُونَ

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جسپر ہو کچھ مظلمہ اپنے بھائی کا اسکی آبرو یا اور کسی چیز کا تو چاہئے کہ بخشا لیوے اس سے آج اس دن سے پہلے کہ نہ ہوگی

دِينَارٌ وَلَا دِرْهَمٌ إِنْ كَانَ لَهُ عَمَلٌ صَالِحٌ أُخِذَ مِنْهُ بِقَدْرِ مَظْلَمَتِهِ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ حَسَنَاتٌ أُخِذَ مِنْ سَيِّئَاتِ صَاحِبِهِ فَحُمِلَ

اشرفی اور نہ روپیا اگر ظالم کے پاس کچھ نیک کام ہوگا تو لیا جاویگا اس سے بقدر ظلم کے اور اگر نہ ہوینگے اسکے نیک کام تو لئے جاوینگے گناہ مظلوم کے پھر لادے جاوینگے

عَلَيْهِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَتَدْرُونَ مَا الْمُفْلِسُ قَالُوا الْمُفْلِسُ فِينَا مَنْ لَا دِرْهَمَ لَهُ

ظالم پر روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون ہے اصحاب نے کہا مفلس ہم میں وہ ہے جسکے پاس نہ درم ہو

وَلَا مَتَاعَ فَقَالَ إِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ أُمَّتِي مَنْ يَأْتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِصَلٰوةٍ وَصِيَامٍ وَزَكٰوةٍ وَيَأْتِي قَدْ شَتَمَ هٰذَا وَقَذَفَ هٰذَا وَأَكَلَ مَالَ

اور نہ اسباب فرمایا مفلس میری امت میں وہ ہے جو آوے قیامت کے دن نماز اور روزہ اور زکوۃ لیکر حالانکہ اسنے کسی کو گالی دی اور کسی کو عیب لگایا اور کسی کا مال کھایا

هٰذَا وَسَفَكَ دَمَ هٰذَا وَضَرَبَ هٰذَا فَيُعْطٰى هٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ وَهٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ فَإِنْ فَنِيَتْ حَسَنَاتُهُ قَبْلَ أَنْ يُقْضٰى

اور کسیکا خون بہایا اور کسی کو مارا سو دلایا جاویگا مظلوم کو اسکی نیکیوں سے اور دوسرے کو اسکی نیکیوں سے پھر اگر تمام ہوا اسکی نیکیاں پہلے فیصلہ کرنے کے

مَا عَلَيْهِ أُخِذَ مِنْ خَطَايَاهُمْ فَطُرِحَتْ عَلَيْهِ ثُمَّ طُرِحَ فِي النَّارِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

لئے جاوینگے گناہ ان مظلوموں کے پھر ڈالے جاوینگے اس ظالم پر پھر ڈالا جاویگا آگ میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے

لَتُؤَدُّنَّ الْحُقُوقَ إِلٰى أَهْلِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُقَادَ لِلشَّاةِ الْجَلْحَاءِ مِنَ الشَّاةِ الْقَرْنَاءِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَذُكِرَ حَدِيثُ جَابِرٍ اتَّقُوا الظُّلْمَ

دلاے جاوینگے حق حقداروں کو قیامت کے دن یہان تک کہ بدلا لیا جاویگا منڈی کا سینگدار بکری سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور ذکر کی گئی ہے حدیث جابر کی بچو ظلم سے

فِي بَابِ الْإِنْفَاقِ

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا تَكُونُوا إِمَّعَةً تَقُولُونَ إِنْ أَحْسَنَ النَّاسُ

باب الانفاق میں۔ فصل دوسری روایت ہے حذیفہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نہ ہو تم مرد ہر جائی کہ بولو اگر نیکی کریں لوگ ہم سے

أَحْسَنَّا وَإِنْ ظَلَمُوا ظَلَمْنَا وَلٰكِنْ وَطِّنُوا أَنْفُسَكُمْ إِنْ أَحْسَنَ النَّاسُ أَنْ تُحْسِنُوا وَإِنْ أَسَاؤُا فَلَا تَظْلِمُوا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ

نیکی کرینگے ہم ان سے اور اگر ظلم کریں ہم پر تو ہم ظلم کرینگے لیکن قرار دو اپنے دلوں کو اس پر کہ اگر نیکی کرینگے لوگ تم نیکی کرو ان سے اور اگر بدی پہنچاویں تو تم ظلم نکرو روایت کیا اسکو ترمذی نے

مُعَاوِيَةَ أَنَّهُ كَتَبَ إِلٰى عَائِشَةَ أَنِ اكْتُبِي إِلَيَّ كِتَابًا تُوصِينِي فِيهِ وَلَا تُكْثِرِي فَكَتَبَتْ سَلَامٌ عَلَيْكَ أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ

معاویہ سے کہ اسنے لکھا عائشہ کو یہہ کہ لکھو مجھے مکتوب کہ جس میں نصیحت ہو میری اور مختصر کرو سو لکھا عائشہ نے سلام ہی تجھ پر بہر صورت بعد اسکے سو سنا میں نے رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنِ الْتَمَسَ رِضَى اللّٰهِ بِسَخَطِ النَّاسِ كَفَاهُ اللّٰهُ مُؤْنَةَ النَّاسِ وَمَنِ الْتَمَسَ رِضَى النَّاسِ بِسَخَطِ

اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے جو کوئی ڈھونڈتا ہے خوشی خدا کی ساتھ ناخوشی لوگوں کے بس کرتا ہے خدا اسکو لوگوں کی گرانی سے اور جو شخص ڈھونڈے

اللّٰهِ وَكَلَهُ اللّٰهُ إِلَى النَّاسِ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ

اللہ کے چھوڑ دیتا ہے اسکو خدا لوگوں کی طرف اور سلام تجھ پر روایت کیا اسکو ترمذی نے فصل تیسری روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ جب اتری یہہ آیت جو لوگ کہ ایمان لائے اور نہ

يَلْبِسُوا إِيمَانَهُمْ بِظُلْمٍ شَقَّ ذٰلِكَ عَلٰى أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَيُّنَا لَمْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ فَقَالَ

ملائے اپنے ایمان کو ساتھ ظلم کے تو سخت آیا یہہ معنی اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور بولے یا رسول اللہ کون شخص ہے ہم سے جو ظلم نکیا ہو اپنی جان پر تب فرمایا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس ذلک انما هو الشرک الم تسمعوا قول لقمان لابنه یا بنی لا تشرک باللہ ان الشرک لظلم

رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نہیں ہے یہہ بس یہہ ظلم شرک ہے کیا نہ سنے ہو قول لقمان کا اپنے بیٹے کو کہ اے میرے بیٹے شریک نہ ٹھہرا اللہ کا بیشک شرک ظلم

عظیم وفی روایة لیس هو کما تظنون انما هو کما قال لقمان لابنه متفق علیه وعن ابی امامة ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم

بڑی ہے اور ایک روایت میں نہیں ہے مراد اس سے جو گمان کرتے ہو تم جیسا کہ کہا لقمان نے اپنے بیٹے کو متفق علیہ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے

قال من شر الناس منزلة یوم القیامة عبد اذهب آخرته بدنیا غیره رواه ابن ماجه وعن عائشة قالت قال رسول اللہ صلی اللہ

فرمایا بدترین آدمیوں سے مرتبے میں قیامت کے دن وہ بندہ ہے جو برباد کیا اپنی آخرت کو بسبب غیر کی دنیا کے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے عائشہ سے بولیں فرمایا رسول

علیه وآله وسلم الدواوین ثلثة دیوان لا یغفر اللہ الاشراک باللہ یقول اللہ عز وجل ان اللہ لا یغفر ان یشرک به و

علیہ والہ وسلم نے نامہ اعمال کے تین ہیں ایک وہ ہے جو نہ بخشیگا اللہ وہ شرک کرنا اللہ کے ساتھ ہے فرماتا ہے اللہ عزوجل تحقیق اللہ نہیں بخشتا ہے یہ کہ اسکا شریک کیا جاوے

دیوان لا یترکه اللہ تعالی ظلم العباد فیما بینهم حتی یقتص بعضهم من بعض ودیوان لا یعبأ اللہ به ظلم العباد فیما بینهم

دوسرا وہ ہے جو نہیں چھوڑیگا خدا اسکو وہ ظلم بندوں کا آپس میں یہاں تک کہ بدلا لیگا ایک دوسرے سے اور تیسرا وہ جو پروا نہیں کرتا خدا اسکا وہ ظلم بندوں کا

وبین اللہ فذلک الی اللہ ان شاء عذبه وان شاء تجاوز عنه وعن علی رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه واله وسلم

اور درمیان خدا کے سو سپرد اللہ کی طرف ہے اگر چاہے عذاب کرے اور اگر چاہے درگذر کرے اس سے اور روایت ہے علی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم

ایاک ودعوة المظلوم فانما یسأل اللہ حقه وان اللہ لا یمنع ذا حق حقه وعن اوس بن شرحبیل انه سمع رسول اللہ

بچو تم مظلوم کی دعا سے کیونکہ سوا اسکے نہیں کہ وہ مانگتا ہے خدا سے حق اپنا اور خدا نہیں منع کرتا ہے کسی حق والے کو اسکے حق سے اور روایت ہے اوس بن شرحبیل سے کہ اسنے سنا رسول اللہ

صلی اللہ علیه واله وسلم یقول من مشی مع ظالم لیقویه وهو یعلم انه ظالم فقد خرج من الاسلام وعن ابی هریرة انه سمع

صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے جو چلا ظالم کے ساتھ تاکہ مدد کرے اسکی حالانکہ جانتا ہو کہ وہ ظالم ہے تحقیق نکل گیا اسلام سے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ سنا

رجلا یقول ان الظالم لا یضر الا نفسه فقال ابو هریرة بلی واللہ حتی الحباری لتموت فی وکرها هزلا لظلم الظالم روی

ایک شخص کو کہتے کہ ظالم ضرر نہیں پہنچاتا مگر اپنی جان ہی کو پس کہا ابوہریرہ نے ہاں قسم خدا کی یہاں تک کہ حباری البتہ مرتا ہے اپنے آشیانہ میں لاغری سے سبب ظلم ظالم کے روایت کیا

البیهقی الاحادیث الاربعة فی شعب الایمان

باب الامر بالمعروف

الفصل الاول

عن ابی سعید الخدری عن

بیہقی نے ان چاروں حدیثوں کو شعب الایمان میں باب امر بالمعروف کا فصل پہلی روایت ہے ابی سعید خدری سے

رسول اللہ صلی اللہ علیه واله وسلم قال من رأی منکم منکرا فلیغیره بیده فان لم یستطع فبلسانه فان لم یستطع فبقلبه

رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کہ فرمایا حضرت نے جو تم لوگوں میں سے دیکھے خلاف شرع کو چاہیے کہ بگاڑ ڈالے اسکو اپنے ہاتھ سے پھر اگر طاقت نہ رکھتا ہو تو اپنی زبان سے پھر اگر طاقت نہ رکھتا ہو تو دل سے

وذلک اضعف الایمان رواه مسلم وعن النعمان بن بشیر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه واله وسلم مثل المدهن فی حدود

اور یہہ بہت سست ایمان ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مثل اسکی کہ سستی کرتا ہے حدود

اللہ والواقع فیها مثل قوم استهموا سفینة فصار بعضهم فی اسفلها وصار بعضهم فی اعلاها فکان الذی فی اسفلها

خدا کے اور جو گر پڑا ان حدوں میں اس قوم کی مثل ہے جنھوں نے جہاز میں اپنی اپنی جگہ ٹھہرا لیا سو بعضوں نے اسکا نیچا پایا اور بعضوں نے اوپر کا سو جو تلے رہا

یمرون بالماء علی الذین فی اعلاها فتأذوا به فاخذ فأسا فجعل ینقر اسفل السفینة فأتوه فقالوا ما لک قال تأذیتم بی ولا بد

گذرا پانی لینے کو اپنے اوپر والوں پر پھر اوپر والے اذیت کھینچے اس سبب سے پس لی اسنے کلہاڑی اور پھوڑنا شروع کیا تلے کو جہاز کے سو آئے اوپر والے اسکے پاس اور کہا کیا ہوا تجھکو

أَيْنَ الْمُنْكَرُ فَإِنْ أَخَذُوا عَلَى أَيْدِيهِمْ نَجَوْا وَنَجَّوْا أَنْفُسَهُمْ وَإِنْ تَرَكُوهُمْ أَهْلَكُوهُمْ وَأَهْلَكُوا أَنْفُسَهُمْ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

مجھکو پانی کہاں ہے پھر اگر پکڑ لیں ہاتھ اسکا بچالیں اسکو اور خود بھی بچیں اور اگر اسکو چھوڑ دیں ہلاک کریں اسکو اور آپ بھی ہلاک ہوں روایت کیا اسکو بخاری نے

وَعَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُجَاءُ بِالرَّجُلِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيُلْقٰى فِي النَّارِ فَتَنْدَلِقُ أَقْتَابُهُ فِي النَّارِ

اسامہ بن زید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے لایا جائیگا مرد قیامت کے دن سو ڈالا جائیگا دوزخ میں سو نکل پڑینگی آنتیں اسکی آگ میں

فَيَطْحَنُ فِيهَا كَطَحْنِ الْحِمَارِ بِرَحَاهُ فَيَجْتَمِعُ أَهْلُ النَّارِ عَلَيْهِ فَيَقُولُونَ أَيْ فُلَانُ مَا شَأْنُكَ أَلَيْسَ كُنْتَ تَأْمُرُنَا بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَانَا عَنِ

پھر پیسیگا ان میں جیسے کہ گدھا پیستا ہے چکی کے گرد تو جمع ہونگے دوزخی لوگ اس پر پھر کہینگے اے فلانے کیا حال ہے تیرا کیا نہ تھا تو ہمکو نیک کام کا حکم کرتا اور منع کرتا

الْمُنْكَرِ قَالَ كُنْتُ آمُرُكُمْ بِالْمَعْرُوفِ وَلَا آتِيهِ وَأَنْهَاكُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَآتِيهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ حُذَيْفَةَ أَنَّ

بد کام سے تو کہیگا میں بیشک تمکو بتلاتا تھا اور خود اسکو نہ کرتا تھا اور منع کرتا تھا تمکو بد کام سے ولیکن خود کرتا تھا متفق ہے فصل دوسری روایت ہے حذیفہ سے کہ

النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ أَوْ لَيُوشِكَنَّ اللهُ أَنْ يَبْعَثَ

نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اسکی کہ جان میری جسکے ہاتھ ہے البتہ بتلاؤگے تم بھلی بات اور منع کروگے بد کاموں سے یا نزدیک ہے کہ خدا بھیجے

عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِنْ عِنْدِهٖ ثُمَّ لَتَدْعُنَّهٗ وَلَا يُسْتَجَابُ لَكُمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

وَعَنِ الْعُرْسِ بْنِ عَمِيرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ

تم پر عذاب اپنے پاس سے پھر البتہ پکاروگے تم اسکو سو نہ سنیگا تمہارا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عرس بن عمیرہ سے نبی صلے اللہ علیہ و آلہ

وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا عُمِلَتِ الْخَطِيئَةُ فِي الْأَرْضِ مَنْ شَهِدَهَا فَكَرِهَهَا كَانَ كَمَنْ غَابَ عَنْهَا وَمَنْ غَابَ عَنْهَا فَرَضِيَهَا كَانَ كَمَنْ

وسلم سے فرمایا کہ جب کیا جاتا ہے گناہ زمین میں جسنے دیکھا اس گناہ کو پھر برا جانا تو ہے مثل اسکے جو غائب اس گناہ سے اور جو اس سے غائب ہے کر راضی ہے

شَهِدَهَا رَوَاهُ أَبُو دَاوٗدَ

وَعَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّكُمْ تَقْرَءُونَ هٰذِهِ الْآيَةَ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

دیکھنے والے کی مانند روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ابی بکر صدیق رضی سے اسنے کہا اے لوگو مقرر تم پڑھتے ہو اس آیت کو اے ایمان والو

عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ النَّاسَ إِذَا رَأَوْا

تم پر لازم ہے فکر اپنی جان کی تمہارا کچھ نہیں بگاڑتا جو کوئی بہکا جب تم ہو راہ پر کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے مقرر لوگ دیکھیں

مُنْكَرًا فَلَمْ يُغَيِّرُوهُ يُوشِكُ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللهُ بِعِقَابِهٖ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ وَالتِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهٗ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي دَاوٗدَ إِذَا رَأَوُا الظَّالِمَ فَلَمْ يَأْخُذُوا

خلاف شرع کو پھر نہ بگاڑ دیں اسکو نزدیک ہے کہ گھیرے اللہ اپنے عذاب میں ان سبھوں کو روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو ترمذی نے اور ابی داود کی ایک روایت میں

عَلَى يَدَيْهِ أَوْشَكَ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللهُ بِعِقَابٍ وَفِي أُخْرٰى لَهٗ مَا مِنْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيهِمْ بِالْمَعَاصِي ثُمَّ يَقْدِرُونَ عَلٰى أَنْ يُغَيِّرُوا ثُمَّ لَا

ہاتھ اسکا تو قریب ہے کہ اللہ گھیر لے ان سبھوں کو عذاب میں اور دوسری روایت میں نہیں ہے کوئی قوم کہ کئے جاویں درمیان ان کے گناہ پھر قدرت رکھتے ہوں بگاڑنے پر پھر نہ

يُغَيِّرُونَ إِلَّا يُوشِكُ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللهُ بِعِقَابٍ وَفِي أُخْرٰى لَهٗ مَا مِنْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيهِمْ بِالْمَعَاصِي هُمْ أَكْثَرُ مِمَّنْ يَعْمَلُهٗ

وَعَنْ جَرِيرِ بْنِ

بگاڑیں مگر قریب ہے کہ گھیرے ان سبھوں کو خدا عذاب میں اور ابوداود کی دوسری روایت میں ہے نہیں ہے کوئی قوم کہ جن کے درمیان ہو گناہ جانا کہ وے اکثر ہوں گناہ کرنے والوں سے اور روایت ہے جریر بن

عَبْدِ اللهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ رَجُلٍ يَكُونُ فِي قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيهِمْ بِالْمَعَاصِي يَقْدِرُونَ

عبداللہ سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے نہیں رہتا کوئی شخص کسی قوم میں جو کرتا ہو ان میں گناہ قدرت رکھتے ہوں

عَلٰى أَنْ يُغَيِّرُوا عَلَيْهِ وَلَا يُغَيِّرُونَ إِلَّا أَصَابَهُمُ اللهُ مِنْهُ بِعِقَابٍ قَبْلَ أَنْ يَمُوتُوا رَوَاهُ أَبُو دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَهْ

وَعَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ

کہ بگاڑ دیں اسکو اور نہ بگاڑیں مگر پہنچاتا ہے ان پر اللہ عذاب پہلے ان کے مرنے کے روایت کیا اسکو ابوداود اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ثعلبہ

فى قوله تعالى عليكم انفسكم لا يضركم من ضل اذا اهتديتم فقال اما والله لقد سألت عنها رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور الله تعالى كے قول ميں كه تم پر لازم ہے فكر اپنی جانوں كی تمہارا كچھ نہيں بگاڑتا جو كوئی بہكا جب تم ہو راه پر كہا سنتے رہو قسم خدا كی البته مقرر پوچھا ميں نے اس آيت سے رسول الله صلى الله عليه وسلم

فقال بل ائتمروا بالمعروف وتناهوا عن المنكر حتى اذا رأيت شحا مطاعا وهوى متبعا ودنيا مؤثرة واعجاب كل ذى رأى

پس فرمايا بلكه حكم كرو بھلی بات اور منع كرو بدكام سے يہاں تک كه جب ديكھے تو بخيلی كی تابعداری كی جاوے اور خواہش نفس كی متابعت ہو اور دنيا اختيار كی جاوے اور عجب كرنا ہر صاحب رائے كا

برأيه ورأيت امرا لا بد لك منه فعليك نفسك ودع امر العوام فان وراءكم ايام الصبر فمن صبر فيهن كان كمن قبض

اپنی رائے پر اور ديكھے تو ايسے امر كو كه ضرور ہو تجھے اسكی استعداد يعنی لازم پكڑ اپنی ذات كو اور چھوڑ دے كام كو عوام كے كيونكه آگے تمہارے دن ہيں صبر كے پس جو كوئی صبر كرے ان دنوں ميں ہوگا مانند اس شخص كے كه پكڑے

على الجمر للعامل فيهن اجر خمسين رجلا يعملون مثل عمله قالوا يا رسول الله اجر خمسين منهم قال اجر خمسين منكم

چنگاری واسطے عمل كرنے والے كے ان دنوں ميں اجر ہے پچاس مرد كا جو عمل كرتے ہيں مانند عمل اسكے صحابه نے كہا يا رسول الله مزدوری پچاس مرد كی جو ان ميں سے ہيں فرمايا اجر پچاس كا تم ميں سے

رواه الترمذى وابن ماجة وعن ابى سعيد الخدرى قال قام فينا رسول الله صلى الله عليه وسلم خطيبا بعد العصر

روايت كيا اسكو ترمذی اور ابن ماجه نے اور روايت ہے ابی سعيد خدری سے كہا كه كھڑے ہوئے ہم ميں پيغمبر خدا صلى الله عليه وآله وسلم خطبه سنانے كو بعد نماز عصر كے

فلم يدع شيئا يكون الى يوم القيمة الا ذكره حفظه من حفظه ونسيه من نسيه وكان فيما قال ان الدنيا حلوة خضرة وان

پھر نه چھوڑی كوئی چيز جو ہونے والی ہے قيامت تک مگر ذكر فرمايا اسكو ياد ركھا ياد ركھنے والا اور بھول گيا اسكو بھولنے والا اور تھی اس خطبے ميں جو فرمايا كه مقرر دنيا شيريں سبز ہے اور مقرر

الله مستخلفكم فيها فناظر كيف تعملون الا فاتقوا الدنيا واتقوا النساء وذكر ان لكل غادر لواء يوم القيمة

خدا خليفه كيا ہے تمكو اس ميں سو ديكھتا ہے كه كيونكر تم تصرف كرتے ہو سنتے رہو سو بچتے رہو دنيا سے اور بچتے رہو عورتوں سے اور ذكر كيا كه ہر عهد توڑنے والے كے ليے جھنڈا ہے قيامت كے دن

بقدر غدرته فى الدنيا ولا غدر اكبر من غدر امير العامة يغرز لواؤه عند استه قال ولا يمنعن احدا منكم هيبة

باندازے اسكے غدر كے دنيا ميں اور نہيں ہے كوئی غدر بڑا غدر سے امير عامه كے گاڑا جائيگا جھنڈا اسكا اسكی دبر پاس فرمايا اور نه باز ركھے كسی كو تمہارے ہيبت

الناس ان يقول بحق اذا علمه وفى رواية ان رأى منكرا ان يغيره فبكى ابو سعيد وقال قد رأيناه فمنعتنا هيبة الناس

لوگوں كی حق بولنے سے جب معلوم كيا حق كو اور ايک روايت ميں اگر ديكھے بدكام بگاڑنے سے اسكے پس رو پڑا ابو سعيد نے اور كہا مقرر ديكھا ہمنے بدكام كو سو باز ركھا ہمكو ڈر لوگوں كا

ان نتكلم فيه ثم قال الا ان بنى آدم خلقوا على طبقات شتى فمنهم من يولد مؤمنا ويحيى مؤمنا ويموت مؤمنا

كه بات كريں اسميں پھر كہا سنتے رہو مقرر بنی آدم ہيں كئی اقسام پر پھر كوئی انميں سے پيدا ہوتا ہے مومن اور زنده رہتا ہے مومن اور مرتا ہے مومن

ومنهم من يولد كافرا ويحيى كافرا ويموت كافرا ومنهم من يولد مؤمنا ويحيى مؤمنا ويموت كافرا ومنهم من

اور كوئی ان ميں سے پيدا ہوتا ہے كافر اور زنده رہتا ہے كافر اور مرتا ہے كافر اور كوئی ان ميں سے پيدا ہوتا ہے مومن اور زنده رہتا ہے مومن اور مرتا ہے كافر اور كوئی ان ميں سے

يولد كافرا ويحيى كافرا ويموت مؤمنا قال وذكر الغضب فمنهم من يكون سريع الغضب سريع الفيء

پيدا ہوتا ہے كافر اور زنده رہتا ہے كافر اور مرتا ہے مومن اور كہا راوی نے اور ذكر كيا غصے كا پھر بعضا آدمی جلد غصے ميں آتا ہے اور پھر جلد جاتا رہتا ہے

فاحداهما بالاخرى ومنهم من يكون بطىء الغضب بطىء الفيء فاحداهما بالاخرى وخياركم من يكون بطىء

سو ايک ان دونوں كا مقابل ہے دوسرے كے اور كسی كو دير ميں غصه آتا ہے اور دير ميں دفع ہوتا ہے سو ايک ان دونوں كا مقابل ہے دوسرے كا اور بہترين تمہارا وه ہے جو دير ميں

الغضب سريع الفيء وشراركم من يكون سريع الغضب بطىء الفيء قال اتقوا الغضب فانه جمرة على قلب ابن

غصے ميں آوے اور جلد دور كرے اور بدترين تمہارا وه ہے جو جلد غصے ميں آوے پھر غصه اسكا دير تک رہے سو فرمايا بچتے رہو غصے سے كيونكه وه ہے انگاره دل پر بنی

آدمَ ألا ترون إلى انتفاخ أوداجه وحمرة عينيه فمن أحس بشيء من ذلك فليضطجع وليتلبّد بالأرض قال وذكر

آدم کے بھلا نہیں دیکھتے ہو اسکی گردن کی رگیں پھولنے اور اسکی سرخی چشم کی طرف سو جو کوئی پاوے کچھ ایسا غصہ تو چاہیے کہ لیٹ جاوے پہلو پر اور چمٹ جاوے زمین سے کہا ابو سعید نے اور ذکر کیا

الدَّين فقال منكم من يكون حسن القضاء وإذا كان له أفحش في الطلب فإحداهما بالأخرى ومنهم من يكون

قرض کا سو فرمایا کوئی تم میں سے ہے نیک ادا کرنے والا اور جب ہو قرض اسکا دوسرے پر سو برا طلب کرنے والا ہے سو ایک ان دونو خصلتوں کا مقابل ہے دوسری کا اور کوئی تمہارا

سيّئ القضاء وإن كان له أجمل في الطلب فإحداهما بالأخرى وخياركم من إذا كان عليه الدَّين أحسن القضاء

برا ادا کرنے والا ہے اور اگر ہو اسکا قرض دوسرے پر تو نیک طلب کرنے میں سو ایک انکا مقابل ہے دوسری کا اور بہتر تمہارا وہ جب ہو اس پر قرض تو بھلی طرح سے ادا کرتا ہے

وإذا كان له أجمل في الطلب وشراركم من إذا كان عليه الدَّين أساء القضاء وإن كان له أفحش في الطلب

اور جب ہو قرض اسکا دوسرے پر تو بھلی طرح طلب کرتا ہے اور بدتر تمہارا وہ ہے کہ جب ہو اس پر قرض تو بری طرح سے ادا کرتا ہے اور اگر ہو قرض اسکا دوسرے پر بری طرح طلب کرتا ہے

حتى إذا كانت الشمس على رؤوس النخيل وأطراف الحيطان فقال أما إنه لم يبق من الدنيا فيما مضى منها إلا كما

یہاں تک کہ جب ہوا سورج درختِ خرمے پر اور کناروں پر دیوار کے تب فرمایا سنتے رہو نہ باقی رہا دنیا کے زمانے سے بلنسبت ان زمانوں کے جو گذرا مگر جب کہ

بقي من يومكم هذا فيما مضى منه رواه الترمذي وعن أبي البختري عن رجل من أصحاب النبي صلى الله عليه وآله

باقی رہا اس دن سے تمہارے بلنسبت اس زمانوں کے جو گذر رہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے بختری سے ایک مرد سے جو اصحاب سے ہے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ

وسلم قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لن يهلك الناس حتى يعذروا من أنفسهم رواه أبو داود وعن

وسلم کے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہرگز ہلاک نہ ہونگے لوگ یہاں تک کہ بہت ہو گناہ انکی ذات سے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے

عدي بن عدي الكندي قال حدثنا مولى لنا أنه سمع جدي يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله

عدی بن عدی الکندی سے کہا کہ حدیث سنائی مجھے میرے مولا نے کہ اسنے سنا میرے دادے سے کہ کہتا تھا سنا میں نے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ

وسلم يقول إن الله تعالى لا يعذب العامة بعمل الخاصة حتى يروا المنكر بين ظهرانيهم وهم قادرون على

وسلم کو فرماتے کہ مقرر خدا تعالے نہیں عذاب کرتا اکثر قوم کو بسبب عمل ان کے بعض کے یہاں تک کہ دیکھیں خلاف شرع کو روبرو اپنے حالانکہ قادر ہوں

أن ينكروه فلا ينكروه فإذا فعلوا ذلك عذب الله العامة والخاصة رواه في شرح السنة وعن عبد الله بن

اسکے بگاڑنے پر پھر نہ بگاڑیں اسکو سو جبکہ کریں ایسا تو عذاب کرے اللہ عوام و خواص کو روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے عبد اللہ بن

مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لما وقعت بنو إسرائيل في المعاصي نهتهم علماؤهم فلم ينتهوا

مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب گرے بنی اسرائیل گناہ میں تو منع کیا انکو ان کے علما نے سو باز نہ آئے

فجالسوهم في مجالسهم وآكلوهم وشاربوهم فضرب الله قلوب بعضهم ببعض فلعنهم على لسان داود وعيسى ابن مريم

تب بیٹھے ان کے ساتھ مجلسوں میں ان کے اور کھانے پینے لگے ان کے ساتھ تب ملا دیا اللہ نے بعض کے دل کو ساتھ بعض کے سو لعنت کی ان کو زبان پر داؤد اور عیسی بن مریم کے

ذلك بما عصوا وكانوا يعتدون قال فجلس رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وكان متكئا فقال لا والذي

یہ اس سے کہ بے حکم تھے اور حد پر نہ رہتے تھے ابن مسعود نے کہا پھر بیٹھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور تھے تکیہ مارے سو فرمایا نہیں قسم ہے اسکی

نفسي بيده حتى تأطروهم أطرا رواه الترمذي وأبو داود وفي روايته قال كلا والله لتأمرن بالمعروف

کہ جان میری جسکے ہاتھ ہے جب تک روکو انکو روکنا کر روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود نے اور ابو داود کی ایک روایت میں فرمایا کوئی نہیں قسم ہے خدا کی البتہ بتلاؤ گے بھلی بات

وتنهون عن المنكر ولتأخذن على يدي الظالم ولتأطرنه على الحق أطرا ولتقصرنه على الحق قصرا أو ليضربن الله

اور منع کرو گے برائی سے اور پکڑ لو گے دونوں ہاتھ ظالم کے اور جھکا دو گے اسکو حق کی طرف جھکانا اور ٹھہرا دو گے اسکو حق پر ٹھہرانا یا ملا دیگا خدا

بقلوب بعضكم على بعض ثم ليلعننكم كما لعنهم وعن أنس أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال رأيت

تمہارے بعض کے دل کو ساتھ بعض کے پھر لعنت کریگا تم پر جیسے لعنت کی ان پر اور روایت ہے انس سے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا دیکھا میں نے

ليلة أسري بي رجالا تقرض شفاههم بمقاريض من نار قلت من هؤلاء يا جبريل قال هؤلاء خطباء من أمتك يأمرون

معراج کی رات میں کتنے مردوں کو کترے جاتے تھے ہونٹ انکے آگ کی مقراضوں سے پوچھا میں نے کون ہیں یہ لوگ اے جبرئیل فرمایا یہ واعظ ہیں تیری امت کے بتلاتے تھے

الناس بالبر وينسون أنفسهم رواه في شرح السنة والبيهقي في شعب الإيمان وفي روايته قال خطباء من أمتك

لوگوں کو نیکی اور بھول جاتے تھے اپنی جان کو روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور بیہقی کی ایک روایت میں ہے کہا جبرئیل نے واعظ تیری امت کے

الذين يقولون ما لا يفعلون ويقرؤون كتاب الله ولا يعملون وعن عمار بن ياسر قال قال رسول الله صلى الله عليه

جو بولتے تھے منہ سے جو نہیں کرتے اور پڑھتے تھے کتاب اللہ کی اور عمل نہیں کرتے اور روایت ہے عمار بن یاسر سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وآله وسلم أنزلت المائدة من السماء خبزا ولحما وأمروا أن لا يخونوا ولا يدخروا لغد فخانوا وادخروا ورفعوا

والہ وسلم نے اترا خوان آسمان سے روٹی اور گوشت سے اور حکم ہوا ان پر کہ خیانت نہ کریں اور نہ رکھیں کل کے واسطے سو خیانت کی اور رکھا اور اٹھا رکھے

لغد فمسخوا قردة وخنازير رواه الترمذي

الفصل الثالث

عن عمر بن الخطاب رض قال قال رسول الله صلى الله عليه و

کل کے لئے سو صورتیں بدلی گئیں ان کی بندر اور سور کی روایت کیا اسکو ترمذی نے تیسری فصل روایت ہے عمر بن خطاب رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ و

آله وسلم إنه تصيب أمتي في آخر الزمان من سلطانهم شدائد ولا ينجو منه إلا رجل عرف دين الله فجاهد عليه

الہ وسلم نے کہ حال تو یہ ہے پہنچینگے میری امت میں آخر زمانے میں انکے بادشاہوں کی طرف سے سختیاں اور نجات نہ پایگا ان بلاؤں سے مگر مرد کہ پہچانا دین اللہ کا سو لڑا

بلسانه ويده وقلبه فذلك الذي سبقت له السوابق ورجل عرف دين الله فصدق به ورجل عرف

اپنی زبان اور ہاتھ اور دل سے سو وہ مرد ہے کہ جسکو پہلے پہنچ چکی ہیں نیکیاں اور وہ مرد ہے کہ پہچانا دین کو اللہ کے پھر سچا جانا اسکو اور وہ مرد کہ پہچانا

دين الله فسكت عليه فإن رأى من يعمل الخير أحبه عليه وإن رأى من يعمل بباطل أبغضه عليه فذلك ينجو على

دین کو اللہ کے پھر چپکا بیٹھا اسپر پھر اگر دیکھا کسیکو کہ کرتا ہے عمل نیک دوست رکھا اسکو اس سبب سے اور اگر دیکھا اسکو کہ کرتا ہے ناحق دشمن رکھا اسکو اس سبب سے سو یہ نجات

إبطانه كله وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أوحى الله عز وجل إلى جبريل عليه السلام أن

رکھے اپنے باطن کی تمامی کو اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے وحی بھیجی اللہ غالب بزرگ نے طرف جبرئیل علیہ السلام کے کہ

اقلب مدينة كذا وكذا بأهلها فقال يا رب إن فيهم عبدك فلانا لم يعصك طرفة عين قال فقال اقلبها عليه وعليهم

الٹ دے شہر الف ایسے کو ساتھ اسکے لوگوں کے تب کہا اے رب مقرر ان میں ایک بندہ ہے تیرا ایسے حکمی کی ہے تیری ایک پلک آنکھ کی فرمایا الٹ دے اسکو اسپر اور ان پر

فإن وجهه لم يتمعر في ساعة قط وعن أبي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إن الله عز وجل يسأل

کیونکہ چہرہ اسکا متغیر ہوا واسطے میرے ایک ساعت کبھی اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ اللہ غالب و بزرگ پوچھیگا

العبد يوم القيامة فيقول ما لك إذ رأيت المنكر فلم تنكره قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فيلقى حجته فيقول

بندے کو قیامت کے دن کیا ہوا تھا تجھکو جب دیکھا تو نے خلاف شرع کو تو برا جان کر نہ بگاڑ دیا اسکو فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر ڈالی جاویگی اسکے دل میں حجت تب کہیگا

یا رب خفت الناس ورجونك رواه البیهقی الاحادیث الثلثة فی شعب الایمان وعن ابی موسی الاشعری قال
اے رب ڈرا تھا میں لوگوں سے اور امید رکھا تھا تیری مغفرت کی روایت کیا بیہقی نے ان تینوں حدیثوں کو شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی موسی اشعری سے کہا کہ

قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم والذی نفس محمد بیده ان المعروف والمنکر خلیقتان تنصبان للناس یوم
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قسم ہے اسکی جان محمد کی جسکے ہاتھ ہے کہ بھلے کام اور برے کام دو مخلوق ہیں کہ کھڑی کی جاویں گی واسطے آدمیوں کی صورت پکڑ کے

القیامة فاما المعروف فیبشر اصحابه ویوعدهم الخیر واما المنکر فیقول الیکم الیکم وما یستطیعون له الا لزوما
قیامت کے سو بہر صورت نیک کام اچھا سو خوشخبری سنا دیگا اپنے صاحب کو اور وعدہ دیگا انکو نیکی کا اور بہر صورت برا کام سو کہیگا دور رہو تم دور رہو تم اور طاقت نہیں رکھیں گے

رواه احمد والبیهقی فی شعب الایمان

کتاب الرقاق

الفصل الاول

عن ابن عباس قال قال رسول الله صلی الله
روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں کتاب الرقاق پہلی فصل روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ

علیه وآله وسلم نعمتان مغبون فیهما کثیر من الناس الصحة والفراغ رواه البخاری وعن المستورد بن شداد
علیہ وآلہ وسلم نے دو نعمتیں ہیں جن میں اکثر لوگوں کو نقصان ہوتا ہے تندرستی اور خاطر جمعی روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے مستورد بن شداد سے

قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم یقول والله ما الدنیا فی الآخرة الا مثل ما یجعل احدکم اصبعه
کہا کہ سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے تھے قسم خدا کی نہیں دنیا مقابل آخرت کے مگر مانند اسکے جو ڈالتا ہے کوئی تمہارا انگلی اپنی

فی الیم فلینظر بم یرجع رواه مسلم وعن جابر ان رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم مر بجدی اسک میت
دریا میں سو چاہیے کہ دیکھے کس قدر لگی اسکی دریا سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گذر کیا ایک بکری کا بچہ مردہ چھوٹے کان والے پر

قال ایکم یحب ان هذا له بدرهم فقالوا ما نحب انه لنا بشیء قال فوالله الدنیا اهون علی الله من هذا
فرمایا تم میں سے کون چاہتا ہے کہ اسکو ملے یہہ ایک درم کے بدلے تو لوگوں نے کہا ہم نہیں چاہتے کہ یہہ ہمکو کسی چیز کے بدلے ملے فرمایا خدا کی قسم دنیا خدا کے نزدیک اس سے زیادہ ذلیل ہے

علیکم رواه مسلم وعن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم الدنیا سجن المؤمن وجنة الکافر
جو نزدیک تمہارے ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ دنیا ایماندار کا قید خانہ ہے اور بہشت ہے کافر کی

رواه مسلم وعن انس قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم ان الله لا یظلم مؤمنا حسنة یعطی بها فی الدنیا
روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقرر اللہ ظلم نہیں کرتا ہے مومن پر نیکی میں دیا جاتا ہے اسکے سبب سے دنیا میں

ویجزی بها فی الآخرة واما الکافر فیطعم بحسنات ما عمل بها لله فی الدنیا حتی اذا افضی الی الآخرة لم یکن له
ثواب دیا جاویگا اسکے سبب سے آخرت میں اور بہر صورت کافر سو کھلایا جاتا ہے سبب نیکی ان عملوں کے کہ کیا ہے جنکو اللہ کے لئے دنیا میں یہاں تک کہ جب چلا آخرت کو نہیں رہتی ہے اسکی

حسنة یجزی بها رواه مسلم وعن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم حجبت النار بالشهوات
کوئی نیکی جو اسکے سبب بدلا دیا جاوے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے روکی گئی دوزخ خواہش نفس سے

وحجبت الجنة بالمکاره متفق علیه الا عند مسلم حفت بدل حجبت وعنه قال قال رسول الله صلی الله علیه
اور بہشت مشقت سے متفق علیہ مگر نزدیک مسلم کے حفت ہے جگہہ میں حجبت کے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ

وآله وسلم تعس عبد الدینار وعبد الدرهم وعبد الخمیصة ان اعطی رضی وان لم یعط سخط تعس وانتکس واذا
وآلہ وسلم نے ہلاک ہو گیا بندہ اشرفی کا اور بندہ روپیہ کا اور بندہ سیاہ کمل دھاری دار کا اگر اسکو دیجئے تو راضی ہے اور اگر نہ دیجئے تو ناخوش ہو اوندھا گر اٹھا ہو اور جب

شِيكَ فَلَا انْتَقَشَ طُوبَى لِعَبْدٍ آخِذٍ بِعِنَانِ فَرَسِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَشْعَثَ رَأْسُهُ مُغْبَرَّةٍ قَدَمَاهُ إِنْ كَانَ فِي الْحِرَاسَةِ

اسکے پاؤں میں کانٹا چبھے تو نہ نکالے خوشی ہو بجو اس بندہ کو جو تھامنے اپنے گھوڑے کی باگ خدا کی راہ میں اسکے سر کے بال بکھرے اور اسکے دونوں قدم گرد میں بھرے اگر

كَانَ فِي الْحِرَاسَةِ وَإِنْ كَانَ فِي السَّاقَةِ كَانَ فِي السَّاقَةِ إِنِ اسْتَأْذَنَ لَمْ يُؤْذَنْ لَهُ وَإِنْ شَفَعَ لَمْ يُشَفَّعْ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ

تو چوکیداری میں رہے اور اگر رکھے اسکو لشکر کے پیچھے تو وہیں رہے اگر اجازت مانگے اجازت نہ ملے اور اگر کسی کی سفارش کرے تو قبول نہ ہو روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی سعید

الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ مِمَّا أَخَافُ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِي مَا يُفْتَحُ عَلَيْكُمْ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا

خدری سے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا منجملہ ان چیزوں کے کہ ڈرتا ہوں تم پر بعد میرے وہ چیز ہے جو کھولی جائے تمہارے واسطے دنیا کی زینت

وَزِينَتِهَا فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَوَ يَأْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ فَسَكَتَ حَتَّى ظَنَنَّا أَنَّهُ يُنْزَلُ عَلَيْهِ قَالَ فَمَسَحَ عَنْهُ الرُّحَضَاءَ

اور آرائش سے کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ بھلا لاویگی نیکی ضد بدی کو تو سکوت کیا یہاں تک کہ گمان کیا ہمنے کہ وحی اتاری جائیگی ان پر کہا پھر پونچھا پسینہ اپنے

وَقَالَ أَيْنَ السَّائِلُ وَكَأَنَّهُ حَمِدَهُ فَقَالَ إِنَّهُ لَا يَأْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ وَإِنَّ مِمَّا يُنْبِتُ الرَّبِيعُ مَا يَقْتُلُ حَبَطًا أَوْ يُلِمُّ إِلَّا آكِلَةَ

اور فرمایا کہاں ہے وہ پوچھنے والا اور گویا کہ تعریف کی اسکی پھر فرمایا کہ نہیں لاتی نیکی بدی کو اور مقرر بعض گھاس جسکو اگاتی ہے بہار ایسی ہے کہ ہلاک کرے چوپائے کو

الْخَضِرِ أَكَلَتْ حَتَّى امْتَدَّتْ خَاصِرَتَاهَا اسْتَقْبَلَتْ عَيْنَ الشَّمْسِ فَثَلَطَتْ وَبَالَتْ ثُمَّ عَادَتْ فَأَكَلَتْ وَإِنَّ هٰذَا

سبزی کا کھایا یہاں تک کہ تن گئیں دونوں کوکھیں اسکی تو جا بیٹھا آفتاب کے سامنے پھر لید کی اور پیشاب کیا پھر پلٹ گیا پھر کھانا شروع کیا بے شک یہہ

الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ أَخَذَهُ بِحَقِّهِ وَوَضَعَهُ فِي حَقِّهِ فَنِعْمَ الْمَعُونَةُ هُوَ وَمَنْ أَخَذَهُ بِغَيْرِ حَقِّهِ كَانَ كَالَّذِي

مال ہرا بھرا شیریں ہے سو جسنے اسکو بجا لیا اور بجا صرف کیا تو اچھی مددگار ہے یہہ مال اور جسنے اسکو ناحق لیا تو وہ ہے جیسا وہ کہ

يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَيَكُونُ شَهِيدًا عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

کھاتا ہے اور آسودہ نہیں ہوتا اور ہوگا وہ مال اسپر گواہ قیامت کے دن × ق × اور روایت ہے عمرو بن عوف سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَوَاللّٰهِ لَا الْفَقْرَ أَخْشَى عَلَيْكُمْ وَلٰكِنْ أَخْشَى عَلَيْكُمْ أَنْ تُبْسَطَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا كَمَا بُسِطَتْ عَلَى مَنْ

علیہ و آلہ وسلم نے سو قسم خدا کی مجھکو ڈر نہیں محتاجی کا ولیکن میں ڈرتا ہوں تم کو کہ وسیع کی جاوے تم پر دنیا جیسی کہ کشادہ کی گئی تھی ان پر جو

كَانَ قَبْلَكُمْ فَتَنَافَسُوهَا كَمَا تَنَافَسُوهَا وَتُهْلِكَكُمْ كَمَا أَهْلَكَتْهُمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

پہلے تمہارے تھے سو رغبت کرو تم اس میں جیسی کہ انہوں نے رغبت کی اس میں اور ہلاک کرے تمکو جیسا کہ ہلاک کیا ان کو × ق × اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ آلِ مُحَمَّدٍ قُوتًا وَفِي رِوَايَةٍ كَفَافًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ

صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا الٰہی محمد کے اہلبیت کی روزی بقدر زیست کے کر اور ایک روایت میں قوتا کی جگہ کفافا ہے × ق × اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَفْلَحَ مَنْ أَسْلَمَ وَرُزِقَ كَفَافًا وَقَنَّعَهُ اللّٰهُ بِمَا آتَاهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے البتہ مراد کو پہنچا جو مسلمان ہوا اور روزی ملی اسکو بقدر ضرورت کے اور خدا نے اسکو قناعت دی اس پر جو دیا اسکو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْعَبْدُ مَالِي مَالِي إِنَّمَا لَهُ مِنْ مَالِهِ ثَلَاثٌ مَا أَكَلَ فَأَفْنَى أَوْ لَبِسَ فَأَبْلَى

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے کہتا ہے بندہ کہ یہہ میرا مال ہے یہہ میرا مال ہے اور مقرر اسکے مال میں اسکو تین فائدے ہیں جو کھایا سو مٹایا یا کہ پہنا سو گلایا

أَوْ أَعْطَى فَاقْتَنَى وَمَا سِوَى ذٰلِكَ فَهُوَ ذَاهِبٌ وَتَارِكُهُ لِلنَّاسِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

یا کہ راہ خدا میں دیا سو آخرت کا ذخیرہ کیا اور اسکے سوا وہ جانے والا ہے اور لوگوں کے واسطے چھوڑ جانے والا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عليه وآله وسلم يتبع الميت ثلاثة فيرجع اثنان ويبقى معه واحد يتبعه اهله وماله وعمله فيرجع اهله وماله

علیہ وآلہ وسلم نے پیچھے لگے جاتے ہیں مردہ کے تین سو پلٹ آتے ہیں دو اور ایک رہ جاتا ہے پیچھے لگے جاتے ہیں اسکے قرابتی اور مال اور عمل اسکا سو پلٹ آتے ہیں قرابتی اور مال

ويبقى عمله متفق عليه وعن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ايكم مال وارثه

اور رہ جاتا ہے عمل اسکا ق اور روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ کون تم میں ایسا ہے کہ مال وارث کا

احب اليه من ماله قالوا يا رسول الله ما منا احد الا ماله احب اليه من مال وارثه قال فان ماله ما قدم ومال

اپنے مال سے زیادہ تر پیارا ہو کہا یا رسول اللہ کوئی ہم میں سے ایسا نہیں مگر مال اسکا زیادہ پیارا ہے مال وارث سے فرمایا سو البتہ اسکا مال تو وہی ہے جو آگے بھیجا اور مال

وارثه ما اخر رواه البخاري وعن مطرف عن ابيه قال اتيت النبي صلى الله عليه وآله وسلم وهو يقرأ الهاكم التكاثر

وارث کا وہی ہے جو چھوڑ گیا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے مطرف سے باپ سے اپنے کہا آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس حالانکہ آپ پڑھ رہے تھے الہاکم التکاثر

قال يقول ابن آدم مالي مالي قال وهل لك يا ابن آدم الا ما اكلت فافنيت او لبست فابليت او تصدقت فامضيت

فرمایا حضرت نے کہتا ہے آدمی کہ میرا مال ہے میرا مال ہے فرمایا اور تجھکو کیا فائدہ اے آدمی مگر جتنا کہ تونے کھایا سو فنا کیا یا کہ تونے پہنا سو گلایا یا کہ تونے راہ خدا دیا سو آگے بھیجا

رواه مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ليس الغنى عن كثرة العرض ولكن الغنى

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں ہے بے پروائی اسباب دنیا کی زیادتی سے ولیکن بے پروائی

غنى النفس متفق عليه

الفصل الثاني

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من يأخذ عني

بے پروائی دل کی ہے ق فصل دوسری روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کون سیکھے مجھ سے

هؤلاء الكلمات فيعمل بهن او يعلم من يعمل بهن قلت انا يا رسول الله فاخذ بيدي فعد خمسا فقال اتق المحارم

ان باتوں کو پھر عمل کرے ان پر یا سکھاوے ایسے کو جو عمل کرے ان پر کہا میں نے میں ہوں یا رسول اللہ سو پکڑ لیا ہاتھ میرا اور گنیں پانچ کو تب فرمایا بچ حرام چیزوں سے

تكن اعبد الناس وارض بما قسم الله لك تكن اغنى الناس واحسن الى جارك تكن مؤمنا واحب للناس ما تحب لنفسك تكن

ہوگا تو زیادہ عابد لوگوں سے اور راضی رہ اس پر کہ خدا نے دیا تجھکو ہوگا تو زیادہ بے پروا لوگوں سے اور احسان کر اپنے ہمسایہ پر ہوگا تو ایماندار اور دوست رکھ لوگوں کیلئے جو کچھ دوست رکھتا ہے اپنے لئے ہوگا تو

مسلما ولا تكثر الضحك فان كثرة الضحك تميت القلب رواه احمد والترمذي وقال هذا حديث غريب وعنه قال

مسلمان اور کثرت سے ہنسی نکر اسواسطے کہ کثرت ہنسی مارتی ہے قلب کو روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ

قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان الله يقول يا ابن آدم تفرغ لعبادتي املأ صدرك غنى واسد فقرك وان

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقرر خدا فرماتا ہے اے آدمی فارغ ہو میری عبادت کیلئے کہ بھر دوں میں تیرے دل کو غنی سے اور بند کردوں احتیاج تیری اور اگر

لا تفعل ملأت يدك شغلا ولم اسد فقرك رواه احمد وابن ماجة وعن جابر قال ذكر رجل عند رسول الله

نہ کریگا تو بھر دونگا ہاتھ کو تیرے شغل سے اور نہ بند کرونگا حاجت تیری روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے جابر سے کہا ذکر کیا گیا ایک شخص نزدیک رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم بعبادة واجتهاد وذكر آخر برعة فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم لا تعدل بالرعة يعني

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کثرت عبادت اور مشقت کے اور ذکر کیا گیا دوسرا ساتھ پرہیزگاری کے تب فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے برابر نہیں ہوتی کثرت عبادت

الورع رواه الترمذي وعن عمرو بن ميمون الاودي قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لرجل وهو يعظه اغتنم

ساتھ پرہیزگاری کے ق روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عمرو بن میمون الاودی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو حالانکہ آپ اسکو نصیحت کرتے تھے غنیمت جان

خمسًا قبل خمسٍ شبابك قبل هرمك وصحتك قبل سقمك وغناك قبل فقرك وفراغك قبل شغلك وحياتك قبل موتك
پانچ چیزوں کو پہلے پانچ چیزوں کے جوانی کو اپنی پہلے بڑھاپے کے اور تندرستی اپنی پہلے اپنی بیماری کے اور تونگری کو پہلے محتاجی کے اور اپنی فراغت کو پہلے شغل کے اور زندگی کو اپنی پہلے موت کے

رواه الترمذی مرسلًا وعن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وآله وسلم قال ما ینتظر احدكم الا غنی مطغیًا او فقرًا
روایت کیا اسکو ترمذی نے مرسل اور روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں انتظاری کرتا ہے کوئی تمہارا مگر بے پروائی کی جو سرکش بنا دے یا محتاجی کی

منسیًا او مرضًا مفسدًا او هرمًا مفندًا او موتًا مجهزًا او الدجال فالدجال شر غائب ینتظر او الساعة والساعة
بھلانے والی کی یا بیماری بگاڑنے والی کی یا بڑھاپا بے عقل کرنے والی کی یا موت نگہان آنے والی کی یا دجال کی سو دجال بدغائب ہے جسکی انتظاری کی جاتی ہے یا قیامت کی اور قیامت

ادهی وامر رواه الترمذی والنسائی وعنه ان رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم قال الا ان الدنیا ملعونة ملعون ما
بڑی آفت ہے اور بہت کڑوی روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے اور روایت ہے انہی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا خبردار کہ دنیا ملعون ہے ملعون ہے جو کچھ

فیها الا ذکر الله وما والاه وعالم او متعلم رواه الترمذی وابن ماجة وعن سهل بن سعد قال قال رسول الله صلی الله
اسمیں ہے مگر ذکر اللہ کا اور جو چیز کہ دوست رکھتا ہے اللہ اسکو اور جاننے والا یا علم سیکھنے والا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ

علیه وآله وسلم لو كانت الدنیا تعدل عند الله جناح بعوضة ما سقی كافرًا منها شربة رواه احمد والترمذی
علیہ وآلہ وسلم نے اگر ہوتی دنیا برابر خدا کے پاس مقدار پر مچھر کے تو نہ پلاتا خدا کسی کافر کو اس سے ایک گھونٹ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی

وابن ماجة وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم لا تتخذوا الضیعة فترغبوا فی الدنیا رواه
اور ابن ماجہ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ اختیار کرو سوداگری پھر رغبت کرو دنیا میں روایت کیا اسکو

الترمذی والبیهقی فی شعب الایمان وعن ابی موسی قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم من احب دنیاه اضر
ترمذی اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی موسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسنے دوست رکھا اپنی دنیا کو تو

بآخرته ومن احب آخرته اضر بدنیاه فآثروا ما یبقی علی ما یفنی رواه احمد والبیهقی فی شعب الایمان وعن
نقصان پہنچایا اپنی آخرت کو اور جسنے دوست رکھی اپنی آخرت تو بگاڑی دنیا اپنی سو مقدم رکھو جو کہ ہمیشہ رہنے والی ہے اس پر جو فنا ہونے والی ہے روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے

ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وآله وسلم قال لعن عبد الدینار ولعن عبد الدرهم رواه الترمذی وعن كعب بن
ابی ہریرہ سے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا لعنت ہو دینار کے بندے پر اور لعنت ہو درہم کے بندے پر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے کعب بن

مالك عن ابیه قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم ما ذئبان جائعان ارسلا فی غنم بافسد لها من حرص
مالک سے اسنے اپنے باپ سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں ہیں دو بھیڑیے بھوکے جو چھوڑے گئے بکریوں میں زیادہ تر تباہ کرنے والے حرص

المرء علی المال والشرف لدینه رواه الترمذی والدارمی وعن خباب عن رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم
مرد کے مال پر اور جاہ سے دین کو اسکے روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے خباب سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

قال ما انفق مؤمن من نفقة الا اجر فیها الا نفقته فی هذا التراب رواه الترمذی وابن ماجة وعن انس قال قال
کہ فرمایا نہیں خرچ کرتا ہے کوئی ایماندار خرچ مگر اجر پاویگا اسمیں مگر خرچ کرنا اس خاک میں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم النفقة كلها فی سبیل الله الا البناء فلا خیر فیه رواه الترمذی وقال هذا حدیث
رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خرچ کرنا خدا کی راہ میں ہے سب مگر عمارت کی بنا میں کیونکہ نہیں ہے ثواب اسمیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث

غریب وعن انس ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم خرج يوما ونحن معه فرأى قبة مشرفة فقال ما هذه قالوا

غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نکلے ایک روز اور ہم ساتھ آپ کے تھے سو دیکھا ایک گول گھر بلند فرمایا کیا ہے یہ بولے

هذه لفلان رجل من الانصار فسكت وحملها في نفسه حتى لما جاء صاحبها فسلم عليه في الناس فاعرض عنه

فلانے آدمی کا ہے انصار میں سے تو چپ رہے اور اٹھا رکھا اس بات کو اپنے دل میں سو تنگ کیا جب آیا مالک اسکا تو سلام کیا حضرت کو لوگوں میں تو منہ پھیر لیا حضرت نے اس سے

صنع ذلك مرارا حتى عرف الرجل الغضب فيه والاعراض عنه فشكى ذلك الى اصحابه وقال والله اني لانكر

کیا حضرت نے یہہ کئی بار یہاں تک کہ پہچانا اس نے غصہ اس میں اور منہ پھیرنا اپنی طرف سے تب شکایت کی اس نے اسکی حضرت کے اصحاب پاس اور کہا قسم خدا کی

رسول الله قالوا خرج فرأى قبتك فرجع الرجل الى قبته فهدمها حتى سواها بالارض فخرج رسول الله صلى

حضرت کو بولے نکلے حضرت سو دیکھا تیرے قبے کو تب پلٹ گیا وہ شخص اپنے قبے کی طرف پھر ڈا دیا اسکو یہاں تک کہ برابر کر دیا اسکو ساتھ زمین کے پھر نکلے رسول اللہ صلے

الله عليه وآله وسلم ذات يوم فلم يرها قال ما فعلت القبة قالوا شكى الينا صاحبها اعراضك عنه فاخبرناه فهدمها

اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دن سو نہ دیکھا اسکو تب فرمایا کیا ہوا وہ قبہ عرض کیا لوگوں نے شکایت کی ہم پاس اسکے مالک نے آپ کے منہ پھیر لینے کی اس سے سو دی ہم نے خبر اسکو تب ڈا دیا اسکو

فقال اما ان كل بناء وبال على صاحبه الا ما لا الا ما لا يعني الا ما لا بد منه رواه ابوداود وعن ابي هاشم بن عتبة

تب فرمایا سنتے رہو ہر بنا وبال ہے مالک پر اسکے مگر جو چیز کہ نہیں ہے چارہ اس سے اور ضرورت ہو اسکی روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی ہاشم بن عتبہ سے

قال عهد الي رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال انما يكفيك من جمع المال خادم ومركب في سبيل الله رواه

کہا وصیت کی مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بس کفایت کرتا ہے تجھکو جمع کرنے سے مال کے ایک خدمتگار اور ایک سواری خدا کی راہ میں روایت کیا

احمد والترمذي والنسائي وابن ماجه وفي بعض نسخ المصابيح عن ابي هاشم بن عتيد بالدال بدل التاء وهو

احمد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور بعض نسخوں میں مصابیح کے ابی ہاشم بن عتید سے ساتھ دال کے بدلے تا کے اور یہہ

تصحيف وعن عثمان رض ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال ليس لابن آدم حق في سوى هذه الخصال بيت يسكنه

تصحیف ہے اور روایت ہے عثمان رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے بیٹے آدم کا حق سوا ان کئی چیزوں کے گھر ایک کہ اس میں رہے

وثوب يواري به عورته وجلف الخبز والماء رواه الترمذي وعن سهل بن سعد قال جاء رجل فقال يا رسول

اور کپڑا کہ چھپاوے اپنی شرمگاہ اور ٹکڑا روٹی خشک کا بغیر سالن کے اور پانی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہا آیا ایک مرد پھر عرض کیا یا رسول

الله دلني على عمل اذا انا عملته احبني الله واحبني الناس قال ازهد في الدنيا يحبك الله وازهد فيما عند الناس

اللہ بتلائیے مجھکو آپ عمل کہ جب کروں میں اسکو دوست رکھے مجھے اللہ اور دوست رکھیں مجھکو لوگ فرمایا رغبت نکر دنیا کی تو دوست رکھے تجھکو اللہ اور خواہش نکر اس میں جو لوگوں پاس ہے

يحبك الناس رواه الترمذي وعن ابن مسعود ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم نام على حصير فقام وقد اثر

کہ دوست رکھیں تجھے لوگ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سو رہے حصیر پر پھر اٹھے اور داغ پڑ گیا تھا

في جسده فقال يا رسول الله لو امرتنا ان نبسط لك ونعمل فقال ما لي وللدنيا وما انا والدنيا الا كراكب استظل

آپ کے بدن میں تب کہا یا رسول اللہ اگر فرماتے ہمکو تو بچھاتے آپ کے لئے نرم فرش اور تیار کرتے ہم تب فرمایا کیا کام ہے مجھکو دنیا سے اور نہیں ہوں میں ساتھ دنیا کے مگر جیسا ایک سوار کہ سایہ لیا

تحت شجرة ثم راح وتركها رواه احمد والترمذي وابن ماجه وعن ابي امامة عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال

نیچے جھاڑ کے پھر چلا گیا اسکو چھوڑ کر روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی امامہ سے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا

اغبط اولیائی عندی لمؤمن خفیف الحاذ ذو حظ من الصلوة احسن عبادة ربه واطاعه فی السر وکان غامضا

زیادہ رشک لیا ہوا میرے دوستوں سے میرے نزدیک ایماندار ہے جسکے پاس اسباب کم ہے نماز اچھی طرح ادا کرنے والا اچھی طرح عبادت کرنے والا اپنے رب کی اور اسکی اطاعت کرے چھپے

فی الناس لا یشار الیه بالاصابع وکان رزقه کفافا فصبر علی ذلک ثم نقد بیده فقال عجلت منیته قلت بواکیه

لوگوں میں نہیں اشارہ کرتا ہے کوئی اسکی طرف انگلیوں سے اور روزی ہو اسکو بقدر حاجت کے پھر صبر کیا اسپر پھر نقد کیا آنحضرت نے پھر فرمایا جلد ہوئی موت اسکی تھوڑی ہیں رونے والیاں

قل تراثه رواه احمد والترمذی وابن ماجه وعنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم عرض علی ربی لیجعل

کم ہوا میراث اسکا روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے ظاہر کیا مجھ پر میرے رب نے کہ کردے

لی بطحاء مکة ذهبا قلت لا یا رب ولکن اشبع یوما واجوع یوما فاذا جعت تضرعت الیک وذکرتک واذا

میرے لئے مکے کے بطحا کو سونا کہا میں نے نہیں اے رب میرے ولیکن پیٹ بھر کھاؤں ایک دن اور بھوکا رہوں ایک دن سو جب بھوکا رہوں گڑگڑاؤں تیری طرف اور ذکر کروں تیرا

شبعت حمدتک وشکرتک رواه احمد والترمذی وعن عبید الله بن محصن قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم من

آسودہ کھاؤں تو حمد اور شکر کروں تیرا روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے عبید اللہ بن محصن سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے جو کہ

اصبح منکم آمنا فی سربه معافی فی جسده وعنده قوت یومه فکانما حیزت له الدنیا بحذافیرها رواه

صبح کو اٹھے تم میں سے امن چین اپنے گھر میں تندرست اپنے بدن میں اور نزدیک اسکے خوراک ہو ایکدن کا تو گویا کہ جمع کی گئی تمامی دنیا اسکے لئے روایت کیا اسکو

الترمذی وقال هذا حدیث غریب وعن المقدام بن معدیکرب قال سمعت رسول الله صلی الله علیه

ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے مقدام بن معدیکرب سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ

وآله وسلم یقول ما ملأ آدمی وعاء شرا من بطن بحسب ابن آدم اکلات یقمن صلبه فان کان لا محالة فثلث

والہ وسلم کو فرماتے تھے نہ بھرا کسی آدمی نے کوئی باسن بدتر پیٹ سے واسطے کفایت ہیں آدمی کو چند لقمے اسقدر کہ قائم رکھیں اسکی پیٹھ کو پس اگر ضرور ہو تو تہائی

طعام وثلث شراب وثلث لنفسه رواه الترمذی وابن ماجه وعن ابن عمر ان رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم

کھانا اور تہائی ہو پینا اور تہائی ہو واسطے سانس لینے کے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے

سمع رجلا یتجشأ فقال اقصر من جشائک فان اطول الناس جوعا یوم القیمة اطولهم شبعا فی الدنیا رواه فی شرح

سنی ایک شخص کی ڈکار تب فرمایا باز آ ڈکار سے اپنی اسواسطے کہ سب سے زیادہ بھوکا ہوگا قیامت کے دن وہ ہے جو سب سے زیادہ آسودہ رہے دنیا میں روایت کیا اسکو شرح

السنة وروی الترمذی نحوه وعن کعب بن عیاض قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم یقول ان لکل امة

سنت میں اور روایت کیا ترمذی نے مانند اسکے اور روایت ہے کعب بن عیاض سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے تھے مقرر ہر امت کے لئے

فتنة وفتنة امتی المال رواه الترمذی وعن انس عن النبی صلی الله علیه وآله وسلم قال یجاء بابن آدم یوم القیمة

فتنہ ہے اور فتنہ میری امت کا مال ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس سے نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ لایا جاویگا آدمی قیامت کے دن

کانه بذج فیوقف بین یدی الله فیقول له اعطیتک وخولتک وانعمت علیک فما

گویا کہ وہ بھیڑ کا بچہ ہوگا کھڑا کیا جاویگا روبرو خدا کے سو فرماویگا اسکو دیا میں نے تجھکو مال اور خادم اور انعام کیا میں نے تجھ پر اور احسان کیا تجھ پر سو کیا

صنعت فیقول رب جمعته وثمرته وترکته اکثر ما کان فارجعنی آتک به کله فیقول له ارنی ما قدمت فیقول

کام کیا تو نے تو کہیگا اے رب میرے جمع کیا میں نے اور بڑھایا اسکو اور چھوڑا میں نے زیادہ جو تھا سو بھیج مجھکو کہ لے آؤں سب کو تو فرماویگا دکھا مجھکو

رب جمعته وثمرته وتركته أكثر ما كان فارجعني آتك به كله فإذا عبد لم يقدم خيرا فيمضي به إلى النار رواه

اے رب میرے جمع کیا میں نے مال اور بڑھایا اسکو اور چھوڑا زیادہ ترکو اسکے جو تھا سو بھیج مجھے کو کہ لے آؤں سب تیرے پاس پھر جب ظاہر ہو کہ بندے نے آگے بھیجی کوئی نیکی پھر جائیگا

الترمذي وضعفه وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إن أول ما يسأل العبد يوم القيامة من

ترمذی نے اور ضعیف کہا اسکو اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے پہلا پوچھا جاوے بندے کا قیامت کے دن

النعيم أن يقال له ألم نصح جسمك ونروك من الماء البارد رواه الترمذي وعن ابن مسعود عن النبي صلى الله عليه

نعمتوں سے یہ ہے کہ کہا جاویگا اسکو کیا ہم نے تیرا جسم تندرست نہ کیا اور سیراب کیا تجھکو سرد پانی سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن مسعود سے نبی صلی اللہ علیہ

وآله وسلم قال لا تزول قدما ابن آدم يوم القيامة حتى يسأل عن خمس عن عمره فيما أفناه وعن شبابه فيما أبلاه

والہ وسلم سے فرمایا نہ ٹلینگے دو پاؤں آدمی کے قیامت کے روز یہاں تک کہ پوچھا جاویگا پانچ چیزوں سے اسکی عمر سے کس میں خرچ کیا اور جوانی کس میں بڑھا کیا

وعن ماله من أين اكتسبه وفيما أنفقه وماذا عمل فيما علم رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب الفصل

اور مال سے کہ کس طریق سے کمایا اور کس باب میں خرچ کیا اور کیا عمل کیا اس علم میں جو سیکھا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے فصل

الثالث عن أبي ذر أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال له إنك لست بخير من أحمر ولا أسود إلا أن

تیسری روایت ہے ابی ذر سے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اسکو مقرر تو بہتر نہیں ہے عجم سے اور نہ عرب سے مگر یہ کہ

تفضله بتقوى رواه أحمد وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ما زهد عبد في الدنيا إلا أنبت

فضیلت رکھے تو اسکے سبب تقوی کے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے نہ چھوڑا کسی بندے نے دنیا کو مگر اگاتا ہے

الله الحكمة في قلبه وأنطق بها لسانه وبصره عيب الدنيا وداءها ودواءها وأخرجه منها سالما إلى دار السلام رواه

خدا سچ دین کی اسکے دل میں اور گویا کرتا ہے اسکے ساتھ اسکی زبان کو اور دکھلا دیتا ہے اسکو عیب دنیا کا اور بیماری اور دوا اسکی اور نکالتا ہے اسکو سلامتی سے بہشت کی طرف روایت کیا

البيهقي في شعب الإيمان وعنه أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال قد أفلح من أخلص الله قلبه للإيمان

بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے اسی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا مقرر مراد کو پہنچا جسکے دل کو خالص کیا اللہ نے واسطے ایمان کے

وجعل قلبه سليما ولسانه صادقا ونفسه مطمئنة وخليقته مستقيمة وجعل أذنه مستمعة وعينه ناظرة

اور کیا دل کو اسکے سالم اور اسکی زبان کو سچا اور اسکے نفس کو بیدار اور اسکی طبیعت کو سیدھی اور کیا اسکے کان کو سننا اور آنکھ کو نظر کرنے والی

فأما الأذن فقمع وأما العين فمقرة لما يوعي القلب وقد أفلح من جعل قلبه واعيا رواه أحمد والبيهقي في شعب

سو بہر صورت کان سو سبب پہنچانیکی ہے اور آنکھ سو ثابت رکھنے والی ہے اسکو جو رکھے دل اور مراد کو پہنچا جسنے کیا دل کو اپنے نگاہ رکھنے والا روایت کیا اسکو احمد نے اور بیہقی نے شعب

الإيمان وعن عقبة بن عامر عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال إذا رأيت الله عز وجل يعطي العبد من الدنيا

الایمان میں اور روایت ہے عقبہ بن عامر سے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا جب دیکھے تو کہ خدا عزوجل دیتا ہے بندے کو دنیا سے

على معاصيه ما يحب فإنما هو استدراج ثم تلا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فلما نسوا ما ذكروا به فتحنا

باوجود اسکے گناہ کے جسکو بندہ چاہتا ہے سو وہ سیڑھی اتارنا ہے پھر پڑھی رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے پھر جب بھول گئے جو نصیحت کی گئی تھی انکو

عليهم أبواب كل شيء حتى إذا فرحوا بما أوتوا أخذناهم بغتة فإذا هم مبلسون رواه أحمد وعن أبي أمامة

ان پر دروازے ہر چیز کے یہاں تک کہ خوش ہوئے ساتھ اسکے جو دیے گئے پکڑا ہمنے انکو بے خبر پس ناگہاں وہ رہگئے ناامید روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی امامہ سے

أن رجلا من أهل الصفة توفي وترك دينارا فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم كية قال ثم توفي آخر فترك
کہ ایک مرد نے دہلیز والوں میں سے انتقال کیا اور چھوڑ گیا ایک دینار تب فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ ایک داغ ہے کہا ابو امامہ نے پھر انتقال کیا دوسرے نے اور چھوڑ گیا

دينارين فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم كيتان رواه أحمد والبيهقي في شعب الإيمان وعن معاوية
دو دینار تب فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ دو داغ ہیں روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے معاویہ سے

أنه دخل على خاله أبي هاشم بن عتبة يعوده فبكى أبو هاشم فقال ما يبكيك يا خال أوجع يشئزك أم حرص
کہ وہ داخل ہوا اپنے ماموں ابو ہاشم بن عتبہ پر کہ عیادت کرے انکی سو رو دیا ابو ہاشم نے تب کہا معاویہ نے کس نے رلایا تجھکو ای ماموں بھلا درد نے بیقرار کیا تجھے یا حرص نے

على الدنيا قال كلا ولكن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عهد إلينا عهدا لم آخذ به قال وما ذلك قال سمعته
دنیا کی کہا ابو ہاشم نے نہیں ولیکن پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وصیت کی تھی ہمکو سو نہ عمل کر سکا میں موافق اسکے کہا معاویہ نے کیا ہے وہ وصیت کہا سنا میں نے حضرت کو

يقول إنما يكفيك في جمع المال خادم ومركب في سبيل الله وإني أراني قد جمعت رواه أحمد والترمذي والنسائي
فرماتے تھے بسی کفایت کرتا ہے تجھکو جمع کرنے میں مال کے ایک خادم اور ایک سواری اللہ کی راہ میں اور مقرر میں پاتا ہوں اپنے کو کہ جمع کیا ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور نسائی

وابن ماجه وعن أم الدرداء قالت قلت لأبي الدرداء ما لك لا تطلب كما يطلب فلان فقال إني سمعت
اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ام درداء سے بولیں کہ کہا میں نے ابی الدرداء کو کیا ہو گیا تجھکو جو طلب نہیں کرتا جیسا کہ طلب کرتا ہے فلانا تب کہا کہ سنا میں نے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول إن أمامكم عقبة كؤودا لا يجوزها المثقلون فأحب أن أتخفف
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے کہ مقرر سامھنے تمھارے گھاٹی سخت ہے نہ گذر سکینگے اس سے بوجھ والے سو میں دوست رکھتا ہوں کہ ہلکا ہوں

لتلك العقبة وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم هل من أحد يمشي على الماء إلا ابتلت
واسطے اس گھاٹی کے اور روایت ہے انس رضی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھلا ہے کوئی آپ جو چلے پانی پر مگر نہ بھیگیں

قدماه قالوا لا يا رسول الله قال كذلك صاحب الدنيا لا يسلم من الذنوب رواهما البيهقي في شعب الإيمان
دونو قدم اسکے کہا صحابہ نے نہیں یا رسول اللہ فرمایا تو ایسا ہی ہے دنیادار سلامت نہیں رہ سکتا گناہوں سے روایت کیا ان دونو حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں

وعن جبير بن نفير مرسلا قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ما أوحي إلي أن أجمع المال وأكون من
اور روایت ہے جبیر بن نفیر سے مرسل کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وحی نہیں کی گئی مجھے کہ جمع کروں مال اور ہوں

التاجرين ولكن أوحي إلي أن سبح بحمد ربك وكن من الساجدين واعبد ربك حتى يأتيك اليقين رواه في شرح
سوداگر ولیکن وحی کی گئی مجھے کہ تو یاد کر خوبیاں اپنے رب کی اور ہو سجدہ کرنے والوں میں اور بندگی کر اپنے رب کی جب تک کہ پہنچے تجھکو یقین روایت کیا اسکو شرح

السنة وأبو نعيم في الحلية عن أبي مسلم وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من طلب الدنيا حلالا استعفافا عن المسألة وسعيا على
سنت میں اور ابو نعیم نے حلیہ میں ابی مسلم سے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسنے طلب کیا دنیا کو حلال کی راہ سے بچنے کی نیت سے سوال سے اور واسطے سعی

أهله وتعطفا على جاره لقي الله يوم القيامة ووجهه مثل القمر ليلة البدر ومن طلب الدنيا حلالا مكاثرا مفاخرا مرائيا لقي الله تعالى وهو عليه غضبان
اپنے گھر والوں کے اور ہمسایہ پر مہربانی کے لئے ملیگا خدا سے قیامت کے دن حالانکہ ہوگا منہہ اسکا مانند چودھویں تاریخ کے چاند کے اور جسنے طلب کیا دنیا حلال کی راہ سے بہت اور فخر اور دکھاوے کی نیت سے ملیگا خدائے تعالی سے حالانکہ اللہ تعالی غصے میں ہوگا اس پر

رواه البيهقي في شعب الإيمان وأبو نعيم في الحلية وعن سهل بن سعد أن رسول الله صلعم قال إن هذا الخير خزائن لتلك الخزائن مفاتيح
روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور ابو نعیم نے حلیہ میں اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مقرر یہ مال خزینے ہیں واسطے ان خزینوں کے کنجیاں ہیں

فَطُوبٰی لِعَبْدٍ جَعَلَ اللّٰہُ مِفْتَاحًا لِّلْخَیْرِ مِغْلَاقًا لِّلشَّرِّ وَوَیْلٌ لِّعَبْدٍ جَعَلَہُ اللّٰہُ مِفْتَاحًا لِّلشَّرِّ مِغْلَاقًا لِّلْخَیْرِ رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ

سو خوشی ہے اس بندے کو کہ کیا اسکو اللہ نے کنجی خیر کی قفل بدی کا باب بند کرنے کو اور خرابی ہے اس بندے کو کہ کیا خدا نے اسکو کنجی بدی کی اور خیر کے باب بند کرنے کو روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

وَعَنْ عَلِیٍّ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِذَا لَمْ یُبَارَکْ لِلْعَبْدِ فِیْ مَالِہٖ جَعَلَہُ فِی الْمَاءِ وَالطِّیْنِ وَعَنْ

اور روایت ہے علی رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے جب برکت نہیں دی جاتی ہے بندے کے مال میں خرچ کرتا ہے اسکو پانی اور کیچ میں اور

ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ اتَّقُوا الْحَرَامَ فِی الْبُنْیَانِ فَاِنَّہٗ اَسَاسُ الْخَرَابِ رَوَاہُمَا الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ

ابن عمر سے کہ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا بچو تم حرام لگانے سے بنا میں کیونکہ وہ بنیاد خرابی کی ہے روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں

وَعَنْ عَائِشَۃَ رض عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ الدُّنْیَا دَارُ مَنْ لَّا دَارَ لَہٗ وَمَالُ مَنْ لَّا مَالَ لَہٗ وَلَہَا

اور روایت ہے عائشہ رض سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا دنیا گھر ایسے کا ہے کہ جسکا گھر نہیں اور مال ایسے کا ہے جسکا مال نہیں اور اسکو

یَجْمَعُ مَنْ لَّا عَقْلَ لَہٗ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَعَنْ حُذَیْفَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

وہی جمع کرتا ہے جسکی عقل نہو روایت کیا اسکو احمد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے حذیفہ سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ

وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ فِیْ خُطْبَتِہٖ اَلْخَمْرُ جِمَاعُ الْاِثْمِ وَالنِّسَاءُ حَبَائِلُ الشَّیْطَانِ وَحُبُّ الدُّنْیَا رَأْسُ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ قَالَ

والہ وسلم کو فرماتے اپنے خطبے میں شراب پینا مجموعہ ہے گناہ کا اور عورت پھانسی ہے شیطان کی اور دوستی دنیا کی سر ہے ہر گناہ کا کہا

وَسَمِعْتُہٗ یَقُوْلُ اَخِّرُوا النِّسَاءَ حَیْثُ اَخَّرَہُنَّ اللّٰہُ رَوَاہُ رَزِیْنٌ وَرَوَی الْبَیْہَقِیُّ مِنْہُ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ عَنِ الْحَسَنِ مُرْسَلًا

اور سنا میں نے حضرت کو فرماتے پیچھے رکھو عورتوں کو جس جگہ کہ پیچھے رکھا ان کو اللہ نے روایت کیا اسکو رزین نے اور روایت کیا بیہقی نے بعض ٹکڑے کو شعب الایمان میں

حُبُّ الدُّنْیَا رَأْسُ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اَخْوَفَ مَا اَتَخَوَّفُ

محبت دنیا کی سر ہے ہر خطا کا اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ بہت ڈر کی چیز جس سے ڈرتا ہوں

عَلٰی اُمَّتِی الْہَوٰی وَطُوْلُ الْاَمَلِ فَاَمَّا الْہَوٰی فَیَصُدُّ عَنِ الْحَقِّ وَاَمَّا طُوْلُ الْاَمَلِ فَیُنْسِی الْاٰخِرَۃَ وَہٰذِہِ الدُّنْیَا مُرْتَحِلَۃٌ

اپنی امت پر خواہش نفس اور درازی امید ہے پھر خواہش نفس روکتا ہے حق سے اور درازی امید سو بھلا دیتی ہے آخرت کو اور یہ دنیا کوچ کرکے

ذَاہِبَۃٌ وَہٰذِہِ الْاٰخِرَۃُ مُرْتَحِلَۃٌ قَادِمَۃٌ وَلِکُلِّ وَاحِدَۃٍ مِّنْہُمَا بَنُوْنَ فَاِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ لَّا تَکُوْنُوْا مِنْ بَنِی الدُّنْیَا

جانے والی ہے اور یہ آخرت کوچ کرکے آنے والی ہے اور ہر ایک کے لئے ان دونوں میں سے بیٹے ہیں پھر اگر ہو سکے تم سے کہ نہ ہو بیٹے دنیا کے

فَافْعَلُوْا فَاِنَّکُمُ الْیَوْمَ فِیْ دَارِ الْعَمَلِ وَلَا حِسَابَ وَاَنْتُمْ غَدًا فِیْ دَارِ الْاٰخِرَۃِ وَلَا عَمَلَ رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ

تو کرو کیونکہ آج تم عمل کی جگہہ میں ہو اور حساب نہیں ہے اور تم کل کو پچھلے گھر میں ہوگے کہ جس میں عمل نہیں روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں

وَعَنْ عَلِیٍّ رض قَالَ ارْتَحَلَتِ الدُّنْیَا مُدْبِرَۃً وَّارْتَحَلَتِ الْاٰخِرَۃُ مُقْبِلَۃً وَّلِکُلِّ وَاحِدَۃٍ مِّنْہُمَا بَنُوْنَ فَکُوْنُوْا مِنْ

اور روایت ہے علی رض سے کہا کوچ کرنے والی ہے دنیا پیٹھ دے کر اور کوچ کرنے والی ہے آخرت سامنے ہو کر اور ہر ایک کے لئے ان دونوں میں سے بیٹے ہیں سو

اَبْنَاءِ الْاٰخِرَۃِ وَلَا تَکُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الدُّنْیَا فَاِنَّ الْیَوْمَ عَمَلٌ وَّلَا حِسَابَ وَغَدًا حِسَابٌ وَّلَا عَمَلَ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ

ہو تم بیٹے آخرت کے اور نہ ہو بیٹے دنیا کے کیونکہ آج عمل ہے اور حساب نہیں اور کل کو حساب ہے اور عمل نہیں روایت کیا اسکو بخاری نے

تَرْجَمَۃِ بَابٍ وَعَنْ عَمْرٍو اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ خَطَبَ یَوْمًا فَقَالَ فِیْ خُطْبَتِہٖ اَلَا اِنَّ الدُّنْیَا عَرَضٌ حَاضِرٌ

ترجمہ باب میں اور روایت ہے عمرو بن العاص سے کہ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے خطبہ پڑھا ایک دن پھر فرمایا اپنے خطبے میں ہوشیار رہو تم دنیا متاع ہے حاضر

يأكل منه البر والفاجر ألا وإن الآخرة أجل صادق ويقضي فيها ملك قادر ألا وإن الخير كله بحذافيره في الجنة ألا

کھاتا ہے اس سے نیک و بد ہوشیار رہو اور آخرت ایک مدت ہے سچی اور حکم کریگا اسمیں بادشاہ قدرت والا سنتے رہو بھلائی ساری اپنے اطراف و انواع کے ساتھ بہشت میں ہے

وإن الشر كله بحذافيره في النار ألا فاعملوا وأنتم من الله على حذر واعلموا أنكم معروضون على أعمالكم فمن يعمل

بدی ساری اپنے اطراف و انواع کے ساتھ دوزخ میں ہے ہوشیار رہو عمل کرو حالانکہ تم حساب سے خدا کے ڈرتے ہو اور جان لو کہ تم حاضر کیے جاؤ گے عملوں اپنے پر سو جس

مثقال ذرة خيرا يره ومن يعمل مثقال ذرة شرا يره رواه الشافعي وعن شداد قال سمعت رسول الله صلى الله

ذرہ بھر بھلائی کی وہ دیکھ لیگا اسے اور جس نے کی ذرہ بھر برائی وہ دیکھ لیگا اسے روایت کیا اسکو شافعی نے اور روایت ہے شداد سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ

عليه وآله وسلم يقول أيها الناس إن الدنيا عرض حاضر يأكل منها البر والفاجر وإن الآخرة وعد صادق يحكم

علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے تھے اے لوگو تحقیق دنیا متاع ہے حاضر کھاتا ہے اس سے نیک اور بد سنتے رہو بیشک آخرت وعدہ سچا ہے فیصلہ کریگا

فيها ملك عادل قادر يحق فيها الحق ويبطل الباطل كونوا من أبناء الآخرة ولا تكونوا من أبناء الدنيا فإن كل

اس میں بادشاہ عادل قدرت والا ثابت رکھتا ہے اسمیں حق اور مٹاتا ہے باطل کو ہو تم بیٹے آخرت کے اور نہ ہو بیٹے دنیا کے کیونکہ ہر ایک

أم يتبعها ولدها وعن أبي الدرداء قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ما طلعت الشمس إلا وبجنبتيها

ماں کی پیروی کرتی ہے اولاد اسکی اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ نکلا سورج مگر کہ پہلو میں اسکے

ملكان يناديان يسمعان الخلائق غير الثقلين يا أيها الناس هلموا إلى ربكم ما قل وكفى خير مما كثر وألهى رواهما

دو فرشتے آواز سناتے ہیں خلایق کو سوا جن اور آدمی کے اے لوگو آؤ طرف رب اپنے کے جو چیز تھوڑی ہو اور کفایت کرے بھلی ہے اس سے جو بہت ہو اور غافل کرے روایت کیا ان دونوں کو

أبو نعيم في الحلية وعن أبي هريرة يبلغ به قال إذا مات الميت قالت الملائكة ما قدم وقال بنو آدم ما خلف

ابو نعیم نے حلیہ میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے رفع کرتا ہے اسکو کہ جب مرتا ہے آدمی تو بولتے ہیں فرشتے کیا آگے بھیجا اور کہتے ہیں بنی آدم کیا پیچھے چھوڑا

رواه البيهقي في شعب الإيمان وعن مالك أن لقمان قال لابنه يا بني إن الناس قد تطاول عليهم ما

روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے مالک سے کہ لقمان حکیم نے کہا اپنے بیٹے کو اے چھوٹے بیٹے میرے مقرر لوگوں پر لانبی ہوئی وہ چیز جسکا

يوعدون وهم إلى الآخرة سراعا يذهبون وإنك قد استدبرت الدنيا منذ كنت واستقبلت الآخرة

ان کو وعدہ دیا گیا اور وے آخرت کی طرف جلد جاتے ہیں اور بیشک تو پیٹھ دینے والا ہے دنیا کو جس وقت سے کہ پیدا ہوا اور منہ کرنے والا ہے آخرت کو

وإن دارا تسير إليها أقرب إليك من دار تخرج منها رواه رزين وعن عبد الله بن عمرو قال قيل لرسول

اور مقرر جس گھر کی طرف جاتا ہے تو بہت نزدیک ہے تجھکو اس گھر سے کہ نکلا تو جس سے روایت کیا اسکو رزین نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا پوچھا گیا رسول

الله صلى الله عليه وآله وسلم أي الناس أفضل قال كل مخموم القلب صدوق اللسان قالوا صدوق اللسان

خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہ کون آدمی بہتر ہے فرمایا مخموم القلب راست گو عرض کیا صحابہ نے راست گو کو

نعرفه فما مخموم القلب قال هو التقي النقي لا إثم عليه ولا بغي ولا غل ولا حسد رواه ابن ماجه والبيهقي

پہچانتے ہم پس کیا معنی ہے مخموم القلب کا فرمایا جسکا دل پاک اور خالص ہو نہیں ہے اسپر گناہ اور نہ زیادتی اور نہ خفگی اور نہ حسد روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے

في شعب الإيمان وعنه أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال أربع إذا كن فيك فلا عليك ما فاتك الدنيا

شعب الایمان میں اور روایت ہے اسی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا چار خصلتیں ہیں جب ہوں تجھ میں تو ضرر نہیں تجھ پر لذت دنیا کے فوت ہونے سے

حفظ امانة وصدق حديث وحسن خليقة وعفة في طعمة رواه احمد والبيهقي في شعب الايمان وعن مالك
امانت کی حفاظت اور سچ بولنا اور اچھی طبیعت اور پارسائی لقمہ میں روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے مالک سے

قال بلغني انه قيل للقمان الحكيم ما بلغ بك ما نرى يعني الفضل قال صدق الحديث واداء الامانة وترك ما لا يعنيني
کہا پہنچی مجھے یہ بات کہ پوچھا گیا لقمان حکیم سے کہ کس چیز نے تجھے پہنچایا اس مرتبہ کو جو دیکھتا ہوں میں یعنے فضل کہا سچ بولنا اور ادا کرنا امانت اور چھوڑنا جسکی ضرورت نہ ہو

رواه في الموطا وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه واله وسلم تجيء الاعمال فتجيء الصلوة فيقول يا رب
روایت کیا اسکو موطا میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے حاضر ہونگے اعمال پھر آویگی نماز سو کہیگی اے رب میں

انا الصلوة فيقول انك على خير فتجيء الصدقة فيقول يا رب انا الصدقة فيقول انك على خير ثم تجيء
میں ہوں نماز تب فرماویگا کہ تو خیر پر ہے پھر آویگی زکوۃ تب کہیگی اے رب میرے میں ہوں زکوۃ تب فرماویگا کہ تو خیر پر ہے پھر حاضر ہوگا

الصيام فيقول يا رب انا الصيام فيقول انك على خير ثم تجيء الاعمال على ذلك يقول الله عز وجل انك على خير
روزہ اور کہیگا اے رب میرے میں ہوں روزہ تب فرماویگا کہ تو خیر پر ہے پھر حاضر ہونگے باقی اعمال اسی وجہ پر فرماویگا اللہ عزوجل کہ تو خیر پر ہے

ثم يجيء الاسلام فيقول يا رب انت السلام وانا الاسلام فيقول الله تعالى انك على خير بك
پھر آوے اسلام اور کہے اے رب میرے تو ہی سلام اور میں ہوں اسلام تب فرماویگا اللہ تعالی کہ تو خیر پر ہے تیرے ہی سبب سے ہی

اليوم اخذ وبك اعطي قال الله تعالى في كتابه ومن يبتغ غير الاسلام دينا فلن يقبل منه وهو في الاخرة من الخاسرين
آج مواخذہ کرتا ہوں اور تیرے ہی وسیلے دیتا ہوں میں ف فرمایا اللہ تعالی نے اپنی کتاب میں اور جو کوئی چاہے سوا اسلام کے اور دین سو اس سے ہرگز قبول نہ ہوگا اور وہ آخرت میں زیان والوں میں

وعن عائشة قالت كان لنا ستر فيه تماثيل طير فقال رسول الله صلى الله عليه واله وسلم يا عائشة حوليه فاني
اور روایت ہے عائشہ سے بولیں تھا ہمارے پاس ایک پردہ کہ اس میں صورتیں تھیں چڑیوں کی سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اے عائشہ دفع کر اسکو کیونکہ میں

اذا رايته ذكرت الدنيا وعن ابي ايوب الانصاري قال جاء رجل الى النبي صلى الله عليه واله وسلم فقال عظني و
جب دیکھتا ہوں اسکو خیال آتا ہے مجھے دنیا کا اور روایت ہے ابی ایوب انصاری سے کہا کہ آیا ایک مرد پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم پاس سو عرض کیا نصیحت کر مجھے

اوجز فقال اذا قمت الى صلاتك فصل صلوة مودع ولا تكلم بكلام يعتذر منه غدا واجمع الاياس مما في ايدي
مختصر تب فرمایا جب کھڑا ہو تو اپنی نماز میں تو ادا کر نماز رخصت کرنے والے کی ف اور نہ بول ایسی بات کہ محتاج ہو تو اسکی عذر خواہی کا کل کو اور نا امید ہو اس سے جو

الناس وعن معاذ بن جبل قال لما بعثه رسول الله صلى الله عليه واله وسلم الى اليمن خرج معه رسول الله صلى الله
لوگوں کے اور روایت ہے معاذ بن جبل سے کہا جب بھیجا اسکو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے یمن کی طرف نکلے ساتھ اسکے رسول اللہ صلے اللہ

عليه واله وسلم يوصيه ومعاذ راكب ورسول الله صلى الله عليه واله وسلم يمشي تحت راحلته فلما فرغ قال يا
علیہ وآلہ وسلم وصیت فرماتے ہوئے اور معاذ سوار تھے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ والہ وسلم پیادہ تھے نیچے انکی سواری کے پھر جب فارغ ہو کے فرمایا اے

معاذ انك عسى ان لا تلقاني بعد عامي هذا ولعلك ان تمر بمسجدي هذا وقبري فبكى معاذ جشعا لفراق
معاذ قریب ہے کہ نہ پاوے تو مجھے بعد اس برس کے اور شاید کہ گذرے تو میری اس مسجد اور میری قبر پر تب رو دیا معاذ نے جدائی کے غم سے

رسول الله صلى الله عليه واله وسلم ثم التفت فاقبل بوجهه نحو المدينة فقال ان اولى الناس بي المتقون من كانوا
نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے پھر پھر کر دیکھا منہ کر کے مدینے کی طرف اور فرمایا کہ بہت قریب لوگوں میں سے میرے ساتھ متقی لوگ ہیں جو ہوں

حيث كانوا روى الاحاديث الاربعة احمد وعن ابن مسعود قال تلا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فمن يرد الله

جہاں کہیں کہ ہوں روایت کیا ان چاروں حدیثوں کو احمد نے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا پڑھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سو جسکو اللہ چاہے

ان يهديه يشرح صدره للاسلام فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان النور اذا دخل الصدر انفسح فقيل

کہ راہ دے کھول دے اسکا سینہ حکم برداری کو پھر فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ نور جب داخل ہوتا ہے سینے میں کھول دیتا ہے

يا رسول الله هل لتلك من علم يعرف به قال نعم التجافي من دار الغرور والانابة الى دار الخلود والاستعداد للموت

یا رسول اللہ کہا ہے اسکی کوئی نشانی کہ پہچانا جاوے اس سے فرمایا ہاں دور رہنا دنیا سے اور متوجہ ہونا آخرت کی طرف اور تیار کرنی موت کی

قبل نزوله وعن ابي هريرة وابي خلاد ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال اذا رأيتم العبد يعطى زهدا في

قبل مرنے کے اور روایت ہے ابی ہریرہ اور ابی خلاد سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جب دیکھو تم بندے کو کہ ملی اسکو بے رغبتی

الدنيا وقلة منطق فاقتربوا منه فانه يلقى الحكمة رواهما البيهقي في شعب الايمان

دنیا میں اور کم بولنا تو نزدیکی ڈھونڈو اس سے کیونکہ اسکو ملی ہے حکمت روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں

باب فضل الفقراء وما كان من عيش النبي صلى الله عليه وآله وسلم

باب فقیروں کی فضیلت میں اور جو تھی زندگی گذران نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کی

الفصل الاول

پہلی فصل

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم رب اشعث اغبر مدفوع بالابواب لو اقسم على الله لابره رواه مسلم

روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ بہت پریشان بال غبار آلودہ دھکیلے ہوئے دروازوں سے اگر قسم کھاویں خدا کی سچا کر دیوے اسکو روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن مصعب بن سعد قال راى سعد ان له فضلا على من دونه فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم هل تنصرون وترزقون الا بضعفائكم

اور روایت ہے مصعب سے کہا کہ معلوم کی سعد نے اپنی فضیلت ادنوں پر اپنے سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نہیں نصرت ملتی تمکو اور نہ روزی مگر برکت سے تمہارے ضعیفوں کی

رواه البخاري وعن اسامة بن زيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قمت على باب الجنة فكان عامة

روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسامہ بن زید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کھڑا ہوا میں بہشت کے دروازے پر سو اکثر لوگ

من دخلها المساكين واصحاب الجد محبوسون غير ان اصحاب النار قد امر بهم الى النار وقمت على باب النار فاذا عامة

اسکے داخل ہونے والے محتاج تھے اور عیش والے روکے گئے تھے لیکن دوزخ والوں کو دوزخ کی طرف جانے کا حکم ہوا اور کھڑا ہوا میں دوزخ کے دروازے پر تو

من دخلها النساء متفق عليه وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اطلعت في الجنة

اسکے داخل ہونے والے عورتیں تھیں ق اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ میں نے بہشت میں جھانکا

فرايت اكثر اهلها الفقراء واطلعت في النار فرايت اكثر اهلها النساء متفق عليه وعن عبد الله بن عمرو

تو دیکھے اکثر لوگ اسکے محتاج اور میں نے دوزخ میں جھانکا تو دیکھیں اسکے اکثر لوگ عورتیں ق اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان فقراء المهاجرين يسبقون الاغنياء يوم القيمة الى الجنة

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ محتاج ہجرت کرنے والے آگے ہونگے دولت مند آدمیوں کے قیامت کے دن طرف جنت کے

باربعين خريفا رواه مسلم وعن سهل بن سعد قال مر رجل على رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال لرجل

چالیس برس روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہا آیا ایک مرد رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پاس تب فرمایا اس مرد کو

عنده جالس ما رأيك في هذا فقال رجل من أشراف الناس هذا والله حري إن خطب أن ينكح وإن شفع أن يشفع

جو آپ کے پاس بیٹھا تھا کیا گمان ہے تیرا اسکے حق میں سو کہا یہہ مرد ہے اشراف لوگوں سے یہہ قسم خدا کی سزاوار ہے کہ اگر پیغام کرے تو نکاح دیا جاوے اور اگر سفارش کرے تو

قال فسكت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ثم مر رجل فقال له ما رأيك في هذا فقال يا رسول الله هذا

کہا پھر چپ رہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پھر آیا ایک مرد تب فرمایا اسی کو کیا گمان ہے تیرا اس کے حق میں عرض کیا یا رسول اللہ یہہ

رجل من فقراء المسلمين هذا حري إن خطب أن لا ينكح وإن شفع أن لا يشفع وإن قال أن لا يسمع لقوله فقال

ایک مرد ہے فقیر مسلمانوں سے یہہ سزاوار ہے کہ اگر پیغام کرلے نکاح نکیا جاوے اور اگر سفارش کرے تو قبول نہو اور اگر بات کرے تو نسنی جاوے تب فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم هذا خير من ملء الأرض مثل هذا متفق عليه وعن عائشة قالت ما شبع

رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے یہہ مرد بہتر ہے پوری زمین سے مانند اسکے مال ۔ ق ۔ اور روایت ہے عائشہ سے بولیں نہ آسودہ ہو

آل محمد من خبز الشعير يومين متتابعين حتى قبض رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم متفق عليه وعن سعيد

گھر والے محمد کے جو کی روٹی سے دو دن لگے تار یہاں تک کہ قبض ہوی روح رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ۔ ق ۔ اور روایت ہے سعید

المقبري عن أبي هريرة أنه مر بقوم بين أيديهم شاة مصلية فدعوه فأبى أن يأكل وقال خرج النبي صلى الله

مقبری سے ابی ہریرہ سے کہ وہ گذرے ایک قوم پر کہ روبرو انکے ایک بکری تھی تلی سو بلایا اسکو تو نکھایا اور کہا تشریف لے گئے نبی صلے اللہ

عليه وآله وسلم من الدنيا ولم يشبع من خبز الشعير رواه البخاري وعن أنس أنه مشى إلى النبي صلى الله عليه وآله و

علیہ والہ وسلم دنیا سے اور نہ آسودہ ہو جو کی روٹی سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہ حاضر کی اسنے نبی صلی اللہ علیہ والہ و

سلم بخبز الشعير وإهالة سنخة ولقد رهن النبي صلى الله عليه وآله وسلم درعا بالمدينة عند يهودي وأخذ منه

سلم کی خدمت میں روٹی جو کی اور کلی چربی اور مقرر گروی رکھی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے زرہ اپنی مدینے میں ایک یہودی پاس اور لیا

شعيرا لأهله ولقد سمعته يقول ما أمسى عند آل محمد صاع بر ولا صاع حب وإن عنده لتسع نسوة رواه البخاري

جو اپنے گھر والوں کیلئے اور البتہ سنا میں نے آپ کو فرماتے شام کیا نزدیک آل محمد کے ایک صاع گیہوں اور نہ ایک صاع دانے کا حالانکہ آپ پاس نو بیبیاں تھیں روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن عمر قال دخلت على رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فإذا هو مضطجع على رمال حصير ليس بينه وبينه

اور روایت ہے عمر سے کہا حاضر ہوا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں کہ آپ لیٹے تھے چٹائی پر نہ بچھا تھا بیچ

فراش قد أثر الرمال بجنبه متكئا على وسادة من أدم حشوها ليف قلت يا رسول الله ادع الله فليوسع على أمتك

کوئی کپڑا مقرر داغ پڑ گیا تھا بوریا کا پہلو میں آپکے ٹیک دئے کر چمڑے کے تکیہ پر کہ اندر اسکے لیف تھا کہا میں نے یا رسول اللہ دعا کیجئے خدا سے تو وسعت کرے آپکی امت پر

فإن فارس والروم قد وسع عليهم وهم لا يعبدون الله فقال أوفي هذا أنت يا ابن الخطاب يعني أولئك قوم

کیونکہ فارس اور روم عیش و آرام میں ہیں حالانکہ وے نہیں پوجتے اللہ کو تب فرمایا کیا چاہتا ہے تو اس دنیا میں اے بیٹے خطاب کے یعنی ایک قوم ہیں

عجلت لهم طيباتهم في الحيوة الدنيا وفي رواية أما ترضى أن تكون لهم الدنيا ولنا الآخرة متفق عليه

کہ جلد ملیں انکو ستھرائیاں انکی دنیا کی زندگی میں اور ایک روایت میں کہا تو راضی نہیں ہوتا کہ انکے لئے ہو دنیا اور ہمارے لئے ہو آخرت ۔ ق ۔

وعن أبي هريرة قال لقد رأيت سبعين من أصحاب الصفة ما منهم رجل عليه رداء إما إزار وإما كساء قد

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا البتہ دیکھا میں نے ستر شخص اصحاب صفہ سے ان میں سے کوئی کہ ہو اسپر چادر یا تہبند یا کمبل مقرر

ربطوا فی اعناقهم فمنها ما یبلغ نصف الساقین ومنها ما یبلغ الکعبین فیجمعه بیده کراهیة ان ترى عورته رواه البخاری
باندھتے تھے اپنی گردنوں پر انمیں سے بعض کنارہ ڈھانپتا آدھی پنڈلیوں کو اور بعض ڈھانپتا دو نو ٹخنوں کو پھر درست کرتے اسکو واسطے برا جاننے کے نظر آوے ستر نگاہ کی انکے

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اذا نظر احدكم الى من فضل عليه في المال والخلق فلينظر الى من هو اسفل
اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ جب کوئی دیکھے مال اور صورت میں اپنے سے بہتر کو تو چاہئے کہ اپنے سے کمتر کو دیکھے

منه متفق عليه وفي رواية لمسلم قال صلى الله عليه وآله وسلم انظروا الى من هو اسفل منكم ولا تنظروا الى من هو فوقكم
ہو متفق ہے اور مسلم کی ایک روایت میں فرمایا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے دیکھو اپنے سے کمتر کو اور نہ دیکھو اپنے سے بہتر کو

فهو اجدر ان لا تزدروا نعمة الله عليكم

الفصل الثاني

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم
سو یہ دیکھنا سزاوار ہے کہ حقیر نجانو اللہ کی نعمت کو جو تم پر ہے فصل دوسری روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے

يدخل الفقراء الجنة قبل الاغنياء بخمسمائة عام نصف يوم رواه الترمذي وعن انس ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم
داخل ہونگے محتاج لوگ بہشت میں پہلے بڑے آدمیوں کے پانسو برس جو آدھا دن ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے

قال اللهم احيني مسكينا وامتني مسكينا واحشرني في زمرة المساكين فقالت عائشة لم يا رسول الله قال انهم يدخلون
فرمایا ای اللہ زندہ رکھ مجھکو مسکین اور مار مجھکو مسکین اور حشر کر میرا گروہ میں مسکینوں کے سو پوچھا عائشہ نے کیوں اے رسول اللہ فرمایا کہ وے داخل ہونگے

الجنة قبل اغنيائهم باربعين خريفا يا عائشة لا تردي المسكين ولو بشق تمرة يا عائشة احبي المساكين وقربيهم
بہشت میں پہلے دولتمندوں کے چالیس برس ای عائشہ مت پھیر مسکینوں کو اگرچہ آدھا ٹکڑا خرمے کا ہو ای عائشہ دوست رکھ مسکینوں کو اور نزدیک کر انکو

فان الله يقربك يوم القيامة رواه الترمذي والبيهقي في شعب الايمان وروى ابن ماجة عن ابي سعيد الى قوله في زمرة
کہ اللہ تعالی نزدیک کریگا تجھے روز قیامت کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت کیا ابن ماجہ نے ابی سعید سے قول تک فی زمرۃ

المساكين وعن ابي الدرداء عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال ابغوني في ضعفائكم فانما ترزقون او تنصرون
المساکین ہے اور روایت ہے ابی الدرداء سے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا ڈھونڈھو مجھے ضعیفوں میں اپنے کیونکہ تمکو روزی اور مدد ملتی ہے

بضعفائكم رواه ابو داود وعن امية بن خالد بن عبد الله بن اسيد عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم انه كان
برکت سے تمہارے ضعیفوں کے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے امیہ بن خالد بن عبد اللہ بن اسید سے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کہ تھے آپ

يستفتح بصعاليك المهاجرين رواه في شرح السنة وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا
فتح مانگتے برکت سے درویش ہجرت کرنے والوں کی روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نہ

تغبطن فاجرا بنعمة فانك لا تدري ما هو لاق بعد موته ان له عند الله قاتلا لا يموت يعني النار رواه في شرح
رشک کر کسی بدکار کی نعمت دیکھ کر کیونکہ تو نہیں جانتا کہ کیا پانے والا ہے بعد موت کے اپنی نزدیک خدا کے عذاب کرنے والا جو نہ مریگا یعنی آگ روایت کیا اسکو شرح

السنة وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الدنيا سجن المؤمن وسنته فاذا فارق الدنيا
سنہ میں اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے دنیا قید خانہ ایماندار کا ہے اور خشکسالی اسکی اور جب چھوڑتا ہے دنیا

فارق السجن والسنة رواه في شرح السنة وعن قتادة بن النعمان ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال اذا احب
تو چھوڑتا ہے بندیخانہ اور خشکسالی کو روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور روایت ہے قتادہ بن النعمان سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جب دوست رکھتا ہے اللہ

عبدًا حماه الدنیا کما یظل احدکم یحمی سقیمه الماء رواه احمد والترمذی وعن محمود بن لبید ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کسی بندے کو تو باز رکھتا ہے اس سے دنیا جیسا کہ کوئی تمہارا پرہیز کراتا ہے بیمار کو اپنے پانی سے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے محمود بن لبید سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

قال اثنتان یکرهھما ابن ادم یکره الموت والموت خیر للمؤمن من الفتنة ویکره قلة المال وقلة المال اقل للحساب

فرمایا دو چیزیں بری لگتی ہیں بیٹے آدم کو بری لگتی ہے موت حالانکہ موت بہتر ہے مومن کو فتنہ سے اور بری لگتی ہے کمی مال کی اور کمی مال آسان ہے حساب کے لئے

رواه احمد وعن عبد اللہ بن مغفل قال جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فقال انی احبك قال انظر ما تقول فقال

روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے عبد اللہ بن مغفل سے کہا کہ آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس پھر کہا کہ دوست رکھتا ہوں میں آپکو کہا دیکھ کیا کہتا ہے پھر کہا

واللہ انی لاحبك ثلث مرات قال ان کنت صادقًا فاعد للفقر تجفافًا للفقر اسرع الی من یحبنی من السیل الی

قسم ہے خدا کی مقرر دوست رکھتا ہوں آپکو تین دفعہ فرمایا اگر تو سچا ہے تو اختیار کر محتاجی کے لئے صبر البتہ محتاجی جلد پہنچنے والی ہے اسکو جو دوست رکھتا ہے مجھے سیل

منتهاه رواه الترمذی وقال هذا حدیث غریب وعن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لقد اخفت فی اللہ

انجام کو اپنے سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقرر ڈرایا گیا میں اللہ کے دین میں

وما یخاف احد ولقد اوذیت فی اللہ وما یؤذی احد ولقد اتت علی ثلثون من بین لیلة ویوم ومالی ولبلال طعام

اور ڈرایا نجاویگا ایسا کوئی اور ایذا دیا گیا میں اللہ کے دین میں اور ایذا دیا جاویگا ایسا کوئی اور گذرے مجھ پر تیس رات اور دن اور نہ تھا میرے اور بلال کے لئے کوئی

یاکله ذو کبد الا شیء یواریه ابط بلال رواه الترمذی وقال ومعنی هذا الحدیث حین خرج النبی صلی اللہ علیہ

کہ کھاوے اسکو کوئی جاندار مگر اتنا کہ چھپا لیوے اسکو بغل بلال کی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا اور مراد اس حدیث کی جب نکلے تھے نبی صلی اللہ علیہ

وآلہ وسلم هاربًا من مکة ومعه بلال انما کان مع بلال من الطعام ما یحمل تحت ابطه وعن ابی طلحة قال شکونا

وآلہ وسلم عاجز ہو کر مکے سے اور ساتھ حضرت کے بلال تھے اور نہ تھا ساتھ بلال کے کھانے کی جنس سے مگر اسقدر جو اٹھاتے اپنے بغل میں اور روایت ہے ابی طلحہ سے کہا کہ شکایت کی ہم نے

الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الجوع فرفعنا عن بطوننا عن حجر حجر فرفع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھوک کی سو اٹھایا ہم نے اپنے پیٹ سے ایک ایک پتھر پھر اٹھایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

عن بطنه عن حجرین رواه الترمذی وقال هذا حدیث غریب وعن ابی هریرة انه اصابهم جوع فاعطاهم رسول اللہ

اپنے پیٹ سے دو پتھر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ پہنچی صحابہ کو بھوک سو دیا ان کو رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمرة تمرة رواه الترمذی وعن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده عن رسول اللہ صلی اللہ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک ایک کھجور روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اپنے باپ سے انکے دادے سے پیغمبر خدا صلی اللہ

علیه وآلہ وسلم قال خصلتان من کانتا فیه کتبه اللہ شاکرًا صابرًا من نظر فی دینه الی من هو فوقه فاقتدی به

علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا دو خوبیں جسمیں ہوں لکھتا ہے اسکو اللہ شکر و صبر کرنے والا جو شخص کہ دیکھتا ہے دین میں اپنے سے بہتر کیطرف پھر اقتدا کرتا ہے اسکا

ونظر فی دنیاه الی من هو دونه فحمد اللہ علی ما فضله اللہ علیه کتبه اللہ شاکرًا صابرًا ومن نظر فی دینه الی من هو

اور دیکھتا ہے دنیا میں اپنے سے کمتر کو پھر حمد کرتا ہے اللہ کا اس پر جو فضیلت دی اللہ نے اسکو لکھتا ہے اسکو اللہ شکر و صبر کرنے والا اور جسنے دیکھا اپنے دین میں اپنے

دونه ونظر فی دنیاه الی من هو فوقه فاسف علی ما فاته منه لم یکتبه اللہ شاکرًا ولا صابرًا رواه الترمذی

کمتر کو اور دیکھا دنیا میں اپنے سے بہتر کو پھر افسوس کیا اس پر جو نہ پہنچی اسکو دنیا سے تو نہیں لکھتا ہے اسکو اللہ شکر کرنے والا اور نہ صبر کرنے والا روایت کیا اسکو ترمذی نے

وذکر حدیث ابی سعید ابشروا یا معشر صعالیک المهاجرین فی باب بعد فضائل القرآن

اور ذکر کی گئی ہے حدیث ابی سعید کی جو ابشروا یا معشر صعالیک المہاجرین ہے اس باب میں جو بعد فضائل قرآن کے ہے

الفصل الثالث

فصل تیسری

عن ابی عبد الرحمن الحبلی قال سمعت عبد الله بن عمرو وسأله رجل قال ألسنا من فقراء المهاجرین فقال له عبد الله ألك امرأة تأوی الیها قال نعم قال ألك مسكن تسكنه قال نعم قال فأنت من الأغنیاء قال فإن لی خادما قال فأنت من الملوك قال عبد الرحمن وجاء ثلاثة نفر الی عبد الله بن عمرو وأنا عنده فقالوا یا أبا محمد إنا والله ما نقدر علی شیء لا نفقة ولا دابة ولا متاع فقال لهم ما شئتم إن شئتم رجعتم إلینا فأعطیناکم ما یسر الله لكم وإن شئتم ذکرنا أمرکم للسلطان وإن شئتم صبرتم فإنی سمعت رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم یقول إن فقراء المهاجرین یسبقون الأغنیاء یوم القیامة الی الجنة بأربعین خریفا قالوا فإنا نصبر لا نسأل شیئا. رواه مسلم

روایت ہے ابی عبد الرحمن حبلی سے کہا سنا میں نے عبد اللہ بن عمرو کو جس حال میں کہ پوچھا ان کو ایک مرد نے کہا کیا نہیں ہیں ہم محتاج ہجرت کرنے والوں سے کہا اسکو عبد اللہ نے کیا تیری بی بی ہے کہ رہتا ہے تو ساتھ اسکے کہا ہاں کہا تیرا گھر ہے کہ رہتا ہے تو اسمیں کہا ہاں تب تو تو دولتمندوں سے ہے کہا اور ایک خدمتگار ہے میرا کہا کہ تو تو بادشاہوں سے ہے کہا عبد الرحمن نے اور آئے تین شخص عبد اللہ بن عمرو کے پاس اور میں تھا نزدیک اسکے پھر بولے اے ابا محمد قسم خدا کی نہیں رکھتے ہم کچھ نہ خرچ اور نہ چوپایہ اور نہ متاع تب کہا ان کو کیا چاہتے ہو تم اگر چاہو تو دوسری دفعہ آؤ ہمارے پاس کہ دیویں تم کو جو کچھ کہ دلاوے خدا اور اگر چاہو تو ذکر کریں تمہارا حال نزدیک بادشاہ کے اور اگر چاہو تو صبر کرو کیونکہ میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے کہ فقیر محتاج وطن چھوڑنے والے آگے جاویں گے مالدار وطن چھوڑنے والوں سے قیامت کے دن بہشت میں چالیس برس آگے کہا انہوں نے پس ہم صبر کرتے ہیں نہیں چاہتے ہیں کچھ روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن عبد الله بن عمرو قال بینما أنا قاعد فی المسجد وحلقة من فقراء المهاجرین قعود إذ دخل النبی صلی الله علیه وآله وسلم فقعد إلیهم فقمت إلیهم فقال النبی صلی الله علیه وآله وسلم لیبشر فقراء المهاجرین بما یسر وجوههم فإنهم یدخلون الجنة قبل الأغنیاء بأربعین عاما قال فلقد رأیت ألوانهم أسفرت قال عبد الله بن عمرو حتی تمنیت أن أکون معهم أو منهم. رواه الدارمی

اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا اسی حال میں کہ میں بیٹھا تھا مسجد میں حالانکہ ایک حلقہ محتاج وطن چھوڑنے والوں کا بیٹھا تھا کہ ناگاہ آئے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سو بیٹھے انکے بیچ سو اٹھ گیا میں انکی طرف سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چاہیئے کہ خوشخبری سنائی جاوے محتاج وطن چھوڑنے والوں کو اسکی جو خوشحال کرے چہروں کو انکے کہ وہ داخل ہونگے بہشت میں پہلے مالداروں سے چالیس برس کہا سو قسم خدا کی البتہ دیکھا میں نے رنگ انکے کہ روشن ہوگئے کہا عبد اللہ بن عمرو نے یہاں تک آرزو کی میں نے کہ ہوؤں میں ساتھ ان کے یا ان میں سے روایت کیا اسکو دارمی نے

وعن أبی ذر قال أمرنی خلیلی بسبع أمرنی بحب المساکین والدنو منهم وأمرنی أن أنظر إلی من هو دونی ولا أنظر إلی من هو فوقی وأمرنی أن أصل الرحم وإن أدبرت وأمرنی أن لا أسأل أحدا شیئا وأمرنی أن أقول بالحق وإن کان مرا وأمرنی أن لا أخاف فی الله لومة لائم وأمرنی أن أکثر من قول لا حول ولا قوة إلا بالله فإنهن من کنز تحت العرش. رواه أحمد

اور روایت ہے ابی ذر سے کہا حکم کیا مجھے میرے حبیب نے سات خصلتوں کا حکم کیا مجھے مسکینوں کی دوستی کا اور انکے نزدیک ہونے کا اور حکم کیا مجھے کہ دیکھوں میں اپنے سے کمتر کو اور نہ دیکھوں اپنے سے بہتر کو اور صلہ رحم کروں اگرچہ پیٹھ دیکر جاوے اور فرمایا مجھے کہ نہ مانگوں کسی سے کچھ اور فرمایا کہ بولوں حق اگرچہ تلخ ہو اور فرمایا مجھے کہ نہ ڈروں اللہ کے دین میں ملامت کرنے والے کی ملامت سے اور فرمایا مجھ کو اکثر پڑھا کروں اس کلمے کو لا حول ولا قوۃ الا باللہ کیونکہ یہ کلمہ اس گنج سے ہے جو نیچے عرش کے ہے روایت کیا اسکو احمد نے

وعن عائشة قالت کان رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم یعجبه من الدنیا ثلاثة الطعام والنساء والطیب فأصاب اثنین ولم یصب

اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھلی معلوم ہوتی انکو دنیا کی تین چیز کھانا اور عورت اور خوشبو سو ملی آپکو دو چیز اور نہ ملی ایک۔

اَصَابَ النِّسَاءَ وَالطِّيبَ وَلَمْ يُصِبِ الطَّعَامَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حُبِّبَ اِلَيَّ

ملی عورت اور خوشبو اور نہ ملا کھانا روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے پیاری ہے مجھکو

الطِّيبُ وَالنِّسَاءُ وَجُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلٰوةِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَزَادَ ابْنُ الْجَوْزِيِّ بَعْدَ قَوْلِهٖ حُبِّبَ اِلَيَّ مِنَ الدُّنْيَا

خوشبو اور عورت اور کی گئی ٹھنڈک میری آنکھ کی نماز میں روایت کیا اسکو احمد اور نسائی نے اور زیادہ کیا ہے ابن جوزی نے بعد قول آنحضرت کے حُبِّبَ اِلَیَّ کے لفظ مِنَ الدُّنْیَا کو

وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رض اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَ بِهٖ اِلَى الْيَمَنِ قَالَ اِيَّاكَ وَالتَّنَعُّمَ فَاِنَّ عِبَادَ اللّٰهِ لَيْسُوْا

اور روایت ہے معاذ بن جبل رض سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے جب بھیجا ان کو یمن کی طرف فرمایا بچیے رہو آرام اٹھانے سے کیونکہ بندے خدا کے نہیں ہوتے ہیں

بِالْمُتَنَعِّمِيْنَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنْ عَلِيٍّ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ رَضِيَ مِنَ اللّٰهِ بِالْيَسِيْرِ مِنَ الرِّزْقِ رَضِيَ اللّٰهُ

آرام اٹھانے والے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے علی رض سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جو شخص کہ راضی ہو خدا سے تھوڑی روزی میں راضی ہوتا ہے خدا

عَنْهُ بِالْقَلِيْلِ مِنَ الْعَمَلِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ جَاعَ اَوِ احْتَاجَ فَكَتَمَهُ النَّاسَ كَانَ

اس سے تھوڑے عمل میں اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جو شخص کہ بھوکا ہوا یا محتاج ہوا پھر چھپایا لوگوں سے ہوا

حَقًّا عَلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اَنْ يَرْزُقَهُ رِزْقَ سَنَةٍ مِنْ حَلَالٍ رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ

لازم اللہ عزوجل پر کہ پہنچاوے اسکو روزی ایک برس کی حلال کی وجہ سے روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے عمران بن حصین سے کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ عَبْدَهُ الْمُؤْمِنَ الْفَقِيْرَ الْمُتَعَفِّفَ اَبَا الْعِيَالِ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ اللہ دوست رکھتا ہے اپنے بندہ مومن کو جو محتاج پارسا ہو عیال دار روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے زید بن اسلم سے

قَالَ اسْتَسْقٰى يَوْمًا عُمَرُ فَجِيْئَ بِمَاءٍ قَدْ شِيْبَ بِعَسَلٍ فَقَالَ اِنَّهُ لَطَيِّبٌ لٰكِنِّيْ اَسْمَعُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ نَعٰى عَلٰى قَوْمٍ شَهَوَاتِهِمْ فَقَالَ

کہا کہ پانی مانگا ایک دن عمر نے پھر لایا گیا پانی جو ملا ہوا شہد سے تھا تب کہا کہ یہ پانی پاک ہے لیکن میں سنتا ہوں اللہ عزوجل کو عیب کیا ایک قوم کو ان کے نفس کی خواہش پر سو فرمایا

اَذْهَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ فِيْ حَيٰوتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا فَاَخَافُ اَنْ تَكُوْنَ حَسَنَاتُنَا عُجِّلَتْ لَنَا فَلَمْ يَشْرَبْهُ رَوَاهُ رَزِيْنٌ

لے لو تم اپنے نفس کی خواہشوں کو دنیا کی زندگی میں اور فائدہ اٹھا لو ان سے سو ڈرتا ہوں میں کہ ہو جاویں نیک عمل ہمارے کہ جلد دیا جاوے تو ان کو نہ پیا اسکو روایت کیا اسکو رزین نے

وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَا شَبِعْنَا مِنْ تَمْرٍ حَتّٰى فَتَحْنَا خَيْبَرَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

اور روایت ہے ابن عمر سے کہا نہ آسودہ ہوئے ہم خرمے سے یہاں تک کہ فتح کیا ہمنے خیبر کو روایت کیا اسکو بخاری نے

بَابُ الْاَمَلِ وَالْحِرْصِ

باب امید اور حرص کا

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

فصل پہلی

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ خَطَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ خَطًّا مُرَبَّعًا وَخَطَّ خَطًّا فِي الْوَسَطِ خَارِجًا مِنْهُ وَخَطَّ خُطَطًا صِغَارًا اِلٰى هٰذَا

روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہا کہ لکیر کھینچی نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ایک لکیر چوکھونی اور کھینچی ایک لکیر بیچ اسکے اندر جو باہر نکل گئی مربع سے اور کھینچیں لکیریں چھوٹی اس

الَّذِيْ فِي الْوَسَطِ مِنْ جَانِبِهِ الَّذِيْ فِي الْوَسَطِ فَقَالَ هٰذَا الْاِنْسَانُ وَهٰذَا اَجَلُهُ مُحِيْطٌ بِهٖ وَهٰذَا الَّذِيْ هُوَ خَارِجٌ اَمَلُهُ وَهٰذِهِ

بیچ والی کی طرف جو درمیان تھی پھر فرمایا کہ یہ آدمی ہے اور یہ اسکی موت ہے جو گھیری ہے اسکو اور یہ جو باہر نکلی ہے سو امید اسکی اور یہ

الْخُطَطُ الصِّغَارُ الْاَعْرَاضُ فَاِنْ اَخْطَاَهُ هٰذَا نَهَشَهُ هٰذَا وَاِنْ اَخْطَاَهُ هٰذَا نَهَشَهُ هٰذَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ خَطَّ

چھوٹی لکیریں آفات ہیں سو اگر یہ آفت چوکی تو کاٹا اسکو اس آفت نے اور اگر وہ چوکی تو کاٹا اسکو اسنے یعنی اسنے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ خُطُوْطًا فَقَالَ هٰذَا اَمَلُهُ وَهٰذَا اَجَلُهُ فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ اِذْ جَاءَهُ الْخَطُّ الْاَقْرَبُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے لکیریں پھر فرمایا یہ امید ہے آدمی کی اور یہ موت اسکی سو وہ اسی حالت میں ہوتا ہے کہ یکایک آپہنچتی ہے اسکو خط جو بہت قریب ہے روایت کیا اسکو بخاری نے

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يهرم ابن آدم ويشب فيه اثنان الحرص على المال والحرص على العمر

اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بوڑھا ہوتا ہے آدمی اور جوان ہوتی ہیں اس میں دو خصلتیں حرص مال پر اور عمر پر

متفق عليه وعن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال لا يزال قلب الكبير شابا في اثنين في حب الدنيا وطول

ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا ہمیشہ بڈھے کا دل جوان ہوتا ہے دو چیزوں میں دوستی میں دنیا کے اور درازی

الأمل متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أعذر الله إلى امرئ أخر أجله حتى بلغه ستين سنة

امید میں ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ چھوڑی خدا نے جائے عذر اس مرد کی کہ مہلت دی اس کو موت میں یہاں تک کہ پہنچایا اس کو

رواه البخاري وعن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال لو كان لابن آدم واديان من مال لابتغى ثالثا ولا يملأ

روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے ابن عباس سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا اگر آدمی کے پاس دو جنگل بھر مال ہو البتہ تلاش کرتا ہے تیسرا جنگل کو اور نہیں بھرتا

جوف ابن آدم إلا التراب ويتوب الله على من تاب متفق عليه وعن ابن عمر قال أخذ رسول الله صلى الله عليه وآله

پیٹ آدمی کا سوائے خاک کے ق اور رحمت سے متوجہ ہوتا ہے خدا اس پر جو حرص سے توبہ کرے ق ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ پکڑا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم ببعض جسدي فقال كن في الدنيا كأنك غريب أو عابر سبيل وعد نفسك من أهل القبور رواه البخاري الفصل

وسلم نے بعض بدن کو میرے اور فرمایا رہ دنیا میں گویا کہ تو مسافر ہے یا گذرنے والا راہ کا اور شمار کر اپنے کو قبر والوں سے روایت کیا اس کو بخاری نے فصل

الثاني عن عبد الله بن عمرو قال مر بنا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يوما وأنا وأمي نطين شيئا فقال ما هذا يا

دوسری روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ گذرے ہم پر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دن حالانکہ میں اور ماں میری کہگل کرتے تھے کچھ پس فرمایا کیا ہے یہ اے

عبد الله قلت شيء نصلحه قال الأمر أسرع من ذلك رواه أحمد والترمذي وقال هذا حديث غريب وعن ابن عباس

عبد اللہ کہا میں نے ایک چیز ہے کہ اصلاح کرتا ہوں اس کی فرمایا کام بہت جلدی ہے اس سے روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عباس سے

أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم كان يهريق الماء فيتيمم بالتراب فأقول يا رسول الله إن الماء منك قريب يقول ما

کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہاتے پانی ق پھر تیمم کرتے مٹی سے سو کہتا میں یا پیغمبر خدا پانی آپ سے نزدیک ہے تو فرماتے کیا

يدريني لعلي لا أبلغه رواه في شرح السنة وابن الجوزي في كتاب الوفاء وعن أنس أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم

جانوں میں شاید نہ پہنچوں اس تک روایت کیا اس کو شرح سنت میں اور ابن جوزی نے کتاب الوفاء میں اور روایت ہے انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

قال هذا ابن آدم وهذا أجله ووضع يده عند قفاه ثم بسط فقال وثم أمله رواه الترمذي وعن أبي سعيد

کہا یہ آدمی ہے اور یہ ہے موت اس کی اور رکھا ہاتھ اپنا اپنی گردن پاس پھر کھولا اور کہا اور اسی جگہ ہے امید اس کی روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے ابی سعید

الخدري أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم غرز عودا بين يديه وآخر إلى جنبه وآخر أبعد منه فقال أتدرون

خدری رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گاڑدی ایک لکڑی روبرو اپنے اور دوسری نزدیک پہلو کے اور تیسری بہت دور سے تب فرمایا کیا جانتے ہو

ما هذا قالوا الله ورسوله أعلم قال هذا الإنسان وهذا الأجل أراه قال وهذا الأمل فيتعاطى الأمل فلحقه

کیا ہے یہ عرض کیا اللہ اور رسول اس کا خوب جانتا ہے فرمایا یہ آدمی ہے اور یہ موت گمان کرتا ہوں کہ فرمایا اور یہ ہے امید پس مشغول ہے امید میں سو پہنچتی ہے اس کو

الأجل دون الأمل رواه في شرح السنة وعن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال عمر أمتي من ستين

موت نہ امید روایت کیا اس کو شرح سنت میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا عمر میری امت کی ساٹھ

سَنَةً إِلَى السَّبْعِينَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ أَعْمَارُ أُمَّتِي مَا بَيْنَ

برس ہی ستر برس تک مالدار ہوگا کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے عمریں میری امت کے درمیان

عبد الله بن عمر هل تدري ما قال ابي لابيك قال قلت لا قال فان ابي قال لابيك يا ابا موسى هل يسرك ان اسلامنا مع رسول الله صلى

عبداللہ بن عمر نے بھلا جانتا ہے کیا کہا میرے باپ نے تیرے باپ کو کہا کہ میں نے کہا نہیں تب ابن عمر نے کہا سو میرے باپ نے کہا تیرے باپ سے اے ابا موسیٰ کیا خوش کرتا ہے تجھکو یہ کہ اسلام لانا ہمارا ساتھ پیغمبر خدا صلے

الله عليه وآله وسلم وهجرتنا معه وجهادنا معه وعملنا كله معه برد لنا وان كل عمل عملناه بعده نجونا منه كفافا راسا براس فقال

اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور ہجرت ہماری ساتھ ان کے اور جہاد ہمارا ساتھ ان کے اور عمل سب ہمارا کہ کئے ہم ساتھ ان کے ثابت رہے ہمارے لئے اور جو عمل کیا ہم نے بعد آنحضرت کے نجات دیں ہم اس سے برابر سر بسر تب کہا

ابوك لابي لا والله قد جاهدنا بعد رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وصلينا وصمنا وعملنا خيرا كثيرا واسلم على ايدينا

تیرے باپ نے میرے باپ کو نہیں قسم ہے خدا کی تحقیق جہاد کیا ہم نے بعد پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور نماز پڑھی ہم نے اور روزہ رکھا ہم نے اور کی ہم نے بہت نیکیاں اور مسلمان ہوئے ہمارے ہاتھ

بشر كثير وانا لنرجو ذلك فقال ابي ولكني انا والذي نفس عمر بيده لوددت ان ذلك برد لنا وان كل شيء عملناه بعد نجونا منه

آدمی بہت اور تحقیق ہم امید رکھتے ہیں اس کی تب کہا میرے باپ نے لیکن میں قسم ہے اس شخص کی کہ جان عمر کی بیچ قابو اسکے ہے البتہ دوست رکھتا ہوں میں کہ وہ ثابت رہے ہمارے لئے اور جو عمل کیا ہم نے بعد حضرت کے نجات پاویں ہم اس سے

كفافا راسا براس فقلت ان اباك والله كان خيرا من ابي رواه البخاري وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

برابر سر بسر تب کہا میں نے کہ باپ تیرا قسم خدا کی تھا بہتر باپ سے میرے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

امرني ربي بتسع خشية الله في السر والعلانية وكلمة العدل في الغضب والرضا والقصد في الفقر والغنى وان اصل من قطعني

حکم کیا مجھے رب میرے نے ساتھ نو خصلت کا ڈر اللہ سے پوشیدہ اور ظاہر میں اور بات انصاف کی کہنی غصے اور خوشی کی حالت میں اور میانہ روی محتاجی اور تونگری میں اور یہ کہ ملوں اس سے جو

واعطي من حرمني واعفو عمن ظلمني وان يكون صمتي فكرا ونطقي ذكرا ونظري عبرة وامر بالعرف وقيل بالمعروف رواه رزين

اور دوں ایسے کو جو نہ دے مجھے اور درگذر کروں اس سے جو ظلم کرے مجھ پر اور ہو خاموشی میری فکر اور ہو بات کہنا میرا ذکر اور ہو نظر میری عبرت اور حکم کیا کہ بتلاؤں بھلی بات اور کہا گیا بالمعروف روایت کیا اسکو رزین نے

وعن عبد الله بن مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ما من عبد مؤمن يخرج من عينيه دموع وان كان

اور روایت ہے عبداللہ بن مسعود رض سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں ہے کوئی بندہ ایماندار کہ نکلے اسکی دونوں آنکھوں سے آنسو اگرچہ

مثل راس الذباب من خشية الله ثم تصيب شيئا من حر وجهه الا حرمه الله على النار رواه ابن ماجه

برابر سر مکھی کے ہو اللہ کے ڈر سے پھر پہنچے تھوڑا سا چہرے اسکے مگر حرام کرتا ہے خدا اسپر آگ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

باب تغير الناس

باب حال بدل جانے کا لوگوں کے

الفصل الاول

فصل پہلی

عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم انما الناس كالابل المائة لا تكاد تجد فيها راحلة متفق عليه

روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بس آدمی کے مثل جیسے سو اونٹ قریب ہے کہ نہ پاوے تو ان میں ایک بھی لائق سواری کے متفق

وعن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لتتبعن سنن من قبلكم شبرا بشبر وذراعا بذراع حتى لو دخلوا

اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے البتہ چلوگے تم اگلوں کی چالوں پر بالشت بالشت بھر اور ہاتھ ہاتھ بھر یہاں تک کہ اگر وہ گھسے ہونگے

جحر ضب تبعتموهم قيل يا رسول الله اليهود والنصارى قال فمن متفق عليه وعن مرداس الاسلمي قال قال رسول الله صلى الله

سوراخ میں سوسمار کے تو تم بھی انکی پیروی کروگے کہا گیا یا رسول اللہ کیا یہود اور نصاریٰ فرمایا پھر کون متفق اور روایت ہے مرداس اسلمی سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ

عليه وآله وسلم يذهب الصالحون الأول فالأول ويبقى حفالة كحفالة الشعير والتمر لا يباليهم الله بالة رواه البخاري

علیہ والہ وسلم نے جاتے رہیں نیک لوگ پہلے پھر پہلے اور باقی رہیں بدکار جیسے کارے جو یا کھجور کے نہیں رکھتا ہے اللہ انسے پرواہ روایت کیا اسکو بخاری نے

الفصل الثاني عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إذا مشت أمتي المطيطاء وخدمتهم أبناء الملوك

فصل دوسری یہ روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم جب چلنے لگیگی امت میری اترا کر اور تابع ہونگی انکی اولاد بادشاہوں کی

أبناء فارس والروم سلط الله شرارها على خيارها رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن حذيفة أن النبي صلى الله عليه

فارس اور روم کے تب مسلط کریگا اللہ ان کے بروں کو ان کے اچھوں پر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے حذیفہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ

وآله وسلم قال لا تقوم الساعة حتى تقتلوا إمامكم وتجتلدوا بأسيافكم ويرث دنياكم شراركم رواه الترمذي وعنه

والہ وسلم نے فرمایا نہ قایم ہوگی قیامت یہاں تک کہ قتل کرو تم اپنے امام کو اور چلاؤ آپس میں تلوار اپنی اور وارث ہو تمہارے دنیا کا بدکار لوگ تم میں سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انہی سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تقوم الساعة حتى يكون أسعد الناس بالدنيا لكع بن لكع رواه

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نہ کھڑی ہوگی قیامت یہاں تک کہ ہو بہتر انصیب والا لوگوں میں دنیا کی جہت سے اور سب سے احمق بیٹا احمق کا روایت کیا اسکو

الترمذي والبيهقي في دلائل النبوة وعن محمد بن كعب القرظي قال حدثني من سمع علي بن أبي طالب قال إنا لجلوس

ترمذی نے اور بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور روایت ہے محمد بن کعب قرظی سے کہا کہ حدیث سنائی مجھے جسنے سنا علی بن ابی طالب رض کو کہا مجھ نے مقرر ہم بیٹھے تھے

مع رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم في المسجد فاطلع علينا مصعب بن عمير ما عليه إلا بردة له مرقوعة بفرو فلما رآه

ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے مسجد میں پھر آگیا ہمارے پاس مصعب بن عمیر ایسے حال میں کہ نہ تھی اوپر مگر ایک چادر جو تھی اسکی پیوند دی ہوئی پوستین سے سو جب دیکھا اسکو

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم بكى للذي كان فيه من النعمة والذي هو فيه اليوم ثم قال رسول الله صلى الله عليه وآله

رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے رودیا اس حال کو یاد کرکے کہ تھے وہ جسمیں نعمتوں سے آگے اس کے اور اس حال کو دیکھ کر کہ جسمیں ہیں وہ آج کے دن پھر فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ

وسلم كيف بكم إذا غدا أحدكم في حلة وراح في حلة ووضعت بين يديه صحفة ورفعت أخرى وسترتم بيوتكم

وسلم نے کیا ہو حال تمہارا جب صبح کرے کوئی تمہارا ایک جوڑے میں اور شام کرے ایک جوڑے میں اور رکھی جاوے روبرو اسکے ایک رکابی اور اٹھائی جاوے دوسری رکابی اور پردے لٹکاؤ گھروں میں

كما تستر الكعبة فقالوا يا رسول الله نحن يومئذ خير منا اليوم نتفرغ للعبادة ونكفى المؤنة قال لا أنتم اليوم خير منكم

جیسا پردہ لٹکایا جاتا ہے کعبہ میں تب عرض کیا بعض صحابہ نے یا رسول خدا ہم اس دن بہتر ہونگے آج کے دن سے فراغت حاصل ہو ہمکو عبادت کے لئے اور کفایت کریں ہمکو اہل وعیال کی محنت سے فرمایا نہیں تم آج کے دن بہتر ہو

يومئذ رواه الترمذي وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يأتي على الناس زمان الصابر فيهم على دينه كالقابض

اس دن سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے آویگا لوگوں پر ایک زمانہ صبر کرنے والا ان میں دین پر اپنے جیسا تھام رکھنے

على الجمر رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إذا كان أمراؤكم خياركم

جلتی چنگاری کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جب ہوں سردار تمہارے بہتر تم میں

وأغنياؤكم سمحاءكم وأموركم شورى بينكم فظهر الأرض خير لكم من بطنها وإذا كان أمراؤكم شراركم وأغنياؤكم بخلاءكم

اور دولتمند تمہارے سخی تم میں اور کام تمہارا آپس کے مشورے سے ہو تو پیٹھ زمین کی بہتر ہے تمہارے لئے اسکے پیٹ سے اور جب ہوں سردار تمہارے برے تم میں اور دولتمند تمہارے بخیل

وأموركم إلى نسائكم فبطن الأرض خير لكم من ظهرها رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن ثوبان قال قال رسول الله صلى الله

اور حوالے ہوں کاروبار تمہارے طرف عورتوں کے تو مرنا تمہارا اچھا ہے جیتے رہنے سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ثوبان سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

یعنی پیٹ زمین کا اچھا ہے تمہارے لئے اسکی پیٹھ سے

عليه وآله وسلم يوشك الامم ان تداعى عليكم كما تداعى الاكلة الى قصعتها فقال قائل ومن قلة نحن يومئذ قال بل انتم يومئذ كثير

علیہ وآلہ وسلم نے قریب ہے کہ گروہ آپس میں جمع ہو جیسے جمع ہوتے ہیں آپس میں کھانے والے رکابی کی طرف کہا کسی نے کیا بسبب تھوڑے ہونے کے ہم اس دن فرمایا بلکہ تم اسدن بہت ہوگے

ولكنكم غثاء كغثاء السيل ولينزعن الله من صدور عدوكم المهابة منكم وليقذفن في قلوبكم الوهن قال قائل يا رسول الله

ولیکن تمہاری مثال ایسی ہوگی جیسے سوکھی پتی ہوتی ہے اور دور کریگا اللہ سینوں سے تمہارے دشمن کے ہیبت تمہاری اور ڈالدیگا تمہارے دلوں میں سستی عرض کیا کسی نے یا رسول اللہ

وما الوهن قال حب الدنيا وكراهية الموت رواه ابوداود والبيهقي في دلائل النبوة

اور کونسی چیز ہوگی سبب سستی کا فرمایا محبت دنیا کی اور برا جاننا موت کا روایت کیا اسکو ابوداود نے اور بیہقی نے دلائل النبوۃ میں

الفصل الثالث

عن ابن عباس قال ما ظهر الغلول في قوم الا القى الله في قلوبهم الرعب ولا فشا الزنا في قوم الا كثر فيهم الموت ولا نقص قوم المكيال والميزان الا قطع عنهم الرزق ولا حكم قوم بغير حق الا فشا فيهم الدم ولا ختر قوم بالعهد الا سلط عليهم العدو رواه مالك

فصل تیسری روایت ہے ابن عباس سے کہا نہ ظاہر ہوا چورانا مال غنیمت کا کسی قوم میں مگر یہ کہ ڈالتا ہے خدا دلوں میں انکے دہشت اور نہ کھلا کھلی ہونے لگا زنا کسی قوم میں مگر کثرت سے ہوتی ہے انمیں موت اور نہ گھٹایا کسی قوم نے ناپ اور تول کو مگر اٹھا لی گئی ان سے برکت روزی کی اور فیصلہ کیا کسی قوم نے ناحق مگر ظاہر ہوا ان کے آپس میں خون بہانا اور نہ توڑا کسی قوم نے عہد کو مگر غالب کیا جاتا ہے ان پر دشمن روایت کیا اسکو مالک نے

الفصل الاول

عن عياض بن حمار المجاشعي ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ذات يوم في خطبته الا ان ربي امرني ان اعلمكم ما جهلتم مما علمني يومي هذا كل مال نحلته عبدا حلال واني خلقت عبادي حنفاء كلهم وانهم اتتهم الشياطين فاجتالتهم عن دينهم وحرمت عليهم ما احللت لهم وامرتهم ان يشركوا بي ما لم انزل به سلطانا وان الله نظر الى اهل الارض فمقتهم عربهم وعجمهم الا بقايا من اهل الكتاب وقال انما بعثتك لابتليك وابتلي بك وانزلت عليك كتابا لا يغسله الماء تقرؤه نائما ويقظان وان الله امرني ان احرق قريشا فقلت رب اذا يثلغوا راسي فيدعوه خبزة قال استخرجهم كما اخرجوك واغزهم نغزك وانفق فسننفق عليك وابعث جيشا نبعث خمسة مثله وقاتل بمن اطاعك من عصاك رواه مسلم

فصل پہلی روایت ہے عیاض بن حمار مجاشعی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایک دن اپنے خطبے میں سنتے رہو مقرر میرے رب نے حکم کیا مجھے کہ سکھاؤں میں تمکو جو چیز نہیں جانتے ہو اس علم سے جو سکھایا مجھے اللہ نے اس دن میں ہر مال جو کہ دیا میں نے بندے کو حلال ہے اور مقرر میں نے پیدا کیا سب بندوں کو اپنے حنیف سو پھیر ڈالا انکو شیطانوں نے دین سے اور حرام کیا ان پر جو حلال کر دیا تھا میں نے ان پر اور بتلایا ان کو کہ شریک ٹھہراویں میرے ساتھ اس چیز کو کہ نہیں اتاری میں نے جس پر دلیل اور مقرر اللہ نے دیکھا زمین والوں کو پھر غصہ کیا عرب اور عجمیوں پر انکے مگر ثابت رہنے والے دین پر کتاب والوں سے فرمایا خدا نے بس بھیجا میں نے تجھکو اسلئے کہ جانچوں تجھے اور جانچوں خلق کو تیرے سبب اور اتاری میں نے تجھ پر کتاب نہ دھو سکے اسکو پانی پڑھیگا تو اسکو سوتا اور جاگتا اور خدا نے حکم کیا مجھے کہ جلا دوں قریش کو میں نے عرض کیا اے پروردگار تب تو توڑینگے سر کو میرے پھر چھوڑینگے اسکو مانند روٹی کے فرمایا نکال انکو جیسا نکالا انھوں نے تجھے اور جہاد کر ان سے غالب کرینگے ہم تجھکو اور خرچ کر پھر خرچ کرینگے ہم تجھ پر اور بھیج لشکر بھیجینگے ہم پانچ برابر اسکے اور لڑ اپنے تابعداروں کو لیکر نافرمانوں سے اپنے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن ابن عباس قال لما نزلت وانذر عشيرتك الاقربين صعد النبي صلى الله عليه وآله وسلم الصفا فجعل ينادي يا بني فهر يا بني عدي لبطون قريش حتى اجتمعوا فقال ارأيتكم لو اخبرتكم ان خيلا بالوادي تريد ان تغير عليكم اكنتم مصدقي قالوا نعم ما جربنا عليك الا صدقا قال فاني نذير لكم بين يدي عذاب شديد فقال ابو لهب تبا لك سائر اليوم الهذا جمعتنا فنزلت تبت يدا

اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ جب اتری یہ آیت اور ڈرا دے گروہ کو اپنے جو ناتے والے ہیں تو چڑھ گئے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوہ صفا پر پکار کر فرمانے لگے اے اولاد فہر کی اے اولاد عدی کی جو گروہ قریش کے تھے یہاں تک کہ جمع ہوئے تب فرمایا بھلا بتلاؤ تو اگر خبر دوں میں تمکو کہ گھوڑے وادی میں ہیں چاہتے ہیں کہ دھاوا ماریں تم پر بھلا ہو تم سچا جانوگے مجھکو بولے ہاں نہ آزمایا ہمنے تجھپر مگر راستی فرمایا سو مقرر میں ڈر سنانے والا ہوں تمکو پہلے ہی عذاب سخت سے تب کہا ابو لہب نے ہلاکی تیرے لئے سارے دن کیا اسی لئے جمع کیا تو نے ہمکو سو اتری تبت یدا

أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ نَادَى يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ إِنَّمَا مَثَلِي وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ رَجُلٍ رَأَى الْعَدُوَّ فَانْطَلَقَ يَرْبَأُ أَهْلَهُ فَخَشِيَ

ابی لہب کے اور ٹوٹ گیا وہ متفق علیہ اور ایک روایت میں ہے کہ پکارا حضرت نے اے اولاد عبد مناف کی بس مثل میری اور تمہاری جیسی مثل اس مرد کی جسنے دیکھا دشمن کو تو چلا وہ کہ بچاوے اپنے لوگوں کو سو ڈرا

أَنْ يَسْبِقُوهُ فَجَعَلَ يَهْتِفُ يَا صَبَاحَاهُ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

کہ اسکے آگے دشمن پہنچ جاوینگے سو چلا یا پکارنے لگا کہ اے لوگو خبردار ہو اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ جب اتری اور ڈرا اپنے قریب کے رشتہ داروں کو بلایا نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم

قُرَيْشًا فَاجْتَمَعُوا فَعَمَّ وَخَصَّ فَقَالَ يَا بَنِي كَعْبِ بْنِ لُؤَيٍّ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِي مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِي

قریش کو سو جمع ہوگئے پھر عام اور خاص کیا انکو پھر فرمایا اے اولاد کعب بن لوی کی چھڑاؤ اپنی جانکو دوزخ سے اے اولاد مرہ بن کعب کی چھڑاؤ اپنی جان کو دوزخ سے اے اولاد

عَبْدِ شَمْسٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِي هَاشِمٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِي عَبْدِ

عبد شمس کی چھڑاؤ اپنی جانکو دوزخ سے اے اولاد عبد مناف کی چھڑاؤ اپنی جان کو دوزخ سے اے اولاد ہاشم کی چھڑاؤ اپنی جان کو دوزخ سے اے اولاد عبد

الْمُطَّلِبِ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا فَاطِمَةُ أَنْقِذِي نَفْسَكِ مِنَ النَّارِ فَإِنِّي لَا أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللهِ شَيْئًا غَيْرَ أَنَّ لَكُمْ رَحِمًا سَأَبُلُّهَا

المطلب کی چھڑاؤ اپنی جان کو دوزخ سے اے فاطمہ چھڑا اپنی جان کو دوزخ سے اسواسطے کہ میں بیشک مالک نہیں تمہارے بچانیکا خدا کے عذاب سے کچھ بھی مگر البتہ تمہاری برادری کا

بِبِلَالِهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي الْمُتَّفَقِ عَلَيْهِ قَالَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ اشْتَرُوا أَنْفُسَكُمْ لَا أُغْنِي عَنْكُمْ مِنَ اللهِ شَيْئًا يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ لَا أُغْنِي عَنْكُمْ

تر و تازہ کرونگا روایت کیا اسکو مسلم نے اور متفق علیہ میں ہے کہ فرمایا حضرت نے اے گروہ قریش کے چھڑاؤ اپنی جانوں کو نہ کام آؤنگا میں تمکو خدا کے عذاب سے کچھ اے اولاد عبد مناف کی نہ کام آؤنگا تمکو

مِنَ اللهِ شَيْئًا يَا عَبَّاسُ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا أُغْنِي عَنْكَ مِنَ اللهِ شَيْئًا يَا صَفِيَّةُ عَمَّةَ رَسُولِ اللهِ لَا أُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللهِ شَيْئًا يَا فَاطِمَةُ

خدا کے عذاب سے کچھ بھی اے عباس بیٹے عبد المطلب کے نہ کام آؤنگا میں تمکو خدا کے عذاب سے کچھ بھی اے صفیہ پھوپی رسول اللہ کی مجھ سے کچھ نہ ہوسکیگا تیرا خدا کے عذاب سے کچھ اے فاطمہ

بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَلِينِي مَا شِئْتِ مِنْ مَالِي لَا أُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللهِ شَيْئًا

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

بیٹی محمد کی مانگ مجھ سے جو چاہے مال میرے سے نہ کام آؤنگا میں تیرے خدا کے عذاب سے کچھ بھی ✻ فصل دوسری روایت ہے ابی موسی سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ

وَآلِهِ وَسَلَّمَ أُمَّتِي هَذِهِ أُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ لَيْسَ عَلَيْهَا عَذَابٌ فِي الْآخِرَةِ عَذَابُهَا فِي الدُّنْيَا الْفِتَنُ وَالزَّلَازِلُ وَالْقَتْلُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ

والہ وسلم نے امت میری جو یہ امت ہے ان پر رحمت ہے نہیں ہے ان پر عذاب آخرت کا عذاب انکا دنیا میں فتنے ہیں اور زلزلہ اور قتل ہونا روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے

أَبِي عُبَيْدَةَ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ هَذَا الْأَمْرَ بَدَأَ نُبُوَّةً وَرَحْمَةً ثُمَّ يَكُونُ خِلَافَةً وَرَحْمَةً ثُمَّ يَكُونُ

ابی عبیدہ اور معاذ بن جبل سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا حضرت نے کہ کام دین کا پیدا ہوا نبوت اور رحمت پھر ہوگا خلافت اور رحمت پھر ہوگا

مُلْكًا عَضُوضًا ثُمَّ كَائِنٌ جَبْرِيَّةً وَعُتُوًّا وَفَسَادًا فِي الْأَرْضِ يَسْتَحِلُّونَ الْحَرِيرَ وَالْفُرُوجَ وَالْخُمُورَ يُرْزَقُونَ عَلَى ذَلِكَ وَيُنْصَرُونَ حَتَّى يَلْقَوُا

بادشاہ گزند پہنچانے والا پھر ہو والا ہے یہہ کام تکبر اور سرکشی اور فساد ملک میں کہ حلال جانینگے ریشمی کپڑے اور فرج اور شرابوں کو روزی دیئے جاینگے باوجود ان خصلتوں کے اور مدد دیئے جاینگے یہانتک کہ ملیں

اللهَ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ أَوَّلَ مَا يُكْفَأُ قَالَ زَيْدُ بْنُ

اللہ سے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے عائشہ رض سے بولیں سنا میں نے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے پہلی جو چیز جھکائی جاوے کہا زید بن

يَحْيَى الرَّاوِي يَعْنِي الْإِسْلَامَ كَمَا يُكْفَأُ الْإِنَاءُ يَعْنِي الْخَمْرَ قِيلَ فَكَيْفَ يَا رَسُولَ اللهِ وَقَدْ بَيَّنَ اللهُ فِيهَا مَا بَيَّنَ قَالَ يُسَمُّونَهَا بِغَيْرِ

یحیی راوی نے یعنے اسلام میں جیسا کہ جھکایا جاتا ہے باسن یانی کا یعنے وہ شراب ہے اور کہا گیا پھر کسطرح یا رسول اللہ حالانکہ بیان کر دیا اللہ نے اسکے باب میں جو کچھ کہ بیان فرمایا فرمایا نام دوسرا رکھینگے اسکا

اسْمِهَا فَيَسْتَحِلُّونَهَا رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نام سے شراب کے پھر حلال جانینگے اسکو روایت کیا اسکو دارمی نے ✻ فصل تیسری روایت ہے نعمان بن بشیر سے حذیفہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

تكون النبوة فيكم ما شاء الله أن تكون ثم يرفعها الله تعالى ثم تكون خلافة على منهاج النبوة ما شاء الله أن تكون

رہیگی نبوت تم میں جب تک اللہ رکھنا چاہے پھر اٹھا لیگا اسکو اللہ تعالی پھر ہوگی خلافت چال پر نبوت کے جب تک اللہ رکھنا چاہے۔

ثم يرفعها الله تعالى ثم تكون ملكا عاضا فتكون ما شاء الله أن تكون ثم يرفعها الله تعالى ثم تكون ملكا جبرية فتكون

پھر اٹھا لیگا اسکو اللہ تعالی پھر ہوگا بادشاہ گزند پہنچانے والا پھر رہیگا جب تک اللہ رکھنا چاہے پھر اٹھا لیگا اسکو اللہ تعالی پھر ہوگا بادشاہ جبار پھر رہیگا۔

ما شاء الله تعالى أن يكون ثم يرفعها الله تعالى ثم يكون خلافة على منهاج النبوة ثم سكت قال حبيب فلما قام عمر بن العبد

جب تک اللہ رکھنا چاہے پھر اٹھا لیگا اسکو اللہ تعالی پھر ہوگی خلافت چلن پر نبوت کے پھر چپ رہے کہا حبیب نے پھر جب کھڑا ہوا عمر بن العبد

العزيز كتبت إليه بهذا الحديث أذكره إياه وقلت أرجو أن يكون أمير المؤمنين بعد الملك العاض والجبرية فسر به وأعجبه

العزیز لکھی میں نے طرف اسکے یہ حدیث جس حال میں کہ یاد دلاتا تھا اسکو یہ حدیث اور کہا میں نے امید رکھتا ہوں کہ ہو تو امیر المومنین بعد بادشاہ گزند پہنچانے والے اور جبار کے پس خوش ہوا

يعني عمر بن عبد العزيز رواه أحمد والبيهقي في دلائل النبوة

یعنی عمر بن عبد العزیز کو روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے دلائل النبوہ میں

كتاب الفتن

کتاب فتنوں کی

الفصل الأول

پہلی فصل

عن حذيفة قال قام فينا رسول الله صلى الله عليه وسلم مقاما ما ترك شيئا يكون في مقامه ذلك إلى قيام الساعة إلا حدث به حفظه من

روایت ہے حذیفہ سے کہا کھڑے ہوئے ہم میں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم ایک جگہ میں کہ نہ چھوڑی کوئی چیز جو ہونے والی ہے اس مقام میں قیامت تک مگر بیان کیا اسکو یاد رکھا اسکو جسنے

حفظه ونسيه من نسيه قد علمه أصحابي هؤلاء وإنه ليكون منه الشيء قد نسيته فأراه فأذكره كما يذكر

یاد رکھا اسکو اور بھولا اسے جسنے بھولا اسکو مقرر جانا اسکو میرے اصحاب نے اور مقرر حال یہ ہے کہ ہوتی ہے اس میں سے چیز کہ بھولا ہوں میں اسکو پھر دیکھتا ہوں اسکو پس یاد کرتا ہوں جیسے یاد کرتا ہے

الرجل وجه الرجل إذا غاب عنه ثم إذا رآه عرفه متفق عليه وعنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول تعرض

کوئی مرد منہ کو کسی مرد کے جب غائب ہو اس سے پھر جب دیکھتا ہے اسکو پہچان لیتا ہے اسکو متفق علیہ اور روایت ہے اسی سے کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے

الفتن على القلوب كالحصير عودا عودا فأي قلب أشربها نكتت فيه نكتة سوداء وأي قلب أنكرها نكتت فيه نكتة بيضاء

فتنے دلوں پر جیسے چٹائی بنانے وقت ایک ایک لکڑی پس جو دل پی گیا ان کو تو داغ لگایا گیا اس میں ایک نکتہ سیاہ اور جو انکار کیا تو داغ لگایا گیا اس میں ایک نکتہ سفید

حتى يصير على قلبين أبيض مثل الصفا فلا تضره فتنة ما دامت السماوات والأرض والآخر أسود مربادا كالكوز مجخيا

تو ہو گئے دل دو قسم ایک سفید جیسے سنگ مرمر نہیں ضرر کرتا اسکو کسی طرح کا فتنہ جب تک قائم ہیں آسمان اور زمین اور دوسرا دل کالا خاکستری رنگ جیسے کوزہ اوندھا

لا يعرف معروفا ولا ينكر منكرا إلا ما أشرب من هواه رواه مسلم وعنه قال حدثنا رسول الله صلى الله عليه وسلم حديثين

نہ پہچانے نیکی اور بدی کا انکار کرے سوا خواہش نفس کے وہ کچھ نہیں جانتا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ سنائی ہم کو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دو باتیں

رأيت أحدهما وأنا أنتظر الآخر حدثنا أن الأمانة نزلت في جذر قلوب الرجال ثم علموا من القرآن ثم علموا من السنة

دیکھ چکا ہوں ایک کو اور منتظر ہوں دوسری کا فرمایا کہ امانت داری اتری دلوں میں لوگوں کے پھر سیکھا انھوں نے قرآن سے پھر سیکھا انھوں نے حدیث سے

وحدثنا عن رفعها قال ينام الرجل النومة فتقبض الأمانة من قلبه فيظل أثرها مثل أثر الوكت ثم ينام النومة

اور خبر دی ہم کو اس کے جاتے رہنے کی فرمایا سوئیگا مرد ایک نیند سو اٹھا لیجاویگی امانت اس کے دل سے تو ہو جاویگا نشان اس کا جیسے نکتہ کا نشان پھر سوئیگا ایک نیند

فتقبض الأمانة فيبقى أثرها مثل المجل كجمر دحرجته على رجلك فنفط فتراه منتبرا وليس فيه شيء ويصبح الناس

تو اٹھا لیجاویگی امانت تو باقی رہیگا اثر اسکا آبلے کی طرح جیسے چنگاری کہ تو ڈھلکاوے اسکو اپنے پاؤں پر تو ابھر آوے سو دیکھتا ہے اسکو پھولا حالانکہ اس میں کچھ نہیں

تبایعون ولا یکاد احد یؤدی الامانۃ فیقال ان فی بنی فلان رجلا امینا ویقال للرجل ما اعقلہ وما اظرفہ وما
خرید وفروخت کرینگے اور نہیں لگتا کوئی بھی امانت کو ادا کرے پھر کہا جاویگا کہ فلانے کی اولاد میں ایک مرد امانت دار ہے اور کہا جاویگا آدمی حق میں کہ کیا ہی عقلمند ہے کیا

اجلدہ وما فی قلبہ مثقال حبۃ من خردل من ایمان متفق علیہ وعنہ قال کان الناس یسألون رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
ولاور ہے حالانکہ نہیں اسکے دل میں برابر دانہ ایک رائی کے بھی ایمان ف ق اور روایت ہے انہی سے کہا کہ تھے لوگ پوچھتے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم عن الخیر وکنت اسألہ عن الشر مخافۃ ان یدرکنی قال قلت یا رسول اللہ انا کنا فی جاھلیۃ وشر فجاءنا اللہ بھذا
وسلم کو نیکی سے اور میں پوچھتا آپ کو بدی سے ڈر کر کہ پہنچے مجھے کہا حذیفہ نے عرض کیا میں نے یا رسول اللہ تھے ہم جاہلیت اور بدی میں پھر بھیجی اللہ نے ہمکو یہ

الخیر فھل بعد ھذا الخیر من شر قال نعم قلت وھل بعد ذلک الشر من خیر قال نعم وفیہ دخن قلت وما دخنہ قال قوم
نیکی سو کیا ہوگا بعد اس نیکی کے بدی فرمایا ہاں کہا میں نے بھلا ہے بعد اس بدی کے کچھ بھلائی فرمایا ہاں اور اسمیں آمیزش ہوگی عرض کیا میں نے اور کیا ہے ملونی اسکی فرمایا ہونگے

یستنون بغیر سنتی ویھدون بغیر ھدیی تعرف منھم وتنکر قلت وھل بعد ذلک الخیر من شر قال نعم دعاۃ علی ابواب جھنم من
بری راہ کے سوا اور سیرت بناویں سوا میری سنت کے ملا کر کینگے بھلے اور برے کام عرض کیا میں نے اور بھلا ہوگی بعد اس نیکی کے بدی فرمایا ہاں بلانے والے ہونگے کھڑے ہو کر اوپر دروازوں دوزخ کے

اجابھم الیھا قذفوہ فیھا قلت یا رسول اللہ صفھم لنا قال ھم من جلدتنا ویتکلمون بالسنتنا قلت فما تامرنی ان ادرکنی
جس نے مانی انکی داخل ہوا اسمیں ڈالینگے اسکو اسمیں عرض کیا میں نے یا رسول اللہ بتا دو حال انکے فرمایا وے ہماری امت سے ہیں اور باتیں کرینگے موافق ہماری بولی کے عرض کیا میں نے پھر کیا حکم ہوتا ہے مجھکو اگر پاؤں میں یہ

ذلک قال تلزم جماعۃ المسلمین وامامھم قلت فان لم یکن لھم جماعۃ ولا امام قال فاعتزل تلک الفرق کلھا ولو ان
ایسا وقت فرمایا اختیار کریگا تو مسلمانوں کی جماعت اور انکے امام کو کہا میں نے پھر اگر نہ ہو انکی جماعت اور نہ امام فرمایا تو الگ ہو جا ان سب فرقوں سے اگرچہ تھو

تعض باصل شجرۃ حتی یدرکک الموت وانت علی ذلک متفق علیہ وفی روایۃ لمسلم قال یکون بعدی ائمۃ لا یھتدون بھدای
پناہ کی جگہ جنگل بیابان تنگ کر آپہنچے تجھے موت حالانکہ تو اسی جنگل میں ہو ق اور مسلم کی ایک روایت میں یوں ہے فرمایا حضرت نے ہوں گے بعد میرے ایسے حاکم نہ چلینگے راہ پر میری

ولا یستنون بسنتی وسیقوم فیھم رجال قلوبھم قلوب الشیاطین فی جثمان انس قال قلت کیف اصنع یا رسول اللہ ان ادرکت
اور نہ اختیار کریں طریقے کو میرے اور کھڑے ہونگے انمیں کتنے مرد کہ دل انکے جیسے دل شیطانوں کے آدمی کی شکل میں کہا حذیفہ نے عرض کیا میں نے کیا کروں میں یا رسول اللہ اگر پاؤں میں

ذلک قال تسمع وتطیع للامیر وان ضرب ظھرک واخذ مالک فاسمع واطع وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی
ایسا وقت فرمایا سن لے اور اطاعت کر حاکم کی اور اگرچہ مارا جاوے پیٹھ تیری اور لیا جاوے مال تیرا تو بھی سن لے اور اطاعت کر اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی

اللہ علیہ وآلہ وسلم بادروا بالاعمال فتنا کقطع اللیل المظلم یصبح الرجل مومنا ویمسی کافرا ویمسی مومنا ویصبح کافرا
اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شتابی کرو نیک اعمال کو فسادوں سے پہلے جیسے اندھیری رات کی اندھیاری کہ صبح کو ہوگا مرد ایماندار اور شام کو ہوگا کافر اور شام کو ہوگا مومن اور

یبیع دینہ بعرض من الدنیا رواہ مسلم وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ستکون فتن القاعد فیھا خیر
بیچیگا دین کو اپنے دنیا کے مال سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عنقریب ہوگا فساد بیٹھا شخص اسمیں بہتر ہے

من القائم والقائم فیھا خیر من الماشی والماشی فیھا خیر من الساعی من تشرف لھا تستشرفہ فمن وجد ملجأ او معاذا
کھڑے سے اور کھڑا اسمیں بہتر ہے چلنے والے سے اور چلنے والا بہتر ہے دوڑنے والے سے جو اسکو جھانکے کھینچ لیگا وہ اسکو پھر جو کوئی پناہ کا مقام پاوے یا بچاؤ کی جگہ تو

فلیعذ بہ متفق علیہ وفی روایۃ لمسلم قال تکون فتنۃ النائم فیھا خیر من الیقظان والیقظان فیھا خیر من القائم
سو جاہیے کہ پناہ میں جا وے ق اور مسلم کی ایک روایت میں یوں ہے فرمایا حضرت نے ہوگا فساد کہ سونا شخص اسمیں بہتر ہوگا جاگنے والے سے اور جاگنے والا اسمیں بہتر ہوگا کھڑے سے

والقائم فيها خير من الساعي فمن وجد ملجأ او معاذا فليستعذ به وعن ابي بكرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

اور کھڑا اسمیں بہتر ہوگا دوڑنے والے سے سو جو کوئی پاوے پناہ کا مقام یا بچاؤ کی جگہ تو چاہیے کہ اس پناہ میں بچاوے اور روایت ہے ابی بکرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

انها ستكون فتن الا ثم تكون فتنة القاعد فيها خير من الماشي فيها والماشي فيها خير من الساعي اليها

مقرر عنقریب ہوں گے فساد پھر ہوگا فساد ایسا کہ بیٹھا شخص بہتر ہوگا چلنے والے سے اس میں اور چلنے والا اسمیں بہتر ہوگا دوڑنے والے سے اسکی طرف

الا فاذا وقعت فمن كان له ابل فليلحق بابله ومن كان له غنم فليلحق بغنمه ومن كانت له ارض فليلحق بارضه فقال رجل يا رسول الله

سنتا رہ پھر جب ہو پڑے فساد پھر جسکا ہو اونٹ تو چاہیے کہ جا ملے اپنے اونٹ میں اور جسکی ہو بکری تو چاہیے کہ جا ملے اپنی بکری میں اور جسکی ہو زمین تو چاہیے کہ جا ملے اپنی زمین میں عرض کیا ایک مرد نے یا رسول اللہ

ارأيت من لم يكن له ابل ولا غنم ولا ارض قال يعمد الى سيفه فيدق على حده بحجر ثم لينج ان استطاع النجاء اللهم هل

بھلا فرمایئے تو جسکا نہ ہو اونٹ بکری اور نہ زمین فرمایا لے تلوار اپنی پھر ٹھونکے اسکی تیزی کو پتھر سے پھر شتابی کرے اگر سکے شتابی کرنے کو ای پروردگار کیا

بلغت ثلاثا فقال رجل يا رسول الله ارأيت ان اكرهت حتى ينطلق بي الى احد الصفين فضربني رجل بسيفه او يجيء سهم

پہنچایا میں نے فرمایا یہ تین بار پھر عرض کیا ایک شخص نے یا رسول اللہ بھلا بتلایئے اگر زبردستی ہو مجھ پر یہانتک کہ پہنچایا جاؤں دونوں صفوں میں سے ایک طرف پھر مارے مجھ کو کوئی اپنی تلوار سے یا آوے تیر

فيقتلني قال يبوء باثمه واثمك ويكون من اصحاب النار رواه مسلم وعن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله

پھر قتل کرے مجھکو فرمایا کہ وہ حاصل کرے گناہ اپنا اور گناہ تیرا اور ہووے دوزخ والوں میں سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم يوشك ان يكون خير مال المسلم غنم يتبع بها شعف الجبال ومواقع القطر يفر بدينه من الفتن رواه البخاري

وسلم نے عنقریب ہے کہ ہو بہتر مال مسلمان کا بکریاں جنکے پیچھے پھریگا پہاڑوں کی چوٹیوں پر اور مقاموں پر پانی برسنے کے بھاگیگا اپنا دین لیکر فسادوں سے روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن اسامة بن زيد قال اشرف النبي صلى الله عليه وآله وسلم على اطم من آطام المدينة فقال هل ترون ما ارى قالوا لا

اور روایت ہے اسامہ بن زید سے کہا کہ چڑھا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قلعہ سے قلعوں سے مدینے کے پھر فرمایا کیا تم دیکھتے ہو جو میں دیکھتا ہوں لوگوں نے کہا کہ نہیں

قال فاني لارى الفتن تقع خلال بيوتكم كوقع المطر متفق عليه وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

فرمایا کہ مقرر میں دیکھتا ہوں فتنوں کو گرتے تمہارے گھروں کے اندر جیسے گرتا مینہ کا متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

هلكة امتي على يدي غلمة من قريش رواه البخاري وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يتقارب الزمان ويقبض العلم

ہلاکی میری امت کی ہاتھ سے قریش کے لونڈوں کے ہوگی روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم قریب ہو جاویگا زمانہ اور اٹھا لیا جاویگا علم

وتظهر الفتن ويلقى الشح ويكثر الهرج قالوا وما الهرج قال القتل متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله

اور ظاہر ہونگے فساد اور ڈالی جاویگی لوگوں پر بخیلی اور بہت ہوگا ہرج صحابہ نے کہا یا رسول اللہ اور ہرج کیا چیز ہے فرمایا کہ قتل متفق علیہ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم والذي نفسي بيده لا تذهب الدنيا حتى ياتي على الناس يوم لا يدري القاتل فيم قتل ولا المقتول فيم قتل فقيل كيف

وسلم نے قسم ہے اسکی جسکے ہاتھ میں میری جان ہے نہ جاویگی دنیا یہانتک کہ آوے لوگوں پر ایک دن ایسا کہ نہ معلوم کریگا قاتل کہ کس سبب سے مارا اور نہ مقتول کہ کس سبب مارا گیا پس پوچھا گیا کہ کس طرح

يكون ذلك قال الهرج القاتل والمقتول في النار رواه مسلم وعن معقل بن يسار قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

ہوگا یہ حال فرمایا بسبب فتنے کے مارنے والا اور مارا گیا دونوں آگ میں ہونگے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے معقل بن یسار سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

العبادة في الهرج كهجرة الي رواه مسلم وعن الزبير بن عدي قال اتينا انس بن مالك فشكونا اليه ما نلقى من

ثواب عبادت کا ہرج کے زمانے میں جیسے ثواب ہجرت کا ہے میری طرف روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے زبیر بن عدی سے کہا آئے ہم انس بن مالک کے پاس پھر شکوہ کیا ہم نے اسکے پاس اس چیز

اصبروا فإنه لا يأتي عليكم زمان إلا الذي بعده أشر منه حتى تلقوا ربكم سمعته من نبيكم. رواه البخاري

صبر کرو کہ نہیں آتا ہے تم پر کوئی زمانہ مگر وہ زمانہ جو بعد اسکے آتا ہے بدتر ہوتا ہے اس سے یہاں تک کہ ملو تم اپنے پروردگار سے سنا میں نے اسکو نبی سے تمہارے روایت کیا اسکو بخاری نے

الفصل الثاني

عن حذيفة قال والله ما أدري أنسي أصحابي أم تناسوا والله ما ترك رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من قائد فتنة إلى أن تنقضي الدنيا يبلغ من معه ثلاثمائة فصاعدا إلا قد سماه لنا باسمه واسم أبيه واسم قبيلته. رواه أبو داود

دوسری فصل روایت ہے حذیفہ سے کہا قسم خدا کی نہیں جانتا ہوں کیا بھول گئے اصحاب میرے یا بظاہر بھول گئے قسم خدا کی نہیں چھوڑا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی فتنہ برپا کرنے والے کو دنیا کے ختم ہونے تک کہ ہوں ساتھ اس فتنہ برپا کرنے والے کے تین سو سوار زیادہ مگر بیان فرمایا ہم سے نام اسکا اور نام اسکے باپ کا اور نام اسکی قوم کا روایت کیا اسکو ابو داود نے

وعن ثوبان قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إنما أخاف على أمتي الأئمة المضلين وإذا وضع السيف في أمتي لم يرفع عنهم إلى يوم القيامة. رواه أبو داود والترمذي

ثوبان سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بس ڈرتا ہوں میں اپنی امت پر گمراہ کرنے والے حاکموں سے اور جب چلائی جائیگی تلوار میری امت میں نہ موقوف ہوگا ان سے قیامت کے دن تک روایت کیا اسکو ابو داود اور ترمذی نے

وعن سفينة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول الخلافة ثلاثون سنة ثم تكون ملكا عضوضا ثم يقول سفينة أمسك خلافة أبي بكر سنتين وخلافة عمر عشرة وعثمان اثنتي عشرة وعلي ستة. رواه أحمد والترمذي وأبو داود

اور روایت ہے سفینہ سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے خلافت تیس برس ہے پھر ہوگا بادشاہ کہ دانتوں سے کاٹنے والا پھر کہتا ہے سفینہ نگاہ رکھ خلافت ابی بکر کی دو برس اور خلافت عمر کی دس برس اور عثمان کی بارہ برس اور علی کی چھ برس روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داود نے

وعن حذيفة قال قلت يا رسول الله أيكون بعد هذا الخير شر كما كان قبله قال نعم قلت فما العصمة قال السيف قلت وهل بعد السيف بقية قال نعم يكون إمارة على أقذاء وهدنة على دخن قلت ثم ماذا قال ثم ينشأ دعاة الضلال فإن كان لله في الأرض خليفة جلد ظهرك وأخذ مالك فأطعه وإلا فمت وأنت عاض على جذل شجرة قلت ثم ماذا قال ثم يخرج الدجال بعد ذلك معه نهر ونار فمن وقع في ناره وجب أجره وحط وزره ومن وقع في نهره وجب وزره وحط أجره قال قلت ثم ماذا قال ثم ينتج المهر فلا يركب حتى تقوم الساعة وفي رواية قال هدنة على دخن وجماعة على أقذاء قلت يا رسول الله الهدنة على الدخن ما هي قال لا ترجع قلوب أقوام على الذي كانت عليه قلت بعد هذا الخير شر قال فتنة عمياء صماء عليها دعاة على أبواب النار فإن مت يا حذيفة وأنت عاض على جذل خير لك من أن تتبع أحدا منهم. رواه أبو داود

اور روایت ہے حذیفہ سے کہا عرض کیا میں نے یا رسول اللہ بھلا ہوگا بعد اس بھلائی کے برائی جیسے کہ تھی پہلے اسکے فرمایا ہاں کہا میں نے پھر کیا ہے راہ نجات کی فرمایا تلوار ہے میں نے کہا رہینگے اسلام والے بعد جہاد کے باقی فرمایا ہاں رہیگی سرداری ناخوشی کی اور صلح ساتھ نفاق کے میں نے کہا پھر کیا ہوگا فرمایا پیدا ہونگے گمراہ کرنے والے سو اگر ہو اللہ کے لئے ملک میں خلیفہ اگرچہ کوڑے لگائے پیٹھ پر تیرے اور لیوے مال تیرا تو بھی اطاعت کر اسکی اور اگر نہیں تو مر تو پناہ پکڑ کر درخت تلے عرض کیا میں نے پھر کیا حال ہوگا کہا پھر نکلیگا دجال بعد اسکے ساتھ اسکے نہر اور آگ ہوگی سو جو شخص جا پڑا اسکی آگ میں ثابت ہوگا مزدور اسکی اور اتار گیا بوجھ اسکے گناہ کا اور جو جا پڑا نہر میں ثابت ہوا بوجھ اسکے گناہ کا اور جاتا رہا ثواب اسکے عمل کا کہا حذیفہ نے عرض کیا میں نے پھر کیا ہوگا فرمایا پھر جنایا جاویگا گھوڑا پھر قابل سواری ہو نہ پاویگا کہ قیامت ہوگی اور ایک روایت میں ایسا ہی ہے کہ فرمایا صلح ہوگی ساتھ کراہت کے کہا میں نے یا رسول اللہ الہدنۃ علی الدخن کا کیا مطلب ہے فرمایا نہ پھرینگے دل قوم کے اس حال پر کہ تھے جس پر کہا میں نے بعد اس نیکی کے برائی ہوگی فرمایا فتنہ اندھا اور بہرہ کہ اسمیں بلانے والے ہونگے کھڑے ہوکر دروازے جہنم کے سو اگر مرے تو اے حذیفہ جس حال میں کہ تو لازم پکڑنے والا درخت کی جڑ کو بہتر ہوگا تیرے لئے اس بات سے کہ پیروی کرے تو کسی ایک کی انمیں سے روایت کیا اسکو ابو داود نے

وعن أبي ذر قال كنت رديفا خلف رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يوما على حمار فلما جاوزنا بيوت المدينة قال كيف بك يا أبا ذر

اور روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ تھا میں سوار پیچھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک دن گدھے پر پھر جب چھوڑ آئے ہم گھروں کو مدینے کے فرمایا حضرت نے کیا حال ہوگا تیرا اے ابی ذر

إِذَا كَانَ بِالْمَدِينَةِ جُوعٌ تَقُومُ عَنْ فِرَاشِكَ وَلَا تَبْلُغُ مَسْجِدَكَ حَتَّى يُجْهِدَكَ الْجُوعُ قَالَ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ تَعَفَّفْ

جب ہوگی مدینے میں سختی بھوک کی سو کر اٹھیگا تو بچھونے سے اپنے اور نہ جا سکیگا مسجد تک اپنے یہانتک کہ ضعف میں ڈالیگی تجھکو بھوک کہا کہ عرض کی میں نے اللہ اور رسول اسکا خوب جانتا ہے فرمایا

يَا أَبَا ذَرٍّ ثُمَّ قَالَ كَيْفَ بِكَ يَا أَبَا ذَرٍّ إِذَا كَانَ بِالْمَدِينَةِ مَوْتٌ يَبْلُغُ الْبَيْتَ الْعَبْدَ حَتَّى أَنَّهُ يُبَاعُ الْقَبْرُ بِالْعَبْدِ قَالَ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ

اے ابا ذر پھر فرمایا کیا ہوگا حال تیرا اے ابا ذر جبکہ ہوگی مدینہ میں موت کہ باقی رہے گھر میں ایک غلام یہانتک کہ بکیگی قبر ایک غلام کے بدلے کہا ابوذر نے عرض کیا میں نے اللہ اور رسول اسکا خوب جانتا

قَالَ تَصَبَّرْ يَا أَبَا ذَرٍّ قَالَ كَيْفَ بِكَ يَا أَبَا ذَرٍّ إِذَا كَانَ بِالْمَدِينَةِ قَتْلٌ تَغْمُرُ الدِّمَاءُ أَحْجَارَ الزَّيْتِ قَالَ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ تَأْتِي مَنْ أَنْتَ

فرمایا تو صبر کرے اے ابا ذر فرمایا کیا ہوگا حال تیرا اے ابا ذر جبکہ ہو مدینے میں ایک قتل کہ بہے خون احجار الزیت تک کہا ابوذر نے عرض کیا میں نے اللہ اور رسول اسکا خوب جانتا ہے فرمایا اختیار کر

مِنْهُ قَالَ قُلْتُ وَأَلْبَسُ السِّلَاحَ قَالَ شَارَكْتَ الْقَوْمَ إِذًا قُلْتُ فَكَيْفَ أَصْنَعُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ إِنْ خَشِيتَ أَنْ يَبْهَرَكَ شُعَاعُ السَّيْفِ فَأَلْقِ

گھر والوں کو کہا عرض کیا میں نے اور پہنوں ہتھیار فرمایا شریک ہوگا تو قوم فتنہ انگیز کا جبھی کہا میں نے پھر کیا کروں یا رسول اللہ فرمایا اگر ڈرے تو کہ روشن کرے تجھکو چمک تلوار کی تو ڈالدے

نَاحِيَةَ ثَوْبِكَ عَلَى وَجْهِكَ لِيَبُوءَ بِإِثْمِكَ وَإِثْمِهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

اپنے کپڑے کے کنارے کو اپنے منہ پر تاکہ حاصل کرے گناہ تیرا اور گناہ اپنا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو بن العاص سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

قَالَ كَيْفَ بِكَ إِذَا أُبْقِيتَ فِي حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ مَرِجَتْ عُهُودُهُمْ وَأَمَانَاتُهُمْ وَاخْتَلَفُوا فَكَانُوا هٰكَذَا وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ قَالَ

فرمایا کیا ہوگا حال تیرا جبکہ تو باقی رہ جاویگا کوڑا یعنی ناقص لوگوں میں کہ بگڑ جاوینگے عہد انکے اور امانتداری انکی اور انمیں پھوٹ پڑ جاویگی تو ہوجاوینگے ایسے اور کنگھی کی دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کی کہا راوی نے

فَبِمَ تَأْمُرُنِي قَالَ عَلَيْكَ بِمَا تَعْرِفُ وَدَعْ مَا تُنْكِرُ وَعَلَيْكَ بِخَاصَّةِ نَفْسِكَ وَإِيَّاكَ وَعَوَامَّهُمْ وَفِي رِوَايَةٍ الْزَمْ بَيْتَكَ وَامْلِكْ

سو کیا فرماتے ہیں مجھے فرمایا اختیار کرے تو جو تیرے نزدیک اچھی بات ہو اور چھوڑ بری بات کو اور متوجہ ہو خاص اپنی جان پر اور دور رکھ اپنے کو عوام لوگوں سے اور ایک روایت میں یوں آیا ہے لازم پکڑ گھر اپنا اور بند

عَلَيْكَ لِسَانَكَ وَخُذْ مَا تَعْرِفُ وَدَعْ مَا تُنْكِرُ وَعَلَيْكَ بِأَمْرِ خَاصَّةِ نَفْسِكَ وَدَعْ أَمْرَ الْعَامَّةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ

رکھ زبان اپنی اور اختیار کر جو چیز کہ تیرے نزدیک اچھی ہو اور چھوڑ بری کو اور متوجہ ہو خاص اپنی جان کا اور چھوڑ فکر عوام کے کام کا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور صحیح کہا

وَعَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيهَا مُؤْمِنًا

اور روایت ہے ابی موسیٰ سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا حضرت نے کہ قیامت سے پہلے اس دنیا میں ہونگے فتنے جیسے ٹکڑے اندھیری رات کے صبح کو ہوگا مرد ان فتنوں میں ایماندار

وَيُمْسِي كَافِرًا وَيُمْسِي مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا الْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ وَالْمَاشِي فِيهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِي فَكَسِّرُوا فِيهَا قِسِيَّكُمْ

اور شام کو ہوگا کافر اور شام کو ہوگا مومن اور صبح کو ہوگا کافر بیٹھا شخص ان میں بھلا ہوگا کھڑے سے اور چلنے والا ان میں بہتر ہے دوڑنے والے سے سو توڑ ڈالو کمانیں اپنی

وَقَطِّعُوا فِيهَا أَوْتَارَكُمْ وَاضْرِبُوا سُيُوفَكُمْ بِالْحِجَارَةِ فَإِنْ دُخِلَ عَلَى أَحَدٍ مِنْكُمْ فَلْيَكُنْ كَخَيْرِ ابْنَيْ آدَمَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَفِي رِوَايَةٍ

اور کاٹ ڈالو ان میں اپنی کمانوں کے چلوں کو اور مار ڈالو اپنی تلواروں کو پتھر میں پھر اگر آوے کوئی شخص کسی ایک پر تمہارے تو چاہیے کہ ہووے اس طرح جو اچھا تھا آدم کے دو بیٹوں میں سے

لَهُ ذَكَرَ إِلَى قَوْلِهِ خَيْرٌ مِنَ السَّاعِي ثُمَّ قَالُوا فَمَا تَأْمُرُنَا قَالَ كُونُوا أَحْلَاسَ بُيُوتِكُمْ وَفِي رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

اسکے ذکر کیا گیا قول تک حضرت کے جو بہتر ہے دوڑنے والے سے پھر عرض کیا صحابہ نے پھر کیا فرماتے ہیں ہم کو فرمایا ہو جاؤ تم فرش اپنے گھروں کے اور ایک روایت میں ترمذی کی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ

آلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْفِتْنَةِ كَسِّرُوا فِيهَا قِسِيَّكُمْ وَقَطِّعُوا فِيهَا أَوْتَارَكُمْ وَالْزَمُوا فِيهَا أَجْوَافَ بُيُوتِكُمْ وَكُونُوا كَابْنِ آدَمَ وَقَالَ هٰذَا

وآلہ وسلم نے فرمایا فتنے کے باب میں توڑ ڈالو تم اس زمانے میں اپنی کمانوں کو اور کاٹ ڈالو ان میں اپنی کمانوں کے چلوں کو اور لازم کرو اپنے گھروں کے اندر رہنا اور ہو جاؤ آدم کے بیٹے کی طرح اور کہا ترمذی نے یہ

حَدِيثٌ صَحِيحٌ غَرِيبٌ وَعَنْ أُمِّ مَالِكٍ الْبَهْزِيَّةِ قَالَتْ ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِتْنَةً فَقَرَّبَهَا قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ خَيْرُ

حدیث صحیح غریب ہے اور روایت ہے ام مالک بہزیہ سے بولیں ذکر کیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتنے کا خبر دی اسکے جلد ہونے کی کہا میں نے یا رسول اللہ کون شخص ہوگا اچھا

الناس فيها قال رجل في ماشية له يؤدي حقها ويعبد ربه ورجل آخذ برأس فرسه يخيف العدو ويخوفونه رواه الترمذي وعن

آدمی اس زمانہ میں بہتر فرمایا کہ وہ شخص جو رہیگا اپنے چارپایوں میں بھی ادا کریگا زکوۃ ان چارپایوں کی اور پوجیگا رب کو اپنے اور وہ شخص جو پکڑ رہیگا گھوڑے کے سر کو ڈراتا دشمن کو اور دشمن ڈراتے اسکو

عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ستكون فتنة تستنظف العرب قتلاها في النار اللسان فيها أشد

عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے عنقریب ہوگا ایک فساد کہ گھیر لیگا عرب کو مارے گئے اسکے آگ میں ہیں زبان درازی اسمیں زیادہ سخت ہے

من وقع السيف رواه الترمذي وابن ماجه وعن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ستكون فتنة صماء

تلوار چلانے سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہی ابی ہریرہ سے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا عنقریب پیدا ہوگا فساد بہرہ

بكماء عمياء من أشرف لها استشرفت له وإشراف اللسان فيها كوقوع السيف رواه أبو داود وعن عبد الله بن عمر قال

گونگا اندھا جو کوئی دیکھیگا اسکو نزدیک ہوگا وہ فتنہ اسکو اور زبان درازی اسمیں جیسا کہ تلوار چلانی ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہی عبد اللہ بن عمر سے کہا

كنا قعودا عند النبي صلى الله عليه وآله وسلم فذكر الفتن فأكثر في ذكرها حتى ذكر فتنة الأحلاس فقال قائل وما فتنة

کہ تھے ہم بیٹھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پاس سو ذکر فرمایا حضرت نے فتنوں کا پھر درازی کی اسکے ذکر میں یہانتک کہ ذکر کیا فتنہ احلاس کا تب کہا کسی نے کیا ہے فتنہ

الأحلاس قال هي هرب وحرب ثم فتنة السراء دخنها من تحت قدمي رجل من أهل بيتي يزعم أنه مني وليس مني إنما أوليائي

احلاس کا فرمایا وہ فتنہ بھاگنا ہے اور غارت کرنا پھر فتنہ سرا کا فساد پیدا ہوگا نیچے دونوں پاؤں ایسے شخص کے جو میرے گھر والوں سے ہیگا گمان کریگا وہ کہ میرے اہل بیت سے ہے

المتقون ثم يصطلح الناس على رجل كورك على ضلع ثم فتنة الدهيماء لا تدع أحدا من هذه الأمة إلا لطمته لطمة

متقی لوگ ہیں پھر اتفاق کرینگے لوگ ایک شخص پر جیسے چوتڑ جوڑنا ہے اوپر ہڈی پسلی کے پھر ہوگا فساد اندھیرا نہ چھوڑیگا کسی کو اس امت میں سے مگر ماریگا اسکو طمانچہ

فإذا قيل انقضت تمادت يصبح الرجل فيها مؤمنا ويمسي كافرا حتى يصير الناس إلى فسطاطين فسطاط إيمان لا نفاق فيه

پھر جبکہ کہا جائیگا کہ جاتا رہا فتنہ پھر زیادہ ہوگا صبح کو ہوگا آدمی اسمیں مومن اور شام کو ہوگا کافر یہانتک کہ جمع ہونگے لوگ طرف دو خیموں کے ایک خیمہ ایمان والوں کا جسمیں نہوگا کوئی

وفسطاط نفاق لا إيمان فيه فإذا كان ذلكم فانتظروا الدجال من يومه أو من غده رواه أبو داود وعن أبي هريرة عن

اور دوسرا خیمہ منافقوں کا جسمیں نہوگا کوئی مومن پھر جب ہو ایسا فتنہ تو انتظار کرو دجال کی اسی دن یا اسکے کل کے دن روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہی ابی ہریرہ سے

النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال ويل للعرب من شر قد اقترب أفلح من كف يده رواه أبو داود وعن المقداد بن الأسود قال

نبی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا خرابی ہے عرب کو اس بلا سے جو نزدیک ہو چلی مراد کو پہنچا جسنے روکا اپنے ہاتھ کو روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہی مقداد بن اسود سے کہا

سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول إن السعيد لمن جنب الفتن إن السعيد لمن جنب الفتن إن السعيد لمن جنب الفتن

کہ سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو فرماتے کہ نیک بخت وہ ہی جو دور رکھا گیا فتنوں سے نیک بخت وہی جو دور رکھا گیا ان دونوں میں سے بیشک نیک بخت وہی جو دور رکھا گیا فتنوں

ولمن ابتلي فصبر فواها رواه أبو داود وعن ثوبان قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إذا وضع السيف في أمتي لم يرفع عنها

اور اسکے لئے جو پھنسے پھر صبر کرے سو خوبی ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہی ثوبان سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم جب چلائی جا تلوار میری امت پر نہ اٹھائی جاوے ان سے

إلى يوم القيامة ولا تقوم الساعة حتى تلحق قبائل من أمتي بالمشركين وحتى تعبد قبائل من أمتي الأوثان وإنه سيكون في

قیامت تک اور نہ کھڑی ہو قیامت یہانتک کہ ملیں سب گروہ میری امت کے مشرکوں کے ساتھ اور یہانتک کہ پوجیں گروہ میری امت کے بتوں کو اور مقرر حال یہ کہ عنقریب ہونگے

أمتي كذابون ثلاثون كلهم يزعم أنه نبي الله وأنا خاتم النبيين لا نبي بعدي ولا تزال طائفة من أمتي على الحق ظاهرين لا يضرهم

میری امت میں جھوٹے تیس شخص ہر ایک انکا گمان کریگا کہ وہ نبی ہے اللہ کا اور میں ختم کرنے والا ہوں نبیوں کا نہیں کوئی نبی بعد میرے اور ہمیشہ رہیگی ایک گروہ میری امت سے حق پر غالب

۱۵

من خالفهم حتى يأتي أمر الله رواه أبو داود والترمذي وعن عبد الله بن مسعود عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال تدور رحى

مخالف انکا یہاں تک کہ آوے حکم اللہ کا روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کہ فرمایا گھومیگی چکی

الإسلام لخمس وثلثين أو ست وثلثين أو سبع وثلثين فإن يهلكوا فسبيل من هلك وإن يقم لهم دينهم يقم لهم سبعين عاما

اسلام کی پینتیس یا چھتیس یا سینتیس برس پھر اگر ہلاک ہووینگے تو راہ انکی راہ اگلوں کی ہے اور اگر قایم اور پورا ہوا انکے لیے دین انکا قایم اور پورا ہوگا ان کے ستر برس تک

قلت أمما بقي أو مما مضى قال مما مضى رواه أبو داود الفصل الثالث عن أبي واقد الليثي أن رسول الله صلى الله عليه

کہا میں نے کیا اس زمانے سے جو باقی ہے یا اس زمانے سے جو گذر گیا فرمایا جو گذر گیا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے فصل تیسری روایت ہے ابی واقد لیثی سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ

وآله وسلم لما خرج إلى غزوة حنين مر بشجرة للمشركين كانوا يعلقون عليها أسلحتهم يقال لها ذات أنواط فقالوا يا رسول

والہ وسلم جب نکلے طرف جنگ حنین کے گذرے ایک درخت پر جو مشرکوں کا تھا لٹکاتے تھے وے اس درخت پر ہتھیار اپنے کہتے تھے اس کو ذات انواط پھر کہا

الله اجعل لنا ذات أنواط كما لهم ذات أنواط فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم سبحان الله هذا كما قال قوم موسى

اللہ مقرر کر ہمارے لئے ایک ذات انواط جیسا انکے لئے ہی ذات انواط تب فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے سبحان اللہ یہہ کہنا تمہارا ایسا ہی ہے جیسا کہا قوم موسیٰ نے

اجعل لنا إلها كما لهم آلهة والذي نفسي بيده لتركبن سنن من كان قبلكم رواه الترمذي وعن ابن المسيب قال وقعت الفتنة

کہ مقرر کر ہمارے واسطے ایک معبود جیسے کے لئے ان کے معبود ہیں قسم اسکی جسکے ہاتھ میں جان میری ہے البتہ چلوگے تم راہوں پر ان کے جو تمہارے آگے تھے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن مسیب سے کہا واقع ہوا فتنہ

الأولى يعني مقتل عثمان فلم تبق من أصحاب بدر أحدا ثم وقعت الفتنة الثانية يعني الحرة فلم تبق من أصحاب الحديبية أحدا

پہلا یعنے مارا جانا عثمان رض کا پھر نہ باقی رہا اصحاب بدر سے کوئی پھر واقع ہوا دوسرا فتنہ یعنے حرہ کا پھر باقی نہ رہا اصحاب حدیبیہ سے کوئی

ثم وقعت الفتنة الثالثة فلم ترتفع وبالناس طباخ رواه البخاري باب الملاحم الفصل الأول عن أبي هريرة أن

پھر واقع ہوا تیسرا فتنہ پھر نہ اٹھا وہ فتنہ حالانکہ لوگوں میں عقل کی سکت تھی روایت کیا اسکو بخاری نے باب ملاحم کا فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال لا تقوم الساعة حتى تقتتل فئتان عظيمتان تكون بينهما مقتلة عظيمة وحتى يبعث

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا قائم نہ ہوگی قیامت یہاں تک کہ لڑینگے آپس میں دو گروہ بزرگ ہوگا درمیان ان کے قتل عظیم دعوی دونوں کا ایک ہوگا اور یہاں تک کہ نکلینگے

دجالون كذابون قريب من ثلثين كلهم يزعم أنه رسول الله وحتى يقبض العلم ويكثر الزلازل ويتقارب الزمان وتظهر

ملانے والے حق کو ساتھ باطل کے جھوٹے ہیں قریب تیس کے ہر ایک انکا گمان کریگا کہ وہ رسول ہے اللہ کا اور یہاں تک کہ اٹھا لیا جاے علم اور بہت ہوجاویں زلزلے اور قریب ہو جاے زمانہ اور ظاہر ہوں

الفتن ويكثر الهرج وهو القتل وحتى يكثر فيكم المال فيفيض حتى يهم رب المال من يقبل صدقته وحتى يعرضه

فتنے اور کثرت سے ہو ہرج اور وہ قتل ہے اور یہاں تک کہ بہت ہوجاوے تم میں مال تو ابل پڑیگا یہاں تک کہ فکر میں رنجیدہ ہوگا مالدار کہ کون لیوے زکوۃ اسکی اور یہاں تک کہ دیا جاے مال

فيقول الذي يعرضه عليه لا أرب لي به وحتى يتطاول الناس في البنيان وحتى يمر الرجل بقبر الرجل فيقول يا ليتني مكانه وحتى

پھر کہیگا وہ شخص کہ جسکو دیا جائیگا نہیں حاجت مجھے اور یہاں تک کہ فخر کریں لوگ مکان بنانے میں اور یہاں تک کہ گذریگا مرد قبر پر کسی مرد کی تو کہیگا کسی طرح ہوتا میں اسکی جگہ اور یہاں تک کہ

تطلع الشمس من مغربها فإذا طلعت ورآها الناس آمنوا أجمعون فذلك حين لا ينفع نفسا إيمانها لم تكن آمنت من

نکلیگا سورج ڈوبنے کے مکان سے سو جب نکلیگا اور دیکھینگے اسکو لوگ سب کے سب ایمان لاوینگے سو اس وقت نہ فائدہ دیگا کسی جان کو ایمان اسکا جسکو نہ تھا ایمان

قبل أو كسبت في إيمانها خيرا ولتقومن الساعة وقد نشر الرجلان ثوبهما بينهما فلا يتبايعانه ولا يطويانه ولتقو

پہلے سے یا نہ کمائی تھی اپنے ایمان میں کچھ بھلائی اور البتہ قایم ہو قیامت حالانکہ کھولے ہونگے دو مرد اپنے کپڑے کو درمیان اپنے پھر خرید و فروخت نہ کر سکینگے اور نہ سمیٹ سکینگے اسکو

السَّاعَةُ وَقَدِ انْصَرَفَ الرَّجُلُ بِلَبَنِ لِقْحَتِهِ فَلَا يَطْعَمُهُ وَلَتَقُومَنَّ السَّاعَةُ وَهُوَ يَلِيطُ حَوْضَهُ فَلَا يَسْقِي فِيهِ وَلَتَقُومَنَّ السَّاعَةُ

قیامت حالانکہ لایا ہوگا مرد دودھ دوہکر اپنی اونٹنی کا پھر نہ کھا سکیگا اسکو اور البتہ آجاویگی قیامت حالانکہ کوئی درست کر رہا ہوگا حوض اپنا پھر نہ پلا سکیگا اسمیں اور البتہ آجاویگی

وَقَدْ رَفَعَ أُكْلَتَهُ إِلَى فِيهِ فَلَا يَطْعَمُهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى

اور اٹھایا ہوگا کوئی لقمہ اپنا طرف اپنے منہ کے سو نہ کھا سکیگا اسکو متفق علیہ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ نہ قایم ہوگی قیامت یہاں تک

تُقَاتِلُوا قَوْمًا نِعَالُهُمُ الشَّعَرُ وَحَتَّى تُقَاتِلُوا التُّرْكَ صِغَارَ الْأَعْيُنِ حُمْرَ الْوُجُوهِ ذُلْفَ الْأُنُوفِ كَأَنَّ وُجُوهَهُمُ الْمَجَانُّ

کہ لڑو تم ایسی قوم سے جنکی جوتیاں بالوں کی ہیں اور یہاں تک کہ لڑو تم ترک سے چھوٹی آنکھوں والے سرخ منہ والے چپٹی ناکوں والے منہ ان کے جیسے ڈھالیں ہیں

الْمُطْرَقَةُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تُقَاتِلُوا خُوزًا وَكِرْمَانَ مِنَ الْأَعَاجِمِ

تہ بتہ متفق علیہ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ قایم ہوگی قیامت یہاں تک کہ لڑوگے تم خوز اور کرمان سے جو عجم کے ہیں

حُمْرَ الْوُجُوهِ فُطْسَ الْأُنُوفِ صِغَارَ الْأَعْيُنِ وُجُوهُهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ نِعَالُهُمُ الشَّعَرُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ عَنْ عَمْرِو بْنِ تَغْلِبَ عِرَاضَ الْوُجُوهِ

سرخ منہ والے چپٹی ناکوں والے چھوٹی آنکھوں والے منہ انکے ڈھالیں ہیں تہ بتہ جوتیاں انکی بالوں کی روایت کیا اسکو بخاری نے اور ایک روایت میں ہے عمرو بن تغلب سے چوڑے منہ

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يُقَاتِلَ الْمُسْلِمُونَ الْيَهُودَ فَيَقْتُلُهُمُ الْمُسْلِمُونَ حَتَّى يَخْتَبِيَ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ قایم ہوگی قیامت یہاں تک کہ قتل کریں مسلمان یہود کو پھر قتل کریں انکو مسلمان یہاں تک کہ چھپیگا

الْيَهُودِيُّ مِنْ وَرَاءِ الْحَجَرِ وَالشَّجَرِ فَيَقُولُ الْحَجَرُ وَالشَّجَرُ يَا مُسْلِمُ يَا عَبْدَ اللهِ هٰذَا يَهُودِيٌّ خَلْفِي فَتَعَالَ فَاقْتُلْهُ إِلَّا الْغَرْقَدَ فَإِنَّهُ مِنْ شَجَرِ الْيَهُودِ

یہودی پیچھے پتھر اور درخت کے سو کہیگا پتھر اور درخت اے مسلمان اے اللہ کے بندے یہ یہودی ہے میرے پیچھے سو آ پھر مار ڈال اسکو مگر درخت غرقد کا کیونکہ وہ درخت یہود کا ہے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَخْرُجَ رَجُلٌ مِنْ قَحْطَانَ يَسُوقُ النَّاسَ بِعَصَاهُ مُتَّفَقٌ

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قایم نہ ہوگی قیامت یہاں تک کہ نکلیگا ایک مرد قحطان سے ہانکیگا لوگوں کو اپنی لاٹھی سے متفق

عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا تَذْهَبُ الْأَيَّامُ وَاللَّيَالِي حَتَّى يَمْلِكَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ الْجَهْجَاهُ وَفِي رِوَايَةٍ

علیہ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ نہ آخر ہونگے دن اور رات یہاں تک کہ بادشاہ ہوگا جسکا نام جہجاہ ہوگا اور ایک روایت میں

حَتَّى يَمْلِكَ رَجُلٌ مِنَ الْمَوَالِي يُقَالُ لَهُ الْجَهْجَاهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

یہاں تک کہ بادشاہ ہوگا ایک مرد موالی سے کہ نام ہوگا اسکا جہجاہ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو

يَقُولُ لَتَفْتَحَنَّ عِصَابَةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ كَنْزَ آلِ كِسْرٰى الَّذِي فِي الْأَبْيَضِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

فرماتے البتہ کھولیگی ایک جماعت مسلمانوں کی خزانے آل کسریٰ کا جو ابیض میں ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

هَلَكَ كِسْرٰى فَلَا يَكُونُ كِسْرٰى بَعْدَهُ وَقَيْصَرُ لَيَهْلِكَنَّ ثُمَّ لَا يَكُونُ قَيْصَرُ بَعْدَهُ وَلَتُقْسَمَنَّ كُنُوزُهُمَا فِي سَبِيلِ اللهِ وَسَمَّى الْحَرْبَ خُدْعَةً

ہلاک ہوا کسریٰ پھر نہ ہوگا کسریٰ بعد اسکے اور قیصر بھی ہلاک ہوگا پھر نہ ہوگا قیصر بعد اسکے اور البتہ بانٹے جاوینگے خزانے انکے اللہ کی راہ میں اور نام رکھا حضرت نے لڑائی کا فریب

ومنابر من فضة ويجلس أدناهم وما فيهم دني على كثبان المسك والكافور ما يرون أن أصحاب الكراسي بأفضل منهم مجلسا قال
اور روپے کے منبر رکھے جاوینگے اور بیٹھیگا ان کا کم درجے والا اور کوئی کمینہ نہیں ہے انمیں مشک و کافور کے ٹیلے پر نہیں خیال کریگا کرسیوں پر بیٹھنے والے اپنے سے کچھ زیادہ بیٹھک میں کہا

أبو هريرة قلت يا رسول الله وهل نرى ربنا قال نعم هل تتمارون في رؤية الشمس والقمر ليلة البدر قلنا لا قال كذلك لا تتمارون
ابو ہریرہ نے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا ہم اپنے رب کو دیکھینگے فرمایا حضرت نے ہاں کیا آفتاب اور چودھویں رات کے چاند دیکھنے میں کچھ شک کرتے ہو ہم نے عرض کیا نہیں فرمایا ایسا ہی کچھ شک نہ رکھو

في رؤية ربكم ولا يبقى في ذلك المجلس رجل إلا حاضره الله محاضرة حتى يقول للرجل منهم يا فلان بن فلان أتذكر يوم قلت
اپنے رب کے دیکھنے میں اور نہ باقی رہیگا اس مجلس میں کوئی مرد مگر کلام کریگا اس سے اللہ تعالی بے واسطہ یہاں تک فرماویگا انمیں سے کسی کو اے فلانے بیٹے فلانے کے کیا یاد ہے تجھے اس دن کو جو تو نے کہا

كذا وكذا فيذكّره ببعض غدراته في الدنيا فيقول يا ربّ أفلم تغفر لي فيقول بلى فبسعة مغفرتي بلغت منزلتك هذه فبيناهم

اور ایسا پھر یاد دلاوے گا اسکو اسکے بعض گناہ جو دنیا میں کیا تھا تو عرض کریگا اے میرے رب کیا مجھکو تو نے نہیں بخشا تو فرماویگا ہاں بخشا ہے تجھکو میری بخشش کی وسعت کے سبب تو نے پہنچا ہے اس مرتبہ کو پھر وہ

على ذلك غشيتهم سحابة من فوقهم فأمطرت عليهم طيبا لم يجدوا مثل ريحه شيئا قط ويقول ربنا قوموا إلى ما أعددت

اسکے اکو ڈھانپ لیگا ایک ٹکڑا ابر کا ان کے اوپر پھر برساویگا ان پر خوشبو کہ نہ پاوینگے مانند اسکی بو ہرگز کسی چیز کی اور فرماویگا ہمارا رب چلو اس چیز پاس جو

لكم من الكرامة فخذوا ما اشتهيتم فنأتي سوقا قد حفّت به الملائكة فيها ما لم تنظر العيون إلى مثله ولم تسمع الآذان

بخشش کی راہ سے میں نے تمھارے لئے تیار کیا ہے اور لے لو جو کچھ کہ تمنے چاہو پھر ہم آوینگے ایک بازار میں جسکو فرشتے گھیرے ہوئے ہونگے اس میں ایسی چیزیں ہونگی کہ نہیں دیکھا اسکے مانند آنکھوں نے اور نہ سنا کانوں نے

ولم يخطر على القلوب فيحمل لنا ما اشتهينا ليس يباع فيها ولا يشترى وفي ذلك السوق يلقى أهل الجنة بعضهم بعضا قال

اور نہ گذرا دلوں پر پھر دیا جاویگا ہمکو جو کچھ کہ ہمنے چاہا ہوگا نہیں بیچا جاویگا اس بازار میں اور نہ خریدا اور اس بازار میں ملاقات کرینگے بہشتی آپس میں فرمایا حضرت نے

فيقبل الرجل ذو المنزلة المرتفعة فيلقى من هو دونه وما فيهم دنيّ فيروعه ما يرى عليه من اللباس فما ينقضي آخر حديثه

پھر استقبال کریگا مرد بلند مرتبے والا اور ملاقات کریگا اپنے کم مرتبے والے سے حالانکہ نہیں ان میں کوئی کمینہ پھر اچھا لگیگا اسکو وہ چیز جو دیکھا اسپر لباس سے پس گذریگا آخر کلام اسکا

حتى يتخيل عليه ما هو أحسن منه وذلك أنه لا ينبغي لأحد أن يحزن فيها ثم ننصرف إلى منازلنا فتتلقانا أزواجنا

یہانتک کہ خیال کیا جاویگا اسپر کہ وہ بہتر ہے اپنے لباس سے اور یہہ معلوم ہوا اس کے سبب کہ سزاوار نہیں کسیکو غمگین ہونا جنت میں پھر پلٹینگے ہم اپنے گھروں کو تو ملاقات کرینگے ہم سے بیبیاں ہماری

مرحبا وأهلا لقد جئت وإن بك من الجمال أفضل مما فارقتنا عليه فيقول إنا جالسنا اليوم ربنا الجبار ويحقّنا أن ننقلب

خوشحال آئے ہو اور اہل ہو تم مقرر آیا تو نے جمال میں کہ زیادہ احسن ہو گیا ہے اس سے کہ جس پر چھوڑ گیا تھا تو ہمکو تو وہ کہیگا مقرر ہم ہمنشینی تھا آج دن اپنے رب کے ساتھ تو لائق ہے ہمکو کہ جو تبدیل ہو کر آئے

بمثل ما انقلبنا. رواه الترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا حديث غريب. وعن أبي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أدنى أهل الجنة الذي له

جیسا کہ ہمنے بدل گیا ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کم مرتبے والا جنتیوں میں وہ شخص ہے کہ

ثمانون ألف خادم واثنتان وسبعون زوجة وتنصب له قبة من لؤلؤ وزبرجد وياقوت كما بين الجابية إلى صنعاء

اسی ہزار خادم اور بہتر عورت ہوں اور کھڑا کیا جاویگا اسکے لئے ایک قبہ موتی اور زمرد اور یاقوت سے اتنا جتنا کہ درمیان جابیہ کے صنعا تک ہے

وبهذا الإسناد قال من مات من أهل الجنة من صغير أو كبير يردّون بني ثلاثين في الجنة لا يزيدون عليها أبدا وكذلك

اور اسی اسناد کے ساتھ فرمایا جو کوئی مر جاوے بہشتیوں سے چھوٹی عمر میں ہو یا بڑھاپے میں سب تیس برس کے ہو جاوینگے جنت میں نہ بڑھینگے اسپر کبھی اور اسی عمر پر رہینگے

أهل النار. وبهذا الإسناد قال إن عليهم التيجان أدنى لؤلؤة منها لتضيء ما بين المشرق والمغرب. وبهذا الإسناد قال

دوزخی بھی اور اسی اسناد کے ساتھ فرمایا کہ مقرر سروں پر ان کے تاج ہونگے کمتر موتی انمیں کا البتہ روشن کر دیگا جو کچھ کہ درمیان مشرق اور مغرب کے ہے اور اسی اسناد کے ساتھ فرمایا

المؤمن إذا اشتهى الولد في الجنة كان حمله ووضعه وسنّه في ساعة كما يشتهي. وقال إسحاق بن إبراهيم في هذا الحديث

مسلمان جب آرزو کریگا فرزند کی جنت میں تو ہوگا حمل اسکا اور جننا اسکا اور عمر اسکی ایک ساعت میں جیسا کہ آرزو کرتا ہے اور کہا اسحق بن ابراہیم نے اس حدیث میں

إذا اشتهى المؤمن في الجنة الولد كان في ساعة ولكن لا يشتهي. رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وروى ابن

جب چاہیگا مسلمان جنت میں فرزند کو ہوگا ایک ساعت میں ولیکن نہیں آرزو کریگا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے اور روایت کیا ابن

ماجة الرابعة والدارمي الأخيرة. وعن علي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إنّ في الجنة لمجتمعا للحور العين

ماجہ نے چوتھی حدیث کو اور دارمی نے روایت کی آخر کو۔ اور روایت ہے علی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک جنت میں ایک مجمع ہے حوروں کا

يرفعن باصواتٍ لم تسمع الخلائق مثلها يقلن نحن الخالدات فلا نبيد ونحن الناعمات فلا نبأس ونحن الراضيات فلا نسخط

کہ اپنے بلند آوازوں سے پکار پکار کر گائیں گی جو نہیں سنا خلائق نے ان آوازوں کے مانند کہیں گی ہم ہمیشہ رہنے والیاں ہیں ہم ہلاک نہ ہونگے اور ہم نازونعمت پائے ہوئے ہیں ہم سختی نہ اٹھاویں گی اور ہم خوش ہونے والیاں ہیں اپنے خاوندوں سے ہم ناخوش نہ ہونگی

طوبى لمن كان لنا وكنا له رواه الترمذي وعن حكيم بن معاوية قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان في الجنة بحر الماء وبحر

خوش حال اسکا جو ہوا وہ ہمارا اور ہوئے ہم اسکے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے حکیم بن معاویہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر جنت میں ایک دریا ہے پانی کا اور ایک دریا

العسل وبحر اللبن وبحر الخمر ثم تشقق الانهار بعد رواه الترمذي ورواه الدارمي عن معاوية

شہد کا اور ایک دریا دودھ کا اور ایک دریا شراب کا پھر انہیں سے نکلتے ہیں نہریں بعد اسکے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو دارمی نے معاویہ سے

الفصل الثالث

فصل تیسری روایت ہے ابی

عن ابي سعيد عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان الرجل في الجنة ليتكئ في الجنة سبعين مسندا قبل ان يتحول ثم تاتيه امرأة

سعید سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ بیشک آدمی جنت میں البتہ تکیہ کریگا جنت میں ستر تکیوں پر پہلے اس سے کہ کروٹ لے پھر آویگی اس پاس ایک عورت

فتضرب على منكبه فينظر وجهه في خدها اصفى من المرآة وان ادنى لؤلؤة عليها تضيء ما بين المشرق والمغرب فتسلم عليه فيرد

اور ماریگی اسکے کندھے پر تو وہ مرد دیکھیگا اپنا منہ اسکے رخسار میں جو زیادہ صاف ہے آئینہ سے اور مقرر کمتر موتی جو اس عورت پر ہوگا روشن کریگا جو کچھ درمیان مشرق اور مغرب کے ہے پس سلام کریگی اس پر تو جواب دیگا

السلام ويسالها من انت فتقول انا من المزيد وانه ليكون عليها سبعون ثوبا فينفذها بصره حتى يرى مخ ساقها من وراء ذلك

سلام کا اور پوچھیگا اس سے کہ تو کون ہے تو کہیگی میں مزید سے ہوں اور البتہ ہونگے اس عورت پر ستر کپڑے تو چھید جاویگی ان کپڑوں میں نظر اس مرد کی یہاں تک کہ دیکھیگا مغز اسکی پنڈلی کا اسکے پیچھے سے

وان عليها من التيجان ان ادنى لؤلؤة منها لتضيء ما بين المشرق والمغرب رواه احمد وعن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم

اور مقرر اس پر تاج ہونگے کہ کمتر موتی انکا البتہ روشن کریگا جو کچھ درمیان مشرق اور مغرب کے ہے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

كان يحدث وعنده رجل من اهل البادية ان رجلا من اهل الجنة استاذن ربه في الزرع فقال له الست فيما شئت قال بلى ولكني

حدیث فرماتے تھے (جس حال میں کہ آپ کے پاس ایک مرد تھا بدو) تو یہ فرمایا کہ بیشک ایک مرد جنتی لوگوں سے حکم مانگا اپنے رب سے زراعت کرنے کا تو فرمایا اسکو پروردگار نے کیا نہیں ہے تو بیچ اسکے جو چاہتا ہے عرض کیا ہاں سب کچھ ہے ولیکن

احب ان ازرع فبذر فبادر الطرف نباته واستواؤه واستحصاده فكان امثال الجبال فيقول الله تعالى دونك يا ابن آدم فانه لا

خوش آتا ہے زراعت کرنا سو حکم پا کر بیج ڈالا تو ہو گئی پلک مارنے میں اگنا اسکا اور کمال کو پہنچنا اسکا اور کٹنا اسکا سو ہو گئیں مانند پہاڑوں کے تب فرماویگا اللہ تعالیٰ لے اے آدم کے بیٹے کہ

يشبعك شيء فقال الاعرابي والله لا تجده الا قرشيا او انصاريا فانهم اصحاب زرع واما نحن فلسنا باصحاب زرع فضحك

سیر نہیں کرتی ہے تجھکو کوئی چیز تب کہا اس بدوی نے قسم خدا کی نہیں پاوینگے آپ اسکو مگر قریشی یا انصاری ہو کیونکہ وے زراعت والے ہیں اور لیکن ہم نہیں ہیں زراعت والے پس ہنس دیے

رسول الله صلى الله عليه وسلم رواه البخاري وعن جابر قال سال رجل رسول الله صلى الله عليه وسلم اينام اهل الجنة قال النوم اخو

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے جابر سے کہا پوچھا ایک مرد نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا سووینگے بہشتی لوگ فرمایا نیند بھائی ہے

الموت ولا يموت اهل الجنة رواه البيهقي في شعب الايمان

موت کا اور نہیں مرینگے جنت والے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں

باب رؤية الله تعالى

باب اللہ تعالیٰ کے دیکھنے کے بیان میں

الفصل الاول

فصل پہلی روایت ہے جریر بن

عن جرير بن عبد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم سترون ربكم عيانا وفي رواية قال كنا جلوسا عند رسول الله صلى الله عليه

عبداللہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قریب ہے کہ دیکھوگے تم اپنے رب کو آشکارا اور ایک روایت میں ہے کہا کہ ہم بیٹھے ہوئے تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ

وسلم فنظر الى القمر ليلة البدر فقال انكم سترون ربكم كما ترون هذا القمر لا تضامون في رؤيته فان استطعتم ان لا تغلبوا على

وسلم پاس تو دیکھا حضرت نے چاند کو چودھویں رات میں سو فرمایا مقرر تم قریب ہے دیکھوگے اپنے رب کو جیسا کہ دیکھتے ہو اس چاند کو نہ ظلم کیا جاوے گے دیکھنے میں اسکے پھر اگر سکتے ہو تو مغلوب نہ ہو

[illegible]

صلوة قبل طلوع الشمس وقبل غروبها فافعلوا ثم قرأ وسبح بحمد ربك قبل طلوع الشمس وقبل غروبها متفق عليه

اس نماز پر جو آفتاب نکلنے کے پہلے اور اسکے غروب ہونے کے آگے ہے تو کرو پھر پڑھا یہ آیت اور پاکی بول اپنے رب کی حمد کے ساتھ آگے نکلنے آفتاب کے اور پہلے ڈوبنے اسکے ۔ ق

وعن صهيب عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا دخل اهل الجنة الجنة يقول الله تعالى تريدون شيئا ازيدكم فيقولون الم تبيض وجوهنا الم تدخلنا الجنة وتنجنا من النار قال فيرفع الحجاب فينظرون الى وجه الله فما اعطوا شيئا احب اليهم من النظر الى ربهم ثم تلا للذين احسنوا الحسنى وزيادة رواه مسلم

اور روایت ہے صہیب سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جب کہ داخل ہونگے جنتی جنت میں تو فرماویگا اللہ تعالے چاہتے ہو کسی نعمت کو کہ زیادہ کروں تمکو تو کہینگے کیا پر نور نہ کیا تو نے ہمارے منہوں کو کیا داخل نہ کیا تو نے ہمکو بہشت میں اور نجات دیا تو ہمکو دوزخ سے فرمایا حضرت نے پھر اٹھایا جاویگا پردہ تو دیکھینگے طرف ذات خدا کی تو نہیں دیا گیا انکو کچھ چیز جو پیاری ہو انکو اپنے رب کو دیکھنے سے پھر تلاوت فرمایا یہ آیت ان لوگوں کے لئے جو بھلے کام کئے نیک بدلا ہے اور زیادہ روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان ادنى اهل الجنة منزلة لمن ينظر الى جنانه وازواجه ونعيمه وخدمه وسرره مسيرة الف سنة واكرمهم على الله من ينظر الى وجهه غدوة وعشية ثم قرأ وجوه يومئذ ناضرة الى ربها ناظرة رواه احمد والترمذي

فصل دوسری روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک کم مرتبے والا جنتی وہ شخص ہے کہ دیکھیگا اپنے باغوں اور اپنے عورتوں اور اپنے مال ومتاع اور خادموں اور تختوں کو مسافت سے ہزار برس کے اور بزرگ مرتبے والا بہشتی اللہ کے پاس وہ شخص ہے کہ دیکھیگا خدا کی ذات کو صبح وشام پھر پڑھا حضرت نے یہ آیت کتنے منہ اسدن تر وتازہ ہونگے دیکھینگے اپنے رب کو روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے

وعن ابي رزين العقيلي قال قلت يا رسول الله اكلنا يرى ربه مخليا به يوم القيمة قال بلى قلت وما اية ذلك في خلقه قال يا ابا رزين اليس كلكم يرى القمر ليلة البدر مخليا به قال بلى قال فانما هو خلق من خلق الله والله اجل واعظم رواه ابو داود

اور روایت ہے ابی رزین عقیلی سے کہا عرض کیا میں نے یا رسول اللہ کیا ہر ایک ہم میں کا دیکھیگا اپنے رب کو خلوت کیا ہوا اسکے ساتھ قیامت کے دن فرمایا ہاں عرض کی میں نے اور کیا نشانی ہے اسکی اسکے مخلوقات میں فرمایا حضرت نے اے ابا رزین کیا نہیں دیکھتے ہو تم سب چاند کو چودھویں رات میں خلوت رکھتے ہو ساتھ اسکے کہا ہاں فرمایا پس نہیں ہے چاند مگر ایک مخلوق اللہ کے مخلوقات سے اور اللہ تو بہت بزرگ اور اعظم ہے روایت کیا اسکو ابوداود نے

الفصل الثالث

عن ابي ذر قال سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم هل رأيت ربك قال نور انى اراه رواه مسلم

فصل تیسری روایت ہے ابی ذر سے کہا پوچھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کیا دیکھے آپ اپنے پروردگار کو فرمایا ایک نور ہے کس طرح دیکھوں میں اسکو روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن ابن عباس ما كذب الفؤاد ما رأى ولقد رآه نزلة اخرى قال رآه بفؤاده مرتين رواه مسلم وفي رواية الترمذي قال رأى محمد ربه قال عكرمة قلت اليس الله يقول لا تدركه الابصار وهو يدرك الابصار قال ويحك ذاك اذا تجلى بنوره الذي هو نوره وقد رأى ربه مرتين

اور روایت ہے ابن عباس سے نہ جھوٹ سمجھا دل محمد کا جو دیکھا آنکھ سے اور تحقیق دیکھا اسکو دوسری بار بھی کہا ابن عباس نے دیکھا حضرت نے خدا کو اپنے دل سے دوبار روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت میں ترمذی کے کہا ابن عباس نے دیکھا محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو کہا عکرمہ نے میں نے کہا ابن عباس سے کیا اللہ نہیں فرماتا ہے نہیں پاتی ہیں اسکو آنکھیں اور وہ پاتا ہے آنکھوں کو کہا ابن عباس نے خرابی تیری وہ نہ پانا ابصار کا اسوقت ہے کہ تجلی کرے ساتھ نور اپنے جو نور خاص ہے اسکی ذات کا ہے اور بیشک دیکھا حضرت نے اپنے رب کو دوبار

وعن الشعبي قال لقي ابن عباس كعبا بعرفة فسأله عن شيء فكبر حتى جاوبته الجبال فقال ابن عباس انا بنو هاشم فقال كعب ان الله قسم رؤيته وكلامه بين محمد وموسى فكلم موسى مرتين ورآه محمد مرتين قال مسروق فدخلت على عائشة فقلت هل رأى محمد ربه فقالت لقد تكلمت

اور روایت ہے شعبی سے کہا ملاقات کی ابن عباس نے کعب احبار سے عرفہ میں پھر پوچھا ان سے کچھ تو اللہ اکبر کہا یہانتک کہ جواب دیا اسکا پہاڑوں نے پھر کہا ابن عباس نے ہم بنی ہاشم ہیں تو کہا کعب نے مقرر اللہ تعالے نے تقسیم کیا اپنی رویت اور کلام کو درمیان محمد اور موسی کے سو کلام کیا موسی سے دوبار اور دیکھے خدا کو محمد صلے اللہ علیہ وسلم دوبار کہا مسروق نے پس داخل ہوا میں عائشہ پر تو میں نے کہا کیا دیکھے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے رب کو کہا عائشہ نے مقرر کلام کیا تو نے

بشيء قف له شعري قلت رويدا ثم قرأت لقد رأى من آيات ربه الكبرى فقالت أين تذهب بك إنما هو جبريل من
ایسا کہ کھڑے ہوگئے اس سبب سے بال میرے کہا میں نے ٹھہرو پھر میں نے پڑھا یہ آیت تحقیق دیکھا حضرت نے بڑی نشانیوں سے اپنے رب کی پس کہا عائشہ نے کہاں لے گئے ایا تجھکو نہیں وہ مگر جبرئیل جس نے

أخبرك أن محمدا رأى ربه أو كتم شيئا مما أمر به أو يعلم الخمس التي قال الله تعالى إن الله عنده علم الساعة وينزل الغيث فقد
تجھکو خبر دی کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا اپنے رب کو یا چھپایا کسی چیز کو جسکے پہنچانے کا حکم ہوا یا جانتے ہیں پانچ چیزوں کو جو فرمایا اللہ تعالیٰ نے تحقیق اللہ کے پاس ہے علم قیامت کا اور اتارتا ہے مینہ

أعظم الفرية ولكنه رأى جبريل لم يره في صورته إلا مرتين مرة عند سدرة المنتهى ومرة في أجياد له ست مائة جناح
اسنے بڑا بہتان کیا ولیکن حضرت نے دیکھا جبرئیل کو نہیں دیکھا انکو صورت اصلی میں مگر دو بار ایکبار سدرۃ المنتہی کے پاس اور ایکبار اجیاد میں چھ سو بازو تھے انکو

قد سد الأفق رواه الترمذي وروى الشيخان مع زيادة واختلاف وفي روايتهما قال قلت لعائشة فأين قوله ثم دنى
تحقیق بھر دیا تھا آسمان کے کناروں کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا بخاری و مسلم نے کچھ زیادتی اور اختلاف کے ساتھ اور ان دونوں کی روایت میں ہے کہ مسروق نے کہا میں نے کہا عائشہ سے پس کہاں ہے قول اللہ تعالیٰ کا پھر نزدیک ہوا

فتدلى فكان قاب قوسين أو أدنى قالت ذاك جبريل عليه السلام كان يأتيه في صورة الرجل وإنه أتاه هذه المرة في
اور لٹک آیا پھر رہ گیا فرق دو کمان کے برابر یا اس سے بھی نزدیک کہا عائشہ نے وہ جبرئیل علیہ السلام ہیں کہ آتے تھے حضرت پاس آدمی کی صورت پر اور تحقیق آئے اس بار

صورته التي هي صورته فسد الأفق وعن ابن مسعود في قوله فكان قاب قوسين أو أدنى وفي قوله ما كذب الفؤاد ما
اپنی صورت اصلی میں تو بھر دیا آسمان کے کناروں کو اور روایت ہے ابن مسعود سے تفسیر میں اس قول کے فکان قاب قوسین او ادنی اور تفسیر میں اس قول کے ما کذب الفؤاد ما

رأى وفي قوله لقد رأى من آيات ربه الكبرى قال فيها كلها رأى جبريل عليه السلام له ست مائة جناح متفق عليه
رأى اور اس قول کی تفسیر میں بھی لقد رأى من آيات ربه الكبرى ابن مسعود نے کہا تفسیر میں ان آیتوں کے دیکھا حضرت نے جبرئیل علیہ السلام کو جس حال میں کہ انکو چھ سو بازو تھے متفق علیہ

وفي رواية الترمذي قال ما كذب الفؤاد ما رأى قال رأى رسول الله صلى الله عليه وسلم جبريل في حلة من رفرف قد
اور روایت میں ترمذی کی ہے کہ کہا ما کذب الفؤاد ما رأى ابن مسعود نے کہا دیکھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل کو سبز استردار لباس میں کہ

ملأ ما بين السماء والأرض وله وللبخاري في قوله لقد رأى من آيات ربه الكبرى قال رأى رفرفا أخضر سد أفق
بھر دیا تھا جو کچھ کہ درمیان آسمان و زمین کے ہے اور ایک روایت میں ترمذی اور بخاری کی ہے تفسیر میں اللہ تعالیٰ کے قول کے لقد رأى من آيات ربه الكبرى ابن مسعود نے کہا دیکھا حضرت نے رفرف سبز کو کہ ڈھک لیا تھا

السماء وسئل مالك بن أنس عن قوله تعالى إلى ربها ناظرة فقيل قوم يقولون إلى ثوابه فقال مالك كذبوا فأين هم عن
آسمان کے کنارے کو اور پوچھے گئے مالک بن انس تفسیر سے اس قول اللہ تعالیٰ کے الی ربها ناظرة سو کہا گیا مالک سے کہ ایک قوم کہتے ہیں مراد نظر کرنے سے طرف ثواب پروردگار کے ہے پس کہا مالک نے جھوٹ کہا انہوں نے پھر

قوله تعالى كلا إنهم عن ربهم يومئذ لمحجوبون قال مالك الناس ينظرون إلى الله يوم القيمة بأعينهم وقال لو لم ير
فہم کرنے سے اس قول اللہ تعالیٰ کے تحقیق وہ کفار دیکھنے سے اپنے پروردگار کے اس روز بند ہو جاوینگے کہا مالک نے مسلمان لوگ دیکھینگے طرف اللہ تعالیٰ کے قیامت کے دن اپنے آنکھوں سے اور کہا اگر نہ دیکھینگے

المؤمنون ربهم يوم القيمة لم يعير الله الكفار بالحجاب فقال كلا إنهم عن ربهم يومئذ لمحجوبون رواه في شرح السنة
مسلمان اپنے پروردگار کو قیامت کے دن تو سرزنش نہ کرتا اللہ کفار کو ساتھ حجاب کے جو فرمایا کلا انهم عن ربهم يومئذ لمحجوبون روایت کیا اسکو شرح سنت میں

وعن جابر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال بينا أهل الجنة في نعيمهم إذ سطع لهم نور فرفعوا رؤسهم فإذا الرب قد أشرف
اور روایت ہے جابر سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے درمیان اسکے کہ بہشتی اپنے ناز و نعمت میں ہونگے ناگاہ بلند ہوگا انکے لیے ایک نور تو اٹھاوینگے اپنے سر کو تو دیکھینگے کہ پروردگار

عليهم من فوقهم فقال السلام عليكم يا أهل الجنة قال وذلك قوله تعالى سلام قولا من رب رحيم قال فينظر إليهم وينظرون
ان پر ان کے اوپر سے اور فرماویگا السلام علیکم اے جنت والو فرمایا حضرت نے اور وہی ہے قول اللہ تعالیٰ کا سلام قولا من رب رحیم فرمایا حضرت نے پھر خدا دیکھیگا انکو اور وہ

إليه فلا يلتفتون إلى شيء من النعيم ما داموا ينظرون إليه حتى يحتجب عنهم ويبقى نوره رواه ابن ماجه

اسکو سو نہ دیکھینگے کسی چیز طرف بہشت کی نعمتوں سے جب تک دیکھتے رہینگے اسکو یہانتک کہ پوشیدہ ہو جاویگا ان سے اور رہ جاویگا نور اسکا روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

باب صفة النار وأهلها

باب بیان میں دوزخ اور دوزخیوں کے

الفصل الأول

عن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ناركم جزء من سبعين جزءا من نار جهنم قيل يا رسول الله إن كانت لكافية قال فضلت عليهن بتسعة وستين جزءا كلهن مثل حرها متفق عليه واللفظ للبخاري وفي رواية مسلم ناركم التي يوقد ابن آدم وفيها عليها وكلها بدل عليهن وكلهن

فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہاری آگ ایک حصہ ہے دوزخ کی آگ کے ستر حصوں سے کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ جلانے کو تو یہی آگ کفایت کرتی تھی آنحضرت نے فرمایا کہ دوزخ کی آگ دنیا کی آگوں سے انہتر حصے زیادتی رکھتی ہے ہر حصے کی گرمی اس آگ کی گرمی کے برابر ہے اور لفظ اس حدیث کے بخاری کے ہیں اور ایک روایت میں مسلم کی ہے تمہاری آگ جسکو آدمی جلاتا ہے اور اسی میں ہے علیہا لفظ علیہن کی جگہ اور کلہا بدل علیہن اور کلہن کے

وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يؤتى بجهنم يومئذ لها سبعون ألف زمام مع كل زمام سبعون ألف ملك يجرونها رواه مسلم

اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لائی جاویگی دوزخ اسدن کہ اسکے ستر ہزار باگیں ہونگی ہر باگ کے ساتھ ستر ہزار فرشتے ہیں کہ کھینچینگے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن النعمان بن بشير قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن أهون أهل النار عذابا من له نعلان وشراكان من نار يغلي منهما دماغه كما يغلي المرجل ما يرى أن أحدا أشد منه عذابا وإنه لأهونهم عذابا متفق عليه

اور روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک دوزخیوں میں بہت ہلکا عذاب والا وہ ہے جسکے پیروں میں آگ کی دو جوتیاں ہیں جنسے اسکا دماغ ابلتا ہے جیسے دیگچی ابلتی ہے اور وہ جانتا ہے کہ مجھ سے زیادہ کسی پر عذاب نہیں حالانکہ وہ رو سے ان سب کے بہت ہلکا عذاب ہے متفق علیہ

وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أهون أهل النار عذابا أبو طالب وهو منتعل بنعلين يغلي منهما دماغه رواه البخاري

اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ دوزخیوں میں بہت ہلکا عذاب والا ابو طالب ہے آگ کی دو جوتیاں پہنا ہوا جنسے دماغ اسکا ابلتا ہے روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يؤتى بأنعم أهل الدنيا من أهل النار يوم القيامة فيصبغ في النار صبغة ثم يقال يا ابن آدم هل رأيت خيرا قط هل مر بك نعيم قط فيقول لا والله يا رب ويؤتى بأشد الناس بؤسا في الدنيا من أهل الجنة فيصبغ صبغة في الجنة فيقال له يا ابن آدم هل رأيت بؤسا قط وهل مر بك شدة قط فيقول لا والله يا رب ما مر بي بؤس قط ولا رأيت شدة قط رواه مسلم

اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لایا جاویگا آسودہ تر دنیادار اہل دوزخ سے قیامت کے دن تو غوطہ دیا جاویگا دوزخ میں ایکبار پھر اس سے پوچھا جاویگا اے آدم کے بیٹے کیا تو نے کبھی دنیا میں آرام بھی دیکھا تھا کیا کبھی چین بھی تجھ پر گذرا تھا تو وہ کہیگا قسم خدا کی کبھی نہیں اے رب اور لایا جاویگا دنیا میں بہت سختی اٹھایا ہوا اہل جنت سے تو ڈالا جاویگا ایکبار جنت میں پھر اس سے پوچھا جاویگا اے آدم کے بیٹے تو نے کبھی تکلیف بھی دیکھی ہے کیا تجھ پر کبھی دنیا میں سختی بھی گذری تھی تو وہ کہیگا خدا کی قسم مجھ پر تو کبھی تکلیف نہیں گذری اور میں نے تو کبھی سختی نہیں دیکھی روایت کیا اسکو مسلم نے

وعنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال يقول الله لأهون أهل النار عذابا يوم القيامة لو أن لك ما في الأرض من شيء أكنت تفتدي به فيقول نعم فيقول أردت منك أهون من هذا وأنت في صلب آدم أن لا تشرك بي شيئا فأبيت إلا أن تشرك بي متفق عليه

اور روایت ہے انس سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ فرماویگا اللہ تعالے دوزخیوں میں بہت ہلکے عذاب والے کو قیامت کے دن اگر ہو تیرے لئے کوئی چیز زمین میں کیا تو اسکو دیکر چھوٹتا عذاب سے تو کہیگا ہاں پس فرماویگا پروردگار چاہا تھا میں نے تجھ سے اس سے بھی بہت ہلکی چیز جس حال میں کہ تو صلب آدم میں تھا یہ کہ شرک نہ کرنا میرے ساتھ کسی کو تو نے نہ مانا مگر یہ کہ شرک کیا تو نے میرا متفق علیہ

وعن سمرة بن جندب أن النبي صلى الله عليه وسلم قال منهم من تأخذه النار إلى كعبيه

اور روایت ہے سمرہ بن جندب سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور بعض دوزخیوں میں وہ شخص ہے کہ پکڑیگی اسکو آگ اسکے ٹخنوں تک

مَنْ تَأْخُذُهُ النَّارُ إِلَى رُكْبَتَيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ تَأْخُذُهُ النَّارُ إِلَى حُجْزَتِهِ وَمِنْهُمْ مَنْ تَأْخُذُهُ النَّارُ إِلَى تَرْقُوَتِهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

پکڑ لیگی آگ اسکے گرگوں تک اور کسی کو انہیں سے پکڑ لیگی آگ اسکی کمر تک اور کسی کو انہیں سے پکڑ لیگی آگ اسکی ہنسلی تک روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَ مَنْكِبَيِ الْكَافِرِ فِي النَّارِ مَسِيرَةُ ثَلٰثَةِ أَيَّامٍ لِلرَّاكِبِ الْمُسْرِعِ وَفِي رِوَايَةٍ ضِرْسُ الْكَافِرِ

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ دوزخ میں کافر کے دونوں کندھوں کے درمیان کی مسافت جلد چلنے والے سوار کے تین دن کی مسافت کے مقدار ہوگی اور ایک روایت میں ہے کہ داڑھ کافر کی

مِثْلُ أُحُدٍ وَغِلَظُ جِلْدِهِ مَسِيرَةُ ثَلٰثٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَذُكِرَ حَدِيثُ أَبِي هُرَيْرَةَ اشْتَكَتِ النَّارُ إِلَى رَبِّهَا فِي بَابِ تَعْجِيلِ الصَّلٰوةِ

مثل احد کے اور موٹاپن اسکے بدن کے چمڑے کا مقدار مسافت تین رات کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور مذکور ہو چکی حدیث ابی ہریرہ کی اشتکت النار الی ربہا باب تعجیل الصلوۃ میں

الفصل الثاني

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أُوقِدَ عَلَى النَّارِ أَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى احْمَرَّتْ ثُمَّ أُوقِدَ عَلَيْهَا

فصل دوسری روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ بھڑکائی گئی دوزخ ہزار برس یہاں تک کہ لال ہوگئی پھر بھڑکائے اسکو

أَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى ابْيَضَّتْ ثُمَّ أُوقِدَ عَلَيْهَا أَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى اسْوَدَّتْ فَهِيَ سَوْدَاءُ مُظْلِمَةٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ

دوسرے ہزار برس یہاں تک کہ سفید ہوگئی پھر بھڑکائے اسکو تیسرے ہزار برس یہاں تک کہ کالی ہوگئی سو اب دوزخ کالی اندھیری ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضِرْسُ الْكَافِرِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِثْلُ أُحُدٍ وَفَخِذُهُ مِثْلُ الْبَيْضَاءِ وَمَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ مَسِيرَةُ ثَلٰثٍ مِثْلُ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے داڑھ کافر کی قیامت کے دن مانند احد کے ہوگی اور ران اسکی مثل بیضا کے اور اسکے بیٹھنے کی جگہ دوزخ میں مقدار مسافت تین رات کے مثل

الرَّبَذَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ غِلَظَ جِلْدِ الْكَافِرِ اثْنَانِ وَأَرْبَعُونَ ذِرَاعًا وَإِنَّ ضِرْسَهُ

ربذہ کے ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مقرر موٹاپن کافر کے چمڑے کا بیالیس گز کا ہوگا اور داڑھ اسکی

مِثْلُ أُحُدٍ وَإِنَّ مَجْلِسَهُ مِنْ جَهَنَّمَ مَا بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مثل احد کے اور اسکے بیٹھنے کی جگہ دوزخ میں مکہ اور مدینہ کے درمیان کی مسافت کے مقدار ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

إِنَّ الْكَافِرَ لَيُسْحَبُ لِسَانُهُ الْفَرْسَخَ وَالْفَرْسَخَيْنِ يَتَوَطَّؤُهُ النَّاسُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ

بیشک کافر البتہ کھینچیگا جیب اپنی زمین پر ایک میل دو میل سے کھوند لینگے اسکے جیب کو لوگ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی سعید سے

عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الصَّعُودُ جَبَلٌ مِنْ نَارٍ يُتَصَعَّدُ فِيهِ سَبْعِينَ خَرِيفًا وَيُهْوٰى بِهِ كَذٰلِكَ فِيهِ أَبَدًا

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا صعود ایک پہاڑ ہے آگ کا کہ چڑھایا جاویگا کافر اسپر ستر برس اور اتارا جاویگا اسپر سے اتنے ہی برس ہمیشہ دوزخ میں

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي قَوْلِهِ كَالْمُهْلِ أَيْ كَعَكَرِ الزَّيْتِ فَإِذَا قُرِّبَ إِلٰى وَجْهِهِ سَقَطَتْ

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا تفسیر میں اس قول اللہ تعالے کے جو کالمہل ہے یعنی مانند تیل کی تلچھٹ کے پھر جب نزدیک کیا جاویگا مہل اسکے منہ کے پاس تو گر جاویگا

فَرْوَةُ وَجْهِهِ فِيهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْحَمِيمَ لَيُصَبُّ عَلٰى رُؤُوسِهِمْ فَيَنْفُذُ

پوست اسکے منہ کا اسمیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا بیشک گرم پانی دوزخ کا البتہ بہایا جاویگا انکے سروں پر پھر گھس جاویگا

الْحَمِيمُ حَتّٰى يَخْلُصَ إِلٰى جَوْفِهِ فَيَسْلُتُ مَا فِي جَوْفِهِ حَتّٰى يَمْرُقَ مِنْ قَدَمَيْهِ وَهُوَ الصَّهْرُ ثُمَّ يُعَادُ كَمَا كَانَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ

حمیم بدن میں انکے یہاں تک کہ پہنچیگا انکے پیٹ کے اندر تو کاٹ ڈالیگا جو کچھ کہ انکے پیٹ میں ہے یہاں تک کہ باہر آویگا دونوں پاؤں سے انکے اور یہی صہر ہے پھر ہو جاویگا بدن جیسا کہ تھا اول روایت کیا اسکو ترمذی نے

أَبِي أُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ يُسْقٰى مِنْ مَاءٍ صَدِيدٍ يَتَجَرَّعُهُ قَالَ يُقَرَّبُ إِلٰى فِيهِ فَيَكْرَهُهُ فَإِذَا أُدْنِيَ مِنْهُ شَوٰى

ابی امامہ سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے تفسیر میں اس قول اللہ تعالے کے کہ پلایا جاویگا پانی ریم کا گھونٹ گھونٹ پیویگا اسکو فرمایا نزدیک کیا جاویگا ریم اسکے منہ کے تو برا سمجھیگا اسکو پھر جب نزدیک کیا جاویگا تو بھون ڈالیگا

حتی وقعت فروة راسه فاذا شربه قطع امعاءه حتی یخرج من دبره یقول الله تعالی وسقوا ماء حمیما فقطع امعاءهم

اسکے منہ کے اور گر پڑیگی اسکے سر کی کھال جب پیویگا اسکو تو ٹکڑے ٹکڑے کردیگا اسکی انتڑیوں کو یہانتک کہ نکلینگی اسکے پیچھے کی راہ سے فرمایا ہے اللہ تعالی نے اور پلایا جاویگا دوزخی گرم پانی کہ ٹکڑے ٹکڑے کردیگا انکی انتڑیوں کو

ویقول وان یستغیثوا یغاثوا بماء کالمهل یشوی الوجوه بئس الشراب رواه الترمذی وعن ابی سعید الخدری عن النبی صلی

اور فرمایا ہے اور اگر فریاد کرینگے پانی مانگینگے تو دیا جاویگا پانی جو پیپ کیسا جلاویگا منہ کو برا پینا ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے نبی صلے

الله علیه وسلم قال لسرادق النار اربعة جدر کثف کل جدار مسیرة اربعین سنة رواه الترمذی وعنه قال قال رسول الله

اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا واسطے سراپردہ دوزخ کے چار دیواریں ہیں موٹائی ہر دیوار کی مقدار مسافت چالیس برس کی ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صلی الله علیه وسلم لو ان دلوا من غساق یهراق فی الدنیا لانتن اهل الدنیا رواه الترمذی وعن ابن عباس ان رسول

صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر ایک ڈول دوزخیوں کی پیپ کا کہ دنیا میں ڈالا جاوے البتہ بدبودار ہوجاویں سب دنیا والے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ رسول

الله صلی الله علیه وسلم قرا هذه الایة اتقوا الله حق تقاته ولا تموتن الا وانتم مسلمون قال رسول الله صلی الله علیه وسلم

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پڑھی یہ آیت کہ ڈرو اللہ سے جیسا کہ ڈرنا چاہئے اس سے اور نہ مرو تم مگر مسلمان ہوکر فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

لو ان قطرة من الزقوم قطرت فی دار الدنیا لافسدت علی اهل الارض معایشهم فکیف بمن یکون طعامه رواه

اگر ایک قطرہ زقوم سے ٹپکے دنیا میں تو البتہ بگاڑ دیوے زمین والوں پر انکا گذران پھر کیسا ہوگا حال اسکا کہ وہ خوراک اسکا ہوگا روایت کیا

الترمذی وقال هذا حدیث حسن صحیح وعن ابی سعید عن النبی صلی الله علیه وسلم قال وهم فیها کالحون قال تشویه النار فتقلص

ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت ہے ابی سعید سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا آیت وہم فیہا کالحون کی تفسیر میں فرمایا جلا دیگی انکو آگ سو سکڑ جاویگا ہونٹ

شفته العلیا حتی تبلغ وسط راسه وتسترخی شفته السفلی حتی تضرب سرته رواه الترمذی وعن انس عن النبی صلی الله

اسکا اوپر کا یہانتک کہ پہنچیگا بیچ سر کے اور لٹکیگا ہونٹ اسکا نیچے کا یہانتک کہ پہنچیگا اسکی ناف تک روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس سے نبی صلے اللہ

علیه وسلم قال یا ایها الناس ابکوا فان لم تستطیعوا فتباکوا فان اهل النار یبکون فی النار حتی تسیل دموعهم فی وجوههم

علیہ وسلم سے کہ فرمایا اے لوگو روؤ پھر اگر رو نہ سکو تو رولاؤ اپنے کو کیونکہ دوزخی لوگ روئینگے دوزخ میں یہانتک کہ بہینگے آنسو انکے انکے منہوں پر

کانها جداول حتی تنقطع الدموع فتسیل الدماء فتقرح العیون فلو ان سفنا ازجیت فیها لجرت رواه فی شرح السنة

گویا کہ وہ چھوٹی ندیاں ہیں یہانتک کہ موقوف ہوجاوینگے آنسو اور بہنے لگیگا لہو پھر زخمی ہوجاوینگی آنکھیں اگر کشتیاں چلائی جاویں ان میں البتہ چلنے لگیں روایت کیا اسکو شرح سنہ میں

وعن ابی الدرداء قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم یلقی علی اهل النار الجوع فیعدل ما هم فیه من العذاب فیستغیثون

اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ڈالی جاویگی بھوک دوزخیوں پر برابر ہوگا عذاب بھوک کا دوزخ کے عذاب کے سو کھانا مانگینگے

فیغاثون بطعام من ضریع لا یسمن ولا یغنی من جوع فیستغیثون بالطعام فیغاثون بطعام ذی غصة فیذکرون

تو کھانا دیا جاویگا ضریع سے کہ نہ موٹا کریگا اور نہ کام آویگا بھوک کے پھر بھی کھانا مانگینگے تو حلق میں پھنس جانے والا کھانا دیا جاویگا سو یاد کرینگے

انهم کانوا یجیزون الغصص فی الدنیا بالشراب فیستغیثون بالشراب فیرفع الیهم الحمیم بکلالیب الحدید فاذا دنت

کہ اتارتے تھے حلق میں اٹکے ہوئے کو دنیا میں پانی سے تو پھر پانی مانگینگے سو اٹھایا جاویگا انکی طرف گرم پانی لوہے کے آنکڑوں میں جب نزدیک ہوگا

من وجوههم شوت وجوههم فاذا دخلت بطونهم قطعت ما فی بطونهم فیقولون ادعوا خزنة جهنم فیقولون

انکے منہوں کے تو بھون دیگا انکے منہوں کو پھر جب داخل ہوگا انکے پیٹوں میں تو ٹکڑے کردیگا اسکو جو پیٹوں میں ہے پس کہنے لگینگے بلاؤ داروغہ دوزخ کے تو کہینگے

الم يك تاتيكم رسلكم بالبينات قالوا بلى قالوا فادعوا وما دعاء الكافرين الا في ضلال قال فيقولون ادعوا مالكا قال فيقولون يا مالك ليقض

کیا نہیں تھے آتے تمہارے پاس پیغمبر تمہارے معجزوں کے ساتھ کہا انہوں نے ہاں آئے تھے کہا خازنوں نے پس پکارو اور نہیں پکار کافروں کی مگر گمراہی میں فرمایا حضرت نے پھر کہینگے پکارو مالک کو فرمایا پھر کہینگے اے مالک چاہیے کہ حکم کرے

علينا ربك قال فيجيبهم انكم ماكثون قال الاعمش نبئت ان بين دعائهم واجابة مالك اياهم الف عام قال فيقولون ادعوا

ہمکو پروردگار تیرا فرمایا حضرت نے پھر جواب دیگا انکو البتہ تم ہمیشہ رہنے والے ہو کہا اعمش نے خبردار ہوا میں درمیان پکارنے دوزخیوں کے اور جواب مالک کے انکو ہزار برس فرمایا پھر کہینگے پکارو

ربكم فلا احد خير من ربكم فيقولون ربنا غلبت علينا شقوتنا وكنا قوما ضالين ربنا اخرجنا منها فان عدنا فانا

اپنے رب کو کہ کوئی بہتر نہیں تمہارے رب سے تو کہنے لگینگے اے رب ہمارے غلبہ کیا ہم پر بدبختی ہماری اور تھے ہم لوگ بہکے ہوئے اے رب ہمارے نکال ہمکو اس سے پس اگر پھر کریں ہم تو بیشک ہم

ظالمون قال فيجيبهم اخسئوا فيها ولا تكلمون قال فعند ذلك يئسوا من كل خير وعند ذلك ياخذون في الزفير

بے انصاف ہیں فرمایا حضرت نے پھر جواب دیگا ان کو پڑے رہو اسمیں اور بات مت کرو فرمایا پھر نزدیک اسکے ناامید ہو جاوینگے سب بھلائی سے اور اسوقت لگینگے چلانے

والحسرة والويل قال عبد الله بن عبد الرحمن والناس لا يرفعون هذا الحديث رواه الترمذي وعن النعمان بن

اور افسوس کرنے اور آہ کرنے کہا عبداللہ بن عبدالرحمن نے اور لوگ مرفوع نہیں کہتے ہیں اس حدیث کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے نعمان بن

بشير قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول انذرتكم النار انذرتكم النار فما زال يقولها حتى لو كان في مقامي

بشیر سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے ڈراتا ہوں میں تمکو دوزخ سے ڈراتا ہوں میں تمکو دوزخ سے پھر بار بار فرماتے تھے اسکو یہاں تک کہ اگر حضرت میری جگہ

هذا سمعه اهل السوق وحتى سقطت خميصة كانت عليه عند رجليه رواه الدارمي وعن عبد الله بن عمرو بن

تو سنتے اسکو بازار والے اور یہاں تک کہ گر پڑی چادر آپکی جو آپ پر تھی حضرت کے پاؤں کے پاس روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو بن

العاص قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو ان رصاصة مثل هذه واشار الى مثل الجمجمة ارسلت من السماء الى

العاص سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر پایا جاوے شیشہ مثل اسکے اور اشارہ فرمایا حضرت نے طرف مثل جمجمہ کے اور چھوڑا جاوے آسمان سے طرف

الارض وهي مسيرة خمسمائة سنة لبلغت الارض قبل الليل ولو انها ارسلت من راس السلسلة لسارت اربعين

زمین کے کہ وہ مسافت پانسو برس کی ہے البتہ پہنچے وہ رصاصہ زمین کو پیش از شب کے اور اگر وہی رصاصہ چھوڑا جاوے سر سے زنجیر کے تو البتہ چلا جاویگا چالیس

خريفا الليل والنهار قبل ان تبلغ اصلها او قعرها رواه الترمذي وعن ابي بردة عن ابيه ان النبي صلى الله عليه وسلم قال

برس تک رات اور دن قبل پہنچنے اسکے آخر کو یا اسکے نہایت کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی بردہ سے اسنے اپنے باپ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

ان في جهنم لواديا يقال له هبهب يسكنه كل جبار رواه الترمذي

کہ دوزخ میں ایک وادی ہے کہ جسکو ہبہب کہتے ہیں بسینگے وہاں سارے مغرور روایت کیا اسکو ترمذی نے

الفصل الثالث

فصل تیسری

عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال يعظم اهل النار في النار حتى ان بين شحمة اذن احدهم الى عاتقه مسيرة سبعمائة عام وان غلظ جلده سبعون

روایت ہے ابن عمر سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ بہت موٹے ہونگے دوزخی دوزخ میں یہاں تک کہ درمیان کان کی لو کے انکے کندھے تک مسافت سات سو برس کی ہے اور موٹاپن انکے پوست کا ستر

ذراعا وان ضرسه مثل احد وعن عبد الله بن الحارث بن جزء قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان في النار

گز اور دانت اسکے مثل احد کے اور روایت ہے عبداللہ بن الحارث بن جزء سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک دوزخ میں

حيات كامثال البخت تلسع احداهن اللسعة فيجد حموتها اربعين خريفا وان في النار عقارب كامثال البغال الموكفة

سانپ ہیں مانند موٹے اونٹوں کے کہ ڈسیگا ایک انمیں کا ایک ڈسنا کہ پاویگا ایذا اسکی چالیس برس تک اور بیشک دوزخ میں بچھو ہیں مانند خچروں پالان دار کے

تكسع احديهن الشعبة فيجد حموها اربعين خريفا رواه احمد . وعن الحسن قال حدثنا ابو هريرة عن رسول الله صلى
دبیگا ایک انمیں کا ایسا دستا کہ پاویگا سختی اسکی چالیس سال روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے حسن سے کہا حدیث بیان کیا ہمکو ابوہریرہ نے رسول خدا صلے

الله عليه وسلم قال الشمس والقمر ثوران مكوران في النار يوم القيمة فقال الحسن وما ذنبهما فقال احدثك عن رسول الله
اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آفتاب اور چاند دو توکر لپیٹ کر ڈالا جاویگا دوزخ میں قیامت کے دن پس کہا حسن نے اور کیا گناہ ہے ان دونوں کا تو کہا ابوہریرہ نے خبر دیتا ہوں تجھکو رسول خدا

صلى الله عليه وسلم فسكت الحسن رواه البيهقي في كتاب البعث والنشور . وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله
صلے اللہ علیہ وسلم سے سو خاموش ہو گیا حسن روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب البعث والنشور میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم لا يدخل النار الا شقي قيل يا رسول الله ومن شقي قال من لم يعمل لله بطاعة ولم يترك له معصية رواه ابن ماجه
علیہ وسلم نے نہیں داخل ہوگا دوزخ میں مگر بدبخت عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ کون بدبخت ہے فرمایا حضرت نے جو کوئی نہ کیا خدا کے لئے کوئی طاعت اور نہ چھوڑا اسکے ڈر سے کوئی گناہ

باب خلق الجنة والنار

الفصل الاول

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تحاجت الجنة والنار
باب پیدائش میں بہشت اور دوزخ کے فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے گفتگو کی آپس میں جنت اور دوزخ

فقالت النار اوثرت بالمتكبرين والمتجبرين وقالت الجنة فما لي لا يدخلني الا ضعفاء الناس وسقطهم وغرتهم قال الله للجنة
تو کہا دوزخ نے اختیار کی گئی ہوں میں مغرور اور گردن کشوں کے لئے اور کہا جنت نے کیا ہوا مجھکو کہ نہ آوینگے مجھ میں مگر مسکین لوگ جو نظر سے گرے ہوئے اور بے قدر ہیں تو فرمایا اللہ تعالی نے جنت کو

انما انت رحمتي ارحم بك من اشاء من عبادي وقال للنار انما انت عذابي اعذب بك من اشاء من عبادي ولكل واحدة
کہ تو میری رحمت ہے رحم کرونگا تیرے سبب جسکو چاہونگا اپنے بندوں سے اور فرمایا دوزخ کو بیشک تو میرا عذاب ہے تیرے سبب سے عذاب دونگا جسکو چاہونگا اپنے بندوں سے اور ہر ایک کے لئے

منكما ملؤها فاما النار فلا تمتلئ حتى يضع الله رجله يقول قط قط قط فهنالك تمتلئ ويزوى بعضها الى بعض فلا يظلم
تم دونوں میں سے بھرتی ہے لیکن دوزخ نہ بھریگی یہانتک کہ رکھیگا اللہ تعالی اپنے پاؤں کو تو کہیگی دوزخ بس بس بس اسوقت بھر جاویگی اور سمٹ جاویگی بعض اسکا بعض سے پس ظلم نہ کریگا

الله من خلقه احدا واما الجنة فان الله ينشئ لها خلقا متفق عليه . وعن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تزال
اللہ اپنے مخلوقات میں سے کسیپر اور لیکن جنت پس تحقیق اللہ پیدا کریگا اسکے لئے لوگ تازہ ق اور روایت ہے انس سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا ہمیشہ ہی

جهنم يلقى فيها وتقول هل من مزيد حتى يضع رب العزة فيها قدمه فينزوي بعضها الى بعض فتقول قط قط بعزتك و
دوزخ کہ ڈالا جاویگا اسمیں لوگ اور کہیگی کچھ اور بھی زیادہ ہے یہانتک کہ رکھیگا پروردگار اپنا قدم قدرت تو دوزخ سمٹ جاویگی اور کہنے لگیگی بس بس تیری عزت اور

كرمك ولا يزال في الجنة فضل حتى ينشئ الله لها خلقا فيسكنهم فضل الجنة متفق عليه وذكر حديث انس حفت الجنة
کرم کی قسم ہے اور ہمیشہ رہیگی جنت میں کشادگی یہانتک کہ پیدا کریگا اللہ اسکے لئے لوگ اور بسائیگا انکو بیچ وسعت جنت کے ق اور مذکور ہو چکی حدیث انس کی ڈھانپی گئی ہے جنت

بالمكاره في كتاب الرقاق

الفصل الثاني

عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لما خلق الله الجنة قال لجبريل اذهب
ساتھ ناپسند کاموں کے کتاب الرقاق میں فصل دوسری روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جبکہ بنایا اللہ جنت کو فرمایا جبریل کو جا

فانظر اليها فذهب فنظر اليها والى ما اعد الله لاهلها فيها ثم جاء فقال اي رب وعزتك لا يسمع بها احد الا دخلها
اور دیکھ اسکو تو گئے جبریل اور دیکھے اسکو اور ان چیزوں کو کہ تیار کیا ہے اللہ نے بہشتیوں کے لئے جنت میں پھر آئے اور عرض کرے اے میرے رب تیری عزت کی قسم نہ سنیگا کوئی جنت کی صفت مگر داخل ہوگا

ثم حفها بالمكاره ثم قال يا جبريل اذهب فانظر اليها قال فذهب فنظر اليها ثم جاء فقال اي رب وعزتك لقد خشيت
پھر گھیر دیا جنت کو ناپسند کاموں سے پھر فرمایا اے جبریل جا اور نظر کر جنت کو فرمایا حضرت نے پھر گئے اور دیکھے اسکو پھر آئے اور عرض کرے اے صاحب میرے تیری عزت کی قسم البتہ ڈرتا ہوں میں

أَلَّا يَدْخُلَهَا أَحَدٌ قَالَ فَلَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ النَّارَ قَالَ يَا جِبْرِيْلُ اذْهَبْ فَانْظُرْ إِلَيْهَا قَالَ فَذَهَبَ فَنَظَرَ إِلَيْهَا ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ أَيْ

کہ نہ داخل ہوگا جنت میں کوئی فرمایا حضرت نے پھر جب پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے دوزخ کو فرمایا اے جبرئیل جاؤ دیکھو اس کو فرمایا حضرت نے پھر گئے جبرئیل اور دیکھا اس کو پھر آئے اور عرض کرے اے

رَبِّ وَعِزَّتِكَ لَا يَسْمَعُ بِهَا أَحَدٌ فَيَدْخُلُهَا فَحَفَّهَا بِالشَّهَوَاتِ ثُمَّ قَالَ يَا جِبْرِيْلُ اذْهَبْ فَانْظُرْ إِلَيْهَا قَالَ فَذَهَبَ فَنَظَرَ إِلَيْهَا فَقَالَ

پروردگار تیری عزت کی قسم ہے نہیں سنیگا حال دوزخ کا کوئی پس داخل ہوگا اس میں پھر ڈھانپ دیا اس کو خواہشوں کے ساتھ پھر فرمایا اے جبرئیل جاؤ دیکھو دوزخ کو فرمایا حضرت نے پھر جبرئیل گئے اور دیکھا اور عرض

أَيْ رَبِّ وَعِزَّتِكَ لَقَدْ خَشِيْتُ أَنْ لَا يَبْقٰى أَحَدٌ إِلَّا دَخَلَهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ

اے پروردگار تیری عزت کی قسم ہے البتہ ڈرتا ہوں کہ نہ باقی رہیگا کوئی مگر داخل ہوگا اس میں روایت کیا اس کو ترمذی اور ابوداود اور نسائی نے   فصل تیسری روایت ہے

أَنَسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى لَنَا يَوْمًا الصَّلٰوةَ ثُمَّ رَقِيَ الْمِنْبَرَ فَأَشَارَ بِيَدِهِ قِبَلَ قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ فَقَالَ قَدْ أُرِيْتُ

انس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی ہمکو ایک دن کوئی نماز پھر سوار ہو کر منبر پر اور اشارہ کیا اپنے ہاتھ سے طرف قبلہ مسجد کے اور فرمایا تحقیق دکھلائی گئیں

اَلْآنَ مُنْذُ صَلَّيْتُ لَكُمُ الصَّلٰوةَ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ مُمَثَّلَتَيْنِ فِيْ قُبُلِ هٰذَا الْجِدَارِ فَلَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ بَابُ

اب تک سے کہ نماز پڑھائی میں نے تمکو یہہ نماز بہشت اور دوزخ کو صورت پکڑے ہوئے دونوں طرف اس دیوار کے پس نہیں دیکھی میں نے مانند آج کے بھلائی اور برائی میں روایت کیا اس کو بخاری نے باب

بَدْءِ الْخَلْقِ وَذِكْرِ الْأَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ إِنِّيْ كُنْتُ

شروع پیدائش میں اور ذکر میں انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کے   فصل پہلی روایت ہے عمران بن حصین سے کہا تحقیق میں تھا

عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَهُ قَوْمٌ مِنْ بَنِيْ تَمِيْمٍ فَقَالَ اقْبَلُوا الْبُشْرٰى يَا بَنِيْ تَمِيْمٍ قَالُوْا بَشَّرْتَنَا فَأَعْطِنَا فَ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا کہ ایک آئے آپ پاس ایک جماعت بنی تمیم کی پس فرمایا حضرت نے قبول کرو خوشخبری کو اے اولاد تمیم کی کہا انہوں نے خوشخبری دی تو نے ہمکو پس دے ہمکو پس

دَخَلَ نَاسٌ مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ فَقَالَ اقْبَلُوا الْبُشْرٰى يَا أَهْلَ الْيَمَنِ إِذْ لَمْ يَقْبَلْهَا بَنُوْ تَمِيْمٍ قَالُوْا قَبِلْنَا جِئْنَاكَ لِنَتَفَقَّهَ فِي

پھر آئے یمن والے کتنے آدمی تو فرمایا حضرت نے قبول کرو خوشخبری کو اے یمن والو کیونکہ نہیں قبول کیا اس کو بنی تمیم نے کہا انہوں نے قبول کیا ہم نے آئے ہیں ہم آپ پاس تاکہ سمجھ پیدا کریں

الدِّيْنِ وَلِنَسْأَلَكَ عَنْ أَوَّلِ هٰذَا الْأَمْرِ مَا كَانَ قَالَ كَانَ اللّٰهُ وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ قَبْلَهُ وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ ثُمَّ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ

دین کی اور تاکہ پوچھیں آپ سے اس کام کے اول کو کیا تھا فرمایا حضرت نے خدا ہی تھا اور نہیں تھی کوئی چیز پہلے اس کے اور تھا عرش اس کا پانی پر پھر پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو

وَكَتَبَ فِي الذِّكْرِ كُلَّ شَيْءٍ ثُمَّ أَتَانِيْ رَجُلٌ فَقَالَ يَا عِمْرَانُ أَدْرِكْ نَاقَتَكَ فَقَدْ ذَهَبَتْ فَانْطَلَقْتُ أَطْلُبُهَا وَايْمُ اللّٰهِ لَوَدِدْتُ

اور لکھا لوح محفوظ میں ہر چیز کو پھر آیا میرے پاس ایک مرد اور کہا اے عمران ڈھونڈ لے اپنی اونٹنی کو کہ چلی گئی ہے پھر نکلا میں اسکے ڈھونڈنے کو اور قسم ہے خدا کی البتہ چاہتا تھا میں

أَنَّهَا قَدْ ذَهَبَتْ وَلَمْ أَقُمْ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَامَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَامًا فَأَخْبَرَنَا عَنْ بَدْءِ

کہ اونٹنی چلی جاتی اور میں نہ اٹھتا حضرت کے پاس سے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے عمر سے کہا کھڑے ہوئے ہم میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ایک جگہ کھڑے ہونے کی پس خبر دی ہمکو شروع

الْخَلْقِ حَتّٰى دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ مَنَازِلَهُمْ وَأَهْلُ النَّارِ مَنَازِلَهُمْ حَفِظَ ذٰلِكَ مَنْ حَفِظَهُ وَنَسِيَهُ مَنْ نَسِيَهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

پیدائش سے یہانتک کہ داخل ہوویں جنتی اپنے ٹھکانے اور دوزخی اپنے ٹھکانے یاد رکھا ہے اس کو جسنے یاد رکھا اس کو اور بھول گیا اس کو جسنے بھول گیا اس کو روایت کیا اس کو بخاری نے

وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى كَتَبَ كِتَابًا قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ الْخَلْقَ إِنَّ رَحْمَتِيْ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے کہ تحقیق اللہ تعالیٰ نے لکھا ایک کتاب پہلے پیدا کرنے خلق کے کہ رحم میرا

سَبَقَتْ غَضَبِيْ فَهُوَ مَكْتُوْبٌ عِنْدَهُ فَوْقَ الْعَرْشِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

چڑھ گیا ہے غضب پر سو وہ لکھا ہوا ہے اسکے پاس عرش کے اوپر ہے اور روایت ہے عائشہ سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا

خلقت الملائكة من نور وخلق الجان من مارج من نار وخلق آدم مما وصف لكم رواه مسلم وعن انس ان رسول الله صلى الله

بنائے گئے فرشتے نور سے اور بنایا گیا جان آتش کے شعلہ سے اور بنائے گئے آدم اس چیز سے کہ بیان ہوئی تمہارے لئے قرآن میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہ رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم قال لما صور الله آدم في الجنة تركه ما شاء الله ان يتركه فجعل ابليس يطيف به ينظر ما هو فلما رآه اجوف

علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کہ صورت بنایا خدا نے آدم کی جنت میں چھوڑ دیا اسکو جب تک کہ چاہا اللہ نے چھوڑنا اسکا تو پھرنے لگا ابلیس اسکے گرد دیکھتا ہوا کہ کیا ہے پس جب دیکھا اسکو خالی پیٹ تو پہچانا

عرف انه خلق خلقا لا يتمالك رواه مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اختتن ابراهيم النبي وهو ابن

کہ بنایا گیا ہے ایسا کہ اپنے نفس کا مالک نہ ہوسکیگا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ختنہ کیا ابراہیم نبی نے جبکہ عمر انکی

ثمانين سنة بالقدوم متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يكذب ابراهيم الا ثلث كذبات

اسی برس کی تھی موضع قدوم میں بخاری ومسلم۔ اور روایت ہے انہی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جھوٹ نہیں کہا ابراہیم نے مگر تین جھوٹ ان میں

ثنتين منهن في ذات الله قوله اني سقيم وقوله بل فعله كبيرهم وقال بينا هو ذات يوم وسارة اذ اتى على جبار من

دو واسطے خدا کے ایک کہنا اسکا کہ میں بیمار ہوں اور دوسرا کہنا اسکا بلکہ کیا اسکو بڑے انکے نے اور فرمایا حضرت نے درمیان اسکے کہ ابراہیم اور سارہ تھے ایک دن گذرے ظالم

الجبابرة فقيل له ان ههنا رجلا معه امرأة من احسن الناس فارسل اليه فسأله عنها من هذه قال اختي فاتى سارة

ایک ظالم کے پاس پس کہا گیا اس ظالم کو کہ یہاں ایک مرد آیا ہے کہ ساتھ اسکے ایک عورت ہے خوبصورت لوگوں میں سے پھر بلا بھیجا ابراہیم کو اور پوچھا اس سے کہ کون ہے یہ عورت کہا ابراہیم نے یہ بہن میری ہے پھر آئے سارہ کے پاس

فقال لها ان هذا الجبار ان يعلم انك امرأتي يغلبني عليك فان سألك فاخبريه انك اختي فانك اختي في

اور کہا اسکو اگر یہ ستمگر جانیگا کہ تو عورت میری ہے تو چھین لیگا مجھ سے تجھکو پھر اگر پوچھے تجھ سے تو بھی خبر دے اسکو کہ تو بہن میری ہے کیونکہ تو بہن میری ہے

الاسلام ليس على وجه الارض مؤمن غيري وغيرك فارسل اليها فاتي بها قام ابراهيم يصلي فلما دخلت عليه ذهب يتناولها

اسلام میں کہ نہیں ہے روئے زمین پر کوئی مومن سوا میرے اور تیرے پھر بلا بھیجا سارہ کو پھر لائی گئی اسکے پاس تو کھڑا ہوا ابراہیم نماز پڑھنے پھر جب داخل ہوئی سارہ اس ظالم کے پاس تو بڑھایا ہاتھ اپنا کہ پکڑے

بيده فاخذ ويروى فغط حتى ركض برجله فقال ادعي الله لي ولا اضرك فدعت الله فاطلق ثم تناولها الثانية فاخذ

ہاتھ سے اسکے پس پکڑا گیا اور روایت ہے کہ گلا گھونٹا گیا یہاں تک کہ مارنے لگا پاؤں کو پس کہا دعا کر اللہ سے میرے لئے اور نہ ایذا دونگا تجھکو پھر دعا کی سارہ نے اللہ سے تو نجات پایا پھر بڑھا دوسری بار پھر پکڑا گیا

مثلها او اشد فقال ادعي الله لي ولا اضرك فدعت الله فاطلق فدعا بعض حجبته فقال انك لم تاتني بانسان انما اتيتني

مانند اول کے یا اس سے بھی سخت پس کہا دعا کر اللہ سے میرے لئے اور نہیں ایذا دونگا تجھکو پس دعا کی سارہ نے اللہ سے تو نجات پایا پھر بلایا بعض دربانوں کو پس کہا کہ تو نہیں لایا میرے پاس آدمی کو مگر لایا تو میرے پاس

بشيطان فاخدمها هاجر فاتته وهو قائم يصلي فاومأ بيده مهيم قالت رد الله كيد الكافر في نحره واخدم هاجر قال ابو هريرة

شیطان کو پس سارہ کی خدمت کے لئے دیا ہاجرہ کو پھر آئی سارہ ابراہیم کے پاس اور وہ کھڑے تھے نماز پڑھتے تو اشارہ کیا ابراہیم نے اپنے ہاتھ سے کہ کیا ہوا کہا پھیر دیا اللہ نے فریب کافر کا اسکے سینہ میں اور خدمت کو دی ہاجرہ کہا ابو ہریرہ نے

تلك امكم يا بني ماء السماء متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم نحن احق بالشك من ابراهيم اذ

یہ ہاجرہ ماں تمہاری ہے اے اولاد آسمان کے پانی کی بخاری ومسلم۔ اور روایت ہے انہی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہم بہت سزاوار ہیں شک کرنے میں ابراہیم سے جب

قال رب ارني كيف تحيي الموتى قال او لم تؤمن قال بلى ولكن ليطمئن قلبي ويرحم الله لوطا لقد كان ياوي الى

کہا ابراہیم نے اے رب میرے دکھا مجھکو کیونکر جلاتا ہے تو مردوں کو فرمایا کیا تو ایمان نہیں لایا کہا ایمان لایا ہوں لیکن تاکہ تسکین پکڑے دل میرا اور رحم کرے خدا لوط پر کہ پناہ ڈھونڈتا تھا

ركن شديد ولو لبثت في السجن طول ما لبث يوسف لاجبت الداعي متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه

رکن شدید کی طرف اور اگر رہتا میں قیدخانہ میں جتنا کہ رہے یوسف تو البتہ قبول کرتا بلانے والے کو بخاری ومسلم۔ اور روایت ہے انہی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ

وسلم ان موسیٰ کان رجلاً حییاً ستیراً لا یری من جلدہ شیء استحیاءً فاٰذاہ من اٰذاہ من بنی اسرائیل فقالوا ما یستتر

وسلم نے بیشک موسیٰ تھے مرد حیا والے بہت ڈھانپنے والے نہیں دیکھا جاتا تھا ان کے بدن سے کچھ بسبب حیا کے پھر ایذا دیا انکو کسی ایذا دینے والے نے بنی اسرائیل سے تو کہنے لگے نہیں

هذا التستر الا من عیب بجلده اما برص واما ادرة وان الله اراد ان یبرئه مما قالوا لموسی فخلا یوماً وحده لیغتسل فوضع ثوبه علی

موسیٰ ایسا بدن ڈھانپتا مگر بسبب کسی عیب کے جو ان کے بدن میں ہے یا برص یا خصیہ سوجا ہوا ہے اور اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ پاک ظاہر کرے موسیٰ کو اس سے جو قوم نے کہا تو ایک دن اکیلے غسل کو گئے اور کپڑا رکھا

حجر ففر الحجر بثوبه فجمح موسی فی اثره یقول ثوبی یا حجر ثوبی یا حجر حتی انتهی الی ملأ من بنی اسرائیل فرأوه عریاناً

ایک پتھر پر تو بھاگا وہ پتھر انکا کپڑا لے کر سو دوڑے موسیٰ اسکے پیچھے کہتے ہوئے کپڑا دے اے پتھر کپڑا دے اے پتھر یہانتک کہ پہنچے ایک جماعت تک بنی اسرائیل کی تو دیکھا انہوں نے ان کو ننگا

احسن ما خلق الله وقالوا والله ما بموسی من بأس واخذ ثوبه وطفق بالحجر ضرباً فوالله ان بالحجر لندباً من اثر

بہت اچھا مخلوقات اللہ کے اور کہا انہوں نے قسم خدا کی نہیں ہے موسیٰ کو کچھ عیب اور لے لیا موسیٰ نے اپنا کپڑا اور لگے مارنے پتھر کو سو قسم ہے خدا کی کہ پتھر میں پڑ گئے نشان

ضربه ثلاثاً او اربعاً او خمساً متفق علیه وعنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم بینا ایوب یغتسل عریاناً فخر

ان کے مار کا تین یا چار یا پانچ ××ق اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ایک وقت ایوب غسل کرتے تھے برہنے تو گرا

علیه جراد من ذهب فجعل ایوب یحثی فی ثوبه فناداه ربه یا ایوب الم اکن اغنیتك عما تری قال بلی وعزتك ولكن

ان پر سونے کی ایک ٹڈی تو لگے ایوب بھرنے کو اپنے کپڑے میں پھر ندا کیا انکو انکے رب نے اے ایوب کیا نہیں کیا میں نے تجھکو غنی اس سے جو دیکھتا ہے کہا ہاں قسم تیری عزت کی لیکن

لا غنی بی عن برکتك رواه البخاری وعنه قال استب رجل من المسلمین ورجل من الیهود فقال المسلم والذی

نہیں ہے بے نیازی مجھکو تیری زیادتی نعمت سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انہی سے کہا گالی گلوچ کی آپس میں ایک مرد مسلمان اور یہودی نے سو کہا مسلمان نے قسم ہے اس ذات کی

اصطفی محمداً علی العالمین فقال الیهودی والذی اصطفی موسی علی العالمین فرفع المسلم یده عند ذلك فلطم

جس نے پسند کیا محمد کو جہان کے لوگوں پر تو کہا یہودی نے قسم ہے اس ذات کی جس نے پسند کیا موسیٰ کو جہان کے لوگوں پر پھر اٹھایا مسلمان نے اپنا ہاتھ اس کے کہنے کے وقت اور طمانچہ مارا

وجه الیهودی فذهب الیهودی الی النبی صلی الله علیه وسلم فاخبره بما کان من امره وامر المسلم فدعا النبی

منہ پر یہودی کے سو گیا یہودی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر دیا آپ کو اس معاملے کی جو واقع ہوا تھا درمیان اسکے اور مسلمان کے پھر بلایا نبی

صلی الله علیه وسلم المسلم فسأله عن ذلك فاخبره فقال النبی صلی الله علیه وسلم لا تخیرونی علی موسی فان

صلے اللہ علیہ وسلم نے مسلمان کو اور پوچھا اس سے تو خبر دیا اسنے جو کچھ گذرا تھا فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ فضیلت دو تم مجھکو موسیٰ پر کیونکہ

الناس یصعقون یوم القیامة فاصعق معهم فاکون اول من یفیق فاذا موسی باطش بجانب العرش فلا ادری

لوگ بیہوش ہو جاوینگے قیامت کے دن تو بیہوش ہو جاؤنگا میں بھی ان کے ساتھ سو ہونگا اول ہوش میں آنے والوں میں تو یکایک دیکھونگا موسیٰ کو پکڑے ہوئے عرش کا کونہ نہیں

اکان فیمن صعق فافاق قبلی او کان فیمن استثنی الله فصعق من فی السموات ومن فی الارض الا من شاء الله وفی روایة

جانتا موسیٰ ان لوگوں میں تھے جو بیہوش ہوئے تھے اور ہوش میں آئے پہلے مجھ سے یا تھے ان لوگوں میں جن کو مستثنیٰ کیا اللہ نے پس بیہوش ہوگا جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہیں مگر جسکو چاہا اللہ اور ایک روایت

فلا ادری احوسب بصعقة یوم الطور او بعث قبلی ولا اقول ان احداً افضل من یونس بن متی وفی روایة

کہ فرمایا حضرت نے پس نہیں جانتا میں کہ حساب کئے گئے بیہوشی طور کے سبب یا اٹھائے گئے پہلے مجھ سے اور نہیں کہتا ہوں کہ کوئی نبی افضل ہے یونس بن متی سے اور روایت

ابی سعید قال لا تخیروا بین الانبیاء متفق علیه وفی روایة ابی هریرة لا تفضلوا بین انبیاء الله وعن ابی هریرة

ابی سعید سے یہ ہے فرمایا کہ نہ پسند کرو کسی کو درمیان انبیاء کے ××ق اور روایت میں ابی ہریرہ کے یہ ہے کہ نہ فضیلت دو درمیان خدا کے پیغمبروں کے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما ينبغي لعبد أن يقول إني خير من يونس بن متى متفق عليه وفي رواية

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں لائق ہے کسی بندے کو کہ کہے میں بہتر ہوں یونس بن متی سے متفق ہے اور ایک روایت میں

للبخاري قال من قال أنا خير من يونس بن متى فقد كذب وعن أبي بن كعب قال قال رسول الله صلى الله عليه

بخاری کی ہے فرمایا حضرت نے جسنے کہا کہ میں بہتر ہوں یونس بن متی سے سو بیشک اسنے جھوٹھ کہا اور روایت ہے ابی بن کعب سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ

وسلم إن الغلام الذي قتله الخضر طبع كافرا ولو عاش لأرهق أبويه طغيانا وكفرا متفق عليه وعن أبي هريرة

وسلم نے بیشک وہ لڑکا کہ جسکو مار ڈالا خضر نے بنائے گیا تھا کافر اور اگر جیتا رہتا تو البتہ تکلیف پہنچاتا اپنے ماں باپ کو ظلم اور کفر کے سبب سے ق اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إنما سمي الخضر لأنه جلس على فروة بيضاء فإذا هي تهتز من خلفه خضراء

نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ نہیں نام ہوا خضر مگر اسلئے کہ اسنے بیٹھا سوکھی زمین بنجر پر تو تھی وہ زمین ہلنے لگی اسکے پیچھے سے ہری ہو کر

رواه البخاري وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم جاء ملك الموت إلى موسى بن عمران فقال له أجب

روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آئے ملک الموت موسی بن عمران کے پاس اور کہا اسکو کہ قبول کر

ربك قال فلطم موسى عين ملك الموت ففقأها قال فرجع الملك إلى الله فقال إنك أرسلتني إلى عبد لك لا

حکم اپنے رب کا فرمایا حضرت نے پھر طمانچہ مارا موسی نے آنکھ کو ملک الموت کے اور پھوڑ دیا اسکو فرمایا حضرت نے پھر پلٹ گیا وہ فرشتہ خدا کے پاس اور عرض کیا کہ تو نے بھیجا مجھکو اپنے بندے

يريد الموت وقد فقأ عيني قال فرد الله إليه عينه وقال ارجع إلى عبدي فقل الحياة تريد فإن كنت تريد الحياة

کے پاس جو نہیں چاہتا ہے مرنے کو اور پھوڑ دیا اسنے آنکھ میری فرمایا حضرت نے پھر دیا اللہ تعالی نے اسکو آنکھ اسکی اور فرمایا پھر جا میرے بندے کے پاس اور کہہ کیا جینا چاہتا ہے پس اگر جینا چاہتا

فضع يدك على متن ثور فما توارت يدك من شعرة فإنك تعيش بها سنة قال ثم مه قال ثم تموت قال فالآن

تو رکھ ہاتھ اپنا بیل کی پیٹھ پر پھر جتنے بال ڈھانپے ہاتھ تیرا اسکے بالوں سے تو جیوےگا تو اتنے ہی برس کہا موسی نے پھر کیا ہے کہا فرشتے نے پھر مریگا تو موسی نے کہا ابھی

من قريب رب أدنني من الأرض المقدسة رمية بحجر قال رسول الله صلى الله عليه وسلم والله لو أني عنده

اختیار کیا تو نے مرنا اور کہا اے رب نزدیک کر مجھکو زمین پاک کے اگرچہ مقدار پتھر پھینکنے کے ہو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اللہ کی اگر ہوتا میں بیت المقدس کے پاس

لأريتكم قبره إلى جنب الطريق عند الكثيب الأحمر متفق عليه وعن جابر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال

تو البتہ دکھلاتا تمکو قبر اسکی ایک جانب راہ کے لال ٹیکرے کے پاس ق اور روایت ہے جابر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

عرض علي الأنبياء فإذا موسى ضرب من الرجال كأنه من رجال شنوءة ورأيت عيسى بن مريم فإذا أقرب

کہ دکھلائے گئے مجھکو انبیا تو دیکھا میں نے موسی اس قسم مردوں سے ہیں گویا کہ وہ مردوں شنوءہ سے ہیں اور دیکھا میں نے عیسی بن مریم کو تو وہ بہت قریب ہیں

من رأيت به شبها عروة بن مسعود ورأيت إبراهيم فإذا أقرب من رأيت به شبها صاحبكم يعني نفسه

اسکے جو دیکھا میں نے مشابہت میں عروہ بن مسعود کے اور دیکھا میں نے ابراہیم کو تو وہ بہت قریب ہیں اس شخص کے کہ دیکھا میں نے اسکو مشابہ تمہارے یار کے مراد رکھی اپنی ذات

ورأيت جبريل فإذا أقرب من رأيت به شبها دحية بن خليفة رواه مسلم وعن ابن عباس عن النبي صلى الله

اور دیکھا میں نے جبرئیل کو تو وہ بہت قریب ہیں اسکے جو دکھلائی دیا مجھکو مشابہ دحیہ بن خلیفہ کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس سے نبی صلے اللہ

عليه وسلم قال رأيت ليلة أسري بي موسى رجلا آدم طوالا جعدا كأنه من رجال شنوءة ورأيت عيسى رجلا مربوعا

علیہ وسلم سے فرمایا دیکھا میں نے معراج کی رات موسی کو کہ ایک مرد گندم گوں دراز قد کے گھونگر والے بال والے گویا کہ مردوں شنوءہ سے ہیں اور دیکھا میں نے عیسی کو میانہ قد

تعلو الی الحمرۃ والبیاض سبط الرأس ورأیت مالکا خازن النار والدجال فی آیات اراھن اللہ ایاہ فلا تکن فی مریۃ

پیدائش کا سرخی اور سفیدی میں تھے بال سیدھے اور دیکھا میں نے مالک کو جو خزانچی دوزخ کا ہے اور دجال کو راوی کہتا ہے کہ دکھائے حضرت کو بیچ نشانیوں کے ... پس نہ ہو تو بیچ شک کے

من لقائہ۔ متفق علیہ۔ وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیلۃ اسری بی لقیت موسی فنعتہ

حضرت کے دیکھنے سے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے رات معراج کے ملاقات کی میں نے موسے سے پھر صفت فرمائی ان کی

فاذا رجل مضطرب رجل الشعر کانہ من رجال شنوءۃ ولقیت عیسی ربعۃ احمر کانما خرج من دیماس یعنی الحمام ورأیت

کہ وہ ایک دراز قد تھے بال تھے گویا کہ وہ مردوں سے شنوءہ کے ہیں اور ملاقات کی میں نے عیسے سے کہ میانہ قد سرخ رنگ کے گویا کہ نکلے ہیں دیماس سے یعنی حمام سے اور دیکھا میں نے

ابراہیم وانا اشبہ ولدہ بہ قال فاتیت باناءین احدھما لبن والآخر فیہ خمر فقیل لی خذ ایھما شئت فاخذت

ابراہیم کو اور حال یہ ہے کہ میں بہت مشابہ ہوں ان کے فرزندوں میں ساتھ ان کے فرمایا حضرت نے پھر دئے گئے مجھ کو دو باسن کہ ایک میں دودھ اور دوسرے میں شراب پس کہا گیا مجھ کو لے جو ان میں سے چاہے پس لیا میں نے

اللبن فشربتہ فقیل لی ھدیت الفطرۃ اما انک لو اخذت الخمر غوت امتک۔ متفق علیہ۔ وعن ابن عباس

دودھ کو اور پیا اسکو تب کہا گیا مجھکو کہ راہ پایا تو نے اسلام کی آگاہ ہو کہ اگر لیتا تو شراب کو تو گمراہ ہوتی امت تیری ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے

قال سرنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بین مکۃ والمدینۃ فمررنا بواد فقال ای واد ھذا فقالوا وادی الازرق

کہا کہ سیر کیا ہم نے ہمراہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے درمیان مکے مدینے کے پس گذرا ہم نے کسی وادی پر تو فرمایا حضرت نے کہ یہ کونسی وادی ہے تو کہا صحابہ نے یہ وادی ازرق ہے

قال کانی انظر الی موسی فذکر من لونہ وشعرہ شیئا واضعا اصبعیہ فی اذنیہ لہ جؤار الی اللہ بالتلبیۃ مارا بھذا الوادی

فرمایا گویا کہ میں دیکھتا ہوں طرف موسیٰ کی پھر بیان فرمایا ان کے رنگ اور بال کا کچھ حال میں رکھے ہوئے تھے دو انگلیاں اپنے کانوں میں ... واسطے اللہ کے بلند آواز سے لبیک کہتے ہیں گذرتے ہیں اس وادی سے

قال ثم سرنا حتی اتینا علی ثنیۃ فقال ای ثنیۃ ھذہ قالوا ھرشی او لفت فقال کانی انظر الی یونس علی ناقۃ حمراء علیہ جبۃ صوف

کہا ابن عباس نے پھر چلے ہم یہاں تک کہ پہنچے ہم ایک پہاڑ پر پس فرمایا یہ کون پہاڑ ہے صحابہ نے کہا کوہ ہرشی یا لفت پس فرمایا حضرت نے گویا کہ دیکھتا ہوں یونس کو سرخ اونٹنی پر ان پر جبہ صوف کا ہے

خطام ناقتہ خلبۃ مارا بھذا الوادی ملبیا۔ رواہ مسلم۔ وعن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال خفف علی

مہار ان کے اونٹ کی کھجور کی چھال کی گذرتے ہیں اس وادی سے لبیک کہتے ہوئے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آسان کی گئی تھی

داؤد القرآن فکان یامر بدوابہ فتسرج فیقرأ القرآن قبل ان تسرج دوابہ ولا یاکل الا من عمل یدیہ۔ رواہ البخاری

داؤد پر قراءت زبور اور توریت کی سو تھے داؤد حکم کرتے زین باندھنے کا اپنے چوپایوں کو تو زین باندھی جاتی پھر پڑھتے داؤد قرآن کو آگے اپنے چوپایوں کو زین باندھنے کے اور نہیں کھاتے تھے داؤد مگر اپنے ہاتھ کی کمائی سے روایت کیا بخاری نے

وعنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال کانت امرأتان معھما ابناھما جاء الذئب فذھب بابن احداھما فقالت

اور روایت ہے انہی سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ دو عورتیں تھیں ان کے ساتھ ان کے لڑکے تھے آیا بھیڑیا اور لے گیا لڑکے کو ایک کے تو بولی عورت

صاحبتھا انما ذھب بابنک وقالت الاخری انما ذھب بابنک فتحاکمتا الی داؤد فقضی بہ للکبری فخرجتا

اپنے سنگاتی سے کہ نہیں لیگیا بھیڑیا مگر تیرے فرزند کو اور بولی دوسری کہ نہیں لیگیا مگر تیرے فرزند کو پھر فیصلہ چاہا دونوں نے داؤد پاس تو فیصلہ دیا داؤد نے واسطے بڑی کے پس نکلیں

علی سلیمان بن داؤد فاخبرتاہ فقال ائتونی بالسکین اشقہ بینکما فقالت الصغری لا تفعل یرحمک اللہ ھو ابنھا

سلیمان بن داؤد پاس اور خبر دی اس سے انکو تو فرمایا سلیمان نے لاؤ میرے پاس چاقو تا چیر کر دو حصہ اس لڑکے کو درمیان تمہارے سو بولی چھوٹی عورت نے دو ٹکڑے نہ کر رحم کرے خدا تجھ پر وہ لڑکا اسی کا ہے

فقضی بہ للصغری۔ متفق علیہ۔ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال سلیمان لاطوفن اللیلۃ علی تسعین

پھر فیصلہ دیا سلیمان نے اسکا واسطے چھوٹی کے ۔ ق ۔ اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہا سلیمان نے البتہ جاؤنگا میں آج کی رات اوپر

امرأة وفی روایة بمائة امرأة کلهن تأتی بفارس یجاهد فی سبیل الله فقال له الملک قل ان شاء الله فلم یقل

عورت پاس اور ایک روایت میں سو عورتوں پاس ہر ایک انمیں کی جنے گی ایک سوار کہ جہاد کریگا اللہ کی راہ میں پس کہا اسکو فرشتہ نے ان شاء اللہ بول سو نہ کہا انھوں نے

ونسی فطاف علیهن فلم تحمل منهن الا امرأة واحدة جاءت بشق رجل وایم الذی نفس محمد بیده لو قال ان شاء

اور بھول گئے ان شاء اللہ کہنے کو پھر گئے ان سب عورتوں پاس حمل نہوا انمیں کسی کو مگر ایک ہی عورت کو جنی آدھا آدمی قسم ہے اسکی کہ جان محمد کی جسکے ہاتھ میں ہے اگر کہتے سلیمان ان

الله لجاهدوا فی سبیل الله فرسانا اجمعون متفق علیه وعنه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال کان زکریا

شاء اللہ تو البتہ جہاد کرتے راہ خدا میں سوار ہو کر سارے ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زکریا تھے

نجارا رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم انا اولی الناس بعیسی بن مریم فی الاولی والاخرة

لکڑی تراشنے والے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میں بہت نزدیک لوگوں میں کا ہوں ساتھ عیسیٰ بن مریم اول و آخر میں

الانبیاء اخوة من علات امهاتهم شتی ودینهم واحد ولیس بیننا نبی متفق علیه وعنه قال قال رسول الله

انبیا سارے بھائی ہیں ایک باپ سے اور مائیں انکی علیحدہ اور دین انکا ایک ہی اور نہیں درمیان ہمارے کوئی نبی ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلی الله علیه وسلم کل بنی ادم یطعن الشیطان فی جنبیه باصبعیه حین یولد غیر عیسی ابن مریم ذهب یطعن

صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ہر بنی آدم کہ نہیں جیسا ہے شیطان دونوں پہلوؤں میں اسکے اپنے انگلیوں سے جب پیدا ہوتے ہیں سوائے عیسیٰ بن مریم کے کہ گیا تھا شیطان کہ کچوکے

فطعن فی الحجاب متفق علیه وعن ابی موسی عن النبی صلی الله علیه وسلم قال کمل من الرجال کثیر ولم یکمل من النساء

اسکو بھی سو کچوکا لگا پردہ کو ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی موسیٰ سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کامل ہوئے بہت لوگ مردوں میں اور نہیں کامل ہوئی عورتوں میں

الا مریم بنت عمران واسیة امرأة فرعون وفضل عائشة علی النساء کفضل الثرید علی سائر الطعام متفق

سوائے مریم بنت عمران کے اور آسیہ فرعون کی عورت کے اور بزرگی عائشہ کی عورتوں پر جیسے بزرگی ثرید کی سب کھانوں پر ۔ ق ۔

علیه وذکر حدیث انس یا خیر البریة وحدیث ابی هریرة ای الناس اکرم وحدیث ابن عمر الکریم ابن الکریم فی

اور مذکور ہو چکی حدیث انس کی یا خیر البریہ اور حدیث ابی ہریرہ کی ای الناس اکرم اور حدیث ابن عمر کی الکریم ابن الکریم

باب المفاخرة والعصبیة

الفصل الثانی

عن ابی رزین قال قلت یا رسول الله این کان ربنا قبل ان یخلق خلقه

باب المفاخرۃ والعصبیۃ میں فصل دوسری روایت ہے ابی رزین سے کہا کہ عرض کیا میں نے یا رسول اللہ کہاں تھا پروردگار ہمارا پیشتر از پیدا کرنے مخلوقات کے

قال کان فی عماء ما تحته هواء وما فوقه هواء وخلق عرشه علی الماء رواه الترمذی وقال قال یزید بن هرون

فرمایا کہ تھا عماء میں نہ تھی نیچے اسکے ہوا اور نہ اوپر اسکے ہوا تھی اور پیدا کیا اپنے عرش کو پانی پر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا کہ کہا یزید بن ہارون نے

العماء ای لیس معه شیء وعن العباس ابن عبد المطلب زعم انه کان جالسا فی البطحاء فی عصابة ورسول الله صلی

عماء سے کنایہ ہے یعنی نہیں تھی ساتھ اسکے کوئی چیز ۔ اور روایت ہے عباس ابن عبد المطلب سے کہا انہوں نے بیٹھا تھا درمیان بطحا کے ایک جماعت میں اور رسول اللہ صلے

الله علیه وسلم جالس فیهم فمرت سحابة فنظروا الیها فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما تسمون هذه قالوا

اللہ علیہ وسلم بھی بیٹھے ہوئے تھے ان میں پھر گذرا ایک ٹکڑا ابر کا تو دیکھنے لگے اسکو پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا نام کہتے ہو اس ابر کا کہا انھوں نے

السحاب قال والمزن قالوا والمزن قال والعنان قالوا والعنان قال هل تدرون ما بعد ما بین السماء والارض

سحاب کہتے ہیں حضرت نے فرمایا اور مزن بھی کہتے ہیں کہا انھوں نے اور مزن بھی کہتے ہیں فرمایا اور عنان بھی کہتے ہیں کہا انھوں نے اور عنان بھی کہتے ہیں فرمایا کیا جانتے ہو کتنی مسافت ہے آسمان و زمین کے درمیان

قَالُوا لَا نَدْرِي قَالَ إِنَّ بُعْدَ مَا بَيْنَهُمَا إِمَّا وَاحِدَةٌ وَإِمَّا اثْنَتَانِ أَوْ ثَلَاثٌ وَسَبْعُونَ سَنَةً وَالسَّمَاءُ الَّتِي فَوْقَهَا

کہا انھوں نے ہمکو معلوم نہیں فرمایا کہ مسافت درمیان انکے یا اکہتر یا بہتر یا تہتر برس کی ہے اور آسمان اسکے اوپر کا

كَذَلِكَ حَتَّى عَدَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ثُمَّ فَوْقَ السَّمَاءِ السَّابِعَةِ بَحْرٌ بَيْنَ أَعْلَاهُ وَأَسْفَلِهِ كَمَا بَيْنَ سَمَاءٍ إِلَى سَمَاءٍ ثُمَّ فَوْقَ

ویسا ہی ہے یہانتک کہ گنے ساتوں آسمانوں کو پھر ساتوین آسمان پر ایک دریا ہے کہ مسافت اسکے اوپر اور نیچے کے درمیان جیسے مسافت ایک آسمان سے دوسرے آسمان کے درمیان ہے پھر اوپر

ذَلِكَ ثَمَانِيَةُ أَوْعَالٍ بَيْنَ أَظْلَافِهِنَّ وَرُكَبِهِنَّ مِثْلُ مَا بَيْنَ سَمَاءٍ إِلَى سَمَاءٍ ثُمَّ عَلَى ظُهُورِهِنَّ الْعَرْشُ بَيْنَ أَسْفَلِهِ

اسکے آٹھ فرشتے ہیں مسافت درمیان انکے سم اور گھٹنے کے جیسی درمیان ایک آسمان کے دوسرے آسمان تک ہے پھر انکے پیٹھوں پر عرش ہے مسافت عرش کے نیچے

وَأَعْلَاهُ مَا بَيْنَ سَمَاءٍ إِلَى سَمَاءٍ ثُمَّ اللّٰهُ فَوْقَ ذَلِكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ أَتَى

اور اوپر تک جیسی مسافت درمیان ایک آسمان کے دوسرے آسمان تک ہے پھر اللہ تعالی اوپر اسکے ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود نے اور روایت ہے جبیر بن مطعم سے کہا کہ آیا

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ جُهِدَتِ الْأَنْفُسُ وَجَاعَ الْعِيَالُ وَنُهِكَتِ الْأَمْوَالُ وَهَلَكَتِ الْأَنْعَامُ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک گنوار پس کہا سختی سے ہلاک ہوئین جانین اور بھوکے مرتے ہین کنبے اور نقصان ہوے مال اور مرگئین مواشی

فَاسْتَسْقِ اللّٰهَ لَنَا فَإِنَّا نَسْتَشْفِعُ بِكَ عَلَى اللّٰهِ وَنَسْتَشْفِعُ بِاللّٰهِ عَلَيْكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُبْحَانَ اللّٰهِ

سو مینہ مانگ اللہ سے واسطے ہمارے کیونکہ ہم سفارش چاہتے ہین تمہاری اللہ کے پاس اور اللہ کی تمہارے پاس سو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ پاکی ہے اللہ

سُبْحَانَ اللّٰهِ فَمَا زَالَ يُسَبِّحُ حَتَّى عُرِفَ ذَلِكَ فِي وُجُوهِ أَصْحَابِهِ ثُمَّ قَالَ وَيْحَكَ إِنَّهُ لَا يُسْتَشْفَعُ بِاللّٰهِ عَلَى أَحَدٍ شَأْنُ اللّٰهِ

پاکی ہے اللہ سو اللہ کی پاکی بیان کرتے رہے یہانتک کہ اسکا اثر یاروں کے چہروں میں معلوم ہونے لگا پھر فرمایا کہ کیا ہو تجھے تحقیق نہیں لائی جاتی اللہ کو سفارش کسی کے آگے اللہ کی شان

أَعْظَمُ مِنْ ذَلِكَ وَيْحَكَ أَتَدْرِي مَا اللّٰهُ إِنَّ عَرْشَهُ عَلَى سَمٰوٰتِهِ لَهٰكَذَا وَقَالَ بِأَصَابِعِهِ مِثْلَ الْقُبَّةِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ لَيَئِطُّ

بڑی ہے اس سے افسوس ہے تجھ پر آیا جانتا ہے تو کہ کیا چیز ہے اللہ بیشک تخت اسکا آسمانوں پر اسطرح ہے اور بتلایا اپنی انگلیوں سے قبے کی طرح اور بیشک وہ چرچر بولتا ہے

بِهِ أَطِيطَ الرَّحْلِ بِالرَّاكِبِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أُذِنَ

اس سے جیسا کہ چرچر بولتا اونٹ کا پالان سوار کے بوجھ سے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے جابر بن عبداللہ سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ حکم ہوا

لِي أَنْ أُحَدِّثَ عَنْ مَلَكٍ مِنْ مَلَائِكَةِ اللّٰهِ مِنْ حَمَلَةِ الْعَرْشِ إِنَّ مَا بَيْنَ شَحْمَةِ أُذُنِهِ إِلَى عَاتِقِهِ مَسِيرَةُ سَبْعِمِائَةِ عَامٍ

مجھکو کہ خبر دون ایک فرشتے کی اللہ کے فرشتوں سے عرش کے اٹھانے والوں سے کہ فاصلہ اسکے دونوں کانوں کی لو سے اسکے کندھے تک مسافت سات سو برس کی ہے

رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِجِبْرِيلَ هَلْ رَأَيْتَ رَبَّكَ فَانْتَفَضَ

روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے زرارہ بن اوفی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبرئیل کو آیا دیکھا تو نے اپنے پروردگار کو تو کانپ گئے

جِبْرِيلُ وَقَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّ بَيْنِي وَبَيْنَهُ سَبْعِينَ حِجَابًا مِنْ نُورٍ لَوْ دَنَوْتُ مِنْ بَعْضِهَا لَاحْتَرَقْتُ هٰكَذَا فِي الْمَصَابِيحِ

جبرئیل اور کہے اے محمد بیشک درمیان میرے اور درمیان خدا کے ستر پردے نور کے ہین اگر نزدیک ہوؤں اس پردے کے تو البتہ جل جاؤں لکھا ایسا ہی ہے مصابیح میں

وَرَوَاهُ أَبُو نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ فَانْتَفَضَ جِبْرِيلُ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

اور روایت کیا اسکو ابونعیم نے حلیہ میں انس کی روایت سے مگر ابونعیم نے نہ ذکر کیا فانتفض جبرئیل اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ إِسْرَافِيلَ مُنْذُ يَوْمَ خَلَقَهُ صَافًّا قَدَمَيْهِ لَا يَرْفَعُ بَصَرَهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الرَّبِّ تَبَارَكَ وَتَعَالَى

اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ تعالی نے پیدا کیا اسرافیل کو جب سے کہ پیدا کیا اسکو جوڑ رکھا ہے اپنے دونوں قدم کو نہیں سر کرتا ہے اوپر اپنی آنکھ درمیان اسکے اور درمیان پروردگار تبارک و

سبعون نوراً ما منها من نور يدنو منه إلا احترق رواه الترمذي وصححه وعن جابر أن النبي صلى الله عليه وسلم

ستر نور ہیں نہیں ان میں سے کوئی نور کہ نزدیک ہووے واس کے مگر جلا دیوے اسکو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو اور روایت ہے جابر سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے

قال لما خلق الله آدم وذريته قالت الملائكة يا رب خلقتهم يأكلون ويشربون وينكحون ويركبون فاجعل لهم

فرمایا جس وقت کہ پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے آدم کو اور اسکی اولاد کو تو کہا فرشتوں نے اے پروردگار پیدا کیا تو نے انکو کھانے والے اور پینے والے اور جماع کرنے والے اور سوار ہونے والے سو نصیب کر انکے

الدنيا ولنا الآخرة قال الله تعالى لا أجعل من خلقته بيدي ونفخت فيه من روحي كمن قلت له كن فكان

دنیا اور نصیب کر ہمارے آخرت فرمایا اللہ تعالیٰ نے برابر نہ کرونگا میں انکو جنکو بنایا میں نے اپنے دونوں ہاتھوں سے اور پھونکا اسمیں اپنی روح مانند اسکے کہ کہا میں نے اسکو پیدا کرنے کیلئے کہ ہو تو ہو گیا

رواه البيهقي في شعب الإيمان

الفصل الثالث

عن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المؤمن

روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں فصل تیسری روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مسلمان

أكرم على الله من بعض ملائكته رواه ابن ماجه وعنه قال أخذ رسول الله صلى الله عليه وسلم بيدي فقال

بزرگ تر ہے اللہ کے پاس اسکے بعض فرشتوں سے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ پکڑا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے دونوں ہاتھ اور فرمایا

خلق الله التربة يوم السبت وخلق فيها الجبال يوم الأحد وخلق الشجر يوم الاثنين وخلق المكروه يوم

پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے زمین کو ہفتے کے دن اور بنایا زمین میں پہاڑوں کو اتوار کے دن اور بنایا جھاڑوں کو پیر کے دن اور بنایا ناپسند چیزوں کو

الثلاثاء وخلق النور يوم الأربعاء وبث فيها الدواب يوم الخميس وخلق آدم بعد العصر من يوم الجمعة

منگل کے دن اور پیدا کیا نور کو چہار شنبے کے دن اور پھیلایا زمین میں جانداروں کو جمعرات کے دن اور بنایا آدم کو عصر کے بعد جمعہ کے دن

في آخر ساعة من النهار فيما بين العصر إلى الليل رواه مسلم وعنه قال بينما نبي الله صلى الله عليه وسلم

آخر ساعت میں دن کے جو وقت کہ درمیان عصر اور مغرب کے ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ ایک وقت نبی صلے اللہ علیہ وسلم

جالس وأصحابه إذ أتى عليهم سحاب فقال نبي الله صلى الله عليه وسلم هل تدرون ما هذا قالوا الله ورسوله

اور یاران انکے بیٹھے ہوئے تھے یکایک آیا ان پر ابر پس فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آیا جانتے ہو کیا ہے یہ کہا انھوں نے اللہ اور اسکے رسول کو

أعلم قال هذه العنان وهذه روايا الأرض يسوقها الله إلى قوم لا يشكرونه ولا يدعونه ثم قال هل تدرون

خوب معلوم ہے فرمایا کہ یہ عنان ہے اور یہ پکھالیں زمین کی ہیں کہ چلاتا ہے انکو اللہ طرف ایک قوم کے جو نا شکری کرتے ہیں اسکی اور نہیں پکارتے اسکو پھر فرمایا آیا جانتے ہو

ما فوقكم قالوا الله ورسوله أعلم قال فإنها الرقيع سقف محفوظ وموج مكفوف ثم قال هل تدرون ما بينكم

کہ کیا ہے اوپر تمھارے کہا انھوں نے اللہ اور اسکے رسول کو خوب معلوم ہے فرمایا بیشک وہ رقیع ہے اور چھت نگاہ رکھا گیا اور موج باز رکھی گئی گرنے سے پھر فرمایا آیا جانتے ہو کس قدر مسافت ہے تمھارے

وبينها قالوا الله ورسوله أعلم قال بينكم وبينها خمسمائة عام ثم قال هل تدرون ما فوق ذلك قالوا الله

اور اسکے درمیان کہا انھوں نے اللہ اور اسکا رسول خوب جانتے ہیں فرمایا تمھارے اور اسکے درمیان مسافت پانسو برس کی ہے پھر فرمایا آیا جانتے ہو کیا ہے اوپر اسکے کہا انھوں نے اللہ

ورسوله أعلم قال سماءان بعد ما بينهما خمسمائة سنة ثم قال كذلك حتى عد سبع سموات ما بين كل سماءين ما بين السماء

اور رسول اسکا خوب جانتے ہیں فرمایا دو آسمان ہیں کہ مسافت انکے درمیان پانسو برس کی ہے پھر فرمایا ایسا ہی یہاں تک کہ گنا سات آسمانوں کو مسافت ہر دو آسمانوں کے درمیان اتنی جتنی کہ درمیان آسمان

والأرض ثم قال هل تدرون ما فوق ذلك قالوا الله ورسوله أعلم قال إن فوق ذلك العرش وبينه وبين

اور زمین کے ہے پھر فرمایا آیا جانتے ہو کیا ہے اوپر اسکے کہا انھوں نے اللہ اور رسول اسکا خوب جانتے ہیں فرمایا بیشک اوپر اسکے عرش ہے اور درمیان اسکے اور درمیان

السَّمَاءِ بُعْدُ مَا بَيْنَ السَّمَاءَيْنِ ثُمَّ قَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَا الَّذِيْ تَحْتَكُمْ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ اِنَّهَا الْاَرْضُ ثُمَّ قَالَ

آسمان کے مسافت اتنی ہے جتنی کہ درمیان دو آسمانوں کے ہے پھر فرمایا کیا جانتے ہو کہ کیا چیز ہے جو نیچے تمہارے ہے کہا انہوں نے اللہ اور رسول اسکا خوب جانتے ہیں کہ وہ زمین ہے پھر فرمایا

هَلْ تَدْرُوْنَ مَا تَحْتَ ذٰلِكَ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ اِنَّ تَحْتَهَا اَرْضًا اُخْرٰى بَيْنَهُمَا مَسِيْرَةُ خَمْسِمِائَةِ سَنَةٍ

آیا جانتے ہو کہ کیا چیز ہے نیچے زمین کے کہا انہوں نے اللہ اور رسول اسکا خوب جانتے ہیں فرمایا بیشک نیچے اسکے دوسری زمین ہے ان دونوں کے درمیان مسافت پانسو برس کی ہے

حَتّٰى عَدَّ سَبْعَ اَرَضِيْنَ بَيْنَ كُلِّ اَرْضَيْنِ مَسِيْرَةُ خَمْسِمِائَةِ سَنَةٍ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَوْ اَنَّكُمْ دَلَّيْتُمْ

یہانتک کہ گنے حضرت نے ساتوں زمینوں کو درمیان ہر دو زمینوں کے مسافت پانسو برس کی ہے پھر فرمایا قسم ہے اسکی کہ جان محمد کی جسکے ہاتھ میں ہے کہ اگر چھوڑو تم

بِحَبْلٍ اِلَى الْاَرْضِ السُّفْلٰى لَهَبَطَ عَلَى اللّٰهِ ثُمَّ قَرَأَ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ

ایک رسی سب زمینوں کی نیچے کی زمین کی طرف تو البتہ جا پڑیگی علم خدا پر پھر تلاوت فرمایا حضرت نے یہہ آیت کہ وہی اول اور آخر ہے اور ظاہر اور باطن ہے اور وہ ہر چیز سے خبردار ہے روایت کیا احمد

وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ قِرَاءَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاٰيَةَ تَدُلُّ عَلٰى اَنَّهٗ اَرَادَ لَهَبَطَ عَلٰى عِلْمِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ

اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے پڑھنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا اس آیت کے دلالت کرتا ہے اس بات پر کہ اپنے مراد رکھی لہبط علی اللہ سے جا پڑیگی علم اللہ اور اسکی قدرت

وَسُلْطَانِهٖ وَعِلْمُ اللّٰهِ وَقُدْرَتُهٗ وَسُلْطَانُهٗ فِيْ كُلِّ مَكَانٍ وَهُوَ عَلَى الْعَرْشِ كَمَا وَصَفَ نَفْسَهٗ فِيْ كِتَابِهٖ وَعَنْهُ اَنَّ

اور سلطنت پر اور علم اللہ تعالی کا اور قدرت اسکی اور سلطنت اسکی ہر جا ہے میں ہے اور وہ عرش پر ہے جیسا کہ تعریف کیا اپنے ذات کی اپنی کتاب میں اور روایت ہے اسی سے کہ

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ طُوْلُ اٰدَمَ سِتِّيْنَ ذِرَاعًا فِيْ سَبْعَةِ اَذْرُعٍ عَرْضًا وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ درازی آدم کے قد کی ساٹھ گز ہے اور چوڑائی میں سات گز اور روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ عرض کیا میں نے یا رسول

اللّٰهِ اَيُّ الْاَنْبِيَاءِ كَانَ اَوَّلُ قَالَ اٰدَمُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَنَبِيٌّ كَانَ قَالَ نَعَمْ نَبِيٌّ مُكَلَّمٌ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَمِ الْمُرْسَلُوْنَ

اللہ کون نبی تھا انبیا کے پہلے فرمایا آدم نبی تھے عرض کیا میں یا رسول اللہ اور آدم نبی بھی تھے فرمایا ہاں نبی تھے کلام کیے ہوئے عرض کیا میں یا رسول اللہ کتنے رسول تھے

قَالَ ثَلٰثُمِائَةٍ وَبِضْعَةَ عَشَرَ جَمًّا غَفِيْرًا وَفِيْ رِوَايَةٍ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ اَبُوْ ذَرٍّ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَمْ وَفَاءُ عِدَّةِ

فرمایا تین سو دس اور کتنے بڑی جماعت اور ایک روایت میں ابی امامہ سے ہے کہا ابو ذر نے عرض کیا میں نے یا رسول اللہ کتنی ہے پوری گنتی

الْاَنْبِيَاءِ قَالَ مِائَةُ اَلْفٍ وَاَرْبَعَةٌ وَعِشْرُوْنَ اَلْفًا اَلرُّسُلُ مِنْ ذٰلِكَ ثَلٰثُمِائَةٍ وَخَمْسَةَ عَشَرَ جَمًّا غَفِيْرًا وَعَنِ ابْنِ

انبیا کی فرمایا ایک لاکھ چوبیس ہزار رسول ان میں سے تین سو پندرہ ایک جماعت بڑی اور روایت ہے ابن

عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْخَبَرُ كَالْمُعَايَنَةِ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اَخْبَرَ مُوْسٰى بِمَا صَنَعَ قَوْمُهٗ فِي

عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے سننا مانند دیکھنے کے بیشک اللہ تعالے خبر دیا موسی کو جو کیا اسکی قوم نے

الْعِجْلِ فَلَمْ يُلْقِ الْاَلْوَاحَ فَلَمَّا عَايَنَ مَا صَنَعُوْا اَلْقَى الْاَلْوَاحَ فَانْكَسَرَتْ رَوَى الْاَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ اَحْمَدُ بَابُ ۳۴۹

گوسالہ پرستی کو نہ ڈالدیا تختیوں کو پھر جب دیکھا اپنی آنکھ سے جو کیا تھا اسکی قوم نے توڑ ڈالدیا تختیوں کو اور ٹوٹ گئیں روایت کیا ان تینوں حدیثوں کو احمد نے باب

فَضَائِلِ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِ اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

فضائل میں سید المرسلین صلوات اللہ وسلامہ علیہ کے فصل پہلی

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

روایت ہے ابی ہریرہ سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُعِثْتُ مِنْ خَيْرِ قُرُوْنِ بَنِيْ اٰدَمَ قَرْنًا فَقَرْنًا حَتّٰى كُنْتُ مِنَ الْقَرْنِ الَّذِيْ

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں پیدا ہوا بنی آدم کے عمدہ زمانے والوں سے ایک زمانے والے کے بعد دوسرے زمانے والوں سے یہانتک کہ میں ان زمانے والوں

كُنْتُ مِنْهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللهَ اصْطَفَى

جسمیں ہوا میں روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے واثلہ بن اسقع سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ بیشک خدا نے چن لیا

كِنَانَةَ مِنْ وَلَدِ إِسْمٰعِيلَ وَاصْطَفَى قُرَيْشًا مِنْ كِنَانَةَ وَاصْطَفَى مِنْ قُرَيْشٍ بَنِي هَاشِمٍ وَاصْطَفَانِي مِنْ بَنِي هَاشِمٍ

کنانہ کو حضرت اسمٰعیل کی اولاد سے اور گروہ قریش کو کنانہ کی اولاد سے چن لیا اور ہاشم کی اولاد کو قریش سے چن لیا اور چن لیا مجھکو ہاشم کی اولاد سے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي رِوَايَةٍ لِلتِّرْمِذِيِّ إِنَّ اللهَ اصْطَفَى مِنْ وَلَدِ إِبْرَاهِيمَ إِسْمٰعِيلَ وَاصْطَفَى مِنْ وَلَدِ إِسْمٰعِيلَ بَنِي كِنَانَةَ

روایت کیا اسکو مسلم نے اور ایک روایت میں ترمذی کی ہے کہ بیشک اللہ نے چن لیا ابراہیم کی اولاد سے اسمٰعیل کو اور چن لیا اسمٰعیل کی اولاد سے کنانہ کی اولاد کو

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَأَوَّلُ مَنْ يَنْشَقُّ عَنْهُ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں آدم کی اولاد کا سردار ہوں قیامت کے دن اور قبر پھٹنے والوں میں پہلا میں ہوں

الْقَبْرُ وَأَوَّلُ شَافِعٍ وَأَوَّلُ مُشَفَّعٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا أَكْثَرُ الْأَنْبِيَاءِ

اور سفارش کرنے والا پہلا میں اور مقبول الشفاعت پہلا میں ہوں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں بہت تابعدار والا ہوں

تَبَعًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ يَقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آتِي بَابَ

قیامت کے دن اور جنت کا دروازہ کھٹکھٹانے والوں میں کا پہلا میں ہوں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آونگا میں

الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَأَسْتَفْتِحُ فَيَقُولُ الْخَازِنُ مَنْ أَنْتَ فَأَقُولُ مُحَمَّدٌ فَيَقُولُ بِكَ أُمِرْتُ أَنْ لَا أَفْتَحَ لِأَحَدٍ قَبْلَكَ

جنت کے دروازہ پر قیامت کے دن اور کھلواونگا میں اسکو تو کہیگا خزانچی اسکا کہ کون ہے تو تب کہونگا کہ میں محمد ہوں تو کہیگا وہ کہ آپ ہی کے لیے حکم ہوا تھا مجھکو کہ کھولوں کسی کے لیے آپ سے پہلے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا أَوَّلُ شَفِيعٍ فِي الْجَنَّةِ لَمْ يُصَدَّقْ نَبِيٌّ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بہشت میں اول سفارش کرنے والا میں ہوں پیغمبروں میں سے کسی کی اتنی تصدیق نہیں ہوئی

مَا صُدِّقْتُ وَإِنَّ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ نَبِيًّا مَا صَدَّقَهُ مِنْ أُمَّتِهِ إِلَّا رَجُلٌ وَاحِدٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ

جتنی میری تصدیق ہوئی اور البتہ پیغمبروں میں بعض ایسا بھی پیغمبر ہے جسکی ایک مرد کے سوا اسکی امت میں کوئی تصدیق نہ کیا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا

قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ كَمَثَلِ قَصْرٍ أُحْسِنَ بُنْيَانُهُ تُرِكَ مِنْهُ مَوْضِعُ لَبِنَةٍ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میری مثل اور پیغمبروں کی مثل مانند مثل ایک محل کی ہے کہ اچھی بنائی گئی بنا اسکی اور چھوڑ دی گئی اسمیں جگہ ایک اینٹ کی

فَطَافَ بِهِ النُّظَّارُ يَتَعَجَّبُونَ مِنْ حُسْنِ بُنْيَانِهِ إِلَّا مَوْضِعَ تِلْكَ اللَّبِنَةِ فَكُنْتُ أَنَا سَدَدْتُ مَوْضِعَ اللَّبِنَةِ

سو پھرنے لگے اسپر دیکھنے والے تعجب کرنے لگے اسکے اچھے بنا جانے سے مگر جگہہ اس اینٹ کی سو میں ہوں جگہہ بھر دینے والا اس ایک اینٹ کی

خُتِمَ بِيَ الْبُنْيَانُ وَخُتِمَ بِيَ الرُّسُلُ وَفِي رِوَايَةٍ فَأَنَا اللَّبِنَةُ وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ

کہ ختم ہوئی مجھ سے بنائیں اور ختم ہوئے مجھ سے پیغمبر ہیں اور ایک روایت میں ہے کہ میں ہوں وہ اینٹ اور میں پیغمبروں کا خاتم ہوں ق اور روایت ہے انسی سے کہا کہ فرمایا

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنَ الْأَنْبِيَاءِ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا قَدْ أُعْطِيَ مِنَ الْآيَاتِ مَا مِثْلُهُ آمَنَ عَلَيْهِ الْبَشَرُ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پیغمبروں میں سے کوئی پیغمبر نہیں مگر اسکو معجزے دیئے گئے اس قدر ——— کہ آدمی اسپر ایمان لاوین

وَإِنَّمَا كَانَ الَّذِي أُوتِيتُ وَحْيًا أَوْحَى اللهُ إِلَيَّ فَأَرْجُو أَنْ أَكُونَ أَكْثَرَهُمْ تَابِعًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

اور مجھکو تو وہ چیز دیئے گئے جو وحی ہے یعنی قرآن جسکو خدا نے میری طرف بھیجا سو میں امید رکھتا ہوں کہ قیامت کے دن تابعداروں میں سب پیغمبروں سے زیادہ ہونگا ق اور روایت ہے

جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعطيت خمسا لم يعطهن احد قبلي نصرت بالرعب مسيرة شهر وجعلت

جابر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ملی مجھکو پانچ نعمتیں کہ مجھ سے پہلے کسی پیغمبر کو نہیں ملیں مجھکو فتح نصیب ہوئی ڈرانے سے مہینے بھر کی راہ تک اور مقرر کی

لي الارض مسجدا وطهورا فايما رجل من امتي ادركته الصلوة فليصل واحلت لي المغانم ولم تحل لاحد قبلي واعطيت

ساری زمین میرے واسطے سجدہ گاہ اور پاک کرنے والی پس جس مرد کو میری امت سے جہاں نماز کا وقت ملے وہاں نماز پڑھ لیوے اور حلال ہوئے میرے واسطے غنیمت کے مال اور مجھ سے پہلے کسی کو حلال نہ تھے اور عنایت ہوئی مجھکو

الشفاعة وكان النبي يبعث الى قومه خاصة وبعثت الى الناس عامة متفق عليه وعن ابي هريرة ان رسول الله صلى

رتبہ شفاعت کا اور پیغمبر اپنے ہی قوم پر بھیجا جاتا تھا اور میں تمام عالم کے لوگوں پر بھیجا گیا ہوں ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے

الله عليه وسلم قال فضلت على الانبياء بست اعطيت جوامع الكلم ونصرت بالرعب واحلت لي الغنائم وجعلت

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھکو فضیلت حاصل ہوئی اور پیغمبروں پر چھ چیزوں کے سبب سے مجھکو جوامع الکلم عطا ہوئے اور مجھکو رعب سے فتح ملی اور میرے واسطے غنیمت کے مال حلال ہوئے اور مقرر

لي الارض مسجدا وطهورا وارسلت الى الخلق كافة وختم بي النبيون رواه مسلم وعنه ان رسول الله صلى الله عليه

کی گئی میرے لئے ساری زمین مسجد اور پاک کرنے والی اور بھیجا گیا ہوں تمامی مخلوقات کی طرف اور ختم ہوئے مجھ سے پیغمبر ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انہیں سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ

وسلم قال بعثت بجوامع الكلم ونصرت بالرعب وبينا انا نائم رايتني اتيت بمفاتيح خزائن الارض فوضعت

وسلم نے فرمایا کہ بھیجا گیا ہوں جوامع الکلم کے ساتھ اور مجھکو فتح ملی رعب سے اور جس وقت کہ میں سوتا تھا دیکھا میں نے اپنے کو کہ کنجیاں زمین کے خزانوں کے مجھکو ملی ہیں اور رکھے گئے

في يدي متفق عليه وعن ثوبان قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله زوى لي الارض فرايت مشارقها ومغاربها

میرے ہاتھ میں ۔ ق ۔ اور روایت ہے ثوبان سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ نے کھینچ لی میرے لئے زمین سو دیکھا میں نے مشرقوں کو اسکے اور مغربوں کو

وان امتي سيبلغ ملكها ما زوي لي منها واعطيت الكنزين الاحمر والابيض واني سالت ربي لامتي ان لا

اور بیشک امت میری قریب ہے پہنچے گی اسکی بادشاہت جس قدر کھینچ لی گئی میرے لئے زمین اور ملے مجھکو دو خزانے لال اور سفید اور مقرر میں نے مانگا اپنے رب سے میری امت کے لئے کہ نہ

يهلكها بسنة عامة وان لا يسلط عليهم عدوا من سوى انفسهم فيستبيح بيضتهم وان ربي قال يا محمد اني اذا

ہلاک کرے انکو قحط سالی سے اور نہ مسلط کرے ان پر کوئی دشمن دوسرا سوائے انکی ذاتوں کے کہ چھین لیوے دار السلطنت انکا اور تحقیق میرے رب نے فرمایا اے محمد بیشک میں جب

قضيت قضاء فانه لا يرد واني اعطيتك لامتك ان لا اهلكهم بسنة عامة وان لا اسلط عليهم عدوا

حکم کر چکا کسی کام کا تو وہ پھرنے والا نہیں اور مقرر میں نے دیا ہے تجھکو تیری امت کے لئے کہ نہ ہلاک کرونگا میں انکو قحط سالی سے اور نہ مسلط کرونگا میں ان پر کوئی دشمن

من سوى انفسهم فيستبيح بيضتهم ولو اجتمع عليهم من باقطارها حتى يكون بعضهم يهلك بعضا ويسبي

سوائے انکے ذاتوں کے کہ چھین لیوے دار السلطنت انکا اگرچہ جمع ہوں ان پر دشمن تمامی جوانب سے زمین کے یہاں تک کہ ہو بعض امت ہلاک کرنے والے بعضوں کے اور قید کرے

بعضهم بعضا رواه مسلم وعن سعد ان رسول الله صلى الله عليه وسلم مر بمسجد بني معاوية دخل فركع

بعض امت تیری بعض امت کو ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے سعد سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم گذرے مسجد بنی معاویہ پر سو آئے اور گذارے

فيه ركعتين وصلينا معه ودعا ربه طويلا ثم انصرف فقال سالت ربي ثلثا فاعطاني ثنتين ومنعني واحدة

اسمیں دو رکعتیں اور نماز پڑھا ہمنے ساتھ آپ کے اور دعا کئے حضرت اپنے رب سے بہت دیر تک پھر پھرے اور فرمایا میں نے مانگا اپنے رب سے تین چیزیں پھر دیا مجھکو دو چیزیں اور نہ دیا مجھکو ایک

سالت ربي ان لا يهلك امتي بالسنة فاعطانيها وسالته ان لا يهلك امتي بالغرق فاعطانيها وسالته

مانگا میں نے اپنے رب سے کہ نہ ہلاک کرے میری امت کو قحط سالی سے پھر دیا مجھکو یہہ بات اور مانگا میں نہ ہلاک کرے میری امت کو ڈبا کر سو دیا مجھکو یہہ بھی اور مانگا میں نے اپنے رب سے کہ

أن يجعل بأسهم بينهم فمنعنيها رواه مسلم وعن عطاء بن يسار قال لقيت عبد الله بن عمرو بن العاص قلت أخبرني

نہ کرے جنگ انکا درمیان انکے تو منع کیا مجھکو اس بات سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عطاء بن یسار سے کہا کہ ملاقات کی میں نے عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے کہا میں نے خبر دے مجھکو

عن صفة رسول الله صلى الله عليه وسلم في التوراة قال أجل والله إنه لموصوف في التوراة ببعض صفته في القرآن

بعضے صفتوں سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ توریت میں ہیں کہا ہاں قسم اللہ کی کہ بیشک حضرت البتہ سراہے گئے ہیں توریت میں بعضے صفتوں سے آپ کے جو قرآن میں ہیں

يا أيها النبي إنا أرسلناك شاهدا ومبشرا ونذيرا وحرزا للأميين أنت عبدي ورسولي سميتك المتوكل ليس

اے نبی مقرر ہم نے بھیجا ہے تجھکو گواہ امت پر اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا اور پناہ امی لوگوں کا اور تو بندہ خاص میرا اور رسول میرا نام کیا میں نے تیرا متوکل نہیں ہے

بفظ ولا غليظ ولا سخاب في الأسواق ولا يدفع بالسيئة السيئة ولكن يعفو ويغفر ولن يقبضه الله حتى يقيم

درشت خو اور نہ سخت گو اور نہ فریاد کرنے والا بازاروں میں اور بدلہ نہیں کرتا بدی کا بدی سے ولیکن درگذر کرتا اور بخش دیتا ہے اور ہرگز قبض نہ کریگا اللہ اسکی روح جب تک کہ سیدھا کرے

به الملة العوجاء بأن يقولوا لا إله إلا الله ويفتح بها أعينا عميا وآذانا صما وقلوبا غلفا رواه البخاري وكذا

اسکی برکت سے قوم کج کو یوں کہ کہیں لا الہ الا اللہ اور کھولیگا اللہ اس کلمے سے آنکھوں اندھوں کو اور کانوں بہروں کو اور بے سمجھ دلوں کو روایت کیا اسکو بخاری نے اور ایسا ہی

الدارمي عن عطاء عن ابن سلام نحوه وذكر حديث أبي هريرة نحن الآخرون في باب الجمعة

الفصل الثاني

عن

روایت کیا دارمی نے عطاء سے عبد اللہ بن سلام سے مانند اسکے اور مذکور ہو چکی حدیث ابی ہریرہ کی نحن الآخرون باب جمعہ میں

فصل دوسری روایت ہے

خباب بن الأرت قال صلى بنا رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوة فأطالها قالوا يا رسول الله صليت صلوة لم

خباب بن الارت سے کہا نماز پڑھوائی ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک پھر دراز کی اسکو کہا صحابہ نے یا رسول اللہ پڑھے آپ ایسی نماز کہ نہ

تكن تصليها قال أجل إنها صلوة رغبة ورهبة وإني سألت الله فيها ثلثا فأعطاني اثنتين ومنعني واحدة

پڑھتے تھے آپ نے اس طرح کی فرمایا حضرت نے ہاں کیونکہ یہہ نماز خواہش اور ڈر کی تھی اور مقرر میں نے مانگا اللہ سے اس نماز میں تین چیزیں پھر دیا مجھکو دو چیزیں اور منع کیا مجھکو ایک

سألته أن لا يهلك أمتي بسنة فأعطانيها وسألته أن لا يسلط عليهم عدوا من غيرهم فأعطانيها وسألته

مانگا میں اس سے یہہ کہ نہ ہلاک کرے میری امت کو قحط سالی سے پھر دیا مجھکو یہہ بات اور مانگا میں اس سے یہہ کہ نہ مسلط کرے میری امت پر کوئی دشمن غیر انکا پھر دیا یہہ بات بھی مجھکو اور مانگا میں نے اس سے

أن لا يذيق بعضهم بأس بعض فمنعنيها رواه الترمذي والنسائي وعن أبي مالك الأشعري قال قال رسول الله

کہ نہ عذاب چکھاوے بعضوں کو بعض کا تو نہیں دیا مجھکو یہہ بات روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے اور روایت ہے ابی مالک اشعری سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم إن الله عز وجل أجاركم من ثلث خلال أن لا يدعو عليكم نبيكم فتهلكوا جميعا وأن لا يظهر

صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ عز وجل نے پناہ میں رکھا تمکو تین خصلتوں سے ایک یہہ کہ بددعا نہ کرے تم پر نبی تمہارا کہ ہلاک ہو جاؤ تم سب اور دوسرا یہہ کہ نہ غالب ہوں

أهل الباطل على أهل الحق وأن لا تجتمعوا على ضلالة رواه أبو داود وعن عوف بن مالك قال قال رسول الله صلى

اہل باطل اہل حق پر اور تیسری یہہ کہ نہ اکٹھے ہو تم سب گمراہی پر روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے عوف بن مالک سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے

الله عليه وسلم لن يجمع الله على هذه الأمة سيفين سيفا منها وسيفا من عدوها رواه أبو داود وعن

اللہ علیہ وسلم نے کہ ہرگز نہ جمع کریگا اللہ اس امت پر دو تلواریں ایک شمشیر آپس کی اور ایک ان کے دشمن کی روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے

العباس أنه جاء إلى النبي صلى الله عليه وسلم فكأنه سمع شيئا فقام النبي صلى الله عليه وسلم على المنبر فقال من أنا

عباس سے کہ آئے آپ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس گویا کہ عباس نے سنا تھا کچھ طعن کافروں کا شان میں حضرت کے پھر کھڑے ہوئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم منبر پر اور فرمایا کہ میں کون ہوں

فقالوا انت رسول الله قال انا محمد بن عبد الله بن عبد المطلب ان الله خلق الخلق فجعلني في خيرهم ثم جعلهم

تو صحابہ نے عرض کیا کہ آپ اللہ کے رسول ہیں فرمایا میں محمد ہوں بیٹا عبد اللہ بن عبد المطلب کا بیشک اللہ نے پیدا کیا تمامی مخلوقات کو اور بنایا مجھکو بہترین مخلوقات میں پھر بنایا ان کو

فرقتين فجعلني في خيرهم فرقة ثم جعلهم قبائل فجعلني في خيرهم قبيلة ثم جعلهم بيوتا فجعلني في خيرهم

دو فرقے سو کیا مجھکو ان کے بہتر فرقے میں پھر بنایا بہترین فرقہ کو قبیلہ قبیلہ پھر بنایا مجھکو ان میں کے بہتر قبیلہ میں پھر کیا بہترین قبیلہ کو جدے جدے گھر سو بنایا مجھکو ان کے

بيتا فانا خيرهم نفسا وخيرهم بيتا رواه الترمذي وعن ابي هريرة قال قالوا يا رسول الله متى وجبت لك النبوة

گھر میں سو میں بہتر ہوں ان سب سے ذات کی رو سے اور بہتر ہوں ان سے گھر کے رو سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ کس وقت سے مقرر ہوا آپکے لئے نبوت

قال وادم بين الروح والجسد رواه الترمذي وعن العرباض بن سارية عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

فرمایا حضرت نے جس حال میں کہ آدم درمیان روح اور جسد کے تھے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عرباض بن ساریہ سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے

انه قال اني عند الله مكتوب خاتم النبيين وان ادم لمنجدل في طينته وساخبركم باول امري دعوة ابراهيم

کہ آپنے فرمایا مقرر میں اللہ کے پاس لکھا ہوا تھا خاتم النبیین اور بیشک آدم پڑا ہوا تھا اپنی مٹی میں اب خبر دیتا ہوں میں تمکو اول امر سے میرے دعا ابراہیم کی

وبشارة عيسى ورؤيا امي التي رات حين وضعتني وقد خرج لها نور اضاء لها منه قصور الشام رواه في شرح

اور خوشخبری دینا عیسی کا ہے اور خواب دیکھنا میری ماں کا کہ دیکھا ہے اسنے جبکہ جنے مجھکو کہ تحقیق نکلا اسکے لئے ایک نور کہ روشن کر دیئے لگے اسکو اس نور سے محل ملک شام کے روایت

السنة ورواه احمد عن ابي امامة من قوله ساخبركم الى اخره وعن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه

سنہ میں اور روایت کیا اسکو احمد نے ابی امامہ سے اسکے اس قول سے کہ ساخبرکم سے آخر تک اسکے ہے اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ

وسلم انا سيد ولد ادم يوم القيمة ولا فخر وبيدي لواء الحمد ولا فخر وما من نبي يومئذ ادم فمن سواه الا تحت

وسلم نے کہ میں سردار فرزندان آدم کا ہوں قیامت کے دن اور نہیں بڑائی ہے مجھکو اور میرے ہاتھ میں لواء حمد ہوگا اور نہیں بڑائی ہے مجھکو اور نہیں ہوگا کوئی نبی اسدن آدم ہوں یا سوا اسکے مگر نیچے

لوائي وانا اول من تنشق عنه الارض ولا فخر رواه الترمذي وعن ابن عباس قال جلس ناس من اصحاب رسول الله صلى

میرے جھنڈے کے ہونگے اور میں پہلا آدمی ہوں کہ پھٹیگی جس سے زمین اور نہیں بڑائی ہے مجھکو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ بیٹھے کئی شخص اصحاب سے رسول خدا صلے

الله عليه وسلم فخرج حتى اذا دنا منهم سمعهم يتذاكرون قال بعضهم ان الله اتخذ ابراهيم خليلا وقال اخر موسى

اللہ علیہ وسلم کے پھر باہر نکلے حضرت یہاں تک کہ جب نزدیک ہوئے انکے سنے انکو کہ مذاکرہ کرتے ہیں آپس میں کہا بعضوں نے بیشک اللہ نے ٹھہرایا ابراہیم کو دوست جانی اور کہا دوسرے نے موسی سے

كلمه تكليما وقال اخر فعيسى كلمة الله وروحه وقال اخر ادم اصطفاه الله فخرج عليهم رسول الله صلى الله عليه

کلام کیا اس سے اللہ نے کلام کرنا اور کہا دوسرے نے پھر عیسی کلمہ اللہ کا اور روح اسکا ہے اور کہا دوسرے نے کہ آدم پسند کیا اسکو اللہ نے پھر نکلے ان پر رسول خدا صلے اللہ علیہ

وسلم وقال قد سمعت كلامكم وعجبكم ان ابراهيم خليل الله وهو كذلك وموسى نجي الله وهو كذلك و

وسلم اور فرمایا تحقیق سنا میں نے باتیں تمہاری اور تعجب کرنا تمہارا کہ بیشک ابراہیم خلیل اللہ ہے جان لو وہ ویسا ہی ہے اور موسی ہمراز خدا کا ہے سن رکھو کہ وہ ویسا ہی ہے اور

عيسى روحه وكلمته وهو كذلك وادم اصطفاه الله وهو كذلك الا وانا حبيب الله ولا فخر وانا حامل لواء

عیسی روح اسکا اور کلمہ اسکا ہے اور وہ ویسا ہی ہے اور آدم پسند کیا اسکو اللہ نے کہ وہ ویسا ہی ہے سن رکھو کہ میں محبوب خدا کا ہوں اور نہیں بڑائی ہے اور میں اٹھانیوالا ہوں لواء

الحمد يوم القيمة تحته ادم فمن دونه ولا فخر وانا اول شافع واول مشفع يوم القيمة ولا فخر وانا اول من يحرك

حمد کا ہوں قیامت کے دن کہ نیچے اسکے رہیگا آدم اور جو کہ سوا اسکے ہیں اور مجھکو کچھ بڑائی نہیں اور میں پہلا شفاعت کرنیوالا ہوں اور اول مقبول الشفاعت ہونگا قیامت کے دن اور مجھکو بڑائی نہیں اور میں پہلا

حلق الجنة فيفتح الله لي فيدخلنيها ومعي فقراء المؤمنين ولا فخر وانا اكرم الاولين والآخرين على الله ولا فخر

حلقے کو جنت کے پس تو کھولیگا اللہ میرے لئے اور لاویگا مجھکو بیچ اس کے اور ساتھ میرے ہونگے محتاج مسلمان اور مجھکو کچھ بڑائی نہیں اور میں ہوں اگلوں اور پچھلوں میں بہت بزرگ نزدیک اللہ کے اور نہیں فخر

رواه الترمذي والدارمي وعن عمرو بن قيس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال نحن الآخرون ونحن السابقون يوم القيمة

روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے عمرو بن قیس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہم پچھلے آئے ہیں اور ہم پہلے ہونگے قیامت کے دن

واني قائل قولا غير فخر ابراهيم خليل الله وموسى صفي الله وانا حبيب الله ومعي لواء الحمد يوم القيمة وان الله

اور مقرر میں کہتا ہوں بات بغیر بڑائی کرنے کے کہ ابراہیم دوست ہیں اللہ کے اور موسیٰ پسند کئے گئے اللہ کے اور میں محبوب خدا کا ہوں اور مجھ ساتھ ہوگا لواء حمد قیامت کے دن اور مقرر

وعدني في امتي واجارهم من ثلث لا يعمهم بسنة ولا يستاصلهم عدو ولا يجمعهم على ضلالة رواه الدارمي

اللہ وعدہ کیا مجھ سے میری امت کے باب میں اور امن دیا انکو تین بات سے کہ نہ ہلاک کریگا سب کو قحط سالی اور نہ جڑ سے اکھاڑ دیوے انکو دشمن اور نہ اکٹھا کریگا انکو گمراہی پر

وعن جابر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال انا قائد المرسلين ولا فخر وانا خاتم النبيين ولا فخر وانا اول شافع

اور روایت ہے جابر سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں پیشوا ہوں رسولوں کا اور مجھکو کچھ فخر نہیں اور میں خاتم الانبیا ہوں اور مجھکو کچھ فخر نہیں اور پہلے شفاعت کرنے والا

ومشفع ولا فخر رواه الدارمي وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انا اول الناس خروجا اذا بعثوا

اور پہلے مقبول الشفاعت ہوں اور مجھکو کچھ فخر نہیں روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں لوگوں میں پہلے قبر سے نکلنے والا ہوں جب اٹھائے جاوینگے

وانا قائدهم اذا وفدوا وانا خطيبهم اذا انصتوا وانا مستشفعهم اذا حبسوا وانا مبشرهم اذا ايسوا الكرامة

اور میں پیشوا انکا ہونگا جب اونکے حضور میں جاوینگے اور میں خطیب انکا ہونگا جب وہ خاموش ہو جاوینگے اور میں سفارش چاہنے والا انکا ہوں جب روکے جاوینگے اور میں خوشخبری دینے والا انکا ہوں جب ناامید ہونگے

والمفاتيح يومئذ بيدي ولواء الحمد يومئذ بيدي وانا اكرم ولد آدم على ربي يطوف علي الف خادم

اور کنجیاں جنت کی اس دن میرے ہاتھ میں ہونگی اور لواء حمد اس دن میرے ہاتھ رہیگا اور میں اولاد آدم میں بزرگ ہوں میرے رب کے پاس پھرا کرینگے مجھ پر ہزار خدمتگار

كانهم بيض مكنون او لؤلؤ منثور رواه الترمذي والدارمي وقال الترمذي هذا حديث غريب وعن ابي هريرة

گویا کہ وے چھپے انڈے ہیں یا جیسے موتیان بکھیرے ہوئے روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

عن النبي صلى الله عليه وسلم قال فاكسى حلة من حلل الجنة ثم اقوم عن يمين العرش ليس احد من الخلائق يقوم

نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ میں پہنایا جاونگا ایک لباس جنت کے لباسوں سے پھر کھڑا ہونگا عرش کے سیدھی طرف نہ کوئی مخلوق مخلوقات سے کھڑا رہیگا

ذلك المقام غيري رواه الترمذي وفي رواية جامع الاصول عنه انا اول من تنشق عنه الارض فاكسى وعنه

اس جگہ میں سوائے میرے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور ایک روایت میں جامع الاصول کے اسی سے روایت ہے کہ میں پہلا ہوں قبر پھٹنے والوں میں پھر پہنایا جاونگا میں اور روایت ہے اسی

عن النبي صلى الله عليه وسلم قال سلوا الله لي الوسيلة قالوا يا رسول الله وما الوسيلة قال اعلى درجة في الجنة

نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا مانگو اللہ سے میرے لئے وسیلہ کو عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ اور کیا چیز ہے وسیلہ فرمایا ایک بلند درجہ ہے جنت میں

لا ينالها الا رجل واحد وارجو ان اكون انا هو رواه الترمذي وعن ابي بن كعب عن النبي صلى الله عليه وسلم

نہ پاویگا اسکو مگر ایک مرد اور مجھکو امید ہے کہ میں ہوں وہ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی بن کعب سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے

قال اذا كان يوم القيمة كنت امام النبيين وخطيبهم وصاحب شفاعتهم غير فخر رواه الترمذي وعن

فرمایا کہ جب قیامت کا دن ہوگا میں پیشوا تمام انبیا کا ہونگا اور انکا خطیب اور سفارش کرنے والا انکا بغیر فخر کرنے کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ وُلَاةً مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَاِنَّ وَلِيِّيْ اَبِيْ وَخَلِيْلُ

عبد اللہ بن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک ہر نبی کے لئے دوستدار ہیں انبیا سے اور بیشک دوست باپ میرا اور دوست

رَبِّيْ ثُمَّ قَرَأَ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

میرے رب کا ہے پھر تلاوت فرمائی تحقیق زیادہ نزدیک لوگوں میں ابراہیم سے البتہ وے لوگ ہیں جو پیروی کرتے ہیں اسکی اور یہ نبی اور مسلمان اور اللہ تعالی دوست ہے ایمان والوں کا روایت کیا اسکو ترمذی نے

وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ بَعَثَنِيْ لِتَمَامِ مَكَارِمِ الْاَخْلَاقِ وَكَمَالِ مَحَاسِنِ الْاَفْعَالِ رَوَاهُ

اور روایت ہے جابر سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق اللہ نے بھیجا ہے مجھکو اچھے خصلتوں کے پورا کرنے کے لئے اور اچھے کاموں کے کامل کرنے کے لئے روایت کیا اسکو

فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ كَعْبٍ يَحْكِيْ عَنِ التَّوْرٰةِ قَالَ نَجِدُ مَكْتُوْبًا مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ عَبْدِيَ الْمُخْتَارُ لَا فَظٌّ وَلَا

شرح سنت میں اور روایت ہے کعب سے کہ نقل کرتے ہیں توریت سے کہا کہ پاتے ہیں ہم لکھا ہوا محمد اللہ کے رسول ہیں میرے پسندیدہ بندے نہ سخت خو ہیں اور نہ

غَلِيْظٌ وَلَا سَخَّابٌ فِي الْاَسْوَاقِ وَلَا يَجْزِيْ بِالسَّيِّئَةِ السَّيِّئَةَ وَلٰكِنْ يَعْفُوْ وَيَغْفِرُ مَوْلِدُهٗ بِمَكَّةَ وَهِجْرَتُهٗ بِطَيْبَةَ وَمُلْكُهٗ

بری بات کرنے والے اور آواز بلند کرنے والے بازاروں میں اور بدلہ نہیں دیتے بدی کا بدی سے ولیکن معاف کرتے ہیں اور بخش دیتے ہیں پیدائش انکی مکہ میں اور ہجرت انکی مدینہ میں اور بادشاہت انکی

بِالشَّامِ وَاُمَّتُهُ الْحَمَّادُوْنَ يَحْمَدُوْنَ اللّٰهَ فِي السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ يَحْمَدُوْنَ اللّٰهَ فِيْ كُلِّ مَنْزِلَةٍ وَيُكَبِّرُوْنَهٗ عَلٰى كُلِّ

شام میں اور امت انکی بہت حمد کرنے والی ہے سراہیں گے اللہ کو خوشی اور غمی میں اور تعریف کرینگے اللہ کی ہر منزل میں اور بڑائی بولینگے اسکی ہر

شَرَفٍ رُعَاةٌ لِلشَّمْسِ يُصَلُّوْنَ الصَّلٰوةَ اِذَا جَاءَ وَقْتُهَا يَتَأَزَّرُوْنَ عَلٰى اَنْصَافِهِمْ وَيَتَوَضَّئُوْنَ عَلٰى اَطْرَافِهِمْ

بلندی پر نگاہ رکھنے والے آفتاب کے پڑھینگے نماز کو جب آویگا وقت اسکا ازار باندھینگے اپنی کمر پر اور وضو کرینگے اپنے اطراف پر

مُنَادِيْهِمْ يُنَادِيْ فِيْ جَوِّ السَّمَاءِ صَفُّهُمْ فِي الْقِتَالِ وَصَفُّهُمْ فِي الصَّلٰوةِ سَوَاءٌ لَهُمْ بِاللَّيْلِ دَوِيٌّ كَدَوِيِّ

ندا کرنے والا انکا ندا کریگا درمیان آسمان زمین کے صف باندھنا انکا لڑنے کے وقت اور صف باندھنا انکا نماز کے وقت برابر ہے انکے لئے رات کو پست آواز ہے مانند آواز

النَّحْلِ هٰذَا لَفْظُ الْمَصَابِيْحِ وَرَوَى الدَّارِمِيُّ مَعَ تَغْيِيْرٍ يَسِيْرٍ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ مَكْتُوْبٌ فِي التَّوْرٰةِ صِفَةُ

شہد کی مکھی کے یہ لفظ مصابیح کے ہیں اور روایت کیا دارمی نے کچھ تغیر کے ساتھ اور روایت ہے عبد اللہ بن سلام سے کہا کہ لکھی ہوئی ہے توریت میں تعریف

مُحَمَّدٍ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ يُدْفَنُ مَعَهٗ قَالَ اَبُوْ مَوْدُوْدٍ وَقَدْ بَقِيَ فِي الْبَيْتِ مَوْضِعُ قَبْرٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ اَلْفَصْلُ

محمد علیہ السلام کی اور عیسی بن مریم دفن ہونگے ساتھ حضرت کے کہا ابو مودود راوی نے کہ تحقیق باقی رہگئی ہے حجرہ شریف میں جگہ ایک قبر کی روایت کیا اسکو ترمذی نے فصل

الثَّالِثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى فَضَّلَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْاَنْبِيَاءِ وَعَلٰى اَهْلِ السَّمَاءِ

تیسری روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ بیشک اللہ تعالے نے بزرگی دیا محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو تمامی انبیا پر اور تمامی آسمان والوں پر

فَقَالُوْا يَا اَبَا عَبَّاسٍ بِمَ فَضَّلَهُ اللّٰهُ عَلٰى اَهْلِ السَّمَاءِ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ لِاَهْلِ السَّمَاءِ وَمَنْ يَقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْ

پھر کہا لوگوں نے اے ابا عباس کس چیز سے فضیلت دیا آپکو اللہ نے فرشتوں پر کہا انہوں نے بیشک اللہ تعالے نے فرمایا ہے فرشتوں کو اور جو کوئی کہے ان میں سے کہ میں

اِلٰهٌ مِنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِيْنَ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّا

خدا ہوں بغیر خدا حقیقی کے سو اسکو ہم بدلا دینگے دوزخ ایسا ہی ہم جزا دیتے ہیں ظالم لوگوں کو اور فرمایا اللہ تعالے نے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے مقرر ہم نے

فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِيْنًا لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ قَالُوْا وَمَا فَضْلُهٗ عَلَى الْاَنْبِيَاءِ قَالَ

فتح دی تجھکو کھلی فتح تا معاف کرے تجھکو اللہ جو آگے ہو چکے تیرے گناہ اور جو پیچھے رہے کہا انہوں نے اور کیا فضیلت حضرت کی تمامی انبیا پر کہا

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَاءُ الْاٰيَةَ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى

فرمایا اللہ تعالی نے اور نہیں بھیجا ہمنے کوئی نبی مگر زبان پر اپنی قوم کے تا کھول کر بتا دے انکو پھر گمراہ کرتا ہے اللہ جسکو چاہتا آخری آیت تک اور فرمایا اللہ تعالی نے

لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا كَافَّةً لِّلنَّاسِ فَاَرْسَلَهٗ اِلَى الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ قَالَ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اور نہیں بھیجا ہمنے تجھکو مگر تمامی لوگوں پر سو بھیجا ہے آپ کو جن اور انسان کی طرف اور روایت ہے ابی ذر غفاری سے کہا

قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ عَلِمْتَ اَنَّكَ نَبِيٌّ حَتّٰى اسْتَيْقَنْتَ فَقَالَ يَا اَبَا ذَرٍّ اَتَانِيْ مَلَكَانِ وَاَنَا بِبَعْضِ بَطْحَاءِ مَكَّةَ فَوَقَعَ

میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کب معلوم کرے آپ کہ آپ نبی ہیں یہانتک یقین آیا آپ کو تو فرمایا اے ابا ذر آئے مجھ پاس فرشتے جس حال میں کہ میں کسی وادی مکے میں تھا

اَحَدُهُمَا اِلَى الْاَرْضِ وَكَانَ الْاٰخَرُ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهٖ اَهُوَ هُوَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَزِنْهُ بِرَجُلٍ

ایک فرشتہ اتر زمین پر اور دوسرا فرشتہ درمیان آسمان اور زمین کے پھر کہا ایک نے ان کا اپنے یار کو کیا وہ یہی ہے کہا ہاں یہی ہے کہا پھر تول اسکو ایک مرد سے

فَوُزِنْتُ بِهٖ فَوَزَنْتُهٗ ثُمَّ قَالَ زِنْهُ بِعَشَرَةٍ فَوُزِنْتُ بِهِمْ فَرَجَحْتُهُمْ ثُمَّ قَالَ زِنْهُ بِمِائَةٍ فَوُزِنْتُ بِهِمْ فَرَجَحْتُهُمْ

سو تولا گیا میں اس مرد کے ساتھ تو بھاری ہو لیکن اس سے پھر کہا تول اسکو دس سے تو تولا گیا میں ان کے ساتھ پس غالب آیا میں ان پر پھر کہا تول اسکو سو کے ساتھ تو تولا گیا میں ساتھ سو کے تو غالب آیا میں ان پر

ثُمَّ قَالَ زِنْهُ بِاَلْفٍ فَوُزِنْتُ بِهِمْ فَرَجَحْتُهُمْ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَنْتَثِرُوْنَ عَلَيَّ مِنْ خِفَّةِ الْمِيْزَانِ قَالَ فَقَالَ اَحَدُهُمَا

پھر کہا تول اسکو ہزار مرد ساتھ تو تولا گیا میں ان کے ساتھ پھر غالب آیا میں ان پر گویا کہ میں دیکھتا ہوں ان ہزار مرد کو کہ گرتے تھے مجھ پر سبکی سے ترازو کے فرمایا پھر کہا ایک نے ان کا

لِصَاحِبِهٖ لَوْ وَزَنْتَهٗ بِاُمَّتِهٖ لَرَجَحَهَا رَوَاهُمَا الدَّارِمِيُّ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اپنے رفیق کو اگر تولیگا تو اسکو اسکی تمامی امت کے ساتھ تو البتہ غالب ہوگا ان سب پر روایت کیا ان دو نو حدیثوں کو دارمی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

كُتِبَ عَلَيَّ النَّحْرُ وَلَمْ يُكْتَبْ عَلَيْكُمْ وَاُمِرْتُ بِصَلٰوةِ الضُّحٰى وَلَمْ تُؤْمَرُوْا بِهَا رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ

فرض ہوئی مجھ پر قربانی اور نہیں فرض ہوئی تم پر اور حکم ہوا مجھکو نماز چاشت پڑھنے کا اور نہیں حکم کئے گئے تم اسکا روایت کیا اسکو دارقطنی نے

بَابُ اَسْمَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصِفَاتِهٖ

باب ناموں میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور انکی صفتوں میں

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ لِيْ

فصل پہلی روایت ہے جبیر بن مطعم سے کہا کہ سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے کہ بیشک مجھکو

اَسْمَاءً اَنَا مُحَمَّدٌ وَاَنَا اَحْمَدُ وَاَنَا الْمَاحِي الَّذِيْ يَمْحُو اللّٰهُ بِيَ الْكُفْرَ وَاَنَا الْحَاشِرُ الَّذِيْ يُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰى قَدَمِيْ وَاَنَا

کئی نام ہیں میں محمد ہوں اور احمد ہوں اور میں ماحی ہوں کہ مٹا دیتا ہے اللہ میرے سے کفر کو اور میں حاشر ہوں کہ حشر ہوگا لوگوں کا میرے ہی قدم پر اور میں

الْعَاقِبُ الَّذِيْ لَيْسَ بَعْدَهٗ نَبِيٌّ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عاقب ہوں کہ نہیں ہے بعد اسکے کوئی نبی ق اور روایت ہے ابی موسی اشعری سے کہا کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

يُسَمِّيْ لَنَا نَفْسَهٗ اَسْمَاءً فَقَالَ اَنَا مُحَمَّدٌ وَاَحْمَدُ وَالْمُقَفِّيْ وَالْحَاشِرُ وَنَبِيُّ التَّوْبَةِ وَنَبِيُّ الرَّحْمَةِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

نام سناتے اپنی ذات شریف کے ہمکو کئی نام میں سو فرمایا میں محمد ہوں اور احمد ہوں اور پیچھے آنے والا اور حشر کرنے والا اور نبی توبہ کا اور نبی رحمت کا روایت کیا اسکو مسلم نے اور

اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا تَعْجَبُوْنَ كَيْفَ يَصْرِفُ اللّٰهُ عَنِّيْ شَتْمَ قُرَيْشٍ وَلَعْنَهُمْ

ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تعجب نہیں کرتے ہو کہ کیونکر باز رکھا اللہ نے مجھ سے گالی مشرکان قریش کی اور لعن انکا

يَشْتِمُوْنَ مُذَمَّمًا وَيَلْعَنُوْنَ مُذَمَّمًا وَاَنَا مُحَمَّدٌ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

گالی دیتے ہیں مذمم کو اور لعنت کرتے ہیں مذمم کو اور میں تو محمد ہوں روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا کہ تھے رسول خدا صلی اللہ

عليه وسلم قد شمط مقدم رأسه ولحيته وكان اذا ادهن لم يتبين واذا شعث رأسه تبين وكان كثير شعر

علیہ وسلم دو مو ہو گئے تھے روبرو کے سر اور داڑھی کے اور جب تیل ڈالتے نہیں ظاہر ہوتی سفیدی اور جب بکھرتے بال اپنے سر کے تو ظاہر ہوتی سفیدی اور بہت بال تھے

اللحية فقال رجل وجهه مثل السيف فقال لا بل كان مثل الشمس والقمر وكان مستديرا ورأيت الخاتم عند

داڑھی کے سو کہا ایک مرد نے کہ منہ آپ کا چمکتا تھا مثل تلوار کے پس کہا جابر نے نہیں بلکہ چمکتا تھا مثل سورج اور چاند کے اور تھا چہرہ آپ کا گول اور دیکھا میں نے مہر نبوت نزدیک

كتفه مثل بيضة الحمامة يشبه جسده رواه مسلم وعن عبد الله بن سرجس قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم

شانہ آپ کے مانند کبوتر کے انڈے کے ایسا کہ مشابہت تھے جسد مبارک کو آپ کے اور روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن سرجس سے کہا دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو

وأكلت معه خبزا ولحما او قال ثريدا ثم درت خلفه فنظرت الى خاتم النبوة بين كتفيه عند ناغض كتفه

اور کھایا میں نے آپ کے ساتھ روٹی اور گوشت یا کہا یا ثرید کو پھر ہوا اپنی پیچھے آپ کے اور دیکھا مہر نبوت کو درمیان دونوں مونڈھوں کے نزدیک نرم ہڈی بائیں مونڈھے کے

اليسرى جمعا عليه خيلان كامثال الثآليل رواه مسلم وعن ام خالد بنت خالد بن سعيد قالت اتي

مانند مٹھی کے کہ اس پر خالیں تھے مانند مسّوں کے روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ام خالد بنت خالد بن سعید سے بولیں کہ لائے گئے

النبي صلى الله عليه وسلم بثياب فيها خميصة سوداء صغيرة فقال ائتوني بام خالد فاتي بها تحمل فاخذ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کپڑے کہ اس میں کالی کملی تھی چھوٹی پھر فرمایا لاؤ مجھ پاس ام خالد کو تب پھر اٹھا کر لائی گئی وہ پس لیا حضرت

الخميصة بيده فالبسها قال ابلي واخلقي ثم ابلي واخلقي وكان فيها علم اخضر او اصفر فقال يا ام خالد

اس کملی کو اپنے ہاتھ میں اور پہنا اس کو فرمایا برانا کر اور پرانا کر پھر برانا کر اور پرانا کر اور تھا بیچ اس کملی میں دھاری ہرا یا پیلا پھر فرمایا اے ام خالد

هذا سناه وهي بالحبشية حسنة قالت فذهبت العب بخاتم النبوة فزبرني ابي فقال رسول الله

یہ کپڑا بہتر ہے اور کلمہ سناہ کا لغت حبش میں معنی نیک کے ہیں بولیں ام خالد پھر کھیلنے لگی میں مہر نبوت سے تو منع کیا مجھ کو باپ میرے نے سو فرمایا میرے باپ کو رسول خدا

صلى الله عليه وسلم دعها رواه البخاري وعن انس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس بالطويل

صلے اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دے اس کو روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نہ بہت لانبے قد کے تھے

البائن ولا بالقصير وليس بالابيض الامهق ولا بالآدم وليس بالجعد القطط ولا بالسبط بعثه الله على

اور نہ کوتاہ قد کے اور نہ ایسے سفید رنگ کے کہ بہت سفید ہوئے اور نہ بہت گندم گوں تھے اور نہ ایسے گھونگر والے بال کہ بہت پیچ دار ہو اور نہ لٹکے بال مبعوث کیا آپ کو اللہ نے

راس اربعين سنة فاقام بمكة عشر سنين وبالمدينة عشر سنين وتوفاه الله على راس ستين سنة وليس

سر پر چالیس برس کے پھر اقامت کی بیچ مکے کے دس برس اور مدینے میں دس برس اور وفات دیا آپ کو اللہ نے سر پر ساٹھ برس کے اور نہ تھے

في رأسه ولحيته عشرون شعرة بيضاء وفي رواية عنه يصف النبي صلى الله عليه وسلم قال كان ربعة

سر اور داڑھی میں آپ کے بیس بال سفید اور ایک روایت میں انسؓ سے ہے کہ صفت بیان کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی کہا کہ تھے حضرت میانہ قد

من القوم ليس بالطويل ولا بالقصير ازهر اللون وقال كان شعر رسول الله صلى الله عليه وسلم الى انصاف

لوگوں میں نہ لانبے اور نہ کوتاہ چمکتے رنگ کے اور کہا تھے بال رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے آدھی دور تک

اذنيه وفي رواية بين اذنيه وعاتقه متفق عليه وفي رواية للبخاري قال كان ضخم الراس والقدمين لم ار

آپ کے کانوں کے اور ایک روایت میں درمیان دونوں کانوں اور کندھوں کے آپ کے تھے اور ایک روایت میں بخاری کے ہے کہا تھے بھاری سر اور قدموں کے کہ نہیں دیکھا میں

بعده ولا قبله مثله وكان بسط الكفين وفي اخرى له قال كان شثن القدمين والكفين وعن البراء قال
بعد حضرت کے اور نہ آگے آپ کے کسی کو مانند آپ کے اور تھے حضرت کشادہ ہتھیلیوں کے اور بخاری کی دوسری روایت میں ہے کہا کہ تھے حضرت پر گوشت قدموں اور ہتھیلیوں کے اور روایت ہے براء سے کہا

كان رسول الله صلى الله عليه وسلم مربوعا بعيد ما بين المنكبين له شعر بلغ شحمة اذنيه رايته في حلة حمراء
کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم میانہ قد کے فراخی تھی درمیان دونوں مونڈھوں کے آپ کو بال تھے پہنچے ہوئے لو لگ آپ کے کانوں کی دیکھا میں نے آپ کو سرخ لباس میں

لم ار شيئا قط احسن منه متفق عليه وفي رواية لمسلم قال ما رايت من ذي لمة احسن في حلة حمراء من رسول
کہ نہیں دیکھا کسی کو ہرگز بہتر آپ سے ق ۔ اور ایک روایت میں مسلم کی ہے کہا کہ نہیں دیکھا میں نے کسی بالوں والے کو بہت اچھا سرخ لباس میں رسول

الله صلى الله عليه وسلم شعره يضرب منكبيه بعيد ما بين المنكبين ليس بالطويل ولا بالقصير وعن سماك بن
خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے بال آپ کے نزدیک پہنچے تھے آپ کے مونڈھوں کے فراخی تھی درمیان دو مونڈھوں کے نہ لانبے قد کے اور نہ کوتاہ اور روایت ہے سماک بن

حرب عن جابر بن سمرة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ضليع الفم اشكل العين منهوش العقبين
حرب سے اسنے جابر بن سمرہ سے کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم فراخ دہان کے سرخ سفید آنکھ کے سبک پنڈلیوں کے

قيل لسماك ما ضليع الفم قال عظيم الفم قيل ما اشكل العين قال طويل شق العين قيل ما منهوش العقبين
کسی نے پوچھا سماک سے کیا ہے معنے ضلیع الفم کا کہا بزرگی منہ کی کسی نے پوچھا کیا ہے معنے اشکل العین کا کہا درازی شگاف چشم کی کسی نے پوچھا کیا ہے معنے منہوش العقبین کا

قال قليل لحم العقب رواه مسلم وعن ابي الطفيل قال رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم كان ابيض مليحا
کہا کمی پنڈلیوں کے گوشت کی یعنی ایڑی کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی الطفیل سے کہا دیکھا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ تھے گورے ملاحت بھرے

مقصدا رواه مسلم وعن ثابت قال سئل انس عن خضاب رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال انه لم
میانہ سب معتدل روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ثابت سے کہا کہ پوچھے گئے انس خضاب کرنے سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کہا انس نے کہ حضرت نہ

يبلغ ما يخضب لو شئت ان اعد شمطاته في لحيته وفي رواية لو شئت ان اعد شمطات كن في راسه
پہنچے تھے اس حد کو کہ خضاب کرے اگر چاہتا میں شمار کرنا آپ کے سفید بالوں کا جو آپ کی داڑھی میں اور ایک روایت میں ہے اگر چاہتا میں شمار کرنا سفید بالوں کو جو سر میں آپ کے

فعلت متفق عليه وفي رواية لمسلم قال انما كان البياض في عنفقته وفي الصدغين وفي الراس نبذ وعن
تو البتہ شمار کر سکتا ق ۔ اور ایک روایت میں مسلم کی ہے کہا کہ نہیں تھی سفیدی مگر آپ کے لب زیریں کے بالوں میں اور کان اور آنکھ کے درمیان کے بالوں میں اور کچھ سر میں اور روایت ہے

انس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ازهر اللون كان عرقه اللؤلؤ اذا مشى تكفا وما مسست ديباجا ولا
انس سے کہا کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم چمکتے رنگ کے گویا کہ پسینا آپ کا موتیاں ہیں جب راہ چلتے قدم اٹھا کر اور نہ پایا میں کوئی دیبا اور

حريرا الين من كف رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا شممت مسكا ولا عنبرة اطيب من رائحة النبي
حریر کو ملائم زیادہ ہتھیلی سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور نہ سونگھا میں مشک کو نہ عنبر کو خوشبو زیادہ بدن مبارک کی باس سے نبی

صلى الله عليه وسلم متفق عليه وعن ام سليم ان النبي صلى الله عليه وسلم كان ياتيها فيقيل عندها فتبسط
صلی اللہ علیہ وسلم کے ق ۔ اور روایت ہے ام سلیم سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم آتے تھے نزدیک اسکے اور قیلولہ کرتے تھے اسکے پاس پس بچھاتی

نطعا فيقيل عليه وكان كثير العرق فكانت تجمع عرقه فتجعله في الطيب فقال النبي صلى الله عليه وسلم يا ام سليم
بچھونا چمڑے کا تو قیلولہ کرتے آپ اس پر اور تھے حضرت بہت پسینے والے پھر جمع کرتی تھی ام سلیم پسینا آپ کا اور ڈالتی اسکو خوشبو کے بیچ پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اے ام سلیم

مَا هٰذَا قَالَتْ عَرَقُكَ نَجْعَلُهُ فِي طِيْبِنَا وَهُوَ مِنْ اَطْيَبِ الطِّيْبِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَرْجُوْ بَرَكَتَهٗ لِصِبْيَانِنَا قَالَ اَصَبْتِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

کیا ہے یہ بولیں پسینا آپ کا ہے ڈالتے ہیں ہم اسکو ہماری خوشبو میں ہیں کہ پسینا آپ کا بہت خوشبو ہے اور خوشبو سے اور ایک روایت میں ہے ام سلیم نے یا رسول اللہ ہم امید رکھتے ہیں برکت کی اپنے بچوں کے لئے فرمایا حضرت نے اچھا کیا تو نے ۔ ق ۔

وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْاُوْلٰى ثُمَّ خَرَجَ اِلٰى اَهْلِهٖ وَخَرَجْتُ مَعَهٗ فَاسْتَقْبَلَهٗ وِلْدَانٌ فَجَعَلَ يَمْسَحُ خَدَّيْ اَحَدِهِمْ وَاحِدًا وَاحِدًا وَاَمَّا اَنَا فَمَسَحَ خَدِّيْ فَوَجَدْتُ لِيَدِهٖ بَرْدًا اَوْ رِيْحًا كَاَنَّمَا اَخْرَجَهَا مِنْ جُوْنَةِ عَطَّارٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَذُكِرَ حَدِيْثُ جَابِرٍ سَمُّوْا بِاسْمِيْ فِيْ بَابِ الْاَسَامِيْ وَحَدِيْثُ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ نَظَرْتُ اِلٰى خَاتَمِ النُّبُوَّةِ فِيْ بَابِ اَحْكَامِ الْمِيَاهِ

اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا نماز پڑھی میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز ظہر کی ۔ پھر نکلے حضرت اپنے اہل بیت کی طرف اور نکلا میں بھی ساتھ آپ کے پھر آگے آئے آپ کے لڑکے تو لگے حضرت گال ملنے ان میں ایک ایک کے اور لیکن میں سو میرے گال کو بھی ملے تو پایا میں نے آپ کے ہاتھ میں ٹھنڈک یا خوشبو گویا کہ نکالا ہے حضرت نے ہاتھ اپنا طبلہ سے عطار کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور ذکر کی گئی حدیث جابر کی سموا باسمی باب الاسامی میں اور حدیث سائب بن یزید کی نظرت الی خاتم النبوۃ باب احکام المیاہ میں ۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

فصل دوسری

عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ بِالطَّوِيْلِ وَلَا بِالْقَصِيْرِ ضَخْمَ الرَّاْسِ وَاللِّحْيَةِ شَثْنَ الْكَفَّيْنِ وَالْقَدَمَيْنِ مُشْرَبًا حُمْرَةً ضَخْمَ الْكَرَادِيْسِ طَوِيْلَ الْمَسْرُبَةِ اِذَا مَشٰى تَكَفَّأَ تَكَفُّؤًا كَاَنَّمَا يَنْحَطُّ مِنْ صَبَبٍ لَمْ اَرَ قَبْلَهٗ وَلَا بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ

روایت ہے علی بن ابی طالب سے کہا کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دراز قد تھے نہ کوتاہ بزرگ سر اور داڑھی کے بھرے ہتھیلیوں اور قدموں کے سفید سرخی ملے ہوئے بڑے بند والے جوڑوں کے دراز مو سینے کے جب راہ چلتے قدم اٹھا کر رکھتے ایسے قدم رکھتے گویا اترتے ہیں بلندی سے نہیں دیکھا اور نہ بعد آپ کے کسیکو مانند آپ کے صلی اللہ علیہ وسلم روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے

وَعَنْهُ كَانَ اِذَا وَصَفَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمْ يَكُنْ بِالطَّوِيْلِ الْمُمَّغِطِ وَلَا بِالْقَصِيْرِ الْمُتَرَدِّدِ وَكَانَ رَبْعَةً مِنَ الْقَوْمِ وَلَمْ يَكُنْ بِالْجَعْدِ الْقَطَطِ وَلَا بِالسَّبِطِ كَانَ جَعْدًا رَجِلًا وَلَمْ يَكُنْ بِالْمُطَهَّمِ وَلَا بِالْمُكَلْثَمِ وَكَانَ فِي الْوَجْهِ تَدْوِيْرٌ اَبْيَضُ مُشْرَبٌ اَدْعَجُ الْعَيْنَيْنِ اَهْدَبُ الْاَشْفَارِ جَلِيْلُ الْمُشَاشِ وَالْكَتَدِ اَجْرَدُ ذُوْ مَسْرُبَةٍ شَثْنُ الْكَفَّيْنِ وَالْقَدَمَيْنِ اِذَا مَشٰى تَقَلَّعَ كَاَنَّمَا يَمْشِيْ فِيْ صَبَبٍ وَاِذَا الْتَفَتَ الْتَفَتَ مَعًا بَيْنَ كَتِفَيْهِ خَاتَمُ النُّبُوَّةِ وَهُوَ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ اَجْوَدُ النَّاسِ صَدْرًا وَاَصْدَقُ النَّاسِ لَهْجَةً وَاَلْيَنُهُمْ عَرِيْكَةً وَاَكْرَمُهُمْ عَشِيْرَةً مَنْ رَاٰهُ بَدِيْهَةً هَابَهٗ وَمَنْ خَالَطَهٗ مَعْرِفَةً اَحَبَّهٗ يَقُوْلُ نَاعِتُهٗ لَمْ اَرَ قَبْلَهٗ وَلَا بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

اور روایت ہے اسی سے کہ علی کرم اللہ وجہہ کی عادت تھی جب صفت بیان کرتے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی کہتے نہ تھے حضرت بہت لانبے اور نہ بہت کوتاہ اور تھے میانہ قد لوگوں میں اور نہ تھے بہت گھنگرالے بال نہ اور نہ لٹکے ہوئے لیکن تھے بال میانہ اور نہ بہت چوڑے منہ کے تھے اور نہ ہلکے چہرے کے ولیکن تھی چہرہ میں آپ کے کچھ چوڑائی سفید سرخی ملے ہوئے بہت سیاہ آنکھوں کے لانبے پلکوں کے گٹھے ہوئے سینے اور تختی کے بن بال کے بالوں کی لکیر والے بھرے ہتھیلوں اور قدموں کے جب راہ چلتے اٹھا کر رکھتے قدم کو گویا کہ چلتے ہیں پستی میں اور جب متوجہ ہوتے کسی طرف تو متوجہ ہوتے تمامی بدن سے بیچ درمیان دونوں مونڈھے آپ کے مہر نبوت تھی اور وہی ختم کرنے والی نبوت کی تھی بہت سخی دل کے لوگوں سے اور بہت راست گو تھے لوگوں سے اور نرم طبیعت کے لوگوں سے اور بزرگ قبیلے کے تھے لوگوں سے جو کوئی دیکھتا آپ کو اچانک ڈر جاتا آپ سے اور جو کوئی ملتا آپ سے پہچان کر دوست رکھتا آپ کو کہتا وصف کرنے والا آپ کا نہ دیکھا میں نے آگے حضرت کے اور نہ بعد آپ کے کسیکو مانند حضرت کے صلی اللہ علیہ وسلم روایت کیا اسکو ترمذی نے

وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَسْلُكْ

اور روایت ہے جابر سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نہ چلتے تھے ۔

طريقا فيتبعه أحد إلا عرف أنه قد سلكه من طيب عرقه أو قال من ريح عرقه رواه الدارمي وعن أبي عبيدة

کوئی راہ اور پیچھے آتا آپ کے کوئی تو البتہ اسنے پہچان لیتا کہ حضرت تحقیق چلے ہیں یہاں خوشبوی سے آپ کے پسینے کی یا کہا بو سے پسینے کی روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے ابی عبیدہ

بن محمد بن عمار بن ياسر قال قلت للربيع بنت معوذ بن عفراء صفي لنا رسول الله صلى الله عليه وسلم قالت يا بني

بن محمد بن عمار بن یاسر سے کہا ابو عبیدہ نے کہا میں نے ربیع بنت معوذ بن عفراء صحابیہ کو صفت بیان کر ہمکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی کہا اسنے اے بیٹے اگر

لو رأيته رأيت الشمس طالعة رواه الدارمي وعن جابر بن سمرة قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم في ليلة

اگر دیکھتا تو حضرت کو دیکھتا تو کہ آفتاب نکلا ہے روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا کہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو چاندنی رات میں

إضحيان فجعلت أنظر إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم وإلى القمر وعليه حلة حمراء فإذا هو أحسن عندي من القمر

اور لگا میں نظر کرنے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو اور چاند کی طرف حسن حال میں کہ آپ پر لباس سرخ تھا پس یکایک حضرت بہت خوب تھے نزدیک میرے چاند سے

رواه الترمذي والدارمي وعن أبي هريرة قال ما رأيت شيئا أحسن من رسول الله صلى الله عليه وسلم كأن الشمس

روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ نہیں دیکھا میں نے کوئی چیز کو خوبصورت زیادہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے گویا کہ آفتاب

تجري في وجهه وما رأيت أحدا أسرع في مشيته من رسول الله صلى الله عليه وسلم كأنما الأرض تطوى له إنا لنجهد

چلتا ہے چہرہ مبارک میں آپ کے اور نہیں دیکھا میں نے کسی کو جلدی کرنے والا چلنے میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے گویا کہ زمین لپیٹی جاتی ہے آپ کے لئے بیشک ہم مشقت میں ڈالتے

أنفسنا وإنه لغير مكترث رواه الترمذي وعن جابر بن سمرة قال كان في ساقي رسول الله صلى الله عليه وسلم

اپنے ذاتوں کو اور حضرت بے تکلف راہ چلنے والے روایت کیا اسکو ترمذی اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا کہ تھی دونوں پنڈلیوں میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے

حموشة وكان لا يضحك إلا تبسما وكنت إذا نظرت إليه قلت أكحل العينين وليس بأكحل رواه الترمذي

باریکی اور حضرت ہنستے نہ تھے مگر مسکرا کر اور میں جب نظر کرتا تھا طرف آپ کے کہتا تھا کہ سرمہ دئیے ہوئے آنکھیں ہیں حالانکہ سرمہ نہیں دئیے تھے روایت کیا اسکو ترمذی

الفصل الثالث

عن ابن عباس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم أفلج الثنيتين إذا تكلم رئي كالنور

فصل تیسری روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کشادہ دونوں دانتوں کے جب باتیں کرتے معلوم ہوتا کہ مانند نور کے

يخرج من بين ثناياه رواه الدارمي وعن كعب بن مالك قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا سر

نکلتا ہے آپ کے دونوں دانتوں کے درمیان سے روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے کعب بن مالک سے کہا کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب خوش ہوتے

استنار وجهه حتى كأن وجهه قطعة قمر وكنا نعرف ذلك متفق عليه وعن أنس أن غلاما يهوديا كان

روشن ہوتا منہ آپکا یہانتک کہ گویا منہ آپ کا ٹکڑا چاند کا ہے اور ہم پہچانتے تھے اسکو ق ۔ اور روایت ہے انس سے کہ ایک لڑکا یہودی

يخدم النبي صلى الله عليه وسلم فمرض فأتاه النبي صلى الله عليه وسلم يعوده فوجد أباه عند رأسه يقرأ التوراة

خدمت کرتا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پھر بیمار ہوا تو آئے اس پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم اسکی بیمار پرسی کرنے پھر پایا اسکے باپ کو اسکے سر کے پاس پڑھتا تھا توریت

فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم يا يهودي أنشدك بالله الذي أنزل التوراة على موسى هل تجدني في التوراة نعتي

سو فرمایا اسکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اے یہودی قسم دیتا ہوں میں تجھکو اس خدا کی جسنے اتاری توریت کو موسی پر آیا پاتا ہے تو توریت میں نعت میری

وصفتي ومخرجي قال لا قال الفتى بلى والله يا رسول الله إنا نجد لك في التوراة نعتك وصفتك ومخرجك وإني

اور صفت میری اور نکلنا میرا مکے سے کہا یہودی نے نہیں کہا اس بیمار لڑکے نے ہاں ہے قسم ہے خدا کی یا رسول اللہ مقرر ہم پاتے ہیں تیرے لئے توریت میں نعت آپ کی اور صفت آپ کی اور نکلنا آپ کا

اشہد ان لا الٰہ الا اللہ وانک رسول اللہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لاصحابہ اقیموا ھذا من عند راسہ ولوا اخاکم

گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی پوجنے کے لایق سوائے اللہ کے اور بیشک آپ رسول اللہ کے ہیں پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے یاروں کو اٹھاؤ اس شخص کو اسکے سر پاس سے اور متوجہ ہو اپنے بھائی کی طرف

رواہ البیہقی فی دلائل النبوۃ وعن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال انما انا رحمۃ مھداۃ رواہ

روایت کیا اسکو بیہقی نے دلائل النبوہ میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت نے فرمایا نہیں ہوں میں مگر رحمت بھیجا ہوا حق کی طرف سے روایت کیا

الدارمی والبیہقی فی شعب الایمان

دارمی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں

باب فی اخلاقہ وشمائلہ صلی اللہ علیہ وسلم

باب اخلاق اور عادات میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے

الفصل الاول

فصل پہلی

عن انس قال خدمت النبی صلی اللہ علیہ وسلم عشر سنین فما قال لی اف ولا لم صنعت ولا الا صنعت متفق علیہ وعنہ

روایت ہے انس سے کہا کہ خدمت کی میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی دس برس سو نہ فرمایا حضرت نے مجھکو اف وا اور نہ فرمایا کہ کیوں کیا تو یہ کام اور نہ فرمایا کیوں نہیں کیا تو یہ کام اور روایت ہے

قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من احسن الناس خلقا فارسلنی یوما لحاجۃ فقلت واللہ لا اذھب وفی

کہا کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بہترین لوگوں سے خلق میں پس بھیجا مجھکو ایک دن کسی کام کے لئے تو عرض کیا میں نے قسم ہے خدا کی نہ جاؤں گا میں اور

نفسی ان اذھب لما امرنی بہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فخرجت حتی امر علی صبیان وھم یلعبون فی السوق

دل میں میرے یہ تھی کہ جاؤں گا میں اس کام کے لئے کہ حکم کیا ہے مجھکو جس کا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سو نکلا میں تا کہ گذرا میں لڑکوں پر جو کھیلتے تھے بازار میں

فاذا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد قبض بقفای من ورائی قال فنظرت الیہ وھو یضحک فقال یا انیس ذھبت

تو ناگہاں دیکھتا ہوں کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پکڑ لی میری گردن کو پیچھے سے کہا انس نے پھر دیکھا میں نے طرف آپکے جس حال میں کہ آپ ہنستے تھے پس فرمایا اے انیس گیا تھا

حیث امرتک قلت نعم انا اذھب یا رسول اللہ رواہ مسلم وعنہ قال کنت امشی مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

جس جگہ کہ حکم کیا تھا میں نے تجھکو عرض کیا میں نے ہاں اب جاتا ہوں یا رسول اللہ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انہی سے کہا کہ چلتا تھا میں ہمراہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے

وعلیہ برد نجرانی غلیظ الحاشیۃ فادرکہ اعرابی فجبذہ بردائہ جبذۃ شدیدۃ ورجع نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی

اور آپ پر چادر نجران کی تھی بھاری حاشیوں کی پھر پایا آپ کو ایک جنگلی نے اور کھینچا حضرت کو آپکی چادر سے سخت کھینچنا اور پلٹ گئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم

نحر الاعرابی نظرت الی صفحۃ عاتق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد اثرت بہا حاشیۃ البرد من شدۃ جبذتہ ثم

سینے پر اعرابی کے تا یہاں تک کہ دیکھا میں نے ایک جانب شانہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی گردن کے کہ نشان کر دیا تھا اس پر حاشیہ چادر نے سخت کھینچنے سے اسکے پھر

قال یا محمد مرلی من مال اللہ الذی عندک فالتفت الیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم ضحک ثم امر لہ بعطاء

کہا یا محمد حکم کر میرے لئے کہ دیویں اللہ کے مال سے جو آپکے پاس ہے سو التفات کیا اسکی طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر ہنسے بعد حکم کیا اسکے لئے کچھ دینے کا

متفق علیہ وعنہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احسن الناس واجود الناس واشجع الناس ولقد فزع

متفق علیہ اور روایت ہے انہی سے کہا کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بہت خوبصورت لوگوں کے اور بہت سخی لوگوں کے اور بڑے جوانمرد لوگوں کے اور تحقیق ڈر گئے

اھل المدینۃ ذات لیلۃ فانطلق الناس قبل الصوت فاستقبلھم النبی صلی اللہ علیہ وسلم قد سبق الناس الی الصوت

مدینے والے ایک رات پھر گئے لوگ طرف آواز کے تو روبرو آئے انکے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کہ آگے گئے تھے لوگوں کے طرف آواز کے

وھو یقول لم تراعوا لم تراعوا وھو علی فرس لابی طلحۃ عری ما علیہ سرج وفی عنقہ سیف فقال لقد وجدتہ

جس حال میں کہ فرماتے تھے نہ ڈرو نہ ڈرو اور آپ سوار تھے ابی طلحہ کے گھوڑے ننگی پیٹھ پر کہ نہ تھی اس پر زین اور گردن میں آپکے شمشیر تھی سو فرمایا تحقیق پایا میں نے اس کو

بخل متفق علیہ وعن جابر قال ما سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شیئا قط فقال لا متفق علیہ وعن انس ان رجلا

دریا ۔ ق ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ نہیں سوال کئے گئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کسی چیز سے ہرگز اور کہے ہوں نہیں ۔ ق ۔ اور روایت ہے انس سے کہ ایک مرد

سال النبی صلی اللہ علیہ وسلم غنما بین جبلین فاعطاہ ایاہ فاتی قومہ فقال ای قوم اسلموا فواللہ ان محمدا لیعطی

مانگا نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے بکریاں جو درمیان دو پہاڑ کے تھے سو عطا کئے اسکو وے بکریاں پھر آیا وہ شخص اپنے قوم پاس اور کہا اے قوم مسلمان ہو قسم خدا کی محمد دیتے

عطاء ما یخاف الفقر رواہ مسلم وعن جبیر بن مطعم بینما ہو یسیر مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقفلہ

ایسا دینا کہ نہیں ڈرتے فقیر ہو جانے سے روایت کیا اسکو مسلم اور روایت ہے جبیر بن مطعم سے کہ درمیان اسکے کہ اسنے سفر کیا تھا ہمراہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پلٹتے وقت

من حنین فعلقت الاعراب یسالونہ حتی اضطروہ الی سمرۃ فخطفت رداءہ فوقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

جنگ حنین سے تو حائل ہو بدو مانگنے ہوئے آپ سے یہانتک کہ عاجز کر دئیے آپکو کانٹوں کے جھاڑ کے پاس اور نکال لی چادر آپکی تو کھڑے ہو گئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم

فقال اعطونی ردائی لو کان لی عدد ہذہ العضاہ نعم لقسمتہ بینکم ثم لا تجدونی بخیلا ولا کذوبا ولا جبانا

اور فرمایا دیو مجھکو چادر میری اگر ہو مجھ پاس موافق ان جھاڑوں کے چوپائے تو البتہ بانٹ دیتا تم میں پھر نہ پاتے تم مجھکو بخیل اور نہ جھوٹا اور نہ بد دل

رواہ البخاری وعن انس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا صلی الغداۃ جاء خدم المدینۃ بآنیتہم فیہا

روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑھتے صبح کی تو لاتے خادم مدینے والوں کے اپنے باسنوں کو کہ ان میں

الماء فما یاتون باناء الا غمس یدہ فیہا فربما جاءوہ بالغداۃ الباردۃ فیغمس یدہ فیہا رواہ مسلم وعنہ قال

پانی رہتا سو نہیں لاتے کوئی باسن مگر ڈبوتے حضرت دست مبارک اپنا اسمیں پھر بہت وقت لاتے اپنے باسنوں کو پانی سے سرد کی صبح تو تب بھی ڈبو دیتے دست مبارک اپنا ان میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے

کانت امۃ من اماء اہل المدینۃ تاخذ بید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتنطلق بہ حیث شاءت رواہ

ایک باندی تھی باندیوں سے مدینے والوں کی پکڑتی ہاتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا اور لیجاتی آپ کو جس جگہہ کہ چاہتی ۔ روایت کیا اسکو

البخاری وعنہ ان امراۃ کانت فی عقلہا شیء فقالت یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان لی الیک حاجۃ فقال یا ام

بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہ ایک عورت تھی کہ اسکے عقل میں کچھ قصور تھا سو عرض کی یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کہ مجھکو آپ سے کچھ حاجت ہے پس فرمایا حضرت نے اے ام

فلان انظری ای السکک شئت حتی اقضی لک حاجتک فخلا معہا فی بعض الطرق حتی فرغت من

فلان بتلا مجھکو کہ کونسی گلی میں لیجانا چاہتی ہے تو تاکہ نکالوں میں تیری حاجت کئیں پھر اکیلے گئے ہمراہ اسکے بعضی راہوں میں یہانتک کہ فارغ ہوی وہ عورت

حاجتہا رواہ مسلم وعنہ قال لم یکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاحشا ولا لعانا ولا سبابا کان یقول

اپنی حاجت سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ نہیں تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بیہودہ کہنے والے اور نہ لعنت کرنے والے اور نہ گالی دینے والے فرماتے تھے

عند المعتبۃ مالہ ترب جبینہ رواہ البخاری وعن ابی ہریرۃ قال قیل یا رسول اللہ ادع علی المشرکین قال

غصہ کرنے کے وقت کیا ہوا اسکو کہ خاک آلودہ ہو پیشانی اسکی روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ عرض کیا کسی نے یا رسول اللہ بد دعا کرو مشرکوں پر فرمایا

انی لم ابعث لعانا وانما بعثت رحمۃ رواہ مسلم وعن ابی سعید الخدری قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم

مقرر یہ ہے نہیں بھیجا گیا ہوں لعنت کرنے والا ولیکن بھیجا گیا ہوں واسطے رحمت عالم کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم

اشد حیاء من العذراء فی خدرہا فاذا رای شیئا یکرہہ عرفناہ فی وجہہ متفق علیہ وعن عائشۃ قالت

بہت حیا والے باکرہ عورت اپنے پردے میں رہنے والی سے پھر جب دیکھتے کوئی ناپسند کام پہچانتے ہم اسکو آپ کے چہرے میں ۔ ق ۔ اور روایت ہے عائشہ سے بولیں

مَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَجْمِعًا قَطُّ ضَاحِكًا حَتّٰى أَرٰى مِنْهُ لَهَوَاتِهِ وَإِنَّمَا كَانَ يَتَبَسَّمُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

نہیں دیکھا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو پورا ہنسنے والے ہرگز ہنستا ہوا یہاں تک کہ دیکھوں میں آپ کی تالو وغیرہ کو اور نہیں تھے مگر مسکراتے روایت کیا اسکو بخاری نے

وَعَنْهَا قَالَتْ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَسْرُدُ الْحَدِيْثَ كَسَرْدِكُمْ كَانَ يُحَدِّثُ حَدِيْثًا لَوْ عَدَّهُ الْعَادُّ

اور عائشہ سے روایت ہے بولیں کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پے در پے نہیں کرتے بات کو مانند پے در پے بات کرنے تمہارے کے بات کرتے تھے ایسی کہ اگر شمار کرتا

لَأَحْصَاهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ الْأَسْوَدِ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ فِيْ بَيْتِهِ قَالَتْ

تو البتہ اسکو شمار کر سکتا بدقت اور روایت ہے اسود سے کہا کہ پوچھا میں نے عائشہ کو کیا کرتے تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اپنے گھر میں بولیں

كَانَ يَكُوْنُ فِيْ مِهْنَةِ أَهْلِهِ تَعْنِيْ خِدْمَةَ أَهْلِهِ فَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلٰوةُ خَرَجَ إِلَى الصَّلٰوةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ

کہ رہتے تھے حضرت خدمت میں اپنے گھروالوں کے اور مراد رکھا انہوں نے لفظ مہنہ سے خدمت اپنے اہل کی پھر جب وقت نماز کا ہوتا نکلتے نماز کے لئے روایت کیا اسکو بخاری نے اور

عَائِشَةَ قَالَتْ مَا خُيِّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَمْرَيْنِ قَطُّ إِلَّا أَخَذَ أَيْسَرَهُمَا مَا لَمْ يَكُنْ إِثْمًا فَإِنْ

عائشہ سے بولیں کہ نہیں اختیار دئے گئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم دو کاموں کے درمیان ہرگز مگر اختیار کرتے آسان کو انہیں کے جب تک نہ ہوتا وہ کام گناہ کا پھر اگر

كَانَ إِثْمًا كَانَ أَبْعَدَ النَّاسِ مِنْهُ وَمَا انْتَقَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْسِهِ فِيْ شَيْءٍ قَطُّ إِلَّا أَنْ تُنْتَهَكَ حُرْمَةُ

ہوتا وہ کام سبب گناہ کا تو رہتے بہت دور رہنے والے لوگوں کی اس کام سے اور نہیں بدلا لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اپنی ذات کے لئے کسی چیز میں ہرگز مگر کہ توڑی جاتی حرمت

اللّٰهِ فَيَنْتَقِمُ لِلّٰهِ بِهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهَا قَالَتْ مَا ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا قَطُّ بِيَدِهِ وَلَا امْرَأَةً

جاتی خدا کے دین کی تو بدلا لیتے اللہ کے لئے ساتھ اسکے اور روایت ہے انہیں سے بولیں کہ نہیں مارا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کسی چیز کو ہرگز اپنے ہاتھ سے اور نہ کسی عورت کو

وَلَا خَادِمًا إِلَّا أَنْ يُجَاهِدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا نِيْلَ مِنْهُ شَيْءٌ قَطُّ فَيَنْتَقِمَ مِنْ صَاحِبِهِ إِلَّا أَنْ يُنْتَهَكَ شَيْءٌ مِنْ

اور نہ خادم کو مگر یہہ کہ جہاد کرے اللہ کی راہ میں اور نہیں پہنچی حضرت کو کسی جانب سے کوئی چیز ہرگز کہ بدلا لئے ہوں حضرت اسکے کرنے والے سے مگر یہہ کہ جب ہتک کئے جاتی کوئی

مَحَارِمِ اللّٰهِ فَيَنْتَقِمُ لِلّٰهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ **اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ** عَنْ أَنَسٍ قَالَ خَدَمْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا

چیز حرام کی اللہ کے تو بدلا لیتے حضرت اللہ کے لئے روایت کیا اسکو مسلم نے فصل دوسری روایت ہے انس سے کہا کہ خادم ہوا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا اور میری

ثَمَانِ سِنِيْنَ خَدَمْتُهُ عَشْرَ سِنِيْنَ فَمَا لَامَنِيْ عَلٰى شَيْءٍ قَطُّ أُتِيَ فِيْهِ عَلٰى يَدَيَّ فَإِنْ لَامَنِيْ لَائِمٌ مِنْ أَهْلِهِ قَالَ دَعُوْهُ فَإِنَّهُ

آٹھہ برس کی تھی خدمت کیا میں نے آپ کی دس برس پھر ملامت نہ کی مجھکو کسی چیز پر ہرگز کہ ضائع ہوجاتی کوئی چیز میرے ہاتھ سے اور اگر ملامت کرتا مجھکو کوئی آپ کے اہل سے تو فرماتے چھوڑو اسکو

لَوْ قُضِيَ شَيْءٌ كَانَ هٰذَا لَفْظُ الْمَصَابِيْحِ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ مَعَ تَغْيِيْرٍ يَسِيْرٍ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمْ يَكُنْ

اگر قضا کئے گئی ہے کوئی چیز تو وہ ہوگی یہہ لفظ مصابیح کے ہیں اور روایت کیا بیہقی نے شعب الایمان میں تھوڑے تغیر کے ساتھ اور روایت ہے عائشہ سے بولیں نہیں تھے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاحِشًا وَلَا مُتَفَحِّشًا وَلَا سَخَّابًا فِي الْأَسْوَاقِ وَلَا يَجْزِيْ بِالسَّيِّئَةِ السَّيِّئَةَ وَلٰكِنْ يَعْفُوْ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بری باتیں کہنے والے اور نہ قصداً فحش کہنے والے اور آواز کرنے والے بازاروں میں اور نہ بدلا لیتے بدی کا بدی سے ولیکن عفو کرتے

وَيَصْفَحُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَعُوْدُ الْمَرِيْضَ وَيَتْبَعُ الْجَنَازَةَ وَ

اور گذر کرتے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس سے کہ حدیث بیان کی انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت بیمار پرسی کرتے تھے بیماروں کی اور پیچھے جاتے جنازہ کے اور

يُجِيْبُ دَعْوَةَ الْمَمْلُوْكِ وَيَرْكَبُ الْحِمَارَ لَقَدْ رَأَيْتُهُ يَوْمَ خَيْبَرَ عَلٰى حِمَارٍ خِطَامُهُ لِيْفٌ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ

دعوت قبول کرتے غلام کی اور سوار ہوتے گدہے پر البتہ تحقیق دیکھا میں نے آپ کو خیبر کے دن گدہے پر کہ لگام اسکی کھجور کے چھال کی تھی روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے

شعب الايمان ❊ وعن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يخصف نعله ويخيط ثوبه ويعمل في
شعب الایمان میں اور روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ٹانکا مارتے تھے اپنی نعل کو اور سیتے اپنے کپڑے کو اور کام کرتے

بيته كما يعمل احدكم في بيته وقالت كان بشرا من البشر يفلي ثوبه ويحلب شاته ويخدم نفسه رواه
اپنے گھر جیسا کہ کام کرتا ہے کوئی ایک تم میں کا اپنے گھر میں اور بولیں کہ حضرت بھی بشر تھے آدمیوں سے تو لتے اپنے کپڑے میں اور دودھ دوہتے اپنی بکری کو اور خدمت کرتے اپنی روایت کیا

الترمذي ❊ وعن خارجة بن زيد بن ثابت قال دخل نفر على زيد بن ثابت فقالوا له حدثنا احاديث رسول الله
ترمذی نے اور روایت ہے خارجہ بن زید بن ثابت سے کہا کہ آئی ایک جماعت زید بن ثابت پاس اور کہنے لگی اس سے کہ بیان کر ہمکو حدیثیں رسول خدا

صلى الله عليه وسلم قال كنت جاره فكان اذا نزل عليه الوحي بعث الي فكتبته له فكان اذا ذكرنا الدنيا ذكرها
صلے اللہ علیہ وسلم کے کہا زید نے تھا میں ہمسایہ آپ کا سو تھے حضرت کہ جب اترتی آپ پر وحی بلا بھیجتے مجھکو پھر لکھتا میں آپکے لئے اور حضرت جب ہم ذکر کرتے دنیا کا تو ذکر کرتے آپ بھی دنیا کا

معنا واذا ذكرنا الآخرة ذكرها معنا واذا ذكرنا الطعام ذكره معنا فكل هذا احدثكم عن رسول الله صلى الله
ہمارے ساتھ اور جب ذکر کرتے ہم آخرت کا ذکر کرتے آپ بھی آخرت کا ہمارے ساتھ اور جب ذکر کرتے ہم کھانے کا تو ذکر اسکو بھی ہمارے ساتھ پھر یہ احوال بیان کرتا ہوں میں تمکو رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم رواه الترمذي ❊ وعن انس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا صافح الرجل لم ينزع يده من يده
علیہ وسلم سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب مصافحہ کرتے تھے کسی سے تو نہ نکالتے تھے اپنے ہاتھ کو اسکے ہاتھ سے

حتى يكون هو الذي ينزع يده ولا يصرف وجهه عن وجهه حتى يكون هو الذي يصرف وجهه عن وجهه ولم ير مقدما
یہاں تک کہ وہی شخص نکالنے والا ہوتا اپنے ہاتھ کو اور نہ پھیرتے حضرت کسی سے اپنے منہ کو یہاں تک کہ وہی شخص منہ پھیرنے والا ہوتا آپکے چہرہ مبارک سے اور کسی نے نہ دیکھا حضرت کو کہ

ركبتيه بين يدي جليس له رواه الترمذي ❊ وعنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان لا يدخر شيئا لغد رواه
کر گئے اپنے زانو اپنے ہمنشین کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انسی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نگاہ نہیں رکھتے تھے کوئی چیز کل کے لئے روایت کیا اسکو

الترمذي ❊ وعن جابر بن سمرة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم طويل الصمت رواه في شرح السنة
ترمذی نے اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بہت خاموش رہنے والے روایت کیا اسکو شرح سنت میں

وعن جابر قال كان في كلام رسول الله صلى الله عليه وسلم ترتيل او ترسيل رواه ابو داود ❊ وعن عائشة
اور روایت ہے جابر سے کہا کہ کلام میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے آراستگی اور آہستگی تھی روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے عائشہ سے

قالت ما كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يسرد سردكم هذا ولكنه كان يتكلم بكلام بينه فصل يحفظه
بولیں کہ نہیں تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کلام کرنے والے تمہاری مانند کلام کرنے میں ولیکن حضرت کلام کرتے تھے ایسا کلام کہ جدا ہوتا اسکے حرف یاد رکھتا

من جلس اليه رواه الترمذي ❊ وعن عبد الله بن الحارث بن جزء قال ما رأيت احدا اكثر تبسما من رسول الله صلى الله عليه وسلم
جو بیٹھتا آپکے پاس روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن حارث بن جزء سے کہا کہ نہیں دیکھا میں نے کسی کو بہت مسکرانے والا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے

رواه الترمذي ❊ وعن عبد الله بن سلام قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا جلس يتحدث يكثر ان يرفع
روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن سلام سے کہا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب بیٹھتے تھے کلام کرنے تو بہت سا اٹھاتے

طرفه الى السماء رواه ابو داود ❊ الفصل الثالث ❊ عن عمرو بن سعيد عن انس قال ما رأيت احدا كان ارحم بالعيال
اپنی نظر آسمان کی طرف روایت کیا اسکو ابوداود نے ❊ فصل تیسری ❊ روایت ہے عمرو بن سعید سے انس سے کہا کہ نہیں دیکھا میں نے کسی کو کہ بہت مہربان ہو اپنے جورو بچوں پر

من رسول الله صلى الله عليه وسلم كان ابراهيم ابنه مسترضعا في عوالي المدينة فكان ينطلق ونحن معه

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے تھے ابراہیم بیٹے آپکے شیرخوار اپر لی طرف میں مدینے کے پھر وہاں جاتے تھے حضرت اور ہم رہتے ساتھ آپکے

فيدخل البيت وانه ليدخن وكان ظئره قينا فياخذه فيقبله ثم يرجع قال عمرو فلما توفي ابراهيم قال

پھر جاتے بیچ اس گھر کے جس حال میں کہ گھر دھواں بھر رہا اور تھی دایہ ابراہیم کی لوہار سو پکڑتے ابراہیم کو اور چومتے انکو پھر لوٹ کر آتے کہا عمرو نے پھر جب وفات پائی ابراہیم نے فرمائے

رسول الله صلى الله عليه وسلم ان ابراهيم ابني وانه مات في الثدي وان له لظئرين تكملان رضاعه في الجنة رواه

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک ابراہیم بیٹا میرا ہے اور اسنے مرا ہے شیرخواری میں اور بیشک اسکے لئے دو دائیاں ہیں پورا کرتی ہیں مدت شیرخواری کو اسکے جنت میں روایت کیا اسکو

مسلم وعن علي ان يهوديا كان يقال له فلان حبر كان له على رسول الله صلى الله عليه وسلم دنانير فتقاضى

مسلم نے اور روایت ہے علی سے کہ ایک یہودی تھا کہتے تھے اسکو فلانا حبر کر کے واسطے اسکے تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر کئی دینار پھر تقاضا کیا اسنے

النبي صلى الله عليه وسلم فقال له يا يهودي ما عندي ما اعطيك قال فاني لا افارقك يا محمد حتى تعطيني فقال

نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے تو فرمایا اسکو حضرت نے اے یہودی نہیں ہے مجھ پاس کوئی چیز کہ دوں میں تجھکو کہا اسنے پس تحقیق میں نہ جدا ہونگا تجھ سے اے محمد جب تک کہ دیوے تو مجھکو قرض

رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اجلس معك فجلس معه فصلى رسول الله صلى الله عليه وسلم الظهر والعصر

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اب بیٹھتا ہوں میں ساتھ تیرے پھر بیٹھے حضرت ساتھ اسکے سو نماز پڑھی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ظہر اور عصر

والمغرب والعشاء الاخرة والغداة وكان اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم يتهددونه ويتوعدونه ففطن

اور مغرب اور عشا کی اور فجر کی اور تھے اصحاب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ڈراتے اور جھڑکتے تھے اسکو سو پہچان لئے

رسول الله صلى الله عليه وسلم ما الذي يصنعون به فقالوا يا رسول الله يهودي يحبسك فقال رسول الله صلى الله

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جو کچھ کہ وے کرتے تھے اس یہودی کے ساتھ پھر عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ یہودی نے آپکو روک رکھا تو فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم منعني ربي ان اظلم معاهدا وغيره فلما ترجل النهار قال اليهودي اشهد ان لا اله الا الله واشهد

علیہ وسلم نے منع کیا ہے مجھکو رب میرا ظلم کروں میں ذمی پر اور غیر کو اسکے پھر جب سورج چڑھا کہا یہودی نے گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے اور گواہی

انك رسول الله وشطر مالي في سبيل الله اما والله ما فعلت بك الذي فعلت بك الا لانظر الى نعتك

کہ بیشک آپ رسول اللہ کے ہیں اور آدھا مال میرا اللہ کی راہ میں ہے عرض سنو کہ خدا کی قسم نہیں کیا میں نے آپسے جو کچھ کیا میں نے مگر اسلئے کہ دیکھوں صفت آپکی

في التوراة محمد بن عبد الله مولده بمكة ومهاجره بطيبة وملكه بالشام ليس بفظ ولا غليظ ولا سخاب في

جو توریت میں ہے محمد بن عبد اللہ پیدائش انکی مکہ میں ہے اور ہجرتگاہ انکی مدینہ اور ملک انکا شام ہے نہ بدخو ہوگا اور نہ بدگو اور نہ پکارنے والا

الاسواق ولا متزي بالفحش ولا قول الخنا اشهد ان لا اله الا الله وانك رسول الله وهذا مالي فاحكم فيه

بازاروں میں اور نہ آراستہ بدبولی سے اور بیہودہ باتیں کہتے ہیں گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے اور بیشک آپ رسول اللہ کے ہیں اور یہ مال میرا ہے حکم کرو اسمیں

بما اراك الله وكان اليهودي كثير المال رواه البيهقي في دلائل النبوة وعن عبد الله بن ابي اوفى قال كان

جیسا کہ خبردار کیا ہے آپکو اللہ اور تھا یہودی بہت مال والا روایت کیا اسکو بیہقی نے دلائل النبوہ میں اور روایت ہے عبد اللہ بن ابی اوفی سے کہا کہ

رسول الله صلى الله عليه وسلم يكثر الذكر ويقل اللغو ويطيل الصلوة ويقصر الخطبة ولا يانف ان يمشي مع

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بہت کرتے تھے ذکر خدا کا اور نہیں کرتے تھے بیفائدہ بات اور دراز کرتے تھے نماز کو اور چھوٹا کرتے خطبہ کو اور برا نہ سمجھتے چلنے کو

الارملة والمسكين فيقضي له الحاجة رواه النسائي والدارمي وعن علي ان ابا جهل قال للنبي صلى الله

بیوہ اور مسکین کے ساتھ پھر ادا کرتے انکی حاجت کو روایت کیا اسکو نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے علی سے کہ ابو جہل نے کہا نبی صلے اللہ

عليه وسلم انا لا نكذبك ولكن نكذب بما جئت به فانزل الله تعالى فيهم فانهم لا يكذبونك ولكن الظالمين

علیہ وسلم کو کہ ہم تجھکو جھوٹا نہیں جانتے ہیں ولیکن جھٹلاتے ہیں اس چیز کو کہ لایا تو اسکو پھر اتارا اللہ تعالے نے بیچ انکے یہ آیت کہ تحقیق وہ نہیں جھٹلاتے ہیں تجھکو ولیکن ظالم

بايات الله يجحدون رواه الترمذي وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا عائشة لو شئت

اللہ کی آیتوں کے منکر ہیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اے عائشہ اگر چاہتا میں

لسارت معي جبال الذهب جاءني ملك وان حجزته لتساوي الكعبة فقال ان ربك يقرا عليك السلام

تو البتہ چلتے ہمراہ میرے پہاڑ سونے کے آیا تھا مجھ پاس ایک فرشتہ کہ کمر اسکی البتہ برابر تھی کعبہ کے سو کہا بیشک تیرے رب نے سلام کہا ہے تجھکو

ويقول ان شئت نبيا عبدا وان شئت نبيا ملكا فنظرت الى جبريل عليه السلام فاشار الي ان ضع نفسك

اور فرمایا ہے اگر چاہتا ہے رہنا پیغمبر بندہ ہو کر تو رہ اور اگر چاہتا ہے تو رہنا پیغمبر بادشاہ ہو کر تو رہ تو دیکھا میں جبرئیل علیہ السلام کی طرف اشارہ کیا مجھکو جبرئیل نے

وفي رواية ابن عباس فالتفت رسول الله صلى الله عليه وسلم الى جبريل كالمستشير له فاشار جبريل

اور ایک روایت میں ابن عباس کے ہے کہ التفات کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے طرف جبرئیل کے انسے مشورت لینے والے کے مانند تو اشارہ کیا جبرئیل نے

بيده ان تواضع فقلت نبيا عبدا قالت فكان رسول الله صلى الله عليه وسلم بعد ذلك لا ياكل متكئا

اپنے ہاتھ سے کہ فروتنی اختیار کر تو کہا میں نے رہونگا میں پیغمبر بندہ ہو کر کہا عائشہ نے پھر تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بعد اسکے نہیں کھاتے تکیہ لگائے ہوئے

يقول اكل كما ياكل العبد واجلس كما يجلس العبد رواه في شرح السنة

فرماتے کھاتا ہوں میں جیسا کہ کھاتا ہے بندہ اور بیٹھتا ہوں میں جیسا کہ بیٹھتا ہے بندہ روایت کیا اسکو شرح سنت میں

باب المبعث وبدأ الوحي

باب پیغمبری اور آغاز وحی کے بیان میں

الفصل الاول

فصل پہلی

عن ابن عباس قال بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم لاربعين سنة فمكث بمكة ثلث عشرة سنة

روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ پیغمبر ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم چالیس برس کی عمر میں سو رہے مکہ میں تیرا برس

يوحى اليه ثم امر بالهجرة فهاجر عشر سنين ومات وهو ابن ثلث وستين سنة متفق عليه وعنه قال اقام

جس حال میں کہ وحی آتی تھی آپ پر پھر حکم ہوا ہجرت کرنے کا تو ہجرت کر کے آ گئے مدینے میں دس برس اور وفات ہوا جس حال میں کہ عمر تریسٹھ برس کی تھی ق * اور روایت ہے اسی سے کہا

رسول الله صلى الله عليه وسلم بمكة خمس عشرة سنة يسمع الصوت ويرى الضوء سبع سنين ولا يرى شيئا

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم مکے میں پندرہ برس سنتے تھے آواز اور دیکھتے تھے روشنائی سات برس اور نہ دیکھتے تھے کوئی چیز

وثمان سنين يوحى اليه واقام بالمدينة عشرا وتوفي وهو ابن خمس وستين سنة متفق عليه وعن انس

اور آٹھ برس وحی کی گئی آپ پر اور اقامت کئے مدینے میں دس برس اور وفات ہوا جس حال میں کہ عمر پینسٹھ برس کی تھی ق * اور روایت ہے انس سے

قال توفاه الله على راس ستين سنة متفق عليه وعنه قال قبض النبي صلى الله عليه وسلم وهو ابن ثلث وستين

کہا کہ وفات دیا آپکو اللہ تعالے نے سر پر ساٹھویں سال کے ق * اور روایت ہے اسی سے کہا کہ وفات پائے نبی صلے اللہ علیہ وسلم جس حال میں کہ عمر آپکی تریسٹھ برس کی تھی

وابو بكر وهو ابن ثلث وستين وعمر وهو ابن ثلث وستين رواه مسلم قال محمد بن اسماعيل البخاري ثلث

اور وفات پائے ابو بکر جس حال میں کہ عمر انکی تریسٹھ برس کی تھی اور وفات پایا عمر نے جس حال میں کہ انکی تریسٹھ برس کی تھی روایت کیا اسکو مسلم نے کہا محمد بن اسمعیل بخاری نے

وستين أكثر. وعن عائشة قالت أول ما بدئ به رسول الله صلى الله عليه وسلم من الوحي الرؤيا الصادقة

ترسٹھ برس کی عمر کے بہت ہیں اور روایت ہے عائشہ سے بولیں پہلے جو شروع ہوا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو وحی کی قسم سے سچے خواب ہیں

في النوم فكان لا يرى رؤيا إلا جاءت مثل فلق الصبح ثم حبب إليه الخلاء وكان يخلو بغار حراء فيتحنث

سونے کے وقت میں سو نہیں دیکھتے تھے حضرت کوئی خواب مگر آتی تعبیر اسکی صبح کی روشنی کی مانند پھر پسند ہوا آپ کو اکیلے رہنا اور خلوت کرتے تھے غار حرا میں اور عبادت کرتے

فيه وهو التعبد الليالي ذوات العدد قبل أن ينزع إلى أهله ويتزود لذلك ثم يرجع إلى خديجة فيتزود

اسمیں اور معنی تحنث کا عبادت کرنا کئی راتوں کی پیشتر اپنے گھر کو رجوع کرنے کے پہلے اور توشہ لیتے تھے اسکے لئے پھر پلٹ کر آتے خدیجہ پاس اور توشہ لیتے

لمثلها حتى جاءه الحق وهو في غار حراء فجاءه الملك فقال اقرأ فقال ما أنا بقارئ قال فأخذني فغطني حتى

برابر ان دنوں کے یہاں تک کہ آیا آپ پاس حق اور حال میں کہ آپ غار حرا میں تھے پھر آیا آپ پاس فرشتہ اور کہا پڑھ تو فرمایا حضرت نے میں تو پڑھنے والا نہیں سو پکڑا

بلغ مني الجهد ثم أرسلني فقال اقرأ فقلت ما أنا بقارئ فأخذني فغطني الثانية حتى بلغ مني الجهد ثم

مجھکو طاقت نہ رہی پھر اسنے مجھکو چھوڑ دیا اور کہا پڑھ سو میں نے کہا میں تو پڑھنے والا نہیں ہوں پھر پکڑا اسنے مجھکو سخت دبایا دوسری بار یہاں تک کہ مجھکو طاقت نہ رہی پھر

أرسلني فقال اقرأ فقلت ما أنا بقارئ فأخذني فغطني الثالثة حتى بلغ مني الجهد ثم أرسلني فقال اقرأ

چھوڑ دیا مجھکو اور کہا پڑھ میں نے کہا میں تو پڑھنے والا نہیں تو پھر اسنے مجھکو پکڑا اور سخت دبایا تیسری بار یہاں تک کہ مجھکو طاقت نہ رہی پھر اسنے مجھکو چھوڑ دیا اور کہا پڑھ

باسم ربك الذي خلق خلق الإنسان من علق اقرأ وربك الأكرم الذي علم بالقلم علم الإنسان ما لم يعلم

اپنے رب کے نام سے جسنے پیدا کیا۔ بنایا آدمی کو لہو کی پھٹکی سے پڑھ اور تیرا رب بڑا بزرگ ہے جسنے علم دیا قلم کے سبب سے سکھلایا آدمی کو جسکی خبر نہ تھی

فرجع بها رسول الله صلى الله عليه وسلم يرجف فؤاده فدخل على خديجة فقال زملوني زملوني فزملوه حتى

سو پلٹے اسی کلمات کے ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم دھڑکتا تھا دل انکا پھر آئے خدیجہ کے پاس اور فرمانے لگے کپڑا اڑھاؤ مجھکو کپڑا اڑھاؤ مجھکو تو کپڑا اڑھایا حضرت کو یہاں تک کہ

ذهب عنه الروع فقال لخديجة وأخبرها الخبر لقد خشيت على نفسي فقالت خديجة كلا والله

چلا گیا آپ سے ڈر تو فرمانے لگے خدیجہ سے اور بتایا اسکو خبر اپنے حال کی تحقیق ڈرا میں اپنی جان پر تو کہا خدیجہ نے ایسا نہیں قسم ہے خدا کی

لا يخزيك الله أبدا إنك لتصل الرحم وتصدق الحديث وتؤدي الأمانة وتحمل الكل وتكسب المعدوم

نہ رسوا کریگا تجھکو اللہ کبھی بیشک تو البتہ صلہ رحمی کریگا تو اور سچی بات کریگا تو اور امانت ادا کریگا تو اور بوجھ اٹھا دیگا تو ناتوانوں کا اور دیوےگا تو محتاج کو

وتقري الضيف وتعين على نوائب الحق ثم انطلقت به خديجة إلى ورقة بن نوفل ابن عم خديجة فقالت

اور مہمانی کریگا تو مہمان کی اور کمک کریگا تو حق حادثوں پر پھر خدیجہ نے آپ کو لیگئیں اپنے چچیرے بھائی ورقہ بن نوفل پاس اور کہا

له يا ابن عم اسمع من ابن أخيك فقال له ورقة يا ابن أخي ماذا ترى فأخبره رسول الله صلى الله عليه وسلم خبر

اسکو اے میرے چچا کے بیٹے سن اپنے بھتیجے سے تو ورقہ نے حضرت کو کہا اے میرے بھتیجے کیا چیز دیکھی تو نے پس خبر دی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم خبر

ما رأى فقال ورقة هذا الناموس الذي أنزل الله على موسى يا ليتني فيها جذعا يا ليتني أكون حيا إذ يخرجك قومك

اسکی جو دیکھا تھا تو ورقہ نے کہا یہ وہی فرشتہ ہے جو اللہ نے موسی پر اتارا تھا اے کاش میں ہوتا ان دنوں جوان زمانہ نبوت میں کاش زندہ رہوں میں جب نکالدیگی تجھکو تیری قوم

فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم أو مخرجي هم قال نعم لم يأت رجل قط بمثل ما جئت به إلا عودي وإن

پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا وے مجھکو نکالدینگے کہا اسنے ہاں کہ نہیں لایا کوئی مرد ہرگز جو تو لایا ہے مانند مگر دشمن رکھا گیا اور اگر

يُدْرِكْنِي يَوْمُكَ أَنْصُرْكَ نَصْرًا مُؤَزَّرًا ثُمَّ لَمْ يَنْشَبْ وَرَقَةُ أَنْ تُوُفِّيَ وَفَتَرَ الْوَحْيُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَزَادَ الْبُخَارِيُّ حَتّٰى

پا دون میں تیرے روز کو وہ تیری یاری کرونگا تیری پھر ورقہ نے دیر نکیا کہ انتقال کیا گیا اور چند روز وحی موقوف رہی ۲ق ۱اور بخاری نے زیادہ کیا یہانتک

حَزِنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا بَلَغَنَا حُزْنًا غَدَا مِنْهُ مِرَارًا كَيْ يَتَرَدّٰى مِنْ رُؤُسِ شَوَاهِقِ الْجِبَالِ فَكُلَّمَا أَوْفٰى

غمگین ہوئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اس روایت کہ پہنچی ہمکو ۲ اب غمگین ہونا کہ صبح لئے اس ارادے سے کئی بار تا گرا دیں اپنے کو پہاڑ کی چوٹی پر سے پھر جبکہ

بِذِرْوَةِ جَبَلٍ لِكَيْ يُلْقِيَ نَفْسَهُ مِنْهُ تَبَدّٰى لَهُ جِبْرِيْلُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ حَقًّا فَيَسْكُنُ لِذٰلِكَ

پہاڑ کی چوٹی پر پہنچتے تا اپنے کو وہاں سے ڈالدیوے تو جبرئیل آپکو ظاہر ہوتے اور کہتے ای محمد بیشک آپ اللہ کے سچے رسول ہیں تو چلے جاتی اس سے

جَأْشُهُ وَتَقِرُّ نَفْسُهُ **وَعَنْ** جَابِرٍ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ عَنْ فَتْرَةِ الْوَحْيِ قَالَ فَبَيْنَا

بیقراری آپکی اور تسکین پاتا نفس آپکا اور روایت ہے جابر سے کہ اسنے سنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو بیان کرتے تھے وحی موقوف رہنے کے حال فرمایا سچ کہ ایک دن

أَنَا أَمْشِيْ سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَاءِ فَرَفَعْتُ بَصَرِيْ فَإِذَا الْمَلَكُ الَّذِيْ جَاءَنِيْ بِحِرَاءٍ قَاعِدًا عَلٰى كُرْسِيٍّ بَيْنَ السَّمَاءِ

میں چلا جاتا تھا سنا آسمان سے ایک آواز تو اپنی نظر اٹھا کر کیا دیکھتا ہوں کہ وہی فرشتہ ہے جو غار حرا میں میرے پاس آیا تھا بیٹھا ہوا ہی ایک کرسی پر آسمان

وَالْأَرْضِ فَجُئِثْتُ مِنْهُ رُعْبًا حَتّٰى هَوَيْتُ إِلَى الْأَرْضِ فَجِئْتُ إِلٰى أَهْلِيْ فَقُلْتُ زَمِّلُوْنِيْ زَمِّلُوْنِيْ فَزَمَّلُوْنِيْ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى

اور زمین کے درمیان تو ڈر گیا میں اسکی دھاک سے یہانتک کہ زمین پر گر پڑا پھر چلے آیا میں اپنے گھر کو اور کہنے لگا کہ مجھکو کپڑا اڑھاؤ مجھکو کپڑا اڑھاؤ تو مجھکو کپڑا اڑھایا پھر اتاری اللہ تعالیٰ نے

يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَأَنْذِرْ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ثُمَّ حَمِيَ الْوَحْيُ وَتَتَابَعَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ **وَعَنْ**

ای کپڑا لپیٹنے والے اٹھ اور ڈرا اور بڑائی بول اپنے رب کی اور پاک رکھ اپنے کپڑوں کو اور چھوڑ دے پلید لوٹ کو پھر گرم ہوئی وحی اور پے در پے آنے لگی ۲ق اور روایت ہے

عَائِشَةَ أَنَّ الْحٰرِثَ بْنَ هِشَامٍ سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ يَأْتِيْكَ الْوَحْيُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ أَحْيَانًا

عائشہ سے کہ حارث بن ہشام نے پوچھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ وحی آپ پر کیونکر آتی ہے تو فرمایا پیغمبر خدا نے کہ کبھی کبھی

يَأْتِيْنِيْ مِثْلَ صَلْصَلَةِ الْجَرَسِ وَهُوَ أَشَدُّهُ عَلَيَّ فَيُفْصَمُ عَنِّيْ وَقَدْ وَعَيْتُ عَنْهُ مَا قَالَ وَأَحْيَانًا يَتَمَثَّلُ لِيَ الْمَلَكُ رَجُلًا

وحی آتی مجھ پر گھنٹی کے آواز کے مانند اور وہ مجھ پر بھاری ہوتی پھر منقطع ہو جاتی مجھ سے اور تحقیق یاد رکھتا میں اس سے جو کہا تھا اور کبھی آدمی کی صورت بنا میرے لئے فرشتے

فَيُكَلِّمُنِيْ فَأَعِيْ مَا يَقُوْلُ قَالَتْ عَائِشَةُ وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ الْوَحْيُ فِي الْيَوْمِ الشَّدِيْدِ الْبَرْدِ فَيُفْصَمُ عَنْهُ وَإِنَّ جَبِيْنَهُ

کلام کرتا مجھ سے پھر یاد رکھتا میں جو کچھ اسنے کہا کہا عائشہ نے اور مقرر میں نے آپکو دیکھا ہے کہ اترتی آپ پر وحی سخت سردی کے دن میں پھر جدا ہوتی آپ سے جس حال میں پیشانی آپکی

لَيَتَفَصَّدُ عَرَقًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ **وَعَنْ** عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ كُرِبَ

پسینا پسینا ہو جاتی تھی ۲ق ۱اور روایت ہے عبادہ بن صامت سے کہا کہ تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کہ جب وحی اترتی آپ پر سختی ہوتی

لِذٰلِكَ وَتَرَبَّدَ وَجْهُهُ وَفِيْ رِوَايَةٍ نَكَسَ رَأْسَهُ وَنَكَسَ أَصْحَابُهُ رُؤُسَهُمْ فَلَمَّا أُتْلِيَ عَنْهُ رَفَعَ رَأْسَهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

بسبب سے اور بدل جاتا چہرہ آپکا اور ایک روایت میں ہے نیچے کر لیتے اپنے سرکو اور نیچے کر لیتے اصحاب آپکے اپنے اپنے سروں کو پھر جب دور ہوتی وہ حالت آپ سے اٹھاتے اپنے سر کو روایت کیا اسکو مسلم نے

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى صَعِدَ الصَّفَا

اور روایت ہے ابن عباس سے کہا جب اتری یہ آیت وانذر عشیرتک الاقربین یعنے ڈرا اپنے نزدیک کی قرابت والوں کو باہر نکلے نبی صلے اللہ علیہ وسلم یہانتک کہ صفا پہاڑ پر چڑھے

فَجَعَلَ يُنَادِيْ يَا بَنِيْ فِهْرٍ يَا بَنِيْ عَدِيٍّ لِبُطُوْنِ قُرَيْشٍ حَتَّى اجْتَمَعُوْا فَجَعَلَ الرَّجُلُ إِذَا لَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَخْرُجَ أَرْسَلَ

اور پکارنے لگے ای فہر کی اولاد ای عدی کی اولاد کر کے قریش کی جماعتوں کو یہانتک کہ سب جمع ہوئے پھر کوئی مرد جب آنے نہ سکا اسنے ہمع میں [illegible] بھیجا —

رسولاً لينظر ما هو فجاء ابو لهب وقريش فقال أرأيتم ان اخبرتكم ان خيلاً تخرج من صفح هذا الجبل وفي رواية

اپنے ایلچی کو تاکہ دیکھے کیا ہے جمع کرنا پھر آیا ابولہب اور سارے قریش پس فرمایا حضرت نے بتلاؤ تم اگر خبر دوں میں تمکو کہ ایک لشکر آتا ہے اس پہاڑ کی دامن اور ایک روایت میں

ان خيلاً تخرج بالوادي تريد ان تغير عليكم أكنتم مصدقي قالوا نعم ما جربنا عليك الا صدقاً قال فاني

کہ ایک لشکر آتا ہے جنگل میں اس ارادے سے کہ غارت کر دیوے تمکو کیا تم مجھکو سچا کہنے والا جانیں گے اس خبر میں تو سب نے کہا ہاں سچا جانیں گے کیونکہ نہیں پایا ہم نے تجھکو مگر سچا فرمایا پس تحقیق میں

نذير لكم بين يدي عذاب شديد قال ابو لهب تبا لك ألهذا جمعتنا فنزلت تبت يدا ابي لهب وتب

ڈرانے والا ہوں تمکو روبرو آنے والے سخت عذاب سے کہا ابولہب نے ہلاکی ہو تیری کیا اسلئے تو نے ہمکو جمع کیا پس اتری یہ سورۃ ٹوٹ گئے ہاتھ ابی لہب کے اور ٹوٹ گیا

متفق عليه وعن عبد الله بن مسعود قال بينما رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي عند الكعبة وجمع قريش في

ق × اور روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہا کہ ایک وقت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے کعبے کے پاس اور قریش کی ایک جماعت

مجالسهم اذ قال قائل الا تنظرون الى هذا المرائي ايكم يقوم الى جزور آل فلان فيعمد الى فرثها ودمها وسلاها ثم يمهل

بیٹھی ہوئی تھی مجلس میں ایک کہنے والا کہا نہیں دیکھتے ہو اس ریاکار کی طرف کون ہے تم میں جو جاتا ہے اونٹ کی طرف فلانے قبیلے کے اور قصد کرے اسکا اور خون اسکا اور بچہ دانی اسکا پھر لا رکھے اسکو

حتى اذا سجد وضعه بين كتفيه فانبعث اشقاهم فلما سجد وضعه بين كتفيه وثبت النبي صلى الله عليه

یہاں تک کہ جب سجدہ کرے رکھے اسکو اسکے دونوں مونڈھوں کے درمیان پھر اٹھا بڑا بدبخت انکا پھر جب سجدہ کئے حضرت تو رکھا اسکو آپ کے دونوں مونڈھوں کے درمیان اور ٹھہرے رہے نبی صلے اللہ علیہ

وسلم ساجداً فضحكوا حتى مال بعضهم على بعض من الضحك فانطلق منطلق الى فاطمة فاقبلت تسعى و

لَوْ اَنَّ اَحَدَہُمْ نَظَرَ اِلٰی قَدَمَیْہِ اَبْصَرَنَا فَقَالَ یَا اَبَا بَکْرٍ مَا ظَنُّکَ بِاثْنَیْنِ اللّٰہُ ثَالِثُہُمَا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ

اگر کوئی انہیں میں سے نگاہ کرے اپنے پاؤں کی جگہ تو دیکھ لیگا ہم کو پس فرمایا حضرت نے اے ابوبکر کیا خیال ہے تیرا ان دو شخصوں کے ساتھ کہ اللہ تیسرا ان کا ہے متفق علیہ اور روایت ہے براء بن

عَازِبٍ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّہٗ قَالَ لِاَبِیْ بَکْرٍ یَا اَبَا بَکْرٍ حَدِّثْنِیْ کَیْفَ صَنَعْتُمَا حِیْنَ سَرَیْتَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

عازب سے اس نے اپنے باپ سے اس نے کہا ابی بکر کو کہ اے ابوبکر خبر دو مجھ کو کس طرح کیا تم دونوں نے جب کہ رات کو چلا تو ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے

قَالَ أَسْرَيْنَا لَيْلَتَنَا وَمِنَ الْغَدِ حَتَّى قَامَ قَائِمُ الظَّهِيرَةِ وَخَلَا الطَّرِيقُ لَا يَمُرُّ فِيهِ أَحَدٌ فَرُفِعَتْ لَنَا صَخْرَةٌ

کہا ابو بکر نے کہ چلے ہم ساری رات اور کچھ دن تک یہاں تک کہ ٹھیک دوپہر ہوئی اور خالی ہوئی راہ کہ نہ گذر کرتا تھا اس میں کوئی سو دکھائی دیا ہمکو ایک پتھر

طَوِيلَةٌ لَهَا ظِلٌّ لَمْ تَأْتِ عَلَيْهَا الشَّمْسُ فَنَزَلْنَا عِنْدَهَا وَسَوَّيْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَانًا بِيَدِي يَنَامُ

دراز کہ اسکے لئے سایہ تھا نہیں آیا تھا اسپر آفتاب سو اترے ہم اسکے پاس اور برابر کی میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے ایک جگہ اپنے دونوں ہاتھوں سے کہ سوئیں

عَلَيْهِ وَبَسَطْتُ عَلَيْهِ فَرْوَةً وَقُلْتُ نَمْ يَا رَسُولَ اللهِ وَأَنَا أَنْفُضُ مَا حَوْلَكَ فَنَامَ وَخَرَجْتُ أَنْفُضُ مَا حَوْلَهُ فَإِذَا أَنَا

اسپر اور بچھایا میں نے اس جگہ ایک چمڑا بال دار اور کہا میں نے سو رہئے آپ یا رسول اللہ اور میں نگہبانی کرونگا گرد تمہارے سو رہے حضرت اور نکلا میں نے جانچ کی ...

بِرَاعٍ مُقْبِلٍ قُلْتُ أَفِي غَنَمِكَ لَبَنٌ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ أَفَتَحْلُبُ قَالَ نَعَمْ فَأَخَذَ شَاةً فَحَلَبَ فِي قَعْبٍ كُثْبَةً مِنْ لَبَنٍ

ایک چرواہے کو کہ چلا آتا ہے سامنے سے کہا میں نے کیا ہے تیری بکریوں میں دودھ کہا ہاں کہا میں نے کیا دوہیگا تو کہا ہاں سو پکڑی اسنے ایک بکری اور دوہا کاٹھ کے پیالہ میں تھوڑا سا دودھ

وَمَعِي إِدَاوَةٌ حَمَلْتُهَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْتَوِي مِنْهَا يَشْرَبُ وَيَتَوَضَّأُ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور ساتھ میرے چھاگل تھی کہ اٹھا لیا تھا میں نے اسکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے سیراب ہوتے تھے حضرت اس سے پانی پیتے اور وضو کرتے پھر آیا میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس

فَكَرِهْتُ أَنْ أُوقِظَهُ فَوَافَقْتُهُ حَتَّى اسْتَيْقَظَ فَصَبَبْتُ مِنَ الْمَاءِ عَلَى اللَّبَنِ حَتَّى بَرَدَ أَسْفَلُهُ فَقُلْتُ اشْرَبْ

اور ناپسند جانا میں نے جگانا حضرت کا پھر موافقت کی میں نے حضرت سے سوتے رہنے میں یہاں تک کہ خود بیدار ہوئے حضرت پھر ڈالا میں نے کچھ پانی دودھ پر یہاں تک کہ ٹھنڈا ہوا نیچے تک پھر کہا میں نے پیو

يَا رَسُولَ اللهِ فَشَرِبَ حَتَّى رَضِيتُ ثُمَّ قَالَ أَلَمْ يَأْنِ لِلرَّحِيلِ قُلْتُ بَلَى قَالَ فَارْتَحَلْنَا بَعْدَمَا مَالَتِ الشَّمْسُ وَاتَّبَعَنَا

یا رسول اللہ سو پیا حضرت نے یہاں تک کہ خوش ہوا میں پھر فرمایا حضرت نے کہ کیا نہیں آیا وقت کوچ کا عرض کیا میں نے کہ آن آیا کہا ابو بکر نے پھر کوچ کیا ہم نے بعد ڈھلنے آفتاب کے اور پیچھا کیا

سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ فَقُلْتُ أُتِينَا يَا رَسُولَ اللهِ فَقَالَ لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللهَ مَعَنَا فَدَعَا عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سراقہ بن مالک نے سو پھر کہا میں نے آ پہنچا ہمارے پکڑنے کو دشمن یا رسول اللہ پھر فرمایا حضرت نے غم نہ کر کہ اللہ ہمارے ساتھ ہے پھر بد دعا کی سراقہ پر پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

فَارْتَطَمَتْ بِهِ فَرَسُهُ إِلَى بَطْنِهَا فِي جَلَدٍ مِنَ الْأَرْضِ فَقَالَ إِنِّي أُرَاكُمَا دَعَوْتُمَا عَلَيَّ فَادْعُوَا لِي فَاللهُ لَكُمَا أَنْ أَرُدَّ

سو دھس گیا اسکے ساتھ گھوڑا اسکا پیٹ تک سخت زمین میں سو کہا سراقہ نے کہ تحقیق جانتا ہوں میں تمکو کہ بد دعا کی تمنے مجھ پر پھر دعا کرو میرے نفع کے لئے اور اللہ گواہ ہے تمہارے لئے

عَنْكُمَا الطَّلَبَ فَدَعَا لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَجَا فَجَعَلَ لَا يَلْقَى أَحَدًا إِلَّا قَالَ كُفِيتُمْ مَا هُهُنَا فَلَا يَلْقَى

تم سے کفار کی طلب کو پھر دعا کی سراقہ کے لئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر نجات پائی اسنے اور شروع کیا سراقہ نے کہ نہیں ملتا تھا کسی کافر کو مگر کہتا کفایت کئے گئے تم طلب اسکی پھر نہیں ملتا سراقہ

أَحَدًا إِلَّا رَدَّهُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

کسی سے مگر پھیر دیتا اسکو۔ متفق علیہ

وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ سَمِعَ عَبْدُ اللهِ بْنُ سَلَامٍ بِمَقْدَمِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور روایت ہے انس سے کہا کہ سنا عبد اللہ بن سلام نے آنا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا

وَهُوَ فِي أَرْضٍ يَخْتَرِفُ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي سَائِلُكَ عَنْ ثَلَاثٍ لَا يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا نَبِيٌّ فَمَا أَوَّلُ أَشْرَاطِ

جس حال میں کہ وہ ایک زمین میں تھا کہ چنتا تھا میوے چھوارے سو آیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا کہ میں پوچھتا ہوں آپ سے تین چیزیں کہ نہیں جانتا ہے انکو کوئی مگر نبی سو کیا ہے اول علامت

السَّاعَةِ وَمَا أَوَّلُ طَعَامِ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَمَا يَنْزِعُ الْوَلَدُ إِلَى أَبِيهِ أَوْ إِلَى أُمِّهِ قَالَ أَخْبَرَنِي بِهِنَّ جِبْرِيلُ آنِفًا أَمَّا أَوَّلُ

قیامت کی اور کیا ہوگا اول کھانا بہشتیوں کا اور کونسی چیز کھینچتی ہے فرزند کو اسکے باپ یا اسکی ماں کی طرف فرمایا حضرت نے کہ خبر دی مجھکو ان چیزوں کی جبرئیل نے ابھی لیکن پہلی

أَشْرَاطِ السَّاعَةِ فَنَارٌ تَحْشُرُ النَّاسَ مِنَ الْمَشْرِقِ إِلَى الْمَغْرِبِ وَأَمَّا أَوَّلُ طَعَامٍ يَأْكُلُهُ أَهْلُ الْجَنَّةِ فَزِيَادَةُ كَبِدِ حُوتٍ

علامت قیامت کی سو ایک آگ ہوگی جمع کریگی لوگوں کو مشرق سے مغرب کی طرف اور لیکن پہلا کھانا جو کھاوینگے اسکو بہشتی سو زیادتی مچھلی کے کلیجی کی ہوگی

وإذا سبق ماء الرجل ماء المرأة نزع الولد فإذا سبق ماء المرأة نزعت قال أشهد أن لا إله إلا الله وأنك رسول

اور جب غالب ہوتا ہے پانی مرد کا عورت کے پانی پر تو کھینچ لیتا ہے باپ فرزند کو اور جب غالب ہوتا ہے پانی عورت کا تو کھینچ لیتی ہے ماں کہا ابن سلام نے میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور بیشک آپ رسول

الله يا رسول الله إن اليهود قوم بهت وإنهم إن يعلموا بإسلامي من قبل أن تسألهم يبهتوني فجاءت اليهود

اللہ کے ہو کہا عبد اللہ بن سلام نے یا رسول اللہ بیشک یہود قوم ہیں بہتان باندھنے والے اور وے اگر جانینگے میرے اسلام لانے کو پہلے اس کے کہ پوچھو آپ ان سے تو مجھ پر بہتان باندھینگے پھر آئے یہود

فقال أي رجل عبد الله بن سلام فيكم قالوا خيرنا وابن خيرنا وسيدنا وابن سيدنا قال أرأيتم إن أسلم عبد الله

سو پوچھا حضرت نے کہ کیسا شخص ہے عبد اللہ بن سلام تم میں کہا انہوں نے بہتر ہے ہم میں اور بیٹا بہتر ہمارے کا اور سردار ہمارا اور بیٹا ہمارے سردار کا فرمایا حضرت نے کہ خبر دو مجھ کو اگر اسلام لاوے عبد اللہ

بن سلام قالوا أعاذه الله من ذلك فخرج عبد الله فقال أشهد أن لا إله إلا الله وأن محمدا رسول الله فقالوا شرنا

بن سلام تو کہا یہود نے پناہ میں رکھے اس کو اللہ اسلام لانے سے سو تب نکلا عبد اللہ بن سلام اور کہا گواہی دیتا ہوں میں اس کی کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور بیشک محمد رسول خدا ہیں تب لگے کہنے یہ برا ہے ہم میں

وابن شرنا فانتقصوه قال هذا الذي كنت أخاف يا رسول الله رواه البخاري وعنه قال إن رسول الله صلى

اور بیٹا ہمارے برے کا پھر عیب لگانے لگے اس کو کہا عبد اللہ بن سلام نے یہی بات تھی جس سے ڈرتا تھا میں یا رسول اللہ روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ رسول اللہ صلے

الله عليه وسلم شاور حين بلغنا إقبال أبي سفيان وقام سعد بن عبادة فقال يا رسول الله والذي نفسي

اللہ علیہ وسلم نے مشورہ کیا اس وقت کہ پہنچی ہم کو خبر ابی سفیان کے آنے کی اور کھڑا ہوا سعد بن عبادہ اور کہا یا رسول اللہ قسم ہے اس ذات پاک کی کہ جان میری

بيده لو أمرتنا أن نخيضها البحر لأخضناها ولو أمرتنا أن نضرب أكبادها إلى برك الغماد لفعلنا قال فندب

جس کے ہاتھ میں ہے اگر حکم کیجیے آپ ہم کو کہ داخل کریں ہم سواری کے جانوروں کو دریا میں تو البتہ داخل کریں ہم ان کو دریا میں اور اگر فرماوے آپ ہم کو ماریں ہم جگر ان کے تک برک غماد البتہ کریں ہم کہا انس نے پس بلایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم الناس فانطلقوا حتى نزلوا بدرا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هذا

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو پس چلے لوگ یہاں تک کہ اترے بدر میں پھر فرمانے لگے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ یہ ہے

مصرع فلان ويضع يده على الأرض ههنا وههنا قال فما ماط أحدهم عن موضع يد رسول الله صلى الله عليه

جگہ فلانے کی پچھڑنے کی اور رکھتے تھے ہاتھ اپنا زمین پر اس جگہ اور اس جگہ کہا انس نے پس نہ تجاوز کیا کسی نے ان میں سے اس جگہ سے کہ ہاتھ رکھا تھا رسول خدا صلے اللہ علیہ

وسلم رواه مسلم وعن ابن عباس أن النبي صلى الله عليه وسلم قال وهو في قبة يوم بدر اللهم أنشدك

وسلم نے روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس حال میں کہ آپ خیمے میں تھے بدر کے دن یا الٰہی مانگتا ہوں میں تجھ سے

عهدك ووعدك اللهم إن تشأ لا تعبد بعد اليوم فأخذ أبو بكر بيده فقال حسبك يا رسول الله

امان تیرا اور ایفاء وعدہ تیرا یا خداوند اگر چاہے تو نہ عبادت کیا جاوے تو بعد آج کے دن پھر پکڑ لیا ابو بکر نے دست مبارک حضرت کا اور کہنے لگا بس ہے آپ کو یا رسول اللہ

ألححت على ربك فخرج وهو يثب في الدرع وهو يقول سيهزم الجمع ويولون الدبر رواه البخاري وعنه

بہت مبالغہ کیا آپ نے دعا کرنے میں اپنے رب سے پھر نکلے حضرت خیمے سے اس حال میں کہ آپ زرہ پہنے ہوئے تھے اور پڑھتے تھے یہ آیت قریب ہے کہ شکست دی جاوے گی جماعت کفار کی اور پھیر دینگے پیٹھ روایت کیا اس کو بخاری نے

أن النبي صلى الله عليه وسلم قال يوم بدر هذا جبريل آخذ برأس فرسه عليه أداة الحرب رواه البخاري

کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بدر کے دن کہ یہ جبرئیل ہیں پکڑے ہوئے ہیں سر اپنے گھوڑے کا اس حال میں کہ جبرئیل پر ہے اسباب لڑائی کا روایت کیا اس کو بخاری نے

وعنه قال بينما رجل من المسلمين يومئذ يشتد في أثر رجل من المشركين أمامه إذ سمع ضربة

اور روایت ہے اسی سے کہا اس وقت کہ ایک شخص مسلمانوں میں سے جنگ بدر کے دن دوڑ کر حملہ کرتا تھا پیچھے ایک مرد کے مشرکوں میں سے جو روبرو اس کے تھا یکایک سنا اس نے آواز

بِالسَّوْطِ فَوْقَهُ وَصَوْتَ الْفَارِسِ يَقُوْلُ أَقْدِمْ حَيْزُوْمُ إِذْ نَظَرَ إِلَى الْمُشْرِكِ أَمَامَهُ خَرَّ مُسْتَلْقِيًا فَنَظَرَ إِلَيْهِ
کوڑا مارنیکا اوپر مشرک کے اور سنی آواز سوار کی کہ کہتا ہی آگے بڑھ اے حیزوم تبھی دیکھا مشرک کو کہ روبرو اپنے گرا چت ہو کر اور نظر کیا اسکی طرف

فَإِذَا هُوَ قَدْ خُطِمَ أَنْفُهُ وَشُقَّ وَجْهُهُ كَضَرْبَةِ السَّوْطِ فَاخْضَرَّ ذٰلِكَ أَجْمَعُ فَجَاءَ الْأَنْصَارِيُّ فَحَدَّثَ رَسُوْلَ
تو یکایک ناک ان پر گیا تھا اسکے ناک اور شق ہو گیا تھا منہہ اسکا مانند مارنے کوڑے کے سو سبز ہو گئی تھی تمام جگہہ مارنیکی اسکے پھر آیا وہ مرد انصاری نے اور بیان کیا یہہ قصہ رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ صَدَقْتَ ذٰلِكَ مِنْ مَدَدِ السَّمَاءِ الثَّالِثَةِ فَقَتَلُوْا يَوْمَئِذٍ سَبْعِيْنَ وَأَسَرُوْا
اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے تب فرمایا حضرت نے سچ کہتا ہی تو کہ یہہ فرشتے تیسرے آسمان کی کمک سے تھا پس قتل کیا مسلمانوں نے اسدن ستر کافر کو اور قید کیا

سَبْعِيْنَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ رَأَيْتُ عَنْ يَمِيْنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَنْ شِمَالِهِ
ستر کافر کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہی سعد بن ابی وقاص سے کہا کہ دیکھا میں نے داہنی طرف پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور بائیں طرف آپ کے

يَوْمَ أُحُدٍ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا ثِيَابٌ بِيْضٌ يُقَاتِلَانِ كَأَشَدِّ الْقِتَالِ مَا رَأَيْتُهُمَا قَبْلُ وَلَا بَعْدُ يَعْنِيْ جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ
احد کے دن دو شخصوں کو کہ ان پر تھے سفید کپڑے لڑتے تھے وے دونوں مانند سخت تر لڑنے والوں کے نہیں دیکھا میں نے انکو پہلے اسکے اور نہ بعد اسکے یعنی وے جبرئیل اور میکائیل تھے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَهْطًا إِلٰى أَبِيْ رَافِعٍ فَدَخَلَ عَلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ
روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم نے متفق ہ اور روایت ہی براء سے کہا بھیجا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک جماعت کو ابی رافع کے پاس پھر گئے اسکے پاس عبد اللہ بن

عَتِيْكٍ بَيْتَهُ لَيْلًا وَهُوَ نَائِمٌ فَقَتَلَهُ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَتِيْكٍ فَوَضَعْتُ السَّيْفَ فِيْ بَطْنِهِ حَتّٰى أَخَذَ
عتیک اسکے گھر میں وقت رات کے جس حال میں کہ وہ سوتا تھا سو مار ڈالا اسکو اور کہا عبد اللہ بن عتیک نے کہ رکھی میں نے تلوار اسکے پیٹ میں یہانتک کہ پہنچی

فِيْ ظَهْرِهِ فَعَرَفْتُ أَنِّيْ قَتَلْتُهُ فَجَعَلْتُ أَفْتَحُ الْأَبْوَابَ حَتَّى انْتَهَيْتُ إِلٰى دَرَجَةٍ فَوَضَعْتُ رِجْلِيْ فَوَقَعْتُ
اسکی پیٹھ کی طرف سو معلوم کر لیا میں نے کہ مقرر میں نے مار لیا اسکو پھر شروع کیا میں نے کھولنے دروازے یہانتک کہ پہنچا میں طرف زینے کے اور رکھا میں نے اپنے پانوں کو سو گر پڑا

فِيْ لَيْلَةٍ مُقْمِرَةٍ فَانْكَسَرَتْ سَاقِيْ فَعَصَبْتُهَا بِعِمَامَةٍ فَانْطَلَقْتُ إِلٰى أَصْحَابِيْ فَانْتَهَيْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
چاندنی رات میں سو ٹوٹ گئی پنڈلی میری تو باندھ لیا اسکو پگڑی سے اور چلا اپنے یاروں کے پاس پھر پہنچا میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی جناب میں

فَحَدَّثْتُهُ فَقَالَ ابْسُطْ رِجْلَكَ فَبَسَطْتُ رِجْلِيْ فَمَسَحَهَا فَكَأَنَّمَا لَمْ أَشْتَكِهَا قَطُّ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ إِنَّا
اور بیان کیا آپ سے سارا ماجرا تب فرمایا حضرت نے کہ پھیلا پانوں اپنا پھر پھیلایا میں نے اپنے پانوں کو تب ہاتھ پھیرا حضرت نے پانوں پر سو اچھا ہو گیا گویا کہ دکھا ہی نہ تھا کبھی روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہی جابر سے کہا کہ ہم

يَوْمَ الْخَنْدَقِ نَحْفِرُ فَعَرَضَتْ كُدْيَةٌ شَدِيْدَةٌ فَجَاءُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا هٰذِهِ كُدْيَةٌ عَرَضَتْ
روز خندق کے خندق کھودتے تھے سو ایک پتھر نمودار ہوا ایک پتھر سخت لوگ آئے صحابہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کئے کہ یہہ پتھر سخت ہی کہ ظاہر ہوا ہی

فِي الْخَنْدَقِ فَقَالَ أَنَا نَازِلٌ ثُمَّ قَامَ وَبَطْنُهُ مَعْصُوْبٌ بِحَجَرٍ وَلَبِثْنَا ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ لَا نَذُوْقُ ذَوَاقًا فَأَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى
خندق میں تب فرمایا حضرت نے کہ میں اترونگا اسکو پھر اٹھے حضرت اور پیٹ آپکا بندھا ہوا تھا پتھر سے فاقہ اور رہے تھے ہم اس حال میں تین دن کہ نہ چکھتے تھے کوئی چیز چکھنے کی پس لیا نبی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِعْوَلَ فَضَرَبَ فَعَادَ كَثِيْبًا أَهْيَلَ فَانْكَفَأْتُ إِلَى امْرَأَتِيْ فَقُلْتُ هَلْ عِنْدَكِ شَيْءٌ فَإِنِّيْ رَأَيْتُ بِالنَّبِيِّ
صلے اللہ علیہ وسلم نے کدال اور مارا پتھر پر پھر ہو گیا وہ پتھر ریت پھسلتی کہا جابر نے کہ گیا میں اپنی بی بی کے پاس اور کہا میں نے کیا تیرے پاس کچھ ہی کہ تحقیق دیکھا ہی میں نے نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمَصًا شَدِيْدًا فَأَخْرَجَتْ جِرَابًا فِيْهِ صَاعٌ مِنْ شَعِيْرٍ وَلَنَا بُهَيْمَةٌ دَاجِنٌ فَذَبَحْتُهَا وَطَحَنَتِ
صلے اللہ علیہ وسلم پر اثر سخت بھوک کا سو نکالا اس بی بی نے ایک تھیلا کہ اسمیں قریب ساڑھے تین سیر کے جو تھے اور تھا ہمارے پاس ایک بچہ بکری کا پلا ہوا گھر کا سو ذبح کیا میں نے اسکو اور

الشعير حتى جعلنا اللحم في البرمة ثم جئت النبي صلى الله عليه وسلم فساررته فقلت يا رسول الله ذبحنا

جو پیسا تھا یہاں تک کہ ڈالا ہم نے گوشت ہانڈی میں پھر آیا میں پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور چپکے سے عرض کیا میں نے یا رسول اللہ ذبح کیا ہے ہم نے

بهيمة لنا وطحنت صاعا من شعير فتعال أنت ونفر معك فصاح النبي صلى الله عليه وسلم يا أهل الخندق

ایک چھوٹا سا بچہ بکری کا اور پیسی ہے میں نے ایک صاع جو پس آئیے آپ اور کچھ لوگ ساتھ آپ کے پھر آواز دی نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اے خندق والو

إن جابرا صنع سورا فحي هلا بكم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تنزلن برمتكم ولا تخبزن عجينتكم حتى

کہ جابر نے تیار کی ہے مہمانی پس جلدی چلو تم اور فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ اتاریں تم ہانڈی اپنی اور نہ پکانا تم آٹا اپنا یہاں تک کہ

أجيء وجاء فأخرجت له عجينا فبصق فيه وبارك ثم عمد إلى برمتنا فبصق وبارك ثم قال ادعي خابزة فلتخبز

آؤں میں اور تشریف لائے حضرت پھر نکال لائی میں واسطے حضرت کے آٹا گندھا ہوا پس ڈالا اس میں لعاب دہن اور دعا کی برکت کی اس کے لیے پھر قصد کیا ہماری ہانڈی کا اور لعاب دہن ڈالا اور برکت کی دعا کی پھر فرمایا بلا روٹی پکانے والی کو کہ پکائے

معك واقدحي من برمتكم ولا تنزلوها وهم ألف فأقسم بالله لأكلوا حتى تركوه وانحرفوا وإن برمتنا

ساتھ تیرے اور چمچے سے نکال گوشت کو اپنی ہانڈی میں سے اور نہ اتارو ہانڈی چولہے سے کہا جابر نے اور اہل خندق ہزار مرد تھے پس قسم کھاتا ہوں میں اللہ کی کہ البتہ سب نے کھایا یہاں تک کہ چھوڑا کھانا اور پھرے اس حال میں کہ ہماری ہانڈی

لتغط كما هي وإن عجيننا ليخبز كما هو. متفق عليه وعن أبي قتادة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال

جوش مارتی تھی جیسا کہ تھی اور تحقیق آٹا ہمارا پکایا جاتا تھا جیسا کہ تھا یہ حق ہے اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

لعمار حين يحفر الخندق فجعل يمسح رأسه ويقول بؤس ابن سمية تقتلك الفئة الباغية. رواه مسلم

عمار بن یاسر کو جس وقت کہ کھودتے تھے خندق سو لگے ہاتھ پھیرنے سر پر عمار کے اور فرماتے تھے اے سختی سمیہ کے بیٹے کی قتل کرے گی تجھ کو جماعت باغی روایت کیا اس کو مسلم نے

وعن سليمان بن صرد قال قال النبي صلى الله عليه وسلم حين أجلي الأحزاب عنه الآن نغزوهم ولا يغزوننا

اور روایت ہے سلیمان بن صرد سے کہا اس نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس وقت کہ چلے گئے گروہ کفار کے مقابلے سے اب جہاد کریں گے ہم ان سے اور وے نہیں لڑیں گے ہم سے

نحن نسير إليهم. رواه البخاري وعن عائشة قالت لما رجع رسول الله صلى الله عليه وسلم من الخندق

بلکہ ہم چلیں گے ان کی طرف روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے عائشہ سے کہا انہوں نے جس وقت کہ پھرے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم غزوہ خندق سے

ووضع السلاح واغتسل أتاه جبريل وهو ينفض رأسه من الغبار فقال قد وضعت السلاح والله ما

اور رکھ دئیے تھے ہتھیار اور غسل کرتے تھے کہ اتنے میں آئے آپ کے پاس جبرئیل اس حال میں کہ وہ جھاڑتے تھے سر اپنا غبار سے اور کہا جبرئیل نے تحقیق آپ نے رکھ دئیے ہتھیار قسم اللہ کی

وضعت اخرج إليهم فقال النبي صلى الله عليه وسلم فأين فأشار إلى بني قريظة فخرج النبي عليه السلام إليهم

میں نے نہیں رکھے ہتھیار آپ نکلئے طرف ان کی سو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر کہاں تب اشارہ کیا جبرئیل نے بنی قریظہ کی طرف پس نکلے نبی صلے اللہ علیہ وسلم طرف ان کی

متفق عليه وفي رواية للبخاري قال أنس كأني أنظر إلى الغبار ساطعا في زقاق بني غنم موكب جبريل عليه السلام

یہ حق ہے اور ایک روایت میں بخاری کی ہے کہ کہا انس نے گویا کہ میں دیکھتا ہوں طرف غبار کے کہ اٹھتا تھا کوچہ میں بنی غنم کے واسطے سواروں کی جماعت کے ہمراہ جبرئیل علیہ السلام تھے

حين سار رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى بني قريظة وعن جابر قال عطش الناس يوم الحديبية ورسول

جس وقت کہ چلے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بنی قریظہ کی طرف اور روایت ہے جابر سے کہا انہوں نے پیاسے ہوئے لوگ حدیبیہ کے دن اور رسول

الله صلى الله عليه وسلم بين يديه ركوة فتوضأ منها ثم أقبل الناس نحوه قالوا ليس عندنا ماء نتوضأ به

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے روبرو ایک چھاگل تھی سو وضو کیا حضرت نے اس سے پھر متوجہ ہوئے لوگ طرف حضرت کے اور عرض کیا سبھوں نے کہ نہیں ہے ہمارے پاس پانی کہ وضو کریں ہم اس سے

ونشرب الا ما في ركوتك فوضع النبي صلى الله عليه وسلم يده في الركوة فجعل الماء يفور من بين اصابعه

اور پیویں ہم اس سے مگر یہی پانی جو آپ کی چھاگل میں ہے پھر رکھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک اپنا چھاگل میں سو لگا پانی جوش مارنے حضرت کی انگلیوں کے درمیان سے

كامثال العيون قال فشربنا وتوضانا قيل لجابر كم كنتم قال لو كنا مائة الف لكفانا كنا خمس عشرة

مانند چشموں کے کہا جابر نے پھر پیا ہمنے اور وضو کیا ہمنے کسی نے پوچھا جابر سے کہ تم کتنے تھے کہا جابر نے اگر ہوتے ہم ایک لاکھ البتہ کفایت کرتا ہمکو تھے ہم پندرہ

مائة متفق عليه وعن البراء بن عازب قال كنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم اربع عشرة مائة يوم

سو ۔ق۔ اور روایت ہے براء بن عازب سے کہا اسنے تھے ہم ساتھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے چودہ سو دن

الحديبية والحديبية بئر فنزحناها فلم نترك فيها قطرة فبلغ النبي صلى الله عليه وسلم فاتاها فجلس

حدیبیہ کے اور حدیبیہ ایک کنواں تھا پس کھینچا ہمنے پانی اسکا اور نہ چھوڑا اسمیں ایک قطرہ پھر پہنچی یہ خبر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو پھر تشریف لائے حضرت وہاں اور بیٹھے

على شفيرها ثم دعا باناء من ماء فتوضا ثم مضمض ودعا ثم صبه فيها ثم قال دعوها ساعة فارووا

کنویں کے کنارے پر پھر منگایا آپ نے باسن پانی کا اور وضو کیا پھر پانی منہ میں لیا اور دعا کی پھر ڈالا وہ کنویں میں اور فرمایا چھوڑ دو اس کنویں کو ایک ساعت پھر سیراب کیا لوگوں نے

انفسهم وركابهم حتى ارتحلوا رواه البخاري وعن عوف عن ابي رجاء عن عمران بن حصين قال كنا

اپنے تئیں اور اپنے جانوروں کو یہاں تک کہ کوچ کیا وہاں سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عوف تابعی سے اسنے ابی رجاء تابعی سے اسنے عمران بن حصین صحابی سے کہا کہ تھے

في سفر مع النبي صلى الله عليه وسلم فاشتكى اليه الناس من العطش فنزل فدعا فلانا كان يسميه ابو رجاء

ایک سفر میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر شکایت کی آپ سے لوگوں نے پیاس کی پھر اترے حضرت اور بلایا فلانے شخص کو جو نام لیا تھا اسکا ابو رجاء نے ف

ونسيه عوف ودعا عليا فقال اذهبا فابتغيا الماء فانطلقا فتلقيا امراة بين مزادتين او سطيحتين من ماء

اور بھول گیا وہ عوف اور بلایا حضرت علی کو پھر فرمایا جاؤ تم دونوں اور ڈھونڈو پانی کو پھر چلے وہ دونوں اور ملاقات کی ایک عورت سے کہ بیچ دو پکھالوں کے تھی یا دو مشکوں کے پانی کی

فجاءا بها الى النبي صلى الله عليه وسلم فاستنزلوها عن بعيرها ودعا النبي صلى الله عليه وسلم باناء ففرغ فيه

پھر لائے اسکو پکھال سمیت نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر اتارا اسکو اسکے اونٹ سے اور منگوایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک باسن پھر حکم فرمایا پانی ڈالنے کا اسمیں

من افواه المزادتين ونودي في الناس اسقوا فاستقوا قال فشربنا عطاشا اربعين رجلا حتى روينا

دہانوں سے پکھالوں کے اور آواز دی گئی لوگوں میں کہ پانی لو پھر پانی لیا لوگوں نے کہا عمران نے پھر پانی پیا ہمنے جس حال میں کہ پیاسے تھے چالیس مرد یہاں تک کہ سیراب ہوئے

فملانا كل قربة معنا واداوة وايم الله لقد اقلع عنها وانه ليخيل الينا انها اشد ملاة منها حين ابتدا

اور بھر لئے مشک اور چھاگل جو ہمارے ساتھ تھے اور قسم ہے اللہ کی البتہ تحقیق الگ ہوئے تھے ہم اس پکھال سے اور اس حال میں معلوم ہوتا تھا ہمکو کہ وہ پکھال زیادہ بھری ہے اس سے بھی

متفق عليه وعن جابر قال سرنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى نزلنا واديا افيح فذهب رسول الله صلى

ق۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ چلے ہم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ یہاں تک کہ اترے ہم ایک میدان کشادہ میں پھر تشریف لے گئے رسول خدا صلے

الله عليه وسلم يقضي حاجته فلم ير شيئا يستتر به واذا شجرتان بشاطئ الوادي فانطلق رسول الله صلى الله

اللہ علیہ وسلم دفع حاجت کے لئے اور نہ دیکھی کوئی چیز کہ پردہ کریں اس سے اور ناگہان دیکھے حضرت نے دو جھاڑ کنارے پر میدان کے پھر تشریف لے گئے رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم الى احداهما فاخذ بغصن من اغصانها فقال انقادي علي باذن الله تعالى فانقادت معه كالبعير المخشوش

علیہ وسلم طرف ایک کے ان دونوں سے پھر پکڑی ایک شاخ اسکی شاخوں سے اور فرمایا کہ فرمانبردار ہو مجھ پر ساتھ حکم اللہ تعالی کے سو فرمانبردار ہوا ساتھ آپ کے مانند اونٹ نکیل والے کے

الذي يصانع قائده حتى أتى الشجرة الأخرى فأخذ بغصن من أغصانها فقال انقادي علي بإذن الله فانقادت

جو فرمانبرداری کرتا ہے اپنے کھینچنے والے کی یہاں تک کہ آئے آنحضرت دوسرے درخت کے پاس پھر پکڑی ایک شاخ اس کی شاخوں میں سے اور فرمایا کہ تابعداری کر تو مجھ پر بحکم اللہ تعالیٰ کے تو تابعدار ہو گیا

معه كذلك حتى إذا كان بالمنصف مما بينهما قال التئما علي بإذن الله فالتأمتا فجلست أحدث

آنحضرت کے ساتھ ویسا ہی یہاں تک کہ جب تھے بیچ میں ان دونوں کے فرمایا کہ قریب ہو جاؤ آپس میں مجھ پر بحکم اللہ تعالیٰ کے پھر قریب ہو گئے دونوں تو بیٹھا میں باتیں کرتا

نفسي فحانت مني لفتة فإذا أنا برسول الله صلى الله عليه وسلم مقبلا وإذا الشجرتان قد افترقتا فقامت

اپنے دل سے پھر ظاہر ہوا مجھ سے التفات تو ناگہاں دیکھا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو تشریف لے آئے اور ناگہاں دیکھا دونوں درختوں کو جدا ہو گئے

كل واحدة منهما على ساق. رواه مسلم. وعن يزيد بن أبي عبيد قال رأيت أثر ضربة في ساق سلمة

ہر ایک ان میں سے اپنی جگہ پر روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے یزید بن ابی عبیدہ سے کہا دیکھا میں نے نشان مار کا پنڈلی میں سلمہ

بن الأكوع فقلت يا أبا مسلم ما هذه الضربة قال ضربة أصابتني يوم خيبر فقال الناس أصيب سلمة

بن الاکوع کے پھر کہا میں نے اے ابو مسلم کیا ہے یہ زخم کہا یہ زخم ہے جو پہنچا مجھے خیبر کے دن تب لوگ کہنے لگے کہ پہنچایا گیا سلمہ

فأتيت النبي صلى الله عليه وسلم فنفث فيه ثلاث نفثات فما اشتكيتها حتى الساعة. رواه البخاري

پھر آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تب پھونکا حضرت نے اس زخم کی جگہ میں تین بار پھر نہ پایا میں دکھ اس کا اب تک روایت کیا اس کو بخاری نے

وعن أنس قال نعى النبي صلى الله عليه وسلم زيدا وجعفرا وابن رواحة للناس قبل أن يأتيهم

اور روایت ہے انس سے کہا کہ خبر پہنچائی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے زید اور جعفر اور ابن رواحہ کی شہادت کی لوگوں کو پہلے آنے

خبرهم فقال أخذ الراية زيد فأصيب ثم أخذ جعفر فأصيب ثم أخذ ابن رواحة فأصيب وعيناه

انکی خبر کے پھر فرمایا حضرت نے لیا جھنڈا لشکر کا زید نے پھر شہید ہو گیا بعد اس کے لیا جعفر نے وہ بھی شہید ہوا بعد اس کے لیا ابن رواحہ نے وہ بھی شہید ہوا حال یہ کہ

تذرفان حتى أخذ الراية سيف من سيوف الله يعني خالد بن الوليد حتى فتح الله عليهم. رواه

آنسو گراتے تھے فرمایا حضرت نے یہاں تک کہ لیا جھنڈا ایک سیف نے سیفوں سے اللہ کی یعنی خالد بن ولید نے یہاں تک کہ فتح دی اللہ نے ان پر روایت کیا اس کو

البخاري. وعن عباس قال شهدت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم حنين فلما التقى المسلمون و

بخاری نے اور روایت ہے عباس سے کہا حاضر تھا میں ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوہ حنین کے دن پھر جب ملے مسلمان اور

الكفار ولى المسلمون مدبرين فطفق رسول الله صلى الله عليه وسلم يركض بغلته قبل الكفار وأنا آخذ بلجام

کافر پھر گئے مسلمان پیٹھ دے کر تب شروع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایڑ کرنا اپنے خچر کو طرف کافروں کے اور میں پکڑا ہوا تھا لگام

بغلة رسول الله صلى الله عليه وسلم أكفها إرادة أن لا تسرع وأبو سفيان بن الحارث آخذ بركاب رسول الله

خچر کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تھامتا تھا میں اس کو اس ارادے سے کہ نہ جلدی کرے اور ابو سفیان بن الحارث پکڑا ہوا تھا رکاب رسول خدا

صلى الله عليه وسلم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم أي عباس ناد أصحاب السمرة فقال عباس وكان

صلی اللہ علیہ وسلم کی پھر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اے عباس پکار اصحاب سمرہ کو پس کہا عباس نے اور تھا وہ

رجلا صيتا فقلت بأعلى صوتي أين أصحاب السمرة فقال والله لكأن عطفتهم حين سمعوا صوتي عطفة

مرد بلند آواز سو پکارا میں نے اپنی بلند آواز سے کہاں ہیں اصحاب سمرہ پھر کہا عباس نے قسم خدا کی ہے گویا ان کا پھرنا سنتے میری آواز کو مانند پھرنے

الْبَقَرِ عَلٰی اَوْلَادِهَا فَقَالُوْا يَا لَبَّيْكَ يَا لَبَّيْكَ قَالَ فَاقْتَتَلُوْا وَالْكُفَّارَ وَالدَّعْوَةُ فِی الْاَنْصَارِ يَقُوْلُوْنَ يَا مَعْشَرَ

گایوں کے اپنے بچوں پر پھر کہا انھوں نے ای قوم حاضر ہیں ای قوم حاضر ہیں کہا پھر لڑے مسلمان ساتھ کافروں کے اور پکارنا انصار کا پکارتے تھے کہتے تھے ای گروہ

الْاَنْصَارِ يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ قَالَ قُصِرَتِ الدَّعْوَةُ عَلٰی بَنِی الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

انصار کی ای جماعت انصار کی پھر کہا موقوف ہوا پکارنا اولاد پر حارث بن خزرج کے پس دیکھتے تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلٰی بَغْلَتِهٖ كَالْمُتَطَاوِلِ عَلَيْهَا اِلٰی قِتَالِهِمْ فَقَالَ هٰذَا حِيْنَ حَمِيَ الْوَطِيْسُ ثُمَّ اَخَذَ حَصَيَاتٍ فَرَمٰی بِهِنَّ

وسلم نے اس حال میں کہ آپ اپنے خچر پر تھے مانند اسکے جو دراز کرتا ہی گردن اپنی دور کی چیز دیکھنے کو طرف قتال اصحابہ او فرماتے یہ وقت گرم ہوا تنور لڑائی کا پھر لئے حضرت کنکریاں اور پھینکا انکو

وُجُوْهَ الْكُفَّارِ ثُمَّ قَالَ انْهَزَمُوْا وَرَبِّ مُحَمَّدٍ فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ اِلَّا اَنْ رَمَاهُمْ بِحَصَيَاتِهٖ فَمَا زِلْتُ اَرٰی حَدَّهُمْ كَلِيْلًا

کافروں کے مونہوں پر پھر فرمایا شکست کھائی کافروں نے قسم ہی رب محمد کی پس قسم اللہ کی نہ تھی شکست سبب کسی چیز کے مگر ... سو ہمیشہ دیکھتا رہا میں تیزی انکے شمشیروں کی

وَاَمْرَهُمْ مُدْبِرًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلْبَرَاءِ يَا اَبَا عُمَارَةَ فَرَرْتُمْ يَوْمَ حُنَيْنٍ قَالَ لَا وَاللّٰهِ

اور حال انکا ذلیل روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہی ابی اسحٰق تابعی سے کہا کہ کہا ایک شخص نے براء بن عازب صحابی کو ای ابا عمارہ کیا بھاگے تم نے کافروں سے دن حنین کے کہا براء نے نہیں قسم ہی اللہ کی

مَا وَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلٰكِنْ خَرَجَ شُبَّانُ اَصْحَابِهٖ لَيْسَ عَلَيْهِمْ كَثِيْرُ سِلَاحٍ فَلَقُوْا قَوْمًا رُمَاةً لَا

نہیں پیٹھ دی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ولیکن نکلے چند نوجوان صحابی بے سبب حضرت کے جن پر نہیں تھے بہت ہتھیار سو ملے ایک قوم تیر انداز سے جو نہیں

يَكَادُ يَسْقُطُ لَهُمْ سَهْمٌ فَرَشَقُوْهُمْ رَشْقًا مَا يَكَادُوْنَ يُخْطِئُوْنَ فَاَقْبَلُوْا هُنَاكَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لگتا تھا کہ نیچے گرے تیر انکا سو مارنے لگے وے ان نوجوانوں کو تیروں سے نہیں لگتے تھے کہ خطا کریں سو متوجہ ہوئے جوان اس وقت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف

وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ وَاَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ يَقُوْدُهٗ فَنَزَلَ وَاسْتَنْصَرَ وَقَالَ اَنَا

اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سوار تھے اپنے خچر سفید پر اور ابو سفیان بن حارث لگام پکڑے تھے خچر کی سو اترے حضرت اور طلب مدد کی اللہ سے اور فرمانے لگے میں

النَّبِیُّ لَا كَذِبْ اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ ثُمَّ صَفَّهُمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَلِلْبُخَارِیِّ مَعْنَاهُ وَفِیْ رِوَايَةٍ لَهُمَا قَالَ الْبَرَاءُ كُنَّا

نبی ہوں کچھ جھوٹ نہیں اس میں میں بیٹا ہوں عبد المطلب کا پھر صف باندھی لشکر کی یعنی حضرت نے صحابہ کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور بخاری نے معنی اسکے اور ایک روایت میں دونوں کی ہے کہا براء نے تھے ہم

وَاللّٰهِ اِذَا احْمَرَّ الْبَاْسُ نَتَّقِیْ بِهٖ وَاِنَّ الشُّجَاعَ مِنَّا لَلَّذِیْ يُحَاذِیْ بِهٖ يَعْنِی النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ

قسم خدا کی جب کہ سخت ہوتی لڑائی پناہ ڈھونڈتے تھے ہم ساتھ آپ کے اور تحقیق جو بہادر ہم میں کا وہ ہوتا کہ برابر ٹھہرتا آپ کے یعنی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اور روایت ہی سلمہ بن

الْاَكْوَعِ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُنَيْنًا فَوَلّٰی صَحَابَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا غَشُوْا

الاکوع سے کہا کہ جہاد کیا ہم نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوکر دن حنین کے پھر پیٹھ دی چند صحابہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پھر جب گھیرا کافروں نے

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ عَنِ الْبَغْلَةِ ثُمَّ قَبَضَ قَبْضَةً مِّنْ تُرَابٍ مِنَ الْاَرْضِ ثُمَّ اسْتَقْبَلَ بِهٖ وُجُوْهَهُمْ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو تو اترے حضرت خچر سے پھر لی ایک مٹھی مٹی زمین سے پھر مقابل پھینکا اسی مٹی کو مونہوں پر کافروں کے

فَقَالَ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ فَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْهُمْ اِنْسَانًا اِلَّا مَلَاَ عَيْنَيْهِ تُرَابًا بِتِلْكَ الْقَبْضَةِ فَوَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ

اور فرمایا شاہت الوجوہ پھر نہیں پیدا کیا اللہ نے ان میں سے کسی آدمی کو مگر بھر دیا اللہ نے اسکی دونوں آنکھوں میں مٹی کو بسبب اسی مٹھی مٹی کے سو منہ پھیر کر بھاگے پیٹھ دیکر

فَهَزَمَهُمُ اللّٰهُ وَقَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنَائِمَهُمْ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ

پھر شکست دی انکو اللہ تعالیٰ نے اور بانٹیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے غنیمتیں انکی مسلمانوں میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہی ابی ہریرہ سے

قَالَ شَهِدْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حُنَیْنًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ مِّمَّنْ مَّعَهٗ
کہا حاضر تھے ہم ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے غزوہ حنین کو تو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حق میں ایک مرد کے اپنے ہمراہیوں سے
یَدَّعِیْ الْاِسْلَامَ ھٰذَا مِنْ اَھْلِ النَّارِ فَلَمَّا حَضَرَ الْقِتَالُ قَاتَلَ الرَّجُلُ مِنْ اَشَدِّ الْقِتَالِ وَکَثُرَتْ بِهِ الْجِرَاحُ فَجَاءَ رَجُلٌ
دعوا کرتا ہے وہ اسلام کا حالانکہ یہ دوزخیوں میں سے ہے پھر جب آیا وقت جنگ کا لڑا وہ شخص کافروں سے بہت سخت لڑنا اور بہت لگے اسکو زخم پھر آیا ایک شخص
فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَیْتَ الَّذِیْ تُحَدِّثُ اَنَّهٗ مِنْ اَھْلِ النَّارِ قَدْ قَاتَلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ مِنْ اَشَدِّ الْقِتَالِ فَکَثُرَتْ
اور عرض کیا یا رسول اللہ خبر دو مجھکو حقیقت حال اسکی جو فرماتے ہوئے آپ وہ مرد دوزخیوں میں سے ہے حالانکہ تحقیق لڑا وہ مرد راہ خدا میں بہت سخت لڑنا اور بہت لگی
بِهِ الْجِرَاحُ فَقَالَ اَمَا اِنَّهٗ مِنْ اَھْلِ النَّارِ فَکَادَ بَعْضُ النَّاسِ یَرْتَابُ فَبَیْنَمَا ھُوَ عَلٰی ذٰلِکَ اِذْ وَجَدَ الرَّجُلُ اَلَمَ الْجِرَاحِ
اسکو زخم تب فرمایا حضرت نے سن رکھو کہ وہ دوزخیوں میں سے ہے پس قریب تھا کہ بعضے ضعیف الایمان لوگ شک کریں مخبر صادق کی اس بات میں کہ وہ شخص اسی حال پر تھا ناگاہ پایا اس مرد نے درد زخموں کا
فَاَھْوٰی بِیَدِهٖ اِلٰی کِنَانَتِهٖ فَانْتَزَعَ سَھْمًا فَانْتَحَرَ بِھَا فَاشْتَدَّ رِجَالٌ مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
پھر قصد کیا اپنے ہاتھ سے طرف ترکش اپنے کے اور نکالا ایک تیر اس سے اور پھاڑ ڈالا اس سے سینہ اپنا تب دوڑے کئی مرد مسلمان طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ
وَسَلَّمَ فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَدَّقَ اللّٰهُ حَدِیْثَکَ قَدِ انْتَحَرَ فُلَانٌ وَّقَتَلَ نَفْسَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ
وسلم کے اور عرض کیے کہ یا رسول اللہ سچ کیا اللہ تعالی نے بات آپکی جو فرمائے تھے کہ تحقیق کاٹ لیا فلانے نے سینہ اپنا اور ہلاک کر لیا اپنے کو سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ
عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُ اَکْبَرُ اَشْھَدُ اَنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ یَا بِلَالُ قُمْ فَاَذِّنْ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَّاِنَّ اللّٰهَ
علیہ وسلم نے اللہ اکبر یعنے اللہ بہت بڑا ہے گواہی دیتا ہوں میں اس بات کی کہ میں بندہ ہوں اللہ کا اور رسول اسکا اے بلال اٹھ اور اعلام کر دے لوگوں میں کہ نہیں داخل ہوگا بہشت میں مگر مومن
لَیُؤَیِّدُ ھٰذَا الدِّیْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سُحِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
تائید کرتا ہے اس دین کو بسبب مرد فاجر کے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عائشہؓ سے بولیں سحر کئے گئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم
حَتّٰی اِنَّهٗ لَیُخَیَّلُ اِلَیْهِ اَنَّهٗ فَعَلَ الشَّیْءَ وَمَا فَعَلَهٗ حَتّٰی اِذَا کَانَ ذَاتَ یَوْمٍ عِنْدِیْ دَعَا اللّٰهَ وَدَعَاهُ ثُمَّ قَالَ اَشَعَرْتِ
یہاں تک کہ خیال ڈالا جاتا تھا آپکو اس بات کا کہ کیے ایک کام حالانکہ نہیں کیا ہے اسکو یہاں تک کہ تھے حضرت ایک روز نزدیک میرے دعا کی اللہ سے اور دعا کی اس سے پھر فرمایا جانتی ہے تو
یَا عَائِشَةُ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَفْتَانِیْ فِیْمَا اسْتَفْتَیْتُهٗ جَاءَنِیْ رَجُلَانِ جَلَسَ اَحَدُھُمَا عِنْدَ رَاْسِیْ وَالْاٰخَرُ عِنْدَ رِجْلَیَّ
اے عائشہ کہ اللہ تعالی نے بیان کیا میرے لیے اس چیز کو جو طلب کیا میں نے ظاہر ہونا اسکا پھر بیان فرمایا کہ آئے میرے پاس دو مرد کہ بیٹھا ایک ان میں کا میرے سر کے پاس اور دوسرا میرے پاؤں پاس
ثُمَّ قَالَ اَحَدُھُمَا لِصَاحِبِهٖ مَا وَجَعُ الرَّجُلِ قَالَ مَطْبُوْبٌ قَالَ وَمَنْ طَبَّهٗ قَالَ لَبِیْدُ بْنُ الْاَعْصَمِ الْیَھُوْدِیُّ قَالَ
پھر کہا ایک دونوں میں سے اپنے یار سے کیا بیماری ہے اس شخص کو فرمایا دوسرے نے کہ سحر کیا گیا ہے کہا اور کس نے سحر کیا ہے اسکو کہا اسنے لبید ابن عاصم یہودی نے فرمایا کہا
فِیْمَاذَا قَالَ فِیْ مُشْطٍ وَّمُشَاطَةٍ وَّجُفِّ طَلْعَةٍ ذَکَرٍ قَالَ فَاَیْنَ ھُوَ قَالَ فِیْ بِئْرِ ذَرْوَانَ فَذَهَبَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
کس چیز میں سحر کیا ہے کہا کنگھی میں اور ان بالوں میں کہ کنگھی کرنے سے جھڑتے ہیں اور کھجور کے نر کے چھال شگوفہ کے اندر کہا کہ کہاں رکھا ہے اسکو کہا کنوئیں میں ذروان کے پھر تشریف لے گئے نبی صلے اللہ
فِیْ اُنَاسٍ مِّنْ اَصْحَابِهٖ اِلَی الْبِئْرِ فَقَالَ ھٰذِهِ الْبِئْرُ الَّتِیْ اُرِیْتُھَا وَکَاَنَّ مَاءَھَا نُقَاعَةُ الْحِنَّاءِ وَکَاَنَّ نَخْلَھَا رُءُوْسُ الشَّیَاطِیْنِ فَاسْتَخْرَجَهٗ
چند آدمیوں کے ساتھ اپنے صحابہ سے طرف اس کنوئیں کے اور فرمایا یہی کنواں ہے جو دکھلایا گیا مجھکو اور گویا کہ پانی اسکا عرق مہندی کے پانی کا سا تھا اور گویا کہ کھجور شگوفہ اسکے سر شیطان کے تھے پھر نکالا
مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ بَیْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَھُوَ یَقْسِمُ قَسْمًا
متفق علیہ ہے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا اسوقت کہ ہم حاضر تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور آپ بانٹ رہے تھے مال غنیمت کا

[illegible]

أتاه ذو الخويصرة وهو رجل من بني تميم فقال يا رسول الله اعدل فقال ويلك من يعدل إذا لم أعدل قد

آیا آپ پاس ذوالخویصرہ اور وہ ایک شخص تھا بنی تمیم میں سے اور کہا یا رسول اللہ عدل کرو پس فرمایا حضرت نے خرابی ہو تیری پھر کون عدل کریگا جب میں عدل نہ کروں

خبت وخسرت إن لم أكن أعدل فقال عمر ائذن لي أن أضرب عنقه فقال دعه فإن له أصحابا يحقر أحدكم

نا امید ہوا تو اور زیاں کار ہوا تو اگر عدل نہ کروں میں پس عمر نے کہا حکم دیجئے مجھ کو کہ گردن ماروں اسکی پس فرمایا حضرت نے چھوڑ دے اسکو کیونکہ اسکے لئے تابعدار ہیں حقیر جانیگا ایک تمہارا

صلوته مع صلوتهم وصيامه مع صيامهم يقرؤن القرآن لا يجاوز تراقيهم يمرقون من الدين كما يمرق

اپنی نماز کو مقابلہ میں انکی نمازوں کے اور اپنے روزے مقابلہ میں انکے روزوں کے پڑھینگے قرآن نہ اتریگا ان کے حلقوں سے نکلینگے دین سے جیسے کہ نکلتا ہے

السهم من الرمية ينظر إلى نصله إلى رصافه إلى نضيه وهو قدحه إلى قذذه فلا يوجد فيه شيء قد سبق

تیر شکار سے دیکھا جاتا ہے اسکے پیکان کی طرف اور اسکے پٹی کی طرف اور اسکی نضی کی طرف اور وہ سر لکڑی ہے اور اسکے پر کی طرف پس نہ پایا جاتا اس میں کچھ اثر

الفرث والدم آيتهم رجل أسود إحدى عضديه مثل ثدي المرأة أو مثل البضعة تدردر ويخرجون

نجاست اور خون سے نشانی ان کی ایک مرد سیاہ رنگ ہوگا ایک بازو اس کا مانند پستان عورت کے ہوگا یا مانند گوشت کے ٹکڑے کے ہلتا ہوگا اور نکلینگے

على خير فرقة من الناس قال أبو سعيد أشهد أني سمعت هذا الحديث من رسول الله صلى الله عليه وسلم

اوپر بہترین فرقہ کے لوگوں میں سے کہا ابوسعید خدری نے گواہی دیتا ہوں میں کہ سنی میں نے یہ حدیث رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے

وأشهد أن علي بن أبي طالب قاتلهم وأنا معه فأمر بذلك الرجل فالتمس فأتي به حتى نظرت إليه على نعت النبي

اور گواہی دیتا ہوں میں یہ کہ علی بن ابی طالب نے لڑائی کی ان سے اور میں ساتھ ان کے تھا پس حکم کیا اس شخص کو تلاش کرنے کا پس تلاش کیا گیا اور لایا گیا یہاں تک کہ دیکھا میں نے اسکو موافق اس صفت کے جو نبی

صلى الله عليه وسلم الذي نعته وفي رواية أقبل رجل غائر العينين ناتئ الجبهة كث اللحية مشرف الوجنتين

صلے اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا تھا اسکو اور ایک روایت میں ہے آیا ایک مرد اندر دھنسی ہوئی آنکھوں والا بلند پیشانی والا انبوہ داڑھی اٹھے ہوئے رخسارے

محلوق الرأس فقال يا محمد اتق الله فقال فمن يطع الله إذا عصيته فيأمنني الله على أهل الأرض ولا تأمنوني

منڈا ہوا سر والا پس کہا اس نے اے محمد ڈرو اللہ سے پس فرمایا حضرت نے پھر کون فرمانبرداری کریگا اللہ کی جب نافرمانی کروں میں اسکی امین جانتا ہے مجھ کو اللہ تمام زمین والوں پر اور تم امین نہیں جانتے مجھ کو

فسأل رجل قتله فمنعه فلما ولى قال إن من ضئضئ هذا قوما يقرؤن القرآن لا يجاوز حناجرهم يمرقون

پس پوچھا ایک شخص نے اسکے قتل کرنے کو پس منع فرمایا حضرت نے اس کو قتل سے پھر جب وہ پھرا فرمایا حضرت نے تحقیق اسکی نسل سے ایک قوم ہوگی پڑھینگے قرآن نہ اتریگا ان کے حلقوں سے نکلینگے

من الإسلام مروق السهم من الرمية فيقتلون أهل الإسلام ويدعون أهل الأوثان لئن أدركتهم لأقتلنهم

اسلام سے مانند نکلنے تیر کے شکار سے قتل کرینگے مسلمانوں کو اور چھوڑ دینگے بت پرستوں کو فرمایا حضرت نے اگر پاؤں میں انکو تو البتہ قتل کروں میں ان کو

قتل عاد. متفق عليه وعن أبي هريرة قال كنت أدعو أمي إلى الإسلام وهي مشركة فدعوتها يوما فأسمعتني

مانند قتل کرنے عاد کے روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا تھا میں بلاتا اپنی ماں کو طرف اسلام کے اس حال میں کہ وہ مشرکہ تھی پس بلایا میں نے اسکو ایک دن پس سنایا اس نے مجھ کو

في رسول الله صلى الله عليه وسلم ما أكره فأتيت رسول الله وأنا أبكي فقلت يا رسول الله ادع الله أن يهدي

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حق میں وہ چیز کہ ناخوش رکھتا تھا میں سو آیا میں رسول خدا کے پاس اس حال میں کہ روتا تھا میں پس کہا میں نے یا رسول اللہ دعا کیجئے اللہ تعالی سے کہ ہدایت کرے

أم أبي هريرة فقال اللهم اهد أم أبي هريرة فخرجت مستبشرا بدعوة النبي صلى الله عليه وسلم فلما صرت

ابی ہریرہ کی ماں کو پس فرمایا حضرت نے خداوندا ہدایت کر ابوہریرہ کی ماں کو سو نکلا میں خوشحال بسبب دعا کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پھر جب پہنچا میں

إلى الباب فإذا هو مجاف فسمعت أمي خشف قدمي فقالت مكانك يا أبا هريرة وسمعت خضخضة الماء

دروازہ تک گیا تو ناگہاں دروازہ بند تھا پس سنی میری ماں نے آواز میرے پاؤں کی اور کہی وہیں رہ اے ابا ہریرہ اور سنی میں نے آواز پانی کی

فاغتسلت فلبست درعها وعجلت عن خمارها ففتحت الباب ثم قالت يا أبا هريرة أشهد أن لا إله إلا الله

سو غسل کیا میری ماں نے اور پہنا کرتا اپنا اور جلدی کی اوڑھنی سے پھر کھولدی دروازہ اور بولیں اے ابوہریرہ گواہی دیتی ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے

وأشهد أن محمدا عبده ورسوله فرجعت إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم وأنا أبكي من الفرح فحمد الله وقال خيرا

اور گواہی دیتی ہوں کہ بیشک محمد بندے اسکے اور رسول اسکے ہیں پھر پلٹ کر آیا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس جس حال میں کہ میں روتا تھا پھر تعریف کی حضرت نے خدا کی

رواه مسلم وعنه قال إنكم تقولون أكثر أبو هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم والله الموعد وإن إخوتي

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا تحقیق تم لوگ کہتے ہو بہت نقل کرتا ہے ابوہریرہ حدیثیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور اللہ ہی وعدہ گاہ ہمارا اور تحقیق بھائی میرے

من المهاجرين كان يشغلهم الصفق بالأسواق وإن إخوتي من الأنصار كان يشغلهم عمل أموالهم وكنت

مہاجرین باز رکھتا تھا انکو ہاتھ پر ہاتھ مارنا بازاروں میں اور تحقیق بھائی میرے انصار کے باز رکھتا تھا انکو کام انکے مالوں کا اور تھا میں

امرأ مسكينا ألزم رسول الله صلى الله عليه وسلم على ملء بطني وقال النبي صلى الله عليه وسلم يوما لن

ایک شخص مسکین لگا رہتا تھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اپنے پیٹ بھرنے کو اور فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک دن نہ

يبسط أحد منكم ثوبه حتى أقضي مقالتي هذه ثم يجمعه إلى صدره فينسى من مقالتي شيئا أبدا فبسطت

پھیلا رکھے کوئی ایک تم میں کا کپڑا اپنا یہانتک کہ تمام کروں میں اپنی بات یہ پھر اٹھا کرے اسکو طرف سینے اپنے اور پھر بھولے میری حدیثوں میں سے کچھ کبھی سو پھیلائی میں نے

نمرة ليس علي ثوب غيرها حتى قضى النبي صلى الله عليه وسلم مقالته ثم جمعتها إلى صدري فوالذي بعثه

کملی کہ نہ تھا مجھ پر کوئی کپڑا سوا اسکے یہانتک کہ تمام کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم بات اپنی پھر سمیٹا میں نے اسکو طرف اپنے سینے کے پس قسم اس ذات کی کہ بھیجا حضرت کو

بالحق ما نسيت من مقالته تلك إلى يومي هذا متفق عليه وعن جرير بن عبد الله قال لي رسول الله صلى

ساتھ حق کے نہیں بھولا میں حضرت کی حدیثوں سے اس دن تک ق اور روایت ہے جریر بن عبداللہ سے کہا کہ فرمایا مجھکو رسول خدا صلے

الله عليه وسلم ألا تريحني من ذي الخلصة فقلت بلى وكنت لا أثبت على الخيل فذكرت ذلك للنبي صلى

اللہ علیہ وسلم نے کیا نہیں آرام دیتا تو مجھکو ذی الخلصہ سے پس کہا میں نے ہاں اور تھا میں کہ نہیں ٹھہر سکتا تھا گھوڑے پر پس ذکر کیا میں نے اسکو نبی صلے

الله عليه وسلم فضرب يده على صدري حتى رأيت أثر يده في صدري وقال اللهم ثبته واجعله هاديا

اللہ علیہ وسلم سے پھر مارا حضرت نے دست مبارک اپنا میرے سینے پر یہانتک کہ دیکھا میں نے نشان دست مبارک کا حضرت کے اپنے سینے میں اور فرمایا حضرت نے اے خداوند ثابت رکھ اسکو اور کر اسکو راہ دکھانے والا

مهديا قال فما وقعت عن فرسي بعد فانطلق في مائة وخمسين فارسا من أحمس فحرقها بالنار وكسرها

راہ پایا ہوا کہا جابر نے سو نہ گرا میں اپنے گھوڑے سے بعد اسکے پس روانہ ہوا جریر ڈیڑھ سو سوار کے ساتھ احمس سے پھر جلا دیا اسکو آگ سے اور توڑ ڈالا اسکو

متفق عليه وعن أنس قال إن رجلا كان يكتب للنبي صلى الله عليه وسلم فارتد عن الإسلام ولحق بالمشركين

ق اور روایت ہے انس سے کہا کہ تحقیق ایک شخص لکھتا تھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے سو مرتد ہو گیا اسلام سے اور جا ملا ساتھ مشرکوں کے

فقال النبي صلى الله عليه وسلم إن الأرض لا تقبله فأخبرني أبو طلحة أنه أتى الأرض التي مات فيها فوجده

پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق زمین نہیں قبول کریگی اسکو کہا انس نے پھر خبر دی مجھکو ابو طلحہ نے کہ ابو طلحہ آئے اس زمین میں کہ مرا تھا وہ شخص اس میں سو پایا اسکو

منبوذا فقال ما شان هذا فقالوا دفناه مرارا فلم تقبله الارض متفق عليه وعن ابي ايوب قال خرج النبي صلى

باہر پھینکا ہوا سو پوچھا ابو طلحہ نے کیا حال اس شخص کا کہا لوگوں نے کہ دفن کیا ہم نے اسکو کئی بار سو قبول نہ کیا اسکو زمین نے متفق اور روایت ہے ابی ایوب سے کہا نکلے نبی صلے

الله عليه وسلم وقد وجبت الشمس فسمع صوتا فقال يهود تعذب في قبورها متفق عليه وعن جابر قال قدم

اللہ علیہ وسلم اس حال میں کہ غروب ہوا تھا آفتاب پس سنی حضرت نے ایک آواز سو فرمایا کہ یہ یہود ہیں عذاب کئے جاتے ہیں اپنے قبروں میں متفق اور روایت ہے جابر سے کہا تشریف

النبي صلى الله عليه وسلم من سفر فلما كان قرب المدينة هاجت ريح تكاد ان تدفن الراكب فقال رسول

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کسی سفر سے پھر جس وقت کہ پہنچے نزدیک مدینے کے چلی ایک ہوا سخت قریب تھی کہ دفن کرے سوار کو تب سو فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم بعثت هذه الريح لموت منافق فقدم المدينة فاذا عظيم من المنافقين قد مات

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بھیجی گئی ہے یہ باؤ وقت موت ایک منافق کے پھر پہنچے حضرت مدینے میں سو تھی ایک بڑا سردار منافقوں میں سے مر گیا تھا

رواه مسلم وعن ابي سعيد الخدري قال خرجنا مع النبي صلى الله عليه وسلم حتى قدمنا عسفان فاقام

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ نکلے ہم ساتھ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے یہاں تک کہ پہنچے ہم عسفان میں پھر ٹھہرے حضرت

بها ليالي فقال الناس ما نحن ههنا في شيء وان عيالنا لخلوف ما نامن عليهم فبلغ ذلك النبي صلى

اس مقام میں کئی راتیں سو کہا لوگوں نے نہیں ہیں ہم یہاں کسی شغل میں اور تحقیق اہل و عیال ہمارے البتہ پیچھے رہے ہوئے ہیں نہیں خاطر جمع ہماری ان پر سو پہنچی یہ خبر نبی صلے

الله عليه وسلم فقال والذي نفسي بيده ما في المدينة شعب ولا نقب الا عليه ملكان يحرسانها حتى

اللہ علیہ وسلم کو پس فرمایا حضرت نے قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری اسکے ہاتھ میں ہے نہیں مدینہ میں کوئی راہ اور نہ کوچہ مگر یہ کہ متعین ہیں اوپر اسکے دو فرشتے نگہبانی کرتے مدینے کی یہاں تک

تقدموا اليها ثم قال ارتحلوا فارتحلنا واقبلنا الى المدينة فوالذي يحلف به ما وضعنا رحالنا حين

پہنچو تم طرف مدینے کے پھر فرمایا حضرت نے کہ کوچ کرو تم سو کوچ کیا ہم نے اور متوجہ ہوئے ہم طرف مدینے کے پس قسم ہے اس ذات کی کہ قسم کھائی جاتی ہے اسکی نہیں کھولے تھے ہم نے اسباب ہمارا جس وقت

دخلنا المدينة حتى اغار علينا بنو عبد الله بن غطفان وما يهيجهم قبل ذلك شيء رواه مسلم وعن

داخل ہوئے ہم مدینے میں یہاں تک کہ چڑھ آئی ہم پر بنو عبد اللہ بن غطفان اور نہ اٹھاتی تھی انکو پہلے اسکے کوئی چیز روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

انس قال اصابت الناس سنة على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فبينا النبي صلى الله عليه وسلم

انس سے کہا کہ پہنچا لوگوں کو قحط زمانے میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس ایک وقت نبی صلے اللہ علیہ و سلم

يخطب في يوم الجمعة قام اعرابي فقال يا رسول الله هلك المال وجاع العيال فادع الله لنا فرفع يديه

خطبہ فرماتے تھے جمعہ کے دن کھڑا ہوا ایک گنوار اور عرض کیا یا رسول اللہ ہلاک ہوا مال اور بھوکے ہوئے عیال سو دعا کیجیے ہمارے لئے پس اٹھائے حضرت نے دونوں ہاتھ

وما نرى في السماء قزعة فوالذي نفسي بيده ما وضعها حتى ثار السحاب امثال الجبال ثم لم ينزل عن منبره

حال یہ کہ نہیں دیکھتے تھے ہم آسمان میں ایک ٹکڑا ابر کا پس قسم اس ذات کی کہ جان میری اسکے ہاتھ میں ہے نہ رکھے حضرت نے ہاتھ یہاں تک کہ اٹھا ابر مانند پہاڑوں کے پھر نہ اترے حضرت اپنے منبر سے

حتى رايت المطر يتحادر على لحيته فمطرنا يومنا ذلك ومن الغد ومن بعد الغد حتى الجمعة الاخرى وقام

یہاں تک کہ دیکھا میں نے مینہ کو کہ گرتا تھا حضرت کے داڑھی مبارک پر سو مینہ برسا گئے ہم اس دن اور دوسرے دن اور تیسرے دن اور دوسری جمعہ تک اور کھڑا ہوا

ذلك الاعرابي او غيره فقال يا رسول الله تهدم البناء وغرق المال فادع الله لنا فرفع يديه فقال اللهم

وہی اعرابی یا اور کوئی سوا اسکے اور کہا یا رسول اللہ گر پڑے مکان اور ڈوب گیا مال پس دعا کیجیے اللہ تعالی سے ہمارے لئے پھر اٹھائے حضرت نے دونوں ہاتھ اپنے اور فرمایا خداوندا

حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا فَمَا يُشِيرُ إِلَى نَاحِيَةٍ مِنَ السَّحَابِ إِلَّا انْفَرَجَتْ وَصَارَتِ الْمَدِينَةُ مِثْلَ الْجَوْبَةِ وَسَالَ الْوَادِي قَنَاةُ

ہمارے گرد برسا اور نہ برسا ہم پر پس اشارہ کرتے تھے حضرت طرف کسی جانب کے ابر سے مگر کھل جاتا تھا اور ہوا مدینہ مانند گڑھے کے اور بہا وادی قناۃ

شَهْرًا وَلَمْ يَجِئْ أَحَدٌ مِنْ نَاحِيَةٍ إِلَّا حَدَّثَ بِالْجَوْدِ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ اللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا اللّٰهُمَّ عَلَى الْآكَامِ

ایک مہینہ تک اور نہیں آیا کوئی کسی طرف سے مگر خبر دی بہت مینہ برسنے کی اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا حضرت نے الٰہی برسا گرد ہمارے اور نہ برسا ہم پر الٰہی برسا ٹیلوں پر

وَالظِّرَابِ وَبُطُونِ الْأَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ قَالَ فَأَقْلَعَتْ وَخَرَجْنَا نَمْشِي فِي الشَّمْسِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ

اور پہاڑوں پر اور اندر نالوں کے اور درخت اگنے کی جگہوں میں کہا انس نے پھر کھل گیا ابر اور باہر نکلے ہم اس حال میں کہ چلتے تھے ہم دھوپ میں متفق علیہ اور روایت ہے جابر سے

قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَطَبَ اسْتَنَدَ إِلَى جِذْعِ نَخْلَةٍ مِنْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ فَلَمَّا صُنِعَ لَهُ الْمِنْبَرُ

کہا کہ تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم جس وقت کہ خطبہ پڑھتے تھے تکیہ کرتے اوپر تنہ کھجور کے ستونوں سے مسجد کے پھر جب بنایا گیا منبر آپ کے لئے

فَاسْتَوَى عَلَيْهِ صَاحَتِ النَّخْلَةُ الَّتِي كَانَ يَخْطُبُ عِنْدَهَا حَتَّى كَادَتْ أَنْ تَنْشَقَّ فَنَزَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تو کھڑے ہوئے حضرت اس پر چلایا وہ ستون کہ خطبہ فرماتے تھے حضرت اس کے پاس یہاں تک کہ قریب تھا کہ پھٹ جاوے پس اترے نبی صلے اللہ علیہ وسلم منبر سے

حَتَّى أَخَذَهَا فَضَمَّهَا إِلَيْهِ فَجَعَلَتْ تَئِنُّ أَنِينَ الصَّبِيِّ الَّذِي يُسَكَّتُ حَتَّى اسْتَقَرَّتْ قَالَ بَكَتْ عَلَى مَا كَانَتْ

یہاں تک کہ پکڑا اس کو اور لگایا اس کو اپنے گلے سے پس لگا وہ ستون کہ ہکہکاتا تھا مانند ہکہکانے اس لڑکے کے کہ چپکایا جاتا ہے یہاں تک کہ ٹھہر گیا فرمایا روئی بسبب اس کے کہ

تَسْمَعُ مِنَ الذِّكْرِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ أَنَّ رَجُلًا أَكَلَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کہ سنتا تھا ذکر سے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے سلمہ بن الاکوع سے کہ ایک شخص نے کھایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس

بِشِمَالِهِ فَقَالَ كُلْ بِيَمِينِكَ قَالَ لَا أَسْتَطِيعُ قَالَ لَا اسْتَطَعْتَ مَا مَنَعَهُ إِلَّا الْكِبْرُ قَالَ فَمَا رَفَعَهَا إِلَى فِيهِ

اپنے بائیں ہاتھ سے پس فرمایا حضرت نے کہ کھا اپنے داہنے ہاتھ سے عرض کیا کہ نہیں کھا سکتا ہوں فرمایا نہ کھا سکیو نہ باز رکھا اس کو مگر تکبر نے کہا راوی نے پس نہ اٹھا سکتا تھا داہنا ہاتھ اپنے منہ تک

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ أَهْلَ الْمَدِينَةِ فَزِعُوا مَرَّةً فَرَكِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا لِأَبِي طَلْحَةَ بَطِيئًا

روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہ تحقیق مدینے والے ڈرے ایکبار پس سوار ہو نبی صلے اللہ علیہ وسلم گھوڑے پر ابی طلحہ کے جو سست رو تھا

وَكَانَ يَقْطِفُ فَلَمَّا رَجَعَ قَالَ وَجَدْنَا فَرَسَكُمْ هٰذَا بَحْرًا فَكَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ لَا يُجَارَى وَفِي رِوَايَةٍ فَمَا سُبِقَ بَعْدَ

اور قدم نزدیک نزدیک رکھتا تھا پس جب پھرے حضرت فرمایا کہ پایا ہم نے اس تمہارے گھوڑے کو دریا سو ہو گیا وہ بعد اس کے ایسا کہ کوئی گھوڑا اس کے ساتھ چل نہیں سکتا تھا اور ایک روایت میں ہے

ذٰلِكَ الْيَوْمِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ تُوُفِّيَ أَبِي وَعَلَيْهِ دَيْنٌ فَعَرَضْتُ عَلَى غُرَمَائِهِ أَنْ يَأْخُذُوا التَّمْرَ بِمَا عَلَيْهِ

اس دن سے کوئی گھوڑا آگے نہ نکلا روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے جابر سے کہا وفات پائی میرے باپ نے اور ان پر قرض تھا سو پیش کیا میں نے ان کے قرضخواہوں سے کہ لیویں کھجوریں بدلے اس قرض کے جو میرے باپ پر تھا

فَأَبَوْا فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ قَدْ عَلِمْتَ أَنَّ وَالِدِي قَدِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أُحُدٍ وَتَرَكَ دَيْنًا كَثِيرًا

سو نہ مانا انہوں نے پھر آیا میں نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اور عرض کیا کہ آپ جانتے ہیں کہ باپ میرا شہید ہو گیا ہے روز احد کے اور چھوڑا ہے قرض بہت

وَإِنِّي أُحِبُّ أَنْ يَرَاكَ الْغُرَمَاءُ فَقَالَ لِي اذْهَبْ فَبَيْدِرْ كُلَّ تَمْرٍ عَلَى نَاحِيَةٍ فَفَعَلْتُ ثُمَّ دَعَوْتُهُ فَلَمَّا نَظَرُوا إِلَيْهِ كَأَنَّهُمْ

اور میں چاہتا ہوں کہ دیکھیں آپ کو قرضخواہ پس فرمایا حضرت نے جا اور ڈھیر لگا ہر قسم کھجور کی علحدہ علحدہ پس کیا میں نے اور بلایا میں نے حضرت کو پھر جب دیکھا قرضخواہوں نے حضرت کو گویا کہ وہ

أُغْرُوا بِي تِلْكَ السَّاعَةَ فَلَمَّا رَأَى مَا يَصْنَعُونَ طَافَ حَوْلَ أَعْظَمِهَا بَيْدَرًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ جَلَسَ عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ ادْعُ

دلیر کئے گئے مجھ پر اس وقت پھر جب دیکھا حضرت نے جو کرتے تھے پھرے گرد بڑے ڈھیر کے تین بار پھر بیٹھے اس پر اور حکم فرمایا کہ بلا میرے پاس

اصحابك فما زال يكيل لهم حتى ادى الله عن والدي امانته وانا ارضى ان يؤدي الله امانته والدي ولا

اپنے قرضخواہوں کو دا بھر لگے ناپنے کو انکے لئے یہاں تک کہ ادا کیا اللہ تعالیٰ نے میرے باپ سے دین کا اور میں راضی تھا کہ ادا کر اللہ تعالیٰ دین میرے باپ کا اور نہ

ارجع الى اخواتي بتمرة فسلم الله البيادر كلها وحتى اني انظر الى البيدر الذي كان عليه النبي صلى الله عليه واله وسلم

لیجاؤں بلکہ طرف اپنے بہنوں کے ایک کھجور بھی پس سلامت رکھی اللہ تعالیٰ نے سب ڈھیر یں اور یہاں تک کہ تحقیق میں دیکھتا تھا طرف اس ڈھیر کے جس پر بیٹھے تھے نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم

كانها لم تنقص تمرة واحدة رواه البخاري وعنه قال ان ام مالك كانت تهدي للنبي صلى الله عليه واله وسلم

گویا کہ نہیں کم ہوا اسمیں سے ایک کھجور روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ ام مالک ہدیہ بھیجتی تھی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے

في عكة لها سمنا فياتيها بنوها فيسالون الادم وليس عندهم شيء فتعمد الى الذي كانت تهدي فيه للنبي صلى الله

اپنی کپی میں گھی سو آتے ام مالک پاس بیٹے اسکے اور مانگتے سالن کو حالانکہ نہ ہوتا انکے پاس کچھ سو قصد کرتی طرف اس ظرف کے جو ہدیہ بھیجتی تھی اسمیں نبی صلے اللہ

عليه واله وسلم فتجد فيه سمنا فما زال يقيم لها ادم بيتها حتى عصرته فاتت النبي صلى الله عليه واله وسلم

علیہ والہ وسلم کے لئے پس پاتی اسمیں گھی سو ہمیشہ رہتا تھا قائم ام مالک کے لئے سالن گھر کا اسکے یہاں تک کہ نچوڑا ام مالک نے اسکو پھر آئی ام مالک نبی صلے اللہ علیہ وسلم پاس

فقال عصرتيها قالت نعم قال لو تركتيها ما زال قائما رواه مسلم وعن انس قال قال ابو طلحة لام سليم

سو فرمایا حضرت نے کیا نچوڑا تو اس کپی کو کہا اسنے ہاں فرمایا حضرت نے اگر چھوڑتی تو اسکو تو ہمیشہ رہتا سالن گھر کا قائم روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا ابو طلحہ نے ام سلیم کے لئے

لقد سمعت صوت رسول الله صلى الله عليه واله وسلم ضعيفا اعرف فيه الجوع فهل عندك من شيء فقالت

تحقیق سنی میں نے آواز رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی ناتوان پہچانتا ہوں میں اسمیں بھوک سو کیا ہے تیرے پاس کچھ کہا ام سلیم نے

نعم فاخرجت اقراصا من شعير ثم اخرجت خمارا لها فلفت الخبز ببعضه ثم دسته تحت يدي

کہ ہاں ہے کچھ سو نکالیں ام سلیم نے کئی روٹیاں جو کی پھر نکالی اوڑھنی اپنی اور لپیٹی روٹیوں کو اسکے ایک کونے میں پھر چھپا دیا اسکو میرے ہاتھ کے نیچے

ولاثتني ببعضه ثم ارسلتني الى رسول الله صلى الله عليه واله وسلم فذهبت به فوجدت رسول الله

اور عمامہ کیا میرا ساتھ اس بعض کے پھر بھیجا مجھکو طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے سو لیگیا میں وے روٹیاں حضرت کے پاس تو پایا میں رسول خدا

صلى الله عليه واله وسلم في المسجد ومعه الناس فسلمت عليهم فقال لي رسول الله صلى الله عليه واله

صلے اللہ علیہ وسلم کو مسجد میں اس حال میں کہ تھے ساتھ حضرت کے لوگ واں سو سلام کی میں نے ان پر پس فرمایا مجھکو رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ

وسلم ارسلك ابو طلحة قلت نعم قال بطعام قلت نعم فقال رسول الله صلى الله عليه واله وسلم لمن معه

وسلم نے کیا بھیجا ہے تجھکو ابو طلحہ نے عرض کیا میں نے ہاں فرمایا کیا ساتھ طعام کے بھیجا عرض کیا میں نے ہاں پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو جو ساتھ تھے

قوموا فانطلق وانطلقت بين ايديهم حتى جئت ابا طلحة فاخبرته فقال ابو طلحة يا ام سليم قد جاء

کھڑے ہو پھر چلے حضرت اور چلا میں بھی آگے حضرت کے یہاں تک کہ آیا میں ابو طلحہ کے پاس اور خبر دی میں نے اسکو پس کہا ابو طلحہ نے ای ام سلیم تحقیق تشریف لائے

رسول الله صلى الله عليه واله وسلم بالناس وليس عندنا ما نطعمهم فقالت الله ورسوله اعلم فانطلق ابو طلحة

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ساتھ لوگوں کے اور نہیں ہے ہمارے پاس کچھ کہ کھلاویں ہم ان کو کہا ام سلیم نے اللہ اور رسول اسکا دانا تر ہے پھر چلے ابو طلحہ

حتى لقي رسول الله صلى الله عليه واله وسلم فاقبل رسول الله صلى الله عليه واله وسلم وابو طلحة معه

یہاں تک کہ ملے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے پس تشریف لائے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم اور ابو طلحہ ساتھ آپ کے

فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم هلمي يا أم سليم ما عندك فأتت بذلك الخبز فأمر به رسول الله
سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لا اے ام سلیم جو کچھ کہ تیرے پاس ہے پس لے آئیں وہی روٹیاں اور حکم کیا روٹیاں توڑنے کا رسول خدا
صلى الله عليه وآله وسلم ففت وعصرت أم سليم عكة فأدمته ثم قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم
صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر ریزہ ریزہ کی گئیں اور نچوڑا ام سلیم نے ظرف گھی کا پس سالن کیا اس گھی کو پھر فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
فيه ما شاء الله أن يقول ثم قال ائذن لعشرة فأذن لهم فأكلوا حتى شبعوا ثم خرجوا ثم قال ائذن لعشرة
اس روٹی سالن میں جو کچھ کہ چاہا اللہ نے کہ کہیں پھر فرمایا حضرت نے کہ اذن دے دس کو پس بلایا دس کو پس کھایا انہوں نے یہاں تک کہ سیر ہوئے اور نکلے پھر فرمایا کہ بلا اور دس کو
ثم لعشرة فأكل القوم كلهم وشبعوا والقوم سبعون أو ثمانون رجلا متفق عليه وفي رواية لمسلم أنه قال
پھر اور دس کو تک سو کھایا سارے قوم نے اور سیر ہوئے اور قوم ستر یا اسی آدمی تھے ۰ ق ۰ اور ایک روایت میں مسلم کے ہے کہ حضرت نے فرمایا
ائذن لعشرة فدخلوا فقال كلوا وسموا الله فأكلوا حتى فعل ذلك بثمانين رجلا ثم أكل النبي صلى الله
کہ اذن دے دس کو پھر آگئے وے دس تب فرمایا حضرت نے کھاؤ اور نام لو اللہ کا سو کھایا انہوں نے یہاں تک کہ کیا یہ اسی آدمی کے ساتھ پھر کھایا نبی صلے اللہ
عليه وآله وسلم وأهل البيت وترك سؤرا وفي رواية للبخاري قال أدخل علي عشرة حتى عد أربعين ثم
علیہ وآلہ وسلم نے اور گھر والے ابو طلحہ کے اور چھوڑ دیا باقی اور ایک روایت میں بخاری کی ہے کہ فرمایا حضرت نے داخل کر مجھ پر دس آدمی یہاں تک کہ گنا چالیس کو پھر
أكل النبي صلى الله عليه وآله وسلم فجعلت أنظر هل نقص منها شيء وفي رواية لمسلم ثم أخذ ما بقي فجمعه ثم
کھایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اور میں اس کو دیکھتا تھا کیا کم ہوا ہے اس میں سے کچھ یا نہیں اور ایک روایت میں مسلم کی ہے پھر لیا حضرت نے باقی کو اور جمع کیا اس کو پھر
دعا فيه بالبركة فعاد كما كان فقال دونكم هذا وعن أنس قال أتي النبي صلى الله عليه وآله وسلم بإناء وهو بالزوراء
دعا کی اس میں برکت کی پس ہو گیا جیسا کہ تھا سو فرمایا حضرت نے کہ لو اور کھاؤ اس کو اور روایت ہے انس سے کہا لایا گیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک برتن جس حال کہ آپ زوراء میں تھے
فوضع يده في الإناء فجعل الماء ينبع من بين أصابعه فتوضأ القوم قال قتادة قلت لأنس كم كنتم قال
سو رکھا حضرت نے ہاتھ اپنا بیچ برتن کے تو لگا پانی نکلنے کو آپ کے انگلیوں کے درمیان سے پس وضو کیا قوم نے کہا قتادہ نے کہا میں نے انس کو کہ کتنے تھے تم کہا
ثلاثمائة أو زهاء ثلاثمائة متفق عليه وعن عبد الله بن مسعود قال كنا نعد الآيات بركة وأنتم تعدونها
تین سو یا بمقدار تین سو کے ۰ ق ۰ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہا کہ تھے ہم گنتے آیتوں کو سبب برکت کا اور تم ان کو شمار کرتے ہو
تخويفا كنا مع رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم في سفر فقل الماء فقال اطلبوا فضلة من ماء فجاؤوا بإناء
سبب ڈرانے کا تھے ہم ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کسی سفر میں سو کم ہوا پانی تب فرمایا حضرت نے کہ ڈھونڈو بچا ہوا پانی پس لے آئے ایک برتن
فيه ماء قليل فأدخل يده في الإناء ثم قال حي على الطهور المبارك والبركة من الله ولقد رأيت الماء ينبع
کہ اس میں تھوڑا سا پانی تھا پس داخل کیا حضرت نے دست مبارک اپنا بیچ برتن کے اور فرمایا کہ آؤ پانی پاک برکت والی پر اور برکت خدا تعالی کی طرف سے ہے اور تحقیق دیکھا میں نے پانی کو کہ نکلتا تھا
من بين أصابع رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ولقد كنا نسمع تسبيح الطعام وهو يؤكل رواه البخاري
درمیان سے انگلیاں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور البتہ تحقیق تھے ہم سنتے تسبیح کہنی طعام کی جس حال میں کہ کھایا جاتا تھا طعام روایت کیا اس کو بخاری نے
وعن أبي قتادة قال خطبنا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال إنكم تسيرون عشيتكم وليلتكم وتأتون
اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہا خطبہ پڑھا ہمارے لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور فرمایا کہ تحقیق تم چلو گے اس اول شب اور رات کو بھی اور پاؤ گے تم

الماء إن شاء الله غدا فانطلق الناس لا يلوي أحد على أحد قال أبو قتادة فبينما رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

پانی کو اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا کل کو پس چلے لوگ اس حال میں کہ نہیں التفات کرتا تھا کوئی کسی کی طرف کہا ابو قتادہ نے اس وقت رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم

يسير حتى ابهار الليل فمال عن الطريق فوضع رأسه ثم قال احفظوا علينا صلاتنا فكان أول من استيقظ

چلے جاتے تھے یہاں تک کہ آدھی رات ہوئی پس ایک طرف ہو گئے راستہ سے پس سر رکھا حضرت نے سر اپنا اور فرمایا کہ نگہبانی کرو ہم پر ہماری نماز کی پس سوا اول جاگنے والوں کے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم والشمس في ظهره ثم قال اركبوا فركبنا فسرنا حتى إذا ارتفعت الشمس نزل

رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم تھے اس حال میں کہ دھوپ پیٹھ پر تھی حضرت کے پھر فرمایا سوار ہو پس سوار ہوئے ہم پس چلے ہم یہاں تک کہ جب بلند ہوا آفتاب اترے

ثم دعا بميضاة كانت معي فيها شيء من ماء فتوضأ منها وضوءا دون وضوء قال وبقي فيها شيء من

پھر منگایا باسن وضو کا جو تھا ساتھ میرے اس میں تھا کچھ پانی پس وضو کیا حضرت نے اس پانی سے وضو کم بہ نسبت اور وضوؤں کے کہا ابو قتادہ نے اور باقی رہا اس باسن میں کچھ

ماء ثم قال احفظ علينا ميضاتك فسيكون لها نبأ ثم أذن بلال بالصلوة فصلى رسول الله صلى الله عليه

پانی پھر فرمایا حضرت نے نگاہ رکھ ہمارے لئے میضاۃ اپنا پس نزدیک ہے کہ ہو گی واسطے اس کے ایک خبر پھر اذان کہی بلال نے واسطے نماز کے اور نماز پڑھی رسول خدا صلے اللہ علیہ

وآله وسلم ركعتين ثم صلى الغداة وركب وركبنا معه فانتهينا إلى الناس حين امتد النهار وحمي كل شيء

والہ وسلم نے دو رکعتیں پھر پڑھی نماز فرض صبح کی اور سوار ہوئے حضرت اور سوار ہوئے ہم ساتھ آپ کے سو پہنچے ہم طرف لوگوں کی جب دن چڑھا اور گرم ہوئی ہر چیز

وهم يقولون يا رسول الله هلكنا وعطشنا فقال لا هلك عليكم ودعا بالميضاة فجعل يصب وأبو قتادة

اور حال یہ کہ لوگ کہتے تھے یا رسول اللہ ہلاک ہوئے ہم اور پیاسے ہوئے ہم پس فرمایا حضرت نے نہیں ہلاکت تم پر اور منگوایا وضو کا باسن اور لگے حضرت پانی ڈالنے اور ابو قتادہ

يسقيهم فلم يعد أن رأى الناس ماء في الميضاة تكابوا عليها فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أحسنوا

پانی پلاتے تھے لوگوں کو پس نہ تجاوز کیا دیکھنا لوگوں کا پانی کو میضاۃ میں کہ اژدحام کیا اس باسن پر پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے نیک کرو

الملأ كلكم سيروى قال ففعلوا فجعل رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يصب وأسقيهم حتى ما بقي غيري

خلق کو تم سب سیراب ہو جاؤ گے کہا راوی نے پس کیا سب نے سو ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم ڈالتے تھے پانی اور میں پلاتا تھا لوگوں کو یہاں تک کہ نہ باقی رہا

وغير رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ثم صب فقال لي اشرب فقلت لا أشرب حتى تشرب يا رسول الله

اور سوا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے پھر ڈالا پانی اور فرمایا مجھ کو پی عرض کیا میں نے نہ پیوں گا میں جب تک نہ پیویں آپ یا رسول اللہ

فقال إن ساقي القوم آخرهم قال فشربت وشرب قال فأتى الناس الماء جامين رواء رواه مسلم هكذا

پس فرمایا کہ تحقیق پلانے والا قوم کا آخر ان کا پیتا ہے کہا ابو قتادہ نے پس پیا میں نے اور پیا حضرت نے کہا ابو قتادہ نے پہنچے لوگ پانی کو اس حال میں کہ آرام پائے ہوئے اور سیراب ہوئے روایت کیا اس کو

في صحيحه وكذا في كتاب الحميدي وجامع الأصول وزاد في المصابيح بعد قوله آخرهم لفظة شربا

صحیح مسلم میں اور ایسا ہی کتاب حمیدی اور جامع الاصول میں ہے اور زیادہ کیا مصابیح میں بعد لفظ آخرہم کے لفظ شربا کا

وعن أبي هريرة قال لما كان يوم غزوة تبوك أصاب الناس مجاعة فقال عمر يا رسول الله ادعهم بفضل

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا جبکہ ہوا دن غزوہ تبوک کا پہنچی لوگوں کو بھوک کہا عمر نے یا رسول اللہ منگوائیے لوگوں سے بچا ہوا

أزوادهم ثم ادع الله لهم عليها بالبركة فقال نعم فدعا بنطع فبسط ثم دعا بفضل أزوادهم فجعل الرجل

توشہ ان کا پھر دعا کیجئے اللہ سے ان کے لئے اس پر برکت کی پس فرمایا حضرت نے اچھا پھر منگوایا دسترخوان چمڑے کا اور بچھایا گیا پھر منگوایا بچا ہوا توشہ ان کا پس لگا ہر شخص

يَجِيْءُ بِكَفِّ ذُرَةٍ وَيَجِيْءُ الْآخَرُ بِكَفِّ تَمْرٍ وَيَجِيْءُ الْآخَرُ بِكِسْرَةٍ حَتَّى اجْتَمَعَ عَلَى النِّطَعِ شَيْءٌ يَسِيْرٌ فَدَعَا رَسُوْلُ

کہ لاتا تھا ایک مٹھی جینے کی اور لاتا تھا دوسرا مٹھی کھجور کی اور لاتا تھا کوئی شخص ٹکڑا روٹی کا یہاں تک کہ جمع ہو دسترخوان پر تھوڑی سی چیز پس دعا کی رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِالْبَرَكَةِ ثُمَّ قَالَ خُذُوْا فِيْ اَوْعِيَتِكُمْ فَاَخَذُوْا فِيْ اَوْعِيَتِهِمْ حَتّٰى مَا تَرَكُوْا فِي

خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے برکت کی پھر ارشاد فرمایا لو اپنے باسنوں میں سو لیا لوگوں نے اپنے باسنوں میں یہاں تک کہ نہ چھوڑا

الْعَسْكَرِ وِعَاءً اِلَّا مَلَؤُوْهُ قَالَ فَاَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا وَفَضَلَتْ فَضْلَةٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

لشکر میں کوئی باسن مگر بھر دیا اسکو کہا ابوہریرہ نے پس کھایا ساری لشکر نے یہاں تک کہ سیر ہوئے اور باقی رہا بقیہ بہت ۲ پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

وَسَلَّمَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَا يَلْقَى اللّٰهَ بِهِمَا عَبْدٌ غَيْرُ شَاكٍّ فَيُحْجَبَ عَنِ الْجَنَّةِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

وسلم نے گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور تحقیق میں ہوں رسول اللہ کا نہ ملیگا اللہ تعالیٰ سے ان دونوں کے ساتھ کوئی بندہ شک نہ کرنے والا اور روکا جاوے جنت سے روایت کیا اسکو مسلم نے

وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَرُوْسًا بِزَيْنَبَ فَعَمَدَتْ اُمِّيْ اُمُّ سُلَيْمٍ اِلٰى تَمْرٍ وَسَمْنٍ وَاَقِطٍ فَصَنَعَتْ

اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نیا نکاح کئے ہوئے ساتھ زینب کے سو ارادہ کیا میری ماں ام سلیم نے طرف کھجور اور گھی اور قروت کے اور بنایا

حَيْسًا فَجَعَلَتْهُ فِيْ تَوْرٍ فَقَالَتْ يَا اَنَسُ اذْهَبْ بِهٰذَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقُلْ بَعَثَتْ بِهٰذَا اِلَيْكَ

مالیدہ پھر رکھا اسکو ایک پیالے میں اور کہا اے انس لیجا اسکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اور عرض کر کہ بھیجا ہے اسکو طرف آپ کے

اُمِّيْ وَهِيَ تُقْرِئُكَ السَّلَامَ وَتَقُوْلُ اِنَّ هٰذَا لَكَ مِنَّا قَلِيْلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَذَهَبْتُ بِهٖ فَقُلْتُ فَقَالَ ضَعْهُ ثُمَّ قَالَ اذْهَبْ

میری ماں اور وہ آپ کو سلام کہتی ہے اور عرض کیا ہے کہ یہ تحقیق آپکے لئے ہے ہماری طرف سے تھوڑا یا رسول اللہ پس لے گیا میں اسکو اور عرض کیا میں نے پس فرمایا رکھ دے اسکو پھر فرمایا جا

فَادْعُ لِيْ فُلَانًا وَفُلَانًا وَفُلَانًا رِجَالًا سَمَّاهُمْ وَادْعُ لِيْ مَنْ لَقِيْتَ فَدَعَوْتُ مَنْ سَمّٰى وَمَنْ لَقِيْتُ فَرَجَعْتُ فَاِذَا الْبَيْتُ

اور بلا لا میرے پاس فلانے اور فلانے اور فلانے شخصوں کو جو نام لیا تھا حضرت نے انکا اور بلا لا میرے پاس جس کو ملے تو پس سو بلایا میں نے ان کو جنکا نام لیا تھا حضرت نے اور انکو بھی جن سے ملا میں پھر پلٹ کر آیا میں تو ناگہاں گھر

غَاصٌّ بِاَهْلِهٖ قِيْلَ لِاَنَسٍ عَدَدُكُمْ كَمْ كَانُوْا قَالَ زُهَاءَ ثَلٰثِمِائَةٍ فَرَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَضَعَ يَدَهٗ عَلٰى تِلْكَ

بھرا ہوا تھا لوگوں سے کسی نے پوچھا انس سے شمار تمہارا کتنا تھا کہا بقدر تین سو کے پس دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو رکھے تھے دست مبارک اپنا اس

الْحَيْسَةِ وَتَكَلَّمَ بِمَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ جَعَلَ يَدْعُوْ عَشَرَةً عَشَرَةً يَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَقُوْلُ لَهُمُ اذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ وَلْيَاْكُلْ كُلُّ

حلوے پر اور کلام کیا ساتھ اس چیز کے کہ چاہا اللہ تعالیٰ نے پھر شروع کیا حضرت نے بلانا دس دس کو اور لگے کھانے تھے وہ اس میں سے اور فرماتے تھے حضرت انکو یاد کرو نام اللہ کا اور چاہئے کہ کھاوے

رَجُلٍ مِّمَّا يَلِيْهِ قَالَ فَاَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا فَخَرَجَتْ طَائِفَةٌ وَّدَخَلَتْ طَائِفَةٌ حَتّٰى اَكَلُوْا كُلُّهُمْ قَالَ لِيْ يَا اَنَسُ ارْفَعْ فَرَفَعْتُ

شخص اس طرف سے کہ نزدیک ہے اس کے کہا انس نے پس کھایا سب نے یہاں تک کہ سیر ہوئے پس نکلتی تھی ایک جماعت اور داخل ہوتی تھی ایک جماعت یہاں تک کہ کھا چکے سب کہا مجھکو اے انس اٹھا لے سو اٹھا لیا میں نے

فَمَا اَدْرِيْ حِيْنَ وَضَعْتُ كَانَ اَكْثَرَ اَمْ حِيْنَ رَفَعْتُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

پس نہیں جانتا ہوں میں کہ جس وقت رکھا تھا میں نے تھا وہ زیادہ یا جس وقت اٹھایا میں نے ۱۲ متفق × اور روایت ہے جابر سے کہا غزوہ کیا میں نے ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ و

اٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَنَا عَلٰى نَاضِحٍ قَدْ اَعْيٰى فَلَا يَكَادُ يَسِيْرُ فَتَلَاحَقَ بِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا لِبَعِيْرِكَ قُلْتُ قَدْ

وآلہ وسلم کے اس حال میں کہ میں سوار تھا اوپر اونٹ آب کشی کے کہ تھک گیا تھا پس قریب تھا کہ نہ چل سکے پس آ ملے مجھ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا کیا ہے تیرے اونٹ کو

عَيِيَ فَتَخَلَّفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَزَجَرَهٗ فَدَعَا لَهٗ فَمَا زَالَ بَيْنَ يَدَيِ الْاِبِلِ قُدَّامَهَا يَسِيْرُ فَقَالَ لِيْ كَيْفَ

تھک گیا ہے پس پیچھے ہوئے اسکے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ہانکا اسکو اور دعا کی اسکے لئے پس ہمیشہ تھا وہ اونٹ آگے آگے چلتا تھا پس فرمایا مجھکو کیسا

تری بعیرك قلت بخیر قد اصابته برکتك قال افتبیعنیه بوقیة فبعته علی ان لی فقار ظهره الی المدینة فلما

قدم رسول الله المدینة غدوت علیه بالبعیر فاعطانی ثمنه وردّه علیّ متفق علیه وعن ابی حمید الساعدی

قال خرجنا مع رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم غزوة تبوك فاتینا وادی القری علی حدیقة لامرأة فقال

کہا کہ نکلے ہم ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوۂ تبوک میں پس آئے ہم وادی قری میں ایک باغیچہ پر کسی عورت کے پس فرمایا

رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم اخرصوها فخرصناها وخرصها رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم عشرة اوسق

رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اندازہ کرو اسکے درختوں کے میوہ کا پس اندازہ کیا ہم نے اسکو اور اندازہ کیا اسکا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دس وسق

وقال احصیها حتی نرجع الیك ان شاء الله تعالی وانطلقنا حتی قدمنا تبوك فقال رسول الله صلی الله

علیه وآله وسلم ستهب علیکم اللیلة ریح شدیدة فلا یقم فیها احد فمن کان له بعیر فلیشد عقاله فهبت

ریح شدیدة فقام رجل فحملته الریح حتی القته بجبلی طیء ثم اقبلنا حتی قدمنا وادی القری فسأل رسول

الله صلی الله علیه وآله وسلم المرأة عن حدیقتها کم بلغ ثمرها فقالت عشرة اوسق متفق علیه وعن ابی ذر

قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم انکم ستفتحون مصر وهی ارض یسمی فیها القیراط فاذا فتحتموها

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے تحقیق تم قریب ہے کہ فتح کرو گے مصر کو

فاحسنوا الی اهلها فان لهم ذمة ورحما او قال ذمة وصهرا فاذا رأیتم رجلین یختصمان فی موضع لبنة فاخرج

منها قال فرأیت عبد الرحمن بن شرحبیل بن حسنة واخاه ربیعة یختصمان فی موضع لبنة فخرجت منها

رواه مسلم وعن حذیفة عن النبی صلی الله علیه وآله وسلم قال فی اصحابی وفی روایة قال فی امتی اثنا عشر

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے حذیفہ سے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا بیچ صحابیوں میرے اور ایک روایت میں ہے فرمایا بیچ امت میری کے بارہ

منافقا لا یدخلون الجنة ولا یجدون ریحها حتی یلج الجمل فی سم الخیاط ثمانیة منهم تکفیهم الدبیلة

سراج من نار یظهر فی اکتافهم حتی ینجم فی صدورهم رواه مسلم وسنذکر حدیث سهل بن سعد

لأعطين هذه الراية غدا في باب مناقب علي رضي الله عنه وحديث جابر ارتقى تصعد الثنية في جامع

کہ اسکا سرا ہے لاعطین ہذہ الرایۃ غدا باب مناقب علی رضی اللہ عنہ کے اور حدیث جابر کی کہ اسکا سرا ہے من تصعد الثنیۃ

المناقب إن شاء الله تعالى

الفصل الثاني

عن أبي موسى قال خرج أبو طالب إلى الشام وخرج معه النبي صلى الله

المناقب میں اگر چاہا اللہ تعالی فصل دوسری روایت ہے ابی موسے سے کہا نکلے ابو طالب طرف شام کے اور نکلے ساتھ انکے نبی صلے اللہ

عليه وآله وسلم في أشياخ من قريش فلما أشرفوا على الراهب هبطوا فحلوا رحالهم فخرج إليهم الراهب وكانوا قبل

علیہ وآلہ وسلم درمیان شیخوں کے قریش سے پھر جب اوپر ہوئے راہب کے اترے اور کھولے کجاوے اپنے پس باہر نکلا طرف انکے راہب اور تھے پہلے

ذلك يمرون فلا يخرج إليهم قال فهم يحلون رحالهم فجعل يتخللهم الراهب حتى جاء فأخذ بيد رسول الله صلى

اسکے گذرتے تھے اس مکان پر پس نکلتا تھا وہ کبھی طرف انکے کہا راوی نے پس وہ کھولتے تھے کجاوے اپنے پس ڈھونڈھنے لگا ان کے درمیان راہب یہانتک کہ آیا اور پکڑا ہاتھ رسول خدا صلے

الله عليه وآله وسلم قال هذا سيد العالمين هذا رسول رب العالمين يبعثه الله رحمة للعالمين فقال له أشياخ من

اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کہا یہ ہے سردار عالمین کا یہ ہے رسول رب العالمین کا بھیجے گا اسکو اللہ تعالی سبب رحمت کا سارے عالم کے لئے پس کہا اسکو قریش کے شیخوں نے

قريش ما علمك فقال إنكم حين أشرفتم من العقبة لم يبق شجر ولا حجر إلا خر ساجدا ولا يسجدان إلا لنبي وإني

کہاں سے جانتا ہے تو پس کہا راہب نے تحقیق تم جس وقت ظاہر ہوئے تم عقبہ سے باقی نہ رہا کوئی درخت اور کوئی پتھر مگر گرا سجدہ کرتا ہوا اور نہیں سجدہ کرتے درخت اور پتھر مگر نبی کو اور تحقیق

أعرفه بخاتم النبوة أسفل من غضروف كتفه مثل التفاحة ثم رجع فصنع لهم طعاما فلما أتاهم به وكان هو في رعية

جانتا ہوں اسکو بسبب مہر نبوت کے نیچے ہڈی اسکے شانہ کے مانند سیب کے پھر پلٹ گیا اور تیار کیا ان کے لئے کھانا پھر جب کہ لایا انکے پاس کھانا اور تھے حضرت چرانے میں

الإبل فقال أرسلوا إليه فأقبل وعليه غمامة تظله فلما دنا من القوم وجدهم قد سبقوه إلى فيء الشجرة فلما جلس مال

اونٹوں کے پس کہا راہب نے کہ بھیجو کسیکو انکے پاس پس تشریف لائے حضرت حال یہ کہ آپ پر ابر تھا سایہ کیا تھا آپ کو پھر جب نزدیک ہوئے قوم کے پایا ان کو کہ سبقت کی طرف سایہ درخت کے پھر جب بیٹھے حضرت

فيء الشجرة عليه فقال انظروا إلى فيء الشجرة مال عليه فقال أنشدكم الله أيكم وليه قالوا أبو طالب فلم يزل يناشده حتى رده

سایہ درخت کا حضرت پر تب کہا راہب نے کہ دیکھو طرف سایہ درخت کے جھک آیا ہے ان پر پس کہا راہب نے قسم دیتا ہوں تمہیں ساتھ اللہ کی کہ کون تم میں صاحب اسکا ہے کہا لوگوں نے ابو طالب ہیں پس ہمیشہ رہا قسم دیتا ابو طالب کو یہانتک کہ پھیر دیا حضرت کو

أبو طالب وبعث معه أبو بكر بلالا وزوده الراهب من الكعك والزيت رواه الترمذي وعن علي بن أبي طالب رضي الله عنه

ابو طالب نے واپس اور بھیجا ساتھ حضرت کے ابو بکر نے بلال کو اور توشہ ہمراہ کر دیا حضرت کے راہب نے کعک اور روغن زیت سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے

قال كنت مع النبي صلى الله عليه وآله وسلم بمكة فخرجنا في بعض نواحيها فما استقبله جبل ولا شجر إلا وهو يقول

کہا تھا میں ساتھ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مکہ میں سو نکلے ہم بعض جانب میں مکہ کے پھر سامنے آیا حضرت کے کوئی پہاڑ اور نہ کوئی درخت مگر وہ کہتا تھا

السلام عليك يا رسول الله رواه الترمذي والدارمي وعن أنس أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم أتي بالبراق ليلة

السلام علیک یا رسول اللہ روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے انس سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے لائی گئی براق شب

أسري به ملجما مسرجا فاستصعب عليه فقال له جبرئيل أبمحمد تفعل هذا فما ركبك أحد أكرم على الله منه

اسراء میں لگام دیا ہوا زین کسا ہوا پس سرکشی کی براق نے حضرت پر پس کہا اسکو جبرئیل نے کیا ساتھ محمد کے کرتا ہے تو سرکشی پس نہیں سوار ہوا تجھ پر کوئی زیادہ گرامی ہو اللہ کے نزدیک

قال فارفض عرقا رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن بريدة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

کہا راوی نے پس پسینہ پسینہ ہو گیا براق روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

لما انتهينا الى بيت المقدس قال جبرئيل باصبعه فخرق بها الحجر فشد به البراق رواه الترمذي وعن يعلى بن مرة

الثقفي قال ثلاثة اشياء رأيتها من رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم بينا نحن نسير معه اذ مررنا ببعير يسنى عليه فلما رآه

البعير جرجر فوضع جرانه فوقف عليه النبي صلى الله عليه وآله وسلم فقال اين صاحب هذا البعير فجاءه فقال بعنيه

فقال بل نهبه لك يا رسول الله وانه لاهل بيت ما لهم معيشة غيره قال اما اذ ذكرت هذا من امره فانه شكى كثرة

العمل وقلة العلف فاحسنوا اليه ثم سرنا حتى نزلنا منزلا فنام النبي صلى الله عليه وآله وسلم فجاءت شجرة تشق

الارض حتى غشيته ثم رجعت الى مكانها فلما استيقظ رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ذكرت له ذلك فقال

هي شجرة استأذنت ربها في ان تسلم على رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فاذن لها قال ثم سرنا فمررنا بماء فاتته

امرأة بابن لها به جنة فاخذ النبي صلى الله عليه وآله وسلم بمنخره فقال اخرج فاني محمد رسول الله ثم سرنا فلما رجعنا

بذلك الماء فسألها عن الصبي فقالت والذي بعثك بالحق ما رأينا منه ريبا بعدك رواه في شرح السنة وعن

ابن عباس قال ان امرأة جاءت بابن لها الى النبي صلى الله عليه وآله وسلم فقالت يا رسول الله ان ابني به جنون وانه

ليأخذه عند غدائنا وعشائنا فمسح رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم صدره ودعا فثع ثعة وخرج من جوفه

مثل الجرو الاسود يسعى رواه الدارمي وعن انس قال جاء جبرئيل الى النبي صلى الله عليه وآله وسلم وهو جالس حزين

قد تخضب بالدم من فعل اهل مكة فقال يا رسول الله هل تحب ان نريك آية قال نعم فنظر الى شجرة من ورائه

فقال ادع بها فدعا بها فجاءت فقامت بين يديه فقال مرها فلترجع فامرها فرجعت فقال رسول الله صلى الله

عليه وآله وسلم حسبي حسبي رواه الدارمي وعن ابن عمر رض قال كنا مع النبي صلى الله عليه وآله وسلم في سفر

علیہ والہ وسلم نے کفایت ہے مجھکو کفایت ہے مجھکو روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا کہ تھے ہم ساتھ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے کسی سفر میں

فاقبل اعرابي فلما دنا قال له رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم تشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له وان

پس روبرو آیا ایک گنوار پھر جب نزدیک ہوا فرمایا اسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کیا گواہی دیتا ہے تو کہ نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے کہ اکیلا ہے نہیں کوئی شریک اسکا اور یہ کہ

محمدا عبده ورسوله قال ومن يشهد على ما تقول قال هذه السلمة فدعاها رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وهو

محمد بندہ ہے اسکا اور رسول اسکا ہے عرض کیا اور کون ہے کہ گواہی دیگا اس بات پر جو فرماتے ہو فرمایا حضرت نے یہ درخت کیکر کا پس بلایا اسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے حالانکہ

بشاطئ الوادي فاقبلت تخد الارض حتى قامت بين يديه فاستشهدها ثلثا فشهدت ثلثا انه كما قال ثم رجعت

کنارے پر نالے کے تھے پس آیا وہ جھاڑ پھاڑتا ہوا زمین کو یہانتک کہ کھڑا ہوا روبرو حضرت کے پس گواہی طلب کی اس سے حضرت نے تین بار پھر گواہی دی اسنے تین بار کہ واقع آپ ایسے ہی ہیں جیسا فرمایا پھر چلا

الى منبتها رواه الدارمي وعن ابن عباس قال جاء اعرابي الى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال بما اعرف

طرف جگہہ اپنے روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا آیا ایک گنوار نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس عرض کیا ساتھ کس دلیل کے جانوں میں

انك نبي قال ان دعوت هذا العذق من هذه النخلة يشهد اني رسول الله فدعاه رسول الله عليه السلام فجعل

کہ آپ نبی ہیں ارشاد کیا حضرت نے اگر بلاؤں میں اس خوشہ کو اس کھجور کے درخت میں سے گواہی دیتا ہو یہ اسبات کی کہ میں رسول ہوں اللہ کا پھر بلایا اسکو رسول خدا علیہ السلام نے پھر لگا وہ خوشہ

ينزل من النخلة حتى سقط الى النبي صلى الله عليه وآله وسلم ثم قال ارجع فعاد فاسلم الاعرابي رواه الترمذي وصححه

اترنے کھجور کے جھاڑ سے یہانتک کہ گر پڑا طرف نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم پھر فرمایا حضرت نے پلٹ کر جا پس چلا گیا تب اسلام لایا وہ اعرابی نے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو

وعن ابي هريرة قال جاء ذئب الى راعي غنم فاخذ منها شاة فطلبه الراعي حتى انتزعها منه قال فصعد

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ آیا ایک بھیڑیا طرف چرواہے بکریوں کی پھر لیا اس گلہ سے ایک بکری پھر ڈھونڈا اس بھیڑیے کو چرواہے نے یہانتک کہ چھڑا لیا بکری کو اس سے کہا ابو ہریرہ نے پھر چڑھا

الذئب على تل فاقعى واستذفر وقال قد عمدت الى رزق رزقنيه الله اخذته ثم انتزعته مني فقال الرجل

بھیڑیے نے ایک ٹیلے پر اور بیٹھا سرینوں پر اور داخل کیا دم اپنے پاؤں کے درمیان اور کہا تحقیق قصد کیا میں نے رزق کا کہ دیا مجھکو اللہ تعالی نے کہ لیا تھا میں نے پھر چھڑا لیا تو نے اسکو مجھ سے پس کہا

تالله ان رايت كاليوم ذئب يتكلم فقال الذئب اعجب من هذا رجل في النخلات بين الحرتين يخبركم بما مضى وما

قسم اللہ کی نہیں دیکھا میں نے مانند آج کے دن کے بھیڑیا بولتا ہی پس کہا بھیڑیے نے تعجب تر اس سے حال اس مرد کا ہے کہ کھجور کے درختوں میں ہے بیچ دو سنگستان کے خبر دیتا ہے تمکو اسکی جو گذر گیا اور

هو كائن بعدكم قال فكان الرجل يهوديا فجاء الى النبي صلى الله عليه وآله وسلم فاخبره واسلم فصدقه النبي

جو ہونے والی ہے بعد تمہارے کہا ابو ہریرہ نے پس تھا وہ شخص چرواہا قوم یہود سے پس آیا وہ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس اور خبر دی اسکو اور اسلام لایا پس سچا کہا اسکو نبی

صلى الله عليه وآله وسلم ثم قال النبي صلى الله عليه وآله وسلم انها امارات بين يدي الساعة قد اوشك الرجل

صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے پھر فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ یہ علامتیں ہیں پہلے قیامت کے تحقیق قریب ہے شخص

ان يخرج فلا يرجع حتى يحدثه نعلاه وسوطه بما احدث اهله بعده رواه في شرح السنة وعن ابي العلاء عن

کہ باہر نکلیگا پس نہ پھریگا یہانتک کہ خبر دینگے اسکو پاپوشیں اسکی اور کوڑا اسکا اس کام کی کہ احداث کیا گھر والوں نے اسکے پیچھے اسکے روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے

سمرة بن جندب قال كنا مع النبي صلى الله عليه وآله وسلم نتداول من قصعة من غدوة حتى الليل تقوم عشرة

اسنے سمرہ بن جندب سے کہا کہ تھے ہم ساتھ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے نوبت بنوبت کھاتے تھے ایک بڑے پیالے میں صبح سے رات تک کھڑے ہوتے دس

ويقعد عشرة قلنا فما كانت تمد قال من أي شيء تعجب ما كانت تمد إلا من ههنا وأشار بيده إلى السماء رواه

اور بیٹھتے دس کہا ہم نے پس کیا ہے کہ وہ چیز بھی کہ مدد کیا جاتا تھا پیالہ اس کا فرمایا کس چیز سے تعجب کرتا ہے تو نہیں تھا مدد کیا جاتا مگر اس جگہ سے اور اشارہ کیا اپنے ہاتھ سے طرف آسمان کے روایت

الترمذي والدارمي وعن عبد الله بن عمرو أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم خرج يوم بدر في ثلاثمائة وخمسة عشر

ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے عبداللہ ابن عمرو سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نکلے غزوہ بدر کے دن تین سو پندرہ آدمیوں میں

قال اللهم إنهم حفاة فاحملهم اللهم إنهم عراة فاكسهم اللهم إنهم جياع فأشبعهم ففتح الله له فانقلبوا وما منهم

دعا کی حضرت نے اے خداوندا یہ لوگ ننگے پاؤں ہیں سواری دے انکو یا الٰہی تحقیق یہ ننگے بدن ہیں لباس دے انکو یا الٰہی تحقیق یہ بھوکے ہیں سیر کر انکو پس فتح دی اللہ نے آپ کو پس پھرے اور نہ تھا ان میں سے

رجل إلا وقد رجع بجمل أو جملين واكتسوا وشبعوا رواه أبو داود وعن ابن مسعود عن رسول الله صلى الله عليه

کوئی مرد مگر تحقیق پھرا جنگ سے ایک اونٹ یا دو اونٹ کے ساتھ اور کپڑے پہنے اور سیر ہوئے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ابن مسعود سے رسول خدا صلے اللہ علیہ

وآله وسلم قال إنكم منصورون ومصيبون ومفتوح لكم فمن أدرك ذلك منكم فليتق الله وليأمر بالمعروف ولينه

وآلہ وسلم سے فرمایا تحقیق تم مدد کیے جاؤ گے اور پاؤ گے غنیمت اور فتح کی جاویگی تمہارے لئے پس جو شخص پاوے یہ تم میں سے چاہیے کہ ڈرے اللہ سے اور چاہیے کہ حکم کرے ساتھ نیکی کے اور منع کرے

عن المنكر رواه أبو داود وعن جابر أن يهودية من أهل خيبر سمت شاة مصلية ثم أهدتها لرسول الله

بری بات سے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے جابر سے کہ تحقیق ایک یہودی عورت اہل خیبر سے زہر ملایا بکری بھنی ہوئی میں پھر تحفہ لائی اسکو واسطے رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم فأخذ رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الذراع فأكل منها وأكل رهط من أصحابه معه

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس لیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دست اور کھایا اس میں سے اور کھایا ایک جماعت حضرت کے صحابہ نے ساتھ آپ کے

فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ارفعوا أيديكم وأرسل إلى اليهودية فدعاها فقال سممت هذه الشاة

پھر فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ اٹھا لو ہاتھ اپنے اور بھیجا کسی کو طرف یہودیہ کے اور بلایا اسکو اور فرمایا کہ زہر ملایا ہے تو نے اس بکری میں

فقالت من أخبرك قال أخبرتني هذه في يدي للذراع قالت نعم قلت إن كان نبيا فلن تضره وإن لم يكن نبيا

تو کہنے لگی کون خبر دیا آپ کو فرمایا خبر دی مجھکو اسنے جو میرے ہاتھ میں ہے یعنی دست نے کہا ہاں زہر ملایا ہے کہا میں نے اگر محمد نبی ہے تو ہرگز ضرر نہ کریگی اسکو اور اگر نہیں نبی

استرحنا منه فعفا عنها رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ولم يعاقبها وتوفي أصحابه الذين أكلوا من الشاة

تو آرام پاویں گے ہم اس سے پس درگذر کیا اس سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اور نہ سزا دیا اسکو اور مر گئے اصحاب حضرت کے کہ کھایا تھا اس بکری میں سے

واحتجم رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم على كاهله من أجل الذي أكل من الشاة حجمه أبو هند بالقرن والشفرة وهو

اور پچھنے لگائے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے درمیان دونوں اپنے مونڈھوں کے بسبب کھانے اس بکری کے پچھنے لگائے آپ کے ابوہند نے ساتھ سینگ اور چھری کے اور وہ

مولى لبني بياضة من الأنصار رواه أبو داود والدارمي وعن سهل بن الحنظلية أنهم ساروا مع رسول الله صلى

غلام آزاد تھا بنی بیاضہ کا قبیلہ انصار سے روایت کیا اسکو ابوداود اور دارمی نے اور روایت ہے سہل ابن حنظلیہ سے کہا کہ صحابہ چلے ساتھ رسول خدا صلے

الله عليه وآله وسلم يوم حنين فأطنبوا السير حتى كان عشية فجاء فارس فقال يا رسول الله إني طلعت على جبل

اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دن حنین کے پس بہت دراز کیا چلنا یہاں تک کہ ہوا وقت شام کا پس آیا ایک گھوڑے سوار اور عرض کیا یا رسول اللہ تحقیق میں چڑھا تھا اوپر پہاڑ

كذا وكذا فإذا أنا بهوازن على بكرة أبيهم بظعنهم ونعمهم اجتمعوا إلى حنين فتبسم رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

ایسے اور ایسے کے پس ناگہاں دیکھا میں نے ہوازن کو … ساتھ اپنی عورتوں اور چارپایوں کے کہ جمع ہوئے ہیں طرف حنین کے پس مسکرائے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم

وقال تلك غنيمة المسلمين غدا إن شاء الله ثم قال من يحرسنا الليلة قال أنس بن أبي مرثد الغنوي أنا يا رسول الله قال اركب فركب

اور فرمایا کہ یہ غنیمت ہے مسلمانوں کی کل کو ان شاء اللہ تعالیٰ پھر فرمایا حضرت نے کون ہے کہ نگہبانی کرے ہماری آج کی رات کہا انس بن ابی مرثد غنوی نے کہ میں یا رسول اللہ فرمایا حضرت نے سوار ہو پس سوار ہوا

فرسا له فقال استقبل هذا الشعب حتى تكون في أعلاه فلما أصبحنا خرج رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إلى مصلاه فركع ركعتين

اپنے گھوڑے پر پھر فرمایا کہ متوجہ ہو اس پہاڑ میں کی راہ کو یہاں تک کہ ہو تو بلندی پر اس کے پھر جب صبح ہم نے نکلے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے نماز کی جگہ کی طرف پھر نماز پڑھی دو رکعتیں

ثم قال هل حسستم فارسكم فقال رجل يا رسول الله ما حسسنا فثوب بالصلوة فجعل رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وهو

پھر فرمایا کہ کیا معلوم کیا تم نے اپنے سوار کو ایک مرد نے کہا یا رسول اللہ نہیں معلوم کیا ہم نے پھر تکبیر کہی گئی نماز کی پس شروع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اور حال یہ کہ آپ

يصلي يلتفت إلى الشعب حتى إذا قضى الصلوة قال أبشروا فقد جاء فارسكم فجعلنا ننظر إلى خلال الشجر في الشعب فإذا هو

نماز پڑھتے ہیں دیکھتے تھے طرف درہ پہاڑ کے یہاں تک کہ جب پڑھ چکے نماز فرمایا خوش ہو تم تحقیق آیا سوار تمہارا پس شروع کیا ہم نے دیکھنے درمیان سے درختوں کے پہاڑ کے درہ میں پس ناگاہ وہ

قد جاء حتى وقف على رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال إني انطلقت حتى كنت في أعلى هذا الشعب حيث أمرني

آیا یہاں تک کہ کھڑا ہوا روبرو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس کہا اس سوار نے کہ مقرر میں روانہ ہوا یہاں تک کہ پہنچا میں بلندی پر اس پہاڑ کے درہ کے جس جگہ حکم فرمایا مجھ کو

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فلما أصبحت طلعت الشعبين كليهما فلم أر أحدا فقال له رسول الله صلى الله عليه وآله

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر جب کہ صبح کی میں نے چڑھا میں دونوں پہاڑ کے دروں پر پس نہ دیکھا میں نے کسی کو پس فرمایا اس کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم هل نزلت الليلة قال لا إلا مصليا أو قاضي حاجة قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فلا عليك أن لا تعمل بعدها

وسلم نے کیا اترا تھا تو آج کی رات کہا نہیں مگر نماز پڑھنے کے لیے یا استنجا کرنے کو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پس نہیں ہے تجھ پر حرج اگر نہ کرے تو کوئی عمل اس کے

رواه أبو داود وعن أبي هريرة قال أتيت النبي صلى الله عليه وآله وسلم بتمرات فقلت يا رسول الله ادع الله فيهن بالبركة

روایت کیا اس کو ابو داود نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ لایا میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کتنے کھجور پس عرض کیا میں نے یا رسول اللہ دعا کیجیے انہیں ساتھ برکت کے پس

فضمهن ثم دعا لي فيهن بالبركة قال خذهن فاجعلهن في مزودك كلما أردت أن تأخذ منه شيئا فأدخل فيه يدك فخذه

ملایا انکو حضرت نے پھر دعا کی میرے لیے ان میں برکت کی فرمایا کہ لے انکو اور رکھ انکو اپنے توشہ دان میں جب چاہے تو کہ لیوے اس میں سے کوئی شے پس داخل کر تو توشہ دان میں ہاتھ اپنا پس لے اسکو

ولا تنثره نثرا فقد حملت من ذلك التمر كذا وكذا من وسق في سبيل الله فكنا نأكل منه ونطعم وكان لا يفارق حقوي حتى

اور نہ جھاڑ اسکو جھاڑنا کر کے کہا ابو ہریرہ نے پس تحقیق اٹھائی میں نے ان کھجوروں میں سے اتنے اور اتنے وسق راہ خدا میں پس تھے ہم کھاتے تھے انہیں سے اور کھلاتے تھے اور تھا توشہ دان نہ جدا ہوتا میری کمر سے

كان يوم قتل عثمان رضي الله عنه فإنه انقطع رواه الترمذي

الفصل الثالث

عن ابن عباس قال تشاورت قريش ليلة بمكة فقال

یہاں تک کہ جب دن شہید ہوئے عثمان کا پس تحقیق وہ جاتا رہا۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے۔ فصل تیسری۔ روایت ہے ابن عباس سے کہا مشورہ کیا قریش نے ایک رات مکہ میں پس کہا

بعضهم إذا أصبح فأثبتوه بالوثاق يريدون النبي صلى الله عليه وآله وسلم فقال بعضهم بل اقتلوه وقال بعضهم بل أخرجوه

بعضوں نے انمیں سے جب صبح ہو باندھو اسکو ساتھ قید کے ارادہ رکھتے تھے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اور کہا بعضوں نے بلکہ مار ڈالو اسکو اور کہا بعضوں نے بلکہ نکال دو اسکو

فأطلع الله نبيه صلى الله عليه وآله وسلم على ذلك فبات علي على فراش النبي صلى الله عليه وآله وسلم تلك الليلة وخرج

پس اطلاع کی اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس مشورہ پر پس رات گذاری علی رضی اللہ عنہ بچھونے پر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس رات اور نکلے

النبي صلى الله عليه وآله وسلم حتى لحق بالغار وبات المشركون يحرسون عليا يحسبونه النبي صلى الله عليه وآله وسلم فلما أصبحوا

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہاں تک کہ پہنچے غار ثور پر اور رات گذاری مشرکوں نے اس حال میں کہ نگہبانی کرتے تھے علی کی گمان کرتے تھے علی کو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پھر جب صبح کی

ثاروا عليه فلما رأوا عليا رد الله مكرهم فقالوا أين صاحبك هذا قال لا أدري فاقتصوا أثره فلما بلغوا

عليهم فصعدوا الجبل فمروا بالغار فرأوا على بابه نسج العنكبوت فقالوا لو دخل ههنا لم يكن نسج العنكبوت على بابه

فمكث فيه ثلث ليال رواه أحمد وعن أبي هريرة قال لما فتحت خيبر أهديت لرسول الله صلى الله عليه وآله وسلم شاة

پھر ٹھہرے حضرت غار میں تین رات دن روایت کیا اس کو احمد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا جب کہ فتح ہوا خیبر ہدیہ لایا واسطے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے ایک بکری بھنی

فيها سم فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اجمعوا إلي من كان ههنا من اليهود فجمعوا له فقال لهم رسول الله

اسمیں زہر تھا پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ جمع کرو میرے پاس جو کوئی ہے اس جگہ یہود سے پس جمع کیے گئے نزدیک حضرت کے تب فرمایا انکو رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم إني سائلكم عن شيء فهل أنتم مصدقي عنه فقالوا نعم يا أبا القاسم فقال لهم رسول الله صلى الله

عليه وآله وسلم من أبوكم قالوا فلان قال كذبتم بل أبوكم فلان قالوا صدقت وبررت قال فهل أنتم مصدقي عن شيء إن

سألتكم عنه قالوا نعم يا أبا القاسم وإن كذبناك عرفت كما عرفته في أبينا فقال لهم من أهل النار قالوا نكون فيها يسيرا ثم

تخلفونا فيها قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اخسؤا فيها والله لا نخلفكم فيها أبدا ثم قال هل أنتم مصدقي عن

شيء إن سألتكم عنه فقالوا نعم يا أبا القاسم قال هل جعلتم في هذه الشاة سما قالوا نعم قال فما حملكم على ذلك قالوا

أردنا إن كنت كاذبا أن نستريح منك وإن كنت صادقا لم يضرك رواه البخاري وعن عمرو بن أخطب الأنصاري

ارادہ کیا ہم نے اگر ہو آپ جھوٹے تو آرام پاویں ہم آپ سے اور اگر تم سچے ہو تو نہ ضرر کریگا آپ کو روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے عمرو بن اخطب انصاری سے

قال صلى بنا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يوما الفجر وصعد على المنبر فخطبنا حتى حضرت الظهر فنزل فصلى ثم صعد

کہا نماز پڑھائی ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے ایک روز فجر کی اور سوار ہوے منبر پر پھر خطبہ پڑھا ہمارے لئے یہانتک کہ آیا وقت ظہر کا پھر اترے اور نماز پڑھی پھر چڑھے

المنبر فخطبنا حتى حضرت العصر ثم نزل فصلى ثم صعد المنبر حتى غربت الشمس فأخبرنا بما هو كائن إلى يوم القيامة قال

منبر پر اور خطبہ فرمایا ہمارے لئے یہانتک کہ آیا وقت عصر کا پھر اترے اور نماز پڑھی پھر چڑھے منبر پر یہانتک کہ غروب ہوا آفتاب پس خبر دی ہمکو اس چیز کی کہ ہونیوالی ہے قیامت تک

فأعلمنا أحفظنا رواه مسلم وعن معن بن عبد الرحمن قال سمعت أبي قال سألت مسروقا من آذن النبي صلى الله

پس بہت جاننے والا ہمارا بہت یاد رکھنے والا ہم میں کا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے معن بن عبد الرحمن تابعی سے کہا سنا میں نے اپنے باپ سے کہا پوچھا میں نے مسروق سے کس نے خبر دی نبی صلے

عليه وآله وسلم بالجن ليلة استمعوا القرآن فقال حدثني أبوك يعني عبد الله بن مسعود أنه قال آذنت بهم شجرة متفق عليه

وعن أنس قال كنا مع عمر بين مكة والمدينة فتراءينا الهلال وكنت رجلا حديد البصر فرأيته وليس أحد يزعم أنه

اور روایت ہے انس سے کہا تھے ہم عمر بن الخطاب کے ساتھ درمیان مکے اور مدینے کے پس تلاش کی ہم نے چاند کو دیکھنے کی اور تھا میں مرد تیز نظر پس دیکھا میں نے چاند اور حال یہ کہ نہیں تھا کوئی کہے کہ

رآه غيري فجعلت أقول لعمر أما تراه فجعل لا يراه قال يقول عمر سأراه وأنا مستلق على فراشي ثم أنشأ يحدثنا عن أهل بدر

دیکھا اسکو سوا میرے پس شروع کیا میں نے کہتا تھا عمر بن الخطاب کو کیا نہیں دیکھتے ہو تم چاند پس نہیں دیکھتے تھے کہا انس نے کہتے تھے عمر قریب ہے کہ دیکھ لونگا میں اسکو اور حال یہ کہ میں چت لیٹنے والا ہوں اپنے بچھونے پر پھر شروع کیا عمر نے حدیث بیان کرنے اہل بدر کی

قال إن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم كان يرينا مصارع أهل بدر بالأمس يقول هذا مصرع فلان غدا إن شاء الله

کہا عمر نے تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دکھاتے تھے ہمکو جگہیں ہلاک ہونے کی بدر والوں کی ایک روز پہلے اور فرماتے تھے یہ جگہ ہے پچھاڑنے کی فلانے کی کل کو ان شاء اللہ تعالی

وهذا مصرع فلان غدا إن شاء الله قال عمر والذي بعثه بالحق ما أخطؤوا الحدود التي حدها رسول الله صلى الله عليه وآله

اور یہ جگہ ہے گرنے فلانے کی کل کے دن ان شاء اللہ تعالی کہا عمر نے قسم اس ذات کی جسنے بھیجا حضرت کو ساتھ حق کے نہیں خطا کی مقتولوں نے ان جگہوں سے جو بیان کیا تھا اس جگہ کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ

وسلم قال فجعلوا في بئر بعضهم على بعض فانطلق رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم حتى انتهى إليهم فقال يا فلان بن

وسلم نے کہا عمر نے پس ڈالے گئے مقتولین ایک کنویں میں بعض انکے بعض پر پھر چلے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہاں تک کہ پہنچے طرف انکے پس فرمایا اے فلان بیٹے

فلان ويا فلان بن فلان هل وجدتم ما وعدكم الله ورسوله حقا فإني قد وجدت ما وعدني الله حقا فقال

فلانے کے اور اے فلانے بیٹے فلانے کے کیا پایا تمنے وہ چیز جو وعدہ کی تم سے اللہ اور اسکے رسول نے حق اور مقرر میں نے تحقیق پایا میں نے جو وعدہ کیا مجھ سے اللہ نے حق پس کہا

عمر رض يا رسول الله كيف تكلم أجسادا لا أرواح فيها فقال ما أنتم بأسمع لما أقول منهم غير أنهم لا يستطيعون

عمر نے یا رسول اللہ کس طرح کلام کرتے ہو آپ ان بدنوں سے جن میں روح نہیں ہے پس فرمایا حضرت نے نہیں ہو تم زیادہ سننے والے اس چیز کے کہ کہتا ہوں میں ان سے مگر یہ کہ وہ نہیں قدرت رکھتے

أن يردوا علي شيئا رواه مسلم **وعن** أنيسة بنت زيد بن أرقم عن أبيها أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم دخل على

کہ جواب دیں مجھکو کچھ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انیسہ بیٹی زید بن ارقم سے اپنے باپ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لاتے

زيد يعوده من مرض كان به قال ليس عليك من مرضك بأس ولكن كيف لك إذا عمرت بعدي فعميت قال أحتسب

زید بن ارقم کے پاس اسکی عیادت کرنے کو اس بیماری سے جو تھی اسکو فرمایا حضرت نے نہیں تجھ پر تیری بیماری کے ڈر ولیکن کیسا ہوگا حال تیرا جس وقت کہ دراز کی جاویگی عمر تیری بعد میرے اور اندھا ہو جاویگا

وأصبر قال إذا تدخل الجنة بغير حساب قال فعمي بعد ما مات النبي صلى الله عليه وآله وسلم ثم رد الله عليه بصره

اور صبر کرونگا میں فرمایا حضرت نے اس وقت داخل ہوگا تو بہشت میں بغیر حساب کے کہا راوی نے پس اندھا ہوگیا زید بعد وفات پانے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پھر پھیر دی اللہ نے زید پر بینائی اسکی

ثم مات **وعن** أسامة بن زيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من تقول علي ما لم أقل فليتبوأ مقعده من

پھر مرگیا اور روایت ہے اسامہ بن زید سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص کہ بات بنا لے مجھ پر وہ بات جو نہیں کہا میں نے پس چاہیے کہ تیار کرے جگہ اپنی

النار وذلك أنه بعث رجلا فكذب عليه فدعا عليه رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فوجد ميتا وقد انشق

دوزخ میں اور یہ بات ہے کہ حضرت نے بھیجا ایک مرد کو پس جھوٹ باندھا اسنے حضرت پر پس دعا کی اس پر رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پس پایا گیا وہ شخص مردہ جس حال میں کہ تحقیق

بطنه ولم تقبله الأرض رواهما البيهقي في دلائل النبوة **وعن** جابر أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم جاءه رجل

پیٹ پھٹا اور نہ قبول کیا اسکو زمین نے روایت کیا ان دونوں کو بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور روایت ہے جابر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آیا آپ پاس ایک شخص

يستطعمه فأطعمه شطر وسق شعير فما زال الرجل يأكل منه وامرأته وضيفهما حتى كاله ففني فأتى النبي صلى الله عليه

کہ طلب طعام کرتا تھا آپ سے پھر دیا حضرت نے اسکو آدھا وسق جو کا پس ہمیشہ رہا وہ شخص کھاتا اس میں سے اور بیوی اسکی اور مہمان انکے یہاں تک کہ ناپا اس شخص نے اسکو پس تمام ہوگیا پس آیا وہ شخص نبی صلے اللہ علیہ

وآلہٖ وسلم فقال لو لم تکِلْه لأکلتم منه ولقام لکم رواه مسلم وعن عاصم بن کلیب عن أبیه عن رجل من الأنصار

والہٖ وسلم کے پاس پس فرمایا حضرت نے اگر نہ ناپتا تو اسکو البتہ کھاتے رہتے تم اس سے اور البتہ باقی رہتا وہ تمہارے لئے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عاصم بن کلیب سے اس نے اپنے باپ سے

قال خرجنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فی جنازة فرأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وهو علی القبر

کہا نکلے ہم ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے واسطے ایک جنازہ کے پس دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو اس حال میں کہ وہ بیٹھے تھے قبر پر

یوصی الحافر یقول أوسع من قبل رجلیه أوسع من قبل رأسه فلما رجع استقبله داعی امرأته فجاء ونحن معه

وصیت کرتے تھے قبر کھودنے والے کو فرماتے تھے کہ فراخ کر قبر کو سمت پاؤں کی طرف سے اور فراخ کر اسکے سر کی طرف سے پس جب پھرے حضرت سامنے آیا آپ کے دعوت کرنے والا اس کی عورت کا پس آئے اور ہم ساتھ تھے

فجیء بالطعام فوضع یده ثم وضع القوم فأکلوا فنظرنا إلی رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم یلوک لقمة فی فیه ثم

پس لایا گیا طعام پھر رکھا حضرت نے ہاتھ اپنا پھر رکھی قوم نے ہاتھ اپنے اور کھایا پس دیکھا ہم نے طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے کہ چباتے ہیں لقمے کو اپنے منہ میں پھر

قال أجد لحم شاة أخذت بغیر إذن أهلها فأرسلت المرأة تقول یا رسول اللہ إنی أرسلت إلی النقیع وهو موضع یباع

فرمایا کہ پاتا ہوں میں گوشت ایسی بکری کا کہ لی گئی ہے بغیر اجازت اسکے مالک کے پس بھیجا اس عورت نے کسی کو درحالیکہ کہتی تھی یا رسول اللہ تحقیق میں نے بھیجا تھا طرف نقیع کے اور نقیع ایک موضع ہے

فیه الغنم لیشتری لی شاة فلم توجد فأرسلت إلی جار لی قد اشتری شاة أن یرسل بها إلیّ بثمنها فلم یوجد فأرسلت

اسمیں بکریاں بکتی ہیں تاکہ خرید کی جاوے واسطے میرے ایک بکری پس نہ پائی گئی بکری پھر بھیجا میں نے طرف ہمسایہ کے کہ تحقیق خرید کی تھی اس نے ایک بکری کہ بھیجے اس بکری کو میرے پاس قیمت سے پس نہ پایا گیا وہ ہمسایہ پھر بھیجا

إلی امرأته فأرسلت إلیّ بها فقال رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم أطعمی هذا الطعام الأسری رواه أبو داود

میں نے بیوی کے پاس اس ہمسایہ کی پس بھیج دی اس نے بکری کو طرف میری پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ کھلا یہ طعام قیدیوں کو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

والبیهقی فی دلائل النبوة وعن حزام بن هشام عن أبیه عن جده حبیش بن خالد وهو أخو أم معبد أن رسول

اور بیہقی نے دلائل النبوہ میں اور روایت ہے حزام بن ہشام سے اس نے اپنے باپ سے اپنے دادا حبیش بن خالد سے اور حبیش بھائی ہے ام معبد کا کہ رسول

اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم حین أخرج من مکة خرج مهاجرًا إلی المدینة هو وأبو بکر ومولی أبی بکر عامر بن فهیرة

خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم جس وقت کہ حکم کئے گئے نکلنے کا مکہ سے نکلے ہجرت کرنے والے مکہ سے طرف مدینے کے حضرت اور ابو بکر اور غلام ابی بکر کا عامر بن فہیرہ

ودلیلهما عبد اللہ اللیثی مرّوا علی خیمتی أم معبد فسألوها لحمًا وتمرًا لیشتروا منها فلم یصیبوا عندها شیئًا من ذلک

اور راہ بتلانے والا انکا عبد اللہ لیثی تھا گذرے حضرت دو خیمہ پر ام معبد کے پس طلب کی اس سے گوشت اور خرما تاکہ خریدیں اسکے پاس سے پس نہ پایا اسکے پاس کچھ اسمیں سے

وکان القوم مرملین مسنتین فنظر رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم إلی شاة فی کسر الخیمة فقال ما هذه الشاة یا أم

اور تھے لوگ بے توشہ قحط زدہ پس دیکھا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے طرف ایک بکری کے جو ایک جانب میں خیمے کے تھی پس فرمایا کیا حال ہے اس بکری کا اے ام

معبد قالت شاة خلّفها الجهد عن الغنم قال هل بها من لبن قالت هی أجهد من ذلک قال أتأذنین لی أن أحلبها

معبد عرض کی کہ یہ بکری ہے چھوڑ رکھا ہے اسکو دبلاپنے نے ریوڑ سے فرمایا کیا ہے اسکو کچھ دودھ کہا ام معبد نے یہ بکری بہت ہی دبلی ہے اس سے فرمایا کیا اذن دیتی ہے تو مجھ کو کہ دودھ دوہوں

قالت بأبی أنت وأمی إن رأیت بها حلبًا فاحلبها فدعا بها رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم فمسح بیده ضرعها

کہی میرے ماں باپ آپ پر سے فدا اگر دیکھیں آپ اسمیں دودھ تو دوہ لیں پس طلب کیا بکری کو رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے اور ہاتھ پھیرا اسکے تھنوں پر

وسمّی اللہ تعالی ودعا لها فی شاتها فتفاجّت علیه ودرّت واجترّت فدعا بإناء یربض الرهط فحلب فیه ثجًّا حتی علاه

اور بسم اللہ کہا اور دعا کی ام معبد کے لئے بکری کے حق میں پس کھول دیں پاؤں بکری نے حضرت پر اور دودھ دیا اور جگالی کرنے لگی پس منگوایا حضرت نے ایک برتن کہ سیر کرے ایک گروہ کو پس دوہا اسمیں دودھ بہتا ہوا یہاں تک کہ چڑھ آئی اس پر دودھ کی جھاگ

لَبَنِهَا ثُمَّ سَقَاهَا حَتَّى رَوِيَتْ وَسَقَى أَصْحَابَهُ حَتَّى رَوُوا ثُمَّ شَرِبَ آخِرَهُمْ ثُمَّ حَلَبَ فِيهِ ثَانِيًا بَعْدَ بَدْءٍ حَتَّى مَلَأَ

کف پھر پلایا حضرت نے ام معبد کو یہاں تک کہ سیراب ہوگئی اور پلایا اپنے یاروں کو یہاں تک کہ سیراب ہوگئے پھر پیا حضرت نے بعد ان کے پھر دودھ دوہا اسی برتن میں دوسری بار بعد پہلی بار کے یہاں تک کہ بھر آیا

الْإِنَاءَ ثُمَّ غَادَرَهُ عِنْدَهَا وَبَايَعَهَا وَارْتَحَلُوا عَنْهَا رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَابْنُ عَبْدِ الْبَرِّ فِي الْاسْتِيعَابِ وَابْنُ الْجَوْزِيِّ

باسن پھر باقی چھوڑا دودھ ام معبد کے پاس اور بیعت لی حضرت نے ام معبد سے اور کوچ کیا اس کے پاس سے روایت کیا اس کو بغوی نے شرح السنہ میں اور ابن عبد البر نے استیعاب میں اور ابن جوزی نے

فِي كِتَابِ الْوَفَاءِ وَفِي الْحَدِيثِ قِصَّةٌ

بَابُ الْكَرَامَاتِ

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

عَنْ أَنَسٍ أَنَّ أُسَيْدَ بْنَ حُضَيْرٍ وَعَبَّادَ بْنَ بِشْرٍ تَحَدَّثَا

کتاب الوفا میں اور حدیث میں ایک قصہ بھی ہے۔ باب بیان میں کرامتوں کے۔ پہلی فصل روایت ہے انس سے کہ اسید بن حضیر اور عباد بن بشر دونوں باتیں کرتے

عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِي حَاجَةٍ لَهُمَا حَتَّى ذَهَبَ مِنَ اللَّيْلِ سَاعَةٌ فِي لَيْلَةٍ شَدِيدَةِ الظُّلْمَةِ ثُمَّ خَرَجَا مِنْ عِنْدِ رَسُولِ

نزدیک نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کسی حاجت میں جو ان دونوں کو تھی یہاں تک کہ گئی رات سے ایک ساعت بیچ رات نہایت اندھیری کے پھر باہر نکلے وہ دونوں نزدیک سے رسول

اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَنْقَلِبَانِ وَبِيَدِ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عُصَيَّةٌ فَأَضَاءَتْ عَصَا أَحَدِهِمَا لَهُمَا حَتَّى مَشَيَا فِي ضَوْئِهَا حَتَّى

خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس حال میں کہ پھرتے اور ہاتھ میں ہر ایک کے ان میں سے لاٹھی تھی پس روشن ہوئی لاٹھی ایک کی ان میں سے ان دونوں کے لئے یہاں تک کہ چلے دونوں بیچ روشنی اس کی کے یہاں تک کہ

إِذَا افْتَرَقَتْ بِهِمَا الطَّرِيقُ أَضَاءَتْ لِلْآخَرِ عَصَاهُ فَمَشَى كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا فِي ضَوْءِ عَصَاهُ حَتَّى بَلَغَ أَهْلَهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ

جب جدی ہوئی راہ دونوں کی تو روشن ہوگئی دوسرے کے لئے بھی لاٹھی اس کی پھر چلا ہر ایک ان میں سے روشنی میں اپنی لاٹھی کی یہاں تک کہ پہنچا ایک اپنے گھر کو روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے

جَابِرٍ قَالَ لَمَّا حَضَرَ أُحُدٌ دَعَانِي أَبِي مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَ مَا أُرَانِي إِلَّا مَقْتُولًا فِي أَوَّلِ مَنْ يُقْتَلُ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

جابر سے کہا کہ جب پیش آیا جنگ احد بلایا مجھ کو میرے باپ نے بعض رات میں پس کہا نہیں گمان کرتا میں اپنے کو مگر مارا گیا اول ان کے جو مارا جاویگے اصحاب سے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے

وَإِنِّي لَا أَتْرُكُ بَعْدِي أَعَزَّ عَلَيَّ مِنْكَ غَيْرَ نَفْسِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَإِنَّ عَلَيَّ دَيْنًا فَاقْضِ وَاسْتَوْصِ بِأَخَوَاتِكَ

اور تحقیق میں نہیں چھوڑتا پیچھے اپنے کسی کو عزیز زیادہ مجھ پر نزدیک میرے تجھ سے سوا ذات مبارک رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اور تحقیق مجھ پر قرض ہے پس ادا کر اور قبول کر وصیت میری

خَيْرًا فَأَصْبَحْنَا فَكَانَ أَوَّلَ قَتِيلٍ وَدَفَنْتُهُ مَعَ آخَرَ فِي قَبْرٍ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ قَالَ إِنَّ أَصْحَابَ الصُّفَّةِ

نیکی کرنے کی ساتھ بہنوں اپنی کے پس صبح کی ہم نے پس ہوا وہ اول قتل کیا گیا اور دفن کیا میں نے اس کو ساتھ دوسرے کے ایک قبر میں روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے عبد الرحمن ابن ابی بکر سے کہا تحقیق اصحاب صفہ

كَانُوا أُنَاسًا فُقَرَاءَ وَأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ عِنْدَهُ طَعَامُ اثْنَيْنِ فَلْيَذْهَبْ بِثَالِثٍ وَمَنْ كَانَ عِنْدَهُ طَعَامُ

تھے فقیر لوگ اور تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس شخص کے پاس ہو طعام دو شخصوں کا چاہیئے کہ لیجاوے تیسرے شخص کو اور جس کے پاس ہو کھانا

أَرْبَعَةٍ فَلْيَذْهَبْ بِخَامِسٍ أَوْ سَادِسٍ وَأَنَّ أَبَا بَكْرٍ جَاءَ بِثَلَاثَةٍ وَانْطَلَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِعَشَرَةٍ وَأَنَّ أَبَا بَكْرٍ تَعَشَّى عِنْدَ

چار شخصوں کا پس چاہیئے کہ لیجاوے پانچویں یا چھٹے کو اور تحقیق ابوبکر لائے تین شخص کو اور لیگئے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم دس شخصوں کو اور ابوبکر صدیق نے کھایا طعام نزدیک

النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لَبِثَ حَتَّى صُلِّيَتِ الْعِشَاءُ ثُمَّ رَجَعَ فَلَبِثَ حَتَّى تَعَشَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ بَعْدَ

نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پھر ٹھہرے رہے یہاں تک کہ پڑھی گئی نماز عشا کی پھر پھرے ابوبکر پھر ٹھہرے رہے یہاں تک کہ کھانا کھایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پس آئے ابوبکر

مَا مَضَى مِنَ اللَّيْلِ مَا شَاءَ اللَّهُ قَالَتْ لَهُ امْرَأَتُهُ مَا حَبَسَكَ عَنْ أَضْيَافِكَ قَالَ أَوَمَا عَشَّيْتِهِمْ قَالَتْ أَبَوْا حَتَّى تَجِيءَ فَغَضِبَ

گذرنے رات کے اسقدر کہ چاہا اللہ تعالے نے کہا ابوبکر سے انکی بیوی نے کہ کس چیز نے باز رکھا تجھ کو تیرے مہمانوں سے کہا ابوبکر نے کیا نہیں طعام کھلایا تو نے مہمانوں کو کہا بیوی نے انکار کیا انہوں نے کھانے سے یہاں تک کہ آوے تو پس غصے ہوئے

وَقَالَ وَاللَّهِ لَا أَطْعَمُهُ أَبَدًا فَحَلَفَتِ الْمَرْأَةُ أَنْ لَا تَطْعَمَهُ وَحَلَفَ الْأَضْيَافُ أَنْ لَا يَطْعَمُوهُ قَالَ أَبُو بَكْرٍ كَانَ هَذَا مِنَ الشَّيْطَانِ

اور کہا قسم خدا کی نہ کھاؤنگا میں اس کو ہرگز پس قسم کھائی ابوبکر کی بیوی نے کہ نہ کھاوے گی اس طعام کو اور قسم کھائی مہمانوں نے کہ نہیں کھاوینگے اس کو کہا ابوبکر نے یہ غصہ میرا شیطان سے تھا

قد عاد الطعام فأكل وأكلوا فجعلوا لا يرفعون لقمة إلا ربت من أسفلها أكثر منها فقال لامرأته يا أخت بني فراس

بس منگایا ابوبکر نے طعام اور کھایا اور کھا سب نے پس ہو گئے کہ اٹھاتے تھے لقمہ مگر بڑھ جاتا تھا طعام اس لقمے کے نیچے سے زیادہ ہوتا اس سے پس ابوبکر نے اپنی بیوی سے کہا اے بہن بنی فراس کی

ما هذا قالت وقرة عيني إنها الآن لأكثر منها قبل ذلك بثلاث مرار فأكلوا وبعث بها إلى النبي صلى الله عليه وآله وسلم فذكر

کیا ہے یہ کہا اس نے قسم ہے ٹھنڈک کی میری آنکھ کے تحقیق یہ البتہ اب چند زیادہ ہے اس سے کہ پہلے اس کے تھا پس کھایا سبھوں نے اور بھیجا ابوبکر نے اس کو نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس پس ذکر کیا

أنه أكل منها متفق عليه وذكر حديث عبد الله بن مسعود كنا نسمع تسبيح الطعام في المعجزات

الفصل الثاني

عن عائشة رض قالت لما مات النجاشي كنا نتحدث أنه لا يزال يرى على قبره نور رواه أبو داود وعنها قالت لما أرادوا غسل

کہ حضرت نے کھایا اس سے ف اور ذکر کی گئی حدیث عبد اللہ ابن مسعود کی کہ ابتدا اسکی یہ ہے کنا نسمع تسبیح الطعام باب المعجزات میں فصل دوسری روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے بولیں کہ جب مرا النجاشی تھے ہم آپس باتیں کرتے اور کہتے کہ ہمیشہ دیکھا جاتا ہے انکی قبر پر نور ف روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے انہی سے بولیں جب چاہا غسل

النبي صلى الله عليه وآله وسلم قالوا لا ندري أنجرد رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من ثيابه كما نجرد موتانا أم نغسله وعليه

نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کا تو کہا نہیں جانتے ہم کہ آیا ننگا کریں رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو ان کے کپڑوں سے جیسا کہ ننگا کرتے ہیں ہم اپنے مردوں کو یا غسل دیں اس حال میں کہ حضرت پر

ثيابه فلما اختلفوا ألقى الله عليهم النوم حتى ما منهم رجل إلا وذقنه في صدره ثم كلمهم مكلم من ناحية البيت لا

کعب سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے جس حال میں کہ ذکر کیا حضرت نے فتنوں کا اور قریب بتایا ان کو پس گذرا ایک شخص کپڑا اوڑھے ہوئے سر پر پس فرمایا یہ شخص اس دن ہدایت پر ہوگا

فقمت إليه فإذا هو عثمان بن عفان قال فأقبلت عليه بوجهه فقلت هذا قال نعم رواه الترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا

پس اٹھا میں طرف اس کی پس ناگاہ وہ شخص عثمان بن عفان تھے کہا پس متوجہ کیا میں نے طرف آنحضرت کے منہ عثمان کا اور عرض کیا یہ شخص ہے فرمایا ہاں روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ

حديث حسن صحيح وعن عائشة أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال يا عثمان إنه لعل الله يقمصك قميصا فإن أرادوك

حدیث حسن صحیح ہے اور روایت ہے عائشہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اے عثمان شاید خدا تعالیٰ پہنا دے تجھ کو ایک کرتا پس اگر چاہیں منافق تجھ سے

على خلعه فلا تخلعه لهم رواه الترمذي وابن ماجه وقال الترمذي في الحديث قصة طويلة وعن ابن عمر قال ذكر رسول

کہ اتار ڈالے تو تو نہ اتار تو اس کو انکے لئے روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے اس حدیث میں قصہ دراز ہے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا ذکر کیا رسول

الله صلى الله عليه وآله وسلم فتنة فقال يقتل هذا فيها مظلوما لعثمان رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب

خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فتنہ کا پس فرمایا کہ مارا جاوے گا یہ اس فتنہ میں مظلوم کہا یہ واسطے عثمان کے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے

إسنادا وعن أبي سهلة قال قال لي عثمان يوم الدار إن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قد عهد إلي عهدا وأنا صابر

از روی سند کے اور روایت ہے ابی سہلہ سے کہا کہا مجھ کو عثمان نے روز دار کے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے تحقیق عہد لیا تھا مجھ سے ایک عہد کہ بیچ اس کے صبر کروں اور میں صبر کرنیوالا ہوں

عليه رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح

الفصل الثالث

عن عثمان بن عبد الله بن موهب قال جاء

اس پر روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے فصل تیسری روایت ہے عثمان بن عبد اللہ بن موہب تابعی سے کہا کہ آیا ایک شخص

رجل من أهل مصر يريد حج البيت فرأى قوما جلوسا فقال من هؤلاء القوم قالوا هؤلاء قريش قال فمن الشيخ فيهم

مصر والوں سے مگر حج کرنے کا ارادہ رکھتا تھا پس دیکھا ایک جماعت کو بیٹھی ہوئی پس کہا کون ہے یہ قوم کہا لوگوں نے یہ لوگ قریش ہیں کہا کون ہے شیخ ان میں

قالوا عبد الله بن عمر قال يا ابن عمر إني سائلك عن شيء فحدثني هل تعلم أن عثمان فر يوم أحد قال نعم قال هل تعلم

کہا عبد اللہ ابن عمر ہے کہا اے ابن عمر تحقیق میں پوچھنے والا ہوں تجھ سے کچھ پس بیان کر تو مجھ سے کیا جانتا ہے تو کہ عثمان بھاگ گئے تھے جنگ احد کے دن کہا ابن عمر نے ہاں کہا کیا جانتا ہے تو

أنه تغيب عن بدر ولم يشهد قال نعم قال هل تعلم أنه تغيب عن بيعة الرضوان فلم يشهدها قال نعم قال الله أكبر

کہ عثمان غائب تھے غزوہ بدر سے اور حاضر نہ ہوئے کہا ہاں کہا کیا جانتا ہے تو کہ عثمان غائب تھے بیعۃ الرضوان سے اور نہ حاضر ہوئے تھے وہاں کہا ابن عمر نے ہاں کہا اللہ اکبر

قال ابن عمر تعال أبين لك فأما فراره يوم أحد فأشهد أن الله عفا عنه وأما تغيبه عن بدر فإنه كانت تحته رقية

کہا ابن عمر نے آ بیان کروں میں تجھ سے حقیقت حال لیکن بھاگنا عثمان کا روز احد پس گواہی دیتا ہوں کہ خدا تعالیٰ نے درگذر کیا اس سے اور لیکن غائب ہونا عثمان کا بدر سے پس سبب اسکے تھا کہ تحقیق نکاح میں انکے رقیہ

بنت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وكانت مريضة فقال له رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إن لك أجر

بیٹی رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کی اور تھی وہ بیمار پس فرمایا عثمان کو رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ تیرے لئے ثواب

رجل ممن شهد بدرا وسهمه وأما تغيبه عن بيعة الرضوان فلو كان أحد أعز ببطن مكة من عثمان لبعثه

ایک شخص کا ہے ان لوگوں میں سے جو حاضر ہوئے بدر میں اور حصہ اس کا بھی ہے اور لیکن غائب ہونا عثمان کا بیعۃ الرضوان سے پس اگر ہوتا کوئی بہت عزت والا مکہ میں عثمان سے تو بھیجتا اس کو

فبعث رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عثمان وكانت بيعة الرضوان بعد ما ذهب عثمان إلى مكة فقال رسول الله
پس بھیجا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے عثمان کو اور تھی بیعت الرضوان بعد جانے عثمان کے طرف مکے کے تب اشارہ کیا رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم بيده اليمنى هذه يد عثمان فضرب بها على يده وقال هذه لعثمان ثم قال ابن عمر اذهب بها الآن
صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنے سیدھے ہاتھ سے یہ ہاتھ عثمان کا ہے پس مارا اسکو اپنے ہاتھ پر اور فرمایا یہ بیعت ہے واسطے عثمان کے پھر کہا ابن عمر نے لیجا ان کو اب

معك رواه البخاري وعن أبي سهلة مولى عثمان قال جعل النبي صلى الله عليه وسلم يسر إلى عثمان ولون عثمان يتغير
ساتھ اپنے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی سہلہ مولی عثمان سے کہا کہ شروع کیا نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے سرگوشی کرتے تھے عثمان سے اور رنگ عثمان کا متغیر ہوتا

فلما كان يوم الدار قلنا ألا نقاتل قال لا إن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عهد إلي أمرا فأنا صابر نفسي عليه
پھر جبکہ ہوا یوم الدار کہا ہمنے کیا نہ لڑیں ہم ان سے کہا عثمان نے نہ لڑو اسلئے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے وصیت کی مجھکو ایک امر کی پس صبر کرنے والا ہوں اپنے نفس کو اس پر

وعن أبي حبيبة أنه دخل الدار وعثمان محصور فيها وأنه سمع أبا هريرة يستأذن عثمان في الكلام فأذن
اور روایت ہے ابی حبیبہ تابعی سے کہ وہ داخل ہوا گھر میں عثمان کے جس حال میں کہ عثمان گھر گئے تھے گھر میں اور تحقیق ابی حبیبہ نے سنا ابوہریرہ کو کہ پروانگی مانگتے ہیں عثمان سے کلام کرنے میں پس اذن دیا

له فقام فحمد الله وأثنى عليه ثم قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول إنكم ستلقون بعدي فتنة واختلافا
عثمان نے انکو پس کھڑے ہوئے ابوہریرہ اور حمد کی اللہ کی اور ثنا کی اسپر پھر کہا ابوہریرہ نے سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے تحقیق کہ تم دیکھو گے پیچھے میرے بلائیں اور بہت اختلاف

وفتنة فقال له قائل من الناس فمن لنا يا رسول الله أو ما تأمرنا به قال عليكم بالأمير وأصحابه وهو يشير إلى عثمان
یا فرمایا بیچ اختلاف اور بعد فتنہ پس کہا حضرت سے کسی کہنے والے لوگوں میں سے پس کون ہے ہمارے لیے یا رسول اللہ یا کیا حکم کرتے ہو ہمکو ساتھ اسکے فرمایا لازم پکڑو تم امیر کو اور اسکے یاروں کو اور

ذلك رواهما البيهقي في دلائل النبوة

باب مناقب هؤلاء الثلثة رضي الله عنهم الفصل الاول

کرتے تھے یہ روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے دلائل النبوۃ میں　باب مناقب میں ان تینوں کے رضی اللہ عنہم　فصل پہلی

عن أنس أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم صعد أحدا وأبو بكر وعمر وعثمان فرجف بهم فضربه برجله فقال اثبت
روایت ہے انس سے کہ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے چڑھے احد پر اور چڑھے ابوبکر اور عمر اور عثمان بھی ساتھ حضرت کے پس ہلا احد سبب ان کے پس مارا حضرت نے اسکو

أحد فإنما عليك نبي وصديق وشهيدان رواه البخاري وعن أبي موسى الأشعري قال كنت مع النبي صلى الله عليه وآله وسلم
اے احد پس نہیں ہے تجھ پر مگر نبی اور صدیق اور دو شہید روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی موسی اشعری سے کہا تھا میں ساتھ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے

في حائط من حيطان المدينة فجاء رجل فاستفتح فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم افتح له وبشره بالجنة ففتحت له
ایک باغ میں باغوں سے مدینے کے پس آیا ایک شخص اور کھلوایا دروازہ پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کھولدے اسکے لئے دروازہ اور خوشخبری دے اسکو جنت کی پس کھولا میں نے

فإذا أبو بكر فبشرته بما قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فحمد الله ثم جاء رجل فاستفتح فقال النبي صلى الله عليه وسلم
دروازہ تو وہ ابوبکر تھے پس خوشخبری دی میں نے اسکو ساتھ اس چیز کے جو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے پس شکر کیا ابوبکر نے اللہ کا پھر آیا ایک شخص اور کھلوایا دروازہ تو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے

افتح له وبشره بالجنة ففتحت له فإذا هو عمر فأخبرته بما قال النبي صلى الله عليه وسلم فحمد الله ثم استفتح رجل
کھولدے اسکے لئے دروازہ اور خوشخبری دے اسکو جنت کی پس کھولا میں نے اسکے لئے دروازہ تو وہ عمر تھے پس خبر دی میں نے ساتھ اس چیز کے جو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پس شکر کیا عمر نے اللہ کا پھر کھلوایا

فقال لي افتح له وبشره بالجنة على بلوى تصيبه فإذا عثمان فأخبرته بما قال النبي صلى الله عليه وسلم فحمد الله ثم
تو فرمایا مجھکو حضرت نے کھولدے اسکے لئے دروازہ اور خوشخبری دے اسکو جنت کی ساتھ بلائے عظیم کے کہ پہنچیگی اسکو وہ تو ناگاہ عثمان تھے پس خبر دی میں نے انکو جو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پس شکر کیا عثمان نے اللہ کا

قال الله المستعان متفق عليه **الفصل الثاني** عن ابن عمر قال كنا نقول ورسول الله صلى الله عليه وآله وسلم حي

کہا اللہ سے طلب مدد کی جاتی ہے متفق علیہ فصل دوسری روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ کہتے تھے ہم جس وقت کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم زندہ تھے

ابو بكر وعمر وعثمان رضي الله عنهم رواه الترمذي **الفصل الثالث** عن جابر ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

ابوبکر اور عمر اور عثمان راضی رہے اللہ ان سے روایت کیا اسکو ترمذی نے فصل تیسری روایت ہے جابر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

قال أري الليلة رجل صالح كان ابا بكر نيط برسول الله صلى الله عليه وسلم ونيط عمر بابي بكر ونيط عثمان بعمر قال جابر فلما

فرمایا کہ دکھلایا گیا خواب میں آج کی رات ایک مرد صالح کو ابوبکر لٹکائے گئے ہیں ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور لٹکائے گئے ہیں عمر ساتھ ابوبکر کے اور عثمان ساتھ عمر کے کہا جابر نے

قمنا من عند رسول الله صلى الله عليه وسلم قلنا اما الرجل الصالح فرسول الله صلى الله عليه وسلم واما نوط بعضهم ببعض

اٹھے ہم نزدیک سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہتے ہم لیکن رجل صالح مراد رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ہیں اور لیکن لٹکانا بعضوں کا ساتھ بعضوں کے

فهم ولاة الامر الذي بعث الله به نبيه صلى الله عليه وسلم رواه ابو داود

پس وہ والی اس کام کے ہیں کہ بھیجا اللہ تعالی نے ساتھ اسکے نبی کو اپنے صلے اللہ علیہ وسلم روایت کیا اسکو ابو داود نے

باب مناقب علي بن ابي طالب

باب مناقب علی بن ابی طالب کے

الفصل الاول عن سعد بن ابي وقاص قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعلي انت مني بمنزلة هارون من موسى الا

فصل پہلی روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے علی کو کہ تو مجھ سے بمنزلہ ہارون کے ہے موسے سے مگر فرق

انه لا نبي بعدي متفق عليه وعن زر بن حبيش قال قال علي والذي فلق الحبة وبرأ النسمة انه لعهد النبي

یہی ہے کہ نہیں ہے پیغمبر بعد میرے متفق علیہ اور روایت ہے زر ابن حبیش سے کہا کہ کہا علی رضی اللہ عنہ نے قسم اس ذات کی کہ پھاڑا دانہ کو اور پیدا کیا تمام ذی روح کو تحقیق عہد لیا نبی

الامي صلى الله عليه وسلم الي ان لا يحبني الا مؤمن ولا يبغضني الا منافق رواه مسلم وعن سهل بن سعد

امی صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے کہ دوست نہیں رکھے گا مجھکو مگر مومن اور دشمن نہیں رکھے گا مجھکو مگر منافق روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے سہل بن سعد سے

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يوم خيبر لاعطين هذه الراية غدا رجلا يفتح الله على يديه يحب الله ورسوله ويحبه

کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دن غزوہ خیبر کے کہ دونگا میں یہ نشان کل کے دن ایک مرد کو کہ فتح کریگا اللہ اسکے ہاتھوں دوست رکھتا ہے اللہ کو اور اسکے رسول کو اور دوست رکھتے ہیں اسکو

الله ورسوله فلما اصبح الناس غدوا على رسول الله صلى الله عليه وسلم كلهم يرجون ان يعطاها فقال اين علي بن ابي طالب

اللہ اور رسول اسکا پھر جب صبح کی لوگوں نے آئے صبح کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس سب امید رکھتے تھے کہ دیا جاوے نشان انہیں کو پس فرمایا حضرت نے کہاں ہیں علی بن ابی طالب

فقالوا هو يا رسول الله يشتكي عينيه قال فارسلوا اليه فاتي به فبصق رسول الله صلى الله عليه وسلم في عينيه فبرئ

پس کہا صحابہ نے کہ وہ ہیں یا رسول اللہ شکایت رکھتے ہیں آنکھوں کی فرمایا حضرت نے پس بھیجو کسو طرف انکے پس لائے علی تو آب دہن ڈالا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے انکی آنکھوں میں پس تندرست ہوئے

حتى كان لم يكن به وجع فاعطاه الراية فقال علي يا رسول الله اقاتلهم حتى يكونوا مثلنا قال انفذ على رسلك حتى

یہاں تک کہ گویا نہ تھا انکو کچھ درد پس دیا انکو نشان پس کہا علی نے یا رسول اللہ کیا لڑوں میں ان سے یہاں تک کہ ہو جاویں مانند ہمارے مسلمان فرمایا حضرت نے جا اوپر نرمی اپنے یہاں تک

تنزل بساحتهم ثم ادعهم الى الاسلام واخبرهم بما يجب عليهم من حق الله فيه فوالله لان يهدي الله بك رجلا

اترے تو انکی زمین میں پھر بلا انکو طرف اسلام کے اور خبر دے انکو ساتھ اس چیز کے کہ واجب ہے ان پر حق اللہ سے اسلام میں پس قسم خدا کی یہ کہ ہدایت کرے خدا سبب تیرے ایک مرد کو

واحدا خير لك من ان يكون لك حمر النعم متفق عليه وذكر حديث البراء قال لعلي انت مني وانا منك في باب بلوغ الصغير

بہتر ہے تیرے لئے اس سے کہ ہوویں تجھکو اونٹ سرخ متفق علیہ اور ذکر کی گئی حدیث براء کی فرمایا علی کو کہ تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے ہوں باب بلوغ الصغیر میں

الفصل الثانی عن عمران بن حصین ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال ان علیا منی وانا منہ وھو ولی کل مومن

فصل دوسری روایت ہے عمران بن حصین سے کہ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ علی میرے سے ہے اور میں علی سے اور علی دوست ہے ہر مومن کا

رواہ الترمذی **وعن** زید بن ارقم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من کنت مولاہ فعلی مولاہ رواہ احمد والترمذی

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے زید بن ارقم سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ ہوں میں دوست اسکا پس علی دوست اسکا ہے روایت کی اسکو احمد اور ترمذی نے

وعن حبشی بن جنادۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی منی وانا من علی ولا یؤدی عنی الا انا او علی رواہ

اور روایت ہے حبشی بن جنادہ سے کہا کہا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے علی مجھ سے ہے اور میں علی سے اور نہ ادا کرے عہد کو میری طرف سے مگر میں یا علی

الترمذی ورواہ احمد عن ابی جنادۃ **وعن** ابن عمر قال اخی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بین اصحابہ فجاء علی تدمع

ترمذی اور احمد نے ابی جنادہ سے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ بھائی چارہ کروایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے درمیان اپنے یاروں کے پس آئے علی آنسو

عیناہ فقال اخیت بین اصحابک ولم تواخ بینی وبین احد فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انت اخی فی الدنیا

آنکھوں انکی پس کہا علی نے بھائی چارہ کروایا آپ نے درمیان اپنے یاروں کے اور بھائی چارہ کروایا آپ نے درمیان میرے اور درمیان کسی کے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تو بھائی میرا ہے دنیا

والآخرۃ رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث حسن غریب **وعن** انس قال کان عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم طیر فقال

اور آخرت میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہا تھا نزدیک نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک جانور پرندہ پس فرمایا

اللھم ائتنی باحب خلقک الیک یاکل معی ھذا الطیر فجاءہ علی فاکل معہ رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب **وعن** علی رضی

خداوندا لا میرے پاس اسکو کہ بہت پیارا ہو نزدیک تیرے مخلوق میں سے کہ کھاوے وہ ساتھ میرے اس جانور کو پھر آئے حضرت کے پاس علی اور کھایا ساتھ ان کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے علی سے

قال کنت اذا سالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعطانی واذا سکت ابتدانی رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث حسن

کہا تھا میں جب مانگتا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کچھ دیتے مجھکو اور جب خاموش ہو رہتا میں دیتے مجھکو بے سوال کئے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن

غریب **وعنہ** قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انا دار الحکمۃ وعلی بابھا رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب

غریب ہے اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں گھر حکمت کا ہوں اور علی دروازہ اسکا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے

وقال روی بعضھم ھذا الحدیث عن شریک ولم یذکروا فیہ عن الصنابحی ولا نعرف ھذا الحدیث عن احد

اور کہا ترمذی نے کہ روایت کی بعضوں نے یہ حدیث شریک تابعی سے ہے اور نہیں ذکر کی اپنے اسناد حدیث میں صنابحی سے اور نہیں پہچانتے ہم اس حدیث کو کسی

من الثقات غیر شریک **وعن** جابر قال دعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علیا یوم الطائف فانتجاہ فقال الناس لقد

ثقات سے سوائے شریک راوی کے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ بلایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے علی کو غزوہ طائف کے دن پس سرگوشی کی انسے پس کہا لوگوں نے

طال نجواہ مع ابن عمہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما انتجیتہ ولکن اللہ انتجاہ رواہ الترمذی **وعن** ابی سعید

دراز ہوئی سرگوشی آپکی ساتھ اپنے چچا کے بیٹے کے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں سرگوشی کی میں نے اس سے لیکن اللہ نے سرگوشی کی اس سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی سعید سے

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لعلی یا علی لا یحل لاحد یجنب فی ھذا المسجد غیری وغیرک قال علی بن

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے علی کو اے علی نہیں حلال ہے واسطے کسی کے کہ جنبی ہو اور گذرے اس مسجد میں سوائے میرے اور سوائے تیرے کہا علی بن

المنذر فقلت لضرار بن صرد ما معنی ھذا الحدیث قال لا یحل لاحد یستطرقہ جنبا غیری وغیرک رواہ الترمذی

منذر نے پس کہا میں نے ضرار بن صرد کو کیا معنے ہیں اس حدیث کا کہا ضرار نے نہیں حلال ہے کسیکو کہ راہ کرے مسجد کو حالت جنب میں سوائے میرے اور سوائے تیرے روایت کیا اسکو ترمذی نے

وقال هذا حديث حسن غريب وعن ام عطية قالت بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم جيشا فيهم علي قالت

اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے ام عطیہ سے کہا کہ بھیجا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر کو کہ انہیں علی تھے کہا ام عطیہ نے

فسمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو رافع يديه يقول اللهم لا تمتني حتى تريني عليا رواه الترمذي

پس سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو جس حال میں اٹھائے ہوئے تھے دونوں ہاتھ اپنے فرماتے تھے الہی نہ مار مجھکو یہانتک کہ دکھا دے تو مجھے علی کو روایت کیا اسکو ترمذی نے

الفصل الثالث

عن ام سلمة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يحب عليا منافق ولا يبغضه مؤمن رواه

فصل تیسری روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں دوست رکھتا علی کو منافق اور نہیں دشمن رکھتا انکو مومن روایت کیا اسکو

احمد والترمذي وقال هذا حديث حسن غريب اسنادا وعنها قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من سب عليا

احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے باعتبار اسناد کے اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے برا کہا علی کو

فقد سبني رواه احمد وعن علي رض قال قال لي النبي صلى الله عليه وسلم فيك مثل من عيسى ابغضته اليهود

پس تحقیق برا کہا اسنے مجھکو روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے علی رض سے کہا کہ فرمایا مجھکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تجھ میں ایک شباہت ہے عیسیٰ سے دشمن رکھا انکو یہود نے

حتى بهتوا امه واحبته النصارى حتى انزلوه بالمنزلة التي ليست له ثم قال يهلك في رجلان محب مفرط يقرظني

یہانتک کہ تہمت لگائی انکی ماں کو اور دوست رکھا انکو نصاری نے یہانتک کہ اتارا ان کو اس مرتبہ کو کہ ثابت نہیں ان کے لئے پھر کہا علی نے ہلاک ہونگے میرے حق میں دو شخص ایک محبت کرنیوالا [illegible]

بما ليس في ومبغض يحمله شناني على ان يبهتني رواه احمد وعن البراء بن عازب وزيد بن ارقم ان رسول الله

ساتھ اس چیز کے کہ نہیں ہے مجھ میں اور دوسرا دشمن کہ باعث ہوگی اسکو دشمنی میری اس پر کہ بہتان باندھیگا مجھ پر روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے براء ابن عازب اور زید بن ارقم سے کہ رسول خدا

صلى الله عليه وسلم لما نزل بغدير خم اخذ بيد علي رض فقال الستم تعلمون اني اولى بالمؤمنين من انفسهم قالوا بلى

صلے اللہ علیہ وسلم نے جب اترے غدیر خم میں پکڑا آپ نے ہاتھ حضرت علی رض کا پھر فرمایا کیا نہیں جانتے ہو تم کہ میں دوست تر ہوں نزدیک مومنوں کے ان کی جانوں سے کہا صحابہ نے ہاں

قال الستم تعلمون اني اولى بكل مؤمن من نفسه قالوا بلى فقال اللهم من كنت مولاه فعلي مولاه اللهم وال من

فرمایا کیا نہیں جانتے ہو تم کہ میں مقرر نزدیک تر ہوں ہر مومن کو اس کی جان سے بھی کہا صحابہ نے مقرر آپ ویسے ہی ہیں پھر فرمایا بار خدایا جو شخص کہ میں دوست ہوں اسکا پس علی دوست اسکا خداوندا دوست رکھ

والاه وعاد من عاداه فلقيه عمر رض بعد ذلك فقال له هنيئا يا ابن ابي طالب اصبحت وامسيت مولى كل مؤمن ومؤمنة

دوست رکھے علی کو اور دشمن رکھ اسکو جو دشمن رکھے انکو پس ملاقات کی علی سے عمر نے بعد اسکے پس کہا عمر نے علی کو خوشی ہو اے ابن ابی طالب صبح کی تمنے اور شام کی دوست ہر مومن مرد اور عورت کے

رواه احمد وعن بريدة قال خطب ابو بكر وعمر فاطمة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم انها صغيرة ثم خطبها علي

روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ بھیجا پیغام نسبت کا ابوبکر اور عمر نے فاطمہ سے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ چھوٹی ہے پھر پیغام بھیجا نسبت کا فاطمہ کے علی رض نے

فزوجها منه رواه النسائي وعن ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم امر بسد الابواب الا باب علي رواه

پس نکاح کر دیا حضرت نے فاطمہ کو علی سے روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا دروازے بند کرنے کا سوائے دروازہ علی کے روایت کیا

الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن علي رض قال كانت لي منزلة من رسول الله صلى الله عليه وسلم لم تكن لاحد من

ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے علی رض سے کہا تھا میرے لئے ایک مرتبہ نزدیک رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ نہ تھا کسی کے لئے

الخلائق آتيه باعلى سحر فاقول السلام عليك يا نبي الله فان تنحنح انصرفت الى اهلي والا دخلت عليه رواه النسائي وعنه

خلائق سے آتا تھا میں حضرت کے پاس اول وقت سحر کے پس کہتا تھا میں السلام علیک یا نبی اللہ پھر اگر کھنکارتے آنحضرت پھر جاتا میں طرف گھر کے اور اگر نہ کھنکارتے تو جاتا میں حضرت کے پاس روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے انہی سے

قال كنت شاكيا فمر بي رسول الله صلى الله عليه وسلم وانا اقول اللهم ان كان اجلي قد حضر فارحني وان كان متأخرا فارفعني

کہا تھا میں بیمار پس گذرے مجھ پر پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور میں کہہ رہا تھا الہی اگر اجل میری تحقیق آئی ہے پس راحت دے مجھکو اور اگر وہ پیچھے ہے تو فراخ کر زندگانی میری

وان كان بلاء فصبرني فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم كيف قلت فاعاد عليه ما قال فضربه برجله وقال اللهم عافه

اور اگر ہے یہہ بیماری واسطے آزمائش کے تو صبر دے مجھکو پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کس طرح کہا تو پھر دوبارہ کہا اسکو سامنے حضرت کے جو کہا تھا پس مارا علی کو حضرت نے اپنے پاؤں سے اور

او اشفه شك الراوي قال فما اشتكيت وجعي بعد رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح

یا فرمایا شفا بخش اسکو شک کیا راوی نے کہا علی نے پس نہیں بیمار ہوا میں اس درد سے بعد اسکے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث حسن صحیح ہے

باب مناقب العشرة رضي الله عنهم

باب مناقب عشرہ مبشرہ کے خوش ہووے اللہ ان سب سے

الفصل الاول

فصل پہلی

عن عمر رض قال ما احد احق بهذا الامر من هؤلاء النفر الذين توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو عنهم راض فسمى عليا وعثمان والزبير وطلحة وسعدا وعبد الرحمن رواه البخاري

روایت ہے عمر رض سے کہا نہیں ہے کوئی سزاوار تر اس کام کے ان چند شخصوں سے کہ وفات پائی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جس حال میں کہ آپ راضی تھے ان سے پس نام لیا علی اور عثمان اور زبیر اور طلحہ اور سعد اور عبد الرحمن کا روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن قيس بن ابي حازم قال رايت يد طلحة شلاء وقى بها النبي صلى الله عليه وسلم يوم احد رواه البخاري

اور روایت ہے قیس بن ابی حازم سے کہا دیکھا میں نے ہاتھ طلحہ کا شل ہو گیا تھا بسبب کہ بچایا اس ہاتھ سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو جنگ احد کے دن روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن جابر قال قال النبي صلى الله عليه وسلم من ياتيني بخبر القوم يوم الاحزاب قال الزبير انا فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان لكل نبي حواريا وحواري الزبير متفق عليه

اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کون ہے کہ لاوے میرے پاس خبر قوم کفار کی غزوہ خندق کے دن عرض کیا زبیر نے میں لاتا ہوں خبر قوم کی پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ہر نبی کے لیے مددگار ہوتا ہے اور مددگار میرا زبیر ہے ق ×

وعن الزبير قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ياتي بني قريظة فياتيني بخبرهم فانطلقت فلما رجعت جمع لي رسول الله صلى الله عليه وسلم ابويه فقال فداك ابي وامي متفق عليه

اور روایت ہے زبیر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کون جاوے بنی قریظہ کے پاس اور لاوے میرے پاس خبر انکی پس چلا میں پھر جب خبر لیکر پھرا ایسا جمع کیے میرے لیے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے ماں باپ کو اور فرمایا قربان تجھ پر باپ اور ماں میری ق ×

وعن علي رض قال ما سمعت النبي صلى الله عليه وسلم جمع ابويه لاحد الا لسعد بن مالك فاني سمعته يقول يوم احد يا سعد ارم فداك ابي وامي متفق عليه

اور روایت ہے علی رض سے کہا کہ نہیں سنا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ جمع کیا ہو اپنے ماں باپ کو کسی کے لیے مگر واسطے سعد بن مالک کے پس تحقیق سنا میں نے حضرت سے فرماتے تھے غزوہ احد کے دن اے سعد پھینک تیر قربان ہو تجھ پر باپ اور ماں میری ق ×

وعن سعد بن ابي وقاص قال اني لاول العرب رمى بسهم في سبيل الله متفق عليه

اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہا کہ تحقیق میں اول عرب کا ہوں کہ پھینکا تیر خدا کی راہ میں × ق ×

وعن عائشة قالت سهر رسول الله صلى الله عليه وسلم مقدمه المدينة ليلة فقال ليت رجلا صالحا يحرسني اذ سمعنا صوت سلاح فقال من هذا قال انا سعد قال ما جاء بك قال وقع في نفسي خوف على رسول الله صلى الله عليه وسلم فجئت احرسه فدعا له رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم نام متفق عليه

اور روایت ہے عائشہ سے بولیں نہ سوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم وقت آنے مدینے میں کسی غزوہ سے ایک رات پس فرمایا حضرت نے کاش کہ ایک مرد نیکبخت نگہبانی کرے میری سنا ہمنے آواز ہتھیار کی پس فرمایا حضرت نے کون ہے یہہ کہا میں سعد ہوں فرمایا حضرت نے کیا چیز تجھکو لائی کہا کہ واقع ہوا دل میں میرے خوف نسبت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس آیا میں کہ نگہبانی کروں آپکی پس دعا کی اسکے لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر آرام فرمایا ق ×

وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

لكل امة امين وامين هذه الامة ابو عبيدة بن الجراح۔ متفق عليه ○ وعن ابن ابي مليكة قال سمعت عائشة وسئلت من

واسطے ہر امت کے ایک امانت دار ہے اور امانت دار اس امت کا ابو عبیدہ بن الجراح ہے۔ ق × اور روایت ہے ابی ملیکہ سے کہا سنا میں نے عائشہ سے جب سوال کیا گیا ان سے کون تھا

كان رسول الله صلى الله عليه وسلم مستخلفا لو استخلفه قالت ابو بكر فقيل ثم من بعد ابي بكر قالت عمر قيل من بعد

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خلیفہ بنایا اگر فرض خلیفہ کرتے کسکو اپنے ساتھ؟ کہا عائشہ نے ابو بکر کو پھر کہا گیا پھر کسکو کرتے بعد ابی بکر کے کہا عائشہ نے عمر کو پوچھا گیا کون بعد

عمر قالت ابو عبيدة بن الجراح۔ رواه مسلم ○ وعن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان على حراء هو وابو بكر وعمر

عمر کے بولیں ابو عبیدہ بن الجراح امین روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم تھے حرا پر یعنی آپ اور ابو بکر اور عمر

وعثمان وعلي وطلحة والزبير فتحركت الصخرة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اهدأ فما عليك الا نبي او صديق او

اور عثمان اور علی اور طلحہ اور زبیر پس ہلا پتھر حرا کا پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تھم جا پس نہیں ہے تجھ پر مگر پیغمبر یا صدیق یا

شهيد وزاد بعضهم وسعد بن ابي وقاص ولم يذكر عليا۔ رواه مسلم

الفصل الثاني

عن عبد الرحمن

شہید اور زیادہ کیا بعض نے اور سعد بن ابی وقاص اور ذکر نہیں کیا علی کو روایت کیا اسکو مسلم نے — فصل دوسری — روایت ہے عبد الرحمن

ابن عوف ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ابو بكر في الجنة وعمر في الجنة وعثمان في الجنة وعلي في الجنة وطلحة في الجنة

بن عوف سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابو بکر بہشت میں ہے اور عمر بہشت میں ہے اور عثمان بہشت میں ہے اور علی بہشت میں ہے اور طلحہ جنت میں ہے

والزبير في الجنة وعبد الرحمن بن عوف في الجنة وسعد بن ابي وقاص في الجنة وسعيد بن زيد في الجنة وابو عبيدة بن

اور زبیر بہشت میں ہے اور عبد الرحمن بن عوف بہشت میں ہے اور سعد ابن ابی وقاص بہشت میں ہے اور سعید بن زید بہشت میں ہے اور ابو عبیدہ بن

الجراح في الجنة۔ رواه الترمذي ورواه ابن ماجه عن سعيد بن زيد ○ وعن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ارحم

الجراح بہشت میں ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے سعید بن زید سے اور روایت ہے انس سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا مہربان زیادہ

امتي بامتي ابو بكر واشدهم في امر الله عمر واصدقهم حياء عثمان وافرضهم زيد بن ثابت واقرؤهم ابي بن كعب

میری امت کا میری امت پر ابو بکر ہے اور سخت تر ان میں بیچ امر دین خدا کے کام میں عمر ہے اور بہت سچا انکا حیا میں عثمان ہے اور بہت فرائض دان امت کا زید بن ثابت ہے اور بہت پڑھنے والا ابی بن کعب ہے

واعلمهم بالحلال والحرام معاذ بن جبل ولكل امة امين وامين هذه الامة ابو عبيدة بن الجراح۔ رواه احمد والترمذي

اور بہت جاننے والا امت کا حلال و حرام میں معاذ بن جبل ہے اور ہر امت کے لئے ایک امین ہے اور امین اس امت کا ابو عبیدہ بن الجراح ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے

وقال هذا حديث حسن صحيح وروي عن معمر عن قتادة مرسلا وفيه واقضاهم علي ○ وعن الزبير قال كان على النبي

اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کی گئی ہے معمر سے قتادہ سے بطریق ارسال کے اور اسمیں ہے اور حکم کرنے والا زیادہ امت میں علی ہے اور روایت ہے زبیر سے کہا تھے نبی

صلى الله عليه وسلم يوم احد درعان فنهض الى الصخرة فلم يستطع فقعد طلحة تحته حتى استوى على الصخرة فسمعت

صلی اللہ علیہ وسلم پر جنگ احد کے دن دو زرہیں پھر متوجہ ہوئے حضرت طرف پتھر کے نہ چڑھ سکے پس بیٹھے طلحہ نیچے حضرت کے یہاں تک کہ چڑھ گئے اس پتھر پر پس سنا میں نے

رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اوجب طلحة۔ رواه الترمذي ○ وعن جابر قال نظر رسول الله صلى الله عليه وسلم الى

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے واجب کی طلحہ نے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر سے کہا دیکھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے طرف

طلحة بن عبيد الله فقال من احب ان ينظر الى رجل يمشي على وجه الارض وقد قضى نحبه فلينظر الى هذا وفي رواية من

طلحہ بن عبید اللہ کے فرمایا جو کوئی دوست رکھے کہ دیکھے طرف اس شخص کے کہ چلتا ہے روئے زمین پر جس حال میں کہ تحقیق مر چکا وہ ہے تو چاہیے کہ دیکھے طرف اس کے اور ایک روایت میں ہے جسکو

سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى شَهِيدٍ يَمْشِي عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَلِيٍّ رض قَالَ

خوش لگے کہ دیکھے طرف شہید کے کہ چلتا ہو روئے زمین پر تو چاہیے کہ دیکھے طرف طلحہ بن عبید اللہ کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے علی رض سے کہا

سَمِعَتْ أُذُنِي مِنْ فِي رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ طَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ جَارَايَ فِي الْجَنَّةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ

سنا میرے دونوں کانوں نے منہ سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے فرماتے تھے طلحہ اور زبیر دونوں میرے ہمسایہ ہیں بہشت میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث

غَرِيبٌ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَئِذٍ يَعْنِي يَوْمَ أُحُدٍ اَللّٰهُمَّ اشْدُدْ رَمْيَتَهُ

غریب ہے اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس دن یعنی روز احد کے خداوندا قوی کر تیر اندازی اسکی

وَأَجِبْ دَعْوَتَهُ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اسْتَجِبْ لِسَعْدٍ إِذَا دَعَاكَ

اور قبول کر دعا اسکی روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے اسی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا الہی قبول کر دعا واسطے سعد بن ابی وقاص کے جب دعا کرے تجھ سے

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَلِيٍّ رض قَالَ مَا جَمَعَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَاهُ وَأُمَّهُ إِلَّا لِسَعْدٍ قَالَ لَهُ يَوْمَ أُحُدٍ ارْمِ فِدَاكَ

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے علی رض سے کہا نہیں جمع کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے باپ اور اپنی ماں کو مگر واسطے سعد کے کہ فرمایا اسکو واسطے دن احد کے پھینک تیر فدا ہو تجھ پر

أَبِي وَأُمِّي وَقَالَ لَهُ ارْمِ أَيُّهَا الْغُلَامُ الْحَزَوَّرُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ أَقْبَلَ سَعْدٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

باپ میرا اور ماں میری اور فرمایا واسطے اسکے تیر پھینک اے نوجوان قوی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ آئے سعد حضرت کے پاس پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

هٰذَا خَالِي فَلْيُرِنِي امْرُؤٌ خَالَهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ كَانَ سَعْدٌ مِنْ بَنِي زُهْرَةَ وَكَانَتْ أُمُّ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَنِي

یہہ ہے ماموں میرا پس چاہیے کہ دکھاوے کوئی شخص اپنے ماموں کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا تھے سعد قبیلہ بنی زہرہ سے اور تھیں والدہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی قبیلہ بنی

زُهْرَةَ فَلِذٰلِكَ قَالَ النَّبِيُّ عَلَيْهِ السَّلَامُ هٰذَا خَالِي وَفِي الْمَصَابِيحِ فَلْيُكْرِمَنَّ بَدَلَ فَلْيُرِنِي

زہرہ سے پس اسی سبب سے فرمایا نبی علیہ السلام نے کہ یہہ ماموں میرا ہے اور مصابیح میں ہے کہ چاہیے کہ اکرام کرے ماموں کا بدلے فلیرنی کے

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

فصل تیسری

عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ يَقُولُ إِنِّي لَأَوَّلُ رَجُلٍ مِنَ الْعَرَبِ رَمٰى بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللهِ وَرَأَيْتُنَا نَغْزُو مَعَ

روایت ہے قیس بن ابی حازم سے کہا کہ سنا میں نے سعد بن ابی وقاص کو کہتا ہو تحقیق میں اول شخص ہوں عرب میں سے کہ پھینکا تیر راہ خدا میں اور دیکھا ہم نے اپنے تئیں کہ جہاد کرتے تھے

رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا لَنَا طَعَامٌ إِلَّا الْحُبْلَةُ وَوَرَقُ السَّمُرِ وَإِنْ كَانَ أَحَدُنَا لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ الشَّاةُ مَا لَهُ خِلْطٌ ثُمَّ

ہمراہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور نہ تھا ہمارے لئے کچھ کھانا مگر پھل کیکر کے اور پتے کیکر کے اور تحقیق ایک ہمارا پاخانہ پھرتا تھا جیسے مینگنیاں بکری کی نہ تھی ملاوٹ پھر

أَصْبَحَتْ بَنُو أَسَدٍ تُعَزِّرُنِي عَلَى الْإِسْلَامِ لَقَدْ خِبْتُ إِذًا وَضَلَّ عَمَلِي وَكَانُوا وَشَوْا بِهِ إِلَى عُمَرَ وَقَالُوا لَا يُحْسِنُ يُصَلِّي مُتَّفَقٌ

ہوئے بنو اسد توبیخ کرتے ہیں مجھکو اسلام پر تب البتہ تحقیق نا امید ہوا میں اور گم ہوا عمل میرا اور تھے بنو اسد شکایت کی تھی نزدیک عمر کے اور کہتے تھے کہ اچھی طرح نماز نہیں پڑھتے

عَلَيْهِ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ رَأَيْتُنِي وَأَنَا ثَالِثُ الْإِسْلَامِ وَمَا أَسْلَمَ أَحَدٌ إِلَّا فِي الْيَوْمِ الَّذِي أَسْلَمْتُ فِيهِ وَلَقَدْ مَكَثْتُ

اور روایت ہے سعد سے کہا کہ البتہ تحقیق جانتا ہوں میں اپنے تئیں اور میں تیسرا تھا اہل اسلام کا اور نہیں اسلام لایا کوئی مگر اسی دن میں جس دن اسلام لایا میں اور تحقیق ٹھہرا میں

سَبْعَةَ أَيَّامٍ وَإِنِّي لَثُلُثُ الْإِسْلَامِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ لِنِسَائِهِ

سات دن تک جس حال میں کہ میں تہائی اہل اسلام کا تھا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عائشہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرماتے تھے اپنی بیبیوں کو

إِنَّ أَمْرَكُنَّ مِمَّا يُهِمُّنِي مِنْ بَعْدِي وَلَنْ يَصْبِرَ عَلَيْكُنَّ إِلَّا الصَّابِرُونَ الصِّدِّيقُونَ قَالَتْ عَائِشَةُ يَعْنِي الْمُتَصَدِّقِينَ ثُمَّ

کہ حال تمہارا اس قسم سے ہے کہ فکر میں ڈالتا ہے مجھکو بعد میرے اور صبر نہیں کرینگے احوال پر تمہارے مگر صبر کرنے والے صدیق کہا عائشہ نے مراد رکھتے تھے حضرت صدقہ دینے والوں سے پھر

قالت عائشة لابي سلمة بن عبد الرحمن سقى الله اباك من سلسبيل الجنة وكان ابن عوف قد تصدق على امهات

کہا عائشہ نے ابی سلمہ بن عبدالرحمن کے تئیں پلاوے اللہ تیرے باپ کو سلسبیل سے جنت کی اور تھا عبدالرحمن بن عوف کہ تصدق کیا تھا ماؤں پر

المؤمنين بحديقة بيعت باربعين الفا رواه الترمذي وعن ام سلمة قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم

مومنین کے ایک باغ کہ بیچا گیا چالیس ہزار کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو

يقول لازواجه ان الذي يحنو عليكن بعدي هو الصادق البار اللهم اسق عبد الرحمن بن عوف من سلسبيل الجنة

فرماتے تھے اپنی بیبیوں کو تحقیق وہ شخص کہ دیکھ بھال کرے تمہاری اپنے پیچھے سے بعد میرے وہی سچا نیکوکار ہے الٰہی پلا عبدالرحمن بن عوف کو چشمہ جنت سے

رواه احمد وعن حذيفة قال جاء اهل نجران الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالوا يا رسول الله ابعث الينا رجلا

روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے حذیفہ سے کہا کہ آئے نجران والے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس عرض کیا انھوں نے یا رسول اللہ بھیج طرف ہمارے ایک شخص

امينا فقال لابعثن اليكم رجلا امينا حق امين فاستشرف لها الناس قال فبعث ابا عبيدة ابن الجراح متفق عليه وعن

امانت دار کو پس فرمایا البتہ بھیجوں گا طرف تمہاری ایک شخص امانتدار پس منتظر ہوئے اسکے لوگ کہا پس بھیجا حضرت نے ابا عبیدہ بن جراح کو متفق علیہ اور روایت ہے

علي رض قال قيل يا رسول الله من نؤمر بعدك قال ان تؤمروا ابا بكر تجدوه امينا زاهدا في الدنيا راغبا في الآخرة

علی رض سے کہا کسی نے پوچھا یا رسول اللہ کسکو امیر کریں ہم بعد آپکے فرمایا حضرت نے اگر امیر کرو تم ابوبکر کو پاؤگے تم اسکو امانتدار بے رغبت دنیا سے راغب آخرت کی

وان تؤمروا عمر تجدوه قويا امينا لا يخاف في الله لومة لائم وان تؤمروا عليا ولا اراكم فاعلين تجدوه هاديا

اور اگر امیر کروگے عمر کو پاؤگے تم اسکو قوی امانتدار کہ نہیں ڈرتا ہے دین خدا میں ملامت کرنے والے کی ملامت سے اور اگر امیر کروگے تم علی کو اور نہیں دیکھتا میں تمکو کرنے والے

مهديا يأخذ بكم الطريق المستقيم رواه احمد وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رحم الله ابا بكر زوجني

پاؤگے راہ راست کو روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رحمت کرے اللہ ابابکر کو کہ نکاح کر دیا مجھ سے

ابنته وحملني الى دار الهجرة وصحبني في الغار واعتق بلالا من ماله رحم الله عمر يقول الحق وان كان مرا تركه الحق وما له

اپنی بیٹی سے اور سوار کر لایا مجھکو اونٹنی پر دار ہجرت کی اور ساتھ رہا میرے غار میں اور آزاد کیا بلال کو اپنے مال سے رحمت کرے اللہ عمر کو کہتا ہے حق اگرچہ تلخ ہو

من صديق رحم الله عثمان تستحييه الملائكة رحم الله عليا اللهم ادر الحق معه حيث دار رواه الترمذي وقال

کوئی دوست رحمت کرے اللہ عثمان کو حیا کرتے ہیں اس سے فرشتے رحمت کرے اللہ علی کو خداوندا پھیر حق کو ساتھ علی کے جس طرف پھرے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا

هذا حديث غريب

باب مناقب اهل بيت النبي صلى الله عليه وسلم

الفصل الاول

عن سعد بن ابي وقاص قال لما

یہ حدیث غریب ہے باب مناقب میں اہل بیت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فصل پہلی روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہا جس وقت کہ

نزلت هذه الآية فقل تعالوا ندع ابناءنا وابناءكم دعا رسول الله صلى الله عليه وسلم عليا وفاطمة وحسنا وحسينا فقال

اتری یہ آیت پس کہہ کہ آؤ بلاویں ہم اپنے بیٹوں کو اور تمہارے بیٹوں کو بلایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے علی کو اور فاطمہ اور حسن اور حسین کو پس فرمایا

اللهم هؤلاء اهل بيتي رواه مسلم وعن عائشة قالت خرج النبي صلى الله عليه وسلم غداة وعليه مرط مرحل من

خداوندا یہ ہیں اہل بیت میرے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ باہر نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک صبح کو جس حال میں کہ حضرت پر ایک کملی تھی نقش دار

اسود فجاء الحسن بن علي رض فادخله ثم جاء الحسين فدخل معه ثم جاءت فاطمة فادخلها ثم جاء علي فادخله

سیاہ بالوں سے پھر آئے حسن بن علی رض پس داخل کیا انکو پھر آئے حسین پس داخل کیا انکو ساتھ انکے پھر آئیں فاطمہ رض پس داخل کیا فاطمہ کو پھر آئے علی پس داخل کیا انکو

ثم قال إنما يريد الله ليذهب عنكم الرجس أهل البيت ويطهركم تطهيرا رواه مسلم وعن البراء قال لما توفي إبراهيم

پھر پڑھی یہ آیت نہیں چاہتا ہے خدا مگر یہ کہ دور کرے تم سے گناہوں کی پلیدی اے اہل بیت اور پاک کرے تم کو پاک کرنا روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے براء سے کہا جب فوت ہوئے ابراہیم

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن له مرضعا في الجنة رواه البخاري وعن عائشة قالت كنا أزواج النبي صلى الله

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق ابراہیم کے لئے دودھ پلانے والی ہے بہشت میں روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے عائشہ سے بولیں تھیں ہم بیبیاں نبی صلی اللہ

عليه وسلم عنده فأقبلت فاطمة ما تخفى مشيتها من مشية رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما رآها قال مرحبا بابنتي

علیہ وسلم کی نزدیک حضرت کے پس آئیں فاطمہ نہیں چھپتی تھی چال فاطمہ کی چال سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر جب دیکھا حضرت نے فاطمہ کو فرمایا فراخی ہو میری بیٹی کو

ثم أجلسها ثم سارها فبكت بكاء شديدا فلما رأى حزنها سارها الثانية فإذا هي تضحك فلما قام رسول الله صلى الله

پھر بٹھایا فاطمہ کو حضرت نے پھر بات کی ان سے چپکے سے پس روئیں فاطمہ رونا سخت پھر جب دیکھا حضرت نے بہت غمگینی فاطمہ کی چپکے سے کہا ان سے دوسری بار پس ناگاہ فاطمہ ہنسنے لگیں

عليه وسلم سألتها عما سارك قالت ما كنت لأفشي على رسول الله صلى الله عليه وسلم سره فلما توفي قلت عزمت عليك

علیہ وسلم تو میں نے پوچھا فاطمہ سے کیا سرگوشی کی حضرت نے تم سے کہا فاطمہ نے نہیں ہوں میں کہ ظاہر کروں بھید رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا پھر جب فوت ہوئے حضرت کہا میں نے قسم دیتی ہوں تم کو

بما لي عليك من الحق لما أخبرتني قالت أما الآن فنعم أما حين سارني في الأمر الأول فإنه أخبرني أن جبريل كان يعارضه

ساتھ اس حق کے جو واسطے میرے ہے تجھ پر مگر یہ کہ خبر دو تم مجھ کو کہا فاطمہ نے لیکن اب پس ہاں لیکن جس وقت کہ چپکے سے کہا حضرت نے مجھ کو اول بار پس تحقیق

القرآن كل سنة مرة وإنه عارضني به العام مرتين ولا أرى الأجل إلا قد اقترب فاتقي الله واصبري فإني نعم السلف أنا لك

قرآن کا ہر برس ایک بار اور تحقیق دور کیا مجھ سے قرآن اس برس دو بار اور نہیں دیکھتا ہوں میں اجل کو مگر تحقیق نزدیک پہنچی پس تقویٰ کر اے فاطمہ اللہ سے اور صبر کر

فبكيت فلما رأى جزعي سارني الثانية قال يا فاطمة ألا ترضين أن تكوني سيدة نساء أهل الجنة أو نساء المؤمنين

پس رونے لگی میں پھر جب دیکھا حضرت نے صبر نہ کرنا میرا سرگوشی کی مجھ سے دوسری بار کہ فرمایا اے فاطمہ کیا راضی نہیں ہوتی تو کہ ہو تو سردار جنتی عورتوں کی یا فرمایا تمام مسلمان عورتوں کی

وفي رواية فسارني فأخبرني أنه يقبض في وجعه فبكيت ثم سارني فأخبرني أني أول أهل بيته أتبعه فضحكت متفق عليه

اور ایک روایت میں ہے کہا فاطمہ نے پس سرگوشی کی حضرت نے مجھ سے اور خبر دی مجھ کو کہ وفات پاویں گے اس بیماری میں پس روئی میں پھر سرگوشی کی مجھ سے اور خبر دی مجھ کو کہ سب اہل بیت سے اول میں ان کے پیچھے جاؤں گی پس ہنسی میں

وعن المسور بن مخرمة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فاطمة بضعة مني فمن أغضبها أغضبني وفي رواية يريبني

اور روایت ہے مسور بن مخرمہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فاطمہ میرے گوشت کا ٹکڑا ہے پس جس نے غصہ دلایا اس کو گویا غصہ دلایا مجھ کو

ما أرابها ويؤذيني ما آذاها متفق عليه وعن زيد بن أرقم قال قام رسول الله صلى الله عليه وسلم يوما فينا خطيبا بماء

وہ چیز کہ پریشان کرتی ہے اس کو اور ایذا دیتی ہے مجھ کو وہ چیز جو ایذا دیتی ہے فاطمہ کو متفق ٭ اور روایت ہے زید بن ارقم سے کہا کھڑے ہوئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن بیچ ہمارے خطبہ پڑھنے کو

يدعى خما بين مكة والمدينة فحمد الله وأثنى عليه ووعظ وذكر ثم قال أما بعد ألا أيها الناس إنما أنا بشر يوشك أن يأتي

نام کیا جاتا تھا اس کا خم کہ ہے درمیان مکہ اور مدینے کے پس تعریف کی اللہ کی اور ثنا کی اس پر اور نصیحت کی لوگوں کو اور یاد دلایا ثواب عذاب پھر فرمایا اما بعد آگاہ ہو اے لوگو نہیں ہوں میں مگر آدمی

رسول ربي فأجيب وأنا تارك فيكم الثقلين أولهما كتاب الله فيه الهدى والنور فخذوا بكتاب الله واستمسكوا به فحث

بھیجا ہوا میرے پروردگار کا پس قبول کروں میں اور میں چھوڑنے والا ہوں بیچ تمہارے دو چیزیں بھاری اول ان کا قرآن کہ اس میں راہ راست ہے اور نور پس پکڑو تم کتاب اللہ کو اور مضبوط پکڑو اس کو پس رغبت دلائی

على كتاب الله ورغب فيه ثم قال وأهل بيتي أذكركم الله في أهل بيتي وفي رواية كتاب الله هو حبل الله من اتبعه كان

اوپر کتاب اللہ کے اور رغبت دلائی اس میں پھر فرمایا اور دوسرے اہل بیت میرے یاد دلاتا ہوں میں تم کو اللہ کو حق میں اہل بیت کے اور ایک روایت میں ہے کتاب اللہ وہ رسی ہے خدا کی جو کوئی پیروی کرے

على الهدى ومن تمسك كان على الضلالة رواه مسلم وعن ابن عمر انه كان اذا سلم على ابن جعفر قال السلام عليك يا ابن

راہ پر ہے اور جو کوئی چھوڑ دے اسکو ہوگا وہ گمراہی پر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ تحقیق وہ جب سلام کرتے عبداللہ ابن جعفر کو کہتے سلام تجھ پر اے بیٹے

ذي الجناحين رواه البخاري وعن البراء قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم والحسن بن علي على عاتقه يقول اللهم

دو بازوؤں والے کے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے براء سے کہا دیکھا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اس حال میں کہ حسن بن علی انکے کندھے پر تھے کہتے تھے خداوندا

اني احبه فاحبه متفق عليه وعن ابي هريرة قال خرجت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في طائفة من النهار حتى

تحقیق میں دوست رکھتا ہوں اسکو پس تو بھی دوست رکھ اسکو متفق ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا باہر نکلا میں ہمراہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک ٹکڑے میں دن سے یہاں تک کہ

اتى خباء فاطمة فقال أثم لكع أثم لكع يعني حسنا فلم يلبث ان جاء يسعى حتى اعتنق كل واحد منهما صاحبه

آئے حضرت فاطمہ کے گھر کو پس فرمایا کیا یہاں لڑکا ہے کیا یہاں لڑکا ہے مراد رکھتے حسن کو پس نہ دیر کی یہاں تک کہ آئے امام حسن دوڑتے ہوئے یہاں تک کہ گلے سے لگے ہر ایک ان دونوں میں سے اپنے ساتھی کے

فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اللهم اني احبه فاحبه واحب من يحبه متفق عليه وعن ابي بكرة قال رأيت

پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خداوندا تحقیق میں دوست رکھتا ہوں اسکو پس تو بھی دوست رکھ اسکو اور دوست رکھ اسکو جو دوست رکھتا ہے اسکو متفق ہے اور روایت ہے ابی بکرہ سے کہا دیکھا

رسول الله صلى الله عليه وسلم على المنبر والحسن بن علي الى جنبه وهو يقبل على الناس مرة وعليه اخرى ويقول ان

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو منبر پر اور حسن بن علی حضرت کے پہلو میں تھے اور حضرت متوجہ ہوتے تھے لوگوں پر ایکبار اور حسن بن علی پر دوسری بار اور فرماتے تھے

ابني هذا سيد ولعل الله ان يصلح به بين فئتين عظيمتين من المسلمين رواه البخاري وعن عبد الرحمن

یہ بیٹا میرا سردار ہے اور شاید کہ اللہ صلح کرا دے اسکے سبب درمیان دو بڑی جماعتوں کے مسلمانوں میں سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عبد الرحمن

بن ابي نعم قال سمعت عبد الله بن عمر وسأله رجل عن المحرم قال شعبة احسبه يقتل الذباب فقال اهل العراق

بن ابی نعم سے کہا سنا میں نے عبداللہ بن عمر سے جس حال میں کہ سوال کیا ان سے کسی شخص نے محرم سے کہا شعبہ نے گمان کرتا ہوں کہ سائل نے مار ڈالا تھا مکھی کو پس کہا ابن عمر نے اہل عراق

يسألوني عن الذباب وقد قتلوا ابن بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هما ريحانتاي

پوچھتے ہیں مجھ سے مکھی کے مارنے سے اور تحقیق قتل کیا انہوں نے نواسہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حالانکہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ دونوں میرے پھول ہیں

من الدنيا رواه البخاري وعن انس قال لم يكن احد اشبه بالنبي صلى الله عليه وسلم من الحسن بن علي وقال في

دنیا سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا نہیں تھا کوئی بہت مشابہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے حسن بن علی سے اور کہا انس نے

الحسين ايضا كان اشبههم برسول الله صلى الله عليه وسلم رواه البخاري وعن ابن عباس قال ضمني النبي صلى الله

حسین میں بھی کہ تھے وہ بہت مشابہ لوگوں میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا لپٹایا مجھکو نبی صلے اللہ

عليه وسلم الى صدره فقال اللهم علمه الحكمة وفي رواية علمه الكتاب رواه البخاري وعنه قال ان النبي صلى الله عليه

علیہ وسلم نے اپنے سینے سے اور فرمایا الٰہی سکھلا اسکو حکمت اور ایک روایت میں ہے سکھلا اسکو کتاب روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انہیں سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ

وسلم دخل الخلاء فوضعت له وضوءا فلما خرج قال من وضع هذا فأخبر فقال اللهم فقهه في الدين متفق عليه

وسلم داخل ہوئے پاخانہ میں پس رکھا میں نے آپ کے لئے پانی وضو کا جب باہر نکلے حضرت پاخانہ سے فرمایا کس نے رکھا ہے یہ پس خبر دی گئی پس فرمایا الٰہی سمجھ دے اسکو دین میں متفق ہے

وعن اسامة بن زيد عن النبي صلى الله عليه وسلم كان يأخذه والحسن فيقول اللهم احبهما فاني احبهما وفي رواية

اور روایت ہے اسامہ بن زید سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے تھے حضرت لیتے تھے اسکو اور امام حسن کو پھر کہتے خداوندا دوست رکھ ان دونوں کو اس لئے کہ تحقیق میں دوست رکھتا ہوں ان دونوں کو اور ایک روایت میں

قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يأخذني فيقعدني على فخذه ويقعد الحسن بن علي على فخذه الأخرى ثم يضمهما

کہا اسامہ نے تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم لیتے تھے مجھکو اور بٹھاتے تھے مجھکو اپنی ران پر اور بٹھاتے حسن بن علی کو اپنے دوسری ران پر پھر ملاتے دونوں کو

ثم يقول اللهم ارحمهما فإني أرحمهما رواه البخاري وعن عبد الله بن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم بعث

اور فرماتے الٰہی مہربانی کر ان دونوں پر اسواسطے کہ میں مہربانی کرتا ہوں دونوں پر روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بھیجا

بعثا وأمر عليهم أسامة بن زيد فطعن بعض الناس في إمارته فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن كنتم تطعنون

ایک لشکر اور امیر کیا ان پر اسامہ بن زید کو پھر طعن کیا بعض لوگوں نے بیچ انکی امارت کے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر ہو تم طعن کرتے

في إمارته فقد كنتم تطعنون في إمارة أبيه من قبل وايم الله إن كان لخليقا للإمارة وإن كان لمن أحب الناس إلي

امارت بیچ اسکے پس تحقیق تھے تم طعن کرتے امارت میں اسکے باپ کے پہلے اس سے اور قسم اللہ کی تحقیق تھا باپ اسکا لائق امارت کے اور تحقیق تھا باپ اسکا محبوب ترین لوگوں سے مجھ پاس

وإن هذا لمن أحب الناس إلي بعده متفق عليه وفي رواية لمسلم نحوه وفي آخره أوصيكم به فإنه من صالحيكم وعنه

اور تحقیق یہ بیٹا بھی جملہ محبوب ترین لوگوں سے ہے نزدیک میرے بعد اسکے باپ کے متفق علیہ اور ایک روایت میں مسلم کی اسی طرح ہے اور آخر حدیث میں اس کے ہے کہ فرمایا حضرت نے وصیت کرتا ہوں تمکو ساتھ اسکے پس تحقیق وہ تمہارے صالحوں میں سے ہے اور روایت ہے ابن عمر سے

قال إن زيد بن حارثة مولى رسول الله صلى الله عليه وسلم ما كنا ندعوه إلا زيد بن محمد حتى نزل القرآن ادعوهم

کہا تحقیق زید بن حارثہ غلام آزاد رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے نہ تھے ہم پکارتے اسکو مگر زید بن محمد یہاں تک کہ اترا قرآن پکارو انکو

لآبائهم متفق عليه وذكر حديث البراء قال لعلي أنت مني في باب بلوغ الصغير وحضانته

ان کے باپوں کے نام سے متفق علیہ اور ذکر کی گئی حدیث براء بن عازب کی کہ فرمایا علی کو کہ تو مجھ سے ہے باب بلوغ الصغیر اور اسکی حضانت کے بیان میں

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن جابر قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم في حجته يوم عرفة وهو على ناقته القصواء يخطب فسمعته

روایت ہے جابر سے کہا کہ دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو حجۃ الوداع میں عرفے کے دن اس حال میں کہ حضرت سوار اپنی اونٹنی قصواء پر خطبہ پڑھتے تھے پس سنا میں نے

يقول يا أيها الناس إني تركت فيكم ما إن أخذتم به لن تضلوا كتاب الله وعترتي أهل بيتي رواه الترمذي وعن

فرماتے تھے اے لوگو تحقیق میں نے چھوڑی ہے درمیان تمہارے وہ چیز کہ اگر پکڑے رہو گے تم اسکو ہرگز گمراہ نہ ہو گے کتاب اللہ اور عترت یعنی میرے اہل بیت روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

زيد بن أرقم قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إني تارك فيكم ما إن تمسكتم به لن تضلوا بعدي أحدهما أعظم

زید بن ارقم سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مقرر میں چھوڑتا ہوں تم میں وہ چیز کہ اگر پکڑے رہو گے تم اسکو تو ہرگز گمراہ نہ ہو گے تم بعد میرے ایک ان میں سے بڑی ہے

من الآخر كتاب الله حبل ممدود من السماء إلى الأرض وعترتي أهل بيتي ولن يتفرقا حتى يردا علي الحوض فانظروا

دوسری سے وہ کتاب اللہ کی ہے رسی دراز آسمان سے زمین تک اور میری عترت یعنی اہل بیت میری اور ہرگز نہیں جدا ہوں گے دونوں یہاں تک کہ آویں گے میرے پاس حوض پر پس دیکھو تم

كيف تخلفوني فيهما رواه الترمذي وعنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لعلي وفاطمة والحسن والحسين

کہ کیونکر خلیفہ ہو تم میرے کتاب اللہ اور عترت میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علی اور فاطمہ اور حسن اور حسین کے حق میں

أنا حرب لمن حاربهم وسلم لمن سالمهم رواه الترمذي وعن جميع بن عمير قال دخلت مع عمتي على عائشة

کہ میں لڑنے والا ہوں اس شخص سے جو لڑے ان سے اور صلح کرنے والا اس شخص سے جو صلح کرے انسے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جمیع بن عمیر سے کہا کہ داخل ہوا میں ہمراہ اپنی پھوپھی کے عائشہ کے پاس

فسألت أي الناس كان أحب إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم قالت فاطمة فقيل من الرجال قالت زوجها رواه الترمذي

پس پوچھا میں نے کونسا لوگوں میں تھا بہت پیارا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا فاطمہ پھر پوچھا گیا مردوں میں سے کون تھا کہا خاوند اسکا روایت کیا اسکو ترمذی نے

وَعَنْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ رَبِيعَةَ أَنَّ الْعَبَّاسَ دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُغْضَبًا وَأَنَا عِنْدَهُ فَقَالَ مَا أَغْضَبَكَ

اور روایت ہے عبد المطلب بن ربیعہ سے کہ تحقیق عباس آئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس غصہ ہوئے اور میں نزدیک حضرت کے تھا پس فرمایا حضرت نے کس چیز نے غصہ دلایا تجھ کو

قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَنَا وَلِقُرَيْشٍ إِذَا تَلَاقَوْا بَيْنَهُمْ تَلَاقَوْا بِوُجُوهٍ مُبْشَرَةٍ وَإِذَا لَقُونَا لَقُونَا بِغَيْرِ ذَلِكَ

کہا عباس نے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کیا حال ہے واسطے ہمارے اور واسطے قریش کے جب ملاقات کرتے ہیں آپس میں تو ملتے ہیں ساتھ چہروں خوش کے اور جب ملتے ہیں ہم سے ملتے ہیں بغیر اس کے

فَغَضِبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى احْمَرَّ وَجْهُهُ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يَدْخُلُ قَلْبَ رَجُلٍ الْإِيمَانُ

پس غصہ ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم یہاں تک کہ بہت سرخ ہوا چہرہ مبارک آپ کا پھر فرمایا قسم ہے اس کی کہ جان میری بیچ ہاتھ اس کے ہے نہیں داخل ہوگا بیچ دل کسی شخص کے ایمان یہاں تک کہ

يُحِبَّكُمْ لِلَّهِ وَلِرَسُولِهِ ثُمَّ قَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ مَنْ آذَى عَمِّي فَقَدْ آذَانِي فَإِنَّمَا عَمُّ الرَّجُلِ صِنْوُ أَبِيهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِي الْمَصَابِيحِ

دوست رکھے تمکو واسطے محبت اللہ کے اور واسطے محبت اس کے رسول کے پھر فرمایا اے لوگو جو کوئی ستاوے چچا کو میرے پس تحقیق ستایا اس نے مجھکو سوائے اس کے نہیں چچا آدمی کا مانند باپ کے ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے

عَنِ الْمُطَّلِبِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَبَّاسُ مِنِّي وَأَنَا مِنْهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْهُ

مطلب سے ہی ہے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ عباس مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْعَبَّاسِ إِذَا كَانَ غَدَاةُ الْاِثْنَيْنِ فَأْتِنِي أَنْتَ وَوَلَدُكَ حَتَّى أَدْعُوَ لَهُمْ بِدَعْوَةٍ

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے عباس کو جس وقت کہ ہو صبح پیر کے دن کی پس آ میرے پاس تو اور اولاد تیری یہانتک کے دعا کروں میں تمہارے لئے ایسی دعا

يَنْفَعُكَ اللَّهُ بِهَا وَوَلَدَكَ فَغَدَا وَغَدَوْنَا مَعَهُ وَأَلْبَسَنَا كِسَاءَهُ ثُمَّ قَالَ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِلْعَبَّاسِ وَوَلَدِهِ مَغْفِرَةً

کہ نفع دے تجھکو اللہ اسکے سبب اور نفع دے تیری اولاد کو کہا ابن عباس نے پس صبح کو آئے عباس اور ہم ساتھ انکے اور اوڑھائی حضرت نے چادر اپنی پھر فرمایا الٰہی بخش عباس کو اور اسکی اولاد کو بخشش

ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً لَا تُغَادِرُ ذَنْبًا اللَّهُمَّ احْفَظْهُ فِي وَلَدِهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَزَادَ رَزِينٌ وَاجْعَلِ الْخِلَافَةَ بَاقِيَةً فِي

ظاہر اور باطن کی کہ نہ چھوڑے کسی گناہ کو الٰہی نگاہ رکھ اسکو اسکی اولاد میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور زیادہ کیا رزین نے اور کر بادشاہت باقی

عَقِبِهِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هَذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَعَنْهُ أَنَّهُ رَأَى جِبْرِيلَ مَرَّتَيْنِ وَدَعَا لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتَيْنِ

اولاد میں اسکے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے اسی سے کہ اسنے دیکھا جبرئیل کو دو بار اور دعا کی اسکے لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دو بار

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْهُ أَنَّهُ قَالَ دَعَا لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُؤْتِيَنِيَ اللَّهُ الْحِكْمَةَ مَرَّتَيْنِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے کہ اسنے کہا کہ دعا کی میرے لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ دیوے مجھکو اللہ حکمت دو بار روایت کیا اسکو ترمذی نے

ثابت ہے چنانچہ عبد اللہ بن مسعود سے اور عبد اللہ بن عمر اور علی مرتضے اور حذیفہ اور عبد اللہ بن عباس اور انس اور جبیر بن مطعم وغیرہ سے حدیث کے کتابون مین بکثرت روایت ہے قرآن مین بہی
اسکی خبر ہی چنانچہ سورۂ قمر مین حق تعالی نے فرمایا اقتربت الساعة وانشق القمر وان يروا اية يعرضوا ويقولوا سحر مستمر یعنے پاس آلگی قیامت اور دو ٹکڑے ہوگیا
چاند اور اگر دیکہین کفار مکہ معجزہ تو ٹال جاوین اور کہین یہہ مضبوط اونچی جادو ہی حق تعالی نے شق القمر کی خبر بلفظ ماضی دی یعنے یہہ امر ہوچکا اگر آیندہ حال کی خبر ہوتی تو کفار اسکو جادو کیون کہتے
چنانچہ جمہور مفسرین کا اسپر اتفاق ہی بعضے جاہل بے دین اور نصاری اعتراض کرتے ہین کہ اگر شق القمر ہوا ہوتا تو اکثر اہل ... مین پوشیدہ نہ رہتا اسواسطے کہ آسمانی حال سبکے پیش نظر ہوجاتا ہی
اور نقل عجائبات النسان کی چلی جہری ہی اوسکا جواب یہہ ہے کہ اہل ... مین سے یہہ بہی منقول نہین کہ اوس رات کو سب لوگ برابر دیکہتے رہے اور کسی نے نہ دیکہا اور اگر یہہ امر منقول بہی ہوتا تو
بہی عذر نہوتا اسواسطے کہ تمام زمین پر قمر کا حال یکسان نہین بعضے ملک مین قبل طلوع ہوتا ہی اور بعضے ملک مین گہری کے بعد اسواسطے کہ سطح زمین برابر نہین بلکہ کری شکل ہی یعنے
گول صورت ہے ... طلوع غروب ... ملک مین ابر اور پہاڑ حائل ہوجاتا ہی نہین جیسون سے کسوف اور خسوف

متشابہات کرین مین عجب سیلا لکھا ہی جسکو اس سے زیادہ تحقیق کا شوق ہو وہ اوسکو وہان دیکھے خ المسور بن مخرمۃ ومروان بن الحکم اشیروا ایہا الناس علی اترون ان امیل الی عیالہم
و ذراری ہولاء الذین یریدون ان یصدونا عن البیت فان یاتونا کان اللہ قد قطع عنقا من المشرکین والا ترکناہم محروبین بخاری مین مسور بن مخرمہ رض اور
مروان بن حکم سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجھکو صلاح دو ای لوگو بیچ اس امر کے جو پیش آیا ہے کیا تم دیکھتے ہو کہ مین لوٹ پڑون اونکے عیال کی طرف اور ان لوگون کے بال بچون کو گرفتار کرون جو کہ ہمکو خانہ خدا سے روکتے ہین
پھر اگر وے ہم پر آ پڑینگے تو حق تعالی مشرکین کی جماعت کو توڑ دیگا اور نہین تو ہم اونکو مفلس کرکے چھوڑ دینگے یعنی دونون صورت مین اونکا نقصان ہی ف حضرت جنگ حدیبیہ مین ہزار پانسو آدمی سے
احرام باندہ کے عمرہ کرنے چلے اور جاسوس خبر کے واسطے بھیجی جاسوسون نے حضرت کو خبر دی کہ کفار قریش نے بڑا مجمع کیا ہی حضرت سے لڑینگے اور حضرت کو خانہ خدا مین عمرہ کرنے نجانے دینگے تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی اور اصحاب سے مشورہ پوچھا ابوبکر صدیق رض نے کہا کہ یا رسول اللہ آپ بیت اللہ کا قصد کرکے نکلے ہین لڑنے کا حضرت کو قصد نہ تھا سو آپ بیت اللہ کی طرف چلئے اگر کفار ہمکو
روکینگے تو ہم اونکو مارینگے حضرت نے فرمایا تو بسم اللہ چلو چنانچہ کافرون نے حضرت کو روکا حضرت اونسے صلح کرکے پلٹ آئے دوسرے سال عمرہ قضا کیا ه انس اصنعوا کل شیء الا النکاح
یعنی بالحائض مسلم مین انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے حیض والی عورت کے حق مین فرمایا کہ صحبت کے سوا سب کچھ کرو ف یعنی حیض کے حالت مین صحبت حرام ہے اور بوسہ اور مساس درست ہی
ق انس اعتدلوا فی السجود ولا یبسط احدکم ذراعیہ انبساط الکلب بخاری و مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ درست اور ٹھیک سجدہ کرو اور نہ
بچھاوے تم مین سے کوئی اپنے دونو ہاتون کو جیسا بچھاتی ہی کتی کی طرح ف سجدہ مین کہنیونکو زمین سے اور پیٹ کو رانون سے ملانا مکروہ ہی علیحدہ رکھے ق ابوہریرۃ اعتقیہا
فانہا من ولد اسمعیل قالہ لعائشۃ فی سبیۃ من بنی تمیم بخاری و مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای عائشہ اس لونڈی کو آزاد کر دے اسلئے کہ
وہ حضرت اسمعیل کی اولاد سے ہی یہہ حضرت نے قوم بنی تمیم کی قیدی عورت کے حق مین فرمایا خ عوف بن مالک الاشجعی اعدد ستا بین یدی الساعۃ موتی ثم فتح بیت المقدس ثم موتان
یاخذ فیکم کقعاص الغنم ثم استفاضۃ المال حتی یعطی الرجل مائۃ دینار فیظل ساخطا ثم فتنۃ لا یبقی بیت من العرب الا دخلتہ ثم ہدنۃ تکون بینکم
وبین بنی الاصفر فیغدرون فیاتونکم تحت ثمانین غایۃ تحت کل غایۃ اثنا عشر الفا بخاری مین عوف بن مالک رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ گن چھ چیزون کو
قیامت سے پہلے اول تو میری موت پھر بیت المقدس کا فتح ہونا پھر تم مین مرض کا پڑنا جیسے بکریون مین مری پڑتی ہی پھر مال کی ریل پیل ہو یہان تک کہ ایک مرد کو سو اشرفیان دیجاوینگے پھر بھی
ناخوش رہیگا یعنی کم سمجھ کر پھر فساد ہوگا کہ عرب کا کوئی گھر نرہیگا جسمین وہ داخل نہوگا پھر تمہارے اور روم والون کے درمیان صلح کا ہونا سو وے دغا کرینگے تو وے تم سے لڑنے آوینگے اسی
علم کے نیچے ہر علم کے نیچے بارہ ہزار آدمی ہونگے یعنی نو لاکھ ساٹھ ہزار کا لشکر ہوگا ف عمر فاروق رض کی خلافت مین بیت المقدس فتح ہوا اور وبا شام مین پڑی کہ ستر ہزار آدمی تین
دن مین مر گئے اور مال کی کثرت حضرت عثمان رض کی خلافت مین ہوئی اور زیادہ تر امام مہدی کے وقت مین ہوگی اور عرب مین فساد حضرت عثمان کی شہادت سے شروع ہوا اور روم سے یعنی نصاری
سے صلح اور جنگ قیامت کی قریب ہوگی یہہ حدیث معجزہ ہی جیسا حضرت نے فرمایا تھا ویسا ہی ہوا ق النعمان بن بشیر اعدلوا فی اولادکم وفی روایۃ الا قلیشی بین ابنائکم
بخاری و مسلم مین نعمان بن بشیر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ برابری کیا کرو اپنی اولاد مین اور اقلیشی کی روایت یہی ہے برابری کرو اپنے لڑکون مین ف یعنی برابر سب کو
دیا کرو بعضون کو زیادہ اور بعضون کو کم دینا شفقت پدری کے مناسب نہین ه عوف بن مالک الاشجعی اعرضوا علی رقاکم لا باس بالرقی ما لم یکن فیہ شرک
مسلم مین عوف بن مالک رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم اپنے منتر میرے آگے ظاہر کرو کچھ مضایقہ نہین منتر مین جب تک نہ ہو اوسمین شرک کا مضمون ف مالک نے کہا ہمنے حضرت سے عرض کی کہ ہم زمانہ
کفر مین جھاڑ پھونک کیا کرتے تھے اسکا کیا حکم ہوتا ہی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ ہندی منتر اکثر حرام ہین بلکہ صاف کفر ہین کیونکہ اونمین شرک کا مضمون ہوتا ہی جیسے کلوا بیر اور لونا چماری کی
بانسکہہ لیو اور ہنومان کی دہائی ہوتی ہی اور اسیطرح وہ منتر بھی حرام ہین جنکی معانی نہ معلوم ہون کہ شاید اونمین بھی شرک ہو ق زید بن خالد اعرف عفاصہا ووکاءہا ثم عرفہا
سنۃ فان لم تعرف فاستنفقہا ولتکن ودیعۃ عندک فان جاء طالبہا یوما من الدہر فادہا الیہ یعنی لقطۃ الذہب والفضۃ بخاری اور مسلم مین زید بن
خالد رض سے روایت ہے کہ حضرت نے افتادہ سونے اور چاندی کے مقدمہ مین فرمایا کہ اوسکی تھیلی اور باندہنے کی تاگے کو مشہور کر پھر اوسکو ایک برس شہرت دے سو اگر کوئی اوسکو نہ پہچانے تو اپنے خرچ مین لا
اور چاہئے کہ وہ مال تیرے پاس امانت کے طور پر ہے سو اگر عمر بھر مین کبھی کسی دن اوسکا مالک طلب کرتا آوے تو اوسکو دے ف یعنی جو شخص روپیہ یا اشرفی پاوے تو اوسکی تھیلی اور تاگے کو پہچنوا
کرے اگر مالک ملے تو اوسکو حوالہ کرے اور نہین تو سال بھر کے بعد اپنے خرچ مین لاوے لیکن اوسکو قرض جانے جب مالک مانگے تو دیوے ه ابوبرزۃ الاسلمی اعزل الاذی عن
طریق المسلمین قالہ حین قال یا نبی اللہ علمنی شیئا انتفع بہ مسلم مین ابوبرزہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تکلیف دینی والی چیز کو
مسلمانون کے راہ سے ہٹا دیا کر یہہ حضرت نے ابوبرزہ کو فرمایا جب کہ اوسنے کہا کہ یا حضرت مجھکو کچھ ایسا بتلائیے جس سے مجھکو فائدہ ہو ف یعنی کانٹا اور
پتھر اور نجاست راہ سے دور کر دیا کر کہ مسلمانون کو آرام ہو تجھکو ثواب ہوگا معلوم ہوا کہ نفع رسانی مسلمین نجات کا عمدہ وسیلہ ہی ه جابر اعزل
عنہا ان شئت فانہ سیاتیہا ما قدر لہا مسلم مین جابر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا اگر تیرا جی چاہے تو عزل کے وقت اپنی لونڈی سے
علیحدہ ہو جایا کر سو بات یہہ ہی کہ جو اوسکے مقدر مین ہی سو ہوگا یعنی اگر اوس سے اولاد ہونی ہی تو وہ ہو رہیگی [illegible] کچھ کام نہ آوے گی ف

دریافت کر تو کیا دیکھا ہون کہ حضرت مین ملتے ہیں اسی بہہ سے کو تراد الی یا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے تو بہی خدا کا گنہگار غلام ہی اور خدا کو عذاب کرنیکی تجہہ سے زیادہ قدرت ہے
اس حدیث مین ارشاد ہی کہ لونڈی غلام کو حد سے زیادہ نہ مارے کہ اوسکا انجام دوزخ ہی ق أَبُو هُرَيْرَةَ اِعْلَمُوْا اَنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِنِّیْ اُرِیْدُ اَنْ اُجْلِیَکُمْ فَمَنْ وَجَدَ
مِنْکُمْ بِمَالِهٖ شَیْئًا فَلْیَبِعْهُ وَاِلَّا فَاعْلَمُوْا اَنَّمَا الْاَرْضُ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ قَالَهٗ لِلْیَهُوْدِ بخاری ومسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے یہود سے فرمایا کہ جانو کہ تمام
زمین اللہ اور اوسکے رسول کی ہی اور مین چاہتا ہون کہ تمکو وطن سے نکالون سو جو شخص کہ تم لوگون مین سے اپنا مال پاوے سو چاہئے کہ بیچ ڈالے اور نہین تو جانو کہ کل زمین تو خدا اور اوسکے رسول کی ہی ف یہہ بنی نضیر تہے یا کہ
قریب تہے جب انہون نے حضرت سے دغا کا ارادہ کیا حضرت نے اونکو گہیر کر تنگ کیا اور یہہ حدیث فرمائی یعنے تمہارا جو اسباب اٹہا لیجاؤ یعنی اونکی نقات کے تم مالک نہین ہو بیچ ڈالو وہ لوگ شام کے ملک مین نکل گئے اور اونکے
مکانات اور باغات حضرت کے تصرف مین آئے خ ابْنُ عَبَّاسٍ اِعْمَلُوْا فَاِنَّکُمْ عَلٰی عَمَلٍ صَالِحٍ لَوْلَا اَنْ تُغْلَبُوْا لَنَزَلْتُ حَتّٰی اَضَعَ الْحَبْلَ عَلٰی هٰذِهٖ یَعْنِیْ عَاتِقَهٗ بخاری مین
عبداللہ بن عباس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ کئے جاؤ اسواسطے کہ تم نیک عمل پر ہو اگر تمہارے مغلوب ہوجانیکا ڈر نہوتا تو مین بہی اترتا یہان تک کہ رسی کو اپنی کندہے پر رکہتا ف
حضرت عباس زمزم کی سبیل پر حاجیون کو پانی پلاتے تہے حضرت نے اسکی تعریف کی اور فرمایا کہ پانی نکالنے مین مین بہی تمہارا شریک ہوتا لیکن مجہکو یہہ ڈر ہی کہ اگر مین یہہ کام کرونگا تو مجہکو
دیکہہ کر سب لوگ اسپر ہجوم کرین گے پہر تمکو پانی پلانا مشکل پڑیگا م سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ اِعْمَلُوْا فَکُلٌّ مُیَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهٗ مسلم مین سعد بن ابی وقاص رض سے روایت ہی کہ
حضرت نے فرمایا عمل کئے جاؤ کہ ہر ایک شخص پر وہی آسان معلوم ہوگا جسکے واسطے وہ پیدا ہوا ف اصحاب نے کہا کہ حضرت جب ہر چیز مقدر ٹہری تو عمل اور عبادت کیا
ضرورت حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے عمل کو تقدیر کی مخالف نہ سمجہو بلکہ تمہارا یہہ نیک عمل ہی اثر ہی تقدیر کا خ اَنَسٌ اَعِیْدُوْا سَمْنَکُمْ فِیْ سِقَائِهٖ وَتَمْرَکُمْ فِیْ وِعَائِهٖ
فَاِنِّیْ صَائِمٌ قَالَهٗ حِیْنَ دَخَلَ عَلٰی اُمِّ سُلَیْمٍ فَاَتَتْهُ بِسَمْنٍ وَتَمْرٍ بخاری مین انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ پہیر ڈالو اپنے گہی کو اوسکے برتن مین اور خرمے کو اوسکے
برتن مین اسواسطے کہ مین روزہ دار ہون یہہ حضرت نے فرمایا اوسوقت جبکہ ام سلیم کی گہر مین گئے تو وی حضرت کے آگے خرما اور گہی لائین ف معلوم ہوا کہ نفل روزہ دار کو دعوت مین
روزہ افطار کرنا ضرور نہین لیکن اگر افطار کرے تو درست ہی پر اوسکی قضا لازم ہی ق جَابِرٌ اِغْتَسِلِیْ وَاسْتَثْفِرِیْ بِثَوْبٍ وَاَحْرِمِیْ قَالَهٗ لِاَسْمَاءَ بِنْتِ
عُمَیْسٍ حِیْنَ وَلَدَتْ مُحَمَّدَ بْنَ اَبِیْ بَکْرٍ فِیْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ بِذِی الْحُلَیْفَةِ بخاری ومسلم مین جابر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ غسل کر اور کپڑے کا لنگوٹ باندہ اور احرام کر
یہہ حضرت نے اسماء بنت عمیس سے فرمایا جبکہ وی محمد بن ابی بکر کو جنی حجۃ الوداع مین ذوالحلیفہ کے منزل پر ف معلوم ہوا کہ نفاس اور حیض مین احرام باندہنا درست ہی اور وقوف عرفہ
بہی جائز ہی لیکن بیت اللہ کا طواف بدون پاک ہوئے جائز نہین ہ بُرَیْدَةُ بْنُ الْحُصَیْبِ اُغْزُوْا بِسْمِ اللّٰهِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ قَاتِلُوْا مَنْ کَفَرَ بِاللّٰهِ اُغْزُوْا فَلَا تَغُلُّوْا وَلَا
تَغْدِرُوْا وَلَا تُمَثِّلُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا وَلِیْدًا وَاِذَا لَقِیْتَ عَدُوَّكَ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ فَادْعُهُمْ اِلٰی ثَلٰثِ خِصَالٍ اَوْ خِلَالٍ فَاَیَّتُهُنَّ مَا اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ
مِنْهُمْ وَکُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَی الْاِسْلَامِ فَاِنْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَکُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَی التَّحَوُّلِ مِنْ دَارِهِمْ اِلٰی دَارِ الْمُهَاجِرِیْنَ وَاَخْبِرْهُمْ
اَنَّهُمْ اِنْ فَعَلُوْا ذٰلِكَ فَلَهُمْ مَا لِلْمُهَاجِرِیْنَ وَعَلَیْهِمْ مَا عَلَی الْمُهَاجِرِیْنَ فَاِنْ اَبَوْا اَنْ یَّتَحَوَّلُوْا مِنْهَا فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّهُمْ یَکُوْنُوْنَ کَاَعْرَابِ الْمُسْلِمِیْنَ
یَجْرِیْ عَلَیْهِمْ حُکْمُ اللّٰهِ الَّذِیْ یَجْرِیْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَکُوْنُ لَهُمْ فِی الْغَنِیْمَةِ وَالْفَیْءِ شَیْءٌ اِلَّا اَنْ یُّجَاهِدُوْا مَعَ الْمُسْلِمِیْنَ فَاِنْ هُمْ اَبَوْا فَسَلْهُمُ
الْجِزْیَةَ فَاِنْ هُمْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَکُفَّ عَنْهُمْ فَاِنْ هُمْ اَبَوْا فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَقَاتِلْهُمْ وَاِذَا حَاصَرْتَ اَهْلَ حِصْنٍ فَاَرَادُوْكَ اَنْ تَجْعَلَ لَهُمْ ذِمَّةَ
اللّٰهِ وَذِمَّةَ نَبِیِّهٖ فَلَا تَجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ نَبِیِّهٖ وَلٰکِنِ اجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّتَكَ وَذِمَّةَ اَصْحَابِكَ فَاِنَّکُمْ اَنْ تُخْفِرُوْا ذِمَمَکُمْ وَذِمَّةَ اَصْحَابِکُمْ
اَهْوَنُ مِنْ اَنْ تُخْفِرُوْا ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ رَسُوْلِهٖ وَاِذَا حَاصَرْتَ اَهْلَ حِصْنٍ فَاَرَادُوْكَ اَنْ تُنْزِلَهُمْ عَلٰی حُکْمِ اللّٰهِ فَلَا تُنْزِلْهُمْ عَلٰی حُکْمِ اللّٰهِ
وَلٰکِنْ اَنْزِلْهُمْ عَلٰی حُکْمِكَ فَاِنَّكَ لَا تَدْرِیْ اَتُصِیْبُ حُکْمَ اللّٰهِ فِیْهِمْ اَمْ لَا مسلم مین بریدہ بن حصیب رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ بسم اللہ کر خدا کی راہ مین اور لڑو جو خدا کو نہ مانے
لڑو تو غنیمت مین چوری نہ کیجیو اور قول نہ توڑیو اور ناک کان نہ کاٹیو اور لڑکے کو نہ ماریو اور جب کہ تو اپنے مشرک دشمن سے ملے تو اون تین چیز کی درخواست کر سو اونمین سے جس بات کو
مانین تو اونسے قبول کر اور اونکے قتال سے باز رہ ایک تو یہ کہ اون سے اسلام کی درخواست کر اگر وی مانین تو اونسے قبول کر اور اونکے قتال سے باز رہ پہر اونسے درخواست کر کہ اپنے وطن کو چہوڑ کر مہاجرین
کے مقام مین یعنے مدینے مین آرہین اور اونسے خبر کردے کہ اگر وی یہہ کام کرینگے تو اونکو ملیگا جو مہاجرین کو ملتا ہی یعنے ثواب اور غنیمت اور اونپر واجب ہوگا جو مہاجرین پر واجب ہی یعنے جہاد
سو اگر وی لوگ ایمان لاکر وطن چہوڑنا قبول نکرین تو اونسے خبر کردے کہ وی جنگلی مسلمانون کی طرح ہونگے اونپر حکم خدا کا جاری ہوگا جیسے مومنین پر جاری ہوتا ہی اور اونکو غنیمت اور
صلح کی مال سے کچہہ حصہ نہ ملیگا مگر اوسی صورت مین کہ مسلمانون کے ساتہہ ہو کر جہاد کرین سو اگر وی لوگ مسلمان ہونیسے انکار کرین تو اونسے جزیہ مانگ سو اگر وی مانین تو اونسے قبول
کر اور اونکے قتال سے باز رہ اور اگر وی جزیہ دینا بہی نہ قبول کرین تو خدا سے مدد مانگ اور اونکو قتل کر اور جب کہ تو قلعہ والون کو گہیرے اور وی تجہسے چاہین کہ تو اونسے خدا کا
اور اوسکے رسول کا عہد کرے تو اونسے خدا کا اور خدا کے رسول کا عہد نکر ولیکن اونسے اپنا قول اور اپنے ساتہی لشکر والون کا قول قرار کر اسواسطے کہ اگر تم سے اپنی اور اپنے ساتہیون
کی عہد شکنی ہوجاوے تو خدا اور خدا کے رسول کے عہد شکنی سے گناہ مین کمتر اور آسان تر ہی اور جب کہ تو کسی قلعہ والون کو گہیرے سو وی تجہسے چاہین کہ تو اونکو خدا کے حکم پر اتاردے تو اونکو حکم

اعام اعظم اور امام مالک کے نزدیک محرم او غیر محرم سب برابر ہیں خ ابن عباس اقبل الحدیقۃ وطلقھا تطلیقۃ قال لہ ثابت بن قیس بن شماس یعنی عبد اللہ بن
عباس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قبول کر لے باغ کو اور اوسکو چھوڑ دے طلاق دیکر یہہ حضرت نے ثابت بن قیس بن شماس سے فرمایا ف ثابت بن قیس کی جورو نے کہا کیا حضرت میں ثابت کے دینداری
اور خوش خلقی کی بدگوئی نہیں کرتی لیکن میں اسلام میں خاوند کو تکلیف دینا برا جانتی ہوں یعنی میری اور اوسکی موافقت نہیں ہو سکتی حضرت نے فرمایا کہ جو باغ اوسنے تیری مہر میں دیا ہی اوسکو پھیر دے
اوسنے کہا ہاں تب حضرت نے ثابت بن قیس سے یہہ حکم فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خلع درست ہی یعنی عورت سے طلاق دینے کے عوض میں مال لینا م ابن عمر اقتلوا الحیات واقتلوا
واقتلوا ذا الطفیتین والابتر فانھما یلتمسان البصر ویستسقطان الحبالی مسلم میں عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مار ڈالو سانپوں کو اور
کتوں کو اور مار ڈالو دو لکیر والے سانپ کو اور دم بریدہ سانپ کو کہ وہی دونوں آنکھ پھوڑ ڈالتے ہیں اور حاملہ عورتوں کے پیٹ گرا دیتے ہیں ف یعنی ان دونوں سانپوں میں یہہ خاصیت
ہی کہ جب ونکی آنکھ آدمی کی آنکھ پر پڑے اور مقابل ہو تو آنکھ کی روشنی جاتی ہے اور حمل ساقط ہو جاتا ہے تو ایسے موذی کو مارنا ہی چاہئے ق ابن مسعود اقرأ علی القرآن قال لہ قال
قلت یا رسول اللہ اقرأ علیک وعلیک انزل قال انی احب ان اسمعہ من غیری فقرأت النساء حتی اذا بلغت فکیف اذا جئنا من کل امۃ بشہید
وجئنا بک علی ھؤلاء شہیدا رفعت راسی او غمزنی رجل الی جنبی فرفعت راسی فرأیت دموعہ تسیل بخاری و مسلم میں عبد اللہ بن مسعود
رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ میرے آگے قرآن پڑھ میں نے کہا کہ یا رسول اللہ میں آپکے آگے قرآن پڑھوں اور حالانکہ قرآن آپ پر اترا ہی حضرت نے فرمایا کہ مجھکو یہہ بھلا معلوم ہوتا ہی کہ
قرآن کو غیر آدمی سے سنوں تو میں نے سورۂ نسا پڑھی یہاں تک کہ میں جب اس آیت پر پہنچا کہ کیا حال ہوگا اوسوقت جب ہم ہر امت کی گواہ یعنی پیغمبر کو لاوینگے اور تجھکو اس امت پر گواہ لاوینگے
تو میں نے اپنا سر اوٹھایا یا یوں کہا کہ ایک مرد نے میرے پہلو میں ٹہوکا لگایا تو میں نے اپنا سر اوٹھایا سو میں نے دیکھا کہ حضرت کے آنسو جاری ہیں ف حضرت اس آیت سے قیامت کی شدت
یاد کر کے روئے اور زیادہ شفقت سے اپنے امت پر روئے کہ انکے افعال کا میں کیا بیان کرونگا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ غیر سے قرآن سننا او مطلب کو غور کرکے رونا مستحب ہی او ثابت ہوا کہ آپ
پڑھنے سے غیر کے سننے میں تاثیر زیادہ ہوتی ہی ھ ابو امامۃ اقرأوا القرآن فانہ یأتی یوم القیمۃ شفیعا لاصحابہ اقرأوا الزھراوین البقرۃ وسورۃ
آل عمران فانھما یأتیان یوم القیمۃ کانھما غمامتان او غیایتان او کانھما فرقان من طیر صواف تحاجان عن اصحابھما اقرأوا سورۃ
البقرۃ فان اخذھا برکۃ وترکھا حسرۃ ولا یستطیعھا البطلۃ مسلم میں ابو امامہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پڑھو قرآن کو کیونکہ بخشوا دیگا اپنے پڑھنے والوں کو قیامت
کے دن پڑھو نورانی دو سورتوں کو یعنی سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران کو وہی دونوں سورتیں قیامت میں آوینگی جیسے دو ابر یا جیسے دو سایبان یا جیسے دو قطاریں صف بستہ چڑیوں کی عذر کیا
کرینگی اپنے پڑھنے والوں پر پڑھا کرو سورۂ بقرہ کو اسواسطے کہ اوسکا لینا برکت ہی اور اوسکا چھوڑنا پچھتاوا ہی اور اوسپر قابو نہیں چلتا جادوگروں کا یعنی اسکی برکت سے جادو نہیں اثر کرتا ق جندب
بن عبد اللہ اقرأوا القرآن ما ائتلفت قلوبکم فاذا اختلفتم فقوموا عنہ بخاری و مسلم میں جندب بن عبد اللہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پڑھو قرآن کو جبتک
تمہارے دل اور زبان سے موافقت کریں اور جب تمہارے دل اور زبان میں اختلاف ہو تو اوس سے اٹھ کھڑے ہو ف یعنی قراءت قرآن سے مقصود سمجھنا ہی اور جب دل پریشان ہو اور غور نہ کر سکے تو پڑھنا بے لطف
بلکہ عجب نہیں کہ کثرت خیالات سے کچھ کا کچھ پڑھ جاوے ص ابو ھریرۃ اقیموا الصف فی الصلوۃ فان اقامۃ الصف من حسن الصلوۃ مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے
سیدھا کرو صفوں کو نماز میں اسواسطے کہ سیدھا کرنا صف کا نماز کی خوبصورتی سے ہی ف یعنی صف کی یہہ کہ برابر لوگ کھڑے ہوں اور درمیان میں فرق نہو خ حذیفۃ اکتبوا لی من یلفظ بالاسلام ویروی
احصوا لی کم یلفظ الاسلام فکانوا خمس مائۃ ویروی ما بین ستمائۃ الی سبع مائۃ ویروی الفا وخمس مائۃ بخاری میں حذیفہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ لکھ لاؤ میرے واسطے اونکو جو اسلام کا کلمہ کہتے ہوں اور دوسری روایت یوں ہی کہ شمار کرو کتنے لوگ اسلام کا کلمہ کہتے ہیں تو پانچ سو تھے اور ایک روایت یوں ہی کہ چھ سو اور سات سو کے بیچ
تھے اور ایک روایت یوں ہی کہ پندرہ سو تھے ق انس التمس لنا غلاما من غلمانکم یخدمنی قال لہ لابی طلحۃ بخاری و مسلم میں انس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا
تلاش کر لا ایک لڑکے کو اپنے لڑکوں میں سے تاکہ میری خدمت کیا کرے یہہ حضرت نے ابو طلحہ سے فرمایا ف مکے سے مدینے اور خیبر کے جانیکے وقت یہہ حکم فرمائی ق ابن عباس
الحقوا الفرائض باھلھا فما بقی فھو لاولی رجل ذکر بخاری و مسلم میں عبد اللہ بن عباس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ ملاؤ فرائض کو فرائض والوں سے پھر جو مال باقی رہے سو قریب
رشتہ دار مرد کا ہی ف فرائض مقرری حصوں کو کہتے ہیں جو قرآن میں مفصل مذکور ہیں جیسے آدھا حصہ لڑکی کا او چھٹا حصہ باپ کا او آٹھواں حصہ جورو کا سو فرمایا کہ میت کے مال سے اول
فرائض والوں کو دیجئے او اونکو دیکر اگر کچھ مال باقی رہے اوسکو عصبہ پاویگا چنانچہ اسکی تفصیل علم فرائض میں موجود ہی خ میمونۃ القوھا وما حولھا وکلوا سمنکم بخاری میں
حضرت میمونہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ نکال کے پھینک دو چوہے کو اور اوسکے پاس کی گھی کو اور باقی گھی کو کھاؤ ف چوہا گھی میں گر پڑا او مر گیا حضرت سے مسئلہ پوچھا تب حضرت نے یہہ حکم فرمائی
یہہ اوسصورت میں ہی کہ گھی جما ہو اور اگر گھی پتلا او پگھلا ہو تو تمام گھی ناپاک ہو گیا ق کعب بن مالک امسک علیک بعض مالک فھو خیر لک قال لہ بخاری او مسلم میں
کعب بن مالک رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ رکھ رہنے دے اپنے تھوڑے مال کو یہہ بہتر ہی تیرے حق میں یہہ حضرت نے کعب سے فرمایا ف کعب رضہ جنگ تبوک میں حضرت کے ساتھ نگئے تھے خدا او رسول کا
اونپر عتاب ہوا او نہایت غمخوار تھے جب اونکی توبہ قبول ہوئی تو خوشی کی راہ سے چاہا کہ اپنا تمام مال خیرات کریں تب حضرت نے یہہ حکم فرمائی خ انس اصطفی عنا قرامات فانہ

یا رسول اللہ اوسکی مدد کرونگا جب کہ وہ مظلوم ہوگا بھلا یہہ تو بتلائی کہ اگر وہ ظالم ہو تو کیونکر اوسکی مدد کرون حضرت نے فرمایا کہ اوسکو ظلم سے روک
یہی اوسکی مددگاری ہی **م** حُذَيْفَةُ انْصُرْ فَانَّهُمْ يَهُوْدِيُّهُمْ وَنَسْتَعِيْنُ اللّٰهَ عَلَيْهِمْ **قَالَ** لَهُ كِتَابَةَ مسلم مین حذیفہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم
دونون پلٹ جاؤ ہم او نکا قول پورا کرینگے اور او نپر فتح پانیکی خدا سے مدد مانگینگے یہہ حضرت نے حذیفہ اور اونکے باپ سے فرمایا **ف** حذیفہ رضہ سے روایت ہی کہ کفار
قریش اور حضرت سے دس برس کی صلح ہوئی تہی اوسی مدت مین مین اور میرا باپ ملے سے یدے کو چلا کافرون نے ہمکو پکڑا اور پوچھا کہ تم کہان جاتے ہو ہمنے کہا کہ ہم مدینے جاتے ہین کافرون نے کہا کہ
تم ہمارے صلح کو توڑا چاہتے ہو تو تم ہمسے خدا کا قول کرو کہ ہم مدینے جا کر پلٹ آوینگے اور پیغمبر کے ساتھ ہو کر نہ لڑینگے ہمنے اون سے اسیطرح عہد کیا اور حضرت سے اوسکی خبر کی تب حضرت نے یہہ حدیث
فرمائی معلوم ہوا کہ قول پورا کرنا ضروری ہے اگرچہ کافرون سے کیا ہو **ق** ابُوهُرَيْرَةَ انْظُرُوْا اِلٰى مَنْ هُوَ اَسْفَلُ مِنْكُمْ وَلَا تَنْظُرُوْا اِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَكُمْ فَاِنَّهُ اَجْدَرُ
اَنْ لَا تَزْدَرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نظر کیا کرو اونکو جو تمسے کمتر ہین اور نہ دیکہا کرو اونکو جو تمسے اونچے ہین اسواسطے کہ یہہ تمہارے
حق مین بہتر ہی کہ نہ حقیر جانو گے خدا کی نعمت کو جو تمپر ہی **ف** یعنے جو لوگ تمسے مال اور صورت اور تندرستی اور ریاست مین کمتر ہون اونکو خیال کیا کرو تاکہ خدا کا شکر تمہارے دل سے نکلے اور
جو لوگ دنیا مین تمسے افضل ہون اونکو نہ دیکہا کرو نہین تو ناشکری بات سے نکلیگی اور نا خوش ہوگا **ق** سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ اُنْفُذْ عَلٰى رِسْلِكَ حَتّٰى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ ثُمَّ
ادْعُهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ وَاَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَقِّ اللّٰهِ فِيْهِ بخاری اور مسلم مین سہل بن سعد رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چلا جا اپنے طور پر یہان تک کہ جب تو اونکے
دالان پر پہنچے پہر اونسے اسلام در خواست کر اور بتلا اونکو جو اونپر خدا کا حق واجب ہے دین اسلام مین یعنے کلمہ اور شریعت کے احکام **ف** جب حضرت نے علی مرتضی کو فتح خیبر کیواسطے بہیجا
تب یہ حدیث فرمائی **ق** عُمَرُ اَوْفِ بِنَذْرِكَ **قَالَ** لِعُمَرَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اَنْ اَعْتَكِفَ لَيْلَةً وَفِيْ رِوَايَةٍ فِي الْمَسْجِدِ
الْحَرَامِ بخاری اور مسلم مین عمر فاروق رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اپنے نذر کو پورا کر یہہ حضرت نے عمر فاروق رضہ سے فرمایا جب کہ اونہون نے کہا کہ یا رسول اللہ مینے کفر مین نذر مانی تہی کہ
مین ایک رات اعتکاف کرونگا اور دوسری روایت یون ہی کہ مسجد الحرام یعنے بیت اللہ مین اعتکاف کرونگا **ف** معلوم ہوا کہ حالت کفر کی نذر کو ادا کرنا واجب ہی بشرطیکہ خلاف
شرع نہو **ق** اَنَسٌ اَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ بخاری اور مسلم مین انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ شادی کا کہانا کر ایک ہی بکری کا سہی **ف** عبد الرحمن بن عوف رضہ کی زردی
لگی تہی حضرت نے پوچہا کہ یہہ کیا ہی اونہون نے کہا کہ مینے نکاح کیا ہی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے اگر میسر ہو تو ایک ہی بکری مین ولیمہ ہو سکتا ہی **م** عَائِشَةُ اُهْجُوْا قُرَيْشًا
فَاِنَّهُ اَشَدُّ عَلَيْهَا مِنْ رَشْقِ النَّبْلِ مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کفار قریش کی ہجو کرو اسواسطے کہ قریش پر ہجو تیر مارنے سے بہی سخت ہی **ف** یہہ حضرت نے
شاعر اصحاب سے فرمایا جیسے حسان اور عبد اللہ بن رواحہ **ق** اَلْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ اُهْجُهُمْ اَوْ هَاجِهِمْ وَجِبْرِيْلُ مَعَكَ **قَالَ** لِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ بخاری اور
مسلم مین براء بن عازب رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ ہجو کر کفار قریش کی اور جبرئیل تیرے ساتھ ہی یعنے اوسکے طرف سے مضمون کا فیضان ہوگا یہہ حضرت نے حسان بن ثابت سے
فرمایا **م** اِبْنُ عُمَرَ بَادِرُوا الصُّبْحَ بِالْوِتْرِ مسلم مین عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ فجر سے آگے وتر پڑہ لیا کرو **ف** یعنے صبح صادق سے پہلے اور جب صبح ہو
ہوئی تو وتر کا وقت نرہا لیکن قضا پڑہنا درست ہی **م** اَبُوْهُرَيْرَةَ بَادِرُوْا بِالْاَعْمَالِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَيُمْسِيْ كَافِرًا وَيُمْسِيْ مُؤْمِنًا
وَيُصْبِحُ كَافِرًا يَبِيْعُ دِيْنَهُ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نیک اعمال کو شتابی کرلو فسادون سے پہلے ایسے فساد ہونگے جیسے
اندہیری رات کی اخیر تاریکی یعنے اندہا دہند زمانہ ہو جاویگا حق باطل کی تمیز نرہیگی صبح کے وقت مرد مسلمان ہوگا اور شام کو کافر ہو جاویگا اور شام کو مومن ہوگا اور صبح
وقت کافر ہو جاویگا اپنے دین کو بیچیگا دنیا کے مال سے **ف** اس حدیث مین اون فسادونکی خبر ہی جو یزید اور سلطنت مروانیہ مین واقع ہوئی اس حدیث مین ارشاد ہی کہ فرصت کو آدمی غنیمت
جانے اور پریشانی سے پہلے جو نیک عمل ہو سکین سو کرلیوے **م** اَبُوْهُرَيْرَةَ بَادِرُوْا بِالْاَعْمَالِ سِتًّا الدَّجَّالَ وَالدُّخَانَ وَدَابَّةَ الْاَرْضِ وَطُلُوْعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا وَاَمْرَ الْعَامَّةِ
وَخُوَيْصَّةَ اَحَدِكُمْ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جلدی کرو نیک عمل کو چہہ چیز سے پہلے ایک دجال دوسری دہوان تیسری زمین کا جانور چوتہی
آفتاب کا پچہم سے نکلنا پانچوین قیامت جو سارے عالم کو گہیر لیگی چہٹی اپنی موت جو اپنی ذات کو خاص ہی **ف** یعنے آثار قیامت اور اپنی موت سے پہلے جو کرنا ہو سو کرلو قیامت سے
پہلے سارے عالم مین دہوان ظاہر ہوگا اور زمین سے ایک عجیب شکل کا جانور نکلیگا **م** اَبُوْذَرٍّ بَشِّرِ الْكَانِزِيْنَ بِكَيٍّ فِيْ ظُهُوْرِهِمْ يَخْرُجُ مِنْ جُنُوْبِهِمْ وَبِكَيٍّ مِنْ قِبَلِ
اَقْفَائِهِمْ يَخْرُجُ مِنْ جِبَاهِهِمْ **ق** وَبَشِّرِ الْكَانِزِيْنَ بِرَضْفٍ يُحْمٰى عَلَيْهِ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَيُوْضَعُ عَلٰى حَلَمَةِ ثَدْيِ اَحَدِهِمْ حَتّٰى يَخْرُجَ مِنْ نُغْضِ كَتِفِهِ
وَيُوْضَعُ عَلٰى نُغْضِ كَتِفِهِ حَتّٰى يَخْرُجَ مِنْ حَلَمَةِ ثَدْيِهِ يَتَزَلْزَلُ مسلم مین ابوذر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بشارت دے مال جمع کر رکہنے والون کو داغنے کی اونکی پیٹہون مین
داغا جاویگا پسلیون سے نکلیگا اور اونکی گدیون کی طرف سے داغا جاویگا اونکے ماتہون سے نکلیگا بخاری اور مسلم مین دوسری روایت یون ہی کہ بشارت دے مال جمع رکہنے والونکو گرم پتہر کی جو دوزخ کی
آگ مین خوب گرم کیا جاویگا پہر مالدار کے چہاتی کے نوک پر رکہا جاویگا یہانتک کہ مونڈہے کے اوپر والی ہڈی سے نکل جاویگا اور مالدار کی مونڈہے کی اوپر والی ہڈی پر رکہا جاویگا یہانتک کہ اوسکے دونون
چہاتیون کی نوک سے نکل جاویگا اور تجلیل پہتر اوپر جاویگا **ف** یہہ عذاب اوس بخیل کو ہوگا جو زکوۃ نہ دینے والا ہوگا **خ** عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو بَلِّغُوْا عَنِّيْ وَلَوْ اٰيَةً وَحَدِّثُوْا عَنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ

بخاری اور مسلم میں حارثہ بن وہب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ صدقہ دو اور خیرات کرو قریب ہے کہ ایک مرد اپنا صدقہ لیجاویگا تو فقیر کہیگا کہ اگر تو اسکو کل لاتا تو میں اسکو قبول کرتا اور اب تو مجھکو اوسکی حاجت نہیں
تو نپاویگا کسیکو جو صدقہ قبول کرے ف ایام مہدی کے وقت میں مال کی کثرت ہوگی سب لوگ مالدار ہو جاوینگے کوئی محتاج نہ ملیگا جو صدقہ لے سو فرمایا کہ اسوقت کو غنیمت جانو جو دنیا ہو تو اوسکو
ادا کرو ق ابو موسیٰ تعاهدوا هذا القرآن فوالذی نفس محمد بیده لهو اشد تفلتا من الابل فی عقلها بخاری اور مسلم میں ابو موسیٰ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ ہمیشہ پڑھا کرو اس قرآن کو سو قسم ہے اوسکی جسکے قبضہ میں محمد کی جان ہے کہ البتہ قرآن زیادہ چھوٹ بھاگنے والا ہے اون اونٹوں سے جو اپنی رسیوں میں بستہ نہیں ف اونٹ جہاں
اپنی رسی سے چھوٹا بھاگا اسیطرح جب حافظ قرآن کو چھوڑ رہا ہو لا اسواسطے حضرت نے تاکید فرمائی کہ ہمیشہ دور کیا جاوے تاکہ قابو میں رہے ق ابوھریرۃ تعوذوا باللہ
من جهد البلاء ودرك الشقاء وسوء القضاء وشماتة الاعداء بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کی پناہ مانگو بلا کی مشقت
سے اور بدبختی کے ملنے سے اور تقدیر کی برائی سے اور دشمنوں کے خوش ہونے سے ف بلا کی مشقت یہہ کہ مال تھوڑا ہو اور اولاد بہت م ابو موسیٰ توبوا الی
اللہ فانی اتوب الی اللہ فی الیوم مائة مرۃ مسلم میں ابو موسیٰ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ توبہ کیا کرو خدا کی جناب میں اسواسطے کہ میں خدا کی جناب میں توبہ کرتا ہوں
ہر روز سو بار ف یعنے جب پیغمبر معصوم ہر روز سو بار توبہ کریں تو اوروں کو زیادہ تر توبہ کرنا لازم ہے ق ابن عمر توضأ واغسل ذکرك ثم نم بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عمر رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وضو کر اور اپنی الت کو دھو ڈال پھر سو رہا کر ف عمر فاروق رض نے کہا کہ رات کو غسل کی حاجت ہو تو کیا کرے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے اگر اسوقت غسل نہ کرے
تو نجاست کو دھو کر وضو کر کے سو رہے تاکہ روح کو صفائی حاصل ہو جاوے م ابوھریرۃ وعائشة توضؤا مما مست النار مسلم میں ابوہریرہ اور حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا کہ وضو کرو آگ کی پکی چیز سے ف یہہ حدیث منسوخ ہے اول یہی حکم تھا اب یہہ حکم نہیں اسواسطے کہ عبداللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے بکری کا پختہ گوشت کھایا اور
پہلے وضو سے نماز پڑھی بعد کھانے کے وضو نکیا م ابوھریرۃ جزوا الشوارب واعفوا اللحی مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خوب کترو مونچھوں کو اور رکھ چھوڑو داڑھی کو
ف مونچھ کترانا اور داڑھی رکھنا واجب ہے لوگ مونچھ نہ کترانا اور داڑھی مونڈانا یا نہایت کترانا کبیرہ گناہ ہے مسلمانوں کو خدا توفیق اور غیرت دے خ ابن عباس حجی عنها ارأیت
لو کان علی امك دین اکنت قاضیة قالت نعم قال فاقضوا اللہ فاللہ احق بالقضاء بخاری میں عبداللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے ایک عورت سے فرمایا کہ حج کر
اپنی ماں کیطرف سے بھلا بتلا تو کہ اگر تیری ماں پر قرض ہوتا تو ادا کرتی اوسنے کہا ہاں حضرت نے فرمایا کہ خدا کا قرض ادا کرو اسواسطے کہ خدا کا قرض زیادہ تر ادا کرنے کے لائق ہے ف ایک عورت نے کہا کہ یا
حضرت میری ماں نے حج کی نذر مانی تھی سو وہ بدون حج کیے مر گئی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی ف امام اعظم کی نزدیک اگر میت کا مال ہو اور اوسنے حج کی وصیت کی ہو تو وارث پر حج کروانا اوسکے
طرف سے واجب ہے اور اگر مال نہو یا میت نے وصیت نکی ہو تو مستحب ہے ق عائشة حجی واشترطی وقولی اللهم محلی حیث حبستنی قالہ لضباعة بنت
الزبیر لما ارادت ان تحج وکانت وجعة بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حج کر اور شرط کرلے اور یوں کہہ کہ الہی جہاں تو مجھکو روک دیوےگا یعنے جہاں بیماری
غالب ہو جاوے گی وہیں میں احرام اوتاروں گی یہہ حضرت نے ضباعہ زبیر کی بیٹی سے فرمایا جب اوسنے حج کرنیکا ارادہ کیا اور وہ بیمار تھی ف جب احرام باندھ کے حج کو جاوے اور راہ میں بیمار
ہو جاوے یا دشمن کے خوف سے نجا سکے تو احرام اوتار دیوے دوسرے سال حج کو قضا کرے م عائشة حولی هذا فانی کلما دخلت فرأیته ذکرت الدنیا یعنی سترا کان فیه تمثال
طائر قالہ لها مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ پردہ اوتار ڈال اسواسطے کہ جب میں اندر آتا ہوں اور اسکو دیکھتا ہوں تو دنیا یاد آتی ہے مراد وہ
پردہ ہے جسمیں جانوروں کی تصویریں تھیں یہہ حضرت نے حضرت عائشہ رض سے فرمایا ف یہہ پردہ اوسوقت تھا جب تصویر رکھنا حرام نہ تھا ق عبداللہ بن عمرو خذوا القرآن من
اربعة من عبد اللہ وسالم ومعاذ وابی بن کعب سالم هو مولی ابی حذیفة بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عمرو رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قرآن کو یعنے
چار شخصوں سے سیکھو عبداللہ بن مسعود رض سے اور سالم رض اور معاذ رض اور ابی بن کعب رض سے سالم وہی جو ابو حذیفہ کے آزاد غلام اور متبنی تھے ف حضرت کے وقت میں یہی چاروں اصحاب
قرآن کے بڑے واقف تھے اسواسطے حضرت نے اونکی اسماری سند کردی تاکہ لوگ اون سے سیکھیں م عبادة بن الصامت خذوا عنی خذوا عنی فقد جعل اللہ لهن سبیلا البکر
بالبکر جلد مائة ونفی سنة والثیب بالثیب جلد مائة والرجم مسلم میں عبادہ بن صامت رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سیکھو مجھسے سیکھو مجھسے مقرر کیا خدا نے اون
عورتوں کی راہ کنواری کو کنواری کیساتھ سو کوڑے لگے اور برس بھر شہر بدر کرنا اور نکاح والی کو نکاح والی کیساتھ سو کوڑے اور سنگساری ف قرآن میں اول یہہ حکم تھا کہ بدکار
عورتوں کو قید کرو یہانتک کہ مر جاویں یا اونکے واسطے خدا کچھہ راہ نکالے پھر خدا نے یہہ راہ نکالی حضرت نے فرمائی امام شافعی کے اور امام احمد کے مذہب میں یہی ہے کہ اگر کنوارا مرد یا کنواری عورت حرام کاری کرے تو
اوسکی حد یہی ہے کہ سو کوڑے مارے اور شہر بدر بھی کیجیے اور امام اعظم کے نزدیک کنوارے کی حد صرف سو کوڑے اور نکاح والی کی حد صرف سنگساری ہے کوڑوں کے ساتھہ شہر بدر کرنا اور سنگساری کے ساتھہ کوڑے مارنا لازم
نہیں جمع کرنا دو سزاؤں کا اونکی نزدیک یہہ حدیث منسوخ ہے اسواسطے کہ حضرت نے کئی شخصوں کو سنگسار کیا اور کوڑا نمارا اونکو م عمران بن حصین خذوا ما علیها ودعوها
فانها ملعونة مسلم میں عمران بن حصین رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اتار لو جو کہ اوس اونٹنی پر ہے اور اوسکو چھوڑ دو اسواسطے کہ وہ ملعونہ ہے ف حضرت سفر میں تھے ایک عورت نے کسی
[illegible] پوچھا کہ یہہ کیا ہے لوگوں نے کہا کہ فلانی عورت نے اپنی اونٹنی کو لعنت کی ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی [illegible]

عَائِشَۃُ خُذِیْ فِرْصَۃً مِنْ مِسْکٍ وَفِیْ رِوَایَۃٍ مُمَسَّکَۃً فَتَطَهَّرِیْ بِهَا بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لے ٹکڑا کپڑے کا مشک سے آلودہ پہر اوس سے پاکی حاصل کر ایک عورت نے پوچھا کہ یا حضرت مین حیض کے بعد کسطرح طہارت کرون حضرت نے فرمایا کہ غسل کے بعد تہوڑا مشک کپڑے مین لگا کر رکھ لیا کر یعنے تاکہ خون کی بدبو دفع ہو **ق** عَائِشَۃُ خُذِیْ مِنْ مَالِهٖ بِالْمَعْرُوْفِ مَا یَکْفِیْکِ وَیَکْفِیْ وَلَدَکِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ خُذِیْ مَا یَکْفِیْکِ وَوَلَدَکِ بِالْمَعْرُوْفِ **قَالَہٗ** لِهِنْدَ بِنْتِ عُتْبَۃَ امْرَأَۃِ اَبِیْ سُفْیَانَ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا لے لیا کر خاوند کے مال مین سے دستور کے موافق جتنا تجکو اور تیرے اولاد کو کفایت کرے یہہ حضرت نے ہندہ عتبہ کی بیٹی سفیان کی جورو سے کہا **ف** ہندہ نے کہا کہ یا حضرت سفیان مرد بخیل ہے خرچ نہین دیتا جو مجہکو اور میرے اولاد کو کفایت کرے مگر یہہ ہوسکتا ہے کہ اوسکی نادانستگی مین بقدر حاجت لے لون یعنے اسطرح لینا درست ہے یا نہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ عورت خاوند کے مال سے اگر بقدر حاجت ضروری بدون اوسکے اجازت لیوے تو درست ہے اسواسطے کہ اوسکا خرچ خاوند پر فرض ہے **ق** اِبْنُ عَبَّاسٍ عَوْ فَالَّذِیْ اَنَا فِیْهِ خَیْرٌ وَاَوْصِیْکُمْ بِثَلٰثٍ اَخْرِجُوا الْمُشْرِکِیْنَ مِنْ جَزِیْرَۃِ الْعَرَبِ وَاَجِیْزُوا الْوَفْدَ بِنَحْوِ مَا کُنْتُ اُجِیْزُهُمْ قَالَ وَسَکَتَ عَنِ الثَّالِثَۃِ اَوْ قَالَهَا فَاُنْسِیْتُهَا هٰذَا مِنْ قَوْلِ سُلَیْمَانَ بْنِ اَبِیْ مُسْلِمٍ بخاری اور مسلم مین عبد اللہ بن عباس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہ چہوڑو مجہکو جسمین کہ مین ہون بہتر ہے اور مین تمکو تین چیز کی وصیت کرتا ہون کہ نکال دیجیو مشرکین کو عرب کے ٹاپو سے اور انعام دیا کرنا ایلچیون کو جسطرح مین اونکو انعام دیتا تہا راوی نے کہا کہ تیسری چیز سے حضرت نے سکوت کیا یا کہا اوسکو فرمایا مگر مین بہول گیا یہہ قول ہے سلیمان بن ابی مسلم کا جو اس حدیث کا راوی ہے **ف** اسکا پورا قصہ حدیث قرطاس مین اسی باب مین ہو چکا **ح** اَبُوْ هُرَیْرَۃَ دَعُوْنِیْ مَا تَرَکْتُکُمْ اِنَّمَا اَهْلَکَ مَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ سُؤَالُهُمْ وَاخْتِلَافُهُمْ عَلٰی اَنْبِیَائِهِمْ فَاِذَا نَهَیْتُکُمْ عَنْ شَیْءٍ فَاجْتَنِبُوْهُ وَاِذَا اَمَرْتُکُمْ بِاَمْرٍ فَاْتُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ بخاری مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجہسے سوال کرنا چہوڑ دو جبتک کہ تمکو چہوڑ دیا اور نہ بتلاؤن تم سے اگلے امتون کو تو اونکی سوال اور اختلاف ہی نے غارت کیا کہ اپنے پیغمبرون پر اختلاف کرتے تہے سو جب مین تمکو کسی چیز سے منع کرون تو اوس سے بچا کرو اور جب مین کسی چیز کا حکم کرون تو اوسکو کیا کرو جتنا کہ تمسے ہو سکے **ف** حضرت نے خطبہ پڑہا اور فرمایا کہ اے لوگو تم پر حج فرض ہوا سو تم حج کو ادا کرو تو ایک شخص نے کہا کہ یا حضرت کیا ہر سال حج فرض ہے حضرت چپ رہے یہان تک کہ اوسنے تین بار پوچہا پہر حضرت نے فرمایا کہ اگر مین ہان کہتا تو تم پر ہر سال حج کرنا فرض ہوجاتا اور تمسے کبہی نہ ہو سکتا پہر یہہ حدیث فرمائی یعنے بیہودہ سوال نکیا کرو جو تمہارے حق مین بہتر ہے اوسکو مین خود بیان کر دیتا ہون تمکو اوسکے کاوش کرنا کیا ضرور ہے **ق** جَابِرٌ دَعُوْهَا فَاِنَّهَا مُنْتِنَۃٌ یَعْنِیْ دَعْوَی الْجَاهِلِیَّۃِ قَوْلَ الْاَنْصَارِیِّ حِیْنَ کَسَعَ الْمُهَاجِرِیُّ یَا لَلْاَنْصَارِ بخاری اور مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چہوڑ دو اوس بات کو کہ وہ بات تو گندی ہے **ف** حضرت سفر مین تہے ایک انصاری اور مہاجر مین کچہہ گفتگو ہوگئی مہاجر نے انصاری کے چوتڑ پر لات ماری انصاری نے چیخ ماری کہ اے انصاریو دوڑو اور مہاجر نے اسیطرح مہاجرین کو بلایا دونو طرف کے لوگ جمع ہوگئے حضرت یہہ شور سنکر فرمایا کہ یہہ کفر کا قول یعنے کہنا کسواسطے ہوا اصحاب نے اون دونون شخصون کا حال عرض کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی **خ** اَبُوْ هُرَیْرَۃَ دَعُوْهُ وَاَرِیْقُوْا عَلٰی بَوْلِهٖ سَجْلًا مِنْ مَاءٍ اَوْ ذَنُوْبًا مِنْ مَاءٍ فَاِنَّمَا بُعِثْتُمْ مُیَسِّرِیْنَ وَلَمْ تُبْعَثُوْا مُعَسِّرِیْنَ بخاری مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چہوڑ دو اوسکو اور اوسکے پیشاب پر چہوٹا ڈول پانی کا یا بڑا ڈول پانی کا بہا دو اسواسطے کہ تم بہیجے گئے آسانی کرنے والے اور نہین بہیجے گئے سختی کرنیوالے **ف** ایک گنوار نے حضرت کے مسجد مین پیشاب کر دیا اصحاب نے اوسکو للکارا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی پہر حضرت نے اوسکو بلا کر کہا کہ مسجد عبادت کا مقام ہے یہان پیشاب کرنا مناسب نہین معلوم ہوا کہ نادان کے قصور پر سختی کرنا نچاہیئے اور ثابت ہوا کہ زمین کی نجاست پانی ڈالنے اور خشک ہونیسے دور ہوجاتی ہے **ق** اِبْنُ عُمَرَ دَعْهُ فَاِنَّ الْحَیَاءَ مِنَ الْاِیْمَانِ **قَالَہٗ** لِرَجُلٍ کَانَ یَعِظُ اَخَاهُ فِی الْحَیَاءِ بخاری اور مسلم مین عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اوسکو چہوڑ اسواسطے کہ شرم تو ایمان کی نشانی ہے یہہ حضرت نے اوس مرد سے فرمایا جو اپنے بہائی سے نصیحت کرتا تہا زیادہ شرم نکیا کر **ف** یعنے حیا صفت ایمانی ہے ہر حالت مین بہتر ہے اور بیحیائی ہر طرح معیوب ہے **ق** اَبُوْ سَعِیْدٍ دَعْهُ فَاِنَّ لَهٗ اَصْحَابًا یَحْقِرُ اَحَدُکُمْ صَلٰوتَهٗ مَعَ صَلٰوتِهِمْ وَصِیَامَهٗ مَعَ صِیَامِهِمْ یَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ لَا یُجَاوِزُ تَرَاقِیَهُمْ یَمْرُقُوْنَ مِنَ الْاِسْلَامِ کَمَا یَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِیَّۃِ یُنْظَرُ اِلٰی نَصْلِهٖ فَلَا یُوْجَدُ فِیْهِ شَیْءٌ ثُمَّ یُنْظَرُ اِلٰی رِصَافِهٖ فَلَا یُوْجَدُ فِیْهِ شَیْءٌ ثُمَّ یُنْظَرُ اِلٰی نَضِیِّهٖ فَلَا یُوْجَدُ فِیْهِ شَیْءٌ ثُمَّ یُنْظَرُ اِلٰی قُذَذِهٖ فَلَا یُوْجَدُ فِیْهِ شَیْءٌ قَدْ سَبَقَ الْفَرْثَ وَالدَّمَ اٰیَتُهُمْ رَجُلٌ اَسْوَدُ اِحْدٰی عَضُدَیْهِ مِثْلُ ثَدْیِ الْمَرْاَۃِ اَوْ مِثْلُ الْبَضْعَۃِ تَدَرْدَرُ یَخْرُجُوْنَ عَلٰی خَیْرِ فِرْقَۃٍ مِنَ النَّاسِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ عَلٰی حِیْنِ فُرْقَۃٍ بخاری اور مسلم مین ابو سعید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اوسکو چہوڑ اور دور کر سو مقرر اوسکے چند ساتہی ہونگے کہ تم مین سے ہر ایک آدمی اپنے نماز کو اونکے نماز کے ساتہہ حقیر جانیگا اور اپنے روزے کو اونکے روزے کے ساتہ ناچیز سمجہیگا وے لوگ قرآن پڑہینگے اوکے گلے کے ہنسلیون سے نیچے نہ اتریگا یعنے دلمین قرآن کا کچہہ اثر نہوگا وے لوگ اسلام سے نکل جاوینگے جیسے جانور کے تیر پار ہو جاتا ہے اوسکے کانسے کو دیکہے تو کچہہ خون کا اثر نپاوے پہر اوسکے پارہ کو دیکہے تو کچہہ اثر نپاوے پہر اوس تیر کے لکڑی کو دیکہے تو کچہہ اثر نپاوے پہر تیر کے پر کو دیکہے تو کچہہ اثر نپاوے تیر پار نکل گیا پیٹ کی گوبر اور خون سے یعنے جیسے پار ہوئی تیر مین جانور کا کچہہ اثر نہین لگا رہتا اسیطرح اوس قوم مین اسلام کا کچہہ نہ باقی رہیگا اوس قوم کی پہچان یہہ ہے کہ اونمین ایک سیاہ مرد ہوگا جسکے ایک بازو جیسے عورت کی چہاتی یا جیسے گوشت کا لوتہڑا کہ جنبش کیا کریگا اد میون کے عمدہ گروہ پر خروج کرینگے یعنے علی مرتضی رضہ سے باغی ہونگے اور دوسری روایت یہہ ہے کہ وے لوگ اختلاف اور پہوٹ کے زمانے مین ظاہر ہونگے **ف** حضرت نے کچہہ مال تقسیم کیا ایک شخص جسکا ذو الخویصرہ نام تہا اوسنے حضرت سے کہا انصاف کیجئے ... عمر رضہ نے کہا کہ یا حضرت اگر حکم ہو تو مین ... سر کو مار ڈالون تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور خارجی قوم کی خبر دی علی مرتضی نے اوس قوم کو قتل کیا اس حدیث مین جس ... کا ذکر ہے ... سو حضرت علی نے ... نکالا اور اوس قوم مین ... تہا باقی قصہ اس حدیث کا دوسرے باب مین ہو چکا **ق** جَابِرٌ دَعْهُ لَا یَتَحَدَّثُ النَّاسُ اَنَّ مُحَمَّدًا یَقْتُلُ اَصْحَابَهٗ

کہ احتلام ہوا اور منی کا پانی دیکھے تو غسل کرے حضرت نے فرمایا کہ ہاں غسل کرے حضرت ام سلمہ نے اوس عورت سے کہا تیرا برا ہو کیا عورت کو بھی احتلام ہوتا ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
یعنی اگر عورت کی منی نہوتی تو لڑکا ماموؤں کی صورت سے کسطرح مشابہ ہوتا خ سلمۃ بن الاکوع ارموا بنی اسمٰعیل فان اباکم کان رامیا بخاری مین سلمہ بن اکوع رض
سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تیر اندازی سیکھو اے اسمعیل کی اولاد اسواسطے کہ تمہارا باپ تیر انداز تھا ف چند انصار تیر اندازی کرتے تھے تب حضرت نے یہہ حدیث
فرمائی اور فرمایا کہ ہم فلانی قوم کی ساتھہ ہین تو دوسری قوم نے تیر اندازی موقوف کی حضرت نے فرمایا کہ تم کیون نہین تیر اندازی کرتے اونھون نے کہا یا رسول اللہ ہم کیونکر تیر
لگاوین اور آپ تو اوس قوم کی ساتھہ ہین اور ہمارے ساتھہ نہین حضرت نے فرمایا کہ تیر لگاؤ مین تم سبکی ساتھہ ہون اس حدیث سے معلوم ہوا کہ انصار حضرت اسمعیل کے اولاد مین تیر
اندازی کی اسواسطے تاکید فرمائی کہ جہاد کا وسیلہ ہے ق جابر سَمِّ ابنك عبد الرحمن قاله له بخاری اور مسلم میں جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اپنی
بیٹے کا عبد الرحمن نام رکہہ ف جابر رض سے روایت ہے کہ ہماری قوم مین ایک شخص کے بیٹا پیدا ہوا اوسنے قاسم نام رکھا پھر اوسنے حضرت کو خبر دی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
ق عمر بن ابی سلمۃ سَمِّ اللّٰه وكُلْ بيمينك وكُلْ مما يليك بخاری اور مسلم مین عمر بن ابی سلمہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بسم اللہ کہہ اور اپنی داہنی ہاتھہ سے کہا
اور اوس طرف سے کہا جو تیرے قریب ہو ف عمر بن ابی سلمہ رض سے روایت ہے کہ مین لڑکا تھا اور رکابی کی ہر طرف سے کہاتا تھا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ
لڑکونکو ادب کہلانا سنت ہے ق انس تسموا باسمی ولا تكنوا بكنيتی بخاری اور مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نام رکھا کرو میرے نام پر اور نہ کنیت
رکہو میری کنیت کو ف کنیت اوسکو کہتے ہین جسپر اب کی لفظ ہو جیسے ابو القاسم اور ابو الحسن حضرت کی کنیت ابو القاسم تھی سو فرمایا کہ اپنی اولاد کا محمد نام رکھو ابو القاسم
اوسکو مصابیح مین روایت ہے کہ حضرت بازار مین تھے ایک شخص نے پکارا یا ابا القاسم حضرت اوسکی طرف متوجہ ہوئے اوسنے کہا کہ یا حضرت مینے آپکو نہین پکارا فلانی شخص کو پکارا تھا
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی حضرت کی نام اور کنیت رکھنے مین علما کی بہت قول ہین لیکن صحیح قول یہی ہے کہ حضرت کا نام رکھنا تو درست ہے لیکن کسیکو ابو القاسم کہنا بہتر نہین
چنانچہ اسکا مفصل بیان سفر السعادت مین موجود ہے ق انس سووا صفوفكم فان تسوية الصفوف من تمام الصلوٰة بخاری و مسلم مین انس رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا برابر کیا کرو اپنی صفونکو اسواسطے کہ صفونکو برابر کرنا نماز کا کمال ہے م ابو ہریرۃ سيروا هذا جمدان سبق المفردون قالوا وما المفردون
یا رسول اللّٰه قال الذاكرون اللّٰه كثيرا والذاكرات مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ جمدان پہاڑ ہے بڑہ گئی اکیلے اصحاب نے کہا یا حضرت اکیلے کون ہین
حضرت نے فرمایا کہ خدا کی بہت یاد کرنیوالے مرد اور عورتین ف حضرت مکے کی راہ مین چلے جاتے تھے وہان ایک پہاڑ نمود ہوا جسکا جمدان نام ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
اوس پہاڑ کے پاس کوئی پہاڑ نہین یعنی جیسے یہہ پہاڑ تنہا ہے اسیطرح خدا کی یاد کرنیوالے ہین اوسکی یاد مین تنہائی دوست او رگوشہ گیر رہتے ہین ترمذی مین روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اکیلے لوگ وے مین جو خدا کی یاد پر حریص او رخدا مین یاد الہی اون کے گناہون کا بوجہہ کو اتار ڈالیگے سو وے لوگ قیامت مین ہلکے آوینگے م علی شققہ خمرا بین
الفواطم يعنی ثوب حرير اهداه الی رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وآله وسلم اكيدر دومة قاله له والفواطم احداهن فاطمة
الزهراء والثانية فاطمة بنت اسد ام علی والثالثة فاطمة بنت حمزة مسلم مین علی مرتضی رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اوس ریشمی کپڑے کو پہاڑ
اور اوڑھنیان بنا کر ان عورتون مین تقسیم کر جنکی فاطمہ نام ہین مراد وہ ریشمی کپڑا جو اکیدر دومہ کی بادشاہ نے حضرت کو تحفہ بھیجا تھا یہہ حضرت نے علی مرتضی سے فرمایا اور
فاطمہ کے نام کی تین عورتین تہین ایک تو فاطمہ زہرا رض اور دوسری فاطمہ بنت اسد رض علی مرتضی رض کی ما تیسری امیر حمزہ کی بیٹی رض ف ہر چند ریشمی کپڑا مرد کو حرام ہے لیکن
اگر کوئی تحفہ دے تو قبول کرے او رعورتون کو حوالہ کرے کہ اونکو حلال ہے م عمرو بن عبسة صل صلوٰة الصبح ثم اقصر عن الصلوٰة حين تطلع الشمس
حتى ترتفع فانها تطلع حين تطلع بين قرنی شيطان وحينئذ يسجد لها الكفار ثم صل فان الصلوٰة مشهودة محضورة
حتى يستقل الظل بالرمح ثم اقصر عن الصلوٰة فان حينئذ تسجر جهنم فاذا اقبل الفیء فصل فان الصلوٰة مشهودة محضورة
حتى تصلي العصر ثم اقصر عن الصلوٰة حتى تغرب الشمس فانها تغرب بين قرنی الشيطان وحينئذ يسجد لها الكفار مسلم مین عمرو بن
عبسہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ صبح کی نماز پڑہ پھر نماز کو موقوف کر جب تک آفتاب نکلے یہانتک کہ اونچا ہو جاوے اسواسطے کہ آفتاب جب نکلتا ہے تو شیطان کے دو نو سینگون کے اندر
نکلتا ہے اور اوسوقت کافر آفتاب کو سجدہ کرتے ہین پھر جب آفتاب بلند ہو تو نماز پڑہ اسواسطے کہ اوسوقت نماز مین عبادت والے موجود اور حاضر ہوتے ہین یہانتک کہ سایہ نیزے کے ساتھہ
قائم ہو جاوے یعنی دوپہر ہو اور زمین پر سایہ نہ رہے پھر اوسوقت نماز موقوف کر اسواسطے کہ دوزخ اوسوقت بھڑکائی جاتی ہے پھر جب سایہ دوپہر کا ڈہلے اور بڑہ چلے تو نماز پڑہ اسواسطے کہ اوسوقت
عبادت والے نماز مین موجود او رحاضر ہوتے ہین یہانتک کہ عصر کی نماز سے تو فراغت پاوے پھر نماز کو موقوف کر یہانتک کہ آفتاب ڈوبے اسواسطے کہ آفتاب شیطان کے دونو
سینگون کے اندر ڈوبتا ہے اور اوسوقت آفتاب کو کافر سجدہ کرتے ہین ف عمرو بن عبسہ رض سے روایت ہے کہ حضرت مدینے مین تشریف لائے تو مینے حضرت سے نماز کے وقت پوچھے
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی ہر وقت نماز پڑھنا درست ہے لیکن تین وقت درست نہین طلوع غروب کے وقت تو اسواسطے منع ہے کہ اوسوقت آفتاب کو کافر سجدہ کرتے ہین

تو بر کمال تعجب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ جب کچھ میسر آوے تو کفن میں ایک کپڑا کفایت کرتا ہے م سعد بن ابی وقاص [illegible] فَالَ لَهُ يَعْنِي سَيْفًا
اسْتَوْهَبَهُ مِنَ الْغَنَائِمِ مسلم میں سعد بن ابی وقاص رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اوسکو رکھہ دے جہان سے تو نے اوسکو لیا ہے ف غنیمت کے مال سے سعد ابی وقاص نے ایک تلوار مانگی
اور حضرت سے مانگی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے غنیمت کے مال میں سب غازیوں کا حق ہے بے تقسیم کچھ کو نہیں ملے م عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ ضَعْ يَدَكَ عَلَى الَّذِي يَأْلَمُ مِنْ جَسَدِكَ وَقُلْ بِسْمِ اللهِ
ثَلَاثًا وَقُلْ سَبْعَ مَرَّاتٍ أَعُوذُ بِاللهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ قَالَ مُسْلِمٌ مسلم میں عثمان بن ابی العاص رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ تو اپنا ہاتھ
رکھہ جہان تیرے بدن میں درد ہوتا ہے اور بسم اللہ تین بار کہہ اور ستا بار کہہ اعوذ باللہ وقدرتہ من شر ما اجد واحاذر یعنے میں پناہ مانگتا ہوں خدا کی اور اوسکی قدرت کی اوس چیز کی شر سے
جسکا مجھکو غم اور خوف ہے ف مصابیح میں عثمان بن ابی العاص رضہ سے روایت ہے کہ اونہوں نے اپنی درد اور بیماری کی حضرت سے شکایت کی تب حضرت نے یہہ دعا فرمائی پہر اوسپر عمل کیا مجھکو شفا حاصل
ہوئی ق أُمِّ سَلَمَةَ طُوفِي مِنْ وَرَاءِ النَّاسِ وَأَنْتِ رَاكِبَةٌ قَالَهُ لَهَا لَمَّا قَالَتْ إِنِّي أَشْتَكِي بخاری اور مسلم میں حضرت ام سلمہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو طواف کر
لوگوں کے پیچھے سوار رہ کر یہہ حضرت نے ام سلمہ سے فرمایا جب کہ اونہوں نے کہا تہا کہ میں بیمار ہوں ف معلوم ہوا کہ حج میں بیمار کو سوار ہو کر طواف کرنا درست ہے م أَبُو هُرَيْرَةَ عُوذُوا
بِاللهِ مِنْ عَذَابِ اللهِ عُوذُوا بِاللهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ عُوذُوا بِاللهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ عُوذُوا بِاللهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ مسلم میں ابو ہریرہ
رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پناہ مانگو خدا کی خدا کی عذاب سے پناہ مانگو خدا کی قبر کی عذاب سے پناہ مانگو خدا کی دجال کے فتنے سے پناہ مانگو خدا کی زندگی اور موت کے فتنے اور فساد
م جَابِرٍ غَطُّوا الْإِنَاءَ وَأَوْكُوا السِّقَاءَ فَإِنَّ فِي السَّنَةِ لَيْلَةً يَنْزِلُ فِيهَا وَبَاءٌ لَا يَمُرُّ بِإِنَاءٍ لَيْسَ عَلَيْهِ غِطَاءٌ أَوْ سِقَاءٍ لَيْسَ عَلَيْهِ وِكَاءٌ إِلَّا نَزَلَ فِيهِ مِنْ ذَلِكَ الْوَبَاءِ
قَالَ اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ فَالْأَعَاجِمُ عِنْدَنَا يَتَّقُونَ ذَلِكَ فِي كَانُونِ الْأَوَّلِ مسلم میں جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بند رکہا کرو اور دہانہ باندہا کرو مشک کا اوسواسطے کہ تمام
سال میں ایک ایسی رات ہے کہ اوسمیں وبا اترتی ہے جس برتن اور مشک کو کہلا پاتی ہے اوسکے اندر وبا گہس جاتی ہے لیث بن سعد مصری محدث نے کہا کہ جو عجم کے لوگ ہمارے پاس ہیں کانون اول میں اسکا
اوسکا بچاؤ کرتے ہیں ف کانون اول رومی مہینہ ہے خریف کی آخر فصل میں ہوتا ہے خلاصہ مطلب یہہ ہے کہ حدیث میں اوس رات کو معین نہیں فرمایا کہ کب ہوتی ہے لیکن عجم کے لوگ کانون
اول میں جانتے ہیں شاید ہوتی ہو کہ اوس فصل میں ہوا بگڑ جاتی ہے لیکن یہہ یقین نہیں ہے برتنوں کو ہر رات بند رکہنا چاہئے ق جَابِرٍ غَطُّوا الْإِنَاءَ وَأَوْكُوا السِّقَاءَ وَأَغْلِقُوا
الْبَابَ وَأَطْفِئُوا السِّرَاجَ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَحُلُّ سِقَاءً وَلَا يَفْتَحُ بَابًا وَلَا يَكْشِفُ إِنَاءً فَإِنْ لَمْ يَجِدْ أَحَدُكُمْ إِلَّا أَنْ يَعْرُضَ عَلَى إِنَائِهِ عُودًا وَ
يَذْكُرُ اسْمَ اللهِ عَلَيْهِ فَلْيَفْعَلْ فَإِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ تُضْرِمُ عَلَى أَهْلِ الْبَيْتِ بَيْتَهُمْ بخاری و مسلم میں جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بند رکہو برتن کو اور
منہہ باندہو مشکوں کا اور بند کرو دروازوں کو اور گل کیا کرو چراغ کو اوسواسطے کہ شیطان مشک کا منہہ نہیں کہولتا اور دروازا اور برتن کو نہیں کہولتا اور اگر کوئی برتن ڈہانکنے کو کچہہ نہ پاوے تو
لکڑی کو برتن پر آڑا رکہہ دیوے اور بسم اللہ کہے تو مقرر چوہا گہر والوں کو جلا دیتا ہے یعنے اگر سوتے وقت چراغ روشن رہے تو چوہا بتی لیجاتا ہے تو گہر میں اکثر آگ لگ جاتی ہے ف حضرت نے اس حدیث
میں آداب بہلائی کے بسم اللہ کہکے رات کو یہہ کام کرنا چاہئے اسمیں برکت ہے م جَابِرٍ غَيِّرُوا هَذَا الشَّيْبَ وَاجْتَنِبُوا السَّوَادَ مسلم میں جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ رنگ
بدل ڈالو اسکو کسی چیز سے اور بچو سیاہی سے ف فتح مکے میں ابو قحافہ صدیق اکبر رضہ کے باپ مسلمان ہوئے اونکی داڑہی اور سر کے بال نہایت سفید تہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم
ہوا کہ خضاب کرنا درست ہے لیکن سیاہ خضاب کرنا مکروہ ہے فقہا کہتے ہیں کہ وسمے کا خضاب درست ہے اسواسطے کہ بعضے اصحاب کرتے تہے وسمے کے سوا اور خضاب سیاہ رنگ درست
نہیں واللہ اعلم خ أَبُو هُرَيْرَةَ فِرَّ مِنَ الْمَجْذُومِ كَمَا تَفِرُّ مِنَ الْأَسَدِ لَمْ يُصِلْ سَنَدَهُ بِهَذَا الْحَدِيثِ بخاری میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بہاگ
کوڑھی سے جیسے تو شیر سے بہاگتا ہے بخاری نے اس حدیث کی پوری سند نہیں بیان کی ف اس بیمار سے آدمی کو نفرت آتی ہے تو بیمار کو زیادہ رنج آتا ہے اسواسطے اوسکی صحبت سے منع فرمایا خ
أَبُو مُوسَى فُكُّوا الْعَانِيَ وَأَطْعِمُوا الْجَائِعَ وَعُودُوا الْمَرِيضَ بخاری میں ابو موسی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چھڑاؤ قیدی کو اور کہانا کہلاؤ بہوکے کو اور خبر عافیت پوچھو بیمار کی
ف دشمن سے مظلوم کو چھڑانا قادر پر فرض ہے اور اطعام اور عیادت فرض کفایہ ہے م أَبُو هُرَيْرَةَ قَاتِلْهُمْ حَتَّى يَشْهَدُوا أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ
اللهِ فَإِذَا فَعَلُوا ذَلِكَ فَقَدْ مَنَعُوا مِنْكَ دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللهِ قَالَهُ لِعَلِيٍّ يَوْمَ خَيْبَرَ مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قتل کرو اونکو یہانتک کہ وے گواہی دیں کہ خدا کے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے اور محمد خدا کا رسول ہے پہر جب اونہوں نے یہہ کیا تو تجھسے اپنے خون اور مال
بچالی مگر حق بات پر اور حساب اونکا خدا پر ہے یہہ حضرت نے علی مرتضے رضہ سے فرمایا جنگ خیبر کے دن ف یعنے جب کافر نے کلمہ پڑہا تو اوسکی جان مارنا اور مال لوٹنا درست نہیں لیکن
خون کے بدلے خون ہوگا اور اگر مال ہوگا زکوۃ لیجاویگی اور اگر وے اپنے جان اور مال بچانیکے واسطے کلمہ پڑہ لیوینگے اور دل سے کافر رہینگے تو خدا اون سے حساب لیگا ہمکو ظاہر کا حکم ہے
م أَبُو هُرَيْرَةَ قَارِبُوا وَسَدِّدُوا مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میانہ روی اختیار کرو اور راہ راست پر چلو ف یعنے عبادت بلکہ ہر چیز میں افراط اور
تفریط سے بچو نہ عبادت میں ایسی کثرت ہو کہ جو افسردہ اور ملول کر ڈالے نہ ایسی قلت اچھے کہ دل اوسکی خیر نہو م جُوَيْرِيَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ
قَرِّبِيهِ فَقَدْ بَلَغَتْ مَحِلَّهَا يَعْنِي عَظْمًا مِنْ شَاةٍ أُعْطِيَتْهُ مَوْلَاتُهَا مِنَ الصَّدَقَةِ مسلم میں حضرت جویریہ رضہ حضرت کی بی بی سے روایت ہے کہ حضرت

خدا ہی کے واسطے ہیں پاک ہے تو اے خدا جہان کا مالک گناہ سے بچانا نہ بندگی کی طاقت ہے مگر خدا کے مدد کو جو سب پر غالب حکمت والا ہی اوس جنگلی آدمی نے کہا کہ یہ تو خدا کے تعریفیں ہوئیں پس
مجھکو کیا یعنی میرے فائدہ کی چیز کہہ دیجئے حضرت نے فرمایا یوں کہہ کہ الٰہی مجھکو بخش اور مجھپر رحم کر اور مجھکو نیک راہ پر چلا اور مجھکو روزی دے اور مجھکو عافیت میں رکھ راوی کو شک ہے
کہ حضرت نے عافیت کی لفظ فرمائی یا نہیں یہ حضرت نے اوس جنگلی آدمی کو فرمایا جو حضرت پاس آیا تو اوسنے کہا کہ اے خدا کی پیغمبر مجھکو کوئی ایسا کلام سکھلائیے جسکو میں کہا کروں ھ
حُذَيْفَةُ قُمْ يَا حُذَيْفَةُ فَأْتِنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ قَالَهُ لَيْلَةَ الْأَحْزَابِ مسلم میں حذیفہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اٹھ اے حذیفہ اوس قوم کی ہمارے پاس خبر لے
آ یہ حضرت نے جنگ خندق کی رات فرمایا ھ حُذَيْفَةُ قُمْ يَا نَوْمَانُ قَالَهُ صُبْحَ لَيْلَةِ الْأَحْزَابِ مسلم میں حذیفہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اوٹھ اے سونے والے یہ
حضرت نے حذیفہ رضہ سے فرمایا جنگ خندق کی فجر کو ف جنگ خندق میں کفار نے کئی دن تک مدینہ گھیر لیا ایک رات نہایت سرد ہوا چلی لوگ جاڑے سے تنگ ہو گئے تب حضرت نے حذیفہ کو خبر کے
واسطے بھیجا پھر حذیفہ کو اپنا کمل اڑھایا اونکو خوب نیند غفلت کی آگئی تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی باقی مفصل قصہ چوتھی باب میں گذرا خ ابو سعید قُولُوا اللّٰهُمَّ صَلِّ
عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيمَ وَآلِ إِبْرَاهِيمَ بخاری میں ابو سعید رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ یوں درود پڑھو کہ الٰہی اپنی مہر کر محمد پر جو تیرا بندہ اور تیرا پیغمبر ہی جیسے تو نے ابراہیم پر مہر کی اور برکت کر محمد پر اور محمد کے آل پر جیسے تو نے برکت کی ابراہیم پر اور ابراہیم
کے آل پر ق أَبُو حُمَيْدٍ السَّاعِدِيُّ قُولُوا اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى أَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى آلِ إِبْرَاهِيمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى أَزْوَاجِهِ
وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ بخاری و مسلم میں ابو حمید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ درود کو یوں کہا کرو کہ الٰہی اپنی مہر کر محمد پر اور اوسکی بیبیوں
پر اور اوسکی اولاد پر جیسے تو نے مہر کی ابراہیم پر اور برکت کر محمد پر اور اوسکی بیبیوں پر اور اوسکی اولاد پر جیسے تو نے برکت کی آل ابراہیم پر بیشک تو سب خوبیوں سراہا بزرگی والا ہی ھ أُمِّ
سَلَمَةَ قُولِي اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَلَهُ وَأَعْقِبْنِي مِنْهُ عُقْبٰى حَسَنَةً قَالَهُ لَهَا حِينَ مَاتَ أَبُو سَلَمَةَ مسلم میں حضرت ام سلمہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یوں کہہ کہ
الٰہی مجھکو بخش اور اوسکو یعنی خاوند کو اور اوسکے بعد مجھکو اوسکا نیک بدلا دے یہ حضرت نے حضرت ام سلمہ رضہ کو فرمایا جب ابو سلمہ کا انتقال ہوا ف حضرت ام سلمہ کے اول خاوند یعنی ابو سلمہ
جب انتقال ہوا تب حضرت نے اونکو یہ تعلیم کی حق تعالیٰ نے دعا قبول کیا حضرت سے اونکا نکاح ہوا ق أَبُو سَعِيدٍ قُومُوا إِلٰى سَيِّدِكُمْ أَوْ إِلٰى خَيْرِكُمْ يَعْنِي سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ ع
عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ هٰؤُلَاءِ نَزَلُوا عَلٰى حُكْمِكَ بخاری و مسلم میں ابو سعید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اٹھو اپنے سردار کے طرف یا یوں
فرمایا کہ اپنے سے فضل و بہتر کی طرف یعنی سعد بن معاذ کی طرف پھر سعد حضرت پاس بیٹھے تو حضرت نے فرمایا کہ البتہ یہ یہود تیری تجویز پر راضی ہو کر اترے ہیں ف بنی قریظہ ایک قوم تھی
یہود کی حضرت سے اونہوں نے عہد شکنی کی تھی حضرت نے اونکا قلعہ گھیر لیا تھا وے لوگ اس بات پر راضی ہوئے کہ سعد بن معاذ جو ہمارے حق میں تجویز کریں سو ہمکو قبول ہی سعد زخمی تھے
حضرت نے اونکو مدینے سے بلایا جب وے آئے تب حضرت نے انصار سے یہ حدیث فرمائی سعد نے اونکے قتل کرنے کا حکم دیا چنانچہ اوس قوم کے مرد قتل ہوئے اور عورتیں اور لڑکے لونڈی غلام
ہوئے بعضے علمانے کہا کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سردار اور علما کی تعظیم کے واسطے قیام کرنا درست ہے اور بعضوں نے جواب دیا ہی کہ یہ قیام تعظیم کے واسطے نہ تھا بلکہ سعد زخمی تھے
اونکے سنبھالنے کے واسطے حضرت نے قیام کا حکم کیا تھا چنانچہ دوسری حدیث میں آیا ہی کہ ایک دوسرے کے واسطے نہ قیام کیا کرو جیسے عجم کے لوگ کرتے ہیں اور بعضے علمانے
فرمایا ہی کہ قیام افراط تعظیم کے واسطے مکروہ ہی اور اہل علم اور دین کی تکریم کے واسطے درست ہی ھ أَنَسٌ قُومُوا إِلٰى جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوَاتُ وَالْأَرْضُ قَالَهُ حِينَ
دَنَا الْمُشْرِكُونَ يَوْمَ بَدْرٍ صحیح مسلم میں انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اٹھو اوس بہشت کے طرف جسکا پھیلاؤ آسمانوں اور زمین کی برابر ہی یہ حضرت نے اوس وقت
فرمایا جس وقت جنگ بدر میں مشرک نزدیک آگئے ف یعنی اونکو قتل کرو اس واسطے کہ انکا قتل کرنا یا شہید ہونا ہر طرح بہتر ہی کہ اوسکا عوض بہشت ہی ق ابْنُ عَبَّاسٍ
قُومُوا عَنِّي فَلَا يَنْبَغِي عِنْدِي التَّنَازُعُ وَيُرْوٰى عِنْدَ نَبِيٍّ تَنَازُعٌ بخاری و مسلم میں عبد اللہ بن عباس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اٹھو میرے پاس سے اور
لائق نہیں میرے پاس جھگڑا کرنا اور دوسری روایت میں یہ ہی کہ پیغمبر کے پاس جھگڑا مناسب نہیں ف حضرت نے مرض الموت میں دوات قلم مانگا بعضوں نے کہا کہ حضرت
کو کہا ضرور نہیں کہ حضرت کو لکھنے میں تکلیف ہوگی تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی باقی اسکا قصہ اسی باب میں مفصل ہو چکا ق أَبُو هُرَيْرَةَ كِخْ كِخْ ارْمِ بِهَا أَمَا عَلِمْتَ
أَنَّا لَا نَأْكُلُ الصَّدَقَةَ وَيُرْوٰى لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ قَالَهُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا حِينَ أَخَذَ تَمْرَةً مِنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ
فَجَعَلَهَا فِي فِيهِ بخاری و مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا چھی چھی اسکو پھینک دے کیا تو نہیں جانتا کہ ہم لوگ زکوۃ نہیں کھاتے اور دوسری
روایت میں ہے کہ ہمکو زکوۃ حلال نہیں یہ حضرت نے امام حسن سے فرمایا جب اونہوں نے زکوۃ کی کھجوروں سے ایک کھجور اٹھالی اور منہ میں رکھ لی ف حضرت امام حسن اوس وقت
میں لڑکے تھے اس حدیث سے ثابت ہوا کہ سادات کو زکوۃ کا مال حرام ہی ق جَابِرٌ كُلْ فَإِنِّي أُنَاجِي مَنْ لَا تُنَاجِي يَعْنِي الثُّومَ الْمَطْبُوخَ قَالَهُ لِبَعْضٍ مِنْ أَصْحَابِهِ
بخاری و مسلم میں جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو کھا اس واسطے کہ میں کانا پھوسی کرتا ہوں اوس سے جس سے تو کانا پھوسی نہیں کرتا ف حضرت کے روبرو ایک ساگ
آیا اوس میں لہسن کی بو آئی حضرت نے اوسکو نہ کھایا کسی صحابی سے فرمایا کہ تو کھا صحابی نے دیکھا کہ حضرت نہیں کھاتے ہیں تو اونہوں نے بھی ہاتھ کھینچا تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی

سامان کر حدیث مین یہ جو فرمایا کہ مسافر اور راہ چلنے والے کی طرح گذران کر یعنی جیسے مسافر سفر مین زیادہ بکھیڑا نہین کرتا اور ہر دم اپنا وطن یاد کر کے زاد راہ کی فکر مین رہتا ہی
ایسے ہی مومن کو بھی لازم ہی کہ دنیا کو سرای جانے یہ جو حرص کو مارکر اپنے اصلی وطن یعنی آخرت کا سامان کرتا رہے اور یہ جو فرمایا کہ اپکو مُردون مین شمار کر یعنی پریشانی اور تشویش دنیا
نصیحت کی غفلت اور جب موت یاد رکھے تو سب مشکل آسان ہی **شعر** چو آہنگ رفتن کند جان پاک چہ برتخت مردن چہ بر روی خاک یہ حدیث ہما و دردولشی کی جڑ ہی اللہ ہمارے
نصیب کرے اور اوسپر عمل نصیب کرے آمین **خ** اَبُو اَيُّوبَ كِيْلُوا طَعَامَكُمْ يُبَارَكْ لَكُمْ فِيْهِ بخاری مین ابو ایوب رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تولا کرو اپنی ناج کو
تمہارے لئے اوسمین برکت ہوگی **ف** یعنی مول لیکر تولنا چاہیئے تا اگر کم ہو تو طلب کیجئے اور اگر زیادہ ہو تو غیر کا حق پہیر دیجئے اور ہر روز تول کر گہر مین خرچ کرنا ہی حکمت سے
خالی نہین کہ حساب سے خرچ ہو ضرورت سے زیادہ نہو **م** اَبُو سَعِيْدٍ لَقِّنُوْا مَوْتَاكُمْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مسلم مین ابو سعید رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ سکھلاؤ
اپنے مردون کو لا الٰہ الا اللہ **ف** یعنی نزع کے وقت لا الٰہ الا اللہ پکار کے کہو تا کہ مرنے والا بھی سنکے کہے اور یون نہ اوس سے کہنا چاہیئے کہ لا الٰہ الا اللہ کہہ شاید بد خوئی سے انکار کر
م اَبُوْ هُرَيْرَةَ لِيَأْخُذْ كُلُّ رَجُلٍ بِرَأْسِ رَاحِلَتِهِ فَاِنَّ هٰذَا مَنْزِلٌ حَضَرَنَا فِيْهِ الشَّيْطَانُ **قاله** غَدَاةَ لَيْلَةِ التَّعْرِيْسِ مسلم مین ابو ہریرہ
رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا چاہیئے کہ پکڑے ہر ایک مرد اپنے اونٹ کے سر کو سو مقرر یہ جگہ ہی کہ اسمین ہمارے پاس شیطان آیا یہ حضرت نے لیلۃ التعریس کی فجر کو فرمایا **ف** جنگ خیبر سے
پہرتے آخر شب حضرت دو تین سو گئے فجر کی نماز قضا ہو گئی تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنی یہ مکان ہی شیطان کا ایسا نہو کہ شیطان کہیں اونٹ کو بہگا دیوے تو ہوشیاری کرنا چاہیئے **ق** عَائِشَةُ
لِيُصَلِّ اَحَدُكُمْ نَشَاطَهُ فَاِذَا كَسِلَ اَوْ فَتَرَ قَعَدَ وَيُرْوٰى فَلْيَقْعُدْ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا چاہیئے کہ نماز پڑہا کرے ہر ایک شخص جب تک خوش
اور چست رہے پہر جب کاہل یا سست ہو تو بیٹہ رہے اور دوسری روایت مین یہ ہی کہ اوسکو بیٹہ رہنا چاہیئے **ف** انس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے مسجد مین رسی لٹکی دیکہی پوچہا یہ کیا ہی لوگون نے
کہا کہ حضرت زینب کا دستور ہی کہ جب تہجد کی نماز مین سست ہو جاتی ہین تو اسکو تہام لیتی ہین تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنی سستی مین نفل نماز پڑہنا بے لطف ہی **م** لِيُصَلِّ مَنْ شَاءَ مِنْكُمْ فِيْ رَحْلِهِ
قاله فِيْ يَوْمٍ مَطِيْرٍ فِيْ سَفَرٍ مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا چاہیئے کہ نماز پڑہ لیوے جو شخص کہ تم مین چاہے اپنے بستر پر یہ حضرت نے مینہہ برسنے کے دن سفر مین فرمایا **ف**
معلوم ہوا کہ مینہہ کے عذر سے جماعت مین حاضر ہونا درست ہی **م** اِبْنُ مَسْعُوْدٍ لِيَلِيَنِيْ مِنْكُمْ اُولُو الْاَحْلَامِ وَالنُّهٰى ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ وَاِيَّاكُمْ وَهَيْشَاتِ
الْاَسْوَاقِ مسلم مین عبد اللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا چاہیئے کہ تم مین سے عقلمند اور ہوشیار لوگ میرے قریب ہوا کرین پہر اونکے بعد وہ لوگ ہوا کرین جو اون سے میل رکہتے ہون
اور تم بچو بازارون کے بک بک سے یعنی مسجد اور جماعت مین بازار کی طرح شور اور ہجوم نکرو **ف** عبد اللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہی کہ دستور تہا کہ جماعت کے وقت ہمارے مونڈہون کو
ملاتے تہے اور فرماتے تہے کہ برابر ہو جاؤ اور قیام مین مختلف نہو نہین تو تمہارے دلون مین اختلاف پڑ جاویگا پہر حضرت یہ حدیث فرماتے تہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام کی قریب اہل علم اور
عقل کھڑے ہون تا کہ مسائل کو سیکہیں اور اگر امام کو سہو واقع ہو تو اوسکو خبردار کرین اور علما کی بعد درجہ بدرجہ لوگ صف مین کھڑے ہون ابوبکر صدیق رضہ کا دستور تہا کہ نماز مین
حضرت کے پیچھے برابر کھڑے ہوتے تہے اور اون کی جگہہ دوسرا شخص نہین کھڑا ہوتا تہا **م** اَبُوْ سَعِيْدٍ لِيَنْبَعِثْ مِنْ كُلِّ رَجُلَيْنِ اَحَدُهُمَا وَالْاَجْرُ بَيْنَهُمَا يَعْنِيْ فِي الْجِهَادِ **قاله**
لِبَنِيْ لِحْيَانَ حِيْنَ بَعَثَ اِلَيْهِمْ بَعْثًا مسلم مین ابو سعید رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا چاہیئے کہ دو آدمیون مین سے ایک آدمی جہاد کو جاوے اور ثواب دونون مین برابر ہی
حضرت نے اوسوقت فرمایا جب قوم بنی لحیان پر لشکر بہیجا **ف** یعنی ہر قوم سے آدہی آدمی جہاد کو جاوین اور آدہی آدمی مجاہدین کی جورو کی خبرگیری کرین تو ثواب دونون کو
برابر ملیگا **ق** عَائِشَةُ مُرُوْا اَبَا بَكْرٍ يُصَلِّ بِالنَّاسِ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت نے کہ کہو ابوبکر رضہ کو کہ لوگون کو نماز پڑہاوے **ف** حضرت نے
مرض الموت مین یہ حدیث فرمائی اور پانچ دن اونسے امامت کروائی چنانچہ اسکا مفصل قصہ دوسرے باب مین گذرا جو عہدہ حضرت کو خاص تہا یعنی امامت کا سو اپنے حیات مین ابوبکر
صدیق رضہ کو دیا اسمین صاف اشارہ ہی خلافت کا گویا حضرت نے اونکو اپنا ولی عہد کیا **خ** اِبْنُ عَبَّاسٍ مُرُوْهُ فَلْيَتَكَلَّمْ وَلْيَسْتَظِلَّ وَلْيَقْعُدْ وَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ يَعْنِيْ اَبَا
اِسْرَائِيْلَ بخاری مین عبد اللہ بن عباس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اوس سے کہہ دو کہ بولے اور اپنے اوپر سایہ کرے اور بیٹھے اور اپنا روزہ تمام کرے **ف** حضرت نے ایک شخص کو دیکہا کہ دہوپ
مین کہڑا ہی اسکا سبب پوچہا لوگون نے کہا کہ یہ ابو اسرائیل ہی اسنے نذر مانی ہی کہ روزہ رکہے دہوپ مین کہڑا رہے اور کسی سے کلام نہ کرے تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی روزہ عبادت تہا اوسکی
اجازت دی اور نہ بولنا اور دہوپ مین کہڑا ہونا عبادت نتہا اسواسطے منع فرمایا معلوم ہوا کہ غیر مشروع نذر کا ادا کرنا نچاہیئے **م** اِبْنُ عُمَرَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيَدَعْهَا حَتّٰى
تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيْضَ حَيْضَةً اُخْرٰى فَاِذَا طَهُرَتْ فَلْيُطَلِّقْهَا قَبْلَ اَنْ يُجَامِعَهَا اَوْ يُمْسِكْهَا فَاِنَّهَا الْعِدَّةُ الَّتِيْ اَمَرَ اللّٰهُ اَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ
مسلم مین عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اوس سے کہہ دے کہ اپنی جورو سے رجعت کرے یعنی طلاق کو باطل کرکے پہر اوسکو اپنی جورو بناوے پہر اوسکو حیض سے پاک ہونے دے
پہر دوسرا حیض اوسکو آوے پہر جب دوسرے حیض سے پاک ہو تو صحبت سے پہلے چاہے اوسکو طلاق دیوے یا اوسکو اپنے گہر مین رکہے سو مقرر یہی عدت ہی جسکا خدا نے حکم کیا ہی
عورتون کی طلاق مین ہوا کرے **ف** عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہی کہ مینے اپنی جورو کو حیض مین طلاق دی عمر فاروق رضہ نے یہ حال حضرت سے کہا حضرت خفا ہوئے پہر یہ حدیث فرمائی
اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حیض مین طلاق دینا بالاتفاق مکروہ ہی اسکو فقہا طلاق بدعی کہتے ہین سنت یہ ہی کہ جب عورت حیض سے پاک ہو تو بدون صحبت کئے اوسکو طلاق دیوے **ق**

لوٹانے مین ہلایا اور اون مشکون سے پانی ڈالنا شروع کیا یہانتک کہ حضرت نے اشارہ کیا کہ بس حضرت باہر نکلے اور نماز پڑھائی اور خطبہ پڑھا معلوم ہوا کہ حضرت کی بیماری مین گرمی کی کمال شدت تھی یہ زہر کا اثر تھا جو خیبر مین یہودی عورت نے دیا تھا **ق** اَنَسٌ يَسِّرُوا وَلَا تُعَسِّرُوا وَسَكِّنُوا وَلَا تُنَفِّرُوا بخاری اور مسلم مین انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لوگون سے نرمی اور آسانی کرو اور سختی نہ کرو اور تسکین اور دلاسا دو اور نہ بھگاؤ **ف** یعنے نرمی چاہئے تاکہ لوگ دین سیکھین بدخلقی اور سختی لازم نہین کہ لوگ وحشت کرین

الباب العاشر

یہ دسوان باب ہے اسکی اول مین حدیثین ہین جنکے سر پر لام تاکید ہے **ھ** عُمَرُ لَأُخْرِجَنَّ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى مِنْ جَزِيرَةِ الْعَرَبِ حَتَّى لَا أَدَعَ فِيهَا إِلَّا مُسْلِمًا مسلم مین عمر فاروق رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین مقرر نکال دونگا یہودی و نصاری کو عرب کے ٹاپو سے یہانتک کہ سوا مسلمان کے اوسمین کسیکو نہ چھوڑونگا **ف** عرب مبدا اسلام ہے تو حکمت یہی تھی کہ وہان سوا مسلمانونکے کوئی نرہے چنانچہ فاروق اعظم نے بموجب اس حدیث کے یہود کو خیبر وغیرہ سے نکالا اور شام مین رکھا **ق** سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَى يَدَيْهِ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ يَعْنِي عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ **قاله** يوم خيبر بخاری و مسلم مین سہل بن سعد رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر مین کل علم دونگا اوس مرد کو جسکے ہاتھون پر خدا فتح کریگا وہ خدا اور رسول کو چاہتا ہے و خدا اور رسول اوسکو چاہتے ہین یعنے علی مرتضے کو یہ حضرت نے جنگ خیبر کے دن فرمایا **ف** جنگ خیبر مین حضرت نے جب یہ فرمایا تو رات کو اسکا چرچا کیا کئی کہ دیکھئے یہ دولت کسکو نصیب ہو صبح کے وقت حضرت کے خدمت مین اصحاب حاضر ہوے ہر ایک شخص اسکا امیدوار تھا سو حضرت نے فرمایا کہ علی مرتضے رضہ کہان ہین لوگون نے کہا کہ یا حضرت اونکے آنکھین اٹھی ہین حضرت نے اونکو بلایا اور لب مبارک اونکی آنکھ پر لگائی اوسیوقت صحت ہو گئی پھر حضرت نے اونکو علم دیا خدا نے اونکے ہاتھ پر فتح نصیب کی اس حدیث سے علی مرتضے رضہ کی بڑی عمدہ فضیلت ثابت ہوئی **خم** اَبُو سَعِيدِ بْنُ الْمُعَلَّى لَأُعَلِّمَنَّكَ سُورَةً هِيَ أَعْظَمُ السُّوَرِ فِي الْقُرْآنِ **قاله** وله بخاری مین ابو سعید بن معلی رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ البتہ مین تجھکو ایک سورت سکھلاؤنگا جو قرآن کے سب سورتون سے بزرگ اور افضل ہے **ف** مراد سورۂ فاتحہ ہے چنانچہ ساتوین باب مین گذر چکا **م** اَبُو هُرَيْرَةَ لَأَنْ أَقُولَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سبحان اللہ اور الحمد للہ اور لا الہ الا اللہ کا کہنا میرے نزدیک سارے دنیا سے زیادہ پیارا ہے جسپر آفتاب کی چمک تی ہے **ھ** الزُّبَيْرُ لَأَنْ يَأْخُذَ أَحَدُكُمْ حَبْلَهُ ثُمَّ يَأْتِيَ الْجَبَلَ فَيَأْتِيَ بِحُزْمَةٍ مِنْ حَطَبٍ عَلَى ظَهْرِهِ فَيَبِيعَهَا فَيَكُفَّ اللّٰهُ بِهَا وَجْهَهُ وَفِي رِوَايَةٍ فَيَسْتَغْنِيَ بِثَمَنِهَا خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَسْأَلَ النَّاسَ أَعْطَوْهُ أَوْ مَنَعُوهُ مسلم مین زبیر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر کوئی اپنی رسیان لیوے پھر پہاڑ مین جاوے سو اپنی پیٹھ پر لکڑیون کا گٹھا لاوے پھر اوسکو بیچے تاکہ خدا اوسکے سبب سے اوسکی آبرو رکھے اور دوسری روایت ہے کہ اوسکے قیمت سے اپنا کام چلاوے تو یہ اوسکی حق مین لوگونکے سوال کرنے سے بہتر ہے وے اوسکو دیوین یا نہ دیوین **ف** یعنے لکڑیان بیچ کھانا سوال سے بہتر ہے اسواسطے کہ سوال مین ایک تو ذلت ہے دوسری حصول مطلب کا یقین نہین ملے یا نہ ملے **ھ** اَبُو هُرَيْرَةَ لَأَنْ يَجْلِسَ أَحَدُكُمْ عَلَى جَمْرَةٍ فَتُحْرِقَ ثِيَابَهُ فَتَخْلُصَ إِلَى جِلْدِهِ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَجْلِسَ عَلَى قَبْرٍ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ آدمی کا بیٹھنا چنگاری پر کہ اوسکا کپڑا جلا کر کھال کو لگی یہ بہتر ہے اوسکے حق مین قبر پر بیٹھنے سے **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قبر پر بیٹھنا یا قبرون پر چلنا پھرنا سخت گناہ ہے **ھ** اَبُو هُرَيْرَةَ وَسَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ لَأَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ أَحَدِكُمْ قَيْحًا حَتَّى يَرِيَهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِئَ شِعْرًا مسلم مین ابوہریرہ و سعد بن ابی وقاص رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ آدمی کا پیٹ بھرنا پیپ سے یہانتک کہ اوسکے پھیپھڑی تک پہنچے یہ اوسکے حق مین بہتر ہے پیٹ کو شعر کے بھرنے سے **ف** یعنے شعر گوئی یا شعر خوانی کا شغل غالب رکھنا اور قرآن اور علوم شرعی پر کم متوجہ ہونا سخت قبیح ہے اسواسطے کہ اکثر اشعار ہجو بیہودہ او ہجو مذموم اور مبالغہ سے خالی نہین تو شعر گوئی اور شعر خوانی گویا کذب و افترا پردازی کی ورزش ہے اور پریشان خاطری تو لازم وقت ہے کہ تلاش مضمون تازہ مین شاعرونکو کیا کیا کوہ چاہنے پڑتے ہین لیکن اگر گاہ گاہ شعر سخن سے دل لگاوے مگر اکثر اوقات علوم دین مین صرف کرے تو منع نہین کہ حضرت نے بھی اشعار گاہ گاہ سنے ہین لیکن جو مضمون کے **ق** اِبْنُ عَبَّاسٍ لَأَنْ يَمْنَحَ الرَّجُلُ أَخَاهُ أَرْضَهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَأْخُذَ عَلَيْهَا خَرْجًا مَعْلُومًا بخاری و مسلم مین عبد اللہ بن عباس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مفت دینا مرد کا اپنی زمین اپنے بھائی مسلمان کو بہتر ہے اوسکے حق مین اوس سے معین محصول لینے سے **ف** باب اول مین زمین کی محصول لینے کا مسئلہ مذکور ہو چکا **خ** سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ لَأَنْ يَهْدِيَ اللّٰهُ بِكَ رَجُلًا وَاحِدًا خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ يَكُونَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ بخاری مین سہل بن سعد رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کا ہدایت کرنا ایک مرد کو تیرے سبب سے تیرے واسطے بہتر ہے تجھکو سرخ اونٹ ملنے سے **ف** عرب کے نزدیک سرخ اونٹ عمدہ مال ہے یعنے تیرے سبب سے اگر ایک آدمی مسلمان ہووے تو یہ دنیا کے مال سے بہتر ہے اسواسطے کہ ثواب کو بقا اور دنیا کو فنا ہے حضرت نے علی مرتضے رضہ سے فرمایا جب اونکو جنگ خیبر مین علم دیا تھا **م** اَبُو هُرَيْرَةَ لَتُؤَدُّنَّ الْحُقُوقَ إِلَى أَهْلِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتَّى يُقَادَ لِلشَّاةِ الْجَلْحَاءِ مِنَ الشَّاةِ الْقَرْنَاءِ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر حقدارون کو حق ادا کیے جاوینگے قیامت کے دن یہانتک کہ بدلا لیا جاویگا منڈی بکری کا سینگ دار بکری سے **ف** یعنے ظلم اور حق تلفی سے بچو کہ قیامت مین انصاف ہوگا آدمی تو کیا

بخاری و مسلم میں عبداللہ بن مسعود رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حق تعالے اپنے ایماندار بندہ کی توبہ کرنے سے اوس شخص سے بھی زیادہ فرحت ناک ہوتا ہے جو چٹیل میدان ہلاکت کے مکان میں اترا
اوسکی سواری تھی جس پر اوسکا کھانا اور پانی تھا سو اوس نے اپنے سر کو زمین پر رکھا پھر ایک نیند سو کر اس حال میں جاگا کہ اوسکی سواری جا چکی تھی سو اوسنے اوسکی تلاش کی یہانتک کہ
جب اوسے سخت گرمی اور پیاس وغیرہ کی شدت ہوئی اوسنے کہا اپنی اوسی جگہ چلوں جس مکان میں تھا سو وہیں سو رہوں تا اینکہ مرجاؤں سو اوسنے اپنا سر اپنے کلائی پر رکھا تا کہ مرجاوے پھر
جاگ پڑا تو کیا دیکھتا ہے کہ اوسکی سواری موجود ہے اوسپر اوسکا زاد راہ اور پانی ہے تو حق تعالی اپنے مومن بندہ کی توبہ کی سبب اس مرد سے بھی زیادہ تر خوش ہوتا ہے جو اپنی سواری
اور زاد راہ پاکر خوش ہو گیا ف یعنے مومن کی توبہ سے کمال رضاے الہی حاصل ہوتی ہے اسواسطے کہ توبہ سے گناہ مٹ جاتے ہیں بندہ عذاب سے بچ جاتا ہے خ ابو ھریرۃ لیاتین علی
الناس زمان لا یبالی المرء بما اخذ المال امن حلال ام من حرام بخاری میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر لوگوں پر ایسا زمانہ آویگا کہ آدمی کچھ پروا نکریگا
کہ اوسنے کہانسے مال کو لیا حلال یا حرام سے ف یعنے بے دینی رائج ہوگی مال حاصل کرنے میں شدت حرص اور ضعف ایمان کے سبب سے حلال اور حرام کی کچھ تمیز باقی نرہیگی خواہ رشوت سے ملے
خواہ چوری سے خواہ خرچ خواہ سودخوری خواہ ظلم خواہ دغابازی سے چنانچہ ہمارے زمانہ کا حال ہے کہ جسطرح پانی ہیں سمیٹتے ہیں گویا موت اور قیامت سے خبر نہیں م ابو ھریرۃ
لیاتین علی الناس زمان لا یدری القاتل فی ای شیء قتل ولا المقتول علی ای شیء قتل روایت ہے مسلم میں ابو ہریرہ رض سے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر لوگوں پر ایک زمانہ آویگا کہ نجانیگا
قاتل کہ کس بات میں اوسنے قتل کیا اور نہ مقتول جانیگا کہ کس بات پر مارا گیا ف یعنے ایسا زمانہ بگڑیگا کہ بے سبب اور بے وجہ خونریزی ہوگی ایسا تر گناہ لوگونکو آسان معلوم ہوگا چنانچہ
خانہ جنگی اکثر بے سبب ہو جاتی ہے دہلی اور لکھنو کی بانکوں میں صرف آنکھ ملانے پر تلوار چلتی ہے آدمی کی جان کو چیونٹی برابر بھی نہیں جانتے گویا بھائی انسان کو بنانہیں جو ناحق حلال کرتا ہیں خ ابو سعید
لیحجن البیت ولیعتمرن بعد خروج یاجوج وماجوج بخاری میں ابو سعید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر کعبے کا حج اور عمرہ ہوا کریگا یاجوج ماجوج کے نکلنے کے بعد ف معلوم ہو
کہ یاجوج ماجوج کی ہلاکی کے بعد اسلام قائم رہیگا حج اور عمرہ ادا ہوگا بعضے علما نے لکھا ہے کہ اون کی ہلاکت ہونیکے بعد بیس سن تک آدمیوں کا قیام رہیگا واللہ اعلم ق سھل بن سعد
لیدخلن الجنۃ من امتی سبعون الفا او سبعمائۃ الف اشک من ابی حازم متماسکون اخذ بعضھم بعضا لا یدخل اولھم حتی یدخل اخرھم
وجوھھم علی صورۃ القمر لیلۃ البدر بخاری و مسلم میں سہل بن سعد رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر بہشت میں داخل ہونگے میری امت سے ستر ہزار یا یون فرمایا کہ ستر
لاکھ یہ شک ابو حازم تابعی کو پڑا ہے جو اس حدیث کا ایک راوی ہے حضرت نے فرمایا وے لوگ بہشت میں جاوینگے ملے ہوئے ایک دوسرے کو تھامے ہوے انکے اگلے نہ داخل ہونگے جبتک کہ انکے پچھلے
نہ داخل ہونگے یعنے ایک قطار ہو کر برابر یکبارگی اندر جاوینگے اونکے چہرے چودھویں رات کے چاند کی صورت پر ہونگے ق ابن مسعود لیرفعن الی رجال منکم حتی اذا
اھویت لاناولھم اختلجوا دونی فاقول ای رب اصحابی فیقال انک لا تدری ما احدثوا بعدک بخاری و مسلم میں عبداللہ بن مسعود
رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میرے سامنے لائے جاوینگے تم میں سے چند لوگ یہانتک کہ جب میں اونکے طرف جھکونگا کہ حوض کوثر کا پانی انکو دوں تو وے لوگ میرے پاس سے ہٹائے جاوینگے
تو میں کہونگا کہ اے میرے رب یے تو میرے ساتھی ہیں تو حکم ہوگا تو نہیں جانتا کہ انہوں نے تیرے بعد کیا بدعتیں نکالیں ف عرب کے چند گروہ تو مسلم حضرت کے بعد مرتد ہو گئے تھے جنکو صدیق
اکبر نے قتل کیا اور لوگ بدعتی مراد ہیں خ لیصیبن اقواما سفع من النار بذنوب اصابوھا عقوبۃ ثم یدخلھم اللہ الجنۃ بفضل رحمتہ
فیقال لھم الجھنمیون بخاری میں انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا چند لوگونکو سوختگی دوزخ کا اثر لگ جاویگا گناہوں کے سبب سے جو اونسے ہو گئے عذاب ہوگا اونکا
بدلا پھر خدا اونکو بہشت میں داخل کریگا اپنے مزید رحمت سے سو اونکا لقب جہنمی ہوگا ف نوادر الاصول میں روایت ہے کہ یے لوگ جناب الہی میں عرض کرینگے کہ الہی جیسے تو نے
اپنے کرم سے ہمکو دوزخ سے نکالا ویسے ہی یہ لقب بھی دور کر دے تو حق تعالی ایک فرشتے کو بھیجے گا وہ اونکے ماتھوں سے اس لقب کو مٹا دیگا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسلمان بدکار بعضے
دوزخ میں رہینگے ایمان کی برکت سے آخر کو نجات پاوینگے م ابو ھریرۃ لینتھین اقوام عن رفعھم ابصارھم عند الدعاء فی الصلوۃ الی السماء او
لتخطفن ابصارھم مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا مقرر باز رہیں لوگ اپنے آنکھ اٹھانے سے نماز میں دعا کے وقت آسمان کی طرف نہیں تو اونکے نظریں سلب
ہو جاوینگے ف نماز میں دعا کے وقت آسمان کیطرف آنکھ اٹھانا درست نہیں اسواسطے کہ حق تعالے مکان سے پاک ہے م ابو ھریرۃ لینتھین اقوام عن
ودعھم الجمعات او لیختمن اللہ علی قلوبھم ثم لیکونن من الغافلین مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ضرور باز رہیں لوگ جمعہ چھوڑنے سے
نہیں تو خدا اونکے دلوں پر مہر کر دیگا پھر بیشک وے غافلوں میں ہو جاوینگے ف یعنے جمعہ چھوڑنیکی یہ سزا ہے کہ دل پر غفلت کی مہر ہو جاتی ہے اور جب غفلت ہوئی تو رحمت الہی سے دور
پڑا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جمعہ کی نماز فرض ہے بدون شرعی عذر کے اوسکا ترک کرنا ہرگز درست نہیں م ابو ھریرۃ لیھلن ابن مریم بفج الروحاء حاجا او معتمرا
او لیثنینھما مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر لبیک کہیگا عیسے بن مریم روحا کی راہ میں خواہ حج کرتے خواہ عمرہ کرتے یا عمرہ اور حج ساتھ کریگا ف
اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قیامت کے قریب جب حضرت عیسی علیہ السلام آسمان سے اترینگے تو شریعت محمدی پر عمل کرینگے اور کعبے کا حج یا عمرہ کرینگے روحا ایک مقام کا نام ہے

فصل ۱ انواع شتی

ق ابو ھریرۃ آیۃ المنافق ثلث اذا حدث کذب واذا وعد

سختی گذرتی ہے پھر موقوف ہو جاتی ہے جب کہ میں یاد کر لیتا ہوں اور کبھی میرے پاس فرشتہ مرد کی صورت بنکے آتا ہے سو مجھ سے کلام کرتا ہے تو میں یاد کر لیتا ہوں جو کچھ مجھ سے کہتا ہے حضرت نے
اوسوقت فرمایا جب حارث بن ہشام نے حضرت سے پوچھا کہ آپکو وحی کسطرح آتی ہے ف بخاری میں حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت کو دیکھا کہ کڑکتے جاڑے میں وحی آتی کہ
حضرت کے پیشانی سے پسینہ بہتے نکلتا تہا ھ ابن مسعود إذنك علي أن ترفع الحجاب وتستمع سوادي حتى أنهاك م ل ه مسلم میں عبد اللہ بن مسعود
رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تجھکو اجازت ہے میرے پاس آنیکی یہی کہ تو پردہ اٹھا دے اور میری بھید کی باتیں سنے جب تک میں تجھکو منع کروں یہ حضرت نے عبد اللہ بن مسعود سے فرمایا ف عبد اللہ بن مسعود حضرت کے
خادم تہے جب قرآن میں حکم ہوا کہ حضرت کے گہر میں بے اجازت نہ آویں تب حضرت نے عبد اللہ سے یہہ حدیث فرمائی یعنے تجھکو بار بار اجازت مانگنی حاجت نہیں کام خدمت میں ہرج ہوگا تیرا اندر آنا اور
میرا منع نہ کرنا یہی دلیل ہے اجازت کی اور جب کہ میں تجھکو منع کروں اوسوقت آنا درست نہیں خ ابو ایوب ان اعرابیا عرض له ق تعبد الله ولا تشرك به شيئا وتقيم
الصلوة وتوتي الزكوة وتصل الرحم دع الناقة ق ل ه كان آخذا بخطام ناقته فقال يا رسول الله دلني على عمل يدنيني من
الجنة ويباعدني من النار ص بخاری میں ابو ایوب رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے جنگلی آدمی کو فرمایا کہ جو کچھ اسکو ہوا ہے ل بخاری و مسلم دونوں میں متفق
یون روایت ہے کہ تو عبادت کرے خدا کی اور اوسکی ساتہہ کسیکو شریک نہ کرے اور نماز کو قائم رکہے اور زکوة دیا کرے اور برادری کا حق ادا کرے چہوڑ دے میری اونٹنی کو حضرت نے اوس جنگلی آدمی سے
فرمایا جسنے حضرت کی اونٹنی کی مہار پکڑکے کہا کہ یا رسول اللہ مجھکو وہ عمل بتلائیے جو بہشت سے مجھکو قریب کر دیوے اور دوزخ سے مجھکو دور ڈالے ف حضرت کو اوسکے سوال سے
تعجب آیا کہ احکام اسلام کی ظاہر ہو چکی صریح بات کو اس دلیری سے کیوں پوچھتا ہے پھر فرمایا کہ توحید اور نماز اور زکوة اور برادری پروری سے بہشت کا قرب اور دوزخ سے دوری حاصل ہوتی ہے
ھ ابو هريرة اسلم سالمها الله وغفار غفر الله لها اما اني لم اقلها ولكن الله قالها وفي رواية خفاف بن ايماء غفار غفر الله لها واسلم
سالمها الله وعصية عصت الله ورسوله اللهم العن بني لحيان والعن رعلا وذكوان مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اسلم سے خدا صلح
ہوا اور غفار کو خدا نے بخشا خبردار رہو کہ میں نے یہ کلام نہیں کہا ولیکن خدا نے کہا ہے یعنے بحکم خدا میں نے یہ کہا اور خفاف بن ایماء کی روایت میں یون ہے کہ غفار کو خدا نے بخشا اور اسلم سے خدا راضی
ہوا اور عصیہ نے خدا اور رسول کی نافرمانی کی الہی لعنت کر بنی لحیان پر اور لعنت کر رعل اور ذکوان پر ف اسلم اور غفار دو قوم تہی بے لڑے ایمان لائے حضرت نے اونکے واسطے بشارت اور
دعا دی اور عصیہ اور بنی لحیان اور رعل اور ذکوان چار قوم تہے اونہوں نے حضرت کے اصحاب کو دغا سے قتل کیا اسواسطے حضرت نے اونکو بد دعا دی ھ ابو هريرة اكل كل ذي ناب من
السباع حرام مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سب نکیلی دانت والے درندے جانوروں کا کہانا حرام ہے ف یعنے جس جانور کی نوک دار دانت ہوں اور وہ درندہ ہی
ہو یعنے دوسرے جانور کو چیر پہاڑ کے کہاتا ہو سو حرام ہے جیسے شیر اور چیتا اور بہیڑیا اور کتا اور بلی اور لومڑی اور گیدڑ وغیرہ اور یہی مذہب ہے امام اعظم اور امام شافعی اور امام احمد کا
لیکن امام مالک کے مذہب میں دو روایتیں ہیں ایک حرمت کی دوسری کراہت کی اور جسکے نوک دار دانت ہوں لیکن درندہ نہو جیسے اونٹ سو حلال ہے ھ عبد الله بن زمعة
الام يجلد احدكم امرأته جلد العبد ولعله يضاجعها من آخر يومها مسلم میں عبد اللہ بن زمعہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی شخص اپنی جورو کو
غلام کیطرح کب تلک اور کسواسطے کوڑے ماریگا اور شاید کہ وہی شخص اوسی دن کے اخیر میں اوسکو اپنے پاس سلاویگا ف یعنے شرم اور عقل مناسب نہیں کہ جسکو اپنے
پاس سلائے اوسکو ایسی سخت مار مارنی صبح کو مارا اور شام کو پاس لٹانا آدمیت سے بعید ہے ھ عبد الله بن زمعة الام يضحك احدكم مما يفعل مسلم میں عبد اللہ
بن زمعہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اوس کب تک ہنسیگا آدمی جس چیز کو خود کرتا ہے ف ایک شخص نے گوز کیا دوسرا ہنسا تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنے جو خود
بہی اوسپر کیا ہنسے معلوم ہوا کہ گوز پر ہنسنا درست نہیں کہ بے ادبی ہے اور دوسرے کو شرمندگی ھ ابو حميد الساعدي الا خمرته ولو ان تعرض عليه
عودا ق ل ه حين اتاه بقدح من لبن مسلم میں ابو حمید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو نے اوسکو کیوں نہ ڈہک دیا اگرچہ اوسپر ایک آڑی لکڑی ہی
رکہہ دیتا یہ حضرت نے ابو حمید سے فرمایا جب وہ حضرت پاس دودہ کا پیالہ لایا ف حضرت نے یہہ ادب سکہلایا کہ برتن کو کہلا رکہنا نہ چاہئے کہ
کوئی چیز اوسمیں نگرے اگرچہ کچھہ نہ ملے تو اوسپر لکڑی کو رکہہ دیوے ق ابو هريرة امتي الغر المحجلون يوم القيامة من آثار الوضوء بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ
رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میری امت کی منہہ اور ہاتہہ اور پاؤں روشن ہونگے قیامت کے دن وضو کے اثر سے ف یعنے جس جس مقام پر وضو کا پانی لگتا ہے سو
قیامت میں روشن ہو جاویگا ق البراء بن عازب انت اخونا ومولانا ق ل ه لزيد بن حارثة بخاری اور مسلم میں براء بن عازب رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے زید بن حارثہ
سے فرمایا کہ تو ہمارا بہائی اور ہمارا آزاد کردہ ہے خ عروة بن الزبير انت اخي في دين الله وكتابه وهي لي حلال ق ل ه لابي بكر لما خطب عائشة
فقال له ابو بكر انما انا اخوك كذا وقع مرسلا وهو من حديث عائشة عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم بخاری میں عروہ بن زبیر رضہ سے روایت
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو میرا بہائی ہے خدا کی دین اور خدا کی کتاب میں اور وہ یعنے عائشہ مجھکو حلال ہے یہ حضرت نے ابی بکر صدیق رضہ سے فرمایا جب کہ اپنے ساتہہ حضرت عائشہ رضہ کے
نکاح کا پیغام دیا تو ابی بکر صدیق رضہ نے کہا کہ میں تو آپکا بہائی ہوں [illegible]

مِنْکَ **قَالَہٗ** لِعَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ بخاری اور مسلم میں براء بن عازب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا علی مرتضے رضہ کو کہ تو میرا ہی ہے میں تیرا ہوں **ف** یعنی کمال اتحاد اور بے تکلفی ہے اس حدیث سے
کمال قرب اور فضیلت مرتضی ثابت ہوئی **م** اَنَسٌ اَنْتِ هِيَه لَقَدْ كَبِرْتِ لَا كَبِرَ سِنُّكِ **قَالَہٗ** لِيَتِيمَةٍ كَانَتْ عِنْدَ اُمِّ سُلَيْمٍ اُمِّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ مسلم میں
انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو وہی ہے البتہ تو بڑی ہوگئی تو عمر دراز نہو جو یہ حضرت نے اوس یتیم لڑکی سے فرمایا جو ام سلیم انس کی ماں کے پاس رہتی تہی **ف** یہ حضرت نے خوش طبعی سے
فرمایا بددعا دینا منظور نہ تہا چنانچہ اسکا مفصل بیان پانچویں باب میں ہوچکا **م** اِبْنُ مَسْعُودٍ اَوَّلُ مَا يُقْضٰى بَيْنَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِي الدِّمَاءِ مسلم میں عبد اللہ بن مسعود رضہ
سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اول فیصلہ آدمیوں کے درمیان قیامت کے دن خونوں میں ہوگا **ف** معلوم ہوا کہ ناحق خون کرنا خدا کو نہایت ناپسند ہے اور ایسا سخت گناہ ہے کہ قیامت میں
پہلے خون ریزی کی تقصیر کا رجوع ہو کر فیصلہ ہونگے عبادات میں اول نماز سے سوال ہوگا اور معاملات میں خون کا فیصلہ ہوگا **ق** اَبُو سَعِيدٍ اَوَّهْ عَيْنُ الرِّبٰوا لَا تَفْعَلْ وَلٰكِنْ اِذَا اَرَدْتَ
اَنْ تَشْتَرِيَ التَّمْرَ فَبِعْهُ بِبَيْعٍ اٰخَرَ ثُمَّ اشْتَرِ بِهٖ **قَالَہٗ** لِبِلَالٍ حِيْنَ جَاءَهٗ بِتَمْرٍ بَرْنِيٍّ وَقَالَ كَانَ عِنْدَنَا تَمْرٌ رَدِيٌّ فَبِعْتُ مِنْهُ صَاعَيْنِ بِصَاعٍ لِنُطْعِمَ
النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَفِي رِوَايَةِ الْبُخَارِيِّ اَوَّهْ اَوَّهْ مَرَّتَيْنِ بخاری اور مسلم میں ابو سعید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ واہ یہ تو عین سود ہی ہے ایسا نکیا
کرو لیکن جب کہ تو عمدہ خرما خریدا چاہے تو ناکارہ خرموں کو بیچ کے دوسری بیع پہر اوسکی قیمت سے عمدہ خرما مول لیا کر یہ حضرت نے بلال رضہ سے فرمایا جب کہ وہ حضرت کے پاس عمدہ قسم کا
خرما لائے جسکو عرب برنی کہتے ہیں اور بلال رضہ نے کہا کہ ہمارے پاس ناکارہ خرمے تہے سو میں نے اونکے دو صاع ایک صاع سے بیچے حضرت کے کہانیکے واسطے اور بخاری کی روایت میں یوں ہے کہ
حضرت نے دوبارہ واہ واہ فرمایا **ف** یعنی ایک جنس کو زیادہ اور کم کر کے بیچنا اور بدلنا اسی کا نام سود ہے بلکہ ناکارہ چیز کو عمدہ چیز سے بدلا چاہے تو اوسکی یہ تدبیر ہے کہ ناکارہ کو
بیچ ڈالے پہر اوسکی قیمت سے عمدہ چیز کو مول لیوے کہ یہ بیاج نہیں اسواسطے کہ جنس بدل گئی اس صورت میں زیادتی کمی کا کچھ مضائقہ نہیں **م** نُبَيْشَةُ الْهُذَلِيُّ اَيَّامُ
التَّشْرِيقِ اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ وَذِكْرِ اللّٰہِ مسلم میں نبیشہ سے روایت ہے کہ ایام تشریق کے کہانے پینے اور یاد الٰہی کے دن ہیں **ف** عید قربانی کے بعد تین دن
کو یعنی گیارہویں بارہویں تیرہویں کو ایام تشریق کہتے ہیں یہ دن ہیں کہانے پینے کے انہیں روزہ رکہنا درست نہیں سال میں پانچ دن روزہ رکہنا حرام ہے عید الفطر
و عید الضحی اور ایام تشریق میں **ق** عَائِشَةُ اَيْنَ اَنَا غَدًا اَيْنَ اَنَا غَدًا **قَالَہٗ** فِي مَرَضِهِ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيْهِ بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میں کل کہاں ہونگا میں کل کہاں ہونگا یہ حضرت نے اس بیماری میں فرمایا جسمیں انتقال ہوا **ف** حضرت کا دستور تہا کہ ایک ایک دن سب
بی بیوں کے گہر رہتے ولیکن حضرت عائشہ کو سب سے زیادہ چاہتے تہے جب مرض الموت میں بیمار ہوئے تب یہ حدیث فرمائی یعنی کل کس بی بی کی باری ہوگی اس کلام سے سب بیبیاں سمجہ گئیں کہ
حضرت دل سے یہی چاہتے ہیں کہ حضرت عائشہ کے گہر میں رہیں سب نے خوشی سے اجازت دی کہ آپ عائشہ کے گہر میں رہیں ہمنے اپنی باری معاف کی حضرت نہایت خوش ہوگئے
پہر وہیں رہے وہیں انتقال کیا اور وہیں دفن ہوئے اس حدیث سے بڑی فضیلت حضرت عائشہ رضہ کی ثابت ہوئی **م** اَبُو قَتَادَةَ بُؤْسَ ابْنِ سُمَيَّةَ تَقْتُلُكَ فِئَةٌ
بَاغِيَةٌ مسلم میں ابو قتادہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای سمیہ کے بیٹے مجہکو تیری سختی ہوتا ہے تجہکو باغی گروہ قتل کریگا **ف** عمار کے ماں کا نام سمیہ تہا عمار علی
مرتضے رضہ کے رفیق تہے جب معاویہ اور علی مرتضے رضہ کی لڑائی ہوئی تب عمار شہید ہوئے اس حدیث سے ثابت ہوا کہ امام برحق علی مرتضے رضہ تہے اور معاویہ کا لشکر باغی تہا
م بِحَسْبِ الْمُؤْمِنِ كَذِبًا اَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ مسلم میں عبد اللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایماندار کو اتنا جہوٹہ کفایت
کرتا ہے کہ جو بات سنے اوسکو کہنے لگے **ف** یعنی جہوٹہ صرف اسی چیز کا نام نہیں کہ اپنے طرف سے بات بناوے اور جہوٹہ باندھے بلکہ یہ بھی جہوٹہ میں داخل ہے کہ جو خبر سنے بدون
تحقیق کئے اوسکو کہنے لگے اسواسطے کہ اکثر اخبار جہوٹہ مشہور ہوجاتی ہیں تو مومن عاقل کو اوسکی تحقیق لازم ہے بے تحقیق کسی بات کو زبان سے نہ نکالے اسیواسطے علماء اہل حدیث نے
بڑی محنت کی ہے اور خوب جانچ کر صحیح اور ضعیف اور موضوع جدا کر دیا ہے خدا تعالی اونکے درجے بلند کرے تو عاقل مسلمانکو لازم ہے کہ جو کبہی کسی
حدیث کو کسی کتاب میں دیکہے تو اوسکو نہ مانے جبتک کہ معتبر حدیث کی معتبر کتابوں میں اوسکی سند نہ پاوے **ق** اَنَسٌ بَخٍ ذٰلِكَ مَالٌ رَابِحٌ بَخٍ ذٰلِكَ مَالٌ رَابِحٌ وَقَدْ
سَمِعْتُ مَا قُلْتَ وَاِنِّي اَرٰى اَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْاَقْرَبِيْنَ **قَالَہٗ** لِاَبِي طَلْحَةَ بخاری اور مسلم میں انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ شاباش یہ مال تو فائدہ
دینے والا ہے شاباش یہ مال تو فائدہ دینے والا ہی اور میں نے سنا جو تو نے کہا اور مجہکو یہ بہتر معلوم ہوتا ہے کہ تو اوسکو اپنے قرابت والوں میں تقسیم کر دے یہ حضرت نے ابو طلحہ سے فرمایا
ف قرآن میں جب اس مضمون کی آیت اوتری کہ نیکوکاری نہ حاصل کر سکوگے جبتک اپنے پسندیدہ اور محبوب مال کو راہ خدا میں نہ خرچ کروگے تو ابو طلحہ انصاری نے کہا کہ خدا یوں فرماتا ہے
اور تمام مال سے مجہکو وہ باغ بہت پیارا ہے جسکا بیرحا نام ہے اوسکو میں نے خدا کی راہ میں دیا سو یا حضرت آپ اوسکو جہاں مناسب سمجہئے وہاں دیجئے اور جسکو مناسب دیکہئے اوسکو دیجئے
تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی حضرت نہایت خوش ہوئے اور تعریف کی پہر ابو طلحہ نے وہ باغ اپنے رشتہ داروں کو دلایا معلوم ہوا کہ خیرات دینے میں غیروں کی نسبت رشتہ دار لوگ مقدم ہیں
یہ باغ مدینہ میں نہایت عمدہ تہا حضرت کے مسجد کے سامنے تہا اور اوسکا پانی نہایت شیرین تہا حضرت اکثر اوسمیں تشریف لیجاتے تہے اور اوسکا پانی پیتے تہے ایمان کامل کی یہی علامت
ہے کہ اپنی پیاری چیز کو راہ خدا میں خرچ کرے **ق** جَابِرٌ يَا كَعْبُ بْنَ عُجْرَةَ الصَّلٰوةُ قُرْبَانٌ ... عَسٰى اَنْ تَصَدَّقَ قَ اَوْ تَفْعَلُ مَعْرُوفًا **قَالَہٗ** لِلْحَالَةِ جَابِرٍ

حضرت نے تعبیر یار فرمایا کہ جو چاہا سو پر یعنی رحب نہیں **ق** عبد اللّٰہ بن سلام تِلْكَ الرَّوْضَةُ رَوْضَةُ الْاِسْلَامِ وَذٰلِكَ الْعَمُوْدُ عَمُوْدُ الْاِسْلَامِ
وَتِلْكَ الْعُرْوَةُ عُرْوَةُ الْوُثْقٰى وَاَنْتَ عَلَى الْاِسْلَامِ حَتّٰى تَمُوْتَ **قال** لَهٗ حِيْنَ قَصَّ رُؤْيَاهُ عَلَيْهِ بخاری اور مسلم میں عبد اللہ بن سلام رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
وہ باغ تو اسلام کا باغ ہے اور وہ ستون اسلام کا ستون ہے اور وہ حلقہ مضبوط حلقہ دین کا ہے اور تو اسلام پر قایم رہیگا مرتے دم تک یہ حضرت نے عبد اللہ بن سلام سے فرمایا جب کہ اونہوں نے اپنا
خواب حضرت سے بیان کیا **ف** خواب میں باغ اور ستون اور حلقہ دیکھا تھا حضرت نے اوسکی تعبیر کہی چنانچہ اسکا مفصل بیان ساتویں باب میں ہو چکا **ق** الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ تِلْكَ الْمَلٰٓئِكَةُ
كَانَتْ تَسْتَمِعُ لَكَ وَلَوْ قَرَأْتَ لَاَصْبَحَتْ يَرَاهَا النَّاسُ مَا تَسْتَتِرُ مِنْهُمْ **قال** لِاُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ حِيْنَ قَرَأَ سُوْرَةَ الْكَهْفِ بِاللَّيْلِ وَعِنْدَهٗ فَرَسٌ مَرْبُوْطٌ
بِشَطَنَيْنِ فَتَغَشَّتْهُ سَحَابَةٌ فَجَعَلَتْ تَدْنُوْ وَتَدْنُوْ وَجَعَلَ فَرَسُهٗ يَنْفِرُ مِنْهَا بخاری و مسلم میں براء بن عازب رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وہ فرشتے تھے
تیرا قرآن پڑھنا سنتے تھے اور اگر تو پڑھے جاتا تو صبح کو لوگ فرشتوں کو دیکھتے فرشتے اون سے نہ چھپتے یہ حضرت نے اسید بن حضیر سے فرمایا جب کہ وے سورۂ کہف پڑھتے تھے اور اونکے پاس گھوڑا
دو رسیون میں بندھا تھا تو اسید کو ایک بدلی نے چھالیا اور اوسمیں چراغ روشن تھے تو دمبدم بدلی قریب ہوتی جاتی تھی اور اونکا گھوڑا اوس سے بھڑکتا تھا **ف** بخاری میں لکھا ہے قصہ
یون ہی کہ اسید بن حضیر کا لڑکا اونکے پاس سوتا تھا گھوڑے کے بھڑکنے سے ڈرے کہ کہیں لڑکا نہ کچل جاوے قرآن پڑھنا موقوف کیا بدلی بھی غائب ہوگئی جب صبح کو یہ حال حضرت سے عرض کیا تب
حضرت نے یہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ قرآن کے سننے کو فرشتے حاضر ہوتے ہیں پر کسیکو نظر نہیں آتے **م** عائشہ تِلْكَ الْكَلِمَةُ مِنَ الْحَقِّ يَخْطَفُهَا الْجِنِّيُّ فَيَقْذِفُهَا فِيْ اُذُنِ وَلِيِّهٖ
فَيَزِيْدُ فِيْهَا مِائَةَ كَذْبَةٍ **قال** لَهَا حِيْنَ قَالَتْ اِنَّ الْكُهَّانَ كَانُوْا يُحَدِّثُوْنَنَا بِالشَّيْءِ فَنَجِدُهٗ حَقًّا مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اس سچی بات کو فرشتوں سے جن بھاگتا ہے اور اوسکو اپنی دوست کے کان میں ڈال دیتا ہے تو وہ اوسمیں سو جھوٹ زیادہ کرتا ہے یہ حضرت نے حضرت عائشہ رض سے کہا جب کہ اونہوں نے کہا کہ کاہن لوگ ہمکو
کسی چیز کی خبر دیتے تھے تو اوسکو ہم سچ پاتے تھے **ف** عرب میں چند لوگ تھے جنون سے راہ رکھتے تھے اون سے دریافت کر کے آیندہ خبریں لوگوں کو بتلاتے تھے دین اسلام میں حکم ہو کہ سوا خدا کے غیب کوئی
نہیں جانتا کاہن جھوٹے ہیں اور حقیقت میں اون سے کچھ دریافت کرنا درست نہیں حضرت عائشہ نے پوچھا کہ یا حضرت اگر کاہن جھوٹے ہیں تو اسکا کیا سبب ہے کہ اونکی بات سچی بھی ہوتی ہے تب حضرت نے یہ
حدیث فرمائی یعنی جو اس عالم میں ہوتا ہے اوسکا حکم فرشتوں کو ہوتا ہے فرشتے اول آسمان پر آپس میں اوسکی گفتگو کرتے ہیں شیطان اور جن چھپکر سن آتے ہیں اور اپنے پوجنے والے دوستوں کو ملاتے
ہیں وے لوگ ایک سچ کی ساتھ سو جھوٹ ملا کر لوگوں سے کہتے ہیں وہی ایک بات تو سچ ہوتی ہے اور باقی واہیات نادان لوگ وہ ایک سچ بات کو دلیل پکڑ کے معتقد ہوتے ہیں اور اونکے اکثر جھوٹ ہوتے ہیں باتونکو اپنی
نادانی و حماقت سے یاد نہیں رکھتے **م** ابن مسعود ذٰلِكَ مَحْضُ الْاِيْمَانِ يَعْنِي الْوَسْوَسَةَ **قال** حِيْنَ سُئِلَ عَنْهَا وَهِيَ مَا يَجِدُ الْاِنْسَانُ فِيْ نَفْسِهٖ مِمَّا يَعْظُمُ
اَنْ يَتَكَلَّمَ بِهٖ وَيُرْوٰى ذٰلِكَ صَرِيْحُ الْاِيْمَانِ رَوَاهُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ تَفَرَّدَ بِهٖ مُسْلِمٌ اَيْضًا مسلم میں عبد اللہ بن مسعود رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اس وسوسے کو برا جاننا تو محض
ایمان ہے یہ حضرت نے اوسوقت فرمایا جب وسوسے کا حضرت سے سوال ہوا وسوسہ اوسکو کہتے ہیں جیسا خیال آدمی اپنی دل میں پاتا ہے اور اوسکے کہنے کو برا جانتا ہے اور دوسری روایت ابو ہریرہ
رض سے یون ہے کہ یہ تو صریح ایمان ہے اس حدیث کو بھی صرف مسلم نے روایت کیا **ف** مشکوۃ میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ چند اصحاب نے حضرت پاس آکر پوچھا کہ یا حضرت ہمارے دلوں میں بہت برے
برے خیال آتے ہیں کہ ہم اونکو زبان پر لانا بڑا گناہ جانتے ہیں تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنی برے خیال کو برا جاننا اور زبان پر نہ لانا ایمان کی نشانی ہے اگر دلمیں ایمان نہ ہوتا تو کون روکتا اور یہ
مطلب نہیں کہ برے خیالات آنا صریح ایمان ہے چنانچہ ابو داؤد میں عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ ایک مرد نے حضرت سے کہا کہ میرے دل میں بعضا ایسا برا خیال آتا ہے کہ اگر میں جل کے کوئلا
ہو جاؤں تو بھی زبان سے نہ نکالوں حضرت نے فرمایا شکر خدا کو جسنے شیطان کا کام وسوسے پر ڈالا یعنی شیطان کافرون سے تو شرک و بت پرستی کرواتا ہے لیکن مومن پر سوا برے خیال ڈالنے کے
اوسکا کچھ زور نہیں چلتا وسوسے کا علاج یہ ہے کہ اوسکی طرف دھیان نکرے اور اللہ سے پناہ مانگے لا حول پڑھے اور لا الٰہ الا اللہ کی کثرت کرے کہ اکسیر ہے **م** رافع بن خدیج ثَمَنُ
الْكَلْبِ خَبِيْثٌ وَمَهْرُ الْبَغِيِّ خَبِيْثٌ وَكَسْبُ الْحَجَّامِ خَبِيْثٌ مسلم میں رافع بن خدیج رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قیمت کتے کی حرام ہے اور خرچی حرام کار عورت کی حرام
ہے اور پچھنے لگانے والے کا کسب پلید ہے **ف** امام شافعی کے نزدیک بموجب اس حدیث کے کتے کی قیمت حلال نہیں اور امام اعظم کے نزدیک حلال ہے تو اونکے نزدیک حدیث کا یہ مطلب ہے کہ اگر
کتا شکار اور حفاظت کے واسطے نہو تو اوسکی قیمت حرام ہے اور خرچی بالاتفاق حرام ہے پر پچھنے لگانے کا کسب بموجب اس حدیث کے امام احمد کے نزدیک حرام ہے اور اماموں کے نزدیک حرام نہیں
مکروہ ہے کہ نجاست سے خالی نہیں **خ** انس حُبُّكَ اِيَّاهَا اَدْخَلَكَ الْجَنَّةَ يَعْنِيْ سُوْرَةَ الْاِخْلَاصِ بخاری میں انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سورۂ اخلاص کی محبت تجھکو
بہشت میں داخل کریگی **ف** ایک شخص نے حضرت سے کہا کہ یا حضرت میں سورۂ اخلاص یعنی قل ہو اللہ سے بہت محبت رکھتا ہوں تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی **م** بریدہ حُرْمَةُ
نِسَاءِ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ كَحُرْمَةِ اُمَّهَاتِهِمْ وَمَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْقَاعِدِيْنَ يَخْلُفُ رَجُلًا مِنَ الْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ اَهْلِهٖ فَيَخُوْنُهٗ فِيْهِمْ
اِلَّا وُقِفَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيَاْخُذُ مِنْ عَمَلِهٖ مَا شَاءَ ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ فَمَا ظَنُّكُمْ مسلم میں بریدہ بن حصیب
رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ غازیونکی بی بیون کی حرمت خانہ نشین لوگون پر ایسی ہے جیسے اونکی ماؤں کی حرمت اور جو خانہ نشین مرد مجاہدین مرد کی گھر بار کی کام خدمت میں
رہے پھر اونمیں خیانت کری تو قیامت کے دن کھڑا کیا جاویگا پھر مجاہد اوسکی نیک عمل سے جو چاہیگا سو لیگا پھر حضرت ہم اصحاب کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ تمہارا کیا گمان ہے

بعض پر جیسا کہ اللہ کہہ اور جب وہ بیمار پڑے تو اوسکو جا کر پوچھے اور جب مر جاوے تو اوسکے جنازے کے ساتھ چلے ف پہلی حدیث میں پانچ حق فرمائی اور اس حدیث میں چھہ تو مطلب یہ ہی کہ پانچ
یا چھہ میں منحصر نہیں بلکہ اسلام کے حقوق بہت ہیں مگر جسکے زیادہ ضرورت دیکھی اوسکو فرما دیا اسلئے کبھی کم و زیادہ خ ابو ہریرۃ حق للہ علی کل مسلم ان یغتسل فی
سبعۃ ایام یغسل رأسہ وجسدہ ویروی للہ علی کل مسلم حق ان یغتسل فی کل سبعۃ ایام یوما بخاری میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کا حق
ہر مسلمان پر یہ ہی کہ ہفتے میں غسل کرے اپنے سر اور بدن کو دہووے اور دوسری روایت میں یہ ہے کہ ہر مسلمان پر خدا کا حق ہی کہ ہر ہفتے میں غسل کرے ایک دن یعنی جمعہ کے دن غسل کرنا مستحب ہے م جابر حلبہا
علی الماء واعارۃ دلوہا واعارۃ فحلہا ومنحتہا وحمل علیہا فی سبیل اللہ ق لرجل قال یا رسول اللہ ما حق الابل مسلم میں جابر رض سے روایت
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اونٹنیوں کا دودہ دوہنا پانی پر اور اون کی ڈول مانگی دینا اور نر اونٹ کو عاریت دینا یعنی اونٹنی کا گابہن کرنیکے واسطے اور محتاجوں کو اونٹ دینا دودہ پینے کو
اور اونٹوں پر بوجہ رکہنا جہاد میں یعنی غازی کو سوار کرنا یا اسباب لادنا یہ حضرت نے اوس مرد سے فرمایا جسنے کہا یا رسول اللہ اونٹ رکہنے کا کیا حق ہی اور کون خیر مالک کو مناسب
ف عرب کا دستور تہا کہ جب تالاب یا کوئی پر اونٹوں کو پانی پلاتے تو دودہ دوہتے اور محتاجوں کو دیتے ق عبد اللہ بن عمرو حوضی مسیرۃ شہر ماؤہ ابیض
من اللبن وریحہ اطیب من المسک وکیزانہ کنجوم السماء من شرب منہ فلا یظمأ ابدا بخاری و مسلم میں عبد اللہ بن عمرو رض سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا کہ میرا حوض کوثر مہینے بہر کی راہ ہی پانی اوسکا زیادہ تر سفید دودہ سے اور اوسکی بو مشک سے زیادہ تر خوشبودار ہی اور اوسکی کوزے اور آبخورے جیسے
آسمان کے تارے یعنی بیشمار جو اوس حوض سے پانی پئے کبھی اوسکو پیاس نہ لگے ف ہر چند پیاس تو ایکبارگی پینے میں جاتی رہیگی لیکن اہل جنت لذت کے واسطے اوسکو پیا کرینگے
م ام الدرداء دعوۃ المرء المسلم لاخیہ بظہر الغیب مستجابۃ عند رأسہ ملک موکل کلما دعا لاخیہ بخیر قال الملک الموکل
آمین ولک بمثل مسلم میں ام الدرداء رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مسلمان مرد کی دعا اپنے بہائی مسلمان کے واسطے پس پشت مقبول ہی اوسکی سر کے پاس ایک فرشتہ مقرر ہوتا
کہ جب وہ اپنے بہائی مسلمان کے واسطے نیک دعا کرے تو فرشتہ کہتا ہی کہ آمین اور تجہکو بہی اس دعا کے برابر فائدہ ہی یعنی جو کوئی نیک چیز اسکے واسطے مانگی وہ اوسکو بہی ملیگی اور تجہکو بہی ملیگی
م ابو ہریرۃ دینار انفقتہ فی سبیل اللہ تعالی ودینار انفقتہ فی رقبۃ ودینار تصدقت بہ علی مسکین ودینار انفقتہ علی اہلک
اعظمہا اجرا الذی انفقتہ علی اہلک مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایک دینار جو تو نے راہ خدا میں خرچ کی اور ایک دینار تو نے گردن چہڑانے میں یعنی بردہ آزاد
کرنے میں خرچ کیا اور ایک دینار تو نے محتاج کو خیرات دی اور ایک دینار تو نے اپنے گہر والوں پر خرچ کی ان سب میں بڑا ثواب اوسمیں ہی جو تو نے گہر والوں پر خرچ کی ف جہاد اور آزادی
اور خیرات سے اہل و عیال کا خرچ اسواسطے افضل ہوا کہ یہ فرض عین ہی فرض کا ثواب نفل وغیرہ سے زیادہ ہوا چاہیئے اپنے اہل و عیال پر ہر شخص خرچ کرتا ہی لیکن اگر اوسکو خدا کا حکم
جانکر خرچ کرے تو نیت کے سبب سے زیادہ ثواب پاوے م عثمان بن ابی العاص الثقفی ذاک شیطان یقال لہ خنزب فاذا احسستہ فتعوذ باللہ منہ
واتفل علی یسارک ثلثا ق لہ حین قال ان الشیطان قد حال بینی وبین صلوتی وقراءتی یلبسہا علی مسلم میں عثمان بن ابی العاص رض سے روایت
کہ حضرت نے فرمایا کہ وہ شیطان ہی اوسکو خنزب کہتے ہیں سو جب تو اوسکا کہٹکا پاوے تو خدا کی پناہ مانگ اوسکے شر سے اور اپنے بائیں طرف تین بار تہکار دے یہ حضرت نے عثمان بن
ابی العاص سے فرمایا جب اونسے کہا کہ شیطان حائل ہوتا ہی میرے اور میری نماز اور قراءت کی اور مجہکو قراءت کے پڑہنے میں شبہہ ڈالتا ہی ف یعنی جو شیطان کہ نماز میں شبہہ ڈالتا ہی
اوسکا خنزب لقب ہے پہر اوسکی علاج بتلائی اور حدیث میں آیا ہی کہ جو شیطان وضو میں شبہہ ڈالتا ہی اوسکا ولہان لقب ہی خ عائشۃ ذاک لو کان وانا حی فاستغفر لک وادعو لک
بخاری میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یوں ہی ہوگا اگر تیرا انتقال ہوا اور میں زندہ رہا تو تیرے واسطے مغفرت مانگونگا اور تیرے حق میں دعا کرونگا ف حضرت عائشہ رض نے
عرض کی یا حضرت میرے انتقال کے بعد میرے واسطے دعا کیجئے گا تب حضرت نے یہ ارشاد فرمائی ق ابو ہریرۃ رأس الکفر نحو المشرق والفخر والخیلاء فی اہل الخیل والابل والفدادین
اہل الوبر والسکینۃ فی اہل الغنم بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جڑ کفر کی مشرق کی طرف ہے اور بڑائی مارنا اور گہمنڈ کرنا گہوڑے والے اور اونٹ
والوں میں ہی اور شور کرنے والوں میں جو اونٹ والے ہیں اور غریبی اور نرم خوری بکرے والوں میں ہی ف اکثر فساد مشرق کی طرف سے ہوئی اور دجال بہی اوسی طرف سے نکلیگا پہر فرمایا
کہ جانوروں کی صحبت کی بہی تاثیر ہوتی ہی … اکثر خلق … اور بکرے چرانے والے … مسکین … اسواسطے پیغمبروں نے بکریوں کو چرایا م ابو ہریرۃ رب اشعث
مدفوع بالابواب لو اقسم علی اللہ لابرہ مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بہت لوگ پریشان ہو غبار آلودہ دروازوں پر سے دہکیلے ہوئے اگر خدا کی
کسی بات کی قسم کہا بیٹہیں تو خدا اونکی قسم سچا کر دیوے ف یعنی بعضے بندگان خدا ظاہر کی تو ایسی ہی کہ کوئی دروازے پر نہ کہڑا ہونے دیوے اور باطن کی ایسی صفائی کہ خدا اونکی
خاطر داری منظور رہتی ہی اس حدیث سے دو فائدے معلوم ہوئے اول یہ کہ کسی مسلمان بظاہر کو حقیر نہ جانے شعر خاکساران جہان را بحقارت منگر ؛ تو چہ دانی کہ درین گرد سوارے
باشد مگر یہ بہی نہ چاہیئے کہ خلاف شرع فقیر کو بہی ولی او قطب عوام کی طرح اعتقاد کرے اسواسطے کہ حضرت نے اس حدیث میں بعضے پریشان ہو خاکساروں کو مقبول فرمایا اور یہ نہیں
فرمایا کہ شراب خوار … بہی ایسے ہوتے ہیں دوسرا فائدہ یہ کہ ایمان کے ساتہ خاکساری و گمنامی حق تعالی کو پسند ہی خ سہل بن سعد … فی سبیل اللہ

اسیطرح ہر حاکم اور رئیس و سردار و غیرہ کو لازم ہی کہ جسمین اختیار رکہتا ہو اول اور مسلمانون کو مقدم رکہے سرداری ایکا نام ہی **ق** ابن مسعود سباب المسلم فسوق و
قتالہ کفر متفق بخاری اور مسلم مین حضرت عبداللہ بن مسعود رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ مسلمان کو گالی دینا گناہ ہی اور اوسکو ناحق قتل کرنا انصافی اور ناشکری ہی
ف اگر قتل حلال جانکر مسلمان کو قتل کرے تو صریح کفر ہی ورنہ نہین تو کبیرہ گناہ ہی **م** انس سبحان اللہ لا تطیقہ او لا تستطیعہ و یروی لا طاقۃ لک بعذاب
اللہ افلا قلت اللہم اٰتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاٰخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار **ق** لہ لرجل عادہ فدعا اللہ بہ فشفاہ مسلم مین
انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ سبحان اللہ تو عذاب الٰہی کو نہ اوٹہا سکیگا اور دوسری روایت یون ہی کہ تجہکو عذاب خدا کی طاقت نہین تو یون کیون نہ کہا کہ الٰہی
ہمکو دنیا مین بہلائی دے اور آخرت مین ہی بہلائی اور ہمکو بچالے دوزخ کے عذاب سے یہ حضرت نے اوس مرد سے فرمایا جسکے بیمار پرسی کو تشریف لیگئے تہی پہر اوسنے یہی دعا مانگی
سو خدا نے اوسکو شفا بخشی **ف** حضرت ایک مسلمان کی بیمار پرسی کو تشریف لیگئی وہ نہایت ناتوان ہوگیا تہا جیسے مرغی کا چوزہ سو حضرت نے اوس سے فرمایا کہ تو کچہہ
دعا تو نہین کیا ہی اوسنے کہا ہان میں صحت مین یہ دعا کیا کرتا تہا کہ الٰہی جو تجہکو آخرت مین میرے اوپر عذاب کرنا ہو سو دنیا مین جلد مجہہ پر کرلے تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنے
آدمی کو عذاب الٰہی کی طاقت نہین نہ دنیا مین طاقت ہی نہ آخرت مین دنیا کی تکلیف تو نے اپنے منہہ سے کیون مانگی پہر اوسکو دین اور دنیا کی خیرت کی دعا تعلیم کی چنانچہ اوسکو
اوسی دعا سے صحت ہوگئی **خ** ام سلمۃ سبحان اللہ ماذا انزل اللیلۃ من الخزائن ماذا انزل اللیلۃ من الفتن من یوقظ صواحب الحجر رب کاسیۃ
فی الدنیا عاریۃ فی الاٰخرۃ بخاری مین حضرت ام سلمہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا سبحان اللہ آج کی رات کیا ہی رحمت کے گنج کے گنج اوترے ہین اور آج کی رات
کیا ہی فتنے اور فساد نازل ہوے ہین کوئی ہی کہ کوٹہریون والے عورتون کو جگا دیوے تا کہ تہجد پڑہین بہت عورتین دنیا مین پوشاک والیان اور آخرت مین برہنہ ہین یعنے دنیا مین
باعزت اور آخرت مین گناہ سے فضیحت **ف** حضرت ام سلمہ رض سے روایت ہی کہ حضرت ایک رات سوکر جاگے پہر یہ حدیث فرمائی فتوح اسلام اور اوس کے فساد ہونے والے حضرت کو خواب مین
نمود ہوے **ق** ابوہریرۃ سیحان وجیحان والفرات والنیل کل من انہار الجنۃ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ سیحون اور جیحون اور فرات اور
نیل ہر ایک بہشت کے نہرین ہین **ف** سیحون و جیحون ترکستان مین اور فرات عراق مین اور نیل مصر مین یعنے ان نہرون کا پانی بہشت کے پانی سے مشابہ ہی کا ان نہرون کے اطراف دو ہی تو ان **خ** شداد بن
اوس سید الاستغفار ان یقول العبد اللہم انت ربی لا الٰہ الا انت خلقتنی وانا عبدک وانا علی عہدک ووعدک ما استطعت اعوذ بک من
ما صنعت ابوء لک بنعمتک علی وابوء لک بذنبی فاغفر لی فانہ لا یغفر الذنوب الا انت من قالہا فی النہار موقنا بہا فمات من یومہ قبل ان
یمسی فہو من اہل الجنۃ ومن قالہا من اللیل وہو موقن بہا فمات قبل ان یصبح فہو من اہل الجنۃ بخاری مین شداد بن اوس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ عمدہ
استغفار یہی ہی کہ بندہ یون کہے کہ الٰہی تو ہی میرا مالک ہی کوئی لائق بندگی کے نہین سوا تیرے تو نے مجہکو پیدا کیا اور مین تیرا بندہ ہون اور مین تیرے قول اور تیرے وعدہ پر ہون تا مقدور اپنے مواقف مین تیرے پناہ مانگتا ہون
اپنے کرتب کی برائی مین تجہہ سے اور اقرار کرتا ہون تیرے احسان کا جو مجہہ پر ہی اور اپنے گناہ کا تجہہ سے اقرار کرتا ہون سو ہمکو بخش کہ تو ہی ہی کہ کوئی گناہ کو نہین بخشتا سوا تیرے جو یقین سے اسکو دن کو کہے پہر اوسی دن شام
سے پہلے مرجاوے تو وہ شخص بہشتی ہی اور جو اسکو رات مین یقین کے ساتہ کہے پہر مرجاوے فجر سے پہلے تو وہ شخص بہشتی ہی **ف** اللہم سے الا انت تک صبح و شام ورد کرے رات اور دن دونو اگلے رات دن مین
مرگیا اسکو یہ بشارت ہی داخل بہشت ہوا اسکو سید الاستغفار کہتے ہین **ق** ابوبکرۃ شہرا عید لا ینقصان رمضان وذو الحجۃ بخاری اور مسلم مین ابوبکرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے
فرمایا کہ دو مہینے عید کے کم نہین ہوتے رمضان اور ذی الحج **ف** امام احمد نے اس حدیث کا مطلب یون کہا کہ ایک سال مین یہ دونون مہینے ساتہی کم نہین ہوتے اگر ایک و انتیس دن کا ہوگا تو دوسرا
تیس دن کا ہوگا اور اسحق نے کہا کہ اون دونون مہینے کا ثواب کم نہین ہوتا پورا ملتا ہی اگرچہ دونون شمار مین کم ہون اور یہی قول ٹہیک ہی واللہ اعلم **م** عمر صدقۃ تصدق اللہ
بہا علیکم فاقبلوا صدقتہ یعنی القصر فی السفر مع الامن مسلم مین عمر فاروق رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا نماز کا قصر صدقہ ہی کہ خدا نے تم پر تصدق کیا ہی سو
اوسکے صدقے کو قبول کرو یعنے امن کی حالت مین بہی نماز کا قصر سفر مین ہی **ف** سفر مین چار رکعت نماز کو دو رکعت پڑہنے کا حکم ہی خدا کی طرف سے تخفیف اور رحمت
تو مناسب نہین کہ خدا کی رخصت کو نمانئے اور پوری پڑہے اور یہی مذہب ہی امام اعظم کا کہ سفر مین پوری نماز پڑہنا درست نہین **م** زید بن ارقم صلوۃ الاوابین
اذا رمضت الفصال مسلم مین زید بن ارقم رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ صلوۃ الاوابین اوسوقت ہی جب کہ اونٹ کے بچون کے تلوے جلنے لگین **ف** یعنے چاشت کے وقت زمین
گرم ہوتی ہی بچون کے تلوے جلنے لگتے ہین تو ہر طرف سے بہاگ کے اونٹون کے گرد ہو جاتے ہین شائخ لوگ مغرب کے بعد چہہ رکعت نماز کو صلوۃ الاوابین کہتے ہین اس حدیث سے معلوم ہوا
کہ صلوۃ الضحی اور نماز چاشت کا نام صلوۃ الاوابین ہی اوابین اون عابدون کو کہتے ہین جنکا دل عبادت الٰہی کے طرف جہکا رہتا ہی **م** ابوہریرۃ صلوۃ الجماعۃ
افضل من صلوۃ احدکم وحدہ بخمسۃ وعشرین جزءا مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ جماعت کی نماز تنہا کی نماز سے پچیس ۲۵ حصے افضل ہی **خ** ابن
عمر وابو سعید صلوۃ الجماعۃ تفضل صلوۃ الفذ بخمسۃ وعشرین درجۃ ہذہ روایۃ ابی سعید وفی روایۃ ابن عمر بسبع و
عشرین بخاری مین عبداللہ بن عمر رض اور ابو سعید رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ جماعت کی نماز تنہا آدمی کی نماز سے پچیس ۲۵ حصے فضیلت ہی یہ ابو سعید کی روایت ہی اور عبداللہ

اور قوم پر ثواب پاتا ہی یہی کا توقف اور انتظار نماز مین داخل ہوتا اور فرشتون کا دعا دینا اور مسجد میں طاہر ہو رہنا اور بہت نافضول کلام او تکلیف اٹہانے سے بچنا اس فضیلت مذکور کا سبب ہی
تنہا نماز پڑہنے مین یہ سب حاصل نہین ہوتا ف ابن عمر صلوٰۃ اللیل مثنی مثنی فاذا خشیت الصبح فاوتر بواحدۃ بخاری اور مسلم مین عبد اللہ بن عمر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ رات
کی نماز دو دو رکعتین ہین پہر جب تو صبح ہونے سے ڈرے تو ایک رکعت کی وتر کر ف امام شافعی اور ابو یوسف و محمد کے نزدیک تہجد کی نماز دو دو رکعت افضل ہی اور یہی حدیث انکی دلیل ہی
م ابو ہریرۃ صیاح المولود حین یقع نزغۃ من الشیطان مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چیخنا لڑکی کا جب پیدا ہوتا ہی اور زمین پر گرتا ہے
شیطان کے کچوکے کے سبب سے ہی م ابو ہریرۃ ضرس الکافر مثل احد وغلظ جلدہ مسیرۃ ثلث مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کافر کی
داڑہ احد کے پہاڑ برابر ہوگا اور اوسکی کہال کی دبازت اور گندگی تین دن کے راہ برابر ہوگی ف یعنے دوزخ مین کافر کا قد نہایت لنبا چوڑا ہوگا تاکہ عذاب زیادہ ہو اور رگ
مین پہونچے م جابر طعام الواحد یکفی الاثنین وطعام الاثنین یکفی الاربعۃ وطعام الاربعۃ یکفی الثمانیۃ مسلم مین جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت
نے فرمایا کہ ایک شخص کا کہانا دو کو کفایت کرتا ہی اور دو کا کہانا چار کو کفایت کرتا ہی اور چار کا کہانا آٹہہ کو کفایت کرتا ہی ف یعنے مومن کو حرص نچاہیے اپنی کہانے مین دوسرے
بہوکے بہائی مسلمان کو شریک کرلے اگر وہ اسودگی نہ ہو بقدر ضرورت پر کفایت کرے انصاف سے بعید ہی کہ اپنا تو پیٹ بہر لیو اور دوسرا مسلمان بہوکہا رہے اور دیکہا
کرے م صہیب بن سنان عجبا لامر المؤمن ان امرہ کلہ لہ خیر ولیس ذلک لاحد الا للمؤمن ان اصابتہ سراء شکر فکان خیرا لہ
وان اصابتہ ضراء صبر فکان خیرا لہ مسلم مین صہیب بن سنان رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ طرفہ ماجرا ہی مومن کا کہ ہر حال اوسکے واسطے بہتری ہی اور یہ بات
کسیکو حاصل نہین سوا مومن کی اگر اوسکو خوشی ہو شکر کرے تو شکر گذاری اوسکی حق مین بہتر ہو اور اگر اوسکو رنج اور تکلیف ہو صبر کرے تو بہی اوسکے حق مین بہتر ہو ف یعنے مومن کا
کسیطرح نقصان نہین خوشی مین شکر گذار ہے نعمت زیادہ ملے اور ثواب پاوے اور غم مین صبر کی سبب خدا کا مقبول ہوا اور بے حساب ثواب ملے اور کافر کو یہ بات حاصل نہین نہ خوشی مین
اوسکے خدا کیطرف نظر ہوتی ہی نہ غم مین م جابر بن سمرۃ علی ما تومئون بایدیکم کانہا اذناب خیل شمس وانما یکفی احدکم ان یضع یدہ علی
فخذہ ثم یسلم علی اخیہ من علی یمینہ وشمالہ مسلم مین جابر بن سمرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کس اشارہ کرتے ہو اپنے ہاتہون سے گویا کہ تمہارے ہاتہہ چنچل گہوڑون کے
دُمین ہین یعنے جیسے شریر گہوڑا ہر دم اپنے دم ادہر ادہر ہلاتا ہی ویسے تم ہلاتے ہو اور آدمی کو تو اتنا کفایت کرتا ہی کہ اپنے ہاتہہ کو ران پر رکہے پہر اپنے مسلمان بہائی کو سلام کرے جو
اوسکے داہنے اور بائین ہین ف نماز کی اخیر مین بعضے لوگ ہاتہہ اٹہاکر داہنے بائین کے لوگون کو سلام کرتے تہے تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی اور نماز مین سلام کے وقت ہاتہہ اٹہانا
منع کیا ق ام قیس بنت محصن علام تدغرن اولادکن بہذا العلاق علیکن بہذا العود الہندی فان فیہ سبعۃ اشفیۃ منہا ذات الجنب
یسعط من العذرۃ ویلد من ذات الجنب بخاری اور مسلم مین ام قیس بنت محصن رض سے روایت ہے کہ حضرت نے عورتون سے فرمایا کہ کیون تالو اور حلق ملتے ہو اپنے اولاد کا اس گہانتی سے تم
لازم پکڑو اس کوٹ کو اسواسطے کہ اسمین سات بیماریون کے شفا ہی اونمین سے ایک ذات الجنب یعنے پانجر کا درد حلق کے ورم مین ناک مین ڈالیئے اور ذات الجنب مین حلق کی اندر ڈالئے ف
عرب کے عورتین ورم حلق مین جو اپنے لڑکون کو کہانتی دیتے تہین حضرت نے اوس سے منع کیا اور فرمایا کہ کوٹ کی گہانتی دیا کرو پہر فرمایا کہ کوٹ مین سات بیماریون کے شفا ہی دو کو بیان کیا یعنے
ورم حلق اور ذات الجنب کو پانچ بیماریون کو نہین ملکو کیا ہی لیکن معلوم کیا چاہیے کہ کوٹ گرم خشک ہی حیض اور پیشاب کو جاری کرتا ہی اور زہر کو دفع کرتا ہی اور جماع کی قوت زیادہ کرتا ہی
اور پیٹ کے کیڑونکو قتل کرتا ہی جب شہد کے ساتہہ کہاوے اور جگر اور معدہ کی ضعف کو دفع کرتا ہی اور تجاری کی بخار کو شفا دیتا ہی اکثرون کو اکثر سرو کا خلل ہوتا ہی سو اسواسطے حضرت نے
یہ دوا تجویز کی اور حدیث عود ہندیکو قسط یعنے کوٹ کہتے ہین لیکن اطبا عود ہندیکو اگر کہتے ہین اگر ہی گرم خشک ہے دماغ اور دل اور معدہ اور جگر کو قوت دیتا ہی اور ریح کو تحلیل کرتا ہی اور
کہانسی اور دمہ اور غشی اور دستون کو اور سہل کو اور استسقا کو دور کرتا ہی ق ابن عمر علی المرء المسلم السمع والطاعۃ فیما احب وکرہ الا ان یؤمر بمعصیۃ فاذا
امر بمعصیۃ فلا سمع ولا طاعۃ بخاری و مسلم مین عبد اللہ بن عمر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مرد مسلمان پر امام کی اطاعت اور فرمانبرداری واجب ہی خواہ اوسکو اچہا
لگے یا برا مگر اوسصورت مین کہ جب گناہ کا امر ہو پہر جب گناہ اور خلاف شرع کا اوسکو حکم ہو تو اوسوقت مین اطاعت اور فرمانبرداری نچاہیے ف خوشی و ناخوشی مین حاکم کی اطاعت واجب ہی
لیکن خلاف شرع کا مین اطاعت نہین ق ابو ہریرۃ علی انقاب المدینۃ ملئکۃ لا یدخلہا الطاعون ولا الدجال بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مدینے کے
راہون پر فرشتے متعین ہین اوسمین وبا اور دجال نہ داخل ہوگا خ ابو ہریرۃ عمرو بن لحی بن قمعۃ بن خندف ابو خزاعۃ بخاری مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ عمرو لحی کا بیٹا قمعہ کا
پوتا خندف کا پڑپوتا خزاعہ کا باپ ہی ف یعنے خزاعہ کا قوم عمرو بن لحی کی اولاد مین ہے لوگ کہتی تہین مضر کی گروہ مین ہی خلل ہین خزاعہ کی قوم مین کچہہ اختلاف تہا حضرت نے اوسکو بیان کر دیا عرب مین بت پرستی
اور سائبہ چہوڑنا عمرو بن لحی سے شروع ہوا م ابو ایوب غدوۃ فی سبیل اللہ او روحۃ خیر مما طلعت علیہ الشمس وغربت مسلم مین ابو ایوب رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ راہ خدا
یعنے جہاد مین صبح یا شام کو کوشش کرنا بہتر ہی اوس سب سے جن پر آفتاب نے طلوع اور غروب کیا یعنے تمام دنیا سے افضل ہی کہ اوسکو ثواب باقی ہی اور دنیا فانی ہی م جابر غلظ القلوب فی اہل المشرق
والایمان فی اہل الحجاز مسلم مین جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ دلون کی سختی مشرقی لوگون مین ہی اور ایمان حجاز کے لوگون مین ہی ف یعنے جانب شرق مضر کی قوم رہتے تہے

وَنَفَسُهُ يَنْتَهِي حَيْثُ يَنْتَهِي طَرْفُهُ فَيَطْلُبُهُ حَتَّى يُدْرِكَهُ بِبَابِ لُدٍّ فَيَقْتُلُهُ ثُمَّ يَأْتِي عِيسَى قَوْمٌ قَدْ عَصَمَهُمُ اللّٰهُ مِنْهُ فَيَمْسَحُ عَنْ وُجُوهِهِمْ وَيُحَدِّثُهُمْ بِدَرَجَاتِهِمْ فِي الْجَنَّةِ فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ إِذْ أَوْحَى اللّٰهُ إِلَى عِيسَى إِنِّي قَدْ أَخْرَجْتُ عِبَادًا لِي لَا يَدَانِ لِأَحَدٍ بِقِتَالِهِمْ فَحَرِّزْ عِبَادِي إِلَى الطُّورِ وَيَبْعَثُ اللّٰهُ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَنْسِلُونَ فَيَمُرُّ أَوَائِلُهُمْ عَلَى بُحَيْرَةِ طَبَرِيَّةَ فَيَشْرَبُونَ مَا فِيهَا وَيَمُرُّ آخِرُهُمْ فَيَقُولُ لَقَدْ كَانَ بِهٰذِهِ مَرَّةً مَاءٌ ثُمَّ يَسِيرُونَ حَتَّى يَنْتَهُوا إِلَى جَبَلِ الْخَمَرِ وَهُوَ جَبَلُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَيَقُولُونَ لَقَدْ قَتَلْنَا مَنْ فِي الْأَرْضِ هَلُمَّ فَلْنَقْتُلْ مَنْ فِي السَّمَاءِ فَيَرْمُونَ بِنُشَّابِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ فَيَرُدُّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ نُشَّابَهُمْ مَخْضُوبَةً دَمًا وَيُحْصَرُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيسَى وَأَصْحَابُهُ حَتَّى يَكُونَ رَأْسُ الثَّوْرِ لِأَحَدِهِمْ خَيْرًا مِنْ مِائَةِ دِينَارٍ لِأَحَدِكُمُ الْيَوْمَ فَيَرْغَبُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيسَى وَأَصْحَابُهُ إِلَى اللّٰهِ فَيُرْسِلُ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ النَّغَفَ فِي رِقَابِهِمْ فَيُصْبِحُونَ فَرْسَى كَمَوْتِ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ ثُمَّ يَهْبِطُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيسَى وَأَصْحَابُهُ إِلَى الْأَرْضِ فَلَا يَجِدُونَ فِي الْأَرْضِ مَوْضِعَ شِبْرٍ إِلَّا مَلَأَهُ زَهَمُهُمْ وَنَتْنُهُمْ فَيَرْغَبُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيسَى وَأَصْحَابُهُ إِلَى اللّٰهِ فَيُرْسِلُ اللّٰهُ طَيْرًا كَأَعْنَاقِ الْبُخْتِ فَتَحْمِلُهُمْ فَتَطْرَحُهُمْ حَيْثُ شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ مَطَرًا لَا يَكُنُّ مِنْهُ بَيْتُ مَدَرٍ وَلَا وَبَرٍ فَيَغْسِلُ الْأَرْضَ حَتَّى يَتْرُكَهَا كَالزَّلَفَةِ ثُمَّ يُقَالُ لِلْأَرْضِ أَنْبِتِي ثَمَرَتَكِ وَرُدِّي بَرَكَتَكِ فَيَوْمَئِذٍ تَأْكُلُ الْعِصَابَةُ مِنَ الرُّمَّانَةِ وَيَسْتَظِلُّونَ بِقِحْفِهَا وَيُبَارَكُ فِي الرِّسْلِ حَتَّى أَنَّ اللِّقْحَةَ مِنَ الْإِبِلِ لَتَكْفِي الْفِئَامَ مِنَ النَّاسِ وَاللِّقْحَةَ مِنَ الْبَقَرِ لَتَكْفِي الْقَبِيلَةَ مِنَ النَّاسِ وَاللِّقْحَةَ مِنَ الْغَنَمِ لَتَكْفِي الْفَخِذَ مِنَ النَّاسِ فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ بَعَثَ اللّٰهُ رِيحًا طَيِّبَةً فَتَأْخُذُهُمْ تَحْتَ آبَاطِهِمْ فَتَقْبِضُ رُوحَ كُلِّ مُؤْمِنٍ وَكُلِّ مُسْلِمٍ وَيَبْقَى شِرَارُ النَّاسِ يَتَهَارَجُونَ فِيهَا تَهَارُجَ الْحُمُرِ فَعَلَيْهِمْ تَقُومُ السَّاعَةُ۔ مسلم

نواس بن سمعانؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تمہارے اوپر دجال کے سوائے مجھکو اور باتیں بھی خوف کی ہیں کے سوائے مجھکو تمہارے حق میں اور فسادوں کا خوف ہے اگر دجال نکلا اور میں تم لوگوں میں موجود ہوا تو تمسے پہلے میں اوسکو الزام دونگا اور تمکو اوسکے شر سے بچاؤنگا اور اگر وہ نکلا اور میں تم لوگوں میں موجود نہ ہوا تو ہر مسلمان اپنے طرف سے اوسکو الزام دیگا اور حق تعالی میرا خلیفہ و نگہبان ہے ہر مسلمان پر البتہ دجال نوجوان گھونگر بالوں والا ہے اوسکی آنکھ میں پھٹنت ہے گویا کہ میں اوسکی شباہت دیتا ہوں عبدالعزی بن قطن کیساتھ عبدالعزی ایک کافر تھا سو جو شخص کہ تم میں سے اوسکو پاوے تو چاہیے کہ سورہ کہف کے شروع کی آیتیں اوسپر پڑھے تو وہ نکلیگا شام اور عراق کے درمیان کی راہ سے تو خرابی ڈالیگا دائیں اور فساد اٹھاویگا بائیں اے بندو اللہ کے تم ایمان پر ثابت رہو صحابہ نے پوچھا یا رسول اللہ اور کسقدر اوسکو زمین پر درنگی اور اقامت ہوگی حضرت نے فرمایا چالیس دن اونمیں سے ایک دن تو سال کے برابر ہوگا اور دوسرا دن جیسے مہینا اور تیسرا دن جیسے ہفتہ اور باقی دن جیسے تمہارے دن اصحاب نے کہا یا رسول اللہ سو وہ دن جو سال کے برابر ہوگا کیا ہمکو ایک دن کی نماز کفایت کریگی حضرت نے فرمایا کہ نہیں تم اندازہ کر لیا اوس میں بقدر اوسکے یعنی جتنی دیر کے بعد ان دنوں میں نماز پڑھتے ہو ویسے ہی اوس میں بھی تامل کر کے پڑھو اصحاب نے کہا یا رسول اللہ اور اوسکی شتابی زمین میں کیونکر ہوگی حضرت نے فرمایا جیسے مینہ جسکو ہوا پیچھے سے اوڑاتی ہو تو وہ ایک قوم پر آویگا تو اونکو کفر کی طرف بلاویگا سو وے ایمان لاوینگے اور اوسکی بات مانینگے تو آسمان کو حکم کریگا سو وہ پانی برساویگا اور زمین کو حکم کریگا سو وہ گھاس اور اناج جماویگی تو شام کو اونکے مواشی آوینگے بنسبت پہلے کے دراز کوہان ہو کر اور کشادہ تھن ہو کر اور کوکھیں تن کر یعنی موٹے تازے ہو جاوینگے پھر دجال دوسری قوم پر آویگا تو اونکو کفر کی طرف بلاویگا تو وے اوسکے قول کو اوسپر رد کر دینگے یعنی اوسکی بات نہ مانینگے تو اونکے طرف سے پھریگا تو اونپر قحط اور خشکی پڑیگی اونکے ہاتھوں میں اونکے مالوں سے کچھ نہ باقی رہیگا اور دجال ویران زمین پر نکلیگا تو اوس سے کہیگا کہ اپنے خزانے نکال تو وہ مال اور خزانے ظاہر ہو کر اوسکے پاس جمع ہو جاوینگے جیسے شہد کی مکھیاں بڑی مکھی کے گرد ہجوم کرتی ہیں پھر دجال ایک جوان مرد کو بلاویگا تو اوسکو تلوار ماریگا سو اوسکو قتل کر کے دو ٹکڑے کر ڈالیگا جیسے نشانے پر تیر لگ کر دو ٹوک ہو جاتا ہے پھر اوسکو زندہ کر کے بلاویگا سو وہ جوان ہنستا آویگا چہرہ چمکتا ہوا اور ہنستا سو دجال اسی حال میں ہوگا کہ ناگاہ حق تعالی عیسی ابن مریم کو بھیجیگا تو عیسی اترینگے سفید منارہ کے پاس شہر دمشق کے شرقی طرف زرد رنگین جوڑا پہنے اپنے دونوں ہاتھ دو فرشتوں کے پروں پر رکھے ہوئے تو جب عیسی سر جھکاوینگے تو پسینا ٹپکیگا اور جب سر اٹھاوینگے تو موتی کی بوندیں گرینگے سو جس کافر پاس عیسی اترینگے اور اوسکو اونکے دم کی بھاپ لگی سو وہ مر جاویگا اور اونکا دم پہنچیگا جہانتک اونکی نظر پہنچیگی پھر عیسی دجال کو تلاش کرینگے یہانتک کہ اوسکو باب لد پاس پاوینگے لد شام میں ایک پہاڑ کا نام ہے سو اوسکو قتل کرینگے پھر عیسی ابن مریم پاس وہ لوگ آوینگے جنکو خدا نے دجال سے بچایا سو شفقت سے اونکے چہروں کو سہلاوینگے اور اونکو اونکے بہشت کے درجات کی خبر دینگے سو اسی حال میں ہونگے کہ ناگاہ حق تعالی عیسی کے لیے حکم کریگا کہ میں نے اپنے ایسے بندے نکالے ہیں کہ کسیکو اونسے لڑنیکی طاقت نہیں سو پہاڑ میں لیجا کر میرے بندوں کو طور پر اور خدا بھیجیگا یاجوج و ماجوج کو اور وے ہر ایک بلندی سے نکل پڑینگے تو اونکے پہلے لوگ طبرستان کے دریا پر گذرینگے تو پی جاوینگے جتنا پانی کہ اوس میں ہوگا اور اونکے پچھلے لوگ جب آ پہنچینگے تو کہینگے کبھی اس میں بھی پانی تھا پھر چلینگے یہانتک کہ اوس پہاڑ تک پہنچینگے جہاں درختوں کی کثرت ہے یعنی بیت المقدس کا پہاڑ تو وے کہینگے البتہ ہم زمین والوں کو تو قتل کر چکے اب آسمان والوں کو قتل کریں تو اپنے تیروں کو آسمان پر مارینگے سو خدا اونکے تیروں کو خون آلودہ کر کے ڈالیگا اور خدا کا پیغمبر عیسی اور اونکے اصحاب گھرے رہینگے یہاں تک کہ اونکے ایک بیل کا سر افضل ہوگا سو اشرفی سے آج تمہارے نزدیک یعنی کھانے کی نہایت تنگی ہوگی پھر خدا کا رسول عیسی اور اوسکے اصحاب دعا کرینگے سو خدا اون یاجوج ماجوج پر عذاب بھیجیگا اونکی گردنوں میں کیڑا پیدا ہوگا تو صبح تک سب مر جاوینگے ایک جان کا سا مرنا پھر خدا کا رسول عیسی اور اوسکے اصحاب زمین پر اتر آوینگے تو زمین میں ایک بالشت برابر جگہ اونکے سڑاہند اور گندگی سے خالی نہ پاوینگے یعنی تمام زمین پر اونکی سڑی لاشیں پڑی ہونگی پھر خدا کا رسول عیسی اور اوسکے اصحاب خدا سے دعا کرینگے تو حق تعالی یاجوج ماجوج پر پرندے بھیجیگا جیسے بڑی اونٹوں کی گردنیں سو وے اونکو اٹھا لیجاوینگے اور اونکو پھینک دینگے جہاں خدا کو منظور ہوگا پھر خدا ایسا پانی برساویگا کہ کوئی گھر مٹی کا اور اون کا اوس پانی سے نہ رکیگا سو خدا زمین کو دھو ڈالیگا یہانتک کہ زمین کو مثل آئینہ یا باغ یا صاف عورت کی طرح کر دیگا پھر زمین کو حکم ہوگا کہ اپنے پھل اگا اور اپنی برکت کو پھیر دے تو اوس دن ایک انار کو ایک گروہ کھاویگا اور اوسکے چھلکے کو بنگلہ سا بنا کر اوسکے سایہ میں بیٹھینگے اور دودھ میں برکت ہوگی یہانتک کہ دودھار اونٹنی آدمیوں کے بڑی گروہ کو کفایت کریگی

حضرت نے فرمایا کہ قصور مرد کا اوسکے گھر والون کے حق مین اور اوسکے مال اور جان اور لڑکی اور ہمسایہ مین اوسکو روزہ اور نماز اور صدقہ اور نیک بات بتلانا اور بُرے کام روکنا دور کر دیتا
ہی ف یعنی اگر آدمی سے جان و مال و اولاد اور ہمسایہ کے حق مین کچھ قصور یا نا انصافی ہو جاوے گی تو ان عبادتون سے معاف ہو جاویگی م عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَمْرٍو فِرَاشٌ لِلرَّجُلِ وَفِرَاشٌ
لِامْرَأَتِهٖ وَالثَّالِثُ لِلضَّيْفِ وَالرَّابِعُ لِلشَّيْطَانِ مسلم مین عبد اللہ بن عمرو رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ ایک بچھونا مرد کا اور دوسرا بچھونا اوسکی جورو کا اور
تیسرا بچھونا مہمان کا اور چوتھا بچھونا شیطان کا ف یعنی حاجت سے زیادہ فرش کرنا نام اور فخر کو شیطان کا کام ہی اگر مہمانون کے واسطے جا بجا حاجت سے زیادہ فرش بچھے
تو درست ہی منع وہی ہی جو بے حاجت ہو م ابو موسیٰ وانس فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلٰى سَائِرِ الطَّعَامِ مسلم مین ابو موسیٰ اور انس رض
سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ عائشہ کی فضیلت عورتون پر جیسی ثرید کی فضیلت باقی کھانون پر ف ثرید اوس کھانے کو کہتے ہین کہ روٹی کو شوربے مین بھگویا ہو عرب کے
یہہ کھانا پسند تھا سب کھانون سے زیادہ حضرت عائشہ رض نے علم اور آداب حضرت سے بہ نسبت اور عورتون کے زیادہ سیکھے تھے اسواسطے اونکی فضیلت حضرت نے بیان
فرمائی م جابر رض كُلُّكُمْ مَغْفُوْرٌ لَهٗ اِلَّا صَاحِبَ الْجَمَلِ الْاَحْمَرِ ق لَمْ تَنْتَهِ الْمَرَارُ مسلم مین جابر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا تو تم مین سے ہر ایک شخص بخشا
گیا مگر سرخ اونٹ والا یہہ حضرت ثنیۃ المرار پر فرمایا ف ثنیۃ المرار ایک ٹیلا تھا حضرت نے فرمایا جو اس پر چڑھ جاوے اوسکا گناہ بخشا جاوے سب اصحاب اوسپر چڑھ گئے ایک
گنوار نہ چڑھا او سرخ اونٹ تلاش کیا گیا اور اوسنے کہا کہ اونٹ کا ملنا میرے نزدیک مغفرت سے زیادہ پیارا ہی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ دنیا کی محبت
آخرت کو بگاڑتی ہی ق ابو هريرة فِي الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ اِلَّا السَّامَ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ کلونجی مین
ہر بیماری کی دوا ہی سوای موت کے ف یعنی سب مرض یا ان کی کلونجی دوا ہی تی اسکی تفصیل ساتوین باب مین گذری ق ابو هريرة فِي كُلِّ كَبِدٍ حَرّٰى اَجْرٌ بخاری
اور مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ ہر تشنہ جگر کے پانی پلانے مین ثواب ہی ف سراقہ بن مالک نے پوچھا کہ یا حضرت اگر کسی کا بھولا جانور میرے حوض پر آوے
اور مین اوسکو پانی پلاؤن تو مجھکو اسمین کچھ ثواب ہوگا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ ہر جانور کے احسان مین ثواب ہی آدمی ہو یا جانور مسلمان ہو یا کافر
م جابر رض فِيْمَا سَقَتِ الْاَنْهَارُ وَالْغَيْمُ الْعُشُوْرُ وَفِيْمَا سُقِيَ بِالسَّانِيَةِ نِصْفُ الْعُشْرِ مسلم مین جابر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ جس کھیت کو دریا اور بدلی
سینچے اوسمین دسوان حصہ زکوۃ ہی اور جو کھیت اونٹون پر پانی لاد کر سینچا جاوے اوسمین بیسوان حصہ زکوۃ ہی ف جسمین کم محنت تھی اوسکی زکوۃ زیادہ مقرر ہوئی اور جسمین محنت
زیادہ تھی اوسکی کم زکوۃ مقرر ہوئی محنت کا لحاظ ہی م جابر رض قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ مسلم مین جابر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا
خدا لعنت کرے یہودیون پر کہ اونھون نے اپنے پیغمبرون کی قبرون کو مسجد ٹھہرایا ف اسمین اشارہ ہی کہ امت محمدی ایسا نکرے ق انس قَدْرُ حَوْضِيْ كَمَا بَيْنَ اَيْلَةَ وَصَنْعَاءَ
مِنَ الْيَمَنِ وَاِنَّ فِيْهِ مِنَ الْاَبَارِيْقِ كَعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمَاءِ بخاری اور مسلم مین انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ میرے حوض کوثر کا اندازہ اتنا ہی جتنا فرق ایلہ
اور یمن کی صنعا مین اور البتہ اوسمین کوزے ہین آسمان کے تارون کے شمار برابر ف ایلہ شام مین ایک بستی کا نام اور صنعا یمن کا بڑا مشہور شہر ہی ق ابو هريرة قُرَيْشٌ وَ
الْاَنْصَارُ وَجُهَيْنَةُ وَمُزَيْنَةُ وَاَسْلَمُ وَاَشْجَعُ وَغِفَارُ مَوَالِيَّ لَيْسَ لَهُمْ مَوْلًى دُوْنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت
ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ قریش اور انصار اور جہینہ اور مزینہ اور اسلم اور غفار میرے دوست اور مددگار ہین اونکا کوئی مددگار نہین سوا خدا اور رسول کے ف یہ قوم حضرت
کا ایمان لائے اور حضرت پر جان نثار رہے اسواسطے حضرت نے اونکی فضیلت بیان کی خ ابن عباس كَاَنِّيْ بِهٖ اَسْوَدَ اَفْحَجَ يَقْلَعُهَا حَجَرًا حَجَرًا بخاری مین عبد اللہ بن عباس
رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا گویا کہ مین اوس کعبہ ڈھانے والے سیاہ بھدے کو دیکھتا ہون کہ اوسکے پتھر پتھر کو اوکھاڑتا ہی ف قیامت کے قریب ایک حبشی کے
ہاتھ سے کعبہ منہدم ہوگا م عقبة بن عامر كَفَّارَةُ النَّذْرِ كَفَّارَةُ الْيَمِيْنِ مسلم مین عقبہ بن عامر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ نذر کا کفارہ وہی ہی جو قسم کا کفارہ
ہی ف یعنی اگر نذر ادا نہ ہو تو قسم کا کفارہ دیوے قسم کا کفارہ یہہ ہی کہ دس محتاجون کو دونون وقت کھانا کھلاوے یا لباس دیوے یا غلام آزاد کرے اور اگر مقدور
نہو تو تین روزے رکھے ق عبد الرحمن بن عوف كِلَاكُمَا قَتَلَهٗ يَعْنِيْ اَبَا جَهْلٍ ق لِمُعَاذِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوْحِ وَمُعَاذِ بْنِ عَفْرَاءَ بخاری اور
مسلم مین عبد الرحمن بن عوف رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تم دونون نے اوسکو قتل کیا یعنی ابو جہل کو یہہ حضرت نے معاذ بن عمرو بن جموح اور معاذ بن عفرا
سے فرمایا ف ان دونون نے حضرت کو خبر دی کہ ہمنے ابو جہل کو مارا حضرت نے دونون کی تلوارون کو خون آلودہ دیکھکر یہہ حدیث فرمائی ق ابو هريرة كَلَّا
وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ اِنَّ الشَّمْلَةَ لَتَلْتَهِبُ عَلَيْهِ نَارًا اَخَذَهَا مِنَ الْغَنَائِمِ يَوْمَ خَيْبَرَ لَمْ تُصِبْهَا الْمَقَاسِمُ ق له لعبد له اسمه
رفاعة ويقال له مدعم قتل بوادي القرى مقتله من خيبر بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یون نہین اوسکی
قسم جسکے قابو مین محمد کی جان ہی کہ وہ چادر کملی تو اوسکے بدن پر بھڑک رہی ہی آگ سے اوسنے کملی کو جنگ خیبر مین تقسیم ہونے سے پہلے لے لیا تھا یہہ حضرت نے اپنے غلام
کے حق مین فرمایا جسکا رفاعہ نام تھا اور لقب اوسکا مدعم تھا وہ قتل ہوا تھا وادی القری مین خیبر سے پلٹتے ف وادی القری یہودیون کی ایک بستی کا نام تھا جب
خیبر فتح کر کے حضرت کا لشکر وہان پہنچا تو حضرت کے غلام یعنی مدعم کو تیر لگا وہ مر گیا اصحاب نے اوسکی تعریف کی کہ اوسکو شہادت نصیب ہوئی تب حضرت نے یہہ

وقت میں پڑھ لیا کیجیو پھر اگر تو جماعت کی نماز اونکے ساتھ پاوے تو اونکے ساتھ بھی پڑھ لیجیو کہ یہہ دوسری نماز تیرے حق میں نفل ہو جاویگی یہہ حضرت نے ابوذر سے فرمایا ف امام میں نماز کی سستی اور سلطنت روانیہ سے شروع ہوئی ﴿عن ابن عمرو﴾ اَوْ عَبْدُاللهِ بْنِ عَمْرٍو كَيْفَ اَنْتَ يَا عَبْدَاللهِ بْنَ عَمْرٍو اِذَا بَقِيْتَ فِيْ حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ قَدْ مَرَجَتْ عُهُوْدُهُمْ وَاَمَانَاتُهُمْ وَاخْتَلَفُوْا فَصَارُوْا هٰكَذَا وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ قَالَ فَكَيْفَ اَصْنَعُ يَا رَسُوْلَ اللهِ قَالَ تَاْخُذُ مَا تَعْرِفُ وَتَدَعُ مَا تُنْكِرُ وَتُقْبِلُ عَلٰى خَاصَّتِكَ وَتَدَعُهُمْ وَعَوَامَّهُمْ بخاری میں عبداللہ بن عمر یا عبداللہ بن عمرو رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای عبداللہ بن عمر تو کیا کریگا جب تو باقی رہ جاویگا کوڑا ناقص لوگوں میں جنکے عہد و پیمان اور امانت داریاں بگڑ جاوینگی اور لوگوں میں پھوٹ پڑ جاویگی تو وہ لوگ اسطرح ہو جاوینگے اور حضرت نے اونکے اختلاف کی مثال دی اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں قینچی کرکے عبداللہ بن عمرو نے کہا سو اوسوقت میں یا رسول اللہ میں کیا کروں حضرت نے فرمایا جو تیری الفت میں اچھی بات ہو اوسکو لیجیو اور بری کو چھوڑ دیو اور خاص اپنے حال پر متوجہ ہو اور اونکو اونکے عوام کو اونکے حالات پر چھوڑنا ف یعنی جب زمانہ بگڑ جاوے اور دیانت کے سبب لوگوں میں اختلاف پڑے اور ہر شخص اپنی عقل پر مغرور ہو تو ایسے وقت میں دنیا داروں کو لازم ہے کہ اپنی اصلاح و درستی پر کمر باندھے اور عوام سے جدا ہو ﴿عن عمر﴾ كَيْفَ بِكَ اِذَا اُخْرِجْتَ مِنْ خَيْبَرَ تَعْدُوْ بِكَ قَلُوْصُكَ لَيْلَةً بَعْدَ لَيْلَةٍ قَالَهٗ لِاَحَدِ بَنِيْ اَبِي الْحُقَيْقِ مِنْ يَهُوْدِ خَيْبَرَ فَاَجْلَاهُمْ عُمَرُ اِلٰى تَيْمَاءَ وَاَرِيْحَاءَ مسلم میں عمر فاروق رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیسا تیرا حال ہوگا جسوقت تو خیبر سے نکالا جاویگا تجھکو لیکر دوڑیگی تیری اونٹنی راتوں کو یعنی سوار ہو کر سفر کریگا یہہ حضرت نے ابو حقیق یہودی کے کسی بیٹے سے فرمایا پھر فاروق رض نے اونکو تیما اور اریحا کی طرف نکال دیا ف خیبر میں یہودی تہے جب خیبر فتح ہوا تو حضرت نے اونکو بطریق محنت مزدوری کے رہنے دیا عمر فاروق نے اپنی خلافت میں چاہا کہ اون کو خیبر سے بدر کریں یہودیوں نے کہا تم ہمکو کیونکر نکالوگے حالانکہ تمہارے پیغمبر نے ہمکو یہان قائم رکھا تب عمر فاروق رض نے یہہ حدیث پڑھی یعنی حضرت نے اس حدیث میں تمہارے نکالنے کا اشارہ کیا ہے یہودی نے کہا کہ ابو القاسم نے یہہ کلام ٹھٹھے کی راہ سے کہا فاروق نے کہا ای دشمن خدا کے تو جھوٹا ہے یعنی ٹھٹھا کرنا پیغمبر کی شان نہیں پھر اونکو شام کی طرف نکال دیا اون بستیوں میں وہ ایسے جنکا تیما اور اریحا نام ہے ﴿عن عقبة بن الحارث﴾ كَيْفَ وَقَدْ زَعَمَتْ اَنْ قَدْ اَرْضَعَتْكُمَا وَيُرْوٰى كَيْفَ وَقَدْ قِيْلَ دَعْهَا عَنْكَ قَالَهٗ لِعُقْبَةَ تَزَوَّجَ اُمَّ يَحْيٰى بِنْتَ اَبِيْ اِهَابِ بْنِ عَزِيْزٍ فَجَاءَتْ اِمْرَاَةٌ سَوْدَاءُ فَقَالَتْ قَدْ اَرْضَعْتُكُمَا مسلم میں عقبہ بن حارث رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ کیونکر ہوگا حالانکہ وہ کہتی ہے کہ میں نے تم دونوں کو دودھ پلایا اور دوسری روایت یون ہے کہ یہہ کیونکر ہوگا حالانکہ شیر خوارگی کی گفتگو ہوئی اوس عورت کو اپنے نکاح سے چھوڑ دے یہہ حضرت نے عقبہ سے فرمایا جب اوسنے ام یحییٰ بنت ابی اہاب بن عزیز کی بیٹی سے نکاح کیا پھر ایک سیاہ عورت آئی اوسنے کہا کہ میں نے تم دونوں میان بیوی کو دودھ پلایا ف اتفاقاً عقبہ نے عورت سے جدا ہو گیا تو عقبہ نے کہا کہ مجھکو معلوم نہیں کہ تونے مجھے دودھ پلایا ہو پھر اوسکے لوگوں سے پوچھا اونہوں نے بھی انکار کیا پھر عقبہ نے حضرت سے بیان کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی امام احمد کا یہی مذہب ہے کہ فقط ایک عورت کے قول سے رضاعت یعنی شیر خوارگی ثابت ہو جاتی ہے لیکن اور اماموں کے مذہب میں ایک عورت کے قول کا کچھ اعتبار نہیں یا دو مرد کہیں یا ایک مرد اور دو عورتیں تو اونکے نزدیک اس حدیث کا یہہ مطلب ہے کہ حضرت نے عقبہ کو از راہ احتیاط اور تقویٰ فرمایا نہ از راہ فتویٰ ﴿قال انس﴾ كَيْفَ يُفْلِحُ قَوْمٌ شَجُّوْا نَبِيَّهُمْ وَكَسَرُوْا رُبَاعِيَتَهٗ وَهُوَ يَدْعُوْهُمْ قَالَهٗ يَوْمَ اُحُدٍ عَلَّقَهُ الْبُخَارِيُّ وَاَسْنَدَهٗ مُسْلِمٌ بخاری اور مسلم میں انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کیونکر بھلا ہوگا اوس قوم کا جنہوں نے اپنے پیغمبر کا سر زخمی کیا اور دانت توڑا اور حالانکہ وہ اونکو ٹھیک راہ پر بلاتا ہے یہہ حضرت نے جنگ احد میں فرمایا بخاری نے اس حدیث کی سند نہیں مذکور کی اور مسلم میں پوری سند بیان کی ﴿قال ابن مسعود و انس﴾ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِقَدْرِ غَدْرِهٖ متفق بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن مسعود و انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا قیامت کے دن ہر عہد شکن دغاباز کا ایک جھنڈا ہوگا بقدر اوسکے دغابازی کے ف یہہ اسواسطے ہوگا تاکہ وہ فضیحت ہو ﴿عن ابن عباس﴾ لِمَ اُصَلِّيْ فَاَتَوَضَّاَ وَيُرْوٰى لِمَ الصَّلٰوةُ وَيُرْوٰى اُرِيْدُ اَنْ اُصَلِّيَ فَاَتَوَضَّاَ قَالَهٗ حِيْنَ خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ فَاُتِيَ بِطَعَامٍ فَقِيْلَ اَلَا تَتَوَضَّاُ مسلم میں عبداللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کیوں وضو کروں کیا نماز کے واسطے اور ایک روایت یون ہے کس واسطے کیا مجھکو نماز پڑھنا ہے جو وضو کروں اور دوسری روایت یون ہے کہ کیا میں نماز کا ارادہ کرتا ہوں جو وضو کروں یہہ حضرت نے اوسوقت فرمایا جب پاخانہ سے نکلے تو آپکے آگے کھانا رکھا گیا سو لوگوں نے کہا کہ آپ وضو نہیں کرتے ف پورا قصہ یوں ہے کہ پھر حضرت نے کھایا اور ہاتھ میں پانی نہ لگایا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وضو نماز کے واسطے واجب ہے کھانیکے واسطے واجب نہیں ہرچند کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا مستحب ہے لیکن حضرت نے اسواسطے ہاتھ نہ دھوئے تاکہ لوگوں کو معلوم ہو جاوے کہ اگر ہاتھ یون تو دھونا واجب نہیں ﴿قال ابن عباس﴾ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ يَوْمَئِذٍ حَبٌّ وَلَوْ كَانَ لَهُمْ لَدَعَا لَهُمْ فِيْهِ يَعْنِيْ لِاَهْلِ مَكَّةَ حِيْنَ دَعَا لَهُمْ اِبْرَاهِيْمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مکے والوں پاس اوس زمانے میں اناج نہ تھا اور اگر اناج ہوتا تو ابراہیم علیہ السلام اونکے واسطے اناج میں بھی دعا مانگتے ف حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکے والوں کے واسطے کثرت میوہ جات کے دعا کی اوسوقت وہان زراعت نہ تھی اگر ہوتی تو اوسکی بھی دعا کرتے ﴿عن عائشة﴾ لَيْتَ رَجُلًا صَالِحًا مِنْ اَصْحَابِيْ يَحْرُسُنِي اللَّيْلَةَ بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کاش کوئی نیک مرد میرے اصحاب سے آج کی رات میری نگہبانی کرے ف یہہ حضرت نے لیلۃ التعریس میں فرمایا پھر سعد بن ابی وقاص ہتھیار باندھے آئے حضرت نے پوچھا تو کیوں آیا ہے سعد نے ...

حلوۃ شیوہ بن ربعی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ مردہ آرام پانے والا ہے یا آرام دینے والا اصحاب نے کہا یا رسول اللہ آرام پانے والا اور آرام دینے والا کیا ہے تو حضرت نے فرمایا کہ بندہ مؤمن دنیا
کے رنج اور مصیبت سے آرام پاتا ہے اور ظالم فاسق کے مرنے سے آدمی اور بستیاں اور درخت اور جانور آرام پاتے ہیں ف حضرت کسی مردے کے جنازہ کے ساتھ نکلے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی مؤمن متقی کے
حق میں تو فائدہ ہے کہ چھوٹ جاتا ہے دنیا کے مکر و فریب سے ایمان اور عبادت کی برکت سے قبر میں بہشت کی لذت کا نمونہ پانے لگا اور ظالم فاسق کے بے قید ہونے سے اوسکی مخلوق کو ناحق تکلیف
دیتا تھا اوسکی موت سے عالم کو آرام ہے ق ابو ہریرۃ مطل الغنی ظلم واذا اتبع احدکم علی ملی فلیتبع بخاری و مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت
نے فرمایا کہ مالدار کا ٹال مٹول کرنا ستم ہے اور جب تمہارا قرض کسی مالدار پر اتارا جاوے تو مان لیا جاوے ف یعنی مالدار ہوکر قرض ادا کرنے میں تاخیر کرنا ستم ہے اور اگر محتاج قرضدار کسی مالدار
پر قرض اتار دے تو لازم ہے کہ مانگنے والا زیادہ تنگ نہ کرے ص جابر معاذ اللہ ان یتحدث الناس انی اقتل اصحابی ان ھذا و اصحابہ یقرءون القرآن لا یجاوز
حناجرھم یمرقون من الدین کما یمرق السھم من الرمیۃ مسلم میں جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا میں خدا کی پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ لوگ یہہ چرچا کریں کہ میں
اپنے ساتھیوں کو قتل کرتا ہوں البتہ یہہ شخص اور اوسکے ساتھی قرآن پڑھتے ہیں اور اونکے حلقوں سے نیچے نہیں اترتا یعنی قرآن کی دل میں تاثیر نہیں ہوتی یہہ لوگ دین سے نکلے جاتے ہیں جیسے تیر جانور سے پار
ہو جاتا ہے ف ذی الخویصرہ ایک منافق تھا اوسنے حضرت سے کہا کہ آپ انصاف سے نہیں تقسیم کرتے حضرت نے فرمایا کہ اگر میں نہ انصاف کرونگا تو کون کریگا عمر فاروق رض نے کہا یا حضرت
اگر حکم ہو تو میں اس منافق کو مار ڈالوں تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی ہر چند یہہ بیدین لائق قتل کے ہے لیکن اسمیں بدنامی ہوگی کہ پیغمبر اپنے ساتھیوں کو قتل کرتا ہے تو لوگ ملاقات سے
وحشت کرینگے اسلام سے محروم رہینگے معلوم ہوا کہ حاکم کو مصلحت کا لحاظ بھی ضرور ہے بعضی جگہہ ٹال جانا چاہئے ص سلمان بن عامر الضبی مع الغلام عقیقۃ
فاھریقوا عنہ دما و امیطوا عنہ الاذی مسلم میں سلمان بن عامر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لڑکا پیدا ہونے کے ساتھ اوسکا عقیقہ یعنی سنت ہے سو اوسکے
عوض خون بہاؤ یعنی ذبح کرو اور اوس لڑکے سے تکلیف اور نجاست کو یعنی سر کے بال مونڈو اور غسل دو ف جب لڑکا پیدا ہوا تو دن عقیقہ کرے لڑکا ہو تو دو بکریاں اور لڑکی ہو تو ایک بکری ذبح کرے
ص کعب بن عجرۃ معقبات لا یخیب قائلھن او فاعلھن دبر کل صلوۃ ثلث و ثلثون تسبیحۃ و ثلث و ثلثون تحمیدۃ و اربع و ثلثون
تکبیرۃ مسلم میں کعب بن عجرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ذکر کئی چند الفاظ میں کہ ہر نماز کے بعد آتے ہیں اونکا کہنے والا یا کرنے والا نقصان نہیں پاتا وے الفاظ یہہ ہیں تینتیس بار سبحان
اللہ اور تینتیس بار الحمد للہ اور چونتیس بار اللہ اکبر خ المسور بن مخرمۃ معی من ترون و احب الحدیث الی اصدقہ فاختاروا احدی الطائفتین اما المال
و اما السبی وقد کنت استانیت بکم ق لما وفد ھوازن حین جاءوہ مسلمین فسالوہ ان یرد الیھم اموالھم و سبیھم بخاری میں مسور بن مخرمہ رض
سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا میرے ساتھ ہے لشکر کو تم دیکھتے ہو اور میرے نزدیک سچی بات پسند ہے سو تم دو باتوں سے ایک بات اختیار کرو یا مال لو یا جورو لڑکے اور میں نے تمہاری انتظاری کی تھی یہہ
حضرت نے ہوازن کے ایلچیوں سے فرمایا جب کہ حضرت پاس مسلمان ہو کر آئے پھر انہوں نے یہہ سوال کیا کہ حضرت ہمارا مال اور جورو لڑکے پھیر دیں ف جنگ حنین میں ہوازن کی قوم پر فتح ہوئی
اونکی جورو لڑکے گرفتار ہوئے اول حضرت نے اونکی انتظاری کی کہ اگر مسلمان ہوویں تو اونکے مال اور آدمیوں کو پھیر دیویں جب اونکے آنے میں دیر ہوئی تب حضرت نے اونکی مال اور آدمی لشکر کو تقسیم
کر دیا بعد اوسکے وہی لوگ مسلمان ہو کر آئے اور اپنے مال اور آدمی مانگنے لگے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی پھر اونہوں نے مال چھوڑا اپنے آدمی لینا اختیار کیا حضرت نے سب کو راضی کر کے اونکے
جورو لڑکے پھیر دئے خ ابن عمر مفاتیح الغیب خمس لا یعلمھا الا اللہ لا یعلم احد ما یکون فی غد الا اللہ و لا یعلم احد ما یکون فی الارحام
و لا تعلم نفس ماذا تکسب غدا و ما تدری نفس بای ارض تموت و ما یدری احد متی یجیء المطر بخاری میں عبد اللہ بن عمر رض سے روایت ہے کہ حضرت
نے فرمایا کہ کنجیاں غیب کی پانچ ہیں اونکو کوئی نہیں جانتا سوا خدا کے کوئی نہیں جانتا کہ کل کیا ہوگا سوا خدا کے اور کوئی نہیں جانتا کہ عورت کے پیٹ میں کیا ہے لڑکی یا لڑکا اور کوئی جی نہیں جانتا کہ
کل کیا کریگا اور کوئی جی نہیں جانتا کہ کس زمین پر مریگا اور کوئی نہیں جانتا کہ مینہہ کب آویگا ف یعنے غیب کی بات بالیقین سوا خدا کے کوئی نہیں جانتا غیب کا دروازہ سارے عالم پر بند ہے
اسکی کنجی کسیکے پاس نہیں کہ کھولے جب چاہے بے تردد دریافت کرے پیغمبروں کو وحی سے اور اولیا کو الہام سے علم حاصل ہوتی لیکن یہہ غیب ذاتی نہیں خدا کے بتلانے سے معلوم ہوتا ہے علاوہ اسکے
سو وحی اور الہام ہر وقت تابع نہیں کہ جب چاہیں دریافت کرلیں نجوم اور رمل اور جفر میں یقین نہیں حاصل ہوتا صرف حساب ہے احتمال ہے ہزار بار مخالف ہوتا ہے کبھی موافق بھی پڑ جاتا
ہے لیکن ہر چند علم طب میں حاملہ عورت کی علامات لکھیں ہیں کہ پیٹ میں لڑکی ہے یا لڑکا پھر جب علامات اور قرائن پر مدار ٹھہرا تو تخمینی ہوئی علاوہ اسکی اکثر خطا بھی ہوتی ہے اور
یہہ تو کبھی نہیں معلوم ہوتا کہ لڑکا گورا ہے یا کالا اوسکے اعضا درست ہیں یا ناقص خلاصہ یہہ کہ علم غیب خدا کو مخصوص ہے بالیقین بے تردد کسیکو نہیں معلوم ہو سکتا اور یہی عقیدہ
اہل اسلام کا ہے جسکے اس اعتقاد میں خلل ہے بالیقین اوسکے ایمان میں خلل ہے ص ابو ہریرۃ من اشد امتی لی حبا ناس یکونون بعدی یود احدھم لو رآنی
باھلہ و مالہ مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا میری امت سے زیادہ تر میری محبت میں وہ لوگ ہیں جو میرے بعد ہونگے کوئی اونمیں سے چاہیگا کہ کاش مجھکو دیکھتا
اپنے اہل و عیال اور مال کے بدلے یعنی حضرت کی تمنا دل میں ہے اپنا اہل و عیال اور مال فدا کرنے کا آرزو مند ہوگا شعر جب ہی سراپا ایمان ہ جان و مال اوسکے جھلک پر قربان
ق عبد اللہ بن عمرو من الکبائر شتم الرجل والدیہ قالوا یا رسول اللہ و ھل یشتم الرجل والدیہ قال نعم یسب ابا الرجل فیسب
اباہ و یسب امہ فیسب امہ بخاری و مسلم میں عبد اللہ بن عمرو رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا باپ کو گالی دینا بڑے گناہوں سے ہے یہہ گناہ ہے اصحاب نے کہا یا رسول اللہ

من محمد رسول الله الی هرقل عظیم الروم سلام علی من اتبع الهدی اما بعد فانی ادعوک بدعایة الاسلام اسلم
تسلم یؤتک الله اجرک مرتین فان تولیت فان علیک اثم الاریسیین ویا اهل الکتاب تعالوا الی کلمة سواء بیننا وبینکم ان لا نعبد الا الله
ولا نشرک به شیئا الی قوله فقولوا اشهدوا بانا مسلمون کتب الی قیصر بخاری و مسلم عن عبد الله بن عباس رض سے روایت ہے حضرت نے روم کے بادشاہ کو اس مضمون کا خط
لکھا کہ یہ خط ہے محمد خدا کے رسول کا ہرقل کی طرف جو روم کا سردار ہے اور سلام ہے اوس پر جو راہ راست پر چلا بعد اسکے میں تجھکو بلاتا ہوں اسلام کی دعوت سے اسلام قبول کر تو دین و دنیا میں سلامت رہیگا
اور تو مسلمان ہو جا خدا تجھکو دوہرا ثواب دیگا یعنی ایک ثواب عیسی پر قبول کرنیکا اور دوسرا ثواب مجھ پر ایمان لانیکا اور اگر تو نے اسلام قبول کیا تو تیری رعیت تو بعد اوسکے مسلمان ہوجائیگی یعنی جب تو
مسلمان ہوا تو رعیت بھی مسلمان ہوگی تو ان کے گناہ کا عذاب تجھ پر ہوگا اور اے کتاب والو آجاؤ اس بات پر جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر ہے وہ بات یہ ہے کہ ہم اور تم خدا کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں پرستش
نہ کریں اور کسی چیز کو اوسکے ساتھ شریک نہ ٹھہراویں اور ہم میں سے بعضے آدمی بعضوں کو خدا کے سوا پروردگار نہ بنالیں سو اگر اہل کتاب توحید سے منہ موڑیں تو اون سے کہدو کہ تم گواہ رہو کہ
ہم تو مسلمان ہیں حکم الہی کے مطیع ہیں ف صحیح بخاری میں عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے کہ ابو سفیان نے مجھ سے قصہ نقل کیا کہ جب سے میں اور حضرت حدیبیہ میں صلح ہوئی اوس زمانہ میں
شام کے ملک میں گیا اور اسی زمانہ میں حضرت نے دحیہ کلبی کے ہاتھ روم کے بادشاہ کو خط بھیجا سو دحیہ کلبی نے بصرے کے سردار کو خط دیا اوسنے روم کے بادشاہ کو حوالہ کیا ہرقل یعنی روم کا بادشاہ اوس وقت
ایلیا میں تھا ہرقل نے کہا کہ اگر اس شخص کا جو اپنے تئیں پیغمبر جانتا ہے کوئی اہل قوم ہو تو بلاؤ سو میری طلبی ہوئی معہ چند قریش کے ہرقل نے پوچھا کہ تم لوگوں میں اس پیغمبر کا رشتے میں کون شخص
زیادہ قریب ہے میں نے کہا کہ میں تب مجھکو لوگوں نے بادشاہ کے سامنے بٹھلایا اور میرے ساتھی میرے پیچھے بیٹھے پھر مترجم یعنی وہاں کا زبان داں طلب ہوا بادشاہ نے کہا میرے ساتھیوں سے کہ میں اس شخص سے کچھ
پوچھتا ہوں اگر یہ جھوٹ بولے تو تم اسکو جھٹلائیو ابو سفیان نے کہا کہ قسم خدا کی اگر دروغگوئی مشہور ہونیکا ڈر نہ ہوتا تو میں حضرت کے حال میں کچھ جھوٹ بولتا بادشاہ نے پوچھا کہ اس
پیغمبر کا حسب اور نسب کیسا ہے میں نے کہا ہم لوگوں میں وہ نہایت شریف اور عمدہ خاندان ہے بادشاہ نے پوچھا کہ اسکے باپ دادے میں کوئی بادشاہ بھی تھا میں نے کہا کہ نہیں بادشاہ نے پوچھا کہ نبوت
کے دعوے سے پہلے کبھی جھوٹ بولنے کی تہمت بھی اسکو لگی ہے میں نے کہا کہ نہیں بادشاہ نے کہا کہ سردار لوگ اوسکے تابع ہوئے ہیں یا غریب لوگ میں نے کہا غریب اوسکے تابع ہوئے ہیں بادشاہ نے کہا اوسکے
ساتھی بڑھتے جاتے ہیں یا گھٹتے ہیں میں نے کہا نہیں بلکہ بڑھتے جاتے ہیں بادشاہ نے کہا کہ کوئی اونمیں سے اوسکے دین سے پھر بھی جاتا ہے ناخوش ہوکر میں نے کہا کہ نہیں بادشاہ نے کہا کہ تم نے اوس
سے لڑائی بھی کی ہے میں نے کہا ہاں بادشاہ نے لڑائی کا حال پوچھا کیا ہے میں نے کہا کبھی وہ ہم پر غالب ہوا ہے کبھی ہم اوس پر غالب ہوئے بادشاہ نے کہا کبھی قول کر کے دغا بھی کرتا ہے میں نے کہا کہ نہیں لیکن اب
ہمارے اوسکے صلح ہوئی ہے ہمکو نہیں معلوم اب کیا کرنے والا ہے ابو سفیان نے کہا واللہ اتنی بات کے سوا کوئی اور بات کو میں نہ ملا سکا بادشاہ نے کہا کہ تم لوگوں میں اس طرح نبوت کا دعوی
کسی نے آگے بھی کیا ہے یا نہیں میں نے کہا نہیں پھر بادشاہ نے وہاں سے کہا کہ میں نے اوسکا حسب پوچھا تو تو نے کہا کہ شریف اور عالی خاندان ہے سو پیغمبر لوگ اسیطرح اپنی قوم میں شریف
اور نجیب اور عمدہ خاندان ہوتے ہیں میں نے پوچھا کہ اوسکے باپ دادے میں کوئی بادشاہ تھا تو نے کہا نہیں سو اگر کوئی بادشاہ ہوا ہوتا تو میں کہتا کہ یہ شخص نبوت کے پردے میں اپنے باپ دادے کی
سلطنت چاہتا ہے اور میں نے اوسکے تابعداروں کا حال پوچھا کہ سردار ہیں یا غریب تو نے کہا غریب ہیں سو یہی حال ہے پیغمبروں کا کہ اونکی اول غریب لوگ طاعت کرتے ہیں یعنی بڑے آدمی غرور سے بے
نصیب رہتے ہیں اور میں نے پوچھا کہ نبوت سے قبل کبھی اوسکی دروغگوئی بھی ثابت ہوئی ہے تو نے کہا کہ نہیں میں نے جانا کہ جو کبھی آدمیوں پر جھوٹ نہ باندھے گا بھلا وہ خدا پر کیونکر جھوٹ باندھیگا
اور میں نے تجھ سے پوچھا کہ اوسکے لوگ دین سے ناخوش ہوکر پھر بھی جاتے ہیں تو تو نے کہا کہ نہیں سو یہی حال ہے ایمان کے نور کا جب دل میں گیا یعنی ایمان کی یہ خاصیت ہے کہ اوسکو تغیر نہیں ہوتا اور
میں نے تجھ سے پوچھا کہ اوسکے لوگ زیادہ ہوتے جاتے ہیں یا کم تو تو نے کہا زیادہ ہوتے ہیں سو یہی حال ایمان کا ہے کہ اوسکو ترقی ہوتی ہے یہانتک کہ کمال کو پہنچتا ہے اور میں نے کہا کہ اوسکی لڑائی کا کیا حال ہے تو نے کہا کبھی
وہ غالب ہوتا ہے اور کبھی ہم سو یہی سنت ہے پیغمبروں کی کہ اول ایمان والوں کی آزمائش ہوتی ہے پھر انجام کو فتح نصیب ہوتی ہے اور میں نے پوچھا کہ وہ دغا بھی کرتا ہے تو نے کہا کہ نہیں سو یہی عادت ہوتی ہے
پیغمبروں کی کہ وہ ہرگز دغا نہیں کرتے اور میں نے پوچھا کہ اب دعوی اوسکی قوم میں کسی اور شخص نے بھی کیا تھا تو تو نے کہا کہ نہیں سو اگر اس کے پہلے دعوی کیا ہوتا تو میں یوں جانتا کہ یہ شخص
بھی اپنی قوم کی راہ پر چلا اگلوں کی طرح اسکو بھی ہوس ہے لیا پھر بادشاہ نے کہا کہ کیا چیز تمکو بتلاتا ہے میں نے کہا کہ ہمکو نماز اور زکوۃ اور نیکی اور پرہیزگاری بتلاتا ہے بادشاہ نے کہا اگر یہ سب باتیں
سچی ہیں تو بیشک وہ شخص پیغمبر ہے اور میں اسکے حال سے جانتا تھا کہ اس زمانہ میں پیغمبر ظاہر ہوا چاہتا ہے لیکن میرا یہ گمان نہ تھا کہ تم عرب لوگوں میں ہوگا اور اگر میں یہ جانتا کہ اوس تک پہنچ سکونگا
تو میں اوسکے دیدار کا عاشق ہوتا اور اگر میں اوسکے پاس ہوتا تو میں اوسکے قدم دھوتا اور البتہ اوسکی سلطنت اور حکومت میرے قدم کے نیچے تک پہنچیگی پھر بادشاہ نے حضرت کا یہ خط منگا کر
پڑھا جب وہ خط پڑھ چکا تو اہل دربار میں بہت گفتگو اور نہایت غل اور شور ہوا پھر ہم موجب حکم کے دربار سے نکالے گئے ابو سفیان نے کہا کہ جب ہمارا اخراج ہوا تو میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ محمد
کا یہ رتبہ پہنچا کہ بادشاہ روم اوس سے ڈرتا ہے سو جب سے مجھکو یقین ہو گیا تھا کہ حضرت بہت غالب ہونگے یہانتک کہ خدا نے مجھکو اسلام میں داخل کیا راوی نے کہا کہ پھر ہرقل نے روم کے
سرداروں اپنے ایک مکان میں جمع کئے اور دروازوں میں قفل دیئے پھر اون سے کہا کہ اے روم کے لوگو اگر قیامت تک اپنی ہدایت اور بہتری چاہتے ہو اور اپنی سلطنت کا قیام چاہتے ہو تو
اس پیغمبر کا ایمان لاؤ سو روم کے سردار سب بھڑکے اور گورخر کی طرح بھاگے اور دروازے کی طرف دوڑے سو آخر بند پایا پھر بادشاہ نے اونکو بلایا اور کہا کہ میں نے تمہارے دین کی مضبوطی آزمائی تھی
سو اس جو بات مجھکو پسند تھی وہی ہی دیکھنے کی پھر تو اون لوگوں نے بادشاہ کو سجدہ کیا اور خوش ہوگئے ف ہرقل روم کا بادشاہ نصرانی تھا اپنے دین کا بڑا عالم تھا اوسپر حضرت کے
نبوت کی حقیقت ثابت ہوگئی تھی لیکن اپنی قوم کے خوف سے مسلمان نہ ہوسکا ہجری چھٹے سال حضرت نے بادشاہوں کو خط لکھے اسلام کی دعوت کے سبب بادشاہوں میں سے کئی بادشاہ

کہتے ہیں کہ ایک فساد تو قوم ترک کی خونریزی یعنی چنگیز خان اور ہلاکو کے وقت کا فساد عام دوسرے دجال کا نکلنا تیسرے یاجوج ماجوج کا ظاہر ہونا واللہ اعلم **ق** أَبُو هُرَيْرَةَ نَارُكُمْ جُزْءٌ
مِنْ سَبْعِينَ جُزْءًا مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ قَالُوا وَاللهِ يَا رَسُولَ اللهِ إِنْ كَانَتْ لَكَافِيَةً قَالَ فَإِنَّهَا فُضِّلَتْ عَلَيْهِنَّ بِتِسْعَةٍ وَسِتِّينَ جُزْءًا كُلُّهَا مِثْلُ حَرِّهَا وَإِذَا الْبُخَارِيِّ
نَارُكُمْ هٰذِهِ الَّتِي يُوقِدُ ابْنُ آدَمَ بخاری و مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تمہاری آگ ایک حصہ ہے دوزخ کی آگ کے ستر حصوں سے صحابہ نے کہا قسم خدا کی اے رسول اللہ جلانے کو
تو یہی آگ کفایت کرتی تھی حضرت نے فرمایا کہ البتہ دوزخ کی آگ دنیا کی آگوں سے انہتر حصے زیادتی رکھتی ہے ہر ایک حصے کی گرمی اس آگ کی گرمی کے برابر ہے بخاری نے اتنی روایت زیادہ
کی کہ یہی تمہاری آگ جسکو آدمی جلاتا ہے ایک حصہ ہے دوزخ کی آگ کے ستر حصے سے **ف** یعنی دوزخ کی آگ کے روبرو دنیا کی آگ کی گرمی نہایت کم ہے پھر جب اس آگ کی گرمی کی آدمی کو تاب نہیں تو دوزخ
کا کیا حال ہوگا خدا کی پناہ **ق** أُمُّ حَرَامٍ بِنْتُ مِلْحَانَ نَاسٌ مِنْ أُمَّتِي عُرِضُوا عَلَيَّ غُزَاةً فِي سَبِيلِ اللهِ يَرْكَبُونَ ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ مُلُوكًا عَلَى الْأَسِرَّةِ أَوْ مِثْلَ الْمُلُوكِ
عَلَى الْأَسِرَّةِ بخاری اور مسلم میں ام حرام بنت ملحان رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چند لوگ میری امت کے میرے سامنے کئے گئے لڑتے خدا کی راہ میں اس سمندر کے اندر سوار بادشاہ بنے تختوں پر یا
جیسے بادشاہ تختوں پر **ف** ام حرام سے روایت ہے کہ حضرت میرے گھر میں سو کر ہنستے جاگے میں نے کہا یا رسول اللہ آپ کیوں ہنستے ہیں تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی خدا نے خواب میں دکھلا دیا کہ تیری امت کی ایسی
ترقی ہوگی جہازوں پر سوار ہو کر جہاد کرینگے بادشاہوں کی طرح ام حرام نے کہا یا حضرت میرے واسطے دعا کیجئے کہ خدا مجھکو بھی ان غازیوں میں شریک کرے حضرت نے دعا کی چنانچہ معاویہ کے زمانے
میں جہاز پر سوار ہو کر جہاد ہوا ام حرام بھی غازیوں میں داخل تھیں جب جہاز سے اُترے سواری سے گر پڑیں اور مر گئیں **ق** أَبُو هُرَيْرَةَ نَحْنُ أَحَقُّ بِالشَّكِّ مِنْ إِبْرَاهِيمَ إِذْ قَالَ رَبِّ
أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتَى قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلَى وَلٰكِنْ لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِي وَيَرْحَمُ اللهُ لُوطًا لَقَدْ كَانَ يَأْوِي إِلَى رُكْنٍ شَدِيدٍ وَلَوْ لَبِثْتُ فِي السِّجْنِ
طُولَ لَبْثِ يُوسُفَ لَأَجَبْتُ الدَّاعِيَ بخاری و مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ابراہیم سے زیادہ ہم شک کرنیکے لائق ہیں جب ابراہیم نے کہا اے رب مجھکو
دکھلا دے کہ تو مردوں کو کیونکر زندہ کرتا ہے خدا نے فرمایا کیا تجھکو اسکا یقین نہیں ابراہیم نے کہا یقین کیوں نہیں لیکن یہہ تمنا اسواسطے ہے کہ میرے دلکو اطمینان ہو جاوے اور خدا رحم کرے لوط پر
اونکے آرزو کی تھی کہ مضبوط مکان میں پناہ پکڑیں اور اگر مجھکو قید خانے میں رکھتے اس قدر دراز جیسی رکھے گئے یوسف تو بلانے والے کی بات مان لیتا یعنی انکار کرتا اوسکے ساتھ چلا جاتا **ف** حضرت نے
حضرت ابراہیم کا ذکر کرکے ایک شبہہ دفع کیا یعنی اگر کوئی کہے کہ حضرت ابراہیم کو مردہ جلانے میں شک تھی اسواسطے دیکھنے کی درخواست کی اور ہمارے نبی نے کبھی ایسی خواست نہیں کی سو حضرت
نے یہہ شبہہ اسطرح دفع کیا کہ مجھکو تو مردہ زندہ ہونے میں کچھ تردد اور شک نہیں تو ابراہیم کو بطریق اولیٰ نہ تھی اور اگر اونکو شک ہوتی تو ہمکو بھی البتہ ہوتی اور حضرت لوط کا قصہ یہہ ہے
کہ جب کافر قوم نے حضرت لوط کے مہمانوں کی بے حرمتی چاہی تو حضرت لوط نہایت غمگین ہوئے اور گھبرائے اور یہہ تمنا اوسوقت کی کہ کاش مجھکو دفع کفار کا زور ہوتا یا کسی کے واسطے
کوئی محفوظ مکان ملتا حضرت نے اس قصے کیطرف اشارہ کیا کہ خدا لوط پر رحم کرے کہ غیر خدا پر اعتماد کرنا یعنی محفوظ مکان کی تمنا کرنا شان نبوت کے مناسب نہ تھا اور حضرت یوسف کا قصہ
یہہ ہے جب زلیخا کی مطلب برآری حضرت یوسف سے نہوئی تو اوسنے اونکو قید کروا دیا تہمت لگا کر چودہ برس قید رہے جب بادشاہ کے نزدیک حضرت یوسف کا کمال خواب کی تعبیر کہنے سے معلوم ہوا
تو بادشاہ نے اونکو بلایا حضرت یوسف بلانے والے کے ساتھ نہ گئے چاہا کہ اول بے قصوری ثابت ہو تب قید خانے سے نکلیں چنانچہ بعد تحقیق عصمت اور پاکدامنی کے بادشاہ پاس گئے
حضرت نے اس حدیث میں حضرت یوسف کی تامل اور صبر کی تعریف کی باوجود طول حبس کے بدون تحقیق قید خانے سے نکلے میں آتا تو توقف نکلنے میں نہ کرتا بلانے والے کے ساتھ چلا جاتا **ق** أَبُو ذَرٍّ
نُورٌ أَنَّى أَرَاهُ وَفِي لَهُ حِينَ سَأَلَهُ هَلْ رَأَيْتَ رَبَّكَ مسلم میں ابوذر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا نور ہے میں اوسکو کیونکر دیکھتا یہہ حضرت نے اوسوقت فرمایا جب
ابوذر نے پوچھا کہ حضرت نے اپنے رب کو کیا دیکھا تھا **ف** یعنی اوسکی ذات پاک پر نور جلال کے پردے ہیں دنیا میں آنکھ کو دیکھنے کی طاقت کہاں **خ** أَبُو سَعِيدٍ وَيْحَ عَمَّارٍ يَدْعُوهُمْ إِلَى
الْجَنَّةِ وَيَدْعُونَهُ إِلَى النَّارِ بخاری میں ابوسعید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ افسوس ہے عمار پر وہ تو اونکو بہشت کی طرف بلاویگا اور وے لوگ اوسکو دوزخ کی طرف
بلاوینگے **ف** جب علی مرتضیٰ رض اور معاویہ سے لڑائی ہوئی تب عمار شہید ہوئے تو معلوم ہوا کہ امام برحق کی اطاعت دخول جنت کا سبب ہے اور بغاوت ورزنا دخول دوزخ کا سبب ہے
ق أَبُو سَعِيدٍ وَيْحَكَ إِنَّ الْهِجْرَةَ شَأْنُهَا لَشَدِيدٌ فَهَلْ لَكَ مِنْ إِبِلٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ أَتُعْطِي صَدَقَتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَهَلْ تَمْنَحُ مِنْهَا قَالَ نَعَمْ
قَالَ فَتَحْلُبُهَا يَوْمَ وِرْدِهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاعْمَلْ مِنْ وَرَاءِ الْبِحَارِ فَإِنَّ اللهَ لَنْ يَتِرَكَ مِنْ عَمَلِكَ شَيْئًا وَلِأَعْرَابِيٍّ سَأَلَهُ عَنِ الْهِجْرَةِ بخاری اور
مسلم میں ابوسعید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وائے تیرا حال البتہ ہجرت کا امر تو نہایت سخت ہے سو کیا تیرے پاس اونٹ ہیں اوسنے کہا ہاں حضرت نے فرمایا تو اونکی زکوٰۃ دیا
کرتا ہے اوسنے کہا ہاں حضرت نے فرمایا بھلا اونکو دودھ پینے کے واسطے عاریت بھی دیتا ہے اوسنے کہا ہاں حضرت نے فرمایا پانی پلانے کے دن اونکا دودھ دوہتا ہے یعنی محتاجوں کو دیتا ہے
اوسنے کہا ہاں حضرت نے فرمایا تو اسیطرح کیا کر اپنے دیہات میں جو شہروں سے پرے ہیں سو بیشک خدا تیرے عمل سے کچھ نہ گھٹاویگا یہہ حضرت نے ایک دیہاتی عرب سے فرمایا جب اوسنے
ہجرت کا حال پوچھا **ف** قرآن و حدیث میں مہاجرین کی فضیلت بہت ہے اور اوسکو سمجھ کر ہجرت کا شوق ہوا حضرت نے اوسکے استعداد دنیا کی وطن چھوڑنے ہجرت کی تکلیف نہ
اٹھا سکنے کا اسواسطے ہجرت سے منع کیا اور فرمایا کہ اپنے وطن میں کو تا اور خیرات دیا کر حضرت نے نماز روزے کا اوس سے ذکر نہیں کیا اسواسطے کہ جو شخص زکوٰۃ اور خیرات دیتا ہے
نماز روزہ کہ اسمیں کچھ مال نہیں خرچ ہوتا ہے بطریق اولیٰ کرتا ہوگا **ق** أَبُو بَكْرَةَ وَيْحَكَ قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِكَ وَيْحَكَ قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِكَ قَالَهُ
بخاری و مسلم میں ابوبکرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ افسوس تو نے اپنے بھائی کی گردن کاٹی ہائے تو نے اپنے بھائی کی گردن کاٹی یہہ حضرت نے کئی بار فرمایا **ف** ایک

کہیں خشک نہ رہئے پاؤں ق وَيْلٌ لِلْعَرَاقِيبِ مِنَ النَّارِ بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ خرابی ہی کونچوں کو دوزخ سے یعنی اگر وضو میں کونچیں خشک
رہنگیے تو دوزخ میں جلینگے ف ان دونوں حدیثوں سے صاف معلوم ہوا کہ تمام قدم کا دھونا وضو میں فرض ہی تھوڑا بھی خشک رہنا ایک گناہ ہی اور اوسکا انجام دوزخ ہی ان دونوں
حدیثوں سے معلوم ہوا کہ وضو کی آیت سے شیعہ جو قدم کا مسح سمجھتے ہیں سو غلط ہی قرآن کا مطلب حضرت سے بہتر کون سمجھ سکتا ہی ق زَيْنَبُ بِنْتُ جَحْشٍ وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ
قَدِ اقْتَرَبَ فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مِثْلُ هٰذِهِ وَحَلَّقَ بِإِصْبَعَيْهِ الْإِبْهَامِ وَالَّتِي تَلِيهَا فَقَالَتْ زَيْنَبُ بِنْتُ جَحْشٍ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنَهْلِكُ
وَفِينَا الصَّالِحُونَ قَالَ نَعَمْ إِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ بخاری اور مسلم میں حضرت زینب بنت جحش رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خرابی ہی عرب کو اوس بلا سے جو نزدیک ہو چلی یاجوج
ماجوج کی دیوار سے آج کھل گیا اسکے برابر اور حضرت نے اپنے انگوٹھے اور کلمہ کی انگلی کا حلقہ بنایا یعنی اس حلقے کے برابر اوس دیوار میں سوراخ ہو گیا تو حضرت زینب نے کہا کہ یا حضرت
کیا ہم مٹ جاوینگے اور حالانکہ ہم میں نیک لوگ ہونگے حضرت نے فرمایا ہاں جب بدکاری غالب ہو جاویگی یعنی جب گناہ و بدکاری کا عالم میں کثرت سے ہوئی اور نیک لوگ کم ہو گئے تو نیک
اور بد سب ہلاک ہو جاتے ہیں ف حضرت زینب سے روایت ہی کہ حضرت سونے سے جاگ پڑے چہرہ مبارک خوف سے سرخ تھا فرماتے تھے لا اله الا الله پھر یہہ حدیث فرمائی حضرت کے وقت سے
اوس دیوار میں سوراخ پڑا اور روز بروز اوسکی ترقی ہی یہاں تک کہ قیامت کے قریب ٹوٹ جاویگی یاجوج ماجوج نکلکر سارے عالم کو تباہ کرینگے ہر چند وہ بلا عالمگیر ہی لیکن حضرت نے عرب کا نام
خاص اسواسطے لیا کہ عرب سے یاجوج ماجوج کو حضرت کے سبب سے زیادہ تر عداوت ہوگی م أَبُو سَعِيدٍ هٰذَا أَعْظَمُ النَّاسِ شَهَادَةً عِنْدَ رَبِّ الْعَالَمِينَ يَعْنِي الرَّجُلَ
الَّذِي يُجَادِلُ الدَّجَّالَ مسلم میں ابو سعید رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ شخص سب لوگوں سے بڑا شہید ہی رب العالمین کے نزدیک یعنی وہ شخص جو دجال سے جھگڑیگا ف صحیح مسلم
میں روایت ہی کہ جب دجال ظاہر ہوگا تو ایک مرد ایماندار اوسکے پاس آویگا اور لوگوں سے کہیگا کہ یہہ تو دجال ہی جسکا ذکر حضرت کر چکے ہیں سو دجال اوس مومن کو خوب پٹوا کر اوسکو
بلاویگا اور کہیگا کہ اب بھی تو میرا ایمان لاویگا مومن کہیگا تو مسیح کذاب ہی پھر دجال اوسکے سر پر آرہ رکھوا کر چیر ڈالیگا بعد اوسکے زندہ کریگا پھر کہیگا کہ تو میرا ایمان لاویگا مومن
کہیگا اب تو مجھکو زیادہ تر یقین ہو گیا تیری کذب اور کفر کا یعنی آگے بھی حضرت خبر دے گئے ہیں کہ دجال ایک شخص کو مارکے زندہ کریگا سو معلوم ہوا کہ وہ شخص میں ہوں پھر مومن
کہیگا لوگو اب میرے بعد اوسکو کسیکے مارنے جلانے کی طاقت نہوگی پھر دجال اوسکو پکڑ لیگا کہ ذبح کرے سو نہ ذبح کر سکیگا پھر اوسکو آگ میں ڈال دیگا لوگ جانینگے کہ وہ آگ میں
پڑا اور حالانکہ وہ باغ میں ہوگا پھر حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی خدا کے نزدیک اس مومن کی شہادت نہایت عمدہ ہی خ ابْنُ مَسْعُودٍ هٰذَا الْإِنْسَانُ وَهٰذَا أَجَلُهُ
مُحِيطٌ بِهِ أَوْ قَدْ أَحَاطَ بِهِ وَهٰذَا الَّذِي هُوَ خَارِجٌ أَمَلُهُ وَهٰذِهِ الْخُطَطُ الصِّغَارُ الْأَعْرَاضُ فَإِنْ أَخْطَأَهُ هٰذَا نَهَشَهُ هٰذَا وَإِنْ أَخْطَأَهُ
هٰذَا نَهَشَهُ هٰذَا ق لِحِينَ خَطَّ خَطًّا مُرَبَّعًا وَخَطَّ خَطًّا فِي الْوَسَطِ خَارِجًا مِنْهُ وَخَطَّ خُطَطًا صِغَارًا إِلَى هٰذَا الَّذِي فِي الْوَسَطِ بخاری میں عبد الله
بن مسعود رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ آدمی ہی اور یہہ اوسکی موت ہی جو اوسکو گھیری ہی اور یہہ خط جو باہر نکلا ہی آدمی کی امید اور تمنا ہی اور یہہ چھوٹے چھوٹے
لکیریں مصیبت اور آفات ہیں سو اگر یہہ آفت چوکی تو اوس آفت نے آدمی کو کاٹا اور اگر چوکی تو اسنے کاٹا یہہ حضرت نے اوسوقت فرمایا جب چوکھونٹی لکیر کھینچے اور ایک لکیر
اوسکے اندر ایسی کھینچی کہ مربع سے باہر نکل گئی اور بیچ والی لکیر سے ملاکر چھوٹی چھوٹی لکیریں کھینچیں اس طرح سے ف اس حدیث میں حضرت نے آدمی کی حرص اور حماقت بیان کی
کہ باوجودیکہ موت تو ہر طرف سے گھیری ہی اور صدہا آفات اور مصائب پیش ہیں اگر ایک بلا سے بچا تو دوسرے سے نہیں بچ سکتا پھر بھی ترک دنیا اور قناعت نہیں
کرتا حرص کا یہہ عالم ہی کہ پچاس برس کی عمر نہیں لیکن صدہا برس کا سامان کرتا ہی آدمی کمال غافل اور نہایت عاقبت نااندیش ہی ق عَائِشَةُ هٰذَا الْحِمَالُ لَا حِمَالُ خَيْبَرَ
هٰذَا أَبَرُّ رَبَّنَا وَأَطْهَرُ كَانَ يَتَمَثَّلُ بِهِ عِنْدَ نَقْلِ اللَّبِنِ فِي بُنْيَانِ الْمَسْجِدِ بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ بوجھ
افضل ہی نہ کہ خیبر کا بوجھا ہمارے رب یہہ نیکتر اور پاکتر ہی حضرت یہہ فرماتے تھے اینٹیں لانیکے وقت ف مدینے کے لوگ خیبر سے خرمے لادلاتے تھے سو فرمایا کہ مسجد کے
واسطے اینٹیں لادنا خیبر کے خرمے لادنے سے بہتر اور افضل ہی کہ اسمیں دنیا کی فلاح ہی اور اسمیں آخرت کی خ عَائِشَةُ هٰذَا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ الْمَنْزِلُ قَالَ حِينَ بَرَكَتْ نَاقَتُهُ
عِنْدَ مَوْضِعِ الْمَسْجِدِ بخاری میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر خدا نے چاہا تو یہی رہنے کا مکان ہوگا یہہ حضرت نے اوس وقت فرمایا جب آپکی اونٹنی مسجد کی جگہہ
بیٹھ گئی ف حضرت جب مکے سے ہجرت کی اور مدینے میں تشریف لائے تو مدینے کے ہر ایک رئیس نے درخواست کی کہ حضرت ہمارے مکان میں تشریف رکھیں حضرت نے
فرمایا مجھکو اسمیں اختیار نہیں جہاں خدا کی مرضی ہوگی وہیں یہہ اونٹنی بیٹھ جاویگی سو جہاں حضرت کی اب مسجد ہی وہیں اونٹنی بیٹھ گئی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
ابو ایوب انصاری کا گھر وہاں سے قریب تھا حضرت وہاں چند مدت رہے پھر مسجد کی تعمیر کی اور وہیں گھر بنایا اور وہیں قبر مبارک ہوئی خ ابْنُ عَبَّاسٍ هٰذَا جِبْرِيلُ
آخِذٌ بِرَأْسِ فَرَسِهِ وَعَلَيْهِ أَدَاةُ الْحَرْبِ بخاری میں عبد الله بن عباس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ جبرئیل ہی اپنے گھوڑے کا سر تھامے ہی اور اوسپر
لڑائی کی ہتھیار ہیں ف حضرت نے جنگ خندق کے بعد جب بنی قریظہ پر چڑھائی کی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی باقی اسکا قصہ سیر کے باب میں گذرا م الْعَبَّاسُ بْنُ
عَبْدِ الْمُطَّلِبِ هٰذَا حِينَ حَمِيَ الْوَطِيسُ قَالَهُ يَوْمَ حُنَيْنٍ مسلم میں حضرت عباس بن عبد المطلب سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ وقت ہی کہ تنور بھڑکا
یعنی تو جنگ خوب گرم ہوا ہی بہت گھمسان کی لڑائی ہوئی یہہ حضرت نے جنگ حنین کے دن فرمایا ف پھر حضرت نے چند کنکر لیکر کفار کی طرف پھینکے اور فرمایا کہ کفار بھاگ گئے

سستی ہوئے گئے تو سنے کفار قریش سے کہا کہ یے لوگ تو زیارت ہی کے لئے آئے ہیں قربانیاں انکے ساتھ ہیں پھر کفار قریش نے مکرز بن حفص کو خبر تحقیق کرنیکے واسطے بھیجا
باقی اسکا قصہ کتاب الجہاد میں گذر چکا ق مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ هَذَا يَوْمُ عَاشُورَاءَ وَلَمْ يَكْتُبِ اللَّهُ عَلَيْكُمْ صِيَامَهُ وَأَنَا صَائِمٌ فَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ
يَصُومَ فَلْيَصُمْ وَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يُفْطِرَ فَلْيُفْطِرْ بخاری و مسلم میں معاویہ بن ابو سفیان رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا عاشورے کا دن ہے اور خدا نے اسکا
روزہ تم پر فرض نہیں کیا اور میں روزہ دار ہوں سو جو شخص کہ تم میں سے روزہ رکھا چاہے سو رکھے اور جو شخص کہ تم میں سے نہ روزہ رکھا چاہے سو نہ رکھے ف عاشورا محرم کی دسویں تاریخ کا نام
ہے اسکا روزہ فرض نہیں سنت ہے حضرت نے اسکے روزے رکھنے نہ رکھنے کا اختیار دیا تاکہ معلوم ہو کہ سنت ہے فرض نہیں ق أَبُو هُرَيْرَةَ هَذِهِ صَدَقَاتُ قَوْمِي
يعني بَنِي تَمِيمٍ بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہ صدقے میری قوم کے ہیں یعنی بنی تمیم کے ف جب قوم بنی تمیم کی زکوۃ کی مال آئی تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی بنی تمیم کو حضرت نے اپنا قوم اسواسطے فرمایا کہ وے مضر کی اولاد میں ہیں اور مضر حضرت کے اجداد میں ہے اور بعضے کہتے ہیں کہ حضرت کے ننھال سے بنی تمیم کو قرابت ہے
خ ابْنُ عَبَّاسٍ هَذِهِ وَهَذِهِ سَوَاءٌ يعني الْخِنْصَرَ وَالْإِبْهَامَ بخاری میں عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ اور یہہ برابر ہیں یعنی
چھنگلی اور انگوٹھا خون بہا میں برابر ہیں ف آدمی کا پورا خون بہا ہزار دینار یا دس ہزار درہم یا سو اونٹ اور انگلی کا خون بہا دسواں حصہ ہے پوری دیت یعنی سو دینار یا ہزار درہم
یا دس اونٹ خلاصہ یہہ کہ دیت سب انگلیوں کی برابر ہے چھوٹی ہوں یا بڑی ق ابْنُ عَبَّاسٍ هَلَّا أَخَذْتُمْ إِهَابَهَا فَدَبَغْتُمُوهُ فَانْتَفَعْتُمْ بِهِ يعني شَاةً
لِمَيْمُونَةَ مَيْتَةً بخاری اور مسلم میں عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیوں نہ اوسکی کھال کو لے لیا پھر اوسکو تم پاک صاف کرتے پھر اوسکو اپنے کام میں لاتے یعنی حضرت
میمونہ رض کی مردہ بکری ف حضرت میمونہ کی بکری مر گئی اوسکو گھوڑی باہر ڈال دیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی ہر جانور کی کھال صاف کرنیکے بعد کام میں لانے کے لائق ہے موت سے کھال
حرام نہیں ہوتی خ أَبُو هُرَيْرَةَ هَلَاكُ أُمَّتِي وَيُرْوَى هَلَكَةُ أُمَّتِي عَلَى يَدَيْ غِلْمَةٍ مِنْ قُرَيْشٍ بخاری میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میری امت
کی ہلاکی قریش کی لونڈوں کے ہاتھ سے ہوگی ف صحیح بخاری میں یوں روایت ہے کہ یہ حضرت کی مسجد کے اندر مروان کے روبرو ابو ہریرہ رض نے یہہ حدیث بیان کی مروان نے کہا خدا اونپر
لعنت کرے کیا وے لونڈے ہونگے ابو ہریرہ نے کہا اگر میں چاہوں تو اونکے نام بھی لے دوں کہ فلانا اور فلانا ف یعنی قریش کی قوم سے چند نوجوان خدا ناترس بے عقل حاکم ہونگے مسلمانوں کی
بے عزتی اور خونریزی ناحق کرینگے جیسے یزید پلید اور اکثر مروان کی اولاد اور بعضے عباسی بادشاہ یہہ حدیث معجزہ ہے کہ جیسا حضرت نے فرمایا ویسا ہی ہوا چنانچہ اسکا مفصل حال
تاریخ میں مذکور ہے ق أَبُو هُرَيْرَةَ هُمْ أَشَدُّ أُمَّتِي عَلَى الدَّجَّالِ يعني بَنِي تَمِيمٍ بخاری و مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میری امت میں وے نہایت
سخت ہیں دجال پر یعنی بنی تمیم یعنی جب دجال نکلیگا تو بنی تمیم کی قوم اوسکا مقابلہ کریگی ق أَبُو ذَرٍّ هُمُ الْأَخْسَرُونَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ
فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي مَنْ هُمْ قَالَ هُمُ الْأَكْثَرُونَ أَمْوَالًا إِلَّا مَنْ قَالَ هَكَذَا وَهَكَذَا وَهَكَذَا مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ وَعَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ
وَقَلِيلٌ مَا هُمْ مَا مِنْ صَاحِبِ إِبِلٍ وَلَا بَقَرٍ وَلَا غَنَمٍ لَا يُؤَدِّي زَكَاتَهَا إِلَّا جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْظَمَ مَا كَانَتْ وَأَسْمَنَهُ تَنْطَحُهُ بِقُرُونِهَا
وَتَطَؤُهُ بِأَظْلَافِهَا كُلَّمَا نَفِدَتْ أُخْرَاهَا عَادَتْ عَلَيْهِ أُولَاهَا حَتَّى يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ بخاری اور مسلم میں ابو ذر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وے
نہایت زیانکار اور بڑی ٹوٹی والے ہیں قسم ہے رب کعبہ کی تو میں نے کہا یا رسول اللہ آپ پر میرا باپ قربان وے زیانکار کون ہیں حضرت نے فرمایا وے بڑے مالدار مگر وے زیانکار نہیں جو یوں اسطرح اسطرح
اور اسطرح اپنے آگے سے اور پیچھے سے اور اپنے داہنے سے اور بائیں سے اور ایسے لوگ تو کم ہیں جو اونٹ اور گائے اور بکریوں والا اونکی زکوۃ نہ دیگا تو قیامت میں وے جانور دنیا سے بہت بڑے
اور نہایت موٹے ہوکر آوینگے اوسکو کو نخینگے اپنے سینگوں سے اور اوسکو روندینگے اپنے کھروں سے جب پچھلے جانور گذر چکینگے تو پہلے جانور پھر پلٹ آوینگے اسیطرح کو بچاؤ نہ ہوگا
یہانتک کہ آدمیوں میں فیصلہ ہو چکیگا ف ابو ذر رض سے روایت ہے کہ حضرت کعبے کے سایہ میں بیٹھے تھے تو جب مجھکو حضرت نے دیکھا تب یہہ حدیث فرمائی یعنی
مالدار تو کم ہیں اکثر بخیل ہوتے ہیں زکوۃ دیوینگے محتاجوں کی خبر لیوینگے جب قیامت کے عذاب میں گرفتار ہونگے تب اونکی زیانکاری ثابت ہوگی خ أَبُو هُرَيْرَةَ هُمَا مِنْ طَعَامِ
الْجِنِّ وَإِنَّهُ أَتَانِي وَفْدُ جِنِّ نَصِيبِينَ وَنِعْمَ الْجِنُّ فَسَأَلُونِي الزَّادَ فَدَعَوْتُ اللَّهَ لَهُمْ أَنْ لَا يَمُرُّوا بِعَظْمٍ وَلَا بِرَوْثَةٍ إِلَّا وَجَدُوا عَلَيْهَا طَعَامًا
ق لَمَّا حِينَ قَالَ لَهُ لَا تَأْتِنِي بِعَظْمٍ وَلَا رَوْثَةٍ فَقَالَ مَا بَالُ الْعَظْمِ وَالرَّوْثَةِ بخاری میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وے دونوں یعنی
ہڈی اور لید جن کا کھانا ہے اور اسکا حال یوں ہے کہ میرے پاس شہر نصیبین کے جن ایلچی آئے اور وے خوب جن ہیں سو انہوں نے مجھ سے کھانا مانگا تو میں نے اونکے واسطے خدا
سے مانگا کہ وے جس ہڈی اور لید پر ہوکر نکلیں اوسپر اپنی خوراک پاویں یہہ حضرت نے ابو ہریرہ رض سے فرمایا جب کہ حضرت نے اونسے فرمایا کہ میرے پاس ہڈی اور لید نہ لانا تو ابو
ہریرہ رض نے کہا کہ ہڈی اور لید لانے کا کیا سبب ہے ف ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھ سے فرمایا کہ پتھر واسطے ڈھیلے لا تا کہ میں طہارت کروں اور ہڈی اور لید مت
لانا تب میں نے اسکا سبب پوچھا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی نصیبین ایک شہر کا نام ہے وہاں کے جن مسلمان ہو گئے تھے سو اسواسطے حضرت نے اونکی تعریف کی اور دعا کی حضرت
کی دعا سے ہڈی پر گوشت چڑھ جاتا ہے اوسکو جن کھاتے ہیں اور لید گھاس ہو جاتی ہے اوسکو اونکے جانور کھاتے ہیں تو اسی سبب سے ہڈی اور لید سے استنجا منع ہوا ہے ق أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ
هُوَ رِزْقٌ أَخْرَجَهُ اللَّهُ لَكُمْ فَهَلْ مَعَكُمْ مِنْ لَحْمِهِ شَيْءٌ فَتُطْعِمُونَا قَالَ أَبُو عُبَيْدَةَ فَأَرْسَلْنَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مِنْهُ فَأَكَلَ

اور ہم پر بھوک غالب تھی تو سمندر نی ایک مردہ مچھلی باہر ڈال دی ویسی بڑی مچھلی ہمنے کبھی نہ دیکھی تھی اوسکی پسلی کی تلے سے گھوڑا مع سوار کے گذر جاتا تھا
اول اوسکی حلال ہونے میں تردد ہوا بعد اسکی اضطرار کی سبب سے اوسکو کھانا شروع کیا ہم تین سو آدمی تھی مہینہ بھر وہاں رہے اور کھاتے رہے جب ہم مدینے میں آئے
تو حضرت سے یہہ قصہ نقل کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائے امام اعظم کے مذہب میں اگر مچھلی بے سبب مر جاوے اور پانی پر اتر آوے تو حلال نہیں اور اگر کسی
اور سبب سے مر جاوے تو حلال ہے **ف** حسن صنعانی اس کتاب کی مصنف نے کہا کہ خدا اسکی اسیری کو اپنی قدرت سی بر لاوے اور اپنی حجت اور دلیل سے اوسکی قولوں کو سچا کرے
کہ میں اپنی فرش پر لیٹا اتوار کی رات تھی ربیع الاول کی گیارہویں تاریخ سن چھ سو بائیس ہجری میں اور جی نے کہا کہ الہی مجھکو آج کی رات اپنی پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب
میں دکھلا دے کہ اسکی دیدار کو میرا اشتیاق تو جانتا ہے تو رات کو ایک نیند کے بعد میں نے دیکھا کہ گویا میں اور حضرت ایک بالاخانے پر ہوں اور چند لوگ
حضرت کے سامنے ہم سے نیچی بالاخانے کی سیڑھی پاس موجود ہیں تو میں نے کہا یا رسول اللہ آپ کیا فرماتے ہیں مردہ مچھلی کی مقدمے میں جسکو سمندر نے باہر ڈالا کیا وہ حلال ہے تو حضرت
نے مسکرا کر فرمایا کہ ہاں حلال ہے تو میں نے عرض کی اور جو لوگ سیڑھی کی نیچے ہیں اونکی طرف اشارہ کیا کہ یہہ ان صاحبوں سی فرما دیجئے کہ یہ لوگ مجھکو سچا نہیں جانتے
تو حضرت نے فرمایا کہ تونے مجھکو گالی دی اور ان لوگوں نے مجھکو عیب لگایا تو میں نے عرض کی یا رسول اللہ یہ کیوں کر ہے تو حضرت نے کچھہ کلام کیا کہ اوسکی لفظیں مجھکو یاد نہیں ہیں
ولیکن اوسکا مطلب تو یہی تھا کہ تونے میری حدیث ان لوگوں سے بیان کی جو اوسکو نہیں قبول کرتے یعنی ناہلوں کی روبرو حضرت کی حدیث نقل کرنا گمان بی ادبی ہے گالی
دینی کی برابر ہے پھر حضرت ان لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اونکو ملامت اور نصیحت کرنے لگے پھر میں نے اس رات کی فجر کو کہا کہ میں خدا کی پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ اس
کی بعد میں حضرت کی حدیث کو کسی سی بیان کروں مگر ان نہیں لوگوں سے کہونگا کہ جو اپنی اختلافات میں حضرت ہی کو حکم اور فیصلہ کرنے والا جانتے ہیں پھر اپنی دلوں
میں حضرت کی حکم اور فیصلے سے کچھہ تنگی اور اداسی نہیں پاتی اور اپنا کاروبار سب حضرت ہی کو سونپتے ہیں دل سے مان کر **ف** مصنف کی خواب سے بھی معلوم ہوا کہ
ایسی مچھلی حلال ہے اور ثابت ہوا کہ حضرت کی حدیث ناہلوں کے روبرو بیان کرنا بے ادبی ہے مشتاق دیدار سی کہیے نااہل کی روبرو ضائع کرے **ق** اَلْعَبَّاسُ بْنُ
عَبْدِ الْمُطَّلِبِ هُوَ فِيْ ضَحْضَاحٍ مِنَ النَّارِ وَلَوْلَا اَنَا لَكَانَ فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ يَعْنِيْ اَبَا طَالِبٍ بخاری اور مسلم میں عباس بن عبد المطلب سی روایت
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وہ یعنی ابو طالب دوزخ کی پایاب یعنی چھچھلی آگ میں ہے اور اگر میں نہ ہوتا تو دوزخ کی نیچے تہ میں ہوتا **ف** ابو طالب نے حضرت کو پرورش کیا اور
ہمیشہ حضرت کی حامی اور مددگار رہے اس واسطے دوزخ میں ان پر کمتر ان کا عذاب ہوا **ق** اَنَسٌ هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدِيَّةٌ يَعْنِيْ لَحْمًا تُصُدِّقَ
بِهِ عَلٰى بَرِيْرَةَ بخاری اور مسلم میں انس رض سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وہ گوشت اسکے حق میں صدقہ ہے اور ہماری واسطے تحفہ ہے یعنی وہ گوشت جو بریرہ کو صدقہ
ملا تھا **ف** بریرہ حضرت عائشہ رض کی خادمہ تھی اسکو زکوۃ کا گوشت ملا تھا حضرت نے اسکو کھایا اور یہہ فرمایا یعنی جب زکوۃ کا اول محتاج مالک ہو پھر اسسے غنی یا ہاشمی
کو ہدیہ دیوے تو درست ہے **م** حَمْزَةُ بْنُ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيُّ هِيَ رُخْصَةٌ مِنَ اللّٰهِ فَمَنْ اَخَذَ بِهَا فَحَسَنٌ وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يَصُوْمَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ **قاله**
لَهُ حِيْنَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَجِدُ بِيْ قُوَّةً عَلَى الصِّيَامِ فِي السَّفَرِ فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ مسلم میں حمزہ بن عمرو رض سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سفر
میں افطار کرنا رخصت ہے خدا کی طرف سے سو جو اس رخصت کو لیوے تو اچھا ہے اور جو کہ روزہ رکھا چاہے تو اس پر کچھہ گناہ نہیں یہ حضرت نے حمزہ سے کہا جب اونی
کہا تھا کہ یا رسول اللہ میں اپنی اندر سفر میں روزہ رکھنی کی قوت پاتا ہوں سو کیا مجھہ پر گناہ ہے روزہ رکھنے میں **ف** یعنی تخفیف اور آسانی کی واسطی خدا نے روزہ کھانے کی
سفر میں اجازت دی ہے یہہ حکم فرض نہیں سفر میں روزہ رکھنے نہ رکھنے میں آدمی کو اختیار ہے **م** اَبُوْ مُوْسٰى هِيَ مَا بَيْنَ اَنْ يَجْلِسَ الْاِمَامُ اِلٰى اَنْ تُقْضٰى
الصَّلٰوةُ يَعْنِيْ سَاعَةَ الْجُمُعَةِ مسلم میں ابو موسی رض سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جمعہ کی مقبول ساعت امام کی بیٹھنے سی نماز کی ادا ہونی
تک ہے **ف** بہت احادیث میں ثابت ہے کہ جمعہ میں ایک ایسی ساعت ہے کہ مسلمان جو دعا کرے سو قبول ہوتی ہے لیکن اسمیں اختلاف ہے کہ وہ ساعت کون
ہے سو دو قول اون میں نہایت صحیح ہیں ایک تو یہ کہ وہ ساعت اوس وقت سے ہے کہ امام منبر پر بیٹھے یہاں تک کہ نماز ہو چکے اس قول کی سند یہی حدیث ہے دوسرا قول
یہ کہ وہ ساعت جمعہ کی اخیر ساعت ہے جب آفتاب ڈوبنے لگے چنانچہ عبد اللہ بن سلام سے اس مضمون کی حدیث منقول ہے اکثر علما کی نزدیک دوسرا قول نہایت قوی ہے
چنانچہ اسکی تفصیل صراط المستقیم سفر السعادت کی شرح میں موجود ہے جسکو تحقیق کا شوق ہوا وہ اسکو دیکھے **خ** اَبُوْ هُرَيْرَةَ يَمِيْنُ اللّٰهِ مَلْاٰى لَا تَغِيْضُهَا
نَفَقَةٌ سَحَّاءُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ اَرَاَيْتُمْ مَا اَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فَاِنَّهُ لَمْ يَنْقُصْ مَا فِيْ يَمِيْنِهِ وَعَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ
وَبِيَدِهِ الْاُخْرٰى الْقَبْضُ اَوِ الْفَيْضُ يَرْفَعُ وَيَخْفِضُ بخاری میں ابو ہریرہ رض سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کی قدرت کا داہنا
ہاتھ بھرا ہے خرچ کرنا اسکو کم نہیں کرتا وہ دست قدرت شب و روز نذر کرنے والا ہے یعنی ہر دم فیض کا دریا جاری ہے بھلا دیکھو تو کہ جو خدا نے خرچ کیا جیسی کہ آسمانوں اور
زمین کو بنایا تو اتنی خرچ نے تو اسکے داہنے ہاتھ میں سے کچھہ نہیں کم کیا اور حالانکہ یہ فیض اس وقت سے ہے کہ عرش خدا پانی پر تھا یعنی ازل سی اور خدا کی دوسرے
ہاتھ میں موک ہے یا یوں فرمایا کہ فیض ہے کسیکو اٹھاتا ہے اور کسیکو جھکاتا ہے **ف** یعنی کشایش اور تنگی دونوں خدا کی صفتیں ہیں **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ

عوض اوسکو میں بہشت دونگا **ف** دونوں آنکھیں آدمی کو بہت پیاری ہیں انکا جھوٹ جانا گویا سختی کا کام ہونا اس پر نہایت شاق ہی جب اوسنی ایسی سخت مصیبت پر صبر کیا اپنی مالک کا شکوہ نکیا تو اس واسطے اسکا بدلا بہشت کو مقرر کیا **خ** اَبُوْهُرَيْرَةَ اِذَا اَحَبَّ الْعَبْدُ لِقَائِيْ اَحْبَبْتُ لِقَائَهُ وَاِذَا كَرِهَ لِقَائِيْ كَرِهْتُ لِقَائَهُ بخاری میں ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ جب بندہ نے میرا ملنا دوست رکھا تو میں بھی اسکا ملنا دوست رکھتا ہوں اور جب اسکو میرا ملنا برا لگا تو مجھکو بھی اوسکا ملنا برا لگتا ہی **ف** یعنی ایماندار کو نزع وقت مغفرت کی بشارت ہوتی ہی تو وہ موت کا اور خدا کی حضوری کا مشتاق ہوتا ہی اور کافر کو نزع وقت عذاب نظر آتا ہی تو وہ موت سے اور خدا کی حضوری سے گھبراتا ہی **خ** اَبُوْهُرَيْرَةَ اِذَا تَلَقَّانِيْ عَبْدِيْ بِشِبْرٍ تَلَقَّيْتُهُ بِذِرَاعٍ وَاِذَا تَلَقَّانِيْ بِذِرَاعٍ تَلَقَّيْتُهُ بِبَاعٍ وَاِذَا تَلَقَّانِيْ بِبَاعٍ جِئْتُهُ بِاَسْرَعَ بخاری میں ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ جب میرا بندہ میرے آگے بالشت بھر بڑھتا ہی تو میں اسکے آگے ہاتھ بھر بڑھتا ہوں اور جب وہ میرے آگے ہاتھ بھر بڑھتا ہی تو میں اسکے آگے دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ برابر بڑھتا ہوں اور جب وہ میرے آگے دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ برابر بڑھتا ہی تو میں اسکے پاس اس سے بھی زیادہ جلدی بڑھتا ہوں **ف** یعنی جتنا بندہ خدا کی طرف متوجہ ہوتا ہی تو اوس کا دونا چوگنا خدا بندے پر متوجہ ہوتا ہی اسکا مددگار ہو کر دین کی مشکل کام اس پر آسان کر دیتا ہی اس حدیث میں نیک کاموں کی ترغیب ہی جن سے خدا کی نزدیکی حاصل ہوتی ہی **م** اَبُوْهُرَيْرَةَ اِذَا هَمَّ عَبْدِيْ بِسَيِّئَةٍ فَلَا تَكْتُبُوْهَا عَلَيْهِ فَاِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوْهَا سَيِّئَةً وَاِذَا هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا فَاكْتُبُوْهَا حَسَنَةً فَاِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوْهَا عَشْرًا مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرشتوں سے فرماتا ہی کہ جب میرا بندہ بدی کا قصد کرے تو اسکو مت لکھو اور اگر اوسنے اوس بد کام کو کیا تو ایک بدی لکھو اور جب اوسنے نیکی کا قصد کیا اور اس پر عمل نکیا تو ایک نیکی لکھو اور اگر اوسنے نیک کام کیا تو دس نیکیاں لکھو **ف** سبحان اللہ کیا اوسکی رحمت اپنے بندوں پر ہی حساب ہے کہ بد کام کی قصد کو نہ لکھا وے اور نیک کام کی قصد کو بدون کیے لکھا اور بدی کو ایک ہی رکھے اور نیکی کو دس گنا کر ڈالے لیکن اسکو دریافت کیا چاہیے کہ بدی کا قصد البتہ نہیں لکھا جاتا لیکن اگر بدی کی قصد پر عزم مصمم ہو گیا یعنی اسکا کرنا بے تردد خوب سا دل میں ٹھن گیا ہو تو اسکے دو صورتیں ہیں ایک تو یہ کہ بعد عزم مصمم ہونے کے اوس بد کام کو خوف الٰہی سے عمل میں نلایا اور اس پر نہ بندہ ہوا تو ایک نیکی لکھی جاوی گی اسواسطے کہ اوسنے خدا کے واسطے اپنی خواہش نفسانی کو مارا دوسری صورت یہ کہ بدی کا عزم مصمم سوا خوف الٰہی کے کسی اور سبب ظاہر ہونے پایا تو بے شک ایک گناہ لکھا جاویگا جیسے کسی نے رات کو اپنی دل میں یہ عزم مصمم کیا کہ میں کل فلانے کو قتل کر دونگا یا فلانی عورت سے حرام کرونگا اور اسی رات کو وہ مر گیا یا وہ عورت مر گئی تو اس پر قصد قتل اور حرام کا گناہ ثابت ہوا چنانچہ یہ مطلب اور حدیثوں میں صاف مذکور ہی **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ اَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِيْنَ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ میں نے تیار کر رکھا ہی اپنی نیک بندوں کے لئے جو کسی آنکھ نے نہ دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی آدمی کے دل میں خیال گذرا **ف** یعنے بہشت میں نیکوں کے واسطے ایسے عمدہ نعمتیں ہیں کہ اون کا مانند دنیا میں کوئی چیز نہیں جسکو مثال دیجیے + سبحان خالق العالم پاک + **م** اَبُوْهُرَيْرَةَ اَنَا اَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ مَنْ عَمِلَ عَمَلًا اَشْرَكَ فِيْهِ مَعِيَ غَيْرِيْ تَرَكْتُهُ وَشِرْكَهُ مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ میں بہ نسبت اور شریکوں کی نہایت بے پرواہ ہوں ساجھی سے جسنے کوئی ایسا عمل کیا جس میں میرے ساتھ میرے غیر کو ملایا اور ساجھی کیا تو میں اسکو اور اوسکی ساجھی کے کام کو چھوڑ دیتا ہوں **ف** یعنے جو عبادت اور عمل دکھاوے اور شہرت کے واسطے ہو وہ خدا کے نزدیک مقبول نہیں مردود ہی خدا اوسی عبادت اور عمل کو مقبول کرتا ہی جو خدا ہی کے واسطے خالص ہو دوسرے کا اوس میں کچھ بھی لگاؤ نہو **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِيْ بِيْ وَاَنَا مَعَ عَبْدِيْ اِذَا ذَكَرَنِيْ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا فرماتا ہی کہ میں اپنے بندے کے گمان اور اٹکل کے پاس ہوں جیسا گمان میرے ساتھ رکھے اور میں اپنے بندے کے ساتھ ہوتا ہوں جس دم کہ مجھکو یاد کرتا ہی **ف** پوری روایت یوں ہی کہ اگر بندہ مجھکو اپنی جی میں یاد کرتا ہی تو میں بھی اوسکو اپنے جی میں یاد کرتا ہوں اور اگر مجھکو مجمع میں یاد کرتا ہی تو میں اسکو اوس مجمع میں یاد کرتا ہوں جو اسکی مجمع سے بہتر ہی یعنے اوسکا ذکر فرشتوں اور ارواح انبیا میں کرتا ہوں اس حدیث میں ذکر کی فضیلت ہی اور نیک عمل کی ترغیب ہی جس سے حسن ظن خدا سے حاصل ہو اور یہ نہیں کہ گناہ پر تو اتر جاوے اور یوں کہے کہ خدا مجھکو ضرور بخشیگا اسواسطے کہ اسکا نام رجا اور حسن ظن نہیں بلکہ یہ باطل آرزو اور شیطانی وسواس ہی جیسے کوئی بدون جوتے بوئے حرمن کی آرزو رکھے تو سودائی اور دیوانہ گنا جاویگا **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ اِنَّ الصَّوْمَ لِيْ وَاَنَا اَجْزِيْ بِهِ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ روزہ میرا ہی واسطے ہی اور میں اسکا بدلا دونگا یعنے اوسکا فرشتوں سے بدلا نہ دلاؤنگا خود دونگا **ف** روزے کو خدا نے اپنی طرف اسواسطے نسبت کیا کہ اور عبادت میں جیسی زکاۃ حج میں ریا اور نمود داری کو دخل ہی لیکن روزے میں دخل نہیں کیونکہ اگر روزہ دار ظاہر نکرے تو اسکو کوئی نہیں جان سکتا اور دوسرا سبب یہ کہ ہر عبادت میں فرشتے آدمی کی شریک ہیں مگر روزے میں شریک نہیں اسواسطے کہ انکو جو کھانا پانی نہیں جسکو روکیں **م** اَنَسٌ اِنَّ اُمَّتَكَ لَا يَزَالُوْنَ يَقُوْلُوْنَ مَا كَذَا مَا كَذَا حَتّٰى يَقُوْلُوْا هٰذَا اللّٰهُ خَلَقَ الْخَلْقَ فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ مسلم میں انس سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ تیری امت ہمیشہ کہتے رہینگے کہ یہ کیا ہی وہ کیا ہی یہانتک کہ یہ کہینگے کہ خدا نے سب مخلوق کو پیدا کیا سو خدا کو

عظمت اور جلال کی سبب سے آج انکو سایہ میں رکھونگا اپنی سایہ میں جس دن کوئی سایہ نہیں میرے سایہ کے سوا **ف** یعنے جو آپس میں فقط محبت رکھتے ہیں اور انکی محبت صرف خدا کیے واسطے ہی ریا اور طمع دنیا اور خواہش نفسانی سے اون کی محبت پاک ہے وہ قیامت کو ایسا درجہ پاوینگے کہ خدا کی حمایت اور عرش کے سایہ میں ہونگی **خ** اَبُوْ هُرَيْرَةَ ثَلٰثَةٌ اَنَا خَصْمُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَجُلٌ اَعْطٰى بِيْ ثُمَّ غَدَرَ وَرَجُلٌ بَاعَ حُرًّا فَاَكَلَ ثَمَنَهٗ وَرَجُلٌ اسْتَاجَرَ اَجِيْرًا فَاسْتَوْفٰى مِنْهُ وَلَمْ يُعْطِ اَجْرَهٗ بخاری میں ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ تین شخص کا میں دشمن ہوجاؤنگا قیامت کے دن ایک تو وہ مرد جسنے میرا درمیان دیکے دغا کی اور دوسرا مرد وہ جسنے آزاد آدمی کو بیچا سو اوسکی قیمت کھائی اور تیسرا مرد وہ جسنے کسی مزدور کو مزدوری لگایا پھر اوس سے پورا کام کروالیا اور اوسکی مزدوری نہ دیا **ف** خدا کو درمیان دیا یعنے کسی سے قول قسم کی خدا کو درمیان دیکر یا کسی سے قرض لیا خدا کو ضامن دیکر **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ قَسَمْتُ الصَّلٰوةَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ عَبْدِيْ نِصْفَيْنِ وَلِعَبْدِيْ مَا سَاَلَ مسلم میں ابوہریرہ رضؓ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ میں نے نماز کو بانٹا اپنے اور اپنے بندے کے درمیان آدھوں آدھ اور میرے بندے کے لئے ہی جو مانگے **ف** پوری بیہہ حدیث یوں ہے کہ جب بندہ الحمد للہ رب العالمین کہتا ہے خدا فرماتا ہے میرے بندے نے میری تعریف کی اور جب الرحمن الرحیم کہتا ہے خدا فرماتا ہے کہ میرے بندے نے میری ثنا اور صفت کی اور جب مالک یوم الدین کہتا ہے خدا فرماتا ہے میرے بندے نے میری بڑائی بیان کی اور جب ایاک نعبد وایاک نستعین کہتا ہے تو خدا فرماتا ہے کہ یہ آیت میری اور میرے بندے کے درمیان ہے یعنے عبادت خدا کو اور مدد کا فائدہ بندہ کو اور جب اہدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہتا ہے خدا فرماتا ہے یہ میرے بندے کی واسطے ہی یعنے سورۂ فاتحہ میں دو مطلب ہیں ایک حمد و ثنا دوسری دعا تو حمد و ثنا خدا کے واسطے ہی اور دعا بندے کے واسطے ہی سو اسی واسطے فرمایا کہ نماز یعنے سورۂ فاتحہ میرا اور میرے بندے کی درمیان آدھوں آدھ ہی **خ** اَبُوْ هُرَيْرَةَ كَذَّبَنِيْ ابْنُ اٰدَمَ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ ذٰلِكَ وَشَتَمَنِيْ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ ذٰلِكَ فَاَمَّا تَكْذِيْبُهٗ اِيَّايَ فَقَوْلُهٗ لَنْ يُّعِيْدَنِيْ كَمَا بَدَاَنِيْ وَلَيْسَ اَوَّلُ الْخَلْقِ بِاَهْوَنَ عَلَيَّ مِنْ اِعَادَتِهٖ وَاَمَّا شَتْمُهٗ اِيَّايَ فَقَوْلُهٗ اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا وَاَنَا الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ كُفُوًا اَحَدٌ بخاری میں ابوہریرہ رضؓ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ آدم کے بیٹے نے مجھکو جھٹلایا اور اسکو لازم نہ تھا اور مجھکو گالی دی اور اسکو لائق نہ تھا سو میرا جھٹلانا تو اوسکی اس قول میں ہے کہ کہتا ہی کہ خدا مجھکو کبھی دوسرا بار نہ بناویگا جیسی اوسنے اول بار مجھکو بنایا اور حالانکہ اول بار کا بنانا مجھپر بہت آسان نہیں دوسرے بار کے بنانے سے یعنے دونوں بار کا بنانا مجھکو برابر ہے اور یہہ نہیں کہ اول بار کا بنانا تو آسان ہوا اور دوسری بار کا مشکل اور مجھکو گالی دینا تو اس قول میں ہی کہ بندہ کہتا ہی کہ خدا نے بیٹا لیا اور حالانکہ میں تو وہی اکیلا پاک ہوں جو نہ کسی کو جنا نہ کسی سے جنا اور نہ اسکی جوڑ کا کوئی **ف** خدا نے قرآن میں خبر دی کہ قیامت ہوگی مُردے دوبار پیدا ہوں گی اور عرب کا فر اسکی انکار کرتی تہی تو اسواسطے اسکو تکذیب کہا اور گالی سے مراد عیسائی ہیں نصاری کہتے ہیں عیسیٰ خدا کا بیٹا ہی اور یہود عزیر کو بیٹا کہتے ہیں اور عرب کے کافر فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے تھے **م** عِيَاضُ بْنُ حِمَارٍ كُلُّ مَالٍ نَحَلْتُهٗ عَبْدًا حَلَالٌ وَاِنِّيْ خَلَقْتُ عِبَادِيْ حُنَفَاءَ كُلَّهُمْ وَاِنَّهُمْ اَتَتْهُمُ الشَّيَاطِيْنُ فَاجْتَالَتْهُمْ عَنْ دِيْنِهِمْ وَحَرَّمَتْ عَلَيْهِمْ مَا اَحْلَلْتُ لَهُمْ وَاَمَرَتْهُمْ اَنْ يُّشْرِكُوْا بِيْ مَا لَمْ اُنْزِلْ بِهٖ سُلْطَانًا مسلم میں عیاض بن حمار سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ جو مال کہ میں نے بندے کو دیا سو حلال ہے اور میں نے اپنے سب بندوں کو حقانی پیدا کیا جو باطل دین پر نہ جہکے اور البتہ اون کے پاس شیطان آئے سو اونکو اون کی پیدایشی دین سے پہیر ڈالا اور اُن پر حرام کیا جو میں نے ان پر حلال کر دیا تھا اور شیطانوں نے اون کو بتلایا کہ میرے ساتہہ اس چیز کو شریک ٹہراویں جس پر میں نے کوئی دلیل نہیں اتاری **ف** یعنے اگر شیطان اور کفار کسیکو نہ بہکاتے تو ہر آدمی اپنی پیدایشی دین پر رہتا یعنے شرکت کرتا اور حلال چیز کو بدون حکم الٰہی کے حرام نہ جانتا کفار عرب کا معمول تھا کہ بتوں کی نام پر سانڈ چھوڑتے اور اوسکا کھانا حرام جانتے سو فرمایا کہ یہ شیطانی بات ہی کہ حلال کو حرام کہتے ہیں اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نذر نیاز کے کھانے کو جسکو عورتیں اچھوتا کہتے ہیں بدون فاتحہ ہوے کہانا یا حضرت فاطمہ کی فاتحہ کے کہانے کو مردوں کو نہ دینا ہرگز درست نہیں یہہ بھی شیطانی بات ہے کہ شرع میں اس کا کچھ حکم نہیں **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ لَا يَنْبَغِيْ لِعَبْدٍ لِيْ وَيُرْوٰى لِعَبْدِيْ اَنْ يَّقُوْلَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ يُّوْنُسَ بْنِ مَتّٰى مسلم میں ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ میرے بندے کو لائق نہیں یوں کہنا کہ میں یونس بن متی سے بہتر ہوں **ف** حضرت یونسؑ بدون حکم خدا اپنی قوم سے نکل گئے تھے سو اگر کوئی اُن کو بے صبر جانکر اپنے تئیں بہتر کہے تو ہرگز درست نہیں اس واسطے کہ پیغمبروں سے کوئی بہتر نہیں ہو سکتا **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ مَا اَنْعَمْتُ عَلٰى عِبَادِيْ مِنْ نِّعْمَةٍ اِلَّا اَصْبَحَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ بِهَا كَافِرِيْنَ يَقُوْلُوْنَ الْكَوْكَبُ وَبِالْكَوْكَبِ مسلم میں ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی میں اپنے بندوں پر کوئی ایسی نعمت نہیں دیتا جسکی بعضے بندے منکر نہوتے ہوں کہتے ہیں فلانے ستارے نے پانی برسایا اور فلانے تارے کے سبب سے پانی برسا **ف** یعنے میہہ تو خدا برساتا ہی اور نادان لوگ اوسکو تارے اور نکہت کی تاثیر سے جانکر خدا کا شکر نہیں کرتے **خ** اَبُوْ هُرَيْرَةَ مَا زَالَ عَبْدِيْ يَتَقَرَّبُ اِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰى اَحْبَبْتُهٗ فَكُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِيْ يَسْمَعُ بِهٖ وَبَصَرَهُ الَّذِيْ يُبْصِرُ بِهٖ وَيَدَهُ الَّتِيْ

یا ندھتا ہی اور عبادت دو قسم ہی فرض اور نفل اگر فرض عبادت تو ہر وقت میسر نہیں ہوتی کہ اوسکی وقت مقرر ہیں تو مشتاق بندی سی اون وقتوں میں جو فرض سے خالی ہیں بی شغل اور خالی نہیں رہا جاتا اس واسطے ان خالی وقتوں کو نفل عبادت سے معمور رکھتا ہی جب چند مدت کمال شوق اور خلوص سے اسی طرح نوافل کا مستعد رہا تو بموجب وعدے کے مقبول درگاہ صمدی اور محبوب الٰہی ہوکر اسکا یہ حال ہوجاتا ہی کہ + شعر + ہمہ گوش تیم تا چہ فرمائی + ہمہ چشیم تا نظر آئی + اس حدیث سے صاف ثابت ہوا کہ ایسا مرد کمال بدون کثرت نوافل کے نہیں میسر ہوتا ہے تو معلوم ہوا کہ یہ جو بعضے جاہل بعضے خلاف شرع بے نمازی فقیروں کو ایسا کمال ثابت کرتے ہیں سو اونکا غلط گمان ہے اس واسطے کہ نفل کا کیا ذکر ہی وے لوگ تو فرض کو بھی حبط کر ڈالتے ہیں خ اَبُوْهُرَيْرَةَ مَا لِعَبْدِي الْمُؤْمِنِ عِنْدِي جَزَاءٌ اِذَا قَبَضْتُ صَفِيَّهُ مِنْ اَهْلِ الدُّنْيَا ثُمَّ احْتَسَبَهُ اِلَّا الْجَنَّةُ بخاری میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ بہشت کے سوا ایماندار میرے بندے کا کوئی بدلہ نہیں جب میں نے اوسکا اہل دنیا کا پیارا لے لیا پھر اسنے ثواب کے واسطے صبر کیا ف یعنے جب مومن کا دوست جیسے ماں باپ یا جورو یا بیٹا یا بھائی یا استاد مر گیا اور اوسنے صبر کیا تو اوسکا بدلا خدا نے بہشت مقرر کیا خ اَنَسٌ وَاَبُوْهُرَيْرَةَ مَنْ اَهَانَ لِي وَلِيًّا وَيُرْوٰى مَنْ عَادٰى لِي وَلِيًّا فَقَدْ بَارَزَنِي بِالْمُحَارَبَةِ وَمَا تَرَدَّدْتُ فِي شَيْءٍ اَنَا فَاعِلُهُ مَا تَرَدَّدْتُ فِي قَبْضِ نَفْسِ عَبْدِيَ الْمُؤْمِنِ يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَاَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ وَلَا بُدَّ لَهُ مِنْهُ وَمَا تَقَرَّبَ اِلَيَّ عَبْدِي الْمُؤْمِنُ بِمِثْلِ الزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا وَلَا تَعَبَّدَ بِمِثْلِ اَدَاءِ مَا افْتَرَضْتُهُ عَلَيْهِ بخاری میں انس اور ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ جو میرے ولی کی حقارت اور ذلت کرے اور دوسری روایت یوں ہے کہ جو میرے ولی سے عداوت کرے تو اوسنے البتہ میرے ساتھ لڑائی پر کمر باندھی اور کسی چیز میں جسکو میں کرنے والا ہوں مجھکو تردد نہیں ہوتا جیسے اپنے بندے ایماندار کی روح قبض کرنے میں تردد ہوتا ہے وہ تو موت کو مکروہ جانتا ہے اور میں اسکے ملول ہونے کو مکروہ جانتا ہوں اور حالانکہ اسکو موت سے کوئی چارہ نہیں یعنے اسکو مرنا ضرور ہے اور میرے بندے ایماندار نے میری نزدیکی نہیں پائی ہے ترک دنیا کی برابر اور نہ میری بندگی کی فرض ادا کرنے کے برابر ف ولی سے مراد متقی مومن ہی جیسے قرآن میں خدا نے فرمایا ہی کہ اولیاء اللہ پر کچھ خوف اور غم نہیں اولیاء اللہ وے ہیں جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے رہے اور یہہ جو فرمایا کہ جیسا مجھکو ایماندار کی موت میں تردد ہے تو کسی چیز میں ایسا تردد نہیں ہوتا ہر چند خدا تردد سے پاک ہے لیکن اس میں مزید رحمت کا بیان ہے یعنے ایمان کی برکت سے اور جوش رحمت سے مومن کی تردد کو خدا نے اپنی نسبت کیا جیسی چوتھی حدیث میں بیماری اور بھوکھ اور پیاس کو اپنی ذات پاک سے نسبت فرمایا پھر فرمایا کہ قرب الٰہی کا کوئی طریقہ ترک دنیا سے بہتر نہیں اور کوئی عبادت ادائے فرض سے افضل نہیں یعنے جو اولیاء اللہ کی ایسی عزت سنکر اون کی برابر ہونے کا مشتاق ہو اوسکو لازم ہے کہ اول دنیا سے بے تعلق ہوجاوے پھر عبادت پر کمر باندھے اور نفل کی نسبت فرض عبادت پر زیادہ تر کوشش کرے اور یہہ نہیں کہ فرض نماز میں تو مرغی کی طرح ٹھونگیں مارے جلدی جلدی جو چاہے سو پڑھے اور پیر کے وظیفے بڑا سے کو دو دو پہر پڑھے م جُنْدُبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَنْ ذَا الَّذِي يَتَأَلّٰى عَلَيَّ اَنْ لَا اَغْفِرَ لِفُلَانٍ اِنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُ وَاَحْبَطْتُ عَمَلَكَ مسلم میں جندب بن عبد اللہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے وہ کون ہی جو مجھ پر قسم کھاتا ہے کہ میں فلانے کو نہ بخشونگا مقرر اسکو تو میں نے بخشا اور تیرا عمل اکارت کیا ف یعنے کسی نے یوں کہا کہ قسم خدا کی کہ فلانے شخص کو خدا ہرگز نہ بخشیگا اوسنے گویا خدا پر حکومت کی اس واسطے اسکی نیک عمل کو خدا برباد کر ڈالتا ہی اور جس پر اسنے قسم کھائی اوسکو اپنی رحمت سے بخش دیتا ہے سعادت اور شقاوت اور خاتمہ کی حال سواے خدا کے کسیکو نہیں معلوم کیسا صحیح بخت کافر ہوا اور کیسا ہی گنہگار مسلمان ہو بالیقین اسکو دوزخی جاننا یا کہنا درست نہیں اس واسطے کہ شاید اوسکا خاتمہ بخیر ہو اور مرنے کے قریب توبہ کرے م اَبُوْهُرَيْرَةَ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذَهَبَ يَخْلُقُ خَلْقًا كَخَلْقِي فَلْيَخْلُقُوْا ذَرَّةً اَوْ لِيَخْلُقُوْا حَبَّةً اَوْ لِيَخْلُقُوْا شَعِيْرَةً مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ اس سے بڑا کون ظالم ہی جو گیا کہ بنادے تصویر کو میری طرح تو چاہئے کہ ایک ذرہ بنادیں یا ایک دانہ پیدا کریں یا ایک جو بنادیں ف یعنی جاندار کی صورت بنانے والے پیدا کرنے میں خدا کی ساتھ مشابہت کرتے ہیں حالانکہ ایسے عاجز ہیں کہ جاندار تو ایک طرف ہے ذرہ یا جو برابر بے جان حقیر چیز کو بھی نہیں بنا سکتے م اَبُوْهُرَيْرَةَ يَا ابْنَ اٰدَمَ اَنْفِقْ اُنْفِقْ عَلَيْكَ مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ اے آدم کے بیٹے مال کو خرچ کیا کر تو میں بھی تجھکو دیا کرونگا ف اس حدیث میں سخی کو خدا نے کثرت مال کا وعدہ کیا ہی یہی سبب ہے کہ سخی کو محتاج نہیں دیکھا لیکن اسکو دریافت کیا چاہئے کہ سخاوت خدا کو پسند ہے اور اسراف ناپسند ہی سخاوت یہ کہ شرع کے موافق نیک کاموں میں خرچ کرنا اور اسراف یہ کہ خلاف شرع بے جا کاموں میں مال کو اوڑانا جیسی ناچ رنگ اور نام و نمود کے مقاموں میں م اَبُوْهُرَيْرَةَ يَا ابْنَ اٰدَمَ مَرِضْتُ فَلَمْ تَعُدْنِي قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ اَعُوْدُكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ قَالَ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ عَبْدِي فُلَانًا مَرِضَ فَلَمْ تَعُدْهُ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّكَ لَوْ عُدْتَهُ لَوَجَدْتَنِي عِنْدَهُ يَا ابْنَ اٰدَمَ اسْتَطْعَمْتُكَ فَلَمْ تُطْعِمْنِي قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ اُطْعِمُكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ قَالَ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّهُ اسْتَطْعَمَكَ عَبْدِي فُلَانٌ فَلَمْ تُطْعِمْهُ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّكَ لَوْ اَطْعَمْتَهُ لَوَجَدْتَ ذٰلِكَ عِنْدِي يَا ابْنَ اٰدَمَ اسْتَسْقَيْتُكَ فَلَمْ تَسْقِنِي قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ اَسْقِيْكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ قَالَ اسْتَسْقَاكَ

اور جان کی ترغیب ہے **ق** ابوذر يَا عِبَادِي كُلُّكُمْ ضَالٌّ إِلَّا مَنْ هَدَيْتُهُ فَاسْتَهْدُونِي أَهْدِكُمْ يَا عِبَادِي كُلُّكُمْ جَائِعٌ إِلَّا مَنْ أَطْعَمْتُهُ فَاسْتَطْعِمُونِي أُطْعِمْكُمْ يَا عِبَادِي كُلُّكُمْ عَارٍ إِلَّا مَنْ كَسَوْتُهُ فَاسْتَكْسُونِي أَكْسُكُمْ يَا عِبَادِي إِنَّكُمْ تُخْطِئُونَ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَأَنَا أَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا فَاسْتَغْفِرُونِي أَغْفِرْ لَكُمْ يَا عِبَادِي إِنَّكُمْ لَنْ تَبْلُغُوا ضَرِّي فَتَضُرُّونِي وَلَنْ تَبْلُغُوا نَفْعِي فَتَنْفَعُونِي يَا عِبَادِي لَوْ أَنَّ أَوَّلَكُمْ وَآخِرَكُمْ وَإِنْسَكُمْ وَجِنَّكُمْ كَانُوا عَلَى أَتْقَى قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍ مِنْكُمْ مَا زَادَ ذَلِكَ فِي مُلْكِي شَيْئًا يَا عِبَادِي لَوْ أَنَّ أَوَّلَكُمْ وَآخِرَكُمْ وَإِنْسَكُمْ وَجِنَّكُمْ كَانُوا عَلَى أَفْجَرِ قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍ مِنْكُمْ مَا نَقَصَ ذَلِكَ مِنْ مُلْكِي شَيْئًا يَا عِبَادِي لَوْ أَنَّ أَوَّلَكُمْ وَآخِرَكُمْ وَإِنْسَكُمْ وَجِنَّكُمْ قَامُوا فِي صَعِيدٍ وَاحِدٍ فَسَأَلُونِي فَأَعْطَيْتُ كُلَّ إِنْسَانٍ مَسْأَلَتَهُ مَا نَقَصَ ذَلِكَ مِمَّا عِنْدِي إِلَّا كَمَا يَنْقُصُ الْمِخْيَطُ إِذَا أُدْخِلَ الْبَحْرَ يَا عِبَادِي إِنَّمَا هِيَ أَعْمَالُكُمْ أُحْصِيهَا لَكُمْ ثُمَّ أُوَفِّيكُمْ إِيَّاهَا فَمَنْ وَجَدَ خَيْرًا فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ وَمَنْ وَجَدَ غَيْرَ ذَلِكَ فَلَا يَلُومَنَّ إِلَّا نَفْسَهُ مسلم میں ابوذرؓ سے روایت ہے حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے اے میرے بندو تم سب بے راہ ہو مگر جسکو میں نے راہ بتلائی تو مجھسے ہدایت مانگو کہ تمکو راہ لگاؤں اے میرے بندو تم سب بھوکے ہو مگر جسکو میں نے کھلایا تو مجھسے کھانا مانگو کہ تمکو کھلاؤں اے میرے بندو تم سب ننگے ہو مگر جسکو میں نے پہنایا تو مجھسے لباس مانگو کہ تمکو پہناؤں اے میرے بندو تم گناہ کیا کرتے ہو دن رات اور میں سب گناہوں کی بخشنے والا ہوں تو مجھسے مغفرت مانگو کہ تم کو بخشوں اے میرے بندو تم کبھی مجھکو ضرر نہیں پہنچا سکتے کہ میرا کچھ ضرر کرو اور کبھی مجھکو فائدہ نہیں پہنچا سکتے کہ مجھکو فائدہ پہنچاؤ اے میرے بندو اگر تمہارے اگلے اور پچھلے اور تمہارے آدمی اور جن تم میں سے ایک شخص کی جو بڑا متقی پرہیزگار دل کے برابر ہو جاویں تو اسکا تقوی اور پرہیزگاری میری سلطنت میں کچھ نہ بڑھاوے اے میرے بندو اگر تمہارے اگلے اور پچھلے اور تمہارے آدمی اور جن تم میں سے ایک شخص کی نہایت بڑے گنہگار دل کی برابر ہو جاویں تو انکا فسق اور گنہگاری میری بادشاہی سے کچھ نہ گھٹا دے اے میرے بندو اگر تمہارے اگلے اور پچھلے اور تمہارے آدمی اور جن ایک میدان میں کھڑے ہوں اور مجھسے اپنی اپنی سوال کریں اور میں ہر آدمی کو اوسکی مانگی چیز کو دوں تو ایسا دینا اس سے کچھ نہ گھٹاوے جو میرے پاس ہے مگر جیسے سوئی گھٹاتی ہے جب اسکو سمندر میں ڈالی یعنے ایسی عطا سے بھی میری قدرت کے خزانے میں کمی نہیں ہوتی اے میرے بندو یہ تمہاری ہی اعمال ہیں جنکو تمہارے لیے شمار کر رکھتا ہوں پھر تمکو ان اعمال کا پورا بدلا دونگا سو جو شخص بہتر بدلا پاوے تو چاہیے کہ خدا کا شکر کرے کہ اوسکی کمائی کو ضایع نکیا اور جو اسکے سوا برا بدلا پاوے تو وہ اپنی جان کی سوا کسیکو الا ہنا نہ دے کہ جیسا کیا ویسا پایا **ف** اس حدیث میں تمام بندوں کی محتاجی اور عاجزی اور خدا کی شوکت اور شہنشاہی اور بے پرواہی اور کرم اور عدالت کا بیان ہے یعنے بندو میری الیجا کے بغیر تمہارا کوئی کام نہیں چل سکتا نہ دنیا میں راہ پانی اور طعام اور لباس تمکو مل سکتا ہے نہ آخرت میں گناہوں کی مغفرت بدون میرے ہو سکتی ہے تو میرے آگے گڑ گڑانا اور دعا کرنا ہر حال میں لازم ہوا اور میری بے پرواہی کا یہ حال ہے کہ اگر تم سب کے سب متقی کے برابر متقی ہو جاؤ تو اس سے میری سلطنت کی کچھ رونق موقوف نہیں اور اگر تمام جہان ابو جہل اور فرعون کے برابر ہو جاوے تو میرا کچھ نقصان نہیں پھر اپنی عطا بے حساب کی مثال دی کہ اگر تمام جہان کی طرح طرح کی سوال پوری کیجیے تو بھی یہاں کچھ کمی کا حرف نہیں پھر اپنی عدالت بیان فرمائی کہ آخر کا ثواب اور عذاب کا سبب تمہاری اعمال ہیں ہماری طرف سے کچھ ظلم نہیں **ق** أَبُو هُرَيْرَةَ يَا مُحَمَّدُ إِنِّي إِذَا قَضَيْتُ قَضَاءً فَإِنَّهُ لَا يُرَدُّ وَإِنِّي أَعْطَيْتُكَ لِأُمَّتِكَ أَنْ لَا أُهْلِكَهُمْ بِسَنَةٍ عَامَّةٍ وَأَنْ لَا أُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ يَسْتَبِيحُ بَيْضَتَهُمْ وَلَوِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِمْ مَنْ بِأَقْطَارِهَا أَوْ قَالَ مَنْ بَيْنَ أَقْطَارِهَا حَتَّى يَكُونَ بَعْضُهُمْ يُهْلِكُ بَعْضًا وَبَعْضُهُمْ يَسْبِي بَعْضًا بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ اے محمد میں جب کسی چیز کا حکم کرتا ہوں تو اسکو کوئی نہیں پھیر سکتا اور البتہ میں نے تجھکو دیا یعنی تیری امت کے واسطے یہ تجھپر احسان کیا کہ ان کو میں عالمگیر قحط سے نہ مار ڈالونگا اور ان کی سوا اور کسی دشمن کو ان پر غالب نہ کرونگا اس طرح پر کہ ان کی جڑ پیڑ کو اوکھاڑ ڈالے اگرچہ ان پر تمام دنیا کی اطراف جوانب کی کافر جمع ہو کر چڑھیں اور کافروں کا غلبہ اس واسطے نہ ہوگا تا کہ اس امت کے بعضے لوگ بعضوں کو ہلاک کریں اور بعضے ان کے بعضوں کو قید کریں **ف** یعنی قضا و قدر میں یہ ٹھہر چکا ہے کہ امت محمدی قیامت تک قائم رہیگی نہ ایسا قحط پڑیگا جس میں سب کے سب مر جاویں نہ ایسی قوم ان پر غالب ہونگے کہ بالکل ان کو نیست نابود کر ڈالیں ہر چند چنگیز خان اور ہلاکو کی وقت میں لاکھوں بلکہ کروروں مسلمان قتل ہوئے لیکن بالکل نیست اور نابود نہیں ہو گئے ہاں یہ البتہ ہے کہ اس امت میں آپس کا اختلاف اور شر و فساد اور غارت گری اور قتل موقوف نہوگا چنانچہ تاریخ کی کتابوں میں یہ حال ظاہر ہے

اَلْبَابُ الثَّانِي عَشَرَ فِي جَوَامِعِ الْأَدْعِيَةِ

بارھویں باب میں حضرت کی دعائیں ہیں جو ہر ایک مطلب کے جامع ہیں افضل یہ ہے کہ حضرت کی دعائیں یاد کرکے عمل میں لاوے اسواسطے کہ اول تو یہ کہ کوئی ایسا مطلب دینی یا دنیاوی نہیں جسکی حضرت نے مجمل یا مفصل دعا نکی ہو دوسری یہ کہ جو دعا حضرت کے زبان مبارک برگزیدہ سے نکلے بلاشک بابرکت اور مقبول ہے تو ہمکو حضرت کی دعاؤں کو یاد کرنا اور دعاؤں کو سیکھنی **ق** عَائِشَةُ أَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا كَانَ إِذَا اشْتَكَى إِنْسَانٌ مَسَحَهُ بِيَمِينِهِ ثُمَّ قَالَ بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رضہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کسی کو بیماری آ دے اسکے لیے اے رب اور شفا دے تو ہی شافی ہے صحت نہیں بدون تیرے صحت کے ایسی شفا دے جو بیماری کو نچھوڑے حضرت کا معمول تھا کہ جب کوئی آدمی بیمار ہوتا اسکو اپنے داہنے ہاتھ سے سہلاتے پھر یہ دعا پڑھتے

سے سہلاتے ہوئے **ق** أَنَسٌ اَللّٰهُمَّ ... مِنَ النَّارِ ...

اور ہم سکو قابو مین نکر سکتے اور ہم ہر حال میں اپنی رب ہی کی طرف رجوع لانیوالے ہیں آلہی ہم اپنی اس سفر مین نکوکاری اور پرہیزگاری تجھسے مانگتے ہین اور وہ کام چاہتے ہین جسمین تو راضی ہوجاوے آلہی
ہم پر اس سفر کو آسان کر دے اور اس سفر کی دوری و درازیکو ہم سے لپیٹ ڈال یعنے جلدی سے سفر کٹ جاوے آلہی تو سفر مین تو ساتھی ہے اور گھربار کا خلیفہ ہی یعنے نگہبان آلہی مین تیری پناہ
مانگتا ہون سفر کی سختی اور بدشکلی سے اور مال و گھربار کی بری الٹ پلٹ سے اور عبداللہ بن سرجس نے بہی ایسی ہی روایت کی اور اتنی زیادہ روایت کی ہی کہ آلہی تیری پناہ تو ٹی سی ہو جانیکے
بعد ہوا اور مظلوم کی بددعا سے **ف** یہ دعا حضرت سفر کرتے وقت فرماتی **ق** ابن عمر وَإِذَا رَجَعَ قَالَهُنَّ وَزَادَ فِيهِنَّ آئِبُونَ تَائِبُونَ عَابِدُونَ لِرَبِّنَا حَامِدُونَ
[illegible] صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رض سے روایت ہی اور جب حضرت سفر سے پلٹتے تو اور
[illegible] اوسی دعا مین اتنا اور بڑہاتی کہ ہم سفر سے پھرتے تو بہ بندگی سجدہ کرنے والے ہم اپنے رب کی ستایش گذار ہین خدا نے اپنا وعدہ سچا کیا اور اپنے بندے یعنے حضرت کی مدد کی
اور کفار کی گروہون کو بہگایا وہ اکیلا ہی اوسکا کوئی شریک نہین **ف** اسمین اشارہ ہی جنگ خندق کی قصے کی طرف کہ عرب کے کفار نے مدینہ گہیر لیا تھا پہر بے مطلب بہاگ گئے
ق انس اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ كَانَ هٰذَا أَكْثَرَ دُعَائِهِ بخاری اور مسلم مین انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ آلہی
ہمکو دنیا مین بہتری و بہلائی دے اور آخرت مین بہتری و بہلائی اور بچا ہمکو دوزخ کی عذاب سے اس دعا کو حضرت اکثر کیا کرتے تہے **ف** دنیا کی بہتری صحت و بقدر حاجت کے روزی
اور ایمان اور نیک عمل کی توفیق اور سب مکروہات سے پناہ اور آخرت کی بہتری ثواب و ترقی درجات و دیدار آلہی علی مرتضے رض سے روایت ہی کہ دنیا کی بہتری نیکبخت عورت اور
آخرت کی بہتری حور ہی اور دوزخ کی عذاب سے مراد کمبخت عورت ہی اس دعا مین دین و دنیا کی سب مطلب داخل ہین اسواسطے حضرت اس دعا کو اکثر اوقات پڑہا کرتے تہے **ق** ابوہریرہ
اَللّٰهُمَّ اٰتِ نَفْسِي تَقْوٰهَا وَزَكِّهَا أَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكَّاهَا أَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ آلہی دے میری جان کو
اوسکی پرہیزگاری اور پاک کر اوسکو گناہ اور بدخوئی سے پاک صاف کر ڈال تو ہی اوسکا بہتر پاک کرنی والا ہی اور تو ہی اوسکا کارساز اور مددگار ہی **ف** جو چیز آخرت مین ضرر
کرے اوس سے بچنے کا نام تقوی اور پرہیزگاری ہی باطن کی صفائی بے تقوی ممکن نہین اسواسطے حضرت نے اول تقوی کی دعا کی پہر صفائی کی **خ** زید بن ارقم اَللّٰهُمَّ
اجْعَلْ أَتْبَاعَهُمْ مِنْهُمْ يَعْنِي الْأَنْصَارَ بخاری مین زید بن ارقم رض سے روایت ہی کہ حضرت نے انصار کی حق دعا کی کہ آلہی انکی تابعدارونکو انہین مین کر دے **ف**
انصار نے کہا یا حضرت دعا کیجیے کہ ہماری تابعدار لوگ بہی ہم سے مسلمان ہو جاوین تب حضرت نے یہ دعا کی تابعدار سے مراد جو رو لڑکے اور لونڈی غلام یا آشنا دوست
ق انس اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ بِالْمَدِينَةِ ضِعْفَيْ مَا جَعَلْتَ بِمَكَّةَ مِنَ الْبَرَكَةِ بخاری و مسلم مین انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ آلہی مدینی مین برکت
کر اوسکی دو چند جو تو نے مکے مین برکت کی ہی **ف** حضرت ابراہیم نے مکے کے واسطے دعا کی اور حضرت نے مدینے کے واسطے برکت سے مراد کشایش رزق یا باطنی فیض ہی **ق**
ابوہریرہ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ اٰلِ مُحَمَّدٍ قُوتًا بخاری و مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ آلہی محمد کی اہلبیت کے روزی بقدر زیست کر **ف** یعنے اتنی
روزی دے جسمین حیات کی رمق باقی رہے مال کی بہتایت نہو اسواسطے کہ کشایش رزق مین اکثر غفلت ہوتی ہی اور صبر کا مرتبہ حاصل نہین ہوتا چنانچہ حضرت کی حیات
مین ایسا ہی حال رہا اور حضرت کے بعد حضرت کی بی بیان اور حضرت کی اولاد بہی اختیاری فقر کو لیے رہے شمائل ترمذی مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ حضرت کے انتقال تک حضرت کے
اہلبیت کا جو کی روٹی سے دو روز برابر سیر نہین ہوا اور اوسی کتاب مین عبداللہ بن عباس رض سے روایت ہی کہ حضرت اور حضرت کے بی بیان دو دو تین تین رات سوتے تہے
رات کا کہانا میسر نہوتا تہا اور اوسی کتاب مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے زندگی بہر ایک دن مین دونو وقت روٹی نہ کہائی اور نہ کبہی دونو وقت گوشت کہایا
خ ابن عباس اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِي قَلْبِي نُورًا وَفِي بَصَرِي نُورًا وَفِي سَمْعِي نُورًا وَعَنْ يَمِينِي نُورًا وَعَنْ شِمَالِي نُورًا وَأَمَامِي نُورًا وَخَلْفِي نُورًا وَ
فَوْقِي نُورًا وَتَحْتِي نُورًا وَاجْعَلْنِي نُورًا بخاری مین عبداللہ بن عباس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ آلہی میرے دل مین روشنی کر اور میرے کان مین روشنی اور میری آنکہ مین
روشنی اور میرے داہنے سے روشنی اور میرے بائین سے روشنی اور میرے آگے روشنی اور میرے اوپر روشنی اور میرے پیچھے روشنی اور میرے نیچے روشنی اور کر ڈال مجھکو سراپا نور **ف** روشنی
سے مراد حق بات ہی جیسے تاریکی سے باطل بات مراد ہوتی ہی تو مطلب یہ کہ میرے دل اور عضا کو حق مین مصروف رکہہ بلکہ شش جہت سے مجھکو حق سے گہیر لے تا باطل کسی طرف سے
دخل نپاوے **خ** عائشہ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ عَبَّادًا يَعْنِي عَبَّادَ بْنَ بِشْرٍ قَالَهُ حِينَ تَهَجَّدَ فِي بَيْتِ عَائِشَةَ فَرَفَعَ صَوْتَهُ يُصَلِّي فِي الْمَسْجِدِ بخاری مین
حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا آلہی عباد پر رحم کر یعنے عباد بن بشر پر یہ حضرت نے فرمایا جب کہ حضرت نے حضرت عائشہ کے گہر مین تہجد پڑہا تو عباد بن بشر نے اپنی آواز بلند کی اور
مسجد مین نماز پڑہی **ف** اس حدیث مین ترغیب ہی تہجد کی معلوم ہوا کہ مسجد مین تہجد بلند آواز پڑہنا درست ہی **ق** البراء بن عازب اَللّٰهُمَّ أَسْلَمْتُ نَفْسِي إِلَيْكَ وَوَجَّهْتُ
وَجْهِي إِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ أَمْرِي إِلَيْكَ وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِي إِلَيْكَ رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَيْكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ اٰمَنْتُ
بِكِتَابِكَ الَّذِي أَنْزَلْتَ وَبِنَبِيِّكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ بخاری اور مسلم مین براء بن عازب رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا آلہی مینے اپنی جان تجھکو سونپی اور منہہ کو تیری طرف متوجہ
کیا اور اپنا سب کام تیرے حوالے کیا اور اپنی پیٹہ تیرے طرف جہکائی تیری شوق اور تیری خوف سے تجھسے کوئی بہاگنیکی جگہہ یا نہ بچاؤ کا مکان ہی مگر تیرے ہی طرف آلہی مین

اور قوم مضر نے حضرت کے ایذا پر نہایت کمر باندھی تب حضرت نے یہ دعا کی یعنے جیسا حضرت یوسف کے وقت میں قحط پڑا تھا ویسا ان پر پڑے تاکہ اپنی شامت اور گمراہی سے خبردار ہوں
اور ایمان لاویں چنانچہ ایسا قحط پڑا کہ انہوں نے ہڈی اور مردار کو کھایا آخر کو حضرت سے التجا کی حضرت نے کمال رحمت سے دعا کی تو وہ بلا دفع ہو گئی م علی و عائشہ اللّٰھم
أعوذ برضاك من سخطك وبمعافاتك من عقوبتك وأعوذ بك منك لا أحصي ثناء عليك أنت كما أثنيت على نفسك مسلم
علی مرتضی اور حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی میں پناہ مانگتا ہوں تیری رضامندی کے سبب تیرے غصے سے اور تیری بخشش کے سبب تیرے عذاب سے اور
تیری پناہ مانگتا ہوں تجھ سے یعنے تیری قہر سے میں تیری ثنا اور تعریف کو نہیں کر سکتا تو ویسا ہی ہے جیسے تو نے اپنی ذات کی خود تعریف کی ف مصابیح میں حضرت عائشہ
رض سے روایت ہے کہ ایک رات میں نے حضرت کو بستر پر نہ پایا سو میں تلاش کرنے لگی تو میرا ہاتھ حضرت کے تلووں پر پڑا اور حضرت سجدہ میں یہ دعا کرتے تھے م ابن عباس
اللّٰھم أعوذ بعزتك لا إله إلا أنت أن تضلني أنت الحي الذي لا يموت والجن والإنس يموتون مسلم میں عبداللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ الٰہی میں پناہ مانگتا ہوں بواسطے تیری عزت کی کوئی معبود برحق نہیں سوا تیرے اس سے پناہ مانگتا ہوں کہ تو مجھکو گمراہ اور ضائع کر ڈالے تو ویسا زندہ ہے جسکو کبھی موت
نہیں اور جن اور آدمی مر جاوینگے ق انس اللّٰھم أغثنا اللّٰھم أغثنا اللّٰھم أغثنا قاله في الاستسقاء بخاری اور مسلم میں انس رض سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی ہماری فریاد رس ہم پر مینہہ کو برسا الٰہی ہم پر مینہہ کو برسا الٰہی ہمکو پانی دے یہ حضرت نے پانی کی طلب میں دعا کی ف ایکبار حضرت کے وقت میں قحط
پڑا حضرت منبر پر جمعہ کا خطبہ پڑھتے تھے کہ ایک گنوار آیا اوسنے کہا یا رسول اللہ جانور مر گئے اور راستے بند ہوئے ہیں دعا کیجئے خدا پانی برساوے تب حضرت نے ہاتھ اٹھا کر
یہ دعا کی تین بار اور آسمان پر کہیں بدلی کا نشان نہ تھا تو ناگاہ ایک پہاڑ کے نیچے سے بادل اوٹھا اور سارے آسمان پر پھیل گیا اور سات دن لگاتار پانی برسا کہ آفتاب
نظر نہ پڑا حضرت دوسرے جمعہ کا خطبہ پڑھتے تھے کہ وہی گنوار پھر آیا اوسنے کہا یا رسول اللہ جانور پانی کی کثرت سے ہلاک ہوئے اور راہیں بند ہو گئیں دعا کیجئے
کہ خدا مینہہ کو روکے تو حضرت نے ہاتھ اوٹھائے اور یوں دعا کی کہ الٰہی ہمارے آس پاس پانی برسے ہم پر نہ برسے الٰہی ٹیلوں پر اور پہاڑیوں پر اور نالوں میں اور جنگل
کے درختوں میں پھر تو مینہہ کے اوپر سے بادل پھٹ گیا اور ہالہ کی طرح مدینہ خالی ہو گیا آس پاس برسا کیا یہ معجزہ تھا حضرت کا م ام سلمہ اللّٰھم اغفر لأبي سلمة وارفع درجته في
المهديين واخلفه في عقبه في الغابرين واغفر لنا وله يا رب العالمين وافسح له في قبره ونور له فيه مسلم میں حضرت ام سلمہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ الٰہی بخش دے ابی سلمہ کو اور اوسکا درجہ ہدایت والوں میں بلند کر اور اوسکے بعد باقی رہے لوگوں میں تو خلیفہ بن یعنے اونکا حافظ اور نگہبان رہ اور بخش دے ہمکو اور اوسکو
اے رب العالمین اور اوسکی قبر کو کشادہ کر اور اوسمیں روشنی کر دے ف ابو سلمہ حضرت ام سلمہ کی پہلی خاوند تھے جب وے مر گئے تو غسل اور کفن سے پہلے حضرت نے اونکے واسطے
یہ دعا کی م عائشہ اللّٰھم اغفر لأهل بقيع الغرقد مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی بقیع الغرقد والے مردوں کو بخش ف
بقیع الغرقد مدینے کے قبرستان کا نام ہے اس دعا میں بشارت ہے مغفرت کی اونکو جو مدینے میں مر اور وہاں گڑے ق ابو موسی اللّٰھم اغفر لعبيد أبي عامر اللّٰھم اجعله
يوم القيامة فوق كثير من خلقك أو من الناس قال أبو موسى فقلت ولي يا رسول الله فقال اللّٰھم اغفر لعبد الله بن قيس ذنبه
وأدخله يوم القيامة مدخلا كريما بخاری او مسلم میں ابو موسی رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی بخش دے ابی عامر کو جسکا عبید نام ہے الٰہی قیامت کے دن
اوسکو اپنی اکثر خلق سے یا یوں فرمایا کہ اکثر لوگوں سے اونچا کر ابو موسی نے کہا میں نے کہا اور میرے واسطے دعا کیجئے یا رسول اللہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی عبداللہ بن قیس کا گناہ بخش اور
قیامت کے دن اوسکو عزت والی مقام میں داخل کر ف ابو موسی رض سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھکو ابو عامر کے ساتھ جنگ اوطاس میں بھیجا تو ابو عامر کی زانو میں تیر لگا اوسی زخم سے
وے گذر گئے میں نے یہ حال حضرت سے بیان کیا اور میں نے کہا کہ یا حضرت ابو عامر نے مجھسے کہا تھا کہ حضرت میری مغفرت کی دعا کریں تب حضرت نے یہ دعا کی پھر ابو موسی نے اپنے واسطے دعا کروائی
ابو موسی ہی کا نام عبداللہ بن قیس ہے ق زيد بن أرقم اللّٰھم اغفر للأنصار ولأبناء الأنصار وأبناء أبناء الأنصار بخاری اور مسلم میں زید بن
ارقم رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی مغفرت کر انصار کی اور انصار کی بیٹوں کی اور انصار کے پوتوں کی ق ابو هريرة اللّٰھم اغفر للمحلقين قالوا
يا رسول الله وللمقصرين قال اللّٰھم اغفر للمحلقين قالوا يا رسول الله وللمقصرين قال اللّٰھم اغفر للمحلقين قالوا يا رسول
الله وللمقصرين قال وللمقصرين بخاری او مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی مغفرت کر سر منڈانے والوں کی اصحاب نے کہا یا رسول
اللہ اور بال کترانے والوں کے واسطے بھی مغفرت مانگئے حضرت نے فرمایا الٰہی مغفرت کر سر منڈانے والوں کی اصحاب نے کہا یا رسول اللہ اور کترانے والوں کے لئے بھی
دعا کیجئے حضرت نے فرمایا الٰہی مغفرت کر سر منڈانے والوں کی اصحاب نے کہا یا رسول اللہ کترانے والوں کے واسطے دعا کیجئے حضرت نے فرمایا الٰہی کترانے والوں کی بھی مغفرت
ف حجۃ الوداع میں حضرت کے ساتھ قربانی تھی اور اکثر اصحاب کے ساتھ قربانی نہ تھی جب حضرت مکے میں پہنچے تو اصحاب سے فرمایا کہ جسکے ساتھ قربانی نہو وہ
اپنا احرام کھول ڈالے اور اپنا سر منڈاوے اور جب حج کا وقت آوے تو پھر احرام باندھ کے حج کرے اور حضرت نے خود اپنا سر بدون قربانی کئے ہوئے نہ منڈایا تو جنکے ساتھ قربانی تھی

اسکو بہشت میں اور بچاوے اسکو قبر کے عذاب سے یا یوں فرمایا کہ دوزخ کے عذاب سے یہ حضرت نے دعا کی جب جنازے کی نماز پڑھی **ف** اس میت والے کہتا ہے کہ جب حضرت نے اس میت کے واسطے اس تفصیل سے دعا کی تو مجھکو تمنا ہوئی کہ کاش میں بجائے اس میت کے ہوتا **ق** ابو موسیٰ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطِیْئَتِیْ وَجَھْلِیْ وَاِسْرَافِیْ فِیْ اَمْرِیْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ھَزْلِیْ وَجِدِّیْ وَخَطِیْئَتِیْ وَعَمْدِیْ وَکُلُّ ذٰلِکَ عِنْدِیْ بخاری اور مسلم میں ابو موسیٰ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی بخش دے میری چوک اور میری نادانی کو اور میری زیادتی کو جو مجھ سے اپنے حال میں ہوا اور بخش دے اس چیز کو جسکو تو مجھ سے زیادہ تر جانتا ہے الٰہی بخش دے میری بیہودگی اور میری گناہ کی کوشش کو اور میری بھول چوک اور میری قصد کو اور یہ سب میری طرف سے ہے **ف** ہر چند حضرت گناہ سے معصوم تھے لیکن تعلیم امت کے واسطے یا ترک اولی کے خیال سے ایسی عاجزی کرتے تھے جتنا قرب زیادہ اتنا خوف زیادہ مثل مشہور ہے کہ نزدیکان را بیش بود حیرانی بندگی کے یہی معنی ہیں کہ بندہ اپنے مالک کے روبرو لرزتا کانپتا رہے اور اپنی قصور کا خواہ چھوٹا ہو خواہ نہ ہو اقرار کیا کرے **ھر** ابو ھریرۃ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ کُلَّہٗ دِقَّہٗ وَجِلَّہٗ وَاَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ وَعَلَانِیَتَہٗ وَسِرَّہٗ مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی بخش دے میری سب گناہ کو خواہ چھوٹا ہو خواہ بڑا خواہ پہلا خواہ پچھلا خواہ کھلا خواہ چھپا **ف** مصابیح میں انس سے روایت ہے کہ حضرت اس دعا کو سجدہ میں پڑھتے تھے **ق** عائشۃ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاَلْحِقْنِیْ بِالرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی دُعَائُہٗ عِنْدَ وَفَاتِہٖ بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی بخش مجھکو اور رحم کر مجھ پر اور ملا دے مجھکو بلند رتبہ رفیقوں میں یہ حضرت نے اپنی موت کی وقت دعا کی **ف** رفیق اعلیٰ سے مراد انبیا کی ارواح اور مقرب فرشتے ہیں اور بعضے کہتے ہیں کہ رفیق اعلیٰ سے مراد خدا ہے **ق** اُمُّ سُلَیْمٍ بِنْتُ مِلْحَانَ اَللّٰھُمَّ اَکْثِرْ مَالَہٗ وَوَلَدَہٗ وَبَارِکْ لَہٗ فِیْمَا اَعْطَیْتَہٗ دُعَائُہٗ لِاَنَسِ بْنِ مَالِکٍ بخاری اور مسلم میں ام سلیم بنت ملحان رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی بہت دے اوسکے مال اور اسکی اولاد میں اور اسکے لئے برکت کر جو تو نے اسکو دیا یہ حضرت نے انس بن مالک رض کے واسطے دعا کی **ف** انس بن مالک رض حضرت کے خادم تھے نو برس کی عمر تھی کہ انکی ماں ام سلیم نے انکو حضرت کی خدمت میں دیا مصابیح میں روایت ہے کہ ام سلیم نے حضرت سے کہا کہ یا حضرت اپنی خادم انس کی واسطے دعا کیجئے تب حضرت نے یہ دعا کی بعضے روایت میں یوں ہے کہ حضرت اپنے وضو کا برتن بھر رکھتے تھے ایک روز حضرت بھول گئے انس نے اسکو بھر دیا جب حضرت نے اسکو بھرا پایا تو پوچھا کہ کسنے یہ بھرا ہے معلوم ہوا انس نے تو حضرت نے انکی عمر درازی اور مال اور اولاد کی کثرت کی دعا کی چنانچہ انس ایک سو تیس برس تک زندہ رہے اور ایک سو بیس انکے لڑکے پیدا ہوئے اور بصرہ میں انکے کھجور کے باغ سال میں دو بار پھلتے تھے اور انکے بھیڑ بکری کی اتنی کثرت تھی جسکا شمار نہیں **ق** عائشۃ اَللّٰھُمَّ الرَّفِیْقَ الْاَعْلٰی بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی میں عالی مرتبہ رفیقوں کی صحبت مانگتا ہوں **ف** حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت حالت صحت میں فرماتے تھے کہ بغیر اختیار کسی پیغمبر کو موت نہیں آتی جب حضرت کو مرض الموت میں غش سے ہوش آیا تو حضرت نے آنکھ کھولکے یہ دعا کی اسوقت میں جانا کہ حضرت ہمکو چھوڑا اور موت کو اختیار کیا یہ اخیر کلام حضرت کا تھا اسکے بعد حضرت نے کوئی کلام نہ کیا **م** عائشۃ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ تَبَارَکْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی تجھی کو سچی سلامتی ہے تو ہر عیب اور مکروہات سے سالم ہے اور تیری ہی طرف سے خلق کو سلامتی حاصل ہوتی ہے تو بڑی برکت والا ہے اے جلال اور بزرگی والے **ف** صحیح روایت اتنی ہی ہے اور یہ جو مشہور ہے کہ بعد منک السلام کی والیک یرجع السلام وادخلنا دار السلام تبارکت ربنا وتعالیت یا ذا الجلال والاکرام زیادہ کرتے ہیں سو اسکی حضرت سے صحیح روایت میں کہیں اصل نہیں پایا **م** علیؓ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَلِکُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَنْتَ رَبِّیْ وَاَنَا عَبْدُکَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ جَمِیْعًا لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَاھْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا یَھْدِیْ لِاَحْسَنِھَا اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَیِّئَھَا لَا یَصْرِفُ عَنِّیْ سَیِّئَھَا اِلَّا اَنْتَ لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ وَالْخَیْرُ کُلُّہٗ فِیْ یَدَیْکَ وَالشَّرُّ لَیْسَ اِلَیْکَ اَنَا بِکَ وَاِلَیْکَ تَبَارَکْتَ وَتَعَالَیْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ کَانَ یَقُوْلُہٗ بَعْدَ قَوْلِہٖ وَجَّھْتُ وَجْھِیَ وَاِذَا رَکَعَ قَالَ اَللّٰھُمَّ لَکَ رَکَعْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَلَکَ اَسْلَمْتُ خَشَعَ لَکَ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَمُخِّیْ وَعَظْمِیْ وَعَصَبِیْ فَاِذَا رَفَعَ رَاْسَہٗ قَالَ لَکَ الْحَمْدُ مِلْاَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْاَ الْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا وَمِلْاَ مَا شِئْتَ مِنْ شَیْءٍ بَعْدُ فَاِذَا سَجَدَ قَالَ اَللّٰھُمَّ لَکَ سَجَدْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَلَکَ اَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ خَلَقَہٗ وَصَوَّرَہٗ وَشَقَّ سَمْعَہٗ وَبَصَرَہٗ تَبَارَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ ثُمَّ یَکُوْنُ مِنْ اٰخِرِ مَا یَقُوْلُ بَیْنَ التَّشَھُّدِ وَالتَّسْلِیْمِ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ مسلم میں علی مرتضیٰ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی تو بادشاہ ہے کوئی بندگی کے لائق نہیں سوا تیرے تو میرا رب ہے میں تیرا بندہ ہوں میں نے زیادتی کی اپنی جان پر اور اپنے گناہ کا اقرار کیا سو بخش میرے سب گناہوں کو بخشنے والا نہیں گناہوں کو سوا تیرے اور ہدایت کر مجھکو بہتر خوبی [illegible] سوا تیرے اور پھیر مجھ سے بری عادتیں [illegible]

نہیں آتی اور حالانکہ ان سب کا اتفاق ہے کہ دعائے حق تعالیٰ کی ہیں یہ دعائیں بعض مجاز ہیں کرے نہ فرض **ھ** ابن عمر اَللّٰهُمَّ أَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِيْ وَأَنْتَ تَوَفَّاهَا لَكَ مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا إِنْ أَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا وَإِنْ أَمَتَّهَا فَاغْفِرْ لَهَا اَللّٰهُمَّ أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ أَمَرَ بِهِ رَجُلًا أَنْ يَقُوْلَ لَهُ إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ مسلم میں عبداللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی تو نے میری جان کو پیدا کیا اور تو ہی اسکو مارے گا تیرے ہی واسطے اسکی زندگی اور موت ہے اگر تو نے اسکو زندہ رکھا تو اسکو اپنی امان میں رکھ اور اگر اسکو مارا تو اسکو بخش دیجیو الٰہی میں تجھ سے عافیت اور صحت مانگتا ہوں یہ دعا حضرت نے ایک مرد کو سکھلائی کہ جب لیٹا کرے تو اسکو پڑھا کرے

ف ابو ھریرۃ اَللّٰهُمَّ أَنْجِ الْوَلِيْدَ بْنَ الْوَلِيْدِ وَسَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ وَعَيَّاشَ بْنَ أَبِيْ رَبِيْعَةَ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ بِمَكَّةَ اَللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَكَ عَلٰى مُضَرَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا عَلَيْهِمْ سِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی نجات دے ولید بن ولید کو اور سلمہ بن ہشام کو اور عیاش بن ربیعہ کو اور مکے کی دبی ہوئے بے زور مسلمانوں کو الٰہی اپنا سخت عذاب ڈال مضر کی قوم پر اور ان پر سات برس کا قحط ڈال جیسے یوسف کے وقت میں قحط پڑا تھا

